

VOLUME FOURTH

O - Q

ENGLISH – URDU DICTIONARY

WITH OVER 250,000 WORDS

جامع انگریزی اردو ڈکشنری

VOLUME FOURTH

O - Q

CHIEF EDITOR

Prof. Kalimuddin Ahmad

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India
West Block-I, R. K. Puram, New Delhi- 110 066, INDIA

© 1997 N.C.P.U.L.
First published 1997 by National Council for Promotion of Urdu Language,
West Block-I, R.K. Puram, New Delhi- 110 066. INDIA

Sl. No. 760
Copies 2000

Price Rs. 600/- IV th Vol.

Supervision
Dr. M. Hamidullah Bhat
Director
National Council for Promotion of Urdu Language
West Block-1, R.K. Puram,
New Delhi- 110 066.

ISBN No. 81-7587-000-4

Published By
Director
National Council for Promotion of Urdu Language
(M/o Human Resource Development)
(Deptt. of Education, Govt. of India)
West Block-1, R. K. Puram
New Delhi - 110 066

Printed by
S. Narayan & Sons
B-88, Okhla Industrial Area, Phase-II,
New Delhi- 110020. INDIA

Contents

- Foreword — Dr. M. Hamidullah Bhat vii
- Abbreviations x
- Subject terms xi
- Alphabets
  - O 1
  - P 187
  - Q 796

پیش لفظ

پچھلے ۵۰ سال میں اردو زبان نے ایک زندہ زبان کی طرح قومی اور بین الاقوامی سطح پر ہو رہی تبدیلیوں کو اپنے اندر اس طرح سمویا ہے کہ اجنبیت کا کوئی احساس نہیں ہوتا۔ اس دوران سائنسی اصطلاحات اور نئے الفاظ کا ایک بڑا ذخیرہ اردو زبان کا جزولاینفک بنتا گیا۔ اس پس منظر میں عبدالحق کی انگلش۔ اردو ڈکشنری عصر جدید کے تقاضوں کو پورا نہیں کر پارہی تھی اور ایک ایسی جامع لغت کی ضرورت شدت سے محسوس ہو رہی تھی جو نہ صرف اردو کے اس ارتقائی سفر کا احاطہ کرے بلکہ اکیسویں صدی کی سائنسی اور تکنیکی ضروریات کو بھی پورا کر سکے۔ ۶ جلدوں پر مشتمل جامع انگلش۔ اردو ڈکشنری کا پروجیکٹ ان ضروریات کو پورا کرنے کے لئے شروع ہوا تھا۔ مجھے امید ہے کہ جن مقاصد کو مد نظر رکھتے ہوئے ڈکشنری کا یہ پروجیکٹ شروع کیا گیا تھا ان کو یہ ڈکشنری پورا کرے گی۔

ڈکشنری کی ہر جلد میں کوشش یہ رہی ہے کہ کوئی بھی لفظ بیچ میں منقطع نہ ہونے پائے جس کی وجہ سے کسی جلد کی ضخامت زیادہ ہو گئی ہے تو کسی کی کم۔ موجودہ جلد (چہارم) تقریباً ۹۰۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس جلد میں اندازاً ۲۰۰۰۰ اندراجات ہیں۔ کوشش یہ کی گئی ہے کہ زیادہ سے زیادہ عام استعمال کے الفاظ کے اندارجات کا اس لغت میں احاطہ کیا جائے تاکہ ہر میدان کے طلباء و قاری، مترجمین و محققین کو اس کے سامنے کسی اور ڈکشنری کی ضرورت نہ محسوس ہو۔ دیگر بہت سی خوبیوں کے ساتھ ایک خاص خوبی یہ بھی ہے کہ اس میں نہ صرف روزمرہ محاورہ بلکہ سائنس، نفسیات، ریاضیات، فلسفہ، طبیعیات، حیاتیات، ادبیات، سماجیات، لسانیات و تعاشیات وغیرہ غرض یہ کہ تمام مروجہ علوم و فنون کے روزمرہ استعمال کے الفاظ و تراکیب کا بھی قابل قدر ذخیرہ اس میں موجود ہے۔

علاوہ برایں اس کے اندرجات کو عام قاری و طلباء کے لئے اتنا آسان فہم بنایا گیا ہے کہ اس کے استعمال کرنے میں کسی بھی قسم کی دشورای نہ پیش آئے کیونکہ اس کی ترتیب اندراجات انگریزی حروف تہجی کی ترتیب کے ساتھ لفظ بہ لفظ بھی کر دی گئی ہے مثال کے طور پر :

Parrot : (n) [Fr. 'parroquet.'] (۱) توتا : (۲) توتے کی طرح نقل کرنے والا : نقال۔ (۲) پوفین : بو قلموں منقار : ایک بحری پرندہ جس کی چونچ جھری دار اور مختلف اللون ہوتی ہے : یہ بحر ظلمات کے شمال میں ہوتا ہے۔ (۴) مچھلیوں کی ایک قسم (توتا مچھلی)۔

Parrot : (v) (۱) توتے کی طرح دہرانا :توتے کی طرح نقل کرنا۔ (۲) توتے کی طرح بے سوچے سمجھے رٹنا۔ (۳) توتے کی طرح دہرانے کے لئے سکھانا : توتے کی طرح سخت تربیت حاصل کرنا۔

Parrot-coal : (n) (اسکاتستانی، روزمرہ) دیکھو Cannel coal

Parrot disease : (n) (بیطاری)توتا روگ : ایک قسم کی بیماری : حُمی البیغا

Parrot-fish : (n) (۱)توتا مچھلی: سمک البیغا: ایک قسم کی مچھلی جو چمکیلے رنگ اور توتے کی چونچ کی طرح سخت منہ والی ہوتی ہے۔ (۲) سخت جبڑے والی منطقۂ حارہ کے سمندروں میں پائی جانے والی ایک قسم کی مچھلی۔ (۳) آسٹریلیا کی ایک قسم کی مچھلی۔ (۴) ملفوف فکہ ماہی کی طرح کی ایک قسم۔

Parrot green : (n) سبز رنگ : زردی مائل سبز توتے کی طرح کا رنگ۔

Parrot tongue : (n) توتے کی طرح زبان خصوصاً ذائقس میں انسانی زبان کی خشک حالت۔

Parrot weed : (n)	زرد پھول والے درخت : منطقۂ حارہ میں ایک امریکی درخت۔
Parrot work : (n)	محض تقلیدی اعادہ یا مصنوعی اعادہ۔
Parrot wrasse : (n)	منطقۂ حارہ کے سمندروں میں پائی جانے والی سخت جبڑے والی مچھلی۔
Parroter : (n)	وہ شخص جو سیکھے ہوئے کو دہراتا ہے : توتے کی طرح دہرانے والا : توتے کی طرح رٹنے والا۔
Parrotry : (n)	توتے کی طرح دوسرے اقوال وغیرہ کو بے سوچے سمجھے دہرانا یا ان کا اعادہ۔

اس کے ساتھ ساتھ ذیلی اندراجات کو بھی لفظ بہ لفظ حروف تہجی سے ترتیب دیا گیا ہے جیسے :

Ape's paternoster :	دانت کٹکٹانا یا لرزنا : کانپنا۔
Black paternoster :	ایک قسم کا منتر یا جادو ٹونا۔
Devil's paternoster :	کوسنا جو زیر لب دیا جائے : زیر لب بد دعا : ورد نفریں آمیز۔

جہاں ضروری سمجھا گیا ہے وہاں اسلوبیاتی اہمیت کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔ جیسے متروک ، قدیم ، ادبی و لسانیاتی وغیرہ۔ اس کے علاوہ ساتھ ساتھ جہاں تک ممکن ہو سکا انگریزی محاوروں کے معنی واضح کرنے کے لئے اس کے مترادف ہم معنی ضرب الامثال یا محاورے وغیرہ کا بھی استعمال کرنے کی حتی الامکان کوشش کی گئی ہے۔ مثلاً :

Probed it to the quick :	دکھتی رگ پکڑنا۔
Quick change :	روپ بدلنا۔
Quick eared :	سن گن لینے والا۔
To quit claim :	حق سے دست بردار ہونا۔
To pay a person in his own coins :	جیسے کو تیسا : ترکی بہ ترکی جواب دینا۔

علاوہ ازیں یہ تمام دفتری اہلکاروں ، اہل قلم و علم ، صحافیوں ، اساتذہ ، قانون داں ، طلباء ، مترجمین و محققین اور عام قاری کی روزمرہ ضروریات کے لئے بھی یکساں کار آمد و مفید ثابت ہو گی۔ یہ جامع انگریزی اردو لغت اندھیرے میں روشنی کی ایک کرن ہے کیونکہ اس کے مکمل سیٹ میں تقریباً ۲ لاکھ الفاظ و اندراجات کا احاطہ کیا گیا ہے۔

امید ہے کہ یہ اکیسویں صدی کے تقریباً تمام علمی و سائنسی تقاضوں کو بھی پورا کرے گی۔ اردو دنیا اور اردو قاری کا تعاون و مشورے حاصل رہے تو انشاء اللہ یہ بہت جلد اور زیادہ خوبصورت انداز میں آپ لوگوں کے سامنے ہو گی۔

میں اس لغت کے چیف ایڈیٹر کلیم الدین احمد صاحب (خدا ان کو غریق رحمت کرے) اور ان کی ٹیم میں شامل سبھی لوگوں کا شکرگذار ہوں جو اس کی ترتیب و تدوین میں کلیم الدین احمد صاحب کے معاون و مددگار رہے۔ ان کے اسمائے گرامی میں سید شاہ عطاء الرحمٰن ، محمد صدیق ، ممتاز احمد ، مصطفیٰ کمال ہاشمی ، سید عبدالحمید ، ناصر رضا خان جلیلی ، رضوان احمد خان اور کاظم حسین شامل ہیں۔

عموماً لغات کی پروف خوانی ایک انتہائی محتاط انداز کا اور باریک بینی کا کام ہوتا ہے اور خاص طور سے ذو لسانی لغات کی تصحیح و پروف خوانی ایک انتہائی نازک اور دقت طلب معاملہ ہے اس لئے اس کی پروف خوانی میں کافی توجہ اور محنت و لگن کی ضرورت ہوتی ہے اس

خدمت کو ہماری ریسرچ اسسٹینٹ مہ جبیں اختر نے دفتر کی اور دوسری ذمہ داریوں کے ساتھ کافی خوش اسلوبی،محنت و لگن سے انجام دیا ہے اس لئے وہ خاص طور سے شکریہ کی مستحق ہیں۔

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان دوسری زبانوں کی لغات و اصطلاحات ، دائرۃ العلوم وغیرہ جیسے تامل۔اردو ڈکشنری ، اردو انسائیکلوپیڈیا کے علاوہ بہت سی اصطلاحات و مضامین کی لغات جیسے حیاتیات ، عمرانیات ، لسانیات ، نباتیات ، نفسیات ، تاریخ و سیاسیات انتظامیہ وغیرہ کی تدوین و ترتیب میں مصروف ہے جن کی آج کے دور میں اشد ضرورت ہے۔ ان میں سے کچھ تو مکمل ہو چکی ہیں ، اور آج کل طباعت کے مراحل میں ہیں اور کچھ تیاری کے مرحلے طے کر رہی ہیں۔ ان فرہنگوں کے آنے کے بعد مولانا ابوالکلام آزاد اردو یونیورسٹی ، جو کہ اب وجود میں آچکی ہے ، کو بھی اپنے علمی پروگرام آگے بڑھانے میں بڑی مدد ملے گی۔

امید ہے کہ آئندہ آنے والے دو تین سالوں میں کونسل کی کافی کچھ کاوش و محنت لغات و اصطلاحات کی شکل میں موجود ہو گی۔ مجھے امید ہے کہ تمام کر مفرما و محبان اردو کونسل کی اس کاوش کو سراہیں گے اور اپنے مفید و اہم مشوروں سے نوازتے رہیں گے تاکہ اس کی پالیسیوں اور مہمات کو جِلا مل سکے۔ در اصل کوئی بھی انسانی کام مکمل و بے عیب نہیں ہوتا حالانکہ اس ڈکشنری کی تدوین و ترتیب میں پوری لگن اور انتہائی احتیاط سے کام لیا گیا ہے اس کے باوجود اگر اس میں کوئی خامی یا کمی نظر آئے تو میری محبان اردو اور اردو دوستوں سے درخواست ہے کہ وہ بلا کسی جھجھک و ہچکچاہٹ کے کونسل کو مطلع کریں تاکہ آئندہ پانچویں اور چھٹی جلد میں ان اغلاط کا اعادہ نہ ہو۔

(محمد حمید اللہ بھٹ)
ڈائرکٹر
قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان
منسٹری آف ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ
(حکومت ہند)
ویسٹ بلاک۔ ۱ ، آر۔کے۔ پورم
نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۶۶

ABBREVIATIONS USED IN THIS DICTIONARY

a.	...adjective
a (in etymologies)	...adoption of
abbrev.	...abbreviation, abbreviated
abstr.	...abstract
ad.	...adaptation of
adj.	...adjective
adv.	...adverb
AF (r).	...Anglo-French
Amer.	...American
Anglo-Fr.	...Anglo-French
Anglo-Ind.	...Anglo-Indian
Anglo-Ir.	...Anglo-Irish
Anglo-L.	...Anglo-Latin
aphetic	...aphetic, aphetized
app.	...apparently
Arab.	...Arabic
Aram.	...Aramaic
arch.	...archaic
A. V.	...Authorised version of the Bible
bibl.	...biblical
Boh.	...Bohemian
Braz.	...Brazilian
Brit. N. Amer.	...British North America
Bulg.	...Bulgaria
Byz.	...Byzantine
Cat (al)	...Catalan
Celt	...Celtic
Cf. cf.	...Confer, Compare
Cl. L. Gr.	...Classical Latin, Greek
Conj.	...Conjuction
Contr.	...Contracted, Contraction
Da.	...Danish
deriv	...derivative, derivation
dim.	...diminutive
Dor.	...Doric
Du.	...Dutch
etym.	...etymology
f.	...from of, formed on
F.	...French
Flem.	...Flemish
Fr.	...French
G.	...German
Gael.	...Gaelic
Ger.	...German
Goth.	...Gothic
Gr.	...Greek
Heb.	...Hebrew
H. G.	...High German
Hind.	...Hindustani
Icel.	...Icelandic
IE.	...Indo-European
imit.	...Imitative
Indo-Eur.	...Indo-European
Indo-Gmc.	...Indo-Germanic
int., interj.	...interjection
Ir.	...Irish
Irel.	...Ireland
It.	...Italian
Jap.	...Japanese
Jav.	...Javanese
L.	...Latin
Lat.	...Latin
Law L.	...Low Latin
L. Du.	...Low Dutch
Lett.	...Lettish
LG.	...Low German
Linn.	...Linnaeus
Lith.	...Lithuanian
Maundev.	...Maundeville
M. Bret.	...Middle Breton
M. Du.	...Middle Dutch
(M) Du.	...Middle and modern Dutch
ME.	...Middle English
med. L.	...mediaeval Latin
Mex.	...Mexican
MHG.	...Middle high German
M Ir.	...Middle Irish
MLG.	...Middle Low German
(M) LG.	...Middle and Modern Low German
mod. L.	...Modern Latin
MSc.	...Middle Scottish
MSw.	...Middle Swedish
M. Welsh.	...Middle Welsh
n	...Noun
N Afr.	...North-African
N Amer.	...North American
NEFr.	...North-eastern French
N. Eng.	...Northern English
N Fris.	...North Frisian
N. O.	...Natural Order
Northumb.	...Northumbrian
Norw.	...Norwegian
N. S. W.	...New South Wales
N. T.	...New Testament
N. W.. n.w. N. Z.	...north-west,-western
N. Z.	...New Zealand
O Bret.	...Old Breton
O Brit.	...Old British
obsc	...obscence, -ly
O Celt.	...Old Celtic
O Corn.	...Old Cornish
OE.	...Old English (Anglo-saxon)
OFr.	...Old French
(O) Fr.	...Old and modern French
O Fris.	...Old Frisian
O Gael.	...Old Gaelic
OHG	...Old High German
O Icel.	...Old Icelandic
O Ir.	...Old Irish
O L.	...Old Latin
O L Frank, OLG	...Old Low Frankish, German
O Lith.	...Old Lithuanian
ON	...Old Norse
ONFr.	...Old Northern French
O North.	...Old Northumbrian
O Pers.	...Old Persian
O Pruss.	...Old Prussian
Opp.	...opposed (to)
Ork.	...Orkney
OS.	...Old Saxon
O Scand.	...Old Scandinavian
OSL. -Oslav.	...Old Slavonic
Osp.	...Old Spanish
O Sw.	...Old Swedish
O T.	...Old Testament
OW.	...Old Welsh
pa. t	...past tense
perh.	...perhaps
Pers.	...Persian
Peruv.	...Peruvian
Pg., Port	...Portuguese
Pol.	...Plural
Pol.	...Polish
pop. L.	...popular Latin
post-Aug.	...post Augustan Latin
post-Cl.	...post-Classical Latin
pple	...participle
pr.	...provencal
prep.	...preposition
prob.	...probably
pron	...pronoun
refash	...refashioned
Rom.	...Roman. l
Rum.	...Rumanian
Russ.	...Russian
S. Afr.	...South African
S. Amer.	...South American
Scand.	...Scandinavian
Schol. L.	...Scholastic Latin
Scotl.	...Scotland
Sem.	...Semitic
Serb.	...Serbian
Shetl.	...Shetland
Sinh.	...Sinhalese
Skr.	...Sanskrit
Slav.	...Slavonic
Sp.	...Spanish
Sw. Swed.	...Swedish
Syr.	...Syriac
Teut.	...Teutonic
Tokh.	...Tokharian
Tyrol.	...Tyrolese
Ukr.	...Ukrainian
unkn.	...unknown
U. S.	...United State
V	...Verb
Var.	...Variable
W.	...Welsh, West, western
WFr.	...West French
W Fris.	...West Frisian
W Gmc.	...West Germanic
WIE.	...Western Indo-European
W. Ind.,W. Indies	...West Indies
W. S.	...West Saxon
WycL.	...Wyclif
YMCA	...Young Men's Christia Association
Yr.	...Year
Yrbk	...Year book
YWCA	...Young Women's Christian Association
Zool	...Zoological, Zoology

SUBJECT TERMS IN ENGLISH-URDU DICTIONARY

Acoustics	سمعیات	Geography	جغرافیه
Administration	انتظامیه	Geology	ارضیات
Aeronautics	طیرانیات	Geometry	هندسه
Agriculture	زراعت	Grammar	قواعد
Anatomy	تشریح	Heraldry	نقابت
Anthropology	بشریات	History	تاریخ
Archaeology	اثریات	Horology	ساعت شناسی
Architecture	تعمیرات	Jewellery	جواهرات
Astrology	علم النجوم	Law	قانون
Astronomy	فلکیات	Linguistics	لسانیات
Bacteriology	جرثومات	Logic	منطق
Biology	حیاتیات	Mathematics	ریاضیات
Bleaching	سفید کاری	Mechanics	میکانیات
Botany	نباتیات	Medicine	طب
Chemistry	کیمیا	Metallurgy	فلزیات
Colloquial	روز مرّہ	Metaphysics	مابعد الطبیعیات
Commerce	تجارت	Meteorology	موسمیات
Conchology	صدفیات	Military	فوج
Crystyllography	قلمیات	Minerology	معدنیات
Cytology	علم خلیات	Mining	کان کنی
Dentistry	دندان سازی	Music	موسیقی
Dynamics	حرکیات	Mythology	اساطیر
Ecclesiastical	کلیسائی	Natural history	تاریخ طبیعی
Economics	معاشیات	Nautical	بحری
Education	تعلیمیات	Nonce-word	یك وقتی لفظ
Electricity	برقیات	Optics	بصریات
Engineering	انجینیئرنگ	Ornithology	طیوریات
Entomology	حشریات	Palaeontology	فوسلیات
Ethics	اخلاقیات	Pathology	مرضیات
Fishery	ماهی گیری	Philosophy	فلسفه
Fortification	قلع بندی	Phonetics	صوتیات
Forestry	جنگلات	Photography	فوٹو گرافی
Gardening	باغبانی	Physics	طبیعیات

Physiology	عضویات	Sociology	سماجیات
Politics	سیاسیات	Statics	مسکونیات
Printing	طباعت	Statistics	شماریات
Prosody	عروض	Surgery	جرّاحی
Psycho-analysis	تحلیل نفسی	Surveying	پیمائش
Psychology	نفسیات	Telegraphics	تلغرافی
Radiology	شعاعیات	Theology	دینیات
Rhetric	علم البدیع	Veterenary	بیطاری
Slang	عامیانه	Zoology	حیوانیات
Smelting	تصفیه		



O : (١) انگریزی حروف تہجی کا پندرھواں حروف (اور چوتھا حروف علت (vowel)) ۔ (٢) 'O' کی شکل کا نشان : دائرہ ۔ (٣) طبا عت کا ٹائپ؛ اسٹامپ یا دوسری چیز جس سے حروف O چھاپا جاتاھو ۔ (٣) سلسلہ وار ترتیب کو ظاہر کرنے والا نشان ۔ (٥) (منطق) جز نفی: جزوی نفی ۔ (٦) (کیمیا) آکسیجن کی علامت ۔

O : (n) (١) عربی زیرو؛ صفر (لہٰذا) لاشے: صفر مقدار معلوم ۔ (٢) (جمع oes) کوئی گول یا مدور شے: دائرہ؛ گول نشان یا دھبا: گولا؛ قرص؛ کرہ؛ حلقہ ۔

O/O : (n) [Fr. O, ua.] سابقہ جو آئرستانی جدی القاب کے ساتھ استعمال ہوتا ہے مثلاً O'Connell: (لہٰذا) وہ شخص جس کا عرف یالقب 'O' کے ساتھ شروع ہوتا ہو ۔

O/O : (prep.) قدیم محاوروں میں بطور حرف جار استعمال ہوتاھے ۔

O/Oh : (interj.) حرف ندایا فجائیہ: او؛ ارے؛ ہائے؛ اف ۔

- O - : مرکب الفاظ بنانے میں دولفظوں کو ملانے والا حرف ربط یاحرف علت (عموماً سائنسی اصطلاحات میں) مثلاً Concaro; Chloro Cumulo, Politico- وغیرہ نیز logy, graphy,Cracy وغیرہ کے ساتھ اکثر آتا ھے ۔

- O : (١) مخفف یا مختصر شدہ الفاظ کا آخری رکن مثلاً hippo, photo وغیرہ میں ۔ (٢) کسی لفظ یا اس کے پہلے حصے میں ملا کر اس لفظ کا روز مرہ یا عامیانہ مترادف بناتے ہیں مثلاً Campo, beano, ammo ۔ (٣) ایک بے معنی اختتام مثلاً doggo, blotto میں ۔

Oaf : (n) [of Scand origin.] (١) ماؤف العقل:ناقص العقل یا ناقص الخلقت بچہ:لنگڑا لولا بچہ؛ اپاہج بچہ ۔ (٢) گنوار؛ دہقانی؛ لومڑ؛ غبی؛ کودن:کوڑھ مغز؛ احمق؛ گاؤدی؛ للاّ ۔ (٣) (قدیم) جنی بچہ : بھوت پریت کا بچہ جسے جنات انسان کے بچے سے بدل لیں ۔

To feel one's oafs: اپنے کو بڑا سمجھنا؛ بڑاپن بگھارنا ۔

Oafish : (a) ناقص العقل؛ ناقص الخلقت ؛ گنوار؛ احمق؛گاؤدی؛ کودن؛ ناتراشیدہ؛ بے سلیقہ؛ ٹھس؛ بیوقوف؛ کند ذہن ۔

Oafishly : (adv.) گنوارپن؛ سے ؛ بے سلیقہ:انداز میں بیوقوفانہ احمقانہ ۔

Oafishness : (n) گنوارپن؛ بے سلیقگی؛ ناتراشیدگی؛ ناقص العقلی؛ ناقص الخلقی؛ حُمق؛ گاؤدی پن؛ کند ذہنی ؛ بیوقوفی ۔

Oahuan : (n) [F. 'Oahu', Hawaii.] ہوائی (Hawaii)کے بڑے (جزیرے اوھو Oahu) کا با شندہ ۔

Oahuan : (a) جزیرۂ اوھویا وہاں کے باشندوں کا؛ ان سے متعلق یا ان کی خاصیت ۔

Oak : (n) [OE. 'ac'.] (١) شاہ بلوط؛ ایک قسم کا جنگلی درخت جس کی لکڑی سخت اور مضبوط، پھل گول اور کنارے کٹاؤدار ہوتے ہیں ۔ (٢) شاہ بلوط کی لکڑی ۔ (٣) وہ درخت یا پودے جو بعض باتوں میں شاہ بلوط سے مشابہ ہوں ۔ (٣) (آکسفورڈ اور کیمبرج یونیورسٹی کی بول چال) شاہ بلوط کی لکڑی سے بنے کواڑ؛ کمروں کے بیرونی کواڑ (خاص کر محاورے میں مستعمل ہے) ۔ (٥) شاہ بلوط کی پتیاں ۔ (٢) (شعر) (چوبی) جہاز ۔ (٧) بائبل کے انگریزی ترجموں میں عبرانی لفظ کے معنوں میں استعمال ہوا ہے جوتارپین کے درخت کے لئے آیا ہے ۔

Black or dayer's oak : شمالی امریکا کا سیاہ شاہ بلوط جس کی اندرونی چھال دباغت اور زرد رنگنے کے کام آتی ہے ۔

Blue oak/Mountain white oak : شاہ بلوط کی ایک قسم جو شمالی کیلیفورنیا میں پائی جاتی ہے ۔

Bur oak /Mossy-cup/Overcup - : شاہ بلوط کی ایک قسم قسم جو شمالی امریکا میں پائی جاتی ہے ۔

Chestnut oak : شمالی امریکا کے خلاف مختلف درختوں کی قسمیں جن کی پتیاں شاہ بلوط کی پتیوں سے مشابہ ہوتی ہیں ۔

Cork oak : جنوبی یورپ اور شمالی افریقہ کا ایک درخت جس کی چھال سے کاگ بنائے جاتے ہیں ۔

Dwarf oak/ Ground -: درختوں کے نام جو شاہ بلوط سے سے مشابہ ہوتی ہیں۔

Evergreen oak: امریکی شاہ بلوط: سدابہار بلوط۔

Heart of oak : جیوٹ: جیوٹ والا: جری: بہادر آدمی۔

Italian oak : جنوبی یورپ میں پائی جانے والی شاہ بلوط کی ایک نوع جس کا پھل کھایا جاتا ہے۔

Kermes - oak : شاہ بلوط کی ایک قسم جس میں قرمز (ایک کیڑا جس سے سرخ رنگ بنتا ہے) رہتا ہے۔

Live-oak : (n) شاہ بلوط کی ایک قسم کا نام جو امریکا میں ہوتی ہے۔

Poison oak : (n) سماق کی قسمیں: ایک قسم کا درخت جس کی پتیاں چمڑا رنگنے اور کمانے کے کام آتی ہیں۔

Scarlet oak : (n) شاہ بلوط کی ایک قسم جو شمالی امریکا میں ہوتی ہے اور موسم خزاں میں جن کی پتیوں کا رنگ گلنار یا نارنجی مائل تیز سرخ ہوتا ہے۔

The oak : (n) ایپسم (Epsom)میں سہ سالہ بچھیریوں کی گھڑ دوڑ (جس کی ابتداء سنہ ۱۷۷۹ء میں ہوئی تھی۔

The royal oak : (n) شاہ بلوط کا وہ درخت جس میں چارلس دوئم جنگ وروسٹر کے بعد ۶/ستمبر سنہ ۱۶۵۱ء کو چھپا تھا اور ۲۹/مئی سنہ ۱۶۶۰ء کو واپس آیا تھا۔

The sport one's oak : (آکسفورڈ اور کیمبرج یونیورسٹی) اپنی مشغولیت کی علامت کے طور پر کمرے کے بیرونی کواڑوں کو بند کر دینا۔

Turky oak : (n) جنوبی یورپ اور امریکا میں پائی جان والی شاہ بلوط کی ایک قسم ۔

Weeping oak : (n) شاہ بلوط کی قسم جومغربی امریکا میں امریکا میں پائی جاتی ہے ۔

White oak : (۱) ایک بڑا امریکی درخت جو شاہ بلوط ہی کی نوع سے ہے اور جسے انگلستان میں کبھی کبھی Onebee oak بھی کہتے ہیں ۔(۲) (نباتیات) بلوط: رنج۔

Oak-acorns : (n) (نباتیات) دانۂ بلوط: سیتا سُپاری۔

Oak -apple : (n) (۱) عفص: عفص البلوط: مازو: ماجو پھل (درخت بلوط العفص کی شاخوں میں ایک کیڑے(gall-fly) کے سوراخ کرنے اوران سوراخوں میں اپنے انڈے رکھنے سے ان مقامات پر ایک قسم کی گانٹھیں پیدا ہو جاتی ہیں جن کو مازو یا ماجو پھل کہتے ہیں) ۔(۲) ایک آسٹریلیائی درخت (she-oak) کا نیا پھل۔

Oak-apple day : (n) ۲۹/ مئی کا دن جب چارلس دوم Royal oak سے واپسی ہوئی تھی، اس واقع کی یاد میں اس دن Oak apple یا شاہ بلوط کی پتیاں پہنی جاتی ہیں (اس نے اپنے تعاقب کرنے والوں سے خود کو ۶/ستمبر سنہ ۱۶۵۱ء کو شاہ بلوط کے درخت میں چھپا لیا تھا)۔

Oak-beauty : (n) کرم شاہ بلوط: ایک قسم کا کیڑا جس کا پھل روپ شاہ بلوط کی پتیاں کھاتا ہے۔

Oak-bark : شاہ بلوط کی چھال جو چمڑا کمانے کے کام آتی ہے اور قابض دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔

Oak-button : (n) شاہ بلوط کا ماجو: عفص: عفص البلوط: بلوط کی شاخوں میں Gall-fly کے سوراخ کردینے سے جو گانٹھیں پیدا ہو جاتی ہیں جنہیں مازو یا ماجو پھل کہتے ہیں: خاص کر روشنائی بنانے میں کام آنے والا مازو پھل۔

Oak-egger/-hooktip/-lapper/-month : (n) ان کیڑوں کے نام جو شاہ بلوط کی پتیوں پر رہتے ہیں: (حیوانیات) کرم شاہ بلوط۔

Oak-fern : (n) ایک قسم کا سہ شاخہ فرن۔

Oak-fig : (n) دیکھو Oak-button

Oak-gall : (n) دیکھو Oak-button

Oak-grove : (n) (نباتیات) بلوطستان۔

Oak-leather : (n) شاہ بلوط کے پرانے درختوں پر پائی جانے والی کھمبی جو بکری کے بچے کے سفید چمڑے سے قدرے مشابہ ہوتی ہے۔

Oak looper : (n) Geometra کی جنس کے ایک کیڑے کا پھل روپ۔

Oak-lungs : (n) (۱) ایک قسم کی کائی نما نبات جو پتھر یا درخت کے تنے پر اگتی ہے تو اسے Lungs of oak بھی کہتے ہیں۔ (۲) ایک پودا جس کی پتیوں پر سفید چتیاں ہوتی ہیں (اور جو دیکھنے میں کسی مریض کے پھیپھڑے کے مشابہ ہوتی ہے)۔

Oak of bashan : (n) شاہ بلوط کی ایک قسم۔

Oak of cappadocia : (n) سمندری کناروں پر پائے جانے والے پودوں کی ایک قسم کا نام۔

Oak of jerusalem/-paradise : (n) ایک قسم کے پودے کا نام جس کی پتیاں شاہ بلوط کی پتیوں کی طرح کٹی پھٹی ہوتی ہیں یا جن کی شکل ہنس کے پاؤں کی سی ہوتی ہے۔

Oak -post : (n) امریکی شاہ بلوط پر کثرت سے پایا جانے والا ایک کیڑا۔

Oak - plum/-potato: دیکھو Oak button

Oak-spangle : (n) ایک قسم کا کھمبی نما چپٹا ابھاریا ما جو پھل جو شاہ بلوط کی پتیوں کے نچلے رخ پر ہوجاتا ہے۔

Oak-spangles : (n) (نباتیات) بلوطی تکلیاں: مازو۔

Oak-tree : (n) درخت شاہ بلوط۔

Oak-wart : (n) شاہ بلوط کا مازو یا ماجو پھل: شاہ بلوط کا گومڑ جو درخت کے تنے پر ہوجاتا ہے۔

Oak-wilt : (n) بلوط کے درختوں کو برباد کرنے والی ایک بیماری۔

Oak-wood : (n) (۱) شاہ بلوط کا جنگل: (نباتیات) بلوطستان۔ (۲) عمارتی لکڑی: (نباتیات) چوب بلوط۔ (۳) درمیانہ بھورا رنگ جو شاہ بلوط کے پھل سے قدرے ہلکا اور سرخی مائل ہوتا ہو۔

Oaken : (a) (۱) شاہ بلوط لکڑی کا بنا ہوا بلوطی۔ (۲) شاہ بلوط کی پتیاں یا ٹہنیوں سے بنا ہوا (متروک)۔

Oaklet : (n) (نباتیات) نہال بلوط: بلوطک: شاہ بلوط کا چھوٹا درخت نوخیز شاہ بلوط۔

Oakling : (n) دیکھو Oaklet

Oakmoss: (n) شاہ بلوط کے درختوں پر اُگنے والی مختلف کائیوں میں سے ایک جس سے حاصل ہونے والی رال عطرسازی میں کام آتی ہے۔

Oakum : (n) [OE. acumbe.] (جہاز رانی) پرانی رسیوں کا سن جو جہاز کی درزوں میں بھرا جاتا ہے۔

To pick oakum : پرانی رسیوں سے سن نکالنا (پہلے جیل خانوں اور محتاج خانوں میں یہ کام کرایا جاتا تھا)۔

Oam : (n) (اسکاتستانی) گرم اور مرطوب ہوا۔

Oar : (n) (۱) چپو: پارو۔ (۲) (مجازاً) پانی میں چلانے یا ڈھکیلنے کے لئے چپو کی طرح کام آنے والی کوئی بھی چیز: بازو یا پنکھ جس سے تیرنے میں کام لیا جائے۔ (۳) چپودار کشتی: چپوؤں والی ناؤ: کھینے والی کشتی۔ (۴) ملاح: کھویا: چپو چلانے والا: پاروزن۔ (۵) کوئی چھڑی، ڈنڈا یا پیڈل جس سے کسی چیز کو الٹ پلٹ کیا جائے یا چلایا جائے۔

Oar : (v) (۱) (چپو سے کشتی) چلانا: کھینا۔ (۲) کشتی رانی کرنا: کشتی چلانا۔ (۳) چلنا: آگے بڑھنا (چپو کے سہارے)۔ (۴) چپو کے ذریعہ راہ بنانا: چلانا۔ (۵) (ہاتھ پاؤں یا پنکھ وغیرہ کو) چپوؤں کی طرح حرکت دینا: تیرنے کے لئے ہاتھ پاؤں چلانا۔

Chained to the oar : مشقت کے کام میں مصروف: بیل کے کام بیل کی طرح جتا ہوا۔

Pair-oar/Four-oar etc: دو چپوؤں کی کشتی: چار چپوؤں کی کشتی وغیرہ۔

Pair of oars : دو ملاحوں کے ذریعہ چلنے والی کشتی۔

Pulls a good oar : بڑا اچھا کھویا ہے۔

To have an oar in every man's boat : ہر کام میں دخل دینا: بے جا دخل اندازی کرنا۔

To oar one's arms or hands:: ہاتھ یا پیر سے پانی کو چیرنا تیرنے میں ہاتھ پیر چلانا۔

To put in one's oar: دوسروں کے کام میں بے جا دخل اندازی کرنا: دوسروں کے پھٹے میں پاؤں ڈالنا: بے جا دخل دینا۔

To rest-/To lie one's oar : تھوڑی دیر کام بند رکھنا: تھوڑی دیر سستانا: دم لینا: تھوڑا آرام کرنا۔

Oar-fish : مچھلیوں کی ایک نوع کا نام جن کے جسم چپوؤں کی طرح چپٹے ہوتے ہیں اور جن کی لمبائی سات سے دس میٹر تک ہوتی ہے۔

Oar-footed : (a) تیراک پاؤں والا: ایسے پاؤں والا جن سے تیرا جا سکتا ہو۔

Oarage : (n) (۱) چپوؤں کی حرکت: چپوؤں کی طرح بازوؤں یا پاؤں کی حرکت۔ (۲) کھوائی: کشتی کھینے کی مزدوری یا محصول۔ (۳) چپوؤں کے لوازمات یا سازو سامان: کھینے والے سازوسامان۔

Oared : (a) چپو دار: چپوؤں والا: چپوؤں والی (مثلاً four-oared) چار چپوؤں والی)۔

Oarless : (n) بے چپو کا۔

Oarlock : (n) چپو ٹیک: وہ پرزہ جس کے سہارے کھینے کے دوران چپو اپنی جگہ پر قائم رہتا ہے۔

Oarsman : (n) کھویا: مانجھی: ملاح: کشتی چلانے والا: پاروزن: کشتی راں: چپو چلانے والا۔

Oarsmanship : (n) کشتی رانی۔

Oarswoman : (n) کشتی چلانے والی۔

Oary : (n) (۱) چپو نما: چپو جیسا یا چپو کی طرح کام آنے والا۔ (۲) چپودار: چپوؤں والا یا والی۔

Oasis : (n) [LL. 'Oasis.'] (۱) لیبیائی ریگستان کے زرخیز مقامات کا نام: واحہ: واح (جمع واحات): ریگستان میں سر سبز مقام: نخلستان۔ (۲) غیر دلچسپ ماحول میں کوئی دلچسپ چیز۔

Oast : (n) ایک قسم کی بھٹی جس میں ہاپ (hop) کو سکھاتے ہیں۔

Oat : (n) [OE..'ate'.] (۱) (عموماً جمع) جئی: جو کی قسم کا ایک اناج: جو صحرائی: (نباتیات) قرطمان۔ (۲) جئی کا پودا: جئی کی فصل: نیز ایک خودرو لمبی گھاس جو اس پودے کے مشابہ ہوتی ہے۔ (۳) (شعر) اس پودے کی نے جسے چرواہے بجاتے ہیں۔ (۴) شبابی شاعری۔

False oat : (n) جئی کے پودے جیسی ایک گھاس۔

To sow one's wild oat : جوانی منانا: سرمستیِ شباب کی داد دینا۔

Wild oat : (n) ایک جنگلی گھاس جو جئی کے پودے سے مشابہ ہوتی ہے۔

Oat-cake : (n) جئی کی روٹی۔

Oat-grass : (n) (۱) (Avena) جنس کی ایک گھاس۔ (۲) اس قسم کی مختلف گھاسوں کے نام۔

Oat-meal : (n) جئی کا آٹا: جئی کا دلیا۔

Oat-reed : (n) جئی کے ڈنٹھل سے بنایا ہوا باجا: نے: نفیری۔

Oat-straw : (n) جئی کی پیالی: جئی کا ڈنٹھل۔

Oaten : (a) (۱) جئی یا جئی کے آٹے سے بنی ہوئی یا بنا ہوا۔ (۲) جئی کے ڈنٹھل سے بنی ہوئی یا بنا ہوا۔ (۲) جئی کے پودے کا یا اس سے متعلق: جئی کا۔

Oath : (n) [OE. 'ap.'] (۱) قسم: حلف: سوگند: قسم کھانے یا حلف لینے کا عمل: پیمان۔ (۲) خدا کا یا اولیاء وغیرہ کا گستاخانہ انداز میں نام لینا: لعنت: بددعا: گالی: بے ادبانہ کلام: گستاخانہ کلمہ۔

Oath : (v) (۱) قسم کھانا: حلف اٹھانا: حلف لینا: سوگند لینا: قسمیہ اقراریا وعدہ کرنا: حلف اٹھاکر کہنا۔ (۲) بے ادبی سے قسم کھانا: ملحدانہ قسم کھانا۔

Bible oath : حلف (بائبل) پر)۔

Bodily oath : کسی مقدس شے کو ہاتھ لگاکر قسم کھانا۔

Book oath : دیکھو Bible oath

Corporal oath : دیکھو Oath

He is on oath : وہ قسم کھا چکا ہے: حلف اٹھا چکا ہے۔

On or upon oath : قسمیہ: حلفیہ: حلفی: حلفاً: قسم کھاکر: قسماً۔

To make (an) oath/To swear on- /To take (an) -: قسم کھانا: حلف اٹھانا: حلف لینا: حلفیہ اقرار کرنا: قسمیہ بیان دینا: قسم کھاکر خود کو پابند کر لینا۔

Ob : لاطینی لفظ Obiit کا مخفف بمعنی متوفی (کسی تاریخ وفات سے پہلے لکھا جاتا ہے)۔

Ob- : (prefix) (c- کے پہلے f-oc - کے پہلے P- of کے پہلے op مستعمل ہے) (سابقہ) جن الفاظ کے ساتھ آتا ہے ان میں حسب ذیل معنی پیدا کرتا ہے۔ (۱) کشادگی: وسعت (جیسے Obtrude)۔ (۲) مقابلہ: موافقت (جیسے Observe, Occur)۔ (۳) سمت (جیسے Oblique)۔ (۴) اطاعت (جیسے Obey)۔ (۵) مخالفت (جیسے Oppose)۔ (۶) مزاحمت (جیسے Obdurate)۔ (۷) حجاب (جیسے Obscure)۔ (۸) قطعیت (جیسے Obsolete)۔ (۹) سمت یا نسبت خلاف معمول (جیسے Obconical)۔

Obbligato/Obligato : (n) [It.] (موسیقی) متصل: لازم: لاینفک (ساز یا نغمہ)۔

Obcompressed : (a) (نباتیات) مقابل جھنا۔

Obconic/-al : (a) (نباتیات) معکوس مخروطہ۔

Obcordate : (a) قلب نما: دل کی شکل کا؛ برعکس یا معکوس طور پر قلب نما؛ (نباتیات) معکوس قلبہ؛ ضد صنو بری۔

Obdiplostemonous : (a) (نباتیات) معکوس مضاعف۔

Obdiplostemony : (n) (نباتیات) عکس مضاعف۔

Obduracy : (n) [f. 'abdurate'] ضد: سرکشی؛ تمود؛ سخت دلی؛ سنگدلی۔

Obdurate : (a) [L. 'Obduratus.'] شقی: شقی القلب: جس پر اچھی باتوں کا بالکل اثر نہ ہو؛ پر از شقاوت: سخت دل؛ سخت؛ سنگدل؛ متمرد؛ ضدی؛ سرکش؛ بے عاطفہ۔

Obdurate : (v) اخلاقی طور پر بے حس اورسنگدل بنا دینا؛شقی القلب بنا دینا۔

Obdurately : (adv.) ضد سے؛ سرکشی سے؛ متمردانہ؛ شقاوت سے۔

Obdurateness : (n) شقاوت: سرکشی: ضد: تمرد؛ سنگدلی۔

Obduration : (n) سختی: سرکشی؛ ضد؛ تمرد؛ سخت دلی: سنگدلی؛ ہٹ دھرمی۔

Obe : (n) [Gr.] (یونانی تاریخ) قدیم لیکونیا (Laconia) کی ایک بستی یا ضلع۔

Obeah/Obi : (n) [West African] اوبی؛ ایک قسم کا تعویذ:جادو منتر جوحبشیوں میں رائج ہے۔

Obeah/Obi : (n) ایسے تعویذ وغیرہ کے ذریعہ جادو کرنا، سحر کرنا۔

Obeah/Obi-man : (n) حبشی جادوگر۔

Obeahism : (n) اوبی کے ذریعہ جادوگری یا ساحری: ایسے جادو یا سحر کا عقیدہ۔

Obeche/Obechi : (n) مغربی افریقہ کا ایک درخت یا اس سے حاصل ہونے والی ہلکے رنگ کی لکڑی۔

Obedience : (n) (۱) اطاعت: تابعداری: فرمانبرداری: فرماں پذیری: تعمیل (حکم کی)؛ پابندی (قانون کی)۔ (۲) (کلیسا خصوصاً رومی) حکومت؛ اقتدار؛ حکمرانی۔ (۳)پیروؤں کا حلقہ یا جماعت؛ کلیسا کا دائرۂ اقتدار۔ (۴) آداب؛ کورنش: رسم تعظیم؛ اظہار اطاعت: اظہار وفاداری؛ رسم بندگی: آداب بندگی۔

In obedience to : حسب الحکم؛ حسب الارشاد؛ حسب فرمائش؛ بہ تقاضائے۔

Passive obedience : بے دلی کی اطاعت؛ با دل ناخواستہ اطاعت؛ بے چوں و چرا اطاعت۔

Obedient : (a) [L. Obediens, ent.] (۱)مطیع؛ فرماں پذیر؛ اطاعت شعار؛ فرماں بردار؛ فرض شناس۔ (۲) (مجازاً) کسی دوسری شے یا قوت کے زیر اثر یا اس کی مطیع یا تابع (چیزیں یا عوامل)۔

Your obedient servant : (۱) آپ کا تابعدار؛ رخصت ہوتے وقت پہلے اخلاقاً کہتے تھے اب طنزاً استعمال ہوتا ہے۔ (۲) رسمی خطوط کے آخر میں لکھتے ہیں۔

Obediential : (a) [med. L. obedientialis.] (دینیات) اطاعت و فرماں برداری کا؛ اس کے متعلق یا اس کی صفت کا حامل؛ اطاعتی؛ اطاعت گذار۔

Obedientiary : (n) [med. L. obedientiaris.] (رومن کلیسا) خانقاہ کا ایک فرد جس کے ذمہ کوئی مخصوص کام سپرد ہو؛ خانقاہی۔

Obediently : (adv.) اطاعت شعارانہ؛ فرماں پذیرانہ؛ مطیع ہو کر؛ فرماں برداری سے۔

Obeisance : (n) [(o) Fr. Obeissance.] (۱) آداب کورنش؛ رسم تعظیم۔ (۲) اظہار اطاعت؛ اظہار وفاداری؛ رسم بندگی؛ اظہارِ عقیدت۔

To do obeisance /-make-/-pay- : آداب بجا لانا؛ اظہار بندگی کرنا؛ جھک کر سلام کرنا۔

Obeisant : (a) (۱) مطیع؛ فرماں بردار؛ اطاعت شعار؛ فرض شناس۔ (۲) خوشامدی؛ چاپلوس؛ غلامانہ فرماں برداری ظاہر کرنے والا۔

Obeliac/Obelial : (a) [f. Obelion.] (تشریح) سہمینہ کا؛ نوک سہمی سے متعلق۔

Obelion : (n) سہمینہ؛ نوک سہمی۔

Obeliscal : (a) (۱) مسلی؛ مخروطی چوٹی والے مربع یا مستطیل مینار کا یا اس سے متعلق۔ (۲) جس میں علامت تحریف (−، ÷) یا علامت حاشیہ (+) ہو۔

Obelisk : (n) [L. Obeliscus.] (۱) پتھر کا مربع یا مستطیل مینار جس کی چوٹی مخروطی ہوتی ہے۔(۲) اس شکل کا درخت : پہاڑ وغیرہ (۳) (Obelus =) علامت تحریف: قدیم مسوروں کی علامت جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس عبارت میں تحریف ہے (جیسے ۔, ÷)۔(۴) (تعمیرات) مسلہ جمع) مسلات (جو طباعت میں حاشیہ یا فٹ نوٹ کے حوالوں کے لئے دیا جاتا ہے۔(۵) نشان تحریف۔ (۶) نشان حاشیہ۔

Double obelisk : دوہری علامت حاشیہ (‡)۔

Obelize/Obolize : (v) (کسی لفظ یا عبارت میں) نشان تحریف لگانا: نشان حاشیہ لگانا؛ کھوٹا؛ جعلی؛ مصنوعی یا مشکوک قرار دینا۔

Obelus : (n) [L.] (۱) علامت تحریف (۔, ÷) : قدیم مسودوں کی علامت جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس عبارت میں تحریف ہے : قدیم مخطوطات کے وضعی، جعلی یا مشکوک الفاظ کو ظاہر کرنے والی علامت (۔, ÷)۔(۲) (جدید معنوں میں) علامت حاشیہ؛ نشان حاشیہ (+) (جو طباعت میں حاشیہ یا فٹ نوٹ کے حوالوں کے لئے دیا جاتا ہے)۔

Oberon : (n) (۱) (دینیات) اندر راجہ۔(۲) (علم النجوم) اوبیران (قمر یورانس)۔

Obese : (a) [L. 'obesus.'] بہت موٹا؛ تازہ؛ فربہ؛ لحیم؛ شحیم؛ جسیم؛ (طب) سمین؛ موٹا؛ فربہ۔

Obesely : (adv.) موٹا تازہ ہو کر؛ فربہی سے۔

Obeseness : (n) موٹاپا؛ فربہی۔

Obesity : (n) [L.'Obsitas'.] موٹاپا؛ فربہی۔

Obex : (n) (تشریح) دماغ کے چوتھے جوف میں جھلی کا موٹا ہو جانا۔

Obey : (v) [L. 'obedire'.] (۱) اطاعت کرنا؛ حکم ماننا؛ فرمانبرداری کرنا؛ مطیع ہونا۔(۲) تعمیل کرنا؛ بجا لانا؛ مان لینا؛ جھک جانا (کسی اصول یا حکم کے سامنے)۔ (۲) (کسی قوت وغیرہ کا) تقاضا پورا کرنا۔(۳) حکم کی تعمیل کرنا۔(۵) (مجازاً) (کسی تحریک، سبب یا قوت سے) مجبور یا زیر اثر ہو کر کرنا۔(۶) (علم النجوم) ستاروں یا سیاروں کا کسی برج یا راس میں داخل ہونا۔

Obeyable : (a) قابل اطاعت؛ حکم بجا لانے کے لائق؛ لائق تعمیل۔

Obeyer : (n) اطاعت کرنے والا؛ ماننے والا؛ حکم بجا لانے والا؛ فرمانبردار؛ تابع دار؛ مطیع؛ اطاعت شعار؛ اطاعت گذار۔

Obeying signs : (n) علم نجوم میں راس منڈل یا منطقہ البروج کے جنوبی یا آخری چھ بروج کو کہتے ہیں۔

Obeyingly : (adv.) حکم بجا لاتے ہوئے؛ مان کر؛ تعمیلاً؛ فرماں برداری سے؛ اطاعت شعارانہ؛ ماتحت یا زیر اثر ہو کر۔

Obfuscate : (v) (۱) (دماغ) مختل کر دینا؛ (عقل) گم کر دینا۔ (۲) چھکے چھڑا دینا؛ حواس باختہ کر دینا۔(۲) (جسمانی طور پر) اندھیرا کر دینا؛ ماند کر دینا یا دھندلا بنا دینا۔ (۳) بے نور کر دینا؛ ماند کر دینا؛ گہنا دینا؛ تاریک یا دھندلا کر دینا (شاذ)۔

Obfuscation : (n) (۱) مختل کرنا یا ہونا؛ چھکے چھڑانا یا چھوٹنا؛ بد حواس؛ حواس باختگی؛ ابہام۔(۲) (بصریات) تیرگی؛ ظلمت۔(۳) (نفسیات) بدحواسی۔(۴) حواس باختہ کرنے والی بات یا چیز۔

Obi : (n) [Jap. 'ob'.] اوبی؛ ایک شوخ رنگ چمکدار اور چوڑا کمر بند یا پٹکا جسے جاپانی عورتیں یا بچے استعمال کرتے ہیں؛ اس طرح کا کوئی بھی کمر بند۔

Obi/Obi-man : (n) دیکھو Obeah

Obimbricate : (a) (نباتیات) معکوس متراکب؛ مقلوب ہم پوش۔

Obit/Obiit : (n) [L.'Obitus'.] (۱) (تاریخ) اعلان موت۔(۲) تاریخ وفات۔(۳) وفات۔(۴) فاتحہ خوانی؛ نماز برائے ایصال ثواب۔(۵) سالانہ فاتحہ؛ برسی (خصوصاً کسی مدرسے وغیرہ میں اس کے بانی کی)۔

Obiter : (adv.) سلسلۂ کلام میں؛ ضمناً۔

Obiter dictum : (n) (۱) (قانون) فیصلے میں جج کی رائے جو قانونی حیثیت نہ رکھتی ہو بلکہ ضمناً ظاہر کی جائے۔(۲) ضمنی قول؛ نکتہ؛ اظہار ضمنی۔

Obituary : (n) (۱) (اخبار وغیرہ میں) خبر موت؛ اموات کا کالم۔ (۲) متوفی کی مختصر سوانح عمری۔(۳) کتاب اموات؛ وہ رجسٹر جس میں ایام وفات اور تاریخیں درج ہوں۔ (۴) اعلان اموات؛ اخبار اموات۔

Obituary : (a) خبر موت کی؛ اموات کا؛ وفات سے متعلق؛ اموات کو قلمبند کرنے والا (جس میں عموماً مرنے والے کی مختصر سوانح عمری بھی ہوتی ہے)۔

Obituary notice : (n) خبر موت؛ اعلان وفات۔

Object : (n) [L. 'Objectum.'] (۱) شے؛ محسوس یا مادی شے؛ چیز؛

موضوع مشاہدہ : (بصریات) چیز : شے : شخص۔
(۲) تماشہ : مضحک چیز : اضحوکہ : افسوسناک یا
عبرتناک منظرتصویر عبرت۔ (۳) مقصد : مدعا : غرض :
مراد۔ (۴)(فلسفہ) معروض: موجود: (خارجی) شے :
مدرک : غیر نفس۔ (۵) (صرف و نحو) مفعول: مفعول
بہ: مفعولہ۔

Animate object : (حیاتیات) جاندار شے۔

Direct object : (صرف و نحو) مفعول بہ۔

External object : (فلسفہ) موجود خارجی: معروض۔

Indirect object: مفعول بہ ۔

No object : اشتہارات کی اصطلاح جس سے یہ مراد ہوتی
ہے کہ طرف ثانی من مانی شرائط کر سکتا ہے (مثلاً
Money no object روپے کے معاملے میں طرف ثانی
کو من مانی شرائط پیش کرنے کا اختیار ہے)۔

Object : (v) [L. 'Obicere'.] (۱) (کوئی بات) تردید میں پیش کرنا:
مخالفت میں پیش کرنا : الزام کے طور پر پیش کرنا : بے
مطلب فضول عذر کے طور پر پیش کرنا۔ (۲) اعتراض
کرنا: معترض ہونا: نا پسند کرنا: ناپسندیدگی یا
نا منظوری ظاہر کرنا ۔(۳) مخالف دلیل ہونا۔

I object : وہ فقرہ جس کے ذریعہ دارالعلوم میں کوئی رکن
یا کسی تجویز کے بہ اتفاق رائے منظور ہونے میں رکاوٹ
ڈالتا ہے۔

Object and subject : (فلسفہ) معروض و موضوع۔

Object-ball : (n) (۱) (انڈے کا کھیل) وہ گیند جس پر کھیلنے والا
اپنی گیند سے نشانہ لگاتا ہے۔

Object-blindness : (n) (نفسیات) کوریِ معروض۔

Object clause : (n) خبر : کسی جملے کا وہ فقرہ جو نحوی اعتبار سے
اس جملے کی خبر ہو : مفعولی فقرہ: کسی جملے کا وہ فقرہ
جو اُس جملے کے فعل کا مفعول ہو۔

Object consciousness : (n) (نفسیات) شعور شے : شعور معروضی ۔

Object-finder : (n) (بصریات) مکشف : موقع نگار : وہ آلہ جس سے
خوردبین کی لوح پر کسی شے کا موقع اور محل نقش ہو
جاتا ہے۔

Object-glass : (n) (بصریات) عدسۂ خارجی: خارجی شیشہ: دہانہ :
دوربین وغیرہ کا شیشہ جو موضوع مشاہدہ سے قریب ہو۔

Object language : (n) وہ زبان جس کا حوالہ کسی دوسری زبان میں
دیا گیا ہو یا جسے کسی دوسری زبان کی اصطلاحات
میں تلاش کیا جائے۔

Object-lens : (n) دیکھو Object glass

Object-lesson : (n) (۱) (جمع) اسباق الاشیاء: تدریس بالاشیاء:
سبق الاشیاء۔ (۲) (مجازاً) کسی چیز کی جیتی جاگتی
مثال: زندہ مثال۔

Object-matter : (n) موضوع مشاہدہ: موضوع مطالعہ: موضوع بحث:
وہ شے یا بات جو کسی فعل کا مفعول یا مطالعے کا موضوع
ہو (عموماً اس کی جگہ Subject matter مستعمل ہے)۔

Object plate : (n) خوردبینی پلیٹ وہ شیشہ جس پر موضوع مشاہدہ
کو رکھ کر خوردبین سے دیکھتے ہیں۔

Object soul : (n) (فلسفہ) روح جمادات۔

Object space : (n) (طبیعیات) فضائے شے۔

Object staff : (n) سطح نما جھنڈی: وہ جھنڈی جو پیمائش میں زمین
کی سطح کو معلوم کرنے کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

Object teaching : (n) دیکھو Object-lesson

Objectification : (n) تجسیم: مجسم کرنے یا مادی بنانے کا عمل: مادی
بنانا یا بننا : مقرونی بنانا یا بننا۔

Objectify : (v) محسوس یا مادی بنانا: مجسم کرنا : تجسیم کرنا :
مقرون بنانا: معروض بنانا یا معروض کی حیثیت سے
پیش کرنا : معروضی یا خارجی بنانا : مفعولی حیثیت دینا۔

Objection : (n) [Late. L. 'objectio.'] (۱) کسی شخص یا چیز کی
مخالفت کے اظہار کا عمل۔ (۲) اعتراض: ایراد: مخالفت:
اختلاف عذر: استدلال مخالف: اظہار ناپسندیدگی:
اظہار یا احساس ناخوشی یا ناراضامندی۔
(۳) دستاویز جس میں اعتراض قلم بند ہو۔ (۴) امعان
نظر: تمثیل نمائی: نقشہ: خاکہ: بیان : ادعا: دعوت:
عرض: پیش۔ (۵)(قانون) اعتراض: عذر داری۔

To take objection : معترض ہونا: اعتراض کرنا: مزاحم ہونا :
رکاوٹ ڈالنا: (کوئی چیز کسی چیز کی) مخالفت میں
پیش کرنا: مخالف دلیل یا رائے پیش کرنا: مخالفت کرنا۔

Objection book : (n) اعتراض نامچہ۔

Objectionability : (n) قابل اعتراض ہونے کی حالت یا صفت۔

Objectionable : (n) قابل اعتراض یا نا پسندیدہ شخص؛ نا معقول آدمی۔

Objectionable : (a) (۱) قابل اعتراض؛ لائق الزام۔(۲) ناگوار؛ نا معقول؛ نا پسندیدہ؛ ناقابل قبول۔

Objectionableness : (n) قابل اعتراض ہونے کی حالت یا صفت؛ قابل اعتراض ہونا؛ ناگواریت؛ ناپسندیدگی؛ ناخوشی؛ نارضامندی۔

Objectionably : (adv.) قابل اعتراض طور پر؛ نا معقول یا نا پسندیدہ طریقے سے؛ ناگوار انداز میں؛ ناقابل قبول طور پر۔

Objectional : (n) اعتراض؛ قابل اعتراض۔

Objectival : (a) مفعولی؛ وابستہ بہ مفعول؛ مفعول بنانے والا یا اس سے متعلق۔

Objectivate : دیکھو Objectify

Objectivation : دیکھو Objectification

Objective : (a) [med. L. 'Objectivus'.] (۱) (فلسفہ) خارجی (ضد داخلی)؛ واقعی؛ معروضی؛ وجودی؛ حقیقی۔(۲) فکری؛ ادارکی؛ ذہنی؛ جو موضوع ادراک یا موضوع فکر ہو۔ (۳) (شخص، تصویر، عبارت وغیرہ) واقعیت پسند؛ واقعیت پسندانہ؛ خارجی رنگ کی؛ نفس امر سے متعلق؛ نفس الامری (جس میں مصنف کے احساسات یا رائے کی رنگ آمیزی نہ ہو)۔(۴) (طب) علامات مرض) خارجی علامات (جو معالج کے مشاہدے میں آئے بخلاف ان کے جنہیں (صرف مریض محسوس کرتا ہو)۔ (۵) خارجی (خوردبین وغیرہ کے اس شیشے کو کہا جاتا ہے جو موضوع مشاہدہ کے قریب ہوتا ہے)۔ (۶) (صرف و نحو) مفعولی۔(۷) تردیدی؛ اعتراضی؛ مخالفانہ؛ مزاحم۔(۸) (طب) مرئی؛ واقعی۔

Objective : (n) (۱) دوربین کا خارجی شیشہ؛ دہانہ۔(۲) (صرف و نحو) مفعولی؛ حالت مفعولی۔(۳) (فوج) مقام حملہ؛ منزلِ مقصود؛ ہدف؛ (مجازاً) مدعا؛ نشانہ؛ مقصد۔

Objective-glass : (n) دیکھو Object glass

Objective method of teaching : (تعمیرات) تعلیم باشیاء خارجی۔

Objective plane : (n) فوج کے مقام حملہ یا ہدف کی سطح مماس۔

Objective point : (n) فوج کی منزلِ مقصود؛ مقام حملہ۔

Objective prism : (n) (علم النجوم) دہانی منشور؛ بے شگاف دوربین۔

Objective psychology : (n) معروضی نفسیات۔

Objective realities : (n) (فلسفہ) معروضی حقائق۔

Objective symptom : (n) (طب) علامت ظاہریہ؛ علامت مرئی۔

Objective test : (n) معروضی آزمائش؛ خارجی آزمائش؛ جس میں حتی الامکان آزمائش کنندہ اور موضوع آزمائش دونوں کی طرف سے داخلی عناصر سے گریز کیا جاتا ہے اور حقائق و واقعات پر مبنی سوالات کے جوابات موضوع آزمائش کو ایک لفظ میں یا کوئی نشان لگا کر دینا پڑتا ہے۔

Objectively : (adv.) معروضی طور پر؛ خارجی طور پر؛ حالت مفعول میں؛ معفول کے طور پر۔

Objectiveness : (n) معروضیت؛ مفعولیت؛ واقعیت؛ واقعیت پسندی؛ مادیت؛ (فلسفہ) خارجیت؛ واقعیت؛ وجودِ خارجی۔

Objectivism : (n) (۱) واقعیت پسندی۔(۲) (فلسفہ) معروضیت؛ یہ نظریہ کہ معروضیت یعنی خارجی اشیاء کا علم مقدم اور حقیقی ہے؛ نظریۂ خارجیت۔

Objectivist : (n) (۱) واقعیت پسندی۔(۲) (فلسفہ) معروضیت؛ یہ فلسفہ مادی۔(فلسفہ) معروضی؛ حامی معروضیت۔

Objectivistic : (a) معروضیت کا یا اس سے متعلق؛ واقعیت پسندانہ۔

Objectivity : (n) دیکھو Objectiveness

Objectivization : (n) مفعول بننے یا بنانے کا عمل یا طریقہ۔

Objectivize : (v) دیکھو Objectify

Objectization : دیکھو Objectification

Objectize : (v) دیکھو Objectify

Objectless : (a) بے مقصد؛ فضول؛ بے موضوع؛ بے معروض۔

Objectlessly : (adv.) بے مقصد طور پر؛ بے معروضی طور پر۔

Objectlessness : (n) بے مقصدیت؛ بے معروضیت۔

Objector : (n) اعتراض کرنے والا ؛ معترض؛ مخالف ؛ مزاحم ؛ رکاوٹ ڈالنے والا ؛ (قانون) عذر دار۔

Conscientious objector : (n) معذور بربنائے عقیدہ؛ وہ شخص جو اپنے عقیدے کی بنا پر جنگ میں شریک ہونے ، ٹیکہ لگانے یا نس بندی وغیرہ جیسی باتوں سے انکار یا عذر کرے۔

Objects : (n) مقاصد۔

Objet'd art : (n) [Fr.] فن پارہ؛ فنی طرز یا فنی قدرو قیمت والی کوئی چھوٹی چیز۔

Objet de vertu : (n) دیکھو Objet d' art

Objet trouve : (n) [Fr.] بے سلسلہ طور پر لی ہوئی چیز جسے کسی فن پارے یا انتخاب کے طور پر پیش کیا جائے۔

Objicient : (n) [L. 'Objiciens' -ent.] اعتراض کرنے والا؛ معترض ؛ کسی تحریک؛ تعویز یا رائے کی مخالفت کرنے والا؛ مخالف؛ مزاحم ؛ رکاوٹ ڈالنے والا؛ تردید کرنے والا؛ ناپسند کرنے والا۔

Objuration : (n) [L. 'Objurare'.] تحلیف ؛ قسم دے کر یا حلف دلا کر پابند کرنے کا عمل؛ حلفیہ پابندی؛ وہ پابندی جو قسمیہ ہو یا بطور قسمیہ ہو۔

Objurgate : (v) [L. 'Objurgare'.] ڈانٹنا ؛ ڈپٹنا ؛ لعنت ملامت کرنا؛ سرزنش کرنا؛ تنبیہ کرنا؛ گھڑکی دینا؛ برا بھلا کہنا۔

Objurgation : (n) ڈانٹ ڈپٹ ؛ لعنت و ملامت ؛ سرزنش ؛ تنبیہ ؛ جھڑکی ؛ گھڑکی۔

Objurgative : (a) ملامت آمیز؛ تنبیہی؛ تادیبی؛ زجرو توبیخ کا یا اس سے متعلق۔

Objurgatively : (adv.) ملامت آمیز طور پر؛ تنبیہاً؛ تادیبی طور پر؛ تادیبانہ؛ بہ طور انتباہ؛ ازراہ سرزنش ؛بہ طور تادیب۔

Objurgator : (n) لعنت و ملامت کرنے والا؛ سرزنش کرنے والا ؛ جھڑکی دینے والا؛ تنبیہ کرنے والا؛ تادیب کرنے والا۔

Objurgatorily : (adv.) دیکھو Objurgatively

Objurgatory : (a) دیکھو Objurgative

Oblanceolate : (a) [ob-+lanceolate.] (نباتیات) معکوس سنابہ۔

Oblast : (n) [Russ.] (حکومت روس) صوبہ؛ ریاست۔

Oblat : (n) وہ شخص جو رہبانیت یا مذہبی زندگی کے لئے وقف کر دیا گیا ہو؛ خانقاہ نشیں؛ خادم دین۔

Oblata : (n) [L. Pl. of 'obtatus'.] (قانون) رعایا کی جانب سے بادشاہ کو دیئے ہوئے پرانے قرضے یا نذرانے جو عدم ادائی کی صورت میں شیرف کے ذمہ ہوا کرتے تھے۔

Oblate : (n) [Fr.] دیکھو Oblat

Oblate : (a) (۱) کوہ نما؛ اس کرہ کی شکل کا جو قطبین پر چپٹا ہو۔(۲)(ہندسہ)مقابل چپٹا؛ شلجمیہ۔(۳)(جغرافیہ) شلجمی؛ نارنگی نما ؛ مسطح القطبین۔(۴) (دینیات) نذر دار؛ خادم دین۔

Oblate spheroid : (n) (ہندسہ) مسطح کرہ؛ شلجمی کرہ نما؛ شلجمیہ۔

Oblately : (n) قطبین پر چپٹا ہوکر؛ کوہ نما ہوکر۔

Oblateness : (n) قطبین پر چپٹا ہونے کی حالت ؛ کوہ نما ہونے کی حالت یا صفت ؛ (علم النجوم) تسطیح۔

Oblation : (n) [L. 'oblatio'.] (۱) (مذہبی معنوں میں) خدایا دیوتا کو کسی چیز کی باضابطہ پیش کش؛ قربانی؛ نذر ؛ نیاز؛ چڑھاوا۔(۲) وہ عطیہ جو مذہبی کاموں کے لئے دیا جائے ؛ عطیہ حسنہ۔(۳) عشائے ربانی کی رسم؛ عشائے ربانی میں خدا کے لئے روٹی اورشراب نذر کرنے کا عمل۔ (۴) خدا یا دیوتا کو نذر کی جانے والی چیز ؛ پیش کش؛ نذرانہ؛ قربانی؛ قربانی کیا ہوا جانور۔ (۵) کلیسائی خدمات یا دوسرے نیک کاموں کے لئے خدا کو پیش کی ہوئی چیز یا پیش کش۔(٦) (عام معنوں میں) نذر کرنے یا پیش کرنے کا عمل؛ پیش کش؛ نذر ؛ نذرانہ؛ عطیہ۔

The great oblation : روٹی اور شراب کا نذرانہ جو عشائے ربانی کے موقع پر حضرت عیسیٰ کے گوشت اور خون کے بدلے پیش کیا جاتا ہے۔

Oblational : (a) نذر کا؛ قربانی کا۔

Oblation ary : (n) (کلیسائی) عشائے ربانی کے موقع پر نذر قبول کرنے والا راہب۔

Oblatory : (a) نذر کا؛ قربانی کا؛ نذر سے متعلق۔

Obley : (n) [ME. 'Uble, obly.'] عشائے ربانی کے موقع پر نذر ہوئی روٹی ؛ فطیری روٹی۔

Obligable : (a) واجب؛ لازمی؛ اجباری؛ لائق جبر؛ ناگزیر؛ لائق پابندی ؛

قابل اطمینان: لائق ممنونیت: واجب العمل۔

Obligant : (n) [L. 'Obligans, -ant.'] (اسکاتستانی قانون) کسی چیز کی ادائی یا کسی کام کی انجام دہی کے لئے خود کو پابند کر لینے والا یا قانوناً پابند کر دیا جانے والا شخص۔

Obligate : (a) (نباتیات) جو انتہائی ضروری ہو: لازمی: اجباری۔

Obligate : (v) (۱) (کسی شخص کو) اخلاقی یا قانونی بندھن میں باندھنا: پابند کرنا۔ (۲) (کسی چیز کو) بطور ضمانت دینا: گروی کرنا: رہن رکھنا: مکفول کرنا۔ (۳) (کچھ کر کے یا کچھ دے کر) کسی کو احسان مند کرنا: ممنون کرنا (کچھ فائدہ پہنچا کر یا رحم دلی کا برتاؤ کر کے)۔ (۴) (بول چال اور امریکی روز مرہ) پابندِ احسان ہونا: مرہون منت ہونا: احسان مند ہونا: شکر گذار ہونا (اب عموماً معمولی خدمات کے موقع پر یا کسی تاجر کو اشیائے خرید کا آرڈر دیتے وقت رسماً بولا جاتا ہے)۔ (۵) احسان مندانہ سلوک کرنا: رحم دلی کا برتاؤ کرنا: مشکور کرنا۔

Obligate parasite : (n) لازمی طفیلی: ضروری طفیلی: لازمی طور پر ہونے والے طفیلی پودے۔

Obligation : (n) [L. 'Obligatio'.] (۱) قسم کھا کر خود کو پابند کر لینے کا عمل: معاہدہ: تعہد: نیز وہ شے یا وہ کام جس کے لئے کوئی خود کو پابند کر لیتا ہے: میثاق: پیمان: قرار داد۔ (۲) قانونی معاہدہ: تحریری معاہدہ: (تاریخ) قول و قرار: معاہدہ: دستاویز معاہدہ: نیز اس سے حاصل شدہ حق یا ذمہ داری۔ (۳) قانونی پابندی: اخلاقی پابندی: شرعی تکلیف۔ (۴) فرض: ذمہ داری: امر واجب: بار: ناگوار فرض۔ (۵) احسان: بار احسان: مرہونیت: (کبھی کبھی) مشکوریت: احسان مندی۔ (۶) (قانون) ضمانت۔ (۷) (قانون) مچلکہ۔ (۸) (نفسیات) احساسِ احسان: مرہونیت۔ (۹) کسی قانون، اخلاقی معاہدے، فرض، سمجھوتے وغیرہ کی پابند کن قوت۔ (۱۰) وہ عمل یا کام جس کے لئے کوئی قانونی یا اخلاقی طور پر پابند ہو: کوئی مقررہ یا مخصوص فرض یا فرض منصبی۔ (۱۱) کوئی نفع بخش یا محسنانہ کام یا خدمت جو کی گئی ہو یا لی گئی۔

Day of obligation : یوم سبت: یوم جمع: وہ دن جو عقیدت مندوں کے لئے تمام کاموں کو چھوڑ کر دینی خدمات میں گذارنے کے لئے مقرر ہو۔

Of obligation : لازمی: واجب: ناگزیر: ذمہ دارانہ: احسانمندی کا: احسانمندانہ۔

To be under an obligation : مکلف ہونا: ذمہ داری قبول کرنا: ذمہ دار ہونا: پابند معاہدہ ہونا: زیر بارِ احسان ہونا: مرہون منت ہونا: ممنون ہونا: (کسی بات یا کام کے لئے) قانوناً یا اخلاقاً پابند ہونا۔

To put under an obligation : مکلف کرنا: ذمہ داری سونپنا: فرض عائد کرنا: پابند کرنا (قانوناً یا اخلاقاً): احسامند کرنا: ممنون کرنا۔

Writing (bill, etc.) obligation : تحریری معاہدہ: قانونی معاہدہ: نیز اس سے پیداشدہ حق یا ذمہ داری۔

Obligato : Obbligato کا متبادل۔

Obligatorily : (adv.) قانوناً یا اخلاقاً پابند ہو کر: لازماً: ناگزیر طور پر: واجباً: احسان مند ہو کر: احسان مندانہ: ذمہ دارانہ۔

Obligatoriness : (n) اخلاقی یا قانونی پابندی: لزوم: وجوب: ناگزیریت: احسان مندی: ذمہ داری۔

Obligatory : (a) اخلاقاً یا قانوناً پابند کرنے والا: پابندی عائد کرنے والا: پابند کن: کسی فرض، ذمہ داری یا پابندی جیسا: لازمی: واجب فرض: ناگزیر: لازم: احسان مندی کا: ممنون کرنے والا۔ (۲) ذمہ داری یا احساس ذمہ داری پیدا کرنے والا۔ (۳) (نباتیات) ضروری: لازمی: اجباری۔

Obligatory nature : (n) لزوم: وجوب: ناگزیریت۔

Oblive : (v) [L. 'Obligare'.] (۱) (قسم: حلف یا معاہدے کے ذریعہ) پابند کرنا۔ (۲) واجب العمل ہونا۔ (۳) ممنون کرنا: احسان مند کرنا: مرہون منت کرنا: خوش کرنا: دلجوئی کرنا: (کسی چیز یا کام کے ذریعہ سے)۔ (۴) (روزمرہ) محفوظ کرنا۔ (۵) مجبور کرنا: زبردستی کرانا (کوئی کام)۔ (۶) خود کو موجب سزا یا لائق سزا قرار دینا (صرف غیر فوجی قانون میں)۔ (۷) (نفع پہنچا کر یا رحم دلی کا برتاؤ کر کے) ممنون کرنا۔ (۸) کسی احسانات کا ممنون ہونا: احسان مند ہونا: شکر گذار ہونا (اب عموماً معمولی خدمات کے موقع پر یا کسی تاجر کو اشیائے خرید کا آرڈر دیتے وقت رسماً بولا جاتا ہے)۔ (۹) (اخلاقی یا قانونی طاقت یا اثر کے ذریعہ) مجبور کرنا: روکنا: جبراً باز رکھنا۔ (۱۰) لازمی کر دینا: جبری بنا دینا: ضروری کر دینا۔

Obliged : (a) احسان مند: ممنون: مرہون منت: شکر گزار: مشکور۔

To be obliged : ممنون ہونا: مرہون منت ہونا: احسان مند ہونا۔

Obligedly : (adv.) ممنون ہو کر؛ احسان مند ہوکر۔

Obligedness : (n) ممنونیت؛ احسان مندی۔

Obligee : (n) (۱) (تاریخ) متعہدلہٗ؛ وہ شخص جس کے ساتھ معاہدہ کیا جائے ؛ وہ شخص جس کے حق میں کوئی اقرار نامہ لکھا جائے ؛ راہن؛ مضمون لہٗ۔ (۲) ممنون ؛ احسان مند؛ سپاس گذاری؛ شکر گذار؛ مشکور ؛ مورد عنایت۔

Obligement : (n) (۱) (غیر فوجی قانون) پابندی؛ معاہدہ؛ تعہّد قرار ؛ اقرار نامہ؛ میثاق؛ وثیقہ؛ اجبار۔ (۲) (اخلاقی یا قانونی) ذمہ داری؛ فرض؛ مرہونیت ؛ ممنونیت ؛ احسان مندی؛ سپاس گذاری؛ بار احسان؛ لطف و عنایت؛ شفقت؛ رحم وکرم ؛رحم دلی ؛ نوازش؛ اعانت؛ عنایت ؛ پاس داری۔

Obliger : (n) ذمہ داری عائد کرنے والا ؛ احسان کرنے والا؛ محسن ؛ ممنون کنندہ؛ مجبور کرنے والا؛ ضامن ؛ قرضدار؛ مدیون۔

Obliging : (a) (۱) آمادۂ خدمت؛ آمادۂ عنایت؛ محسن ؛احسان کرنے والا؛ ممنون کنندہ ؛ آمادہ؛ آمادۂ لطف و کرم؛ ملتفت؛ مہربان؛ بامروت؛ خوش خلق؛ خلیق ؛ سلوک کرنے والا۔ (۲) شائستہ ؛ شستہ ؛ نرم (الفاظ ، افعال وغیرہ)۔

Obligingly : (adv.) ازراہ التفات؛ ملتفت ہو کر ؛ مہربانی سے ؛ محسنانہ؛ مروت سے ؛ شائستہ انداز میں؛ شائستگی سے ؛ نرمی سے۔

Obligingness : (n) خلق و مروت ؛ حسن اخلاق ؛ با مروتی ؛ خوش خلقی؛ لطف ؛ مہربانی؛ شستگی ؛ شائستگی ؛ نرمی ؛ التفات۔

Obligor : (n) (تاریخ) متعہد؛ وہ شخص جو خود کو کسی معاہدہ کا پابند کرے؛ معاہدہ کرنے والا ؛ اقرار نامہ لکھنے والا؛ مُقِر۔

Oblique : (a) آڑا؛ ترچھا؛ ٹیڑھا؛ کج؛ اُریب؛ غیر قائمہ ؛اُریبلی؛ مورب؛ مائل۔ (۲) (ہندسہ) (خط سطح) مُحرّب؛ مائل ؛ غیر قائمہ ؛ غیر عمودی ؛ منحرف۔ (۳) (اسطوانی یا مخروطی شکل) غیر مستقیم؛ جس کا محور عمودی نہ ہو۔ (۴) زاویہ حادہ یا منفرجہ۔ (۵) (تشریح) جو جسم یا مرکزی خط پر قائم یا اس کے متوازی نہ ہو ؛ غیر مستقیم۔ (۶) (نباتیات) پتی جس کے دونوں حصے برابر نہ ہوں؛ ترچھے ڈنٹھل کی؛ مائل میان رگ؛ اڈول ؛ ترچھا۔ (۷) (بلور) مائلہ۔ (۸) (مجازاً) بالواسطہ ؛ کسی نقطے تک براہ راست نہ پہنچنے والا۔ (۹) صراط مستقیم سے منحرف ؛ صحیح چال چلن یا خیالات سے انحراف کرنے والا۔ (۱۰) (صرف و نحو) غیر فاعلی (حالت)؛ بالواسطہ (گفتگو)۔ (۱۱) (موسیقی) جب ایک حصہ بے حرکت ہو اور دوسرا نیچے یا اوپر کی طرف متحرک ہو۔ (۱۲) (جہازرانی) جہاز کی وہ راہ جو خط نصف النہار پر زاویہ غیر قائمہ نہ بناتی ہو۔

Oblique/ Obliquus : (n) (حیوانیات) ترچھا عضلہ ؛ عضلۂ مائلہ ۔

Oblique : (v) (۱) ترچھا ہو کر چلنا؛ (خاص کر فوج کا) ترچھے رخ پر چلنا (اس طرح کہ آدھا رخ دائیں یا بائیں ہو اور سامنے چلا جائے)۔ (۲) (خط وغیرہ کا) کسی زاویے پر ڈھلوان یا ترچھا ہونا۔

Oblique angle : (n) (ہندسہ) زاویہ غیر قائمہ ۔

Oblique ascension : (n) (علم النجوم) صعود مائل۔

Oblique axes : (n) (ریاضیات) مُحدّ دات غیر قائمہ؛ مائل خطوط مرتبہ ۔

Oblique case : (n) (صرف و نحو) غیر فاعلی حالت (حالت اضافی، مفعولی وغیرہ)۔

Oblique descension : (n) (علم النجوم) نزول مائل۔

Oblique fracture : (n) (طب) کسر مُورّب۔

Oblique hernia : (n) (طب) فتق مورب۔

Oblique horizon : (n) افق مائل؛ وہ افق جو فلکی خط استوا سے ترچھا ہو۔

Oblique hyperbola : (n) (ہندسہ) شکل ہذلولی جس کے متقارب خطوط آپس میں مل کر زاویہ قائمہ نہیں بناتے۔

Oblique leaf : (n) (نباتیات) اڈول پتّا۔

Oblique motion : (n) (موسیقی) اُریب حرکت (جب ایک حصہ غیر متحرک اور دوسرا نیچے یا اوپر کی طرف متحرک رہتا ہے)۔

Oblique muscles : (n) (تشریح) عضلات مائلہ ؛ ترچھے عضلات۔

Oblique narration : (n) کلا بالواسطہ۔

Oblique oration : (n) دیکھو Oblique narration

Oblique perspective : ترچھا تناسب؛ زاوئی تناسب؛ منحرف یا غیر مستقیم تناسب ؛ تناسب یا تناظر مائل۔

Oblique plane : (n) (ہندسہ) ترچھی سطح؛ مائل سطح؛ ڈھلوان سطح۔

Oblique projection : (n) (ہندسہ) مُحرف تظلیل۔

Oblique sailing : (n) (جہاز رانی) جہاز کی وہ راہ جو خط نصف النہار پر زاویہ غیر قائمہ بناتی ہو ؛ ترچھی جہاز رانی۔

Oblique speech : (n) کلام بالواسطه۔

Oblique sphere : (n) (ہندسہ) کُرہ مائلہ۔

Oblique system : (n) (بلور) مائلہ نظام۔

Obliquely : (adv.) ترچھا ہو کر؛ اُریب ہو کر: غیر قائمہ طور پر ؛ غیر مستقیم طور سے؛ کج ہو کر ؛ بالواسطہ طور پر؛ غیرعمودی اور غیر افقی سمت میں۔

Obliqueness (n) ترچھا ہونا؛ اُریب ہونا؛ کج ہونا؛ کجی؛ انحراف؛ غیر قائمہ ہونا؛ غیر مستقیم ہونا ؛ میلان ؛ مائل ہونا۔

Obliquitous : (a) ذہنی یا اخلاقی طور پر کج رو؛ گمراہ ؛ بے راہ؛ کج رائے۔

Obliquity : (n) (۱) ترچھاپن؛ کجی۔ (۲) عدم استقامت (اخلاقی، دماغی وغیرہ)؛ کجروی؛ گمراہی؛ کج رائی۔(۳) (علم النجوم) انحراف؛ میل۔

Obliquity of the ecliptic : (n) (علم النجوم) میل کُلّی؛ میل منطقۃ البروج۔

Obliquus/Oblique : (n) (حیوانیات) عضلہ مائلہ؛ ترچھا عضلہ۔

Obliterable : (a) مٹا دینے یا محو کر دینے کے لائق؛ لائق نسخ ؛ منسوخ ہونے کے قابل۔

Obliterate : (a) [L. 'Oblit(t)eratus.'] (۱) (شاعری) مٹایا ہوا ؛ محو کیا ہوا۔ (۲) (حشریات) کیڑوں کے جسم پر بنے ان رنگین نشانات کو کہتے ہیں جن کے کنارے ماند ہو کر زمینی رنگ کے ہو جاتے ہیں؛ امحائی رنگت کا۔

Obliterate : (v) (۱) (کسی تحریر کو) مٹا دینا ؛ محو کر دینا ؛ نیست و نابود کر دینا؛ نشان تک نہ رہنے دینا؛ رگڑ کر یا چھیل کر مٹا دینا؛ (کسی محسوس شے کو) معدوم کر دینا؛ فنا کر دینا۔ (۲) (یاد داشت وغیرہ کو) محو کر دینا ؛ ختم کر دینا؛ دھو ڈالنا؛ (صفات ، خصوصیات وغیرہ کو) برباد کردینا؛ غارت کر دینا۔ (۳)(عضویات ، مرضیات) مٹا دینا ؛ بند کر دینا یا کسی اور طریقے سے معدوم ہو جانا یا کر دینا (خاص کر نالی یا رگ کو جس کا جوف دیواروں کے سکڑنے اور چھک جانے سے ختم ہو جاتا ہے)۔

Obliteration : (n) (۱) مٹانا یا مٹنا؛ محو کرنا یا ہونا؛ نیستی؛ معدومیت؛ فنا ؛ امحاء ؛ محوشدگی۔ (۲) محو ۔ (۳) نسخ۔

Obliterative : (a) مٹنے والا ؛ مٹتا ہوا؛ مائل بہ فنا ؛ محو ہوتا ہوا؛ مائل بہ نیستی ؛ محو کنندہ؛ زائل کنندہ۔

Obliterative coloration : (n) (حیوانیات) امحائی رنگت۔

Obliterator : (n) منسوخ کرنے والا؛ مٹانے والا؛ محو کنندہ؛ (خاص کر) وہ مُہر جس سے ڈاک ٹکٹوں کو باطل کیا جاتا ہے ؛ مہربطلان۔

Oblivescence : (n) بھولنے کا عمل؛ عمل فراموشی؛ عمل نسیان؛ دیکھو Obliviscense۔

Oblivial : (a) فراموش کن؛ نسیان آور؛ فراموشی آور۔

Obliviality : (n) نسیان آوری۔

Obliviate : (v) بھول جانا؛ فراموش کر دینا ؛ یاد نہ رکھنا (یا نہ رہنا)۔

Oblivion : (n) [L. 'Oblivio, -on-'.] (۱) فراموشی؛ نسیانی؛ (نفسیات) بے خبری ؛ بے توجہی؛ بے التفاتی؛ بے اعتنائی؛ تغافل؛ بے پروائی ؛ بھولنے یا بھلا دیئے جانے کا عمل۔ (۲) بین الاقوامی چشم پوشی (خاص کر سیاسی خلاف ورزیوں کی)؛ (سیاست) عفو عام؛ معافی۔ (۳) طاق نسیاں؛ بھلا دیئے جانے کی حالت؛ کشتۂ تغافل ہونے کی حالت ؛ گمنامی؛ گوشۂ گمنامی۔

Act of oblivion : (سیاست) قانون معافی ۔

Bill of oblivion : مسودہ معافی ۔

To fall into oblivion : بھلا دیا جانا؛ گوشۂ گمنامی میں پڑنا ؛ طاق نسیاں ہونا؛ متروک ہو جانا۔

Oblivionize : (v) بھلا دینا ؛ بھول جانا؛ فراموش کر دینا؛ طاق نسیاں کی زینت بنانا؛ گوشۂ گمنامی میں ڈال دینا۔

Oblivious : (a) (۱) بھلانے والا؛ بھول جانے والا؛ فراموش کنندہ؛ گرفتار نسیان و فراموشی؛ بھولکڑ؛ تغافل شعار؛ غافل؛ بے خبر؛ بے پروا؛ بے دماغ؛ (غلط طور پر) لاشعور؛ بے شعور۔ (۲) نسیانی ؛ فراموشی کا یا اس سے متعلق؛ فراموش کردہ؛ فراموش شدہ؛ گوشۂ گمنامی کا؛ زینت طاق نسیاں؛ (شعر) تغافل کا؛ نسیان کا؛ سہو آفریں؛ نسیان زا۔

Obliviously : (adv.) بھول کر؛ بھلا کر؛ فراموش کر کے ؛ ازراہ فراموشی؛ بے پروائی سے؛ بے خبری سے؛ ازراہ تغافل؛ نسیانی انداز میں؛ فراموشی سے؛ طاق نسیاں ہو کر؛ تغافل شعاری سے ؛ غفلت سے۔

Obliviousness : (n) بھول ؛ فراموشی؛ نسیان؛ بے خبری؛ غفلت؛ بے پروائی ؛ تغافل شعاری؛ بے دماغی؛ بھولکڑپن؛

سہو : سہو کی عادت۔

Obliviscence : (n) [L. 'oblivisci '.] (نفسیات) فراموشی : نسیان : بھول جانے کی عادت : بھولکڑپن۔

Olivon : (n) (کیمیا) نسیانہ : اوبلیوُون۔

Oblong : (n) [L. 'Oblongus.'] (۱) مستطیل : کتابی : لمبوترا : لم چھوا : بیضاویہ۔ (۲) (نباتیات) بیضاوی : مقلوب : لمبوترا بیضاوی۔ (۳) اس کرہ کی شکل کا جو قطبین پر لمبا ہو۔ (۴) مستطیل ناقص۔ (۵) (ٹکٹ ، کاغذ ، کتاب ، تختہ وغیرہ) افقی مستطیل جو اونچائی میں کم عرض میں زیادہ ہو۔

Oblong : (n) چیز مستطیل : شکل مستطیل : (خاص کر ہندسہ میں) وہ مستطیل جس کی لمبائی چوڑائی سے زیادہ ہو۔

Oblong spheroid : (n) بیضوی کرہ نما شکل : اس کرے جیسی کوئی چیز جو قطبین پر لمبا ہو۔

Oblongatal : (a) [L. 'Oblongatus.'] دماغ کے سب سے پچھلے حصے کا یا اس سے متعلق : بصل النخاعی۔

Oblongated : (a) لمبا : دراز : طویل : کشیدہ : طولانی : مستطیل۔

Oblongated marrow : (n) بصل انخاع : دماغ کا سب سے پچھلا حصہ : پیاز مغز۔

Oblongo-: (comb.) نباتیات کی اصطلاحوں میں استعمال ہونے والا سابقہ بمعنی "بیضوی پھیلاؤ والا" "لمبوترا بیضاوی"۔

Obloquious : (a) تنقیصی : بدگویانہ : بدنام کن : رسواں کناں۔

Obloquy : (n) (۱) (کسی شے یا شخص کے خلاف) بدگوئی : بدکلامی : دشنام : گالی : سب وشتم : منقصت : تنقیص : سخن توہین آمیز : سرزنش : ملامت۔ (۲) بدنامی : رسوائی : ذلت : خواری۔

Obmutescence : (n) [L. 'Obmutescere.'] (بالارادہ) سکوت : (بالعمد) بے زبانی : (بالقصد) خاموشی : (طب) سکوت عمدی : خاموشی : ضد یا تمرد سے خاموش رہنے کا عمل : مگراہن : گھناہن۔

Obmutescent : (a) (بالارادہ) خاموش رہنے والا : ضد سے چپ رہنے والا : مگرا : گھنا۔

Obnebulate : (v) دھندلا کر دینا : بادل سے ڈھک جانا : ماند کر دینا۔

Obnounce : (v) بدشگونی کے بارے میں بتانا : بدشگونی کرنا۔

Obnoxious : (a) [L. 'Obnoxiosus.'] (۱) نامعقول : بیہودہ : قابل نفرت : ناپسندیدہ : ناگوار خاطر : (طب) مکروہ : زیاں بخش : مُضر : ضرر رساں قابل ملامت۔ (۲) (غلط طور پر) خطرناک : پر خط : شر پذیر : ضرر پذیر۔

Obnoxiously : (adv.) بیہودگی سے : نامعقول طور پر : مکروہ انداز میں گھناؤنے طور پر : مکروہانہ صورت سے : ناگوار انداز میں : شرپذیرانہ۔

Obnoxiousness : (n) شرپذیری : ضرر پذیری : بیہودہ پن : نامعقولیت : نفرت انگیزی۔

Obnubilate : (v) [L. 'Obnubilare.'] بادل سے ڈھک لینا : چھپا لینا : اندھیرا کر دینا : دھندلا کر دینا : گھٹا ٹوپ کر دینا : تاریک کر دینا : مبہم کر دینا : ماند کر دینا۔

Obnubilation : (a) (۱) (بصریات) ظلمت : تیرگی۔ (۲) (عقل پر) پردہ پڑنا یا ڈالنا (ذہن کو) تاریک کر دینا : (ذہن کی) پراگندگی : الجھاؤ : حواس باختگی : تاریکی۔

Oboe : (n) [It.] (۱) ایک قسم کی نے : دھیری بانسری : نفیری : شہنائی : (ریڈیو) اوبو۔ (۲) آرگن باجے کا تیز آواز والا پردہ۔

Oboist : (n) نے نواز : بانسری بجانے والا۔

Obol : (n) [Anglicization of Obolus.] یونان کا ایک قدیم نقرئی سکہ جو تقریباً ۱۱/۲ پینس یعنی چھ پیسے کے برابر تھا۔

Obolary : (a) [L. 'Obolus' + ary .'] (مہمل لفظ) ایک اوبول چندہ دینے والا یا جس کے پاس صرف ایک ہی اوبول ہو : مفلس : قلاش : نادار : بے زر۔

Obole : (n) [L. 'Obolus.'] ایک چھوٹا فرانسیسی سکہ جو دسویں تا پندرھویں صدی وہاں رائج رہا۔

Obolus : (n) [L.] (۱) یونان کا ایک قدیم نقرئی (بعدہ ، کانسی) سکہ جو تقریباً ۱۱/۲ پینس یعنی چھ پیسے کے برابر تھا۔ (۲) اوبول : ایک چھوٹا فرانسیسی سکہ جو دسویں تا پندرھویں صدی میں وہاں رائج تھا : نیز دوسرے چھوٹے سکے جو پہلے یورپ میں رائج تھے۔ (۳) کوئی بھی چھوٹا سکہ : پائی : کرّی۔

Obovate : (a) (نباتیات) معکوس بیضوی۔

Obovoid : (a) (نباتیات) معکوس بیضہ نما۔

Obreption : (n) [L. 'Obreptio, -on-.'] چالاکی یا دھوکے سے کوئی چیز حاصل کرنا (خاص کر کلیسائی یا اسکا تسلطانی قانون میں) غلط بیانی کے ذریعہ حاصل کیا ہوا حصہ، عطیہ وغیرہ۔

Obreptitious : (a) [L.L. 'Obrepticius'.] پر فریب؛ چالبازی کا؛ تزویر آمیز؛ کذب آمیز؛ جس میں کسی چیز کے حصول کے لئے غلط بیانی کی گئی ہو۔

Obscene : (a) [L. 'Obscenus.'] (۱) فحش؛ گندا؛ خلاف تہذیب؛ بیہودہ؛ بے حیائی کا۔ (۲) (قدیم) گندا؛ نجس؛ ناپاک؛ کریہہ ؛ مکروہ؛ قابل نفرت؛ گھناؤنا؛ انتہائی ناگوار ؛ بدبودار۔

Obscenely : (adv.) فحش الفاظ میں؛ گندے طریقے سے؛ بے حیائی سے۔

Obsceneness : (n) گندا پن؛ بیہودگی؛ فحاشی؛ بے حیائی؛ گندی بات یا حرکت۔

Obscenity : (n) فحاشی؛ گندا پن؛ بے حیائی؛ ناشائستگی؛ فحش ہونا (خاص کر زبان کا) ؛ (جمع میں) فحش باتیں یا حرکتیں ؛ فحش الفاظ۔

Obscurant : (n) [L. 'Obscurans. '] دشمن تحقیق ؛ دشمن اصلاح و ترقی ؛ (سیاسیات) مخالفِ اصلاح ؛ مخالفِ ترقی ؛ قدامت پسند ؛ ظلمت پسند ؛ (نفسیات) مخالف معارف ؛ مخالف روشن فکری ؛ مخالف علم و معرفت۔

Obscurant : (a) دھندلا کر دینے والا؛ تاریک کرنیوالا؛ تیرگی آور تیرہ کن ؛ ابہام آور ؛ مخالف اصلاح و ترقی کا یا اس سے متعلق ؛ قدامت پسندانہ۔

Obscurantism : (n) (۱) تحقیق کی مخالفت ؛ اصلاح و ترقی کی مخالفت؛ (سیاسیات) مخالفِ اصلاح ۔ (۲) (نفسیات) مخالفت معارف ؛ ظلمت پسندی (کا مسلک)؛ کہنہ پرستی؛ قدامت پسندی ؛ مغلق نویسی۔

Obscuranist : (n & a) مسلکِ ظلمت کا حامی ؛ ظلمت کا حامی ؛ ظلمت پسند؛ دشمنِ تحقیق؛ دشمن اصلاح و ترقی؛ مخالف روشن فکری؛ (نفسیات) مخالف اصلاحات علمی۔

Obscuration : (n) (۱) دھندلانے والا؛ تاریک کرنے یا ابر آلود کرنے کا عمل؛ دھندلا پن؛ تاریکی؛ مدھم یا غیر واضح حالت؛ ابہام؛ مبہم کرنا یا ہونا ؛ مخفی کرنا یا ہونا؛ پردہ ڈالنا؛ پردہ پڑنا؛ ماند کرنا یا ہونا۔ (۲) (نقاشی) کسر ظلمت۔ (۳) (بصریات) ظلمت؛ تیرگی۔ (۴) (علم النجوم) احتجاب؛ گہن۔ (۵) (سیاسیات) اِخفا (روح شراب)۔ (۶) (مجازاً) ذہن کو تاریک یا دھندلا دینے کا عمل ؛ ذہن کو تاریک کر دینا؛ روشن خیالی ، بصیرت وغیرہ کو ختم کر دینا؛ دھندلا دینا۔

Obscure : (a) [L. 'Obscurus.'] (۱) تاریک؛ اندھیرا؛ بے نور؛ روشنی سے محروم؛ تیرہ ؛ تار۔ (۲) (رنگ) میلا میلا؛ ملگجا؛ بھدا؛ ہلکا۔ (۳) غیر واضح؛ دھندلا؛ مدھم؛ غیر روشن؛ ناپیدا؛ نامفہوم؛ محو؛ نادیدہ۔ (۴) مخفی ؛ (نظروں سے) پوشیدہ؛ پنہاں؛ غیر مکشوف؛ غیر مرئی۔ (۵) کس مپرسی کا ؛ گمنامی کا ؛ غیر معروف ۔ (۶) گمنام ؛ غیر معروف ؛ معمولی حیثیت کا ۔ (۷) مغلق ؛ معنی بند ؛ مشکوک مجہول (عبارت وغیرہ)۔ (۸) مبہم؛ الجھی ہوئی؛ گنجلک؛ غیر واضح (تحریر ، تقریر)۔ (۹) (نباتیات) مسہم۔ (۱۰) غیر مؤکد بجا؛ غیر مشدد بجا۔

Obscure : (n) (۱) تاریکی ؛ اندھیرا؛ تیرگی؛ ظلمت ابہام؛ دھندلا پن؛ اغلاق؛ مفہوم؛ گمنام یا غیر معروف جگہ؛ ظلمتِ شب۔ (۲) تصویر کا وہ حصہ جو تاریک یا غیر واضح ہو؛ رنگ یا نقوش کا غیر واضح ہونا ۔

Obscure : (v) (۱) تاریک کرنا؛ دھندلا کرنا (۲) مغلق کرنا ؛ مبہم کرنا؛ ناقابل فہم بنا دینا؛ گنجلک کر دینا۔ (۳) ماند کر دینا؛ پھیکا کر دینا؛ آب و تاب میں کمی ہو جانا۔ (۴) مخفی کر دینا؛ پردہ ڈالنا؛ پردۂ خفا میں چھپا دینا؛ تاریکی میں رکھنا یا رہنا۔ (۵) نگاہوں سے اوجھل کر دینا ؛ حیطۂ نظر سے باہر کر دینا؛ پوشیدہ رکھنا یا ہونا۔

Obscure glass : (n) تیرہ شیشہ؛ اندھا شیشہ۔

Obscure rays : (n) شمسی عکسِ شعاعی کی تاریک یا غیر مرئی حرارتی شعاعیں ؛ زیر قرمز (تاریک) شعاعیں۔

Obscurely : (adv.) مبہم طریقے سے؛ غیر واضح طور پر؛ گمنامی میں؛ غیر معروف طور پر۔

Obscurity : (n) [L. 'Obscuritas.'] (۱) تیرگی ؛ تاریکی ؛ ظلمت ؛ بے نوری ؛ اندھیرا ۔ (۲) گمنامی ؛ غیر معروفیت ؛ گمنام شخص ۔ (۳) مخفی ہونا ؛ پوشیدگی ؛ پنہانی ؛ نا پیدائی ؛ ابہام ؛ اغلاق ؛ غیر واضح ؛ پیچیدگی ۔ (۴) نامفہومی ؛ ناقابل فہم ہونے کی حالت یا صفت ۔ (۵) غیر واضح یا ناقابل فہم نکتہ ؛ ناقابل فہم عبارت یا تقریر ؛ مغلق عبارت یا تقریر۔

Obsecration : (n) [L. 'Obsecratio, -on'.] (۱) التجا ؛ التماس ؛ منت سماجت ۔ (۲) کلیسا کی ایک دعا ۔

Obsequent : (a) [L.] (ارضیات) بالا رخ ؛ خلاف ڈھلان۔

Obsequent river : (n) (ارضیات) بالا رخ دریا ۔

Obsequial : (a) تجہیز و تکفین کا؛ جنازے کا۔

Obsequies : (n) تجہیز و تکفین؛ جنازہ۔

Obsequious : (a) [L. 'Obsequium.'] (۱) خوشامدی؛ چاپلوسی؛ تملق باز؛ بے غیرتی سے خوشامد کرنے والا۔ (۲) خوشامد کا؛ غلامانہ؛ (قدیم) مطیع؛ فرمانبردار؛ اطاعت شعار۔

Obsequiously : (adv.) غلامانہ؛ خوشامد سے؛ چاپلوسی سے۔

Obsequiousness : (n) خوشامد؛ چاپلوسی؛ غلامانہ اطاعت۔

Obsequy : (n) [med. L. 'Obsequiae.'] (اب عموماً جمع میں مستعمل ہے) تجہیز و تکفین؛ جنازہ؛ رسوم تدفین؛ کریاکرم۔

Observable : (a) (۱) قابل عمل؛ قابل اطاعت (قانون، حکم، دستور، اصول وغیرہ) جس کی تعمیل یا انجام دہی ضروری ہو یا ممکن ہو؛ قابل ادب؛ لائق تعظیم۔ (۲) قابل ملاحظہ؛ قابل غور؛ قابل مشاہدہ؛ قابل ادراک؛ لائق توجہ؛ نظر آنے والا۔ (۲) قابل توجہ؛ قابل ذکر۔

Observably : (adv.) قابل عمل طور پر؛ قابل غور انداز میں؛ لائق مشاہدہ ہو کر؛ قابل ذکر طور پر۔

Observance : (n) [L. 'Observantia.'] (۱) پابندی؛ تعمیل (رسم و رواج، قانون وغیرہ)۔ (۲) (دینیات) شعار؛ رسم مذہبی۔ (۳) (قدیم) ادب؛ تعظیم؛ تکریم۔

Observancy : (n) (۱) پابندی؛ تعمیل؛ فرمانبرداری؛ اطاعت۔ (۲) ادب؛ تعظیم۔ (۳) فرانسیسی سلسلے کے راہبوں کی خانقاہ یا گھر۔

Observandum : (n) شعار؛ رسم مذہبی۔

Observant : (a) (۱) پابند (رسم و رواج کا)۔ (۲) غور سے مشاہدہ کرنے والا؛ باریک بین؛ تیز نظر؛ ژرف بین؛ صاحب نظر؛ زود ادراک۔ (۳) ہوشیار؛ متوجہ؛ چوکس۔

Observant : (n) فرانسیسی راہب جو ضابطے کا سختی سے پابند ہو۔

Observantine : (n) دیکھو Observant

Observantly : (adv.) پابندی سے؛ سختی سے پابند ہو کر؛ باریک بینی سے؛ ہوشیاری سے؛ چوکس ہو کر؛ ژرف بینی سے؛ توجہ سے؛ غور و تامل سے دیکھتے ہوئے۔

Observation : (n) [L. 'Observatio.'] (۱) مشاہدہ؛ معائنہ؛ ملاحظہ؛ غور سے دیکھنا۔ (۲) (فوج) قلعے کی نگہبانی؛ دشمن کی فوج یا نقل و حرکت کا مشاہدہ؛ دیدبانی۔ (۳) علمی مشاہدہ۔ (۴) آفتاب کی بلندی سے طول البلد اور عرض البلد کا حساب لگانا؛ رصد (جمع) ارصاد؛ مشاہدۂ فلکی۔ (۵) فقر؛ قول؛ رائے۔

Army (corps etc.) of observation : دشمن فوج کی نقل و حرکت پر نگاہ رکھنے والی فوج؛ دیدبان فوج۔

Attitude of observation : دیدبانی کا اندازہ۔

Post of observation : دیدبانی کا مقام۔

To work an observation : آفتاب کی بلندی سے حساب لگا کر طول البلد یا عرض البلد کا تعین کرنا۔

Observation car : ریل کا ڈبہ جو کھلا ہوا ہو یا جس میں شیشے لگے ہوں تاکہ مناظر خوب نظر آئیں؛ سیر کا ڈبہ۔

Observation mine : (n) وہ سرنگ جسے دیدبانی کی چوکی سے اُڑایا گیا ہو۔

Observation pipe : (n) مشاہداتی نلی۔

Observation post : (n) توپ خانے کی دیدبانی کی چوکی۔

Observational : (a) مشاہداتی؛ معائنہ یا مشاہدہ سے متعلق یا اس پر مبنی۔

Observationally : (adv.) ازروئے مشاہدہ؛ ارصاد کے طور پر۔

Observative : (a) (۱) مشاہداتی؛ مشاہدہ یا معائنہ کا یا اس سے متعلق۔ (۲) (شاذ) پابند رسوم؛ باریک بین؛ تیز نظر؛ زود ادراک؛ ہوشیار؛ چوکس۔

Observator : (n) (۱) رائے زن۔ (۲) (فلکیات) ناظر؛ راصد۔

Observatory : (n) وہ عمارت جہاں سے قدرتی مناظر کا مشاہدہ و مطالعہ کیا جاتا ہے؛ رصد؛ رصدگاہ؛ رصد خانہ؛ حنتر منتر۔ (۲) محل تحقیقات و مشاہدات عملی؛ وہ عمارت یا مقام جہاں سے وسیع طور پر اور دور تک مشاہدہ کیا جا سکتا ہو۔ (۲) (بے قاعدہ استعمال) مقام مشاہدہ؛ مقام نظارہ۔

Observatory : (a) علمی مشاہدات و تحقیقات کا یا اس سے متعلق؛ مشاہداتی؛ رصدی؛ رصد گاہ سے متعلق۔

(۱) پابندی کرنا: تعمیل کرنا: انجام دینا: پورا کرنا: عمل کرنا (قانون، حکم، دستور، اصول، وغیرہ پر): (کسی طریق، اصول وغیرہ) کی پیروی یا پابندی کرنا۔ (۲) (کوئی طرز زندگی یا عادت) اختیار کرنا: (کوئی صفت، حالت، خوبی وغیرہ) قائم رکھنا: برقرار رکھنا۔ (۳) (رسوم مذہبی، روزہ، تیوہار وغیرہ) پابندی سے انجام دینا: منانا۔ (۴) عبادت کرنا: بندگی کرنا: احترام کرنا: تعظیم و تکریم کرنا: عزت کرنا: دربار داری، خوشامد یا چاپلوسی کرنا: سازگاری کرنا: نباہنا: نازبرداری کرنا: خوش کرنا: دلجوئی کرنا۔ (۵) توجہ کرنا: خیال رکھنا: متوجہ ہونا: مراقب ہونا یا مراقبہ کرنا: (خاص کر) بغور معائنہ کرنا یا غائر نگاہ رکھنا (پیشگوئی کرنے یا ٹھیک اندازہ لگانے کی غرض سے)۔ (۶) (فوج) دیدبانی کرنا: قلعے کی نگہبانی یا دشمن فوج کی نقل و حرکت کا مشاہدہ کرنا۔ (۷) دیکھنا: ملاحظہ کرنا: مشاہدہ کرنا۔ (۸) (کسی چیز یا حقیقت کا) ادراک کرنا: نوٹس لینا (یا اس پر) رائے ظاہر کرنا: اظہار خیال کرنا۔ (۹) عملی مشاہدے کے ذریعہ سیکھنا: معلوم کرنا یا ادراک کرنا (تجربے کی مدد کے بغیر)۔ (۱۰) آفتاب کی بلندی کے تعین کے لئے مشاہدہ کرنا: آفتاب کی بلندی سے حساب کرکے عرض البلد یا طول البلد کے تعین کے لئے مشاہدہ کرنا۔ (۱۱) کہنا: رائے ظاہر کرنا: تحریر یا تقریر میں ذکر کرنا: تبصرہ کرنا۔ Observe : (v)

خاموش رہنا۔ To observe silence:

(اسکاتستان) تحریر یا تقریر میں کسی مشاہدہ کی ہوئی چیز سے متعلق اظہار خیال: رائے: فقرہ: قول: نکتہ: ذکر: تذکرہ۔ Observe : (n)

جس پر سب کی نظریں لگی ہوں: تماش گاہ عالم۔ The observed of all observers :

(طبیعیات) مُطہرہ تپش۔ Observed temperature : (n)

قابل نکر طور پر: قابل غور طور پر: قابل لحاظ انداز میں: خاص طور پر: نمایاں طور پر۔ Observedly : (adv.)

(۱) (قانون، رسم، دستور، اصول، وغیرہ کی) پابندی کرنے والا: تعمیل کرنے والا: انجام دینے والا۔ (۲) مشاہدہ کرنے والا: مشاہد: غور سے دیکھنے والا: ناظر: رصّاد: اہل نظر: نگرانی یا نگہبانی کرنے والا: دیدبان: نگہبان: نگراں: خبر گیری کرنے والا۔ (۳) وہ شخص جو طیارے میں بیٹھ کر دشمن کی فوج کی نقل و حرکت دیکھتا ہے یا دیگر مشاہدات کرتا ہے: افسردید بان: جو صورت حال کا مشاہدہ کر کے توپخانے کو فائرنگ کی ہدایت دیتا ہے۔ (۴) قدرتی مظاہر کا علمی مشاہدہ کرنے والا: محقق: (کبھی کبھی): متصدی رصد گاہ۔ Observer : (a)

(ہوا بازی) خود کار ناظر۔ Automatic observer:

(علم النجوم) راصد نجوم: ستارہ بیں۔ Observer of stars :

نظارت: عہدۂ ناظر: دیدبانی: مشاہد: نگراں یا نگہباں کا عہدہ۔ Observership : (n)

(۱) مشاہدہ کرنے والا: غور سے دیکھنے والا: باریک بین: تیز نظر: ہوشیار: (رسوم وغیرہ کی) پابندی کرنے والا: علمی مشاہدات میں مشغول: تحقیقات علمی میں مصروف۔ Observing : (a)

غور سے: بہ نظر غائر: باریک بینی سے: ازروئے مشاہدہ: مشاہداتی طور پر۔ Observingly : (adv.)

(۱) (آسیب، وہم، خیال کا) مسلط ہو جانا: بسیرا کر لینا: ستانا: بہکانا: (اندر سے) اکسانا۔ (۲) آسیب کی طرح مسلط ہو جانا: گھر کر لینا اور ستانا (کسی وہم یا خبط کا)۔ Obsess : (v) [f. L. 'Obsidere.']

(۱) (آسیب، شیطان وغیرہ کا) بہکا ہوا: اکساوا: تحریک: آسیب زدگی۔ (۲) (وہم، خیال وغیرہ کا) تسلط: غلبہ: دل میں بس جانا اور مسلسل تنگ کرنا: ستانا: پیچھے پڑ جانا۔ (۳) (طب) آسیب: آزار: (نفسیات) غلّو وہم: خبط۔ Obsession : (n) [L. 'Obsessio.']

(طب، نفسیات) بیہودہ غلّو: مریضانہ غلبہ (وہم)۔ Morbid obsession :

(۱) آسیبی۔ (۲) (طب، نفسیات) غُلّوی۔ Obsessional : (a)

(نفسیات، طب) غُلّوی خللِ اعصاب۔ Obsessional neurosis : (n)

(نفسیات) غلوی نوع: تشویشی نوع۔ Obsessional type : (n)

آسیب زدہ شخص: وہمی: خبطی: سودائی۔ Obsessionist : (n)

(۱) خبط آور: تسلط آور: غلبہ آور: دل میں بس جانے والا: توہم انگیز: آزار رساں۔ (۲) خبطی: سودائی آسیب زدہ: آسیبی: غلوی: وسواسی: بعض صفات میں حد سے بڑھا ہوا (پاگل پن کی حد تک)۔ Obsessive : (a)

آسیب زدہ یا عصبی امراض میں مبتلا شخص: غلّوی خلل اعصاب کا مریض: عصبی مریض۔ Obsessive : (n)

بوتل کے شیشے کے جیسا آتش فشانی مادہ: (ارضیات) برکانی شیشہ: شیشہ معدنی۔ Obsidian : (n)

Obsidional : (a) [L. Obsidionalis.] (۱) آسیبی تسلط کا؛ غلبہ کا یا اس سے متعلق؛ محاصراتی؛ محاصرے کا یا اس سے متعلق۔ (۲) (مجازاً) گھیرنے والا؛ ٹوٹ پڑنے والا؛ تسلط جما لینے والا؛ غلبہ آور؛ بس جانے والا (وہم، خیال وغیرہ)۔

Obsidional coins : (n) کسی زیر محاصرہ شہر میں ڈھالے ہوئے سکے جو مروجہ سکوں کی کمی کو پورا کرنے کی غرض سے ڈھالے گئے ہوں۔

Obsidional crown/-coronet/-garland/-wreath : گھاس پھوس کا بنا ہوا ہار جو اعزازی نشان کے طور پر اس یونانی جرنیل کو عطا ہوا تھا جس نے محاصرہ اٹھایا تھا۔

Obsolescence : (n) (۱) رفتہ رفتہ متروک ہونا یا معدوم ہونا؛ متروک ہونے کا عمل؛ متروکیت۔ (۲) (نباتیات) کسی حصے یا عضو کا بتدریج معدوم ہو جانا یا سوکھ جانا (خاص کر عدم استعمال کے باعث)؛ منسوخیت؛ عدم استعمال۔

Obsolescent : (a) (۱) رفتہ رفتہ متروک ہو جانے والا؛ کہنہ؛ منسوخ۔ (۲) (حیاتیات) (عضو جو کبھی پورا نشو و نما یافتہ نہ ہو) رفتہ رفتہ زائل ہو جانے والا؛ نامکمل یا تھوڑی نشو ونما پایا ہوا؛ نلکارہ شوندہ (عضو)۔

Obsolete : (a) [L. 'Obsoletue.'] (۱) متروک؛ متروک الاستعمال؛ منسوخ؛ غیر مستعمل؛ غیر مروج۔ (۲) فرسودہ؛ دقیانوس؛ گھساپٹا؛ نلکارہ؛ سوکھا ہوا۔ (۳) (حیاتیات) غیر نمو یافتہ؛ ناقص؛ ذرا سا؛ غیر واضح؛ غیر ممتاز۔

Obsolete : (n) فرسودہ چیز؛ دقیانوسی آدمی؛ متروک الاستعمال چیز۔

Obsoletely : (n) متروکانہ؛ فرسودگی سے؛ نلکارہ طور پر؛ ناقص انداز میں۔

Obsoleteness : (n) متروکیت؛ فرسودگی؛ دقیانوسیت؛ منسوخیت؛ کہنگی۔

Obsoletion : (n) متروک ہونے کا عمل یا حالت؛ متروکیت؛ منسوخیت؛ فرسودگی۔

Obsoletism : (n) متروکات کی حمایت؛ دقیانوسیت؛ متروک لفظ یا محاورہ؛ فرسودا یا دقیانوسی رسم؛ متروکیت؛ فرسودگی؛ منسوخیت۔

Obstacle : (n) [L. 'Obslaculum.'] روک؛ مزاحمت؛ سنگ راہ؛ سدراہ؛ رکاوٹ؛ مشکل؛ حائلہ؛ (جمع) حائلات۔

Obstacle race : (n) روک دوڑ؛ وہ دوڑ جس میں رکاوٹیں حائل کر دی جاتی ہیں اور دوڑنے والے کو ان پر غلبہ حاصل کرنا ہوتا ہے۔

Obstetric/-al : (a) دائی کا یا اس سے متعلق؛ متعلق بہ دایہ گری؛ دایہ گری کے متعلق؛ وضع حمل سے متعلق؛ (طب) قبالی۔

Obstetric forceps : (n) ایک چمٹے نما آلہ جو وضع حمل میں دشواری کے وقت جنین کے سر یا دوسرے اعضا کو پکڑ کر کھینچنے میں استعمال ہوتا ہے۔

Obstetric fracture : (n) (طب) قبالی کسر۔

Obstetrical toad : (n) مینڈک کی ایک قسم جس کا نر انڈے لئے پھرتا ہے یہاں تک کہ بچے نکل آئیں؛ اسے Nurse frog بھی کہتے ہیں۔

Obstetrician : (n) (طب) قابل؛ قبالت داں؛ وضع حمل کا ماہر؛ قبیل؛ جنوانے والا؛ دائی؛ جنائی؛ قابلہ۔

Obstetrics : (n) (طب) قبالت؛ دایہ گری؛ وضع حمل کا فن؛ قابلہ گری۔

Obstinacy : (n) [med. L. 'Obstinacia.'] (۱) ضد؛ ہٹ؛ تمرد؛ خودرائی۔ (۲) (مرض کا) مزمن ہونا۔

Obstinate : (a) [L. 'Obstinatus.'] (۱) ضدی؛ ہٹیلا؛ خود رائے؛ متمرد؛ خودسر۔ (۲) (طب) مزمن؛ کہنہ؛ جو بمشکل اچھا ہو؛ صعب العلاج۔

Obstinate : (n) ضدی؛ ہٹیلا اور خود رائے شخص؛ سرکش آدمی۔

Obstinately : (adv.) تمرد سے؛ خود رائی سے؛ سرکشی کے ساتھ؛ مُزمن طور پر۔

Obstinateness : (n) ضد؛ تمرد؛ خودرائی؛ خود سری؛ (مرض کا) مُزمن ہونا۔

Obstipation : (n) روکنے یا مسدود کرنے کا عمل؛ انسداد؛ (طب) قبضِ شدید۔

Obstreperous : (a) [L. 'Obstreperus.'] (۱) پر شور و شغب؛ شور مچانے والا؛ غوغائی۔ (۲) دنگئی؛ فسادی؛ جھگڑالو۔

Obstreperously : (adv.) شور و شغب کے ساتھ؛ جھگڑالو پن سے۔

Obstreperousness : (n) دنگئی پن؛ غوغائی پن؛ جھگڑالو پن سے۔

Obstruct : (v) [L 'Obstruere.'] (۱) روکنا؛ بند کرنا؛ مسدود کرنا؛ رکاوٹ ڈالنا؛ سدراہ ہونا؛ سنگ راہ ہونا؛ خلل انداز ہونا۔ (۲) (پارلیمنٹ) کاروائی میں رکاوٹ ڈالنا؛ کام نہ چلنے دینا؛ چلتے کام میں روڑے اٹکانا۔ (۳) سلسلہ منقطع کر دینا یا توڑ دینا؛ تسلسل میں خلل ڈالنا؛ حائل

ہو جانا : سامنے آجانا: آڑکر دینا (کہ آگے کی چیز یا منظر نظر نہ آئے)۔

To obstruct process (in law) : عدالت کی کاروائی میں خلل انداز ہونا (جو ایک قابل تعزیر جرم ہے)۔

Obstructed hernia : (n) (طب) فتق مسدّد۔

Obstruction : (n) (۱) مسدود کرنے یا ہونے کا عمل : انسداد: رکاوٹ: مزاحمت: روک: سد راہ۔ (۲) تقریروں میں وقت ختم کر کے پارلیمنٹ کی کاروائی میں رکاوٹ ڈالنا۔ (۳) (مجازاً) کسی عمل کی انجام دہی یا کارگزاری میں خلل انداز ہونے یا اسے روک دینے کا عمل۔ (۴) روکنے والی چیز؛ سنگ راہ: خلل انداز ہونے والی چیز : مزاحم ہونے والی شے : ترقی یا پیش رفت میں حائل ہونے والی چیز : سد: (طب) سُدہ: قبض۔

Cold obstruction : نبض حیات کا تھم جانا: حالت مرگ : موت کے بعد جسم کی حالت۔

Obstruction-guard : (n) ریلوے انجن کے سامنے کی جالی جو پٹری پر پڑی رکاوٹوں یا مزاحم چیزوں کو ہٹانے کے لئے ہوتی ہے۔

Obstruction in the bowels : (طب) سُدہ۔

Obstruction in the nose : (طب) انسدادہ: سد اوالأنف۔

Obstructionism : (n) پارلیمنٹ کی کاروائی میں رکاوٹ ڈالنے کا طریقہ: (سیاسیات) رکاوٹ اندازی۔

Obstructionist : (n) پارلیمنٹ کی کاروائی میں رکاوٹ ڈالنے والا یا اس کا حامی: (سیاسیات) رکاوٹ انداز۔

Obstructive : (a) (۱) خلل انداز : مزاحم: راہ روکنے والا: مائل بہ خلل اندازی: روڑے اٹکانے والا: مشکلات پیدا کرنے والا: معترض۔ (۲) انقباضی: انسدادی : قابض: جسم کی رگوں ، آنتوں یا نالیوں میں رکاوٹ ڈالنے یا ہونے کا یا اس سے متعلق: قبض کا، اس سے متعلق یا اس کی نوعیت کا۔

Obstructive : (n) (۱) رکاوٹ : مزاحمت: روکنے والی قوت یا چیز: آلۂ مزاحمت: آلۂ انسداد: سد : سد راہ : سنگ راہ۔ (۲) مزاحم یا خلل انداز ہونے والا شخص ، خاص کر پارلیمنٹ کی کاروائی میں رکاوٹ ڈالنے والا۔

Obstructive dysmenorrhea : (n) (طب) عُسر الطمث سدی۔

Obstructively : (adv.) مزاحمانہ : رکاوٹ ڈالتے ہوئے : خلل اندازی سے۔

Obstructiveness : (n) مزاحمت: رکاوٹ: خلل اندازی۔

Obstructivism : (n) پارلیمنٹ کی کاروائی میں رکاوٹ ڈالنے کا نظریہ یا طریقہ۔

Obstructor : (n) مزاحم: روکنے والا: خلل انداز: سدراہ: سنگ راہ: ترقی کی راہ میں حائل ہونے والا: مخالف ترقی۔

Obstruent : (a) [L. 'Obstruere.'] (۱) مزاحم: روکنے والا: سد راہ : مانع : رکاوٹ ڈالنے والا۔ (۲) (طب) قابض۔

Obstruent : (n) (۱) مزاحم ہونے یا روکنے والی چیز یا شخص :مزاحمت: رکاوٹ : سنگ راہ۔ (۲) قابض دوا۔

Obstupefy : (v) [L. 'Obstupefacere.'] مدہوش کرنا: مخبوط کر دینا: (خاص کر) دماغ مختل کر دینا۔

Obtain : (v) [Late ME. 'Obteine, -tene.'] (۱) حاصل کرنا: مہیا کرنا : بہم پہنچانا : لینا : پانا : کسب کرنا : اکتساب کرنا۔ (۲) رائج ہونا : مروج ہونا : جاری ہونا : عام ہونا : قائم رہنا : باقی رہنا : وجود رکھنا۔

Obtainable : (a) قابل حصول: دستیاب: حاصل کرنے والا: قابل اکتساب۔

Obtainer : (n) حاصل کرنے والا: پانے والا: مکتسب۔

Obtainment : (n) پانے کا عمل: تحصیل: حصول: اکتساب: کسب۔

Obtected : (a) (حشریات) (بچہ) جو جھلی کے اندر سے نظر آئے : (حیوانیات) ملفوف : خول دار۔

Obtectus : (a) [L. 'Obstectus.'] (نباتیات) محجوب۔

Obtemper : (v) [L. 'Obtemperare'.] (اسکاتستانی قانون) کسی عدالت کے حکم یا فیصلے کو ماننا: (اس کی) تعمیل کرنا : پابندی کرنا: بجا لانا: تسلیم کرنا: قبول کرنا: مان لینا : اطاعت کرنا۔

Obtemperate : (v) دیکھو Obtemper

Obtenebrate : (v) چھا جانا یا ڈھک لینا : سایہ کرنا: تاریک کرنا:دھندلا دینا۔

Obtenebration : (n) چھا جانے یا ڈھک لینے کا عمل : تاریک کرنا یا ہونا : ڈھانک لیا جانا۔

Obtention : (n) [L. 'Obtentio.'] حاصل کرنے یا پانے کا عمل :تحصیل: حصول : کسب : اکتساب : اجرا : ترویج : بقا : وجود۔

Obtest : (v) [L. 'Obtestari.'] (۱) (قدیم) دُہائی دینا ؛ (کسی سے) فریاد کرنا ؛ عاجزی سے درخواست کرنا؛ التجا کرنا؛ التماس کرنا؛ منت سماجت سے مانگنا۔ (۲) صدائے احتجاج بلند کرنا؛ خدا کو گواہ ٹھہرانا۔

Obtestation : (n) (۱) دہائی ؛ فریاد (کسی بزرگ ہستی کے نام کے ساتھ)؛ منت؛ سماجت؛ التجا؛ التماس؛ عاجزانہ درخواست۔ (۲) احتجاج؛ خدا کو گواہ بنانے یا اس کی دہائی دینے کا عمل ؛ (قانون) استشہاد۔

Obtrude : (v) (۱) (کسی کی صحبت میں) زبردستی گھسنا؛ مخل صحبت ہونا ؛ زبردستی مخاطب کرنا ؛ خواہ مخواہ دخل دینا ؛ (کسی بات ، شخص وغیرہ کو) کسی پر تھوپنا ؛ کسی کے سر منڈھنا ؛ ٹھونسنا ؛ ٹھکیلنا ؛ داخل کرنا۔ (۲) نکال دینا ؛ برطرف کرنا ؛ نکال پھینکنا؛ خارج کرنا؛ بے دخل کر دینا۔ (۳) بے بلائے جانا؛ ناخواندہ مہمان ہونا؛ خلل انداز ہونا؛ مخل ہونا؛ خواہ مخواہ گھسنا۔

Obtruder : (n) مخل صحبت ہونے والا؛ زبردستی گھس جانے والا؛ بے دخل کرنے والا؛ نکال دینے والا۔

Obtruncate : (v) سر کاٹنا؛ سراکاٹ دینا ؛ (مزید بڑھنے کے لئے) پودے کی پھنگ یا پتیاں چھانٹ دینا؛ سر یا پھننگ تراشنا؛ سر بریدہ کرنا؛ چوٹی کاٹنا۔

Obtruncation : (n) سر بریدگی؛ چھٹائی (پودوں کی)۔

Obtrusion : (n) (۱) (کسی چیز کو) ٹھونسنے، گھسانے یا داخل کرنے کا عمل؛ زبردستی ٹھونسنا یا داخل کرنا۔ (۲) (کسی شخص یا چیز کو) کسی کے سر تھوپنا؛ (کسی بات کو) زبردستی (کسی کے دماغ میں) گھسانا؛ اس طرح گھسائی ہوئی یا تھوپی ہوئی چیز؛ (کسی کی صحبت میں) زبردستی گھسنا ؛ خواہ مخواہ دخل دینا؛ زبردستی مخاطب کرنا؛ مخل صحبت ہونا؛ دخل ناخواندہ ۔ (۳) (قانون) دخل بے جا۔

Obtrusive : (a) (۱) راہ میں حائل ہونے والا؛ مداخلت بے جا کرنے والا۔ (۲) پیش پیش رہنے والا ؛ خواہ مخواہ نمایاں ہونے والا؛ مخل صحبت؛ زبردستی مخاطب کرنے والا۔

Obtrusively : (adv.) مخل صحبت ہو کر؛ زبردستی مخاطب ہو کر؛ خواہ مخواہ دخل دے کر؛ مداخلت بے جا کر کے۔

Obtrusiveness: (n) مخل صحبت ہونے کی عادت ؛ خواہ مخواہ دخل دینے کی عادت۔

Obtund : (v) (طب) سن کرنا ؛ بے حس کرنا ؛ ماؤف کرنا ؛ کند کرنا۔

Obtudent : (a) بے حس کرنے والا؛ سن کر دینے والا؛ ماؤف کرنے والا ؛ کند کر دینے والا؛ تسکین بخش۔

Obtundent : (n) بے حس کر دینے والی دوا؛ مسکن دوا؛ تسکین بخش دوا۔

Obturate : (v) ختم کر دینا؛ روک لینا؛ بند کر دینا؛ مسدود کر دینا ؛ (سوراخ، بندوق کی نالی کے پچھلے حصہ وغیرہ کو) بند کرنا۔

Obturation : (n) [L. 'Obturatio.'] اختتام ؛ روک ؛ انسداد ؛ بندش ؛ (خاص کر بندوق کی نالی کے دہانے یا سوراخ کو) بند کرنا۔

Obturator : (n) [med. L. 'Obturator.'] (۱) (تشریح) ورقی سوراخ کو بند کرنے والی جھلی کا نام؛ اس کے پردے ؛ سادّ؛ مُسدد ؛ عضلہ ساد؛ عروق مسدده۔ (۲) کسی سوراخ یا دہانے کو بند کرنے کا پرزہ۔ (۳) (جراحی) جسم کے کسی غیر معمولی شگاف کو بند کرنے والی پلیٹ۔ (۴) بندوق کی نالی کے پیچھے لگا ہوا وہ پرزہ جو دھوئیں یا گیس کو روکتا ہے۔ (۵) فوٹو گرافی کے کیمرے کا شٹر۔

Obturator artery : (n) (تشریح) شریانِ ساد؛ شریان مُسدده۔

Obturator foramen : (n) کولہے کی ہڈیوں کے درمیان کا بڑا سوراخ۔

Obturator hernia : (n) (طب) فتق ساد۔

Obturator ligament/-membrane : (n) (تشریح) ورقی سوراخ کو بند کرنے والی جھلی ؛ عروق ساد؛ عروق مُسدّده۔

Obturator muscles : (n) (تشریح) عضلات ساد؛ (ران کے اوپر اور نیچے کی) دو عضلات جن کی مدد سے حرکت کی جاتی ہے۔

Obturator nerve : (n) کمر کی رگوں کی ایک شاخ جس کے عضلے (چھوٹی شاخیں) سرین ، گھٹنوں کے جوڑ اور ران کے مختلف عضلات تک جاتے ہیں۔

Obtuse : (a) [L. 'Obtus.'] (۱) بے نوک؛ مِنڈ؛ کھنڈا؛ (نباتیات) گول سر۔ (۲) (نفسیات) غبی؛ کند؛ کند ذہن؛ بیوقوف؛ ٹھس۔ (۳) (درد وغیرہ) دھیما؛ ہلکا۔ (۴) (ہندسہ) (زاویہ) منفرجہ؛ وہ زاویہ جو ۹۰ درجے سے زائد ہو۔

Obtuse angle : (n) (ہندسہ) بیضوی منفرجہ۔

Obtuse angled : (a) زاویہ منفرجہ والا؛ جس میں ایسا زاویہ یا زاویے ہوں۔

Obtuse-ellipsoid : (n) (ہندسہ) بیضوی منفرجہ۔

Obtusely : (adv.) منڈی یا بے نوک شکل میں ؛ کند ذہنی سے ؛بھدے پن سے۔

Obtuseness : (n) گول سرا ہونا؛ بے نوک ہونا؛ کند ہونا؛ منڈ ہونا ؛ کند ذہنی؛ بیوقوفی ؛ بھدا پن؛ ہلکا ہونا۔

Obtusi : (comb.) جزو ترکیبی بمعنی Obtuse -

Obtusifolious : (a) (نباتیات) گول پتیوں والا؛ بے نوک پتیوں والا۔

Obtusilingual : (a) (حیوانیات) بے نوک زبانہ۔

Obtusity : (n) گول سر ہونا؛ بے نوک ہونا؛ کند ہونا؛ کند ذہنی ؛ بھدا پن ؛ ہلکا پن۔

Obus : (n) [Fr.] دور تک مار کرنے والی توپ کا گولا۔

Obvallatus : (a) قلعہ گیر؛ محصور؛ قلعہ بند؛ محیط ؛احاطہ بند۔

Obvention : (n) (۱) ضمنی طور پر آنے والی چیز۔(۲) ضمنی آمدنی؛ (کلیسائی قانون میں) (خاص موقعوں پر) ملنے والے نذرانے یا حالات۔

Obverse : (a) (۱) اوپر سے چوڑا نیچے سے تنگ ؛ مقلوب؛معکوس؛ پہلو رخ۔(۲) بالمقابل؛ جوڑ کا؛ جواب کا۔

Obverse : (n) (۱) سکے کا وہ رخ جس پر چہرہ ہوتا ہے؛ روئے سکہ؛ چہرے کا رخ۔(۲) سیدھا رخ ؛ سامنا؛ آگا ؛ آگے کا رخ۔ (۳) جوڑ؛ جواب۔(۴) (منطق) متمم ؛ قضیۂ متکافی؛ قضیۂ معکوس۔

Obversely : (adv.) بالعکس؛ بالمقابل؛ معکوس طور پر؛ مقلوب انداز میں؛ جوڑ پر؛ جواب میں ؛ دوسرے رخ پر۔

Obversion : (n) (۱) تعدیل؛ تقلیب؛ تقلب؛ قابل رخی۔(۲) (منطق) استنتاج متکارفیہ ؛ استنتاج معکوس۔

Obvert : (v) [L. 'Obvertere.'] (منطق) ایک قضیئے کی کیفیت بدل کر قضیۂ معکوس بنانا؛ قضیہ معدولہ بنانا۔

Obviate : (v) دور کرنا؛ دفع کرنا؛ راستے سے ہٹانا؛ توڑ کرنا ؛ تدارک کرنا؛ روکنا؛ مانع ہونا۔

Obviation : (n) تدارک ؛ امتناع؛ ممانعت؛ توڑ؛ دفیعہ؛ حفظ ما تقدم۔

Obvious : (a) بیّن؛ صریحی؛ ظاہر؛ کھلا ہوا؛ پیش پا افتادہ ؛ واضح؛ صاف ؛ قابل احساس؛ قابل لمس ؛ (حیوانیات) صاف؛ نمایاں۔

Obvious marking/-stripe : (n) (حیوانیات) نمایاں نشان یا لکیر۔

Obviously: (adv.) صریحاً ؛ واضح طور پر؛ نمایاں انداز میں؛ صریحی طور پر۔

Obviousness : (n) صریحی ہونا؛ ظاہر ہونا؛ کھلا ہوا ہونا ؛ نمایاں ہونا۔

Obvolute : (a) [L. 'Obvolutus.'] (نباتیات) معکوس پیچاں۔

Obvolvent : (a) (۱) (حیوانیات) زیر پیچیدہ ۔(۲) گول لپٹنے والا ؛ (حشریات) زیر خمیدہ یا اندرون خمیدہ۔

Oca : (n) [Sp.-Peruv.' occa.'] جنوبی امریکا میں ہونے والا ایک قسم کا پودا جس کا بصلہ (زیر زمینی تنا) کھایا جاتا ہے۔ وہاں اسکی کاشت ہوتی ہے۔

Ocarina : (a) [It.] ایک قسم کا بیضوی باجا جو پکائی ہوئی سرخ مٹی کا بنا ہوتا ہے اور جس میں بانسری کی طرح سوراخ ہوتے ہیں۔

Occamism : (n) فلسفہ اوخام۔

Occamist : (n) ولیم اوخام کا پیرو یا شاگرد ؛ فلسفہ اوخام کا پیرو؛ (ولیم اوخام یا ولیم آف او کم اوائل چودھویں صدی کا ایک ناقابل تسخیر عالم و حکیم تھا جس نے حامیان اسمیت (Nominalists) کے عقائد کا احیاء کیا تھا)۔

Occamy : (n) دھات کا مرکب جس میں چاندی ملی ہو ؛ نقرئی بھرت۔

Occasion : (n) [L. 'Occasio , -ion.'] (۱) حالات کا حسب خواہ میل یا اجتماع ؛ موقع؛ محل؛ مناسب وقت۔ (۲) سبب؛ وجہ ؛ باعث؛ علت؛ اقتضاء؛ تحریک؛ ضرورت۔(۳) ضمنی یا اتفاقی سبب؛ فوری سبب ؛ وقتی سبب؛ تقریب۔ (۴) (جمع) معاملات؛ کاروبار؛ مشغولیات۔(۵) تقریب ؛ اہم موقع اہم واقعہ؛ مخصوص موقع؛ سماعت وقوع؛ مخصوص وقت؛ وقت سانحہ۔ (۶) کسی بات یا کسی چیز کو (اتفاقاً) سامنے لانے والا شخص۔

For (on, upon) one's occasion : کسی کے لئے ؛کسی کی خاطر۔

On or upon occasion : ضرورت کے وقت ؛ موقع پر ؛کبھی کبھی؛ حسب موقع یا ضرورت۔

On or upon occasion of : اتفاقی طور پر ؛کبھی کبھی ؛اتفاقاً؛ ناگہانی طور پر ؛ گاہے گاہے؛ گاہ بہ گاہ۔

To give occasion to : کسی واقعہ کا سبب ہونا؛ باعث ہونا۔

To rise to the occasion : حسب موقع عمل کرنا؛ مناسب وقت پر ہمت وغیرہ دکھانا۔

To take occasion : موقعے سے فائدہ اٹھانا۔

To take occasion by the forelock : (کسی کام کے) موقع کو ہاتھ سے نہ دینا؛ ضائع نہ کرنا؛ ٹھیک وقت پر کوئی کام کر لینا؛ عین وقت پر کاروائی کرنا۔

Occasion : (v) سبب ہونا؛ باعث ہونا؛ خصوصاً ضمنی سبب ہونا؛ فوری یا وقتی سبب ہونا؛ تقریب ہونا؛ بہانہ ہونا۔

Occasional : (a) (۱) خاص موقعے کا؛ خاص تقریب کا؛ خاص بنایا ہوا؛ خاص موقعوں پر استعمال کے لئے۔ (۲) موقعے موقعے کا؛ حسب موقع؛ ہنگامی؛ موقتی؛ اتفاقی۔ (۳) کبھی کبھی کا؛ گاہے گاہے کا۔ (۴) ضمنی؛ ثانوی۔

Occasional : (n) کبھی کبھی کام کرنے والا مزدور؛ خاص موقعوں پر کام کرنے والا مزدور؛ تقریباتی مزدور؛ ہنگامی مزدور۔

Occasional cause : (n) (۱) ضمنی سبب؛ ظاہری سبب؛ ثانوی سبب۔ (۲) مشیتِ الٰہی (فلسفہ)۔

Occasional conformist : (n) کلیسائے انگلستان کی رسوم کے مطابق خود کو کلیسائی عہدے کا اہل بنانے کے لئے حلف لینے یا مقدس نشان قبول کرنے والا نیز اس عہدے پر فائز رہتے ہوئے غیر مقلد فرقے کے کسی بھی اجتماع یا عبادت میں شریک ہونے والا۔

Occasional conformity : (n) کلیسائے انگلستان کی رسوم کے مطابق خود کو کلیسائی عہدے کا اہل بنانے کے لئے حلف لینے یا مقدس نشان قبول کرنے کا عمل اور بعدہٗ اس عہدے پر فائز رہتے ہوئے غیر مقلد فرقے کے کسی بھی اجتماع یا عبادت میں شرکت کرنے کا عمل۔

Occasional licence : (n) شراب فروشی کا موقت لائسنس۔

Occasional speaker : (n) مخصوص موقعوں پر تقریر کرنے والا؛ تقریباتی مقرر؛ موقتی مقرر۔

Occasional species : (n) (نباتیات) ہنگامی نوع۔

Occasional teacher : (n) (تعلیمات) موقتی مدرس۔

Occasional writer : (n) مخصوص موقعوں کے لئے نظمیں یا مضامین لکھنے والا؛ تقریباتی ادیب؛ وقتی یا موقتی ادیب۔

Occasionalism : (n) یہ نظریہ کہ انسان کے ادراک اور ارادے کو خارجی مظاہر سے علت و معلول کا تعلق نہیں بلکہ خدا کی قدرت سے دونوں چیزیں ایک ہی موقع پر ظاہر ہوتی ہیں یعنی مسبب الاسباب خدا کی ذات ہے؛ نظریۂ مشیت الٰہی؛ (نفسیات) موقعیت۔

Occasionality : (n) کبھی کبھی ہونا؛ حسب موقع ہونا؛ موقتیت؛ اتفاقیت۔

Occasionally : (adv.) کبھی کبھی؛ گاہے گاہے؛ وقتاً فوقتاً؛ موقعے موقعے سے؛ خاص خاص موقعوں پر۔

Occident : (n) [L. 'Occidens.'] (۱) (شعر، خطابت) مغرب؛ غرب؛ پچھم؛ نصف کرۂ مغربی؛ باختر۔ (۲) مغربی یورپ۔ (۳) یورپ۔ (۴) یورپ و امریکا۔ (۵) امریکا۔ (۶) مغربی تہذیب۔

The orient and occident : شرق و غرب؛ خاور و باختر۔

Occidental : (a) (۱) مغربی؛ غربی؛ یورپی؛ امریکی؛ مغربی تہذیب کا۔ (۲) گھٹیا قسم کے یا کم چمک دمک والے (نگینے، جواہرات وغیرہ)؛ گھٹیا؛ معمولی؛ پست درجے کا۔

Occidental : (n) مغربی ملک کا باشندہ؛ یورپی؛ امریکی وغیرہ۔

Occidental agate : (n) پست درجہ عقیق؛ گھٹیا عقیق۔

Occidental arts : (n) فنون یورپ؛ ہنر ہائے یورپ؛ یورپی فنون۔

Occidental civilization : (n) (سماجیات) مغربی تہذیب؛ تمدن یورپ۔

Occidental topaz : (n) (معدنیات) زردگار۔

Occidentalism : (n) (۱) مغربی صفات؛ مغربی تہذیب و تمدن؛ مغربی آداب و اخلاق؛ یوروپیت؛ امریکیت؛ مغربی اقوام کے رسم و رواج، ادارے وغیرہ؛ مغربیت؛ مغرب پرستی؛ مغربی تہذیب کی پیروی۔ (۲) (سماجیات) تہذیب یورپ۔

Occidentalist : (n) تہذیب یورپ کا پیرو؛ مغرب پرست؛ مغرب پسند؛ مستغرب؛ یورپ پرست؛ مغربی انداز فکر یا رسم و رواج کا حامی؛ مغربی اقوام کی زبانوں اور ان کے رسم و رواج کا مطالعہ کرنے والا۔

Occidentality : (n) دیکھو Occidentalism

Occidentalize : (v) مغربیانہ؛ مغربی بنانا؛ مغربی آداب و رسوم یا طرز زندگی کا خوگر بنانا؛ مغربی خصوصیات کا حامل بنانا۔

Occiput : (n) [L.] (۱) (تشریح) پشت سر؛ کھوپڑی کا پچھلا حصہ ؛ قذالی ؛ فقا؛ گدی۔ (۲) قذالی ہڈی؛ کھوپڑی کے پچھلے حصے کی ہڈی ؛ پشت سر کی ہڈی۔

Occlude : (v) [L. 'Occludere.'] (۱) (سائنس) بند کرنا؛ روکنا؛ مسدود کرنا۔ (۲) (کیمیا) جذب کرنا (گیسوں کو)۔ (۳) (دندان سازی) اوپر اور نیچے کے دانتوں کی نوک یا سروں کو ملانا یا ملا کر بٹھانا ؛ نیز ملنا یا بیٹھنا۔

Occluded front : (n) (موسمیات) گرم و سرد ہواؤں کے ملنے کا نظام جس کے ملنے کا نظام جس سے بگولا اٹھتا ہے۔

Occludent : (a) (۱) روکنے یا بند رکھنے کی خاصیت رکھنے والا۔ (۲) جذب کرنے کی خاصیت کا حامل؛(کیمیا) جاذب؛ جذب کرنے والا۔

Occludent : (n) (۱) (سائنس) روکنے یا بند کرنے کی خاصیت رکھنے والی شے۔(۲) (کیمیا) جذب کرنے والی دھات؛ جاذب دھات۔

Occlusal : (a) (دندان سازی) بستگیٔ دندان کا یا اس سے متعلق ؛ دونوں جبڑوں کے متقابل دانتوں کی سطح یا سروں کو ملانے سے متعلق۔

Occlusion : (n) (۱) روکنے یا بند کرنے کا عمل؛ روک ؛ بندش ؛انسداد ؛ (سائنسی طور پر) بند کرنے یا روکنے کا عمل۔ (۲) دھات یا دوسرے مادوں کے مسامات میں (گیسوں کو) جذب کر کے روکے رکھنے کا عمل۔ (۳) (دندان سازی) دونوں جبڑوں کے متقابل دانتوں کی سطحوں یا سروں کو ملانے یا ملا کر بٹھانے کا عمل؛ بستگیٔ دندان۔ (۴) (حیاتیات) سداد ؛ (کیمیا) انجذاب گیس۔ (۵) (موسمیات) ہوا کے کم دباؤ والی گرم سرحد کا سرد سرحد سے بدل جانا تاکہ ان کے درمیان والے گرم ہوا کے مادے سرد ہوا کے دو کناروں کے ذریعہ سطح زمین سے اوپر اُٹھ جائیں؛ بگولا؛ زمین کے اوپر گرم ہوا کا صعود۔

Occlusion of duodenum : (طب) سداد اثنا عشری۔

Occlusive : (a) (صوتیات) بے صوت حرف صحیح۔

Occlusor : (n) (۱) بند کرنے والا؛ روکنے والا؛ مسدود کر دینے والا ؛ (خاص کر تشریح میں) کسی شگاف، دہانے یا منہ کو بند کرنے والی ساخت۔ (۲) (حیوانیات) سدادیہ ؛ عضلۂ سدادیہ؛ نیز توصیفی معنوں میں۔

Occlusor muscle : (n) عضلۂ سدادیہ؛ کسی شگاف یا دہانے کو بند کرنے یا کسی راستے کو روکنے والا عضلہ۔

Occidentally : (adv.) مغربی طرز پر؛ یورپی یا امریکی طرز پر؛ مغربانہ ؛ مغربی انداز میں۔

Occipital : (a) [med. L. 'Occipitalis.'] (۱) سر کے پچھلے حصے میں واقع ؛ پشت سر کا؛ (تشریح) قذالی؛ مُخّری۔ (۲) بڑی پشت سر والا ؛ جس کے سر کا پچھلا حصہ بڑا ہو۔

Occipital : (n) (۱) پشت سر کی ہڈی ؛ قذالی ہڈی۔ (۲) پشت سر کا عضلہ ؛ عضلۂ پشت سر؛ موخری عضلہ۔ (۳) (جمع) بعض سانپوں کے سر کے پچھلے حصے کی دو پلیٹیں۔

Occipital artery : (n) (تشریح) قذالی شریان۔

Occipital bone : (n) (تشریح) پشت سر کی ہڈی؛ قذالی ہڈی۔

Occipital condyle : (n) (حیوانیات) موخّری قذال۔

Occipital cortex : (n) (تشریح) مُخّری قِشر۔

Occipital lobe : (n) (تشریح) فصِّ قذالی؛ لختۂ پشت دماغ؛ لختۂ پشت سر ؛ پشت سر کا لختہ۔

Occipital point : (n) (تشریح) قذالی نقطہ۔

Occipitalia : (n) (تشریح) عِظام قذالی ؛ قذالی ہڈیاں۔

Occipitally : (adv.) قذالی طور پر؛ مُخّری طور سے ؛ پشت سر کا ہوتے ہوئے۔

Occipito - : علم تشریح الابدان میں استعمال ہونے والا جزو ترکیبی بہ معنی پشت سر، جو صفات سے مل کر پشت سر اور دوسرے عضو (وغیرہ) کے درمیان تعلق یا نسبت کو ظاہر کرتا ہے۔

Occipito-axial/-axiod : (a) پشت سر اور مرکزی فقرے (ریڑھ کی ہڈی کا جوڑ) سے متعلق۔

Occipito-frontal : (a) پشت سر اور پیشانی سے متعلق ؛ پشت سر اور پیشانی کے درمیان پھیلا ہوا؛ پشت سر سے پیشانی تک پھیلا ہوا عضلہ۔

Occipito-frontal : (n) عضلۂ سر ؛ کھوپڑی کے اوپر کا چھتا اور بڑا عضلہ ؛ پشت سر سے پیشانی تک پھیلا ہوا عضلہ۔

Occipito-frontalis/-muscles : Occipito-frontal : (n) دیکھئے

Occipito-mastoid : (a) پشت سر اور پستان نما ابھار سے متعلق۔

(۱) مخفی ؛ پوشیدہ ؛ پراسرار ؛ سری ؛ [L.'Occultus.'] Occult : (a)
نہانی؛ باطنی ؛ پنہاں؛ مستور؛ مکتوم۔ (۲) علم سینہ سے
متعلق ؛ علم مخفیہ سے متعلق ؛ رمزی؛ عارفانہ۔ (۳) فوق
العادت؛ سحر و نیز نجات کا؛ ساحرانہ؛ سحری؛ (نفسیات)
خارقِ العادت۔

(ہیئت) چھپا لینا (ایک جرم فلکی کا [L. 'Occultare.'] Occult : (v)
دوسرے کو)؛ نظر سے پنہاں کرنا؛ مخفی کرنا؛ گہنانا؛
محتجب ہونا؛ احتجاب کرنا۔

(عضویات) مخفی خون۔ Occult blood : (n)

وہ معدنی سالمہ جو خوردبین سے نظر نہیں آتا Occult mineral: (n)
بلکہ صرف کیمیائی تجزیئے کے ذریعہ ہی ظاہر کیا جا
سکتا ہے ؛ کیمیائی معدن۔

علوم سرّی (جادو، کیمیا گری ، نجوم)۔ Occult science : (n)

(۱) انخفا؛ اختفا؛ پوشیدگی؛ [L. 'Occultatio.'] Occultation : (n)
استتار؛ نہفتگی؛ گمنامی۔ (۲) (علم النجوم) احتجاب؛
ایک جرم فلکی کا دوسرے کو چھپا لینا؛ کسوف؛ خسوف؛
گہن۔ (۳) (مجازاً) نظر یا خیال سے دور ہونے کی
حالت؛ غیاب؛ غیب۔

(علم النجوم) احتجاب کوکب۔ Occultation of star :

(علم النجوم) پوشیدہ؛ مخفی؛ پنہاں؛ نگاہ سے اوجھل ؛ Occulted : (a)
گہنایا ہوا۔

(بصریات) حاجب؛ حاجب النّور۔ Occulter : (n)

چھپانے والا؛ حاجب؛ حاجب نور؛ حائل نور (اس کا Occulting : (a)
اطلاق خصوصاً میناروں کی روشنی کے اس باقاعدہ
احتجاب پر ہوتا ہے جو چند ثانیوں کے باقاعدہ وقفوں
سے نظر سے چھپ جاتی ہے)۔

بحری جہاز میں رات کے وقت تھوڑے وقفے سے Occulting light : (n)
پیدا ہونے والی روشنی۔

(۱) (دیومالا) سرّیاب؛ علم الاسرار؛ (دینیات) سریت ؛ Occultism : (n)
عقیدۂ غیب ؛ عرفان ؛ سحر پرستی ؛ مخفی یا سرّی علوم
کا عقیدہ ؛ اصول ؛ یا عمل ؛ کالا علم ؛ ارواح و اشباہ و جن و
شیاطین کے وجود کا عقیدہ ؛ نیز یہ عقیدہ کہ انسان انہیں
مسخر کر کے ان سے کام لے سکتا ہے ؛باطنیت ؛ علم باطن ؛
تصوف۔

(۱) علم غیب کا معتقد یا ماہر ؛ سحر پرست (دیومالا) Occultist : (n)
عالم اسرار؛ ساحر؛ منجّم؛ رمال۔ (۲) (دینیات) معتقد

غیب؛ عارف ؛ صوفی؛ اہل باطن۔

علم سینہ کے ذریعہ سے؛ پر اسرار طریقے سے؛ مخفی Occultly : (adv.)
طور پر؛ باطنی انداز میں ؛ مستور ہو کر؛ رمزاً؛ عارفانہ
طور پر؛ علم مخفیہ کے ذریعہ؛ ساحرانہ طور پر۔

بعید الفہم؛ عقل سے پوشیدہ ؛ مخفی؛ پنہاں ہونا؛ Occultness : (n)
پنہاں شدگی؛ اختفا؛ انخفا۔

(۱) قبضہ؛ تصرف؛ پٹہ داری؛ [L. 'Occupant.'] Occupancy : (n)
دخل۔ (۲) سکونت؛ کرایہ داری۔ (۳) ملکیت بر بنائے
قبضہ؛ قبضہ دار کا حق ملکیت۔ (۴) مقبوضہ عمارت
یا اس کا کوئی حصہ؛ محل سکونت۔ (۵) مصروفیت؛
مشغولیت؛ شغل؛ کام؛ (جمع) نوکری؛ کاروبار؛ دھندا؛
پیشہ؛ کسب معاش۔

(قانون) حقِ دخیل کاری۔ Occupancy right : (n)

(قانون) دخیل کار۔ Occupancy tenant : (n)

(۱) قابض؛ دخیل؛ متصرف؛ پٹہ دار؛ اسامی۔ Occupant : (n)
(۲)ساکن؛ رہنے والا؛ مکین؛ کرایہ دار۔ (۳) اس چیز
پر جو کسی کی ملک نہ ہو قبضہ کر کے حقِ ملکیت قائم
کرنے والا مالک بر بنائے قبضہ ۔

(۱) قبضہ کرنا یا کیا جانا؛ قبضہ؛ تصرف؛ دخل؛ Occupation : (n)
سکونت۔ (۲) فوجی قبضہ (کسی ملک پر)۔ (۳) پٹہ داری؛
قبضۂ اراضی ؛ قبضہ داری؛ عہدہ داری۔ (۴) کام؛ پیشہ ؛
شغل ؛ کاروبار؛ کام دھندا ؛ روزگار؛ کسب معاش؛ نوکری؛
دھندا؛ مصروفیت؛ مشغولیت؛ حرفہ؛ مشغلہ۔

قبضۂ مخالفانہ کرنے والی فوج؛ Army of occupation :
نو مفتوحہ علاقے یا ملک پر تا وقت صلح یا تا وقت قیام
حکومت قبضہ رکھنے کے لئے وہاں چھوڑی ہوئی فوج۔

پل جو اسامیوں کے لئے مخصوص ہو۔ Occupation bridge : (n)

اسامیوں کا حق رائے دہندگی۔ Occupation franchise : (n)

سڑک جو اسامیوں کے استعمال کے لئے مخصوص Occupation road : (n)
ہو۔

پیشہ وارانہ ؛ کاروباری؛ پیشی؛ کسی (کے) پیشے Occupational : (a)
یا مشغلے سے متعلق۔

(طب) مرض پیشگی ؛ پیشہ ورانہ مرض؛ Occupational disease : (n)
کاروباری مرض۔

Occupational hierarchy : (n) (معاشیات) ترتیب پیشہ جات؛کاروباری ترتیب۔

Occupational therapist : (n) شغلی معالج؛ ذہنی یا جسمانی حرکت کے ذریعہ علاج کرنے والا۔

Occupational therapy : (n) (طب) شغلی علاج ؛کوئی ذہنی یا جسمانی کام یا حرکت جو کسی مرض یا چوٹ کے علاج کے طور پر معالج نے بتایا ہو۔

Occupied : (n) (۱) (مکان وغیرہ) گھرا ہوا۔(۲) مصروف؛مشغول۔

Occupier : (n) [L. 'Occupy .'] (قانون) قابض ؛ دخیل ؛پٹہ دار؛ کرایہ دار۔

Occupy : (v) (۱) فوجی قبضہ کرنا (ملک غیر پر)۔(۲) فائز ہونا (عہدے یا منصب پر)۔ (۳) پٹہ دار ہونا ؛ اجارہ دار ہونا؛ کرایہ دار ہونا ؛ قبضہ رکھنا؛ قابض رہنا۔ (۴) جگہ گھیرنا؛ وقت لینا؛ استعمال میں لانا؛ پر کرنا (جگہ ، وقت)۔(۵) سکونت کرنا؛ سکونت رکھنا؛ رہنا؛ بسنا؛ قیام کرنا یا مقیم ہونا۔(۶) مشغول رکھنا؛ مشغلہ ہونا ؛ مصروف رکھنا ؛ کام میں لگانا ؛ خدمت لینا ؛ متوجہ کرنا یا ہونا؛ جلب کرنا؛ موڑنا؛ مبذول کرنا (ذہن یا توجہ کو)۔

Occur : (v) (۱) واقع ہونا ؛ وقوع میں آنا ؛ پیش آنا۔(۲) دل میں آنا ؛ خیال میں آنا ؛ سوجھنا۔(۳) ہونا۔

Occurence : (n) (۱) واقعہ ؛ ماجرا؛ سانحہ؛ حادثہ .(۲) وقوع ؛ واقع ہونا۔

Is of frequent occurence : اکثر واقع ہوتا ہے ۔

Occurent : (n) واقع ہونا یا پیش آنے والا؛ ہونے والا؛ واقع ہوتا ہوا؛ رواں؛ حاضر؛ موجودہ؛ (کبھی کبھی خاص طور پر) شدنی ؛ جس کا واقع ہونا ضروری ہو۔

Ocean : (n) [L. 'Oceanus.'] (۱) محیط؛ بحر؛ سمندر۔(۲) (جغرافیہ) سمندر کا بڑا حصہ؛ بحر؛ بحر اعظم؛ ساگر۔(۳) (مجازاً) بہت بڑی مقدار ؛ لا محدود وسعت؛ غیر معینہ تعداد یا مقدار؛ (کسی شے کی) وسعت بے پایاں؛ وسعت بے حد؛ وسعت بے انتہا؛ بحر ذخار۔

Antarctic ocean : (n) بحر منجمد جنوبی۔

Arctic ocean : (n) بحر منجمد شمالی۔

Atlantic ocean : (n) بحر ظلمات؛ بحر اوقیانوس۔

Indian ocean : (n) بحر ہند؛ ہند ساگر۔

Pacific ocean : (n) بحر الکاہل۔

The great ocean : (n) بحر محیط۔

Ocean basin : (n) حوض بحر؛ بحری حوض؛ کرۂ سنگ یا چٹانی سلسلے کی سطح کا وہ بڑا اور وسیع نشیب جو سمندر کی دوست برد میں ہو۔

Ocean bug : (n) خشکی سے دور، سمندر کی سطح پر پایا جانے والا ایک کیڑا۔

Ocean currents : (n) بحری لہریں؛ امواج بحر۔

Ocean deep : (n) حوض بحر کا وہ حصہ جو معمول سے بہت زیادہ گہرا ہو۔

Ocean green : (n) ہلکا زردی مائل سبز رنگ۔

Ocean greyhound : (n) تیز رو جہاز ؛ مسافر جہاز۔

Ocean-lane : (n) (سمندر میں) جہازوں کا راستہ؛ بحری راستہ۔

Ocean marine insurance : سمندر سے مال برداری کے جوکھم کا بیمہ۔

Ocean river/ -stream : (n) وہ دریائے اعظم جس کے بارے میں پہلے یہ سمجھا جاتا تھا کہ وہ زمین کو گھیرے ہوئے ہے۔

Ocean tramp : (n) مال کا جہاز (جو ہر قسم کا مال لے جاتا ہے)۔

Oceania : (n) [f. L. 'Oceanus.'] اوقیانوسیہ؛ جزائر اوشینیا جو بحرالکاہل اور اس کے آس پاس والے دوسرے سمندروں میں واقع ہیں۔

Oceanian : (a) بحر الکاہل کا یا اس سے متعلق؛ بحر الکاہل؛ بحر الکاہلی جزیروں کا یا ان سے متعلق؛ جزائر اوشیا سے متعلق؛ اوقیانوسیہ سے متعلق۔

Oceanian : (n) جزائر اوشینیا کا باشندہ ؛ اوشینیائی ؛پولی نیشیائی؛ اوشینی۔

Oceanic : (a) (۱) آبی ؛ بحری؛ سمندری؛ سمندر کا یا اس سے متعلق؛ سمندر میں یا اس کے کنارے واقع ؛ سمندر کے کنارے یا سمندر میں رہنے والا؛ سمندر میں بہنے والا؛ سمندر میں بہتا ہوا؛ (حیاتیات) بحر باش۔(۲) مثل بحر؛ مانند بحر؛ سمندر جیسا ؛ بے حد وسیع۔(۳) بحر الکاہلی؛ جزائر اوشینیائی کا یا ان سے متعلق ؛ جزائر اوقیانوسیہ سے متعلق۔

Oceanic climate : (n) (موسمیات) بحری آب ہوا۔

Oceanica : (n) دیکھو Oceania

Oceanid : (n) (۱) (یونانی دیو مالا) حور بحر؛ بنت البحر؛ ساگر دیوی؛ سمندر کی پری؛ جل پری۔ (۲) (جمع) ایک قسم کا بحری گھونگا جو میٹھے پانی والے یا دریائی گھونگوں سے مختلف ہوتا ہے۔

Oceanographer : (n) بحریات داں؛ ماہ بحر غرافیہ۔

Oceanograpic/-al : (a) بحریاتی ؛ بحر غرافی۔

Oceanography : (n) بحریات؛ بحر غرافیہ؛ بحر غرافیہ۔

Oceanology : (n) بحریات؛ سمندروں کا علم۔

Oceanophilous : (a) (حیاتیات) بحر پسند؛ بحر باش۔

Oceanophyte : (n) (نباتیات) نبات بحری؛ بحری پودا۔

Oceanus : (n) [L.] (۱) (دیو مالا) ساگر دیوتا۔ (۲) (دیو مالا) اوقیانوس ؛ بحر محیط۔

Oceanward (s) : (adv.) سمندر کی طرف ؛ جانب بحر۔

Ocellar : (a) [f. L. 'Ocelus.'] (۱) کیڑے مکوڑوں کی ننھی اور اکہری آنکھوں کا یا ان سے متعلق؛ چشم حشرہ سے متعلق۔ (۲) (صحریات) چٹانوں کی اس ساخت پر اطلاق ہوتا ہے جس میں کسی معدنی شے کے باریک مفرد اجزائے ترکیبی کی ایک کے گرد شعاع ریز حالت میں ترتیب یا جما دی ہوئی ہوتی ہیں۔

Ocellate/Ocellated : (a) [L. Ocellatus.'] (۱) کیڑوں کی ننھی آنکھوں جیسے نشانات والا؛ چشم آسا؛ چشم مانند؛ چشم دار؛ (حیوانیات) چشمیہ دار ؛ چشمک دار۔ (۲) ننھی آنکھ جیسا بنا ہوا؛ جس پر ننھے گول دھبے پڑے ہوں اور انہیں کسی دوسرے رنگ کے ہالے سے گھیر دیا گیا ہو (جیسے مور کے پر میں ہوتا ہے) ؛ (حیوانیات) چشم نما؛ حلقہ رنگی دار۔

Ocelli- : (Comb.) [L. 'Ocellus'.] جزو ترکیبی بمعنی ننھی آنکھ۔

Ocelliferous : (a) ننھی آنکھوں جیسے نشانات والا ننھی آنکھ جیسا ؛ چشم مانند۔

Ocelliform : (a) ننھی آنکھ جیسا ننھی آنکھ کی شکل کا بنا ہوا۔

Ocellus : (n) [L. dim of Oculus.'] (۱) کیڑوں کی اکہری آنکھ؛ ننھی یا چھوٹی سی آنکھ ؛ چشمک ؛ چشم حشرہ؛ چشم صغیر؛ بعض گھونگے یا دریائی سانپ وغیرہ کی آنکھ۔ (۲) مرکب آنکھ کا ایک دیدہ ؛ چشمیہ۔ (۳) رنگ کا نشان جس کے اطراف دوسرے رنگ کا ہالہ ہو جیسے مور کے پر کے چاند؛ حلقہ رنگی۔

Ocelot : (n) آسلوٹ؛ بگھ بلاؤ ؛ باگھ بلاؤ ؛ گربہ پلنگ؛ بلّی کی قسم کا (شیر نما) جانور جو وسطی اور جنوبی امریکا میں پایا جاتا ہے۔

Och : (int.) [Ir. Gael. Och.'] (آئرستان و اسکاتستان) تعجب ؛ غم اور افسوس کے اظہار کے لئے فجائیہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے ؛ اف ؛ اچھا ؛ ارے۔

Ochlesis : (n) (طب) عارضۂ انبوہی۔

Ochlocracy : (n) [Fr. 'ochlocratic.] حکومت انبوہ ؛ انبوہ گردی؛ انبوہ شاہی۔

Ochlocrat : (a) حکومت انبوہ کا قائل۔

Ochlocratic/-al : (a) حکومت انبوہ کا۔

Ochlocratically : (adv.) حکومت انبوہ کے طریقے سے۔

Ochlophobia : (n) (نفسیات) انبوہ ترسی؛ خوف انبوہ؛ مردم گریزی۔

Ochraceous : (a) [f. L. 'Ochra.'] (۱) اس مٹی کا یا اس کی نوعیت کا؛ جس میں یہ مٹی ملی ہوئی ہو ؛ گیرو آمیز؛ گیروی۔ (۲) ہلکا بادامی؛ ہلکا بھورا مائل زرد رنگ کا ؛ بادامی زرد۔

Ochre/Ocher: (n) [L. 'Ochra.'] (۱) ایک قسم کی مٹی جس میں لوہا ملا ہوا ہوتا ہے اس سے ہلکا بادامی رنگ بنتا ہے ؛ ملتانی مٹی ؛ گیرو؛ پیوڑی۔ (۲) ہلکا بادامی رنگ؛ زرد۔ (۳) (عامیانہ) زر ؛ نقدی؛ روپیہ پیسہ (طلائی سکے کے رنگ کی مناسبت سے کنایتاً)۔

Red ochre : (n) گیرو۔

Yellow ochre : (n) زرد مٹی ؛ پیوڑی؛ ملتانی۔

Ochre/Ocher : (v) مذکورہ بالا مٹی سی رنگنا؛ نشان لگانا؛ لیپنا؛ مانجھنا؛ صیقل کرنا۔

Ochrea/Ocrea : (a) [L .] (نباتیات) پاپوشہ۔

Ochreate / Ocreate : (a) (نباتیات ، حیوانیات) پاپوشی ۔

Ocherish : (a) دیکھو Ochraceous

Ochreous : (a) دیکھو Ochraceous

Ochro- : (a) لفظ Ochre کی ترکیبی صورت۔

Ochroleucous : (a) زردی مائل سفید ؛ (نباتیات) کافوری۔

Ochronosis : (n) (طب) صفوریت۔

Ochrophore : (a) (حیوانیات) زردی بردار۔

Ochrosporous : (a) (نباتیات) زرد تخمہ۔

Ochymy : Occamy کا متبادل۔

Ocimum : (n) [NL.] (نباتیات) جنسِ ریحان؛ جنس تُلسی۔

Ocimum basilicum : (n) (نباتیات) تلسی؛ نازبو۔

Ocimum pilosum : (n) (نباتیات) ریحان۔

Ocimum sanctum : (n) (نباتیات) پاک تُلسی۔

-ock : (suffix.) لاحقہ جو پہلے تصغیر کے معنی دیتا تھا جیسے hillock , bullock وغیرہ۔

O'clock : (adv.) (۱) of the clock کا مخفف ہے بمعنی ساعت؛ ازروئے ساعت ؛ مطابق ساعت ؛ گھڑی کے مطابق ۔(۲) (سمت یا مقام ظاہر کرنے کے لئے) گیارہ کے مقام پر ہر تین کی سمت میں وغیرہ (اس صورت میں کہ گھڑی کا ڈائل اگر افقی حالت میں ہو تو دیکھنے والا اس کے سامنے ہو ۱۲ واں عدد سامنے سب سے اوپر ہو)۔

-ocracy : (suffix.) کسی طبقے یا جماعت کی حکومت؛ کسی طبقے کی بالادستی؛ مزید دیکھو Cracy-

Ocrea : (n) (۱) (نباتیات) پاپوشہ؛ ڈنٹھل کے گرد کا (نلکی نما) غلاف (یا نلی)؛ کائیو کے ننھے پتوں پر پڑا ہوا باریک غلاف یا جھلی۔(۲) (حیوانیات) اس طرح گھیرتے یا ڈھانکنے والا کوئی بھی حصہ، عضو یا ساخت؛ جھلی؛ پردہ؛ خول؛ غلاف؛ پاپوش؛ بعض پرندوں کے پاؤں کی جھلی مثلاً چمگادڑ وغیرہ میں۔

Ocreate/Ochreate : (a) (نباتیات، حیوانیات) پاپوشی دار؛ پوش دار ؛ جھلی دار؛ خول دار؛ غلاف دار؛ غلاف پوش۔

Oct - : Octavo اور October کا مخفف۔

Octa - : Octo یا Octa کی ایک شکل۔

Octa - : (prefix.) سابقہ بہ معنی آٹھ ؛ ہشت۔

Octacarbon : (n) کاربن کا وہ مرکب جس میں کاربن کے آٹھ سالمے موجود ہوں۔

Octachord : (a) (۱) آٹھ تارا ؛ آٹھ تاروں والا؛ ہشت تارا۔(۲) آٹھ سروں کے پیمانے سے متعلق ؛ آٹھ سروں کا۔

Octachord : (n) [L. Octachordos.'] (۱) آٹھ تار کا باجا ؛ آٹھ تارہ ؛ ہشت تار۔(۲) آٹھ سروں کا سلسلہ جیسے سرگم۔

Octachordal/Octocordal : (a) (۱) ہشت تار کا یا اس سے متعلق؛ آٹھ تار والے باجے سے متعلق؛ آٹھ تاروں کا۔(۲) آٹھ سروں کے سلسلے سے متعلق؛ آٹھ سروں کا۔

Octad : (a) [LL. 'Octas, Octad-.'] (۱) آٹھ چیزوں کا جوڑ یا سلسلہ؛ آٹھ اعداد کا سلسلہ۔(۲) (کیمیا) ہشت گرفتی عنصر؛ ہشت گرفتہ۔

Octadic : (a) (۱) ہشت وجہی؛ ہشت عددی۔(۲) ہشت عنصری ؛ ہشت گرفتی عنصر والا۔

Octagon : (n) (ہندسہ) مثمّن؛ ہشت اضلاع شکل ؛ ہشت ضلعی شکل؛ ہشت زاویہ یا ہشت پہلو شکل؛ ہشت وجہی شکل؛ ہشت پہل چیز یا عمارت۔

Octagon/Octagonal : (a) [mod. L. 'Octagonalis.'] مثمن؛ ہشت اضلاع؛ ہشت پہل؛ ہشت پہلو؛ ہشت زاویہ ؛ ہشت کونیہ ؛ ہشت وجہی؛ ہشت رخ؛ (ہندسہ) ہشت ضلعی؛ مثمن الاضلاع؛ مثمن الزّوایا۔

Octagonally : (adv.) ہشت پہل صورت میں ؛ ہشت اضلاع طور پر؛ مثمن کی طرح۔

Octagynia : (n) (نباتیات) ہشت بُقجیت۔

Octagynous : (a) (نباتیات) ہشت بقھوی؛ ہشت مادنیہ۔

Octahedral/Octahedric : (a) (ہندسہ) ہشت سطحی؛ ہشت سطحہ ؛ ہشت سطحی بلور کا یا اس سے متعلق۔

Octahedrite/Octohedrite : (معدنیات) ہشت سطحی بلور میں پایا جانے والا ٹیٹینم کا ڈائی اکسائڈ جسے Aanatase بھی کہتے ہیں۔

Octahedron/Octohedron : [Gr. 'Oktaedron.'] مثمن جسم ؛ ہشت

سطحی شکل؛ مثن السطوح؛ ہشت سطحی مجسم ؛ کوئی بھی ہشت سطحی یا ہشت پہل جسم ؛ ہشت پہل بطور۔

Octamerous/Octomerous : (a) [Gr.] (۱) (نباتیات) ہشت رکنی؛ ہشت پارہ ؛ہشت رکنہ؛ہشت گانہ؛ ہشت جانبیہ؛ ہشت ہشت(اکثر 8-merous لکھا جاتا ہے)۔(۲) (حیوانیات) ہشت عضوی؛ ہشت پر؛ (بعض شعاعی حیوان نباتی) جن کے شعاع ریز حصے یا اعضاء تعداد میں آٹھ ہوں۔

Octameter/Octometer : (n) (عروض) مثمن مصرعہ ، ہشت رکنی مصرعہ یا نظم ؛ آٹھ رکنی شعر۔

Octameter/ Octometer : (a) (عروض) مثمن ؛ ہشت رکنی ؛ جس میں آٹھ ارکان ہو۔

Octan : (a) (طب) ہشت بہ ہشت ؛ ہشت روزہ (بخار)۔

Octan-fever : (n) (طب) ہشت روزہ بخار۔

Octandria : (n) (نباتیات) ہشت نری پودے۔

Octandrous : (a) (نباتیات) ہشت نرہ ؛ ہشت زرریشہ۔

Octane : (n) (کیمیا) اکٹان؛ ہشت کار بنی سلسلے کی پیرافین ($C_8 H_{18}$)۔

Octane number : (n) موٹر یا ہوائی جہاز کے ایندھن کی ضرب روک خاصیت کو ظاہر کرنے والا عدد۔

Octangular : (a) دیکھو Octagon

Octans : (n) [L.] (علم النجوم) مثمنہ؛ ثُمن مجیب۔

Octant : (n) [L. 'Octans.'] (۱) دائرے کا آٹھواں حصہ؛ قوس دائرہ جو محیط کا ۱/۸ ہو؛ (ہندسہ) ثمن محیط۔(۲) قطعہ جو دائرے کا ۱/۸ ہو؛ ثمن؛ (ہندسہ) ثمن دائرہ۔ (۳) (علم النجوم) ثمن؛ ثمن مجیب؛ (ہیئت) کسی سیارے کا وہ مقام جو دوسرے سیارے سے ۴۵ درجے کے فاصلے پر ہو (سورج سے یا کسی مخصوص مقام سے)۔ (۴) تین سطحات کے تقاطع سے جو آٹھ قطعے بنتے ہیں ان میں سے ایک۔(۵) دائرے کا ۱/۸ جو ہئیت اور جہاز رانی میں پیمانے کا کام دیتا ہے۔

Octapla : (n) [Gr.] ہشت مثنی کتاب ؛ ایسی کتاب جس کے ہر صفحے پر آٹھ ستونوں میں اس کے آٹھ مختلف تراجم یا ستون درج ہوں۔

Octaples : (n) دیکھو Octapla

Octaploid : (a) (خلویات، حیاتیات) ہشت لونیہ۔

Octarchy : (n) [Gr.] آٹھ حکمرانوں پر مشتمل حکومت؛ آٹھ چھوٹی چھوٹی حکومتوں کا مجموعہ؛ حکومت ہشت نفری ؛ (سیاسیات) ہشت پہی (بعض مورخوں نے اس کا اطلاق برطانیہ میں اینجلز اور سیکسانس کے ذریعہ قائم کی ہوئی حکومتوں پر کیا ہے)۔

Octaroon : (n) وہ شخص جس کے جسم میں آٹھواں حصہ حبشی خون ہو؛ Quadroon اور گورے کی اولاد؛ اس قسم کی دوسری مخلوط نسل۔

Octastich : (n) [Gr.] آٹھ مصرعوں کا بند؛ آٹھ سطروں کی نظم ؛ بند مثمن؛ مثمن۔

Octastichous/Octostichous : (a) (نباتیات) ہشت منزلہ؛ گول قطار میں آٹھ پتیوں والا اور نظام الاوراق میں ایسی آٹھ عمودی قطاروں والا؛ ہشت گانہ۔

Octastyle/Octostyle : (a) [L. 'Octastylus.'] (تعمیرات) گونے پر یا سامنے آٹھ ستونوں والی (عمارت) ہشت ستونی؛ ہشت عمودی۔

Octastyle/Octostyle : (n) (تعمیرات) ہشت ستونی عمارت یا سائبان۔

Octateuch/Octoteuch : (n) [LL. 'Octateuchus.'] توریت کی پہلی آٹھ کتابیں۔

Octavalent : (a) (کیمیا) ہشت گرفتہ؛ ہشت بُنیانی۔

Octavary : (a) [NL. 'Octavarium.'] رومن کیتھولک کلیسا کی کتاب نماز و عبادت جس میں بائبل کی آیات درج ہوتی ہیں اور جسے جشن Octave کے موقع پر استعمال کیا جاتا ہے۔

Octave : (n) [L. 'Octava.'] (۱) کسی مذہبی تہوار کا آٹھواں دن ؛ کوئی مذہبی تہوار اور اس کے بعد کا ہفتہ۔(۲) آٹھ مصرعوں کا ٹکڑا ؛ مثمن۔(۳) (موسیقی) وہ سر جس کا ارتعاش کسی خاص سر کا دوگنا یا آدھا ہو اور وہ سرگم میں اس سے آٹھ درجے اونچا یا نیچا ہو؛ سرگم؛ اوکٹیو۔(۴) کسی سر اور اس کے Octave کے درمیان کا فصل یا وقفہ۔(۵) ایسے وقفوں والے سروں کا سلسلہ یا کسی ساز کی ان کھونٹیوں کا سلسلہ جن کا تعلق ایسے وقفوں والے سروں سے ہو۔(۶) کسی سر اور اس کے Octave کا ہم آہنگ نغمہ۔(۷) آٹھ چیزوں کا جوڑ یا مجموعہ ؛ (کیمیا) ہشت عناصریہ۔(۸) (بنوٹ بازی) حملہ کرنے یا حملہ روکنے کی وہ حالت جس میں ہتیھلی اوپر کی طرف ہو؛ (شمشیر بازی) حریف

کی جانگھ کو شمشیر کی نوک کا ہدف بنانا۔
(۹) شراب کا چھوٹا پیپا جس میں ایک پائپ کا آٹھواں حصہ شراب رکھی جاتی ہے۔

Consecutive octaves/Hidden octaves: (موسیقی) ابعاد متواترہ۔

In the octaves: کسی مذہبی تہوار کے آٹھویں دن۔

Law of octaves : (کیمیا) کلّیہ ہشت عناصریّہ ۔

Octave coupler : (n) آرگن کے ان سروں کو ملانے والی چیز جس میں ایک Octave کا فصل ہو۔

Octave flute : (n) (۱) ایک قسم کی چھوٹی بانسری جس کی آواز معمولی بانسری سے بلند ہوتی ہے۔ (۲) آرگن باجے کا ایک پردہ۔

Octave parade : (n) (بنوٹ بازی) حملہ کرنے یا حملہ روکنے کی وہ حالت جس میں ہتھیلی اوپر کی طرف ہو : (شمشیربازی) حریف کی جانگھ کو شمشیر کی نوک کا ہدف بنانا۔

Octave stanza : (n) مثمن: آٹھ مصرعوں کا بند یا ٹکڑا

Octavo : (n) [L. 'Octavus'.] (۱) کاغذ کے تختے کی ۱/۸ تقطیع: ثمن : آٹھواں حصہ۔ (۲) اس تقطیع کی کتاب : ثمنی : ہشت ۔

Octavus : (a) آٹھواں : ہشتم۔

Octene : (n) [f. 'Oct (A +ene).'] اکتین: ہشت کاربنی سلسلے کی اولینن۔

Octennial : (a) [LL. 'Octennium.'] ہشت سالہ : آٹھ سال کا: آٹھ سال تک واقع ہونے یا قائم رہنے والا: ہر آٹھ سال پر واقع ہونے یا عود کرنے والا : آٹھ برسی۔

Octennially : (adv.) آٹھ سالوں میں ایک بار: ہر آٹھ سال پر: ہشت سالہ۔

Octet/Octette : (n) [It. 'Otetto.'] (۱) (موسیقی) ہشت نفری راگ: ثمنیّہ : ایسا نغمہ جسے آٹھ گانے والے مل کر گائیں یا جسے آٹھ آوازوں میں گایا جائے : ہشت گانہ۔ (۲) ایک ساتھ گانے والے آٹھ مغنّیوں کی جماعت : آٹھ گویّوں یا سازندوں کا جوڑ۔ (۳) نظم کے آٹھ مصرعوں کا ٹکڑا یا بند خصوصاً کسی سانیٹ کے ابتدائی آٹھ مصرعے : ہشت مصرعہ۔ (۴) آٹھ کی ٹکڑی: آٹھ کی جماعت: آٹھ کا مجموعہ: اٹّھا۔

Orderly officer : (n) وہ افسر جو کسی خاص دن کے لئے کسی دستے کی ترتیب و تنظیم کا ذمہ دار ہوتا ہے : کسی خاص دن کا افسر: اس روز کا افسر ۔

Staff officer : (n) اسٹاف افسر جو اسٹاف سے متعلق ہو یا اسٹاف میں کام کرتا ہو۔

Officer : (v) (۱) (فوج کے لئے) افسر مہیا کرنا یا مقرر کرنا : کمان کرنا: افسرکی حیثیت سے ہدایت دینا۔ (۲) رہنمائی کرنا: رہبری کرنا : قیادت کرنا: انتظام کرنا: احترام کرنا: نظم و نسق کرنا : بم رکاب ہونا۔

Officer of (at) arms : (n) نقیب: مدرسۂ حربیہ (کالج آف آرمس) کا ایک افسر جو منصب میں نقیب سے نیچا ہوتا ہے۔

Office of the day : (n) دیکھو Orderly officer

Officer of the deck : (n) وہ عارضی افسر جو عرشۂ جہاز کا انچارج اور جہاز کے انتظام کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

Officership : (n) عہدہ دار کا رتبہ یا منصب: افسروں کی جماعت (فوجی کمانڈ کی مدد کے لئے) جن کا تعلق فوج یا رجمنٹ سے ہوتا ہے۔

Official : (n) (۱) عہدہ دار : دفتری یا سرکاری عہدہ دار یا ملازم۔ (۲) اسقف اعظم: اسقف یا قسیس (آرچ ڈی کن) کی عدالت کا حاکم۔

Official : (a) [L. 'Officialis.'] (۱) منصبی : سرکاری : عہدے سے متعلق۔ (۲) اہل کارانہ : افسرانہ : عہدہ داروں کا۔ (۳) باضابطہ : مستند : سرکاری : معتبر۔ (۴)(طب) قرابادینی : قرابا دین کے مطابق تیار شدہ (ادویہ وغیرہ) : سندی۔(۵) رسمی : سرکاری : باضابطہ۔

Official arms : (n) (نقابت) عہدے یا رتبے کو ظاہر کرنے والے ہتھیار۔

Officialdom : (n) (۱) اہل کارانہ نمود و نمائش: افسرانہ رویہ (ذم کا پہلو)۔ (۲) اہل کاروں یا افسروں کی جماعت: ملازمان سرکار۔ (۳) اہل کاروں کا علاقہ: جاگیر: ممالک محروسہ: عمل داری: دائرۂ اقتدار: دائرۂ اختیار (اہل کاروں کا)۔

Officialism : (n) اہل کارانہ طرزِ روش: افسرانہ تمکنت: اہل کاروں یا افسروں کی جماعت : ملازمانِ سرکار: دفتریت: اہلکاریت۔

Officiality : (n) [med. L. 'Officialitas.'] (۱) کلیسائی عہدہ دار کا عہدہ یا رتبہ: اسقف اعظم: اسقف یا قسیس (آرچ ڈی کن) کی عدالت کا حاکم۔ (۲) سرکاری عہدہ، نوٹس : کار منصبی ، فرض وغیرہ۔

Officilization : (n) (۱) ضابطے میں لانے یا با ضابطہ بنانے کا عمل : انضباط۔ (۲) استناد: سندی بنانے کا عمل۔

Officialize : (v) (۱) باضابطے میں لانا : باضابطہ بنانا۔ (۲) سندی بنانا۔

Officially : (adv.) (۱) سرکاری طور پر: باضابطہ طور پر ۔(۲)سندی حیثیت سے : علم الادویہ کے مطابق۔

Officiant : (n) [med. L. 'Officians.'] قائم مقام پادری یا امام: نماز پڑھانے والا: قائم مقام مرشد، پیشوا ، عامل ، وزیر۔

Officiary : (n) [med. L. 'Officiarius.'] (۱) افسر یا عہدہ دار (شاذ)۔ (۲) عہدہ داروں کی جماعت : اہل کاروں کی جماعت: (امریکا)۔ (۳) کوہستانی علاقے کا کوئی

حصہ جو کسی افسر کے ما تحت ہو۔

Officiary : (a) (خطاب) جو کسی عہدے سے منسلک ہو: منصب دار ، وہ تعلقہ دار وغیرہ کسی معزز افسر کا: بڑے عہدہ دار کا : جس کو اپنے عہدے سے متعلق کوئی خطاب حاصل ہو: رتبہ دار: خطاب یافتہ۔

Officiate : (v) [med. L. 'Officiare.'] (۱) عوض کرنا: قائم مقامی کرنا: کسی عہدے یا مقام سے متعلق فرائض انجام دینا۔ (۲) پادری کی خدمت انجام دینا : گرجے میں نماز پڑھانا : پادری کا کام کرنا۔

Officiating : (a) قائم مقام۔

Officiation : (n) کسی مذہبی، سرکاری یا عوامی فریضے کی انجام دہی: قائم مقامی۔

Officiator : (n) قائم مقامی کرنے والا: کسی کے عوض کوئی خدمت انجام دینے والا: کوئی مذہبی ، سرکاری یا عوامی فریضہ انجام دینے والا۔

Officina : (n) [L.] کارخانہ : (صنعتی) پیداوار کی جگہ۔

Officinal : (a) [L. f. 'Officina.'] (۱) طبی: عطاری: صنعتی (دوائیں): (وہ دوائیں) جو طب میں یا صنعت و حرفت میں استعمال ہوں۔ (۲) دکانی: بازاری: وہ دوائیں جو بازار میں بکتی ہیں۔ (۳) قرابا دینی نسخے کے مطابق تیار کی ہوئی: سندی: قرابا دینی: ادویاتی۔ (۴) (دوا کا) قرابا دینی (نام): مندرجۂ قرابا دین (نام)۔

Officinal : (a) قرابا دینی نسخے کے مطابق تیار کی ہوئی دوا : سندی دوا۔

Officinally : (adv.) طبی حیثیت سے : طبی نسخے کے مطابق : از روئے قرابا دین: سندی طور پر۔

Officious : (a) [L. 'Officious.] (۱) جو خواہ مخواہ خدمت کرنے کو مستعد ہو: جو ہر کام میں ضرورت سے زیادہ اہتمام کرے: فضول خدمت: فضول کار: فضول کارانہ : دخل در معقولات کرنے والا۔ (۲) (سیاسی حکمت عملی) غیر سرکاری: دوستانہ: غیر پابند ضابطہ: بے ضابطہ۔

Officiously : (adv.) ضرورت سے زیادہ مستعدی سے: فضول کاری سے: غیر سرکاری طور پر: دوستانہ طور پر۔

Officiousness : (n) ضرورت سے زیادہ مستعدی سے : فضول خدمتی: فضول کاری: دخل در معقولات۔

Offing : (n) (۱) افق بحری: بحری افق: افق بحر: ساحل سے دور سمندر کا وہ حصہ جو نظر آ سکتا ہو: محاذ ساحل۔ (۲) ساحل سمندر سے دور کا مقام۔

Offish : (a) [f. 'Off(adv.) +ish .] (روز مرہ) روکھا : تنہائی پسند: غیر مانوس: کم آمیز۔

Offishness : (n) تنہائی پسندی : روکھاپن : غیر مانوسیت : کم آمیزی۔

Offlet : (n) (تعمیرات) پرنالہ۔

Offscouring : (n) (۱) چھانٹنے کا عمل : میل کچیل نکالنے عمل :بھوسی یا فضلہ نکالنے کا عمل۔ (۲) چھانٹ کر نکالا ہوا حصہ: چھانٹن : کترن: فضلہ: تلچھٹ: میل کچیل: غلاظت: نجاست بھوسی: چھلکا: (جمع) بیکار چیزیں یا بیکار لوگ: نکمّے لوگ: ادنیٰ چیزیں یا اشخاص۔

The offscouring of humanity : ادنیٰ ترین خلائق :ذلیل ترین طبقہ۔

Offscum : (n) میل خارجی مادّہ: چھلکا: فضلہ: کوڑا کرکٹ : ردی یا نکمّی چیز: تلچھٹ : جھاگ: پھین : کف : پھپھوندی: (نیز مجازاً) گھٹیا: بے قیمت: کم قدر: حقیر: کمینہ: ذلیل (شخص یا اشخاص)۔

Offset : (n) (۱) (طباعت) ربر کی سطح سے طباعت کا ایک طریقہ جس میں نقشہ یا عبارت اس (ربر کی سطح یا پلیٹ) پر منتقل کر دی جاتی ہے: عکسی چھاپ ۔ (۲) (شاذ) روانگی: آغاز: ابتدا: رخصت: وداع۔ (۳) قلم: شاخچہ : قلمچہ: پودے کی ٹہنی یا جڑ سے نکلی ہوئی ننھی شاخ جس سے (افزائش کے لئے) قلم بناتے ہیں : (نباتیات) داب: پہلو بچّہ ۔ (۴) (مجازاً) اولاد: (کسی خاندان کا) رکن : نونہال۔ (۵) سلسلۂ کوہ کا آگے بڑھا ہوا حصہ: شاخ کوہ۔ (۶) معاوضہ: جرمانہ: وہ چیز یا رقم جس سے تلافی ہو: (معاشیات) رقم مجرائی۔ (۷) (مساحت) عمود جو اصلی خط پیمائش پر کھینچا جائے: ٹیڑھی میڑھی چوحدی والی زمین کی پیمائش کے لئے چوحدی کے دو سروں کے درمیان (چوحدی کے اندر) کھینچے ہوئے خط مستقیم سے ناپی ہوئی اصل خط کی دوری: (ہندسہ) بیرونی عمود۔ (۸) (تعمیرات) دیوار کا سلاقی چھجا : دیوار کا کسکا۔ (۹) نل (پائپ) کا موڑ۔ (۱۰) طرہ: وہ چیز جو کسی چیز کو نمایاں کرے یا اس کی زینت بڑھائے۔ (۱۱) (طباعت وغیرہ) وہ روشنائی جو نہ سوکھنے کے باعث ایک صفحہ سے دوسرے صفحہ (خصوصاً مقابل صفحہ) پر منتقل ہو جاتی ہے: روشنائی کا اس طرح اتفاقیہ منتقل ہونا۔

Offset : (v) (۱) (طباعت) (روشنائی یا چھپے ہوئے صفحے دوسرے

ورق کو خراب کرنا، گندہ کرنا۔ (۲) (خاص کر امریکا) کسی چیز کے مترادف کے طور پر کوئی چیز پیش کرنا؛ کسی چیز کے عوض کوئی چیز پیش کرنا؛ تلافی کرنا؛ عوض دینا؛ کسی چیز کے برابر کوئی چیز پیش کرنا؛ جواب دینا؛ توڑ کرنا؛ کاٹ کرنا؛ پاسنگ کرنا؛ دھڑا رکھنا۔ (۳) (کسی چیز سے) نکلنا؛ پھوٹنا؛ پھنگنا؛ شاخ نکلنا؛ آگے کو نکلا ہوا ہونا۔ (۴) نل میں موڑ لگانا۔

Offset machine : (n) (طباعت) عکسی مشین۔

Offset-pipe : (n) نل جس میں موڑ لگا ہو۔

Offset-printer : (n) (طباعت) عکسی طابع۔

Offset-process : (n) (طباعت) عکسی چھپائی کا طریقہ؛ لیتھو کی چھپائی کا ایک طریقہ جس میں پتھر کی بجائے ربر کا استعمال ہوتا ہے۔

Offset-sheet : (n) (طباعت) وہ تختہ جس کی روشنائی گیلی ہو اور جس سے دوسرا ورق گندہ ہو جائے۔

Offset-staff : (n) (مساحت) بیرونی عمود کو ناپنے والی چھڑ (یا بانس)۔

Offshoot : (n) (۱) (نباتیات) شاخ؛ ٹہنی۔ (۲) مشتق لفظ؛ فرع۔ (۳) (مجازاً) (کسی نسل یا خاندان کی) ہم جد شاخ؛ ایک ہی دادا کی اولاد۔ (۴) (کسی مخصوص نسل یا خاندان کی) اولاد؛ اخلاف۔

Offspring : (n) [OE. 'Ofspring'.] (۱) آل اولاد؛ بال بچہ؛ (کبھی کبھی جمع میں) نسل؛ خاندان۔ (۲) (مجازاً) جائے پیدائش؛ بنیاد یا اصل کی نسبت سے (کہیں یا کسی کی) پیداوار؛ حاصل؛ نتیجہ؛ ثمرہ۔

Offtake : (n) (۱) ہٹا دینے یا لے جانے کا عمل (خاص کر) ضروری اشیاء کو بازار سے ہٹا دینے یا غائب کر دینے کا عمل؛ برداشت۔ (۲) استخراج؛ کڈوتی؛ منہائی؛ بحرائی؛ تفریق۔ (۳) وہ رستہ جس کے ذریعہ کوئی چیز کہیں سے ہٹائی جائے یا وہ جگہ جہاں وہ اس جگہ سے ہٹانے کے بعد رکھی جائے۔

Offward : (adv.) کسی چیز سے دور؛ فاصلہ پر؛ (خاص کر بحری) ساحل سے دور سمندر میں۔

To the offward : دیکھو Offward

Oft : (n) [OE. 'Oft.'] (۱) (بول چال) اکثر؛ بارہا؛ متواتر؛ مکرر۔

(۲) عام طور پر توصیفی معنوں میں اکثر hyphen اور ppl. adj. کے ساتھ آتا ہے مثلاً Oft-told بمعنی اکثر بارہا یا مکرر کہی ہوئی بات۔

Many a times and oft : بارہا؛ اکثر۔

Oft-times/Ofttimes : (adv.) (شاعری) اکثر؛ بارہا؛ اکثر اوقات؛ متواتر۔

Often : (adv.) [ME. 'Ofte.'] (۱) اکثر؛ بارہا؛ بار بار؛ متواتر؛ کبھی کبھی۔ (۲) اکثر اوقات؛ بیشتر حالتوں میں؛ اکثر حالات میں۔ (۳) توصیفی معنوں میں اکثر hypen اور ppl. adj. کے ساتھ مستعمل ہے۔

Often : (a) (قدیم) متواتر؛ بار بار کا؛ اکثر کیا ہوا یا بنایا ہوا؛ بار بار واقع ہونے والا۔

Often and often : بارہا؛ خدا جانے کتنی بار۔

Often-while/-s : (adv.) دیکھو Oft times

Oftenness : (n) بار بار واقع ہونا؛ متواتر واقع ہونا؛ تواتر (شاذ)۔

Oftentimes : (adv.) دیکھو Oft times

Ogdoad : (n) [L.L. Ogdoas, -ad.] (۱) ہشت؛ آٹھ؛ آٹھ کا عدد۔ (۲) آٹھ کا جوڑ؛ آٹھ کا گروپ؛ سیٹ یا سلسلہ؛ خاص کر (عیسائیوں کے) علم باطن میں مظہر الوہیت آٹھ مقدس ہستیوں کا گروپ؛ نیز عالم قدس؛ بہشت۔

Ogee : (n) (۱) (تعمیرات) آرائشی حاشیہ جو انگریزی حرف ایس (s) سے مشابہ ہو؛ کگر؛ اوگی؛ مسلسل دوہری انحناؤں والا حاشیہ جس کی انحنائیں اوپر محدب اور نیچے مجوف ہوتی ہیں؛ ایسی کوئی انحناء۔ (۲) نکیلی محراب جس کا پر ضلع دوہرا منحنی ہو۔

Ogee : (a) جس میں دوہری انحناء پائی جائے؛ جس میں مسلسل دوہری انحناء پائی جائے؛ کگر دار؛ اوگی دار؛ شط دار؛ شط نما؛ اوگی نما۔

Ogee arch : (n) شط دار محراب؛ اوگی دار محراب۔

Ogee doorway : (n) شط دار محراب والا دروازہ۔

Ogee moulding : (n) مسلسل دوہری انحناؤں والا حاشیہ جس کی انحنائیں اوپر محدب اور نیچے مجوف ہوتی ہیں نیز دیکھنے میں انگریزی حرف (s) جیسی معلوم ہوتی ہیں۔

Ogee plane : (n) سانچہ بنانے والا جس کا تلاشط دار ہوتا ہے۔

Ogeed : (a) دیکھو Ogée (a)

Ogham/Ogam : (n) [OIr. 'Ogam Ogum.'] (۱) قدیم برطانوی اور آئری حروف تہجی : اوغام (جو بیس حروف پر مشتمل تھی)۔ (۲) ان حروف کا کتبہ : ان حروف کے لکھنے کا طریقہ یا ان کی لکھاوٹ۔ (۳) ان میں سے کوئی ایک حرف۔ (۴) قدیم آئرستانیوں کے بولنے کا ایک انداز یا لہجہ : قدیم آئرستانی لہجہ۔ (۵) توصیفی معنوں میں مثلاً Ogham alphabet -

Oghamic/Ogamic/Ogmic : (a) اوغامی : اوغامی حروف تہجی پر مشتمل : قدیم برطانوی اور آئرستانی حروف تہجی سے متعلق۔

Ogival : (a) [f. 'Ogive.'] نوکدار (گوتھک) محراب کی شکل کا: طاق رومی نما: طاق رومی کی خاصیت کا: جس میں نوکدار محراب ہو۔

Ogival : (n) خنجر ، چھرے ، تیر وغیرہ کا نوکدار سرا (جس کی نوک طاق رومی کی شکل کی ہو)۔

Ogival curve : (n) (ریاضیات) محرابی انحنا۔

Ogive : (n) [Fr. of unkn. origin.] (۱) گوتھک (Gothic) یا نوکدار محراب: طاق رومی۔ (۲) وتری آرائش جس میں خطوط محراب کے مرکز میں ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں۔ (۳) توصیفی معنوں میں Ogive window وغیرہ۔ (۴) (ریاضیات) محرابی ترسیم: طاق ترسیم۔

Ogived : (a) نوکدار محراب والا: شط دار: شط نما: طاق رومی جیسا۔

Ogle : (n) (۱) آنکھ : (عموماً جمع) آنکھیں۔ (۲) نگاہ شوق : چاہت کی نظر : نظر بازی : غمزہ: غمازی۔

Ogle : (v) (۱) گھورنا : نظر بازی کرنا: آنکھیں سینکنا: پرشوق یا مشتاق نگاہوں سے دیکھنا: نگاہ غلط انداز سے دیکھنا: غمازی کرنا۔ (۲) کسی پر نظر ڈالنا : دیکھنا۔

Ogler : (n) نظر باز: گھورنے والا: غماز۔

Ogling : (n) غمزہ : نگاہ غلط انداز : غمازی: نظر بازی : مشتاق نگاہوں سے دیکھنے کا عمل۔

Ogpu : (n) روسی خفیہ پولیس : آگپو۔

-Ography : (n) لاحقہ جو بطور اسم استعمال ہوتا ہے۔

Ogre : (n) [Fr.] (دیو مالا) دیو: آدم خور جن ہوّا: غول بیابانی: دیو پیکر یا دیو صفت انسان: آدم خور۔

Ogreish/Ogrish : (a) دیو سیرت: عفریت صورت: دیو پیکر: غول بیابانی جیسا۔

Ogreism : (n) عفریتیت۔

Ogress : (n) دیونی : چڑیل: ڈائن: بھتنی۔

Ogress : (n) (نقابت) توپ کے گولے کا نشان: گول سیاہ رنگ تمغہ۔

Ogygian : (a) [f.L. 'Ogygius.'] قبل تاریخی: نہایت قدیم: عتیق: ایتھنز یا بوئشیا کے دیو مالائی بادشاہ اوغیز (Ogyges) کا یا اس سے متعلق بہت پرانا: پرانے زمانے کا۔

Ogygian deluge : (n) ایک مشہور سیلاب جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اوغیز (Ogyges) کے دور حکومت میں آیا تھا۔

Oh : (Interj.) [Var. of O- Fr. 'Oh,' L. 'Oh.'] لفظ فجائیہ: اف: آہ! اریے! واہ! ہائے! ابا! اخاہ۔

Oh : (n) لفظ "اف" بطور اسم: آہ۔

Oh : (v) آہ بھرنا : اف کرنا : آہا کہنا : آہا یا اخاہ! کہہ کر کر خوش آمدید یا مبارکباد دینا۔

Oh-oh : (v) دیکھو Oh (v)

Oh yes : سنو سنو! سنئیے! کسی اعلان سے پہلے عموماً تین بار (ہونے والے اعلان کو مکمل خاموش رہ کر بغور سننے کے لئے) کہا جاتا ہے۔

Ohm : (n) [f. George Simon 'Ohm' , German Physicist (1787-1854).] (برقیات) اوم (اکائی) برقی مزاحمت کی اکائی۔

Ohm-ammeter : (n) برقی رو اور برقی مزاحمت کی پیمائش کا آلہ اوم پیما۔

Ohmad : (n) دیکھو Ohm

Ohmic : (a) برقی مزاحم کی اکائی (اوم) سے متعلق یا اس سے پیمائش کیا ہوا۔

Ohmmeter : (n) (برقیات) اوم پیما: برقی مزاحم پیما: اوم اکائیوں میں برقی مزاحمت ناپنے کا آلہ۔

Ohms law : (n) (برقیات) کلیہ اوم۔

Oho : (Interj.) [Combining O with ho (Int.)] لفظ فجائیہ جس سے تعجب، خوشی، طنز و غیرہ ظاہر ہوتا ہے مثلاً اوھو! اخاہ! اہا! اہا اہا!

Ohone : (Int.) [Ir. 'Ochoin'.] اسکاتستانی اور آئرستانی لفظ فجائیہ جو افسوس، ماتم وغیرہ کا اظہار کرتا ہے مثلاً افسوس! آہا! افوہ! ہائے!

-Oid : (suffix) [mod. L. '-oides'.] لاحقہ: مشابہت کے معنی رکھتا ہے (اسمائے صفات کے بنانے میں کام آتا ہے) ... کی شکل کا: ... نما: .... جیسا: .... مانند۔

-Oidal : (a) لاحقہ oid - لگانے کے بعد جب کوئی اسم بنتا ہو تو اس کی صفت بنانے کے لئے یہ لاحقہ کا کام دیتا ہے۔

Oidium : (n) [mod. L.] (نباتیات) ایک طفیلی کھمبی (سما روغ) کا نام جو پودوں کو نقصان پہنچاتی ہے۔

Oidium tuckeri : (n) (نباتیات) ایک قسم کی کھمبی جو انگور کی بیل کو نقصان پہنچاتی ہے یا اس سے ہونے والی بیماری (پودوں کی): انگور کی پھپھوندی۔

Oil : (n) [ME. 'Oli (e) , Oile .'] (۱) تیل: روغن۔ (۲) (عموماً جمع) روغنی رنگ۔ (۳) (عموماً جمع) موم جامہ۔ (۴) (ابتداءً عام طور پر) روغن زیتون۔ (۵) (آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کا عامیانہ) اطلاع: خبر: امور واقع (خاص کر محاورے میں)۔

Almond oil : (n) روغن بادام۔

Animal oil : (n) جانوروں کے جسم سے نکالا ہوا تیل (مثلاً سانڈے کا تیل وغیرہ)۔

Cod-liver oil : کاڈ مچھلی کے جگر سے نکالا ہوا تیل: مچھلی کا تیل۔

Cottonseed oil : بنولے کا تیل: روغن کپاس۔

Dead oil : کولتار کی تقطیر سے حاصل ہونے والے مادوں یا تیلوں کے نام جو پانی سے زیادہ وزنی ہوتے ہیں۔

Dinkum oil : (n) (عامیانہ) امور واقعہ: اطلاع: خبر۔

Dippels animal oil : بارہ سنگھے کے سینگوں کو مقطر کر کے تیار کیا ہوا تیل جو دواؤں میں کام آتا ہے۔

Drying oil : وہ تیل جو ہوا لگنے سے آکسیجن جذب کر لیتے ہیں اور خشک ہوکر گاڑھے ہو جاتے ہیں۔

Essential oil : شفاف قابل تقطیر خصوصاً نباتی تیل (جو دواء عطریات اور کبھی کبھی) فنی کاموں میں استعمال ہوتے ہیں: (کیمیا) عطر۔

Fatty oils/Fixed - : (n) چکنے تیل (جن کی تقطیر تبخیر بغیر تجزیہ کئے ہوئے ممکن نہ ہو)۔

Hair oil : (n) بالوں میں لگانے کا تیل: کیش تیل: ہیر آئل۔

Holy oil : (n) مذہبی یا متبرک رسوم کی ادائی میں استعمال کیا جانے والا تیل: پاک روغن جو کیتھولک فرقے میں نزع کے وقت یا بادشاہوں کی تاجپوشی کے وقت رسماً مالش کیا جاتا ہے۔

Linseed oil : (n) روغن السی: سنئی کے بیج کا تیل۔

Mineral oil : (n) معدنی تیل (یہ ہائیڈروکاربن کے مخلوط ہوتے ہیں اور انہیں چمک پیدا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے): مٹی کا تیل (جو جلانے کے کام آتا ہے)۔

Non-drying oils : (n) وہ تیل جن میں تخمیر ہوتی ہے یا جو ہوا لگنے سے ابلتے یا خمیر پیدا کرتے ہیں اور جنہیں چکنا کرنے، چمکدار بنانے یا صابن سازی وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔

Olive oil : (n) روغن زیتون: زیتون کا تیل۔

Strap-oil : (n) تسمے کی مار۔

Sweet oil : (n) دیکھو Olive oil

Synthetic oil : (n) (کیمیا) مصنوعی تیل۔

To add (put) oil to the fire / flames etc. : آگ پر تیل چھڑکنا: اشتعال دینا: ابھارنا: غصہ دلانا: اکسانا: جوش دلانا: بھڑکانا (غصے وغیرہ کا)۔

To burn the midnight oil : رات میں دیر تک مطالعہ کرنا: مطالعۂ نیم شبی کرنا: راتوں کو جاگ کر پڑھنا یا کام کرنا۔

To pour oil upon the water , etc. : جوش کم کرنا: انتشار دور کرنا: غیظ و غضب کو ٹھنڈا کرنا: فرو کرنا: معاملے کو ہموار کرنا۔

To smell of oil : جانفشانی سے مطالعہ کرنے کی نشانیوں کا حامل ہونا: مطالعۂ شب کے آثار ظاہر ہونا۔

To strike oil : (۱) (امریکا) تیل کے کنویں کا پتا لگانا : مٹی کے تیل کی کان ہاتھ آنا: پیٹرولیم کا کنواں ہاتھ آنا۔ (۲) (مجازاً) تیزی سے دولت حاصل کرنے کے ذریعے تک پہنچ جانا: سونے کی چڑیا ہاتھ آنا : دولت یا کامیابی حاصل ہونا۔

Volatile oil : (n) دیکھو Essential oil

Oil : (v) (۱) تیل ملنا: چکنا کرنا: تیل دینا۔ (۲) تیل بنا دینا (پگھلا کر) : تیل بن جانا: (مکھن وغیرہ کو پگھلا کر) تیل (یا گھی) بنا دینا (یا بن جانا)۔ (۳) (کسی چیز میں) تیل ڈالنا: تیل لگانا۔ (۴) (جہاز کا) تیل لینا: تیل کی سپلائی لینا : تیل بھرنا یا بھروانا۔

To oil one : کسی کی مٹھی گرم کرنا: رشوت دینا۔

To oil ones hand (fist) : دیکھو The oil one

To oil ones tongue : خوشامدانہ لہجہ اختیار کرنا: خوشامد کرنا : چاپلوسی کرنا۔

To oil the wheels : (۱) پہیوں کو چکنا کرنا۔ (۲) معاملات کو روبرو طے کرنا۔

Oil and vinegar : آگ پانی کا ساتھ: اجتماع ضدّین۔

Oil-bag : (n) (۱) جسم حیوانی میں روغن دار تھیلی یا غدّہ (جس میں روغن رہتا یا جس سے خارج ہوتا رہتا ہے)۔ (۲) دبا کر یا نچوڑ کر تیل نکالنے کا تھیلا۔ (۳) تیل رکھنے کا تھیلا۔

Oil-beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا جو چھیڑے یا جگائے جانے پر ایک قسم کا روغنی سیّال خارج کرتا ہے : تیلیا بھونرا۔

Oil-bird : (n) مختلف پرندوں کا نام جن سے تیل نکلتا ہے: خاص کر جنوبی امریکا اور Trinidad کا ایک شبگیر پرند جس کا تیل قیمتی ہوتا ہے۔

Oil-bush : (n) دھرے میں لگا ہوا ساکٹ (جس میں دھرا گھومتا ہے اور) جس میں تیل بھرا رہتا ہے۔

Oil-cake : (n) کھلی: کھلی کی ٹکیا۔

Oil-can/ -cellar : (n) (۱) تیل کا کپا یا کپی : تیل رکھنے کا برتن: تیل جمع رکھنے کی ٹنکی۔ (۲) کسی مشین میں تیل کی ٹنکی: تیل کپی۔

Oil-cloth : (n) روغنی کپڑا: اب روک بنانے کے لئے تیل کے ذریعہ تیار کیا ہوا کپڑا: ترپال: موم جامہ: ہوا میں خشک ہو جانے والے تیلوں کی استر کاری سے تیار کیا ہوا کرمچ جو فرش، میز پوش وغیرہ کے کام آتا ہے۔

Oil-coat : (n) موم جامے کا کوٹ: آب روک (واٹر پروف) کوٹ: برساتی کوٹ۔

Oil-colour : (n) (عموماً جمع) روغنی رنگ : پینٹ (جو تیل میں رنگ کو پیس کر بنایا جاتا ہے)۔

Oil-cup : (n) (۱) (چکنا کرنے کے لئے) تیل رکھنے کی کٹوری (خواہ دستی خواہ مشین کے ساتھ جڑا ہوا اور خودکار طور پر کام کرتا ہوا)۔ (۲) تیل کی کٹوری (جس میں مالش کا تیل ہوتا ہے)۔

Oil-derrick : (n) تیل کا کنواں تلاش کرنے میں استعمال ہونے والی ایک کل جو بھاری بوجھ اٹھا سکتی ہے۔

Oil-drop : (n) (نباتیات) قطرۂ تیل۔

Oil-engine : (n) (انجینئرنگ) تیل انجن۔

Oil-field : (n) وہ علاقہ جہاں تیل کا کنواں ہو۔

Oil-fields : (n) (جغرافیہ) تیل کے چشمے۔

Oil-garden : (n) زیتون کا باغ جو تیل کے لئے لگایا گیا ہو۔

Oil-gas : (n) (کیمیا) تیل کی گیس۔

Oil-gauge/-gage : (n) تیل ناپنے کا آلہ : تیل پیما : تیل کی کثافت نوعی ناپنے کا پیمانہ۔

Oil-gilding : (n) السی کا تیل اور زرد رنگ کی تہ پر ورق طلا لگانا۔

Oil-gland : (n) تیل خارج کرنے والی گلٹی: (تشریح، حیوانیات) غدۂ روغن : (خاص کر) پرندوں کی دموں کے پاس کی وہ گلٹی جو تیل خارج کرتی ہے اور جس سے (چونچ کے ذریعہ) وہ اپنے پروں کو سنوارتے ہیں : وہ غدود جن میں روغن جمع ہوتا ہے۔

Oil-gold : (n) دیکھو Oil-gilding

Oil-gun : (n) تیل پچکاری۔

Oil-hole : (n) (مشین میں) تیل سوراخ: تیل ڈالنے کا سوراخ۔

Oil-meal : (n) السی کی پسی ہوئی کھلی جو مویشیوں کو کھلائی

جاتی ہے۔

Oil-mill : (n) کولہو : تیل پیلنے کی مشین: تیل کا کارخانہ جہاں مشینوں کے ذریعہ تیل نکلتا ہے۔

Oil-nut : (n) مختلف بیج (گری یا مغز دار پھلوں) یا بڑے بیجوں کا نام جن سے تیل نکلتا ہے: تلہن: وہ بیج جن سے تیل نکلتا ہے: نیز وہ پودے جن سے یہ بیج پیدا ہوتے ہیں مثلاً ارنڈی وغیرہ۔

Oil of vitriol : (n) (کیمیا) گاڑھا گندھک کا تیزاب۔

Oil-paint : (n) دیکھو Oil-colour

Oil-painting : (n) (۱) روغنی زنگوں کی مصوری: روغن تصویر کشی: روغنی مصوری کا فن۔ (۲) روغنی تصویر :روغنی مصوری کا نمونہ۔

Oil-palm : (n) نخل کی وہ قسم جس سے تیل حاصل ہوتا ہے۔

Oil-paper : (n) روغنی کاغذ : تیل لگا کر آب روک یا شفاف (ایسا کہ آر پار نظر آئے) بنایا ہوا کاغذ۔

Oil-press : (n) میوے ، بیج وغیرہ سے تیل نکالنے کا آلہ یا مشین: کولہو۔

Oil-presser : (n) دیکھو Oil-press

Oil-pump : (n) (میکانیات) تیل پمپ۔

Oil-sand : (n) تیل پیدا کرنے والی ریتیلی چٹان کی پرت : ریتیلی چٹان کی وہ پرت جس سے تیل نکلتا ہے۔

Oil-seed : (n) تخم روغنی : تیل کے بیج: تلہن (وہ بیج جن سے تیل نکلتا ہے مثلاً سرسوں، السی وغیرہ)۔

Oil-shark : (n) شارک مچھلی کی کوئی بھی قسم جن سے تیل حاصل ہوتا ہے: خصوصاً کیلیفورنیا کیGaleorhinus - ZyOpterus

Oil-sheet : (n) روغنی کاغذ یا کپڑے کا بڑا ٹکڑا: موم جامہ۔

Oil-spring : (n) معدنی تیل کا چشمہ۔

Oil-stock : (n) (کلیسائی) روغن پاک رکھنے کا برتن۔

Oil-stone : (n) (ارضیات) تیل سِلی: روغنی پتھر : چکنا پتھر (جو سان کا کام دیتا ہے)۔

Oil-test : (n) آزمائش یا تدبیر جس کے ذریعہ تیلوں کے نقطۂ تجلی، نقطۂ سوزش، چکناہٹ وغیرہ کو معلوم کیا جاتا ہے۔

Oil-tester : (n) تیلوں کی سوزش، چکناہٹ وغیرہ کو معلوم کرنے کا آلہ۔

Oil-tree : (n) وہ درخت جن سے تیل حاصل ہوتا ہے (مثلاً ارنڈی، ایلوپی، مہوا وغیرہ)۔

Oiled : (a) (۱) تیل سے چکنا کیا ہوا: تیل لگا یا ہوا۔ (۲) تیل میں ڈبویا ہوا ، پیسا ہوا یا محفوظ کیا ہوا۔ (۳) روغن دار کیا ہوا: موم جامہ کیا ہوا: روغنی بنایا ہوا (مثلاً کپڑا)۔ (۴) پگھلا کر تیل بنایا ہوا۔ (۵) شراب پئے ہوئے : مخمور: نشے میں (عامیانہ)۔

Oiler : (n) (۱) تیل مالش کرنے والا : تیل لگا کر پہیوں کو چکنا کرنے والا: تیل دینے والا: تیل کی کپی : تیل دینے کا آلہ۔ (۲) (مکھن وغیرہ) کو پگھلا کر تیل (گھی) بنانے والا۔ (۳) (مجازاً) خوشامدی: چاپلوس : روغن قاز ملنے والا۔ (۴) تیل لینے والا یا تیل سے چلنے والا(جہاز)۔

Oilery : (n) تیل فروشی: تیل فروش کی دکان یا اس کا ذخیرہ : تیلی کا پیشہ۔

Oilily : (adv) چکناہٹ کے ساتھ: خوشامد سے: چاپلوسی سے۔

Oiliness : (n) چکناہٹ : خوشامدی پن سے۔

Oiling ring : (n) (انجینیئرنگ) تیل پلا حلقہ : تیل پلانے والا حلقہ۔

Oilless : (a) بے روغن : جس میں تیل نہ ہو یا جس سے تیل نہ نکلتا ہو: جو تیل لگا کر چکنا کیا ہوا نہ ہو : جسے تیل سے چکنا کرنے کی ضرورت نہ ہو۔

Oillet : (n) [OFr. 'Oillet .'] دیکھو Oeillet

Oilman : (n) (۱) روغن فروش : تیلی : تیل پلیلنے یا بیچنے والا۔ (۲) مشینوں میں تیل دینے والا: آئل مین۔

Oilskin : (n) (۱) موم جامہ: تیل کے ذریعہ واٹر پروف بنایا ہوا کپڑا۔ (۲) ایسے کپڑے کی بنی ہوئی پوشاک۔

Oilstone : (n) سان پر تیز کرنا : تیل سلی پر رگڑ کر تیز کرنا۔

Oily : (a) (۱) روغنی : تیل سے چکنا کیا ہوا: چرب: تیل جیسا : تیل میں بھیگا ہوا : تیل میں ڈوبا ہوا: روغن دار : تیل لگایا ہوا: تیل سے چکنا کیا ہوا۔ (۲) (مجازاً) خوشامدی: چاپلوس: چکنی چپڑی باتیں کرنے والا: عیار: چلتا

هوا: ناقابل اعتبار: پھسل جانے والا۔

Oily grain : (n) تل : کُنجد۔

Oino - : Oeno- دیکھو

Oinology : (n) (کیمیا) خمریات: علم مے۔

Ointment : (n) [OFr 'Oignement. '] جلد پر لگانے کی چکنی دوا یا لیپ : ضماد: مرہم : روغن: مالش کی دوا۔

Oireachtas : (n) [Ir.] آئرستان کی فری اسٹیٹ کی مجلس وضع قوانین ۔

O. K. : (ابتداءً امریکا) البانیہ کے قریب ایک مقام- Old kinder hook- کے نام کے ابتدائی حروف جو ڈیمو کریٹک پارٹی کے امیدوار مارٹن وان برن کی جائے پیدائش تھی اور جسے پہلے بطور نعرہ استعمال کیا جاتا تھا اور اب اسے منظوری ، رضامندی وغیرہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور Oll Korrect (All Correct) سب ٹھیک ہے کا قائم مقام تصور کیا جاتا ہے۔

Oka/Oke : (n) [Turk . 'Okka. '] ترکی اور مصری پیمانۂ وزن: اوکّا: اوقیہ (جو پونے تین انگریزی پونڈ کے برابر ہوتا ہے) : نیز پیمائش کا ایک ظرف (جو ایک چوتھائی یا ربع گیلن کا دو تہائی ہوتا ہے) ۔

Okapi : (n) [Mbuba (congs)-] سنہ ۱۹۰۰ء میں سرہری جانسٹن کا دریافت کیا ہوا مرکزی افریقہ کا ایک جگالی کرنے والا جانور جس کے جسم کے کچھ حصوں پر چمکیلی دھاریاں ہوتی ہیں اور بعض باتوں میں زراف، ہرن اور زیبرا سے مماثلت رکھتا ہے: (حیوانیات) افریقی زراف: اوکافہ ۔

Okay : O. K. : دیکھو

Okenite : (n) [f. lorenz ' Oken.'] (معدنیات) چونے کا آبدار سلیکیٹ جو سفیدی مائل نیم شفاف ہوتا ہے: اس سلیکیٹ سے بنی ایک ریشہ دار معدنی چیز۔

Okimono : (n) [Japanese.] جاپانیوں کا ایک منقّش زیور۔

Okro/Okra : (n) (نباتیات) بامیہ: بھنڈی۔

-ol : (suffix) (۱) (کیمیا) الکحل کے مرکبات کے ناموں میں آتا ہے۔ (۲) روغن کے معنی دیتا ہے۔

Ola : (n) Olla متبادل بمعنی برگِ نخل: تاڑ کا پتا (جو لکھنے کے لئے ہو): اس پر لکھی ہوئی دستاویز۔

Olacaceae : (n) گرم ملکوں کے درختوں اور جھاڑیوں کی ایک قسم جس کے پتے غیر مرکب، یک خلیوی، بیضہ دان والے ننھے پھول اور ایک بیج والے پھل ہوتے ہیں۔

Olacaceous : (a) Olacaciae گرم ملکوں کے درختوں اور جھاڑیوں کے سلسلے سے متعلق۔

Olam : (n) [Heb .] مدت مدید: یک عمر: ایک طویل مدت: وسیع مدت۔

Olax : (n) [L. L.] سدابہار درختوں اور جھاڑیوں کی ایک نوع جو ایشیاء افریقہ اور آسٹریلیا کے گرم خطوں میں پائی جاتی ہے (اس کی پتیاں دوہری اور پھول ننھے خوشبودار ہوتے ہیں جن میں تین حامل زر ہوتے ہیں۔

Old : (a) [OE. 'ald.'] (۱) بوڑھا :سال خوردہ :عمر رسیدہ:سن رسیدہ : معمر: پیر: دیرینہ سال ۔ (۲) ضعیف: پرانا: تجربہ کار: گرگ باراں دیدہ: خرّانٹ: سرد و گرم چشیدہ : پختہ مغز: ماہر۔ (۳) پرانا: فرسودہ: بوسیدہ: ازکار رفتہ : خوب استعمال کیا ہوا: گھسا پٹا۔ (۴) قدیم: پرانا: عہد قدیم کا: ابتدائی: بدوی فطرت کا: ماضی بعید کا۔ (۵) مشّاق: پکّا۔ (۶) سالہ : برس کا: سال کا: دن کا: ماہ کا: (مثلاً Four years old = چار سالہ، چار برس کا) ۔ (۷) دقیانوسی: باوا آدم کے وقت کا: فرسودہ : متروک ۔ (۸) (بول چال) بڑا: کثیر: بہت: بے انتہا: بہ افراط: قابل احترام: عظیم الشان (good, grand, right وغیرہ کے بعد استعمال ہوتا ہے) ۔ (۹) میکانیکی طور پر اس کا اطلاق بہت زیادہ پاور کے چشموں یا شیشوں پر ہوتا ہے ۔ (۱۰) بہت پہلے کا بنایا یا تشکیل دیا ہوا: (شاعری) عنصری: ابتدائی: اصلی: ازلی ۔ (۱۱) بہت زمانے سے جانا پہچانا ہوا۔ (۱۲) ابتدائی زمانے کا: زندگی کے ابتدائی سالوں کا۔ (۱۳) پہلے کا: پہلا: اول: اولین (وقت یا وقوع کے لحاظ سے) ۔ (۱۴) بہت زمانے سے مشہور : پرانے زمانے سے آبادیا بسا ہوا (ملک، شہر وغیرہ) ۔ (۱۵) برا: شیطان صفت (مزاحاً بڑے لوگوں کے ناموں کے ساتھ آتا ہے) ۔

My old bones : مجھ سا ضعیف آدمی۔

My old man : (روز مرہ) خاوند: شوہر۔

My old woman : (روز مرہ) بیوی۔

My old standing : قدیم : دیرینہ۔

The good old times : قدیم زمانہ: قدیم رسم و رواج۔

The old country/Old home : (۱) نو آبادیوں کے لوگ اپنے اصلی وطن کو کہتے ہیں۔ (۲) برطانیہ

عظمیٰ : گریٹ بریٹین ۔

The old Dominion : (۱) امریکا کے لوگ ورجینیا (Verginia) کو کہتے ہیں ۔ (۲) انگلستان یا برطانیۂ عظمیٰ سے باہر کے ممالک جو انگریزی تاج کے زیرنگیں تھے ۔

The old Hundredth : ایک مناجات ۔

The old man : (عیسوی دینیات) انسان کی اصلی فطرت (جو معصیت پر مبنی ہے) ۔

The old one/The old gentle man : (عامیانہ) شیطان: ابلیس ۔

To have a fine, good, high and old times : (عامیانہ) لطف اٹھانا: حظ اٹھانا: عیش منانا ۔

Young and old : چھوٹے بڑے سب: ہر پیر و جواں : ہر شخص ۔

Old : (n) (۱) (جمع) بوڑھے لوگ: ضعیف العمر افراد ۔ (۲) (جمع) دو سال سے زیادہ اور چار سال سے کم پرانی ہاپ (ایک قسم کی بیل جس کے مخروطی پھل شرابوں میں تلخی لانے کے کام آتے ہیں) ۔ (۳) دور قدیم: زمانۂ قدیم: عہد عتیق ۔

The old : (۱) بوڑھے : ضعیف العمر لوگ ۔ (۲) قدیم شے یا اشیاء ۔

Old age : (n) ضعیفی: کبر سنی: معمری : بڑھاپا ۔

Old age pension : وہ وظیفہ جو ۶۵ سے ۷۰ سال تک کے بوڑھوں کو ملتا ہے ۔

Old and young : (n) بوڑھے جوان سب : ہر پیر و جواں: ہر شخص ۔

Old bachelor : (n) دیرینہ مجرد: پکّا مجرد: جنم کنوارا ۔

Old bird : (n) تجربہ کار : گرگ باراں دیدہ: (خاص کر) تجربہ کار یا ماہر چور ۔

Old boy : (n) کسی مدرسے کا سابق طالب علم (جمع) ابنائے قدیم ۔

Old boy/-chap/-fellow : (خطاب کے موقع پر) یار: دوست ۔

Old Christmas day : (n) پرانے انگریزی کیلنڈر کے مطابق منایا جانے والا کرسمس جب نئے سال کا آغاز ۲۵ مارچ سے ہوتا ہے ۔

Old-clothes : (n) پھٹے پرانے کپڑے ۔

Old-clothe sman : (n) پھٹے پرانے یا استعمال کئے ہوئے کپڑے بیچنے والا ۔

Old-clothes shop : (n) وہ دکان جہاں پرانے یا استعمال کئے ہوئے کپڑے بکتے ہیں: پرانے کپڑوں کی دکان ۔

Old-comedy : (n) قدیم کامیڈی: یونانی کامیڈی کی تاریخی تقسیم جس کے مطابق قدیم کامیڈی میں زیادہ تر سیاسی سوانگ بھرے جاتے ہیں ۔

Old-countries : (n) قدیم ممالک: مذہب اور متمدن ممالک: ترقی یافتہ ممالک ۔

Old dragon : (n) خزانے کا محافظ سانپ: اژدہا: (مجازاً) خزانے یا عصمت کا محافظ: لڑکیوں کی نگراں عورت ۔

Old enemy/-adversary : (n) پرانا دشمن: پرانا حریف : شیطان: ابلیس ۔

Old England/-France/-Spain : (تاریخ) امریکی نو آبادی بننے سے پہلے کا انگلستان، فرانس، اسپین ۔

Old ewe disease : (n) حاملہ بھیڑوں کی ایک بیماری جوکاربوہائیڈریٹ کی کمی کے باعث ہوتی ہے اور جس میں سستی، چکراور موت ہوا کرتی ہے: یہ عموماً ان بھیڑوں کو ہوا کرتی ہے جن کے پیٹ میں دو تین بچے ہوتے ہیں ۔

Old-fangled : (a) [after 'new-fangled.'] (۱) قدیم: سال خوردہ: قدیم وضع کا (بہ لحاظ صورت یا سیرت) ۔ (۲) پرانے طریقوں سے چپکا ہوا: قدامت پسند: دقیانوس ۔ (۳) (بول چال) سیانا: قبل از وقت اپنے بڑوں کا سا طور طریق رکھنے والا: چتر : چوکس ۔

Old-fangledness : (n) دقیانوسیت: قدامت پسندی: پرانی وضع کا ہونا ۔

Old fashion : (n) پرانی روشنی : قدیم وضع ۔

Old-fashioned : (a) دیکھو Old fangled

Old-fashionedness : (n) قدامت: قدامت پرستی ۔

Old-gentleman : (n) (عامیانہ) شیطان: ابلیس ۔

Old girl : (n) کسی مدرسے کی سابق طالبہ: اولڈ گرل ۔

Old glory : (n) ستارے اور آڑی پٹیاں (امریکا کا قومی نشان) ۔

Old gold : (n) پھیکا سنہرا رنگ ۔

Old hand : (n) (۱) مشاق: تجربہ کار: کار آزمودہ: کارواں: کارکردہ ۔ (۲) مجرم : سزا یافتہ: جو سزا کاٹ چکا ہو ۔

Old Harry/ -Nick/ -Scratch : (عامیانہ) شیطان: ابلیس ۔

Old hat : (n) پرانی: فرسودہ: متروک: غیر مروجہ شے ۔

Old head on young shoulders : جوانی میں بوڑھوں کی سی دانشمندی ۔

Old lady of threadneedle street : (n) بنک آف انگلینڈ ۔

Old London/ -Paris : قدیم لندن، پیرس یا اس کے آثار باقیہ ۔

Old maid : (n) (۱) بوڑھی کنواری ۔ (۲) با اصول اور بے چین طبیعت کا شخص ۔ (۲) ایک قسم کا گھونگا ۔ (۴) تاش کا ایک کھیل ۔

Old-maidish/-maidenish/-miadeny : (a) بوڑھی کنواریوں کا سا ۔

Old-maidery/-maidism : (n) بوڑھی کنواریوں کے عادات و خصائل ۔

Old man : (n) (۱) بوڑھا آدمی: بڑے میاں: شوہر: باپ ۔ (۲) (دینیات) غیر ہدایت یافتہ فطرت انسانی: گمراہ فطرت انسانی ۔ (۳) جمائکا کا ایک پرند: ککّو : (جو کوئل جیسا اور خوش آواز ہوتا ہے) ۔ (۴) (آسٹریلیا) بوڑھا کنگارو (نر) ۔ (۵) جنوبی یورپ میں ہونے والی ایک قسم کی خوشبودار جھاڑی کا نام جو پہلے دواؤں میں کام آتی تھی (اس کی پتیاں بالوں کی طرح سفید ہوتی ہیں) ۔ (۶) (معدنیات) پرانی کان: کان کا وہ حصہ جو بہت دنوں سے چھوڑا ہوا ہو: نیز وہ ڈھیر یا تو دہ جس میں خام دھات موجود نہ ہو ۔ (۷) (بحری عامیانہ) جہاز کا کپتان ۔ (۸) تسمہ پا: وہ شخص جو بلا بن کر پیچھے پڑ جائے ۔

Old man of the sea : (n) تسمہ پا: وہ شخص جو بلا بن کر پیچھے پڑ جائے ۔

Old man's beard : (n) ایک قسم کا طفیلی پودا : ایک قسم کی کائی ۔ (۲) ایک قسم کی جھاڑی دار جنگلی بیل جو راہ میں لٹکتی جھولتی رہتی ہے ۔ (۳) ایک قسم کا پودا ۔ (۴) Compositae نوع کی جنوبی یورپ کی ایک خوشبودار جھاڑی جس کی پتیاں بالوں کی طرح سفید ہوتی ہیں ۔

Old Masters : (n) (۱) مصوری کے قدیم اساتذہ ۔ (۲) ان اساتذہ کی تصویر ۔ (۳) رائل اکاڈمی کی نمائش جو سردی کے موسم میں ہوتی ہے ۔

Old May-day/-Michaelmas- : (n) پرانے انگریزی کیلنڈر کے مطابق منائے جانے والے عیسائی تیوہار جب نئے سال کا آغاز ۲۵ / مارچ سے ہوتا تھا ۔

Old school tie : (n) مخصوص وضع کی نکٹائی جو پہلے کسی خاص (سرکاری) اسکول کے اراکین پہنتے تھے اور جو خیال و عمل کے ایک روایتی انداز سے انتہائی وفاداری ظاہر کرنے کے لئے علامت کے طور پر استعمال کی جاتی تھی ۔

Old serpent : (n) دیکھو Old dragon

Old squaw : (n) ایک قسم کی لمبی دم والی بط یا مرغابی ۔

Old style : (a) طرز قدیم کا: قدیم وضع کا: پرانے فیشن کا: قدیم: سال خوردہ: دقیانوسی: قدامت پسند: دقیانوس ۔

Old style : (n) طرز قدیم: تاریخیں لکھنے کا ایک طریقہ : خصوصاً قدیم انگریزی تقویم (کیلنڈر) جس کے مطابق سال کا آغاز ۲۵ / مارچ سے ہوتا تھا (اسے یونان کے پوپ گریگوری سیزدہم نے ۱۵۸۲ء میں طرز نو بخشا جس کے مطابق یکم جنوری سے سال کا آغاز مانا گیا مگر انگلستان طرز قدیم ہی پر قائم رہا: انگلستان اور اسکاتستان نے اس طرز کو ۱۷۵۱ء میں ایک قانون پاس کر کے ۱۷۵۲ء سے اختیار کیا جو اب تک رائج ہے ۔

Old testament : (n) (دینیات) عہد نامۂ عتیق: توریت ۔

Old time/-times : (a) (۱) اگلے وقتوں کا: پرانے زمانے کا: قدیم: کہنہ: دقیانوسی : پرانا ۔ (۲) تجربہ کار : کار آزمودہ: ماہر: مشاق ۔

Old-timer : (n) (۱) (خاص کر امریکا) مشاق : تجربہ کار: ماہر: کار آزمودہ : بوڑھا: معمر: سن رسیدہ شخص ۔ (۲) پرانی وضع کی چیز : قدیم شے: پرانے زمانے کی چیز ۔

Old tom : (n) ایک قسم کی تیز جن (شراب جو اناج سے کشید ہوتی ہے) ۔

Old wife/Old-wife : (n) (۱) (تحقیراً) بڑھیا: بوڑھی عورت ۔ (۲) ایک قسم کی لمبی دم والی بط یا مرغابی ۔ (۳) مختلف قسم کی مچھلیوں کے نام ۔

Old wine : (n) پرانی شراب: شراب کہنہ : بادۂ کہن ۔

Old wives fable/-story/-tale : (n) معمولی قصے کہانیاں جو بوڑھی عورتیں سنایا کرتی ہیں۔

Old woman : (n) (۱) بوڑھی عورت: ضعیفہ۔ (۲) وہمی شخص : ذرا سی بات میں گھبرا جانے والا: ڈرپوک آدمی: زنان منتری۔ (۳) بیبی : ماں (بازاری)۔ (۴) دودکش کا ڈھکنا یا قبہ نما ٹوپ۔

Old-womanish/-Womanishly : (a) وہمی پن کا: بزدلانہ : بوڑھیوں کا سا: وہمی: ڈرپوک : بز دل۔

Old-womanishness/-Womanliness : (n) بزدلی: بوڑھیوں کا سا وہمی پن۔

Old-womanly : (a) وہمی ڈرپوک: بزدل: بوڑھیوں کا سا۔

Old woman's fable/-tale/-story : دیکھو Old wives fable

Old -world : (a) (۱) عہد عتیق کا: پرانے زمانے کا: قدیم: پرانے زمانے کی خصوصیت کا حامل: پرانی وضع کا: دلکش: دلفریب۔ (۲) غیر امریکی: پرانی دنیا کا · برّ قدیم کا: زمین کے نیم مشرقی کرّے کا: یورپی : ایشیائی: یوریشیائی۔

Old world : (n) زمین کا مشرقی نیم کُرّہ: پرانی دنیا: برّ قدیم: نصف کرّہ مشرقی: خاص کر یورپ، ایشیاء وغیرہ جو امریکا کی دریافت سے قبل مشہور تھے۔

Olden : (a) پرانا: قدیم: کہنہ: دیرینہ: عہد رفتہ کا: قدیم زمانے کا۔

Olden : (v) (۱) بوڑھا کرنا: ضعیف کرنا۔ (۲) بوڑھا ہونا : ضعیف ہونا۔

Older : (a) نسبتاً زیادہ بوڑھا: زیادہ چھپانا: زیادہ کہن سال۔

Oldest : (a) معمر ترین: سب سے زیادہ بوڑھا: سب سے زیادہ کہن سال: سب سے پہلے کا: سب سے زیادہ پرانا۔

Oldest profession : (n) عصمت فروشی: عزت فروشی: رنڈی پن: بیسوا پن : قحبہ پن: اپنی قابلیت وغیرہ کا غلط استعمال کرنا۔

Oldish : (a) پرانا سا: کسی قدر پرانا۔

Oldness : (n) بڑھاپا : کہن سالی: ضعیف العمری : قدامت : کہنگی: پرانا پن۔

Oldster : (a) بڑا : پختہ عمر شخص: (خاص کر) جہاز کا وہ افسر جو اس میں چار سال رہ چکا ہو۔

Ole : (interj.) [Sp. 'f. Arab. wallah.'] واہ! بہت خوب! واللہ! شاباش! (اچھی کارکردگی کے موقع پر شاباشی دینے کے لئے استعمال ہوتا ہے)۔

Ole -/Oleo -/Olei- : (Comb.) [L. 'Olei , f .'Oleum.'] جزو ترکیبی بمعنی روغن، تیل۔

Olea : (n) [mod. L.] درختوں کی ایک جنس جن کے پھلوں سے تیل حاصل ہوتا ہے : زیتون : (نباتیات) جنس زیتون۔

Olea : Oleum کی جمع۔

Olea cuspidate : (n) (نباتیات) زیتون ہندی۔

Olea Europa : (n) (نباتیات) زیتون۔

Olcacea : (n) گوم خطوں کے درختوں اور جھاڑیوں کی اس جنس کا نام جس میں زیتون بھی شامل ہے: (نباتیات) زیتون۔

Oleaceous : (a) Oleacea کی جنس کا: (نباتیات) زیتونی۔

Oleaginous : (a) (۱) جس میں تیل یا تیل کی خاصیت موجود ہو : روغنی : روغن دار: تیل جیسا: چکنا: چربی دار۔ (۲) جس سے تیل نکلتا ہو۔

Oleaginousness : (n) روغنیت: چکنائی: چکناہٹ: روغن داری۔

Oleander : (n) [med. L.] ایک سدا بہار زہریلی بوٹی جو بحر روم کے ساحل پرپائی جاتی ہے: اولینڈر: کنیر: خر زہرہ: کنیر کا درخت۔

Oleanderine : (n) (کیمیا) اولینڈر سے تیار کیا ہوا ایک زرد ، زہریلا اور تلخ القلائڈ۔

Oleaster : (n) (۱) عتمہ: جنگلی زیتون: خودرو زیتون۔ (۲) ایک زرد رنگ کے خوشبودار پھولوں کا پودا جو زیتون سے مشابہ ہوتا ہے (اس کے پھل سرخی مائل ہوتے ہیں جن کو کھایا نہیں جاتا)۔

Oleate : (n) (کیمیا و دوا سازی) Oleic acid کا ایک نمک: نیز اس کا اطلاق دوا سازی میں اس مرکب پر ہوتا ہے جو اس نمک میں القلائڈ یا میٹلک اکسائڈ یا نمکیات کو حل کر کے تیار کیا جاتا ہے۔

Olecranal/ -nial/ -nian : (a) زجی: کہنی کی ہڈی کے ابھار سے متعلق۔

Olecranon : (n) [Gr.] (تشریح ، حیوانیات) زج: کہنی کا ابھار یا نوک :

کلائی کی بچلی ہڈی کے اوپرکی سرے کا ابھار جو کہنی پر نمایاں ہوتا ہے۔

Fossa olecranon : (تشریح) خضرۂ زُ جی۔

Olecranon process : (n) (حیوانیات) زج: زائدۂ زجی۔

Olefiant : (a) [Fr. 'Olefiant.'] (کیمیا) روغن ساز: Ethylene کا ابتدائی نام جسے کلورین میں ملا کر ایک روغنی سیال تیار کیا جاتا ہے جسے Dutch oil یا Dutch liquid بھی کہتے ہیں۔

Olefiant gas : (n) روغن ساز گیس۔

Olefine/Olefin : (n) روغن ساز گیس یا ایتھیلین کے ہم رشتہ ہائڈرو کاربنس کا سلسلہ جس کا عام فارمولا Cn H2n ہے اور جو کلورین اور برومین کے ساتھ مل کر Dutch liquid (دیکھئے ماقبل) کے مماثل روغنی ڈائی کلورائڈس اور ڈائی برومائڈس تیار کرتے ہیں: نیز توصیفی معنوں میں۔

Olefine series : (n) دیکھو Ole fine

Oleic : (a) [f. L. 'Oleum .'] (کیمیا) روغنی: تیل کا: تیل سے متعلق؛ تیل سے نکالا ہوا: خاص کر Oleic acid-

Oleic acid : (n) (۱) (کیمیا) تیل کا تیزاب: روغنی ترشہ: ترشۂ روغن : چربی کے تیزابوں میں سے ایک جو بیشتر چربیوں میں پایا جاتا ہے اور بیشتر صابنوں کے جزو ترکیبی ہیں شامل کیا جاتا ہے اسے Elaic acid بھی کہتے ہیں۔ (۲) (جمع) تیزابوں کا وہ سلسلہ جن میں سے ایک یہ بھی ہے۔

Oleic ether : (n) ہائڈرو کاربن اجزائے مستقل کے روغنی ترشے کے نمکوں کا نام: خاص کر ایتھائل کا نمک $(C_{18}H_{33}(C_2H_5)O_2)$ -

Oleiculture : (n) زیتون کی کاشت اور اس کی فروخت: کشت زیتون۔

Oleiferous/ -erron/Oliferous : تیل دینے والا (اناج) : جس سے تیل نکلتا ہو: تلہن۔

Olein : (n) [Fr. 'Oleine.] (۱) (کیمیا) 6 ڈگری سینٹی گریڈ پر ٹھوس ہو جانے والے اور بے رنگ روغنی سیال کی صورت میں پائے جانے والے ایک قدرتی روغن گلیسرائیل کا سہ نمکی مرکب $(C_3H_5(C_{18}H_{33}O_2)_3)$: اولین ، اسے Elein بھی کہتے ہیں: (جمع میں) عام طور پر اس کا اطلاق روغنی ترشے کے گلیسر ائڈس یا گلیسرائل کے نمکوں پر ہوتا ہے۔ (۲) کوئی بھی سیال روغن جو نیم جامد تیلوں کو نچوڑ کر حاصل کیا گیا ہو۔

Oleo : (n) (۱) (خاص کر امریکا) مصنوعی مکھن (جو گائے کی چربی اور مکھن کو ملا کر بنایا جاتا ہے)۔ (۲) Oleograph کا مخفف۔ (۳) ضرب روک پرزہ یا تدبیر۔ (۴) ٹیلی ویژن کے کسی سین کا پس منظر۔

Oleo - : (Comb) سابقہ بمعنی تیل کا : روغنی۔

Oleo-margarine : (n) روغنی مکھن: مصنوعی مکھن (جو گائے کی چربی اور مکھن کو ملا کر بنایا جاتا ہے): ایک شحمی مادہ جو گائے کی چربی سے نکلتا ہے اور Margarine کا جزو ہے۔

Oleo-meter : (n) تیل پیما: روغن پیما (جس سے تیل کی کثافت وغیرہ ناپی جاتی ہے)۔

Oleo-oil : (n) روغن شحم: چربی کا تیل۔

Oleo refractometer : (n) تحلیل کر کے تیلوں کی کثافت ناپنے کا آلہ : کثافت پیما۔

Oleocalcareous : (a) چونے اور تیل کے مخلوط کا حامل یا اس پر مشتمل : جس میں چونے اور تیل کا مخلوط ہو۔

Oleocyst : (n) (حیوانیات) روغن انبان۔

Oleoduct : (n) [after ' aqueduct.'] (تیل کے چشمے یا کنویں سے) تیل لے جانے والی نالی: تیل کی نالی یا تیل کا پائپ۔

Oleograph : (n) روغنی تصویر۔

Oleogrphic : (a) روغنی تصویر کا یا اس سے متعلق۔

Oleography : (n) روغنی مصوری: روغنی رنگوں کی مصوری۔

Oleoptene : (n) دیکھو Elaeoptene

Oleoresin : (n) روغنی رال یا گوند : روغن بلسان : روغن بروزہ : تیل اور مصنوعی رال کا مخلوط۔

Oleoresinous : (a) روغنی رال یا گوند سے متعلق: جس میں روغنی رال ہو۔

Oleosome : (n) (نباتیات) روغنی جسم۔

Oleoyl : (n) روغنی ترشے کا جز و مستقل $(C_{17}H_{33}CO)$ -

Oleraceous : (a) (نباتیات) ساگی : سبزی کا: ساگ یا سبزی کی خاصیت والا: ساگ یا سبزی سے حاصل کیا ہوا۔

Olericulture : (n) (نباتیات) سبزی کاشت: ترکاری کاشت: سبزیوں کی کاشت اور فروخت۔

Olericulturist : (n) سبزیوں کی کاشت کرنے والا یا اس کا ماہر۔

Oleum : (n) [L.] (۱) روغن: تیل۔ (۲) اولیم: تیز گندھک کا تیزاب۔

Olfaction : (n) [f. L 'Olfactus. '] (عضویات) شامّہ: قوت شامّہ: سونگھنے کی قوت: سونگھنا: حس شامّہ۔

Olfactive : (a) حس شامّہ کے متعلق: سونگھنے کا: (عضویات) شمیہ۔

Olafactive imagery : (n) (نفسیات) مُخیلۂ شمیہ۔

Olfactology : (n) شامّیات: شامّہ یا حس شامّہ کا سائنسی مطالعہ۔

Olfactometer : (n) حس شامّہ کی تیزی ناپنے کا آلہ : شامّہ پیما : بو پیما۔

Olfactometric : (n) بو پیمائی سے متعلق۔

Olfactometry : (n) (کیمیا) بو پیمائی۔

Olfactorily : (adv.) شامّہ یاحس شامّہ سے متعلق ہو کر۔

Olfactory : (a) حس شامّہ سے متعلق : قوت شامّہ کا: سونگھنے کا : سونگھنے سے متعلق : (عضویات) شمّی۔

Olfactory : (n) سونگھنے والا عضو: ناک: بینی: عضو شامّہ۔

Olfactory amnestia : (n) (طب) شمّی نسیان: فقدان شامّہ۔

Olfactory bulb : (n) (تشریح) بصلۂ شمّی : جوفۂ شمّی۔

Olfactory capsule : (n) (تشریح) کیسلِ شمّی۔

Olfactory cell : (n) خلیۂ شامّہ: شمی خلیہ۔

Olfactory lobe : (n) (دماغ کا) لختۂ شامّہ: شمّی لختہ۔

Olfactory nerve : (n) (تشریح) عصب شمّی: عصب شامّہ: شمّی عصب۔

Olfactory organ : (n) (تشریح) عضو شامّہ: ناک: بینی: سونگھنے والا عضو۔

Olfacty : (n) شمّہ (اکائی): بوپیمائی میں استعمال ہونے والی اکائی جس کے ذریعہ بو کی قوت ظاہر کی جاتی ہے۔

Olibanum : (n) [med. L.] (نباتیات) لوبان: کُندُر۔

Olibanum tree : (n) (نباتیات) لوبان: پاربتی۔

Olibene : (n) [f. 'Olibanum. '] (کیمیا) روغن لوبان: روغن کُندُر : لوبان کا تیل (جو بخار بن کر اڑ جانے کی خاصیت رکھتا ہے $(C_{10}H_{16})$۔

Olid : (a) [L. 'Olidus. '] بہت تیز ناگوار بو والا: متعفن: بدبودار۔

Oligaemia : (n) (طب) کمیٔ خون۔

Oligandrous/Oligondrous:(a) (نباتیات) چند نرہ: جس میں دس سے کم نر یا حامل زر ہوں۔

Oliganthous : (n) (نباتیات) چند گُلہ۔

Oligarch : (n) [Gr.] عدیدیہ یا چند سری حکومت کا رکن۔

Oligarch : (a) [Gr.] (نباتیات) چند نقاط حیات سے ابھرنے والا: ابتدائی (جڑ وغیرہ)۔

Oligarchal/Oligarchic/-al : (n) چند سری حکومت سے متعلق : چند سری حکومت کے ما تحت: چند سری حکومت کا حامی: امرائے شامی کا حامی: عدیدی : چند سری حکومت کا : چند سری حکومت جیسا : عدیدی جیسا۔

Oligarchically : (adv.) ارزوئے عدیدیہ: چند سری حکومت سے: عدیدی طور پر۔

Oligarchize : (v) عدیدیہ یا چند سری حکومت میں بدلنا: امرائے شاہی میں منتقل کرنا یا بدلنا: امرائے شاہی کے ما تحت ہونا: عدیدیہ کے ما تحت ہونا۔

Oligarchy : (n) [med. L. 'Oligarchia. '] حکومت کی ایک طرز جس میں اقتدار صرف چند افراد یا چند خاندانوں تک محدود رہتا ہے: ایسے مقتدر افراد کی جماعت: عدیدیہ : چند سری حکومت: چند شخصی حکومت: امرائے شاہی۔

Oligist : (n) [named (oligiste , by Haily.] (معدنیات) قلمی کچا لوہا: ہیماٹائٹ۔

Oligist iron : (n) دیکھو Oligist

Oligiste : (n) دیکھو Oligist

Oligistic/-al : (a) قلمی یا کچے لوھے یا ہیماٹائٹ سے متعلق۔

Oligo - : (comb.) [Gr.] یونانی لفظ Oligos سے نکلا ھے جس کے معنی قلیل یا تھوڑے کے ہیں۔

Oligoccarpous : (a) (نباتیات) قلیل الثمر: کم میوہ: کم پھل دینے والا۔

Oligocene : (a) [Gr.] (ارضیات) درمیانی طبقے اور نچلے طبقے کے بیچ کا: قریب جدید: دور سو مین: آلیگوسینی: (تیسرے ارضیاتی دور کے) دور اوسط اور دورآخر کے بیچ کا (طبق)۔

Oligochaete/Oligochete : (a) [f. mod. L. 'Oligochaeta. '] (حیوانیات) چند ابریہ کی جنس کا: کیچوے کی جنس کا۔

Oligochaete/-chete : (n) (حیوانیات) چند ابریہ: کیچوا۔

Oligochromaemia : (n) خون کے سرخ خلیوں میں فولاد کی کمی یا ہیموگلوبین (رنگینی مادے) کی کمی۔

Oligoclase : (n) چونے اور سوڈے کا فلسپار: ایک قلمی دھات جو البائٹ سے مشابہ ہوتی ھے۔

Oligocythaemia : (n) سرخ خلیوں کی کمی: کم رنگیٔ خون: قلتِ خلیات سرخ۔

Oligocythaemic : (a) سرخ خلیات خون کی کمی سے متعلق: جس کے خون میں سرخ خلیوں کی کمی ہو۔

Oligomerous : (a) [Gr.] (نباتیات) چند رکنہ: چند پارہ: کم قسمت: کم حصہ: کم رکنہ: معمولی سے کم حصوں والا۔

Oligomery : (n) (نباتیات) معمولی سا کم حصہ ہونا: چند رکنیت: کم پارگی۔

Oligopod : (a) (حیوانیات) چند پایہ۔

Oligopolist : (n) اولیگوپولسٹ: کسی بازار پر قابض رہنے والے چند پیدا کنندوں اور فروخت کاروں میں سے ایک۔

Oligopolistic : (n) اولیگوپولسٹ سے متعلق: اولیگوپولسٹ جیسا۔

Oligopoly : (n) [Gr. 'after Monopoly.'] اولیگوپولی: محدود مقابلے کی حالت: وہ حالت جب بازار پر محض چند گنے چنے افراد یا چند پیدا کنندوں اور فروخت کاروں کا قبضہ ہو۔

Oligopyrene : (a) (خلیۂ منی) جس میں رنگین مادے(Chromatin) کی مقدار معمول سے کم ہو۔

Oligosideric : (a) [Gr.] جس میں لوھے کا تناسب بہت کم ہو۔

Oligosiderite : (n) حجر شہابی یا شہابی چٹان جس میں لوھے کا تناسب تھوڑا ہو۔

Oligospermatic : (a) قلت منی کا مریض۔

Oligospermia : (n) (طب) قلت منی: زندہ حیوان منویہ کی کمی۔

Oligospermous : (a) (نباتیات) چند تخمہ۔

Oligosporous : (a) (نباتیات) چند بذروی۔

Oligosyllabic : (a) [Gr.] دوہجائی یا سہ ہجائی: جس میں چار سے کم ہجائیں ہوں۔

Oligosyllable : (n) چار سے کم ہجاؤں والا لفظ: دو ہجائی یا سہ ہجائی لفظ۔

Oligozoospermia : (a) دیکھو Oligospermia

Oligouria : (n) پیشاب کا کم آنا: قلت ادرار: کم بولی۔

Olinia : (n) ایک قسم کی افریقی جھاڑی جس کے پھول ننھے اور پھل گٹھلی دار ہوتے ہیں۔

Olio : (n) [alt. of Sp. 'Olla.'] (۱) شب دیگ: باؤلی ہانڈی: دیوانی ہانڈی: ایسا پکوان جو کئی طرح کے گوشت اورسبزیوں کو ساتھ ملا کر اور خوب چٹپٹے مسالے دے کر تیار کیا گیا ہو: بہت سی چیزوں کو ساتھ ملا کر تیار کیا ہوا پکوان۔ (۲) (مجازاً) پچمیل چیز: معجون مرکب: ادبی متفرقات کا مجموعہ: کشکول۔

Oliphagous : (a) (حیوانیات) کم اشیاء خور۔

Oliphant : (n) [OFr. 'Olifant.'] (۱) (متروک) فیل: ہاتھی۔ (۲) ہاتھی دانت: ہاتھی دانت کا بنا ہوا قرنا یا نفیری: نرسنگھا۔

Oliva : (n) [L.] معدہ پا گھونگوں کی ایک قسم: اس قسم کا گھونگا: ناعِمہ: معدہ پا (جس کی شکل گاؤ دُم بیضاوی ہوتی ھے اور جسم چمکیلا ہوتا ھے)۔

Olivaceo - : (Comb.) Olivaceous کا جزو ترکیبی۔

Olivaceous : (a) [f. Olive + - Aceous.] (نباتیات) زیتونی رنگ کا: زیتون کے رنگ کا: زردی مائل سبز: کاہی رنگ کا: زیتونی سبز۔

Olivary : (a) [L. 'Olivarius.'] (خاص کر تشریح میں) زیتونی: زیتونی شکل کا: زیتون نما: بیضوی: زیتونی شکل کا۔

Olivary body : (n) عصبی مادے سے بنا ہوا بیضاوی ابھار جو نخاعِ مستطیل یا مغز کے سب سے پچھلے حصے کی دونوں جانب ہوتا ہے: زیتونی زائدہ: جسم لونیوی۔

Olivary nucleus : (n) (حیوانیات) زیتونی نوات۔

Olive : (n) [L. 'Oliva.'] (۱) زیتون کا درخت: اس کا پھل: زیتون۔ (۲) زیتون کی پتی: شاخ یا ہار جو صلح کی قدیم علامت ہے۔ (۳) زیتون کی لکڑی۔ (۴) زیتونی شکل کے صدفے: ناعمہ: معدہ پا (جس کی شکل گاؤ دم بیضاوی ہوتی ہے اور جسم چمکیلا ہوتا ہے): معدہ پا گھونگوں کی قسم یا اس قسم کا گھونگا۔ (۵) (جمع) گائے یا بچھڑے کے گوشت کے پارچے سبزی میں لپیٹ کر دم پخت کئے ہوئے۔ (۶) زیتون کی شکل کی گھنڈی، بٹن وغیرہ (لباس میں)۔ (۷) زیتونی رنگ: زیتونی سبز رنگ۔ (۸) Olea جنس کے مختلف درخت اور جھاڑیاں جو زیتون کے مثل ہوتی ہیں۔ (۹) (عموماً جمع) بچے (مزاحاً)۔ (۱۰) (تشریح) زیتونی زائدہ: جسم لونیوی: عصبی مادے سے بنا ہوا بیضاوی ابھار جو نخاع مستطیل یا مغز کے سب سے پچھلے حصے کی دونوں جانب ہوتا ہے۔

Wild olive : عتمہ: جنگلی زیتون۔

Olive : (a) (۱) کچے زیتون کے رنگ کا: ہلکے اور قدرے زردی مائل سبز۔ (۲) زردی مائل بھورا یا بھورا مائل زرد (چہرا)۔ (۳) زیتون کی پتیوں کے رنگ کا: ہلکا خاکستری سبز جس میں نقرئی چمک ہو۔

Olive : (n) [Of unkn . origin.] ایک قسم کے صدف گیر پرند کا مقامی نام۔

Olive acanthus : (n) (فن آرائش میں) زیتون کی پتیوں سے مشابہ پتیوں کا آرائشی نقش جو یونانی وضع کی عمارتوں میں خوبصورتی کے لئے بنایا جاتا ہے۔

Olive berry : (n) زیتون کا پھل: زیتون۔

Olive-branch : (n) (۱) زیتون کی شاخ بطور علامت صلح: (مجازاً) امن اور خیر سگالی کی علامت کے طور پر پیش کی ہوئی کوئی بھی چیز۔ (۲) (عموماً جمع) بچے: نونہال (مزاحاً)۔

To hold out the olive-branch : صلح پر آمادگی ظاہر کرنا: صلح کا سلسلۂ جنبانی کرنا۔

Olive-cautery : (n) داغ دینے یا گل دینے کا آلہ (وسّام) جس کا سرا بیضاوی ہو: بیضاوی سرے والا گل یا داغ۔

Olive-crown : (n) تاج زیتون: زیتون کے پھولوں کا ہار یا مکٹ جو فتح کی علامت ہے۔

Olive oil : (n) زوغن زیتون: زیتون کا تیل۔

Olive pie : (n) بچھڑے کے گوشت کی پائی (ایک قسم کا انگریزی کھانا جس کے اوپر آٹے کی پپڑی جمع ہوتی ہے اور اندر گوشت وغیرہ دے کر پکایا ہوا ہوتا ہے)۔

Olive-shell : (n) ناعمہ: معدہ پا (جس کی شکل گاؤ دم بیضاوی ہوتی ہے اور جسم چمکیلا ہوتا ہے): معدہ پا گھونگوں کی ایک قسم یا اس قسم کا گھونگا۔

Olive tree : (n) زیتونہ: شجر زیتون: زیتون کا درخت۔

Olive-wood : (n) (۱) زیتون کی لکڑی۔ (۲) Elaeodendron جنس کا کوئی بھی درخت جس کی لکڑی آرائش کے کام آتی ہو۔

Olivenite : (n) [G 'Olivcn' -in 'Olivenerz' + ite.] (معدنیات) تانبے کا ارسنائٹ جو عموماً زیتونی سبز رنگ کا ہوتا ہے۔

Oliver : (n) ایک چھوٹا خمدار ہتھوڑا جس سے کیلیں گھڑی جاتی ہیں: مشین میخ سازی: اولیور۔

Oliverian : (n) [f. 'Oliver.' proper name + ian.] اولیور کراموئیل کا طرفدار یا حامی شخص: کراموئیلی: ۱۶۵۲ء کے کراموئیلی سمجھوتے پر آئر لینڈ میں بسنے والوں میں سے ایک یا ان کے ورثا میں سے ایک: پیورین: حق پرست: حق پسند: صداقت پرست: اخلاق و مذہب میں سخت محتاط شخص۔

Oliverian : (a) کراموئیلی: پیورٹین فرقے سے متعلق: پیورٹین جیسا: محتاط: حق پرست۔

Olivet : (n) [L. 'Olivetum. '] کوہ زیتون: ماؤنٹ آف اولیو۔

Olivet : (n) نقلی موتی جو افریقہ کے غیر مہذب لوگوں کے یہاں رائج تھا اور تجارت کے مقصد سے بنایا جاتا تھا۔

Olivetan : (n) اطالیہ کے ایک شہر سینا کے رہنے والے جان تولومی (John tolomei) کے ذریعہ ۱۳۱۲ء میں قائم کیا ہوا راہبوں کا ایک سلسلہ۔

Olivil : (n) [Fr. 'Olivile.'] (کیمیا) زیتون کے درخت کی گوند سے حاصل ہونے والا ایک شفاف مادہ؛ اولیول۔

Olivin/Olivine : (n) [f. L. 'Oliva.'] (معدنیات) زبر جد؛ لہسنیا جس کا رنگ زیتونی سبز ہوتا ہے اور جو آتش فشانی اور شہابی چٹانوں میں ملتا ہے ؛ نیز توصیفی معنوں میں۔

Olivinic : (a) زبر جدی۔

Olla : (n) [Sp. 'Olla.'] (۱) (اسپین وغیرہ میں) مٹی کی ہانڈی؛ کھانا پکانے کا مٹی کا برتن؛ نیز اس میں پکایا ہوا ایک پکوان جس میں گوشت اور سبزیوں کو ملا کر پکاتے ہیں؛ باولی ہانڈی؛ معجون مرکب۔ (۲) (امریکا کے بعض حصوں میں جو پہلے اسپین کے زیر اقتدار تھے) گھڑا؛ پینے کے پانی کو ٹھنڈا رکھنے کا برتن۔

Olla : (n) [Pg. 'Olla' - Malayalam 'Ola.'] کھجور یا تاڑ کے پتے کی دھجی جو لکھنے کے لئے ہو یا اس پر لکھی ہوئی دستاویز۔

Olla podrida : (n) [Sp.] دیکھو Olio

Ollamh /Ollav /Ollam /Ollave : (n) (قدیم آئرستانی) عالم : فاضل؛ علم داں؛ علاّم؛ علاّمہ؛ یونیورسٹی کے پروفیسر یا ڈاکٹر کے مساوی ایک رتبہ۔

-ologic/ -al : (a) دیکھو Logic/Logical۔

Ologies : (n) علوم : نظری علوم؛ علوم و فنون؛ محض نظری علوم۔

-ologist : (n) دیکھو Logist

-ology : (suffix) لاحقہ بمعنی علم (دیکھئے logy اور -O-)

Ology : (n) (نیم اسمی معنوں میں) کوئی بھی علم یا شعبۂ علم؛ شاخ علم؛ شاخ سائنس۔

Olp : (n) بول چال میں Alp2 کا متبادل (ایک خوبصورت؛ سخت چونچ کی گانے والی چڑیا)۔

Olympaid : (n) [L. 'Olympias' -ad.] اولمپک کھیلوں میں چار سال کا درمیانی وقفہ یا مدت؛ چار سال کی مدت جو اولمپک کھیلوں کے درمیان ہوتی ہے اور جس سے قدیم اہل یونان وقت کا حساب لگاتے تھے، ۷۷۶ قبل مسیح پہلے اولمپیاڈ کا سال اول شمار ہوتا ہے۔

Olympian : (a) [f. L. 'Olympus.'] (۱) (جغرافیہ) کوہی؛ اولمپی؛ متعلق بہ اولمپس؛ اولمپیا کا رہنے والا۔ (۲) بلند مرتبہ؛ رفیع؛ آسمانی؛ فلکی؛ سماوی؛ بہشتی؛ پاک؛ متبرک؛ ملکوتی؛ عرشی۔ (۳) پر تمکنت (عادات و اطوار)۔ (۴) پر وقار (شخص) ؛ فوق العادت سکون و بے تعلقی رکھنے والا۔ (۵) (دیو مالا) اناطول؛ ساکن کوہ۔

Olympian : (n) (۱) اولمپی؛ اولمپیا کا باشندہ یا وہاں کا رہنے والا؛ اولمپک کھیلوں میں حصہ لینے والا کھلاڑی۔ (۲) اولمپسی؛ اولمپس کا باشندہ ، قدیم یونانی دیو مالا کے بڑے دیوتاؤں میں سے ایک خصوصاً زیئس یا جوپیٹر (سب سے بڑا دیوتا)۔

The olympian : قدیم یونانی دیو مالا کے بڑے دیوتاؤں میں سے ایک خصوصاً زیئس یا جو پیٹر (دیوتاؤں کا سردار)۔

Olympic : (a) [L. 'Olympicus.'] اولمپیا کا رہنے والا؛ اولمپی؛ اولمپیا کا (جہاں دیوتاؤں کے سردار زیئس کے اعزاز میں اولمپک کھیل ہوتے تھے)۔

Olympic : (n) (عموماً جمع) اولمپک کھیل۔

Olympic games : (n) (۱) ہر چار سال پر اولمپیا میں ہونے والے کھیل جو یونانی دیوتاؤں کے سردار زیئس (Zeus) کے اعزاز میں کھیلے جاتے تھے؛ ادبی اور ورزشی مقابلے جو یونان قدیم میں ہر چوتھے سال ہوتے تھے۔ (۲) بین الاقوامی کھیل کود کے مقابلے جو ہر چار سال پر اب مختلف مقامات پر ہوا کرتے ہیں ان میں اولین ۱۸۹۶، میں ایتھینز میں ہوا تھا۔

Olympus : (n) [L.] (۱) Thessaly یا مقدونیہ کے شمال میں واقع ایک پہاڑ کا نام جو بڑے یونانی دیوتاؤں کا مسکن تھا؛ (جغرافیہ) جبل اناطولی۔ (۲) (مجازاً) عرش الہٰی؛ بہشت؛ (دینیات) عرش۔

- oma : (suffix) لاحقہ جو زائدے، بد گوشت (ٹیومر) یا دوسری غیر طبعی رسولیوں کے ناموں میں استعمال ہوتا ہے۔ (اب اس کی جگہ ome - مستعمل ہے)۔

Omander : (n) مشرقی ہندوستان کا ایک درخت جس سے آبنوس کی لکڑی حاصل ہوتی ہے؛ مشرقی ہندوستانی آبنوس۔

Omasum : (n) [L.] (حیوانیات) اُم التلافیف؛ ہزارلا؛ معدۂ سوم؛ جگالی کرنے والے جانوروں کا تیسرا معدہ۔

Ombre : (n) [Sp. 'Hombre. '] (۱) تاش کا ایک کھیل جو چالیس پتّوں سے کھیلا جاتا ہے اور تین آدمی مل کر کھیلتے ہیں (سترھویں اٹھارویں صدی میں یہ بہت زیادہ مقبول تھا)۔ (۲) اس کھیل میں وہ کھلاڑی جو پول

(وہ خانہ جس میں شرط اور جرمانے کی رقم رکھی جاتی ہے) کو جیتنے کی بازی لگاتا ہے۔

Ombro - : (comb.) [Gr.] یونانی لفظ Ombros سے نکلا ہوا سابقہ جو مینہ، بارش یا ترشح کے معنی میں آتا ہے۔

Ombrograph : (n) (موسمیات) باراں نگار۔

Ombrography : (n) (موسمیات) باراں نگاری۔

Ombrology : (n) علم باراں: موسمیات کی وہ شاخ جو بارش سے بحث کرتی ہے: مطریّات۔

Ombrometer : (n) مقیاس المطر: باراں پیما۔

Ombrophile : (a) (نباتیات) باراں پسند۔

Ombrophobe : (a) (نباتیات) باراں گریز۔

Ombrophyte : (a) (نباتیات) بارانی پودا۔

Ombudsman : (n) [Sw.] حکام کی بد عنوانیوں کے خلاف عوام کی شکایات کی تفتیش کے لئے مقرر کیا ہوا افسر: (خاص کر انگلستان میں) پارلیمنٹری کمشنر فار ایڈمنسٹریشن۔

- ome : (suffix) oma - کے معنوں میں نباتیاتی ناموں میں آتا ہے۔

Omega : (n) [Gr.] (۱) یونانی حروف تہجی کا آخری حرف جو انگریزی حروف O کی آواز دیتا ہے۔ (۲) آخر: آخر چیز: حرف آخر: سلسلے کی آخری کڑی۔ (۳) آخری صورت: انجام: انجام کار۔ (۴) توصیفی معنوں میں۔

Alpha and omega : اول و آخر (جو خدائے پاک کی صفت ہے)۔

Omelet/Omelette : (n) آملیٹ: انڈوں کا چلا جس میں اکثر سبزی کی پتیاں وغیرہ پڑتی ہیں۔

you can't make an omelet without breaking eggs : مقصد کے لئے ذرائع مجبوراً اختیار کرنے پڑتے ہیں۔

Savoury omelet : آملیٹ جس میں دھنیا کی پتی وغیرہ پڑتی ہے: چٹ پٹا آملیٹ۔

Sweet omelet : میٹھا آملیٹ جس میں شکر یا جام ڈالتے ہیں۔

Omen : (n) [L. 'Omen , Omin.'] شگون: فال: آئندہ واقعات کی علامت: علامت واقعہ: علامت غیبی: اشارۂ غیبی: پیش خبری۔

Omen : (v) فال ہونا: شگون ہونا: علامت غیبی ہونا (کسی بات کی)۔

Omened : (a) فال نیک (یا بد) کا حامل: جس میں آنے والی بات یا واقعہ کی کوئی علامت ہو: شگون والا۔

Omental : (n) (تشریح) تُربی۔

Omental artery : (n) (تشریح) تُربی شریان۔

Omentum : (n) (تشریح) تُرب: غشائے مصلی یا دوہری مصلی جھلی کی دوسری تہ جو معدے کو جگر، تلی اور قولون (بڑی آنت) سے جوڑتی ہے: پیڑو کے پردے کی تہ۔

Gastro-colic / Greater omentum : معدے کو بڑی آنت سے جوڑنے والی جھلی۔

Gastro-hepatic/ Hepto-gastro/ Lesser omentum : وہ جھلی جو معدے کے چھوٹے خم سے جگر تک پھیلی ہوتی ہے۔

Gastro-splenic omentum : دل کے پاس والے معدے کے سرے کو تلی سے ملانے والی جھلی۔

Omer : (n) (۱) سمائی ناپنے کا ایک عبرانی پیمانہ جو ۵۱/۱۰ پائنٹ (Points) (شاہی پیمانہ) کے برابر ہوتا ہے۔ (۲) گٹھاؤ: پولی (فصل کی) یا مذکورہ پیمانے سے ایک پیمانے کی مقدار بھر غلہ جو فصل تیار ہو جانے کے بعد کٹنی شروع ہوتے ہی مندر کے پروہت کو عید فصح کے دوسرے دن قربانی کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔

- ometer : (comb.) جزوترکیبی بمعنی پیمانہ: آلۂ پیمائش۔

Omicron/Omikron : (n) [Gr. 'Omikron.'] یونانی زبان کا حرف جو انگریزی 'O' حرف کی خفیف آواز دیتا ہے۔

Ominous : (n) [L. f. 'Omen , Omin.'] (۱) (شاذ) جس سے شگون نکلتا ہو: فال آور: فال آسا: آنے والے واقعات کی پیش گوئی کرنے والا۔ (۲) منحوس: بدفال: بدشگون: نامبارک: نحس: ڈراؤنا: تکلیف دہ: مصیبت خیز: آفت انگیز۔

Ominously : (adv.) نحوست سے: بد شگونی سے: ڈراؤنے انداز میں: نامبارک طور پر: آفت انگیز طور پر۔

Ominousness : (n) نحوست؛ بد شگونی؛ منحوسیت؛ بد فالی؛ آفت انگیزی؛ ڈراؤنا پن۔

Omissible : (a) [f. 'Omiss' -Pa.ppl stem of L. 'Omittere.'] قابل ترک؛ قابل گذاشت؛ گذاشتی؛ چھوڑ دینے یا شامل نہ کرنے کے لائق؛ شمار نہ کرنے کے لائق : قابل حذف۔

Omission : (n) [late L. 'Omissio' of as prec.] (۱) چھوڑ دینے، شمار نہ کرنے یا شامل نہ کرنے کا عمل؛ چھوڑ دیا جانا؛ شمار نہ کیا جانا؛ عدم شماریت؛ عدم شمولیت؛ حذف؛ اخراج۔ (۲) قضا؛ چوک؛ غفلت؛ فرو گذاشت؛ ترک فعل؛ (دینیات) کسی فرض یا عمل سے غفلت یا اسے انجام نہ دینا؛ عدم انجام دہی۔

Sins of omission and commission : ارتکاب فعل اور ترک فعل کے گناہ یا جرائم۔

Omissive : (a) ترک فعل کا؛ فروگذاشت کا۔

Omit : (v) [L. 'Omittere ' f. Ob- + -mittere. '] (۱) چھوڑ جانا؛ شمار نہ کرنا؛ شامل نہ کرنا؛ نظر انداز یا قلم انداز کرنا؛ حذف کرنا۔ (۲) بھول جانا؛ غفلت سے ترک کرنا؛ گول کرجانا؛ غفلت برتنا۔

Omitter : (n) نظر انداز یا قلم انداز کرنے والا؛ حذف کر جانے والا؛ گول کر جانے والا؛ بھول جانے یا غفلت سے ترک کر دینے والا۔

Omlah : (n) [Arab. 'Umala '] (شمالی ہند میں) دیوانی عدالت میں عہدہ داروں کی ایک جماعت؛ عمال کی جماعت؛ عملہ؛ عملاء۔

Ommateum : (n) [NL.] (حیوانیات) چشم مرکب۔

Ommatidial : (a) مفرد آنکھ کا؛ سادہ چشم؛ مفرد آنکھ والا؛ غیر مرکب آنکھ والا یا اس سے متعلق۔

Ommatidium : (n) [mod. L.] (حیوانیات) یک چشم حشرہ؛ جزء چشم مرکب؛ حشرات کی مرکب آنکھ کا ایک جزو؛ سادہ آنکھ : مفرد آنکھ۔

Ommattophore : (n) (حیوانیات) چشم بردار حشرہ۔

Ommatophorous : (a) (حیوانیات) چشم بردار۔

Omneity : (n) [f. L 'Omni - s, omne .'] کلّیت۔

Omni - : (comb.) (سابقہ) لاطینی لفظ Omnis سے مشتق ہے جس کے معنی کل کے ہیں۔

Omniana : (n) [f. L 'Omnia.'] ہر قسم کی معلومات کے ٹکڑے؛ ہر قسم کی خبروں کے تراشے یا اقتباسات۔

Omnibenevolence : (n) فیض عام؛ کرم عام؛ فیض مطلق۔

Omnibenevolent : (a) کریم مطلق؛ فیّاض مطلق؛ رحمان؛ جس کا کرم سب کے لئے یا سب پر ہو؛ جس سے سبھوں کو فائدہ پہنچے یا جو سب کے لئے فیض رساں ہو۔

Omnibus : (n) [Fr.] (۱) موٹر بس؛ کرائے کی چوپہیا عموماً دو منزلہ گاڑی یا موٹر؛ بس؛ موٹر۔ (۲) ہوٹل کے مسافروں کو اسٹیشن سے لانے لے جانے والی بس (Hotel Omnibus) -(۳) وہ بس جو ریلوے کمپنی کی طرف سے مسافر اور سامان لے جاتی ہے (Private or family omnibus) - (۴)اوپیرا ہاؤس یا تھیٹر کی شہ نشین جس پر بہت سے لوگ بیٹھتے ہیں۔ (۵) ہوٹل کے ویٹر کا معاون لڑکا یا شخص۔

Omnibus : (a) ہمہ گیر؛ جامع؛ متعدد مقاصد رکھنے والا؛متعدد دفعات رکھنے والا۔

Omnibus bar : (n) (برقیات) جس سے ہوکر پوری برقی قوت یا رو گزرتی ہو۔

Omnibus bill : (n) ہمہ مقصدی بل؛ مجلس قانون ساز کا بل جس میں متعدد قرار دادیں یا مختصات ہوں۔

Omnibus book : (n) کلیات؛ مجموعہ؛ انتخاب (عموماً ایک ہی مصنف یا شاعر کا) جو کم قیمت پر چھاپا گیا ہو تاکہ ہر کوئی حاصل کر سکے۔

Omnibus box : (n) عام شہ نشین؛ تھیٹر یا اوپیرا ہاؤس کی شہ نشین جس پر بہت سے لوگ بیٹھتے ہیں۔

Omnibus clause : (n) (کسی معاہدے، ٹھیکے یا قانون کی) ہمہ مقصدی دفعہ جس کے تحت وہ تمام مختلف مدات آتی ہوں جو کسی خاص دفعہ کی ذیل میں نہ آسکی ہوں؛ خصوصاً موٹر گاڑیوں یا خود کار سواریوں کی بیمہ پالیسی کی وہ دفع جس کے تحفظات کا حیطہ بیمہ میں نامزد تحفظات کے علاوہ اور وسیع ہوتا ہے۔

Omnibus test : (n) (نفسیات) ہمہ گیر آزمائش۔

Omnibus train : (n) [after Fr. 'Train 'Omnibus.'] وہ ریل گاڑی جو ہر اسٹیشن پر ٹھہرتی ہے۔

Omnibus volume : (n) دیکھو Omnibus book

Omnibus wire : (n) وہ تار جس میں سے پوری برقی رو گزرتی ہے۔

Omnicompetence : (n) ہمہ اختیار داری؛ مختار کل ہونے کی حالت یا صفت؛ ہمہ مختارت؛ مختاریت مطلق؛ مجاز مطلق ہونے کی حالت یا صفت۔

Omnicompetent : (a) (قانون) ہمہ اختیار دار؛ مجاز مطلق ؛ کل مقدمات کی سماعت کا اختیار رکھنے والا۔

Omnifarious : (a) [f. LL. 'Omnifarius.'] ہر قسم کا؛ ہمہ نوعی؛ ہمہ قسمہ؛ جو ربجور۔

Omnific : (a) خالق کل ؛ خلاّق۔

Omniform : (a) [LL. 'Omniformis.'] ہر صورت کا؛ ہر شکل کا؛ ہر شکل اختیار کرنے والا؛ ہر سانچے یا ہر صورت میں ڈھل جانے والا؛ ہمہ صورت؛ ہمہ شکلہ۔

Omniformity : (n) ہمہ صورتیت؛ ہمہ شکلیت؛ ہر شکل میں ڈھل جانے کی صفت۔

Omnify : (v) [after ' Magnify .'] ہمہ گیر بنا دینا؛ ہمہ مقصدی بنانا ؛ ہمہ گیر یا ہمہ مقصدی ہونا؛ کلّیت بخشنا؛ کلّی ہونا ؛ کلّیہ بنانا؛ کل بنا دینا۔

Omnigenous : (a) [f. L. 'Omnigenus. '] ہر قسم کا؛ ہمہ نوعی؛ ہمہ قسمی۔

Omnimeter : (n) (پیمائش) ہمہ پیما۔

Omniparent/omniparient : (a) تمام چیزیں پیدا کرنے والا یا جننے والا؛ منبع کل؛ خالق کل؛ سبب اول۔

Omniparity : (a) (سیاسیات) مساوات عام۔

Omniparous : (a) دیکھو Omniparent

Omnipatient : (a) لا محدود قوتِ برداشت رکھنے والا؛ انتہائی متحمل مزاج؛ صبر ایوبی رکھنے والا؛ انتہائی صبر و تحمل والا۔

Omnipercipience : (n) (نفسیات) ادراک کلّی؛ ادراک کل ؛ فہم کل۔

Omnipercipient : (a) مدرکِ کل؛ ادراک کلی رکھنے والا؛ فہیم و دانا۔

Omnipotence : (n) [LL. 'Omnipotentia. '] قدرت مطلقہ؛ قدرت کاملہ ؛ قدرت تامّہ۔

Omnipotence of thought : (نفسیات) ہمہ گیر قدرتِ خیال۔

Omnipotent : (a) قادر مطلق؛ حامل قدرت تام؛ ساری قدرت رکھنے والا؛ جو ہر بات پر قادر ہو؛ (خدا کے لئے) قدیر۔

Gods will and omnipotent power : مشیتِ ایزدی اور اس کی قدرت کاملہ۔

Omnipotently : (adv.) قدرت کاملہ سے؛ قادر متعلق کی حیثیت سے۔

Omnipresence : (n) [L. 'Omnipresentia.'] ہمہ جائی؛ ہرجائیت ؛ ہر جگہ حاضر ہونے کی صفت یا حالت۔

Omnipresent : (a) ہر جگہ حاضر رہنے والا؛ ہر جگہ حا ضر؛ ہر جگہ موجود؛ حاضر؛ ہرجائی؛ جو ایک ہی وقت میں ہر جگہ حاضر ہو۔

Omnipresently : (adv.) ہر جگہ موجود رہ کر؛ بیک وقت ہر جگہ حاضر رہ کر۔

Omniprevalent : (a) عام؛ جو ہر جگہ ہو؛ ہر جگہ رائج یا پھیلی ہوئی ہو۔

Omniscience : (n) [med. L. 'Omniscientia.'] (۱) علم لدنی؛ ہمہ دانی ؛ علم کل؛ معرفت کل؛ علم لامتناہی؛ علم بے پایاں۔ (۲) عالم کل ؛ عارف کل؛ خدا؛ دیوتا۔

Omniscient : (n) عالم کل؛ ناظر؛ ہمہ بیں؛ ہمہ داں؛ علاّمہ؛ عالم مطلق ؛ علیم (خدا)؛ سب جاننے والا؛ جسے ہر بات کا علم ہو۔

Omniscient : (n) (خصوصاً The کے ساتھ) عالم مطلق ہستی، خداوند علیم و دانا؛ خدا۔

Omnisciently : (adv.) عالم کل کی حیثیت سے؛ ہمہ بینی سے؛ ازراہ ہمہ دانی۔

Omniscope : (n) (بصریات) حول بین؛ اطراف بین؛ دور بین اطراف پیرسکوپ؛ ایک قسم کی خاص دوربین جس سے سطح آب کی چیزوں کو دیکھتے ہیں۔

Omnist : (n) [Omn + -ist.] ہر مذہب کو ماننے والا؛ مذہب پر عقیدہ رکھنے والا۔

Omnitude : (n) کلّیت ؛ مجموعیّت؛ کل تعداد یا مقدار؛ کلی حیثیت؛ ہمہ گیری۔

Omnium : (n) [L.] (۱) (معاشیات) مجموعی مالیت۔ (۲) کل اثاثہ؛ ساری چیزیں۔

Omnimium gatherum : (n) مخلوط مجمع: پچرنگی مجمع: ایسا مجمع جس میں ہر قسم کے لوگ موجود ہوں: (اشیاء یا اشخاص کا) ملا جلا مجموعہ: عام دعوت یا جلسہ: مجموعۂ متفرقات: مختلف النوع چیزوں کا مجموعہ: مجموعہ مرکب: متفرق مضامین کے رسالوں کا مجموعہ۔

Omnivora : (n) [f. L. 'Omnivorous.'] (حیوانیات) ہمہ خوران: سب کچھ کھانے والا جانور۔

Omnivore/Omnivor : (n) ہمہ خور جانور: سب کچھ کھانے والا جانور۔

Omnivorously : (adv.) ہمہ خوری سے۔

Omniorousness : (n) ہمہ خوری۔

Omo-hyoid : (a) (تشریح) لوحی لامی: شانے اور hyoid bone کو ملانے والا یا اس سے متعلق۔

Omo-hyoid : (n) (تشریح) لوحی لامی عضلہ۔

Omodynia : (n) [Gr. 'Omo +dynia. '] شانے کا درد۔

Omodeum : (n) [L .] (حیوانیات) عظم جناحی: پرندوں کے بازو کی ہڈی۔

Omophagia : (n) [Gr.] (حیوانیات) خام گوشت خوری: کچی غذا خصوصاً کچا گوشت۔

Omophagic : (a) خام گوشت خور: کچا گوشت کھانے والا۔

Omophagist : (n) خام گوشت خورجانور: کچا گوشت کھانے والا شخص یا جانور۔

Omophagous : (a) دیکھو Omophagic

Omoplate : (n) [Gr.] شانہ: کھوا: مونڈھے کی ہڈی: (تشریح) لوح: کتف: عظم اللوح: شانے کی ہڈی۔

Omoplatoscopy : (n) (۱) لوحی تفاعل۔ (۲) (طب) لوح بینی۔

Omostegite : (n) [Gr.] (تشریح) بعض قشریوں میں سینے کو ڈھکنے والے کھپرے (یا خول) کا پچھلا حصہ۔

Omosternum : (n) ['Omo + Sternum. '] (حیوانیات) لوحی قص: سینے کی کرکری ہڈی: کُرّی۔

Omphactile : (n) [mod. G. 'Omphazit'] (معدنیات) ایک قسم کی سبز جو پائروکسین جیسی ہوتی ہے۔

Omphalectomy : (n) [f. Gr. 'Omphalos.'] (جراحی) ناف براری۔

Omphalic : (a) ناف کا: ناف سے متعلق۔

Omphalion : (n) [NL.] مرکز ناف۔

Omphallitis : (n) [Gr. 'Omphalos' +itis. '] (طب) ورم ناف۔

Omphalo-/Omphal -: (comb.) [Gr. 'Omphalos. '] یونانی لفظ Omphalos سے بنایا ہوا سابقہ بمعنی "ناف"۔

Omphalo-mesenteric : (a) (تشریح) ماساریقا (معدے کو آنت سے ملانے والی جھلی) اور ناف کو ملانے والی یا اس سے متعلق۔

Omphalocele : (n) ناف کا ہرنیا: فتقِ ناف۔

Omphalode/omphalodium : (n) [mod. L.] (نباتیات) بیج کے اکھوے کا مرکز: بیج کی ناف کا مرکز: مرکز تخم (جس سے ہوکر اسے غذا پہنچانے والی نالیاں گزرتی ہیں): (حیوانیات) نافہ: نافک۔

Omphaloid : (a) (حیوانیات) ناف نما: ناف جیسا: مثل ناف۔

Omphalomancy : (n) قیاسی یا پیش گوئی جو پیدائش کے وقت بچے کی نال میں گرہیں دیکھ کر کی جاتی ہے کہ اس کی ماں کو اور کتنے بچے ہوں گے: ناف سے لی گئی فال: نافی تفاؤل۔

Omphalopsychic/Omphalopsychite : (n) متوکلوں کا وہ فرقہ جو ہیناٹک (نوم توجہ کی) محویت پیدا کرنے کے لئے ناف پر ٹکٹکی باندھتے تھے ناف پر ٹکٹکی لگا کر مراقب ہونے والے (عیسائی) متوکلوں کا فرقہ۔

Omphalos : (n) [Gr.] (۱) (قدیم یونان) سپر کے اوپر ابھرا ہوا کام۔ (۲) (تشریح) ناف: سُرہ۔ (۳) گول مخروطی شکل کا ایک پتھر جو ڈلفی میں، اپولو کے مندر میں تھا اور جسے زمین کا مرکز کہا جاتا تھا: مرکز عالم: (دیو مالا) ناف پتھر۔ (۴) (مجازاً) مرکز: مرکزی نقطہ: مرکزی حصہ: مدار: محور: دارالسلطنت: ناف چرخ۔

Omphalotomy : (n) (جراحی) ناف تراشی۔

Omrah : (n) [Pl. of Arab. 'Amir.'] اعلیٰ مسلم عدالت کا امیر: دارلامراء کا رکن خاص کر جو مغلوں کے عہد حکومت میں ہوا کرتا تھا۔

On : (prep.) [OE.] (۱) اوپر: پر۔ (۲) بل (مثلاً سر کے بل): بنیاد پر:

اعتبار پر؛ ضمانت پر۔ (۲) قریب؛ متصل؛ طرف؛ ملا ہوا؛ کسی سطح سے ملتا ہوا۔ (۳) دوران میں؛ ساتھ ہی؛ فوراً بعد۔ (۵) طور پر۔ (٦) حالت میں۔ (۷) متعلق؛ بابت۔ (۸) وقت کو ظاہر کرتا ہے مثلاً (شام) کے وقت؛ (صبح) میں؛ روز وقوع کو ظاہر کرتا ہے مثلاً (جمعہ) کو؛ (جمعہ) کے روز؛ بروز (جمعہ)۔ (۹) موقع کو ظاہر کرتا ہے (مثلاً On your arrival) آپ کے آنے پر۔

Gone on : (عامیانہ) لٹو؛ فریفتہ۔

Have you a match on you : کیا تمہارے پاس دیا سلائی ہے۔

To put one on inquiring on inquiry : کسی شخص کو تحقیق یا تفتیش پر آمادہ کرنا۔

On : (adv.) [OE.] (۱) افعال کے ساتھ مل کر؛ پر، اوپر، کو، میں، سے، کے معنی دیتا ہے۔ (۲) آگے، اور آگے؛ برابر؛ لگاتار؛ مسلسل؛ متواتر۔ (۳) ڈھکے ہوئے؛ لگائے ہوئے؛ پہنے ہوئے۔ (۴) کی جانب؛ کی طرف؛ کی سمت۔ (۵) قریب قریب؛ (مثلاً تقریباً دو بج رہے ہیں یا دو بجنے والے ہیں)۔ (٦) (کرکٹ) کھیلنے والے کی داہنی جانب۔ (۷) آگے بڑھا ہوا؛ آگے پہنچا ہوا؛ پیشگی؛ (بہ لحاظ وقت و مقام)۔ (۸) (کرکٹ وغیرہ) مخالف سمت سے آگے۔ (۹) (عامیانہ) نشے کی حالت میں؛ بد مست؛ نشے میں دھت۔ (۱۰) (اشخاص) کسی کام میں مشغول (مثلاً On the stage, the field اسٹیج پر، میدان میں، کھیت میں)۔ (۱۱) (بول چال) مجوزہ کام کو کرنے پر آمادہ یا کرنے کا خواہشمند۔ (۱۲) چلتا ہوا؛ جاری؛ عمل کی حالت میں؛ متحرک؛ رواں۔

Broadside on, face on, stem on etc. : (ڈنٹھل سامنا، چوڑا حصہ وغیرہ) نقطۂ اتصال کی طرف مائل۔

Gas is on : گیس آ رہی ہے؛ گیس کھلی ہے۔

Is rather on : (عامیانہ) مزے میں ہے؛ کسی قدر نشے میں ہے۔

Macbeth is on : میکبیتھ (ناٹک) دکھایا جا رہا ہے۔

Send on : آگے بھیج دینا۔

To be on : (بول چال) حامی ہونا؛ طرفدار ہونا۔

To be on to : (ابتداً امریکا) (کسی کے ارادے یا نیت سے) آگاہ ہونا؛ باخبر ہونا؛ واقف ہونا؛ (کسی کے) منشا یا عندیہ کو جاننا۔

To speak on : مسلسل بولنا؛ مسلسل بولتے جانا۔

Water is on : پانی آ رہا ہے؛ نل کھلا ہے؛ پانی چل رہا ہے۔

On : (a) (۱) (کرکٹ) کھیلنے والے کے داہنے ہاتھ کی طرف کا؛ کھیلنے والے کے داہنے ہاتھ کے میدان کی طرف کا۔ (۲) (شراب کی جائز فروخت کے لئے) حدود کے اندر؛ احاطے کے اندر (On the premises کا مخفف)۔

On : (n) (کرکٹ) کھیلنے والے کے داہنے ہاتھ کی طرف کا میدان؛ نیز توصیفی معنوں میں مثلاً On drive داہنی جانب کا ہٹ۔

- on : (suffix) ion کے آخری دو حروف پر مشتمل لاحقہ جو (۱) (طبیعیات میں) در جوہری ذرات (سب اٹامک یا رٹکلس) کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے مثلاً neutron meson کے ناموں کے ساتھ۔ (۲) (نباتیات) سالماتی (مالیکیولی) حیاتیات میں، بعض اکائیوں کے نام میں استعمال ہوتا ہے مثلاً cistron, codon -

On -: (prefix) (سابقہ) جن افعال کے بعد محاورے میں on آتا ہے، ان کے پہلے یہ لفظ لگا کر اسماء بناتے ہیں۔

On-again/Off- : (a) اچانک اور بے قاعدہ طور پر ظاہر یا واقع ہوئے اور تیزی سے غائب ہو جانے والا؛ لمحاتی؛ ناپائدار؛ دوروں جیسا؛ غیر مسلسل۔

On and off : (a) رہ رہ کر؛ رک رک کر؛ کبھی کبھی؛ پے در پے۔

On and off : (n) اتفاقی حرکت؛ چڑھاؤ اتار؛ وقفہ دار حرکت یا عمل۔

On-and-off : (v) (۱) (جہاز رانی) کبھی کنارے کی طرف اور کبھی مخالف (یعنی سمندر کی) سمت میں چلنا۔ (۲) چڑھنا اترنا؛ باری باری سے یا رہ رہ کر آنا اور جانا (خصوصاً بخار کا)۔

On-bringing : (a) لانے والا؛ باعث یا سبب ہونے والا؛ شروع کرنے والا۔

On-comming : (n) آمد؛ پیش قدمی؛ قریب آنا؛ حملہ؛ چڑھائی؛ پہل؛ سبقت؛ پیش رفت؛ اضافہ؛ زیادتی؛ تقرب؛ نزدیکی۔

The on-comming of old age : آمدپیرانہ سالی؛ بڑھاپا آنا۔

On-coming : (a) قریب آنے والا؛ پیش رفت کرنے والا؛ کامیاب؛ آئندہ؛ آنے والا۔

The on-coming generation : آئندہ نسل ۔

On demand : (adv.) (معاشیات) عندالطلب ۔

On deputation : (adv.) (سیاسیات) مستعار الخدمت ۔

On dit : (n) گپ کا موضوع: سنی سنائی بات ۔

On-draw : (v) (۱) کھینچنا: نزدیک لانا: ترغیب دینا: پھسلا کر لانا: باعث ہونا: لانا: آگے آنا: پیش قدمی کرنا: سبقت کرنا: پہنچنا: جا لینا: پا لینا ۔(۲) (شکار) (کتے کا) بو کے سہارے شکار کو پانا: بو پر کھینچا ہوا چلا آنا: شکار کو دیکھ لینے کے بعد دھیرے دھیرے اس کی جانب بڑھنا ۔

On-go : (n) پیش رفت: ترقی: پیش قدمی: ارتقا: نشو و نما ۔

On-goer : (n) پیش رو : آگے بڑھنے والا: ترقی کرنے والا ۔

On-going : (n) آگے بڑھنے یا جاری رہنے کا عمل: پیش رفت: ترقی ۔

On-goings : (n) طرز عمل: افعال: کاروائیاں: کارگزاریاں ۔

On-high : (n) دیکھو High

On licence : (n) شراب کی دکان کے اندر شراب پلانے کا لائیسنس ۔

On-line : (a) (کمپیوٹر) براہ راست منسلک: جو براہ راست طور پر کمپیوٹر کے کنٹرول میں ہو ۔

On-line : (adv.) براہ راست منسلک ہو کر: براہ راست طور پر کمپیوٹر کے کنٹرول میں رہ کر ۔

On live : (phr.) Alive کی قدیم شکل ۔

On merits : (adv.) بر بنائے حق: صلاحیت کی بنیاد پر ۔

On probation : (adv.) (سیاسیات) زیر آزمائش ۔

On-roll : دیکھو On-go

On side : (phr.) (فٹ بال، ہاکی وغیرہ) اپنی طرف: گنید کے اور اپنے گول کے درمیان ۔

On tap : (a) (۱) ڈاٹ لگا ہوا (پیپا) ۔(۲) (شراب کے متعلق) ڈاٹ دار پیپے میں کہ جب چاہیں نکال لیں ۔

On the bench/ -boards/ -cards : دیکھو Bench-board /-card

On the cheap : دیکھو Cheap

On the instant : (adv.) فوراً: آناً فاناً: اسی وقت: اسی دم ۔

On the sly/ -square : چپ چاپ: خفیہ طور پر: چھپ کر ۔

On the minute/On time : ٹھیک وقت پر ۔

On to/Onto : (prep.) پر: اوپر ۔

Onager : (n) (۱) گورخر: جنگلی گدھا (خصوصاً وسط ایشیا کا) ۔ (۲) (عہد قدیم وسطیٰ کا) جنگ میں پتھر پھینکنے کا آلہ: منجنیق: (انجینیئرنگ) سنگ انداز انجن ۔

Onagra : (n) علف خر: (نباتیات) سنگھاڑا ۔

Onagraceae : (n) (نباتیات) سنگھاڑیہ ۔

Onagraceous : (a) [f. mod. .L.'Onagraceae.'] سنگھاڑیائی: Onagraceae کے سلسلے کا : Oenothera جس کی ایک مخصوص نوع ہے ۔

Onagrad : (n) سنگھاڑیائی پودا: Onagraceae کے سلسلے کا ایک پودا ۔

Onanism : (n) [mod. L. 'Onanismus. '] (۱) (طب) جلق: مشت زنی ۔ (۲) (عضویات) اونانیّت : انزال خارجی: عزل ۔

Onanist : (n) جلق لگانے والا: مشت زن: مٹھو لیا ۔

Once : (adv.) [ME. 'anes. 'ones.'] (۱) ایک بار: ایک دفعہ: ایک مرتبہ: ایک گنا ۔ (۲) ایک موقع پر : ایک روز: ایک بار: پہلے کبھی: ایک زمانے میں ۔

At once : فوراً: آناً فاناً: یکبارگی: ایک ساتھ ۔

At once stern and tender : ایک ہی سانس میں نرم اور درشت ۔

Don't all speak at once : آپ سب ایک ساتھ نہ بولیں (یہ طنزاً ایسے موقعے پر کہا جاتا ہے جب کسی ایسے شخص سے کچھ کہنے یا سنانے کی فرمائش کی جاتی ہے جو کہنے یا سنانے پر رضامند نہیں) ۔

For once : ایک مرتبہ: ایک موقع پر: ایک بار ۔

For once and all : قطعی طور پر: ہمیشہ کے لئے: ایک ہی بار فیصلہ کن طور پر ۔

For once and away/- in a way : بہت کم؛ شاذ و نادر؛ کبھی اتفاق سے؛ کبھی کبھی؛ محض ایک بار بطور استثنا۔

For that once : بس اسی مرتبہ؛ صرف اسی بار۔

For this once : بس ایک بار؛ صرف اسی مرتبہ۔

If once, When once : اگر کبھی تو پھر کبھی۔

Not once : کبھی نہیں؛ ایک بار بھی نہیں۔

That once : صرف اُس مرتبہ؛ بس اُسی بار۔

This once : صرف اِس مرتبہ؛ بس اِسی بار۔

Once : (Conjuctive adv.) (۱) کہیں ذرا؛ ایک بار بھی؛ جب کبھی۔ (۲) جیسے ہی؛ اگر کہیں؛ اگر کبھی۔

Once : (Quasi-a.) ایک بار کیا ہوا؛ ایک بار انجام دیا ہوا۔

Once : (Quasi-n.) ایک موقع؛ ایک بار۔

Once again : ایک مرتبہ اور؛ مکرر؛ دوبارہ؛ ایک بار پھر۔

Once and again : دو مرتبہ؛ دو بار؛ بار بار (قدرے جلد، اکثر)۔

Once and away : (۱) بس ایک ہی بار؛ قطعی طور پر۔ (۲) بہت کم؛ شاذ و نادر۔

Once for all (for always etc.) : ہمیشہ کے لئے ایک بار؛ بس ایک مرتبہ؛ قطعی طور پر؛ بالکل واضح طور پر؛ ایک بار اور بس؛ ایک بار اور کبھی نہیں۔

Once in a way : بطور استثنا؛ بہت کم؛ شاذ؛ شاذ و نادر؛ گویا نہیں؛ کبھی اتفاق سے۔

Once in a while : بہت کم؛ کبھی کبھی؛ کسی موقع پر؛ بہت طویل وقفے سے؛ بہت دنوں پر؛ کبھی کبھار؛ کبھی کسی موقع پر۔

Once more : ایک بار اور؛ دوبارہ؛ مکرر؛ ایک بار پھر۔

Once or twice : ایک یا دو بار؛ چندے؛ چند مرتبہ؛ بعض اوقات؛ ایک دو دفعہ؛ ایک دو بار؛ چند بار۔

Once- over : (n) (امریکا) ایک طائرانہ نگاہ؛ تیزی سے ایک بار معائنہ؛ پہلا معائنہ؛ پہلا ملاحظہ؛ پہلی نظر (یانگاہ) کا جائزہ۔

Once removed : (a) ایک درجہ دور۔

Once upon a time : پہلے کبھی؛ کسی زمانے میں؛ ایک زمانے میں۔

Oncer : (n) صرف اتوار کے اتوار ایک مرتبہ کلیسا جانے والا۔

Onchosphere : (n) [Once - + sphere.] (حیوانیات) شش خارہ (جنین)۔

Oncidium : (n) [mod. L.] (نباتیات) امریکی سحلب؛ امریکی ثعلب یا ثعلب مصری (ایک مبہی بوٹی)۔

Oncidium papilio : (n) (نباتیات) تیتری پودا؛ تتلی پودا؛ تیتری ثعلب۔

Onco : (comb.) [Gr. 'Onkos. '] جزو ترکیبی بمعنی تودہ؛ ڈھیر؛ جسامت؛ مقدار؛ کمیت مادہ (اور جدید معنوں میں) بد گوشت؛ رسولی (ٹیومر) (طبی اصلاحوں میں استعمال ہوتا ہے)۔

Oncogenic : (a) رسولی (ٹیومر) پیدا کرنے والا۔

Oncogenicity : (n) رسولی پیدا کرنے کی صفت یا خاصیت۔

Oncogenous : (a) دیکھو Oncogenic

Oncograph : (n) کسی عضو کی کمیت یا جسامت کے فرق کو ریکارڈ کرنے کے لئے اعضاء پیما کے ساتھ استعمال ہونے والا ایک آلہ؛ آنکو گراف۔

Oncograph : (n) سلعیاتی؛ علم سلعات سے متعلق۔

Oncology : (n) (طب) علم سلعیات؛ علم سلعات؛ علم طب کی وہ شاخ جو سلع یا رسولی سے بحث کرتی ہے۔

Oncome : (n) (۱) آمد؛ پیش قدمی؛ حملہ؛ سبقت؛ اضافہ۔ (۲) (طب) حملۂ مرض؛ اصابت۔ (۳) (موسمیات) برف باری؛ بارندگی؛ طوفان کی آمد۔

Oncometer : (n) (طب) اعضاء پیما؛ کسی عضو کے سائز میں واقع تغیرات کو ناپنے کا آلہ۔

Oncometric : (a) آلۂ عضو پیما سے متعلق۔

Oncost : (a) [(M)DU. 'Onkosten.'] (خاص کر کان کنوں کی زبان میں) وقت یا گھنٹوں کے حساب سے اجرت پر کیا ہوا (کام)۔

Oncost men / Oncosts men : (n) وقت یا گھنٹوں کے حساب سے اجرت پر کام کرنے والے مزدور۔

Oncotomy : (n) (جراحی) سلعہ تراشی : غدہ شگافی : ٹیومر یا غدے کی جراحی۔

Ondatra : (n) [NL.] (حیوانیات) امریکی چھچھوندر۔

Onding : (n) (خاص کر اسکاتستان) شدید بارش یا برفباری۔

Ondogram : (n) [fr. f. L. 'Und+ -o- + gram'.] (برقیات) ترسیم موج : موج نگارش۔

Ondograph : (n) (برقیات) موج نگار : متغیر برقی رو خاص کر تیزی سے متغیر ہوتی ہوئی رو کی موجوں کو خود کار طور پر آلہ بند (ریکارڈ) کرنے کا آلہ۔

Ondometer : (n) (برقیات) موج پیما۔

Ondule : (n) [Fr.] لہر یا بنائی : بنائی کا ایک لہر یا انداز : موج در موج یا موجدار بنائی جو ایک خاص قسم کی کنگھی کے ذریعہ تانے کے چند دھاگوں کو باری باری پھیلانے اور جھکانے سے ہوتی ہے۔

One : (numeral a.) [OE. 'an. ' -] (۱) ایک : یک۔ (۲) واحد : تنہا : اکیلا۔ (۳) ایک ذات : یکساں : مماثل : ہم ذات : ہم اوصاف : ہم خواص۔ (۴) (کبھی کبھی) اول : پہلا : نمبر ایک۔ (۵) (اختر اعی معنوں میں) بہت سے اجزائے ترکیبی کو ملا کر ایک کیا ہوا : متحد : یک شدہ۔ (۶) ہم رشتہ : ہم خیال : ذہن : احساس یا نیت میں یکساں۔ (۷) مخصوص : منفرد : یگانہ۔ (۸) دوسرا : دوسرے (فرد یا افراد)۔ (۹) مقدم۔

One : (Pron.) (۱) کوئی : کوئی شخص : کوئی فرد :وہ (کوئی مخصوص شے یا شخص)۔ (۲) ہر ایک میں سے کوئی : (خواہ) کوئی بھی : شمول (یا خصوصاً بمعنی) خود متکلم : تم یا میں یا کوئی اور : ہم لوگ: تم لوگ : وہ لوگ : عوام۔

One : (n) (۱) ایک عدد : ایک کا ہندسہ : اکائی : ایک چیز : ایک شخص۔ (۲) شخص : چیز : ہستی : شخصیت : (جمع) اشخاص۔

All in one : سب ملے ہوئے : متحد۔

In one : (۱) ایک جگہ : ایک ہی جماعت میں : ایک ساتھ۔ (۲) ایک وار میں : ایک ہی ضرب میں : ایک ہی جست میں : ایک ہی بار میں۔

In the year one : (مزاحاً) مدتوں پہلے :برسوں پہلے (جو اب یاد نہیں)۔

Into one : ایک جگہ : ایک ہی جماعت میں : ایک ساتھ۔

It is all one to me : میرے لئے یکساں ہے : مجھے اس سے کوئی دلچسپی نہیں۔

Like one 'O' clock : جاندار طور پر : تیزی سے : پر زور یا موثر طور پر : چاق و چوبند ہو کر۔

Little ones : بچے : اطفال : طفلگاں۔

Many a one : کئی ایک۔

Never a one : کوئی نہیں۔

Number one : اپنی ذات (جس کی انسان کو سب سے پہلے فکر ہوتی ہے)۔

Ten to one : اغلب یہ ہے کہ۔

That was a nasty one : (۱) یہ میری ضرب تھی۔ (۲) یہ سخت مصیبت یا افتاد تھی۔

The all and the one : کلیّت اور وحدت۔

The Evil one : شیطان : ابلیس۔

The Holy one : پاک اور متبرک ہستی : اللّٰہ : معصوم ہستی : حضرت عیسیٰ کا لقب۔

The one and the other : دونوں۔

They are at one : ان میں صلح ہو گئی ہے : وہ متفق ہیں۔

They were made one : ان کی شادی ہو گئی۔

This is one too many for him : یہ اس کے بس کا نہیں۔

To become one : متحد ہو جانا : مل کر ایک ہو جانا۔

To go one better : ایک بولی بڑھ کر بولنا : دوسرے سے ایک قدم بڑھ کر کوئی کام کرنا یا ایک درجہ بڑھ کر جوکھم برداشت کرنا۔

To make one : ایک کرنا : ملانا : متحد کرنا۔

ہمیشہ یکساں رہنا ۔ To remain for ever one :

ٹرین کا وقت ایک بج کر پچیس منٹ ہے ۔ Train due at one twenty-five :

(قدیم) کیا آپ ہماری جماعت میں شامل ہوں گے ۔ Will you make one :

(لاحقہ) (کیمیا) ہائیڈرو کاربن مرکبات کے ناموں میں آتا ہے ۔ One : (suffix) [Gr.]

(۱) ایک ایک کرکے ؛ ایک کے بعد ایک ؛ یکے بعد دیگرے ۔ (۲) سب کے سب ؛ ہر ایک (فرداً فرداً اور اجتماعی طور پر) ۔ One after another / One after one/ One and all :

ایک سے زیادہ ؛ دو یا زائد ۔ One and another :

دیکھو One after another One and one :

ایک شلنگ چھ پینس ۔ One and six pence :

قمار بازی کی ایک مشین جو دستے کو نیچے دبانے سے چلتی ہے ۔ One-armed bandit : (n)

دیکھو One after another One at a time :

(امریکا) دیکھو Hackbery One-berry : (n)

دیکھو One after another One by one :

پورا کا پورا یکرنگ ؛ ایک رنگ ۔ One-coloured : (a)

(۱) اعور ؛ کانا ؛ یک چشم ؛ ایک آنکھ والا ؛ واحد العین ۔ (۲) (مجازاً) (تحقیر آمیز) ناقص ؛ جس میں ضروری خوبی کا فقدان ہو ؛ عیب دار ؛ (امریکا) بے ایمان ؛ بے انصاف ؛ دھاندلی کرنے والا ؛ کم اجرت دینے والا ۔ One-eyed : (a)

(برقیات) یک سیالی نظریہ ۔ One-fluid theory : (n)

(۱) سادہ ؛ مفرد ؛ غیر مرکب ؛ ایک ہی جزو پر مشتمل ؛ ایک جزو والا ؛ اکہرا ، اکہری ۔ (۲) سادہ لوح ؛ سیدھا سادہ ؛ بے لاگ ؛ کھرا ؛ یک رنگ ۔ One-fold : (a)

(۱) یک دست ؛ایک ہتھا ؛ جس کو ایک ہی ہاتھ ہو یا ایک ہاتھ کام کے لائق ہو ۔ (۲) ایک ہاتھ سے انجام دیا ہوا (کام) ۔ One-handed : (a)

(۱) ایک گھوڑے کی (گاڑی وغیرہ) ؛ یک اسپہ ۔ One-horse : (a)

(۲)(مجازاً) (امریکی بول چال) چھوٹے پیمانے پر ؛ ضمنی ؛ ذیلی ؛ محدود گنجائش یا ذرائع والا ؛ گھٹیا ؛ معمولی ؛بے مایہ ۔

(وہ شخص) جس کے دل میں صرف ایک ہی بات کا خیال جما ہو ؛ تنگ نظر ؛ تنگ خیال ؛ (نفسیات) کو تاہ نظر ۔ One-ideaed / -idead : (a)

(۱) ایک ٹانگ کا ؛ لنگڑا ؛ یک پایہ ۔ (۲) (مجازاً) یک طرفہ ؛ غیر مساوی ؛ نابرابر ؛ ادھورا ؛ ادھنگا ؛ آدھا ؛ ناقص ۔ One-legged : (a)

ایک ہی آدمی کا (کام) ؛ جو ایک ہی شخص کے انتظام میں ہو ؛ یک نفری ؛ فردی ؛ ایک ہی شخص پر مشتمل ؛ اس کے ذریعہ انتظام کیاہوا یا انجام دیا ہوا ۔ One-man : (a)

ہزار میں ایک ؛ بہت کم لوگ ۔ One man in a thousand :

حق رائے دہندگی میں مساوات کا اصول ۔ One man one vote :

دیکھو One-man One-manual : (n)

یکتا ؛ منفرد ؛ فرد ؛ اپنی مثال آپ ؛ لاثانی ؛ بے مثل ؛ (وہ چیز) جو ایک ہی بنائی گئی ہو ؛ نیز بطور اسم ۔ One-off : (a)

کبھی ؛ کسی روز ۔ One of these days :

بہت کم ؛ بہت تھوڑی تعداد میں : ایک یا دو ۔ One or two :

بہت زیادہ پینے والا ۔ One over the eight :

دو سیڑھی اوپر ؛ دو زینے اوپر ؛ دوسری منزل پر ۔ One pair : (1)

(برقیات ، انجینئرنگ) یک ہیئت ۔ One phase : (a)

ایک ہی ٹکڑے سے بنا ہوا یا ایک ہی ٹکڑے پر مشتمل ؛ یک فردی ؛ یک پارچہ (مثلاً غسل کا یک فردی لباس) ۔ One-piece : (a)

ایک پاؤنڈ وزن کا گولا داغنے والی توپ ۔ One-pounder : (n)

(۱) جزوی ؛ یک طرفہ ؛ یک رخا ؛ متعصبانہ ؛ غیر منصفانہ ۔ (۲) ایک طرف جھکا ہوا یا لٹکا ہوا یا دوسری طرف کی بہ نسبت ایک طرف زیادہ بڑھا ہوا ۔ (۳) جو ایک ہی طرف موجود یا واقع ہو ؛ (نباتیات) یک سُوگلہ ؛ یک سُو بر گہ ۔ One-sided : (a)

جانبدارانہ ؛ طرفدارنہ ؛ یک طرفہ طور پر ؛ متعصبانہ ۔ One-sidedly : (adv.)

One-sidedness : (n) یك طرفی ؛ یك رخی ؛ جانبداری ؛ طرفداری ؛ تعصب ۔

One-step : (n) ایك قسم کا ناچ جو جوڑوں میں ناچتے ہیں نیز اس ناچ کی موسیقی یا دھن ۔

One-step : (v) ایك قسم کا ناچ ناچنا ۔

One-time : (a) کبھی ؛ پہلے کبھی ؛ کسی زمانے میں ؛ گذشتہ زمانے میں ۔

One-time pad : (n) مختلف خفیہ تحریروں کا پیڈ جن میں سے ہر ایك صرف ایك بار استعمال کی جاتی ہے ۔

One-track : (a) یك طرفہ ؛ یك سو ؛ (ذہن) جو خیال یا عمل کے ایك ہی خط پر مرکوز ہو ؛ کم نظر ؛ کوتاہ نظر ۔

One-up : (a) ایك قدم آگے ؛ ایك پوائنٹ زیادہ ؛ ایك اسکور زیادہ۔

One-upmanship : (n) (روزمرہ) ہمیشہ ایك اسکور زیادہ یا آگے رہنے کا فن ۔

One vote one value : حلقہ ہائے انتخاب کی مساوات کا اصول ۔

One-way : (a) (۱)(پل) جس سے دھاریاں ایك ہی رخ میں بنتی ہیں ۔ (۲) (سڑك) جس پر گاڑیاں صرف ایك ہی طرف کو چلتی ہیں ؛ یك طرفہ ؛ ایسی سڑك پر چلنے والی ٹریفك ۔

One-way : (n) یك طرفہ سڑك یا اس پر چلنے والی گاڑیاں ۔

One-while : (a or adv.) دیکھو One-time

One with another : (۱) اوسطاً ؛ بہ لحاظ اوسط ۔ (۲) باہم ؛ ایك دوسرے کو ؛ ایك دوسرے سے ۔

Oneir-/ Oneiro-/ Oniro- : (comb.) یونانی لفظ Oneiros سے بنا یا ہوا سابقہ بمعنی خواب ۔

Oneiric : (a) (نفسیات) رویائی ؛ خوابی ؛ خواب سے متعلق ۔

Oneirocritic /Onirocritic : (n)[Gr. 'Oneirokritikos.'] (۱)(خوابوں کی تعبیر بتانے والا ؛ معبّر ؛ تعبیر گو ؛ تعبیر داں ۔ (۲) (عموماً جمع) فن تعبیر گوئی ؛ علم تعبیر خواب ؛ تعبیر یات ۔

Oneirocritical / Onirocritical : (a) (۱) معبرانہ ؛ تعبیر دانی کا ۔ (۲)تعبیر یاتی ؛ فن تعبیر گوئی کا یا اس سے متعلق ۔

Oneirocratically / Onirocritically : (adv.) ازروئے تعبیر گوئی ؛ معبرانہ ؛ ازروئے تعبیر دانی ؛ فن تعبیر گوئی کی رو سے ؛ تعبیر یاتی طور پر ۔

Oneirocriticism / Oniricriticism : (n) فن تعبیر گوئی ؛ علم تعبیر خواب ؛ تعبیر یات ؛ تعبیر گوئی ؛ تعبیر دانی ۔

Oneirodynia : (n) (نفسیات) مضطرب نیند ؛ کابوس ۔

Oneirologist : (n) ماہر تعبیریات ؛ خواب یا تعبیر خواب کے علم یا فن میں مہارت رکھنے والا ؛ علم رویا کا ماہر ۔

Oneirology : (n) (۱)علم تعبیر خواب ؛ تعبیریات ؛ فن تعبیر گوئی ۔ (۲)علم رؤیات ؛منامیّات ۔

Oneiromancy : (n) (نفسیات) رویائی تفاؤل ؛ رویائی الہام ؛ خواب کی بنا پر پیش گوئی ۔

Oneiroscopist : (n) (نفسیات) تعبیر داں ؛ تعبیر گو ؛ ماہر تعبیر خواب ۔

Oneiroscopy : (n) (نفسیات) علم تعبیر خواب ؛ تعبیر خواب ؛خوابوں کی پرکھ اور ان کی تعبیر ۔

Oneness : (n) (۱) یکتائی ؛ وحدت ؛ وحدانیت ؛ توحید ؛ یگانگی ۔ (۲) ایك ہونا ؛ انفرادیت ؛ منفرد ہونا ۔ (۳) سالمیت ؛ سالم ہونا ؛ ایك ذات ہونا ؛ ہم آہنگی ؛ اتحاد ؛ کمال ؛ جامعیت ؛ اکملیت ۔ (۴) یکسانیت ؛ غیر تعبیر پذیری ؛ یکساں ہونا ؛ غیر متغیر ہونا ؛ تشابہ ؛ مماثلت ؛ ثبات ۔ (۵)یك ذہنی ؛ یك رائی ؛ ذہن ؛ احساس یا مقصد کا ایك ہونا ؛ باہمی رضامندی ؛ مطابقت ؛ ہم خیالی ؛ موافقت۔

Oner/ One-er : (n) (۱) (عامیانہ) انکا ؛ فرد ؛ طاق ؛ بے نظیر شخص یا چیز ؛ بہترین چیز ؛ منفرد شخص یا شے ؛ غیر معمولی چیز ۔ (۲) (روزمرہ) کوئی شخص یا چیز جو کسی اعتبار سے اول درجے کی یا نمبر ایك قسم کی سمجھی یا کہی جاتی ہو ۔ (۳) (روزمرہ) ایك کا ہاتھ ؛ کرکٹ میں وہ بٹ جس میں ایك رن بنے ۔

A oner at : (عامیانہ) (کسی بات میں) فرد ؛ طاق ۔

Gave him a oner : (عامیانہ) اسے زور کا ہاتھ مارا۔

Onerous : (a) [L. 'Onerosus.'] مشکل ؛ پر مشقت ؛ صعب ؛ سخت ؛ سنگین ؛ گراں ؛ شاق ؛ دشوار ؛ پر زحمت ؛ مکلف ؛ جس پر کوئی بار ہو یا جو کسی قانونی پابندی کے اندر ہو ۔

Onerous consideration : (n) (اسکاٹستانی قانون) عوض ؛ وہ

معاوضہ جو اتنی قیمت کی چیز لے کر دیا گیا ہو (بخلاف جو مفت ہو) ؛ بے فیض معاوضہ ؛ غیر رفاہی عوض۔

Onerous grant : (n) (اسکاتستانی قانون) وہ عوض یا عطیہ جو اس قیمت کی چیز لے کر دیا گیا ہو ؛ بے فیض عطیہ ۔

Onerous property : (n) (قانون) جائداد جس پر بار ہو ۔

Onerous tax : (n) (معاشیات) بے فیض ٹیکس ؛ غیر رفاہی محصول ۔

Onerously : (adv.) پر مشقت طور پر ؛ سختی سے ۔

Onerousness : (n) سختی ؛ مشکل؛ صعوبت ؛ دشواری ؛ تکلیف ؛ زحمت ۔

Ones : دیکھو Once

Oneself / One's self : (Pron.) (۱) اپنے تئیں ؛ خود ۔ (۲) کوئی ؛ کسی کے تئیں ۔

Onfall : (n) (۱) حملہ ؛ یورش ۔ (۲) (موسمیات) بارندگی ۔

Onflow : (n) ریلا ؛ بہاؤ ۔

Onhanger : (n) (حقارتاً) دست نگر ؛ طفیلی ؛ حاضر باش ؛ جلودار ؛ حاشیہ نشیں ۔

Onion : (n) [ME. 'Unyon , Oyn(y) on' .] (۱) پیاز ؛ بصلہ (جمع بصل) ؛ پیاز کا پودا ۔ (۲) (عامیانہ) بر موڈا کا باشندہ ۔ (۳) پیاز کی دوسری قسمیں یا اس جنس کے دوسرے پودے ۔

Off one's onion : بیوقوف ؛ جھکی ؛ دیوانہ ؛ سودائی۔

Rock onion / Welsh - : (n) پہاڑی پیاز جس میں پوٹ نہیں بیٹھتی صرف پتے ہوتے ہیں ۔

To know one's onion : (امریکی عامیانہ) بخوبی واقف ہونا ؛ بآسانی بیوقوف نہ بنایا جانا ؛ بآسانی بیوقوف نہ بننا ۔

Wild onion : (n) پیاز ہی کی جنس کا ایک پھولدار پودا جسے صرف اس کے خوش نما پھول کے لئے اپجایا جاتا ہے نیز دوسرے بصلہ دار پودے ۔

Onion : (v) (۱) پیاز سے خوشبو دار بنانا ؛ پیاز سے بگھارنا ۔ (۲) پیاز ملنا ؛ آنکھوں میں پیاز مل کر آنسو نکالنا ۔

Onion couch / -grass / -twitch : (n) پیازی گھاس (جئی کے پودے سے مشابہ ہوتی ہے) ۔

Onion-domed / -spired : (a) پیاز نما گنبد والا ؛ پیازہ نما برجی والا ۔

Onion eyed : (a) آنسو بھری آنکھوں والا ؛ ڈبڈبائی آنکھوں والا ۔

Onion shell : (n) گول شکل والے مختلف گھونگوں کا نام ۔

Onion weathering : (n) (ارضیات) پرت ریزی ۔

Oniony : (a) بصل نما ؛ پیاز جیسا ۔

Oniro- : دیکھو Oneiro-

Oniscus : (n) (حیوانیات) جنس خرخاکی ؛ کائھ کے کیڑے ۔

Oniscus Asillus : (n) (حیوانیات) خرخا کی ؛ خرجوں ۔

Onlooker : (n) تماشائی ؛ تماشا بین ؛ ناظر ؛ نظارہ کن ۔

Onlooking : (a) تماشائی ؛ناظر ؛ کسی چیز کو دیکھنے والا ۔

Only : (a) [OE. 'anlic. '] (۱) اکیلا ؛ تنہا ؛ اکلوتا ؛ واحد ۔ (۲)(اپنی نوعیت کا) ایک ہی ؛ منفرد ۔ (۳) افضل ؛ ممتاز ؛ برتر ؛ اعلیٰ ؛ فائق ترین ؛ بے نظیر ؛ لاثانی ؛ بے مثل ؛ بے بدل ۔

One only : صرف ایک ؛ فقط ایک ؛ بس ایک ہی(زیادہ نہیں)۔

Only : (adv. & Conj.) [ME. 'Onliche. '] (۱) صرف ؛ فقط ؛ محض ۔ (۲)البتہ ؛ مگر یہ ہے کہ ۔ (۳) بجز اس کے کہ ؛ اگر یہ نہ ہوتا کہ ۔

If only : اگر کہیں ؛ کاش۔

You only (or only you) can guess : صرف تم ہی قیاس کر سکتے ہو ۔

You can only guess/ You can guess only : تم صرف قیاس ہی کر سکتے ہو ۔

Only-begotten : (a) اکلوتا جنا ہوا ۔

Only for : (adv.) محض ۰۰۰ کے لئے ؛ صرف ۰۰۰ کے لئے ؛ فقط ۰۰۰ کی خاطر ۔

Only just : (adv.) بس ابھی ؛ فوراً ؛ ابھی ابھی ؛ بس تھوڑی دیر قبل ؛ ذرا دیر پہلے ۔

Only that : (adv.) جہاں تک ۰۰۰ کہ ؛ اس کے سوا ۰۰۰ کہ ۔

Onocentaur : (n) [LL. 'Onocentaursus.'] (اساطیر) ایک افسانوی مخلوق : قنطور جس کا سر انسان اور جسم گدھے کا ہوتا ہے ۔

Onolatry : (n) خبر پرستی ۔

Onomancy : (n) [Fr. 'Onomancie.'] نام یا اس کے حروف کی بنا پر فال بتانا یا پیش گوئی کرنا : تفاؤل اسمی ۔

Onomantic / -al : (a) تفاؤل اسمی سے متعلق : نام یا اس کے حروف کی بنا پر پیشگوئی کرنے والا ۔

Onomastic : (a) [Gr. 'Onomastikos.'] (۱) اسمی : ناموں کا یا ان سے متعلق : نام رکھنے سے متعلق : اسمیاتی : ناموں پر مشتمل : اسم : اسماء یا تسمیہ سے متعلق ۔ (۲) دستخطی (دستاویز) : (قانونی دستاویز) جس میں دستخط تو خود کیا گیا ہو مگر مضمون دوسرے کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہو ۔

Onomasticon : (n) [Gr.] لغت اسماء : افراد کے ناموں کی فہرست (بہ ترتیب حروف تہجی) ۔

Onomato - : (comb.) [Gr. 'Onomatos '] سابقہ بمعنی نام : اسم ۔

Onomatologist : (n) ماہر اسمیات : عالم الاسماء : ماہر اصطلاحیات : اصطلاحیات داں ۔

Onomatology : (n) اسمیات : علم اسماء : اسماء و اصطلاحات کی تشکیل و توضیح کا علم : علم الاصطلاح : اصطلاحیات ۔

Onomatomania : (n) (نفسیات) نام ترسی : (طب) جنون الفاظ : جنون اسماء ۔

Onomatop / Onomatope : (n) آوازی یا صوتی لفظ یا نام (جس کی تشکیل اس چیز کی آواز کی بنا پر ہوئی ہو) : صوتی الفاظ : صوتی نام ۔

Onomatopoeia : (n) [LL. f. Gr.] (۱) نام یا لفظ کی تشکیل جس میں ایک چیز سے ملحق آواز بھی ملی ہوئی ہو : صوتی تسمیہ : الفاظ کی تشکیل میں کار فرما اس اصول کی قوت : صوتیت : آوازی ترکیب : صوتی ترکیب ۔ (۲) اس طرح بنا ہوا لفظ : آوازی یا صوتی لفظ : صوتی نام ۔ (۳) (علم البدیع) تقریر یا تحریر کو مؤثر بنانے کے لئے اس میں فطری طور پر معنی خیز الفاظ ، جملوں اور ترتیب کا استعمال ۔

Onomatopoeic/ -al : (a) (۱) صوتی : آوازی ، صوتی تسمیہ سے متعلق : صوتی لفظ یا نام سے متعلق : مصنوعی : نقلی ۔ (۲) تقلیدی ۔

Onomatopoeically : (adv.) تقلیداً : صوتی اعتبار سے : مصنوعی طور پر ۔

Onomatopoesis/ Onomatopoiesis : (n) کسی چیز کی آواز کے لحاظ سے اس کا نام گھڑنا یا رکھنا : صوتی تسمیہ ۔

Onomatopoetic : (a) دیکھو Onomatopoeic

Onomatopoetic theory of words : نظریۂ صوتی اسمیت الفاظ ۔

Onomatopoetically : (adv.) دیکھو Onomatopoeically

Onrush : (n) پانی یا لشکر کا آگے بڑھنا : نرغہ : تیزی سے آگے بڑھنے یا جھپٹنے کا عمل ۔

Onrushing : (a) آگے بڑھتا ہوا ۔

Onset : (n) [ON- + SET .] (۱) حملہ : یورش : چڑھائی : دھاوا : (طب) اصابت : حملۂ مرض ۔ (۲) زور شور کی ابتدا : ہلّہ : کسی عمل کی ابتدا یا آغاز : آمد ۔

Onslaught : (n) [early MDU. 'aenslag .'] حملہ : یورش : دھاوا : چڑھائی : خاص کر پرزور ضرب یا تخریب کارانہ حملہ : سخت حملہ : ہلہ ۔

Onstead : (n) (۱) کھیت سے ملحق مکان یا مکانات ۔ (۲) دفاتر ۔

Onto- : (comb.) [Gr. 'on , ont-.'] سابقہ بمعنی وجود ، ہستی ، ہونا ۔

Ontogenesis : (n) علم ارتقائے فرد : (حیاتیات) شخصی ارتقاء : انفرادی ارتقاء ۔

Ontogenetic : (a) (۱) شخصی ارتقاء ۔ (۲) علم ارتقائے فرد ۔

Ontogenetically : (adv.) علم ارتقائے فرد کی رو سے ۔

Ontogenist : (n) علم ارتقائے فرد کا طالب یا ماہر : تاریخ نطفہ یا ارتقائے جنین کا طالب علم ۔

Ontogeny : (n) (۱) علم ارتقائے فرد : انفرادی ارتقاء ۔ (۲) وجود کی نشو و نما کی تاریخ یا اس کا علم : تاریخ نطفہ : علم جنین : ارتقائے جنین ۔

Ontologic / -al : (a) وجودی : علم الوجود کا : مابعد الطبیعیاتی ۔

Ontological argument / -proof : (n) (فلسفہ) مابعد الطبیعیاتی ثبوت وجود : (وجود خدا کا) مابعد الطبیعیاتی ثبوت ۔

Ontologically : (adv.) علم الوجود کی رو سے ۔

Ontologism : (n) (دینیات) وجودیت : عقیدۂ وجود : عقیدۂ معرفت ۔

Ontologist : (n) ماہر علم الوجود : وجودی : ماہر علم وجودیت ۔

Ontology : (n) [mod. L. 'Ontologia. '] (۱) (فلسفہ) (مابعد الطبیعیات کا ایک شعبہ) علم الوجود : مطالعۂ وجود : وجودیات : علم حقیقت اشیاء : علم حقیقت ۔ (۲) (فلسفہ) مابعد الطبیعیات ۔

Onus : (n) [L. 'Onus. '] (۱) بار:بوجھ :وزنی ۔ (۲) فرض : ذمہ داری ۔

Onus probandi : (L. Phrasc.) (قانون) بار ثبوت (بذمۂ مدعی)۔

Onward/ Onwards : (adv.) [f. On (adv.) + ward .'] آگے ۔

Onward : (a) (حرکت وغیرہ) آگے کی طرف منعطف کی ہوئی : (کبھی کبھی چیزوں کے لئے) آگے بڑھتی ہوئی : آگے کی طرف بڑھنے والی : آگے کی طرف کا : آگے بڑھنے والا ۔

Onwardness : (n) پیش رفت: پیش قدمی: ارتقا: آگے بڑھنا: ترقی ۔

Ony : دیکھو Any

Onych/Onicho-: (comb.) [L.] جزو ترکیبی بمعنی "ناخن" پنجہ : چنگل ۔

Onycha : (n) [L.] (۱) اظفار: ایک قسم کا بخور جسے یہودی اپنی مذہبی تقریبات میں استعمال کرتے تھے (ایک قسم کے گھونگے کے گلپھڑوں کا ڈھکن جسے جلانے سے ایک تیز خوشبو ملتی ہے) ۔ (۲) (طب) ناخنہ: (حیوانیات) ناخن بوہا ۔

Onycha tropia : (n) (طب) لطافتِ ناخن: ناخن کا پتلا ہونا ۔

Onychauxis : (n) (طب) دبازتِ ناخن: ناخن کا موٹا ہونا ۔

Onychia : (n) [mod. L.] ورم ناخن: داحس: بَسہرَی: انگل بیڑھا ۔

Onychite : (n) (معدنیات) مرمر رنگا رنگ ۔

Onychitis : (n) دیکھو Onychia

Onychium : (n) (۱) (حیوانیات) پنجک پنجہ کوتاہ ۔ (۲) (حیوانیات) تلوہ (حشرہ)۔

Onychium : (comb.) [L.] جزو ترکیبی بمعنی ناخن (ہاتھ یا پاؤں کا)

یا حلقۂ ناخن ۔

Onychoid : (a) مثل ناخن: شکل یا بناوٹ میں انگلیوں کے ناخن جیسا ۔

Onycholysis : (n) ناخن کا ہلنا یا اکھڑنا (جس میں پہلے نوک پر ناخن گوشت سے جدا ہوتا ہے اور بڑھتے بڑھتے جڑ تک جدا ہو کر گر جاتا ہے) ۔

Onychomadesis : (n) ناخنوں کا ڈھیلا ہوکر گر جانا یا جھڑ جانا ۔

Onychomancy : (n) ناخنی تفاؤل: ناخنوں سے قیاس کرنا: ناخن دیکھ کر پیش گوئی کرنا ۔

Onychomycosis : (n) ناخنوں کی ایک بیماری جو بعض کھمبیوں سے ہو جاتی ہے ۔

Onychonosis : (n) مرض ناخن ۔

Onychophagia/ -gy : (n) (طب) ناخن خوری : دانتوں سے ناخن کترنے کی عادت جو جذباتی اور نامرادی کی علامت ہے ۔

Onychophora : (n) ناخنوں والا حیوان (خصوصاً رینگنے والوں میں) : ناخن بردار جانور : (جمع)ناخن بر داران ۔

Onychophoran : (a) ناخن دار: ناخن بردار: ناخنوں والا: پنجہ دار: (خصوصاً سانپ کی نوع کے رینگنے والے جانوروں کے لئے) ۔

Onychophoran/Onychophore : (n) دیکھو Onychophora

Onychophorous : (a) دیکھو Onychophoran

Onyx : (n) (۱) (معدنیات) جزع: عقیق سلیمانی: سنگ سلیمانی: سلیمانی پتھر ۔ (۲) (طب) ناخنہ: قرینہ کے نچلے حصہ کا غیر شفاف ہونا ۔

Onyx marble : (n) مرمرِ رنگا رنگ ۔

Oo-/O - : (comb.) [Gr.] جزو ترکیبی بمعنی انڈا: بیضہ ۔

Oobit : (بولی) موئی لاروا: موبِٹ ۔

Ooblastema : (n) (حیوانیات) بارور بیضہ ۔

Oocyst : (n) (حیوانیات) بیضہ انبان ۔

Oocyte : (n) (۱) (علم خلیات) مادہ گمٹہ ۔ (۲) بیضہ خلیہ ۔

Oodles : (n) انبار؛ تودے؛ ڈھیر؛ بڑی مقدار؛ کثرت؛ بہتات؛ افراط ؛ فراوانی۔

Ooecial : (a) بیض کیسوی؛ کیسۂ بیضہ سے متعلق۔

Oocecium : (n) بیض کیسہ؛ کیسۂ بیض؛ وہ کیسہ یا تھیلی جس میں بیضہ پہنچتا اور بارور ہوتا ہے (بعض مرکب الجسم حیوانات میں)۔

Oof : (n) (عامیانہ) مال؛ دولت؛ روپیہ پیسہ : Ooftisch کا مخفف۔

Oof-bird : (n) سونے کی چڑیا؛ مالدار آدمی؛ روپیہ دینے والا۔

Oofless : (a) نادار؛ کم حیثیت؛ بے مال و دولت۔

Ooftisch : (n) دیکھو Oof

Oofy : (a) مالدار؛ دولت مند؛ متمول؛ ذی حیثیت۔

Oogamous : (a) [Gr.] (عضویات) جس میں تناسل نر اور مادہ خلیوں کے ملنے سے ہوتا ہے۔

Oogamy : (n) (۱) (حیاتیات) نا برابر گمٹی ملاپ۔ (۲) (حیوانیات) نرمادی زواجیت۔

Oogenesis : (n) پیدائش بیضہ؛ نشو و نمائے بیضہ؛ تولید بیضہ؛ تشکیل بیضہ؛ استبضاء۔

Oogenetic : (a) تولید بیضہ یا نشو و نمائے بیضہ سے متعلق ؛ استبضائی۔

Oogeny : (n) دیکھو Oogenesis

Oogonium (n) [Gr.] (۱) (حیوانیات) بیض خلیہ۔ (۲) (نباتیات) بیض کرہ دان؛ مادہ عضو تولید جو عموماً گول خلیہ یا تھیلی جیسا ہوتا ہے اور جس میں ایک یا زیادہ خلیات تولید مادہ ہوتے ہیں نیز جو بارور ہو کر Oospore بن جاتے ہیں۔

Ooidal : (a) [Gr.] بیضوی؛ بیضاوی؛ بیضہ نما؛ مثل بیضہ؛ بیضہ شکل۔

Ookinesis : (n) [L.] (حیوانیات) تحرکِ بیضہ۔

Ookinete : (n) [Gr.] (مختلف یک خلیوی حیوانات میں) متحرک بیضہ (وہ بیضہ جو بارور ہونے کے بعد خود حرکت کرتا ہے مثلاً مچھر وغیرہ)۔

Ookinetic : (a) تحرُّک بیضہ سے متعلق۔

Oolakan/-chan/Ou-/Eu- : (n) شمالی مغربی امریکا کی سمندری مچھلی جو سالمن مچھلیوں کے خاندان سے ہے اور جس کا روغن دار جسم خشک ہونے پر موم بتی کی طرح جلایا جاتا ہے؛ کینڈل مچھلی؛ شمع ماہی۔

Oolemma : (n) [L.] بیضہ پوش جھلی؛ وہ باریک جھلی جو انڈے کے گرد لپٹی ہوتی ہے۔

Oolite : (n) [Fr. 'Oolithe. '] (۱) (معدنیات) دانہ دار چونے کا پتھر (جو مچھلی کے انڈوں کی طرح ؛ ننھے ننھے، گول دانوں سے مل کر بنا ہوتا ہے اور ہر دانہ ریت کے ایک ذرے کے گرد لپٹے ہوئے چونے کے کاربونیٹ پر مشتمل ہوتا ہے)۔ (۲) (ارضیات) اس پتھر کی متحجر چٹانوں کا سلسلہ؛ حجرالجص۔ (۳) صفت کے معنوں میں۔

Oolite formation : (n) چونا پتھر کی تشکیل۔

Oolith : (n) (ارضیات) سنگ دانہ دانہ۔

Oolitic : (a) چونا پتھر جیسی ساخت کا؛ چونا پتھر کی تشکیل سے متعلق : چونے کے پتھر کا۔

Oologic/-al : (a) علم بیض الطیور سے متعلق؛ پرندوں کے انڈوں کے مطالعے یا ان کے بیان سے متعلق۔

Ologically : (adv.) علم بیض الطیور کی رو سے۔

Oolologist : (n) علم بیض الطیور کا ماہر؛ پرندوں کے انڈے جمع کرنے والا۔

Oologize : (v) (۱) بیض الطیور کا مطالعہ کرنا۔ (۲) پرندوں کے گھونسلوں اور انڈوں کی کھوج لگانا۔

Oology : (n) [mod. L. 'Oologia. '] (۱) (حیوانیات) علم بیض الطیور؛ پرندوں کے انڈوں کا مطالعہ یا ان کا بیان (خصوصاً ظاہری شکل یا رنگ روپ کے لحاظ سے)۔ (۲) پرندوں کے انڈے جمع کرنا؛ پرندوں کے انڈے جمع کرنے کا فن۔

Oolong/Ou- : (n) [Chinese, Wulung. '] خشک کی ہوئی چائے کی سیاہ پتی؛ چائے کی ایک قسم : کالی پتی۔

Oolysis : (n) (نباتیات) بیض پاشی۔

Ooman : بول چال میں Woman کا متبادل۔

Oomancy/Oomantia : (n) [L.] پرندوں کے انڈوں کے ذریعہ پیش گوئی؛ انڈوں سے فال لینا۔

Oometer : (n) بیضہ پیمہ؛ انڈوں کی پیمائش کا آلہ۔

Oomiak/Umiak/Ooniak : (n) [Eskimo. '] پیڈل سے چلنے والی ایک لمبی اسکیمو کشتی جو عورتوں اور بچوں کے لئے ہوتی ہے۔

Oomycetes : (n) [NL.] (نباتیات) بیض فُطر؛ ایک طفیلی سما روغ یا کھمبی کی ذیلی قسم۔

Oomycetous : (a) بیض فطری؛ ایک طفیلی سما روغ کی ذیلی قسم سے متعلق۔

- oon : (لاحقہ) انگریزی میں کوئی معین مفہوم نہیں رکھتا لاطینی میں ان الفاظ میں آتا ہے جن سے تضحیک یا حقارت ظاہر ہوتی ہے (جیسے buffoon وغیرہ)۔

Oonopidae : (n) [NL. f. 'Oonops. '] چھوٹی مکڑی کا ایک خاندان جس کی چھ آنکھیں یا ایک بھی نہیں اور چھ جالی بننے والے اعضاء ہوتے ہیں۔

Oont : (n) بول چال میں Want کا متبادل۔

Oont : (n) [Hindi.] (اینگلو انڈین عامیانہ) اونٹ۔

Oop : (v) (اسکاتستانی) باندھنا؛ یکجا کرنا؛ متحد کرنا؛ جوڑنا۔

Oopak/Oopack : (n) چن کے صوبے ہوپے میں پیدا ہونے والی سیاہ چائے کی قسموں میں سے ایک؛ اوپک۔

Oophagous : (a) انڈے کھا کر بسر کرنے والے (حشرات یا رینگنے والے حیوانات)۔

Oophore : (n) [f. Oo- + Phore.] مبیض نباتات۔

Oophorectomy : (n) مَبیض براری۔

Oophoridum/Oophorid : (n) [Gr.] (نباتیات) تخمک خانہ؛ بیض دان۔

Oophoritis : (n) (مرضیات) ورم مبیض؛ بیضہ دان کا ورم اور سوزش۔

Oophoron : (n) مبیض؛ بیضہ دان؛ تخم کیسہ۔

Oophorostomy : (n) (جراحی) تفویہ مبیض۔

Oophorotomy : (n) (جراحی) مبیض شگافی۔

Oophyte : (n) دیکھو Ophore

Oophyte : (n) (نباتیات) مبیض پودا؛ گمنہ پودا؛ بغیر پھول والے پودوں (فرن، کائی وغیرہ) کی وہ حالت یا ہیئت جس میں وہ نر اور مادہ اعضاء کے حامل ہوتے ہیں؛ تناسل یا تولید جنسی۔

Ooplasm : (n) انڈے کے خلیے کا زندہ مادہ؛ نغز مایۂ بیضہ۔

Ooplasmic : (a) نغز مایۂ بیضہ سے متعلق۔

Ooplast : (n) بیضہ کرہ؛ بغیر پھول والے پودوں کا وہ مادہ خلیہ جو بارور ہونے کے بعد Oospore بن جاتا ہے۔

Oopod : (n) کیڑوں کے انڈے کی نالی یا ڈنک کی ساخت میں شامل ٹکڑوں میں سے ایک۔

Ooporphyrin : (n) انڈے کی زردی؛ انڈے کے اندر کا ہلکا زرد مادہ۔

Oopuhue : (n) [Hawaiian 'Oopu- hue. '] دیکھو Globe fish

Oor : our کا اسکاتستانی متبادل۔

Oorali Woorali کا متبادل۔

Oosperm : (n) (نباتیات) بیضۂ تخم؛ (حیوانیات) بارور بیضہ؛ بیضۂ مادہ۔

Oosphere : (n) دیکھو Ooplast

Oosporange/ -gium : (n) (۱) نباتیات کی ایک اصطلاح۔ (۲)(نباتیات) وہ کیسہ یا تھیلی جس میں بارور بیضہ ہوتا ہے؛ بارور بیضہ دان۔

Oospore : (n) (۱) (نباتیات) بارور مادہ خلیہ؛ بارور بیضہ کرہ؛ بیضہ بذرہ۔ (۲) (حیوانیات) بارور بیضہ۔

Oostegite : (n) [Gr.] انڈے کا خول؛ انڈے کا چھلکا جو بعض قشریوں میں جسم کے مخصوص حصوں کے پھیلنے سے بنتا ہے۔

Oostegitic : (a) بعض قشریوں کے انڈے کے خول سے متعلق۔

Ootheca : (n) [Gr.] بعض بے ریڑھ حیوانات کے انڈوں کا خول یا کوا؛ نیز (نباتیات) بارور بیضہ دان؛ وہ کیسہ یا تھیلی جس میں بارور بیضہ ہوتا ہے۔

Oothecal : (a) بعض بے ریڑھ حیوانات کے کوے سے متعلق : بارور بیضہ دان سے متعلق۔

Ootocoid/Ootocoidean : (n) [mod. L. 'Octocodia. '] (حیوانیات) دودہ پلانے والے جانوروں کی قسم Ootocoidea کا یا اس سے متعلق۔

Ootocoid/Ootocoidean : (n) اس قسم کا جانور ؛ تھیلی دار جانوروں سے مشابہ ایک دودہ پلانے والا جانور۔

Ootocous : (a) (حیوانیات) بائض: بیضہ زا: انڈے دینے والا (جننے والا نہیں)۔

Ooze : (n) [OE. 'wos.'] (۱) کتے کا عرق جو چمڑا رنگنے کے کام آتا ہے: سماق (جھاڑی) یا اس کی پسی اور سکھائی ہوئی پتیاں جو چمڑا کمانے اور رنگنے میں کام آتی ہیں۔ شاہ بلوط (اوک) کی چھال کا عرق (جسے جوش دے کر تیار کرتے ہیں) چمڑا رنگنے کا عرق۔ (۲) مد (نیم وغیرہ کا): رساؤ: رِسی ہوئی چیز: رطوبت جو کسی چیز سے رستی ہے: سست بہاؤ: سست دھارا: آہستہ بہنے والی نہر۔

Ooze : (n) [OE. 'wase. '] (۱) (سمندر یا دریا کی تہ کی) کیچڑ: گیلی مٹی: دلدل: گاد۔ (۲) (سمندر کے کنارے) سفید یا بھورے رنگ کا چُنیلا مادہ جو قعر سمندر میں دور تک پھیلا ہوتا ہے۔

Ooze : (n) [OE. 'wosen. '] (۱) رسنا: بہنا: پھوٹ نکلنا: چھن چھن کر آنا: چونا: ٹپکنا: پسیجنا: پسینہ نکلنا۔ (۲) (کسی چیز کا) رطوبت خارج کرنا: (اطلاع وغیرہ) دینا: راز فاش کرنا یا ہونا۔ (۳) اس طرح دھیرے دھیرے، بتدریج اور غیر محسوس طور سے رطوبت نکلنا یا گزرنا جیسے مسامات سے جسمانی رطوبت خارج ہوتی ہے۔ (۴) دھیرے دھیرے اور بتدریج (رطوبت وغیرہ) خارج کرنا۔

Ooze away : (v) (۱) راز فاش ہونا۔ (۲) (ہمت وغیرہ کا) جاتا رہنا۔ (۲) نکالنا: خارج کرنا۔

Ooze calf/ -leather : (n) بچھڑے کا چمڑا جسے میکانکی طور پر اس طرح رنگا گیا ہو کہ رنگ اندر تک سرایت کرگیا ہو جس سے جوتے کا کھنڈا (اوپری حصہ) بنتا ہے نیز جلد سازی کے کام آتا ہے۔

Ooze out : (v) دیکھو Ooze away

Oozily : (adv.) رستے ہوئے: بہتے ہوئے۔

Oozliness : (n) رساؤ : رسنا۔

Oozoa : (n) Protozoa کا مترادف۔

Oozoan : (a & n) (ایک خلوی و خردبینی) حیوانِ ابتدائی: حیوان اولیہ: حیوین اولیٰ۔

Oozy : (a) (۱) گدلا: کیچڑ یا مٹی ملا ہوا (پانی)۔ (۲) کیچڑ یا گیلی مٹی سے بناہوا: کیچڑ جیسا: (قعر سمندر) جو کیچڑ یا بھورے رنگ کے چنیلے مادے پر مشتمل ہو۔ (۳) رطوبت خارج کرنے والا: رسنے والا: رسا ہوا: نم آلود: مرطوب: کیچڑ۔

Op - : دیکھو Ob-

Opacity : (n) [L. 'Opacitas. '] (۱) کثافت: دھندلاپن: غیر شفافی: تیرگی: ناشفافی۔ (۲) ابہام : عدم وضوح: تاریکی: عدم انعکاس کی حالت: روشنی سے اثر پذیری نہ ہونے کی حالت۔ (۳) صوتی لہروں سے اثرپذیر نہ ہونے کی حالت : غیر اثر پذیری۔ (۴) (مجازاً) ابہام مضی: عدم وضوح۔ (۵) کند ذہنی : ٹھس ہونا: کوڑھ مغز شخص۔

Opacity of cornea : (n) بیاض: جالا: پھولا: ماڑھا: پھلی۔

Opah : (n) [West African.] ایک قسم کی شوخ رنگ مچھلی جو بحر اوقیانوس کے شمالی حصوں میں پائی جاتی ہے: ماہی شوخ رنگ: اوپا۔

Opal : (n) [L. 'Opalus. '] (۱) عین الّہر: دودھیا پتھر: ایک طرح کا بلور جس کے رنگ بدلتے رہتے ہیں۔ (۲) سفید دودھیا شیشہ : نیم شفاف شیشہ۔

Common opal : دودھیا شیشہ سفید یا نیلگوں رنگ کا جس میں سرخ سبز وغیرہ رنگوں کی چھوٹ ہوتی ہے۔

Fire opal/ Sun - : شوخ ارغوانی سرخ رنگ کا دودھیا : عین الشمس۔

Harlequin opal / Noble -/ Precious -: دودھیا پتھر کی ایک قسم جس میں شوخ رنگوں کی چھوٹ ہوتی ہے۔

Opal : (a) دودھیا پتھر کا یا اس سے متعلق: دودھیا پتھر جیسا: دھنک رنگ: دودھیا پتھر کی طرح رنگوں کی چھوٹ دیتا ہوا۔

Opal jasper : (n) (معدنیات) دودھیا یشب۔

Opalesce : (v) [f. Opal.'] دودھیا پتھر کی طرح رنگ برنگ کا چمکنا: مختلف شوخ رنگوں کی چھوٹ دینا : دھنک رنگ ہونا۔

Opalescence : (v) دھنک رنگی: دھنک رنگ ہونا: طرح طرح کے رنگ

بدلنے کی صفت؛ دودھیا دھنک رنگی۔

Opalescent : (a) دودھیے پتھر کا سا؛ طرح طرح کے رنگ بدلنے والا؛ دھنک رنگ؛ مختلف شوخ رنگوں کی چھوٹ دیتا ہوا؛ دودھیا دھنک رنگ؛ دودھیا۔

Opalesque : (a) رنگ برنگ؛ دودھیا پتھر کی طرز کا (کام)۔

Opaline : (a) (۱) دودھیا پتھر سا؛ دودھیا پتھر کے مانند۔ (۲) طرح طرح کے رنگ بدلنے والا؛ رنگ برنگی؛ دھنک رنگی۔

Opaline : (n) (۱) دودھیا شیشہ۔ (۲) دودھیا پتھر کا سا رنگ؛ دھنک رنگ؛ رنگ برنگی سطح۔

Opalize : (v) (۱) دودھیا پتھر کی طرح رنگ برنگ کا چمکنا؛ مختلف رنگوں کی چھوٹ دینا؛ دھنک رنگ ہونا۔ (۲) دودھیا پتھر جیسا دھنک رنگ بنانا؛ دودھیا پتھر یا دودھیا شیشے جیسا بنانا۔

Opalized : (a) دودھیا؛ دودھیا بنایا ہوا؛ دودھیا پتھر جیسا رنگ برنگی۔

Opalotype : (n) دودھیا شیشے پر اترا ہوا مثبت عکس یا تصویر؛ دودھیا شیشے پر بنی ہوئی فوٹو گراف۔

Opaque : (a) [L. 'Opacus.'] (۱) دھندلا؛ غیر شفاف؛ جس سے روشنی نہ گزر سکے؛ نا شفاف۔ (۲) مبہم؛ غیر واضح۔ (۳) کند؛ کند ذہن؛ ٹھس؛ غبی۔ (۴) غیر منعکس؛ مانند بے آب؛ غیر چمکیلا؛ جس سے روشنی خارج یا منعکس نہ ہوتی ہو۔

Opaque : (n) (۱) غیر شفاف چیز یا وہ چیز یا مقام جس سے روشنی کا گزر نہ ہو سکے۔ (۲) پردہ؛ حجاب؛ سد نگاہ؛ حائل نگاہ شے۔

The opaque : تاریکی؛ اندھیرا۔

Opaquely : (adv.) دھندلے پن سے؛ مبہم طور پر؛ کند ذہنی سے۔

Opaqueness : (n) دھندلا پن؛ ابہام؛ کند ذہنی؛ غیر شفاف ہونا؛ نا شفافی۔

-opathy : لاحقہ جو یونانی لفظ patheia سے ماخوذ ہے، اس کے اصلی معنی ہیں "تکلیف" "احساس" مثلاً Homoiopatheia اس سے علاج کے معنی بھی پیدا کر لئے گئے ہیں مثلاً Allopathy -

Ope : (a & n) Open کا مخفف؛ دیکھو Open (a & n) -

Ope : (v) [as prec.] کھولنا؛ واکرنا؛ (شعر میں Open کی بجائے آتا ہے)۔

Opeidoscope : (n) آواز کے ارتعاش کو ظاہر کرنے والا آلہ؛ آواز بین؛ ارتعاش سنج۔

Opelete : (n) [Irreg. f. ope(a) +let.] سمندری پھول (جس کے ریشے نہیں سمٹتے)؛ شقائق نعمانی۔

Open : (a) [OE. 'Open'.] (۱) کھلا؛ کھلا ہوا؛ وا؛ باز۔ (۲) کھلا؛ بے دروازے کا؛ بے احاطے یا دیوار کا؛ غیر محفوظ۔ (۳) ظاہر؛ آشکارا؛ برملا؛ عیاں؛ روشن؛ نمایاں؛ ہویدا؛ صریح؛ بے پردہ؛ مشہود؛ برہنہ؛ بے پوشش۔ (۴) عام؛ غیر؛ مخصوص؛ عمومی۔ (۵) کھلا ہوا؛ پھیلا ہوا؛ شگفتہ؛ کھلا ہوا۔ (۶) (برقیات) منفصل؛ غیر مسلسل؛ مقطوع؛ کھلا۔ (۷) مسام دار؛ مشب؛ سوراخ دار؛ چھید چھید؛ جالی دار۔ (۸) صاف گو؛ اپنے خیالات ظاہر کر دینے والا؛ صاف دل۔ (۹) (موسیقی) کھلا (سُر) (جو بے سوراخ کی بانسری، بے کھونٹی کے تار یا بے پردے کے باجے سے نکلے)؛ (بانسری) جس کا اوپری سرا کھلا ہو؛ (تار) جسے انگلی سے روکا نہ گیا ہو؛ ایسی بانسری یا تار سے نکلا ہوا (سُر)۔ (۱۰) (علم الاصوات) چوڑی؛ کشادہ (آواز حرف کی)؛ (بول) جو حرف علت پر ختم ہو؛ (حرف) جسے کھلے منہ سے ادا کیا جائے۔ (۱۱) (جنگ) جو کھلے میدان میں اور پوری فوجی طاقت کے ساتھ لڑی جائے (قلعہ بند ہو کر نہیں)۔ (۱۲) بے سایہ؛ بے چھت؛ بے چھپر؛ بے ڈھکن (مثلاً بے چھت کی کشتی یا سواری۔ (۱۳) (راستہ یا جگہ) صاف؛ بے روک؛ جس میں کوئی رکاوٹ نہ ہو؛ غیر مسدود۔ (۱۴) (دیہات یا مضافات) جو درختوں یا عمارتوں سے عاری ہوں؛ کشادہ؛ غیر محصور۔ (۱۵) (ندی، بندرگاہ وغیرہ) جہاں برف نہ ہو۔ (۱۶) (جسم کے اندر کی نالیاں) غیر مسدود؛ غیر منقبض؛ صاف (خصوصاً آنتیں)۔ (۱۷) نرم؛ ملائم؛ پولا؛ سرایت پذیر۔ (۱۸) (موسمیات) صاف؛ کھلا ہوا؛ جس میں بادل یا کہر وغیرہ نہ ہوں۔ (۱۹) (جہاز رانی) منفصل؛ بے لاگ؛ الگ۔ (۲۰) (سوال، مقدمہ وغیرہ) غیر منفصل؛ غیر طے شدہ؛ غیر فیصل شدہ؛ غیر یقینی؛ شبیہہ۔ (۲۱) (چیز، کام وغیرہ) قابل رسائی؛ دسترس پذیر؛ جو دسترس میں ہو؛ دستیاب؛ قابل حصول؛ سہل الحصول۔ (۲۲) (فرد) زیرک؛ فہیم؛ رحم دل؛ دانا؛ اثر لینے والا؛ ماننے والا؛ جلد متاثر ہونے والا؛ زود اثر پذیر۔

Bowels are open : قبض نہیں ہے۔

(۱۱) (شکاری کتوں کا) چلانا شروع کرنا؛ شکار کی بو پاکر بھاگنا یا بھونکنے لگنا (اشخاص کے لئے تحقیراً)۔ (۱۲) (افراد یا عوام کے لئے) قابل رسائی بنانا۔ (۱۳) (راستہ) صاف کرنا؛ رکاوٹ دور کرنا؛ راہ دینا؛ سہل گذار بنانا (خاص کر مجازی معنوں میں)۔ (۱۴) (ذہن یا دل کو) وسیع کرنا؛ بڑا کرنا؛ وسیع النظری یا وسیع القلبی لانا؛ فیاض ہونا یا کرنا؛ (ذہن و دل کو) روشن کرنا؛ ذہانت یا ہمدردی میں اضافہ یا وسعت ہونا۔ (۱۵) (قانون) (مقدمے میں) دلیل پیش کرنا (خصوصاً پہلی بار)۔ (۱۶) (کسی فیصلہ، معاہدے یا فروخت وغیرہ کو) ختم کر دینا؛ منسوخ کر دینا؛ مسترد کر دینا؛ واپس لے لینا؛ توڑ دینا (تاکہ وہ معاملہ مزید کارروائی، غور و خوض یا گفت و شنید کے لئے کھلا رہے)۔ (۱۷) (کمرے یا کسی جگہ کا) جنگلہ دار یا رخنہ دار ہونا۔ (۱۸) کھلا ہونا؛ کھلا رہنا۔ (۱۹) پھیلنا؛ ہٹنا؛ پھیل کر الگ ہونا۔ (۲۰) آغاز ہونا؛ ابتدا ہونا؛ تھیٹر والوں کی زبان میں) تماشاگاہ میں پہلے ایکٹر وغیرہ بن کر آنا۔

Not to open ones lips : صمّ بکمّ ہونا؛ بالکل نہ بولنا؛ لب نہ ہلانا؛ بالکل خاموش رہنا۔

To open a country to trade : کس ملک میں بیرونی ملکوں کو تجارت یا کاروبار کرنے کی اجازت یا آزادی دینا۔

To open a (or the) door to : راہ دینا؛ راستہ دینا؛ گزرنے کی اجازت دینا؛ رسائی کی صورت پیدا کرنا۔

To open an account : کھاتا کھولنا؛ (بینک میں اپنے نام کا) کھاتا شروع کرانا۔

To open a persons eyes : کسی کی آنکھ کھولنا؛ جتانا؛ آگاہ کرنا۔

To open ground : زمین کی سطح کو ادھیڑنا؛ اکھیڑنا (ہل چلا کر یا کسی اور طریقے سے)؛ پھارن یا پھارنی کرنا (مقامی عامیانہ)۔

To open land : زمین کو بندوبستی یا استعمال کے لئے پیش کرنا؛ کسی سر زمین پر آمد و رفت وغیرہ کی اجازت دینا۔

To open ones eyes : توجہ دینا؛ ہوشیار ہونا؛ آنکھیں کھولنا؛ آگاہ ہونا؛ خبردار ہونا؛ آنکھیں پھاڑ کر دیکھنا؛ ٹکٹکی باندھنا گھورنا؛ تکنا۔

To open one's lips : منہ کھولنا (بولنے کے لئے)؛ لبوں کو جنبش دینا۔

In open court : کھلی عدالت میں۔

I will be open with you : میں تمہارے ساتھ بے تکلف ہوں۔

The exhibition is now open : نمائش شروع ہو چکی ہے۔

The open door : (غیر قوموں کو اپنے ملک میں) تجارت کی آزادی۔

The river, harbour is open : دریا یا بندرگاہ برف سے خالی ہے۔

To force on open door : اس شخص سے تقاضا کرنا جو خود دینے کو تیار ہے۔

To keep open doors, house, or table : مہمان نواز ہونا؛ ہر وارد و صادر کی مہمان داری کرنا؛ دسترخوان کشادہ رکھنا۔

To lay open : کھلا ہوا چھوڑ دینا؛ کھول کر رکھنا؛ کھول دینا؛ ظاہر کرنا فاش کر دینا؛ پردہ ہٹانا؛ پردہ دری کرنا؛ بے نقاب کرنا۔

To receive with open arms : گرم جوشی سے استقبال کرنا؛ پرتپاک خیر مقدم کرنا۔

With open arms : استقبال کے لئے بازؤں کو پھیلائے ہوئے؛ گرم جوشی سے؛ با نہیں پسارے؛ انتہائی مشتاقانہ؛ پرتپاک انداز میں۔

With open eyes : (۱) جان بوجھ کر؛ دیکھ بھال کر۔ (۲) حیرت سے؛ آنکھیں پھاڑے۔

With open mouth : (بولنے کے لئے) منہ کھولے ہوئے؛ (حیرت سے) منہ کھولے ہوئے؛ متحیر؛ حیران؛ منہ بائے ہوئے؛ کھلا ہوا منہ لے کر۔

Open : (v) [OE. 'Openian'.] (۱) کھولنا؛ باز کرنا؛ واکرنا؛ کشادہ کرنا۔ (۲) افتتاح کرنا؛ افتتاح ہونا۔ (۳) ظاہر کرنا؛ انکشاف کرنا؛ بے نقاب کرنا؛ منظر عام پر لانا؛ نمایاں کرنا؛ دکھانا۔ (۴) شگاف دینا؛ چیرنا؛ پھاڑنا؛ رخنہ ڈالنا؛ رخنہ بنانا۔ (۵) کھلنا؛ باز ہونا؛ کھل جانا؛ وا ہو جانا؛ الگ ہونا؛ جدا ہونا۔ (۶) ظاہر ہونا؛ منکشف ہونا؛ بے نقاب ہونا؛ دریافت ہونا؛ فاش ہونا؛ نگاہوں کے سامنے آنا۔ (۷) پھٹنا؛ پھٹ کر نکل جانا۔ (۸) (گفتگو) شروع کرنا۔ (۹) ابتدا کرنا؛ شروع ہونا۔ (۱۰) (بحری) پوری طرح نظر آنا؛ الگ یا ممتاز نظر آنا؛ صاف طور پر نظر آنا۔

To open one's mouth : (کھانے کے لئے) منہ کھولنا۔

To open pleadings : منصف کے رو برو اپنی دلیلوں کا نچوڑ پیش کرنا۔

To open the ball : کھیل شروع کرنا۔

To open trenches : گرداگرد کھائیاں یا خندقیں کھودنا۔

Open : (n) (۱) سوراخ: رخنہ: روزن: کھڑکی: گذار: موکھا: دہانہ۔ (۲) کھلا میدان: کھلی ہوا: کھلی فضا: منظر عام: صاف ستھری جگہ۔ (۳) کشادہ سر زمین یا خطہ (جہاں عمارتیں یا درخت نہ ہوں): کھلی جگہ: غیر محصور مقام۔ (۴) باہر: گھر سے باہر: زیر سما (بخلاف گھر کے اندر)۔ (۵) کھلا آبنائے مثلاً سمندر یا جھیل کا: سمندر یا دریا کا کشادہ خطۂ آب۔ (۶) چھپائی کا ایک انداز جس میں حروف کے گرد ایک ہلکی لکیر ہوتی ہے (مثلاً یہ)۔ (۷) (برقی دور کا) قطعہ: فصل: وقفہ: فاصلہ۔ (۸) (کھیل کود کا) عام مقابلہ۔ (۹) (صرافہ) کھلا بازار۔

The open : کھلا مقام: کھلا میدان: کھلی جگہ: کھلی فضا: کھلی ہوا: کشادہ خطۂ آب: غیر محصور مقام۔

Open : (adv.) ظاہری طور پر: کھلے عام: ظاہراً: علانیہ: بطور آشکارا۔

Open account : (n) (معاشیات) تصفیہ طلب حساب۔

Open air/Open-air : (n) کھلی فضا: غیر محصور مقام: کلی جگہ: کھلی ہوا: زیر آسمان: زیر سما۔

Open air school : (n) (تعمیرات) زیر آسماں مدرسہ۔

Open-and-shut : (a) (روز مرہ) (مقدمہ) جس میں کوئی پیچیدگی یا الجھاؤ نہ ہو: جو آسانی سے اور بہت جلد فیصل ہو جائے۔

Open-armed : (a) گرم جوشی کا: پرتپاک۔

Open-arms : (n) گرم جوشی: تپاک: خواہش استقبال۔

Open-bill : (n) افریقہ اور ایشیا میں پائے جانے والے لق لق کی قسم کا ایک پرند جس کی چونچ بند ہونے پر صرف سروں پر ملتی ہے، بیچ میں کھلی رہتی ہے۔

Open boat : (n) کھلی کشتی: بے سائبان کشتی۔

Open book : (n) کھلی کتاب: وہ بات جسے سب جانتے ہوں: کسی سے پوشیدہ نہ ہو۔

Open-book examination : (n) تحریری امتحان جس میں حوالوں کے لئے کتابیں دیکھنے کی اجازت ہو۔

Open-breasted : (a) کھلے سینے والا (لباس)۔

Open bridle : (n) لگام جس میں اندھیاری نہ ہو۔

Open carriage : (n) کھلی سواری: بے چھت کی سواری۔

Open-cast : (n) (۱) کان کنی جس میں سطح پر کھدائی ہو رہی ہو۔ (۲) کھائی جو کسی ٹیلے یا پہاڑی وغیرہ کو کاٹ کر سڑک بنانے یا ریل کی پٹری بچھانے کے لئے بنائی گئی ہو۔

Open chain compound : (n) (کیمیا) منفصل زنجیری مرکب۔

Open champion : (n) عام مقابلے میں اول آنے والا: عام مقابلے میں چمپین ہونے والا۔

Open cheque : (n) (معاشیات) کھلا چیک: وہ چیک جسے کراس نہ کیا گیا ہو۔

Open circuit : (n) (برقیات) دور مقطوع: کھلا دور: کھلا سرکٹ۔

Open country : (n) (۱) کشادہ خطہ۔ (۲) کھلا میدان (جس میں باڑھ وغیرہ نہ ہو)۔

Open-cut : (n) دیکھو Open cast

Open-days : (n) (۱) ایام کار۔ (۲) ایام تقاریب۔

Open door : (n) (۱) کھلا دروازہ۔ (۲) (مجازاً) اجازت داخلہ: اجازت ورود: آزادئ راہداری: آزادئ دسترس: آزادئ عمل۔ (۲) (بین الاقوامی سیاست) (دوسرے ملکوں کو اپنے ملک میں) تجارت کی آزادی۔

Open ear : (n) متوجہ کان: کان جو آواز کی طرف متوجہ ہو: کھلا ہوا کان۔

Open-eared : (a) متوجہ: گوش بر آواز: کان لگائے: ہمہ تن متوجہ: ہوشیار: کان کھولے ہوئے۔

Open-end mortgage : (n) رہن جس میں ضرورت پڑنے پر آئندہ بھی ملنے کی گنجائش ہو (اور مزید کوئی نیا رہن نہ کرنا پڑے)۔

Open-ended : (a) جس میں جوابات یا تعبیرات کی وسیع گنجائش ہو۔

Open eye : (n) بیدار یا کھلی ہوئی آنکھ : چشم نگراں؛ چشم آگاہ؛ چشم ہوشمند۔

Open eyed : (a) (۱) کھلی آنکھوں والا؛ بیدار؛ ہوشیار؛ چوکس؛ ہوشمند؛ نگراں۔ (۲) بیدار مغزی سے کیا ہوا (کام)۔ (۲) ہوش و گوش والا؛ بیدار مغز؛ حاضر دماغ۔ (۳) (حیرت یا تعجب سے) آنکھیں پھاڑے ہوئے۔

Open face : (n) چہرہ جس سے خلوص اور صاف دلی ٹپکتی ہو۔

Open face/ -faced : (a) (۱) صاف دل؛ راست باز؛ کھرا؛ بے تصنع؛ سادہ؛ بے لاگ؛ بھولا؛ کشادہ رو؛ خنداں و خوش حال۔ (۲) کھلے چہرے والا؛ بے نقاب۔ (۳) (گھڑی) جس کا ڈائل صرف شیشے سے ڈھکا ہو۔ (۴) بے چھت؛ بے سر پوش؛ جس کا اوپری ڈھکن نہ ہو۔ (سینڈوچ یا پانی) جس پر اوپری تہ نہ جمائی گئی ہو۔

Open facedness : (n) صاف دلی؛ کھراپن؛ سادگی؛ کشادہ روئی؛ راست بازی۔

Open field : (n) کھلا میدان (جس کے گھر باڑھ وغیرہ نہ ہو)؛ یک لخت زرعی زمین؛ چکّہ؛ چکلا ۔

Open field system : (n) چکلا بندی یا چکبندی کا طریقہ جس کے تحت گاؤں کی کل قابل کاشت زمین کو متعدد قطعوں میں تقسیم کر کے ساکنان موضع کے درمیان بندوبست کر دیا جاتا تھا۔

Open fireplace/ -grate : (n) آتشدان یا بھٹی جس میں ڈھکن نہ ہو اور پوری آگ نظر آتی ہو۔

Open-hand/- handed : (a) کھلے ہاتھوں والا؛ جس کا ہاتھ کھلا ہوا ہو؛ فیاض؛ سخی؛ دانا؛ داد و دہش والا؛ کشادہ دست؛ سخاوت مند۔

Open-handedly : (adv.) فیاضی سے؛ دل کھول کر؛ فیاضانہ ؛ سخاوت سے۔

Open -handedness : (n) کشادہ دستی؛ فیاضی؛ سخاوت۔

Open harmony : (n) (موسیقی) زیادہ فصل کے سروں کی ہم آہنگی؛ ہم آہنگی جس میں تاروں کو زیادہ وقفے سے الگ کیا جاتا ہے۔

Open heart : (a) آپریشن کے ذریعہ جس کے دل کو کھول یا چیر دیا گیا ہو اور دوران خون باہربہی باہر گروایا جا رہا ہو۔

Open hearted : (a) صاف دل؛ بھولا؛ با مروت؛ خوش خلق؛بہر خلوص؛ مخلص؛ اخلاص مند حمدل؛ سادہ؛ سادہ دل؛ سادہ لوح۔

Open-heartedly : (adv.) صاف دلی سے؛ بھولے پن سے ؛ گرم جوشی سے؛ خوش خلقی سے؛ مخلصانہ ؛ پر خلوص انداز میں۔

Open-heartedness : (n) صاف دلی؛ بھولا پن؛ مروت؛ رحمدلی؛ گرم جوشی؛ خوش خلقی ؛ خلوص؛ سادگی۔

Open hearth : (n) کھلا چولہا؛ بھٹی کا فرش جس پر دھات یا خام دھات کو (کھلا ہوا) شعلوں کے سامنے لایا جاتا ہے؛ انعکاسی بھٹی کا اتھلا چولہا جو اوپر سے گرم گیسوں کے ذریعہ گرم کیا جاتا ہے؛ کھلے چولہے والی بھٹی۔

Open ice : (n) کھلی برف (جس سے ہو کر جہاز گزر سکیں)۔

Open letter : (n) احتجاجی خط؛ احتجاجی مراسلہ ؛ کھلی چھٹی ؛ کھلا خط (جو کسی ایک شخص کے نام ہو مگر مفاد عامہ کے حق میں ہو اور اخبار وغیرہ میں شائع کیا جائے)۔

Open market : (n) (معاشیات) کھلا بازار۔

Open-minded : (a) (۱) کشادہ دل؛ بے تعصب؛ صاف دل؛وسیع النظر۔ (۲) بے رائے (جس نے کسی معاملے کے متعلق کوئی رائے نہ قائم کی ہو) خیالات یا دلائل کو ماننے والا؛ صاف ذہن والا۔

Open-mindedly : (adv.) کشادہ دلی سے؛ وسعت نظر سے؛بے تعصبی سے۔

Open-mindedness : (n) کشادہ دلی؛ وسعت نظر؛ بے تعصبی؛صاف دلی۔

Open-mouthed : (n) (۱) بسیار خور ؛ پیٹو۔ (۲) صاف گو۔ (۳) حیرت سے منہ پھیلائے۔

Open note : (n) موسیقی کا ایک سُر؛ ہوا سے بجنے والے پیتل کے ساز سے نکلنے والے بنیادی سر کے علاوہ اس کا ہم آہنگ فطری سُر۔

Open order : (n) (۱) (بحری، فوجی)کشادہ ترتیب(جس میں سپاہیوں یا جہازوں کے درمیان زیادہ فاصلہ رکھا جاتا ہے)۔ (۲) (فوجی) صف بندی جس میں سپاہی ایک دوسرے سے تین گز یا زیادہ فاصلے پر ہوتا ہے۔ (۳) (بحری) جہازوں کی ترتیب جس میں ہر جہاز ایک دوسرے سے ایک (جہازی) رسے کی لمبائی کے فاصلے پر ہوتا ہے۔

Open out : (v) (۱) کھولنا (سامان، اسباب، گھڑی، تہ وغیرہ)؛ ادھیڑنا۔ (۲) بڑھانا؛ نشو و نما دینا۔ (۳) منکشف کرنا؛ افشا کرنا؛ ظاہر کرنا؛ دکھانا؛ منظر عام پر لانا؛ دوسروں پر ظاہر کرنا؛ دوسروں کے علم میں لانا۔ (۴) پھیلنا؛ فراخ یا کشادہ ہونا؛ منفصل ہونا۔ (۵) (مجازاً) وسیع النظر ہونا؛ وسیع القلب ہونا بامروت ہونا؛ ہمدردی

جتانا؛ رحمدل ہونا؛ عسیر الفہم ہونا؛ واضح ہونا۔ (۶) بولنا؛ گویا ہونا؛ وضاحت کرنا؛ صریح طور پر کہنا؛ واضح کرنا؛ تفصیلات بتانا۔ (۷) موٹر یا کار کے انجن کی بھاپ نکلنے کے لئے بخارے یا کھل مندن کا کھلنا یا اسے کھولنا (تاکہ رفتار تیز ہو)؛ رفتار تیز کرنا۔

Open pipe : (n) (صوتیات) کھلا نل۔

Open pit : (n) دیکھو Open-cut

Open plan : (n) (تعمیرات) مکان کا نقشہ جس میں اندرونی دیواریں کم ہوں یا نہ ہوں۔

Open prison : (n) کھلا قید خانہ (جہاں حفاظتی تدابیر کا خیال کم رکھا جاتا ہے)۔

Open question : (n) اختلافی مسئلہ؛ مابہ النزاع مسئلہ۔

Open scholarship : (n) عام مقابلے کا وظیفہ، وظیفہ جو کھلے مقابلے کے ذریعے ملے۔

Open secret : (n) وہ راز جسے سبھی جانتے ہوں پھر بھی اسے راز ہی سمجھا جاتا ہو۔

Open sesame : (n) (۱) کھل جا سم سم؛ علی بابا چالیس چور کی کہانی کے وہ جادوئی الفاظ جن کے کہتے ہی چوروں کے غار کا دروازہ کھل جاتا تھا۔ (۲) بے روک اور فوری داخلے کا کوئی بھی ذریعہ؛ جادو کی کنجی؛ مفتاح رمز: مشکل کشا۔ (۳) (مجازاً) رشوت؛ علاج سحر آسا۔

Open society : (n) سوسائٹی یا سماج جس کی تشکیل یا عقیدے میں سخت گیری یا کٹر پن نہ ہو؛ کھلا سماج یا معاشرہ۔

Open time : (n) (۱) (close time کی ضد) اذن عام کا زمانہ۔ (۲) وہ دن جو یوم السبت نہ ہو؛ وہ دن جس میں ماہی گیری وغیرہ ممنوع نہ ہو۔

Open up : (v) (۱) سامنے لانا؛ منظر عام پر لانا؛ ظاہر کرنا قابل دسترس بنانا؛ عام کرنا؛ قابل استعمال بنانا؛ استعمال کے لئے پیش کرنا؛ (راستہ وغیرہ) کھول دینا؛ (راہ) گزرنے کے بنا دینا۔ (۲) (سوال) جسے بغیر حل کئے ہوئے چھوڑ دیا گیا تھا اسے غور و خوض یا حل کرنے کے لئے) پیش کرنا؛ آشکار کرنا؛ (سوال) اٹھانا اور کھلا چھوڑ دینا یا حل نہ کرنا۔ (۳) قابل استعمال ہونا؛ منظر عام پر آنا؛ کھلنا؛ رکاوٹ دور ہونا۔ (۴) فائرنگ شروع ہونا؛ گولہ باری شروع ہونا۔ (on, upon کے ساتھ)۔

Open verdict : (n) تجویز جرم بے تعین مجرم؛ کسی جرم کی ابتدائی تفتیش اور تحقیقات پر مبنی رائے یا فیصلہ جس میں مجرم کی نشاندہی نہ کی گئی ہو یا تشدد آمیز قتل یا اس کا سبب نہ بتایا گیا ہو۔

Open weather/ -winter : (n) وہ موسم سرما یا زمانہ، جس میں ابر، کہر، بارش یا برف باری نہ ہو۔

Open work : (n) (۱) بنائی، کڑھائی یا کشیدہ کاری کا وہ کام جس میں خالی جگہیں یا درزیں ہوں؛ جالی دار کام؛ کھلا کام (لوہے وغیرہ کا جس میں باہم فصل ہو)۔ (۲) (کان کنی) وہ کھدائی جو سطح زمین تک کھلی ہوئی ہو۔

Opener : (n) کھولنے والا؛ باز کنندہ؛ افتتاح کنندہ؛ کشائندہ؛ مفتاح؛ کلید۔

Opening : (n) (۱) کھلنا؛ کھولنا؛ کشائش؛ فراخی۔ (۲) درز؛ منہ؛ موکھا؛ دہانہ؛ چوڑا سوراخ؛ شگاف؛ رخنہ؛ روزن۔ (۳) ابتدا؛ آغاز؛ افتتاح؛ شروع؛ شروع کا حصہ۔ (۴) اچھا موقع؛ موافق صورت حال؛ سنہری موقع۔ (۵) افتتاحی تقریر (وکیل کی)؛ (مقدمے میں ثبوت داخل کرنے سے پہلے) وکیل کی ابتدائی بحث۔ (۶) (شطرنج) مقررہ ابتدائی چالیں؛ کھیل شروع کرنے کا ایک انداز۔ (۷) کھاڑی؛ خلیج۔ (۸) دو ستونوں کے درمیان محراب کی چوڑائی۔ (۹) (امریکا) جنگل میں وہ قطعۂ زمین جہاں درخت نہ ہوں یا بہت کم ہوں۔

Opening : (a) (۱) کھولنے والا؛ ابتدا کرنے والا؛ شروع کرنے والا؛ کشائندہ؛ باز کنندہ۔ (۲) کھلنے والا؛ آنے والا؛ ابتدائی؛ افتتاحی؛ پہلا؛ تمہیدی۔ (۳) جو کھل سکے؛ وا ہونے والا؛ پھیلنے والا۔

Opening a circuit : (برقیات) مقاطعۂ دور۔

Opening bid : (n) (نیلام میں) پہلی بولی۔

Opening costs : (n) (معاشیات) مصارفِ عمل کاری۔

Opening entries : (n) ابتدائی اندراجات۔

Opening gun : (n) واقعات کے کسی مربوط سلسلے کا بنیادی واقعہ۔

Openly : (adv.) کھلم کھلا؛ اعلانیہ؛ کھلے بندوں؛ برملا؛ صاف صاف؛ کھل کر؛ بے تکلفی سے؛ قطعی طور پر۔

Openness : (n) (۱) کھلا ہوا یا کشادہ ہونے کی حالت یا صفت۔ (۲) صاف دلی؛ کشادگی؛ خلوص۔

Opera : (n) [It.] (۱) اوپیرا : تمثیل غنائی: وہ ناٹک جس میں نغمہ و ساز کا عنصر غالب ہو: غنائی تمثیل ۔ (۲) (عموماً The کے ساتھ) ڈرامائی فن کی ایک شاخ ۔

At or to the opera : مقام کے تصور کے ساتھ ۔

Comic opera : مزاحیہ غنائی تمثیل ۔

Grand opera : خاموش اوپیرا یا غنائی تمثیل ۔ (جس میں مکالمہ نہ ہو) ۔

Opera bouffe : (n) [Fr.] غنائی نقل یا سوانگ: مزاحیہ غنائی تمثیل ۔

Opera-cloak : (n) قیمتی فرغل یا چوغا جسے پہن کر عورتیں اوپیرا، رقص یا شام کے جلسوں یا پارٹیوں وغیرہ میں جاتی ہیں ۔

Opera comique : (n) دیکھو Comic opera

Opera-girl : (n) (۱) عورت یا لڑکی جو سنگت کے ساتھ اوپیرا میں ناچتی ہیں ۔ (۲) (جمع) ننھا اور نازک پودا جسے شیشے کے گھر میں رکھا جاتا ہے (اسے Dancing-girl بھی کہتے ہیں) ۔

Opera-glass/-glasses : (n) دوربین (جو تھیٹر دیکھنے کے لئے لگاتے ہیں) مقربہ: ناٹک دوربین ۔

Opera-hat : (n) مردوں کی پچکنے والی لمبی ہیٹ جسے اوپیرا میں پہنتے ہیں ۔

Opera-house : (n) تھیٹر جہاں اوپیرا پیش کیا جاتا ہو: تماشہ خانہ : غنائی تمثیل خانہ: اوپیرا گھر: تھیٹر ۔

Operability : (n) آپریشن یا نشتر زنی کے لائق ہونے کی حالت یا صفت ۔

Operable : (n) آپریشن کے قابل: قابل عمل جراحی، نشتر زنی ۔

Operameter : (n) [irreg. f.L. 'Opera' + Meter.'] (میکانیات) کسی دھرے یا پہیئے کی گردشوں، پسٹن کی ضربوں، طباعت مشین سے (چھپ کر) نکلنے والی کاپیوں وغیرہ کی تعداد کو قلمبند کرنے کا آلہ یا پرزہ ۔

Operand : (n) [L. 'Operandum.'] (ریاضیات) زیر عمل تعداد یا علامت : معمّل ۔

Operant : (a) [Pr.ppl. 'Stem of L. 'Operari.'] (۱) عامل: چلانے والا: حرکت دینے والا: محرک ۔ (۲) نشتر لگانے والا: آپریشن کرنے والا ۔

Operant : (n) (۱) عامل: چلانے والا: حرکت دینے والا: محرک ۔ (۲) نشتر زن: نشتر لگانے یا آپریشن کرنے والا ۔ (۳) کاریگر: دستکار: مزدور: صناع: صنعت گر: مستری ۔

Operate : (v) [f. L. 'Operari.'] (۱) چالو ہونا (مشین وغیرہ) : عمل کی حالت میں ہونا: اثر انداز ہونا: موثر ہونا: اثر انگیز ہونا: عمل کرنا: عمل درآمد ہونا: اثر ڈالنا ۔ (۲) (دوا وغیرہ کا) فائدہ کرنا: متوقع اثر دکھانا: اثر کرنا ۔ (۳) (on, upon کے ساتھ) نشتر لگانا: آپریشن کرنا: چیرنا: پھاڑنا: شگاف دینا: چیر پھاڑ کرنا: چاک کرنا: عمل جراحی کرنا: عمل طبی کرنا ۔ (۴) (جراحی) موچ کھائے ہوئے اعضا کو درست کرنے، کسی مرض کو اچھا کرنے یا درد میں آرام پہنچانے کے لئے صرف ہاتھوں یا کسی آلے یا اوزار کے ذریعہ کوئی عمل کرنا ۔ (۵) (فوج و بحری) حربی نقل و حرکت عمل میں لانا: جنگی حکمت عملی سے کام لینا ۔ (۶) پیدا کرنا (تغیر وغیرہ) ۔ (۷) کسی جذبے کو ابھارنے کی کوشش کرنا ۔ (۸) چلانا (کام، کلوں وغیرہ کو) ۔ (۹) (کسی کام کو) پورا کرنا: پورا کرنے کی کوشش کرنا: پایۂ تکمیل تک پہنچانا ۔ (۱۰) (تجارت، کاروبار وغیرہ کو) چلانا: انتظام کرنا ۔ (۱۱) (دلالوں کا) خرید و فروخت کے ذریعے قیمت پر اثر ڈالنا: دلال کی حیثیت سے اشیاء کی خرید و فروخت کرنا ۔

Operatic : (a) اوپیرائی: اوپیرا یا غنائی تمثیل سے متعلق: غنائی تمثیل جیسا: اوپیرکا: اوپیرا یا غنائی تمثیل سے مشابہ ۔

Operatically : (adv.) اوپیرائی انداز میں: غنائی تمثیل کی طرح سے ۔

Operating : (n) (۱) چلانے کا عمل ۔ (۲) چیر پھاڑ کرنے کا عمل : نشتر زنی: عمل جراحی چیر پھاڑ: آپریشن ۔

Operating-room : (n) آپریشن کا کمرہ: معمل جراحی: جراحی کا کمرہ : آپریشن روم ۔

Operating-table : (n) آپریشن ٹیبل: میز جس پر مریض کو لٹا کر آپریشن کیا جاتا ہے: عمل جراحی کی میز ۔

Operating-theatre : (n) (طبی مدرسوں میں) جراحی کی کلاس: عملیہ گاہ: آپریشن خانہ: وہ کمرہ یا کلاس روم جہاں طلبا کے سامنے عمل جراحی کیا جاتا ہے ۔

Operation : (n) [L. 'Operatio' + ion.'] (۱) عمل: فعل: اثر: تاثر: طریق عمل: عمل درآمد: کارکردگی: اثر خیزی: اثر اندازی: دائرۂ عمل: نفاذ: حالت عمل: کاروائی ۔ (۲) (مالیات کا) کا معاملہ: عمل ۔ (۳) عمل جراحی: عملیہ آپریشن: عمل طبی: موچ کھائے ہوئے اعضا کو درست

کرنے، کسی مریض کو اچھا کرنے یا درد میں آرام پہنچانے کے لئے صرف ہاتھوں یا کسی آلے یا اوزار کے سہارے انجام دیا ہوا عمل یا سلسلۂ عمل۔ (۳) فوجی نقل و حرکت؛ حربی تدبیر یا عمل فن جنگ سے متعلق حکمت عملی۔ (۵)(ریاضیات) عمل (جیسے ضرب، تقسیم)۔ (۶) صلاحیت عمل؛ قوت عمل؛ (قانونی دستاویزوں کی) قوت، اثر۔ (۷) عمل کی مخصوص صورت یا قسم۔ (۸) کسی عمل یا میکانکی کام کی انجام دہی (مثلاً کوئی سائنسی تجربہ یا مظاہرہ)۔ (۹) سٹہ بازی؛ تجارتی لین دین جو سٹہ بازی کے ذریعہ ہو۔ (۱۰) (مشین، ریلوے تجارت یا کاروبار) چلانے کا عمل۔

In operation : چلتا ہوا؛ چالو؛ متحرک، بہ حالت عمل؛ نافذ؛ زیر عمل، زیر تدبیر جنگی۔

Line of operation : وہ خط یا وہ راہ جس پر چل کر فوج اپنے مقصود تک پہنچتی ہے۔

Surgical operation : عملیہ جراحی؛ عمل جراحی۔

To come into opeation : جاری ہونا؛ نافذ ہونا؛ چلنا؛ حرکت میں آنا؛ چالو ہونا؛ بروئے کار آنا؛ عمل کی حالت میں ہونا؛ (فوج کا) نقل و حرکت شروع کرنا؛ لشکر کشی کرنا؛ جنگی حکمت عملی یا فوجی تدبیر کو بروئے کار لانا۔

Operation room : (n) (جرّاحی) مشرحہ؛ آپریشن خانہ عملیہ کمرہ۔

Operational : (a) (۱) (فوج حربی یا جنگی نقل و حرکت سے متعلق؛ لشکر کشی سے متعلق؛ فوجی حکمت عملی سے متعلق۔ (۲) (جراحی) عملیاتی؛ آپریشن کا یا اس سے متعلق۔

Operational research : (n) عملیاتی ریسرچ؛ انتظامی امور میں کوئی رائے قائم کرنے کی غرض سے ایک ٹھوس اور مضبوط بنیاد فراہم کرنے کے لئے سائنسی طور پر تحقیق و تفتیش کا ایک طریقہ (ابتداءً فوجی منصوبوں کے لئے)؛ مختلف OR O. R -

Operations : (n) (جراحی) عملیات۔

Operations research : (n) دیکھو Operational research

Operative : (a) [LL. 'Operativus.'] (۱) موثر؛ عامل؛ کارگر؛ نافذ؛ زیر عمل؛ چالو؛ بحالت عمل؛ نافذ العمل۔ (۲) عمل جراحی کا؛ عملیاتی۔ (۲) عملی (ضد نظری)۔ (۳) فائدہ مند؛ موثر؛ کارگر (دوا)۔ (۵) (کام یا پیداوار میں) مشغول؛ فعال شخص۔ (۶) (مزدور یا کاریگر کے طور پر) کام کرنے والا۔ (۷) (کسی قانونی دستاویز کے وہ الفاظ) جو اس دستاویز کے ذریعہ کئے گئے تبادلے یا لین دین کی نیت یا ارادے کو ظاہر کرتے ہیں۔

Operative : (n) (۱) مزدور؛ صنعت گر؛ دست کار۔ (۲) کاشف؛ کار آگاہ؛ مستری؛ کاریگر؛ صناع (نیز توصیفاً)۔

Operative industry : (n) (معاشیات) عاملی صنعت۔

Operative motive : (n) عامل محرک۔

Operative surgery : (n) عملیاتی جراحیات؛ عمل جراحی۔

Operative words : (n) کلمات مبین معاملہ؛ کسی قانونی دستاویز کے وہ الفاظ جو اس دستاویز کے ذریعہ کئے گئے تبادلے یا لین دین کی نیت یا ارادے کو ظاہر کرتے ہیں۔

Operatively : (adv.) موثر طور پر؛ عملی طریقے سے؛ نافذ العمل ہو کر۔

Operativeness : (n) اثر انگیزی؛ نفاذ؛ عاملیت؛ موثر یا کارگر ہونے کی حالت یا صفت فعالیت یا مشغولیت۔

Operatize : (v) [f. 'Opera.'] اوپیرا کی شکل میں لانا؛ اوپیرا بنانا؛ غنائی تمثیل بنانا (قصے وغیرہ کو)۔

Operator : (n) (۱) مشین یا کل کو چلانے والا؛ (میکانیات) کل کار؛ (معاشیات) کاریگر؛ مزدور۔ (۲) عامل؛ کارگزار۔ (۲) جراح؛ عمل جراحی کرنے والا؛ دندان ساز۔ (۴) سٹہ بازی کا کاروبار کرنے والا؛ کارندہ؛ ایجنٹ۔ (۵) (ریاضیات) علامت (ریاضی) جو (کسی عمل یا سلسلۂ عمل کو بتاتی ہو)۔ (۶) (ٹیلیفون) آپریٹر؛ تلفونچی۔

Telephone operator : ٹیلیفون آپریٹر؛ تلفونچی۔

Opercle : (n) [L. 'Operculum.'] (۱) ڈھکن نما عضو؛ مچھلیوں کے گلپھڑوں کا ڈھکنا۔ (۲) گھونگے کا ڈھکنا؛ (حیوانیات) سرپوش؛ خول؛ درختی۔ (۲) مختلف ڈھکن نما یا سرپوش نما حصے یا اعضا کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ (۴) (پودوں کا) سرپوش۔ (۵) (تشریح) غشائے دماغ۔

Opercular : (a) ڈھکنے جیسا؛ سرپوش سے مشابہ؛ سرپوش کا یا اس سے متعلق۔

Operculata : (n) سرپوش دار؛ سرپوشوی؛ Operculate کی جمع۔

Operculate/Operculated : (a) سرپوش دار؛ ڈھکنے دار؛ صدف دار (نباتیات، حیوانیات) سرپوشوی۔

Operculate : (n) سرپوش دار گھونگا: سرپوشوی گھونگا۔

Operculi - : (Comb.) لاطینی لفظ Operculum کی ترکیبی شکل۔

Operculiferous : (a) دیکھو Operculate

Operculiform : (a) سرپوش نما : ڈھکن جیسا: سرپوش کی شکل کا۔

Operculigenous : (a) ڈھکن پیدا کرنے والا (حیوان)۔

Operculum : (n) دیکھو Opercle

Operetta : (n) [It. 'dim.of 'Opera.'] ایک مختصر اور ہلکی پھلکی غنائی تمثیل: مختصر اوپیرا : اوپیریٹا: ایک ایکٹ کی مزاحیہ تمثیل۔

Operose : (a) [L. 'Operosus.'] (۱) محنتی: جفاکش۔ (۲) سخت محنت سے بنایا ہوا یا حاصل کیا ہوا۔

Operosely : (adv.) محنت سے: جفاکشی سے۔

Operosity : (n) جفاکشی: محنتی ہونا۔

Ophelia : (n) [prop. of.Gr. 'Ophis +helos.'] (نباتیات) جنس چرائتا۔

Ophelia chirata : (n) (نباتیات) چرائتا۔

Ophelimity : (n) [It. 'Ophelimita.'] معاشی تسکین : اقتصادی تسکین۔

Ophicalcite : (n)[Gr. 'Ophis' + Calcite'.] (معدنیات) مارسنگی مرمر۔

Ophicephalidae/Ophicephalous : (n) [NL.] (حیوانیات) مار راسہ : مار سِرا: گوشت خور مچھلی کی ایک قسم جس کی شکل مخروطی اور سانپ کے سر کے مشابہ ہوتی ہے، یہ مشرقی ایشیا اور افریقہ میں پائی جاتی ہے۔

Ophicleide/Ophicleid : (n) [Fr.] (۱) بگل کی طرح کا ایک باجا جس میں پردے ہوتے ہیں، نیز یہ باجا بجانے والا۔ (۲) آرگن باجے کی کھونٹی یا پردہ (بانس یا نرسل کا)۔

Ophidia : (n) [mod. L.] (حیوانیات) سانپوں پر مشتمل رینگنے والے حیوانات کی قسم: طبقۂ مار: افعیان: ماران: خانوادۂ مار۔

Ophidian : (a) (۱) (حیوانیات) ماری: طبقۂ مار سے متعلق: سانپ کی نوع کا: سانپوں کی قسم سے متعلق۔ (۲) سانپ سے متعلق: منسوب یا مشابہ سانپ جیسا: مار نما: مثل افعی۔

Ophidian : (n) (حیوانات) سانپ: مار : ناگ۔

Ophidiarium : (n) (حیوانات) خانۂ مار۔

Ophidiasis : (n) (طب) سمیت مار۔

Ophidioidea : (a & n) Ophidioidea گروپ کی (مچھلی)۔

Ophidioid : (n) Ophidioidea گروپ کی مچھلی۔

Ophidism : (n) دیکھو Ophidiasis

Ophidium : (n) [Latinized form of 'Ophidion.'] لمبوترے جسم والی مچھلیوں کی ایک قسم : اس قسم کی مچھلی: گونجی مچھلی : مار ماہی۔

Ophio - : (comb.) یونانی لفظ Ophis سے نکلا ہوا سابقہ بمعنی "سانپ" "مار"۔

Ophioglossum : (n) (نباتیات) فرنوں (پودوں) کی ایک قسم: مار زبان۔

Ophiolater : (n) مار پرست: افعی پرست: سانپ یا ناگ کی پوجا کرنے والا۔

Ophiolatrous : (a) مار پرستانہ۔

Ophiolatery : (n) مار پرستی: ناگ پرستی: افعی پرستی: سانپ یا ناگ پوجا۔

Ophiologic/-al : (a) افعیاتی: حنشیّاتی: سانپوں کے علم سے متعلق۔

Ophiologist : (n) ماہر افعیات: سانپوں کے علم کا ماہر: ماہر حنشیّات۔

Ophiology : (n) علم حنشیّات: علم افعیّات: علم ماراں۔

Ophiomorph : (n) (حیوانیات) مار شکل: کوربّر بحریہ۔

Ophiomorphic/Ophiomorphous : (n) سانپ کی شکل کا: افعی مانند: ناگ جیسا (خاص کر) Ophiomorpha سے متعلق۔

Ophiomorphite : (n) ایک متحجر سانپ جیسے حشرہ کا قدیم نام: سانپ جیسا پتھر۔

Ophiophagous : (a) (حیوانیات) مار خور۔

Ophiophagus : (n) [L. 'Ophiophagoi.'] (۱) مار خور جانور: (حیوانیات) مار خور۔ (۲) (حیوانیات) مار خور سانپ: ویسٹ انڈیز میں پایا جانے والا ایک قسم کا

انتہائی زہریلا کیڑا جو کوبرا (گہمن) جیسا ہوتا ہے اور دوسرے سانپوں کو کھا جاتا ہے۔

Ophiophagus elaps : (n) مار خور سانپ کی ایک قسم۔

Ophophilist : (n) (نفسیات) مار پسند۔

Ophir : (n) [Heb.'Opir.'] عہد نامۂ عتیق میں مذکور کسی مقام یا خطے کا نام جہاں سے اچھی قسم کا سونا حاصل کیا جاتا تھا (اس کا مقام غیر معین ہے)۔

Ophite : (n) [L. 'Ophites.'] (معدنیات) حجر الحیہ؛ چتکبرا پتھر: ایک قسم کا سبز پتھر جس پر سانپ کی طرح کے دھبے یا چتیاں ہوتی ہیں؛ سنگ سماق؛ مرمر سبز مرمر مصری (نیز توصیفی معنوں میں)۔

Ophite : (n) [LL. 'Ophitae.'] دوسری صدی عیسوی میں موجود اس عیسائی فرقے کا رکن جو سانپ کو عقل کا دیوتا سمجھ کر اس کی پوجا کرتا تھا؛ مار پرست؛ مار پرست فرقے کا رکن۔

Ophite : (a) سانپ جیسا؛ شبیہ مار۔

Ophitic : (a) سنگ سماق کا یا اس سے متعلق؛ مر مر سبز کا۔

Ophitic : (a) مار پرست فرقے کے کسی رکن کا یا اس سے متعلق۔

Ophiuchus : (n) [L.] ستاروں کا جھرمٹ جو دیکھنے میں ایسا لگتا ہے جیسے کوئی آدمی سانپ کو پکڑے ہوئے ہو؛ (علم النجوم) حوا؛ حامل الحیّہ۔

Ophiucis : (n) (علم النجوم) راس الحوّا (ستارہ)۔

Ophiura : (n) [L.] (حیوانیات) جنس ماردم؛ قصیف ماہی؛ ریگ ماہی۔

Ophiuran : (a) [L. 'Ophiura.'] حیوانات کے اس طبقے کا یا اس سے متعلق جس میں خار پشت شامل ہے۔

Ophiuran : (n) اس نوع کی ستارہ ماہی؛ خار پشت ستارہ ماہی؛ ریگ ماہی؛ قصیف ماہی؛ مار دُمہ۔

Ophiure : (n) دیکھو Ophiuran

Ophiurid/Ophiuroid : (a & n) دیکھو Ophiuran (a & n)

Ophiuroidea : (n) (حیوانیات) ماردمان؛ ریگ ماہیان؛ خار پشت ستارہ ماہیان۔

Ophyron : (n) [mod. L.] (تشریح) حاجبینہ؛ ابروؤں کے بیچ کی جگہ۔

Opthalmia : (n) [LL.] (مرضیات) آشوب چشم؛ ورم چشم؛ رور؛ پُچّٹ؛ سوزش چشم؛ آماس چشم۔

External opthalmia : (n) (مرضیات) زورِ ظاہر۔

Internal opthalmia : (n) (مرضیات) زور غائر۔

Ophthalmic : (a) (۱) مرض رور کا (مریض) آشوب چشم کا (مریض)؛ امراضِ چشم میں مبتلا۔ (۲) (طب) روری۔ (۳) (تشریح) عینی، چشمی؛ آنکھ کا؛ آنکھ سے متعلق؛ آنکھ سے جڑا ہوا (عصب) آنکھ کو متاثر کرنے والا (مرض)۔ (۴) مفید چشم؛ آنکھ کے امراض کو اچھا کرنے والی (دوا)۔ (۵) جراح چشم؛ جراحِ چشم میں کام آنے والا (آلہ وغیرہ)۔

Ophthalmic : (n) علاج امراض چشم؛ داروئے چشم؛ دوائے چشم۔ (۲) عصب چشم؛ عصب باصرہ۔

Ophthalmic artery : (n) شریان چشم (جو عصب چشم سے ملی ہوتی ہے)۔

Ophthalmic nerve : (n) عصب چشم؛ عصب باصرہ۔

Ophthalmic optician : (n) ماہر بصارت پیمائی۔

Ophthalmic records : (n) (طب) روری اندراجات۔

Ophthalmic surgeon : (n) (جراحی) سرجن امراض چشم؛ کحال؛ جراح چشم۔

Ophthalmic vein : (n) ورید چشم؛ رگ چشم۔

Ophthalmist : (n) طبیب چشم؛ کحال؛ حکیم چشم۔

Ophthalmite : (n) (حیوانیات) غضنۂ چشم؛ غضنہ نما جوڑ جس پر بعض قشریوں کی آنکھ ہوتی ہے۔

Ophthalmitis : (n) آشوب چشم؛ ورم اور سوزش چشم؛ آنکھ کا ورم۔

Ophthalmo - : (comb.) یونانی لفظ Opthalmos سے مشتق سابقہ یا جزو ترکیبی بمعنی "آنکھ" "چشم" "عین"۔

Ophthalmo-reaction : (n) داروئے چشم کے اثر کی آزمائش۔

Ophthalmological : (a) عینیاتی؛ علم چشم یا علم امراض چشم سے متعلق۔

Ophthalmologically : (adv.) از روئے عینیات : علم امراض چشم کی رو سے ۔

Ophthalmologist : (n) ماہر امراض چشم : ماہر علم العین: طبیب چشم ۔

Ophthalmology : (n) (۱) (تشریح) آنکھ کی ساخت اور اس کے کاموں کا سائنسی مطالعہ : عینیات: علم العین: علم چشم آنکھ کا علم: چشم شناسی ۔ (۲) (طب) علم امراض چشم ۔

Ophthalmometer : (n) چشم پیما: Helmholtz کا ایجاد کردہ آنکھ کی گولائی ناپنے کا ایک آلہ ۔

Ophthalmometric : (a) پیمائش چشم سے متعلق ۔

Ophthalmometry : (n) پیمائش چشم: چشم پیمائی ۔

Opthalmoplegia : (n) فالج چشم : فالج عضلات چشم ۔

Ophthalmoplegic : (a) فالج چشم کا مریض: فالج چشم میں مبتلا ۔

Ophthalmopod : (n) غضنۂ چشم (جس کے بالائی سرے پردہ پایہ قشریوں کی آنکھ ہوتی ہے ۔

Ophthalmosaurus : (n) سو سمار ماہی کی ایک قسم جس کے دانت نہیں ہوتے یا بہت چھوٹے اور کم ہوتے ہیں ۔

Ophthalmoscope : (n) دروں چشم بیں : شبکیہ بیں : شبک بیں : پردۂ شبکی کے معائنے کا آلہ: درون چشم (خصوصاً ریٹینا کے) معائنے کا آلہ ۔

Ophthalmoscopic/-al : (a) شبک بیں یا دروں چشم بیں سے متعلق ۔

Ophthalmoscopically : (n) از روئے شبک بینی: شبک بینی کے طور پر: از روئے شبک بین ۔

Ophthalmoscopy : (n) شبک بینی: شبکیہ بینی:معائنہ چشم: آنکھ کے اندرونی حصے کا معائنہ: شبک بینی کا استعمال ۔

Ophthalmotomy : (n) (جرّاحی) چشم تراشی: آنکھ کی جرّاحی ۔

Ophthalmotrope : (n) (طب) حرکات چشم نما: مصنوعی آنکھ سے عضلات چشم کی حرکات کو ظاہر کیا جاتا ہے ۔

Ophthalmotropometer : (n) (طب) حرکات چشم پیما: حرکات چشم کی پیمائش کا آلہ ۔

Opiane : (n) [f. 'Opium' +ane. '] نارکوٹین (Narcotine) کا متروک مترادف جو اب صرف کیمیائی اصطلاحات میں استعمال ہوتا ہے: افیم سے نکالا ہوا تلخ اور شفاف مادہ ۔

Opianic : (a) نارکوٹین سے بنا ہوا ۔

Opinianic acid : (n) نارکوٹینی ترشہ: ترشۂ افیون: افیونی ترشے ۔

Opianic ether : (n) افیونی ایتھر : (سونگھنے والی) خواب آور دوا: مخدّرِ دوا ۔

Opianyl : (n) افیونیہ: افیونی ترشے کا جزو مستقل ۔

Opiate : (a) (۱) افیون سے بنا ہوا: افیون آمیز: جس میں افیون شامل ہو: خواب آور: منوم : مسکّر: سن کرنے والا: مخدّر ۔ (۲) (مجازاً) غنودگی آور: سستی لانے والا ۔

Opiate : (n) افیون ملی ہوئی دوا: افیون آمیز دوا: منوم دوا: خواب آور دوا: نیند لانے والی دوا ۔

Opiate : (v) (۱) افیون کے ذریعہ سلا دینا : خواب آور دوا کے ذریعہ سلا دینا ۔ (۲) (مجازاً) سن کر دینا: حس یا حساسیت کو کم کر دینا: بے حس کر دینا ۔(۳) افیم ملانا ۔

Opiated : (a) بے حس کیا ہوا: سن کیا ہوا: خواب آور دوا کے ذریعہ سلایا ہوا: افیون آمیز: افیون ملا ہوا ۔

Opinant : (n) اپنی رائے رکھنے والا: رائے قائم کرنے والا: رائے دینے والا: اظہار خیال کرنے والا: اپنی رائے ظاہر کرنے والا: صاحب نظر: صاحب رائے ۔

Opine : (v) [L. 'Opinari.'] (۱) رائے رکھنا: اپنی رائے قائم کرنا: رائے قائم کرنا: خیال ظاہر کرنا: فرض کرنا ۔ (۲) اظہار رائے کرنا: اظہار خیال کرنا : رائے دینا ۔ (۳) رائے ہونا: خیال ہونا ۔

Opiner : (n) دیکھو Opinant

Opiniated : (a) (۱) اپنی ہی رائے کو فائق سمجھنے والا:اپنے خیال کو حد سے زیادہ ارفع و اعلیٰ سمجھنے والا: ہٹ دھرم: متعصب: سخن پرور: خود پسند: خود بیں ۔ (۲) خود رائے : ضدی: ہٹیلا ۔

Opining : (n) اظہار رائے: رائے قائم کرنا یا ظاہر کرنا:رائے: خیال ۔

Opinion : (n) [L. 'Opinio. '] (۱) رائے: خیال: گمان : قیاس ۔ (۲) عقیدہ : خیال راسخ ۔(۳) ماہر فن کی رائے یا مشورہ: (غور و خوض کے بعد دی گئی) رائے یا مشورہ ۔ (۴) (کسی شخص یا چیز کی نسبت) رائے: اندازہ: وقعت (منفی صورت میں استعمال ہوتا

ہے مثلاً - (I have no opinion of Frenchmen

(۵) (کسی چیز یا بات کے سلسلے میں) عام خیال؛ عام رائے۔

A matter of opinion : وہ معاملہ جس میں اختلاف ممکن ہو؛ اختلافی مسئلہ؛ مسئلہ متنازعہ۔

In my opinion : میرے خیال میں؛ جہاں تک میں سمجھتا ہوں۔

Is of opinion : (یہ) رائے رکھتا ہے۔

Pious opinion : نیک رائے؛ صائب رائے؛ کوئی عقیدہ جسے عام طور پر مانا یا قبول کیا جاتا ہو لیکن اسے جزو دین کی حیثیت سے عائد نہ کیا گیا ہو۔

To be of opinion : کوئی عقیدہ یا نظریہ رکھنا؛ رائے رکھنا؛ رائے ظاہر کرنا؛ اظہار خیال کرنا۔

Opinion formation : (n) رائے قائم کرنا؛ اظہار خیال۔

Opinion poll : (n) عوام یا کسی طبقے کی رائے کا اندازہ یا رائے معلوم کرنا؛ رائے شماری؛ استصواب رائے۔

Opinionated : (a) دیکھو Opiniated

Opinionatedness : (n) ضد؛ ہٹ؛ خود رائے؛ ہٹ دھرمی۔

Opinionative : (a) دیکھو Opinionated

Opinionatively : (adv.) خود پسندانہ؛ ہٹ دھرمی سے؛ ضد کے ساتھ؛ خود رائی؛ متعصبانہ۔

Opinionativeness : (n) ضد؛ خود پسندی؛ خود رائی؛ ہٹ دھرمی؛ تعصب؛ سخن پروری۔

Opinionist : (n) (۱) صاحب رائے؛ قطعی رائے رکھنے والا؛ واضح رائے رکھنے والا۔ (۲) اپنا الگ عقیدہ رکھنے والا؛ فرقہ پرست۔

Opio - : (comb.) [Gr. 'Opion .'] جزو ترکیبی بمعنی "افیون"۔

Opiomania : (n) خبط افیون خوری؛ افیم کھانے کا خبط یا جنون۔

Opiophile : (n) افیمچی؛ افیم کھانے والا۔

Opisometer : (n) [Gr. 'Opiso +meter. '] کسی نقشے کے خطوط منحنی کو ناپنے کا آلہ؛ نقشہ پیما؛ انحنا پیما؛ منحنی پیما؛ منحنی سنج۔

Opisth-/Opistho-: (comb.) یونانی لفظ opisthen سے مشتق سابقہ بمعنی پیچھے۔

Opisthenar : (n) پشت دست؛ ہاتھ کی پشت۔

Opisthenogenes : (n) (نباتیات) تکوین قہقری۔

Opisthion : (n) [L.] (تشریح) آخرینہ۔

Opisthobranch : (a & n) پس خیشومی؛ پس خیشومہ۔

Opisthobranchia : (n) (حیوانیات) پس خیشو میان؛ شکم پایان دریائی جانور جن کے گلپھڑے دلوں کے بعد یا پیچھے ہوتے ہیں۔

Opisthobranchiate : (a) [mod. L. 'Opisthobranchiata. '] پس خیشومی : پس خیشومہ؛ Opisthobranchia یا Opisthobranchiate کی نوع کا۔

Opisthobranchiate : (n) (حیوانیات) پس خیشومی صدفہ : پس خیشومہ : دریائی معدہ پا یا شکم پا گھونگا جس کے گلپھڑے دل کے بعد یا پیچھے ہوتے ہیں۔

Opisthocoelian : (a) [Gr. 'Opistho' + 'koilos. '] (ریڑھ دار جانور) جن کے جسم پیچھے سے مقعر یا مجوف ہوتے ہیں؛ پس مقعر؛ پس مقعرہ۔

Opisthocoelous : (a) دیکھو Opisthocoelian

Opisthodetic : (a) چونچ کی پشت پر واقع : پشت منقاری۔

Opisthodome : (n) (یونان قدیم) قدیم یونانی عبادت گاہ کی پشت پر بنا ہوا کمرہ جو پیش دالان کے مقابل ہوتا تھا؛ عبادت گاہ عقبی کمرہ یا اطاق عقبی۔

Opisthodomos : (n)[Gr. 'Opistho' +'domos.'] دیکھو Opisthodome

Opisthogastric : (a) معدے کے پیچھے واقع؛ پسِ معدہ؛ پسِ شکم۔

Opisthoglossa : (n) [L.] (حیوانیات) پس زبانان؛ حیوانات (کا ایک طبقہ) جن کی زبانیں آگے کی طرف جڑی اور پیچھے کھلی ہوئی ہوتی ہیں۔

Opisthoglossal : (a) پس زبان؛ پس زبانہ؛ آگے کو جڑی اور پیچھے کھلی ہوئی زبانوں والے (حیوانات)۔

Opisthoglossate : (a) دیکھو Opisthoglossal

Opisthoglyph : (a) سانپوں کی Opisthoglyphia نوع کا۔

Opisthoglyph : (n) Opisthoglyphia نوع کا سانپ جس کے پچھلے دانت میں نالی ہوتی ہے: زہریلے سانپ کی ایک قسم۔

Opisthoglypha/Opisthoglyphia : (n) زہریلے سانپوں کی ایک قسم جن کے پچھلے دانت میں نالی ہوتی ہے جس سے ہوکر زہر باہر آتا ہے۔

Opisthoglyphic/Opisthoglyphous : (a) دیکھو Opisthoglyph

Opisthognathous : (a) (۱) (حیوانیات) پس فکی: پیچھے دھنسے ہوئے جبڑوں والا۔ (۲) (مچھلی) جس کا منہ کھوپڑی کے پیچھے اور شکم کی جانب (نیچے) ہوتا ہے: ایسے منہ والی مچھلی۔

Opisthograph : (n) (یونان و رومائے قدیم) تحریر جو کاغذ کے دونوں جانب لکھی ہو: دو طرفی تحریر: پشت نگارش: پتھر کی سل جس کے دونوں طرف عبارت کندہ ہو: دو طرف عبارت کندہ سل۔

Opisthograph/Opisthographic/-al : (a) آگے پیچھے دونوں طرف لکھا ہوا یا کندہ کیا ہوا: دو طرفہ تحریر یا نقش والا۔

Opisthography: (n) پشت نگاری: دو طرفہ لکھاوٹ یا کندہ کاری: دونوں طرف لکھنا۔

Opisthomere : (n) (حیوانیات) موخر حلقہ: موخر فقرہ۔

Opisthomi : (n) [mod. L. pl. pf 'Opisthomus. '] افریقہ اور جنوبی ایشیا کے صاف پانی میں پائی جانے والی چھوٹی نوع کی گوشت خور مچھلیاں جو بامی مچھلی سے مشابہ ہوتی ہیں اور جن کے نتھنے نلی کی شکل کے اور خاصے بڑے ہوتے ہیں۔

Opisthomous : (a) Opisthomi نوع کی مچھلی جس کے مونڈھے کی چپنی (قوس شانہ) کھوپڑی سے جدا ہوتی ہے۔

Opisthopulmonate : (a) [L. 'Pulmo , Pulmon. '] (حیوانیات) (پھیپھڑے دار معدہ یا صدفے) جن کے پھیپھڑے کی تھیلی قلب کے پیچھے ہوتی ہے: پس ششی۔

Opisthotic : (a) (تشریح) کان کی پشت پر واقع کان کی ہڈیوں میں سے ایک کی صفت: دودھ پلانے والے جانوروں میں، کان کی دوسری ہڈیوں سے ملی ہوئی اور کنپٹی کی ہڈی کے اس حصے کی تشکیل کرنے والی (ہڈی) جس میں سماعی جوفہ ہوتا ہے۔

Opisthotic : (n) کان کی پشت پر واقع کان کی ہڈیوں میں سے ایک۔

Opisthotic : (a) Opisthotonos کا: اس سے متعلق یا اس میں مبتلا۔

Opisthotonos/Opisthotonus : (n) (مرضیات) گردن پشت یا پیروں کے عضلات کا تشنج جس سے انسان کا جسم پیچھے کی طرف جھک جاتا ہے: کزاز (ٹٹنس) کی ایک قسم۔

Opium : (n) [L.] افیم: افیون: پوست کے کچے پھول کو گود کر کے حاصل کیا ہوا گاڑھا سرخی مائل بھورے رنگ کا تیز بو اور تلخ ذائقے والا عرق جو خواب آور اور مسکن اور دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے (خصوصاً مشرق میں) یہ نشہ آور بھی ہوتا ہے۔

Opium : (v) افیم یا افیون دینا: افیم ملانا: افیون آمیز بنانا: افیم کھلانا۔

Opium den : (n) چانڈو خانہ: افیمچیوں کا اڈہ۔

Opium habit : (n) افیم خوری یا افیم نوشی کی عادت یا سرور پیدا کرنے کی غرض سے: افیم کی لت۔

Opium plant/ -poppy : (n) افیم کا پودا: پوستہ: نہال پوستہ: نہال خشخاش۔

Opium smoking : (n) افیون نوشی: افیون کشی۔

Opiumism : (n) افیم کی لت یا عادت: افیم کا نشہ: افیمیت۔

Opiumize : (v) افیون ملانا: افیون آمیز کرنا۔

Opobalsam/Opobalsamum : (n) [L.] بلسانِ مکّی۔

Opodeldoc : (n) (طب) طلا کاری: طلا صابونی (الکحل میں حل کیا ہوا صابن جس میں فلسی اور ایک خوشبودار جھاڑی سے نکالا ہوا روغن اور کافور بھی ملا ہوا رہتا ہے)۔

- opolis : (comb.) یونانی لفظ polis سے بنا ہوا لاحقہ بمعنی شہر، بلدہ۔

Opopanax : (n) [L.] (۱) ایک قسم کی تیز بو دار رال جو کسی زمانے میں دوا کے طور پر مستعمل تھی: نوشد ارو۔ (۲) ایک قسم کی خوشبو دار رال جو عطر وغیرہ میں پڑتی ہے: کافوری خوشبو: گاؤشیر: جاشیر: جاؤشیر۔ (۳) درخت عطر عقاقی Opopanax-tree کا مخفف۔

Opopanax soap: (n) صابون جسے کافوری خوشبو سے معطر کیا گیا ہو: خوشبو دار صابون۔

Opopanax-tree : (n) درخت عطر عقاقی: درخت عطر کاسی: جنوبی

امریکا، ویسٹ انڈیز وغیرہ کا درخت اسفنج۔

Oporto : (n) [Pg. 'O port.'] ایک گہرے سرخ رنگ کی پرتگالی شراب۔

Opossum : (n) [Virginion Indian 'Apassum.'] (۱) صاریخ: موش کیسہ دار: اپوسم: ایک قسم کا تھیلی دار دودھ پلانے والا جانور جو پانی میں یا درختوں پر رہتا ھے: اس کے پچھلے پیروں میں انگوٹھا ہوتا ھے۔ (۲) اوسط قد والے مختلف تھیلی دار جانور خصوصاً آسٹریلیا اور تسمانیہ کا Phalanger۔

Opossum-mouse : (n) آسٹریلیا کا پست قد تھیلی دار جانور جو اڑتا ھے۔

Opossum shrimp : (n) کیسہ دار قشریہ (جس کی مادہ اپنے انڈوں کو تھیلی میں لئے پھرتی ھے)۔

Opotherapy : (n) (طب) عصیری علاج۔

Oppidan : (a) [L. 'Oppidanus.'] شہری: قصباتی: شہرکا یا اس سے متعلق (بخلاف دیہاتی): شہر کی جانب: شہر نشیں۔

Oppidan : (n) (۱) شہر کا باشندہ: شہر کا رہنے والا۔ (۲) (ایٹن کالج) دارالاقامہ میں نہ رہنے والا طالب علم: شہر میں رہنے والا طالب علم: بیرونی طالب علم: غیر مقیم طالب علم۔

Oppilate : (v) [f. L. 'Oppilare.'] روکنا: مسدود کرنا: روک لگانا: حائل ہونا: مانع ہونا: مزاحم ہونا: سدراہ ہونا: بند ہونا۔

Oppilation : (n) (۱) روک مزاحمت: انسداد: حائل ہونا: مانع ہونا۔ (۲) (طب) انسداد مجری: سدہ۔ (۳) (طب) انعام نخز العضو۔

Oppilative : (a) روکنے والا: مسدود کرنے والا: مزاحم: مانع: حائل ہونے والا: قبض یا سدہ پیدا کرنے والا: قابض۔

Opponency : (n) مخالفت: خلاف ہونا: مخالف یا مقابل ہونا: متخالف یا متقابل ہونا: مقابلہ: عداوت: دشمنی۔

Opponens : (n) (تشریح و حیوانیات) عضلۂ متقابلہ۔

Opponent : (a) [L. 'Opponens.'] (۱) مخالف: معاند: مد مقابل: مدعی: دشمن: حریف: فریق مخالف۔ (۲) معارض: مخالف: متضاد (اب اس معنی میں شاذ ھے)۔ (۳) (تشریح) (ہاتھ کا عضلہ) متقابلہ: متقابل (عضلہ)۔

Opponent : (n) (۱) (تاریخ) مدعی شخص: فریق مخالف۔ (۲) مخالفت کرنے والا: مخالف شخص: دشمن: مقابل شخص۔

Opponent muscle : (n) عضلۂ متقابلہ: مقابل اصبع خامسی۔

Opportune : (a) [L. 'Opportunus.'] (۱) ٹھیک: درست: موزوں: مناسب: مساعد (وقت وغیرہ)۔ (۲) برمحل: بروقت: با موقع۔

Opportunely : (adv.) مناسب وقت پر: برمحل: ٹھیک وقت پر۔

Opportuneness : (n) بروقت ہونا: بر محل ہونا۔

Opportunism : (n) (۱) (سیاسیات) موقع پرستی: مصلحت پرستی: وقتی ضرورتوں پر حد سے زیادہ زور دینا۔ (۲) موقع کے لحاظ سے کام کرنا: درمیانی راہ اختیار کرنا: مصلحت بینی: حکمت عملی۔ (۳) ابن الوقتی: زمانہ سازی۔

Opportunist : (n) مصلحت پرست: مصلحت بین: ابن الوقت: زمانہ ساز۔

Opportunity : (n) [L. 'Opportunitas.'] (۱) مناسبت وقت: برمحل ہونا۔ (۲) موقع: عمدہ موقع: مناسب وقت: مساعد وقت۔

Opposability : (n) تقابل پذیری۔

Opposable : (a) تقابل پذیر۔

Oppose : (v) [L.'Opponere.'] (۱) (تاریخ) اعتراض کرنا یا سخت سوالات کرنا۔ (۲) مقابلے پر رکھنا: مقابلے میں لانا یا پیش کرنا: متضاد یا مخالف حیثیت سے پیش کرنا۔ (۳) مقابلہ کرنا: مقابلے پر آنا: مخالفت کرنا: رکاوٹ ڈالنے کے لئے (کسی چیز کو) سامنے رکھنا یا لانا: مزاحمت کرنا: رکاوٹ ڈالنا: سد راہ ہونا۔ (۴) ہمیشہ مخالفت کا پہلو اختیار کرنا۔ (۵) مقابلے پر ہونا: رخ پر ہونا: مقابل ہونا۔

Opposed : (a) مخالف: مقابل۔

Opposeless : (a) (شعر) ناقابل مزاحمت: ناقابل مقاومت: ناقابل اعتراض: ناقابل تعرّض۔

Opposer : (n) (۱) (تاریخ) علمی مباحث میں کسی دعوے یا نظریے کی مخالفت کرنے والا: معترض۔ (۲) مخالف: مقابل: مد مقابل: حریف: دشمن: فریق مخالف: مزاحم۔

Opposing : (a) مخالفت کرنے والا: مقابلے پر آنے والا: مخالف: مقابل: مزاحم: مانع۔

Opposite : (a) [L. 'Oppositus.'] (۱) روبرو: سامنے کا: مقابل: محاذی۔ (۲) برعکسی: مخالف: الٹا: متضاد۔ (۳) نقیض: ضد۔ (۴) (نباتیات وغیرہ) متقابل۔ (۵) (The کے ساتھ)

مخالف: (مختلف خاصیّت کی دو چیزوں میں) دوسری۔

Opposite : (n) (۱) برعکسی چیز یا لفظ: متضاد صفت: بالمقابل چیز۔ (۲) (جمع) اپنی قسم کی انتہائی مختلف چیزیں۔

Opposite : (adv.) سامنے: مقابل: محاذ میں: مقابل پر: مخالف سمت میں۔

Opposite : (prep.) برعکس: دوسرے رخ پر: آمنے سامنے۔

To play opposite : مقابل (اداکار یا اداکارہ) کے طور پر کام کرنا: (کسی مخصوص ایکٹر یا ایکٹریس کے ساتھ) ہیرو یا ہیروئن کا پارٹ کرنا۔

Opposite forces : (n) (میکانیات) قوائے متقابل۔

Opposite leaves : (n) (نباتیات) بالمقابل پتیاں (جو تنے کے دوسرے پہلو پر ہوں)، ٹہنی کے دونوں طرف بالمقابل پتیاں۔

Opposite number : (n) (ایک ہی سطح پر) دو متقابل اشیاء یا افراد میں سے ایک: مد مقابل: تقابل کا شخص یا شے۔

Opposite polarity : (n) (مقناطیسی) متضاد قطبیت۔

Opposite test : (n) (نفسیات) آزمائش اضداد۔

Oppositely : (adv.) (۱) بالمقابل: آمنے سامنے۔ (۲) اس کے برعکس اس کے بر خلاف۔

Oppositeness : (n) مقابلہ: تضاد: مخالفت: روبرو ہونا: (پتیوں کا) بالمقابل ہونا۔

Oppositi - : (comb.) [L. 'Oppositus. '] لاطینی لفظ oppositus سے مشتق سابقہ یا جزو ترکیبی جو مقابل کے معنی پیدا کرتا ہے اور خاص کر نباتیاتی صفات میں استعمال ہوتا ہے۔

Oppositifolious : (a) (نباتیات) بالمقابل برگ‌ہٰ‌متقابل الاوراق: بالمقابل پتیوں والا: کسی پتی کے مقابل واقع۔

Opposition : (n) [L. 'Oppositio. '] (۱) سامنے یا مقابل میں رکھنے کا عمل: مقابلہ: تقابل: استقبال (مجلس میں)۔ (۲) متقابل جگہ یا محل۔ (۳) (ہیئت) مقابلہ (ضد قرآن)۔ (۴) (منطق) تقابل، تناقض، معارضت۔ (۵) مخالفت: مزاحمت: مقاومت: تضاد: مخالفانہ یا معاندانہ فعل: عداوت: دشمنی۔ (۶) مخالف جماعت: مخالف پارٹی: حزب مخالف۔ (۷) توصیفی معنوں میں مخالف پنچ وغیرہ۔

Contradictory opposition : (منطق) تردیدی تناقض: تردیدی تقابل: تردیدی معارضت۔

Contrary opposition : (منطق) متضاد تناقض: متضاد تقابل: متضاد معارضت۔

Fallacy of opposition : (منطق) مغالطۂ معارضت۔

In opposition : حزب مخالف میں: حکمراں جماعت کے خلاف: خلاف پارٹی میں: اقلیت میں۔

Subaltern opposition : (منطق) محکوم معارضت (جو کسی کلیے کے ما تحت ہو)۔

Subcontrary opposition : (منطق) نیم متضاد معارضت (جو کیفیت میں مختلف ہو، کمیت میں نہیں): نیم متضاد تناقض یا تقابل۔

The opposition/His Majestys opposition : پارلیمنٹ میں حکمراں کی مخالف پارٹی یا جماعت: حزب مخالف۔

To be in opposition : (۱) حکمراں جماعت کے خلاف ہونا: حزب مخالف ہونا: اقلیت میں ہونا۔ (۲) (ہیئت) سورج سے ۱۸۰ درجے کے زاویے پر ہونا: سورج کے مقابل ہونا۔

Opposition method : (n) (فلسفہ) طریقۂ تخالف۔

Opposition party : (n) (۱) (سیاسیات) حزب مخالف: حزب اختلاف: مخالف پارٹی۔ (۲) (قانون) فریق مقابل: حریف۔

Oppositional : (a) تقابلی: مخالفانہ: حزب مخالف کا۔

Oppositionist : (n) مزاحم: مخالف: مخالف حکومت: پارلیمنٹ میں حزب مخالف کا رکن: (توصیفی معنوں میں یا بطور صفت بھی مستعمل ہے)۔

Oppositipetalous : (a) (نباتیات) مقابل گلبرگہ۔

Oppositisepalous : (a) (نباتیات) مقابل سبلہ: مقابل مسند (حاصل زر)۔

Oppositive : (a) [med. L. 'Oppositivus. '] (۱) متضاد: متقابل: متناقض: نقیض۔ (۲) جسے مخالف کا شوق ہو: مخالف پسند: مخالف۔

Oppositively : (adv.) (۱) متضاد: مقابل: متناقض طور پر: مخالفانہ۔

Oppositiveness : (n) تناقض: تخالف: تضاد: تقابل: مخالفت۔

Oppress : (v) [med. L. 'Oppressare.] (۱) ظلم کرنا؛ جور و تعدی کرنا؛ جابرانہ حکومت کرنا۔ (۲) مغلوب کرنا؛ زیر کرنا؛ دبانا؛ ناجائز دباؤ ڈالنا۔ (۳) پست کرنا؛ مضمحل کرنا۔ (۴) (شعر) (نیند وغیرہ پر) قابو پانا؛ غالب آنا۔ (۵) (نفس یا احساسات کو) دبلنا؛ قابو میں کرنا؛ پست کرنا۔ (۶) (نقابت) پیروں سے کچلنا؛ پامال کرنا (خصوصاً Pa.pple میں)۔

Oppression : (n) (۱) دبانے کا عمل یا دبائے جانے کی حالت؛ جبر؛ مجبوری؛ غلبہ؛ مغلوبیت؛ ظلم؛ مظلومیت۔ (۲) جسمانی طور پر دبائے جانے کا احساس۔ (۲) ناجائز دباؤ؛ ظلم؛ جور، ستم ؛ بیداد ؛ تعدی؛ بے رحمانہ سلوک۔

Oppressive : (a) (۱) ظالمانہ؛ جابرانہ؛ موذی؛ بے رحمانہ؛ غیر منصفانہ ؛ ناجائز ۔ (۲) بھاری؛ دشوار؛ شدید؛ سخت ؛ گراں ؛ شاق ۔ (۳) مجبور کن؛ مغلوب کن؛ (ذہن ، نفس یا احساسات کو) دبانے والا؛ افسردہ کن۔ (۴) ظالم؛ جفا کار؛ ستمگر ؛ بیداد گر؛ ستم پیشہ۔

Oppressive climate : تکلیف دہ آب و ہوا؛ نامناسب آب و ہوا۔

Oppressive day : (n) (موسمیات) روز حبس؛ امس کا دن۔

Oppressive ruler : (n) ظالم حکمراں۔

Oppressive tax : (n) غیر منصفانہ یا جابرانہ ٹیکس۔

Oppresively : (adv.) ظالمانہ؛ جابرانہ؛ ستمگرانہ؛ شدت سے؛ سختی سے۔

Oppresiveness : (n) جابریت؛ سخت گیری؛ موذی پن؛ سختی؛ ظلم ؛ جفا۔

Oppressor : (n) (۱) ظالم؛ جابر؛ ستمگر؛ مردم آزار؛ موذی ؛ سخت گیر؛ بے رحم؛ جفا کار۔ (۲) تکلیف دہ چیز یا شخص۔

Opprobrious : (a) [LL. 'Opprobriosus.] ملامت آمیز؛ دشنام آمیز؛ حقارت آمیز؛ سخت ست اہانت آمیز؛ گستاخ؛ بیہودہ ؛ شوخ چشم ؛ بد زبان ؛ بد لگام۔

Opprobrtiously : (adv.) ملامت آمیز الفاظ میں ؛ بد زبانی سے؛ اہانت آمیز طور پر؛ بیہودگی سے۔

Opprobriousness : (n) بیہودگی؛ بد زبانی؛ بد لگامی ؛ اہانت آمیزی ؛ ملامت۔

Opprobrium : (n) [L.] (۱) ذلت؛ بدنامی؛ رسوائی؛ فضیحت ؛ ننگ؛ خفت۔ (۲) نفرین ؛ نفرۂ نفریں۔ (۳) ذلیل کن ؛ رسوائی آور؛ بدنام کن؛ خفت آور۔

Oppugn : (v) [L. 'Oppugnare.] (۱) (کسی بات پر) اعتراض کرنا؛ ایراد کرنا؛ شبہ ظاہر کرنا۔ (۲) (شاذ) اختلاف رکھنا؛ مخالفت کرنا۔

Oppugnance/Oppugnancy : (n) (فلسفہ) مخالفت؛ مقابلہ؛ مجادلہ؛ تصادم؛ آویزش؛ جھگڑا؛ تکرار؛ عداوت؛ دشمنی؛ مزاحمت۔

Oppugnant : (a) اختلاف کرنے یا رکھنے والا؛ مخالف؛ معاند؛ حریف ؛ مزاحمت؛ عداوت؛ دشمنی۔

Oppugner : (n) معترض؛ مخالف؛ حریف۔

Opsimath : (n) وہ شخص جو کبر سنی میں تحصیل علم کرے ؛ پیر متعلم؛ بوڑھا توتا۔

Opsimathy : (n) [Gr.] کبر سنی کی تحصیل علم؛ (تعلیمات) تعلیم پیر (بوڑھا)۔

Opsiometer : (n) (بصریات) بصارت پیما۔

Opsomania : (n) (طب) جنون یك غذا۔

Opsonic : (a) [f. ' Opsonin. '] (حیوانیات) اُپسونینی؛ جراثیم میں یہ خاصیت پیدا کردینے والا کہ خون کے جاذب جراثیم جسیمے انہیں آسانی سے جذب کر لیں۔

Opsonic index : (n) (حیوانیات) نمائندہ اُپسونین؛ وہ عدد جس سے مریض کے Serum کی جذب جراثیم کی قوت ظاہر ہوتی ہے۔

Opsonin : (n) [L. 'Opsonium .'] (حیوانیات) اُپسونین (وہ مادہ جو مریض کے خون میں اس کے مرض جراثیم کا سیرم داخل کرنے سے پیدا ہوتا ہے)۔

Opsonization : (n) اُپسونین کے ذریعہ متاثر کرنے کا عمل۔

Opsonize : (v) اُپسونین کے ذریعہ متاثر کرنا۔

Opt : (v) [L. 'Optare.] (دو میں کسی ایك کا) انتخاب کرنا؛ اُوپٹ کرنا؛ اختیار کرنا؛ (دو میں سے ایك کے لئے) فیصلہ کرنا یا طے کرنا۔

To opt out of : (کسی بات میں) حصہ نہ لینے یا (کسی کام کو) نہ کرنے کا فیصلہ کرنا۔

Optation : (n) (۱) چاہت؛ خواہش۔ (۲) (صرف و نحو) فجائیہ کی شکل میں خواہش کا اظہار؛ (فجائیہ صیغے میں) اظہار تمنا۔

Optative : (a) (۱) (صرف و نحو) تمنائی؛ جس سے خواہش کا اظہار ہو۔ (۲) خواہش یا پسند ظاہر کرنے والا۔

Optative : (n) (فعل کا) صیغۂ تمنائی۔

Optative mood : (n) (فعل کا) صیغۂ تمنائی؛ صورت تمنائی۔

Optatively : (adv.) (نحو) تمنائی حالت میں؛ تمنائی معنوں میں؛ صیغۂ تمنائی میں ؛ کسی خواہش کے اظہار میں۔

Optic : (a) آنکھ کا؛ متعلق چشم؛ عینی؛ بصری؛ چشمی؛ متعلق بصر ؛ متعلق بصارت؛ نظری؛ بینائی سے متعلق؛ (بصریات) مناظری۔

Optic : (n) [med. L. 'Opticus. '] (مزاحاً) عضو بینائی؛ آلۂ بصر؛ آنکھ (خاص کر جمع میں)؛ چشم؛ عین؛ (تشریح) عصب باصرہ یا بصری عصب۔

Optic angle : (n) (بصریات) زاویۂ بصر۔

Optic atrophy : (n) (طب) بصری ذُبُول۔

Optic axis : (n) محور دید ؛ محور باصرہ؛ محور بصر؛ صدر محور؛ محور مناظر؛ مناظری محور۔

Optic chiasma : (n) (تشریح) بصری صلیبیہ؛ تقاطع اعصاب بصری۔

Optic commissure : (n) (تشریح) بصری اِلتقا۔

Optic disc : (n) (تشریح) قوص بصری۔

Optic lobe : (n) (تشریح) فص بصری۔

Optic nerve : (n) عصبۂ چشم؛ عصبۂ مجوفہ؛ عصب بصری؛ عصب باصرہ۔

Optic neuritis : (n) آنکھ عصبی سوزش ؛ ورم عصبِ چشم۔

Optic papilla : (n) بصری مسّا ؛ وہ خفیف سا ابھار جو عصبۂ چشم کے ریشوں پر مشتمل موٹے گچھوں کے دیدے میں داخل ہونے سے بنتے ہیں۔

Optic thalamus : (n) (تشریح، حیوانیات) سریر بصری؛ مبداء عصب بصر۔

Optical : (a) (۱) عینی، چشمی؛ متعلق چشم؛ بصری؛ متعلق بصر؛ متعلق بصارت؛ نظری۔ (۲) (بصریات) مناظری؛ علم مناظر و مرایا کا؛ بصریات کا؛ بصریاتی؛ نوری۔ (۳) ماہر بصریات۔ (۴) معاون بصارت؛ بصارت یا روشنی کے ذریعہ عمل کرنے والا؛ بصریات کے اصول کے مطابق بنایا ہوا یا ایجاد کیا ہوا۔

Optical activity : (n) (کیمیا) مناظری عاملیّت؛ مناظری گردش۔

Optical art : (n) فریب نظر پیدا کرنے کے لئے متخالف رنگوں (خصوصاً سفید و سیاہ) سے بنائی ہوئی مجرد تصویر یا مجرد آرٹ؛ مخفف Opart -

Optical axis : (n) محور دید؛ محور باصرہ؛ محور بصر؛ صدر محور؛ محور مناظر؛ مناظری محور۔

Optical bench : (n) (بصریات) تختِ مناظر۔

Optical chiasma : (n) (تشریح) بصری صلیبیہ؛ تقاطع اعصاب بصری۔

Optical density : (n) (بصریات) مناظری کثافت۔

Optical double : (n) (علم النجوم) مناظری مثنیٰ (ستارے)۔

Optical illusion : (n) (نفسیات) فریب نظر؛ آنکھ کا دھوکا۔

Optical instruments : (n) (بصریات) آلات مناظر؛ مناظری آلات۔

Optical isomerism : (n) (کیمیا) مناظری ہم ترکیبی۔

Optical lantern : (n) (بصریات) قندیل مناظر؛ مناظری لالٹین۔

Optical lever : (n) (میکانیات) مناظری بیرم۔

Optical nerve : (n) (تشریح) عصب باصرہ؛ عصبۂ چشم؛ عصب بصری؛ عصبۂ مجوفہ۔

Optical path : (n) (بصریات) طریق مناظری۔

Optical pendulum : (n) (بصریات) مناظری رقّاص۔

Optical rotation : (n) (کیمیا) مناظری گردش۔

Optical square : (n) (مساحت) مناظری گنیا۔

Optical system : (n) (بصریات) مناظری نظام۔

Optical thalamus : (n) (تشریح، حیوانیات) سریر بصری؛ مُبداء عصب

بصر۔

Optical tract : (n) (عضویات، حیوانیات) خطۂ بصری۔

Optically : (adv.) (۱)دیکھنے میں: بصریات کی رو سے۔(۲)(بصریات) مناظری: نوری۔

Optically active : (a) (کیمیا، طبیعیات) مناظری عامل۔

Optically denser : (a) (بصریات) مناظری کثیف تر۔

Optically rarer : (a) (بصریات) مناظری لطیف تر۔

Optician : (n) (۱) عینک ساز: عینک فروش: آلات بصر کا بنانے والا یا بیچنے والا۔

Optico - : (comb.) [Gr. 'Optikos. '] جزو ترکیبی بمعنی عینی: بصری، بصریاتی۔

Optico-chemical : (a) بصری کیمیائی: علم کیمیا اور بصریات(دونوں) سے متعلق۔

Optico-papillary : (a) بصری مسّی سے متعلق۔

Opticon : (n) [Gr. 'Optikon. '] (حیوانیات) دو بصریّہ۔

Optics : (n) [med. L. 'Optica. '] طبیعیات کی وہ شاخ جو نور کے مظاہر اور خواص سے بحث کرتی ہے: بصریات: مناظریات: علم المناظر و مرایا: علم المناظر: علم نور۔

Geometrical optics : (n) (بصریات) مناظریات ہندسی۔

Physical optics : (n) (بصریات) مناظر طبیعی۔

Optimal : (a) (۱) (حیاتیات) (گرمی، روشنی، غذا، رطوبت وغیرہ کی وہ مقدار یا وہ درجہ) جو توالد و تناسل، نشو و نما اور دیگر حیات افروز عمل کے لئے انتہائی ضروری، مناسب اور اہم ہو۔(۲) توصیفی معنوں میں: صحیح: مستحسن: متوازن، مناسب۔

Optimal time : (n) زمانۂ عروج اعلیٰ۔

Optimate/Optimates : (n) (تاریخ) اشرافان: قدیم روم کا خاندانی امیر: اونچے طبقے کا یا طبقۂ امراء کا فرد : اشراف: رکن خواصیہ: امیر: امیر زادہ۔

Optime : (n) [L. adv.] (Tripos کیمبرج میں ریاضی میں ٹرائی پوس کرنے والے اس طالب علم کو کہتے ہیں جس نے دوسرا یا تیسرا درجہ حاصل کیا ہو: ایک کو سینیئر اور دوسرے کو جونیر اُوپٹائم کہا جاتا ہے۔

Optimism : (n) [f. L. 'Optimum. '] (۱) جرمن فلسفی لائبنز (Leibniz) کا نظریۂ استحسان کہ اچھی سے اچھی دنیا جو پیدا کی جا سکتی تھی وہ ہماری دنیا ہے۔(۲) رجائیت (یہ عقیدہ کہ دنیا میں نیکی بدی پر غالب آئے گی)۔ (۲) رجائیت : امید پروری: امید پرستی: خوش امیدی (طبیعیت کا یہ رجحان کہ ہر معاملے یا کسی چیز کے روشن پہلو کو مد نظر رکھنے کا رجحان۔(۳) (فلسفہ) رجائیت: خوش امیدی۔

Optimist : (n) (۱) رجائیت کے ، بعد الطبیعیات اصولوں کا پیرو یا معتقد: (فلسفہ) معتقد رجائیت : رجائیت پسند: رجائی: استحسان پسند: امید پرست : خوش امید۔

Optimist : (a) استحسان پسندانہ : رجائیت پسندانہ: (فلسفہ) رجائی: امیدانہ۔

Optimistic/-al : (n) دیکھو Optimist

Optimistically : (adv.) استحسان پسندی سے: رجائیت پسندی سے : خوش امیدی سے۔

Optimize : (v) اچھے انجام کی امید ظاہر کرنا: استحسان پسندی یا رجائیت کے خیالات ظاہر کرنا: خوش امید ہونا: پُر امید ہونا۔

Optimum : (n) [L. 'Optimus. '] دیکھو Optimal

Optimum population : (n) (شماریت) متوازن آبادی۔

Option : (n) (۱) اختیار (کرنا): انتخاب (کرنا): وہ چیز جو اختیار کی جائے: وہ چیز جو اختیار کی جا سکے۔ موضوع اخیار۔(۲) حق انتخاب: اختیار یا انتخاب کا حق: آزادئ انتخاب۔(۳) (صرافہ) تمسکات کو مقررہ شرح پر میعاد کے اندر لینے دینے کا حق۔

Call option : (n) (معاشیات) اختیار خرید۔

Double option : (n) (معاشیات) اختیار خرید و فروخت۔

Optional : (a) (۱) اختیاری (ضد لازمی): جس سے کار انحصار اپنی خواہش یا پسند پر ہو: غیر لازمی: غیر واجب: غیر ناگزیر۔(۲) کسی چیز یا بات کو خواہش یا پسند پر چھوڑ دینے والا۔

Optional clause : (n) (سیاسیات) اختیاری دفعہ۔

Optional subject : (n) (تعلیمات) اختیاری مضمون۔

Opto - : (comb.) [Gr. 'Optos. '] جزو ترکیبی بمعنی نظر، بصارت چشم یا نظری، بصری ۔

Optogram : (n) (حیوانیات) شبکی شبیہ؛ روشنی کے عمل سے رتینا یا شبکیہ پر بنی ہوئی وہ شبیہ یا تمثال جو کیمیائی ذرائع سے دیرپا یا دائمی بنائی جا سکتی ہے۔

Optological : (a) بصارت کی جانچ کے علم سے متعلق؛ مناظریاتی۔

Optologist : (n) بصارت کی جانچ کا ماہر یا بصریات کی جانچ کرنے والا ماہر؛ ماہر مناظریات۔

Optology : (n) (۱) بصارت کی جانچ کا علم؛ بصریات کی وہ شاخ جو بصریات کی جانچ سے بحث کرتی ہے، مناظریات؛ علم المناظر۔ (۲) آلات مناظر سازی۔

Optometer : (n) بصارت پیما۔

Optometrist : (n) ماہر بصارت پیمائی۔

Optometry : (n) بصارت پیمائی۔

Optophone : (n) آلۂ صدا نما؛ مسماع نور (جو روشنی کو آواز میں بدل دیتا ہے اس کی مدد سے اندھے کان کے ذریعہ پڑھ سکتے ہیں)۔

Opulence : (n) [L. 'Opulentia. '] دولت مندی ؛ تمول ؛ معموری ؛ فراوانی ؛ افراط؛ کثرت؛ بہتات؛ دولت؛ ثروت۔

Opulent : (a) (۱) دولت مند؛ مالدار؛ زردار؛ متمول؛ تونگر۔(۲) معمور؛ فراواں؛ بھرا پرا؛ سرشار۔ (۳) (پھول وغیرہ) شگفتگی؛ رنگ یا خوشبو سے بھر پور، معمور۔ (۴) دولت خیز؛زر خیز۔

Opulently : (adv.) دولت مندی سے ؛ فراوانی سے؛ بہ کثرت؛ بھر پور طور پر۔

Opulus : (n) (نباتیات) گل دُنبہ۔

Opuntia : (n) [L.] خاردار پودوں کی ایک بڑی قسم؛ اس قسم کے پودوں کا پھل؛ انجیر ہندی؛ انجیر تیغی؛ انجیر بری۔

Opus : (n) [L.] (۱) (موسیقی) نغمۂ موسیقی؛ (ماہر موسیقی کی) علاحدہ نغمہ نگاری۔ (۲) ادبیہ تصنیف۔ (۳) مخفف Op -

Magnum opus : (n) شاہکار (ادبی وغیرہ)۔

Opus magnum : (n) دیکھو Magnum opus

Opuscule : (n) مختصر تحریر نغمہ؛ مختصر ادبی تحریر۔

Opusculum : (n) [L. dim. of 'Opus. '] دیکھو Opuscule

Or : (n) [L. 'Aurum .'] (۱) (نقابت) مارکوں میں سنہرا یا زرد رنگ ؛ سونے کا کام۔ (۲) پیتل؛ کانسے یا دوسری دھاتوں کی ملمع کاری کے لئے تیار کیا ہوا سونے کا پتھر یا پیسا ہوا سفوف۔

Or : (prep. & conj.) قبل (ازیں) ؛ پیشتر؛ پہلے۔

Or : (conj.) (۱) یا۔(۲) یا تو۔(۳) یعنی۔(۴) ورنہ۔

Or - : (prefix) قدیم انگریزی سابقہ بمعنی "out"-

- or : (suffix) لاحقہ جو مختلف لاطینی الاصل الفاظ کے ساتھ آتا ہے۔

- or : (suffix) (لاحقہ) انگلستان میں اکثر الفاظ کے آخر میں - out کی صورت میں آتا ہے امریکا میں - or کر لیا گیا ہے مثلاً ardour, liquor وغیرہ۔

- or (- our) : (suffix) کبھی کبھی فرانسیسی لاحقہ - oir کے بدلے میں آتا ہے۔

- or : (suffix) (۱) (لاحقہ) لاطینی - or یا - orem کے بدلے آتا ہے۔ (۲) اسم فاعل کے آخر میں (قابض، متصرف (Possessor) - (۳) ان الفاظ کے آخر میں جو آلہ اور اوزار کے معنی رکھتے ہیں مثلاً (Exlansor) - (۴) متفرق اسماء کے آخر میں آتا ہے۔

- or : (suffix) - oir کا متبادل جو درجہ ظاہر کرنے والی صفتوں کے ساتھ آتا ہے مثلاً major minor وغیرہ۔

Ora : (n) [OE.] (۱) (تاریخ) ڈنمارک کا ایک سکہ جسے Domesday Book میں بیس پینس کے برابر لکھا گیا ہے۔ (۲) Domesday Book میں استعمال شدہ ایک پیمانۂ وزن جو اونس کے عوض ہے۔

Ora : (n) [L.] (حشریات) سینے کے نیچے کا بغلی حاشیہ؛ (تشریح) منافذ۔

Ora serrata : (n) کنار شبکیہ؛ ریتینا کا دندانہ دار کنارہ۔

Orach/Oracha : (n) [OFr. 'Arache , arrace. '] پہاڑی پالک؛ پالک کوہی۔

Oracle : (n) [L.' Oraculum' , f. 'Orare. '] (۱) (قدیم یونان کا) دارالستخارہ (جہاں دیوتاؤں سے مشورہ یا پیشین گوئی طلب کی جاتی تھی)۔ (۲) دیوتاؤں کا جواب جو اکثر مبہم ہوتا تھا؛ جواب استخارہ۔ (۳) یہودیوں کے مندروں میں مقدس ترین مقام؛ دارالرحم۔ (۴) الہام ربانی (کا وسیلہ یا واسطہ)؛ (وحی یا الہام کا) مَہبَط؛ مقام الہام۔ (۵) حکمی میعار یا علامت حکمی فال؛ وحیٔ آسمانی (مجازی معنی میں)؛ الہام۔ (۶) غیر خاطی رہنما؛ معصوم رہنما؛ خصر ثانی؛ غیر خاطی و پُر اسرار رہنما یا ہادی۔ (۷) عاقل مشیر؛ پُر اسرار مشیر؛ مشیر غیبی؛ وہ چیز جو الہامی جوابات یا مشورے دیتی ہو۔ (۸) دانش مندانہ مشورہ؛ پُر اسرار مشورہ۔ (۹) لقمان ثانی؛ ارسطوئے ثانی؛ بوجھ بجھکڑ؛ لال بجھکڑ۔ (۱۰) دانشمندانہ فیصلہ۔ (۱۱) سروش غیبی؛ ہاتف غیبی؛ حکمی خبر دینے والا؛ کاہن؛ کاہنہ۔ (۱۲) (انجیل) قدس الاقدس۔ (۱۳) حکمی خبر یا پیشن گوئی؛ کہانت؛ غیبی آواز؛ (جمع) متبرک کتبات یا صحائف۔ (۱۴) مشیّت ربانی کی تعبیر یا تفسیر بتانے والا؛ وہ چیز جس سے مشیّت ربانی ظاہر ہو۔ (۱۵) بُر مغز اظہار؛ بُر مغز تقریر؛ دانشمندانہ بول؛ قول محکم؛ ناقابل انکار سچائی۔ (۱۶) پیش گوئی؛ حکمی خبر۔

To work the oracle : (۱) پجاریوں سے ساز باز کرکے حسب منشاء جواب حاصل کرنا؛ جس کے توسط سی مشیّت غیبی معلوم کی جاتی ہواسے متاثرکرنا۔ (۲) پوشیدہ ذرائع سے اپنے موافق اثر ڈالنا۔ (۳) (عامیانہ) چندہ جمع کرنا۔

Oracle : (v) [L.] (۱) پیش گوئی کرنا؛ پیش خبری کرنا؛ پُر اسرار رہنمائی کرنا؛ دانشمندانہ مشورہ دینا۔ (۲) ملہم غیبی کی حیثیت سے بولنا؛ الہام ربانی کا وسیلہ بننا۔

Oracular : (a) (۱) متعلق بہ دارالاستخارہ؛ جو مرکز الہام یا وسیلۂ الہام ہو۔ (۲) الہامی؛ غیب جیسا؛ مبہم؛ پُر اسرار؛ چیستان کا سا؛ غیبی؛ قدیم احکامات ربانی یا الہامات جیسا (مبہم)۔ (۳) فال آور؛ جس سے شگون نکلتا ہو۔ (۴) الہامی یا غیبی جوابات دینے والا؛ غیب گوئی یا پیشین گوئی کرنے والا؛ مدعی الہام۔ (۵) وحی کے ذریعے بتایا ہوا؛ کہا ہوا یا فیصلہ کیا ہوا؛ وحی کے ذریعہ فرمان صادر کیا ہوا۔

Oracularity : (n) ابہام؛ عدم وضوح؛ سریّت؛ پر اسراریت؛ الہامیت؛ غیب گوئی۔

Oracularly : (adv.) الہامی طور پر؛ از روئے الہام؛ از روئے غیب گوئی؛ مبہم طور پر؛ چیستان کی طرح؛ غیبی طور پر۔

Oracularness : (n) ابہام؛ چیستانیت؛ پُر اسراریت؛ عدم وضوح؛سریت؛ غیاب؛ الہامیت۔

Oraculum : (n) الہام۔

Orad : (adv.) [L. 'Or- , Os +E. -ad. '] دہانی؛ منہ کی طرف؛ بجانب دہن۔

Oral : (a) [LL. 'Oralis. '] (۱) زبانی؛ شفاہی؛ تقریری؛ الفاظ میں بیان کیا ہوا؛ بولا ہوا؛ کہا ہوا؛ (لسانیات) (ناک بند کر کے) منہ سے بولا ہوا۔ (۲) (تشریح) منہ کا؛ متعلق دہن؛ فمی؛ دہنی؛ بر زبان؛ زبانی۔ (۳) منہ کے ذریعے کیا ہوا یا انجام دیا ہوا؛ منہ سے کھایا ہوا یا پیا ہوا۔(۴) (گونگوں اور بہروں کی تعلیم) جو صرف بول کر یا تقریری طور پر ہو۔

Oral : (n) Oral examination, sound etc. کا مخفف۔

Oral cavity : (n) (۱) (تشریح) جوف دہن؛ درون دہن۔ (۲) بعض کیڑوں میں، سر کے نیچے کا جوف یا سوراخ جس سے وہ اپنا منہ یا سونڈ باہر نکالتے ہیں۔

Oral consonant : (n) حرف صامت شفوی۔

Oral disc : (n) بعض حیوانات کے منہ کے گرد کا حلقہ؛ محوطۂ دہن؛ ناحیۂ اطراف دہن۔

Oral erotism : (n) (نفسیات) دہنی شہوت۔

Oral examination : (n) زبانی امتحان؛ تقریری امتحان (بہ خلاف تحریری)۔

Oral groove : (n) چاک دہن؛ شگاف دہن۔

Oral method : (n) شفوی طریقہ؛ ہونٹوں کی حرکت کے ذریعے گونگوں بہروں کو تعلیم دینے کا طریقہ۔

Oral neurosis : (n) (نفسیات) دہنی اعصاب کا خلل۔

Oral sadism : (n) (نفسیات) دہنی سادیّت؛ دہنی آزار رسانی۔

Oral sapsis : (n) (طب) منہ کی بدبو۔

Oral sound : (n) زبانی آواز؛ لسانی صوت (جو کہیں طویل کہیں مختصر ہوتی ہے (مثلاً Feel, Fill, Fool, Full وغیرہ)۔

Oral testimony : (n) زبانی شہادت۔

Oral teacher : (n) ہونٹوں کی زبان سے یعنی ہونٹوں کی حرکت کے ذریعہ گونگے بہرے افراد کو تعلیم دینے والا؛ شفوی زبان میں گونگوں بہروں کی تعلیم دینے والا۔

Oral traditions : (n) زبانی روایات؛ احادیث شفاہی۔

Oralism : (n) ہونٹوں کی حرکت کے ذریعے گونگے بہرے افراد کی تعلیم؛ شفوی زبان میں گونگوں بہروں کی تعلیم۔

Oralist : (n) دیکھو Oral teacher

Orally : (adv.) منہ سے؛ منہ کے ذریعہ؛ زبانی طور پر؛ تقریراً۔

Orang-outang/Orang-utan : (n) [alt. of Malay 'Orang utan'.] (حیوانیات) نسناس؛ انسان انعاب بورینو اور سماترا میں پایا جانے والا انسان نما بندر جو درختوں پر رہتا ہے، اس کی لمبائی چار فٹ سے زیادہ ہوتی ہے اور بازو کافی لمبے ہوتے ہیں۔

Orange : (n) [ME. 'Orenge. '] (۱) نارنگی؛ سنترہ ؛ نارنجی؛ کیولا؛ کیولا لیموں۔ (۲) نارنگی کا درخت۔ (۳) مختلف پودے یا پھل جن کے پھول یا پھل نارنگی کے پھل پھول جیسے ہوتے ہیں۔ (۴) سمندری نارنگی؛ نارنجی رنگ کا ایک اور بڑا سمندری کیڑا۔ (۵) نارنجی رنگ؛ نارنگی کا سرخی مائل زرد رنگ؛ کیولئی رنگ۔ (۶) (نقابت) نارنجی رنگ کا گول تمغا۔

Bitter orange : (n) ترنج ؛ گلگل۔

Blenheim orange : (n) ایک قسم کا سیب۔

Blood (red) orange : (n) ایک قسم کی سرخ پلپلی نارنگی۔

China orange : (n) پہلے معمولی نارنگی کو کہتے تھے۔

Clove orange : (n) دیکھو Mandarin

Horned orange : (n) دیکھو Bitter orange

Jaffa or Joppa orange : (n) لیموں کی شکل کی بہت ہی شیریں نارنگی۔

Malta orange/ Maltese- : (n) دیکھو Blood (red) orange

Mandarine orange : (n) دیکھو Mandarin

Mock orange : (n) (نباتیات) نقلی نارنگی؛ ایک قسم کی جھاڑی۔

Native orange : (n) (۱) (آسٹریلیا) پوست نما چھلکے والی نارنگی جس کا قطر تقریباً ڈیڑھ انچ ہوتا ہے۔ (۲) ایک چھوٹا آسٹریلوی انار۔

Navel orange : (n) برازیل وغیرہ میں ہونے والی نارنگی جس میں بیج تقریباً نہیں ہوتے ہیں ؛ برازیلی نارنگی۔

Noble orange : (n) دیکھو Mandarin

Quito orange : (n) نقلی نارنگی؛ مکو کی قسم کی ایک جو رنگ ، خوشبو اور ذائقے میں نارنگی جیسی ہوتی ہے۔

Seville orange : (n) دیکھو Bitter orange

Sour orange : (n) (نباتیات) نارنج۔

Squeezed orange : (n) نچوڑی ہوئی نارنگی؛ وہ چیز جس سے اب کچھ فائدہ اٹھانے یا حاصل کرنے کی گنجائش باقی نہ رہی ہو۔

Tangerine orange : (n) چکنی سنترہ؛ طنجہ کا سنترہ؛ طنجوی نارنگی۔

To squeeze or suck an orange : (n) کل رس نکال لینا؛ ست نچوڑ لینا (مجازاً) کسی شے کے نفع بخش اجزاء کو پورے طور پر نکال دینا یا کھینچ لینا۔

Orange : (n) نارنجی رنگ کا؛ نارنجی؛ کیولئی رنگ کا؛ سرخی مائل زرد رنگ کا۔

Orange : (n) (۱) فرانس کے ایک شہر کا نام جو دریائے رُون (Rhone) کے کنارے واقع ہے اور جو پہلے اسی نام کی ایک چھوٹی سی ریاست کا دارالحکومت تھا جس سے (Orange - Nassau) کے شہزادگان نے جو انگلستان کے ولیم سوم کے اسلاف تھے اپنا لقب اختیار کیا۔ (۲) (توصیفاً) ہالینڈ میں (Orange) خاندان کا کوئی فرد۔ (۳) (انگریزی تاریخ) آئرستان کی انتہا پسند پروٹسٹنٹ جماعت جس میں Orangeman نام کی خفیہ انجمن بھی تھی۔

Orange-aphis : (n) ایک سیاہ کیڑا جو نارنگی کے درخت پر کثرت سے ہوتا ہے اور اسے نقصان پہنچاتا ہے۔

Orange-bat : (n) خفاش نارنجی؛ شمالی آسٹریلیا میں پایا جانے والا چمگادڑ جس کے نرکے جسم پر نارنجی رنگ کے روئیں ہوتے ہیں۔

Orange-blossom : (n) نارنگی کے درخت کے سفید خوشبودار پھول

جس کے ہار اور جھالر وغیرہ دلہنیں استعمال کرتی ہیں یا جنہیں شادی کے موقع پر گلدستوں کی شکل میں پیش کیا جاتا ہے۔

Orange-cowry : (n) گہرے زرد رنگ کی خوبصورت اور بڑی کوڑی؛ نارنجی کوڑی۔

Orange-fin : (n) ایک قسم کی ٹراؤٹ (Trout) مچھلی۔

Orange-flower : (n) دیکھو Orange-blossom

Orange-flower water : (n) نارنگی کے پھول کا آبی محلول: نارنگی کا تیل کشیدہ کرنے میں مقطر شدہ خوشبودار پانی؛ روغن نارنگی کا پر آب محلول جو دوا سازی کے کام آتا ہے۔

Orange-grass : (n) ننھے ننھے شوخ زرد پھولوں والی شمالی امریکی گھاس۔

Orange-jelly : (n) (۱) جیلی جس میں نارنگی کے عرق اور چھلکے کی بو ہو۔ (۲) سویڈی شلجم کی ایک قسم۔

Orange lily : (n) یورپی سوسن (اس کی دو قسمیں ہیں ایک کے پھول شوخ نارنجی اور دوسرے کے سرخ نارنجی (جیسے) ہوتے ہیں۔

Orange-marmalade : (n) (ترش) سنترے کا مربا؛ (چینی کے قوام میں پکایا ہوا سنترہ)۔

Orange-oil : (n) نارنگی کے چھلکے سے نکالا ہوا تیل؛ روغن نارنگی؛ روغن نارنجی۔

Orange-scale : (n) کوئی کھپرے دار کیڑا جو نارنگی کے درخت کو نقصان پہنچاتا ہے خصوصاً Aspidiotus aurtii -

Orange-stick : (n) پتلی چھڑی یا قمچی (خصوصاً نارنگی کے درخت کی) جس کے سرے اس طرح کے بنے ہوں جس سے انگلی کے ناخنوں کو صاف کرنے کا کام لیا جاتا ہے۔

Orange-tawny : (a) ہلکے زردی مائل رنگ کا؛ ہلکے نارنجی رنگ کی جھلک کے ساتھ کتھئی رنگ کا۔

Orange-tawny : (n) ہلکا زردی مائل بھورا رنگ یا اس رنگ کا کپڑا۔

Orange thorn : (n) دیکھو Native orange

Orange tip : (n) ایک قسم کی تیتری یا تتلی جس کے پروں کے سروں پر نارنجی رنگ کے دھبے ہوتے ہیں۔

Orange wine : (n) نارنجی شراب (جو سنترے کے عرق یا چھلکے کی تخمیر کے ذریعے بنتی ہے)۔

Orangeade : (n) اورنجیڈ؛ نارنگی اور لیموں کے عرق کو پانی کے ساتھ ملا کر بنایا ہوا میٹھا مشروب؛ شربت نارنجی؛ نارنگی یا سنترے کا افشردہ؛ (جدید) نارنگی کا ہوا آمیز پانی۔

Orang (e) ism : (n) اورینج (Orange) ایسوسی ایشن کے اصول اور اس کا نظام؛ آئرستان میں پروٹسٹنٹ سیاسی بالا دستی کے اصول؛ ان اصولوں کی حمایت یا پیروی۔

Orangeman : (n) آئرسان کی اس سیاسی انجمن کا رکن جو پروٹسٹنٹ مذہب کی حمایت میں اور اس کو آئرلینڈ میں فروغ دینے کے لئے ۱۸۹۰ء میں قائم ہوئی تھی۔

Orangery : (n) (نباتیات) نارنجستان؛ نارنگی کا باغ؛ وہ جگہ جہاں نارنگی کی کاشت ہوتی ہے۔

Oranges and lemons : (n) بچوں کا کھیل جس میں ان الفاظ کے ساتھ ایک مختصر گیت گایا جاتا ہے۔

Orangite : (n) (معدنیات) تھورائٹ کی نارنجی قسم؛ نارنجی رنگ کا تھورائٹ۔

Orangy : (n) (۱) نارنگی جیسا؛ مثل نارنگی۔ (۲) (رنگ) جس میں نارنجی (رنگ) کا جزو غالب ہو۔

Orarion : (n) یونانی کلیسا میں ڈیکن کے لباس کا وہ حصہ جو بائیں کندھے سے نیچے گھٹنے تک لٹکتا رہتا ہے۔

Orarium : (n) [L.] پادری اہلکار کا اسکارف یا شانہ پوش۔

Orate : (v) [L. 'Orara. '] (مزاحاً) تقریر کرنا؛ تقریر جھاڑنا؛ داد خطابت دینا۔

Oration : (n) [L.'Oratio' + -ion.] (۱) تقریر؛ خطبہ؛ لیکچر؛ کسی خاص موقعے پر دیا ہوا خطبہ یا کی ہوئی تقریر۔ (۲) (تاریخ) دعا؛ پرارتھنا؛ خدا سے درخواست۔ (۳) (صرف و نحو) نقل قول؛ (دوسرے کے قول کو بیان کرنا)؛ کلام۔

Oration : (v) (روز مرہ) تقریر کرنا؛ خطبہ دینا؛ خطاب کرنا؛ لیکچر دینا۔

Orator : (n) (۱) مقرر؛ تقریر کرنے والا۔ (۲) (قانون) مدعی کسی عرضی دعویٰ میں لارڈ چانسلر کی عدالت میں (اب امریکا)۔ (۳) خوش بیان مقرر؛ مقرر فصیح؛ فصیح البیان مقرر؛ خطیب۔

Publi orator : (n) آکسفورڈ اور کیمبرج یونیورسٹیوں کا ایک عہدے دار جس کا کام ہے یونیورسٹی کی طرف سے وہاں کی تقریبات میں تقریر کرنا یا بذات خود یونیورسٹی کے معاملات میں حاضر ہوکر وکالت کرنا، مناسب اور موزوں خطبات لکھنا، تہذیب نامے یا تعزیت نامے لکھنا اور اعزازی ڈگری کے لئے امیدواروں کو متعارف کرانا ایسے ہی دوسرے فرائض انجام دینا۔

Oratorian : (a) رومن کیتھولک چرچ یا کلیسا کی مخصوص مذہبی انجمنوں کا یا ان سے متعلق۔

Oratorian : (n) رومن کیتھولک کلیسا کی مخصوص مذہبی انجمن کا پادری، خصوصاً سینٹ فلپ نیری کی یا دوسری ایسی ہی انجمن کا رکن۔

Oratoric/ -al : (n) (۱) مقررانہ؛ خطیبانہ۔ (۲) ادیبانہ؛ فصیحانہ؛ فصیح و بلیغ؛ فصاحت و بلاغت کے اصولوں کے مطابق فن خطابت سے متعلق؛ پیشہ ور مقرر کی خصوصیت کا۔ (۳) رنگین بیانی کا عادی؛ فصیح البیانی دکھانے کا عادی۔

Oratorically : (adv.) رنگین بیانی کے انداز؛ خطیبانہ انداز میں؛ فصاحت و بلاغت کے ساتھ؛ فصیح و بلیغ انداز میں؛ فصاحت و بلاغت کے اصول کی رو سے۔

Oratorio : (n) [It. 'Oratorio. '] بھجن؛ مذہبی رہس؛ سادہ مذہبی ناٹک جس کے ساتھ موسیقی ہوتی ہے اور سینری یا نقل و حرکت نہیں ہوتی۔

Oratorize : (v) (مزاحاً) لیکچر جھاڑنا؛ تقریر کرنا؛ فصیح البیانی دکھانا۔

Oratorship : (n) سخن رانی؛ فصیح البیانی؛ نطّافی؛ فصاحت؛ خطّابی۔

Oratory : (n) [L. Oratorium .'] (۱) معبد؛ عبادت گاہ؛ چھوٹی عبادت گاہ؛ شخصی عبادت خانہ، حجرہ۔ (۲) بعض رومن کیتھولک؛ چرچ یا کلیسا میں مخصوص انجمنوں کا نام (خصوصاً سینٹ فلپ نیری کی مذہبی انجمن یا بے ضابطہ پادریوں کی انجمن؛ کاہنوں کی انجمن جو سنہ ۱۵۶۴ میں روم میں قائم ہوئی تھی جس میں مذہبی ارکان کی سادگی پر زور دیا جاتا تھا۔ (۳) اس انجمن کی کوئی شاخ جو انگلستان میں ہو۔

Oratory : (n) [L. 'Oratoria. '] (۱) فن خطابت؛ فن تقریر؛ شیوۂ سخن رانی؛ فن بلاغت۔ (۲) خطبے؛ تقریریں۔ (۳) سخن آرائی رنگین بیانی؛ لفاظی؛ لسانی؛ خطابت؛ خوش بیانی۔

Oratress : (n) تقریر کرنے والی؛ خوش بیان خاتون؛ خطیبہ۔

Orb : (n) [L. 'Orbis.] (۱) گولا؛ کُرہ؛ جسم کروی؛ (علم النجوم) جرم۔ (۲) جرم سماوی؛ جرم فلکی (چاند، سورج، سیارہ وغیرہ)۔ (۳) (شاذ) دائرہ؛ حلقہ؛ قرص۔ (۴) (تشریح، شعریات) آنکھ؛ دیدہ؛ چشم؛ عین۔ (۵) صلیب دار گولا جو لوازم جشن تاج پوشی کا ایک حصہ ہوتا ہے۔ (۶) نظام؛ منظم جماعت یا سلسلہ؛ منظم سماج؛ منظم طبقہ؛ منظم اور مجموعی کل؛ مدور کل؛ مدور سلسلہ۔ (۷) کروی شکل کی کوئی چیز؛ گول چیز؛ مدور چیز۔ (۸) (علم النجوم) مدار سیارہ۔ (۹) (میکانیات) چاک؛ پہیا۔

The celestial orb : کُرۂ فلکی۔

The moons orb : جرم قمر۔

The suns orb : جرم شمس۔

Orb : (n) [Al. 'Orba. '] (تعمیرات) دریچہ نما طاق؛ کھڑکی نما طاق؛ ہموار پتھر کی سِل۔

Orb : (v) (۱) حلقے میں لے لینا؛ گھیر لینا؛ دائرے میں لے لینا۔ (۲) حلقہ بنا لینا؛ گول ہو جانا؛ کرے کی شکل اختیار کر لینا؛ مدار میں گردش کرنا؛ مدور ہو جانا؛ قرص نما یا پہیا نما ہو جانا؛ منظم اور مربوط ہو جانا۔

Orbed : (a) مدور؛ گول؛ کُرہ نما؛ محرابی؛ محراب دار؛ منظم؛ مربوط۔

Orbicular : (a) (۱) حلقہ نما؛ کُروی؛ مدور؛ گول؛ دائرنما؛ قرص نما؛ مستدیر۔ (۲) مکمل بالذات؛ کامل؛ پورا گول۔ (۳) (تشریح و حیوانیات) دائرہ نما یا قرص نما ساخت پر بھی اطلاق ہوتا ہے خصوصاً عضلات حاصرہ جو جسم کے کسی منفذ کے گرد ہوتے ہیں اور اسے بند کرنے یا ڈھک دینے کا کام دیتے ہیں مثلاً منہ اور پلکوں کا حاصرہ وغیرہ۔ (۴) (نباتیات) مدور؛ حلقی؛ دائرہ نما۔ (۵) (کبھی کبھی) گول یا محدب سطح والا (بہ خلاف چپٹا یا سطح)۔ (۶) (تاریخ طبیعی) دیگر صفات یا شکل سے مرکب (خاص کر نباتیات میں پتیاں)۔ (۸) وسط گوش کی ایک چھوٹی ہڈی۔

Orbicular : (n) (تشریح) عضلۂ حاصرہ؛ حاصر عضلہ؛ جسم کے فطری رخنوں یا شگافوں کو گھیرنے یا بند کرنے والے عضلات مثلاً حاصرہ، پلکیں وغیرہ۔

Orbicular-fish : (n) مشرقی ہندوستان میں پائی جانے والی ایک مچھلی۔

Orbicular muscle : (n) عضلۂ مدور؛ عضلۂ حاصرہ۔

Orbicularis : (n) [L.] (تشریح) عضلۂ حاصرہ۔

Orbicularis oris : (n) حاصرۂ دہن منہ کو بند کرنے والے ان عضلات میں سے کوئی ایک جو ہونٹوں کی حرکات کو کنٹرول کرتے ہیں (قابو میں رکھتے ہیں)۔

Orbicularity : (n) کرویت؛ دائرہ نما ہونا؛ تدویر؛ مدور ہونا ؛ اکملیت؛ گول یا مدور شکل۔

Orbicularly : (adv.) کُروی طور پر؛ کُرے کی شکل میں؛ مدور ہوکر؛ دائرے کی شکل؛ مکمل طور پر۔

Orbiculate/Orbiculated : (a) [L. 'Orbiculatus. '] مدور؛ دائرہ نما؛ گول؛ کُروی۔

Orbiculato - : (comb.) جزو ترکیبی بمعنی، کروی طور پر؛ بہ شکل کرہ؛ مدور ہوکر۔

Orbit : (n) [L.'Orbita.'] (۱) خانۂ چشم؛ آنکھ کا گھر؛ (تشریح) محجر؛ کاسۂ چشم۔ (۲) (پرندے وغیرہ کا) آنکھ کا حلقہ؛ (حیوانیات) حلقۂ چشم؛ حاشیہ یا حلقہ جو پرند یا کیڑے کی آنکھ کو گھیرے ہو۔ (۳) (اجرام فلکی) مدار مسیر۔ (۴) مدار میں ہونے یا مدار میں گردش کرنے کی حالت۔

In orbit/Into orbit : مدار میں؛ مدار کے اندر۔

Orbit : (v) [f. the Sb.] (۱) مدور گھومنا؛ دائرہ نما گھومنا؛ مدار میں گھومنا؛ چکر دینا؛ چکر کھلانا۔ (۲) (کسی سیارے یا کسی خطے کے اوپر) مدار میں گھومنا؛ دائرے میں گردش کرنا؛ گول گھومنا؛ چکر کاٹنا یا چکر لگانا۔ (۳) دائرے میں اڑنا؛ ہوا میں چکرانا یا گول چکر کاٹنا۔ (۴) مدار میں بھیجنا؛ مدار پر رکھنا؛ مدار میں داخل کرنا۔

Orbit of earth : (n) مدار ارضی؛ زمین کا مدار۔

Orbital : (a) (۱) محجری؛ حلقۂ چشم یا خانۂ چشم سے متعلق؛ کاسۂ چشم کے اندر۔ (۲) مدار سے متعلق؛ مدار کے اندر یا مدار میں موجود؛ مداری۔

Orbital abscess : (n) (طب) خراج محجری؛ محجری پھوڑا۔

Orbitar : (a) [Fr. 'Orbitaire. '] مَحجری؛ کاسۂ چشم میں یا اس سے متعلق۔

Orbitar : (n) رخسار کی ہڈیوں کی درز جو ان کے جوڑ پر ہوتی ہے؛ ان ہڈیوں کا جوڑ۔

Orbitar : (a) دیکھو

Orbitary : (a)

Orbitele : (n) مکڑی جو گول جال بُنتی ہے۔

Orbitelous : (a) [f. mod. L. 'Orbitelus. '] گول جال بُننے والی (مکڑی)۔

Orbiter : (n) مدار میں گھومنے والا (خصوصاً) مصنوعی سیارہ؛ مصنوعی چاند؛ قمر مصنوعی۔ (۲) مدار میں موجود یا مدار میں داخل ہونے والا طیارہ یا مدار میں جانے والا ہی ہو۔

Orbiting : (a) (۱) گول گھومتا ہوا؛ مدار میں گھومتا ہوا۔ (۲) مدار میں موجود یا مدار میں داخل ہونے والا۔

Orbito -: (comb.) جزو ترکیبی بمعنی دوسرے حصوں کے علاوہ محجر یا خانۂ چشم سے متعلق؛ محجری؛ خانۂ چشم کا (مثلاً Orbito-tempeal , Orbitonasal وغیرہ)۔

Orbitolite : (n) Orbitolites جنس کے مسام دار خارہ پشت، تسمہ پا حیوان کا متحجر خول یا کھپرا۔

Orbitonasal : (a) (تشریح) مَحجری انفی؛ خانۂ چشم اور ناک کی ہڈی سے متعلق۔

Orbitosphenoid : (a) [f. Orbito + spheroid. '] کاسۂ چشم اور استخوان جمجمہ سے متعلق؛ اس چھوٹی ہڈی یا استخوانی ابھار سے متعلق جو کاسۂ چشم کا ایک حصہ ہوتی ہے؛ مَحجری جمجمی۔

Orbitosphenoid/-al : (n) وہ چھوٹی ہڈی یا استخوانی اُبھار جو کاسۂ چشم کے ایک حصے کی تشکیل کرتا ہے؛ محجری جمجمی استخوان یا محجری جمجمی اُبھار۔

Orbitostate : (n) کھوپڑی کی گولائی ناپنے کا آلہ؛ جمجمہ سنج : جمجمہ پیما۔

Orbitotemporal : (a) (تشریح) محجری صدغی؛ کاسۂ چشم اور کنپٹی کی ہڈی سے متعلق۔

Orbity : (n) [MF.'orbite', f. L. 'orbus'] (متروک) بے اولاد ہونا؛ بے اولادی۔

Orbless : (a) بے مدار ؛ بے اجرام (آسمان)؛ بے دیدے کی (آنکھ)۔

Orby : (a) (شعر) کرہ نما ؛ گول ؛ مدور ؛ دائرے میں گھومنے والا؛ جرم سماوی جیسا یا اس سے متعلق۔

Orc/Ork : (n) [L. 'orca.'] (۱)بڑی سمندری مچھلیاں جن میں وھیل بھی شامل ھے:گاؤ ماہی؛ بحری دیو: دیو پیکر بحری حیوان۔ (۲) عجیب الخلقت جانور (بری یا بحری)؛ عجائب المخلوق: ھوا : آدم خور جن : دیو۔

Orca : (n) گاؤ ماہی: دیو پیکر بحری جانور۔

Orcadian : (a) [L. 'orcades.'] جزائر آرکنی (Orkeny) کا یا اس سے متعلق : آرکنی ۔

Orcadian : (n) جزائر آرکنی کا با شندہ : آرکنی شخص۔

Orcanet : (a) [med. L. 'alkanna.'] دیکھو Alkanet

Orcein : (n) [Altered f. orcin.'] (کیمیا) ایک قسم کا لال رنگ جو Orcine پر امونیاآکسیجن کے عمل سے حاصل ھوتا ھے ($C_3H_7NO_3$) ۔

Orchard : (n) [OE. 'ortgeard.'] پھل دار درختوں کا باغ۔ (۲) احاطہ میوہ دار درختوں کی کاشت کے لئے۔

Orchard fruit : (n) باغ میوہ؛ پھلواڑی: درخت میوہ؛ درخت کا پھل۔

Orchard grass : (n) میوہ باغ میں اُگنے والی کوئی گھاس۔

Orchard house : (n) (۱)نازک پھلوں کو محفوظ رکھنے کے لئے یا جلد پک جانے کے لئے شیشے کا گھر۔(۲) شیشے کا گھر جس میں نرم و نازک درختوں کے پودے اُگائے اور محفوظ کئے جاتے ہیں۔

Orchard oriole : (n) شما لی امریکا اور پول (پرند) جو اپنا گھونسلا پھلدار درختوں کی ٹہنیوں میں لٹکا تا ھے۔

Orcharding : (n) (۱) باغوں میں میوہ دار درختوں کی کاشت(کرنا)۔ (۲)(خصوصاً امریکا) میوہ دار درختوں کے لئے چھوڑی ھوئی زمین جس میں میوہ دار درخت لگے ھوں۔

Orchardist/Orchardman : (n) پھلوں کا باغ لگانے والا : میوہ دار درختوں کی کاشت کرنے والا۔

Orchectomy : (n) [Gr. 'orchis' + E- 'echtomy'.] (جرّاھی) خصیہ برادری۔

Orhella : (n) Orchilla کی متبادل شکل۔

Orchella weed : (n) Roccella tinctoria نام کی کائی یا اس کی دوسری قسمیں جن سے سرخ یا بنفشی رنگ بنایا جاتا ھے۔

Orchestic : (a) رقص کا؛ رقص سے متعلق : رقصی۔

Orchestic/Orchestics : (n) (عموماً جمع) ناچنے کا فن؛ فن رقص۔

Orchestra : (n) [L.] (۱)(قدیم یونانی تھیٹر) نیم مدور رقص گاہ (اسٹیج کے سامنے ھوتی تھی جہاں سنگت میں ناچا گایا جاتا تھا (۲) (زمانۂ حال کا تھیٹر) سرودگاہ وہ جگہ جو مغنیوں اور سازندوں کے لئے ھوتی ھے۔ (۳)(تھیٹر ، سرود خانہ)۔ سازندوں کا طائفہ؛ ساز: نغمۂ ساز: ساز سنگیت : آرکسٹرا سازوں کا سیٹ جن کو سازندوں کی جماعت ایک ساتھ بجاتی ھے۔

Orchestra chairs : (امریکا) تھیٹر کی سرود گاہ جسے انگلینڈ میں Stall کہتے ہیں۔

Orchestra stalls : (a) دیکھو Orchestra chairs

Orchestral : (a) آرکسٹرائی: آرکسٹرا کا؛ سازندوں کے طائفے کا۔

Orchestrate : (v) آرکسٹرا کے لئے نغمۂ ساز ترتیب دینا یا لکھنا۔

Orchestration : (v) ترتیب نغمہ: تدوین نغمہ؛ طرز جس میں نغمۂ ساز ترتیب دیا گیا ھو: آرکسٹرا کے لئے آہنگ سازی۔

Orchestrator : (n) مرتب نغمہ : آرکسٹرائی آہنگ ساز: آرکسٹراکے لئے نغمۂ ساز ترتیب دینے والا۔

Orchestre/-ter : (n) [Fr. 'orchestre.'] دیکھو Orchestra

Orchestric : (a) دیکھو Orchestral

Orchestrina/Orchestrino/Orchestrion : (a) دستی آرکسٹرا (ایک قسم کا آرگن باجا۔)

Orchid : (n) (۱) سحلب :ثعلب مصری؛ ثعلبیہ(ایک مبہی بوٹی یا ایک قسم کی اور بوٹی)۔ (۲)ایک غیر مستقل یا بدلنے والا رنگ جو اوسطاً ہلکا ارغوا نی ھوتا ھے۔ (۳)تعریف تحسین: مدح: ستائش : آفریں(عموماً جمع میں استعمال ھوتا ھے۔)

Orchid gray :(n) ایک غیر مستقل رنگ جو اوسطاً بھورا مائل ارغوانی ھوتا ھے ۔

Orchidaceae : (n) [mod. L.] سحلبیہ : ثعلبیہ۔

Orchidaceous : (a) (۱)سحلبی : ثعلبی ۔ (۲) ثعلب مصری جیسا (خصوصاً) بھڑکیلا ؛ بھڑکدار: فوق البھڑک۔

Orchidalgia : (n) (طب)درد خصیہ۔

Orchidectomy : (n) (جرّاحی) خصیہ براری۔

Orchideous : (a) سحلبی؛ ثعلبی ؛ثعلبیہ کی جنس کا۔

Orchidist : (n) ثعلب مصری کی کاشت کرنے والا۔

Orchido- : (Comb.) مفروضہ جزو ترکیبی بمعنی ثعلبیہ؛ ثعلب مصری۔

Orchidologist : (n) ماہر ثعلبیات؛ماہر سحلبیات۔

Orchidology : (n) نباتات کی وہ شاخ جو ثعلبیہ اور اس کی جنسوں سے بحث کرتی ہے؛ثعلبیات؛سحلبیات۔

Orchiectomy : (n) (جرّاحی) خصیہ براری۔

Orchil : (n) [OFr. 'orcheil , orcele , orseil'.] (۱) سرخ یا بنفشی رنگ جو ایک طرح کی کائی سے بنتا ہے ۔ (۲) Roccella tinctoria نام کی کائی یا اس کی دوسری قسمیں جن سے یہ رنگ بنتا ہے۔

Orchilla : (n) دیکھو Orchil

Orchiotomy : (n) (جرّاحی) خصیہ براری؛ آختہ کرنا۔

Orchis : (n) [L.] (نباتیات) جنس سحلب؛ثعلب مصری کی ایک قسم۔

Orchitic : (a) ورم خصیہ کا؛ ورم خصیہ سے متعلق۔

Orchitis : (n) [f. Gr. 'orkis.'] (مرضیات) ورم خصیہ۔

Orchotomy : (n) دیکھو Orchiotomy

Orcin/Orcine : (n) [mod. L. 'orcina.'] (کیمیا) ایک بے رنگ شفاف مادہ جو $(CH_3 C_6 H_3 (OH)_2)$ Orchilla-weed سے حاصل ہوتا ہے۔

Ordain : (v) [ME 'ordeine.'] (۱) ترتیب دینا ؛ مرتب کرنا ؛ منظم کرنا ؛ تیار کرنا ۔ (۲) (کلیسا) مقرر کرنا (پادری عہدے پر) ؛ بنانا (پادری)۔ (۳) مقدر کرنا ؛ قسمت میں لکھنا ۔ (۴) حکم نافذ کرنا ؛ فرمان جاری کرنا ؛ ایسا حکم جاری کرنا جسے ماننا ضروری ہو ۔

Ordainable : (a) (۱) لائق ترتیب ؛ محتاج ترتیب ؛ تیار کئے جانے کے لائق ۔(۲) لائق نفاذ حکم ؛ فرمان جاری کئے جانے کے لائق ؛ مقرر یا مقدر کئے جانے کے قابل ۔

Ordainer : (n) (۱) مرتب ؛ منظم ؛ تیار کرنے والا ۔ (۲) مقرر کرنے والا ؛ مقدر کرنے والا ؛ کاتب تقدیر ۔ (۳) حاکم ؛ فرمان نافذ کرنے والا ۔

Ordainment : (n) ترتیب ؛ تنظیم ؛ تیاری ؛تقرری ؛ تقدیر ؛اجزائے فرمان ؛ نفاذ حکم ۔

Ordalium : (n) [med. L.] (۱) جسمانی اذیت کے ذریعے جھوٹ سچ کا امتحان(مثلاً ملزم کا ہاتھ ابلتے پانی میں ڈالنا ، دہکتے لوہے پر ننگے پاؤں چلانا وغیرہ) ؛ صبر آزمانا ؛ مصیبت ؛ سخت آزمائش کاموقع ؛ آزمائشی اذیت ؛ آرڈیل ؛ (تاریخ) آزمائش مباہلہ ؛ پر عتاب آزمائش ۔ (۲) (مجازاً) ابتلا ؛ آزمائش ؛ امتحان (صبر یا کردار کا) ۔

Ordeal : (n) [OE. 'ordal , ordel .'] دیکھو Ordalium

Ordeal-beam : (n) ایک قسم کی زہریلی سیم جسے جادو کی آزمائش میں استعمال کرتے ہیں۔

Ordeal fire : (n) آزمائش آگ؛ (مجازاً) آتش نمرود؛ نار ابراہیم۔

Order : (n) [ME. 'ordre.'] (۱) (متروک) قطار۔ (۲) طبقہ؛ جماعت؛ قبیلہ۔(۳) درجہ؛ مرتبہ؛ حیثیت؛ رتبہ۔(۴) قسم؛ صنف؛ نوع؛ جنس۔ (۵) فرشتوں کے نو طبقوں میں سے کوئی ایک طبقہ۔ (۶) پادری کے مدارج میں کوئی درجہ۔ (۷) (جمع) پادری کا منصب۔ (۸) راہبوں وغیرہ کا سلسلہ؛ حلقہ؛ راہبوں یا ننوں کی جماعت یا ایسی برادری کا ایک مذہبی سلسلہ ایک مسلک کے تحت۔ (۹) اعزازی سلسلہ (جس میں بادشاہ حسن خدمت کے صلے میں داخل کرتا ہے)۔ (۱۰) تمغہ۔ (۱۱)(تعمیرات) طرز؛ آرائشی حاشیوں کا سلسلہ ۔ (۱۲) (ریاضیات) درجہ۔ (۱۳)(تاریخ طبیعی) برتر صنف حیوانات ، نباتات و معدنیات وغیرہ کی بہ لحاظ درجہ بندی۔ (۱۴)ترتیب توالی بطور سلسلۂ مراتب؛سلسلہ نظم؛ نظام۔ (۱۵) صحیح ترتیب ؛ حسن ترتیب؛ سلیقہ۔ (۱۶) (قدیم) مناسب کاروائی؛ با ضابطہ کاروائی؛ رسمی کاروائی۔(۱۷) نظم عالم؛نظام کائنات؛(علم النجوم) نظام عالم۔(۱۸) مقررہ نماز یا عبادت۔ (۱۹)آداب؛ضابطہ۔ (۲۰) امن و امان۔ (۲۱) حاکمانہ ہدایت ؛ تاکید؛ فرمان؛فتوی۔ (۲۲)(بینک) بنڈی؛ تحریری حکم ادائی رقم یا حوالگی جائداد۔(۲۳)(تجارت و معاشیات) آڈر؛فرمائش۔ (۲۴) پاس؛ حکم داخلہ؛ اجازت نامۂ داخلہ (بلا معاوضہ یا رعایتی شرح پر) کسی تھیٹر کے لئے۔(۲۵)نارمل حالت ؛ حسب معمول صورت حال؛ صحتمند حالت؛ مناسب حالت۔ (۲۶) (فوج) رائفلوں کی وہ پوزیشن یا حالت جس میں انہیں Order armsکا حکم ملنے پر رکھا جاتا

Order : (v) [ME.'ordre', f. prec.] (۱)ترتیب سے آراستہ کرنا: سجانا: ترتیب سے رکھنا:قرینے سے لگانا یا سجانا۔ (۲)قسمت میں لکھنا:مقرر کرنا۔(۳) حکم دینا:ہدایت کرنا: فرمان صادر کرنا: حکم نافذ کرنا۔(۴)(کسی مقام پر) مامور ہونا: جانے کا حکم دینا۔ (۵)(تاجروں کو) مال کی فرمائش بھیجنا: فرمائش کرنا:آرڈر دینا: مانگ پیش کرنا۔(۶) صحیح حالت میں رکھنا: با قاعدہ طور پر ترتیب دینا:باقاعدہ کرنا: درست کرنا: منظم کرنا:انتظام کرنا: معین کرنا: بٹھا دینا: قاعدے سے رکھنا۔ (۷)نسخہ لکھنا۔ (۸)(کسی آدمی کو)کسی کام کو کرنے کا حکم دینا یا ہدایت کرنا۔(۹)کسی کو کہیں سے آنے یا کہیں جانے کا حکم دینا یا ہدایت کرنا۔ (۱۰)(کلیسا) پادری بنانا: مقدس درجہ عطا کرنا۔ (۱۱) کسی چیز کے مہیا کئے جانے کا حکم دینا۔

Order about : (v) اِدھر اُدھر دوڑانا: حکم جتانا:حکم چلانا۔

Spiritual order : روحانی سلسلہ۔

Take them in order : سلسلے سے ایک ایک کر کے لو: ترتیب وار یا ترتیب سے لو۔

The five orders of Classical Architechture : کلا سیکی: فن تعمیر کی پانچ طرزیں ٹسکن، ڈورک، آیوفک ، کورنتھی اور کمپوزٹ جن میں دوسری تیسری اور چوتھی اصلاً یونانی طرزیں ہیں اور پہلی اور آخری یونانی ترمیمات کا نتیجہ ہیں۔

The order : (فوج)کمپنی یعنی پیدل فوج کے دستے کا بندوق زمین پر سیدھی طرف ٹکا کر کھڑا ہونا۔

The order arms : (فوج)بندوق یا رائفل کو اس حالت میں رکھنا کہ اس کا کندہ زمین پر ہو اور وہ دائیں طرف عموداً کھڑی ہو:رائفل یا بندوق کو سیدھی طرف ٹکا کر کھڑا ہونا۔

To keep order : امن قائم رکھنا۔

To rise to a point of order/To rise to order : کھڑے ہو کر سوال کرنا کہ فلاں چیز ضابطے کے اندر ہے یا نہیں: ضابطے کا سوال پیش کرنا۔

To take order : مناسب کاروائی کرنا : مناسب اقدام کرنا : ترتیب دینا: انتظام کرنا۔

To take orders : پادری بنایا جانا: کلیسا کے اُونچے عہدے پر فائز کیا جانا۔

Minor orders : (رومی کلیسا) ادنیٰ مدارج (دعا خواں، دربان وغیرہ کے ادنیٰ عہدے)؛(مشرقی کلیسا) سب ڈیکن: دعا خواں اور کبھی نغمہ خواں کے عہدے۔

Natural order : (پودوں کی) صنف جس میں فطری طورپر کئی جنسی یا خاندان ملے ہوتے ہیں.(بخلاف مصنوعی صنف کے جس میں کوئی پودا محض ایک ہی خصوصیت میں مشترک ہوتا ہے جو ممکن ہے غیر اہم ہو)۔

Out of order : بے سلسلہ: بے ترتیب : غیر منظم: بے سلیقہ: بے قاعدہ:بگڑا ہوا: بدترتیب۔

Holy orders: مقدس مدارج(رومن کیتھولک چرچ میں اُسقف، پادری، ڈیکن ، سب ڈیکن اور کلیسائے انگلستان میں اُسقف ، پادری اور ڈیکن کے)۔

A large order : (روز مرہ) مشکل کام: بہت بڑی مانگ، تجویز: کار محال۔

By order : حسب الحکم افسران مجاز۔

In bad order : بگڑا ہوا: بد ترتیب۔

In deacons order : ڈیکن کے عہدے پر فائز۔

In full orders : پادری کے عہدے پر فائز : امام کے عہدے پر فائز۔

In order/In good order : ٹھیک: چالو۔

In full orders : دیکھو In orders

In order that : تاکہ: اس لئے کہ۔

In order to : بغرض۔

In (or on) shot (also, quick) order : (امریکا) فوراً: بلا تامل: بلا تاخیر: بروقت: بر محل: ابھی: اسی دم۔

In priests order : پادری کے عہدے پر فائز۔

Made to order : فرمائشی: فرمائش پر بنا ہوا۔

ہے(یعنی کُندے زمین پر ہوتے ہیں اور رائفلوں کو سامنے عموداً کھڑا رکھا جاتا ہے)۔ (۲۷)(قانون) کسی عدالت یا جج کا فیصلہ (تحریری):(عدالت عظمٰی یا سپریم کورٹ میں) کوئی حکم یا ہدایت فیصلہ ناطق کے علاوہ۔

Order bond : (n) فرمائشی تمسک۔

Order book : (n) (۱)فرمائشات کا رجسٹر۔(۲) دارالعوام میں تجاویز کے اندراجات کا رجسٹر۔(۳)(فوج)کمانڈر کے حسب موقع احکام کے اندراجات کا رجسٹر؛ وہ رجسٹر جس میں اردلی سارجنٹ فوجی اورعام احکامات درج کرتے ہیں۔

Order cheque : (n) آرڈر چیك (جو اس شخص کے دستخط کے بغیر وصول نہیں ہو سکتا جس کے نام لکھا گیا ہو)۔

Order clerk : (n) محرر فرمائشات؛تجارتی فرمائشات کو درج کرنے والا محرر۔

Order dinner : (n) یہ تجویز کرنا کہ کھانے میں کیا کیا چیزیں ہوں۔

Order form : (n) آرڈر فارم؛فارم جس کو (خریدو فروخت کی چیزوں کا)آرڈر دینے میں پُر کرنا پڑتا ہے۔

Order in council : (n) پریوی کاؤنسل کا فرمان خاص۔

Order of magnitude : (n) ترتیب قدر؛ ترتیب جسامت؛ درجۂ مساوی یا درجۂ مساوات۔

Order of merit : (n) ترتیب قابلیت۔

In order of merit : ترتیب بہ لحاظِ قابلیت؛ بہ لحاظ قابلیت۔

Order of the day : (n) (۱) (قانون ساز مجلس میں)کسی روز مجوزہ کاروائی کا پروگرام۔(۲)(اپنی فوج کے لئے جاری کردہ) کمانڈنگ افسر کے مخصوص احکام یا اعلان (۳)(روز مرہ) رواج عام؛ رواج وقت؛گھر گھر کا رواج؛عام رسم۔

Order-paper : (n) کاروائی کا چھپا ہوا پروگرام؛ وہ کاغذ جس میں کسی مجلس قانون ساز کی مخصوص دن کی کاروائی میں زیر غور آنے والے سوالات وغیرہ درج ہوتے ہیں۔

Order to view : (n) اجازت معائنہ؛کسی مکان یا ریاست کے عملے کی اس مکان یا ریاست پر قابض شخص کو یہ درخواست کہ وہ گاہك کو اپنی حدود کا معائنہ کرنے کی اجازت دے۔

Order-word : (n) لفظ شناخت؛پیرول؛مخصوص لفظ جس سے فوجی پہرے والے دوست اور دشمن میں تمیز کرتے ہیں۔

Ordered : (n) منظم ؛مرتب؛باقاعدہ؛ با اصول؛جس میں نظم و ضبط ہو۔

Orderer : (n) (۱)ترتیب دینے والا؛منظّم یا مرتب کرنے والا۔ (۲)حاکم مطلق ؛ کاتب تقدیر؛مقدر کرنے والا؛ حکم دینے والا؛فرمان صادر کرنے والا؛حاکم۔ (۳)فرمائش کنندہ؛گاہك؛خریدار۔

Ordering : (n) ترتیب ؛سجاوٹ؛تقدیر؛تحکم؛نظم؛نظام۔

Orderless : (a) بے ترتیب ؛ بے قاعدہ ؛بے اصول ؛ بے سلیقہ ؛ بے طریقہ ؛ بے ضابطہ؛ابتر؛پراگندہ۔

Orderliness : (n) حسن ترتیب؛با ضابطگی؛سلیقہ پسندی؛ انضباط پسندی؛شائستگی؛سلیقہ؛خوش اطواری۔

Orderly : (n) (۱)درست؛ آراستہ ؛ مرتب ؛ باترتیب ؛ با قرینہ ؛ ستھرا؛ منظم؛با قاعدہ۔(۲)با ضابطہ ؛ با سلیقہ؛ نستعلیق (شخص یا مزاج)؛سلیقہ مند؛با اصول۔ (۳)قاعدے کا پابند؛ انضباط پسند ؛نظم پسند؛ شائستہ؛سلیقہ پسند؛خوش اطوار؛ مہذب۔ (۴)(فوج)احکام پہنچانے والا یا احکام کی تعمیل کرانے والا۔(۵)(فوج)احکام یا ان کے اجراء سے متعلق۔(۶)سڑکوں کی صفائی کے نظام سے متعلق۔

Orderly : (n) (۱)احکام یا پیغامات پہنچانے والا سپاہی جو کسی افسر کے ماتحت ہوتا ہے؛اردلی؛ اردلی کا سپاہی؛ گماشتہ ۔ (۲) فوجی یا دوسرے شفاخانوں میں، وہ ملازم جس کے ذمہ صفائی اور حسن ترتیب کو قائم رکھنے کا کام ہوتا ہے۔

Orderly : (adv.) (۱)ترتیب وار؛مناسب ترتیب کے ساتھ؛ با سلیقہ طور پر؛با قاعدہ طور پر(اب شاذ ہے)۔(۲) مسلمہ ترتیب یا اصول کے مطابق؛اصولی طور پر؛ خوش اطواری سے؛ خوش سلیقگی سے؛با ضابطہ یا منظم طور پر۔

Orderly bin : (n) کوڑے کا پیپا؛کوڑے کا ٹوکرا(جو سڑکوں پر رکھا جاتا ہے)۔

Orderly book : (n) (فوج)فوج کی ریجمنٹ یا کمپنی کا وہ رجسٹر جس میں ریجمنٹ سے متعلق یا عام احکام درج کئے جاتے ہیں؛ احکام رجسٹر؛ آرڈر بك۔

Orderly man : (n) دیکھو Orderly (n)

Orderly officer : (n) اردلی افسر یا اردلی (جس کی اس روز ڈیوٹی ہو)؛ اردلی کا سپاہی؛گماشتہ۔

Orderly room : (n) کمانڈنگ افسر کا دفتر اور اجلاس۔

Ordinal : (a) (۱)ترتیبی؛توصیفی۔(۲)نباتات یا حیوانات کی کسی صنف کا؛ صنفی؛ قبیلی؛ قبیلوی۔ (۳)صف یا قطار سے متعلق؛قطار بنانے والا؛ قطار سے بننے والا۔ [LL. 'ordinalis.']

Ordinal : (n) (ریاضیات) عدد ترتیبی؛عدد توصیفی۔

Ordinal : (n) [med. L. 'ordinale.'] (۱)دعاؤں کی وہ کتاب جو پادری کی تقرری کے وقت استعمال ہوتی ہے۔(۲)وہ کتاب جس میں کلیسائی خدمات کے درجوں کی توضیع ہوتی ہے۔

Ordinal : (n) (ریاضیات) اعداد ترتیبی؛اعداد توصیفی۔

Ordinal number : (n) دیکھو Ordinal

Ordinance : (n) [med. L. 'ordinantia.'] (۱)ضابطہ؛آرڈیننس؛ (سیاسیات) فرمان؛ حکم؛ ہدایت؛ فیصلہ۔ (۲) مذہبی رسم؛ فریضہ؛ (خصوصاً) عشائے ربانی۔(۳) ترتیب دینے یا ضابطے میں لانے کا عمل؛ضبط؛انضباط؛ترتیب؛ انتظام۔

Self-denying ordinance : خود مخالف فرمان؛سنہ ۱۶۵۶ء کا وہ فرمان جس کے مطابق پارلیمنٹ کا کوئی بھی ممبر کسی بھی فوجی یا غیر فوجی عہدے پر فائز نہیں رہ سکتا۔

Ordinand : (n) [L. 'ordinandus.'] پادری کے عہدے کا امیدوار؛ کلیسائی عہدے کا امیدوار۔

Ordinarily : (adv.) معمولاً؛عموماً؛معمولی صورت میں؛ حسب معمول؛ بیشتر حالتوں میں؛ زیادہ تر؛ اکثر۔

More than ordinarily : بطور استثناء؛ استثنائی طور پر؛ خلاف معمول؛معمول سے زیادہ؛بہت زیادہ۔

Ordinariness : (n) عمومیت؛معمولی یا حسب معمول ہونا؛ گھٹیاپن؛ سادگی۔

Ordinary : (n) [OFr. 'ordinarie.'] (۱)(کلیسائی اور عام قانون) آرچ بشپ کی طرح مذہبی مقامات میں براہ راست پورا اختیار رکھنے والا؛صوبے کا اسقف اعظم؛اپنے حلقے کا اسقف۔ (۲)(سیول قانون) وہ جج جو مقامات میں دراندازی کا اختیار رکھتا ہو یا جسے حق سماعت حاصل ہو؛ اسکاتستان کی بیرونی عدالت عالیہ کا حاکم۔ (۳) نماز یا عبادت کے ارکان کی کتاب۔(۴)طعام خانے کا معمولی کھانا جو مقررہ وقت پر با قاعدگی سے(مقررہ وقت پر) ملتا ہو؛طعام خانہ جہاں ایسا کھانا ملتا ہو؛ ایسی عمارت کی طعام گاہ یا طعام خانہ۔ (۵)(امریکا) کوئی بھی سرائے یا شراب خانہ(جہاں کھانے پینے اور شراب نوشی کا نظم ہو)۔ (۶)(نقابت)کوئی سادہ ؛ معمولی اور قدیم نشان یا مارکہ(مثلاً صلیب، پٹی وغیرہ)۔ (۷)معمولی حالت؛معمولی صورتِ حال؛معمولی درجہ؛ معمولی صحت؛کوئی معمولی چیز۔(۸)بے گیَر (Gear) (دندانہ دار چکر) کی بائیسکل۔

In ordinary : (۱)ازکار رفتہ(جہاز)؛ فوجی خدمت سے علاحدہ کیا ہوا (جہاز)۔ (۲) (عہدے کے ناموں کے ساتھ آتا ہے) مستقل؛ مثلاً۔

Chaplain-in-ordinary : انگلستان کے شاہی کلیسا کا پادری۔

Lord ordinary : انگلستان کے بیرونی عدالت عالیہ کا حاکم۔

Out of the ordinary : غیر معمولی : خلاف معمول : خلاف عادت : خلاف دستور۔

Physician-in-ordinary : پرنس آف ویلس کا طبیب خاص۔

The ordinary : صوبے کا اسقف اعظم؛ اپنے حلقے کا اسقف۔

The ordinary : جو شے یا جو بات حسب معمول ، حسب دستور یا حسب رواج ہو۔

Ordinary : (a) [L. 'ordinarius.'] (۱)مقررہ؛معمولی(جس کا معمول ہو) ؛ مروجہ؛ عام؛رسمی۔(۲) معمولی(جس میں کوئی خصوصیت نہ ہو) پیش پا افتادہ ۔ (۳)باضابطہ : بالذات (عہدہ دار ، عہدہ) ۔ (۴) جج جس کا باضابطہ حلقہ اختیار ہو خصوصاً جو بہ لحاظ منصب ، مذہبی یا کلیسائی مقدمات کی سماعت یا ان میں‌در اندازی کا اختیار رکھتا ہو۔(۵)مستقل(عہدہ دار؛ عملہ وغیرہ)۔ (۶)عام قسم کا ؛ عمومی؛ (بہ خلاف استثنائی)؛غیر خصوصی؛غیر مخصوص۔ (۷)معمولی؛ کسی قدر گھٹیا؛سادہ بے آرائش۔

Better,greater (etc.) than ordinary : معمولی سے زیادہ بہتر ؛ بڑا (وغیرہ)۔

In an ordinary way I should refuse : اگر معمولی صورتِ حال ہوتی تو میں انکار کر دیتا۔

Judge ordinary : (۱)طلاق کی عدالت کا جج؛ قاضی۔ (۲) (اسکاتستان میں) کونٹی(County)کا شیرف؛ ضلع کا افسر اعلیٰ۔

More than ordinary : (۱) معمولی سے زیادہ(مقدار یا تعداد میں)۔(۲) (اسم یا صفت کے ساتھ) درجۂ معمولی سے زیادہ استثنائی؛مستثنیٰ۔

Ordinary fraction : (n) (ریاضیات) کسر عام۔

Ordinary ray : (n) (بصریات)معمولی شعاع۔

Ordinary seaman : (n) معمولی درجے کا ملاح۔

Ordinate : (a) [L. 'ordinatus.'] (حشریات)قطار یا قطاروں میں ترتیب دیا ہوا؛ قطار دار؛قطار بند۔

Ordinate : (n) (ریاضیات)معین۔

Ordinate : (v) [L. 'ordinare.'] ہم پلہ یا ہم وزن بنانا یا ہو جانا؛ (اجزاء کو) مضبوط کرنا؛ترتیب دینا؛ منظم کرنا۔

Ordinate applicate : (n) دیکھو Ordinate (n)

Ordinate line : (n) دیکھو Ordinate (n)

Ordinate proportion : (n) ترتیبی تناسب ؛ وہ تناسب جس میں رقمیں ترتیب وار ہوتی ہیں۔

Ordination : (n) [Fr.] (۱) ترتیب؛تنظیم؛درجہ بندی؛ تقسیم؛ صف بندی ؛ قطار بندی ؛ انتظام ؛ ترتیب وار درجہ بندی یا اصناف بندی۔ (۲) پادری کے عہدے پر معموری ؛ پادری بنائے جانے کا عمل؛کلیسائی وزارت میں شمولیت یا داخلہ۔(۳)(دینیات)تقریر؛(قانون) نفاذ فرماں؛(ضابطے ، فرمان وغیرہ کا) اجراء یا نفاذ۔

Ordinee : (n) [OFr. 'ordine.'] عہدہ دار پادری؛(عہدے پر معمور کیا ہوا) پادری؛ (جدید معنوں میں) ڈیکن جس کا نیا تقرر ہوا ہو۔

Ordnance : (n) [Contr. of 'ordenance.'] (۱) توپ خانہ ؛ توپیں ؛ سامان جنگ ۔ (۲) محکمہ ذخائر حربی ؛ جنگی سامان کا محکمہ ؛ ذخائر حرب یا سامانِ جنگ کی سپلائی سے متعلق سرکاری محکمہ ۔ (۳) توصیفی معنوں میں(جیسے O.officer وغیرہ)۔

Army ordnance Department : فوجی محکمۂ سامان جنگ۔

Board of ordnance : فوجی اور غیر فوجی ارکان پر مشتمل بورڈجس کے سپرد توپ خانے یا سامانِ حرب سے متعلق تمام انتظامات تھے یہ ۱۸۵۵ء میں ختم ہو گیا اب اس کے بیشتر کام فوجی محکمۂ سامانِ جنگ کے سپرد ہیں۔

Piece of ordnance : سامان جنگ میں سے کوئی ایک ؛ کوئی ایک ہتھیار؛ اسلحہ۔

Ordnance datum : برطانیہ اور آئرستان کی سرکاری پیمائش میں سطح سمندر کی پیمائش کا وہ مفروضہ خط یا اکائی جس سے تمام بلندیوں کی پیمائش ہوتی ہے ؛ یہ خط یا سطح بلندیٔ آب کے نشان سے ساڑھے بارہ فٹ نیچے اورپستئی آب کے نشان سے ساڑھے چار فٹ اوپر ہوتی ہے۔

Ordnance Department : (n) محکمۂ سامانِ جنگ ۔

Ordnance map : (n) آرڈنینس سروے کے ذریعہ تیار کیا ہوا نقشہ؛ فوجی نقشہ۔

Ordnance stores : (n) ذخائر حربی ؛ ذخائر حرب۔

Ordnance survey : (n) برطانیہ اور آئرستان کی سرکاری پیمائش جو محکمۂ سامان جنگ کے افسر اعلیٰ (ماسٹر جنرل) کی ہدایت کے بموجب ہوتی ہے ؛ فوجی سروے؛ فوجی پیمائش ؛ حربی سروے ؛ تفصیلی سروے۔

Ordo : (n) [L.] وہ کتاب جس میں اولیاء کے نام یا ہدایاتِ عبادت ترتیب وار (موٹے حروف میں) چھپی ہوتی ہیں ؛ دینی مسائل کی کتاب ؛ ڈائرکٹری۔

Ordonnance : (n) [Fr.] (۱)ترتیب راست؛وضع(ادبی چیزوں ،تعمیراتی حصوں یا خصوصیتوں یا کسی فن پارے کے اجراء کی)؛ منظم یا اصولی ترتیب ؛ با قاعدہ ترتیب ۔ (۲) (فرانس وغیرہ میں) حکم؛ فرمان؛ فیصلہ ؛ قانون یا ضمنی قانون۔

Ordovician : (n) [f. L. 'ordovices.'] (ارضیات) چٹانوں کے ایک سلسلہ کا نام؛ وہ زمانہ جب ان چٹانوں کی تشکیل ہوئی؛ شمالی ویلز میں ایک قدیم برطانوی قبیلہ۔

Ordure : (n) [(o) Fr.] (۱) گوبر ؛ لید؛براز؛ فضلہ۔ (۲) فحش؛بھکڑ ؛ گالیاں ؛گندی باتیں ؛گالی گلوچ۔

Ore : (n) [ME. 'oor(e) , oure, ure.'] (۱) کچی دھات ؛فلز؛ تبر؛ سنگ فلز؛کچدھات۔(۲) دھات ؛ خصوصاً قیمتی دھات ؛ سونا (خاص کر شعروں میں) ۔

Ore body : (n) سنگ فلز ؛ فلزیاتی چٹان ؛ کچدھات کا ڈھیر یا سلسلہ (کسی کان میں) ؛ کچدھات کی پرت یا دھاری۔

Ore-health :(n) جستہ گلانے کا چھوٹا چولھایا بھٹی جو ڈھلے ہوئے لوھے کی بنی ہوتی ہے۔

Ore weed : (n) سمندری گھاس؛ بحری گھاس؛ صوف البحر۔

Oread : (n) [L. 'oreas.'] (یونانی و لاطینی دیومالا) کوہستانی پری۔

Orectic : (a) [Gr. f. 'orektos.'] (۱) (طب) اشتہا آور؛اشتہا انگیز؛ خواہش کو بھڑکانے والا۔ (۲) (فلسفہ) اشتہائی؛ خواہش یااشتہا سے متعلق؛ جس میں کسی چیز کی خواہش یا اشتہا موجود ہو۔

Oregano : (n) [Sp. & Amer] جٹا ماسی؛ بال چھڑ؛ سنبل الطیب؛ ایک

خشك جنگلی بوٹی یا Lippia نوع کی ننھی جھاڑی کی خشك پتیاں جو (دونوں ہی) کھانوں کو بگھارنے یا خوشبودار بنانے کے کام آتی ہیں۔ آخرالذکر کی خوشبو تیز ہوتی ہے۔

Oregon : (n) ایك امریکی ریاست کا نام(وہاں پائے جانے والے پودوں کے ناموں کے ساتھ یہ لفظ بطور صفت آتا ہے) .

Oregon pine : (n) مخروطی شکل کا ایك لمبا درخت جو مغربی شمالی امریکا میں ہوتا ہے۔

Oreide : (n) [Fr.] رنگ روپ میں سونے کا مشابہ ایك قسم کا پیتل جو نقلی زیورات بنانے کے کام آتا ہے؛(فلزیات) سنہرا بھرت؛ نقلی سونا؛ زرنما پیتل۔

Oreodon : (n) [mod. L.] (معدنیات) جگالی کرنے اور دودھ پلانے والے جانوروں کی ایك نوع جو اب ناپید ہے اور جن کے باقیات مغربی امریکا کے تیسرے ارضیاتی دور کے طبقۂ اوسط کے مائر میں پائے جاتے ہیں ؛ اس نوع کا تعلق Oredontidae خاندان سے تھا۔

Oreodont/Oreodontine: (n) Oreodon سے متعلق۔

Oreography/Oreology : (n) Orography, Orology وغیرہ کامتبادل۔

Orexia : (n) (عضویات) اشتہا؛ بھوك؛ خواہش؛رغبت؛ میلان۔

Orexin : (n) [Gr.'orexis.'] (کیمیا) ایك بے رنگ و بو شفاف مادہ جو ہاضم یا مشتہی دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

Orexis : (n) [Gr.] دیکھو Orexia

Orfe : (n) [Gr. 'orfe.'] ایك قسم کی سنہری مچھلی؛ طلائی مچھلی۔

Orfever : (n) زرگر؛ سنار۔

Organ : (n) [L. 'organum.'] (۱) آرگن باجا۔(۲) ارغنون؛ ارغن (جمع اراغن)۔ (۳) آواز؛ آواز کا پاٹ۔ (۴)عضو۔ (۵) آلۂ کار؛ ہتھیار۔(۶) ذہنی یا روحانی قوت یا صلاحیت جو ذہن یا روح کا آلۂ کار ہو۔ (۷)کسی تحریك ، جماعت ، مقصد وغیرہ کی نمائندگی کرنے والا اخبار؛ جریدہ وغیرہ؛آرگن؛ ترجمان۔

American organ : (n) ایك بانسری نما آرگن باجا جس میں اندر کی جانب ہوا کھینچی جاتی ہے؛ امریکن آرگن؛ امریکی ارغن۔

Organ-bird :(n) تسمانیہ اور جنوبی امریکا کی خوش الحان چڑیا

Organ-blower : (n) آرگن میں پھونك بھرنے والا شخص یا آلہ۔

Organ-builder : (n) آرگن ساز۔

Organ-cactus : (n) بڑی ناگ پھنی(جس کا ڈنٹھل نے کی طرح کا ہوتا ہے)۔

Organ-grinder : (n) دستی آرگن بجانے والا۔

Organ-grinding : (a & n) دستی آرگن بجانے سے متعلق۔

Organ-grinding : (n) دستی آرگن بجانا۔

Organ-harmonium : (n) آرگن کی استعمال کئے جانے کے لئے بنا ہوا لمبی ساخت والا بڑا اور تیز آواز(بلند آہنگ) ہار مونیم۔

Organ inferiority : (n) نقص عضو۔

Organ-loft : (n) آرگن گیلری(گرجے یا سرودخانے میں)؛ بالائی نشست گاہ جہاں آرگن رکھا ہوتا ہے۔

Organ of Corti : (n) کان کن گھونگے میں ایك مرکب یا پیچیدہ ساخت والا عضو جسے بنیادی آلۂ سماعت سمجھا جاتا ہے۔

Organ of generation : (n) عضو تناسل۔

Organ of sight : (n) عضو بصارت : آنکھ۔

Organ of vegetation : (حیاتیات)تجسیمی عضو؛ عضو تجسیم۔

Organ-piano : (n) ایك طرح کا پیانو جس میں سے سلسل سر نکلتے ہیں۔

Organ-pipe : (n) (۱)آرگن کی نلکیوں میں سے ایك : آرگن نل ۔ (۲)آرگن نل سے مشابہ چیز؛ بسالٹ پتھر کے ستون جو نزدیك ہوں۔(۳)مونگے کی ایك قسم ۔

Organ-pipe coral : (n) (آرگن نل سے مشابہ)مونگے کی ایك قسم۔

Organ-point : (n) (موسیقی) زندہ سُر؛جاری سر؛ سنبھالا ہوا ؛ سُر ؛ دوہرایا ہوا سُر؛ وہ مدھم سُر جو کئی نغموں کے ساتھ بجتا رہے۔

Organ-screen : (n) اوٹ جو کلیسا میں آرگن باجے کے سامنے کھڑی کر دی جاتی ہے۔

Organ-stop : (n) آرگن کا پردہ؛ آرگن میں ایك قسم کی آوازوالی نلکیوں کا سیٹ۔

Organdie :-(n) آرگنڈی : ایک قسم کی نہایت باریک ململ۔

Organelle : (n) [mod. L. 'organella.'] (خلویات)خلوی عضو؛ مایۂ خلیہ؛ (سائٹو پلازم) کے اندر موجود مختلف مخصوص ساختمانوں میں سے کوئی ایک۔

Organic : (a) [L. 'organicus.'] (۱)آلات یا اوزار کے ذریعہ کیا ہوا؛ میکانکی۔ (۲)(عضویات)عضوی؛(جسم کے کسی عضو کا)(۳)(مرضیات) عضو کی ساخت سے متعلق؛ ترکیبی(بخلاف تفاعلی)۔(۴) عضودار؛ منظم جسمانی ساخت والے اعضاء رکھنے والے حیوانیات یا پودے)؛ نامی(جسم)۔(۵)(کیمیا) نامیاتی؛ اس کا اطلاق مرکب مادوں کی نوع پر ہوتا ہے جو منظم اجسام کے اجزائے ترکیبی کی شکل میں فطری طور پر موجود ہوتے ہیں؛ (مثلاً Organic acid base,compound, molecule radical یہ سب ہائیڈروکاربن اجزائے مستقل کے حامل یا ان سے مستخرج ہوتے ہیں)۔(۶)کسی جاندار کی(ذہنی یا جسمانی) ساخت یا ترتیب سے متعلق؛ خلقی؛بنیادی؛ فطری؛ ذاتی۔(۷)ساخت کا؛ ساخت سے متعلق؛ سرشتی؛ سرشت کا۔(۸) (لسانیات) لفظ کی اشتقاقی یا صرفی ساخت سے متعلق(اتفاقی یا ثانوی نہیں)۔(۹) منظم؛ با نظام؛ مضبوط و مربوط؛ گٹھا ہوا۔(۱۰)(امریکا) منظم کرنے والا ؛ تعمیری؛ ترکیبی؛ اساسی؛ تنظیمی؛ ترتیبی۔ (۱۱) عضو نما ؛ آرگن جیسا۔

Organic acid : (n) نامیاتی ترشہ۔

Organic analysis : (n) نامیاتی تجزیہ۔

Organic axis : (n) (خلویات)محور خلیہ۔

Organic base : (n) نامیاتی اساس۔

Organic chemistry : (n) نامیاتی کیمیا؛ہائیڈروکاربنس اور ان کے مستخرجات کا علم کیمیا۔

Organic compound : (n) نامیاتی مرکب۔

Organic disease : (n) مرض فعلی؛ مرض عضوی۔

Organic evolution : (n) (حیاتیاتی) ارتقائے حیاتی یا حیاتی ارتقا۔

Organic molecule : (n) نامیاتی سالمہ۔

Organic psychosis : (n) (طب) عضوی دماغی عارضہ۔

Organic radical : (n) نامیاتی جزو مستقل۔

Organic selection : (n) (حیاتیات) عضوی انتخاب۔

Organic sensation : (n) (نفسیاتی) عضوی احساس۔

Organic sense : (n) (عضویات) عضوی حس؛ قوت مدرکہ۔

Organic vein : (n) (تشریح) دواج؛ حبل الورید؛شہ رگ؛ شاہرگ۔

Organic whole : (n) (حیاتیات) نامیاتی کل؛نامیاتی تامہ۔

Organically : (adv.) عضو کی ساخت کے اعتبار سے؛ خلقی طور پر؛ بنیادی طور پر۔

Organicism : (n) (۱)یہ نظریہ کہ عضوی ساخت محض خاصیتوں کے توارث کا نتیجہ ہے۔(۲) (مرضیات) یہ نظریہ کہ کسی مقام پر مرض کے محدود ہونے سے عضو کی ساخت میں فاسد تغیر واقع ہوتا ہے۔

Organific : (n) تشکیل اعضاء کی خاصیت یا طاقت رکھنے والا؛ تعمیری ، تنظیمی ، تشکیلی منظم اور مربوط کرنے کی خاصیت یا طاقت رکھنے والا؛منظم ساخت کی تشکیل کرنے والا۔

Organism : (n) [Fr. 'organisme.'] (۱) جسم نامی؛ عضویہ۔ (۲)ساخت ؛ بناوٹ ؛ ترتیب عضوی نظام ؛ جسم ؛ (تشریح) بدن انسانی۔ (۳) جسم حیوانی ؛ جانور۔ (۴) جسم نباتی ؛ پودا۔ (۵) ہیئت اجتماعی ؛ نظام ؛ کوئی منظم چیز؛ منظم جماعت۔

Organismal : (a) جسمی؛جسمانی ؛عضو نظام سے متعلق؛ کسی منظم چیز یا ساخت سے متعلق۔

Organist : (n) [med. L. 'organista.'] (۱) ارغنوں نواز؛آرگن بجانے والا (خصوصاً کلیسا میں عبادت کے موقع پر)۔ (۲) مغربی ہندوستان کا ایک خوش الحان پرند۔

Organist tanager : (n) گانے والی خوش الحان چڑیا۔

Organizability : (n) ترتیب پذیری؛تنظیم پذیری؛جز و بدن ہو جانے کی قابلیت ؛ منظم یا زندہ نسیجوں میں تبدیل ہو جانے کی صلاحیت۔

Organizable : (a) ترتیب پذیر؛تنظیم پذیر؛(خصوصاً حیاتیات میں) منظم یا زندہ نسیجوں میں تبدیل ہونے کے قابل؛ جزو بدن بننے کے قابل؛ جزو بدن ہو جانے والا۔

Organization : (n) [f. 'organize + ation .'] (۱)تنظیم؛ترتیب ؛قیام جسم نامی بننا یا بنانا؛ منظم کرنے کا عمل ؛منظم ہونے کی حالت؛جسم نامی یا اس سے کسی حصے کی ساخت ؛

جسمانی ساخت:(حیاتیات) عُضویت ۔ (۲) منظم حالت: منظم ہونے کا انداز:طرز تنظیم ؛کسی خاص مقصد کے لئے منظم ہونا یا با قاعدہ ترتیب یا نظم۔ (۳)منظم جماعت: منظم نظام:منظم سماج ؛ انجمن ؛ جمعیت ۔ (۴) (عہد وسطیٰ کی موسیقی) Organum گانے کا عمل یا طریقہ:ٹکڑا ٹکڑا (کر کے) گانے کا عمل یا طریقہ۔

Organize : (n) [med. L. 'organizare.'] (۱) اعضا بخشنا:جسم نامی بنانا:جسم نامی کی خاصیت پیدا کرنا:جزو بدن بنانا ؛ عضوی ساخت عطا کرنا۔(۲) جسم نامی بننا: جزو بدن بننا:عضوی ہونا۔(۳)تنظیم کرنا: منظم کرنا: واضع و مرتب شکل دینا ؛نظم و ترتیب پیدا کرنا: مختلف حصوں کو ملا کر ایک کل بنا دینا۔ (۴)ترتیب دینا:مرتب کرنا ؛ قائم کرنا۔(۵)(جلسے وغیرہ کا) انتظام کرنا:منعقد کرنا یا ہونا۔ (۶) (موسیقی) Organum گانا:ٹکڑا ٹکڑا کر کے گانا ؛ توڑ توڑ کر گانا۔

Organized : (n) (۱) منظم ؛مرتب؛منظم یا مرتب کیا ہوا۔ (۲)(حیاتیات) تامیہ ؛ عضویہ ۔

Organized policy : (n) منظم حکمت عملی۔

Organizer : (n) ناظم ؛منظم کر نے والا؛منظم کرانے والا؛بانی؛ آرگنائزر؛ تشکیل دہندہ؛تشکیل دینے والا؛موسس ؛ (حیاتیات) مرکزعضویات۔

Oragnless : (n) (۱) بے عضو کا۔(۲) بے آرگن؛جس کا کوئی ترجمان نہ ہو ؛ بے دست و پا؛ نہتا ؛مجبور و لاچار۔

Organo : (comb.) [Gr. 'organon.'] سابقہ بمعنی Organ۔

Organogenesis : (n) (حیاتیات) تکوین ؛تفریق اعضاء؛ پودے کے حصوں یا حیوانات کے اعضاء کی پیدائش یا نشو و نما۔

Organogenetic : (a) تکوین اعضاء سے متعلق؛ عضو زاد۔

Organogenic : (a) (۱) تکوین اعضاء سے متعلق ؛پودے کے حصوں یا حیوانات کے اعضا کی پیدائش یا نشوو نما سے متعلق۔ (۲) عضو زاد۔ (۳) نشویاتی؛ علم نشو و نما سے متعلق۔

Organogenist : (n) نشویات داں؛ ماہر نشویات؛علم نشو و نما کا ماہر۔

Organogeny : (n) (۱)تکوین اعضاء؛تفریق اعضاء؛ حیوانات اور پودوں کے اعضاء کی پیدائش یا نشو و نما۔ (۲) نشویات؛ علم نشو و نما ؛ حیاتیات کا وہ شعبہ جو اعضا کی پیدائش یا نشو و نما سے بحث کرتا ہے۔

Organographic/-al : (a) (۱) آلات کی تعریف سے متعلق؛آلات سے متعلق۔ (۲) بیان اعضاء سے متعلق ؛ ساختمانی تشریح (خصوصاً پودوں کی) سے متعلق؛ عضو شناسی سے متعلق ۔

Organographist : (n) آلات کی تشریح و توصیف کرنے والا؛آلات شناس؛ بیان(اوصاف) آلات کا ماہر۔ (۲)تعریف اعضاء کا ماہر؛ عضو شناس ؛ (پودوں کی ساختمانی تشریح کا ماہر۔

Organography : (n) (۱) بیان آلات؛تشریح آلات ؛ آلات شناسی۔ (۲) بیان اعضاء ؛اعضاء نامہ ؛عضو شناسی؛ ساختمانی تشریح(خصوصاً پودوں کی)۔

Organological : (a) (۱)عضو یاتی؛علم الاعضاء سے متعلق۔ (۲)کاسۂ سر کے علم سے متعلق ۔

Organologist : (n) (۱) ماہر عضویات ؛عضویات داں ؛عضو شناس ؛ علم الاعضاء کا ماہر ۔(۲) کاسۂ سر کے علم کا ماہر۔

Organology : (n) (۱)حیاتیات کا وہ شعبہ جو جاندار چیزوں کے اعضا کی ساخت اور ان کے افعال سے بحث کرتا ہے؛عضویات ؛ علم الاعضاء ؛ علم اعضائے دماغ ؛ علم قوائے ذہنی ؛ دماغیات۔

Organometallic : (a) (کیمیا)نامیاتی فلزی؛فلز نامیاتی ؛ ویسے مرکبات پر اس کا اطلاق ہوتا ہے جن میں کوئی نامیاتی جزو مستقل کسی فلز(دھات) کے ساتھ براہ راست ملا یا جاتا ہے۔

Organon : (n) (۱)کتاب منطق؛نظام منطق؛ علمی غور و فکر کی منہاج؛ آلۂ علوم و افکار؛(خصوصاً)تحقیق و تفتیش یا مظاہرے کے اصول و قواعد کا نظام۔ (۲)ارسطو کی کتاب منطق (کا ٹائٹل) ؛ منطق کا رسالہ ؛ منطق کی کتاب ؛ منطق ارسطو۔

Organoplastic : (a) جسمانی اعضاء کی پیدائش یا تشکیل کی خاصیت رکھنے والا عضو زاد۔

Organotherapeutics/Organotherapy : (n) علاج بالاعضاء ؛ جانوروں کے مختلف اعضاء یا ان سے نکالے ہوئے عرق کے ذریعہ مرض کا علاج کرنا۔

Organs : (n) (۱)اجزا۔ (۲)(حیاتیات) اعضا۔

Sexual organs : (تشریح) اعضائے تناسل ۔

Organs of Government : (n) (سیاسیات)اجزائے حکومت۔

Organum : (n) [L.] (۱)نظم منطق ؛ علمی غور و فکر کی منہاج ۔ (۲)کتاب منطق؛منطق کا رسالہ ۔ (۳) منطقِ ارسطو ۔

(۴)(عہد وسطیٰ) کی موسیقی)موسیقی یا سادہ نغمے کی لے سے اوپر یا نیچے:ساتھ ساتھ گایا جانے والا ٹکڑا؛ اس طرح ٹکڑا ٹکڑا کر کے گانے کا طریقہ۔

Novum organum : (n) منطق نویں؛ منطق بیکن۔

Organzine : (n) الٹا بٹا ہوا ریشمی ڈورا؛مختلف ڈوریوں کو متخالف سمت میں بٹ کر (جس سے ان ڈوریوں کے تار بھی بٹ جاتے ہیں) بنایا ہوا ریشمی ڈورا۔

Organzine : (۱) اس طرح بٹ کر ریشمی ڈورا بنانا:ریشم کے دھاگوں کا اس طرح بٹ کر ڈورا بننا۔

Organzine silk : (n) دیکھو Organzine (n)

Orgasm : (n) [mod. L. 'orgasmus.'] (۱)جوش ؛ ہیجان دورہ۔ (۲) جماع کی مستی ؛ ہیجان شہوت ؛ ہیجان شہوت کی انتہا ؛ مباشرت میں شہوت کا نقطۂ عروج ؛ موقعۂ انزال ؛ انزال۔

Orgastic : (a) ہیجانی ؛ ہیجانی شہوت سے متعلق؛ موقعۂ انزال سے متعلق ؛ جماع میں شہوت کا نقطۂ عروج سے متعلق ؛ دورے کا ؛ ہیجان شہوت کا۔

Orgatron : (n) (سمعیات) ارغنیہ؛آرگیٹرن۔

Orgeat : (n) [Fr.] شربت جو ؛ایک قسم کا مفرح شربت جو بادام اور نارنگی کے پھلوں کے عرق سے تیار کیا جاتا ہے۔

Orgia : Orgy کا متروک متبادل۔

Orgiastic : (a) [Gr. 'orgiastikos.'] عیاش ؛ آزاد ؛ بے باک ؛ آوارہ ؛ بد چلن؛ بد کار؛ بد مست ؛ رنگ رلیاں منانے والا؛ بدکارانہ؛ بد چلنی سے متعلق ؛ عیاشانہ۔

Orgie : (n) [L. 'orgia.'] (۱)(قدیم یونان و روما) (عموماً جمع میں آتا ہے) دیوتاؤں کی پرستش کی مخفی رسوم؛ خصوصاً باخوس کی پرستش کی رسوم جن میں شراب پی کر ناچتے گاتے تھے۔ (۲) کوئی بھی رسم یا رسوم؛تقاریب ؛ خفیہ رسوم۔(۳)داد عیش ؛ بد مستی؛ شراب و کباب ؛ آوارگی ؛ عیاشی ؛ بد چلنی ؛ بدکاری ؛ شراب خواری؛(جمع) رنگ رلیاں ؛بد مستیاں ؛ خر مستیاں۔

Orgies : (n) Orgie یا Orgy کی جمع۔

Orgillous : (n) (۱) مغرور؛گھمنڈی ؛متکبر؛ خودبین؛خود پسند۔ (۲) شاندار ؛پر تکلف؛پر تمکنت؛ عالیشان؛بھاری بھرکم؛ ٹھاٹ باٹ والا؛ شان و شکوہ والا؛ شاہانہ۔(۳)بڑھتا ہوا ؛ چڑھتا ہوا ؛ ابھرتا ہوا ؛ شدید ؛تند و تیز پر جوش؛ زور دار۔

Orgueil : (n) [AFr. 'orguil.'] غرور ؛ گھمنڈ ؛ کبر ؛ نخوت ؛ خود بینی؛ تکبر۔

Orgulous : (a) دیکھو Orgillous

Orgy : (n) [L. 'orgia.'] دیکھو Orgie

Orgyalis : (n) (نباتیات) قدِ آدم۔

-orial : (suffix) لاحقہ جو Ory کے معنوں میں اسم اور صفت دونوں میں کام آتا ہے۔

Oribi/Orebi : (n) [Cape Du.] آہوئے افریقہ؛چھوٹی نوع کا جنوبی افریقی ہرن۔

Orichalc/Orichalcum : (n) [L.'orichalcum.'] (فلزیات) زرد دھات؛ تانبے کا بھرت؛ زرد تانبہ؛ پھول یا کانسی۔

Oriel : (n) [OFr. 'oriol .'] جھروکا؛ پیش دریچہ۔

Oriel window : (n) پیش دریچہ ؛ بالائی منزل کا آگے کو نکلا ہوا دریچہ۔

Orient : (n) [L. 'oriens, orient-'.] (۱)(شعر) مشرق ؛شرق؛ خاور ؛ پورب۔ (۲) مشرقی ممالک؛مشرق؛(وہ ملک جو بحر روم اور جنوبی یورپ کے مشرق میں واقع ہے)؛ ایشیا؛ کسی ملک کا مشرقی حصہ۔(۳) (امریکی شعر و ادب) یورپ یا مشرقی نیم کرہ۔(۴) مشرقی موتی؛ بحر ہند کا موتی؛ آبدار اور قیمتی موتی؛بے بہا موتی۔ (۵) بہترین قسم کے موتی کی مخصوص آب و تاب ، چمک دمک۔

Pearl of orient : آبدار موتی ؛ بیش قیمت موتی؛ بحر ہند کا موتی ؛ مشرقی موتی۔

Orient : (a) (۱) (شعر) پوربی ؛شرقی۔ (۲)(جواہرات خصوصاً موتی)بیش قیمت ؛آبدار ؛تابندہ ؛ضیا بار؛ نور پاش؛ درخشاں؛ضو فشاں؛بیش بہا؛بے بہا۔ (۳)مجلّی؛منور؛ آب و تاب والا؛تابناک؛تاباں؛ صبح کی طرح منور؛ جگمگاتا ہوا۔(۴) سورج ، دن وغیرہ؛طالع؛ طلوع ہوتا ہوا۔

Orient : (v) [Fr. 'orienter.'] (۱) (عمارت و غیرہ) مشرق رخ بنانا ؛ چرچ کی عمارت کو پورب پچھم لمبائی میں بنانا اور قربان گاہ کو اس کے مشرقی سرے پر بنانا۔ (۲) (مردے کو) اس طرح دفنانا کہ پاؤں مشرق کی جانب ہوں۔

(۳) سمت معلوم کرنا؛ محل وقوع معلوم کرنا؛ موضع جغرافی معلوم کرنا۔(۴) صحیح اور واضح سمت معین کرنا؛صحیح اور واضح علاقہ معلوم کرنا؛ صحیح مقام یا سمت پر کھڑا ہونا۔(۵) مشرق کی طرف یا کسی مقررہ سمت میں رخ کرنا؛کسی خاص طرف رخ کرنا۔ (۶) اپنی سمت معین کرنا ؛ اپنا طرز عمل معین کرنا (اب اکثر Orientate آتا ہے)۔ (۷) چاروں رخوں کو کمپاس کے چاروں نقطوں کے مطابق رکھنا ؛ کمپاس کے مطابق کرنا ؛ کمپاس کے نقطوں کی نسبت سے (کسی چیز کی) سمتوں کا تعین کرنا۔

To orinet oneself : اپنی حالت کا انداز کرنا۔

Oriental : (a) [L. 'orientalis. '] (۱)مشرقی ؛ پوربی ؛ شرقی ؛ (علم النجوم) مشرق کا ؛ صبح کا(ستارہ جو طلوع آفتاب سے پہلے نظر آتا ہو)۔ (۲)ایشیا یا ایشیائی ممالک کا یا اس سے متعلق ؛شرقی؛ایشیائی؛مشرقی ممالک کی خصوصیت کا۔ (۳) (جواہرات ، موتی یا دوسری چیزیں) بیش قیمت ؛ بے بہا؛آبدار ؛منور؛ درخشاں؛ تاباں؛ضیا بار؛نور پاش ؛ بہترین۔

Oriental : (n) مشرق کا باشندہ؛ایشیائی۔

Oriental amethyst : (n) نیلم؛ارغوانی رنگ کا بیش قیمت پتھر؛ارغوانی رنگ کا نیلم۔

Oriental civilization : (n) (سماجیات) مشرقی تہذیب؛ ایشیائی تمدن؛ ایشیائی تہذیب۔

Oriental College : (n) (تعلیمات) مشرقی علوم کا کالج۔

Oriental emerald : (n) مشرقی زمرد؛سبز رنگ کا نیلم؛زبر جد ہندی؛ مشرقی زبر جد۔

Oriental language : (n) مشرقی زبانیں ؛ السنۂ شرقیہ۔

Oriental region : (n) (جغرافیہ) خطۂ مشرقیہ ؛مشرقی خطہ یا علاقہ۔

Oriental sore : (n) مغلی پھوڑا؛قرحہ دار جلدی بیماری جو مشرق میں ہوتی ہے۔

Oriental stich : (n) ایک قسم کا لہر دار بخیہ یا ٹانکا جسے مچھلی کانٹا بخیہ بھی کہتے ہیں۔

Oriental topaz : (n) زرد رنگ کا نیلم ، پکھراج؛ زبر جد ہندی۔

Orientalism : (n) (۱) مشرقیت ؛مشرقی طرز ، خاصیت یا صفت۔ (۲)(سماجیات) تمدن مشرق۔ (۳)(جمع) مشرقی خصوصیات ، مشرقی خصائل یا امتیازی اوصاف؛ پوربی بولی؛ مشرقی محاورہ ؛ روزمرہ یا اصطلاح۔ (۴)مشرقی علم و فضل۔

Orientalist : (n) (۱)مشرق کا باشندہ ؛ایشیائی۔ (۲) مشرقی زبان و ادب کا ماہر ؛ السنۂ مشرق کا ماہر ؛ ماہر شرقیات ؛ مستشرق۔

Orientality : (n) (۱) شرقیت ؛ مشرقیت ۔ (۲) آبداری ؛ تنویر ؛ درخشانی ؛ تابانی ؛ تابناکی ؛ تابندگی ؛ بیش قیمت ہونا۔

Orientalization : (n) اشراق ؛ مشرقی بننے یا بنانے کا عمل۔

Orientalize : (v) (۱) مشرقی بنانا ؛ مشرقی رنگ میں رنگ دینا ؛ مشرقیانہ ۔ (۲) مشرقی بننا ؛ مشرقی رنگ میں رنگ جانا۔ (۳) مشرق کی نقل کرنا۔

Orientally : (adv) مشرقانہ ؛ مشرقی انداز میں ؛ مشرقی طور پر ؛ مشرقی حیثیت سے۔

Orientate : (v) دیکھو Orient (v)

Orientation : (n) (کسی چیز کا) پورب کی طرف رخ کرنے کا عمل ؛ پورب کی طرف پاؤں کرکے دفنانے کا عمل ؛ (کلیسا کی عمارت کو) پورب رخ بنانے کا عمل۔ (۲) کسی چیز کو کمپاس کے مطابق رکھنے کا عمل ؛ موضع جغرافیائی یا محل وقوع معلوم کرنے کا عمل ؛ تشریق ؛ سمت بندی ؛ کمپاس کے مطابق ترتیب ۔ (۳) (کیمیا) مرکب یا پیچیدہ سالموں میں ذرات یا اجزائے مستقل کی متعلقہ پوزیشن یا سمت ۔ (۴) مشرق کی طرف پلٹنے کا عمل ۔ (۵) پورب رخ ہونے کی حالت ۔ (۶) خود اپنی یا کسی چیز کی صحیح حالت یا سمت معین کرنے یا جاننے کا عمل۔ (۷) (حیوانیات) پرندوں اور دوسرے جانوروں کی وہ صلاحیت جس کے ذریعہ وہ اپنے گھونسلوں یا مسکنوں سے دور چلے جانے یا لے جائے جانے کے بعد وہاں (پھر) لوٹ آتے ہیں ، (جس طرح کبوتر اور موسمی پرندے) (حیاتیات) سمیّت۔

Orientation table : (n) سمتی جدول۔

Oriented : (a) (۱) رخ کئے ؛ منعطف (کیا ہوا) پھیرا ہوا۔ (۲) تعین سمت کی صلاحیت کا حامل۔

Orienteering : (n) مقابلے کا کھیل جس میں نقشے اور کمپاس کی مدد سے نامور غیر آباد علاقے کو پیدل سفر کرکے طے کیا جاتا ہے ؛ سمت بازی۔

Orienter/ Orientor : (n) وہ شخص جو کسی نووارد کو اس کے سماجی حالات یا مقامی معمولات سے مطابقت پیدا کرنے میں اس کا معاون ہوتا ہے۔

Orienting curvature : (n) (عضویات) رخ گردی۔

Orientite : (n) ایک معدنی شے جو ہائڈرس کیلشیم میگنیز سلیکیٹ پر مشتمل ہوتی ہے اور بھورے رنگ کے چھوٹے سہ عمودی پہلوؤں والے بلور میں پائی جاتی ہے $(Ca_3 Mn_4 Si_5 O_{20} 4H_2O)$ (اس کی سختی 4.5-5 s p-gr3 ہوتی ہے)۔

Orifice : (n) [LL. 'Orificium .'] سوراخ؛ منہ؛ دہن؛ منبع؛ روزن؛ منفذ؛ ثقبہ ؛ روزنہ ؛ چھید ؛ قم ؛ کسی جوف یا زخم کا منہ ؛ شگاف ؛ دہانہ۔

Orifice of an artery : (n) دہانہ؛ شریان۔

Orifice of wound : (n) دہانِ زخم؛ شگافِ زخم۔

Orifice of volcano : (n) دہانۂ آتش فشاں۔

Orifice of the ear : (n) (تشریح) صماخ گوش؛ سوراخِ گوش۔

Osteomalacia/Osteomalakia : (n) (مرضیات) نرمئ استخواں : نرمئ عظم؛ ملائیت عظم؛ ہڈیوں میں زمینی نمکیات کے نشان سے پیدا شدہ ملائمت یا نرمی (اسے malacosteon بھی کہتے ہیں)؛ ہڈیوں کا نرم پڑ جانا : زخاوتِ عظام۔

Osteomancy : (n) عظمی تفاءُل: استخوانی تفاءُل: ہڈیوں سے فال لینا۔

Osteomatoid : (a) عظمی رسولی یا استخوانی ٹیومر کے مشابہ۔

Osteomatous : (a) عظمی رسولی کا یا اس سے متعلق۔

Osteomatric : (a) پیمائش استخواں سے متعلق۔

Osteometry : (n) پیمائش استخواں؛ ہڈیوں کی پیمائش؛ پیمائش عظام؛ خصوصاً بشر پیمائی کا وہ حصہ جو مختلف ہڈیوں کے تناسب سے تعلق رکھتا ہے۔

Osteomyelitis : (n) [Gr. 'myelos. '] ہڈی کے گودے کا ورم؛ ورم مغز استخواں : ورم نخاع العظم۔

Tubercular osteomyelitis : (n) (مرضیات) سِلّی عظمی؛ ہڈیوں کی ٹی بی؛ بون ٹی بی ۔

Osteopath : (n) بے آلات کے کام کرنے والا جرّاح : مالشی جرّاح : عظم بند : جا انداز۔

Osteopathic : (a) مالشی جراحی سے متعلق؛ عظم بندی سے متعلق۔

Osteopathically : (adv.) مالشی جراحی کے ذریعہ؛ مالشی جراحی کے طریقے سے۔

Osteopathist : (n) دستی جراحی یا مالشی علاج میں یقین رکھنے والا؛ دستی جرّاحی کرنے والا؛ دستی جرّاح؛ مالشی جرّاح؛ عظم بند؛ جا انداز۔

Osteopathy : (n) (۱) ہڈیوں کی بیماری؛ مرض استخوان : استخوانی عارضہ ۔(۲) مرض اور اس کے طریقۂ علاج کا ایک نظریہ جس کے مطابق ڈھانچے کی بدہیئتی اور اس کے نتیجے میں اس سے ملحق اعصاب اور خون کی نالیوں میں خلل واقع ہونا بیشتر بیماریوں کا سبب ہوتا ہے؛ اس نظریے پر مبنی طریقۂ علاج : بے آلات کی جرّاحی؛ مالشی علاج : عظم بندی : جا اندازی۔

Osteopetrosis: (n) (۱) ہڈیوں کا غیر معمولی طورپر سخت اور موٹا ہو جانا۔ (۲) ایک نسل یا حوادثی نقص جس میں ہڈیاں سخت اور موٹی ہو جاتی ہیں؛ تحجّر عظام؛ مرمری ہڈیاں۔ (۳) خرگوشوں کی ایک ایسی بی بیماری جس میں اس کے ڈھانچے کے بعض حصے غیر معمولی طورپر بڑھ جاتے ہیں۔ (۴) مرغیوں کی ایک بیماری جس میں ان کے پاؤں کی ہڈی غیرمعمولی طور پر لمبی ہو جاتی ہے۔

Osteophagia : (n) چرندوں (مویشیوں) کا ہڈی چبانا یا کھانا؛ عظم خوری (جسم میں فاسفورس کی کمی کو پورا کرنے کے لئے)۔

Osteophyte : (n) [Gr. 'phyton. '] ہڈی کا زیادہ بڑھ جانا؛ عظمی زائدہ: ہڈی کا ابھار۔

Osteophytic : (a) عظمی زائدے سے متعلق؛ ہڈی کے غیر معمولی ابھار سے متعلق۔

Osteoplastic : (a) (جرّاحی) عظمی پیوندی : عظمی ترقیعی : عظم پیوندی سے متعلق۔

Osteoplastic trap : (n) دامنِ عظمی ترقیعی۔

Osteoplasty : (n) [Gr. 'plastos. '] کسی خالی جگہ کو پر کرنے کے لئے وہاں (دوسری جگہ سے لے کر) ہڈی کا کوئی ٹکڑا لگانا: عظم پیوندی۔

Osteosarcoma : (n) [f. 'Osteo- + sarcoma.] (۱) ہڈی میں گوشتین ابھار: عظمی دنبل لحمی: سرطان استخوان کی ایک نوع ہڈی کی ایک بیماری جس میں ہڈی کے اندر گوشت، غضروف یا مغز کی غیر معمولی بالیدگی ہو جاتی ہے۔ (۲) عظمی دنبل لحمی جو تغیر طبیعی سے ہڈی میں بدل جاتا ہے۔

Osteosclerosis : (n) [Gr. 'Oklerosis. '] ہڈی کا سخت ہوجانا: تصلب العظام۔

Osteotome : (n) (جراحی) ہڈی کاٹنے کی آری؛ ہڈی تراشنے کا آلہ ؛ عظم تراش؛ عظم بر۔

Osteotomy : (n) (۱) (تشریح) تشریح العظام؛ تجزیۂ استخواں؛ ہڈیوں کی چیر پھاڑ۔ (۲) (جراحی) کسی نقص کو دور کرنے کی غرض سے ہڈی کو کاٹنا؛ عظم تراشی؛ قطع عظم ؛ عظم براری۔

Osteria : (n) [It. f. 'Oste. '] (اٹلی میں یا اطالوی زبان بولنے والے کسی ملک میں) سرائے۔

Ostiarius/Ostiary : (n) [L. 'Ostiarius' , f. astium. '] (کلیسائی) گرجا کا دربان؛ کلیسا کے دروازے کا محافظ؛ رومی کلیسا کے ادنیٰ مدارج میں سب سے نچلا درجہ۔

Ostinato : (n) [It.] (موسیقی) ایک نغمہ جو کسی موسیقی یا اس کے کسی حصے میں بار بار دہرایا جاتا ہے؛ جاری نغمہ۔

Ostiolate : (a) (نباتیات) دہانچہ دار۔

Ostiole : (n) [L. 'Ostiolum' , dim. of 'Ostium. '] دیکھو Osteole

Ostiolum : (n) دیکھو Ostiole

Ostitis : (n) دیکھو Osteitis

Ostium : (n) [L.] (۱) (تشریح) جسم حیوانی میں دل ، دماغ کے جوفوں، پھیپھڑوں کی شریانوں، فلاپن ٹیوب، پیشاب کے راستے وغیرہ کا سوراخ یا دہانہ۔ (۲)(حیوانیات) دہانۂ اسفنج ۔(۳) (جغرافیہ) دہانۂ دریا۔

Ostler : (n) [var. sp. of Hostler.] سرائے کے اصطبل کا محافظ؛ سائیس ؛ نفر (نیز توصیفاً مثلاً Ostler-boy)-

Ostleress : (n) سرائے کے اصطبل کی محافظ عورت؛ سائیسہ۔

Osterie/-rye : (n) Hostelryکی متروک شکل۔

Ostmen : (n) [ON. 'Austmenn' , pl. of 'Austmaor. '] آئرلینڈ اور آئس لینڈ میں ڈنمارک اور ناروے کے حملہ آوروں اور وہاں آکر بس جانے والوں کو کہتے ہیں۔

Ostosis : (n) تعظّم؛ عظم سازی۔

Ostracea : (n) [mod. L.] (حیوانیات) جنس محار۔

Ostracean : (a) [f.mod. L. 'Ostracea. '] Ostraceaخاندان کی؛ کستورا مچھلی کے خاندان کی۔

Ostrcean : (n) محار؛ کستورا مچھلی؛ ایک قسم کا صدفہ جو کھایا جاتا ہے۔

Ostraceous : (a) محاری؛کستورا مچھلی کا یا اس سے متعلق ؛ کستورا مچھلی کی نوعیت کا۔

Ostracion : (n) [Gr. 'Ostrakion. '] مچھلیوں کی ایک نوع جن کے جسم شش پہلو پلیٹوں سے ڈھکے ہوتے ہیں؛ جو ہڈی کی طرح سخت ہوتی ہیں؛ صندوق ماہی۔

Ostracism : (n) [mod. L. 'Ostracismus. '] (۱) ایتھیز وغیرہ میں عارضی جلاوطنی کا ایک قاعدہ جس کے ذریعہ کسی ایسے شخص کو جو عوام میں بہت زیادہ مقبول ہوتا تھا دس (بعد میں پانچ) سال کے لئے جلاوطنی یا شہر بدر کردیا جاتا تھا؛ یہ کام استصواب رائے کے ذریعہ کیا جاتا تھا جس میں اس شخص کا نام ٹھیکروں پر لکھا ہوتا تھا؛ عارضی جلاوطنی؛ شہر بدری؛ اخراج (برادری سے)؛ (سماجیات) جلاوطنی۔ (۲) (مجازاً) معاشرتی مقاطعہ ؛ (سماجیات) سماجی بائیکاٹ ۔ (۳)حقوق سے محرومی؛ محرومی از حقوق۔

Ostracite : (n) [L. 'Ostracites. '] متحجرکستورا؛ متحجر محار؛ کستورا قسم کے کسی صدفے کا متحجر خول۔

Ostracize : (v) [Gr. 'Ostrakizein. '] (۱) (یونانی تاریخ) ٹھیکروں والی ووٹنگ کے ذریعہ جلاوطنی کرنا(دیکھئے Ostracism) ؛ (مجلس عامہ کے حکم سے پانچ یا دس سال کے لئے) جلاوطن کرنا؛شہر بدر کرنا؛ خارج البلد کرنا۔ (۲) (مجازاً) برادری سے خارج کرنا؛ حقہ پانی بند کرنا؛ عام حقوق سے محروم کرنا؛ میل جول ترک کردینا؛ بائیکاٹ کرنا۔

Ostraco - : (comb.) [G.r 'Ostrakon. '] جزو ترکیبی بمعنی سخت خول گھونگا ، صدف، قشر ۔

Ostracoda : (n) قشریوں کی ایک جنس۔

Ostracodal : (a) Ostracoda جنس کے قشریوں کا یا ان سے متعلق۔

Ostracode : (a) [Gr. 'Ostrakwdus. '] Ostracoda جنس کا۔

Ostracode : (n) Ostracodaجنس کا قشریہ؛ کستورا مچھلی سے مشابہ جنس کا ایک قشریہ ؛کستورا قشریہ۔

Ostracoderm : (a) [Gr. 'Ostrakodermos. '] جس کا خول یا خارجی ڈھانچہ ہڈی جیسا سخت ہو ؛ سخت کھال والا ؛ استخواں پوست ؛ عظم پوست؛ صدف پوست۔

Ostracoderm : (n) استخواں مچھلی؛ صدفہ نما یا صدف پوست مچھلی؛ صدفی مچھلی۔

Ostracodermal/ -mous : (a) صدفی مچھلی کا یا اس سے متعلق۔

Ostracodous : (a) دیکھو Ostracodal

Ostracon/Ostrakon : (n) [Gr. 'Ostrakon . '] چونا پتھر یا مٹی کا منقش ٹکڑا (جیسا کہ بالائی مصر (وادیٔ نیل) میں پایا جاتا ھے)۔

Ostrea : (n) [L.] (حیوانیات) جنس فحار؛ کستورا مچھلی کی ایک جنس جو انڈوں کو ان کی ابتدائی نشو و نما کے دوران اپنے گلپھڑوں میں رکھتی ھے۔

Ostreaceous : (a) [L. 'Ostrea+ -Aceous. '] کستورا مچھلی یا اس کے خول کی نوعیت کا؛ محاری؛ کستورا جیسا۔

Ostreger/Ostringer : (n) Goshawk (ایک قسم کا بڑا باز جس کے بازو چھوٹے ھوتے ہیں) کا رکھنے والا یا محافظ۔

Ostrei-/Ostreo - : (comb.) [L. ostrea , ostreum .] جزو ترکیبی بمعنی کستورا مچھلی فحار۔

Ostreicultural : (a) محار پروری کا؛ محار پروری سے متعلق۔

Ostreiculture : (n) محار پروری؛ صدف پروری۔

Ostreiculturist : (n) محار پرور؛ ماہر محار پروری۔

Ostreiform : (a) محار شکل ؛ محار نما ؛ کستورا مچھلی کی شکل کا ؛ صدف نما۔

Ostreoculture : (n) دیکھو Ostreiculture

Ostreophage/Ostreophagist : (n) محار خور ؛ کستورا مچھلی کھانے والا یا اسی پر بسر کرنے والا۔

Ostreophagous : (a) محار خور؛ صدف خور؛ کستورا مچھلی کھانے والا۔

Ostreophagy : (n) محار خوری۔

Ostarich : (n & a) [ME. 'Ostrice, -iche, -ige. '] (۱) عرب وافریقہ کے مسطح ریگستانوں میں رہنے والا سب سے بڑا پرندہ ؛ نعامہ (جمع نعام)؛ شتر مرغ؛ سنگ خوار۔ (۲) ایک ایسا ہی امریکی پرند؛ امریکی شترمرغ۔ (۳) (بطور صفت) شترمرغ کا یا اس سے متعلق؛ شترمرغ جیسا۔

Ostrich-belief : (n) خدع نفس؛ خود فریبی۔

Ostrich-farm : (n) (پروں کے لئے) شترمرغ کی پرورش گاہ ؛ شترمرغ کا فارم۔

Ostrich-farming : (n) پرورش نعام؛ شتر مرغوں کی پرورش اور افزائش نسل۔

Ostrich-feather : (n) شترمرغ کا پر (خصوصاً بازو یا دم کا لمبا پر) جسے آرائش کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

Ostrich-fern : (n) فرن کی ایک قسم۔

Ostrich-plume : (n) (۱) شتر مرغ کا پر یا اس کے دو تین پروں کا گچھا۔ (۲) (توصیفاً) گلِ داؤدی کی ایک قسم پر اطلاق ھوتا ھے۔

Ostrich-tip : (n) شتر مرغ کے پر کا سراپا نوک؛ نوکِ پر۔

Ostriculture : (n) دیکھو Ostreiculture

Ostrigonum : (n) (تشریح) عظم مثلث۔

Ostringer : (n) دیکھو Ostreger

Ostrogoth : (n) [LL. 'pl. 'Ostrogothi. '] ٹیوٹونک نسل کے المانوی جنھوں نے اٹلی کو فتح کیا تھااور ۴۹۳ء میں تھیوڈورِک (Theodoric) کے تحت ایک حکومت قائم کی تھی جو ۵۵۵ء تک رہی؛ مشرقی المانوی قوم کا کوئی فرد۔

Ostrogothian/ -thic : (a) مشرقی المانوی؛ مشرقی المانوی سے متعلق۔

-ot : (suffix) لاحقہ جو پہلے تصغیر کے لئے آتا تھا اب کوئی تخصیص نہیں، اسماء میں آتا ھے۔

-ot : (suffix.) لاحقہ جو قدیم یونانی ناموں میں نسبت مقامی کے لئے آتا تھا؛ جیسے Epirus سے Epirot (بمعنی Epirus کا) ، دیگر یونانی الاصل اسماء میں بھی آتا ھے مثلاً Zealot, Patriot, idiot وغیرہ۔

Otacoustic/Otacousticon : (n) [Gr. 'Ot + akoustikos.] (۱) آلہ سماعت۔ (۲) (بطور صفت) ممد سماعت۔

Otaheite apple : (n) (۱) سیب ملایا؛ جاوا کا مقامی سیب۔ (۲) آئس لینڈ کی ایک سوسائٹی کا نام۔

Otalgia : (n) [Gr. 'Otalgia. '] کان کا درد؛ وجع الأذن۔

Otalgic : (a) کان کے درد کا یا اس کے متعلق؛ کان کے درد میں مبتلا۔

Otary : (n) [mod. L. 'Otaria. '] (حیوانیات) گوشدارعجل البحر۔

O. T. C. : (۱) آفیسرز ٹریننگ کور پس کا مخفف۔ (۲) افسرانہ قواعد آموز فوج۔

-Ote : (suffix) OT2 -کی دوسری شکل مثلاً Candiote (بمعنی Candia کا باشندہ)۔

Otheoscope : (n) [Gr. 'Othein' + scope .] کسی خالی برتن میں روشنی یا دیگر تجلیات کے دباؤ کو ظاہر کرنے والا آلہ؛ Radiometer کی دوسری شکل جسے ڈبلیو کروکس نے ایجاد کیا تھا، اس کی سیاہ مسطح ساکن ہوتی ہے اور سرد سطح متحرک۔

Other : (a) [OE. 'Oper. '] (۱) دوسرا؛ دیگر؛ اور؛ غیر۔ (۱) (جمع اسما کے ساتھ) بقیہ؛ باقی۔ (۲) مزید؛ اور بھی؛ اس کے علاوہ؛ اضافی۔ (۳) (قسم یا کیفیت میں) مختلف؛ جدا؛ الگ؛ متفاوت۔

On the other hand : دوسری طرف؛ دوسری جانب۔

Such other (s) : ایسے ہی دوسرے۔

The other day : ایک دو دن پہلے؛ حال فی الحال؛ تھوڑا پہلے۔

The other night : ایک دو شب پہلے؛ حال فی الحال۔

The other week : ایک دو ہفتہ قبل؛ تھوڑا دن پہلے؛ چند روز قبل۔

Other . (n & pron.) (۱) (The کے ساتھ) دو میں سے ایک؛ دوسرا شخص۔ (۲) (جمع) بقیہ لوگ یا چیزیں؛ دوسرے لوگ؛ دوسری چیزیں (اسی قبیل کی)؛ اور لوگ، بعض دوسری چیزیں؛ کوئی دوسری چیز؛ کوئی بھی شے۔ (۳) (واحد) دوسرا؛ کوئی دوسرا؛ کوئی بھی۔ (۴) ہر دوسرا؛ ہر ایک دوسرا۔

Each other : باہم؛ ایک دوسرے کو؛ آپس میں ایک دوسرے کو، کے، کی۔

Other : (n) (فلسفہ) جزو ثانی؛ جزو مقابل؛ جزو تکمیل؛ نصف ثانی جیسے ego non-ego کا جزو ثانی یا جزوتکمیلی ہے۔

Other (adv.) جداگانہ طور پر؛ دوسرے طور پر؛ دوسرے طریقے سے؛ به انداز جدا گانه؛ به طور دیگر۔

Other some : (a) بعض دیگر؛ بعضے دیگر۔

Other some : (Pron.) بعض دوسرے۔

Other-while/Otherwhile : (adv.) (۱) (بول چال) کبھی کبھی؛ اکثر؛ بعض اوقات؛ گاہ بگاہ موقع به موقع؛ اکثر اوقات۔ (۲) کبھی اور؛ پھر کبھی؛ کسی دوسرے وقت یا موقع پر۔

Other world/Other-world : (n) (۱) عام آخرت؛ عقبیٰ۔ (۲) عالم ارواح؛ عالم برزخ؛ عالم بالا۔ (۳) عالم خیال؛ عالم مثال؛ عالم شعر؛ شعر کی دنیا؛ عالم رومان۔

Other world : (a) آسمانی؛ اخروی؛ غیر ارضی؛ عالم ارواح کا؛ خیالی۔

Other-worldliness : (n) آخرت پرستی؛ خیال عاقبت؛ عاقبت پرستی؛ (خصوصاً) تیاگ؛ جوگ؛ رہبانیت؛ خود غرض روحانیت؛ مریض یا مرتاض روحانیت۔

Other-wordly : (a) آخرت کا؛ آخرت پرست؛ آخرت پرستانہ؛ عالم خیال کا؛ خیالی؛ خیال پرست۔

Othergates : (adv.) (بول چال) به انداز دیگر؛ دوسرے طور پر؛ دوسرے طریقے سے۔

Otherguess : (a) (روز مرہ) دوسری قسم کا؛ مختلف؛ بالکل مختلف؛ متبائن؛ مختلف یا جداگانہ وضع کا۔

Otherness : (n) (۱) دوئی؛ دوجاپن؛ فرق؛ اختلاف؛ غیریت۔ (۲) غیرشے؛ مدرک۔

Otherthings being equal : (۱) اگر یہی صورت رہے یا رہی۔ (۲) اگر اور سب پہلو برابر ہوں۔

Otherways : (adv.) (۱) دوسرے انداز میں؛ مختلف طریقے سے؛ مختلف طور پر؛ جدا گانہ (Than کے ساتھ)۔ (۲) دوسری حالت میں؛ به شکل دیگر؛ به صورت دیگر؛ به حالت دیگر؛ به لحاظ دیگر؛ اور باتوں کے لحاظ سے۔ (۳) کے برعکس؛ کے بالمقابل؛ ورنہ؛ نہیں تو۔

Otherwhence : (adv.) کہیں اور سے۔

Otherwhere : (adv.) کہیں اور؛ کہیں دوسری جگہ؛ کہیں بھی؛ کسی دوسرے مقام پر۔

Some other where : (quasi-n) کوئی دوسری جگہ؛ کہیں اور؛ کوئی مقام۔

Otherwhiles : (adv.) پھر کبھی؛ کبھی اور؛ کسی دوسرے موقع پر۔

Otherwise : (adv.) دیکھو Otherways

Otherwise : (phr.) به انداز دیگر؛ دوسرے طور پر؛ دوسرے طریقے سے؛ دوسرے انداز میں؛ ممتاز ہوکر۔

And otherwise/ Otherwise : اور بالمقابل یا برخلاف؛ بالمقابل یا برعکس۔

Otherwise : (a) (۱) (بطور صفت) مختلف۔ (۲) (اس) کے سوا اور کیا؛ بجز اس کے کیا۔

Otherwise minded : (a) اور خیال کا؛ مختلف الخیال؛ رائے عامہ سے مختلف خیال رکھنے والا۔

Othman : (۱) عثمان اول کی ۱۳۰۰ء میں قائم کردہ ترکی سلطنت سے متعلق۔ (۲) عثمانی؛ سلطنت عثمانی کا۔

Otic : (a) [Gr. 'Otikos. '] (تشریح، مرضیات) اُذنی؛ گوشی؛ کان کا؛ کان سے متعلق۔

-otic : (compound suffix) لاحقہ جو اسماء صفات کے آخر میں آتا ہے اور حسب ذیل معنی دیتا ہے۔(۱) مبتلا (کسی مرض میں)؛ مریض (کسی خاص بیماری کا) جیسے (neurotic)۔ (۲) (کوئی حالت) پیدا کرنے والی (جیسے hypnotic)۔ (۳) مشابہ (جیسے narcotic)۔

Otic ganglion : (n) (تشریح) عقدۂ اُذنی۔

Otiose : (a) [L. 'Otiosus' , f. 'Otium .'] (۱) بے کار؛ خالی؛ بے شغل؛ کاہل۔ (۲) بے سود؛ لاحاصل؛ رائیگاں۔ (۳) بے ضرورت؛ بے مصرف۔

Otiosely : (adv.) بے کار؛ بے ضرورت؛ بغیر کسی مصرف کے۔

Otioseness : (n) بے کار ہونا؛ بے ضرورت ہونا؛ بے مصرف ہونا۔

Otiosity : (n) بے شغلی؛ بے کاری؛ کاہلی؛ بے سود یا لاحصل ہونے کی حالت؛ بے ضرورت یا بے مصرف۔

Otitic : (n) [f. nex.] ورم گوش یا سوزش گوش سے متعلق؛ ورم گوش میں مبتلا۔

Otitis : (n) [mod. L.] (مرضیات) ورم گوش؛ ورم اُذن؛ کان کی سوزش؛ سوزش گوش؛ آماس گوش۔

Otitis externa : (n) ورم بر اُذن؛ ورم درگوش؛ کان کے اوپر ورم۔

Otitis media : (n) ورم در اُذن؛ ورم درگوش؛ کان کے اندر ورم۔

Otium : (n) [L.] بے شغلی؛ آرام۔

Otium cum dignitate : بے شغلی مگر باوقار؛ باوقار شغلی۔

Oto - : (comb.) [Gr. 'Oto-. '] طبی اور دیگر سائنسی اصطلاحات میں مستعمل جزو ترکیبی بمعنی، کان، اُذن۔

Otoconia : (n) [Gr. 'konia. '] اندرونی کان کا سفید بھربھرا سفوف جو جمع ہوکر پتھر جیسا بن جاتا ہے؛ (تشریح) حجرات۔

Otoconite : (n) (تشریح، عضویات) حجرِ گوش؛ حجرہ؛ حساۃ الأذن؛ ریژہ دار اور بعض بے ریژہ والے جانوروں کے اندرونی کان میں پائی جانے والی چنیلی شے۔

Otocranne : (n) [Gr. 'Kranion .'] سمعی غلاف؛ کنپٹی کی ہڈی کا وہ حصہ جو عضوسماعت کو گھیرے ہوئے ہوتا ہے۔

Otocranial/Otocranic : (a) سمعی غلاف کا؛ سمعی غلاف سے متعلق۔

Otocyst : (n) (تشریح، حیوانیات) سمعی انبان؛ سمعی کیسہ؛ عضو سماعت (بعض بے ریژہ حیوانیات میں)۔

Otocystic : (a) سمعی کیسہ یا عضوسماعت سے متعلق۔

Otolaryngology : (n) علم طب کی وہ شاخ جو کان اور گلے (حجرہ) سے متعلق ہے؛ علم گوش حنجرہ؛ گوش حنجریات؛ اُذن حنجریات۔

Otolite: (n) دیکھو Otoconite

Otolith : (n) دیکھو Otoconite

Otolithic/Otolitic : (a) حجر گوش کا یا اس سے متعلق؛ حَساۃ الاذُنی۔

Otological : (a) اذنیاتی؛ علم گوش یا علم امراض گوش سے متعلق؛ علم گوش کا۔

Otologist : (n) ماہرِ امراض گوش؛ معالج گوش؛ ماہر اُذنیات؛ اذنیات داں؛ عالمِ اذنیات۔

Otology : (n) (۱) اذنیات؛ علم گوش۔ (۲)علم امراض گوش۔ (۳)علم گوش یا علم امراض گوش پر مشتمل کتابچہ یا رسالہ۔

Otorhinolaryngology : (n) طب کی وہ شاخ جو کان، ناک اور گلے (حنجرہ) سے متعلق ہے؛ ناک، کان اور گلے کا علم؛ علم امراض کان، ناک و گلا؛ اُذن حنجریات۔

Otorrhoea : (n) [Gr. 'Oria. '] سیلان الاذُن؛ کان بہنا۔

Otosclerosis : (n) تصلُّب اُذن؛ صلابت کان۔

Otoscope : (n) (۱) آلۂ سماع الاذن؛ اسٹیتھسکوپ کی ایک مخصوص شکل جس سے کان کے اندر کی آواز سنی جاتی ہے؛ آلۂ گوش۔ (۲) (آلۂ) گوش بین؛ کان کے اندر دیکھنے کا آلہ؛ مِراۃ الاُذن۔

Otoscopic : (a) آلۂ سماع الاذن یا آلۂ گوش کا؛ آلۂ گوش بیں سے متعلق؛ ان آلات کی مدد سے گوش بینی یا آوازِگوش سننے سے متعلق۔

Otoscopy : (n) گوش بینی؛ معائنۂ گوش؛ آلۂ گوش یا آلۂ گوش بیں کے ذریعہ کان کے اندر کی آواز سننے یا کان کے اندر دیکھنے کا عمل۔

Otosteal : (a) [Gr. 'Osteon. '] کان کی چھوٹی ہڈی سے متعلق۔

Ottar : (n) Attar, Otto کا متبادل۔

Ottava : (n) [It.] (۱) (موسیقی) (عموماً مخفف Octave(8va (وہ سر جس کا ارتعاش کسی خاص سر کا دگنا یا آدھا ہو اور وہ سرگم میں اس سے آٹھ در جے اونچا یا نیچا ہو)۔ (۲) دیکھو Ottava rima -

Ottava rima : (n) آٹھ، گیارہ، بجائی مصرعوں کا اطالوی بند؛ ہشت مصرعی بند؛ جس کے قوافی اب اب اب دو ہوتے ہیں۔ (انگریزی میں) آٹھ دس بجائی مصرعوں کا بند۔

Otter : (n) [OE. 'Otr , ot(t)or .'] (۱) اود بلاؤ : ایک سموردار : گوشت خور، دودھ پلانے والا حیوان جو مچھلیاں کھاتا ہے اور جس کے پاؤں مچھلی کے پر جیسے ، نیچے جُڑے ہوئے اورلمبی چپٹی دم ہوتی ہے جس سے وہ پانی میں انتہائی تیزی سے تیرتا اور مڑ سکتا ہے؛ اس کی دوسری انواع۔ (۲) اودبلاؤ کی سمور۔ (۳) ماہی گیری کا ایک خاص قسم کا اوزار یا سازو سامان : رسا چرخی؛ جر ثقیل۔ (۴) (فوج) پیراوین: چھتر پرہ : آوٹر۔

American Otter / Sea - : (n) امریکی اود بلاؤ جو شمالی بحر الکاہل کے امریکی ساحلوں پر رہتا ہے۔

Otter : (v) اودبلاؤ کا شکار کرنا؛ رسا چرخی کے ذریعہ مچھلیوں کاشکار کرنا۔

Otter : (n) Otto, Attar کا متبادل۔

Otter-dog/ -hound : (n) اودبلاؤ کے شکار کا کتا : ایک خاص نسل کا کتا جس سے اودبلاؤ کا شکار کیا جاتا ہے۔

Otter-shell : (n) Lutraria جنس کا دو کھل مندن والا صدفہ۔

Otter-spear : (n) اودبلاؤ کے شکار کا برچھا۔

Otto : (n) [Pers. 'Attar. '] عطر؛ عطر گلاب۔

Otto cycle : (n) (برقیات، انجینیئرنگ) آٹو چکر؛ آٹو دور۔

Ottoman : (a) [f. Arab .] دیکھو Osmanli

Ottoman : (n) دیکھو Othman

Ottoman : (n) [Fr. 'Ottomane. '] (۱) گدی دار چھوٹی چوکی : گدی دار نشست۔ (۲) ایک قسم کا ریشمی یا ریشمی اونی کپڑا۔

Ottoman porte : (n) ترکی کے سلطان اول کی عدالت یا شاہی قلعہ؛ قصر شاہی؛ترکی سلطنت (اسے Sublime Porte یا porte بھی کہتے ہیں)۔

Ottomanic : (a) عثمانی؛ عثمانی سلطنت کا؛ ترکی۔

Ottomanic : (n) عثمانی خاندان کا کوئی فرد؛ عثمانی ترک؛ عثمانی۔

Ottorelite : (n) [f. 'Ottrez. '] (معدنیات) المونیم، لوہے اور میگنیز کا آبدار سلیکیٹ جو سیاہ بلوریں پرتوں میں پایا جاتا ہے۔

Ouabain/Wabain : (n) Ouabaioپودے سے حاصل ہونے والا گلوکوسائڈ (زہر) $(C_{13}H_{48}O_{12})$۔

Ouabaio/Wabaio : (n) Acocanthera Schimpin نامی پودے کا سومالی نام جس کا عرق تیروں کو زہریلا کرنے میں استعمال ہوتا ہے۔

Ouakari : (n) [Tupi.] Wakari کا متبادل؛ جنوبی امریکا کا بندر۔

Oubliette : (n) [Fr.] قید خانہ جس میں داخلہ صرف چور دروازے سے ہو؛ (قانون) چور کوٹھری؛ کال کوٹھری۔

Ouch : (n) [ME. 'Ouche. '] (۱) جڑاؤ پن کا کانٹا؛ (اکثر جواہرات کے ساتھ) سنجاق جواہر؛ جڑاؤ نکلس، کنگن ، پہنچی، بازو بند وغیرہ : پن یا کانٹا جو بطور زیور پہنا جائے۔ (۲) نگینے کا گھر؛ خانۂ نگیں (طلائی یا نقرئی)۔

Ouch : (v) جڑاؤ پن یا کانٹا لگانا؛ جڑاؤ نکلس، کنگن وغیرہ پہننا۔

Ought : (n & adv.) (۱) خواہ کوئی چیز ؛ کوئی شے ؛ کوئی بات۔ (۲) کسی حد تک؛ بہر طور؛ ہر لحاظ سے؛ بالکل۔

Ought : (n) وہ جس کے لئے فعل ought استعمال کیا گیا ہو؛ فرض؛ ذمہ داری؛ بار؛ امر واجب؛ اخلاقی یا قانونی پابندی۔

Ought : (n) (جاہلانہ) صفر؛ بندی؛ زیرو۔

Ought : (v) [OE. 'ahte.] چاہئیے؛ لازم ہے؛ ضروری ہے؛ مناسب ہے؛ اغلب ہے ؛ ذمہ داری ہے؛ فرض ہے۔

He said you ought : اس نے کہا یہ تمہارا فرض ہے؛ اس نے کہا ؛ یہ تمہاری ذمہ داری ہے۔

You ought to have known : تمہیں یہ جاننا چاہئیے؛ یہ جاننا تمہیں لازم ہے؛ یہ جاننا تمہارا فرض ہے ؛ تمہیں ضرور جاننا چاہئیے ۔

Oughtness : (n) تلازمہ ؛ اخلاقی پابندی ؛ وجوب ۔

Ouija : (n) [Fr. 'Oui' + G. 'Ja.'] روحانی مجالس یا مجالس مراقبہ میں الہامات یا پیغامات حاصل کرنے والے خود نویس آلے (Planchette) کے ساتھ استعمال ہونے والی تختی؛ ویجا۔

Ouistiti : (n) Wistitiکا متبادل؛ جنوبی امریکا کا بندر۔

Ounce : (n) [ME. 'Unce. '] (۱) اونس (وزن کا پیمانہ ۱/۲ اور ۲/۳ چھٹانک کے درمیان)۔ (۲) (قیمتی چیزوں کی تول میں) ۱/۱۲ پونڈ۔ (۳) (معمولی چیزوں کی تول میں) ۱/۱۶ پونڈ۔ (۴) تھوڑی مقدار؛ ذرا سی مقدار۔ (۵) (مجازاً) ہلکی چیز؛ سبک چیز؛ بے وزن چیز۔ (۶) Onza اسپین اور سسلی کا ایک سکہ۔ (۷) (بطور صفت) ایک اونس وزن کا؛ (مرکب حالت میں) اتنے اونس وزن کا۔

Avoirdupois ounce : (n) معمولی چیزوں کا ایک اونس وزن ۴۳۷۰۵ گرین کے برابر ہوتا ہے اور ۱۶ ڈرام میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

Fluid ounce : (n) سیال چیزوں کا پیمانہ یا سمائی کا پیمائی جس میں تقطیر شدہ پانی ۶۲ ڈگری فارن ہائٹ پر ایک Avoird, ounce ہوتا ہے۔

Troy ounce : (n) قیمتی چیزوں کے وزن کا پیمانہ جو ۴۸۰ گرین کا ہوتا ہے اور بیس پینی (= ۲۴ رتی ۲۴ گرین) میں منقسم ہوتا ہے۔

Ounce : (n) [OFr. 'Once. '] (۱) بن بلاؤ؛ سیاہ گوش؛ بلی کی نسل کا جنگلی جانور۔ (۲) (حیوانیات) پُوز؛ تیندوا؛ پہاڑی چیتا۔

Ouph/ Ouphe : (a) [Var. of Auf(e) , oaf.] دیکھو Aufe

Our : (a) [OE. 'Ure. '] ہمارا؛ ہماری؛ ہمارے۔

-our : (suffix) لاحقہ Or کی قدیم شکل۔

Our Father : (n) مقدس باپ؛ خداوند تعالٰی۔

Our lady : (n) مریم عذرا۔

Our Saviour : (n) ہمارے نجات دہندہ؛ حضرت مسیح۔

Ourali : Wourali کا متبادل۔

Ourang/-outang/-utang : Orang-outang کی دوسری شکلیں۔

Ourano - : دیکھو Urano

Ourn : دیکھو Our

Ours : (Pron. & Pred. a) دیکھو Our

Ourself/Ourselves : (Pron.) (۱) ہم خود؛ ہم بذات خاص۔ (۲) اپنے آپ کو؛ خود کو (جب weبادشاہ کے لئے آئے تو واحد کا صیغہ استعمال ہوتا ہے اور جب اخبار کے ایڈیٹر یا مصنف کے لئے آتا ہے تو واحد اور جمع دونوں استعمال ہو سکتے ہیں) ۔

-ous : (suffix) [L. - 'Osus. '] (۱) (لاحقہ) لاطینی صفات کو انگریزی شکل میں ڈھالنے کے لئے آتا ہے۔ (۲) ان مرکبات کے ناموں میں آتا ہے جن میں کوئی جزو بہت زیادہ مقدار میں ہو جیسے Chlorous acid (کلورس ایسڈ) یعنی تیزاب جس میں کلورین بہت زیادہ مقدار میں ہوتا ہے۔

Ousel : (n) Ouzel کا متبادل۔

Oust : (v) [AFr. 'Ouster. '] (۱) (قانون) نکال دینا؛ بے دخل کردینا؛ کسی مادی (جائداد وغیرہ) یا غیرمادی (حقوق وغیرہ) میراث سے محروم کردینا؛ چھین لینا۔ (۲) خارج کردینا؛ ہٹا دینا؛ روک لینا؛ مستثنیٰ کردینا ؛ باہر کردینا (کسی مقام، جماعت یا حق سے) نکال دینا؛ کسی کو نکال کر اس کی جگہ لے لینا۔ (۳) (کسی مقام یا عہدے سے) معزول کر دینا ؛ ہٹا دینا ؛ نکال دینا (from , of کے ساتھ)۔ (۴) (کسی چیز کو) استعمال یا فیشن سے ہٹا دینا؛ ترک کردینا۔

Ouster : (n) اخراج؛ بے دخلی؛ کسی مادی یا غیر مادی میراث سے محروم؛ناجائز بے دخلی۔

Ouster-le-main : (n) [AFr. 'Ouster la main. '] (۱) (جاگیر دارانہ قانون) دخل نامہ (حکم نا ہ دخل دہانی (اس زمین پر جو شاہ کے قبضے میں تھی مگر عدالت نے مدعی کی اس دلیل پر کہ بادشاہ کو اس پر قابض رہنے کا کوئی حق نہیں ہے ، اپنا فیصلہ مدعی کی دخل دہانی کے حق میں دیا ہو): فیصلہ یا رٹ جو ایسی دخل دہانی کی منظوری دیتا ہو۔ (۲) ولی کے ہاتھ سے اس بچے کے حق میں، جواب بالغ ہو چکا ہو اراضیات کی واگذاشت۔

Out : (n) (۱) Outside کا مخفف ۔ (۲)(جمع)معزول شدہ پارٹی: برطرف شدہ جماعت (Insکی ضد)۔ (۳) (جمع) (کھیل میں) جماعت جو نہیں کھیل رہی ہو: (کرکٹ) آؤٹ : نیز Rugby فٹ بال میں دونوں جانب کے وہ کھلاڑی جو چھینا جھپٹی میں شریک نہ ہوں۔ (۴) (روز مرہ) سیاحت: سیر سپاٹا: مٹر گشت: واپسی کی نیت سے سفر۔ (۵) وہ لوگ جو مستقل طور پرکارخانہ میں آتے اور جاتے رہتے ہیں (outs and ins)- (۶) (طباعت) اخراج: حك: فرو گذاشت:چُوك۔ (۷) (جمع) ادا شدہ رقم۔ (۸) (امریکا) عیب: نقص۔ (۹) (امریکا) اختلا ف: ان بن: نزاع : عدم اتفاق: عدم مطابقت۔ (۱۰) راہ نجات: بچ نکلنے کا راستہ۔

At outs : (امریکا) مختلف: متناقض: متنازع۔

Out : (a) [Out, Adv. used attrib.] (۱) خارجی: باہری: بیرونی ۔ (۲) (فٹ بال، کرکٹ وغیرہ) میدان سے باہر: آؤٹ۔ (۳) معمولی سے زیادہ: عام سائز سے بڑا: خلاف معمول: معمول سے زیادہ بڑا یا لمبا۔ (۴) برطرف: جو اقتدار میں نہ ہو: جو عہدے سے علاحدہ ہو۔ (۵) علاحدہ: دور: خارج: باہر۔ (۶) ظاہر: افشا: شائع: روشن: عیاں: واضح: معرض وجود میں۔

All out : (عامیانہ) جی توڑ کر۔

All out : ایك طرف کے سب کھلاڑی آؤٹ ہوگئے۔

Batsman is out : (کرکٹ) کھیلنے والا (بلّے باز) آؤٹ ہو گیا(یعنی کھیل سے باہر)۔

Book is out : کتاب شائع ہوگئی ۔

Candle is out : شمع بجھ گئی ۔

Chicken is out : انڈے سے بچہ نکل آیا۔

Crinolines are out : کرینولین کا فیشن نہیں رہا۔

Fire is out : آگ ٹھنڈی ہوگئی: آگ بجھ گئی۔

Girl is out : لڑکی اب سوسائٹی میں آنے جانے لگی۔

He is out : وہ گھر پر نہیں ہے ۔

His arm is out : اس کا بازو اکھڑ گیا۔

I am out with him : مجھ سے اس کی دوستی نہیں رہی: مجھ سے اس کی ان بن ہے۔

It is out of drawing : یہ غلط کھنچا ہوا ہے۔

I was out in my :alculations : میرے حساب میں یا اندازے میں غلطی ہوئی۔

Labour is out : لیبر پارٹی وزرات سے الگ ہو گئی۔

Miners are out : کان کنوں نے ہڑتال کردی ہے۔

Secret is out : راز افشا ہوگیا۔

Times out of number : خدا جانے کتنی بار۔

Out : (v) [OE. 'Usteian. '] (۱) باہر کرنا: نکال دینا: نکال باہر کرنا: خارج کرنا: بے دخل کرنا:مستردکرنا: نامنظور کرنا: برطرف کرنا: معزول کرنا: محروم کرنا:چھین لینا (بول چال) چھٹکارا پانا: نجات پانا۔(۲) (بول چال) خارج کرنا: ہٹانا: مٹانا: ختم کرنا: بجھانا: عمل کرنا: ہڈی اتا ر دینا: جو ڑ الگ کردینا: (کرکٹ) آؤٹ کردینا۔ (۳) (عامیانہ) اکھاڑ پھینکنا: (مقابل کو) بے کار کردینا: بے دم کردینا: دے مارنا: چت کردینا: مار کر بے ہوش کردینا: مارڈالنا: (گھونسے وغیرہ سے)۔ (۴) افشا کرنا: ظاہر کرنا :واضح کرنا: شائع کرنا: نمایاں کرنا: ظاہرکرنا۔ صاف صاف کہہ دینا (بول چال)۔ (۵) تفریحاً سیاحت کے لئے نکلنا: سیر سپاٹے میں جانا۔ (۶) (روز مرہ) زبان سے نکالنا: بولنا: کہنا: زبان یا قلم سے ادا کرنا۔

To out with : (۶) (روز مرہ) زبان سے نکالنا: بولنا : کہنا: زبان یا قلم سے ادا کرنا۔

Out : (adv.) [OE. 'Ut. '] (۱) کسی مقام کے اندر سے (حرکت کرتا ہوا): مرکز سے باہر کی جانب (متحرك)۔ (۲) کسی مخصوص مقام سے دور: دوری پر: فاصلے پر۔ (۳) حدود سے باہر : عام سطح سے اونچا۔ (۴) (زمان و مکان میں) وسعت یا طوالت ظاہر کرتا ہوا۔ (۵) بجھتا ہوا: گل ہوتا ہوا : بجھ کر: گل ہو کر: غائب ہوکر۔ (۶) وجود یا حرکت سے عدم یا سکوت کی جانب۔ (۷) انجام کی طرف: اختتام یا خاتمے کی طرف: ختم ہوکر۔ (۸) مکمل طور پر: بالکل: ایك دم۔ (۹) کسی مسئلے، نتیجے یا حل

ختم ہوجانا: مرجانا: ساکت ہوجانا: نیست ہوجانا: بے حرکت ہوجانا. To die out :

بجھا دینا ؛ گل کردینا: ٹھنڈا کردینا. To do out :

لڑ جھگڑ کرطے کرنا. To fight it out :

ختم کرنا: اختتام کو پہنچانا: کرنا: تمام کرنا: مکمل کردینا: پورا کرنا: حل نکالنا: نتیجے تک پہنچنا. To have it out :

دیکھو To come out To have one out :

(۱) ہاتھ بڑھا نا ؛ پیش کرنا ؛ نذر کرنا. (۲) بدستور قائم رکھنا: اچھی حالت میں رکھنا.(۳) جاری رکھنا: ہمت نہ ہارنا: (رات کو) جاگتے رہنا: ثابت قدم رہنا: قائم رہنا: جمے رہنا. To hold out :

باتیں کرکے (طے کرلینا). To talk it out :

(بول چال) حدود سے باہر: حدود کے پرے: بالا: بڑھ کر. Out : (prep.)

(۱) صیغۂ امر کا فجائیہ جس کا فعل محذوف رہتا ہے (مثلاً come out, go out وغیرہ). (عامیانہ بول چال) (مکا بازی) چت کردیا! دے مارا .(۲) ماتم، نفرت و حقارت یا غصے کی حالت میں زجر و توبیخ کا فجائیہ (بول چال) جیسے out upon (on) حقارت و سرزنش کے موقع پر بولتے ہیں). Out : (int.)

تم پر پھٹکار! تف ہے تم پر. Out upon you :

(سابقہ) جو افعال یا اسماء کے ساتھ مل کر متعلق فعل یا حرف جار یا صفت کے معنی دیتا ہے.(۱) بعض افعال سے پہلے اس معنی میں آتا ہے جس معنی میں ان کے بعد بطور علاحدہ لفظ کے استعمال ہوتا ہے جیسے outblaze=Blaze out-(۲) بعض ان افعال میں جن کے بعد بطور علاحدہ لفظ کے آیا کرتا ہے: پہلے آکر اسم صفت وغیرہ بناتا ہے اور معنی کو محدود اور مخصوص کر دیتا ہے (جیسے outcart, out laying-) (۳) بعض ایسے افعال سے پہلے آکر حاصل مصدر بناتا ہے جس کے مختلف معنی ہوتے ہیں.(جیسے outcome, outlay, outset) - (۴) اسماء سے پہلے بطور صفت کے حسب ذیل معنی میں آتا ہے: (الف) خارجی، بیرونی (جیسے outline)- (ب) ملحقہ، متعلقہ مرکز سے الگ: دور (جیسے out building , out house, out skin) (۵) بعض اسماء کے پہلے آکر صفت یا متعلق فعل بناتا ہے اور "سے باہر" کے معنی پیدا کرتا ہے (جیسے out door, out law). (۶) کثرت یا شدت کے معنی Out - : (comb.)

کی طرف: انجام تک: نتیجے تک: حل تک. (۱۰) حد بھر: پوری طرح: مکمل طور پر: جی بھر کے: دل کھول کر. (۱۱) حالت ضبط یا سکوت سے حرکت، اُبال یا ظہور کی طرف.(۱۲) زور سے: پکار کر: چلاّ کر: بہ آواز بلند: کھلم کھلا: علی الاعلان: ظاہراً: صریحاً: اعلانیہ: صاف صاف: واضح طور پر. (۱۳) شائع ہوکر: نشر ہوکر: ازراہِ اشاعت: ازروئے اشاعت: منظر عام پر: عام ہو کر. (۱۴) سوسائٹی میں گھل مل کر: (سوسائٹی میں) آنے جانے والا : کام پر : نوکری پر . (۱۵) کھسک کر: خارج ہوکر.(۱۶) بگڑ کر : جھگڑ کر: ان بن کے ساتھ. (۱۷) گھر سے باہر: گھر سے دور: کسی مہم پر: (جدید معنوں میں) ہڑتال پر. (۱۸) بیرون ملک: دور دیس میں: زمین یا ساحل سے دور.(۱۹) (لباس کی کھونچ یا درز سے) نکلتا ہوا. (۲۰) کھلا ہوا: لہراتا ہوا.(۲۱) باہر: خارج: خارجی طور پر.(۲۲) اپنی جگہ سے کھسکا ہوا: اکھڑا ہوا. (۲۳) عہدے یا منصب سے الگ: معزول: برطرف: برخاست.(۲۴) آؤٹ: کھیل سے باہر.(۲۵) قید میں نہیں: آزاد: قید سے باہر: رہائی یافتہ.(۲۶) غلطی سے: غلط طور پر: غفلت سے چھوٹا ہوا.(۲۷) استعمال یا رواج سے باہر: سُر سے باہر.(۲۸) بہ حالتِ اختلاف: مختلف الرائے ہوکر: غَیر دوستانہ: ان بن کے ساتھ: ان بن سے. (۲۹) (رقم) جیب سے باہر: عدم ادائی میں: باقی: کھوکر. (۳۰) (لڑکی یا جوان عورت) (الف) سوسائٹی سے متعارف ہوکر. (ب) کام پر: امور خانہ داری میں . (ج) موجود: وجود میں. (۳۱) (کھیل وغیرہ) رواج سے باہر: غیر رائج : غیر مقبول: جو نہیں کھیلا جا رہاہو. (۳۲) غیر جاری: ختم: غیر رائج. (۳۳) (پودا) پھول پتی کے ساتھ: نمایاں: ظاہر. (۳۴) افشا کرکے: افشاہوکر . (۳۵) (مکا بازی) بے دم: عاجز: جو مدافعت کی سکت نہ رکھتا ہو.

اپنی تمام قوت اور توجہ کو کسی کام یا مقصد کی جانب مرکوز کردینا. To be out for :

کچھ کرنے کے لئے یا کسی کام کے لئے اپنی تمام قوتوں کو مجتمع یا مرکوز کرلینا. To be out to :

(یکیکی) جنگ کے لئے حریف کو بلانا یا للکارنا: نبردآزمائی کی دعوت دینا. To call one out :

زور سے کہنا: پکارنا: چلانا: بہ آواز بلند کہنا: علی الاعلان کہنا: کھلم کھلا بولنا: زور سے بولنا. To call out :

(۱) (یکیکی) جنگ کے لئے صف سے نکل کر باہرآنا: میدان میں آنا. (۲) نتیجہ نکلنا: حل نکلنا: مسئلہ کھڑا ہونا. To come out :

دیکھو To call out To cry out :

میں حسب ذیل صورتوں میں استعمال ہوتا ہے۔
(الف) افعال کے پہلے آکر "بڑھ جانے" یا " غالب آنے" کا مفہوم پیدا کرتا ہے (جیسے out balance, out match)۔
(ب) فعل یا اسم سے پہلے آکر کسی شخص یا چیز کا کسی خاص بات میں بڑھ کر یا زیادہ بہتر ہونے کا مفہوم پیدا کرتا ہے (جیسے out bid, out dance , out general) - (ج) فعل سے پہلے آکر مقررہ سے بڑھ جانے کا مفہوم پیدا کرتا ہے (جیسے out grow, out stay)۔
(د) اسم سے پہلے آکر فعل بناتا ہے، اس خاص چیز میں جیسے وہ اسم ظاہر کرتا ہے، بڑھ جانے کا مفہوم پیدا ہوتا ہے (جیسے out class, out number)۔ (ہ) کسی شخص کے نام کے پہلے آکر فعل بناتا ہے جس سے اس شخص کی مخصوص صفت میں بڑھ جانے کا مفہوم پیدا ہوتا ہے (جیسے out-herod , Herod) .

(۲) بڑبڑانا؛ بکواس کرنا؛ بڑبانکنا؛ بک بک کرنا؛ شور کے ساتھ گفتگو کرنا؛ ضرورت سے زیادہ بکواس کرنا۔

Out-bound : (a) عازم ملک غیر؛ غیر ملک کو جانے والا (مسافر یا جہاز)۔

Out-bound : (a) حد سے زیادہ ڈینگ ہانکنا؛ بہت زیادہ شیخی بگھارنا؛ شیخی بگھارنے یا ڈینگیں ہانکنے میں دوسرے سے بڑھ جانا؛ ان پر سبقت لے جانا یا انہیں مات دے دینا۔

Out-build : (v) (۱) تعمیر میں بڑھ جانا؛ عمارت کی پائداری میں بڑھ جانا؛ (نیز) عمارتوں کی بھرمار کر دینا یا بہت گنجان عمارتیں بنا دینا۔ (۲) بنانا؛ تعمیر کرنا؛ بنیاد رکھنا؛ قائم کرنا (شاعری و خطابت میں)۔

Out-building : (n) (نوکر وغیرہ کے رہنے کا) ملحقہ مکان؛ مکان شاگرد پیشہ۔

Out-burn : (v) (۱) جل اٹھنا ؛ جل جانا ؛ جلا ڈالنا ؛ جلا کر ختم کر دینا۔ (۲) نسبتاً زیادہ دیر جلنا۔

Out-by / Out-bye : (adv.) گھر سے باہر ؛ صحن میں ؛ باہر تھوڑے فاصلے پر ؛ کھلی ہوا میں ؛ آسمان کے نیچے ؛ زیر سما ؛ گھر یا فارم کے باہر۔

Out-clearing : (n) (بنکاری) چیکوں ، ہنڈیوں وغیرہ کو چکوتی کے لئے حساب گھر بھیجنا ؛ اس طرح چکوتی کے لئے بھیجے ہوئے چیک یا ہنڈیاں۔

Out-college : (a) جو کالج کے احاطے میں مقیم نہ ہو ؛ بیرونی (طالب علم جو کالج کے اندر نہ رہتا ہو) ؛ غیر مقیم (طالب علم)۔

Out-country : (n) غیر ملک ؛ بیرونی ملک ؛ بیرونی علاقہ۔

Out-country : (a) غیر ملکی ؛ بیرونی ؛ خارجی۔

Out-door / outdoor : (a) (۱) بیرونی ؛ خارجی ؛ باہر کا؛ جو دروازے سے باہر یا کھلی ہوا میں موجود ہو یا کیا جاتا ہو۔ (۲) زیر آسمان ؛ زیر سما ؛ کھلی ہوا کا۔ (۳) (مدد وغیرہ) جو کارخانے وغیرہ کے رہائشی مکانات سے دور یا باہر پہنچائی جائے ؛ بیرونی یا خارجی امداد (جیسے Relief ، Outdoor pension)۔ (۴) کارنش پمپنگ انجن کی خارجی یا نچلی ضرب پر اطلاق ہوتا ہے۔

Out-field / Outfield : (n) (۱) فارم کی دور افتادہ زمین ؛ بیرونی کھیت؛ افتادہ کھیت ؛ (جو عموماً غیر آباد چراگاہ کے لئے ہوتا ہے) ؛ پاہی زمین ؛ پاہی کی زمین۔ (۲) غیر معروف میدان خیال۔ (۳) (کرکٹ اور بیس بال) فیلڈ

Out-act : (v) کسی عمل یا کسی کام کی انجام دہی میں بڑھ جانا؛ آگے ہوجانا؛ غالب آنا؛ سبقت لے جانا؛ بازی لے جانا؛ شرف یا فضیلت رکھنا؛ مات دے دینا؛ توقع سے زیادہ کرنا؛ حد سے زیادہ کام کرنا۔

Out and about : نقل و حرکت کے قابل (بیماری کے بعد)۔

Out and away : بد رجہا؛ بہت؛ سب سے زائد یا بڑھ کر۔

Out and home : (۱) گھر اور باہر؛ کبھی گھر کبھی باہر۔ (۲) (بطور صفت) باری باری کبھی اپنی طرف، کبھی حریف کی طرف کھیلا ہوا۔

Out and in : (۱) اندر باہر؛ کبھی اندر، کبھی باہر۔ (۲) باہر بھی اندر بھی۔

Out and out/Out-and-out : (adv. phr.) مکمل طور پر؛ پوری طرح؛ سراسر؛ بالکل؛ سرتا سر؛ قطعی طور پر؛ پورا؛ انتہائی؛ بے حد۔

Out and out/Out-and-out : (a) مکمل؛ پورا؛ غیر مشروط؛ قطعی؛ بلا قید و شرط؛ بالکل؛ تمام؛ ثابت؛ سالم۔

Out-and-outre : (a) (روز مرہ یا عامیانہ) انتہا پسند؛ پکّا؛ اپنی قسم یا اپنی نوعیت کا پورا؛ مکمل؛ کامل (اپنے خیال وغیرہ میں)۔

Out-argue : (v) استدلال میں بڑھ جانا؛ ناطقہ بند کر دینا؛ استدلال میں سبقت لے جانا۔

Out-ask (v) (بول چال) (کسی جوڑے کی) شادی کا آخری اعلان کرنا (جو نکاح سے پہلے گرجے میں تین بار کیا جاتا ہے)۔

Out-babble : (v) (۱) شور یا آواز قلقل کے ساتھ (پانی کا) بہنا۔

کا وہ حصہ جو وکٹ سے دور ہو ؛ بیرونی فیلڈ ؛ آؤٹ فیلڈ ۔ (۲) (کرکٹ اور بیس بال) وہ کھلاڑی جو بیرونی فیلڈ یا آؤٹ فیلڈ میں کھڑا رہتا ہے ۔

Out-fielder : (n) کھلاڑی جو آؤٹ فیلڈ میں کھڑا رہتا ہے ۔

Out-fielding :(n) آؤٹ فیلڈنگ ؛ آؤٹ فیلڈ کا کام ۔

Out for / Out to do : تلاش میں ؛ مستعد ؛ آمادہ ۔

Out for the count : (مکابازی) ایک سے دس سیکنڈ گننے تک جو حریف کے مکے کا جواب نہ دے سکے ۔

Out- guard : (n) فوج کا بیرونی محافظ دستہ (جو تھوڑے فاصلے پر رہتا ہے) ؛ ہر اول دستہ ؛ (فوج کی) بیرونی چوکی ۔

Out-Herod : (v) ہیکڑی یا شیخی میں ہیرو سے بڑھ جانا ؛ نشہ میں بڑھ جانا ؛ کسی کی برائی کی زیادتی میں حد سے گذر جانا یا دوسرے پر سبقت لے جانا ۔

Out of : (prep. phr.) (۱) (حرکت یا سمت) اندر سے ؛ بیچ سے ؛ (کسی چیز یا جگہ) میں سے ؛ سے ۔ (۲) (مقام) باہر کی طرف ؛ باہر کی سمت ؛ باہر ۔ (۳) خالی ؛ محروم ؛ مفقود ؛ بغیر ؛ بلا ۔ (۴) سے لیا ہوا یا مستخرج ؛ سے نکالا ہوا یا نکلا ہوا (خصوصاً بچھڑا ، بچھڑی وغیرہ ، کہ وہ کس گھوڑی کا بچہ یا کس نسل کا ہے) ؛ سے مشتق ۔ (۵) اسماء کے ساتھ صفت کے معنوں میں آکر صفتی محاورے بناتا ہے ، مثلاً Out-of-bounds , Out-of-joint وغیرہ) ۔ (۶) (کسی مجموعے) میں سے ۔ (۷)(کسی حد سے) پرے ؛ باہر ؛ دور ؛ ماورا ۔ (۸) (کسی شخص یا چیز) سے ۔ (۹) بو جہ ؛ بہ سبب ۔ (۱۰) (شہر وغیرہ سے) ایک مقررہ فاصلے پر ۔ (۱۱) متجاوز ؛ منحرف (کسی ضابطے وغیرہ سے) ۔

Out-of -bounds : (adj. phr.) مقررہ حدود کے باہر ؛ کھیل کے میدان کے باہر ؛ خارج از حدود ۔

Out-of-centre : (n) بے مرکز ؛ خارج از مرکز ؛ مرکز سے باہر ۔

Out-of-date : (adj. phr.) جو اپنے مناسب وقت یا زمانے کے بعد بھی باقی ہو ؛ متروک ؛ غیر مروج ؛ غیر رائج ؛ قدیم ؛ فرسودہ ۔

Out-of-door/ -doors : (adj. phr.) (۱) جو گھر سے باہر ہو ؛گھر سے باہر ؛ زیر سماء ؛ کھلی فضا میں ؛ کھلی ہوا میں ؛ کھلی ہوا کا (کیا ہوا یا اُگایا ہوا) گھر کے باہر (استعمال کے لئے) ۔ (۲) (خصوصاً) پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر ؛ پارلیمانی ایوانوں کے باہر ۔ (۳) کارخانے سے باہر (لے جایا ہوا یا دیا ہوا)۔

Out-of-door/ -doors : (sb.phr.) گھر سے باہر کی دنیا؛ کھلی ہوا ؛ کھلی فضا ؛ فضائے آزاد ۔

Out-of-doubt : (a) بے شبہ ؛ یقیناً ۔

Out-of-fashion : (adj. phr.) غیر مروج ؛ غیر رائج ؛ متروک ؛ فرسودہ ؛ خلاف وضع ؛ جو فیشن میں نہیں رہا یا جس کا چلن اب نہیں رہا ؛ منسوخ ؛ کہنہ ۔

Out-office : (n) (قلعہ ، فارم ہاؤس وغیرہ کی) بیرونی عمارت یا ملحقہ مکان جس میں قلعے یا فارم ہاؤس کا دفتر ہوتا ہے ؛ ملحقہ مکان ؛ شاگرد پیشہ ۔

Out of it : (adj. phr.) (۱) زمرے سے باہر ۔(۲) اکیلا ؛ تنہا ؛اچاٹ ؛ افسردہ ۔(۳) حیران ؛ ششدر ۔(۴) غلط فہمی میں مبتلا ؛ غلطی پر؛ دھوکے میں ۔

Out-of-phase : (ad. phr.) (برقیات، انجینئرنگ) مختلف ہیئۃ ؛ مختلف فیزہ ۔

Out-of-stock : (adj. phr.) ندارد ؛ اسٹاک میں نہیں ۔

Out-of-the-way : (adj. phr.) (۱) شاہراہ عام سے الگ ؛ دور دست ؛ دور افتادہ ؛ خارج از دسترس ؛ آبادی سے دور ؛ الگ تھلگ ؛ کنارے ؛کنارہ کش ؛ گوشہ نشیں ؛ عزلت گزیں ؛ تنہا ۔ (۲) کبھی کبھی اتفاقیہ ملنے والا ؛ جس سے شاذ و نادر ہی سابقہ ہو ؛ شاذ ؛ دور از کار ؛ غیر معمولی ؛ خلاف معمول ؛ استثنائی ؛ نادر ؛ عجیب ؛ انوکھا ۔

Out-of-wedlock : (adj. phr.) بے نکاح کا ؛ حرامی ۔

Out-of-work : (adj. phr.) بے کار ؛ بے روزگار ۔

Out-parish : (n) کلیسائی حلقہ جو فصیل شہر سے باہر ہو (گرچہ وہ شہر میں ہی شامل ہو) ؛ بیرونی کلیسائی حلقہ ۔

Out-patient : (n) بیرونی مریض ؛ باہری مریض ؛ کسی ہسپتال میں علاج کرانے والا وہ مریض جو ہسپتال میں نہ رہتا ہو ؛ نیز توصیفاً (مثلاً . Out-patient -department) ۔

Out-pension : (n) کسی خیراتی ادارے کا وہ وظیفہ جس کے ساتھ اس ادارے میں مقیم رہنے کی شرط نہ ہو ؛ بیرونی وظیفہ ۔

Out-pension : (v) پنش دینا ؛ وظیفہ دینا ؛ وظیفے کے ساتھ عہدے سے سبکدوش کرنا ۔

Out-pensioner : (n) بیرونی وظیفہ خوار (جو کسی امدادی ادارے سے وظیفہ پاتا ہو مگر اس میں رہتا نہ ہو) ؛ غیر مقیم

وظیفہ خوار (کسی امدادی ادارے کا)۔

Out-quarter : (n) (فوج، عموماً جمع) کسی ریجمنٹ کے ہیڈ کوارٹر سے دور واقع کوئی کوارٹر یا قیام گاہ۔

Out-relief : (n) خارجی امداد: بیرونی امداد: کارخانے وغیرہ سے باہر دی ہوئی امداد: وہ امداد جوکسی امدادی یا خیراتی ادارے سے ایسے لوگوں کو دی جائے جن کا قیام اس میں نہیں ہے۔

Out-sentry : (n) (فوج کی) بیرونی چوکی کا سنتری۔

Out-set : (n) (۱) دور افتادہ بیہڑ یا چراگاہ کی زمین سے شروع ہونے والا احاطہ یا احاطہ بندی (اسکاتستان)۔ (۲) زیور: آرائش: تزئین: زیب و زینت: اسباب آرائش: آرائشی کام: نقش و نگار (اسکاتستان)۔ (۳) کوئی کام: کاروبار یا سفر وغیرہ شروع کرنے کا عمل یا شروع کرنا: ابتدا: آغاز: شروع۔ (۴) (معدنیات) کان میں کھدائی کے دوران نکلنے والے ملبے کو رکھنے والے گڈھے کے منہ پر بنا ہوا گول ابھار یا جگت تلکہ ملبہ اس میں جمع رہے۔

Out-settlement : (n) مرکز سے دور بسی ہوئی بستی: مفصل: تاجروں کی بستی، کارخانہ، کوٹھی جو کسی غیرملک میں ہو۔

Out-settler : (n) (۱) ضلع کے باہر یا ضلع کے بیرونی حصوں میں بسنے والا۔ (۲) تارک وطن: وطن سے باہر بود و باش اختیار کر لینے والا۔

Out-throw/ Outthrow : (n) خارج کرنے یا باہر نکالنے کا عمل: (پھان وغیرہ کا) اخراج: نکاسی: خارج شدہ چیز یا مقدار۔

Out-throw / Outthrow : (v) کسی نقطے یا حد سے آگے تک پھینکنا یا دھکیلنا: کسی شخص کی بہ نسبت زیادہ دور تک پھینکنا۔

Out-thrust : (n) زور سے باہر دھکیلنے یا دھکا دینے کا عمل: (عمارت وغیرہ کے حصے کا) باہر کی طرف دباؤ۔

Out-top / Outtop : (v) (دوسرے سے) زیادہ طویل سفر کرنا: (دوسرے سے) زیادہ تیز سفر کرنا: زیادہ تیزی سے چلنا یا قطع مسافت کرنا: (دوسرے سے) زیادہ قطع مسافت کرنا: زیادہ دور سفر کرنا۔

Out-trump : (v) (تاش) (دوسرے سے) بڑھ کر ترپ لگانا: رنگ کی بڑی پتّی چلنا: جل دے جانا: داؤ گھات میں بڑھ جانا۔

Out upon : (on) (بول چال) تف ہے! دھتکار ہے! لعنت ہے۔

Out-vote : (v) (دوسرے سے) زیادہ ووٹ لانا: کثرت رائے سے شکست دینا: مقابلتاً زیادہ ووٹ ڈالنا۔

Out-voter : (n) غیر مقامی رائے دہندہ (جسے پارلیمنٹ کے کسی حلقے میں ووٹ کا حق ہو مگر وہ اس حلقے میں رہتا نہ ہو البتہ وہاں اس کی جائداد ہو)۔

Out-wall : (n) (۱) کسی عمارت یا احاطے کی باہری دیوار: بیرونی دیوار۔ (۲) (مجازاً) لباس: ملبوس: جسم (جو روح کا لباس ہے)۔

Out-work : (n) (۱) قلعے کی بیرونی فصیل: بیرونی دھس بندی: دفاعی دیوار: خندق: روک: روکار۔ (۲) (out-work) باہر کا کام: دکان یا کارخانے سے باہر جا کر کیا گیا ہو یا کیا جائے: (کرکٹ) آؤٹ فیلڈنگ۔

Out-work : (v) (۱) انجام تک پہنچانا: مکمل کر دینا: پورا کر دینا (شعر)۔ (۲) کام میں (دوسرے سے) بڑھ جانا یا سبقت لے جانا: کام کرنے میں بڑھ جانا: (دوسرے سے) زیادہ کام کر لینا: تیز تر کام کرنا: زیادہ کار گذاری دکھانا۔

Out-worker : (n) باہر جا کر کام کرنے والا: باہر کا کام کرنے والا۔

Out-world /Outworld : (n) باہر کی دنیا: باہری یا بیرونی دنیا: عالم خارجی: خارجی دنیا۔

Outage : (n) (۱) کسی چیز (تیل، شراب وغیرہ) کی وہ مقدار جو دوران نقل و حمل یا ذخیرہ کرنے میں برباد ہو جاتی ہے: ضائعات۔ (۲) (بجلی کابلب، مشین وغیرہ کی) کارکردگی یا استعمال میں خلل: رک جانا: رکاوٹ۔ (۳) خلل یا رکاوٹ کا وقفہ: وہ مدت یا وقفہ جس میں بجلی کی سپلائی بند رہی ہو: زمان قطع برق۔ (۴) ڈرام، پیپا، کنستر بوتل وغیرہ میں بھری ہوئی چیز اور ڈھکن یا کاگ کے درمیان چھوڑی ہوئی جگہ۔

Outback : (adv.) (آسٹریلیا) دوردراز علاقوں میں: دور افتادہ: پیچھے: درعقب: دراعماق (نیز بطور صفت و بطور اسم)۔

Outbalance : (v) (۱) وزن میں زیادہ ہونا: پلّہ سبک کر دینا: وزن میں بڑھ جانا: زیادہ وزنی ہونا۔ (۲) ہمت میں بڑھ جانا: اہمیت یا قدر و قیمت میں زیادہ ہونا: زیادہ موثر یا وقع ہونا۔

Outbear : (v) (۱) ڈھونا: لے جانا: باربرداری کرنا: بوجھ ڈھونا۔ (۲) (جہاز رانی) معمول سے زیادہ وزن لے جانا: معمول سے زیادہ مال لاد کر لے جانا۔

(۱) بڑھ کر بول دینا؛ (دوسروں سے) بڑھ کر بولی بولنا؛ (دوسرے سے) زیادہ قیمت دینے کی پیش کش کرنا؛ اوروں سے زیادہ دینے کا وعدہ کرنا۔ (۲) (مجازاً) کسی صفت، بیان وغیرہ میں بڑھ جانا؛ ورلے جانا؛ (مبالغے میں دوسرے کے) کان کترنا؛ بڑھ جانا۔ Outbid : (v)

(۱) جل اٹھنا؛ بھڑک اٹھنا؛ جوش سے پھٹ پڑنا؛ جوش کے ساتھ پھٹنا؛ شعلہ فشاں ہونا؛ چمک اٹھنا؛ کوند جانا؛ منور ہونا؛ جلوہ فشاں ہونا؛ نور پاش ہونا۔ (۲)(مجازاً) چمک دمک میں بڑھ جانا؛ شعلگی میں زیادہ ہونا؛ زیادہ بھڑکنا؛ زیادہ منور ہونا؛ تجلّی یا تنویر میں بڑھ جانا۔ Outblaze : (v)

بہت زیادہ برماجانا؛ (شرم یا کسی اور جذبے سے) چہرے پر زیادہ سرخی دوڑ جانا؛ گلابی رنگ سے بڑھ کر رنگین ہوجانا۔ Outbaush : (v)

(۱) انتہائی تندی سے چلنا؛ طوفانی رفتار سے چلنا؛ بہت تیز گاڑی چلانا۔ (۲) تندی یا تیز رفتاری سے بڑھ جانا (ہوا، پانی وغیرہ کا) زیادہ تندی سے چلنا۔ Outbluster : (v)

(۱) کشتی یا جہاز کے باہر واقع؛ اطراف جہاز سے قریب تر۔ (۲) وسط جہاز سے باہر کی طرف۔ Outboard : (a)

(۱) اطراف جہاز کی سمت؛ مرکز جہاز کی طرف ہٹ کر۔ (۲) اطراف جہاز؛ کشتی یا جہاز کے باہر کی جانب؛ جہاز کے بیرونی کناروں یا اطراف جہاز کے قریب۔ Outboard : (adv.)

(۱) سرکشی یا گستاخی سے پیش آنا؛ سرکشی سے مقابلہ کرنا؛ خاطر میں نہ لانا۔ (۲) حد سے زیادہ ہمت دکھانا؛ بے باکی سے مقابلہ کرنا؛ بے جگری سے مقابلہ کرنا؛ جرأت یا جسارت میں بڑھ جانا۔ (۳) حسن، طرحداری، شان و شوکت والی آرائش یا خوش و ضعی میں بڑھ جانا۔ (۴) (کسی بھی صفت میں) حریف سے بڑھ جانا؛ سبقت لے جانا؛ شرف یا فضیلت رکھنا۔ Outbrave : (v)

(۱) سرکشی یا ڈھٹائی سے مقابلہ کرنا یا پیش آنا؛ بد تمیزی یا گستاخی سے پیش آنا؛ دیدہ دلیری دکھانا؛ بے غیرتی سے مقابلہ کرنا۔ (۲) بے شرمی یا بے غیرتی میں بڑھ جانا؛ بے حیائی یا دیدہ دلیری میں سبقت لے جانا۔ Outbrazen : (v)

(۱) وفور؛ جوش؛ ابال؛ اشتعال؛ (مرض، دشمن وغیرہ کا) پھوٹ پڑنا؛ (مرضیات) شیوع؛ ابل پڑنا۔ (۲) (ارضیات) (دھات یا چٹان وغیرہ کی پرت کا) سطح زمین پر ابھر آنا۔ (۳)بلوہ؛ شورش؛ بغاوت؛ سرکشی؛ بغاوت کی تحریک یا سازش۔ Outbreak : (n)

پھوٹ پڑنا؛ پھٹ پڑنا؛ ابل آنا؛ بھڑک اٹھنا (اب صرف شعر میں)۔ Outbreak : (v)

سانس چھوڑنا؛ سانس نکالنا؛ سانس کی طرح خارج کرنا؛ نکالنا (شعر) (نیز . Int)۔ Outbreathe : (v)

(عضویات) دم بر آری۔ Outbreathe : (n)

چھوڑی ہوئی سانس؛ نکلی ہوئی سانس؛ از نفس افتادہ (شعر)۔ Outbreathed : (a)

دوغلا؛ دونسلا؛ پیوندی؛ غیر متجانس جفتی سے پیداشدہ۔ Outbred : (a)

(۱) دوغلا ہونا یا کرنا؛ دونسلا بنانا۔ (۲) نسبتاً تیزی سے پھلنا یا بڑھنا؛ تیزی سے نسل بڑھانا؛ نسبتاً زیادہ جننا۔ (۳) دونسلی یا غیر متجانس افزائش نسل کے ذریعہ کسی غیر ضروری خصوصیت کو خارج کر دینا یا چھوڑ دینا۔ Outbreed : (v)

غیر متجانس چیزوں کا فطری میل؛ دو مختلف النوع جانداروں کی جفتی؛ (حیوانیات، نباتیات) بروں زواجیت۔ Outbreeding : (n)

مقدار یا جسامت میں بڑھ جانا؛ زیادہ لحیم شحیم ہو جانا۔ Outbulk : (v)

زور سے بول اٹھنا؛ چلا اٹھنا؛ پھوٹ پڑنا؛ ابل پڑنا؛ یکایک ظاہر ہونا؛ پھٹ نکلنا؛ پھٹ پڑنا۔ Outburst : (v)

(۱) (جذبات کا) طوفان؛ ہیجان؛ سیلاب؛ اشتعال؛ بھڑک اٹھنا۔ (۲) (کوہ آتش فشاں کا) پھٹنا؛ ابل پڑنا۔ (۳) (دھات کی پرت کا سطح زمین پر) ابھر آنا۔ Outburst : (n)

(۱) شخص مردود؛ نیچی قوم کا آدمی؛ اچھوت؛ ادنیٰ ذات یا ادنیٰ طبقے کا شخص؛ ذات باہر شخص؛ برادری سے خارج کیا ہوا شخص؛ بے کس؛ بے گھر در؛ آوارہ شخص؛ خانہ بدوش؛ بے یار و مددگار؛ آوارہ وطن؛ بے خانماں؛ (سیاسیات) دیس نکالا؛ ملک بدر؛ جلا وطن۔ (۲) فضلہ؛ فاضلات؛ چھانٹن؛ ردی یا بیکار چیز؛ باغ سے اکھاڑ کر پھینکا ہوا پودا۔ Outcast : (n)

(۱) ذات باہر؛ برادری سا خارج؛ اچھوت؛ نیچ؛ گھر سے نکالا ہوا؛ بے گھر؛ بے کس؛ بے یارو مددگار (شخص)۔ (۲) متروک؛ چھوڑی ہوئی؛ واگذاشتہ؛ چھانٹی ہوئی (چیز)۔ Outcast : (a)

(کسی شخص کو) ذات باہر کرنا؛برادری سے خارج کرنا؛ بائیکاٹ کر دینا؛ ذات سے نکال دینا؛ اچھوت قرار دینا؛ حقہ پانی بند کر دینا؛ بے کس و بے یار بنا دینا۔ Outcaste : (v)

Outcaste : (n) ذات باہر یا برادری سے خارج شخص ؛بے یار و مددگار شخص ؛بے ذات یا اچھوت شخص۔

Outcaste : (a) بے ذات ؛اچھوت ؛(سماجیات) برادری سے خارج ؛ ذات باہر۔

Outcasting : (n) ذات باہر کرنے کا عمل ؛ برادری سے خارج کر دینا ؛ اخراج ؛ بر طرفی ؛ بے ذات کرنے یا اچھوت قرار دینے کا عمل۔

Outclass : (v) (۱) (کھیل کود) (حریف کو)اس طرح مات دینا کہ اسے فی الواقع اس طبقے سے خارج کر دینا ؛ اکھاڑ پھینکنا؛ بری طرح مات دینا ؛ دوڑ یا مقابلے میں اس کو کہیں کا نہ چھوڑنا ؛ بہت پیچھے چھوڑ دینا ۔ (۲) بہتر قسم کا ہونا ؛ برتر ہونا۔

Outcome : (n) (۱) نتیجہ ؛ماحصل ؛ حاصل۔(۲) نکاس ؛ نکلنے کا راستہ ؛ مکان سے ملحق میدان یا صحن۔

Outcrop : (n) (۱) (ارضیات و کان کنی) دھات کی پرت کا سطح زمین پر ابھر آنا ؛ اس طرح ابھری ہوئی پرت ؛ سطحی چٹان ۔(۲) (مجازاً) باہر آنے یا نکلنے کا عمل ؛ ابھرنا؛ ظاہر ہونا ؛ ظہور۔

Outcrop : (v) (۱) (ارضیات و کان کنی) دھات کی پرت کا سطح زمین پر ابھر آنا یا ظاہر ہو جانا ؛ نظر آ جانا ۔(۲)(مجازاً) تفاتاً ظاہر ہونا ؛ ناگاہ ظہور میں آ نا ؛ ناگہاں نکل پڑنا ؛ اچانک نظر آجانا ؛ سطح پر آنا ؛ ظاہر ہونا ۔

Outcropper : (n) (کان کنی)جو سطح پر ابھری ہوئی پرت کو نکالتا یا کاٹتا ہے ۔

Outcry : (n) (۱) غل ؛ شور؛ غوغا ؛ شور و شغب ؛ ہنگامہ ؛ چیخ پکار؛ پر زور احتجاج ۔(۲) نیلام ؛ عوامی فروخت (سب سے زیادہ بولی دینے والے کے ہاتھ)۔

Outcry : (v) (دوسرے سے) زیادہ زور سے چلانا ؛ زیادہ بلند آواز میں بولنا ؛ زور سے بول کر دوسرے کی آواز کو پست کردینا ؛ زیادہ زور سے چیخنا یا نعرہ لگانا ۔

Outcurve : (n) انحناء یا خمیدگی بطرف خارج ؛ باہر کی طرف منحنی یا خمیدہ ہونا۔

Outdare : (v) (۱) زیادہ جرأت و دلیری دکھانا ؛ جرأت میں بڑھ جانا؛ خاطر میں نہ لانا ؛ حقیر سمجھنا ؛ عاجز کر دینا ؛ بے باکی سے مقابلہ کرنا ۔(۲) (دوسرے سے) زیادہ جرأت یا جسارت کا مظاہرہ کرنا ؛ زیادہ ہمت دکھانا ؛ فائق ہو جانا ؛ ڈٹ جانا۔

Outdazzle : (v) چمک دمک میں بڑھ جانا ؛(دوسرے کو) ماند کر دینا ؛ زیادہ منور ہونا ؛ زیادہ چمکنا ؛ زیادہ روشن ہونا ۔

Outdistance : (v) (دوڑ یا کسی بھی مقابلے میں) (دوسرے سے) بہت آگے بڑھ جانا ؛ بہت دور نکل جانا ؛ تیزی سے آگے نکل جانا ؛ (دوسرے کو) پیچھے چھوڑ دینا ۔

Outdo : (v) (۱) سبقت لے جا نا ؛ فائق ہونا ؛ بڑھ جانا ؛ بازی لے جانا ؛ شرف یا فضیلت رکھنا۔ (۲) مات دے دینا ؛ غالب آجانا ؛ عاجز کر دینا ؛ تھکا ڈالنا ۔

Outdoor aerial : (n) (ریڈیو) بیرونی ہوائیہ ۔

Outdoor patient : (n) (طب) بیرون در مریض ؛ باہری مریض ۔

Outdoor work : (n) (معاشیات) بیرون در کام ؛ باہری کام ۔

Outdoors : (adv.) زیر آسمان ؛ کھلی ہوا میں ؛ زیر سما ۔

Outdoors : (n) گھر سے باہر کی دنیا ؛ گھر کی چہاردیواری سے باہر کی دنیا ؛ کھلی فضا ۔

Outdraught : (n) باہر کی طرف ہوا کی رو یا بہاؤ ؛ لوٹتی ہوئی موج ؛ واپس ہوتی ہوئی موج کی رو یا حرکت ۔

Outdrink : (v) (۱) (کسی چیز کو) پی جانا ؛ سب کا سب پی جانا ۔ (۲) دوسروں سے زیادہ پینا ؛ بلا نوش کرنا ۔

Outdrive : (v) (۱) نسبتاً تیز چلانا ؛ (دوسرے سے) زیادہ تیز (گاڑی) چلانا ؛ تیز تر ہانکنا ۔(۲) (گولف) (دوسرے سے) زیادہ دور تک لے جانا (گیند کو ، مار کر) ۔

Outer : (a) [OE. 'Outerra, uttra. '] (۱) بیرونی ؛ خارجی ؛ باہر کا ؛ (دوسرے سے) زیادہ دور ؛ نسبتاً زیادہ فاصلے پر ؛ زیادہ فاصلے پر ؛ زیادہ دور کا ۔(۲) جسمانی ؛خارجی ؛ معروضی ؛ محسوس ۔

Outer : (n) (چاند ماری) نشانے کے (گرد کے) دائروں سے باہر کا حصہ ؛ نشانے کے دائروں کا بیرونی حصہ ؛ اس حصہ پر لگی گولی یا فائر ۔

Outer : (n) [f.'Out(v).] (مکا بازی) فیصلہ کن گھونسا ؛آخری ضرب (جو حریف کو شکست دیتی ہے) ؛ آخری گھونسا۔

Outer man : (n) جسم ؛ (مزاجاً) ظاہری وضع قطع ؛ لباس ۔

Outer terminous : (n) بیرونی منتہا ۔

Outer woman : (n) دیکھو Outer man

Outer world : (n) عالم خارجی : عالم طبیعی : عالم محسوس : (نیز) اپنے قریبی حلقے سے باہر کے عام لوگ : عوام الناس ۔

Outermost : (n) مرکز سے دور ترین : جو مرکز سے انتہائی دور ہو : جو سب سے زیادہ دور ہو : بالکل باہر کا : جو سب سے زیادہ باہر کی طرف ہو ۔

Outermost : (adv.) سب سے زیادہ دوری پر : دور ترین مقام : مرکز سے دور ترین مقام پر : مرکز سے انتہائی دوری پر ۔

Outface : (v) (۱) گھڑک کر بد حواس کر دینا : اس طرح گھڑکنا کہ دوسرے کے چہرے کا رنگ فق ہو جائے ۔ (۲) بے باکی سے مقابلہ کرنا : ڈٹ کر سامنے آنا ۔

Outfall : (n) نکاس : بدر ریز : (ندی ، نالے ، پرنالے ،وغیرہ کا) نکاس، موکھایا دہانہ (جہاں وہ سمندر ، جھیل وغیرہ میں گرتے ہیں) : (ارضیات) نکاس نالہ ۔

Outfield and infield system : (n) نظام کاشت کاری اس میں گھر کے پاس ہی زمین کو جوتا اور کھاد دیا جاتا ہے : دیہی پاہی نظام (جس میں دیہی زمین کو پابندی سے اور باقاعدہ طور پر آباد کیا جاتا ہے اور پاہی زمین کو چراگاہ کے لئے چھوڑ دیا جاتا ہے یا کبھی کبھار آباد کیا جاتا ہے ۔

Outfight : (v) (دوسرے سے) بہتر لڑنا : نسبتاً بہتر لڑنا : لڑائی میں فائق رہنا : نسبتاً بہتر مقابلہ کرنا : مقابلے میں فائق رہنا : بہتر مبارزت کرنا : بہتر مکابازی کرنا: مار بھگانا (میدان سے) ۔

Outfighting : (n) (۱) (دوسرے سے) زیادہ دیر تک لڑتے رہنا ۔ (۲) وہ مکا بازی جو ہاتھ بھر کے فاصلے سے ہو : دور کی مکابازی ۔

Outfit : (n) (۱) ضروری اشیاء یا لوازمات سے آراستہ کرنے کا عمل : لوازمات سے آراستہ کرنے کے اخراجات ۔ (۲) کسی سفر یا مہم جوئی کے لئے ضروری سازو سامان یا لوازمات: سامان سفر : لوازم سفر : توش : سازوبرگ : تجہیزات : لوازم : اسباب : کسی بھی مقصد کے لئے لوازمات کا کوئی سیٹ : لوازم کار : اسباب کار ۔ (۳) دستۂ مسافرین : مسافروں کا دستہ : کوئی شخص جو سامان سفر کے ساتھ ہو (امریکا) : (نیز بول چال) ٹکڑی : جتھا : گروہ ۔ (۴) (مجازاً) (ذہنی یا مادی) لوازمات : ساز و سامان : اثاثہ ۔

Outfit : (v) ضروری لوازمات سے آراستہ کرنا یا ہونا : ضروری اشیاء مہیا کرنا : ضروری سازو سامان سے لیس کر دینا یا ہو جانا ۔

Outfitter : (n) (کسی چیز کا) سازوسامان بیچنے والا :سامان سفر بیچنے والا : لوازمات سفر یا کھیل کود کی چیزوں کا دکان دار ۔

Outflame : (v) (۱) زیادہ تابا ں و درخشاں ہونا :درخشانی و تابانی میں فائق ہونا : آب و تاب یا روشنی میں زیادہ ہونا : زود مشتعل ہونا : زیادہ مشتعل ہونا ۔ (۲) جل اٹھنا : روشن ہو جا نا : مشتعل ہو جانا : بھڑک اٹھنا : شعلہ فشاں ہونا : منور ہونا : نور پاش ہونا (شعر) ۔

Outflank : (v) (۱) (فوج) (میدے یا مسیرے کا میدان میں) حریف کے میدے یا مسیرے سے آگے تک پھیل جانا: فوج مخالف کے میدے یا مسیرے سے آگے تک پھیل جانا ۔ (۲) (مجازاً) پھانسنا : پھندے میں لانا : دام میں لانا : محاصرہ کر لینا : محاصرے میں لے لینا : گھیر لینا ۔ (۳) (فوج کے میدے یا مسیرے سے) آگے تک پھیلا ہونا ۔

Outflow : (n) (۱) مخرج ۔ (۲) جریان : بہاؤ : بہہ نکلنا : اخراج : (مجازاً) باہر کر طرف کوئی بھی حرکت جو دیکھنے میں پانی کے بہاؤ کی سی ہو ۔ (۳) بہہ کر نکلی ہوئی مقدار ۔

Outflow of gold : (معاشیات) خروج طلا ۔

Outfly : (v) (۱) (شعر) اڑجانا : پرواز کر جانا : جھپٹ کر گذر جانا : تیزی سے گذر جانا ۔ (۲) اڑنے میں سبقت لے جانا : اڑ کر آگے نکل جانا ۔

Outfool : (v) (۱) بیوقوفی کی حد سے گذر جانا : بے وقوفی میں دوسرے سے بڑھ جانا : زیادہ بے وقوفی ظاہر کرنا ۔ (۲) بے وقوف بنانے میں سبقت رکھنا : بے وقوف بنا کر غالب آنا : دوسرے کو بیوقوف بنا دینا : بے وقوف بنانے میں دوسرے پر غالب آ جانا ۔

Outfoot : (v) پیدل چل کر دوسرے سے آگے نکل جانا : رفتار میں بڑھ جانا : زیادہ تیز چلنا : رقص : دوڑ یا کشتی رانی میں سبقت لے جانا : دوڑ کر آگے نکل جانا : دوسروں کو پیچھے چھوڑ دینا ۔

Outgate : (n) (۱) باہر نکلنے یا باہر آنے کا عمل : خروج : ظہور : (کسی تنگ جگہ ، تنگ وادی یا گھاٹی سے) نکل کر میدان میں آنے کا عمل ۔ (۲) نکاس : بہاؤ : نکلنے کا راستہ : (مجازاً) راہ نجات : چھٹکارے کی صورت یا راہ ۔

Outgeneral : (v) سپہ داری یا سپہ سالاری میں سبقت لے جانا :دوسرے سے بہتر سپہ سالا ر ثابت ہونا : فوجی مہارت میں

دوسرے پر فائق ہونا : سپہ داری میں دوسرے کو مات دے دینا۔

Outgo : (v) (۱) زیادہ تیز چلنا : رفتار میں بڑھ جانا : آگے نکل جانا : (دوسرے کو) پیچھے چھوڑ دینا ۔ (۲) سبقت لے جانا : آگے بڑھ جانا (کسی نقطے ، حد ، بندش وغیرہ سے) فائق ہونا : فضیلت رکھنا۔

Outgo : (n) (۱) اخراجات :مصارف ۔ (۲) باہر نکلنے کا عمل یا طریق عمل : اخراج : نکاس : رحیل ۔ (۳) باہر نکلنے کا راستہ : بہاؤ : (مجازاً) راہ نجات۔

Outgoer : (n) نکلنے والا : باہر جانے والا : (خصوصاً) کسی جگہ : کسی دفتر یا لگان داری سے خارج ہونے والا : (کسی جگہ ، دفتر وغیرہ کو) چھوڑنے والا : جانے والا ۔

Outgoing : (n) نکلنے یا باہر جانے کا عمل : خروج : اخراج : نکاس : نکاسی ۔ (۲) (عموماً جمع) اخراجات : مصارف۔

Outgoing : (a) (۱) باہر جانے یا نکلنے والا : جاری : لینے والا : بہتا ہوا ۔ (۲) دفتر : عہدے یا قبضے سے باہر جانے والا : متصرف : راحل۔

Outgrow : (v) (۱) زیادہ تیزی سے بڑھنا ۔ (۲) قدس میں بڑھ جانا : زیادہ لمبا ہو جانا ۔ (۳) اتنا بڑھ جانا کہ کپڑے چھوٹے ہو جائیں ۔ (۳) بالیدگی یا نشو و نما کے عمل میں پیچھے چھوڑ دینا : آگے بڑھ جانا ۔ (۵) (بچے کا) بڑا ہو کر چھوڑ دینا (عادت ، شوق) : بڑا ہو جانے کے بعد پیچھا چھو ٹنا (بیماری سے) ۔

Outgrowth : (n) (۱) اگنے یا اپجنے کا عمل : وہ چیز جو کسی چیز سے اُگے : شاخ : شہنی : جسم حیوانی یا نباتی پر کسی غیر طبعی شے کا پیدا ہو جانا : (نباتیات) بر بالیدگی : (مرضیات) زائدہ : بدگوشت : پھوڑا : بر آمدگی ۔ (۲) (مجازاً) فطری پیداوار : نتیجہ : ماحصل : پیداوار۔

Outhaul : (n) (جہاز رانی) رسّہ جس کے ذریعہ بادبان کھینچ کر جہاز کا رخ بدلتے ہیں۔

Outhauler : (n) بادبان کے رسّے کو کھینچ کر جہاز کا رخ بدلنے والا : کسی چیز کو باہر کی طرف کھینچنے والا رسّہ ۔

Outhector : (n) (دوسرے کو) بیکڑی یا شیخی میں مات کرنا : قابوچی پن میں بڑھ جانا۔

Outher : (adv.) (بول چال) Either کا قدیم مترادف ۔

Outhouse : (n) ملحقہ مکان : مکان یا عمارت جو رہائشی مکان سے ملحق ہو : مثلاً اصطبل وغیرہ۔

Outing : (n) ہوا خوری : سیر سپاٹا : تفریحی سفر : سیر : چھوٹا سا تفریحی سفر۔

Outjockey : (n) چالاکی یا دغا بازی سے غالب آنا : چرکا دینا : دھوکا دینا۔

Outkeeper : (n) مساحتی کمپاس کے ساتھ استعمال کیا جانے والا آلہ جو نشانات کو قطار میں رکھنے کے لئے ہوتا ہے ۔

Outland : (n) بیرونی خطہ : غیر ملکی خطہ : غیر ملکی سر زمین : علاقۂ غیر (قدیم شاعری) ۔

Outland : (a) (۱) دوسرے ملک کا : غیر ملکی : بیرونی : غیر ملک سے متعلق (شعر) (۲) (اسکاتستان) دورہ افتادہ : مرکز سے دور : دور دراز۔

Outlander : (n) (۱) بدیسی یا غیر ملکی شخص : غیر ملک کا شہری : غیر : بیگانہ : اجنبی (شعر یا ادبی احیاء) ۔ (۲) جنوبی افریقی سیاست میں ڈچ کا غیر ملکی شخص (اس کا اطلاق ۱۹۰۲ ۔ ۱۸۹۹ ء کی جنگ سے پہلے ان غیر ملکیوں پر ہوتا تھا جو جنوبی افریقی جمہوریہ میں بس گئے تھے یا عارضی طور پر مقیم تھے)۔

Outlandish : (a) [OE. 'Utlensdis', 'utland.'] (۱) غیر ملکی : غیر : بیگانہ :اجنبی : غیر مقامی ۔ (۲) غیر ملک کا : غیر زبان کاسا: غیر ملکی وضع کا : غیر مانوس : اجنبی : انوکھا: غریب : عجیب الہیئت : بے ہنگم : بے ڈول : بے تکا۔ (۳) دور : بعید : بعد : الگ : شاہراہ سے الگ : راہ سے الگ : دور دست : دور افتادہ : تہذیب سے بہت دور : گنوارو : گنوار : تہذیب سے بیگانہ (اب صرف حقارتاً)۔

Outlandishly : (adv.) غیر ملکی انداز میں : غیر مانوس طور پر : عجیب و غریب انداز میں : بے ہنگم طور پر : انوکھے انداز میں : گنوارو انداز میں۔

Outlandisness : (n) غیریت : بے گانگی : نا مانوسیت :انوکھاپن : بو العجبی : بے ڈھنگا پن : گنوارپن : اجنبیت : بے تکاپن ۔

Outlast : (v) نسبتاً زیادہ دیر تک باقی رہنا یا قائم رہنا (دوسری چیز کا مقررہ مدت سے) زیادہ چلنا یا کام دینا : زیادہ مدت تک کام دینا : بہت دن تک باقی رہنا یا وجود میں قائم رکھنا۔

Outlaugh : (v) ہنسنے میں سبقت لے جانا : زیادہ ہنسنا : بے تحاشا ہنسنا : (دوسرے سے) زیادہ ہنسنا: (دوسرے کو) ہنسنے میں مات دینا۔

Outlaw : (n) [late OE. 'Utlage.'] (۱) قانون کے فوائد یا حمایت سے محروم کیا ہوا شخص یا چیز ؛ قانون کی حفاظت سے محروم کیا ہوا شخص یا چیز ؛ قانونی حفاظت سے خارج کیا ہوا شخص ؛ قانون سے باہر شخص یا چیز ۔ (۲) جلا وطن ؛ خارج البلد ؛ راندۂ قانون؛ (سیاسیات) مفرور ؛ اشتہاری مجرم قانون سے بھاگا ہوا شخص ۔ (۳) وحشی اور بغیر سدھا یا ہوا جانور (خصوصاً گھوڑا) ؛ غیر ترتیب یافتہ جانور ۔

Outlaw : (v) (۱) قانون کی حمایت یا حفاظت سے محروم کرنا ؛ راندہ قانون قرار دینا ؛ جلا وطن کرنا ۔ (۲) ناجائز بنا دینا ؛ غیر قانونی بنا دینا ۔ ناجائز قرار دینا ۔ (۳) قانون کی گرفت یا قانونی دائرہ اختیار سے باہر کر دینا ۔

Outlaw : (a) ممنوع ؛ ناجائز ؛ غیر قانونی ؛ خلاف قانون ؛ تنظیم یا جماعت کے ضوابط کے خلاف ۔

Outlawry : (n) [AFr. 'Ultageric.'] (۱) کسی شخص کو قانون کی حفاظت سے محروم کرنے کا عمل یا وہ قانونی کاروائی جس کے ذریعہ کسی کو قانون کی حمایت و حفاظت سے محروم کیا جاتا ہو یا کیا گیا ہو ؛ راندۂ قانون ہونے کی حالت ؛ قانون کی حمایت سے محرومی ؛ اخراج از حمایت قانون ۔ (۲) قانون کی نافرمانی یا عدم احترام ؛ عدول حکمی ؛ سرکشی ؛ لاقانونیت ؛ قانونی بندشوں سے آزادی ۔

Outlay : (n) صرف ؛ خرچ (جمع اخراجات) ؛ (معاشیات) مصارف ۔

Outlay : (v) (۱) (شعر) باہر رکھنا ؛ نمایاں کرنا ؛ دکھانا ؛ نمائش میں رکھنا ۔ (۲) (رقم) خرچ کرنا؛ صرف کرنا ۔

Outleap : (n) زیادہ پھلانگ جانے کا عمل ؛ زیادہ جست لگانے کا عمل ؛ فرار ؛ جھپٹ ؛ اڑان ؛ یورش ؛ دھاوا ؛ طوفان ؛ ابال ؛ اچھال ؛ ہیجان ؛ دھماکہ ؛ پھٹ پڑنا ۔

Outlet : (n) (۱) نکاس ؛ موکھا ؛ نکلنے کا راستہ ۔ (۲) بازار (مال نکاسی کے لئے) ۔ (۳) وہ جگہ جہاں کوئی چیز باہر رکھی جاتی ہو ؛ خصوصاً چراگاہ جس میں مویشیوں کو باہر چھوڑ دیا جاتا ہے ۔ (۴) گھر سے ملحقہ میلان ؛ صحن ؛ انگنائی ۔ (۵) (ادبی و مجازی) جریان ؛ اخراج ؛ بہہ نکلنا ؛ بہاؤ ؛ بہہ کر نکلنا ۔ (۶) توصیفاً (مثلاً Outlet-pipe وغیرہ) ۔

Outlet-tube : (n) (انجینیئرنگ) نکاس نلی ۔

Outlie : (v) (کسی چیز کا ، کسی چیز کے) پیچھے یا پرے ہونا ؛ ورے ہونا ؛ باہر کی طرف ذرا بٹ کر ہونا ؛ منفصل ہونا ۔

Outlier : (n) (۱) کھلی ہوا میں زیر آسمان سونے والا یا رہنے والا ؛ دفتر یا کارگاہ سے باہر رہنے والا ۔ (۲) بیرونی ؛ اجنبی ؛ بیگانہ ؛ بیگانہ شخص ۔ (۳) کھلی ہوا میں رہنے والا ہرن وغیرہ ۔ (۴) صخرہ ؛ گھاس پلی چٹان جو اپنے مقام کے ارضیاتی طبقے سے تعلق رکھتی ہو ؛ (ارضیات) چٹان وغیرہ کا وہ حصہ جو اس سے علاحدہ ہو ؛ منفصل حصہ ؛ وہ حصہ جو کٹاؤ کے باعث بڑے حصے سے دور جا پڑا ہو ۔ (۵) کسی چیز کا حصہ جو اس سے الگ ہو گیا ہو یا کسی تنظیم وغیرہ کا رکن جو علاحدہ ہو چکا ہو ۔

Outline : (n) (۱) خاکہ ؛ گِردہ ؛ بیرونی خطوط ؛ خط محیط ؛ محیط ۔ (۲) مجمل نقشہ ؛ ہلکا خاکہ ۔ (۳) مجمل مسودہ ؛ مجمل بیان ؛ موٹی موٹی باتیں؛ خلاصہ ؛ غیر مفصل بیان ۔ (۴) (جمع) اہم خصوصیات؛ عام اصول ؛ کل اصول ۔ (۵) توصیفاً مثلاً Outline stitch ۔

In outline : صرف خاکے میں پیش کیا ہوا ۔

Outline : (v) (۱) خاکہ بنانا ؛ مجمل طور پر بیان کرنا ؛ خاکہ کھینچنا ؛ مجمل نقشہ بنانا ۔ (۲) (آرائش وغیرہ میں) بیرونی حدود قائم کرنا ۔ (۳) خلاصہ بیان کرنا ؛ اہم خصوصیات کی نشاندہی کرنا ۔

Outlinear : (a) خاکہ نما ؛ خاکے کے جیسا ؛ مجمل ؛ اجمالی ؛ غیر مفصل ۔

Outlive : (v) (۱) زیادہ دنوں تک جینا ؛ (کسی سے) زیادہ زندہ رہنا ؛ زیادہ دنوں تک رہنا ؛ زیادہ کام دینا ؛ معمول سے زیادہ مدت تک قائم رہنا ۔ (۲) (معمولی عمر یا مقررہ مدت سے) زیادہ جینا ۔ (۳) (کسی مخصوص حالت یا حادثے وغیرہ سے) صحیح سلامت نکل آنا ۔ (۴) (بعد کی زندگی میں) غالب آجانا ؛ نجات پا جانا (بد نامی وغیرہ سے) ۔ (۵) آگے نکل جانا ؛ زیادہ لمبا یا بڑا ہو جانا ۔

Outlook : (n) (۱) دیکھ بھال ؛ محتاط اور چوکس نگہبانی ؛ چوکس نگرانی (ادبی و مجازی) ۔ (۲) منظر ؛ نظارہ ؛ جائے نظارہ ؛ وہ جگہ جہاں سے باہر دیکھا جائے یا دیدبانی کی جائے ۔ (۳) آثار ؛ رنگ ڈھنگ ؛ متوقع حالات ۔ (۴) نظریہ ؛ نقطۂ نظر نیز توصیفاً (مثلاً Outlook post) ۔

Ones outlook on life : کسی شخص کا تصور زندگی ؛ نظریۂ زندگی ۔

Outlook : (v) گھور کر یا ٹکٹکی باندھ کر دیکھنے میں (دوسرے کو) مات دے دینا ؛ پلک جھپکائے بغیر زیادہ دیر تک تکنا ۔

Outlying : (a) (۱) مقررہ حدود کے باہر واقع ؛ معینہ حدود کے باہر پڑا ہوا ؛ (مجازاً) بیرونی ؛ خارجی ؛ غیر متعلق ؛ خارج

الاصل۔ (۲) (جانور) جو پارک سے باہر اپنے باڑے یا
ماند (لیٹنے یا آرام کرنے کی جگہ) بناتے ہیں۔ (۳) دور
دراز؛ دور افتادہ ؛ مرکز سے دور؛ الگ تھلگ؛ علاحدہ؛
راستے سے الگ؛ آبادی کے مراکز سے دور رہنے والا؛
شہر سے دور رہنے والا؛ آبادی سے الگ رہنے والا۔

Outmanoeuvre / -ver : (v) داؤ گھات میں سبقت لے جانا؛ فوجی
حرفت یا حکمت عملی میں (دوسرے سے) بڑھ جانا؛ حکمت
عملی سے مات دے دینا؛ بہترفن حرب یا فوجی حکمت عملی
کے ذریعہ غالب آنا۔

Outmarch : (v) تیز تر یا دور تر چلنا یا کوچ کرنا؛ چلنے میں فائق رہنا؛
اس طرح چلنا کہ (دوسرے کو) پیچھے چھوڑ دینا۔

Outmatch : (n) وہ میچ جو اپنی فیلڈ سے باہر ہو۔

Outmatch : (v) بڑھ جانا؛ سبقت لے جانا؛ فائق ہو جانا۔

Outmoded : (a) متروک؛ خلاف وضع؛ فیشن سے باہر؛ غیر رائج؛
غیر مروج؛ خلاف فیشن۔

Outmost : (a) [var. of 'Utmest.'] بہت دور؛ بعید ترین۔

Outmove : (v) غالب آنا؛ چال میں بڑھ جانا؛ (شطرنج وغیرہ میں)
کوئی ایسی چال چلنا جس سے حریف کو شکست ہو جائے۔

Outness : (n) بیرونیت؛ خارجیت؛ ظاہریت؛ معروفیت؛ سطحیت۔

Outnumber : (v) تعداد میں بڑھ جانا؛ شمار میں زیادہ ہونا؛ گنتی میں
زیادہ ہونا؛ حساب میں زیادہ ہونا۔

Outpace : (v) رفتار میں بڑھ جانا؛ زیادہ تیز چلنا۔

Outpage : (n) (دائیں طرف سے) پہلا صفحہ؛ باہر کا صفحہ؛ اوپری
صفحہ؛ صفحۂ اول؛ (بائیں طرف سے لکھی جانے والی
زبانوں کی کتاب کا) آخری صفحہ؛ پچھلا صفحہ۔

Outpass : (v) (۱) (حدود کو) پار کر جانا؛ حد سے گزر جانا؛ (کسی
حد کے) اس پار ہو جانا؛ حد سے باہر نکل جانا یا ہو جانا۔
(۲) (مجازاً) (کسی صفت میں) بڑھ جانا؛ فائق ہو جانا؛
شرف یا فضیلت رکھنا۔

Outpoint : (v) (۱) ہلکی بادبانی کشتیوں کی دوڑ) ہوا کے رخ پر کھینے
(دوسری کشتیوں سے) بڑھ جانا۔ (۲) نمبروں یا
پوائنٹس کی بنا پر ہرا دینا؛ پوائنٹس سے ہرا دینا
(مکابازی وغیرہ میں)۔

Outport : (n) (۱) باہری بندرگاہ؛ خارجی بندرگاہ (جو کسی شہر
یا قصبے سے باہر واقع ہو)۔ (انگلستان میں لندن کی
بندرگاہ کو چھوڑ کر بقیہ تمام بندرگاہوں کے لئے
مستعمل ہے)۔ (۲) برآمدی بندرگاہ؛ بندرگاہ جہاں
سے مال برآمد کئے جاتے ہوں۔

Outpost : (n) (فوج کی) بیرونی چوکی؛ بیرونی حفاظتی چوکی؛
فوج پڑاؤ سے باہر تھوڑے فاصلے پر مقررہ چوکی
جو اچانک بیرونی حملے سے حفاظت کے لئے ہوتی ہے۔
(نیز مجازی و توصیفی معنوں میں)۔

Outpour : (n) انڈیلنے، بہانے یا بکثرت خارج کرنے کا عمل؛ دھار باندھ
کر بہانا؛ اس طرح بہانے یا بہنے والا؛ کثیر اخراج یا
بہاؤ؛ کثرت؛ فراوانی؛ طغیانی؛ بھرپور روانی۔

Outpour : (v) انڈیلنا؛ کثرت سے بہنا؛ بکثرت خارج کرنا؛ دھار باندھ
کر نکلنا یا بہنا؛ موجوں کی طرح خارج کرنا؛ بھرپور
روانی کے ساتھ آنا یا نکلنا (خاص کر شعر میں)؛
موجوں کی روانی کے ساتھ خارج ہونا یا نکلنا۔

Outpouring : (n) بھرپور طور پر یا طغیانی کے ساتھ خارج ہونے کا
عمل؛ (تقریر یا تحریر میں) (خصوصاً جمع) جذبات
کا پرجوش اظہار؛ درد دل کا اظہار؛ بھرپور اور
پُرزور اظہار جذبات۔

Output : (n) (۱) نکالنے یا خارج کرنے کا عمل؛ نکلی ہوئی چیز؛
حاصل؛ ماحصل؛ پیداوار؛ برآمد؛ پیداوار کی مقدار
یا تعداد کے اعتبار سے کسی کارخانے کی پیداوار یا
کارکردگی؛ کام کی مقدار؛ (معاشیات) نکاسی۔
(۲) (عضویات) فضلات؛ بیکار اجزاء جنہیں
پھیپھڑوں، مثانوں اور جلد کے ذریعہ جسم سے خارج
کر دیا جاتا ہے (بخلاف Income یعنی وہ اجزاء
جو جزو بدن ہو جاتے ہیں)۔ (۳) (برقیات) کسی آلے
یا سرکٹ سے خارج شدہ قوت؛ کرنٹ یا وولٹیج۔
(۴) وہ مرکز یا مقام جہاں سے توانائی، اطلاعات
وغیرہ لی جاتی ہیں یا اپنے نظام سے جدا ہوتی ہیں۔

Output valve : (n) (ریڈیو) برآمد والو؛ پاور والو۔

Outputter : (n) صنعتی مال تیار کرنے والا؛ صنعتی پیداوار کرنے والا؛
پیدا کار؛ پیدا کنندہ؛ پروڈیوسر۔

Outrage : (n) [Fr. f. OFr. outrer .] (۱) ہتک؛ تہتک؛ ناجائز دست
اندازی؛ (قانون) بے حرمتی؛ (حقوق کی) پامالی۔
(۲) (قانون) دست درازی؛ ظلم؛ تظلم؛ تشدد؛ اندھیر؛
شرمناک حرکت؛ بیہودہ حرکت۔ (۳) کسی کے اصولوں
یا احساسات کو مجروح کرنا۔

Agrarian outrage : دیکھو Agrarian

Outrage : (v) (۱) ظلم کرنا؛ ہتک کرنا؛ بے حرمتی کرنا؛ دست درازی کرنا؛ بے عصمت کرنا؛ ناجائز دست اندازی کرنا۔ (۲) (کھلم کھلا) خلاف ورزی کرنا؛ توڑنا؛ پیروں تلے روندنا؛ اعلانیہ خلاف ورزی یا انحراف کرنا؛ پامال کرنا (حقوق، قانون، اخلاق یا کسی اصول کو)۔

Outrage monger : (n) سیاسی غنڈہ؛ سیاسی مقاصد کے لئے ظلم، تشدد، ہتک، دست درازی یا خلاف ورزیاں کرنے والا۔

Outrageous : (a) (۱) شدید؛ سخت؛ حد سے زیادہ؛ غیر معمولی۔ (۲) تند؛ غضب ناک؛ قہر آلود؛ پُر قہر۔ (۳) وحشیانہ؛ ظالمانہ؛ شرمناک؛ بے شرمی کا۔ (۴) فحش؛ گندا۔

Outrageously : (adv.) (۱) بہ شدت؛ حد سے زیادہ۔ (۲) تندی؛ غضب ناک انداز سے۔ (۳) وحشیانہ؛ ظالمانہ؛ شرمناک طور پر۔

Outrageousness : (n) شدت؛ تندی؛ وحشیانہ پن؛ شرمناکی۔

Outrange : (v) (۱) (بندوق کی مار یا زد) (دوسری بندوق سے) زیادہ ہونا؛ نسبتاً زیادہ دور تک مار کرنا (بندوق، توپ وغیرہ کا)؛ نسبتاً زیادہ لمبا رینج ہونا۔ (۲) بہ لحاظ زمانہ آگے بڑھ جانا؛ (دوسرے کو) پیچھے چھوڑ دینا؛ زیادہ دنوں تک باقی رہنا۔

Outre : (a) [Fr. pa. ppl. of 'Outrer. '] غیر معمولی؛ غیر صحیح؛ نامناسب؛ خارج المرکز؛ سنکی؛ نرالا؛ عجیب؛ انوکھا؛ بے راہ؛ ناشائستہ؛ خلاف تہذیب؛ حد سے گذرا ہوا؛ حدود سے باہر؛ حدود سے متجاوز۔

Outreness : (n) غیر معمولی پن؛ بے مرکزیت؛ سنکی پن؛ بو العجبی؛ انوکھاپن؛ حد سے گذرا ہوا یا حد سے متجاوز ہونے کی حالت۔

Outreach : (v) (۱) رسائی یا پہنچ میں (دوسرے سے) بڑھ جانا؛ تجاوز کرنا؛ سبقت لے جانا؛ آگے نکل جانا؛ حد سے گذر جانا؛ فائق ہونا۔ (۲) بڑھنا؛ پھیلنا؛ بڑھانا؛ پھیلانا؛ پھیلا ہوا ہونا؛ وسیع کرنا یا ہونا؛ پہنچنا یا پہنچانا (شعر)۔

Outrecuidance : (n) [(o) Fr.] غرور؛ تکبر؛ خودبینی؛ خود پسندی؛ نخوت؛ کبر نفس؛ تحکم؛ گھمنڈ؛ زعم؛ فخر۔

Outride : (v) (۱) (شعر) خطرے سے بچ کر یا صحیح سلامت نکل جانا؛ سلامت گذر جانا۔ (۲) (دوسرے سے) بہتر، تیز تر اور دور تر سواری کرنا؛ سواری میں (دوسرے سے) آگے نکل جانا؛ پیچھے چھوڑ دینا۔ (۳) (جہاز کا) (طوفان سے) صحیح سلامت نکل آنا؛ بچ کر نکل آنا۔

Outrider : (n) (۱) (بول چال) کسی تاجر کا سفری ایجنٹ۔ (۲) ہم رکاب ملازم؛ ہم رکاب خدمت گار (جو سواری پر آگے آگے یا ساتھ ساتھ چل رہا ہو)۔

Outrigged : (a) (کشتی) جس میں Outriggers لگے ہوں۔

Outrigger : (n) (۱) (جہازرانی) آگے کو نکلا ہوا شہتیر، بلی یا ٹھاٹھر وغیرہ جو جہاز کے اطراف میں مختلف مقاصد (مثلاً مستولوں کو سہارا دینے) کے لئے لگا دیتے ہیں؛ اس طرح بلی لگی ہوئی کشتی۔ (۲) عمارت میں اس قسم کا آگے نکلا ہوا شہتیر؛ (تعمیرات، میکانیات) کسی دیوار یا فریم کا آگے کو نکلا ہوا حصہ۔ (۳) وہ ڈنڈا جو گاڑی کے ہم سے آگے نکلا ہوا ہوتا ہے اور جس میں زائد گھوڑا جوتتے ہیں؛ اس طرح جتا ہوا گھوڑا۔ (۴) لوہے کا باہر کو نکلا ہوا کشتی کا ٹیکا جس پر Rowlock ٹکا رہتا ہے۔ (۵) بحر بند اور بحر الکاہل میں چلنے والی ڈونگیوں (چھوٹی کشتیوں) میں خاص ترکیب سے لگی ہوئی بلیاں جو باہر کی طرف نکلی ہوتی ہیں اور کشتی کو الٹنے سے بچاتی ہیں۔

Outright : (adv.) (۱) بالکل؛ تمام تر؛ سراسر؛ یک قلم؛ سب کا سب؛ طعی طور پر؛ بحیثیت مجموعی؛ مجموعی طور پر۔ (۲) بے لاگ طور پر؛ صاف صاف؛ واضح انداز میں صریحاً؛ کھلم کھلا؛ بالکل ظاہراً۔

To kill outright : مار ڈالنا (اس طرح کہ مقتول وہیں پر دم توڑ دے)۔

To purchase or sell outright : براہ راست اور فوری خرید و فروخت؛ ایسی خرید و فروخت جس میں شے معینہ فوراً ہی خریدار کی ملک ہو جاتی ہے۔

Outright : (a) (۱) سیدھی سمت کی طرف منعطف؛ سیدھی سمت کو جانے والا (شاذ)۔ (۲) راست؛ بلا واسطہ؛ سیدھا؛ صریح؛ پورا؛ قطعی؛ کامل؛ کھلا ہوا۔ (۳) مکمل؛ سب کا سب؛ تمام تر؛ یکسر؛ سالم؛ سموچا؛ بے کم و کاست۔

Outrightness : (n) صاف یا صریح ہونا؛ قطعیت؛ اکملیت؛ سالمیت۔

Outring : (v) (۱) (گھنٹی وغیرہ) بجنا۔ (۲) زیادہ تیز (گھنٹی) بجانا؛ زور دار جھنکار کے ساتھ بجانا؛ زور دار آواز میں (گھنٹی) بجانا (اس طرح کہ دوسری گھنٹی کی آواز ڈوب کر رہ جائے)۔

Outrival : (v) حریف کی حیثیت سے (دوسرے پر) فائق ہونا؛ اپنے حریف یا مقابل سے بڑھ جانا؛ سبقت لے جانا؛ شرف یا فضیلت رکھنا؛ کسی بھی مقابلے میں فائق ہونا یا مقابل

کو مات دے دینا۔

Outroll : (v) (۱) آگے کی طرف لڑھکنا : باہر کی طرف لڑھکنا : لڑھک کر باہر چلا جانا : گاڑی میں سوار ہو کر باہر جانا : (گاڑی کا) چلا جانا : باہر جانا۔ (۲) ادھڑ جانا : کھل جانا : الٹا چکر دینا یا چکر کھانا (جس سے لپٹی ہوئی چیز کھل جائے)۔

Outroot : (v) بیخ کنی کرنا : جڑ سے اکھاڑ پھینکنا : استیصال کرنا : نیست و نابود کرنا : مٹا دینا : قلع قمع کرنا۔

Outrun : (v) (۱) آگے کو نکلنا : دوڑ کر نکل جانا : برتن سے بہ جانا : ختم ہو جانا : دوڑ کر شل ہو جانا۔ (۲) دوڑ میں آگے نکل جانا : دور تر اور تیز تر دوڑنا : دوڑ میں سبقت لے جانا : (دوسروں کو) پیچھے چھوڑ دینا : نکل بھاگنا : بچ نکلنا (نیز مجازاً)۔ (۳) (مجازاً) کسی معینہ نقطے یا حد سے آگے بڑھ جانا : حد سے گذر جانا یا آگے نکل جانا : عمل میں آگے بڑھ جانا : عمل میں کسی نقطے یا حد سے گذر جانا۔

To outrun the constable : لمبے قدم بڑھانا : بہت تیز چلنا : انتہائی تیز چلنا : بہت دور چلے جانا : بہت آگے بڑھ جانا : حیثیت سے زیادہ رقم خرچ کر ڈالنا : مقروض ہو جانا۔

Outrunner : (n) (۱) دوڑ کر آگے نکل جانے والا : نکل بھاگنے والا : خصوصاً گھوڑا جو گاڑی کے بم سے باہر جتا ہوا ہو یا گاڑی کے بم سے آگے نکل جاتا ہو۔ (۲) (مجازاً) پیش رو : نقیب : چاؤش : پیش سوار۔ (۳) (گاڑی کے ساتھ) دوڑنے والا پیادہ۔ (۴) کتا جو برف گاڑی سے آگے رہنمائی کے لئے دوڑے : رہنما کتا۔

Outrush : (n) تیزی سے باہر نکلنا : تندی سے بہنا : تیز بہاؤ : تیز نکاسی۔

Outsail : (v) (کشتی وغیرہ) کھینے میں آگے نکل جانا : فائق ہونا : (دوسرے سے) تیز تر اور دور تر کھینا : (دوسری کشتی کو) پیچھے چھوڑ دینا : (مجازاً) دوڑتے ہوئے یا تیزی سے آگے نکل جانا : دوڑ کر گذر جانا : تیز روی سے گذر جانا : (دوسرے کو) پیچھے چھوڑ دینا : شائیں سے گذر جانا۔

Outscore : (v) حریف سے زیادہ پوائنٹ حاصل کرنا۔

Outscour : (n) دوڑ : دوڑنے یا دوڑ کر گذرنے کا عمل : نہر یا نالے کو صاف کرتے وقت پانی کی رفتار : تیز رفتاری : تیز روی : تندی : تیزی۔

Outsee : (v) (۱) بصارت یا بصیرت میں (دوسرے سے) بڑھ جانا یا بڑھ کر ہونا : تیزیٔ بصارت یا تیزیٔ بصیرت میں فائق ہونا۔ (۲) (کسی حد یا نقطے کے) آگے تک دیکھنا : اس پار تک دیکھنا : (صیغہ حد یا نقطے سے) زیادہ دور تک دیکھنا۔

Outsell : (v) (۱) نسبتاً زیادہ قیمت پر بیچنا : گراں فروخت کرنا : زیادہ دام لینا : (مجازاً) قیمت میں بڑھ جانا : بیش قیمت یا قیمتی ہو جانا : بیش بہا ہونا۔ (۲) نسبتاً زیادہ بکری کرنا : زیادہ مال بیچ ڈالنا : (دوسرے سے) زیادہ مال فروخت کر لینا۔

Outshine : (v) (۱) زیادہ چمکنا : آب و تاب میں بڑھ جانا : زیادہ روشن ہونا : زیادہ شاندار ہونا : زیادہ ممتاز ہونا : زیادہ با رونق ہونا۔ (۲) چمکنا : روشن ہونا : تاباں یا درخشاں ہونا : دور تک چمکنا : روشنی خارج کرنا۔

Outshoot : (v) (۱) زیادہ بہتر یا دور تر پھینکنا : زیادہ دور تک گولی مارنا۔ (۲) (نئی شاخ کا دوسری شاخوں سے) زیادہ لمبا ہو جانا یا آگے نکل جانا یا بڑھ جانا۔ (۳) (کسی حد یا نشان سے) آگے نکل جانا : آگے بڑھ جانا : زیادہ آگے پھینکنا یا گولی مارنا۔ (۴) تیزی سے آگے بڑھنا : زور سے آگے بڑھنا یا باہر آنا : یکایک آ جانا یا نکل جانا : پھوٹنا (کلی، شاخ وغیرہ کا)۔

Outshow : (v) دکھانا : نمایاں کرنا : نمائش میں رکھنا : نمائش کرنا : ظاہر کرنا : (شعر)۔

Outshrill : (v) زیادہ تیز آواز نکالنا : دوسرے کی آواز کو دبا دینا (اپنی آواز کی تیزی سے) : (آواز کا) تیزی میں بڑھ جانا : دوسری آواز کو دبا دینا۔

Outside : (n) (۱) بیرونی سطح : باہر کا حصہ : باہر : کسی چیز کا باہری حصہ یا حصے۔ (۲) ظاہر : ظاہری حالت : ظاہری صورت : ہیئت خارجی : ہیئت ظاہری : خارجی پہلو : ظاہری شکل و صورت (جو محض ظاہری یا خارجی ہو، بخلاف باطن یا اصلیت)۔ (۳) عالم خارجی : عالم طبعی۔ (۴) مرکز سے دور ترین حد : خارجی حد : بیرونی حد : باہری رخ : زیادہ سے زیادہ مقدار : درجہ یا تخمینہ (روزمرہ) (خصوصاً محاورے میں At the outside)۔ (۵) باہری رخ پر یا بیرونی سطح پر واقع چیز : وہ چیز جس سے بیرونی سطح کی تشکیل ہو : (خصوصاً جمع) کاغذ کے گٹھے کا اوپری ورق یا اوراق جو کم و بیش گندے اور شکن آلود ہو جاتے ہیں : وہ چیز جو بیرونی کنارے پر واقع ہو یا اس کی تشکیل کرے۔ (۶) گاڑی وغیرہ میں باہر بیٹھنے والا شخص (Outside passenger کا مخفف)۔

اس طرح مڑنا یا گھومنا کہ اندرونی رخ باہر آجائے اور بیرونی اندر ہو جائے نیز اس طرح موڑنا یا گھمانا کہ اندر کا حصہ باہر آ جائے: الٹا کرنا۔ — To turn outside in :

(۱) بیرونی رخ؛ سطح، کنارے یا سرحد پر واقع یا اس سے متعلق؛ خارجی؛ اوپری؛ باہری؛ بیرونی؛ باہر کا۔ (۲) کسی حلقے کے باہر کا؛ کسی مقام یا حلقے سے باہر رہنے والا؛ باہری؛ بیرونی؛ گھر یا کارخانے سے باہر کام کرنے والا (جو گھر یا کارخانے سے باہر جا کر کام کرتا ہے)۔ (۳) جو کسی زیر بحث ادارے، محکمے، کارخانے، مقام یا سماج میں شامل یا اس سے متعلق نہ ہو۔ (۴) جو انتہائی حد تک پہنچتا ہو؛ انتہائی؛ زیادہ سے زیادہ؛ سب سے زیادہ؛ سب سے بڑا؛ آخری؛ عظیم ترین؛ اعلیٰ ترین؛ بلند ترین؛ ارفع ترین؛ بعید ترین۔ — Outside : (a)

(۱) مقررہ حدود سے باہر؛ باہر کی جانب؛ باہر کے رخ پر؛ باہر کو؛ کھلی ہوا میں؛ کھلے سمندر میں (بندرگاہ سے دور)۔ (۲) زیر بحث جماعت یا فرقے سے باہر یا خارج (اس جماعت یا فرقے میں نہیں)۔ (۳) خارج (شہر سے) باہر (دائرے سے)؛ باہر (حد سے)؛ باہر؛ خارجی رخ پر؛ بیرونی رخ پر۔ (۴) دیکھو Outside of۔ — Outside : (adv.)

(عامیانہ) آجاؤ باہر! (لڑنے کا چیلنج)۔ — Come outside :

(۱) (عامیانہ) کھا جانا؛ نگل جانا؛ ہڑپ کر جانا؛ کھانا یا پینا۔ (۲) (امریکا) عبور یا دستگاہ حاصل کر لینا؛ سمجھ لینا؛ سمجھ جانا۔ — To get outside of :

Outside of کی مختصر صورت۔ — Outside : (prep.)

باہری دلال؛ بیرونی دلال؛ وہ دلال جو صرافے کا رکن نہ ہو۔ — Outside broker : (n)

ہلکی گاڑی جو آدرستان میں سیر و تفریح کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ — Outside car : (n)

برف جوتے (Skate) کی نوک پر چلنے کا مخصوص انداز۔ — Outside edge : (n)

برف جوتے (skate) کی نوک پر چلنے کا مخصوص انداز یا اس انداز سے چلنا یا اسکیٹنگ کرنا۔ — (To cut , do) the outside edge :

دیکھو Outside car — Outside jaunting car :

(۱) باہر کی طرف؛ باہر کے رخ پر؛ بیرونی — Outside of : (prep. phr.)

رخ یا کنارے پر؛ احاطے یا حدود سے باہر (اندر نہیں)؛ باہر کی جانب؛ (کسی چیز یا کسی موضوع یا میلان خیال و عمل کی) حدود سے پرے؛ حدود سے آگے؛ ماورائے حدود۔ (۲) (امریکی روزمرہ) کسی جماعت یا تعداد سے الگ یا اس کے علاوہ؛ متثنیٰ؛ استثنائی؛ کسی جماعت یا تعداد کے ماسوا؛ کو چھوڑ کر۔

(روزمرہ) گھوڑے پر سوار۔ — Outside of a horse :

بیرونی لوگوں کی رائے؛ پارلیمنٹ کے باہر والوں کی رائے۔ — Outside opinion : (n)

باہر کا قلی؛ گھر تک اسباب لے جانے والا قلی۔ — Outside porter : (n)

باہر کی سیٹ یا نشست جو کنارے کے قریب ہو۔ — Outside seat : (n)

باہر کا کام (جو گھر سے باہر جا کر کیا جائے)؛ وہ کام جو پورا کا پورا گھر کے اندر کیا گیا ہو مگر اسے باہری مزدور نے کیا ہو۔ — Outside work : (n)

وہ مزدور جو (گھر یا کارخانے سے) باہر جا کر کام کرتا ہے۔ — Outside worker : (n)

کنارہ کشی؛ بے تعلقی؛ علاحدگی؛ الگ تھلگ رہنے کی حالت یا صفت۔ — Outsideness : (n)

(۱) کسی حلقے وغیرہ کے باہر کا شخص؛ بیرونی شخص؛ باہری شخص۔ (۲) غیر ماہر؛ اناڑی۔ (۳) مہذب صحبت کے ناقابل؛ (آداب معاشرت میں) کورا۔ (۴) وہ گھوڑا جس کے دوڑ یا مقابلے میں جیتنے کی امید نہ ہو۔ (۵) سیر و تفریح کے لئے استعمال ہونے والی ہلکی گاڑی؛ سیر گاڑی؛ جو نٹنگ کار۔ (۶) (جمع) ایک طرح کا چمٹا یا سنسی جسے باہر سے قفل کے سوراخ میں گھسایا جا سکتا ہے۔ اور جس سے چابی کو پکڑ کر گھمایا جاتا ہے۔ — Outsider : (n)

بصارت؛ خارجی مشاہدہ؛ خارجی اشیاء کی دید؛ قوت مشاہدہ؛ صلاحیت مشاہدہ (صرف Insight کے تقابل میں استعمال ہوتا ہے)۔ — Outsight : (n)

(۱) بہت اچھا گانا؛ گانے میں بازی لے جانا؛ گانے میں اول آنا؛ گانے کے ذریعہ غالب آنا؛ گا کر مسحور کر دینا۔ (۲) گانا؛ نغمہ سرا ہونا؛ گا کر رخصت کرنا۔ — Outsing : (v)

(۱) وقت معینہ یا مدت معینہ سے زیادہ دیر تک بیٹھنا؛ معمول سے زیادہ دیر بیٹھنا۔ (۲) (دوسرے مہمانوں سے) زیادہ دیر بیٹھنا؛ نسبتاً زیادہ دیر بیٹھنا۔ — Outsit : (v)

Outsize : (n) عام قدر قامت یا معمولی سائز سے بڑا شخص یا چیز، خصوصاً سلے سلائے یا ریڈی میڈ کپڑے جو معیاری سائز سے بڑے ہوں :غیر معمولی سائز یا ناپ ۔

Outsize : (a) اوسط سائز سے بڑا : اصل سائز سے بڑا۔

Outskirt : (n) (۱) بیرونی حدود : اطراف : باہری کنارہ : باہری:بورڈر: بیرونی حاشیہ یا سرحد : (کسی علم وغیرہ کے) بیرونی مقدمات : بیرونی حاشیہ ۔ (۲) (توصیفی یا نیم صفتی معنوں میں) باہری کناروں پر واقع : باہری چھور پر واقع ۔

Outskirt : (v) (شعر) آس پاس یا کنارے کنارے چلنا : کنارے پر واقع ہونا : اطراف یا قریب واقع ہونا : ساحل یا دیوار کے کنارے کنارے چلنا۔

Outsleep : (v) (۱) (وقت معینہ سے) زیادہ دیر تک سونا : معمول سے زیادہ سونا ۔ (۲) نسبتاً زیادہ دیر سونا : دوسرے سے زیادہ سونا۔ (۳) (ایک خاصوقت یا مدت تک) سونا یا سو کر گزار نا : سو کر (ایک مدت) گذار دینا۔

Outsmart : (v) زیادہ تیز بننا یا ہونا : زیادہ چالاک بننا :عیاری میں بڑھ جانا : دھوکا دینا : چرکا دینا۔

Outsole : (n) جوتے کا باہری تلا (جو زمین کو چھوتا ہے) ۔

Outspan : (n) (گاڑی کے گھوڑے وغیرہ کو) کھولنے کا عمل :جوا اتارنے کا عمل : کھلنے یا جوا اتارنے کی جگہ : پڑاؤ : فرود گاہ : لشکر گاہ۔

Outspan : (v) [Du. Uitspannen.] بیلوں یا گھوڑوں کو گاڑی سے کھولنا : جوا اتارنا : پڑاؤ ڈالنا : ڈیرا ڈالنا۔

Outspeak : (v) (۱) بہت زیادہ بولنا : بولنے میں دوسرے سے بڑھ جانا: بولنے میں سبقت لے جانا ۔ (۲) (کسی بات یا راز کو) افشا کرنا : بول دینا : کہہ دینا : ظاہر کر دینا : اعلان کر دینا : فاش کر دینا : مشہور کر دینا : صاف صاف کہہ دینا ۔ (۳) بلند آواز میں گفتگو کرنا : زور سے بولنا : بے تکلف بول دینا۔

Outspend : (v) (۱) استعداد سے زیادہ خرچ کرنا : مقدور سے زیادہ خرچ کرنا : فضول خرچی کرنا : اصراف کرنا : خرچ میں (ذرائع کی) حدود کو پار کر جانا : مقروض ہو جانا۔ (۲) (دوسرے سے) زیادہ خرچ کرنا : بڑھ چڑھ کر خرچ کرنا : خرچ میں (دوسرے سے) بڑھ جانا ۔

Outspent : (a) خالی : بے مایہ : کھوکھلا: جس کے پاس کچھ نہ رہا ہو : پھوسا ہوا۔

Outspin : (v) (۱) کسی دھاگے یا تار کو اس کی پوری لمبائی تک کاتنا یا کھینچنا : (مجازاً) لمبی زندگی جینا : طویل زندگی جینا : طویل العمر ہونا ۔ (۲) کاتنے میں بڑھ جانا : دوسرے پر سبقت لے جانا : دوسرے سے زیادہ (بحث کو) طول دینا ۔

Outspoken : (a) (۱) (تقریر یا مقرر) صاف گو : بے باک : بے لاگ : واضح : بے تکلف : بے لاگ گفتگو کا عادی ۔ (۲) کہا ہوا یا کہی ہوئی : بولا ہوا : فرمایا ہوا : زبان سے نکلی ہوئی۔

Outspokenly : (adv.) بے باکانہ: بے لاگ طور پر : بیباکی سے : صاف گوئی سے ۔

Outspokenness : (n) صاف گوئی : بے باکی : بے لاگ پن ۔

Outspread : (n) (۱) توسیع : پھیلاؤ : پھیلانے کا عمل .(۲) وسعت : پھیلاؤ : کشادگی : وسیع رقبہ ۔

Outspread : (v) پھیلانا : وسیع کرنا : وسعت دینا : کشادہ کرنا : کشادگی لانا : بڑا کرنا : بڑھانا : کھولنا : شائع کرنا ۔

Outspread : (a) پھیلا ہوا : وسیع :کشادہ : دراز کیا ہوا : بڑھایا ہوا: کھلا ہوا : کھولا ہوا : بچھایا ہوا۔

Outspring : (v) (۱) (شعر) نکلنا : پھوٹنا : پیدا ہونا : وجود میں آنا : ظاہر ہونا :اچھل کر باہر آنا : اچانک نکل پڑنا ۔ (۲) (دوسرے سے) زیادہ اچھلنا : زیادہ دیر تک کودنا : آگے نکل جانا : آگے بڑھ جانا۔

Outstand : (v) (۱) (بول چال) مقابلے میں ڈٹ جانا : مقابلے میں ڈٹا رہنا : کامیابی سے مدافعت کرنا : کامیابی سے مقابلہ کرنا : ڈٹ کر مقابلہ کرنا : اڑ جانا ۔ (۲) زیادہ دیر تک رکا رہنا : (دوسرے سے) زیادہ دیر تک جما یا ڈٹا رہنا: (وقت معینہ سے) زیادہ ٹھہرنا (متروک) ۔ (۳) نمایاں طور پر کھڑا رہنا یا ڈٹا رہنا: ممتاز ہونا : نمایاں ہونا۔ (۴) (جہاز کا) ساحل سے دور ہونا : سمندر کی طرف جانا۔

Outstanding : (a) (۱) ممتاز :نمایاں : نکلتا ہوا یا نکلا ہوا : ظاہر : واضح : الگ : علاحدہ : منفصل ۔ (۲) (حساب) جو ابھی ادا نہ ہوا ہو : غیر ادا شدہ : ملتوی : آئندہ غور کرنے یا چکانے کے لئے چھوڑا ہوا : غیر طے شدہ : غیر فیصل شدہ :بے چکا یا ہوا غیر تصفیہ : غیر فیصل ۔ (۳) (مجازاً) دوسروں سے ممتاز یا جدا : ظاہر : نمایاں : بیّن : صریح : واضح : جالب توجہ : جالب شہرت : جاذب توجہ : موثر۔

Outstanding account : (n) (معاشیات) غیرادا شدہ حساب ؛ کھڑا لیکھا۔

Outstanding bill : (n) (معاشیات) غیر ادا شدہ بل۔

Outstanding recoveries : (n) غیر اداشدہ بازیا بیاں۔

Outstanding term : (n) کوئی بیمہ یا وقف جب اپنی میعاد کے اندر ان مقاصد کو جن کے لئے وہ کیا گیا تھا ، پورا کر لیتا ہے (یعنی اس سے مستفیض ہونے والوں کی موت ہو جاتی ہے) تب اسے Satisfied term کہتے ہیں ؛ لیکن جب تک اس میں واضح طور پر یہ بات مندرج نہ ہو کہ مستفیض ہونے والے کی موت کے بعد یہ (بیمہ یا وقف) ختم ہو جائے ؛ وہ اپنی میعاد معینہ تک جاری رہے گا اور اس صورت میں Outstanding or attendant term کہا جائے گا: میعاد ملتوی ؛میعاد ناتمام۔

Outstandingly : (adv.) ممتاز یا نمایاں ہو کر: نمایاں طور پر ؛ اعلیٰ طور پر ؛ افضل طور پر: سب پر فائق ہو کر ؛ قابل امتیاز طور پر: جداگانہ انداز میں ؛ موثر انداز میں ؛ جاذب توجہ انداز میں ۔

Outstare : (v) نگاہیں لڑانے میں سبقت لے جانا ؛ ٹکٹکی لگا کر یا گھور کر دیکھنے میں (دوسرے کو) مات دے دینا ؛ گھور کر دیکھنے سے گھبرا دینا ؛ اس طرح نظر گاڑ کر دیکھنا کہ (جسے دیکھا جائے اس کے) حواس بگڑ جائیں ؛ گھور گھور کر پریشان کر دینا ؛ پلک جھپکائے بغیر (سورج وغیرہ کو) دیکھنا ۔

Outstart : (v) (۱) اچانک اچھل پڑنا ؛ اچانک چونک اٹھنا ؛ اچانک بدک جانا یا بھڑک جانا ۔ (۲) اچھل کر پرے ہٹ جانا یا آگے نکل جانا ؛ آگے چلا جانا ؛ آگے بڑھ جانا ۔

Outstation : (n) بیرونی مقام ؛ وہ مقام جو مفصلات میں واقع ہو ؛ وہ ٹھکانا یا مقام جو صدر مقام سے کچھ فاصلے پر ہو ؛ وہ جگہ یا ٹھکانا جو مرکز آبادی یا مرکز تجارت سے کچھ دوری پر ہو۔

Outstay : (v) (۱) حد سے زیادہ ٹھہرنا ؛ (مقررہ وقت سے) زیادہ قیام کرنا ؛ (میزبانی کی خوشی سے) زیادہ ٹھہرنا ۔ (۲) نسبتاً زیادہ رکنا یا ٹھہرنا ؛نسبتاً زیادہ دنوں تک قیام کرنا ۔

Outstep : (v) (کسی حد سے) باہر قدم رکھنا ؛آگے بڑھ جانا ؛ تجاوز کرنا۔

Outstream : (n) (دریا کی طرح) بہنا ؛ بہہ کر نکلنا ؛ دھارا بہنا۔

Outstretch : (n) (۱) پھیلاؤ ؛ وسعت ؛ کشادگی ؛ فراخی ۔ (۲) کشادہ علاقہ ؛ وسیع خطہ ۔ (۳) فصل کشادگی ؛ وہ فاصلہ یا دوری جہاں تک کوئی چیز پھیلی ہوئی ہو۔

Outstretch : (v) (۱) (شعر) پھیلنا ؛ وسیع ہونا ؛ کشادہ ہونا ؛ پھیلنا ؛ کھینچنا ؛ بڑھانا ؛ تاننا ۔ (۲) رقبے میں وسیع ہونا ؛ گنجائش میں زیادہ ہونا ؛ رقبہ وسیع کرنا ؛ پھیلنا ؛ بڑھانا ؛ وسیع کرنا ۔ (۳) حد بھر پھیل جانا ؛ پورا پھیلا دینا ؛ تن جانا (شاذ) ۔ (۴) (حد سے) زیادہ پھیل جانا یا زیادہ پھیلا دینا ؛ زیادہ بڑھا دینا۔

Outstretched : (a) پھیلا ہوا ؛ پھیلایا ہوا ؛ کشادہ کیا ہوا ؛ خصوصاً پھیلے ہوئے (بازو) ۔

Outstride : (v) (دوسرے سے) زیادہ لمبے ڈگ بھرنا ؛ زیادہ لمبے قدم رکھنا ؛ زیادہ پھلانگنا۔

Outstrip : (v) (۱) تیز رفتاری سے گذر جانا ؛ دوڑتے ہوئے گذر جانا ؛ دوڑ کر گذر جانا ؛ دوڑنے میں (دوسرے کو) پیچھے کر دینا ؛ دوڑ کر آگے نکل جانا ؛ بڑھ جانا ؛ پیچھے چھوڑ جانا۔ (۲) سبقت لے جانا ؛ بازی لے جانا ؛ مات کر دینا ؛ قابلیت میں بڑھ جانا ۔

Outstroke : (n) (۱) باہر کی طرف ضرب ؛ اس طرح مارنا کہ باہر کی طرف جائے ۔ (۲) (کان کنی) کان کنی میں اپنی حد سے گذر کر دوسرے مالک یا اجارہ دار کی حد میں چلا جانا (نیز توصیفاً مثلاً Outstroke rent) ۔

Outstroke rent : (n) وہ معاوضہ جو کان کنی میں اپنی حد سے گذر کر دوسرے مالک یا اجارہ دار کی حد میں چلے جانے کی عوض دینا پڑتا ہے ۔

Outswell : (v) ۱) نسبتاً زیادہ پھیلانا ؛ نسبتاً زیادہ چڑھانا یا ابھارنا ؛ زیادہ پھیلانا ۔ (۲) (کسی حد یا نقطے سے) زیادہ پھول جانا ؛ زیادہ ورم آجانا ؛ زیادہ سوج جانا ؛ (سمندر کی لہروں کا) زیادہ چڑھنا یا اٹھنا ؛ زیادہ بڑھنا یا ابھرنا۔

Outturn : (n) (۱) (محنت یا مشین) کی مجموعی پیداوار ؛ ماحصل ؛ حاصل بر آمد ۔ (۲) مقدار ۔ (۳) (معاشیات) نکاسی ۔

Outturn book : (n) رجسٹر نکاسی۔

Outvalue : (v) قیمت میں زیادہ ہونا ؛ نسبتاً زیادہ قیمتی ہونا۔

Outvie : (v) بازی لے جانا ؛ مات کرنا ؛ سبقت لے جانا ؛ مقابلہ کرنا اور غالب آنا ؛ رقابت میں بڑھ جانا۔

Outvoice : (v) (دوسرے سے) زیادہ بلند آواز سے یا طریقے سے بولنا۔

Outwalk : (v) (دوسرے سے) بہتر؛ تیزتر اور دور تر چلنا ؛ (دوسرے

سے) بڑھ کر چلنا۔

Outward : (a) [OE. 'Utweard,'] (۱) (قدیم) بیرونی : باہر کا۔ (۲) جس کا رخ باہر کی طرف ہو : باہری : بیرونی ۔ (۳) جسمانی : خارجی : مادی : مرئی : ظاہری : سطحی : اوپری ۔ (۴) عالم خارجی یا عالم مادی کی (چیزیں)۔ (۵) بد چلن : بد کار : وحشی : گنوار : نا شائستہ : بد اطوار (چال چلن)۔

To outward seeming : بہ ظاہر۔

Outward : (n) (۱) ظاہری : ظاہری حالت : ظاہری وضع قطع : ظاہری صورت۔ (۲) (جمع) (قدیم) ظاہری چیزیں : خارجی یا مادی چیزیں۔ (۳) خارجی دنیا : عالم مادی : عالم خارجی : ذہن سے باہر کی دنیا : ذات شعوری سے خارج کائنات۔

Outward : (n) (شہر کا) حلقہ یا وارڈ جو کسی میونسپلٹی یا بلدیہ کی قدیم حدود سے باہر ہو : مفصل حلقہ۔

Outward : (adv.) باہر کی سمت : خارجی طرف : باہر کے رخ : بیرونی رخ : اندر سے باہر کی طرف : باہری رخ پر : گھر سے باہر۔

Outward-bound : (a) (۱) عازم ملک غیر : غیر ملک کو جانے والا (مسافر یا جہاز) یا باہر جانے والا : عازم سفر۔ (۲) (مجازاً) مرنے والا : جو دنیا سے سفر کرنے والا ہو۔ (۳) (مجازاً) جس کا ایک پاؤں چوکھٹ سے باہر ہو : جو ہر وقت سفر کے لئے تیار ہو : مائل بہ رہ نوردی : مائل بہ آوارگی : جس کا میلان ہر وقت ادھر ادھر مارنے پھرنے یا بادیہ پیمائی کا ہو۔

Outward-bound : (n) غیر ملک کو جانے والا مسافر یا جہاز۔

Outward cargo : (n) (جہاز) مال برآمدنی : باہر جانے والا مال۔

Outward form : (n) ظاہری صورت : ظاہری شکل۔

Outward man : (n) (مذہبی اصطلاح) جسم : (مزاجاً) لباس : ظاہری وضع قطع : بھیس۔

Outward things : (n) خارجی دنیا : عالم ظاہر : عالم مادی : عالم اشیاء۔

Outwardly : (adv.) ظاہر میں : بظاہر۔

Outwardness : (n) (۱) بیرونی : خارجیت : جسمانیت : مادیت : وجود ظاہری۔ (۲) معروفیت : ظاہریت : ظاہر پرستی : خارج پسندی : مادیت پرستی۔

Outwards : (adv.) (۱) باہر کی سمت میں : باہر کی طرف : باہر کی جانب۔ (۲) (توصیفاً یا بطور صفت) باہر کا : باہری یا باہر جانے والا (مال : تجارتی سامان)۔

Outwash plain : (n) (جغرافیہ) آب شستہ میدان۔

Outwatch : (v) (دوسرے شخص سے یا مقررہ وقت سے) زیادہ جاگتے رہنا : نسبتاً زیادہ دیر تک نگرانی کرنا یا پہرہ دینا : زیادہ دیر تک نگہبانی کرنا : (کسی چیز کو) اس وقت تک دیکھتے رہنا جب تک وہ غائب یا نگاہوں سے اوجھل نہ ہو جائے۔

Outwear : (v) (۱) پہن کر گھس ڈالنا : اتنا پہننا کہ پھٹ جائے : پہن کر ختم کر ڈالنا : پہن کر صرف کر ڈالنا یا انتہائی کمزور کر دینا : مضبوطی یا مدافعت سے عاری کر دینا (خصوصاً Papple میں Outworm)۔ (۲) صبر سے کاٹنا : صبر و تحمل سے گذارنا۔ (۳) نسبتاً زیادہ دنوں تک پہننا : زیادہ دنوں تک استعمال کرنا۔

Outweary : (v) (خصوصاً شعر) اکتا دینا : ناک میں دم کر دینا : بیزار کر دینا : عاجز کر دینا : برداشت سے باہر کر دینا۔

Outweep : (v) (۱) روتے ہوئے کہنا : رو رو کر کہنا۔ (۲) رونے میں سبقت لے جانا : (دوسرے سے) زیادہ رونا۔

Outweigh : (v) (۱) وزن میں بڑھ جانا : زیادہ وزنی ہونا : (مجازاً) اتنا وزنی ہونا کہ اٹھایا نہ جا سکے۔ (۲) بیش قیمت ہونا : قیمت میں بڑھ جانا : قدر و قیمت میں زیادہ ہونا : اہمیت میں زیادہ ہونا : زیادہ وقیع ہونا : زیادہ موثر یا پر اثر ہونا۔

Outwell : (n) ابلنا : اچھلنا : پھوٹ نکلنا : فوارے کی طرح اچھلنا یا پھوٹنا : بہہ نکلنا۔

Outwelling : (a) ابال : اچھال : پھوٹ نکلنے کا عمل یا پھوٹ نکلنا : فوارہ۔

Outwelling : (a) پھوٹ نکلنے والا : ابلنے والا۔

Outwing : (v) (۱) بلند پرواز ہونا : پرواز میں بڑھ جانا : اڑنے میں سبقت لے جانا : پرواز میں پیچھے چھوڑ جانا : اڑ کر آگے نکل جانا : اڑ کر پار ہو جانا یا گذر جانا : تیز پرواز ہونا۔ (۲) (فوج) (فوج کا : دشمن کو) گھیر لینا : محاصرہ کر لینا : محاصرے میں لے لینا۔

Outwit : (v) (۱) عیاری : چالاکی : ہوشیاری یا واقفیت میں سبقت رکھنا یا بڑھ جانا (متروک)۔ (۲) دھوکا دینا : جھانسا دے جانا : چرکا دینا : چونا لگانا : عیاری میں بڑھ جانا :

(دوسرے سے) زیادہ چالاک ثابت ہونا۔

Outwith : (prep. & adv.) باہر ؛ گھر سے باہر ؛ باہر کی طرف ؛ باہر کے رخ پر ؛ باہر کو ؛ کھلی ہوا میں ؛ کھلے سمندر میں۔

Outwith him : (v) نکالو اس کو۔

Outworn/ Out-worn : (a) (۱) پھٹے ہوئے ؛ بیکار ؛ استعمال شدہ (کپڑے) گھسا پٹا ؛ فرسودہ ؛ کہنہ ؛ پرانا ؛ بے جان ؛ (مجازاً) فرسودہ (عقائد، رسم و رواج وغیرہ)۔ (۲) (انسان یا جانور) بے جان؛ مریل ؛ نحیف و نزار ؛ لاغر ؛ ضعیف۔

Outwrite : (v) (۱) لکھنے میں سبقت لے جانا ؛ لکھنے میں (دوسرے سے) بڑھ جانا ؛ مات دے دینا۔ (۲) لکھ کر غالب آنا؛ لکھ کر رد کرنا(کسی دلیل کو) ؛ لکھ کر پورا کرنا۔ (۳) سب کچھ لکھ ڈالنا ؛ پورا لکھ لینا ؛ اپنے سارے خیالات کا ذخیرہ تحریر میں ختم کر دینا۔

Outwrought : Out work کا ماضی۔

Ouvage : (n) (معاشیات) کام۔

Ouvrier : (n) (معاشیات) مزدور مرد۔

Ouvriere : (n) (معاشیات) مزدر عورت۔

Ouze : Ooze کی متروک شکل۔

Ouzel / Ousel : (n) [OE. 'Osle.'] ایک چھوٹا سا پرند؛ (حیوانیات) طرقہ ؛ ترقہ؛ کلھری ؛ طرغہ کی ایک نوع۔

Brook ouzel : بحری ریل ؛ ایل نام کا آبی پرند ؛ بحری طرقہ۔

Ring-ouzel : (n) دیکھو Ouzel

Water ouzel : (حیوانیات) مرغابی ؛ شاما۔

Ouzo : (n) [mod. Gr.] یونانی شراب جس میں تخم انیسون یا تخم بادیان کی خوشبو رہتی ہے۔

Ova : (n) Ovum کی جمع۔

Oval : (a) (۱) انڈے کی شکل کا ؛ بیضہ نما ؛ بیضوی ؛ بیضاوی ؛ بیض ؛ ہلیلجی۔ (۲) انڈے جیسا (ابھار جو کسی سطح پر ہو) ؛ لمبوترے دائرہ نما شکل کا۔ (۳) بیض؛ انڈے کا یا اس سے متعلق (شاذ)۔

Oval : (n) (۱) بیضوی یا ہلیلجی شکل ؛ (ہندسہ) شکل بیضی ؛ (دائرے کے سوا) کوئی بھی انحنا جس کے سرے ملے ہوئے ہوں ؛ بند انحنا۔ (۲) بیضوی شکل کی کوئی بھی چیز ؛ (کھیل) میدان بیضی۔

Cassinian oval : دیکھو Cassinoid

Kennington oval , The oval : لندن میں (کیننگٹن کے مقام پر واقع) مشہور بیضوی میدان جہاں کرکٹ کے میچ ہوتے ہیں۔

Oval arch : (n) بیضی محراب ؛ بیضوی محراب۔

Oval chuck : (n) خراد کی بیضوی ٹیک یا اوٹ جس پر رکھ کر خرادی جانے والی چیز بیضہ شکل ہو جاتی ہے۔

Oval window : (n) (۱) (تشریح) روزن گوش ؛ کان کا سوراخ۔ (۲) بیضہ نما دریچہ ؛ بیضوی کھڑکی۔

Ovalbumen/ Ovalbumin : (n) (کیمیا) انڈے کی سفیدی (جو انڈے کے اندر ہوتی ہے) ؛ انڈے کا البومن۔

Ovally : (adv.) بیضاوی طور پر ؛ بیضہ نما ہو کر ؛ بیضوی طور پر؛ بیضاوی یا ہلیلجی شکل میں۔

Ovalness : (n) بیضیت ؛ بیضویت ؛ بیضاوی یا ہلیلجی ہونا۔

Ovarian : (a) مبیضی ؛ مبیض یا بیضہ دان سے متعلق ؛ تخمدان یا بیضہ دان جیسا ؛ تخمدان یا بیضہ دان کا۔

Ovarian abscess : (n) مبیضی خراج ؛ مبیض پھوڑا۔

Ovarian follicle : (n) (حیوانیات) مبیضی کیسہ۔

Ovario - : (comb.) جزو ترکیبی بمعنی بیضہ دان ؛مبیض۔

Ovariole : (n) [f. 'Ovarium.'] مبیضہ ؛ انبوب مبیضی ؛ چھوٹا بیضہ دان ؛ بعض کیڑوں کے مرکب بیضہ دان کی نلکی نما گلٹیوں میں سے کوئی ایک۔

Ovariotomy : (n) بیضہ دان کا عمل جراحی ؛ مبیض شگافی ؛ بیضہ دان کے ٹیومر کو کاٹ کر نکالنے کے لئے بیضہ دان کو چاک کرنے کا عمل جراحی ؛ نیز بیضہ دان کو کاٹ کر نکال دینے کا عمل جراحی ؛ مبیض براری۔

Ovaritis : (n) (مرضیات) ورم بیضہ دان ؛ ورم مبیض۔

Ovarium : (n) [mod.L.] (۱) (تشریح ، حیوانیات) مبیض ؛بیضہ

دان : مادۂ حیوانات کا عضو تولید جہاں انڈا پیدا ہوتا ہے ۔ (۲) (نباتیات) تخمدان : کیسۂ تخم : ڈوڈی ۔

Ovary : (n) دیکھو Ovarium

Ovate : (n) [f. an assumed L.pl. 'Ovates.'] تیسرے درجے کا شاعر : ویلش میں ہونے والے فن کاروں کے سالانہ اجتماع میں تیسرے درجے کا انعام پانے والا فن کار ۔

Ovate : (a) [L.'Ovatus. '] (۱) بیضہ نما : بیضہ شکل ۔ (۲) مائل بہ شکل بیضوی : بیضوی ۔

Ovately : (adv.) بیضہ شکل ہو کر : بیضوی انداز میں : مائل بہ شکل بیضوی ہو کر ۔

Ovate- / Ovato- : (comb.) جزو ترکیبی بمعنی Ovately ۔

Ovation : (n) [L.'Ovatio', 'Ovare.'] (۱) (قدیم روما) فاتح کا استقبال : جشن استقبال ۔ (۲) پر جوش استقبال : زور شور کا استقبال : نعرہ ہائے تحسین : پر تپاک خیر مقدم ۔

Ovato- : (comb.) دیکھو Ovately/Ovate-

Oven : (n) [OE. 'Ofen.'] (۱) تنور ۔ (۲) چولہا : بھٹی : چھوٹا فرنس ۔

Oven- bird : (n) (۱) ایک پرندہ جو تنور کی شکل کا گھونسلہ بناتا ہے : ایک قسم کی مورچہ خور چڑیا ۔ (۲) چکاوک (امریکی) ۔

Oven-coke : (n) بند قرنبیق میں تپا کر تیار کیا ہوا کوئلہ یا کوک (جسے آنچ دے کر کاربن کر دیا گیا ہو) ۔

Oven thermometer : (n) (طبیعیات) تنوری تپش پیما ۔

Ovenware : (n) تنور میں پکانے کے لئے استعمال ہونے والے ظروف ۔

Over : (n) (۱) وہ جو زیادہ یا بے حساب ہو : انتہا : زیادتی : تجاوز : افزونی (اسکاتستان) ۔ (۲) زیادہ مقدار : زائد رقم : فاضل مقدار یا رقم : فالتو رقم : شے زائد ۔ (۳) (کرکٹ) اوور : ایک طرف کے بولر کی گیند پھینکنے کی باری (جس میں عموماً چھ گیندیں پھینکی جاتی ہیں ۔

Over : (a) [ME. 'Ouere. '] (۱) (بول چال) اوپر کا : اوپری : بالائی : باہر کا : بیرونی : برتر : بہتر : بے حد : از حد ۔ (۲) (فوقیت یا ترجیح ظاہر کرنے کے لئے) پر : اوپر سے : سوا : زیادہ : بڑھ کر : (قوت ، اقتدار ، یا مقام میں) بلند تر : بڑھا ہوا : اعلیٰ ۔ (۳) زائد : مزید : بچا ہوا : فاضل : فالتو : زیادہ ۔ (۴) (مرکب حالت میں)

بہت بڑا : بہت زیادہ : بے حد : بے حساب : بے شمار ۔

Over : (adv.) [OE. 'Ofer. '] (۱) بلند مقام کے کنارے یا (عمودی حالت سے) آگے کو : باہر کو : نیچے : آگے کو نکلتا ہوا : آگے کو اور نیچے کو جھکا ہوا : بالا : بلند : بلندی پر ۔ (۲) اوپر : پر (اس طرح کہ سطح کو ڈھک لے یا اس طرح کہ پوری سطح کو متاثر کرتا ہو) ۔ (۳) آگے : پار (کسی چیز کے) : دوسرے یا اگلے کنارے تک : اگلے کنارے پر : اوپر اوپر : اس پار سے اس پار : ایک کنارے سے اٹھ کر دوسرے کنارے پر گرتا ہوا : آر پار : ورائے ۔ (۴) (مجازاً) مبالغے سے : تعلّی سے : غلو کے ساتھ : بڑھ چڑھ کر : بڑھا چڑھا کر ۔ (۵) تہ کی صورت میں الٹ کر ۔ (۶) ایک جگہ سے دوسری جگہ ۔ (۷) ایک فریق یا جماعت وغیرہ سے دوسری میں : ایک طرف سے دوسری طرف : ایک رائے سے دوسری رائے کی جانب ۔ (۸) (پیمائش) باہری پیمائش میں : اوپر سے ناپنے میں ۔ (۹) (کرکٹ) ایک باری ختم ہو گئی (امپائر کا اعلان) ۔ (۱۰) دوسری طرف : اس پار : دوسرے کنارے پر (سمندر ، ندی ، سڑک وغیرہ کے) : کچھ دوری پر : تھوڑے فاصلے پر : دور ۔ (۱۱) (زیر بحث مقدار یا تعداد سے) بہت زیادہ : فاضل : اعلان : سوا : اور بھی : فالتو : بچا ہوا : مزید : زائد ۔ (۱۲) غیر مکمل : غیر منفصل یا غیر اداشدہ چھوڑی ہوئی (مقدار) : بعد تک چھوڑی ہوئی ۔ (۱۳) بہت زیادہ : انتہا سے بڑھ کر : حد سے زیادہ : ضرورت سے زیادہ : ناقابل برداشت ۔ (۱۴) آخر تک : اول سے آخر تک : مکرر : تفصیل سے : بار بار ۔ (۱۵) اختتام پر : قریب الاختتام : ختم : آخر : فیصل : طے شدہ : گذرا ہوا ۔ (۱۶) اوپر سے : پار : دوران میں : اثنا میں ۔ (۱۷) (ریڈیو ٹیلیفونی) فقط : ختم : مکمل : اور (بولنے والا یہ بتانے کے لئے ہماری پیغام رسانی ختم ہوئی اب دوسرا بول سکتا ہے ، اس لفظ کا استعمال کرتا ہے) ۔

All over : (۱) خصوصیت : فطرت ۔ (۲) (عامیانہ) ریجھا ہوا : لٹو ۔

All over the world : ساری دنیا میں : ہر ملک میں : پوری دنیا میں ۔

Not over well : کچھ اچھی طرح نہیں ۔

That can stand over : ابھی اس کی جلدی نہیں ۔

That is all over : ہو بہو : بعینہٖ : بجنسہٖ ۔

The house over the way : سامنے والا مکان ۔

خصوصی توجہ دینا۔

Over - : (comb.) (سابقہ) (الف) صفت کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور مندرجہ ذیل معنی پیدا کرتا ہے : (۱) بالائی۔ (۲) بیرونی ۔(۳) اعلیٰ۔ (۴) الٹا : اوندھا۔ (ب) حرف جار کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر صفت یا متعلق فعل بناتا ہے (جیسے Overboard , Over night)۔ (ج) حرف جار کے طور پر افعال کے پہلے آتا ہے اور مخصوص معنی پیدا کرتا ہے (جیسے Over come)۔ (د) متعلق فعل کے طور پر آتا ہے اور حسب ذیل معنی پیدا کرتا ہے : (۱) اوپر۔ (۲) ڈھکنے یا غلاف کے طور پر۔ (۳) نیچے کو۔ (۴) آگے : پرے ۔ (۵) ضرورت سے زیادہ (over arch, over spread) ۔ (ہ) متعلق فعل کے طور پر افعال متعدی کے ساتھ آتا ہے اور مندرجہ ذیل معنی پیدا کرتا ہے۔ (۱) اچھی طرح ۔ (۲) پوری طرح ۔(۳) مغلوب کرتے ہوئے (جیسے Overjoyed) ۔(و) صفت یا متعلق فعل کے طور پر مختلف اجزائے کلام کے ساتھ آتا ہے اور حسب ذیل معنی پیدا کرتا ہے :(۱) افراط سے (۲) حد سے زیادہ ۔ (۳) اصلیت سے زیادہ (جیسے Over- abound , Over active)۔(ز) افعال کے ساتھ مل کر نئے فعل بناتا ہے جن کا مفعول Oneself , himself وغیرہ ہوتا ہے اور جن میں "ضرورت کی حد تک" کے معنی پیدا ہوتے ہیں (جیسے Overfeed oneself) ۔(ح) فعل اس کے مشتقات اور صفت کے ساتھ مل کر "زائداز" کے معنی پیدا کرتا ہے جیسے Overdue) ۔(ط) فعل لازم کے ساتھ مل کر فعل متعدی بناتا ہے اور عموماً "کسی چیز سے آگے یا بڑھ کر" کے معنی پیدا کرتا ہے (جیسے Overlive, overstay)۔

Over-abound : (v) افراط ہونا ؛ کثرت ہونا ؛ بہتات ہونا ؛ زیادتی ہونا (کسی چیز کی) ؛ وافر ہونا۔

Over-abundance : (n) افراط ؛ کثرت ؛ بہتات ؛ زیادتی ؛ وفور۔

Over-abundant : (a) وافر ؛ کثیر ؛ ضرورت سے زیادہ ؛ مفروط ۔

Over-abundantly : (adv.) بہ افراط ؛ بہت کثرت سے ؛ وافر طور پر۔

Over again : (adv.) پھر ؛ دوبارہ ؛ پھر سے از سر نو۔

Over against : (prep. phr.) (۱) مقابل ؛ محاذی ؛ سامنے ۔ (۲) مقابلے میں ؛ تقابل میں ؛ تضاد میں۔

Over-age : (adj. phr.) متجاوز العمر ؛ زائدالعمر ؛ جس کی عمر کسی معینہ حد سے گذر چکی ہو ؛ یا جو عمر کی کسی معینہ حد سے گذر چکا ہو۔

The king over the water : جلا وطن بادشاہ ؛ جلا وطن کیا ہوا بادشاہ ؛ بادشاہ جو سمندر پار ہے(طرف داران جس میں شاہ معزول کو کہا کرتے تھے)۔

To ask him over : (کسی شخص کو جو قریب ہی رہتا ہے) بلوا لینا ؛ بلا بھیجنا۔

To count over : شروع سے آخر تک گننا۔

To read over : پورا پڑھ لینا ؛شروع سے آخر تک پڑھ لینا۔

To remain , Lie , stand , hold, leave over : نا مکمل پڑا رہنا ؛ادھورا چھوڑ دیا جانا ؛ ادھورا چھوڑ دینا ؛ غیر طے شدہ ہونا ؛ غیر فیصل شدہ رہنا ؛ غیر ادا شدہ رہنا ؛ غیر طے شدہ ؛ غیر منفصل یا غیر اداشدہ چھوڑ دینا۔

To repeat , say , tell over : پھر سے کہنا ؛شروع سے آخر تک دہرانا یا بیان کرنا۔

To stumble over : (کسی چیز سے) ٹھوکر کھانا۔

To talk, think over : تفصیلی گفتگو کرنا ؛ تفصیل سے غور و خوض کرنا ؛ تمام جزئیات یا تفصیلات کو زیر غور یا زیر گفتگو لانا۔

To turn or roll over and over : لڑھکتے چلے جانا۔

To turn over : (کتاب کا صفحہ) الٹنا۔

Over : (prep.) (۱) نسبتاً اونچا ؛ اوپر ؛ بلند تر ؛ (رتبے میں) بڑھ کر۔ (۲) پر ؛ اوپر۔ (۳) بیرونی سطح پر ؛ بالائی سطح پر ؛ سب کہیں ؛ سارے میں ؛ پورے میں ؛ آگے نیچے ؛ ادھر ادھر ؛ ہر جگہ ؛ ہر حصے میں ؛ پورے کا پورا۔ (۴) بلند ؛ بالا ؛ (اثر و اقتدار میں) بڑھ کر ؛ فزوں تر۔ (۵) (درجہ ، صفت یا عمل میں) آگے ؛ بڑھا ہوا ؛ فائق ؛ برتر ؛ بہتر ؛ نسبتاً زیادہ ؛ مقابلتاً بہتر۔ (۶) (مذکورہ مقدار یا تعداد سے) زیادہ ؛ فاضل ؛ اوپر۔ (۷) اس پار سے اس پار ؛ ادھر سے ادھر ؛ اس کنارے سے اس کنارے ؛ (کسی خط کے) اس سرے سے اس سرے تک ؛ ایک سرے سے دوسرے سرے تک ۔ (۸) (کسی چیز کے) اوپر سے (ہو کر) ؛ بالا بالا یا بالا سے بالا ۔ (۹) اس طرف ؛ اس پار ؛ دوسرے کنارے پر ؛ اس کنارے پر ؛ دوسری طرف ۔ (۱۰) (بول چال) بعد ؛ پیچھے (بہ اعتبار زمانہ)۔ (۱۱) دوران میں ؛اثنا میں ؛ درمیان میں ۔ (۱۲) ختم ہونے تک ؛ بعد تک ؛ فلاں وقت یا مدت تک ؛ فلاں روز تک ۔

To be all over (a person) : ضرورت سے زیادہ خاطر کرنا ؛

(۱) بھا ہوا ؛ فاضل یا زائد مال (جو جہاز میں لادنے یا اسٹور میں رکھنے کے بعد بچ رہا ہو)۔ (۲) مطلوبہ مقدار سے زائد چیز۔ (۳) انجکشن کی دوا جو شیشی میں لگے نشان (ایک مخصوص مقدار) سے زائد ہو۔ Over-age : (n)

ضرورت سے زیادہ مباحثہ کرنا۔ Over agitate : (v)

ضرورت سے زیادہ جوش۔ Over agitation : (n)

(۱) (نیز جمع) اوپری از ار یا اوپری پوشاک (جو کام کرتے وقت اصل لباس کو گندہ ہونے یا بھیگنے سے بچانے کے لئے پہنی جاتی ہے) ؛ بالا پوش ؛ لباس کار۔ (۲) (جمع) کینوس یا دیگر مضبوط کھڑوں کا بنا ہوا ڈھیلا ڈھالا پائجامہ (جو کام کرتے وقت اصل پوشاک کی حفاظت کے لئے پہنا جائے یہ پہلے چمڑے کا یا واٹر پروف ہوتا تھا)۔ (۳) (فوج) افسروں کا شب خوابی کا پائجامہ۔ Over-all : (n)

دو نقطوں کے درمیان کی تمام چیزوں کے ساتھ ؛ مجموعی ؛ تمامی ؛ ایک سرے سے دوسرے سرے تک ؛ سب کا سب ؛ سب ملا کر ؛ کل ملا کر ؛ پورا ؛ مکمل ؛ کل۔ Over -all/ Overall : (adj. phr.)

(۱) اس کے علاوہ ؛ اس سے آگے ؛ مزید برآں ؛ علاوہ ازیں۔ (۲) (بول چال) بہت زیادہ ؛ ضرورت سے زیادہ ؛ حد سے زیادہ۔ (۳) (توصیفاً یا بطور صفت) بہت بڑا ؛ بہت عظیم (شاذ)۔ Over and above : (phr.)

بار بار ؛ کئی مرتبہ ؛ متواتر۔ Over and over (again) :

انتہائی بے چینی ؛ بے حد پریشانی ؛ نہایت اضطراب ؛ انتہائی تشویش ؛ بے انتہا تردد ؛ بے حد فکر۔ Over-anxiety :

بے حد پریشان یا فکر مند ؛ ضرورت سے زیادہ مضطرب یا مشوش ؛ بے انتہا تردد میں ؛ نہایت پریشان۔ Over-anxious : (a)

انتہائی تعلق خاطر کے ساتھ ؛ نہایت پریشانی یا بے چینی سے ؛ بے حد مضطربانہ ؛ نہایت متفکرانہ ؛ بے حد تشویش کے ساتھ۔ Over-anxiously : (adv.)

(کرکٹ ، ٹینس) جس میں ہاتھ کندھے سے اونچا اٹھ جائے ؛ کندھے سے اوپر ہاتھ اٹھا کر کی ہوئی بولنگ ؛ (تیراکی میں بھی مستعمل ہے)۔ Over-arm : (a)

(۱) حد سے بڑھ کر سرمائے کی تعین یا تخمیہ ؛ ضرورت سے زیادہ پونجی لگانے کا عمل ؛ حد سے زیادہ یا بہت بڑی رقم کو پونجی مقرر کرنے کا عمل۔ (۲) متجاوز الاصل ہونے کی حالت۔ Over-capitalization : (n)

(کسی جوائنٹ اسٹاک کمپنی کے) سرمائے کا تعین یا تخمیہ بہت زیادہ یا بہت بڑھ چڑھ کر کرنا ؛ حد سے زیادہ پونجی مقرر کرنا ؛ سرمائے کا اندازہ اصلیت سے زیادہ کرنا ؛ بہت بڑی رقم کو پونجی مقرر کرنا ؛ ضرورت سے زیادہ پونجی لگانا ؛ ضرورت سے زیادہ سرمایہ متعین کرنا۔ Over-capitalize : (v)

متجاوز الاصل ؛ جس کی پونجی حد سے زیادہ مقرر کی گئی ہو۔ Over-capitalized : (a)

حد سے زیادہ احتیاط ؛ انتہائی احتیاط ؛ احتیاط بیجا۔ Over-caution : (n)

ضرورت سے زیادہ محتاط ؛ انتہائی محتاط ؛ بے حد محتاط ؛ نہایت محتاط۔ Over-cautious : (a)

ضرورت سے زیادہ احتیاط کے ساتھ ؛ بے حد محتاط ہوکر ؛ نہایت محتاط طور پر۔ Over-cautiously : (adv.)

ضرورت سے زیادہ محتاط ہونا ؛ انتہائی محتاط ہونے کی حالت یا صفت۔ Over-cautiousness : (n)

ضرورت سے زیادہ اعتماد۔ Over-cofidence : (n)

ضرورت سے زیادہ اعتماد کرنے والا۔ Over-confident : (a)

ضرورت سے زیادہ اعتماد کے ساتھ ؛ انتہائی اعتماد کے ساتھ۔ Over-confidently : (adv.)

(بصریات) (دوربین یا عینک کے شیشے کو) رنگی انحراف یا رنگ کے عدم ارتکاز کے لئے کچھ اس طرح درست کرنا کہ سرخ شعاؤں کا ماسکہ (فوکس) بنفشی شعاؤں کے ماسکے سے آگے پڑے (بخلاف Under correct)۔ Over-correct : (v)

حد سے زیادہ زود اعتقادی۔ Over-credulity : (n)

ضرورت سے زیادہ زود اعتقاد ؛ انتہائی زود اعتقاد۔ Over-credulous : (a)

ضرورت سے زیادہ راز جو یا تجسس پسند ؛ بے حد متجسس ؛ ضرورت سے زیادہ محتاط ؛ ضرورت سے زیادہ نفاست پسند۔ Over-curious : (a)

دیکھو Over-curiousness Over-curiosity : (n)

انتہائی مجسسانہ ؛ ضرورت سے زیادہ رازجوئی یا تجسس کے ساتھ ؛ نہایت راز جویانہ۔ Over-curiously : (adv.)

Over-curiousness : (n) انتہائی تجسس پسندی ؛ ضرورت سے زیادہ تجسس پسندی ؛ احتیاط یا نفاست پسندی۔

Over-dear : (a) (۱) بے حد پیارا ؛ بے حد عزیز ؛ (مقابلتاً) زیادہ عزیز۔ (۲) بے حد قیمتی ؛ انتہائی بیش قیمت ؛ بے حد گراں یا گرانبہا۔

Over-delicacy : (n) ضرورت سے زیادہ نفاست یا نزاکت۔

Over-delicate : (a) حد سے زیادہ نازک ؛ انتہائی نفیس یا نازک ؛ چھوٹی موٹی ؛ نہایت احتیاط (طلب)۔

Over-develop : (v) بے حد بڑھانا یا بڑھنا ؛ بہت زیادہ بڑا کرنا ؛ (خصوصاً تصویر کشی میں) فلم وغیرہ کو کیمیا وی مسالوں سے زائد از ضرورت دھونا۔

Over-development : (n) زائد بالیدگی ؛ بے حد بڑا کرنے کا عمل۔

Over-discharge : (v) حد سے زیادہ خارج کرنا یا نکالنا ؛ (خصوصاً برق) بیٹری کا معینہ حد سے زیادہ توانائی خارج کرنا (جو بیٹری کے لئے نقصان دہ ہوتا ہے)۔

Over-discharge : (n) کثیر اخراج ؛ حد سے زیادہ اخراج۔

Over-eager : (a) حد سے زیادہ خواہش مند ؛ بے حد متمنی یا مشتاق ؛ انتہائی آرزو مند۔

Over-eagerly : (adj.) انتہائی مشتاقانہ ؛ شدید خواہاں ہو کر ؛ بے حد اشتیاق سے ؛ شدید آرزو مندی ؛ شدید تمنا۔

Over-eagerness : (n) انتہائی اشتیاق ؛ شوق بے حد ؛ خواہش بے پایاں ؛ شدید خواہش یا آرزو مندی ؛ شدید تمنا۔

Over-earnest : (a) انتہائی مخلص ؛ حد سے زیادہ مستعد ؛ بے حد سنجیدہ۔

Over-earnestly : (adv.) انتہائی مخلصانہ ؛ بے حد سنجیدگی یا مستعدی سے۔

Over-earnestness : (n) خلوص بیکراں ؛ انتہائی خلوص ؛ خلوص بے نہایت ؛ انتہائی سنجیدگی ؛ بے حد مستعدی۔

Over-eat : (v) حد سے زیادہ کھانا ؛ ضرورت سے زیادہ کھانا ؛ ٹھونس ٹھونس کر کھانا ؛ حلق تک ٹھونس لینا۔

Over-estimate : (v) (اصلیت سے) زیادہ تخمینہ لگانا ؛ اصلیت سے زیادہ سمجھنا ؛ غلط انداز لگانا ؛ بہت بڑھ چڑھ کر اندازہ کرنا یا سمجھنا ؛ بے حد اونچا اندازہ لگانا ؛ بہت زیادہ قیمت لگانا ؛ بہت زیادہ اہمیت دینا۔

Over-estimate : (n) (اصلیت سے) زیادہ تخمینہ ؛ زائد تخمینہ ؛ بہت اونچا اندازہ ؛ بیش اندازہ ؛ غلط اندازہ ؛ (معاشیات) بیش تخمینہ۔

Over-estimation : (n) بیش اندازگی ؛ غلط یا حد سے زیادہ اونچا تخمینہ کرنا ؛ (اصلیت سے) زیادہ تخمینہ کرنا ؛ زائد تخمین۔

Over-excitability : (n) بے حد اشتعال ؛ انتہائی برانگیختگی۔

Over-excitable : (a) بے حد اشتعال پذیر ؛ انتہائی مشتعل مزاج ؛ حد سے زیادہ برانگیختہ ہو جانے والا۔

Over-excite : (v) حد سے زیادہ مشتعل ؛ بہت اشتعال دینا ؛ حد سے زیادہ جوش دلانا ؛ بے حد برانگیختہ کر دینا ؛ حد سے زیادہ اکسانا یا ابھارنا۔

Over-excitment : (n) بے حد اشتعال ؛ انتہائی برانگیختگی ؛ بے انتہا جوش یا طیش کی حالت۔

Over-exert : (v) حد سے زیادہ کوشش کرنا ؛ حد سے زیادہ زور لگانا ؛ بے حد زور مارنا ؛ قوت سے زیادہ کام کرنا یا لینا ؛ تھک کر چور ہو جانا یا کر دینا۔

Over-exertion : (n) بے حد زور مارنے یا کوشش کرنے کا عمل ؛ قوت سے زیادہ کام کرنا ؛ تھک کر چور چور ہو جانے کی حالت۔

Over-expose : (v) (۱) ضرورت سے زیادہ دیر تک کھلا رکھنا ؛ ہوا ، سردی ، گرمی ، خطرے کے سامنے بہت ہی کھلا ہوا رکھنا۔ (۲) (عکاسی) پلیٹ کو زائد از ضرورت روشنی پہنچانا ؛ زیادہ دیر تک روشنی میں کھلا رکھنا۔

Over-exposure : (n) (تصویر) زائد تعریہ ؛ زیادہ دیر (روشنی ، دھوپ ، ہوا ، سردی ، گرمی وغیرہ میں) کھلا رکھنا۔

Over-fatigue : (n) بے حد تھکان۔

Over-fatigue : (v) بے حد تھکا دینا۔

Over-fed : (a) حد سے زیادہ کھائے ہوئے ؛ حلق تک ٹھونسے ہوئے ؛ حلق تک ٹھونسا یا ہوا۔

Over-feed : (v) (۱) حد سے زیادہ کھلا دینا ؛ حلق تک ٹھونس ٹھونس کر کھلانا۔ (۲) حد سے زیادہ کھا لینا ؛ حلق تک ٹھونس لینا۔

Over-fill : (v) [OE. 'Oferfyllan. '] بے حد بھر دینا : لبریز کر دینا : اتنا بھر دینا کہ اوپر سے بہنے لگے یا چھلک جائے۔ (۲) لبریز ہو جانا : بھر کر چھلکنے لگنا ۔

Over-float : (v) سطح پر تیرنا : پوری سطح کو یا اس کے کسی حصے کو گھیر لینا : چھا جانا : پوری سطح پر تیرنا ۔

Over-flow : (n) (۱) لبریزی : چھلکاؤ :(ماقوائیات) چھلک : (جغرافیہ) طغیانی : سیلاب : سیلان ۔ (۲) لبالب بھرے ہوئے پیمانے یا ظرف کا اک چھلکاؤ : چھلجکی ہوئی چیز(پانی وغیرہ) وہ پانی جو ساحل پر چڑھ آتا ہے ۔(۳) بہی ہوئی چیز : فاضل چیز : زائد چیز ۔(۴) (کسی مقرر سطح سے) زائد پانی کو نکالنے والا پائپ یا نالی ۔ (۵) توصیفی معنوں میں ۔

Over-flow : (v) (۱) اوپر تک بھر کر بہہ نکلنا : چھلکنا : کناروں کے اوپر سے بہنا ۔(۲) تہ آب کرنا (سطح کو) : طغیان یا سیلاب آنا ۔ (۳) (مجازاً) اندر نہ سمانا : باہر تک پہنچنا (مجمع وغیرہ کا کمرے کے) ۔(۴) لبریز ہونا : اتنا بھر جانا کہ چھلکنے لگنا ۔(۵) کثرت سے ہونا : وافر ہونا : فراواں ہونا ۔(۶) چھلکانا ۔

Over-flow meeting : (n) زائد جلسہ (ان لوگوں کا جنہیں کانفرنس کے پنڈال وغیرہ میں جگہ نہ ملے) : مقام جلسہ کی سمائی سے زائد عوام کا جلسہ ۔

Over-flowing : (a) (۱) لبریز : چھلکتا ہوا ۔(۲) کثیر : فراواں : وافر ۔

Over-flowing : (n) (۱) طغیانی : سیلاب : چھلکنا : چھلکاؤ : باہر تک پہنچنا ۔ (۲) کثرت : فراوانی : وفور ۔

Over-flowingly : (adv.) لبریز ہو کر : چھلکتے ہوئے : کثرت سے : فراوانی سے : بے افراط ۔

Over-flowingness : (n) لبریزی : چھلکاؤ : کثرت : فراوانی : افراط : وفور ۔

Over-fond : (a) (۱) حد سے زیادہ نیک دل : بیحد سادہ لوح یا سریع الاعتقاد ۔(۲) بیحد پیار کرنے والا : ضرورت سے زیادہ محبت رکھنے والا : بے حد شفیق : حد سے زیادہ نرم دل : (Of کے ساتھ) کسی بات(یا شخص) کا بے حد شائق ۔

Over-fondly : (adv.) بے حد سادہ لوحی کے ساتھ : حد سے زیادہ نرم دل ہو کر : ضرورت سے زیادہ شفقت یا محبت کے ساتھ ۔

Over-fondness : (n) حد سے زیادہ نیک دلی : ضرورت سے زیادہ سادہ لوحی : ضرورت سے زیادہ شفقت یا نرم دلی : شوق بے حد ۔

Over-greedily : (adv.) انتہائی حریصانہ : حد سے زیادہ لالچی ہو کر ۔

Over-greedy : (a) [OE. 'Ofergraedig. '] حد سے زیادہ لالچی : بے انتہا حریص ۔

Over-hard : (a & adv.) حد سے زیادہ سخت : انتہائی سخت : بے حد سخت : ضرورت سے زیادہ سخت ۔

Over-harden : (v) ضرورت سے زیادہ سخت ہونا یا کرنا : حد سے زیادہ سخت بنانا یا ہونا ۔

Over-hardly : (adv.) بے انتہا سخت ہو کر : ضرورت سے زیادہ سخت ہو کر ۔

Over-hardness : (n) بے انتہا سختی : ضرورت سے زیادہ سختی: بے حد سختی ۔

Over-hastily : (adv.) بے انتہا جلد بازی سے : بے حد عاجلانہ : بے حد تند خوئی سے ۔

Over-hastiness : (n) انتہائی جلدی یا جلد بازی : ضرورت سے زیادہ عجلت : حد سے زیادہ تند خوئی یا ناعاقبت اندیشی ۔

Over-hasty : (a) بے حد جلد باز : انتہائی تند خو یا ناعاقبت اندیش : ضرورت سے زیادہ عجلت والا : انتہائی عاجل یا بے دھڑک ۔

Over head and ears : (phr.) پوری طرح ڈوبا ہوا : بالکل ڈوبا ہوا : غرق (لغوی و مجازی معنی میں) ۔

Over-indulge : (v) اپنی خواہش پوری کرنے میں حد اعتدال سے بڑھ جانا : حد سے زیادہ ناز برداری کرنا : دل کھول کر (شوق وغیرہ) پورا کرنا ۔

Over-indulgence : (n) اپنی خواہش پوری کرنے میں بے اعتدالی ۔

Over-indulgent : (a) اپنی خواہش پوری کرنے میں بے اعتدالی برتنے والا ۔

Over-inform : (v) (۱) حد سے زیادہ جوش دلانا : اکسانا : ابھارنا : بہت زیادہ متحرک کر دینا ۔ (۲) کثیر اطلاعات بہم پہنچانا ۔

Over-investment : (n) (معاشیات) بیش سرمایہ کاری ۔

Over-issue : (v) (نوٹ ، تمسکات وغیرہ)حد سے زیادہ جاری کر دینا (یعنی قانونی حد یا اپنی مالی حیثیت سے زیادہ) ۔

زائد اجراء : حد سے زیادہ جاری کئے ہوئے نوٹ یا تمسکات ۔ Over-issue : (n)

(تاریخ) شاہ شاہان : شہنشاہ ؛مہاراج؛ مہاراجہ ۔ Over-king/ Overking : (n)

(۱) بے حد محنت سے کام کرنا : صلاحیت سے زیادہ کام کرنا ۔ (۲) بے حد اہتمام اور تکلف سے کرنا (کسی کام کو) ۔ (۳) (کسی مسئلے مین) ضرورت سے زیادہ تفصیل یا طول سے کام لینا ۔ Over-labour : (v)

بے حد کشادہ دل : حد سے زیادہ فیاض : بے انتہا سخاوت سے ۔ Over-liberal : (a)

بیحد فیاضی : بے انتہا سخاوت ۔ Over-liberality : (n)

بے حد فیاضانہ : بے انتہا سخاوت کے ساتھ؛ نہایت کشادہ دل ہو کر ۔ Over-liberally : (adv.)

(بول چال) اوپر کا ہونٹ : اوپری ہونٹ : بالائی لب ۔ Over-lip : (n)

بے حد طویل مدت کے لئے : بے حد طویل مدت تک یا سے ۔ Over-long : (adv.)

بہت طویل : بے حد طویل المیعاد : بہت لانبا : بے حد دراز : نہایت طول طویل : ضرورت سے زیادہ لمبا یا بڑا ۔ Over-long : (a)

(کافی یا واجبی مقدار سے) زیادہ مقدار : فاضل مقدار : زائد : فالتو : فاضل : ضرورت کو پورا کر کے جو کچھ فاضل بچ گیا ہو ۔ Over-measure : (n)

واجبی مقدار سے اوپر : زائد یا فاضل ۔ Over-measure : (adv. phr.)

بے حد منکسر : بے حد سیدھا سادہ : حد سے زیادہ شرمیلا : با حیا ۔ Over-modest : (a)

بے حد منکسرانہ : انتہائی سیدھے سادے انداز میں : بے حد شرمیلے پن سے ۔ Over-modestly : (adv.)

حد سے زیادہ انکساری یا خاکساری ۔ Over-modesty : (n)

(وہ تحریر جو) دستخط یا نام کے ساتھ (ہو) ۔ Over name/ -ones name : (phr.)

حد سے زیادہ نازک مزاج : نفاست پسند : باریک بین : بے حد لطافت پسند : بے حد نازک طبع : حد سے زیادہ محتاط : بے حد نک چڑھا ؛بے حد وہمی؛ انتہائی محتاط ۔ Over-nice : (n)

حد سے زیادہ محتاط ہو کر : نہایت نازک مزاجی سے : بے حد نفاست پسندانہ : انتہائی باریک بینی سے ۔ Over-nicely : (adv.)

حد سے زیادہ نازک طبعی : نفاست پسندی ؛باریک بینی : بے انتہا محتاط : نک چڑھا یا وہمی ہونا ۔ Over-niceness : (n)

بالا سے بالا : کسی سے ملے یا خبر کئے بغیر۔ Over ones head : (phr.)

کم و بیش ؛کم یا زیادہ۔ Over or under :

(۱) ہماری سمجھ کے باہر۔ (۲) بغیر ہمارے مشورے کے؛ بالا بالا۔ Over our heads :

کثرت سے لوگوں کو آباد کر دینا؛ کثیر آبادی ہونا؛ کثرت سے لوگوں کو (کسی جگہ) بھر دینا؛ حد سے زیادہ آباد کرنا (خصوصاً Pa.pple میں)۔ Over-people : (v)

حد سے زیادہ آباد۔ Over-peopled : (a)

کسی نہ کسی طرح راہ پر لے آنا؛ باوجود انکار کے راضی کر لینا کسی فیصلے یا میلان کے خلاف اسے آمادہ یا مائل کر لینا؛ منا لینا۔ Over-persuade : (v)

کسی کے فیصلے یا میلان کے خلاف اسے آمادہ کرنے یا مائل کر لینے کا عمل؛ انکار کے باوجود راضی کر لینا۔ Over-persuasion : (n)

حد سے زیادہ خوش؛ بے انتہا مسرور کر دینا۔ Over-please : (v)

حد سے زیادہ خوش ؛بے حد مسرور ۔ Over-pleased : (a)

حد سے زیادہ خوش کرنے والا (والی)؛ بے انتہا مسرور کن۔ Over-pleasing : (a)

آبادی میں بہت زیادہ ہونا؛ بے حد کثیر آبادی والا ہونا؛ بے حد گنجان آبادی والا ہونا۔ Over-populate : (v)

بے حد گنجان آباد۔ Over-populated : (a)

بے حد گنجان آبادی : (جغرافیہ) کثرت آبادی؛ کثیر آبادی : گنجان آبادی۔ Over-population : (n)

بے حد گنجان آباد ؛بے حد کثیر آبادی والا (علاقہ)۔ Over-populous : (a)

بے حد کثیر آبادی ہونے کی حالت یا صفت؛ کثرت آبادی۔ Over-populousness : (n)

(۱) بے حد دباؤ؛ بے حد بار (خصوصاً کام کا)؛ کام کی بے انتہا کثرت : کثرت کار ۔ (۲) (طبیعیات) Over-pressure : (n)

ضرورت سے زیادہ صاف کیا ہوا یا خالص کیا ہوا۔ Over-refined : (n)

بے حد لطیف؛ یادقیق صفائی یا شستگی؛لطیف باریکی یا نزاکت۔ Over-refinement : (n)

(معمول سے) زیادہ کرایہ لینا؛زیادہ لگان وصول کرنا۔ Over-rent : (v)

ضرورت سے زیادہ پکا ہوا۔ Over-ripe : (a)

اقتدار اعلیٰ کی حکومت۔ Over-rule : (a)

(۱)اقتدار اعلیٰ کے ذریعہ حکومت کرنا۔(۲) (کسی شخص پر) غالب آنا؛ (اس کی رائے کو بدل دینا یا مسترد کر دینا)۔ (۳) (کسی چیز کا) رائج ہونا؛ مروج ہونا؛چلن ہونا(دوسرے کے مقابلے میں زیادہ)۔ (۴)(فیصلے یا تجویز وغیرہ کو) مسترد کر دینا؛ نا منظور کر دینا؛ منسوخ کر دینا؛ رد کر دینا۔ Over-rule : (v)

حد سے زیادہ احتیاط پسندی یا صحت پسندی : بے حد احتیاط پسند یا صحت پسند۔ Over-scrupulosity : (n)

بے حد شکی :بے انتہا وہمی؛حدسے زیادہ محتاط؛ بے حد احتیاط پسند یا صحت پسند۔ Over-scrupulous : (a)

دیکھو Over-scrupulosity. Over-scrupulousness : (n)

(کسی چیز کی) اس سے زیادہ مقدار کی فروخت کا معاملہ کرنا جتنی اپنے پاس موجود ہو۔ Over-sell : (v)

(پانی ، کیچڑ وغیرہ) اتنا گہرا جس میں جوتا ڈوب جائے؛ ٹخنوں ٹخنوں؛ ٹخنوں بھر ؛ ٹخنوں تک۔ Over-shoe/-shoes : (adv. phr.)

دستخط کے ساتھ (لکھا ہوا) (وہ تحریر جو دستخط کے ساتھ ہو)۔ Over signatur/-ones signature : (phr.)

(کسی مسئلے کو) حد سے زیادہ آسان یا سادہ بنا کر پیش کرنا ؛ مسخ کر کے بیان کرنا؛ غلط ظاہر کرنا؛ غلط بیان کرنا۔ Over-simplify : (v)

(فوج) خندق) سے باہر (حملہ کرنے کے لئے)۔ Over the bags /-top :

حد سے زیادہ تلاطم پیدا کرنا؛ بے حد پریشان کرنا ؛ بے انتہا تکلیف دینا یا بے چین کرنا۔ Over-trouble : (v)

حد سے زیادہ تلاطم پیدا کرنا؛ بے حدپریشان یا بے چین ؛ بے حد تکلیف میں۔ Over-troubled : (a)

فشار زیاد۔

(۱)طباعت میں چھوٹی ہوئی یا دوبارہ چھپی ہوئی عبارت ؛ دوہری چھاپ۔ (۲) جو چیز دوبارہ چھاپ کر اضافہ کی گئی ہو؛ ڈاک ٹکٹ یا ڈیزائن پر کیا ہوااضافہ جو ٹکٹ پر دوبارہ چھاپ کر کیا گیا ہو۔ Over-print : (n)

(۱) (تصویر کشی) (مثبت پلیٹ کو) ضرورت سے زیادہ تاریک یا دھندلا بنا دینا ؛ منفی پلیٹ کو مثبت پلیٹ بنانے میں غیر مناسب یا زیادہ روشنی دینا؛ تاریک چھاپ؛ اوور پرنٹ.(۲) (چھپی ہوئی سطح پر) مزید چھاپنا؛دوہری چھپائی کرنا؛ چھپی ہوئی سطح کو دوبارہ زیر چاپ لانا۔ (۳) اضافی طباعت کرنا؛ اضافہ کے ساتھ دوہری چھپائی کرنا؛ایک ہی کاغذ کو اضافے کے ساتھ دوبارہ زیر چاپ لانا؛نیز حد سے زیادہ کاپیاں چھاپنا؛ بہت زیادہ کاپیاں چھاپ دینا۔ Over-print : (v)

(طباعت) چاپ در چاپ؛ دوہری چھپائی والا؛ دوہرا چھپا ہوا۔ Over-printed : (a)

جتنی مانگ ہو اس سے زیادہ (کسی چیز کی) پیداوار کرنا؛ طلب سے زیادہ پیدا کرنا؛ معینہ مقدار میں زیادہ پیدا کرنا؛ (صنعتی اشیاء)ضرورت سے زیادہ پیدا کرنا۔ Over-produce : (v)

ضرورت یا مانگ سے زیادہ پیدا وار؛ (معاشیات)بیش پیداوار؛ طلب سے زیادہ پیداوار؛کثرت پیدائش۔ Over-production : (n)

پروف قوت یا معیاری قوت والی اسپرٹ سے زیادہ الکحل والی (اسپرٹ)؛ (وہ اسپرٹ) جس میں الکحل کا تناسب پروف اسپرٹ سے زیادہ ہوتا ہے۔بہت تیز (شراب) جس میں معمول سے زیادہ روح شراب ہو۔ Over-proof : (a)

زائد تناسب ؛ بیش تناسب ؛ زیادتی تناسب؛ایک چیز کے مقابلے میں دوسری چیز کے تناسب کی زیادتی (زیادہ ہونا)۔ Over-proportion : (n)

صحیح تناسب سے بتانا یا اندازہ کرنا۔ Over-proportion : (v)

بہت زیادہ پڑھنا ؛حد سے زیادہ مطالعہ کرنا۔ Over-read : (v)

اصلیت سے زیادہ اندازہ کرنا؛ اصلیت سے زیادہ سمجھنا۔ Over-reckon : (v)

حد سے زیادہ نتھارنا؛ بہت زیادہ صاف کرنا یا خالص بنانا؛ بہت موشگافی کرنا یا باریکی نکالنا ؛ بہت باریک فرق نکالنا۔ Over-refine : (v)

Overact : (v) (۱) انتہائی فعال ہونا؛ حد سے زیادہ فعال ہونا؛ حرکت عمل میں انتہائی ہونا۔ (۲) ایکٹنگ میں حد سے بڑھ جانا؛ کسی پارٹ کو ادا کرنے میں بہت زیادہ اہتمام کرنا؛ ایکٹنگ میں حد اعتدال سے گذر جانا؛غلو کرنا؛ مبالغہ آمیز ادا کاری کرنا۔

Overaction : (n) (۱) انتہائی فعالیت؛ حد سے زیادہ فعالیت۔ (۲) مبالغہ آمیز ایکٹنگ یا اداکاری۔

Overactive : (a) ضرورت سے زیادہ چست یا مستعد؛ انتہائی فعال؛ حد سے زیادہ فعّال۔

Overactivty : (adv.) ضرورت سے زیادہ چستی یا مستعدی۔

Overall efficiency : (n) (انجینیرنگ)تمامی کارکردگی؛کل کارکردگی۔

Overalled : (a) لباس کار؛ پہنے ہوئے ؛ بالا پوش پہنے ہوئے ۔

Overarch : (v) (۱) کسی چیز کے اوپر) محراب سی بنانا۔ (۲)(کسی چیز کے اوپر)محراب سی بن جانا؛ محراب کی طرح جھکنا ۔

Overarch : (n) اوپر بنی محراب۔

Overawe : (v) بے حد مرعوب کر دینا؛ اچھی طرح رعب ڈالنا؛ انتہائی مرعوب کر دینا۔

Overbalance : (n) (۱) وزن؛ قدر و قیمت یا مقدار کی زیادتی؛ زیادہ وقیع ہونا؛ زیادتی ؛ بیشی ؛ بڑھوتری ؛ زیادہ وزنی ہونا۔ (۲) چیز جو وزن، مقدار یا قدر و قیمت میں زیادہ ہو ۔

Overbalance : (v) (۱) وزن یا قدر و قیمت میں زیادہ ہونا؛ زیادہ اہم یا وقیع ہونا؛ زیادہ وزنی ہونا؛ بھاری پڑنا؛ وزن؛ تعداد یا مقدار میں زیادہ ہونا؛پلّہ جھکا دینا؛ پلّہ سبک کر دینا۔ (۲) ڈگمگا کر گرنا ؛ عدم توازن سے گر پڑنا؛ توازن بگاڑ دینا یا بگڑ جانا؛ توازن میں خلل ڈال کر گرا دینا ؛ڈگمگا کر گرانا؛ تہ و بالا کر دینا (جہاز وغیرہ کو) الٹ دینا ۔

Overbank : (a) (ایک قسم کی توپ گاڑی) جس پر لگی توپیں دمدمہ کے اوپر سے داغی جا سکتی ہیں۔

Oerbear : (v) (۱) دبانا ؛ الٹ دینا؛ چت کرنا؛ پٹخ دینا؛ مغلوب کرنا۔ (۲) زیر کرنا؛ جبر کرنا؛ طاقت توڑنا؛ گرانا ؛ کھلنا۔(۳) (مجازاً) غالب آنا؛ قابو میں لانا؛ زیر اثر لانا؛ظلم کرنا ۔ (۴) مات کرنا؛ وزن میں بڑھ جانا ؛ اہمیت میں زیادہ ہونا؛ بھاری پڑنا ۔

Overbearance : (n) تحکمانہ یا جابرانہ برتاؤ ؛ جبر ؛ تحکم ؛ظلم ؛ آمریت۔

Ovrebearing : (a) جابر ؛ زور آور ؛ ظالم ؛ زبردست ؛ بالا دست ؛ متکبر ؛ متکبرانہ ؛ تحکم پسند ؛ تحکم پسندانہ ؛ دبنگ ۔

Overbearingly : (adv.) جابرانہ طور پر ؛ بالا دستی سے ؛ ظالمانہ ؛ متکبرانہ ؛ تحکمانہ ؛ تحکم پسندی سے ؛ دبنگ پن سے ؛ تکبر سے ؛ زبردستی سے ؛ طاقت کے زور پر ؛ دبا کر ؛ کچل کر۔

Overbearingness : (n) جبر ؛ بالا دستی ؛ ظلم ؛ تکبر ؛ تحکم پسندی ؛ دبنگ پن ؛ زور زبردستی ؛ آمریت۔

Overbend : (v) (۱) اوپر (کسی چیز کو) جھکانا ؛ کسی ایک سمت میں جھکانا۔ (۲) (کسی چیز کے) اوپر جھکنا یا جھکانا ۔ (۳) حد سے زیادہ جھکا دینا ؛ انتہائی خمیدہ کرنا ؛ بہت زیادہ موڑنا ۔

Overbid : (v) (۱) بڑھ کر بولی بولنا ؛ (دوسرے سے) زیادہ قیمت لگانا ۔ (۲) (چیز کی) قیمت سے زیادہ بولی بولنا ؛ اہمیت سے زیادہ قیمت لگانا۔ (۳) (برج) جتنا پتّہ بنا سکتے ہوں اس سے زیادہ بول دینا ؛ اپنی بازی سے بڑھ کر بولی بول دینا ؛ پہلی بولی سے بڑھ کر بولنا ؛ اپنے ساتھی کی بولی اپنے سر لے لینا۔

Overblow : (v) (۱) کسی چز کے سر پر (کوئی چیز) اڑانا ؛پھونک مارنا ؛ پھونکٹ مار کر اڑا دینا ؛ زور و شور کے ساتھ اڑانا۔ (۲) (طوفان کا) سر سے گذر جانا ؛ فرو ہو جانا؛ زور کم ہو جانا ؛ (مجازاً غصے ،خطرے وغیرہ کا) ٹل جانا (۳) (کسی چیز کو)اوپر اڑانا ؛ پھک سے اڑا دینا ۔ (۴) اڑ کر سطح کو ڈھک لینا (بالو ، برف وغیرہ کا) ؛ ہوا کے ساتھ بہہ کر چھا جانا یا گھیر لینا ۔ (۵) (بگل ، بانسری وغیرہ) حد سے زیادہ زور سے بجانا ؛ زور سے ناقوس وغیرہ پھونکنا ۔

Overblown : (a) (۱) فروشدہ (طوفان) ؛ (خطرہ) جو ٹل چکا ہو ۔ (۲) زیادہ کھلے ہوئے (پھول) ۔ (۳) اترا ہوا ؛ شباب سے گذرا ہوا ۔

Overboard : (adv.) جہاز یا کشتی کے کنارے کے اوپر سے (پانی میں) ؛ جہاز پر سے یا کشتی پر سے پانی میں ؛ جہاز سے باہر پانی میں ۔

To throw overboard : (۱) جہاز سے پانی میں پھینکنا ۔ (۲) (مجازاً) چھوڑ دینا ؛ الگ کر دینا ؛ ترک کر دینا ؛ ساتھ چھوڑ دینا ۔

(۱) بہت ابلنا ؛ حد سے زیادہ ابلنا ؛ بے حد جوش کھانا (خاص کر مجازی معنوں میں)۔ (۲) بہت زیادہ ابالنا یا جوش دینا ؛ ضرورت سے زیادہ ابالنا ۔ Overboil : (v)

انتہائی دلیر ؛ حد سے زیادہ بیباک؛گستاخ ؛ شوخ چشم ؛ متکبر ؛ مغرور ؛ بے ادب ۔ Overbold : (a)

انتہائی دلیری یا بے باکی سے ؛ گستاخانہ ؛ شوخ چشمی ؛ متکبرانہ ؛ بے ادبی کے ساتھ ۔ Overboldly : (adv.)

بہت زیادہ دلیری یا بے باکی ؛ گستاخی؛ بے ادبی؛ شوخ چشمی ؛ تکبر ۔ Overboldness : (n)

(انجینئرنگ) بالا پل ؛ اوور برج ۔ Overbridge : (n)

(۱) کناروں کے اوپر سے بہنا ؛ چھلکنا ؛ اوپر تک بھر کر گرنے لگنا (سیال یا برتن کا) (اکثر مجازی معنوں میں) چھلک پڑنا ۔ (۲) چھلکانا ؛ کناروں کے اوپر سے بہانا یا گرانا ۔ Overbrim : (v)

چھلکا ہوا ؛ چھلکایا ہوا ؛ کناروں کے اوپر سے بہہ کر گرا ہوا ۔ Overbrimmed : (a)

چھلکاؤ ؛ چمکانے یا چھلکانے کا عمل ؛ چھلکانے یا چھلکنے والا ۔ Overbrimming : (n)

چھلکانے یا چھلکنے والا ۔ Overbrimming : (a)

(۱) (کسی چیز پر یا اس کے اوپر)عمارت بنانا ؛ تعمیر کرنا ؛ مکان بنانا ۔ (۲)بہت زیادہ مکانات بنانا ؛ عمارتوں کی بھرمار کر دینا ۔ (۳) (کسی علاقے میں یا کسی جگہ) حد سے زیادہ گنجان عمارتیں بنا دینا ۔ Overbuild : (v)

(۱) حد سے زیادہ بوجھ ؛ ناقابل برداشت بوجھ ؛ بوجھ کی زیادتی ؛ گرانباری ؛ بارگراں ۔ (۲) (کان کنی) کان کا وہ بیکار حصہ جسے ہٹانے کے بعد کوئلے یا پتھر تک پہنچتے ہیں ۔ Overburden / -burthen : (n)

گنجائش سے زیادہ بھر دینا ؛ حد سے زیادہ لادنا ؛ بہت زیادہ بار کر دینا ؛ضرورت سے زیادہ بھر دینا ؛ حد سے زیادہ زیربار کرنا (نیز مجازاً) ۔ Overburden/ -burthen : (v)

حد سے زیادہ بار کیا ہوا ؛ ضرورت سے زیادہ بھرا ہوا ۔ Overburdened / -burthened : (a)

(تعمیرات) زیادہ پختہ(اینٹ) زیادہ پکی ہوئی(اینٹ) ۔ Overburt : (a)

ضرورت سے زیادہ مشغول ؛ انتہائی فضول خدمت ؛ Overbusy : (a)

خواہ مخواہ ہر کام کرنے کو مستعد ۔

ضرورت سے زیادہ خریدنا ؛ حیثیت سے زیادہ خریدنا ۔ Overbuy : (v)

(برج) اپنے ہاتھ کے پتوں سے جتنے ہاتھ بنا سکتا ہو اس سے بڑھ کر بولنا ؛ صلاحیت سے زیادہ بولنا ؛ زیادہ بولی دینا ؛ پہلی بولی سے زیادہ بولنا ؛بڑھ کر بولی دینا ۔ Overcall : (v)

شامیانہ ؛سائبان تاننا ۔ Overcanopy : (v)

حد سے زیادہ (بیجا طور پر) محتاط ؛ضرورت سے زیادہ محتاط ۔ Overcareful : (a)

ضرورت سے زیادہ محتاط ہو کر ۔ Overcarefully : (adv.)

(۱) خارج کیا ہوا شخص یا چیز ؛ رد کی ہوئی چیز ؛ آوارہ وطن یا بے خانماں شخص (بول چال) ۔ (۲) اوپر ڈالی ہوئی چیز ؛ استر ؛ استرکاری ؛ بادل جو آسمان کو یا اس ایک حصے کو گھیرے ہو یا اس پر چھایا ہو ۔ (۳) (کان کنی) ایک زمین دوز ہوا گذار کے اوپر دوسرا (زمین دوز ہوا گذار) ۔ (۴) (سوئی کا کام) اوپر اوپر (کنارے کو) سی دینا (تلکہ نہ کھلے) ۔ (۵) (موسمیات) حسابی تجاوز ۔ Overcast : (n)

(۱) (بول چال) تہ و بالا کرنا ؛ زیر و زبر کرنا ؛ گرانا ؛ الٹنا (ادبی و مجازی معنوں میں) ۔ (۲)(کسی چیز سے) ڈھک دینا ؛ (پوری سطح پر کوئی چیز) پھیلا دینا ۔ (۳) (آسمان پر) بادل گھرنا ؛ چھانا ؛کسی ایسی چیز کا چھانا یا پھیلانا جو سطح کو تاریک یا دھندلی بنا دے ؛ کہر آلود ہونا ؛ کہرا چھانا ۔ (۴) (مجازاً) پردہ ڈال دینا ؛ دھندلا بنا دینا ؛ تاریک کر دینا ؛ تیرہ بنا دینا ۔(۵) ابر آلود ہو جانا ؛ تیرہ و تار یا دھندلا ہو جانا (بول چال)۔ (۶) (سوئی کا کام) کھڑے کے کھلے ہوئے کناروں کو اوپر اوپر سی دینا (تلکہ کھلنے نہ پائیں) ؛ کاج دوزی کے ذریعہ کنارے کو مضبوط کرنا یا آراستہ کرنا ۔ Overcast : (v)

(۱) گہرا ہوا ؛ تاریک ؛ دھندلا ؛تیرہ ۔(۲) اوپر اوپر سلا ہوا (کنارہ)۔ Overcast : (a)

(۱) زیادہ بار ؛ زائد بوجھ ؛ بیش بوجھ ؛ضرورت سے زیادہ لدائی یا بھرائی (بارود کی) زیادتی ؛ تجاوز ۔ (۲) زیادہ بار کرنے یا بھرنے کا عمل ؛ زیادہ قیمت لینے کا عمل ؛ بے اندازہ قیمت ؛ نہایت گراں قیمت ؛ زیادہ لی ہوئی قیمت ۔ Overcharge : (n)

(۱) حد سے زیادہ لادنا یا بار کرنا ؛ (کوئی چیز) Overcharge : (v)

(۳) (by یا with کے ساتھ ، بحالت مفعول) مغمور ہونا : مد ہوش ہونا : بیخود ہونا ۔ (۴) (کسی مشکل پر) قابو پانا : سرکرنا : فتح کرنا : غالب آنا : فتح مند ہونا : کسی صدمے کے اثر سے نجات پانا : پنپنا۔
(۵) (بول چال) (غشی سے) ہوش میں آنا۔

Overcome : (a) مغلوب : بد حواس۔

Overcome with liquor : مدہوش : بد مست : نشے میں چور۔

Overcooled : (a) پُر سرد۔

Overcount : (v) (۱) تعداد میں بڑھ جانا : شمار میں زیادہ ہونا۔
(۲) زائد قیمت لگانا۔

Overcrop : (v) مناسب کھاد کا استعمال کئے بغیر متواتر کاشت کرکے زمین کی زر خیزی کو ختم کر دینا : زیادہ غلّہ اپجا کر زمین کو بے رس کر دینا : حد سے زیادہ کاشت کرنا۔

Overcrow : (v) (۱) فتح کے شاد یانے بجانا : ظفر مند ہونا : فتح پانا: غالب آنا۔ (۲) (کسی سے بڑھ کر) اترانا : فخر کرنا : اکڑنا : اینٹھنا : پھولے نہ سمانا۔

Overcrowd : (v) (۱) بے حد بھر جانا یا ٹھنس جانا : دھنسے پڑنا : ہجوم کر دینا : بے حد بھرنا یا ٹھونسنا۔ (۲) بہت بڑی تعداد میں جمع ہونا : ازدہام کثیر ہونا : بے حد ہجوم یا بھیڑ بھاڑ ہونا۔

Overcunning : (a) ضرورت سے زیادہ چالاک (جو خود زک اٹھائے)۔

Overcurrent-relay : (n) (برقیات ، انجینئرنگ) زائد روی ریلے۔

Overdare : (v) حد سے زیادہ دلیر ہونا : انتہائی جری ہونا : حد سے زیادہ ہمّت یا جسارت کرنا۔

Overdaring : (n) غیر معمولی جسارت : حیرت انگیز بہادری : بے حد بہادری : انتہائی جرأت۔

Overdeck : (v) بے حد آراستہ کرنا : ضرورت سے زیادہ سجانا سنوارنا : بے حد مزین کرنا۔

Overdo : (v) (۱) (کسی کام میں) حد سے بڑھ جانا : حد سے زیادہ تجاوز کرنا : حد سے زیادہ مبالغہ یا اہتمام کرنا۔
(۲) معینہ حد کو پار کر جانا : حد سے زیادہ کاکردگی دکھانا۔ (۳) بہت دور تک پہنچانا : مقابلتاً زیادہ دور تک ڈھونا یا لے جانا۔ (۴) بہت زیادہ پکا دینا : جلا دینا : (عموماً Pa. pple میں overdone)۔ (۵) طاقت کو توڑ دینا : شل کر دینا : بے دم کر دینا : مغلوب کرنا : زیر حد سے زیادہ مہیا کر دینا۔ ضرورت سے زیادہ بھر دینا (بارود ، بجلی وغیرہ)۔ (۲) (مجازاً) زیادہ رنگ آمیزی کر دینا : زیادہ مبالغہ کرنا : بڑھا کر لکھنا۔
(۳) (بیان میں) ضرورت سے زیادہ تفصیلات بھر دینا : ضرورت سے زیادہ نقوش بھر دینا : (تصویر میں) جزئیات کی بھر مار کر دینا۔ (۴) زیادہ قیمت لینا : ٹھگنا۔ (۵) قیمت سے زیادہ لینا (بہ تفصیل رقم)۔

Overcheck : (a) دہانے کو اوپر کھینچنے والی : روکنے والی (لگام) : جو گھوڑے کے سر پر ، دونوں کانوں کے بیچ سے ہو کر گذرتی ہے۔

Overcheck : (n) Overcheck rein / - Bridge دیکھو

Overcheck : (n) ایک وضع یا طرز جس میں کسی دوسرے ڈیزائن کے اوپر چارخانہ بنا ہوتا ہے۔

Overcheck briddle : (n) Overcheck rein (لگام کا) دہانہ جس میں لگی ہو۔

Overcheck rein : (n) لگام جو گھوڑے کے سر پر ، دونوں کانوں کے بیچ سے ہو کر گذرتی ہے تاکہ لگام کے دہانے کو اوپر کھینچا جا سکے (روکنے کے لئے)۔

Overcloud : (v) (۱) بادلوں سے ڈھک دینا : ابر آلود کر دینا۔
(۲) (مجازاً) سایہ ڈالنا : سائے میں گھیر لینا : سایہ پھیلا دینا : تاریک کر دینا : تیرہ کرنا : بے نور کر دینا : دھندلا دینا : چھپا دینا : غیر واضح کرنا : ماند کر دینا۔ (۲) (مجازاً) غمگین و ملول کرنا۔
(۳) ابر آلود ہو جانا : بادلوں میں گھر جانا : بادل چھا جانا : بادلوں میں ڈھک جانا یا چھپ جانا : دھندلا جانا : بے نور ہونا : تاریک ہو جانا (مجازاً) غمگین و ملول ہونا۔

Overcloy : (v) اکتا دینا : بے حد سیر کر دینا : حد سے زیادہ کھلا پلا دینا : چھلکا دینا۔

Overcoat : (n) بالائی کوٹ : اوور کوٹ : فرغل : بالا پوش۔

Overcolour : (v) مبالغہ کرنا : زیادہ رنگ آمیزی کرنا۔

Overcolouring : (n) مبالغہ آمیزی : مبالغہ آرائی : حد سے زیادہ رنگ آمیزی۔

Overcome : (v) [OE. 'Ofercuman.'] (۱) زیر کرنا : مغلوب کرنا : شکست دینا : چت کر دینا : ہرا دینا (کسی مقابلے میں)۔
(۲) عاجز کرنا : تھکا دینا : مجبور کر دینا : جذبات کا غلبہ ہونا : جذبات سے مغلوب ہو جانا یا کر دینا۔

کرنا : شکست دینا ؛ غالب آنا ۔ (۶) سبقت لے جانا ؛ مات دینا (متروک)۔

Overdog : (n) حکمراں یا مستفیض طبقہ ۔

Overdone : (a) (۱) حد سے بڑھا ہوا ؛ مبالغہ آمیز ؛ حد سے متجاوز ۔ (۲) بہت زیادہ پکا ہوا ؛ جلا ہوا ۔ (۳) بے دم کیا ہوا ؛ عاجز ؛ شل ؛ تھکا ہارا ؛ مغلوب ؛ شکست خوردہ ۔ (۴) جس میں حد سے زیادہ کا رکردگی دکھائی گئی ہو ۔

Overdoor : (n) (تعمیرات) سرد ؛ چوبی نقش و نگار جو دروازے کے روکار پر بنے ہوتے ہوں ؛ منقش روکار (دروازے کا)۔

Overdose : (n) دوا وغیرہ کی ضرورت سے زیادہ خوراک ۔

Overdose : (v) (کسی شخص کو) خوراک سے زیادہ دوا کھلا دینا ؛ ضرورت سے زیادہ دوا پلا دینا ۔

Overdraft : (n) زائد وصول ؛ فاضل وصولی ۔ (بینک) اوور ڈرافٹ ؛ زائد براری ؛ کھاتے میں موجود رقم سے زیادہ نکاسی ؛ وہ رقم جس کی وجہ سے کوئی ڈرافٹ اپنے متعلقہ کھاتے کی بقایا رقم سے تجاوز کرتا ہو ۔

Overdraught/ -draft : (n) آتش دان ؛ چولہے یا بھٹی کے اوپر سے گذرتی ہوئی یا اس میں (اوپر سے) داخل ہوتی ہوئی ہوا ۔

Overdraw : (v) (۱) اوور ڈرافٹ کرنا ؛ (بینک میں موجود اپنی رقم سے) زائد نکال لینا ؛ زائد وصولی یا زائد براری کرنا ۔ (۲) نقاشی یا تصویر کشی میں حد سے بڑھ جانا ؛ مبالغہ کرنا ؛ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا ؛ مبالغہ آرائی کرنا ؛ رنگ آمیزی کرنا ۔

Overdrawal : (n) (معاشیات) زائد زر براری ۔

Overdress : (n) ایک قسم کا چغہ یا لبادہ جس کے ساتھ اندرونی پوشاک کا کچھ حصہ بھی جڑا ہوا ہوتا ہے ۔

Overdress : (v) (۱) حد سے زیادہ بناؤ سنگار کرنا ؛ حد سے زیادہ کپڑے پہنانا یا پہن لینا ؛ بہت زیادہ آراستہ ہونا یا کرنا ؛ حد سے زیادہ سنوارنا یا سنورنا ۔ (۲) بہت زیادہ مسالے ملا دینا ؛ بہت زیادہ پکا دینا ؛ کھرا کر دینا ؛ جلا دینا ۔

Overdrive : (n) موٹر گاڑی کا وہ میکانزم جو گاڑی کو دھکیلنے والے دھرے کو اس کے گیئر بکس والے دھرے کی بہ نسبت زیادہ تیز گھماتا ہے ؛ (نیز مجازاً)۔

Overdrive : (v) (۱) (گھوڑے کو) دوڑا کر تھکا مارنا ؛ (آدمی کو) کام لیتے لیتے شل کر دینا ؛ (کسی چیز سے) اتنا کام لینا کہ وہ بیکار ہو کر رہ جائے ؛ حد سے زیادہ یا قوت سے زیادہ کام لینا ۔ (۲) اتنا تیز (گاڑی) چلانا کہ بے قابو ہو جائے (خصوصاً رات میں) اور جسے حد بصارت کے اندر (کوئی چیز سامنے آنے یا راہ تنگ ہونے کی حالت میں) روکنا ممکن نہ ہو ۔

Overdue : (a) خارج المیعاد ؛ زائد المیعاد ؛ عارض المیعاد (چک، ہنڈی وغیرہ جس کی تاریخ گذر گئی ہو)۔

Overfall : (n) (۱) (جہاز رانی) سمندر کا پر شور حصہ (جہاں پانی زیر آب چٹان یا متخالف موجوں سے ٹکراتا ہے) ۔ (۲) بند کا دہانہ یا مخرج (نہر کی سطح اونچی یا نیچی کرنے کے لئے)؛ (ماقوائیات) دہانہ بند ؛ مخرج بند ۔ (۳) سمندر کی تہ میں دفعتاً نشیب آنا ؛ (بحر غرافیہ) گرارا ۔ (۴) آبشار ۔

Overfault : (n) (ارضیات) الٹا شگاف ؛ پرت کی ساخت میں نقص یا شگاف جو اوپر کی طرف مائل ہو ۔

Overfish : (v) اس قدر مچھلیاں پکڑنا کہ تالاب (وغیرہ) خالی ہو جائے ۔

Overflourish : (v) اُگے ہوئے پودوں یا پھولوں سے ڈھک دینا ؛ شگفتگی و شادابی سے ڈھک دینا یا ڈھک لینا ۔

Overflow meeting : (n) زائد جلسہ (ان لوگوں کا جنہیں کانفرنس کے پنڈال وغیرہ میں جگہ نہ ملے ؛ مقام جلسہ کی سمائی سے زائد عوام لکا جلسہ ۔

Overflush : (v) بہت زیادہ پانی نکال دینا یا بہا دینا ؛ (کھیت وغیرہ میں) بہت زیادہ پانی بھر دینا ۔

Overflush : (a) بہت زیادہ پانی بھرا ہوا ۔

Overfly : (v) (۱) اڑ کر اوپر سے گذرنا یا پار ہونا ۔ (۲) اڑ کر اُس پار ہو جانا ؛ اڑ کر آگے نکل جانا ؛ (کسی معینہ حد سے) آگے تک اڑ کر چلا جانا ۔ (۳) پرواز میں سبقت لے جانا ؛ بلند تر ؛ تیز تر یا دور تر اڑنا ۔

Overfold : (n) (ریاضیات) پرت کی الٹی تہ جس میں بیچ کا حصہ دوہرا ہو کر نیچے سے اوپر آ جائے ؛ لف بالا ۔

Overfold : (v) (۱) اوپر سے لپیٹنا ؛ ڈھانکنا ۔ (۲) (ریاضیات) (پرت کا) دھکلا کر اوپر اٹھ جانا ۔

Overforward : (a) بے حد مستعد ؛ ضرورت یا معمول سے زیادہ ذہین اور سمجھدار ؛ بیحد شوخ ؛ گستاخ ؛ دلیر ؛ چالاک ؛

چلتا ہوا ۔

Overforwardly : (adv.) ضرورت سے زیادہ مستعدی کے ساتھ ؛انتہائی چالاکی سے ؛ بے حد شوق کے ساتھ ۔

Overforwardness : (n) بے حد مستعدی؛ ضرورت یا معمول سے زیادہ ذہانت یا سمجھداری ؛ ضرورت سے زیادہ شوخی یا چالاکی ۔

Overframe : (adv.) چوکھٹے سے باہر (ٹیلی ویژن تحریر میں ہدایت کے طور پر استعمال ہوتا ہے ؛ یہ بتانے کے لئے کہ آواز کا منبع (اسپیکر وغیرہ) پردے پر نظر نہیں آتا ۔

Overfree : (a) حد سے زیادہ آزاد ؛ ضرورت سے زیادہ آزاد۔

Overfreedom : (n) حد سے زیادہ یا ضرورت سے زیادہ آزاد ہونا ؛ غیر معمولی آزادی ؛ حد سے زیادہ ڈھیل ؛ چھوٹ یا بیباکی ۔

Overfreely : (v) حد سے زیادہ آزادی کے ساتھ ؛ ضرورت سے زیادہ آزادانہ یا بے باکانہ ۔

Overfreight : (v) حد سے زیادہ بوجھ لادنا ؛ حد سے زیادہ بار کرنا۔

Overfreight : (n) حد سے زیادہ بار یا بوجھ ؛ حد سے زیادہ لدائی۔

Overfront : (n) Inverness coat کا بغلی پلّہ ۔

Overfull : (a) [OE. 'Oferfull. '] بہت ہی یا حد سے زیادہ بھرا ہوا ؛ بالکل لبالب یا لبریز ۔

Overfullness ; (n) حد سے زیادہ بھرا ہوا ہونے کی حالت ؛ لبریزی ۔

Overgang : (v) [OE.'Ofergangan.'] (اسکاتستانی اور شمالی بول چال) (۱) قابو پانا ؛قابو میں کرنا ؛ زیر کرنا ؛ مغلوب کرنا ؛ بے بس کرنا ؛ دبا لینا ؛ قابو میں لانا ؛ غالب آنا ؛ چھا جانا ؛ بے قابو کر دینا ۔ (۲) پار کرنا ؛ عبور کر جانا ؛ سیل تند کی مانند گذرنا یا پھیل جانا ؛ تاخت و تاراج کرنا ؛ لوٹنا اور برباد کرنا تیزی سے (کسی چیز کے اوپر سے) گذرنا ۔ (۳) (کسی حد سے) آگے نکل جانا ؛ تجاوز کرنا ؛ آگے بڑھ جانا ۔

Overget : (v) (۱) (بول چال) جا پکڑنا ؛ جا لینا ؛ برابر آجانا۔ (۲) (کسی ناگوار کام کو) ختم کرنا ؛ (مشکل پر) غالب آنا ؛ (بیماری وغیرہ سے) نجات پانا ؛ شفایاب یا صحتیاب ہونا ۔

Overgild : (v) [OE.'Ofergyldan. '] ملمع کرنا ؛ ملمع کا خول چڑھانا ؛ (مجازاً) سنہرا رنگ چڑھانا ؛ سنہری جھلک پیدا کرنا ۔

Overgilt : (a) ملمع کاری کیا ہوا ؛ جس میں سنہری چمک پیدا کی گئی ہو ۔

Overgo : (v) [OE. 'Ofergan. '] (۱) (دیوار ، ندی ،احاطے وغیرہ کو) پار کرنا ؛ پھاند جانا ؛ عبور کرنا ۔ (۲) (مجازاً) (حد سے) تجاوز کرنا ؛ آگے بڑھ جانا ؛ سبقت لے جانا ؛ بازی لے جانا ۔ (۳) (بول چال) غالب آنا ؛ قابو میں کرنا ؛ بے بس کرنا ؛ دبا لینا ؛ بے قابو کرنا ؛ مجبور کرنا ؛ زیر کرنا ؛ پست کرنا ؛ حاوی ہونا ؛ چھا جانا ۔ (۴) (بول چال) سیل تند کی مانند اوپر سے گذر جانا یا پھیل جانا ؛ تاخت و تاراج کرنا ۔ (۵) اس سرے سے اس سرے تک سفر کرنا ؛ کسی مقام سے ہو کر گذرنا ؛ غرضاً پار کرنا ۔ (۶) (بہ لحاظ زمانہ) گذر جانا ؛ بیت جانا ؛ (بول چال) ۔

Overgovern : (v) بیکار قواعد و ضوابط نافذ کرنا ؛ فضول ضابطوں کی پابندی کرانا ؛ ناقابل برداشت حد تک قابو میں رکھنا یا مطیع رکھنا ۔

Overgovernment : (n) نا قابل برداشت حکومت ؛ ناقابل برداشت حکمرانی ۔

Overground : (a) بالا ئے زمین واقع ؛ بالائے سطح ؛زمین کے اوپر کا (زیر زمین کی ضد) ۔

Overgrow : (v) (۱) (بیل کا دیوار وغیرہ پر) پھیل جانا ؛ڈھک لینا ؛ چھا جانا ۔ (۲) بہت زیادہ بڑھ جانا ۔ (۳) بہت زیادہ لمبا ہو جانا ؛ بہت بڑا ہو جانا ؛ غیر ضروری طور پر بڑھ جانا ۔ (۴) دوسرے سے زیادہ بڑھ جانا ؛حد سے زیادہ بڑھ جانا ؛ اتنا بڑھ جانا کہ کپڑے تنگ یا چھوٹے ہو جائیں ۔

To overgrow oneself : حد سے زیادہ بڑھ جانا ؛ مناسب قامت سے زیادہ بڑھ جانا ؛ قوت و توانائی میں کم مگر قد میں بہت زیادہ ہونا ۔

Overgrowth : (n) (۱) حد سے زیادہ یا انتہائی تیز روئیدگی یا بالیدگی ؛ کثرت روئیدگی ؛ وہ روئیدگی ، پودے یا بیلیں جنھوں نے دیوار وغیرہ کو ڈھک لیا ہو ؛ (نباتیات) بر بالیدگی ؛کثیر بالیدگی ۔ (۲)کسی چیز کے اوپر کو بالیدگی یا ابھار ؛ (طب) زائدہ ؛ بر آمدگی ۔ (۳) (کسی عضو کا) اتنا بڑھ جانا کہ صحت کے لئے مضر ہو ۔

Overhair : (n) سموردار چوپایوں میں وہ لمبے اور کھڑے بال جو نرم روئیں یا سمور سے زیادہ بڑے ہو جاتے ہیں ۔

Overhand : (adv.) (۱) اس طرح جس میں ہاتھ اس چیز کے اوپر ہو جسے وہ پکڑے ہو ؛ جس میں ہاتھ پلنے کے اوپر ہو ؛ (کرکٹ ، ٹینس وغیرہ میں) جس میں ہاتھ کندھے سے

اونچا اٹھ جائے ۔ (۲) (کان کنی) نیچے سے اوپر کی طرف ۔ (۳) (سوئی کا کام) (دوسروں کو ملا کر) اس طرح (سینا) کہ ٹانکوں کے درمیان کا تاگا کناروں کے اوپر ہو۔

To sew overhand : دو کناروں کو ملا کر اس طرح سینا کہ ٹانکوں کے درمیان کا تاگا کناروں کے اوپر ہو ؛ ترپنا ۔

Overhand : (a) (۱) (کرکٹ ، ٹینس وغیرہ) کندھے سے اوپر ہاتھ اٹھا کر کی ہوئی (بولنگ)۔ (۲)(کان کنی) نیچے سے اوپر کی طرف کھدائی کی ہوئی (درز) ۔(۳) دیکھو Overhand knot ۔

Overhand knot : (n) معمولی گرہ جو رسے ، دھاگے وغیرہ کے سرے پر ڈال دی جاتی ہے تاکہ اس کے تار نہ ادھڑنے پائیں ۔

Overhang : (n) آگے کو نکلا ہوا : آگے نکلا ہوا حصہ؛جھکاؤ؛جھکاؤ کی مقدار ؛ (خصوصاً جہاز رانی) سطح آب کے اوپر جہاز کے آگے اور پیچھے کے اوپری حصوں کا آگے نکلا ہوا ہونا ؛ (طیر وغیرہ) پیش آمدگی ؛ بڑھاؤ ۔

Overhang : (v) (۱) (کسی چیز کے) اوپر لٹکانا ؛ آویزاں کرنا ؛ اوپر سے آگے کو نکالنا ؛ آگے کو نکلا ہوا ہونا ؛ آگے کو نکلا ہوا اور کسی چیز پر سایہ کئے ہونا ؛ بنیاد سے آگے کو نکلا ہوا ہونا ؛ اوپر میں آگے کو نکلا ہوا ہونا ۔ (۲) (مجازاً) سر پر کھیلنا ؛ منڈ لانا ؛ سر پر لٹکنا ۔ (۳) اوپر سے سہارا دیئے ہوئے ہونا ؛ اوپر سے سہارا دینا ۔

Overhaul : (v) [G. Uberholen.] (۱) (جہاز رانی) (رسّے کو) الٹا کھینچ کر ڈھیلا کرنا ؛ اس طریقے سے جر ثقیل کی چرخیوں کو کھولنا یا الگ کرنا ۔ (۲)(مرمت کی غرض سے) تفصیلی جائزہ لینا یا معائنہ کرنا ؛ معائنے کے لئے اجزا علاحدہ کرنا ؛ ایک ایک جز کو علاحدہ کر کے معائنہ کرنا ؛ معائنہ کرنا ؛ جانچ پڑتال کرنا ۔ (۳) (جہاز رانی) جا لینا ؛ جا پکڑنا ؛ برابر پہنچ جانا ۔

Overhaul : (n) تفصیلی جانچ پڑتال ؛ تفصیلی جائزہ یا معائنہ(خصوصاً مرمت کے خیال سے) ۔

Overhauling : (n) دیکھو Overhaul

Overhead : (adv.) (۱) سر کے اوپر ؛ بالائے سر ؛ سر پر ؛آسمان پر یا ہوا میں (خصوصاً سمت الراس میں یا اس کے قریب) ؛ اوپری منزل پر ؛ اوپر کی منزل میں ؛ بالائی فرش پر؛ بالائی منزل پر ۔ (۲) اس طرح کہ بالکل ڈوبا ہوا ہو ؛ (مجازاً) غرق بلا ؛ غرق مصائب ؛ سر سے اونچا ۔

Overhead : (a) (۱)اوپری ؛ بالائی ؛ اوپر کا ؛ سر سے اوپر یا زمین سے کچھ فاصلے پر واقع یا رکھا ہوا ؛ (گاڑی کے اس انجن پر بھی اطلاق ہوتا ہے جو گاڑی کے اوپر ہوتا ہے) ۔ (۲) ایک دوسرے پر قابل اطلاق ؛ عام ؛ اوسط ۔

Overhead charges/ -costs : (n) عام اخراجات ؛ بالا اخراجات ؛ بالائی لاگت ؛ اوپری لاگت ؛ عام لاگت ؛ (مثلاً کرایہ ، روشنی ، گرمی یا دفتر کے عام اخراجات جنہیں کسی مخصوص کام یا کسی مخصوص شے پر نہیں لادا جا سکتا) ۔

Overhead gear : (n) اوپری گیئر ؛ گاڑی کا گیئر جو اوپر ہوتا ہے ۔

Overhead steam-engine : وہ بھاپ انجن جس کا استوانہ چکر کہنی (دھرے کا وہ حصہ پرزہ جو اسے عمودی اور دوری دونوں قسم کی حرکتیں دے سکتا ہے)کے اوپر ہوتا ہے اور چلانے والی حرکت نیچے کی طرف ہوتی ہے ۔

Overhear : (v) [OE. 'Oferhieran. '] (۱) سن پانا ؛ اتفاقیہ طور پر سن لینا ۔ (۲) چھپ کر سن لینا ۔

Overheat : (v) حد سے زیادہ گرم کرنا ؛ بے حد گرم کر دینا ۔

Overheated : (a) (فلزیات) پر تپیدہ ؛ حد سے زیادہ گرم ۔

Overhouse : (a) (ٹیلی گراف یا ٹیلی فون کے تار) جو مکانوں کے اوپر سے اور ان کی چھتوں کے سہارے گذرتے ہوں ، جو بجائے کھمبوں کے مکان پر لگے ہوئے ہوں ۔

Overhoused : (a) اپنی ضرورت سے بڑے مکان میں رہنے والا ۔

Overhung : (a) (۱) اوپر سے آگے کو نکلا ہوا ۔(۲) جس کے اوپر کوئی چیز لٹکی یا ٹنگی ہو ۔ (۳) لٹکا ہوا ؛ معلق ؛ اوپر سے سہارا لئے ہوئے ۔ (۴) (گوشت وغیرہ) جو بہت دنوں تک لٹکا کر رکھا گیا ہو ؛ جو زیادہ عرصہ تک ٹنگا رہا ہو ۔

Overjoy : (v) (۱) (خوشی سے) بے خود کر دینا ؛ حد سے زیادہ خوش کرنا ۔ (۲) بے انتہا خوش ہونا ؛ باغ باغ ہونا ؛ پھولے نہ سمانا ؛ بے حد مسرور ہونا ؛ جامے میں نہ سمانا ۔

Overjoyed : (a) بے حد مسرور ؛ بے انتہا خوش ؛ انتہائی باغ باغ ۔

Overjump : (v) (۱) کودنا ؛ چھلانگ لگانا ؛ جست لگانا ؛ اچھلنا ؛ (مجازاً) حد سے گذر جانا ؛(انسانی عقل ، تجربے ، بیان ، قیاس وغیرہ سے) ماورا ہونا ؛ مافوق ہونا ؛ پرے ہونا ۔ (۲) بہت لمبی جست لگانا ؛دور دور تک پھاند جانا ۔ (۳) اپنی قوت سے زیادہ لمبی جست لگانا ؛ طاقت سے زیادہ(دور تک) پھاند جانا ؛ کودنے میں رگ

پٹھا چڑھالینا۔

Overkill : (n) دشمن کو پوری طرح تباہ کرنے کی طاقت سے زائد اندازہ : ضرورت سے زیادہ تباہی وغارتگری(کی صلاحیت) نیز توصیفاً ۔

Overknee : (a) گھٹنے سے اوپر تک کا ۔

Overlade : (v) حد سے زیادہ بوجھ لادنا۔

Overladen : (a) حد سے زیادہ لدا ہوا ۔

Overland : (n) (مقامی) انگلستان کے مغرب میں کسی مخصوص حق ملکیت کے ذریعہ حاصل شدہ زمین ۔

Overland / Over land : (adv.) خشکی کے راستے سے:بری راستے سے ۔

Overland : (a) خشکی کا یا کچھ سمندر اور کچھ خشکی کا (رستہ) (خصوصاً یورپ سے ہندوستان کا بحیرۂ روم سے ہو کر بحرالکاہل سے بحر اوقیانوس تک بر اعظم یورپ سے ہو کر)۔

Overland : (v) (آسٹریلیا) ایک آسٹریلیائی نو آبادی یا دارالحکومت سے دوسری نو آبادی یا دارالحکومت تک خشکی کی راہ سے سفر کرنا (خصوصاً مویشیوں کو ہنکاتے ہوئے)۔

Overland route : (n) (۱) بری راستہ : خشکی راستہ : راستہ جو کلیتاً بری ہو یا کچھ بری ہو (خصوصاً) بحیرۂ روم سے ہو کر (یورپ سے) ہندوستان کا راستہ ۔ (۲) امریکا میں بحر اوقیانوس سے مغرب کو بحرالکاہل تک براعظم سے ہو کر گذرنے والا کوئی بھی راستہ ۔

Overland traffic : (n) بری حمل و نقل ۔

Overlander : (n) (آسٹریلیا) ایک آسٹریلوی نو آبادی یا دارالحکومت سے دوسری نو آبادی یا دارالحکومت تک خشکی کی راہ سے سفر کرنے والا (خصوصاً مویشیوں کو ایک نو آبادی سے دوسری نو آبادی تک یا کہیں دور دراز مقام کو لے جانے والا ۔

Overlap : (n) تراکب : بر پوشی : وہ حصہ یا جگہ جہاں ایک کنارے (یا چیز) دوسرے کنارے (یا چیز) پر رکھا ہوتا ہے (خصوصاً ارضیات میں) نیز توصیفاً۔

Overlap : (v) (۱) ایک چیز کا (دوسری چیز کے) ایک حصے کو ڈھکنا : اوپر ہونا : جزوی طور پر ڈھکنا ۔ (۲) پورا ڈھک کے باہر نکلا رہنا ۔ (۳) (دو یا زیادہ چیزوں کا) ایک حد تک ایک دوسری کو ڈھکنا : ایک حد تک منطبق ہونا ۔ (۴) (ارضیات) نئی پرت یا چٹان کا پھیل کر پرانی چٹان کو پوری طرح ڈھک لینا بلکہ اس کے کناروں سے آگے پھیل جانا ۔ (۵) اوپر سے لپیٹ لینا یا گھیر لینا ۔

Overlap joint : (n) جوڑ جہاں ایک کنارا دوسرے کنارے پر چڑھا ہوتا ہے : (ارضیات) متراکب طبقات ۔

Overlapping : (n) (نفسیات ، فلسفہ) بر پوشی : تراکب ۔

Overlapping : (a) (۱) متراکب : بر پوش ۔ (۲) ملوان ۔

Overlapping shift : (n) ملوان نوبت ۔

Overlay : (n) (۱) (اسکاتستان) گلو بند : نکٹائی ۔ (۲) (طباعت) مطلوبہ شکل اور سائز میں تراشا ہوا کاغذ کا ٹکڑا جسے بعض جگہوں پر چھپائی کو زیادہ شوخ بنانے کے لئے چھاپنے والی تختی پر چپکا دیا جاتا ہے ۔ (۳) پوشش : کوئی چیز جو کسی چیز پر بطور غلاف ڈالی ہوئی ہو : (خصوصاً) چھوٹا میز پوش :پوش تہ ۔

Overlay : (v) (۱) کسی چیز پر کسی چیز کو پھیلا کر (اس کی سطح کو ڈھک دینا : اوپر سے ڈھک دینا : سطح کو ڈھک دینا : سطح پر پھیلا نا : بچھانا ۔ (۲) (طباعت) چھپائی تختی پر مطلوبہ شکل اور سائز کا کاغذ چپکا نا (تاکہ بعض جگہوں پر طباعت زیادہ شوخ ہو) : تہ جمانا ۔ (۳) کسی چیز کے اوپر پڑا ہونا یا رکھا ہونا (اس کے لئے صحیح طور پر Overlie مستعمل ہے) ۔ (۴) اوپر پڑ کر یا چھا کر دبا دینا : چھپا دینا : (آگ) بجھا دینا : دم گھونٹ کر مار ڈالنا ۔ (۵) اوپر رکھے ہوئے وزن جیسا اثر ڈالنا : دبانا ۔ (۶) کسی حرکت یا عمل کو روکنے کے لئے اسے اوپر سے دبانا : اوپر سے دبا کر روک دینا : گلا گھونٹنا : دم گھونٹ کر مار ڈالنا : آگ پر راکھ ڈال کر بجھانا یا دبانا ۔ (۷) (جہاز رانی) (کسی جہاز سے ہو کر) دوسرے جہاز کا رسہ یا لنگر گذارنا : روکنے، رگڑ پیدا کرنے یا غصہ دلانے کے لئے ۔

Overlayer : (n) کسی چیز کے اوپر پڑی ہوئی چیز : غلاف :اوپر سے دبانے والا یا دبا کر روکنے والا : سطح پر پھیلی ہوئی یا جمی ہوئی چیز۔

Overlaying : (n) اوپر سے ڈھک لینے ، چھا جانے یا دبا دینے کا عمل : سطح پر پھیلی ہوئی چیز : غلاف : پوشش۔

Overleaf : (adv.) دوسرے صفحہ پر : (کاغذ کے) ورق کی دوسری جانب یا پشت پر : پس ورق :پشت پر : پشت کے صفحے پر۔

Overleap : (v) [OE. 'Oferhleapan. '] (۱) (کسی چیز کے) اوپر سے :

Overlooker : (n) نگاہ رکھنے والا ؛ نگہبان ؛ نگراں ؛ دیکھ بھال کرنے والا ؛ جاسوس ؛ مخبر ؛ خفیہ نویس ۔

Overlord : (n) سردار ؛ فرماں روا ؛ حاکموں کا حاکم ؛ امیر الامراء ۔

Overlordship : (n) سرداری ؛ فرماں روائی ؛ اقتدار اعلیٰ ۔

Overly : (a) (بول چال) مغرور ؛ متکبر ؛ خود پسند ؛ دوسروں کو حقیر سمجھنے والا ۔

Overlying : (n) بر افتادگی ؛ اوپر پڑا ہونا یا چڑھا ہونا ۔

Overman : (n) (۱) منصف ؛ حکم ؛ ثالث ؛ پنچ ؛ بھولیا ؛ فیصلہ کرنے والا ۔ (۲) فورمین ؛ مزدوروں کا پیش دست یا داروغہ جو دوسرے مزدوروں کے کام کی نگرانی کرتا ہے ؛ مزدوروں کا نگراں (خصوصاً کوئلیری میں) ۔ (۳) (فلسفہ) مافوق الانسان (جو اخلاق معیار سے بالا تر ہو) ۔

Overman : (v) ضرورت سے زیادہ آدمیوں کو بلا لینا یا اکٹھا کر لینا ؛ (کسی کام پر) ضرورت سے زیادہ آدمیوں کو لگا دینا ۔

Overmantle : (n) منقش الماری جو آتش دان کے اوپر بنی ہو ۔

Overmantle : (v) لبادے یا چوغے کی طرح اوپر سے اوڑھا دینا یا ڈھانپ دینا ۔

Overmany : (a) تعداد میں بہت ہی زیادہ ۔

Overmasted : (a) زیادہ مستولوں والا ؛ بھاری مستولوں والا ۔

Overmaster : (v) (۱) پوری طرح غالب آنا ؛ قابو پانا ؛ حاوی ہونا ؛ فائق ہونا ۔ (۲) فتح کرنا ؛ قدرت حاصل کرنا ؛ عبور حاصل کرنا ؛ کامل دسترس یا دستگاہ پیدا کرنا (خاص کر مجازی معنوں میں) ۔

Overmasteringly : (adv.) پوری طرح حاوی ہو کر ؛ کامل دسترس پیدا کر کے ؛ کامل دستگاہ کے ساتھ ۔

Overmatch : (n) (۱) (شخص یا چیز) جو اپنے مقابل سے بڑھ کر ہو ؛ (کسی کے مقابلے میں) زیادہ قوی ، جالاک وغیرہ ۔ (۲) طاقتور (اب شاذ مستعمل ہے) ۔ (۳) زہر ۔

Overmatch : (v) (۱) (کسی کے مقابلے میں) زیادہ قوی، جالاک وغیرہ ہونا ؛ فائق ہونا ؛ زیادہ بڑھا ہوا ہونا ؛ طاقتور ہونا ۔ (۲) غالب آنا ؛ شکست دینا ؛ مات کرنا (زیادہ قوت یا بہتر مہارت کی بنا پر) ؛ سبقت لے جانا ؛ بازی مارنا ۔

اُس پار یا دوسری جانب پھلانگ جانا ؛ کود جانا ؛ پھاند جانا ۔ (۲) نظر انداز کرنا ؛ چھوڑ دینا ؛ چھوڑ کر گذر جانا ؛ قلم انداز کرنا ؛ چھوڑ جانا (شعوری طور پر) ۔ (۳) غالب آنا ۔

Overlearning : (n) (نفسیات) بیش تعلّم ۔

Overleather : (n) جوتے کا اوپری چمڑا ؛ کھنڈا ۔

Overlie : (v) (۱) اوپر پڑا رہنا ؛ چھایا رہنا ؛ ڈھکے ہوئے رہنا (پورے کو یا کسی حصے کو) ؛ (ارضیات) ایک پرت کا دوسری پرت پر چڑھا ہوا ہونا ؛ متراکب ہونا ۔ (۲) اوپر چڑھ کر دبانا ؛ اوپر پڑ کر یا چھا کر دبا دینا یا چھپا دینا ؛ آگ پر راکھ ڈال کر دبا نا یا بجھانا ؛ دم گھونٹ کر مار ڈالنا ؛ اوپر لیٹ جانا ؛ بچے کے اوپر اس طرح لیٹنا کہ دم گھٹ کر مر جائے ۔

Overlive : (v) (شاذ) (کسی شخص کے یا معینہ مدت کے بعد) زندہ رہنا ؛ باقی رہنا ۔

Overload : (n) (۱) حد سے زیادہ بوجھ ؛ زائد بوجھ ۔ (۲) (برقیات) اوور لوڈ ؛ زائد لوڈ ۔

Overload : (v) حد سے زیادہ بوجھ لادنا ؛ زائد بوجھ لادنا ؛ حد سے زیادہ بار کرنا ؛ (بندوق میں) حد سے زیادہ یا ضرورت سے زیادہ بارود وغیرہ بھر دینا ۔

Overload capacity : (n) (برقیات ، انجینئرنگ) زائد لوڈ سہار قوت ۔

Overload relay : (n) (برقیات ، انجینئرنگ) زائد لوڈ ریلے ۔

Overlook : (n) (۱) ایک طائرانہ نگاہ ؛ جائزہ ؛ معائنہ ؛ ملاحظہ ؛ نگرانی ؛ انتظام ۔ (۲) بلندی سے نشیب کا منظر یا نظارہ ؛ وہ جگہ جہاں ایسا منظر ہو ۔ (۳) گرم خطوں کا پھلی دار اور بل دار پودا ۔ (۴) سہو ؛ فرو گذاشت ؛ بھول چوک ۔

Overlook : (v) (۱) (کسی چیز کے) اوپر سے دیکھنا (تاکہ آگے کی چیز نظر آئے) ۔ (۲) (کسی چیز سے) آگے دیکھنا ؛ پرے دیکھنا ؛ (اس طرح) اسے نہ دیکھ سکنا ؛ چشم پوشی کرنا ؛ نظر انداز کرنا ؛ اغماض کرنا ؛ نگاہ نچانا ۔ (۳) چھوڑ جانا ؛ نظر انداز کرنا ؛ نظر نہ پڑنا ۔ (۴) بلندی سے نشیب کو دیکھنا ؛ (کسی جگہ پر) ایسا منظر ہونا (جس کا نظارہ بلندی سے کیا جا سکے) ؛ (کسی جگہ کا) منظر سامنے ہونا ؛ ایسا جائے وقوع جس سے نظارہ کیا جا سکے ۔ (۵) (کسی مقام سے) زیادہ اونچا ہونا ؛ بلندی پر واقع ہونا ۔ (۶) نگرانی کرنا ؛ دیکھ بھال کرنا ؛ نگہداشت کرنا ؛ نگاہ رکھنا ۔ (۷) بری نظر سے دیکھنا ؛ نظر لگانا ؛ حاسد کرنا ؛ مسحور کرنا ۔

Overmature : (a) بیش پخت ؛ زیادہ پختہ کار۔

Overmodulation : (n) (ریڈیو) زائد زیر وبم ۔

Overmuch : (a) بہت زیادہ ؛ حد سے زیادہ۔

Overmuch : (adv.) حد سے زیادہ ؛ انتہا سے بڑھ کر ؛ بہت زیادہ ۔

Overmuchness : (n) زیادتی ؛کثرت ؛ بہتات ؛افراط ؛ فراوانی ؛ حد سے زیادہ ہونا ۔

Overnight/Over night : (adv. phr.) (۱)رات سے پہلے؛ گذشتہ شام کو؛کسی خاص دن سے پہلے کی شب کو؛اگلی شب کو۔
(۲)رات کا ؛شبانہ ؛راتوں رات (کا)؛ رات کی رات ۔

Overnight/Over night : (n) شب گذشتہ ؛ گذشتہ رات۔

Overnight : (n) شب گذشتہ کا ؛ اگلی رات یا راتوں رات کیا ہوا؛راتوں رات واقع ہونے والا۔

Overpaint : (v) بہت زیادہ رنگ چڑھا دینا؛ حد سے زیادہ رنگ چڑھانا؛ (مجازاً) مبالغہ آرائی کرنا؛ نمک مرچ لگا کر بیان کرنا ؛ حد سے زیادہ زور دے کر کہنا ۔

Overparted : (a) جسے بے حد مشکل پارٹ ادا کرنا ہو ؛ جسے بہت سارے پارٹ ادا کرنے ہوں۔

Overpass : (v) (۱)گزار دینا؛ بسر کر دینا؛ انجام کو پہنچنا۔ (۲) پار نکل جانا ؛ پرے نکل جانا؛عبور کرنا؛آگے بڑھ جانا؛ گزر جانا۔ (۳)سبقت لے جانا؛ بازی لے جانا؛آگے بڑھ جانا۔ (۴) غالب آنا۔ (۵)مقدار ،نرخ،قیمت ، خوبی وغیرہ میں بڑھ جانا؛ آگے نکل جانا؛تجاوز کر جانا۔

Overpass : (n) سڑک یا شاہراہ جو کسی دوسری شاہراہ کو پل کے ذریعہ پار کرتی ہے؛ اوور پاس روڈ۔

Overpassed/Overpast : (a) گزشتہ؛گزرا ہوا؛رفتہ ۔

Overpay : (v) (کسی شخص کو) واجبی معاوضے یا تنخواہ سے زیادہ دینا؛ واجب سے زیادہ ادا کرنا؛ استحقاق سے زیادہ ادا کرنا۔

Overpay/Overpayment : (n) (واجبی سے) زیادہ معاوضہ یا تنخواہ؛ زائد تنخواہ ؛ زائد ادائی؛ (معاشیات) بیش ادائی۔

Overpeer : (v) (۱)جھانکنا؛غور سے دیکھنا؛اوپر سے دیکھنا؛ اوپر سے آر پار یا اس پار دیکھنا ۔ (۲)اوپر اٹھانا ؛نمودار ہونا؛ نکلنا؛نظر آنا؛ دکھائی دینا؛(گرد و پیش سے) بہت بلند ہونا؛ بڑھ جانا؛ممتاز و برتر ہونا؛(عقاب وغیرہ کا) فضا میں اونچا ہونا؛ ہوا میں کھڑا ہوا ہونا۔

Overpitch : (v) (۱) (کرکٹ) بالر کی گیند کو اس طرح پھینکنا کہ وکٹ کے بالکل قریب گرے۔ (۲) (مجازاً) مبالغہ کرنا؛ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا؛ نمک مرچ لگا کر بیان کرنا۔

Overplus : (n) زائد مقدار؛بچی ہوئی مقدار؛زیادتی؛ افزونی؛افراط۔

Overplus : (a) زائد؛بچا ہوا؛فاضل؛زیادہ۔

Overpoise : (v) بھاری پڑنا؛وزن میں زیادہ ہونا؛ (دوسری چیز سے) وزن میں بڑھ جانا؛ پلّہ سبک کر دینا۔

Overpoise : (n) وہ چیز جو وزن میں (دوسری چیز سے) زیادہ ہو؛ نسبتاً زیادہ وزن ہونا۔

Overpot : (v) (پودے کو) ضرورت سے زیادہ بڑے گملے میں لگانا۔

Overpower : (v) (۱) قابو میں لانا؛ دبا لینا؛مغلوب کرنا؛ بے بس کرنا ۔ (۲) غالب آجانا؛ چھا جانا۔ (۳) (گرمی وغیرہ یا جذبات کا) بہت سخت یا شدید ہونا۔

Overpowering : (a) شدید ؛بے پناہ؛ناقابل مزاحمت۔

Overpoweringly : (adv.) شدت سے؛ بے پناہ طور پر۔

Overpraise : (v) حد سے زیادہ تعریف کرنا؛ تعریف میں غلو کرنا؛ استحقاق سے زیادہ تعریف کر دینا۔

Overpress : (v) (۱) جبر کرنا؛ ظلم کرنا؛ زیر کرنا؛ دبانا؛ (کسی پر) حد سے زیادہ دباؤ ڈالنا ۔ (۲) (کسی بات پر) بے جا زور دینا یا اڑے رہنا۔

Overprize : (v) بے حد بیش قیمت سمجھنا؛ اصلیت سے زیادہ تخمیہ لگانا؛(چیز کی مالیت کا) حد سے زیادہ انداز کرنا؛ اصلیت سے بڑھ کر سمجھنا؛ حد سے زیادہ گراں بہا سمجھنا۔

Overrate : (v) اصلیت سے بڑھ کر سمجھنا؛ استحقاق سے زیادہ قدر کرنا؛ (شرح مقرر کرنے کے لئے) چیز کی مالیت کا حد سے زیادہ اندازہ کرنا۔

Overreach : (n) (۱) کسی چیز یا شخص کے پاس پہنچ ، رسائی ، دسترس۔ (۲) بے حد لمبی دسترس یا رسائی۔ (۳) (گھوڑے کا) چلنے میں پچھلے پاؤں سے اگلے پاؤں میں ٹھوکر لگنا ؛ اس طرح لگی ہوئی ٹھوکر یا اس سے پیدا شدہ زخم۔ (۴) چرکا ؛ دھوکا؛ فریب؛ جل ۔

Overreach : (v) (۱) غالب آنا ؛چھا جانا؛ آگے بڑھ جانا؛ بلند ہو نا؛ اوپر اٹھنا؛ وقت یا مقام میں بڑھ جانا؛ آگے نکل جانا۔ (۲) جا لینا؛ جا پہنچنا ؛ آ لگنا؛ برابر آ جانا؛ حاصل کرنا؛ عمر کو پہنچنا۔ (۳)(کسی چیز کے) اوپر پھیل جانا؛ چھا جانا؛ ڈھانک لینا؛نیز ڈھک جانا ۔ (۴) (گھوڑے وغیرہ کا) (چلنے یا دوڑنے میں) پچھلے پاؤں سے (سامنے والے) اگلے پاؤں (کی ایڑی) میں ٹھوکر مارنا اور اسے مجروح کر دینا؛(نیز عموماً) پچھلے پاؤں کو اگلے پاؤں کے سامنے یا برابر میں لانا۔ (۵) ور ہونا؛ غالب آنا؛ سبقت رکھنا ؛ بازی لے جانا ؛ مات دے دینا؛ چرکا دینا؛ بے وقوف بنانا؛ جل دینا؛ فریب دینا ۔ (۶) (چالاکی میں) کان کاٹنا؛ مات کرنا۔ (۷) دور تک پہنچنا؛ لمبی رسائی ہونا؛حد سے آگے بڑھنا (ادبی و مجازی معنوں میں)۔

Overreacher : (n) چلتا پرزہ ؛چرکا دینے والا ؛بہت چالاک؛جل دینے والا ؛ فریب کار۔

Overrecovery : (n) (معاشیات) زائد وصولی۔

Override : (v) (۱) گھوڑے پر سوار ہو کر گزرنا؛ سوار ہو کر عبور کرنا (ادبی و مجازی)۔ (۲) (ملک کو) تاخت و تاراج کرنا؛ فوج لے کر گزرنا۔ (۳) گھوڑے کی ٹاپوں تلے کچلنا؛ پامال کرنا۔ (۴) (فرمان ، حق وغیرہ کو) پیروں تلے کچلنا؛ پامال کرنا ؛ ٹھکرا دینا؛رد کرنا؛ خاطر میں نہ لانا ؛ پر وا نہ کرنا؛ خود کو (اس سے) برتر سمجھنا۔ (۵) گھوڑے کو دوڑا کر تھکامارنا۔(۶) افسر ہونا؛ افسری کا دعویٰ کرنا۔ (۷)(کسی چیز پر)پھیل جانا یا چڑھ جانا؛ (کسی چیز کے) اوپر سے گذرنا؛ پھسل کر اوپر چڑھ جانا؛(جرّاحی) ٹوٹی ہڈی کا دوسری ہڈی پر چڑھ جانا۔

To override ones commission : حدود اختیار سے باہر قدم نکالنا؛منصبی فرائض کی تعمیل میں من مانی کرنا؛ بالا دستی سے کام لینا ۔

Overruler : (n) مسترد یا نا منظور کرنے والا؛نظم و ضبط یا گرفت رکھنے والا ؛ احکام یا ہدایت جاری کرنے والا۔

Overruling : (n) (قانون) ردّ فیصلہ۔

Overrun : (v) (۱) (ملک کو) تاخت و تاراج کرنا؛ لوٹنا اور برباد کرنا؛ پامال کرنا۔ (۲) (موذی جانور ، ضرررساں کیڑے یا گھاس پات کا) ضرر رساں طور پر پھیل جانا ؛ (نیز عشق پیچاں وغیرہ کا) تیزی سے بڑھ کرچھا جانا یا ڈھک لینا؛(خاص کر Pa.pple میں with کے ساتھ) (نیز مجازاً مختلف معنوں میں)۔ (۳)(سیال یا اس کے ظرف کا) چھلک پڑنا ؛بہر کر بہہ نکلنا؛کثیرالمقدار ہونا؛ وافر ہونا۔ (۴)دوڑ کر یا دوڑ میں آگے نکل جانا؛(دوسرے کو) پیچھے چھوڑ دینا یا جا لینا؛ بازی لے جانا۔ (۵)(بول چال) بہت تیز دوڑ کر بچ نکلنا؛ ہاتھ نہ آنا؛ (مجازاً) (فرض وغیرہ سے) بچ نکلنا؛ کترانا؛ دامن بچانا؛ بغیر کئے چھوڑ دینا(کسی کام کو)۔ (۶)(کسی معینہ حد) سے آگے نکل جانا؛آگے بڑھ جانا؛تجاوز کرنا؛ تیز تر دوڑنا۔(۷) پھیلنا یا آگے کو نکلا ہوا (اس طرح کہ دوسرے پر پڑا ہوا یا چڑھا ہوا ہو)۔ (۸)(معمولی لمبائی یا معینہ و مطلوبہ حد سے) آگے تک پھیلنا۔ (۹)(طباعت)ٹائپ کے الفاظ یا سطور کو دوسری سطر یا صفحے پر لانا (تاکہ وہاں دوسرے الفاظ یا سطروں کا اضافہ کیا جا سکے یا ان الفاظ یا سطور کو جو کمپوز ہو چکے ہیں خارج کیا جا سکے)؛ باز بندی کرنا۔

To overrun oneself : بہت دور تک دوڑنا؛دوڑتے دوڑتے خود کو بے دم کر لینا؛ بے حد تھک جانا یا مجروح ہو جانا (نیز مجازاً) خود کو تھکا مارنا۔

To overrun the scent : (شکاری کتوں کا) اس مقام سے آگے تک دوڑتے چلے جانا جہاں سے لومڑی یا خرگوش کسی دوسری جانب مڑ گیا ہے ، اور اس طرح ان کی بو نہ پانا۔

Overrunner : (n) تاخت و تاراج کرنے والا؛ پامال کرنے والا؛ حد سے تجاوز کرنے والا؛ بچ نکلنے یا دامن بچانے والا؛ چھا جانے یا پھیل جانے والا۔

Overrunning : (n) (۱)تاخت وتاراج؛ پامالی؛ بربادی؛ لوٹ؛ غارتگری۔ (۲) پھیلاؤ۔ (۳) جھلکاؤ؛ کثرت ؛ افراط۔ (۴)سبقت؛ تجاوز۔ (۵) بچاؤ؛ دامن کشی۔(۶) (طباعت) باز بندی۔

Oversail : (v) (اینٹ یا پتھر کو) اس طرح چننا کہ ہر اینٹ اپنے نیچے کی اینٹ سے نکلتی ہوئی ہو؛ نیز اس وضع کی چھت یا محراب سے ڈھکنا؛بنیاد سے آگے نکلا ہونا۔

Oversailing : (a) (اینٹ یا پتھر) ایک دوسرے سے آگے نکلا ہوا؛ باہر نکلا ہوا۔

Oversale : (n) آئندہ کی متوقع فروخت جو سپلائی کی جا سکنے والی مقدار سے بہت زیادہ ہو ؛ (جمع) موجود سپلائی سے زائد فروخت۔

Overscore : (v) (۱)نشان لگانا؛ خط کھینچنا (کاٹنے کی غرض سے)۔ بے حد کاٹ چھانٹ کرنا (عبارت میں) کاٹ چھانٹ سے بھر دینا؛ بہت کانٹ چھانٹ کرنا۔ (۲) کھرچ کر مٹا ڈالنا؛ اس طرح کاٹ چھانٹ کرنا کہ بالکل محو ہو جائے۔

Oversea : (adv.) سمندر پار ؛ ماوراء البحر؛ ماورائے بحر؛سمندر کے اس پار؛ باہر ؛پردیس میں۔

Oversea : (a) (۱) سمندر پار کا؛ ورائے بحری؛سمندر پار جانے والا

(شخص) یا بھیجا جانے والا(سامان)۔ (۲) باہری : بیرونی؛ غیر ملکی؛ غیر ملك کا۔

Overseas : (adv.) (۱) سمندر پار : ماورائے بحر :باہر؛ پردیش میں۔ (۲) (نیم اسمی معنوں میں))(.Prepکے ساتھ) غیر ممالك۔

Oversee : (v) (۱) اوپر سے دیکھنا؛ جائزہ لینا؛نگرانی کرنا؛ نگہبانی کرنا۔ (۲) دیکھ بھال کرنا ؛ معائنہ کرنا؛ جانچنا؛تفصیل سے ایك ایك چیز دیکھنا؛ غور سے پڑھنا یا مطالعہ کرنا (خصوصاً طباعت کے لئے ازراہِ نظرثانی)(متروك)۔ (۳) نگاہ رکھنا؛نگہداشت کرنا؛ نگہداری کرنا؛ دیکھنا بھالنا؛ نگرانی کرنا۔ (۴) نگراں کی حیثیت سے کام کرنا؛ نگراں یا نگہبان ہونا۔ (۵)اس طرح دیکھنا کہ اسے علم نہ ہو؛ چھپ کر دیکھنا۔ (٦)(بول چال) ناشائستہ حرکت کرنا؛غلطی کرنا؛بے احتیاطی یا نا عاقبت اندیشی سے کام کرنا؛ نازیبا طرز عمل اختیار کرنا۔

Overseen : (a) (بول چال)فریب نفس میں مبتلا : ناشائستہ حرکتیں کرنے والا؛ نازیبا حرکتیں کرنے والا؛نا عاقبت اندیش۔

Overseen with drink/-in- : (a) (بول چال) نشے میں چور؛ بد مست۔

Overseer : (n) اوورسیئر؛ ناظر؛ نگراں؛ داروغہ۔

Overseer of the poor : (n) ناظر خیرات؛ فلسفوں کی بہبود سے متعلق مختلف انتظامی فرائض کی انجام دہی کے لئے(سالانہ مقرر کیا جانے والا) افسر یا عہدہ دار۔

Overseership : (v) اوور سیئری؛نظارت؛نگراں یا ناظر کا : عہدہ یا رتبہ۔

Overset :(v) (۱) الٹ پلٹ ہونا؛ ہاضمہ خراب ہونا؛ بے ترتیب ہونا؛ درہم برہم ہونا۔ (۲) ضرورت سے زیادہ (ٹائپ کے حروف) جمانا یا لگانا۔

Overset : (n) (۱) بے ترتیبی ؛ الٹ پلٹ ؛ بر ہمی ؛ خرابی (ہاضمے کی)۔ (۲) ضرورت سے زیادہ جمائے ہوئے (ٹائپ کے) حروف یا الفاظ۔

Oversew : (v) دونوں سرے ملا کر اس طرح سینا کہ ٹانکوں کے بیچ کا تاگا کناروں کے اوپر ہو؛ تُرپنا۔

Overshade : (v) (۱) سائے کی طرح کسی کے اوپر پھیل جانا؛ اسے ڈھك لینا؛ اپنے سائے میں لے لینا؛ چھتر چھایا بننا؛ پناہ دینا؛ بچانا؛ حفاظت کرنا ؛ اپنی امان میں لینا؛ امان دینا؛ سایہ فگن ہونا۔ (۲) سایہ ڈالنا؛ سایہ فگن ہونا؛ دھندلا یا تاریك کرنا۔

Overshadow : (v) (۱) سایہ ڈالنا؛ دھوپ سے بچانا؛ سایہ فگن ہونا؛ سایہ کرنا؛ تاریکی میں ڈھك لینا یا چھپا دینا ؛دھندلا کر دینا؛ ماند کر دینا؛ بادلوں سے ڈھانك دینا۔ (۲)اپنے سائے میں لینا؛ چھتر چھایا بننا؛ پناہ دینا؛ بچانا؛ حفاظت کرنا؛ سائے کی طرح کسی کے اوپر پھیل جانا؛ اسے ڈھك لینا؛سایہ فگن ہونا؛ امان دینا؛ اپنی امان میں لینا؛ حملے سے محفوظ رکھنا۔ (۳)سایہ فگن ہونے کے لئے بلند ہونا یا اوپر اٹھنا؛ اوپر آنا؛ سایہ ڈالنا؛ آب و تاب میں بڑھ جانا؛ ماند کر دینا۔

Overshadower : (n) سایہ فگن ہونے والا؛محافظ؛ نگہبان ؛ امان دینے والا۔

Overshadowing : (n) دیکھو Overshadower

Overshadowing : (a) سایہ فگن : سایہ ڈالنے والا ؛ امان دینے والا ؛ حفاظت کرنے والا۔

Overshine : (v) [OE. 'Oferscinan. '] (۱) اوپر سے چمکنا؛ اوپر چمکنا؛ روشنی ڈالنا ؛ روشن کرنا ؛ چمکانا ؛ فروغ بخشنا۔ (۲) آب و تاب میں بڑھ جانا؛ زیادہ روشنی یا شاندار ہونا ؛ زیادہ ممتاز ہونا۔

Overshoe : (n) ٹھنڈك ، دھول یا پانی سے بچاؤ کے لئے ربر ؛ نمدے وغیرہ کا جوتا جسے معمولی جوتے کے اوپر سے پہن لیتے ہیں؛ اوپری جوتا؛ بالائی جوتا۔

Overshoot : (v) نشانے سے آگے پھینکنا(تیر وغیرہ)؛ نشانے سے آگے پڑنا(گولی)؛ نشانے کے اوپر سے گذر جانا؛ نشانہ خطا کرنا۔ (۲) (کسی نقطے یا حد سے) آگے پھینکنا ، دوڑانا یا گذر جانا۔ (۳) (مقررہ حد سے) آگے دھکیل دینا؛ آگے ہانك دینا۔ (۴) (گولی ، تیر یا نیزہ) اوپر مارنا یا پھینکنا۔ (۵)(کسی بنجر اور جھاڑی دار خطے میں) اتنی گولیاں چلانا کہ وہ شکاری جانوروں سے خالی ہو جائے۔

To overshoot the oneself : حد سے تجاوز کرنا ؛ حد سے آگے نکل جانا؛ (کسی کام میں) حد سے بڑھ جانا؛ زیادتی کرنا؛ مبالغہ کرنا؛ غلطی کرنا؛چونکنا؛خطا کرنا۔

To overshoot the mark : بہت آگے نکل جانا؛ بہت دور چلے جانا؛ جہاں تك جانا ہو اس سے آگے نکل جانا۔

Overshot : (a) اوپر سے پانی گرنے سے چلنے والا (پہیّا)۔

Overshot : (n) پانی کی دھار جس کے گرنے سے پہیّا گھومتا ہے۔

Overshot : (a) (۱) خطا کیا ہوا (تیر، گولی وغیرہ) جو نشانے سے باہر یا آگے چلا گیاہو؛(کسی نقطے یا حد سے)

آگے پھینکا ہوا؛ (جگہ جو شکاری جانوروں سے خالی ہو چکی ہو)؛ جہاں حد سے زیادہ شکار کیا گیا ہو۔ (۲) موج کھایا ہوا (ڈھنہ) جس میں اوپر کی ہڈی، نچلی ہڈی کے اوپر آگئی ہو۔ (۳) جس کا اوپری جبڑا نچلے جبڑے سے نکلتا ہوا ہو۔

Overshot mill : (n) پن چکی کی طاقت سے چلنے والی مل؛ پن چکی۔

Overshot wheel : (n) (میکانیات) چرخ آبگرد؛ آبشار پہیّا؛ پن چکی؛ آب گرداں پہیّا جو اوپر سے پانی گرنے سے چلتا ہے۔

Overside : (adv.) جہاز سے پرے یا باہر؛ سمندر میں؛ بار بردار کشتی میں؛ باربردار کشتی کی طرف۔

Overside : (a) جہاز کے باہر کا؛ باربردار کشتیوں کی طرف کا؛ جہاز کے پہلو کی طرف سے اتارا جانے والا (مال)۔

Oversight : (n) (۱) نگرانی؛ نگہبانی؛ نگہداشت؛ دیکھ بھال؛ انتظام؛ پاسبانی؛ حفاظت؛ رکھوالی۔ (۲) غفلت؛ چوک؛ بے توجہی؛ سہو؛ خطا؛ بھول؛ فروگذاشت؛ نظرانداز ہو جانا؛ نظر نہ پڑنا۔

Oversize : (n) مناسب یا معمولی سائز سے زائد سائز۔

Oversize : (v) بے حد بڑے سائز کا ہونا یا بنانا۔

Oversized : (a) معمولی سائز سے زائد یا بڑا؛ غیر معمولی سائز کا؛ غیر معمولی قامت کا۔

Overskirt : (n) (امریکا) باہری یا اوپری لہنگا؛ اوپر سے پہنا ہوا لہنگا؛ کسی لباس کے دامن پر بنی ہوئی جھالر۔

Overslaugh : (n) [Du. f. 'Overslaan. '] (۱) (فوج) ترک ادنیٰ؛ معمولی یا کم اہم فریضے کو زیادہ اہم فریضے کی خاطر ترک کر دینا۔ (۲) (امریکا) ریت کے ٹیلے جو دریائی کشتی رانی میں مزاحم ہوتے ہیں؛ خصوصاً دریائے ہڈسن کا ریتا (ریت کی باڑ)۔

Overslaugh : (v) (۱) چھوڑ کر گزر جانا؛ ایک کام چھوڑ کر دوسرے میں لگ جانا؛ (فوج) زیادہ ضروری فرض کے مقابلے میں کم ضروری فرض کو چھوڑ دینا۔ (۲) (امریکا) دوسرے کے حق میں دست بردار ہو جانا (کسی عہدے کی نامزدگی میں)؛ (نیز عام معنوں میں) چھوڑ جانا؛ چھوڑ کر گزر جانا؛ نظر انداز کرنا؛ تغافل برتنا۔ (۳) روکنا؛ مزاحمت کرنا؛ مزاحم ہونا؛ روڑا اٹکانا۔

Oversleep : (v) (۱) دیر تک سوتے رہنا؛ نا وقت تک سونا؛ جس وقت بیدار ہونا چاہئیے اس کے بعد تک سوتے رہنا۔ (۲) (کسی مخصوص وقت کے) بعد تک سوتے رہنا۔

Oversleeve : (v) آستین پوش؛ کپڑا جو آستین پر چڑھا لیتے ہیں۔

Overslide : (v) (کسی جگہ یا چیز پر) پھسلنا؛ سرکنا۔

Overslip : (v) چھپکے سے گزر جانا؛ اس طرح گزرنا کہ خبر نہ ہو؛ چھوٹ جانا؛ خطا کرنا؛ چوک جانا؛ سہو ہونا۔

Oversoul : (n) روح کل؛ روح کائنات (خدائے تعالیٰ)۔

Oversow : (v) [OE. 'Ofersawan. '] (۱) پہلے سے بوئے ہوئے بیج یا لگی ہوئی فصل کے اوپر (بیج) بونا۔ (۲) (زمین کو) دوبارہ بونا؛ مزید بونا؛ بوئے ہوئے بیج کے علاوہ (دوسرا بیج) بونا۔ (۳) دانے چھینٹنا؛ بیج بونا؛ بیج لگانا (نیز مجازاً)۔ (۴) ضرورت سے زیادہ بیج بونا؛ بہت گھنے بیج بونا۔

Overspan : (v) (کسی چیز پر) اِس کنارے تک پھیلا ہونا؛ پوری طرح چھایا ہونا؛ پورا ڈھکے ہونا۔

Overspeculation : (n) (معاشیات) بیش سٹّابازی۔

Overspend : (v) (۱) یہاں تک خرچ کرنا کہ بالکل خالی ہو جائے؛ آخر دم تک استعمال کرنا؛ حد سے زیادہ استعمال کرنا؛ یہاں تک استعمال کرنا کہ بالکل بے کار ہو جائے؛ کثرت استعمال سے بالکل گھس ڈالنا (عموماً Pa.pple میں مستعمل ہے)۔ (۲) (کسی مخصوص رقم یا مقدار سے) زیادہ خرچ کرنا؛ ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا؛ اسراف بے جا کرنا۔ (۳) استطاعت سے زیادہ خرچ کرنا۔

Overspent : (a) تھکا؛ ماندہ؛ زدہ؛ تھک کر چور چور۔

Overspill : (n) (۱) گرا ہوا؛ چھلکا ہوا پانی وغیرہ؛ بچی ہوئی یا فاضل چیز۔ (۲) فاضل آبادی؛ شہر کی فاضل آبادی جس کے لئے شہر کے نئے علاقے میں مکانات بنانے کی ضرورت ہو۔

Overspread : (v) (کسی چیز کا) کسی چیز کے اوپر پھیل جانا؛ بچھ جانا؛ چھا جانا؛ سطح پر پھیل جانا؛ ڈھک لینا؛ پوری طرح ڈھانک لینا۔

Overstate : (v) بے حد زور دے کر بیان کرنا؛ نمک مرچ لگا کر کہنا؛ مبالغہ آرائی کرنا؛ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا؛ رنگ آمیزی کرنا۔

Overstatement : (n) مبالغہ آمیز بیان۔

Overstay : (v) (مقررہ وقت سے) زیادہ قیام کرنا؛ (میزبان کی خوشی

ترتیب دینا۔

Overstrung : (a) (۱) بہت زیادہ کھینچا ہوا؛ حد سے زیادہ تنا ہوا؛ بے حد کشیدہ خاطر (شخص)؛ بے حد تنے ہوئے یا کشیدہ (اعصاب)۔ (۲) (پیانو) ترچھے متقاطع تاروں کا؛ جس میں دو (یا تین) سیٹوں میں ترچھے متقاطع تاروں کی ترتیب ہو۔

Overstudy : (v) حد سے زیادہ مطالعہ کرنا؛ ضرورت سے زیادہ کتب بینی کرنا۔

Overstudy : (n) حد سے زیادہ مطالعہ کرنا؛ ضرورت سے زیادہ کتاب بینی۔

Oversubscribe : (v) ضرورت سے زیادہ چندہ دینا؛ (قرض ،حصے وغیرہ کے لئے) مطلوبہ رقم سے زیادہ دینا؛ (قرضے وغیرہ کے) ضرورت سے زیادہ حصے خرید لینا۔

Oversubscription : (n) ضرورت سے زیادہ چندہ ؛ ضرورت سے حصوں کی خرید ؛ مطلوبہ رقم سے زیادہ دینا۔

Oversupply : (n) ضرورت یا مانگ سے زائد فراہمی یا سپلائی؛ رسد زائد از طلب ؛ فالتو رسد ؛ زائد فراہمی۔

Oversupply : (v) ضرورت یا مانگ سے زیادہ فراہم کرنا یا سپلائی کرنا؛ زائد از طلب رسد پہنچانا ؛ فاضل سپلائی کرنا۔

Overswarm : (v) (۱) حدد سے زیادہ امنڈنا ؛ بے حد ہجوم کرنا؛ بے حد کثرت ہونا۔ (۲) (کسی جگہ یا خطے پر) ہجوم کرنا؛ نرغہ کرنا؛ امنڈ پڑنا ؛ ٹوٹ پڑنا؛ ٹھٹ لگ جانا؛ چھا جانا؛ جھنڈ کا جھنڈ آ پڑنا۔

Overswell : (v) (۱) بے حد متورم ہونا؛ حد سے زیادہ سوج جانا یا پھول جانا ؛ حد سے زیادہ ورم کر جانا (خاص کر Pa.pple میں)۔ (۲) اتنا پھیلانا یا بڑھانا کہ اوپر سے بہہ نکلے ؛ اتنا پھیلانا کہ پوری طرح ڈھک لے۔

Overswellen : (a) بے حد متورم ؛ حد سے زیادہ سوجا ہوا یا پھولا ہوا۔

Overswim : (v) [OE. 'Oferswimman. '] سطح پر بہنا ؛ تیرنا ؛ اوپر تیرنا۔

Overt : (a) [OFr. 'Overt . '] کھلا ہوا ؛ ظاہر ؛ اعلانیہ ؛ صریحی ؛ واضح؛ صریح۔

Letters Overt : دیکھو Letter Patent

Market overt : بکری کی چیزیں ہر شخص کو دکھانا۔

سے) زیادہ ٹھہرنا۔

Oversteer : (n) (موٹر گاڑی میں) موڑتے وقت زیادہ مڑ جانے کا میلان ؛ اسٹیئرنگ کی خرابی جس میں موڑتے وقت گاڑی ضرورت سے زیادہ مڑ جائے۔

Oversteer : (v) (موٹر گاڑی میں) موڑتے وقت زیادہ مڑ جانے کا میلان ہونا۔

Overstep : (v) (لغوی اور مجازی) حد کے باہر قدم رکھنا؛ تجاوز کرنا؛ آگے قدم بڑھانا یا نکالنا ؛ عدولی کرنا؛ انحراف کرنا؛ خلاف ورزی کرنا۔

Overstock : (n) ضرورت یا مانگ سے زائد ذخیرہ۔

Overstock : (v) حد سے زیادہ ذخیرہ کرنا؛ ضرورت سے زیادہ مہیا کرنا؛ بہت زیادہ جمع کر چھوڑنا؛ زائد از طلب رسد پہنچانا۔

Overstrain : (n) حد سے زیادہ بوجھ یا (کام وغیرہ کا)؛ بے حد زور ؛ بے حد تناؤ۔

Overstrain : (v) (۱) حد سے زیادہ بار ڈالنا؛ حد سے زیادہ کام لینا۔ (۲) حد سے زیادہ زور دینا؛ بے حد اہمیت دینا۔

Overstream : (v) اوپر سے ہو کر بہنا؛ کناروں کے اوپر سے بہنا؛ دھارا کی صورت میں اوپر سے ہو کر بہنا۔

Overstretch : (v) (۱) حد سے زیادہ کھینچنا؛ تاننا یا پھیلانا؛ حد سے زیادہ بڑھانا؛ مبالغہ کرنا (ادبی و مجازی)۔ (۲) پورے میں پھیلنا یا پھیل جانا؛ اس پار سے اُس پار تک یا ادھر سے ادھر تک پھیل جانا ؛ پورے میں پھیلا دینا ؛ چھا جانا ؛ ڈھک لینا ؛ ڈھانک دینا۔

Overstretch : (n) حد سے زیادہ پھیلاؤ؛ پورے میں پھیلی ہوئی چیز۔

Overstriew : (v) (۱) (کوئی چیز ، پھول وغیرہ) کسی چیز یا سطح پر ادھر سے ادھر تک بکھیر دینا؛ چھترا دینا؛ پھیلا دینا۔ (۲) بہت زیادہ بکھیر دینا؛ ضرورت سے زیادہ چھڑک دینا یا چھترا دینا۔

Overstride : (v) (۱) اوپر سے پھلانگ جانا؛ ادھر سے ادھر پھلانگ جانا یا پھاند جانا؛ لانگنا ؛ لانگھ جانا۔ (۲) آگے بڑھ جانا ؛ آگے نکل جانا؛ سبقت لے جانا؛ بڑھ جانا ؛ پیچھے چھوڑ دینا؛ فائق ہونا۔ (۳) معمولی سے زیادہ لمبے ڈگ بھرنا؛ لمبے قدم رکھنا۔

Overstring : (v) (پیانو سازی) (پیانو کے) تاروں کو دو (یا تین) سیٹوں میں ایک دوسرے کے اوپر سے ترچھا گذار کر

Pound overt : کھلا کانجی ہاؤس ؛ کھلا مویشی خانہ جہاں مویشیوں کا مالک اپنے مویشیوں کو خوراک پہنچا سکتا ہو؛ بغیر چھت کا مویشی گھر۔

Overt act : (n) (قانون) صریح عمل ؛ علانیہ فعل جس کے ارتکاب کا واضع ثبوت مل سکتا ہو اور جس سے مجرمانہ ارادہ ظاہر ہوتا ہو؛ اعلانیہ ارتکاب۔

Overtake : (v) (۱) جا پکڑنا؛ جا لینا ؛ برابر آجانا۔ (۲) (مصیبت وغیرہ کا) یک بیک نازل ہونا؛ ناگہاں آ پڑنا۔ (۳) رکاوٹ کے باوجود (کام) پورا کر لینا؛ وقت کے اندر کام انجام دے دینا۔ (۴) (بول چال) خواہشات یا احساسات پر قابو پانا؛ وفور جذبات سے بے قابو ہونا۔(۵) (بول چال) نشے میں چور ہونا؛ بدمست ہونا(خاص کر بحالت مفعولی)۔

Well overtaken : پکڑا جانا۔

Overtask : (v) حد سے زیادہ کام لینا؛ حد سے زیادہ بوجھ ڈالنا؛ بے حد سخت محنت لینا۔

Overtax : (v) بے حد صبر آزما ہونا ؛ ناقابل برداشت ہونا؛بہت بھاری محصول لگا دینا؛ بہت زیادہ محصول لینا یا طلب کرنا؛ حد سے زیادہ بار ڈالنا یا محنت لینا۔

Overtaxed : (a) بہت زیادہ محصول لگا ہوا۔

Overtaxation : (n) بھاری لگان ؛ بھاری محصول یا ٹیکس۔

Overteem : (v) (۱) حد سے زیادہ (بچے) جننا۔ (۲) حد سے زیادہ بچے جنوا کر کھوکھلا کر دینا؛ خالی کر دینا ؛ کثیر پیداوار کے ذریعہ خالی کر دینا؛ بے جان کر دینا۔

Overthrow : (n) (۱) شکست ؛ ہزیمت ؛ زوال ؛ بربادی ؛ خاتمہ۔ (۲)(کرکٹ) فیلڈر کا اس طرح گیند پھینکنا کہ وکٹ کے پاس نہ رکے اور کھیلنے والے کو مزید رن بنانے کا موقع ملے؛ (بیس بال میں) اس طرح گیند پھینکنا کہ جس کھلاڑی کی طرف وہ پھینکی گئی ہو اُس سے دوبارہ آگے جا کر گرے۔ (۳)(ارضیات) پرت کا الٹ جانا یا الٹا ہو جانا؛ تقلیب طبقہ۔

Overthrow : (v) (۱) تہ و بالا کرنا؛ زیر و زبر کرنا ۔(۲) طاقت توڑنا ؛ قوت توڑنا ؛ گرنا ؛ کچلنا ؛ ڈھانا ؛ منہدم کرنا۔(۳) خاتمہ کرنا ؛ برباد کرنا؛ شکست دینا؛ زیر کرنا؛ مغلوب کرنا؛ پست کرنا؛ نیچا دکھانا۔ (۴) چت کرنا ؛ پٹخ دینا؛ دے مارنا۔

Overthrowing : (a) انہدام؛ خاتمہ۔

Overthrown : (a) زیر و زبر ؛ تہ و بالا ؛ کچلا ہوا؛ ڈھایا ہوا؛گرایا ہوا؛ منہدم؛ برباد ؛ شکست خوردہ ؛ مغلوب ؛ چت کیا ہوا۔

Overthrown : (n) شکست خوردہ شخص۔

Overthrust : (n) (ارضیات) ایک پرت کا وہ حصہ جودوسری پرت کو ڈھک لے؛ خصوصاً نچلی پرت کا وہ حصہ جو اوپری پرت کے اوپر آ گیا ہو۔

Overthwart : (adv.) (بول چال)عرضاً ؛ چوڑائی میں ادھر اُدھر یا اس کنارے سے اس کنارے تک۔

Overthwart : (prep.) (۱) اس کنارے سے اس کنارے (چوڑائی میں) ؛ آرپار۔ (۲) دوسری طرف ؛ دوسرے کنارے پر ؛ اُس پار؛ پرلی طرف۔

Overthwart : (a) (۱) (بول چال) چوڑائی میں آرپار رکھا ہوا ؛صلیب نما ؛ عرضاً پڑا ہوا۔ (۲) (مجازاً) مائل بہ مخالفت ؛ سرکشی ؛ گمراہ ؛ نا موافق ؛ مخالف ؛ حجتی؛ معترض۔

At an overthwart, to overthwart : عرضاً ؛چوڑائی میں ؛ عرض میں ؛ پہنائی میں۔

Overthwartly : (adv.) عرضاً ؛ صلیب نما انداز میں؛ چلیپائی طور پر؛ چوڑائی میں۔

Overtime : (n.) زائد وقت(جس میں مزدور وقت کے علاوہ کام کرے)؛ اوور ٹائم ، نیز توصیفاً۔

Overtime : (adv.) زائد وقت میں؛ مقررہ وقت کے علاوہ۔

Overtime remuneration : (n) (معاشیات)زائدوقتی اجرت یا معاوضہ۔

Overtire : (v) حد سے زیادہ تھکا دینا؛ تھکا کر چورکر دینا؛بے دم کردینا۔

Overtired : (a) بے انتہا تھکا ہوا؛ حد سے زیادہ تھکا ہوا؛تھک کر چور۔

Overtly : (adv.) صریحاً؛ اعلانیہ طور پر ؛کھلم کھلا ۔

Overtoil : (v) حد سے زیادہ محنت کرنا؛ مشقت اٹھانا ؛محنت شاقہ کرنا؛ حد سے زیادہ کام لینا؛ تھک کر چور ہو جانا۔

Overtone : (n) (۱) (موسیقی) جزوی بالائی سُر؛ مضاعف سرتی؛ برسرتی۔ (۲)(مجازاً) (ادب خصوصاً شاعری پر اطلاق ہوتا ہے ، خاص کر جمع میں) الفاظ کے لہجے یا معنی سے جو بات براہ راست نہ کہی گئی ہو بلکہ بالواسطہ مستنبط ہوتی ہو۔

Overtone : (v) (تصویر) زیادہ گہرا رنگ دینا؛ ضرورت سے زیادہ رنگ دینا۔

Overtop : (v) دیکھو Outtop

Overtopped : (a) (نباتیات) پوشیدہ؛ زیر سایہ؛ ڈھکا ہوا۔

Overtopple : (v) (۱) (نا پائیدار چیز کو) گرا دینا؛ ڈھا دینا؛ ختم کر دینا۔ (۲) گرنا؛ ڈھے جانا؛ منہدم ہونا؛ گر پڑنا۔

Overtower : (v) (گرد و پیش سے) بہت بلند ہونا؛ پہاڑ کی طرح کھڑا ہونا؛ اونچا ہونا۔

Overtowering : (a) بہت بلند؛ بہت اونچا؛ (اونچائی میں) نکلتا ہوا؛ بلند ہوتا ہوا۔

Overtrade : (v) (۱) پونجی سے زیادہ کا سودا کرنا؛ پونجی سے زیادہ کا کاروبار کرنا؛ بازار کی ضرورت سے زیادہ کا کاروبار کرنا۔ (۲) (اپنے حصے سرمائے وغیرہ سے) بڑھ کر خرید و فروخت کرنا یا تجارت کرنا۔

Overtrader / -ding : (n) اپنے سرمائے یا بازار کی ضرورتوں سے زیادہ کا کاروبار کرنے والا۔

Overtrain : (v) (۱) حد سے زیادہ ورزش یا مشقت کرانا (کشتی وغیرہ کی)؛ اتنی مشق کرانا جو نقصان دہ ہو؛ کثرت مشق سے مجروح کر دینا۔ (۲) (دیوار پر چڑھنے والے پودے کو) پرورش کے ذریعہ بہت اونچائی تک پہنچا دینا؛ (دیوار یا درخت پر) بہت اونچائی تک چڑھا دینا۔

Overtrumble : (v) (شعر) گرانا؛ ڈھانا؛ ختم کرنا؛ منہدم کرنا؛ برباد کرنا؛ چت کرنا؛ مات دینا؛ شکست دینا۔

Overtrump : (v) دوسرے سے بڑا ترپ کا پتّا چلنا؛ بڑھ کر ترپ لگانا؛ رنگ کا بڑا پتّا چلنا؛ بڑھ کر رنگ مارنا؛ (مجازاً) حریف سے بڑھ کر چال چلنا؛ غالب آنا؛ فائق ہونا؛ مات دینا۔

Overture : (n) [L. 'apertura. '] (۱) گفت و شنید کا آغاز؛ (گفتگو ئے صلح کی) سلسلۂ جنبانی؛ تجویز؛ درخواست؛ (فوج) درخواست صلح؛ صلح کی پیش کش۔ (۲) افتتاح (گیت وغیرہ کا)؛ آغاز۔ (۳) (نظم کی) تشبیب؛ ابتدائی حصہ؛ آغاز؛ مطلع؛ تمہید۔

Overture : (a) (۱) تجویز رکھنا؛ صلح کی درخواست کرنا؛ صلح کی پیش کش کرنا۔ (۲) افتتاحی نغمہ سنانا؛ نغمے کا آغاز کرنا؛ سر ملانا۔

Overturn : (n) (۱) الٹے یا الٹے جانے کا عمل؛ زیروزبر ہونا؛ انقلاب؛ تقلیب؛ الٹ پلٹ۔ (۲) (ارضیات) پرت کی الٹی تہ جس میں بیچ کا حصہ دوہرا ہو کر نیچے سے اوپر آ جائے۔ (۳) الٹ پھیر؛ پھیر بدل (تجارت میں)؛ تجارتی اشیاء کا الٹ پھیر؛ تجارت کے دوران (چیزوں کا) پھیر بدل۔

Overturn : (v) (۱) الٹ دینا؛ الٹ کر گرا دینا؛ گرانا؛ الٹنا۔ (۲) برباد کرنا؛ تہ و بالا کرنا؛ زیر و زبر کرنا۔ (۳) منسوخ کرنا؛ خاتمہ کرنا؛ مٹا دینا۔

Overturnable : (a) لائق تقلیب؛ بدل دینے یا الٹ دینے کے قابل؛ ختم کر دینے یا مٹا دینے کے لائق؛ برباد کر دینے کے قابل۔

Overturner : (n) الٹنے والا؛ الٹ کر گرا دینے والا؛ انقلاب برپا کرنے والا؛ ختم کر دینے یا مٹا دینے والا؛ تہ و بالا کر دینے والا؛ برباد کر دینے والا۔

Overuse : (n) حد سے زیادہ استعمال۔

Overuse : (v) حد سے زیادہ استعمال کرنا۔

Overvaluation : (n) بیش تخمیہ؛ اصلیت سے زیادہ یا بہت زیادہ قیمت لگانا یا تخمینہ کرنا۔

Overvalue : (n) اصلیت سے زیادہ تخمیہ؛ اصلیت سے زیادہ قیمت؛ بیش تخمینہ۔

Overvalue : (v) (۱) (کسی چیز کی) اصلیت سے زیادہ قیمت لگانا؛ بیش تخمینہ کرنا؛ اصلیت سے زیادہ اندازہ لگانا؛ ضرورت سے زیادہ قدر کرنا۔ (۲) حد سے زیادہ قیمت لگانا؛ بہت زیادہ قیمت لگانا۔

Overvoltage : (n) (برقیات) قوت زیاد؛ زائد وولٹیج۔

Overwalk : (v) (۱) (کسی چیز پر) چلنا؛ طے کرنا؛ گزرنا۔ (۲) حد سے زیادہ چلنا؛ بہت دیر یا بہت دور تک چلنا؛ بہت لمبی مسافت طے کرنا۔

Overwash : (n) (ارضیات) برف کے تیز رو چشمے کے ساتھ بہہ کر آئی ہوئی چیز یں جو کنارے کے ملبوں کے پاس جمع ہو جاتی ہیں۔

Overwash : (v) (کسی چیز کے) اوپر سے ہو کر بہنا؛ دھو ڈالنا؛ نہلانا؛ غوطہ دینا۔

Overwatch : (v) (۱) نگرانی کرنا؛ نگہبانی کرنا؛ نگاہ رکھنا؛ پاسبانی کرنا۔ (۲) بہت زیادہ جاگتے رہنے سے تھک جانا یا بیزار ہو جانا؛ حد سے زیادہ (مدت تک) جگائے رکھ کر بیزار کر دینا؛ بے خواب رکھ کر ناک میں دم کر دینا؛ بیخوابی

سے تنگ آجانا۔

Overwear : (v) (۱) خستہ کر دینا؛ سخت محنت سے تھکا دینا؛ خستہ حال کر دینا ؛ تھکا کر چور کرنا ؛ بے دم کر دینا ۔ (۲) (کپڑے وغیرہ کو) کثرت استعمال سے بالکل گھس ڈالنا ؛ اتنا پہننا کہ تار تار ہو جائے۔ (۳) (کسی چیز کو) اتنا پہننا یا استعمال کرنا کہ وہ ختم ہو جائے ؛ مٹا دینا؛ ختم کر ڈالنا؛ باقی نہ رہنے دینا؛ محو کر دینا (پہن کر یا کثرت استعمال سے)۔

Overweary : (v) بے حد تھک جانا ؛ تھک کر چور ہو جانا؛ انتہائی خستہ یا خستہ حال ہونا؛ بے حد خستہ و ماند ہونا ؛ بے انتہا افسردہ یا بیزار ہونا۔

Overween : (v) اپنے بارے میں حد سے زیادہ بلند توقعات رکھنا یا انتہائی بلند رائے رکھنا؛ خود پسند ہونا ؛ متکبر ہونا؛ مغرور ہونا ؛ خود بین ہونا؛ شوخ چشم ہونا؛ گستاخ ہونا۔

Overweening : (a) خود پسند؛ مغرور ؛ متکبر ؛ خود بیں ؛ گستاخ؛ شوخ چشم ؛ شیخی باز ؛ خودرائے ؛ اپنی حد سے متجاوز ؛ تعلّی پسند۔

Overweeningly : (adv.) مغرورانہ ؛ متکبرانہ؛ خود پسندانہ؛ گستاخانہ ؛ شوخی چشمی سے؛ شیخی سے ؛ اپنی حد سے متجاوز ہو کر۔

Overweeningness : (n) غرور ؛ گھمنڈ؛ تکبر؛ خودرائی؛ خودپسندی ؛ خود بینی و خودنمائی؛ گستاخی ؛ شوخ چشمی؛ جسارت ؛ شیخی۔

Overweigh : (v) (۱) (اخلاقی یا مادی اعتبار سے) بھاری پڑنا؛ زیادہ با وزن ہونا؛ وزن میں بڑھ جانا؛ اہمیت میں زیادہ ہونا؛ قدر و قیمت میں زیادہ ہونا؛ زیادہ موثر یا وقیع ہونا؛ وزن سے زیادہ ہونا؛ غالب ہونا؛ معتبر ہونا ۔ (۲) دبانا؛ حد سے زیادہ بوجھ دینا یا زیر بار کرنا؛ ظلم کرنا؛ جبر کرنا؛ زیر کرنا (۳) حد سے زیادہ وزنی ہونا ؛ وزن میں زیادہ ہونا۔

Overweight : (n) (۱) صحیح یا مناسب وزن سے زائد وزنی چیز ؛ زائد بوجھ ؛ فاضل وزن۔ (۲) (مادی یا اخلاقی) غلبہ ؛ فوقیت ؛ سبقت۔ (۳) حد سے زیادہ وزن؛ حد سے زیادہ بوجھ (نیز مجازاً)۔

Overweight : (a) معمولی وزن سے اوپر یا زائد ؛ حد سے زیادہ وزنی ؛ بے حد وزنی ؛ مقررہ وزن سے زائد ۔

Overweight : (v) حد سے زیادہ وزن ہونا ؛ بے حد وزنی ہونا ؛حد سے زیادہ بوجھ لادنا؛ حد سے زیادہ زیر بار کرنا؛ بے حد مجبور کرنا (ادبی و مجازی معنوں میں)۔

Overweighted : (a) جس کا وزن مقررہ وزن سے زیادہ ہو؛ حد سے زیادہ وزنی۔

Overwhelm : (v) (۱) اوپر سے بوجھ لادنا؛ حاوی ہو جانا؛چھا جانا؛ غالب ہونا۔ (۲) کچل دینا؛ دم بھر میں تباہ کر دینا؛ برباد کر دینا؛ تاخت و تاراج کرنا ۔ (۳) (جذبے سے) بے قابو کر دینا۔ (۴)(سوالات کی) بوچھار کر دینا؛ (سوال کرتے کرتے) ناک میں دم کر دینا۔

Overwhelming : (a) (تعداد یا مقدار کے لحاظ سے) زبردست ؛ قوی ؛ بے حد ؛ بے پناہ ؛ غالب۔

Overwhelmingly : (adv.) بے انتہا ؛ بے حد ؛ زبر دست طور پر۔

Overwhelmingness : (n) (تعداد یا مقدار میں) بے حد یا بے پناہ ہونا؛ زبردست اکثریت میں ہونا۔

Overwind : (v) (۱) (آلات موسیقی کا سر ملانے کے لئے) تاروں یا ڈوریوں کو حد سے زیادہ کھینچنا یا چڑھانا؛ (گھڑی میں) ضرورت سے زیادہ چابی دینا۔ (۲) (کان کنی میں) (نیچے آنے جانے والے رسے یا زنجیر کو) حد سے زیادہ لپیٹنا یا کھینچنا ؛ ضرورت سے زیادہ چکر دینا۔

Overwisdom : (n) انتہائی چالاکی ؛ حد سے زیادہ عقل مندی یا دوراندیشی؛ انتہائی دانش مندی۔

Overwise : (a) حد سے زیادہ چالاک ؛ بے حد عقل مند؛ بے انتہا دوراندیش ؛ بے حد دانش مند۔

Not overwise : (a) قدرے کم عقل ؛ کسی قدر ضعیف العقل یا ناقص العقل۔

Overwisely : (adv.) بے حد عقل مندی سے ؛ انتہائی دوراندیشانہ؛ بے حد دانش مندانہ۔

Overwiseness : (n) حد سے زیادہ چالاکی؛ عقل مندی یادور اندیشی ؛ انتہائی دانش مندی۔

Overwood : (n) (نباتیات) بالا درختی۔

Overword : (n) لفظ یا فقرہ جس کی بار بار تکرار ہوئی ہو؛ (خصوصاً کسی گیت کا)ٹیپ؛ ترجیع (جوہر بند کے آخر میں آئے)۔

Overwork : (n) (۱) زائد کام ؛ معمول سے زائد کام؛ حد سے زیادہ کام ۔ (۲) طاقت یا صلاحیت سے زیادہ کام؛ استعداد سے زیادہ کام۔

Overwork : (v) [OE. ' Oferwyrcan . '] (۱) باہر سے آراستہ کرنا؛

سطح کو آراستہ کرنا۔ (۲) بہت زیادہ کام لینا؛ محنت شاقہ لینا؛ کام لیتے لیتے تھکا مارنا یا شل کر دینا۔ (۳) نقش و نگار سے بھر دینا؛ حد سے زیادہ منقش یا آراستہ کرنا بھاری کام بنانا۔ (۴) حد سے زیادہ کام کرنا؛ کام کرتے کرتے شل ہو جانا یا بے حد تھک جانا؛ کام سے تھک کر چور ہو جانا۔ (۵) بے حد محنت سے بنا کر مکمل کرنا؛ (کسی ایجاد و اجتہاد کی تفصیلات کو) بے حد محنت سے انجام تک پہنچانا۔ (۶) حد سے زیادہ اشتعال دینا یا بھڑکانا؛ بے حد بر انگیختہ کرنا؛ حد سے زیادہ جوش دلانا یا حرکت میں لانا۔

Overworn : (a) (۱) حد سے زیادہ گھسا ہوا ؛ پھٹا پرانا؛ تار تار؛ جو پہننے کے لائق نہ رہا ہو؛ ناقابل استعمال ؛ خستہ ؛ فرسودہ ؛ بیکار۔ (۲) بے حد بوڑھا ؛ انتہائی ضعیف العمر ؛ پیر زال ؛ پیر فرتوت؛ جس کے اعصاب و قوی جواب دے چکے ہوں؛ بے حد تھکا ہوا؛ تھک کر چور ؛ خستہ و ماندہ؛ جو تھک کر شل ہو چکا ہو؛ محنت شاقہ کے بعد جس میں مزید کام کرنے کی صلاحیت باقی نہ رہی ہو۔ (۳) رفتہ ؛ گزشتہ ؛ گزرا ہوا؛ گیا ہوا۔

Overwrite :(v) (۱) لکھی ہوئی چیز پر لکھنا ؛ کسی چیز پر لکھنا ؛ لکھ کر بھر دینا ؛ سارے میں لکھ دینا۔ (۲) پھر سے لکھنا ؛ دوبارہ لکھنا ؛ نقل کرنا؛ نظر ثانی کرنا؛ شک و اصلاح کرنا۔ (۳) حد سے زیادہ لکھنا ؛ بے حد لکھنا ؛ لکھ لکھ کر تھک جانا؛ لکھتے لکھتے خالی الذہن ہو جانا۔ (۴) (کسی موضوع پر) ضرورت سے زیادہ لکھنا۔

Overwrought : (a) (۱) محنت شاقہ سے تھکا ہوا؛ سخت محنت کے بعد خستہ جان؛ تھک کر چور ؛ بے حد خستہ و ماندہ۔ (۲) بے حد ہیجان ؛ بے حد مشتعل؛ ہیجان کا مارا ہوا ؛ ہیجان زدہ ۔ (۳) جس میں بہت زیادہ کام ہو؛ بہت بھاری کام ؛ بہت بھاری نقش و نگار والا؛ ضرورت سے زیادہ منقش و مرصع۔ (۴) بے حد محنت سے پایۂ تکمیل تک پہنچایا ہوا؛ بے حد محنت سے کیا ہوا۔

Overzeal : (n) حد سے زیادہ ذوق و شوق ؛ بے انتہا جوش وانہماک؛ بے انتہا سرگرمی؛ شوق بے نہایت۔

Overzealous : (a) بے حد پرجوش؛ بے حد سرگرم ؛ نہایت ذوق و شوق اور انہماک سے کام کرنے والا۔

Ovi- : (comb.) لاطینی لفظ Ovumسے مشتق جزو ترکیبی بمعنی "انڈا ، بیضہ"۔

Ovi- : (comb.) لاطینی لفظ Ovisسے مشتق جزو ترکیبی بمعنی "بھیڑ" "میش" ۔

Ovibos : (n) (حیوانیات) مشک گاؤ ؛ میشی گاؤ۔

Ovibovine : (n) ایک جانور جو بھیڑ اور بیل کے بین بین ہوتا ہے؛ میش گاؤ۔

Ovicapsular : (a) (تشریح ، حیوانیات) بیض کیسوی؛ انڈے کی تھیلی کا یا اس سے متعلق۔

Ovicapsule : (n) (تشریح ، حیوانیات) بیض کیسہ؛ انڈے کی تھیلی : بیضہ دان۔

Ovicell : (n) (۱) بعض مرکب الجسم جانوروں میں انڈے کے لئے بنا ہوا جوف یا خانہ جسےOocyst or Ooccium بھی کہتے ہیں۔ (۲) خلیہ جو بارود ہو جانے کے بعد ایک نئی انفرادیت کا حامل ہوجاتا ہے؛ بیض خلیہ ؛ بیضک؛ بیضہ (اپنی ابتدائی شکل میں)۔

Ovicidal : (a) قتل میش کا ؛ میش کشی کا یا اس سے متعلق۔

Ovicide : (n) قتل میش ؛میش کشی ؛ بھیڑکشی۔

Ovicyst : (n) (حیوانیات) (بعض Ascidiansمیں) بعض کیسہ ، جوف یا خانہ جس میں انڈے سئے جاتے ہیں۔

Ovicystic : (a) بیض کیسوی ؛ انڈے کی تھیلی کا یا اس سے متعلق (جس میں انہیں سیا جاتا ہے)۔

Ovidian : (a) اوویدی؛ لاطینی شاعر Ovidیا اس کی شاعری سے متعلق یا اس کی خصوصیت کا۔

Oviducal : (n) بیض نالی جیسا ؛ راہ بیضہ جیسا۔

Oviferous : (n) (تشریح ، حیوانیات) بیض کش؛ بیض بردار؛ بیض آور ؛ (وہ جانور) جس کے بچے انڈوں سے نکلتے ہیں؛ (خصوصاً) (بعض قشریوں میں) (وہ تھیلی) جس میں وہ اپنے انڈے لئے پھرتے ہیں۔

Oviform : (a) (۱) بیضوی ؛ انڈے کی شکل کا؛ بیضی ؛ بیضی شکل ۔ (۲) میشی ؛ بھیڑنما۔

Ovigenesis : (n) دیکھو Oogenesis

Ovigenetic : (a) دیکھو Oogenetic

Ovigeron : (n) (غیر بارور) بیضہ ؛ انڈا جو ابھی بارور نہ ہوا ہو۔

Ovigerous : (a) (تشریح ، حیوانیات) بیض بر دار ؛ بیض آور؛انڈے دینے والا یا انہیں ساتھ لئے پھرنے والا۔

Ovine : (a) [LL. 'Ovinus.] (۱) بھیڑ کا؛ بھیڑ سے متعلق ؛ میشی؛ ایک جانور جو بھیڑ اور بیل کے بین بین ہوتا ہے؛ میش گاؤ۔

(حیوانیات) جنس میش؛ جنس بز؛ جگالی کرنے والے حیوانیات کی ضمنی جنس Ovinac کا۔ (۲) میش نما؛ بھیڑ جیسا؛ مثل میش۔

Oviparity : (n) بیض زائی ؛ انڈا دینے والا ہونے کی حالت یا خصوصیت؛ بائض ہونے کی حالت یا خصوصیت۔

Oviparous : (a) [L. oviparus.] انڈا دینے والا؛(وہ جانور) جن کے بچے انڈوں سے نکلتے ہیں۔ (حیوانیات) بائض (جمع بوائض)؛ بیض زا۔

Oviposit : (v) انڈا یا انڈے دینا۔

Oviposition : (n) انڈے دینے کا عمل ؛ بیض ریزی۔

Ovipositor : (n) (حشریات) کیڑوں کی انڈوں کی نالی؛عضو بیض ریز؛ عضو بیض ریزی۔

Ovisac : (n) (تشریح ، حیوانیات) انڈے کی تھیلی؛بیض کیسہ ؛ بیض خلیہ؛ بیض داں؛ کیسۂ بیض۔

Ovism : (n) (حیاتیات) (نظریہ) بیضیت؛ وہ قدیم نظریہ کہ مادہ کا باز تولیدی خلیہ یا انڈے پورے جسمانی نظام کی ایک غیر ترقی یافتہ حالت کا حامل ہوتا ہے اور مردانہ منی کا بارور مادہ اسے محض متحرک کر دیتا ہے۔(بخلاف Spermism یا Animalculism)۔

Ovist : (n) (حیاتیات) نظریۂ بیضیت کا قائل؛ قائل بیضیت ؛بیضی ۔

Ovistic : (a) قائل بیضیت کا؛ قائل بیضیت جیسا؛قائل بیضیت سے متعلق۔

Ovivorous : (a) [L. '-vorous.'] بیضہ خور ؛ انڈے کھانے والا۔

Ovo- : (comb.) جزو ترکیبی -Ovi کے متبادل کی حیثیت سے مستعمل ہے۔

Ovo-testis : (n) (حیوانیات) مبیض خصیہ ؛ بعض بے ریزہ حیوانات میں ایک عضو کو بیضہ اور حیوان منویہ دونوں پیدا کرتا ہے؛ دو زوجی غدہ یا گلٹی۔

Ovo-viviparous : (a) [f. 'Ova + viviparous.'] (حیوانیات) جس میں انڈا دینے والی اور بچہ جننے والی دونوں خصوصیتیں موجود ہوں؛ (وہ) انڈا دینے والا (حیوان یا حشرہ) جس کے انڈے اس کے جسم کے اندر ہی سلے جاتے ہیں اور وہیں ان سے بچے نکلتے ہیں؛ بیض در جسم زا؛ بیض و حشرہ زا۔

Ovocentre : (n) (حیاتیات) بیض مرکزہ۔

Ovocyte : (n) دیکھو Oocyte

Ovogenesis : (n) تولید بیضہ؛ تشکیل بیضہ۔

Ovogenetic/ -nous : (a) انڈے کی تشکیل اور نشو و نما میں معاون ہونے والا؛ معاون تبویض؛معاون استبضاء۔

Ovoid : (a) بیضہ نما؛ بیضہ جسم ؛ بیضوی ؛ بیضہ شکل؛بیضاوی۔

Ovoid : (n) (ہندسہ) بیضوی جسم؛ بیضوی شکل؛ بیضوی سطح؛ بیضوی چیز۔

Ovoidal : (a) بیضوی جسم یا بیضہ نما شکل کا۔

Ovolo : (n) [It. 'Ovolo.'] (تعمیرات) بیضیّہ؛ مبیّض حاشیہ؛ انڈا نما گولا۔

Ovological : (a) بیضیّاتی؛ علم بیض کا یا اس سے متعلق۔

Ovologist : (n) بیضیات داں؛ ماہر بیضیات ؛ علم بیض کا ماہر۔

Ovology : (n) حیاتیات داں یا جنینیات کاوہ حصہ جو حیوانیات کے انڈوں کی ساخت اور تشکیل سے بحث کرتا ہے؛ بیضیّات ؛ علم بیض۔

Ovonic : (a) (برقیات) بے شکل نیم موصلوں سے متعلق جو غیر موصل کو موصل میں تبدیل کرنے کا کام کرتے ہیں۔

Ovonics : (n) Ovonic اثرات یا ترکیبوں کا مطالعہ یا ان کا اطلاق ۔

Ovular : (a) (حیاتیات) بیضکی؛ (نباتیات) تخمکی ؛ (حیوانیات) بُویضی Ovule کا؛ اس جیسا یا اس سے متعلق۔

Ovulate : (a) (حیاتیات) بیضک دار؛ تخمک دار؛ (حیوانیات) بوُیضہ دار۔ [f. mod. L. 'Ovulum.']

Ovulate : (v) بیضوں یابیضکوں کی تشکیل اور نشو و نما (خصوصاً) بیضہ دان سے ان کا باہر آنا (جس طرح دودھ پلانے والی ماداؤں میں ہوتا ہے)؛ انڈوں کا بننا اور بڑھنا؛ انڈوں یا بیضکوں کا تیار ہونا یا پختہ ہونا ؛ انڈے دینا۔

Ovulation : (n) (۱) (عضویات ،حیوانیات) ؛ تبویض؛ استبضاء ؛ بیضوں یا بیضکوں کی تشکیل اور نشو و نما؛ (خصوصاً) بیضہ دان سے ان کا اخراج (جس طرح پستان دار حیوانات میں ہوتا ہے)؛ بیض ریزی ؛ انڈے دینا۔ (۲) وقت تبویض ؛ وقت استبضاء۔

Ovule : (n) [L. 'Ovulum.'] (۱) (نباتیات) غیر بارور تخمک؛ تخمک۔

(۲) (حیوانیات ، عضویات) بُویضه: بیضك: انڈا اپنی ابتدائی شکل میں: (خصوصاً) غیر بارور بیضه: انڈا جو مردانه حیوان منویه سے نه مل سکا هو۔

Ovuliferous / Ovuligerous : (a) (نباتات) تخمك بردار : تخمك زا: (حیوانیات) بیض دار : بویضه دار: بیضه زا: بائض : بیضك دار: انڈے دینے والا۔

Ovulist : (n) دیکھو Ovist

Ovulite : (n) (ارضیات) متحجر بیضه: بیضه محجّر۔

Ovulum : (n) [mod. L.dim. of L. 'Ovum. '] (حیوانیات ، عضویات) بیضك: بیضه: انڈا : (خصوصاً) غیر بارور بیضه : بوُیضه۔ (۲) (حیوانیات) معده یا گھونگوں کی ایك جنس جس میں بیضوی صدفه بھی شامل هے : بیضه نما گھونگا: Ovula جنس کا معده پا گھونگا۔

Ovum : (n) [L.] (۱) حیوانیات) بیضه : انڈا: تخم : تخم ماده۔ (۲) (حیاتیات) غیر بارور بیضه: بیضه خلیه: مادۂ گمٹه۔ (۳) بوُیضه ۔ (۴) تخم. (۵) (تعمیرات) بیضوی شکل کی آرائش : بیضیّه: بیضوی منبت کاری۔

Ow : (interj.) [ME.] ناگہانی درد یا حیرت کے اظہارکے لئے بولتے ہیں۔

Owe : (v) [OE. 'agan. '] (۱) مقروض هونا : مدیون هونا: قرض دار هونا۔ (۲) اخلاقاً پابند هونا۔ (۳) ممنون هونا: زیربار احسان هونا: احسان مند هونا۔ (۴) (بول چال) رکھنا : حامل هونا۔

To owe one a grudge : کسی شخص سے بیر رکھنا۔

Owelty : (n) (قانون) برابری: مساوات : هم سری۔

Owenian : (a) [AFr. 'Owelte. '] Robert owen سماجی مصلح (1771-1858) کا یا اس سے متعلق (جس نے سماج کو اشتراکی امداد باہمی کے نظام پر لانے کی حمایت کی اور مختلف صنعتی برادریوں میں اسے رائج کیا)۔

Owenism : (n) اشتراکی نظام جس کا خاکه رابرٹ Owen نے تیار کیا تھا۔

Owenist : (n) رابرٹ Owen کے اشتراکی نظام کا حامی یا قائل : اووین کا پیرو۔

Owenite : (n) دیکھو Owenist

Ower : (n) [f. Owe(v).] (شاذ)مقروض :قرض دار: دین دار:مدیون۔

Owing : (a) [f. Owe (v).] قرض : بار: دین: بار دین۔

Owing to : (prep.) به سبب: به وجه : با لوجه: بدولت : باعث۔

Owl : (n) [OE. 'ule,. '] (۱) بوم : چغد : اُلو۔ (۲) (طیوریات) Stringes جنس کا کوئی پرند (جس کا معلوم انواع تقریباً دو سو ہیں)۔ (۳) مقطّع بے وقوف: احمق : آدمی جو دانش مندوں کی صورت بنائے۔ (۴) سرمئی رنگ کی خاردار کھپروں والی بھدی مچھلی کا نام : لمپ مچھلی : بوم ماہی۔ (۵) ایك قسم کا کبوتر (Owl pigeon) ۔

Barn owl : اُلو کی ایك قسم : مصاّصه ۔

Screech owl : اُلو کی ایك قسم : بوم الصیاّح۔

Sea owl : ایك قسم کی مچھلی : بوم ماہی: لمپ مچھلی ۔

To carry or send owls to Athens : کسی جگه ایسی چیز بھیجنا یا لے جانا جہاں اس کی پہلے ہی بہتات هو۔

To fly with the owl : راتوں کو جاگنے کا عادی هونا۔

Owl : (v) اُلو کی طرح آنا: احمق جیسا برتاؤ کرنا: اندھیرے میں اُلو کی طرح ادھر ادھر پھرنا: تاك جھانك کرنا: ٹوہ لگانا (خصوصاً اندھیرے میں)؛ شکار یا لوٹ کی تلاش میں پھرنا (بول چال)۔

Owl-eyed : (a) (طب) بوم چشم : دن کوری۔

Owl-glass : (n) Eulenspiegel عہد وسطیٰ کے ایك جرمن (درباری) مسخرے کا نام : شریر بے وقوفوں کی ابتدائی شکل: مسخراء : دل لگی باز۔

Owl-light : (n) جھٹ پٹا: دھندلکا(جب اُلو باہر نکلتا هے):تاریکی۔

Owl-monkey : (n) بڑی پیلی آنکھیں ، چھوٹے کان اور لمبی دم والا جنوبی امریکی بندر۔

Owl-moth : (n) (۱) خاصا بڑا برازیلی پتنگا۔ (۲) ڈنك دار پتنگا جس کے بازو ۱۰ انچ تك پھیلتے ہیں۔

Owl-parrot : (n) دیکھو Kakapo

Owl-pigeon : (n) ایك قسم کا کبوتر۔

Owl-ray : (n) ایك قسم کی مچھلی۔

Owl-train : (n) (امریکی عامیانه) رات میں چلنے والی ٹرین۔

Owler : (n) (تاریخ) انگلستان سے اون یا بھیڑوں کی نا جائز برآمدات کرنے والا؛ نیز وہ جہاز یا کشتی جو انہیں بیرون ملک لے جاتی ہے۔

Owlery : (n) (۱) اُلوؤں کے رکھنے یا پالنے کی جگہ؛ اُلو خانہ۔ (۲) مقطع بے و قوفی : حماقت : اُلوپن : چغدپن۔

Owlet : (n) چھوٹا اُلو : بوم صغیر : مصّاصہ؛ بچۂ بوم؛بومچہ؛ اُلو کا پٹھا؛ یورپ کا چھوٹا اُلو۔

Owlet-moth : (n) Noctua جنس کے پتنگوں کا امریکی نام۔

Owling : (n) (تاریخ) انگلستان سے اون یا بھیڑوں کی ناجائز برآمدات (کا دھندا یا کاروبار)۔

Owlish : (a) اُلو جیسا : مثل چغد : اُلو سے مشابہ : بوم صفت : اُلو کا سا مقطع بے وقوف کا سا : گاؤدی؛ احمق۔

Owlishly : (adv.) اُلو کی طرح سے؛ مقطع بے وقوف کی طرح سے : مثال بوم۔

Owlishness : (n) اُلوپن :چغدپن : بے وقوفی :حماقت؛ گاؤدی پن؛ مقطع بے وقوفی۔

Owls to Athens : الٹے بانس بریلی۔

Own : (a) [OE. 'agen. '] (۱) خاص : ذاتی؛ خود؛ اپنا۔ (۲) حقیقی؛ سگا۔ (۳) اپنا (مال) : ذاتی (املاک)۔

An own brother : حقیقی بھائی؛ سگا بھائی۔

Of (Ones) own : اپنا ذاتی۔

On ones own : (عامیانہ) اپنے بل پر؛ اپنے بوتے پر۔

To be ones own man (woman): آزاد ہونا؛ اپنے دل کا بادشاہ ہونا؛ خودمختار ہونا؛ اپنی صلاحیتوں پر کامل اختیار رکھنا اور انہیں بروئے کارلانا؛ مطلق العنان ہونا۔

To get ones own back : (روزمرہ) بدلا لینا؛ انتقام لینا۔

To hold ones own : اپنا آپ برقرار رکھنا؛اپنی جگہ پر جمے رہنا؛ اپنا اقتدار ، حیثیت ، قوت وغیرہ برقرار رکھنا۔

Own : (v) [OE. 'agnian' , agan. '] (۱) مالک ہونا۔ (۲) (تصنیف ، ملکیت ، ولدیت کا) اقرار کرنا؛ تسلیم کرنا۔ (۳) ماننا؛ قائل ہونا؛ تسلیم کرنا؛ اعتراف کرنا۔ (۴) (Own to) اقرار (جرم) کرنا؛ (قصور کا) اعتراف کرنا۔ (۵) سرتسلیم خم کر دینا؛ سر جھکا دینا؛ چپ چاپ قبول کرلینا۔

To own up : (روزمرہ) پوری طرح یا صاف صاف اقرار کر لینا (جرم کا) ۔

Own cousins : (n) اپنے سگے چچا، پھوپھا ،خالو ، یا ماموں کی اولاد۔

Owner : (a) مالک۔

The owner : (بحری روزمرہ) جہاز کا کپتان۔

Ownerless : (a) بے مالک کا : جس کا کوئی مالک نہ ہو۔

Ownership : (n) ملکیت ؛ مالک ہونا ؛ مالکیت ؛ حقیقت داری ؛ ملک ؛ حقیقت؛ مال ؛ جائداد؛ املاک ؛ مقبوضات۔

Owness : (n) اپنا یا ذاتی ہونے کی صفت ؛ اپناپن؛ سگاپن؛ ذاتی یا خاص الخاص ہونا؛ اپنا ہونا۔

Ox : (n) [OE. 'Oxa. '] (۱)بیل؛نرگاؤ؛ بدھیا بیل۔ (۲) (حیوانیات) بیل کی نوع کا کوئی جانور؛ جنگلی بیل؛ سانڈ؛ ارنا بھینسا؛ گور؛ یاک؛ گاؤ مشک۔ (۳) ایک قدیم سکّہ جس پر بیل کی تصویر ہوتی تھی(نیز بطور صفت مثلاً Ox-coin)۔

American ox : بھینسا؛ ارنا بھینسا۔

Indian, Brahmin, or Dwarf ox : مشرق ہند اور چین کا کوہان دار بیل؛ نانديا بیل؛ سانڈ۔

Musk ox : شمالی امریکا کے منجمد خطوں کا ایک جگالی کرنے والا جانور جس میں مشک کی خوشبو ہوتی ہے : مشک گاؤ۔

The black ox : بدبختی : مصیبت؛ ابتلا؛ بڑھاپا؛ضعیف العمری۔

The black ox has trod on (his etc.) foot : اسے بڑھاپے نے آلیا ہے؛ اسے مصیبت نے آگھیرا ہے۔

Ox- : کیمیائی اصطلاحوں کا جزو ترکیبی : (۱) -Ox یا -Oxy برائے آکسیجن۔ (۲) -Oxal کا مخفف (جس طرح Oxamic میں)۔

Ox-antelope : (n) (حیوانیات) افریقی بارہ سنگھا۔

Ox-bane : (n) ایک زہریلا پودا جسے کھاکر مویشی مر جاتے ہیں؛ جنوبی افریقہ کا زہریلا پودا (poison-bulb) ۔

بیل کا پتّا(جو رنگ سازی ، دواؤں اور کتابوں کو رنگین بنانے میں استعمال ہوتا ہے). Ox-bile : (n)

(۱) برطانیہ کے مختلف چھوٹے پرندے خصوصاً Dunlin ۔ (۲) (حیوانیات) افریقی بیل۔ (۳) (حیوانیات) سار : بیل مینا۔ Ox-bird/Oxbird : (n)

(۱) افریقی چڑیوں کی ایک نوع جو مویشیوں کے جسم میں ہونے والے طفیلی لاروں (پہل روپوں) کو کھاتی ہیں؛ انہیں Loaf-eater بھی کہتے ہیں؛ افریقی سار؛ افریقی مینا۔ (۲) (امریکا) سار: امریکی مینا؛ بیل مینا۔ Ox-biter : (n)

(حیوانیات) ڈانس کا لاروا(پہل روپ) ۔ Ox-bot : (n)

(۱)بیلوں کا جوا(جو کاندھوں پر رکھا جاتا ہے) ۔ (۲) (امریکا) دریا کا نیم دائرہ نما موڑ؛ (جغرافیہ) کالر نما جھیل : قوسی جھیل۔ Ox-bow/Oxbow : (n)

(نباتیات) سفید گل داؤدی ۔ Ox-daisy : (n)

(۱) بیل کی آنکھ : دیدۂ گاؤ؛ (تشریح) گاؤ دیدہ : بڑی آنکھ (انسان کی)؛ پھیلی ہوئی آنکھ۔ (۲) مختلف چھوٹی چڑیوں کا نام : (خصوصاً) قرقف ؛پھدکی۔ (۳) (عمارت)بیضوی دریچہ: چھوٹی گول کھڑکی۔ (۴) (نباتیات) جنگلی گل داؤدی : گل مینا۔ (۵) وہ فنجان یا پیالہ جو آکسفورڈ کے بعض کالجوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ (۶) (جہاز رانی) بادل کا چھوٹا ٹکڑا جو بیچ میں سرخ ہوتا ہے اور عموماً cape of good hope کے آس پاس دیکھا جاتا ہے اور جسے طوفان کا پیش خیمہ یا علامت سمجھا جاتا ہے.: نیز وہ طوفان ۔ Ox-eye/Oxeye : (n)

(نباتات) گل داؤدی چمنی۔ Great ox-eye :

دیکھو Ox-daisy Ox-eye daisy : (n)

(۱) بڑی بڑی آنکھوں والا: گاؤ دیدہ : کلاہ چشم۔ (۲) پودوں کے نام کا جزو ہوتا ہے۔ Ox-eyed : (a)

مضبوط جنگلا جس کے ساتھ بیل باڑ ، جھاڑیوں کی باڑ اور کبھی کبھی خندق ہوتی ہے تاکہ ادھر سے مویشی نہ گذر سکیں۔ Ox-fence : (n)

(حیوانیات) خرمگس : گاؤ مکھی: ڈانس۔ Ox-fly : (n)

دیکھو Ox-fly Ox-gad-fly : (n)

دیکھو Ox-bile Ox-gall : (n)

قدیم مصریوں کا دیوتا Apis جس کا سر بیل کا اور جسم انسان کا ہے۔ Ox-god : (n)

چکنی مٹی والی زمین پر چلایا جانے والا طاقتور اور بڑا دندانے دار سراون جسے بیلوں کے ذریعہ کھینچا جاتا تھا۔ Ox-harrow : (n)

(۱) بیل کا سر یا اس کی تصویر۔(۲) مضبوط، کند ذہن، غبی یا بے وقوف شخص : بدھو: (توصیفاً یا بطورنیم صفت) بے وقوف : احمق۔ Ox-head : (n)

ایک قسم کا بدبودار پودا: کٹکی۔ Ox-heal : (n)

دل کی شکل کا اور بڑا : خاص کر شاہ دانے (چیری) کی ایک قسم پر اطلاق ہوتا ہے۔ Ox-heart : (a)

دیکھو Ox-heal Ox-heel : (n)

(۱) بیل کا سینگ ۔ (۲) بیل کے سینگ کا بنا ہوا پیالہ۔ Ox-horn : (n)

بیل کی طرح : بیل کی مانند : بیل کے مشابہ ۔ Ox-like : (a)

بیل کے انداز میں : بھونڈے پن سے ۔ Ox-like : (adv.)

سمارو غ یا سانپ کی چھتری جو بہت بڑی ہو۔ Ox-mushroom : (n)

دیکھو Ox-biter Ox-packer : (n)

بڑے سینگ والی رے مچھلی : گاؤرے؛گاؤ ماہی۔ Ox-ray : (a)

گوشالہ؛ بتھا ن؛بیلوں کے رہنے کی جگہ؛گاؤ خانہ۔ Ox-stall : (n)

بیل کی دم (جس کا اکثر شوربا پکاتے ہیں) نیز توصیفاً Ox-tail : (n)

بیل کی دم کا سوپ یا شوربہ۔ Ox-tail soup : (n)

(۱) بیل کی جیب یا جیبھ: زبان گاؤ۔ (۲) مختلف پودوں کے نام :(نباتیات) گل گاؤ زبان ۔ Ox-tongue/Oxtongue : (n)

چار پہیوں والی بھاری گاڑی جسے بیل کھینچتے ہیں۔ Ox-wagon : (n)

(۱) (بیطاری) ورم پشت گاؤ۔ (۲) (حیوانیات) لاروائے ڈانس : لاروائے گاؤ مکھی۔ Ox-warble : (n)

کیمیائی اصطلاحوں کا جزو ترکیبی بمعنی "ترشک کے تیزاب (oxalic acid) سے متعلق یا مستخرج یا جزو مستقل Oxalyl کا حامل"۔ Oxal-: (comb.)

Oxalamide : (n) امونیا کے دو سالموں کو پیش کرنے والی ڈائی امائڈ جس میں ہائیڈروجن کے دو ذروں کو Oxalyl سے بدل دیا جاتا ھے اسے Oxalamide بھی کہتے ہیں۔

Oxalan : (n) (کیمیا) Oxaluric acid کا امائڈ جو alloxan پر امونیا اور ہائیڈرو سیانک ترشے کے عمل سے سفید بلوریں سفوف کی شکل میں حاصل ہوتا ھے۔ اسے Oxalan بھی کہتے ہیں۔

Oxalate : (n) Oxalic acid کا نمک؛ نمک ترشک۔

Oxaldehyde : (n) دیکھو Glyoxal

Oxalethyline : (n) ایک زہریلا روغنی سیّال ؛ نیز وہ سلسلہ جس میں یہ سیّال بھی شامل ھے۔

Oxalic : (a) Oxalis یا ترش عرق والے پودوں کا ان سے مستخرج یا ان کی خاصیت کا؛ (کیمیا) حماضی؛ترشکی۔

Oxalic acid : (n) انتہائی زہریلا اور ترش تیزاب ؛ (کیمیا) ترشک کا تیزاب۔

Oxalis : (n) [L.] (نباتات) جنس حماض؛ ترشک ؛ عرق والے پودوں کی ایک نوع جن میں بیشتر بوٹیاں ہیں۔

Oxalite : (n) (معدنیات) نمک ترشک جس میں لوہا انتہائی قوت پیوستگی رکھتا ھو۔

Oxalo-: (cimb.) دیکھو Oxal-

Oxalo-nitrate : (n) اوکسیلک اور نائٹریٹ ایسڈ کا نمک۔

Oxaluramide : (n) دیکھو Oxalan

Oxalurate : (n) Oxaluric acid کا نمک ؛ یوریا آمیز ترشکی تیزاب کا نمک۔

Oxaluria : (n) (طب) ترشک بولی۔

Oxaluric acid : (n) یوریا آمیز ترشکی۔

Oxaluric acid : (n) ایک یک اساسی تیزاب($C_3H_4N_2O_4$) جسے اوکسیلک ایسڈ اور یوریا Minus پانی کہا جا سکتا ھے اور جو سفید بلوریں سفوف کی صورت میں حاصل ھوتا ھے اس کا مزا شدید تیزابی ھوتا ھے۔

Oxalyl : (n) (کیمیا) اوکلائل : ترشکی تیزاب کا مفروضہ جزو مستقل (C_2O_2)۔

Oxamates : (n) Oxamic ترشے کے نمکیات۔

Oxamethane: (n) ایک قسم کا ایتھر جس میں Oxamic ایسڈ کے ہائیڈروجن کے ذروں میں سے کسی ایک کو الکحل جزو مستقل سے بدل دیا جاتا ھے۔

Oxamic : (a) جو امونیم کے acid axalate سے پانی کے عنصر کو نکال دینے سے بنتا ھے۔

Oxamic acid : (n) (کیمیا) ایک یک اساسی تیزاب کے acid oxalate سے جو امونیم پانی کے عنصر کو نکال دینے سے بنتا ھے۔

Oxamic ether : (n) دیکھو Oxamethane

Oxamide : (n) دیکھو Oxalamide

Oxanilamide : (n) برف جیسا سفید اور روئی کے گالے جیسا مادہ ($C_8H_8N_2O_2$) ہائیڈروکلورک ترشے کے ذریعہ Cyaniline کے اجزاء کو علاحدہ(تجزیہ) کرنے سے حاصل ھوتا ھے۔

Oxanilates : (n) Oxanilic ترشے کے نمکیات۔

Oxanilic : (a) ترشکی تیزاب کی زیادہ مقدار کے ساتھ انیلین (Aniline) کو گرم کر کے حاصل کیا جانے والا۔

Oxanilic acid : (n) ایک بلوریں مادہ($C_8H_7NO_3$) ترشکی تیزاب کی زیادہ مقدار کے ساتھ انیلین کو گرم کرنے سے حاصل ھوتا ھے۔

Oxanilide : (n) Aniline axalate کو گرم کر کے یا دوسرے طریقوں سے حاصل کیا جانے والا مادہ جو سفید پرتوں میں تبدیل ھو جاتا ھے($C_{14}H_2N_2O_2$)۔

Oxaniline : (n) ایک اساسی مادہ Amido-salicylic(C_7H_7NO) ترشے کو گرم کرنے سے حاصل ھوتاھے۔

Oxbridge : (n) آکسفورڈ اور کیمبرج کا مخفف؛ آکسفورڈ اور کیمبرج؛ نیز ان کی مشترکہ خصوصیات جو برطانیہ کی دوسری یونیورسٹیوں میں نہ ھوں۔

Oxeate/Oxeote : (a) (حیوانیات) سلاخ نما (نوکدار)۔

Oxer : (n) دیکھو Ox-fence

Oxford : (n) (۱) (انگلستان میں) شہر آکسفورڈ (جو یونیورسٹی کا شہر ھے)۔ (۲) آکسفورڈ یونیورسٹی ؛ جامعہ آکسفورڈ؛ مختلف معنوں میں بطور صفت آتا ھے۔

Oxford accent : (n) انگریزی کے تلفظ یاانگریزی بولنے کاایک مخصوص لہجہ جو آکسفورڈ یونیورسٹی میں عام طور پر رائج ہے اور اس یونیورسٹی کی خصوصیت سمجھا جاتاہے۔

Oxford bags : (n) بہت ڈھیلی پتلون : پتلون کی ایک وضع جوٹخنوں کے پاس بہت زیادہ چوڑی ہوتی ہے۔

Oxford blue : (n) گہرا نیلا رنگ: سیاہی مائل گہرا نیلا رنگ۔

Oxford clay : (n) (ارضیات) سخت نیلی چکنی مٹی کی تہ جو وسط انگلستان کی پہاڑیوں کے نیچے خصوصاً آکسفورڈ شائر میں پائی جاتی ہے۔

Oxford corners : (n) (طباعت) کتاب کا خط کشیدہ حاشیہ جس کے خطوط کونے پر ایک دوسرے کو قطع کرتے ہوئے آگے بڑھ جاتے ہیں: اس طرح بنے ہوئے گوشے۔

Oxford frame : (n) تصویر کا چوکھٹا جس کی پٹڑیاں کونے پر ایک دوسری کو قطع کرتی ہوئی آگے نکل جاتی ہیں یا نکلی ہوتی ہیں۔

Oxford group(movement)/-groups : (n) آکسفورڈ کی ایک جماعت یا تحریک جس کے اراکین اپنے مذہبی تجربوں کو ایک دوسرے سے بیان کرتے تھے اور جس کا فیصلہ شخصی و سماجی اصلاح تھا۔

Oxford man : (n) آکسفورڈ یونیورسٹی کا تعلیم یافتہ شخص۔

Oxford mixture : (n) بہت گہرے بھورے رنگ کا اونی کپڑا۔

Oxford movement : (n) تحریک آکسفورڈ جس کے ذریعہ ۱۸۳۳ء سے کیتھولک مسلک کے احیاء اور کلیسائے انگلستان میں مذہبی رسوم دوبارہ جاری کرنے کی کوشش کی گئی۔

Oxford oolite : (n) (ارضیات) دانہ دار چونا پتھرکی متحجر چٹانوں کے نظام کا وسطی حصہ۔

Oxford school : (n) (کلیسائے تاریخ) تحریک آکسفورڈ کا پیش کردہ دبستانِ خیال اس دبستان خیال سے منسلک افراد کی جماعت۔

Oxford shirting : (n) قمیصوں اور ملبوسات کے لئے ایک قسم کا دھاری دار کپڑا۔

Oxford shoe : (n) ایک قسم کا فیتے دار جوتا: آکسفورڈ شو۔

Oxford Tracts : (n) قدیم کیتھولک مذہب کی تائید میں عقلیت اور رسمیت کے خلاف High church والوں کی تحریر جس کے اصول Froude , Newman , Keble , Pusey وغیرہ نے نوے سالوں میں تحریر کئے تھے جو Tracts for the times کہلاتے تھے۔

Oxfordian : (a) آکسفورڈ سے متعلق : (ارضیات) Oxford dolite کے نچلے حصے پر اطلاق ہوتا ہے۔

Oxgang : (n) (تاریخ) اتنا کھیت جو ایک ہل سے ایک سال میں جوتا جاتا ہو اس کا آٹھواں حصہ:پیمائش اراضی کی قدیم انگریزی اکائی جو Carucate 1/8 کے برابر ہے۔

Oxherd : (n) گوالا : بیلوں کا چرواہا: گورکھیا: گورکھوالا۔

Oxhide : (n) (۱) بیل کی کھال۔ (۲) بیل کی کھال سے تیار کیا ہوا لیدر یا چمڑا۔

Oxi- : (comb.) Oxy- کی بجائے پہلے استعمال ہوتا تھا۔

Oxidability : (n) تکسیدیّت۔

Oxidable/Oxydable : (a) [Fr.] قابل تکسید : تکسید پذیر : آکسیجن سے ملنے والا: زنگ خور۔

Oxidase : (n) (حیاتیات) تکسیدیہ: تکسیدی خمیر: آکسی ڈیز۔

Oxidate/Oxy- : (v) [f. Fr. 'Oxider. '] (کیمیا) آکسیجن سے مرکب کرنا: آکسیجن ملانا: آکسیجن سے ملنا یا مرکب ہونا: آکسائڈ یا آکسیجن آمیز بننا یا بنانا۔ (۲) زنگ آلود کرنا یا ہونا۔

Oxidation : (n) (کیمیا) تکسید : آکسیجن کے ساتھ ملانا:آکسیجن آمیز کرنا : آکسائڈ بنانا: آکسیجن ملانا: آکسیجن مرکب میں تبدیل کرنا : آکسیجن ملانا یا آکسیجن سے ملنا: زنگ آلود ہونا یا کرنا۔

Oxidative : (a) تکسیدی : آکسائڈ یا آکسیجن مرکب میں تبدیل ہونے کی خاصیت رکھنے والا : آکسیجن کے ساتھ آمیز ہو جانے والا۔

Oxidator : (n) تکسیدی عامل : مُکسِّد: آکسیجن سے مرکب کرنے والا: زنگ آفریں : کسی لیمپ کے شعلے کی طرف آکسیجن کی دھار کو موڑنے والا آلہ : آکسیڈیٹر یا آکسی ڈائزر۔

Oxide/Oxid/Oxyde/Oxyd. : (n) [Fr.] (کیمیا) آکسائڈ :(کسی دوسرے عنصر یا کسی نامیاتی جزو مستقل کے ساتھ) آکسیجن کا ایک مرکب۔

Arsenic oxide : (n) (کیمیا) سمّ الفار۔

Calcium oxide : (n) (کیمیا) چونا۔

Copper oxide : (n) (کیمیا) توتیائے قرمز۔

Ferrous oxide : (n) (کیمیا) خاک سرخ؛ زنگ۔

Oxidizable : (a) دیکھو Oxidable

Oxidization : (n) دیکھو Oxidation

Oxidize : (v) دیکھو Oxidate

Oxidized silver : (n) چاندی جس پرسلور سلفائڈ کی سیاہ تہ جم گئی ہو۔

Oxidizer : (n) تکسیدی عامل؛مُکسّد ؛ آکسیجن سے مرکب کرنے والا: زنگ آفریں؛ آکسی ڈائزر۔

Oxidizing : (a) (کیمیا) تکسیدی۔

Oxidizing agent : (n) (کیمیا) تکسیدی عامل۔

Oxime/Oxim : (n) (کیمیا) دوگرفتہ گروپ کا حامل ایک کیمیائی مرکب۔

Oximide : (n) دیکھو Oxime

Oxindole/Oxindol : (n) (کیمیا)ایک بے رنگ بلوریں مادہ(C_8H_7NO) جو گرم کرنے پر روغن بن جاتا ہے؛ اس میں Idole اور آکسیجن برابر برابر ہوتے ہیں۔

Dioxindole : اس میں آکسیجن Indole سے دوگنا ہوتا ہے (C_8H_7NO) (آکسیجن کا جزو اور Indole کا جزو برابر ہوتا ہے)۔

Oxland : (n) دیکھو Oxgang

Oxlip : (n) [OE. 'Oxanslyppe. '] (۱)ایک پھولدار بوٹی کا نام؛ (نباتیات) زہرالرّ بیع؛ پامچال۔(۲) (نباتیات) گاؤ زبان پیوندی۔

Oxonian : (a) [OE. 'Ox(e) naford. '] (۱) آکسفورڈین؛ آکسفورڈ کا یا اس سے متعلق۔

Oxonian : (n) (۱) شہر آکسفورڈ کا باشندہ ؛ جامعہ آکسفورڈ کا رکن؛ آکسفورڈ کا قدیم یا موجودہ طالب علم۔(۲) ایک قسم کا جوتا جس میں فیتے کی بجائی بٹن ہوتے ہیں؛ بٹن دار جوتا۔

Oxonates : (n) آکسونی ترشے کے نمکیات۔

Oxonic : (a) [f. 'Ox - + 'Carbonic.'] قلوی محلول میں بولی ترشے

Oxonic acid : (n) آکسونی تیزاب ($C_4H_5N_3O_4$) ؛الکلائن کے یا قلوی محلول میں یورک ایسڈ(بول ترشے) کو رفتہ رفتہ آکسیجن آمیز کر کے بنا ہوا ایک مادہ جس کا تجزیہ کرنے سے Glyoxyl-urea اور کاربن ڈائی آکسائڈ حاصل ہوتا ہے۔

Oxonium : (n) [f. Ox- + -'Onium.'] (کیمیا) آکسونیم(اصلیہ)۔

Oxter : (n) [f. OE. 'Oxta. '] (اسکاتستانی ، بول چال) بغل؛ شانے کا نچلا حصہ؛ (نیز) بازو کا اندرونی یا بغلی حصہ۔

Oxus : (n) (جغرافیہ) آمودریا؛ جیحوں۔

Oxy-: (comb.) (۱) یونانی لفظ Oxus سے مشتق ہے جس کے معنی نکیلے یا تیز کے ہیں۔ (۲) کیمیائی اصطلاحات میں یہ سابقہ آکسیجن کا مخفف ہے۔

Oxy-acetylene : (a) آکسی ایسیٹیلین؛آکسیجن اورایسیٹیلین کے مخلوط پر مشتعمل؛ جس میں آکسیجن کا مخلوط استعمال ہوا ہو۔

Oxy-acetylene blow-pipe : (n) (کیمیا) آکسی ایسیٹیلین دھونکنی۔

Oxy-acid/Oxi-/Ox-/Oxyacid : (n) (۱) (کیمیا) آکسیجن ترشہ ؛وہ تیزاب جس میں آکسیجن ہو؛ آکسی تیزاب ۔ (۲) (نامیاتی کیمیا) (جمع میں) مختلف سلسلوں کے تیزابوں کے نام جو روغنی سلسلے کے تیزابوں سے ، ایک یا زیادہ ہائیڈروجن ذروں کو اتنے ہی ہائیڈروکسائل ذروں سے بدل کر مستخرج کئے جاتے ہیں۔ اسی لئے انہیں زیادہ صحیح معنوں میں Hydroxy-acid کہتے ہیں۔

Oxy-alcohol/-spirit/-coal-gas/-house-gas : (n) ان اصطلاحوں کا اطلاق شعلوں پر ہوتا ہے جو اسپرٹ لیمپ یا معمولی گیس وغیرہ کے بخار کو آکسیجن کے ساتھ ملانے یا ملنے سے پیدا ہوتے ہیں۔

Oxy-calcium/-light : (n) (کیمیا) چونا روشنی ؛ دیکھو - Lime light

Oxy-paraffin : (a) ایسے پیرافین لیمپ سے متعلق جسمیں شعلے کی مکمل تکسید ہو جاتی ہے۔

Oxy -salt :(n) نمک جس میں آکسیجن ہو؛ آکسی تیزاب کا نمک ؛ آکسی نمک ؛ آکسیجن آمیز نمک۔

Oxycarpous : (a) (نباتیات) نوکدار ثمرہ؛ نوکدار پھل والا ؛ نکیلے پھل والا۔

Oxycephalic : (a) (انسانیات) نوکدار یا مخروطی سر والا: جس کی کھوپڑی نوکدار یا گاؤدم ہو۔

Oxycephaly : (n) گاؤ دم راسی : نوکدار یا مخروطی سر والا ہونا۔

Oxychlor-/Oxychloro- : (comb.) جزو ترکیبی بمعنی آکسیجن اور کلورین کا حامل۔

Oxychlorether : (n) ایک سیال $(CH_2Cl.CH(OH)(OC_2H_2)$ جو Bichlor ether پر؛ بلند درجۂ حرارت پر پانی کے عمل سے حاصل ہوتا ہے۔

Oxychloride : (n) کسی دوسرے عنصر کے ساتھ آکسیجن کے اور کلورین کا میل ؛ مثلاً Phosphorus ($POCl_3$) Oxychloride : نیز کسی فلزیاتی کلورائڈ کا اسی دھات کے آکسائڈ کے ساتھ مرکب۔ اسے Oxychloruret بھی کہتے ہیں۔

Oxychloruret : (n) دیکھو Oxychloride

Oxydactylous : (a) (تشریح) گاؤ دم انگشتہ : نوکدار یا مخروطی انگلیوں والا۔

Oxygen : (n) [Fr. 'Oxygene. '] غیر فلزیاتی عنصروں میں سے ایک : ایک بے رنگ و بو اور بے مزہ غیر مرئی گیس: آکسیجن : علامت O ، ایٹمی وزن ۱۶۔

Oxygen debt : (n) (عضویات) آکسیجن قرض۔

Oxygen tent : (n) ایک خاص قسم کا کپڑا جس سے مریض کے سرکو ڈھک دیا جاتا ہے تاکہ آکسیجن سے بھری ہوئی ہوا اس سے ہو کر نہ نکل سکے۔

Oxygen valency : (n) (کیمیا) آکسیجنی گرفت : آکسیجن گرفتگی۔

Oxygenant : (a) جس میں آکسیجن ہو۔

Oxygenate : (v) [Fr. 'Oxygener. '] آکسیجن دینا؛ آکسیجن فراہم کرنا: آکسیجن سے علاج کرنا: آکسیجن ملانا : آکسیجن آمیز کرنا : آکسیجن داخل کرنا: (کسی چیز کے ساتھ) آکسیجن ملانا: آکسیجن سے مرکب کرنا: زنگ آلود کرنا: تنفس کے ذریعہ خون میں آکسیجن شامل کرنا :(کیمیا) آکسیجنا۔

Oxygenation : (n) (کیمیا) تکسید: آکسیجنا: آکسیجن دینے ، ملانے ، داخل کرنے یا (تنفس کے ذریعہ خون میں) شامل کرنے کا عمل یا ایسا کئے جانے کی حالت: آکسیجن آمیز کرنے کا عمل یا آکسیجن آمیز ہونے کی حالت : آکسیجن آمیزی۔

Oxygenator : (n) دیکھو Oxidator

Oxygenic : (a) (شاذ) آکسیجنی: آکسیجن جیسا؛آکسیجن پر مشتمل۔

Oxygenizable : (a) قابل تکسید : لائق تکسید : آکسیجن ملانے یا دیئے جانے کے قابل : لائق آکسیجن آمیزی۔

Oxygenize : (v) دیکھو Oxygenate

Oxygenized : (a) آکسیجن ملا ہوا: آکسیجن آمیز : آکسیجن سے مرکب: آکسیجن دیا ہوا یا شامل کیا ہوا : زنگ آلودہ۔

Oxygenotaxis : (n) (حیاتیات) آکسیجنی ترتیب۔

Oxygenotropism : (n) (حیاتیات) آکسیجن رُخی۔

Oxygenous : (a) آکسیجن کا حامل : اس پر مشتعل یا اس جیسا : آکسیجنی: آکسیجن کا : آکسیجن والا۔

Oxygon/ Oxygone : (n) (ہندسہ) حادّۃالزوایا : مثلث حادّۃ الزوایا۔

Oxyhaemoglobin/Oxyhemoglobin : (n) (حیوانیات) آکسیجنی حُمرۃالدم: (کیمیا) ہیموگلوبین یا سرخ ذرات : خون کی وہ شکل جو شریانی اور شعری خون میں ہوتی ہے جہاں وہ آکسیجن سے بے قاعدہ طور پر ملتا ہے۔

Oxyhydrate : (n) ہائیڈریٹڈ آکسائڈ: پانی آمیز آکسائڈ یا کسی دھات کا ہائڈریٹ مثلاً Oxyhydrate of iron ۔

Oxyhydrogen : (a) آکسیجن اور ہائیڈروجن کے مخلوط پر مشتعل : جس میں آکسیجن اور ہائیڈروجن کا مخلوط استعمال کیا گیا ہو۔

Oxyhydrogen blowpipe: (n) ایک مرکب دھونکنی جس میں آکسیجن اور ہائیڈروجن کی دو رویں آکر ملتی ہیں (اس کا استعمال ہائیڈروجن کو آکسیجن میں جلا کر انتہائی گرم شعلہ پیدا کرنے کے لئے ہوتا ہے)۔

Oxyhydrogen flame : (n) (کیمیا) آکسی ہائیڈروجن شعلہ۔

Oxyhydrogen light : (n) چونے پر آکسی ہائیڈروجن شعلے کے اثر سے جو روشنی پیدا ہوتی ہے: چونا روشنی : نہایت تیز اور سفید روشنی: آکسی ہائیڈروجن روشنی۔

Oxyhydrogen microscope : (n) وہ خوردبین جس میں دیکھی جانے والی چیز پر آکسی ہائیڈروجن روشنی ڈالی جاتی ہے : آکسی ہائیڈروجن خردبین۔

Oxylophyte : (n) (نباتیات) ترشی پودا۔

Oxymel : (n) [L.] سرکے اور شہد کو (اور کبھی دوسرے اجزاء کو) ملا کر بنایا ہوا مشروب؛ (طب) سکنجبین۔

Oxymoron : (n) [Gr.] (بلاغت) صنعت تضاد : صنعت اجتماع ضدین ۔

Oxynitrate : (n) (کیمیا) کسی دھات کے آکسائیڈ اور نائٹریٹ کا مرکب۔

Oxyntic :(a) [Gr.] (عضویات، حیوانیات) تیزاب بنادینے والا؛تیزاب بن جانے والا؛ معدے کی بعض گلٹیوں یا ان کے خلیوں پر اطلاق ہوتا ہے جو (معدی ترشے کا) ہائیڈروکلورک ایسڈ پیدا کرتے ہیں؛ مغرز تیزاب۔

Oxyopia : (n) [mod. L.] (طبیعیات) غیر طبعی تیز نظری : غیر معمولی تیز نظری ؛ (طب) تیز نظری ۔

Oxyphil(e) : (a) [f. Oxy- + phil (e).] (حیاتیات) تیزاب پسند : ترشہ پسند ؛ خون کے بعض سفید جسمیوں یا دوسرے خلیوں پر اطلاق ہوتا ہے جو ترشوں یا تیزابوں کے لئے رغبت یا میلان رکھتے ہیں؛ راغب ترشہ۔

Oxyrhynch : (n) (۱) Oxyrhyncha گروپ کا کوئی کیکڑا جس کا سر اور سینہ مثلث نما اور تھوتنی آگے کو نکلی ہوتی ہے۔ (۲) دریائے نیل کی ایک مچھلی جسے اہل مصر متبرک مانتے ہیں ۔

Oxyrhynchus :(a) [Gr.] دریائے نیل میں پائی جانے والی Mormyrus oxyrhynchus نام کی مچھلی جسے اہل مصر متبرک مانتے ہیں۔

Oxytaxis : (n) (حیاتیات) آکسیجنی ترتیب ؛ آکسی ترتیب ۔

Oxytocic : (a) [f. Gr. 'Oxytokia. '] (طب) مُمِدِّ ولادت : منقبض الرحم۔

Oxytocic : (n) دوا جو وضع حمل میں معاون ہو؛ مُمِدِّ ولادت یا منقبض الرحم دوا ۔

Oxytocin : (n) (عضویات) مہیجۂ منقبضہ : منقبض ہارمون ؛ پستان دار حیوان میں رطوبت خیز غدود کے پچھلے حصے میں پائے جانے والا ایک ہارمون جو رحم کو سکیڑتا اور پستانوں سے دودھ کو خارج کرتا ہے؛ اس کی مصنوعی قسم وضع حمل میں آسانی پیدا کرنے اور ولادت کے بعد جریان خون کو روکنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔

Oxyton/Oxytone : (a) [Gr. 'Oxytonos. '] جس کی آخری ہجا پر زور ہو؛ پرزور؛ جس کی آخری ہجا پر زور دار تاکید

ہو ؛پرزور تلفظ والا۔

Oxyton/Oxytone : (n) پر زور تلفظ : وہ لفظ جس کی آخری ہجا پر زور دار تاکید ہو؛ پرزور لفظ۔

Oxytropism : (n) (نباتات) آکسیجن رُخی۔

Oxyuriasis : (n) (طب) مرضِ کرمکی۔

Oxyuris : (n) (حیوانیات) کرمک؛ لمبی پتلی دم والے طفیلی کیڑوں (خیطیّوں) کی نوع۔

Oxyuris vermicularis : (n) (حیوانیات) خیطیّہ؛ چرُ نا؛ چُلونا۔

Oxyuriscurvula : (n) (حیوانیات) کدودانہ۔

Oy/oe : (n) [Gael. 'Ogha ,Odha. '] پوتا پوتی ؛ ناتی یا نتنی؛ نواسہ یا نواسی۔

Oyer : (n) [AFr.] (۱) (قانون) فوجداری کا مقدمہ (جس کے لئے عدالت دورہ کا اجلاس کرایا جائے۔ (۲) (قانون) استماع ؛ سماعت مقدمہ ؛عدالت میں کسی فریق کی تحریری دستاویز پر بحث یا اس کی سماعت۔

Oyer and terminer : (n) (قانون) استماع وقطع؛ سماعت و فیصلہ؛ اجلاس عدالت کی درخواست دورے کے ججوں کے نام۔

Commision of oyer and terminer/ Writ - : (۱) کمیشن یا عدالت جسے فوجداری کی سماعت کا اختیار ہو۔ (۲) بعض امریکی ریاستوں میں فوجداری مقدمات کی عدالت عالی۔

Oyez/Oyes : (v) دیکھو Oh yes

Oyster : (n) [ME. 'Oistre. '] (۱) Ostreidae خاندان کا دو کھلمندن والا مشہور صدفہ جسے کھایا جاتا ہے ؛ (حیوانیات) محار؛ کستورا مچھلی ؛ صدفہ؛ خوردنی صدفہ۔ (۲) دو کھلمندن والے دوسرے صدفوں پر اطلاق ہوتا ہے جو کستورا کے مشابہ ہوتے ہیں۔ (۳) پرندے کی بغلی ہڈی کے سامنے والے جوف میں سیاہی مائل گوشت کا ٹکرا۔ (۴)ایک قسم کا پودا جو دو سال تک رہتا ہے اور جس کی جڑیں لمبی استوانی اور خوردنی ہوتی ہیں جو ترکاری کے کام آتی ہے۔

Thorny oyester : (n) کستورا مچھلی کی ایک قسم۔

Vegetable oyester : (n) ایک پودے کا نام ۔

Oyster : (v) کستورا مچھلیوں کا شکار کرنا؛ کستورا صدفے جمع کرنا۔

Oyster-bank : (n) (۱) سمندر کی تہ کا وہ حصہ جو کستورا صدفوں سے ڈھکا ہوتا ہے؛ کستورا صدفوں کی تہ ؛ کستورا صدفوں کے پیدا ہونے اور بڑھنے کی جگہ؛ پرورش گاہ صدفہ؛ ساحل محار۔ (۲) متحجر صدفوں کی پرت ؛ طبقہ یا پرت جس میں متحجر صدفے ہوں۔

Oyster-bar : (n) وہ شراب خانہ جہاں گزک (چکھنا) کے طور پر کستورے ملتے ہیں۔

Oyster -bed : (n) دیکھو Oyester -bank

Oyster-brood : (n) کستورا مچھلی کا انڈا جو اپنے دوسرے سال میں ہو (یعنی جو ایک سال سے زیادہ کا ہو)۔

Oyster-catcher : (n) (حیوانیات) صدف گیر ؛ محارگیر (پرند)۔

Oyster-farm : (n) کستورے کا کھیت (سمندر کی تہ میں جہاں مصنوعی طریقوں سے کستورا کی افزائش نسل کی جاتی ہے؛ کشت محار؛ کستورا فارم ؛ پرورش گاہ صدفہ۔

Oyster-farming : (n) صدفہ پروری ؛ کستورا فارمنگ۔

Oyster-field : (n) دیکھو Oyster -bank

Oyster-fish : (n) (۱) امریکا کے ساحل اطلانٹک پر پائی جانے والی کستورا مچھلی ۔ (۲) شمالی امریکی اطلانٹک کی کستورا مچھلی جسے Black-fish بھی کہتے ہیں۔

Oyster-green : (n) ایک قسم کی سمندری گھاس۔

Oyster-knife : (n) کستورا کھولنے کی چھری۔

Oyster-patty : (n) کستورا بھرا سموسہ ۔

Oyster-plant : (n) (نباتیات) مثر زمینی ؛ کستورا پودا ؛ شِنگ۔ (۲) ایک قسم کا پودا جو دو سال تک رہتا ہے اور جس کی جڑیں لمبی استوانی اور خوردنی ہوتی ہیں جو ترکاری کے کام آتی ہے۔

Oyster-plover :(n) دیکھو Oyster-catcher

Oyster-shell : (n) (حیوانیات) صدف ؛ کستورا کا اوپری خول ؛کستورا گھونگا؛ کستوری گھونگا۔

Oyster-tree : (n) چمرنگ ؛ منطقۂ حارہ کا درخت جس کی چھال چمڑا رنگنے اور دوا کے کام آتی ہے۔

Oyster-wife/-woman : (n) کستورا فروش لڑکی یا عورت۔

Oystering : (n) محارگیری؛ کستورا مچھلیوں کا شکار؛ کستورا صدفہ جمع کرنا۔

Oystery : (a) جہاں کستورا بکثرت ہوں؛ جہاں کستورا کی بہتات یا افراط ہو؛ کستورا نما؛ کستورا جیسا ؛ مانند محار ؛ محار نما؛ محارآ سا۔

Oz : (n) [It. 'abbrev. of 'Onza. '] Ounce کے مخفف کے طور پر مستعمل ہے؛ اونس ۔

Ozaena /Ozena : (n) [L.] (مرضیات) ناک سے بدبودار اخراج ؛ پینس قرحتہ الانف؛ بدبوئی ناک۔

Ozocerite/Ozokerite : (n) [Gr. 'Ozokerit. '] (۱) (معدنیات) موم نما متحجر رال یا گوند (جو بھوری مائل زرد رنگ کا خوشبودار ہوتا ہے) جس سے موم بتیاں اور برقیاتی موصل بنائے جاتے ہیں۔(۲) معدنی موم ؛ موم معدنی۔

Ozonation : (n) (کیمیا) اوزونیت؛ اوزون سازی۔

Ozone : (n) [Gr. 'Ozon. '] (۱)(کیمیا) اوزون (آکسیجن کی ایک شکل)۔ (۲) (مجازاً) کوئی شے جو مد حیات ہو۔

Ozonic/Ozonous : (a) (کیمیا)؛ اوزونی؛ اوزون جیسا ؛ حامل اوزون۔

Ozoniferous :(a) (۱) (کیمیا) اوزون وار؛ پر اوزون سے مملو۔ (۲) اوزون زا۔

Ozonify : (v) اوزون میں تبدیل کرنا؛ اوزون بنانا؛ (آکسیجن کو) اوزون میں بدل دینا۔

Ozonium : (n) [Gr. 'Ozos. '] ایک قسم کی کھمبی یا ساروغ ۔

Ozonization : (n) (کیمیا) اوزون سازی ؛ (کسی چیز پر) اوزون کا عمل۔

Ozonize : (v) (۱) (آکسیجن کو) اوزون میں بدلنا؛ اوزون بنانا یا بننا۔ (۲) اوزون داخل کرنا؛ اوزون سے علاج کرنا؛ اوزون کا عمل کرنا یا ہونا (کسی چیز پر)۔

Ozonizer : (n) آلۂ اوزون زا؛ اوزون پیدا کرنے کا آلہ؛ (آکسیجن سے) اوزون بنانے کا آلہ؛ (آکسیجن کو) اوزون میں تبدیل کرنے والا آلہ۔

Ozonometer : (n) ہوا میں اوزون کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ یا ترکیب ؛ اوزون پیما۔

Ozonometric : (a) اوزون پیمائی سے متعلق : ہوا میں اوزون کی مقدار معلوم کرنے سے متعلق۔

Ozonometry : (n) ہوا میں موجود اوزون کی پیمائش: اوزون پیمائی ۔

Ozonoscope : (n) ہوا میں اوزون کی موجودگی یا مقدار کو دکھانے والا آلہ : اوزون بیں (جس سے ہوا میں موجود اوزون یا اس کی مقدار کو دیکھا جا سکتا ہے۔

Ozonoscopic : (a) اوزون بین یا اوزون بینی سے متعلق۔

Ozostomia : (n) سانس کی بدبو : بدبو ۔

P

Pacation : (a) [L. 'Pactio'.] سکون : تسکین : (غصہ کو) فرو کرنے کا عمل : صلح و آتشتی : تالیف قلوب : فرو گذاشت۔

Pacchionian : (a) (تشریح) پیکونی کا یا اس کے ذریعے بنایا ہوا : اٹلی کے ایک تشریح داں کا نام۔

Pace : (n) [L. 'passus.'] (۱)قدم، گام : ڈگ ۔ (۲)ایک قدم کا فاصلہ (تقریبا ۳۰ انچ)۔ (۳) دو ہرا قدم (۶۰ انچ)۔ (۴)چال، رفتار شیوہ : طرز گام۔ (۵)گھوڑے ، ٹٹو وغیرہ کی کوئی چال (خصوصاً جب تربیت دی جاتی ہے)۔ (۶)قدم (کسی گھوڑے یا دوسرے جانور کی ایک خاص چال)۔ (۷)رفتار (فی منٹ یا فی گھنٹہ)؛ رفتار ترقی؛ (گھوڑے کی) لنگوری چال۔ (۸)آندھی ؛ طوفان۔ (۹)رقص؛ دوڑ : چہل قدمی یا دوڑ کی رفتار؛ چلنے کی رفتار؛ (مجازاً)۔ (۱۱)شرح رفتار ؛ شرح حرکت؛ کمزور ارادہ جو عمل کا محرک نہ ہو۔ (۱۱) (مخصوص معنوں میں) سیڑھی کا زینہ، اسٹیج ؛ پلیٹ فارم ؛ تعمیرات چبوترا۔

Middle pace : بیچ کا وسطی حصہ۔

Of one pace : صرف بیچ کے وسط کا۔

To go the pace : (۱) بہت تیز چلنا ؛ تیز رفتار سے چلنا۔ (۲) دل کھول کر عیاشی کرنا ؛ کھل کھیلنا؛ لہو و لعب میں گرفتار ہونا۔

To keep pace : ساتھ چلنا؛ برابر چلنا ؛ (نیز مجازاً)شانہ بہ شانہ چلنا؛ آگے بڑھنا۔

To put through his paces : کسی شخص کی قابلیت کا عملی تجربہ کرنا ؛ کام کرا کر دیکھنا۔

To set the pace : (۱)(سوار، کشتی کے ملاح کے لئے) رفتار متعین کرنا۔

Pace : (v) [f. prec.] (۱)چلنا؛ آہستہ آہستہ چلنا؛ٹہلنا ؛ چہل قدمی کرنا۔ (۲)قدموں سے ناپنا (فاصلہ)۔ (۳) (گھوڑے کا) قدم (چال) چلنا۔ (۴)قدم (چال) چلنے کی تربیت دینا (گھوڑے کو) ؛ گھوڑے کو چال سکھانا ؛ قدم (چال)

P./Ps/P's: (۹)یہ انگریزی حروف تہجی کا سولہواں حرف ہے ؛ اردو میں 'پ' کا مترادف ہے۔ (۲)حرف پ۔ (۳)سلسلہ وار نمبر کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے (جیسے کتاب کے اوراق پر) دستخط۔

To mind one's P's and Q's : اپنے P اور .Q کا خیال رکھو ؛ جزئیات کی احتیاط رکھو؛ اپنے اخلاق و اطوار میں پوری طرح محتاط رہو۔

Pa : (n) (بول چال) Papa کا مخفف۔

Pa/ Pah : (n) [maori 'pa) نیوزی لینڈ کا ایک دیسی قلعہ یا قلعہ نما کیمپ۔

Pablo : (n) [Origin unkn,] رنگ نارنجی: زردی مائل۔

Pabouch : (n) بغیر ایڑی کا مشرقی سلیپر۔

Pabula : (a) خوراک (چارہ) سے متعلق؛ بطور غذا استعمال ہونے والی (ہر چیز)۔

Pabulary : (a) [f. Pabulum + - ary.] (جانور کی) غذا یا خوراک کا یا اس سے متعلق۔

Pabulum : (n) [L. 'Pascere'.] زندگی قائم رہنے اور نشوونما کے لئے جانور یا پودے کی غذا یا خوراک؛ غذا ؛ خوراک کھانا (اکثر مجازاً) مقوی غذا ؛ قوت بخش غذا؛ (طب) غذا ؛ قوت۔

Intellectual Pabulum : (n) غذائے فکری۔

Mental pabulum : (نفسیات) قوت ذہنی ؛ دماغی غذا، روحانی غذا۔

Paca : (n) [Sp. pg. Paca.] پاکا : (حیوانیات) ایک کترنے والا جانور جو وسطی اور جنوبی امریکا میں پایا جاتا ہے اور چتکبرا ہوتا ہے اسے آبی خرگوش کہتے ہیں۔

Pacable : (a) [L. 'Pacare'.] نرم ؛ حلیم ؛ عفو شعار ؛ جلد معاف کرنے والا۔

چلنے کی مشق کرانا۔ (۵) (کسی سوار کا یا کسی شخص کا) دوڑ میں آگے آگے رہنا تاکہ دوسرے تیز دوڑیں : تیز گام کے ساتھ چلنا : رفتار متعین کرنا۔ (٦) (مقابلے میں) عازم حرکت ہونا۔

Pace : (prep.) [L .] آپ گستاخی معاف کریں: جناب آپ گستاخی معاف فرمائیں (یہ ایسے وقت میں آتا ہے جب کسی کے خلاف رائے ظاہر کرنی ہو) بوسیلہ؛ بمرحمت: مہربانی سے۔

Pace egg : (n) (بول چال) دیکھو Easter egg

Pace-maker : (n) (۱)وہ سوار یا شخص جو دوڑ میں آگے آگے رہتا ہے جس کی وجہ سے دوسرے دوڑتے ہیں : رفتار متعین کرنے والا : (تشریح، حیوانیات) ضرب ساز : مبدأ انقباض۔ (۲)فقری حیوانوں مین دل کا علاقہ جہاں ہر ضرب کے انقباض کی ابتدا ہوتی ہے۔ (۲)وہ برقی آلہ جو کمزور یا خراب دل کی حرکت کو قابو میں رکھتا ہے۔

Pace of the table /- wicket : زمین یا گدے کے لچکیلے پن کی حد جو گیند کی رفتار کو متاثر کرتی ہے۔

Pace scale : (n) (جغرافیہ) قدمی پیمانہ۔

Pace-stick : (n) دو لکڑیوں کی قینچی جس سے قواعد سکھانے والے قدم ناپتے ہیں : قدم پیما۔

Paced : (a) (۱) (معین) قدم والا۔ (۲)قدم یا ڈگ سے پیمائش کیا ہوا۔ (۲)قدم سے اندازہ کیا ہوا۔ (۳) (تیز رفتاری) قدم باز کے ذریعے رفتار متعین کیا ہوا۔

Pacer : (n) (۱) Pace کا اسم فاعل : چلنے والا : گامزن :قدم باز۔ (۲)قدم (چال) چلنے والا گھوڑا : طرز گام (گھوڑا)۔ (۲) (مسابقت ضرب ساز : وہ سوار یا شخص جو دوڑ میں آگے آگے رہتا ہے : راہنما: پیش قدم۔ (۴)(حیوانیات) راہوار (گھوڑا) : یائل (ہاتھی)۔

Pacesetter : (n) وہ سوار یا شخص جو دوڑ میں آگے رہتا ہے جس کی وجہ سے دوسرے تیز دوڑتے ہیں : رہبر راہ۔

Pacha : (n) پاشا : امرائے ترکی کا خطاب : دیکھو Pasha .

Pachalic / -lik : Pashalic کا متبادل۔

Pachinko : (n) [gap] جاپان کے مشہور کھیل پن بال کی ایک قسم۔

Pachisi : (n) [Hindi. 'pach (ch) isi' .] پچیسی : ہندوستان کا ایک مشہور کھیل۔

Pachy-/ pach- : (prefix.) [form of Gr. 'paxus.'] سابقہ بمعنی "دبیز"بڑا : "بھاری اور ٹھوس"۔

Pachycarpous : (a) [Gr. 'karpos.'] (نباتیات) دبیز ثمرہ : دبیز تخم دانہ: بڑے لمبے پھل والا۔

Pachydactyl / -yle : (a) [Gr. 'Pachy- +' daktilos'] موٹی انگلیوں والا۔

Pachydactyl /-yle : (n) دبیز انگشت : موٹے انگوٹھے والا جانور۔

Pachyderm : (n) [Fr. 'pachyderme'.] (۱)موٹی کھال کا چوپایہ خصوصاً سم دار چوپایہ جو جگالی نہیں کرتا مثلاً ہاتھی، گھوڑا وغیرہ : (حیوانیات) فیل جلد : دبیز جلد جانور۔ (۲)نفسیات کم حس : بے غیرت نیز مجازاً ، ٹھس، دیر حس شخص (جس پر طعن وغیرہ کا اثر بہت کم یا بہت دیر میں ہو)۔

Pachydermal /-dermic : (a) (۱) موٹی کھال کا چوپایہ۔(۲)بے غیرت (شخص) بے حس (شخص)۔

Pachydermata : (n) [mod . L..] (حیوانیات) فیل جلدان : دبیز جلد حیوانات ، سم دار چوپایہ جو جگالی نہیں کرتا مثلاً ہاتھی ، گینڈا ، اسپ دریائی ، گھوڑا وغیرہ۔

Pachydermatous : (a) (۱)سم دار چوپائے سے متعلق یا سم دار چوپائے کا۔(۲)(حیوانیات) دبیز جلدہ : (مجازاً)موٹی کھال کا (چوپایہ) دیر حس (جسے تضحیک، گالی یا دشنام وغیرہ کا احساس نہ ہو)۔

Pachydermia : (n) (طب) داء الفیل جلدی: دبیز جلدی : جلد کا طبعی مٹاپا۔

Pachydermic : (a) دیکھو Pachydermatous

Pachydermous : (a) [Gr.'pachydermos'] (۱)دیکھو Pachydermatous ۔(۲)موٹی دیواروں کا۔

Pachyemia : (n) (طب) غلاظت الدم۔

Pachyglossal : (a) [Gr. 'Pachy- + glossa'] موٹی زبان کا (گرگٹ)۔

The pachyglossi : طوطے کی نسل۔

Pachyglossate : دیکھو Pachyglossal

Pachymenia : (n) (طب) دبیز جلدی۔

Pachymeningitis : (n) (طب) ورم ام الجافیہ، مرکزی نظام عصبی کی مضبوط بیرونی جھلی کا ورم ؛ آماس۔

Pachymeninix : دیکھو Dura mater

Pachymeter : (n) شیشہ، دھات کی چادر اور کاغذ وغیرہ کی دبازت ناپنے کا آلہ (طبیعیات) غلظت پیما؛ دبازت پیما۔

Pachyodont : (n) (حیوانیات) دبیز دندان۔

Pachyote : (a) [Gr. 'Pachy- + 'ot'.] موٹی جلد والا (کان)۔

Pachyote : (n) موٹے کان والا (چمگادڑ)۔

Pachyotous : (a) موٹے کان والا (چمگادڑ)۔

Pachyphyllous : (a) (نباتیات) دبیز برگہ۔

Pachypod : (a) (حیوانیات) فیل پا ؛ دبیز پا۔

Pachytene : (n) (خلویات) دبیز ریشہ۔

Pachytylus : (n) (حیوانیات) جنس ملخ۔

Palatable advice : (a) دل پذیر نصیحت ؛پسندیدہ نصیحت ۔

Palatable food :(n) لذیذ غذا ؛ مزیدار کھانا ۔

Palatably: (n) دیکھو Palatability

Palatableness : (n) خوشگوار طور پر ؛ خوش ذائقی سے ؛ لذیذ طور پر ؛ مزیداری کے ساتھ ؛ لذت کے ساتھ ۔

Palatal : (a) [L. 'palatal'.] (تشریح ، حیوانیات)حنکی ؛تالو کے متعلق ؛ تالو کا ۔ (۲) (صوتیات) حنکی ؛ وہ آواز جو تالو سے نکلے ۔

Platal : (n) (۱) (تشریح) Palatal -bore کا مخفف - (۲)(صوتیات) وہ آواز جو تالو سے نکلے ؛ عام طور پر حرف صحیح کی آواز ؛ نوک زبان سے کیا ہوا تلفظ ۔

Palatal character : (n) حنکی صفت ۔

Palatalism : (n) دیکھو Palatal character

Palatality : (n) دیکھو Palatalism

Palatalization : (n) حنکی آواز کا عمل ؛ تالو اور زبان سے ملا کر (آواز) بدلنے کا عمل ۔

Palatalize : (v) حنکی آواز نکالنا ؛ تالو سے حرف ادا کرنا ؛خاص کر زبان او ر تالو کو ملا کر بولنا (آواز) ۔

Palate : (n) [L. 'palatum.] (۱) (تشریح) تالو؛حنک۔ (۲) مزہ ؛ ذائقہ ؛ قوت ذائقہ ۔ (۳) (مجازاً) ذوق ؛ مذاق ؛پسند ؛ رغبت ۔ (۴) (نباتیات) نچلے ہونٹ کا محدب ابھار جو نقاب پوش پھول کے کاسۂ گل کے حلق کو بند کرتا ہے ؛ ایک قسم کا پھول جس کی شکل تھیلے کی سی ہوتی ہے ۔(۵) نیز توصیفی معنوں میں ۔

Bony or hard palate : (n) (تشریح)تالو کا اگلا حصہ ؛ حنک عظمیٰ ۔

Cleft palate : (n) حنک مشقوق ۔

Soft palate : (n) (تشریح)تالو کا پچھلا حصہ ؛ حنک؛ لحمی ؛ ایک قسم کا جھلی نما پردہ خصوصاً تالو کا نرم حصہ ۔

Veil of the palate : ایک قسم کا جھلی نما پردہ خصوصاً تالو کا نرم حصہ ۔

Palatial : (a) [L. 'palatium. '] محل جیسا ؛ قصر شاہی کی خصوصیت کا ؛ عالی شان ؛ پرشکوہ ؛ شاندار (عمارت) ۔

Palatially : (adv.) قصر شاہی کی خصوصیت کے ساتھ ؛ پر شکوہ انداز میں ؛ عالیشان طور پر ۔

Palatic : (a) دیکھو Palatal

Palatinate : (n) [f. Palatine(n)+ -ate.] (۱) خود مختار ریاست (وہ علاقہ جو Count palatine کے زیر نگین ہو) ۔ (۲) (انگلینڈ آئرلینڈ) خود مختار ضلع یا سرکار یا خود مختار رئیس کا لقب ۔ (۳) رہائن ؛ سلطنت جرمنی کی ایک قدیم ریاست جو Counta palatine کے زیر نگین تھی ؛ پلاٹین ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

The (Rhina) palatinate : خود مختار ریاست (رہائن، سلطنت جرمنی کی ایک قدیم ریاست) جو Count palatine کے زیر نگین تھی ۔

Palatinate : (a) سلطنت رہائن کا یا اس سے متعلق ۔ (انگلینڈ ، آئرلینڈ کے) خود مختار ضلع یا سرکار کا ۔

Palatinate-purple : (n) ہلکے ارغوانی رنگ کی یونیورسٹی قباوغیرہ جو درہم یونیورسٹی میں استعمال ہوتی ہے ؛ ایک قسم کا رنگین کوٹ جو امتیازی نشان کے طور پر کھلاڑیوں کو دیا جاتا ہے ؛ نیز اعزاز ۔

Palatine : (a) [L. 'palatinus.'] (۱) قصر شاہی کا یا محل سرا کا ؛ قصری ؛ محلاتی ۔ (۲) رئیسانہ ٹھاٹ کا حامل ؛ شاہی اختیارات کا حامل (جسے اپنی ہی قلمرو کے اندر اختیارات ہوں)۔ (۳) کسی کاؤنٹ یا ارل پلاٹین کے متعلق یا اُس کا ۔ (۴) جرمن پلاٹین یا اس کا۔

Palatine : (n) (۱) روم میں پلاٹین پہاڑی کا مخفف ؛کسی قصر کا افسر اعلیٰ : امیر مختار : شاہی محل کا افسر : خودمختار رئیس (انگلینڈ ، آئرلینڈ) : وہ امیر جس کو اپنی قلمرو میں شاہی اختیارات حاصل ہوں : ایسی سلطنت کا وزیر اعلیٰ . (۲) (رومن سلطنت) محل کی فوج . (۳) پلاٹین کا باشندہ یا شہری . (۴) زنانہ سموری گلوبند .

Count , Earl (Lord) palatine : پلاٹین کا ایک امیر؛ وہ امیر جس کو اپنی قلمرو میں شاہی اختیارات حاصل ہوں .

County-palatine/Palatine county : پلاٹین کاؤنٹی ؛پلاٹین کی ایک سرکار ؛ خودمختار ضلع (انگلستان میں اب لنکا شائر اور چے شائر ہیں) .

Palatine : (a) [L. 'palatum.'] (تشریح) حنکی : تالو کا یا اس سے متعلق : تالو میں یا تالو کے اوپر لگاھوا .

Palatine : (n) (تشریح) حنك لحمی : عظیم حنك : تالو کی ہڈیاں .

Palatine-bone : (n) تالو کی ہڈیاں : حنك لحمی .

Palatine-earldom : (n) (۱) دیکھو County palatine . (۲) درہم کا دولت مند پلاٹین شہر .

Palato- : (prefix) [L. 'palatum .'] جزو ترکیبی بمعنی "تالو" : "حنك" .

Palato-dental : (a) (صوتیات) تالو اور دانت سے متعلق : کامی و دندانی : ایسے حروف صحیح پر اطلاق ہوتا ہے جس کی آواز زبان کو دانت کے پیچھے سے سٹا کر نکالی جاتی ہے .

Palato-dental : (n) زبان کو دانت کے پیچھے تالو سے سٹا کر نکالی ہوئی حروف کی صحیح آواز .

Paluto-glossus : (n) تالو اور زبان ؛کام و زبان .

Palato-pterygoid : (a) تالو کی ہڈیوں سے متعلق .

Palato-pterygoid : (n) ایسی متحدہ ہڈیوں پر مشتمل کوئی ہڈی .

Palatogram : (n) بعض حروف کے تلفظ میں جہاں جہاں زبان اور تالو ملتے ہیں اس کا نقشہ .

Palatoplegia : (n) (طب) فالج حنك : تالو کا شل ہو جانا .

Palatum : (n) [L.] (تشریح) حنك : تالو .

Palau : (n) (جغرافیہ) پالاؤ : مجمع الجزائر(آسٹریلیا) کا ایک چھوٹا جزیرہ .

Palaver : (n) [L. 'parabola. '] (۱) پنچایت: مشورہ: گفت و شنید (خصوصاً مغربی اہل افریقہ اور پرتگالیوں نیز دوسری متمدن قوموں اور تاجروں کے درمیان)؛ بات چیت : وہ مجلس جس میں متنازعہ پر گفت و شنید کی جائے : مشاورت : کانفرنس؛ بحث ؛مباحثہ؛ مذاکرہ . (۲) بکواس : بك بك : فضول گفتگو ؛ لا یعنی باتیں: طول طویل گفتگو ؛ بیہودہ گوئی . (۳) خوشامد : چاپلوسی : تملق ؛ چرب زبا نی ؛ فریب دینے والی گفتگو ؛گمراہ کرنے والی گفتگو .

Palaver : (v) (۱) بکنا : بك بك کرنا : بکواس کرنا: فضول گفتگو کرنا : لا یعنی باتیں کرنا : طول طویل گفتگو کرنا ؛ ہرزہ سرائی کرنا . (۲) چکنی چپڑی باتیں کرنا ؛ روغن قاز ملنا ؛ خوشامد کرنا ؛چاپلوسی کرنا ؛ بہلانا؛پھسلانا ؛ضرورت سے زیادہ تعریف وتوصیف کرنا ؛ چرب زبانی کرنا ؛ تملق کرنا .

Palaverer : (n) بکواس کرنے والا ؛ بکّو ؛ گفتگو سے دل بہلانے والا ؛ چاپلوسی کرنے والا ؛ یاوہ گو ؛ ہرزہ سرا ؛ روغن قاز ملنے والا .

Palazzo : (n) [It.] (اٹلی میں)محل؛ کاخ ؛ قصر ؛ عالی شان عمارت .

Pale : (n) [L. palus.'] (۱) باڑ یا جنگلے کا ڈنڈا ؛بلّی ؛ چوب ، کھونٹا (جو زمین میں گاڑا جاتا ہے ، حد بندی یا کسی شے کے سہارے کے لئے) . (۲) احاطہ : حدود؛ گھیرا : دائرہ وغیرہ (متروك) : باڑہ : قلمرو . (۳) بندش : حد؛ پابندی ؛ روك ؛ حفاظت ؛ دفاع ؛ محافظت ؛ (متروك) . (۴) خاص حدود کے اندر کوئی ایك ضلع جس کے خاص حدود ہوں . (۵) (تاریخ) آئرستان کا وہ علاقہ جو انگلستان کی قلمرو میں تھا ؛ فرانس میں کیلے (Calais) کی حدود . (٦) عمودی پٹی جو ڈھال کے بیچ میں ہوتی ہے .

Beyond the pale : بیرون حدود (حدود کے باہر) .

In Pale : (نقابت) عمودی مارکوں کی طرح .

(Party) per pale : ایسی ڈھال کے متعلق کہاجاتا ہے جسے عمودی طور پر دو برابر حصوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے .

The English pale / The pale : (تاریخ)آئرستان کا وہ علاقہ جو انگلستان کی قلمرو، سلطنت میں تھا .

Within (or outside) the pale of : اندرون (یا بیرون)

حدود: حدود کے اندر یا باہر۔

Pale : (n) (نباتیات) کونپل مانند ورقہ؛ کونپل کی طرح کا چھلکا؛ فلسک؛ لخالچہ؛ (طیور یات) پیلو اور دوسرے پرندوں کا گلے کا لٹکا ہوا گوشت؛ (حیوانیات) غبغب؛ کھال جو بیل وغیرہ کے گلے سے لٹکتی رہتی ہے۔

Pale : (a) [L. 'pallidus.'] (۱) (اشخاص یا ان کے رنگ) ہلکا زرد: پیلا؛ ماند؛ بے رونق؛ پھیکا؛ جس میں خون نہ ہو۔ (۲) ہلکے رنگ کا؛ سفید یا سفیدی مائل۔ (۳) ماند: بے رونق؛ پھیکا؛ بے آب؛ دھیما؛ ہلکا؛ دھندلا؛ بے نور؛ (مجازاً) غیر واضح؛ مدھم؛ کمزور؛ ڈرپوک۔ (۴) رنگ کی حفاظت (اور اسماء) کو ظاہر کرتا ہوا۔ (۵) ہلکا (رنگ)؛ قدرے ہلکا۔ (۶) (جغرافیہ) (آثر لینڈ) پیل۔

Pale : (v) (۱) پیلا ہو جانا؛ پیلا پڑ جانا؛ ماند پڑ جانا؛ دھندلا ہو جانا۔ (۲) (مجازاً) (کسی چیز کے سامنے) ماند ہو جانا؛ بے آب ہو جانا؛ پھیکا ہو جانا؛ پھیکا پڑ جانا؛ بے رونق ہو جانا؛ پیلا کر دینا؛ بے رونق یا بے آب کر دینا؛ زرد بنا نا؛ ماند کر دینا۔

Pale-face : (n) پیلے چہرے والا شخص؛ سفید رنگ کے آدمی کا ایک نام جس سے شمالی امریکی، ہندوستانی یا امریکی انڈین منسوب ہیں۔

Pale-faced : (a) پیلے چہرے والا؛ بے رونق چہرے والا۔

Pale horse : (n) موت؛ مرگ؛ اجل؛ نشان اجل۔

Pale touch-me-not : (n) (نباتیات) گل حنا۔

Palea : (n) [L.] دیکھو Pale : (n)

Paleaceous : (a) (نباتیات) فلسکہ؛ لخالچہ دار؛ کاہی۔

Paled : (a) پیلا بنا یا ہوا؛ زرد کیا ہوا۔

Palegreen : (n) پستئی۔

Palely : (adv.) پیلے پن سے؛ بے رونقی سے؛ پھیکے پن سے؛ دھیمے پن سے؛ دھندلے طور پر؛ بطور ضعیف۔

Paleness : (n) پیلاپن؛ بے رونقی؛ ماندپن؛ پھیکاپن؛ دھیماپن؛ زرد رنگی؛ تیرہ رنگی؛ ضعیفی۔

Paleola : (n) (نباتیات) لخالچک۔

Paleolate : (a) (نباتیات) لخالچکی۔

Palestine : (a) فلسطین۔

Palestinian : (a) فلسطینی؛ اہل فلسطینی۔

Palestra : (a) دیکھو Palaestra

Palet : (n) [f. Pale(n) + - Et.] (نباتیات) دیکھو Palea

Paletot : (n) [Fr.] فرغل؛ چوغہ (زنانہ یا مردانہ)۔

Palette :(n) [Fr. 'palette.'] (۱) (مصور کی) رنگ کی تختی؛ وہ تختی جس پر مصور رنگوں کی آمیزش کرتا ہے؛ تختۂ رنگ آمیزی؛ پالیٹ۔ (۲) مختلف رنگ جو کوئی مصور عموماً یا کسی خاص موقع پر یا کسی خاص تصویر میں استعمال کرتا ہے۔ (۳) ایک چھوٹی گول تختی جو پہلے زرہ بکتر میں بغل کی حفاظت کے لئے استعمال ہوتی تھی۔ (۴) (صدف) گھونگوں یا صدفوں میں معاون صدف پارہ۔ (۵) (تشریح) کچھ کیڑوں کے پاؤں کے اوپر کا مسطح پھیلاؤ۔

Palette-knife : (n) وہ چاقو یا چھری جس سے مصور رنگ ملاتے ہیں؛ رنگ ملانے کی چھری۔

Palewise : (adv.) (نقابت) عمودی پٹی کی سمت میں؛ عموداً؛ عمودی حالت میں؛ کھڑی لکیریں اوپر یا نیچے؛ خط عمودی میں۔

Palfrey : (n) [med. L. 'palefradus.'] (۱) زین سواری کا گھوڑا (جنگی گھوڑا سے علاحدہ) اسپ راہوار؛ خاص کر زنانہ سواری کا ایک چھوٹا گھوڑا (اب خاص کر تاریخ میں) نیز توصیفی معنوں میں۔

Palgrave : (n) (تاریخ) خودمختار رئیس؛ امیر مختار۔

Pali : (n & a) [Short for pali-bhasa.] پالی؛ پالی زبان؛ وہ زبان جس میں بودھ مت کی دینی، مذہبی کتابیں ہیں۔

Paliform : (a) [L. 'palus.] (حیوانیات) مونگے کی شکل کا یا اس سے مشابہ۔

Palikar : (n) [mod. Gr. 'palikari.'] یونانی اور البانی بے قاعدہ فوج کا سپاہی (خصوصاً اس فوج کا جس نے یونان کی جنگ آزادی میں حصہ لیا)؛ البانیہ کا فوجی سر براہ یا یونانی جتھے کا رکن۔

Palilalia : (n) [L.] زبان کی لکنت؛ مرض لکنت زبان۔

Palil(i)ogy : (n) [Late L. 'palilogia'.] (علم البديع) تكرار تلكيدى : زور دينے كے لئے الفاظ يا محاوروں كى تكرار .

Palimbacchic : (a) ديكھو Antibacchic

Palimbacchius : (n) ديكھو Antibacchius

Palimpsest : (n) [L. 'palimpsestus.'] (١) وہ كاغذ وغيرہ جس كى اصل عبارت مٹ گئى ہو يا مدھم ہو گئى ہو اور اسى كے اوپر دوسرى عبارت لكھى گئى ہو .(٢) ايك يادگارى پيتل جسے الٹ كر اس كى پشت پر پھر سے كھدائى كى گئى ہو .

Palimpsest : (a) (١) ايسا عمل كيا ہوا (كاغذ وغيرہ) .(٢) ايسى كھدائى كيا ہوا (پيتل) .

Palindrome : (n & a) [Gr. 'palindromos.'] مقلوب مستوى :مقلوب : وہ لفظ يا شعر جو الٹ كر پڑھنے سے بھى جوں كى توں معلوم ہو . جيسے لفظ Subi dura arudibus .

Palindromic / -al : (a) مقلوب مستوى كا يا اس سے متعلق .

Palindromically : (adv.) مقلوب مستوى كے طور پر.

Palindromist : (n) قلوب مستوى كا موجد .

Paling: (a) [f. Pale(a)] زرد ہوجانا: زردى مائل :زرد: پيلا:بے رونق .

Paling : (n) [Late Me. f. Plae(v)] (١) باڑ بنانے كا عمل : بنانے كا عمل : احاطہ بنانا .(٢) (تعميرات) احاطہ : باڑ : جنگلا : كٹہرا : حصار سازى .(٣) بليوں سے بنا ہوا باڑ (صفت اور جمع كے ساتھ) .(٣) كسى احاطے كى ايك بلّى (اكثر جمع ميں) : بليوں كا جوڑ : احاطہ وغيرہ .

Palingenesia : (n) [mod L.] (١) باز آفرين : باز توليد :احيا : نئى زندگى : تجديد حيات : دوبارہ پيدا ہونا : دوبارہ جان ڈالنا .(٢) تجديد : از سر نو اٹھنا: رواج دينا يا رواج پانا : از سر نو زندگى: تازہ دمى: حيات نو .

Palingenesis : (n) (١)(حياتيات) نسبى توليد : باز توليد .(٢) آبائى خصوصيات كا :بجنسہٖ عود كرنا (ہيكل Haeckel كے قول كے مطابق) .(٣) (تشريح) فلك ماہيئت : كايا پلٹ : بالكل بدلى ہوئى شكل .(٤) (فلسفہ) باز آفرينى : توليد نو : اوتاريت .(٥) (دينيات) (عقيدہ) تناسخ : (حيوانيات) قلب ماہيئت حشرہ : كايا بدلى .(٦) (ارضيات) نو تشكيل چٹان .

Palingenetic : (a) آبائى خصوصيات كے عود كرنے كے متعلق :نسبى توليد كا يا اس سے متعلق .

Palingenesy : (n) [med. L.'palingenesia'.] ديكھو Palingenesia .

Plinode : (n) [late L. 'palinodia .'] وہ نظم جس ميں شاعر اپنى كسى گذشتہ نظم كے خيالات كى ترديد كرے : اپنى نظم كا رد يا ترديد.(٢) توبہ : دست بردارى :رد: انكار .

Palinodial : (a) دست بردارى كى صفت كا : انكارى:(شعر ميں) اپنى كسى گذشتہ نظم كے خيالات كى ترديد سے متعلق .

Palinodic : (a) [Gr. 'palinodikos'] شبيہہ مسمط : ايسى نظم كے لئے استعمال ہوتا ہے جس كے دو ايك قسم كے بندوں كو دوسرے ايك قسم كے دو بندوں كے ذريعہ عليٰحدہ كيا جاتا ہے .

Palinody : [L . 'palinodia.'] ديكھو Palinode

Palisade : (n) [Fr. 'palissade.'] (١) جنگلا : باڑ : كٹہرا .(٢) (فوج) مضبوط چوب يا لٹھا : كھونٹا :چوبى مورچہ بندى .(٣) (مجازاً) باڑ : كٹہرا سے ملحق كوئى چيز .(٤) (نباتيات) وتدى .(٥) (جمع) بلند و ارفع چٹانوں كے نام جو ہڈسن (Hudson) (نيويارك) كے مغربى كناروں پر واقع ہيں .

Palisade : (v) جنگلا لگانا : كٹہرا لگانا : باڑ لگانا .

Palisade-cell : (n) (نباتيات) وتدى خليہ : فصلى خليہ .

Palisade mesophyll : (n) (نباتيات) وتدى ميان برگ .

Palisade parenchyma : (نباتيات) وتدى يافتہ .

Palisade tissue : (n) ديكھو Palisade parenchyma

Palisade worm : (n) رشتہ نما مختلف طفيلى كيڑے كا نام ، خاص كر strongylus armatus جو گھوڑے كے جسم ميں پھرا ہوتا ہے .

Palisading : (n) حصار كشى : كٹہرا لگانا : باڑ ڈالنا يا لگانا .

Palisado : (n) [Sp. 'palizada '.] (متروك) ديكھو Palisade (n)

Palisado : (v) (متروك) ديكھو Palisade (v)

Palish : (a) [Late Me. f. Pale(a) + -ish] كسى قدر پيلا: زردى مائل : پيلا سا : كم رنگ: نسبتاً رنگ پريدہ : زرد رنگ.

Palisee : (a) [Fr. 'pa. pple. of 'palisser. '] (۱) (نقابت) نوکدار ابھار کے ساتھ جب کوئی لکیر متوازی عمودی طور سے بٹ جائے جیسے برچھا وغیرہ ۔(۲) یك با دیگر رنگ آمیزی کے ساتھ کسی ڈھال کی سطح کو دو عمودی لکیروں میں بانٹے جانے کے متعلق کہا جاتا ھے ۔

Palkee/ Palki : (n) [Hindi 'palki.'] پالکی : کجاوہ ۔

Pall : (n) [L. 'pallium .'] (۱) کپڑا : ایك قسم کا کپڑا : نفیس اور عمدہ کپڑا (متروك) ۔ (۲) کسی چیز پر ڈھکا ہوا نفیس کپڑا : (متروك) قربان گاہ کی روکار کی غلاف (متروك): قربان گاہ کا کپڑا : قربان گاہ پوش : عشائے ربانی کا میزپوش ۔(۳) ایسا ریشمی کپڑا جس سے شراب کا پیالہ ڈھکا جاتا ھے ۔(۵) جنازے کی چادر : تابوت کی چادر (یہ کپڑا عام طور پر سیاہ ، سفید یا ارغوانی مخمل کا ہوتا ھے) ۔(۶) پوشاك : ملبوسات : خصوصاً چوغہ : جُبہ : پوشاك : خصوصاً مذہبی لباس : پادری یا گرجا کے سرود خواں بچوں کا چوغہ : قربان گاہ کی چادر ۔ (۷) (خصوصاً کلیسائی) پوپ وغیرہ کاچوغہ: جبہ :اونی پوشاك جو پوپ اور بعض عمائد کلیسا پہنتے ہیں ۔ (۸) رسم تاج پوشی کے موقع پر بادشاہ کے پہننے کی پوشاك جسے اب شاہی لباس بھی کہتے ہیں ۔ (۹) Y کی شکل میں بنا ہوا پادری کے چوغے کے سامنے کے نچلے حصے پر ایك نشان جو صلیب کی نشاندہی کرتا ھے ، جسے Cross pall بھی کہتے ہیں ۔ (۱۰) (مجازاً) کوئی بھی چیز جو ڈھکتی ہو یا چھپاتی ہو : چوغہ : جبہ : عبا : (خاص کر جدید استعمال میں) ایسی کوئی چیز جسے بدلی جو کسی چیز پر پھیل جائے اور اسے ڈھك کر اندھیرے میں ڈال دے ۔(۱۱)(میکانیات) کتا : گیرہ : (طب) بے مزہ ہونا : متلی : مالش ۔

Pall : Pawl کا متبادل ۔

Pall : (v) جفارے کی چادر سے ڈھکنا ۔

Pall : (v) (۱) (مجازاً) بے مزہ: بے لطف ہو جانا : بدھوجانا : بے کیف ہو جانا :خشك ہو جانا : مزہ کا پھیکا ہو جانا : رجحان کم ہونا ۔ (۲) ذائقہ ختم ہو جانا (غذا کی زیادتی یا زیادہ مٹھاس وغیرہ سے) طبیعت کو بدحظ کر دینا : بد مزہ کر دینا : منہ پھیر دینا : چلغارہ کا کم ہو جانا : جی بھر دینا : سیر کر دینا ۔ (۳) شکم سیرکردینا : پیٹ بھر کر کھلانا : آسودہ کر دینا ۔

To pall up (on) : بد حظ ہو جانا : بے مزہ ہو جانا : بے لطف ہو جانا ۔

Pall-bearer/-holder/-supporter : (n) جنازے کا چادربردار :وہ شخص جو تابوت کی چادر پکڑ کر جنازے کے ساتھ چلے ۔

Pall-like : (a) عبا کی طرح :چوغہ مانند ۔

Pall-mall / Pell-mell : (n) [It. 'pallamalio.'] (۱)گیند چھلا (ایك کھیل کا نام) (ایك لمبی بلی میں ایك چھلا لٹکا کر اس کے اندر گیند کو گذارتے ہیں ۔(۲)لندن کی مشہور سڑك جس پر بہت سے کلب واقع ہیں : اب لندن کی کلب لائف (کلب کی زندگی)کا مرکز ۔ (۳) دفترامور جنگ(جو پہلے اس سڑك پر واقع تھا) ۔

Palla : (n) [rel. to L. 'pallium .] (۱) (روم قدیم)عورتوں کا پہن کر باہر جانے کا ایك ڈھیلا ڈھالا لباس ۔ (۲) (کلیسا) پوپ وغیرہ کا چوغہ ، جُبہ ، اونی پوشاك جو پوپ اور بعض عمائد کلیسا پہنتے ہیں ۔

Palladian : (a) [L. 'palladius; + -an.] عقل کی دیوی پلادی کا یا اس سے متعلق: اس طرح علم و ذہن ،عقل سے متعلق یا مطالعۂ کتب بینی سے متعلق ، معرفتی ۔

Palladianism : (n) اطالوی انڈری پلادی کا نظریہ معماری ۔

Palladic : (a) [f. Palladium.] (کیمیا) پلاڈیم کے مرکبات کے لئے استعمال ہوتا ھے جس میں دھات پلاڈیس سے کم ہوتا ھے ۔

Palladic : (n) بر اعظمی فریمینسنری کا ایك فرضی نام ۔

Palladinised : (a) (کیمیا) پلا دینی ۔

Palladism : (n) بر اعظمی فریمیسنری کا نظریہ۔

Palladist : (n) بر اعظمی فریمیسنری کا حامل ۔

Palladious : (a) (کیمیا) پلاڈیم کے ایسے مرکبات کے لئے استعمال ہوتا ھے جس میں دھات کے اجزا زیادہ ہوں: پلادیم سے متعلق ۔

Palladium : (n) [L.. 'palladium.'] (۱) (یونانی دیومالا) پالا دیم : پالاس کا بت (اس کے متعلق یہ عقیدہ تھا کہ شہر ٹرائے کی بقا وبہبود اس پر منحصر ھے)۔(۲) (مجازاً) حفاظت کی تدبیر : تحفظ کا ذریعہ : کوئی چیز جس پر قوم اور ادارے کا تحفظ منحصر ھے ۔

Palladium : (n) [mod. L.] پلادیم : پلاٹینم کی ایك سفید اور سخت دھات : (کیمیا) پلادیم :(دھات ، عنصر)جوہری وزن ۔

Palladium balck : (n) (کیمیا) پلاڈیم سیاہ ۔

Palladous : Palladious دیکھو

Pallaesthesia : (n) (مرضیات)حس ارتعاش :عظمی حس ارتعاش ۔

Pallah : (n) ایک قسم کا ہرن جو جنوبی امریکا میں پایا جاتا ہے ۔

Pallas : (n) (۱) (علم النجوم)پالس (سیارچہ)۔ (۲) (اساطیر) عقل کی دیوی : پالاس ۔

Pallas Athena : (n) (اساطیر) عقل کی دیوی : اِلہِ خرد :پالاس ۔

Palled : (a) (۱) (خمیر شدہ شراب وغیرہ) فرسودہ : پرانی : بُسی ہوئی : بے مزہ : باسی : پھیکی ۔ (۲) بے مزہ کیا ہوا : بے لطف کیا ہوا :جی بھرا ہوا : شکم سیر کیا ہوا : متنفر ۔

Pallescence : (n) زردی : پیلاپن : ماندگی ۔

Pallescent : (a) [L. 'Pallescere'.] (نباتیات) زردی مائل : پیلا: زرد ہونے والا ۔

Pallet : (n) [Late ME. 'pail(l)et.'] گدّا (جس میں پیال یا خشک گھاس بھری ہو) : گدّا دار بستر : چٹائی :معمولی بستر : حصیر ۔

Pallet : (n) [Fr. 'pallete.'] (۱) ایک قسم کا دستہ نما چوڑے پھل والا لکڑی کا اوزار : تھاپی(جس سے کمہار وغیرہ کام لیتے ہیں) ۔ (۲) (اینٹ سازی)کچی اینٹ کو لے جانے والا تختہ ۔ (۳)پانی کھینچنے والی کل کی چکیوں میں سے کوئی ایک ۔ (۴) مشین میں وہ پرزہ جو پہیے کی حرکت بدلنے کے کام آتا ہے : پالٹ : کسی دیوار گھڑی کے پنڈولم کے اوپر کا ابھار جو گھڑی کی حرکت کو باقاعدہ رکھتا ہے ۔ (۵) آرگن باجے کا کھل مندن ۔ (۷) (جلد سازی) کسی کتاب کی پشت پر ٹھپّا لگانے کا ایک اوزار ۔ (۷) (صدفیات) گھونگوں میں اضافی صدف پارہ ۔ (۸) سفری یا نقل پذیر پشت یا پلیٹ فارم جو ٹرک وغیرہ پر بھاری بوجھ لادنے ، اتارنے کے کام آتا ہے ۔

Pallet : (n) (نقابت)عمودی پٹّی جو ڈھال کے بیچ میں ہوتی ہے ۔

Pallet bed : (n) گدّا دار بستر ۔

Pallet board : (n) (نقاشی) تختۂ رنگ آمیزی : تختہ پالیٹ ۔

Pallial : (a) (حیوانیات) غشاء ناعمہ کا یا اس سے متعلق :گھونگے وغیرہ کے پیٹ کی جھلی سے متعلق ۔

Palliasse : (n) [Fr. 'paillasse.'] پیال بھرا گدّا : گدّا (کرمچ کا جس میں پیال وغیرہ بھری ہو) : اب خاص کر پیال یا اسی قسم کی چیز سے بھرا ہوا گدّا ۔

Pallate : (a) [L. 'palliatus.'] گھونگے وغیرہ کی وہ تہ جو کھال کی طرح ہوتی ہے ۔

Palliate : (v) [L. 'palliare . '] (۱) (مرض میں) تخفیف کرنا :تسکین پہنچانا : بیماری کی علامت کو کم کرنا : ہلکا کرنا : تکلیف کوکم کرنا :آسان کرنا ۔(۲) (توجیہہ وغیرہ سے) جرم کو خفیف ثابت کرنا : در گذر کے قابل کرنا : (جرم ، مصیبت وغیرہ کی اہمیت کو) کم کرنا : ہلکا کرنا : گھٹانا : در گذر کرنا : معاف کرنا ۔

Palliation : (n) [med. L. 'palliatio.'] (۱) مرض میں تخفیف:تسکین: جرم کو خفیف ثابت کرنا ۔ (۲) بہانہ انگیزی : پردہ پوشی: سبک نائی ۔ (۳) تخفیف : کمی : اطمینان : آرام : راحت (مصیبت کے بعد) :نجات (غم یا تکلیف سے) : مخلص ۔

In palliation of : بطور معافی ۔

Palliative : (a) [med. L. 'palliativus.'] (۱) (مرضیات میں)عارضی طور پر تخفیف پیدا کرنے والی یا مسکن : درد یا شدت کو کم کرنے والی (تدبیر یا دوا) ۔ (۲) جرم کو خفیف ثابت کرنے والی یا در گذر کرنے والی : (طب) مسکن : تخفیفی ۔

Palliative : (n) وہ چیز جو مرض میں کمی کرتی ہے :درد یا شدت کو کم کرنے والی تدبیر یا دوا : جرم کو کم کرنے والی شے : جرم کو خفیف ثابت کرنے والا (کارندہ) ۔

Palliative treatment : (n) (طب)علاج تخفیفی ۔

Palliatively : (adv.) درد یا شدت کوکم کرنے والی تدبیر کے طور پر : تخفیفی طور پر : مسکن انداز میں ۔

Palliator : (n) تسکین پہنچانے والا (مرض میں) تخفیف کرنے والا : در گذر کرنے والا ۔

Palliatory : (a) (۱) تسکینی: تخفیفی : شدت کو کم کرنے والی ۔ (۲) جرم کو خفیف ثابت کرنے والی ۔

Palli : (a) [L. 'pallidus.'] گہرے ہلکے شوخ رنگ کی کمی : پیلا : ہلکا زرد : ماند : بے رونق : پھیکا : بے آس : ہلکے

رنگ کا(خاص کر شاعری)۔

Pallidity : (n) پیلاپن ؛ہلکی زردی؛ ماندپن ؛ بے رونقی ؛ پھیکاپن ۔

Pallidly : (adv.) پیلے پن سے ؛ بے رونقی سے ؛ پھیکے پن سے ؛ ہلکے پن سے ۔

Pallidness : (n) پیلاپن ؛ ماندپن ؛ پھیکاپن ؛ ہلکاپن ۔

Palliness : (n) دوستی ؛ رفاقت ۔

Palling : (n) پردہ پوشی ؛ خرقہ پوشی ۔

Pallio- : (prefix) اجزائے ترکیبی بمعنی "غشاء" یا "ورقہ" ۔

Pallio-branchiate : (a) کشادہ دست پودے کے غشا سے متعلق ؛اُس پودے کے ورقہ سے متعلق جس کی شاخیں تنے سے اس طرح نکلیں کہ زاویہ قائمہ بن جائیں۔

Pallish / Pally : (a) دوست جیسا ؛ دوستی کی طرح ؛ دوستانہ؛محبانہ۔

Pallium : (n) [L. pallium,'] (۱) (قدیم) مردوں کا مستطیل بڑا چوغہ یا فرغل (جو یونانی پہنا کرتے تھے خصوصاً فلاسفر یا عیسائی پادری پہنتے تھے) ؛ یونانی چوغہ ۔ (۲) (کلیسا) اُسقف اعظم کا جبہ ؛ اسقف اعظم سے بڑے عہدیدار کا چوغہ۔(۳)(حیوانیات) گھونگے وغیرہ کی وہ تہ جو کھال کی طرح ہوتی ہے؛ غشاء ؛ ناعمہ ؛ شامۂ نرم تن ؛(طب) قرفہ ؛ (تشریح) قشرۂ پیش دماغ ؛(نباتیات) قشر۔ (۴) (موسمیات) طبقی ابر جو پودے آسمان کو ڈھکے ہوئے ہو۔

Palliyan : (n) جنوب ہند کے جنگلوں کے سیاہ فام اشخاص جو دڑاویڈی زبان بولتے ہیں۔

Pallone : (n) [It. augm. of palla ball'] ایک اطالوی کھیل جو ٹینس کے مشابہ ہوتا ہے ؛ جسے ایک بڑے گیند سے کھیلا جاتا ہے اور لکڑی جس کے دستے سے اسے ہاتھ اور کلائی پر پہن لیا جاتا ہے (اس گیند کو) مارا جاتا ہے ۔

Pallor : (n) [L. 'pallor.'] (۱) پیلاپن ؛ ہلکی زردی ۔ (۲) ماندپن ؛ بے رونقی ؛ پھیکاپن ؛ زردرنگی ۔

Pally : (a) دیکھو Pal

Palm : (a) [OE. 'palm, palma. palme.'] (۱) کھجور ؛ نخل یا اس قسم کا کوئی درخت ؛ نخل خرما ؛ نخیل ۔ (۲) کھجور کے درخت کی شاخیں یا پتی جو قدیم زمانے میں فتح وکامرانی کا نشان سمجھی جاتی تھی اور اب بھی تہواروں کے موقع پراس کی علامت ہے ۔(۲) (مجازاً) فتح مندی ؛ جشن فتح ؛کامیابی ؛ فخر ؛ اظہار فخر و مسرت ؛ فتح ؛ ظفر ؛ کمال ؛ امتیاز ؛ انعام یا تمغہ جو اس کے صلے میں دیا جائے ۔ (۳) دوسرے درختوں یا جھاڑیوں کی شاخیں یا ڈالیاں جو شمالی ممالک میں کھجورکی شاخوں کی جگہ استعمال ہوتی ہیں ۔خصوصاً پام سنڈے (Palm sunday) کے موقع پر نیز خود اس کے پودے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے (جیسے بید کا درخت) ؛ (نباتیات) کھجور ؛ تاڑ ؛ نخل ۔

Bamboo-palm : (n) تاڑ کی ایک قسم ۔

Coco-palm : (نباتیات) (درخت) ناریل ۔

Date -palm : (نباتیات) (درخت) کھجور ؛نخلہ ۔

Fan-palm : نخلک ؛ چھوٹی کھجور کا درخت ۔

To bear the palm : غالب آنا ؛ کمال حاصل کرنا ؛ امتیاز حاصل کرنا ؛ انعام و غیرہ پانا۔

To yield the palm : مغلوب ہونا (کسی کے مقابلے میں) ؛ کمتر ٹھہرنا ؛ انعام وغیرہ نہ پانا ؛ ہار ماننا ۔

Palm : (n) [ME. 'paume. '] (۱) ہتھیلی ؛کف دست؛ کلائی اور انگلیوں کے درمیان کا حصہ (خصوصاً اندرونی سطح کا) ۔ (۲) دستانے کا وہ حصہ جو ہتھیلی کو ڈھکتا ہے ؛دستانے کی ہتھیلی (وہ حصہ و ہتھیلی سے مشابہ ہوتا ہے) ۔(۳) ہرن کے سینگ کا مسطح کنارہ جس سے انگشت نما نوکیں Point نکلی ہوتی ہیں ۔ (۴) بازو کے آخری سرے کا وہ لا ہوا مسطح حصہ خصوصاً چپّو کا کنارہ (۵) لنگر کا مثلث نما کشادہ حصہ ؛ وہ چوڑا اور چپٹا مثلث نما اندرونی سطح کا ٹکڑا جو جہاز کشتی کے لنگر پر ہوتا ہے ۔ (۶) ہتھیلی کے برابر چوڑائی (کوئی چار انچ) اور لمبائی (کوئی آٹھ انچ) بطور پیمانے کے ۔ (۷) ایک آلہ جسے کشتی بنانے والے دستانے کی جگہ پر استعمال کرتے ہیں ۔ (۸) ٹینس کی طرح کے ایک کھیل کا گیند ۔

To grease or oil (one's) palm : مٹھی گرم کرنا ؛ رشوت دینا یا لینا ۔

Palm : (v) [f. Palm(n) 2] (۱) مٹھی سے مس کرنا یا چھونا؛چھونا ؛ ہاتھ پھیرنا ؛ ہاتھ سے سہلانا ؛ مصافحہ کرنا ۔ (۲)ہاتھ کی مٹھی یا ہتھیلی میں چھپانا ؛تاش کے پتوں یا پانسے

کو ہاتھ میں چھپانا : شعبدہ بازی یا جوا میں تاش کے پتوں کو چھپانا ۔ (۳) چکما دینا : دھوکا دینا (کسی شخص کو دھوکا دے کر) ایک چیز کی جگہ دوسری چیز دیدینا : ایک چیز کے نام سے دوسری چیز دینا: دھوکے سے گلے منڈھ دینا ۔ (۴) رشوت دینا : مٹھی گرم کرنا ۔

Palm : (n) علم الکف : کف بینی : کف شناسی : فراست الید : ہتھیلی سے غیب کا حال بتانا : ہاتھ دیکھنا : ہتھیلی دیکھ کر آدمی کی قسمت کا حال بتانے کا ہنر ۔ (۲) ہاتھ چالاکی : جیب تراشی : رشوت خوری : ہاتھ کی صفائی : ہاتھ کا کرتب یا شعبدہ ۔

Palm-branch : (n) کھجور ، تاڑ کے درخت کی پتی مع ڈنٹھل جو فتح کے نشان کے طور پر استعمال ہوتا ہے :(سجاوٹ وغیرہ کے لئے) شاخۂ نخل ۔

Palm-butter : (n) کھجور کا تیل (منجمد حالت میں) : روغن نخل ۔

Palm cat/ -civet : (n) (۱) ایک قسم کا جانور جو اکثر کھجور پر رہتا ہے :کھجور بلاؤ : ایک جانور جس کی بڑی لمبی خمدار دم ہوتی ہے ۔ (۲) اسلوٹ : بلی کی قسم کا جانور جو جنوبی اور وسطی امریکا میں پایا جاتا ہے : (حیوانیات) زبادہندی : کھجور بلاؤ ۔

Palm cockatoo : (n) دیکھو cockatoo

Palm crab : (n) کھجور کیکڑا : ایسا کیکڑا جو کھجور کے درخت پر پھل کھانے کے لئے چڑھ جاتا ہے ۔

Palm crist : (n) کسٹر آئل کا پودا جو ہتھیلی کی شکل کا ہوتا ہے : ارنڈی : انجیر ۔

Palm dove : (n) نخل نشیں کبوتر : وہ کبوتر جو کھجور کے درخت پر رہتا ہے ۔

Palm-grease : (n) (مزاح) روپیہ جو بخشش ، انعام ، شکرانے یا رشوت کے طور پر دیا گیا ہو ۔

Palm-greasing : (n) قلیل : رشوت : کم مایہ رشوت :ادنیٰ رشوت ۔

Palm kernel : (n) گٹھلی دار پھلوں کا مغز یا گودا جس سے تیل نکلتا ہو ۔

Palm-oil : (n) (۱) (کیمیا) تاڑ کا تیل :کھجور کے مختلف درختوں سے نکلا ہوا تیل ، خاص کر مغربی افریقہ کے کھجور کے پھل سے نکالا ہوا جو کھانے میں استعمال ہوتا ہے اور کہیں اس سے صابن اور موم بتی بنائی جاتی ہے:

نیز توصیفی معنوں میں ۔(۲) زر رشوت ۔

Palm play : (n) ٹینس کی گیند کا ایک کھیل جس میں گیند کو ہاتھ کی ہتھیلی سے مارا جاتا ہے ۔

Palm sugar : (n) (کیمیا) خرما : شکر : دیکھو Jaggery ۔

Palm-sunday : (n) عید فصح : ایسٹر سے پہلے کا اتوار : کھجور والا اتوار (اس روز حضرت مسیح یروشلم میں داخل ہوئے تھے اور اب تک وہاں جلوس نکلتے ہیں اور اس میں لوگ کھجور کی شاخیں ہاتھوں میں لئے شریک ہوتے ہیں : نیز توصیفی معنوں میں ۔

Palm swift : (n) ایک قسم کا جیمیکن کبوتر جس کا گھونسلا کھجور کے درخت پر ہوتا ہے ۔

Palm toddy : (n) کھجور کا تیل جو جلانے یا پینے میں استعمال ہوتا ہے : کھجور کی تاڑی :تاڑی ۔

palm tree : (n) کھجور کا درخت : درخت نخل :(نباتیات) تاڑ :دوسرے درختوں کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے جیسے بید کا درخت : پٹو کا درخت ۔

Palm veined : (n) (نباتیات) رگ دار کف والا ۔

Palm wax : (n) موم صمغی جسے موم سازی میں استعمال کیا جاتا ہے۔

Palm weevil : (n) سوفٹ دار کیڑوں کی ایک نوع جس کے لاروے کھجور کے پتوں میں سوراخ کر دیتے ہیں :کھجور گھُن ۔

Palm willow : (n) بید کی ایک جنس جس کی ٹہنی کھجور کی شاخ کی جگہ استعمال کی جاتی ہے ۔

Palm wine : (n) شراب خرما : کھجور کی شراب : وہ شراب جو کھجور کے درخت کے رس سے بنائی جاتی ہے ۔

Palm wool : (n) ناریل کے ریشے جن سے رسیاں اور چٹائیں وغیرہ بنتی ہیں ۔

Palm worm : (n) (۱) بعض بڑا امریکی کنکھجور ۔ (۲) کھجور گھن کا لاروا ۔

Palma : (n) درخت نخل : برگ نخل :(حیوانیات) پنجہ : کف ۔

Palm christi : (n) [med. L.] کسٹر آئل کا پودا جو ہتھیلی کی شکل کا ہوتا ہے :(نباتیات) بید انجیر : رینڈی : ارنڈی ۔

Palmaceae : (n) (نباتیات) نخلیہ : کھجوریہ : خانوادۂ نخلیاں ۔

Palmaceous : (a) (نباتیات) نخلی ؛ کھجور کا یا اس سے متعلق ۔

Palmar : (a) [L. 'palmaris.'] (تشریح) کفی؛ کف دستی ؛ہتھیلی میں واقع ؛ ہتھیلی سے متعلق ؛ ہاتھ کی ہتھیلی سے متصل؛ کف دست کے اندازہ سے ؛ ہتھیلی کے برابر ؛ ہتھیلی کا ؛ جو ہتھیلی میں ہو ۔

Palmar : (n) (۱) (تشریح) ہتھیلی کی رگ ؛ ہتھیلی کے اعصاب ؛ (حیوانیات) بازووں کے جوڑ کے نام جو سوسن نما ہیں ۔

Palmar arch : (n) ہتھیلی اور انگلیوں کی رگوں کے سلسلے ۔

Palmarian : (a) (شاذ) ممتاز؛ سرفراز ؛ سب میں کامل ؛ سب پر فائق؛ برتر؛ اعلیٰ ۔

Palmary : (a) [L. 'palmarius.'] سب پر فائق ؛ جو اپنی ہتھیلی پر اٹھا لیتا ہے ؛ سب میں کامل ؛ ممتاز ؛ اول پوزیشن حاصل کرنے والا ؛ برتر ؛ افضل ؛سرفراز ؛ اعلیٰ ؛ قابل ترین ۔

Palmary : (a) [L. 'palmaris.'] ہتھیلی سے متعلق ؛ کف دستی ؛کفی ؛ جو ہتھیلی میں ہو ؛ ہتھیلی کے برابر ۔

Palmate : (n) (کیمیا) پامک ایسڈ کا نمک ۔

Palmate : (a) [L. 'palmatus.'] (تاریخ) ہتھیلی کی شکل کا ؛ہتھیلی جیسا ؛ کف نما ؛ (نباتیات) پنجہ نما ؛ پنجۂ دست اور کھلی ہوئی انگلیوں کی مانند ۔ (۲) وصل پا؛ پردہ پا ؛ چڑیا کے پاؤں کا ؛ مکڑی کے جالے کی طرح ۔

Palmate leaf : (n) (نباتیات) برگ پنجہ نما ۔

Palamated : (a) دیکھو Palmate

Palmately : (adv.) شبیہہ کف دست کے طور پر ؛ کف نما طور پر ؛ ہتھیلی کی شکل کے طور پر ۔

Palmately veined : (a) (نباتیات) کف رگ ؛ پنجۂ رگ ۔

Palmati- : (Prefix) [L. 'palmatus.'] جزو ترکیبی بمعنی شبیہہ کف دست ؛کف دستی ؛ پنجہ شکل ۔

Palmatifid : (a) (نباتیات) کف شگافتہ ؛ شگافتہ پنجہ ؛ شبیہہ برگ خرما ۔

Palmatilobate/ Palmatilobed : (a) کف نما جو کروی طور پر منقسم ہو ۔

Palmation : (n) تشکیل؛ترتیب ؛ ہتھیلی کی ہیئت کا ہر حصہ ؛ (نباتیات) کف شکلی ۔

Palmatiparted/-partite : (a) (نباتیات)کف درزہ ؛ کف جُزہ ؛ کف پارہ ۔

Palmatisect/ Palmatisected : (a) (نباتیات) کف تراشہ ؛ پنجہ پارہ ۔

Palmchrist : (n) کسٹر آئل کا پودا جو ہتھیلی کی شکل کا ہوتا ہے۔

Palmed : (a) ہتھیلی میں چھپایا ہوا ۔

Palmell stage : (n) (حیوانیات) پلمیلی حالت ۔

Palmer : (n) وہ شخص جو ہتھیلی میں چھپاتا ہے (مثلاً تاش ، پتے وغیرہ) ۔

Palmer : (n) [med. L. 'palmarius.'] (۱) وہ زائر جو بیت المقدس کی زیارت سے فارغ ہو کر آتا ہے اور کھجور کی شاخ یا پتی اپنے ساتھ لاتا ہے ۔ (۲) درویش راہب ؛خانہ بدوش پادری (جو ہمیشہ سفر میں رہتا ہے) ؛ اکثر معمولی زائر (زیارت کرنے والے).(۳) بال دار تتلی جو پودوں وغیرہ کو نقصان پہنچاتی ہے۔ (۴) بال والا مصنوعی کیڑا جو مچھلی کے چارے کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔ (۵) (دینیات) درویش ؛ راہب ۔

Palmer : (v) خانہ بدوش کی طرح اِدھر اُدھر پھرنا ؛اِدھر اُدھر مارے پھرنا ۔

Palmer-worm : (n) بالدار تتلی جو پودوں وغیرہ کو نقصان پہنچاتی ہے ؛ (شمالی امریکا) ایک کیڑا جو سیب کے پتوں کو نقصان پہنچاتا ہے ؛ (حیوانیات) سرفہ مودار؛ بھونڈیلا ؛ سرفۂ پرواز ۔

Palmerin : (n) پالمیرین رومانس کا کوئی طریقہ ؛از منۂ وسطیٰ کا ہیرو ۔

Palmery : (n) نخلستان ۔

Palmette : (n) [Fr. 'palmette.'] (اثریات) ایک کم حلقے والا زیور؛ برگ دار زیور ۔

Palmetto : (n) [Sp. 'palmito.'] ایک قسم کی چھوٹی کھجور خاص کر چھوٹی Fan-palm (جنوبی یورپ ، شمالی امریکا اور جنوب مشرقی امریکا کی) ؛ (نباتیات) نخلک ۔

Royal palmetto : ویسٹ انڈیز کا ایک نخلک ۔

Saw palmetto : ایک قسم کا نخلک ۔

Palmetto flag : (n) ملکت جنوب کیرولائنا (south carolina) کا جھنڈا۔

Palmetto green : (n) بز نخلی : زرد رنگ مائل بہ خاکستری و سبز۔

Palmetto hat : (n) نخلك کی ٹوپ (ٹوپی)۔

Palmetto leaf : (n) نخلك کی پتی : شاخ نخلك۔

Palmetto state : (n) جنوبی کیرولائنا کا ایك نام۔

Palmetto thatch : (n) نخلك کا چھپر۔

Palmful : (n) ہتھیلی بھر : یکمشت : بقدر یکمشت : مٹھی بھر۔

Palmi : (Prefix) سابقہ بمعنی "کف دست کی شکل کا"۔

Palmic : (a) [Fr. 'palmique.'] (کیمیا) رینڈی کے تیل کا یا اس سے متعلق : کسٹر آئل سے متعلق۔

Palmiferous : (a) [L. 'palmifer.'] نخل آور : شاخ نخل آور۔

Palmigrade : (a) کف چال : اخمصیہ : دیکھو Plantigrade۔

Palmilobed : (a) کف نما : گوشہ دار : تسودار۔

Palmin : (n) [Fr. 'palmine .'] (کیمیا) چربی دار جوہر یا نچوڑ جو رینڈی کے تیل کے ساتھ نائٹرك پیروکسائڈ کی آمیزش سے تیار کیا جاتا ہے۔

Palmino : (n) [Sp. 'palomino .'] (امریکا) سفید گھوڑا جس کا ایال اور دم چھوٹی ہوتی ہے۔

Palmiped/ -pede : (a) [L. 'palmipes .'] (پرندہ) جھلی دار پیرا : جھلی دار جڑے ہوئے پنجوں کا : (حیوانیات) وصل پا : پردہ پا۔

Palmiped/ -pede : (n) جھلی پیرا پرندہ : جھلی دار جڑے ہوئے پنجوں کا پرندہ : پردہ پا پرند۔

Palmist : (n) کف شناس: کف بیں: علم الکف کا ماہر : ہتھیلی دیکھنے والا : ماہر فراست الید۔

Palmistry : (n) [ME. 'Pawmestry '.] دیکھو Palm

Palmitate : (n) چربی دار ترشے کا نمك۔

Palmite : (n) [Sp. and Pg. 'palmito'] جنوبی افریقہ کا ایك دریائی پودا۔

Palmitic : (a) [Fr. 'palmitique'] (کیمیا) رینڈی کے تیل کا یا اس سے حاصل کیا ہوا : (پامك ایسڈ میں) ایك چربی دار ترشہ ($C_{16}H_{32}O_2$) جو رینڈی کے تیل ، سبزی اور جانوروں کی چربی میں عام طور پر پایا جاتا ہے۔

Palmitin : (n) [Fr. 'palmitine. '] اصلی چربی جو رینڈی کے تیل میں تیل میں ہوتی ہے اور سفید ٹھوس شکل میں نکلتی ہے : (جمع میں) گلیسرین کے چربی دار ترشے کا نمك کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

Palmy : (a) (۱) نخلی : کھجور کا : نخل نما : نخل صفت (خاص کرشاعری): جہاں کھجور کثرت سے ہو: پر نخل۔ (۲) (مجازاً) خوش حالی کا : کامرانی کا : ترقی کا : فتح مند : کامیاب : پرفخر : فخریہ۔

Palmy days : (n) خوش حالی کا زمانہ : کامرانی کازمانہ : عروج کا زمانہ۔

Palmyra : (n) [Pg. 'palmeira. '] پالمیرا : بور یا کھجور: پنکھا کھجور: چوڑے پتے کے کھجور کی ایك جنس جو ہندوستان اور لنکا میں ہوتی ہے اور اس کے پتوں سے چٹائی بنی جاتی ہے : (نباتیات) نخل ہندی : خرما : تاڑ۔

Palolo : (n) [Native name in Samoa and Tonga.'] سمندر کا ایك کیڑا جو اوقیانوس کے صحرائی علاقے میں ہوتا ہے اور اس علاقے کے لوگ اسے کھاتے ہیں۔

Palometa : (n) [Sp. 'paloma. '] پومیانوں کی مچھلیوں کی ایك نوع۔

Palomino : (n) (امریکا) سفید گھوڑا جس کا ایال اور دُم چھوٹی ہوتی ہے۔

Palp : (n) [L. 'Palpus'.] (۱) (حیوانیات) کیڑوں کا وہ عضو جس سے وہ چیزوں کو چھوتے ہیں : کیڑوں کی سونڈ یا مونچھ : محیس (جنگلات) : محاس : سونڈ (حشرہ کی) : نیز دو منہ والے صدف نما جانور کے منہ کے دونوں طرف کی لو۔

Palp : (v) [L. 'palpare'] (شاذ) محسوس کرنا : ہاتھ سے ٹٹولنا : چھو کر معلوم کرنا : آہستگی سے ہاتھ لگانا : ہاتھ پھیرنا : تھپتھپانا : (نیز مجازاً) صاف بولنا : صاف گفتگو کرنا : چاپلوسی کرنا : خوشامد کرنا : سراہنا : کسی کی تعریف و توصیف کرنا : جھانسا دینا : میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔

Palpability : (n) محسوسیت : لمسیت : قابل حس ہونا : صریحیت :

قابلیت لمس ؛ پیش پاافتادہ ۔

Palpable : (a) [Late L. 'palpabilis.'] (۱) قابل احساس و لمس ؛ قابل حس ؛ قابل لمس؛ محسوس ؛جس کو چھوسکیں ۔ (۲) (طب) حس کے ذریعہ ادراک ؛ ادراک لمسی ۔ (۳) قابل ادراک ؛ لائق احساس ؛ قابل فہم ؛ دوسرے کسی احساس کے ذریعہ فوری طور پر ادراک کیا ہوا ؛ جالب توجہ ؛ نمایاں؛ بین ؛ ظاہر؛ قابل توجہ؛ صریحی ؛ صاف ۔ (۴) صریح ؛ بدیہی؛ آسانی سے محسوس کیا ہوا ؛آسانی سے سمجھا ہوا ؛ آشکارا ؛ ہویدا ؛ معلوم ؛ روشن ؛ حقیقی جیسا؛ پیش پا افتادہ ۔

Palpable darkness : (n) بہت تاریک ؛ گھورا ندھیرا ؛ تیرہ و تار ۔

Palpableness : (n) دیکھو Palpability

Palpably : (adv.) محسوس طور پر ؛ قابل حس طور پر ؛ قابل لمس انداز میں ؛ ظاہر طور پر ؛ نمایاں انداز میں ؛ بیّن طور پر ؛ صریحاً ؛ ظاہراً ۔

Palpal : (a) [L.'plapalis.'] کیڑوں کی سونڈ کا یا اس سے متعلق ؛کیڑوں کا احساس کرنے والے عضو کے جیسا کام کرنے والا ۔

Palpate : (v) [L. 'palpare.'] (۱) چھو کر کسی چیز کو جانچنا ۔ (۲) محسوس کرنا ؛ ہاتھ لگانا ؛ چھونا (خصوصاً طبّی معائنے میں کسی شے کو ہاتھ سے چھو کر دیکھنا)۔

Palpate : (a) (حیوانیات) مَحِس دار ۔

Palpation : (n) (طب) لمس ؛ لمس معائنہ ؛احساس؛ چھونا(طبی معائنہ میں) ہاتھ سے چھو کر دیکھنا ۔

Palpatory : (a) احساسی ؛ احساس کا ؛ مخصوص لمسی ؛ احساس سے بھرا ہوا ۔

Palpebra : (n) [L.] (تشریح ، حیوانیات) جلن ؛ پپوٹا ؛ پلک ۔

Palpebra inferior : (n) (تشریح) جفن تحتانی ۔

Palpebral : (a) (تشریح) جفنی ؛ پلکی آنکھ کے پپوٹے کے متعلق؛ پلک کا یا اس سے متعلق ۔

Palpebral fissure : (n) (تشریح) شقاق جفن ۔

Palpebral superior : (n) (تشریح) جفن فوقانی ۔

Palperbrate : (a) جفن دار ؛ پلک دار ۔

Palpebritis : (n) (طب) ورم جفن ؛ سلاق ؛ یا محضی ۔

Palpi : Palpus کا صیغۂ جمع ۔

Palpicorn : (a) [mod. L. 'palpicornes.'] کیڑوں کی مونچھ کی طرح سینگ والے بھونرے کی ایک قسم جس کی مونچھ لمبی اور پتلی ہوتی ہے ۔

Palpicorn : (n) ایک قسم کا بھونرا ۔

Palpifer : (n) [f. L. 'palpus.'] (تشریح) محس بردار ؛ جبڑے کی ہڈی کا بیرونی گوشہ ۔

Palpiferous : (a) محس بردار ؛ فکی محس ۔

Paliform : (a) محس جیسا ؛ (حشرہ سی) سونڈ مانند؛ شاخک دار ۔

Palpiger : (n) (حیوانیات) محس بردار ؛ قشری حیوانیات یا کیڑے کے نچلے ہونہ دَا حصہ جس میں سونڈ ہوتی ہے ۔

Palpigerous : (a) محس بردار ؛ محاس رکھنے والا ؛سونڈ والا (حشرہ)۔

Palpimacula : (n) (حیوانیات) نقطۂ محس ۔

Palpitancy : (n) لرزش ؛ ارتعاش ؛ تپش ؛ بے چینی ؛ گھبراہٹ ۔

Palpitant : (a) لرزاں ؛ تپشی ؛ مرتعش ؛ مہیج ؛ دھڑکتا ہوا ۔

Palpitate : (v) [L. 'palpitare.'] (۱) دھڑکنا ؛ دھک دھک کرنا ؛(دل کا)؛ زور سے دھڑکنا ؛ غیر معمولی طور سے دھڑکنا ؛ چلنا ؛جنبش کرنا (نبض کا) ؛مرتعش ہونا ؛ تھرتھرانا۔ (۲) لرزنا ؛ تھرانا ؛ تھر تھرانا ؛ کانپنا (خوف سے) اچھلنا ؛ پھڑک اٹھنا (خوشی سے) ؛ (مجازاً) جنبات کی لہر دوڑ جانا ۔ (۳) ارتعاش کی حالت میں حرکت کرنا ۔ (۴) غیر معمولی تیزی سے دھڑکنے کی وجہ ہونا۔

Palpitating : (a) دھڑکتا ہوا ؛ مہیج ؛ لرزاں ؛ مرتعش ۔

Palpitatingly : (adv.) لرزاں طور پر ؛ مہیجانہ؛ دھڑکن کے طور پر ۔

Palpitation : (n) [L. 'palpitatio.'] (۱) دھڑکنے کا عمل ؛ دھڑکن ؛ دھک دھک ؛جنبش ؛ لرزش ؛ ارتعاش ۔ (۲) (طب) اختلاج ؛ اختلاج قلب ؛ (دل کی) دھڑکن ؛ تپش قلب؛ خفقان ۔

Palpitation of heart : (n) (طب) اختلاج قلب ؛ خفقان ؛ دل کی دھڑکن ۔

Palpless : (a) (کیڑوں کی) سونڈ یا مونچھ کے بغیر ؛ بے محاس ۔

Palpocil/ Palpicill : (n) [L. 'palpus.'] ریشمی بال کی طرح کیڑے کی سونڈ یا مونچھ : لمسی بال : بہت باریک بال ۔

Palpon : (n) [L. ' palpus. '] (حیوانیات) اصتقیہ : پلپون ۔

Palpus : (n) [L .] (۱)(حیوانیات) کیڑوں کا وہ عضو جس سے وہ چیزوں کو چھوتے ہیں : کیڑوں کی سونڈ یا مونچھ : محیس (جنگلات) محاس :سونڈ(حشرہ کی) : نیز دو منہ والے صدف نما جانور کے منہ کے دونوں طرف کی لو ۔

Palsa : (n) (ارضیات) (سویڈی) پالسا ۔

Palsa bog : (n) (ارضیات) پالسائی دلدل ۔

Palsgrave : (n) [Early Du. 'paltsgrave. '] (تاریخ)خود مختار رئیس : امیر مختار ۔

Palsgravine : (n) زوجۂ امیر مختار : خود مختار رئیس کی بیوی ۔

Palship : (n) رفاقت : دوستی : یاری : صمیمیت : بے انتہا قربت ۔

Palsied : (a) [f. 'palsy. '] فالج زدہ : مفلوج :لقوہ مارا ہوا :متزلزل: لرزاں ۔

Palstave/ -taff / Paalstave /- stab : (n) (اثریات) ایک قسم کا برنجی یا سنگی رندا (جس کے دستے میں شگاف ہوتا ہے اور اس میں پھل لگا ہوتا ہے) ۔

Palster : (n) (متروک) عصائے مسافر : عصائے زائر ۔

Palsy : (n) [L .'paralysis. '] (۱) دیکھو Paralysis ۔ (۲) (مجازاً) بے بسی کی حالت : لاچاری کی حالت : مجبوری : بے حسی: نا طاقتی : رعشہ: لرزہ : کپکپی : تشنج ۔

Bell's palsy : (n) (طب) لقوہ : چہرے کا فالج ۔

Creeping palsy : (n) خفیف فالج : آہستہ آہستہ بڑھنے والا فالج : فالج تدریجی ۔

Lead palsy : (طب) فالج سُربی ۔

Scrivener's palsy : ایک قسم کا لقوہ جس میں انگلیاں یا ہاتھ کے ریشے متاثر ہوتے ہیں جو لکھنے کی صلاحیت کو ختم کر دیتا ہے جسے writer's cramp کہتے ہیں ۔

Shaking palsy : (n) ضعیف لوگوں میں رعشہ کی بیماری : ضعیف لوگوں میں لقوہ کی بیماری ۔

Palsy : (v) (۱) شل کر دینا : مفلوج کر دینا : بے کار کر دینا (عموماً استقارۃً) ۔ (۲) متزلزل ہونا : رعشہ ہونا : کپکپانا ۔

Palsying : (a) لقوہ زدہ : فالج کا مارا ہوا : متزلزل : رعشہ دار ۔

Palter : (v) [Origin unkn.] (۱) گول بات کرنا: گول مول جواب دینا: ٹال جانا :گڈمڈ کرنا : ایک بات پر قائم نہ رہنا :گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا : سخن سازی کر نا : ٹال مٹول کرنا : مذبذب گفتگو کرنا : مگھم بات کرنا : ذو معنی بات کرنا : پہلودار باتیں کرنا : گول بات کہنا : دو چڑا بات کہنا : لفظی ہیر پھیر کرنا : فریب آمیز بات کرنا ۔ (۲) حجت کرنا :تکرار کرنا : جھگڑنا (کسی بات پر) : مول تول کرنا : (کسی مسئلے کو) سطحی گفتگو میں ٹال دینا : لا یعنی باتوں میں اڑا دینا ۔

Palterer : (n) دو پہلو گفتگو کرنے والا : ذو معنی بات کرنے والا : مذبذب گفتگو کرنے والا : گول مول جواب دینے والا : سخن ساز ۔

Paltry : (n) (اب صرف بول چال) فضلہ : ناکارہ چیز : ردّی چیز : ملبا : کوڑا کرکٹ : کاٹھ کباڑ : بیکار چیز : نکمی چیز : لغویات : مہلات : مہمل گفتگو : بکواس ۔

Paltry : (a) حقیر : ادنیٰ : بے حقیقت : ہیچ پوچ : معمول سا : خفیف سا : یوں ہی سا : ناکارہ : ردّی : بیکار : مہمل: بکواس ۔

Paltriness : (n) بے حقیقی : حقیر یا ادنیٰ ہونا ۔

Paludal : (a) [L. 'palus, palud' + - Al .] (طب و مرضیات)دلدلی: دلدل آوردہ : دلدل کا یا اس سے متعلق :مردابی:ملیریائی: جہاں ملیریا کی کثرت ہو ۔

Plaudal fever : (n) (طب) دلدلی بخار : ملیریا : تپ مردابی ۔

Plaudal plants : (n) دلدلی گھاس : گیاہ مردابی ۔

Plaudament : (n) [L. 'paludamentum. '] رومی جنرل اورسپہ سالار کے پہننے والا ایک فوجی چوغہ : شاہی چوغہ یا پوشاک: نقیب شاہی کا لباس ۔

Plaudi - : (prefix) [L. 'palus, plaud.] سابقہ بمعنی "دلدل" ۔

Plaudic : (a) دلدل کا یا اس سے متعلق ۔

Plaudicole / Paludicolous : (a) دلدل باش : دلدل کا : دلدل کا رہنے والا ۔

Paludina : (n)[mod. L. f. palus, palud-+ -inus, -ina.] (حیوانیات) ایک قسم کا دلدلی گھونگا؛ تالاب میں رہنے والا گھونگا؛ بچہ دینے والے جانور کی قسم کا صدف۔

Paludinal / Paludinous : (a) (۱)(نباتیات) دلدلی ؛ دلدل باش ۔ (۲) بچہ زا جانور سے متعلق۔

Plaudine : (a) دلدلی ؛ دلدل باش۔

Plaudism : (n) ستیت دلدل ؛ ملیریا ؛ دلدلی بخار ؛ (نباتیات) دلدل نموئی۔

Plaudose/Paludous : (a) (شاذ) دلدل کا یا دلدل سے متعلق ؛ دلدل کا رہنے والا ؛ دلدلی ؛ دلدل باش ؛ (نباتیات) دلدلی ؛ گِل نمو۔

Plaulus : (n) (حیاتیات) صدفوں میں مہین اور سیدھی پرتوں میں کوئی ایک جو اُس کی سب سے نچلی سطح سے شروع ہو کر کٹوری نما جوف تک پھیلا ہوتا ہے اور جس کا خارجی کنارہ غلاف سے ڈھکا ہوتا ہے۔

Palus : (n) [L. 'palus. '] دیکھو Plaulus

Plaustral : (a) [L . 'palustris. '] (شاذ) دلدلی کا ؛ دلدلی ؛دلدل سے متعلق۔

Plaustrian : (a) دلدلی ؛ دلدل کا ؛مردابی۔

Palustrine : (a) دلدلی ؛ دلدل باش۔

Paly : (a) [f. Pale(a) + - Y] (شاعرانہ) زرد؛ پیلا سا ؛زردی مائل ؛ زرد وش ۔

Paly : (a) [Fr. 'pale. '] (نقابت) ایسی ڈھال کے متعلق کہا جاتا ہے جوخطوط عمودی کے ذریعہ دو حصوں میں متساوی منقسم ہو۔

Palybendy : (n) (نقابت) اشکال لوزی کی طرح تقسیم شدہ ؛مثلث نما منقسم ڈھال۔

Palynological : (a) (نباتیات) زر گلی تجزیہ سے متعلق ؛ زیرہ دانہ کی تحقیقات سے متعلق۔

Palynologist : (n) زرگلی تجزیے کا عالم یا ماہر۔

Palynology : (n) [Gr. 'palynein' + 'login.'] (۱) (نباتیات) تحقیقات زیرہ دانہ ؛ زرگل تجزیہ ؛ زیرہ دانہ کا علم؛ زیرہ گل پودوں اور دوسرے پودوں کی ساخت اور انتشار کا مطالعہ ۔ (۲) (ارضیات) پیلی نولوجی۔

Palystes : (n) [L.] ایک قسم کا بڑا شکاری عنکبوت ؛ مکڑا جو چھوٹی مچھلیوں ، مینڈک اور چھپکلیوں کا شکار کرتا ہے ۔

Pam : (n) [app. abbrev. of Fr. 'pamphile.'] (۱) حکم کا غلام (خصوصاً پچ پتیا Loo کے کھیل میں ۔ (۲) تاش کے پتے کے کھیل کا ایک نام۔

Pamakani : (n) [Hawail, 'Pa-makani' .] ایک قسم کی امریکی جڑی بوٹی۔

Pamaquine : (n) (کیمیا) پاماکوئن($C_{19}H_{29}N_{36}$) ؛ ایک قسم کی دافع ملیریا دوا۔

Pampa : (n) [Sp .] (جغرافیہ) پمپا ؛(جنوبی امریکا) دریائے امیزن کے جنوب کا بے شجر بیابان ۔

Pampa cat : (n) پمپا کی جنگلی بلی۔

Pampa deer : (n) جنوبی امریکا کا ایک چھوٹا ہرن۔

Pampa rice : (n) باجرہ ، کودوں وغیرہ کی قسم جو گچھے میں ہوتی ہے۔

Pampas fox : (n) جنوبی امریکہ میں پائی جانے والی لومڑی کے مانند ایک چھوٹا سا جانور۔

Pampas grass : (n) پمپاس گھاس : پمپاس گیاہ ؛ طویل گیاہ ؛ ایک قسم کی بڑی گھاس جو جنوبی امریکا سے یورپ آئی تھی(۶ سے ۱۲ فٹ لمبی) ؛ جنوبی امریکا کا باشندہ۔

Pampas hare : (n) جنوبی امریکا کا دراز گوش اور دراز پا خرگوش۔

Pampean/ Pampaean : (a) پمپا کا یا پمپاس کا۔

Pampelmous(s)e : Pompelmoose کا متبادل۔

Pamper : (v) [Late ME.] (۱) خوب کھلانا پلانا ؛شکم سیر کر دینا ؛ پیٹ بھر کر کھلانا۔ (۲) ناز و نعمت میں پال کر بگاڑ دینا ؛ زیادہ لاڈ سے خراب کر دینا۔

Pampered : (a) ناز و نعمت سے پالا ہوا ؛ خوب کھلا پلا کر تیار کیا ہوا ؛ ناز پروردہ ؛ پُر خوردہ ؛ نیز مجازاً۔

Pampered menial : (n) (حقارت کے موقع پر) پیٹ بھرا نوکر یا خدمتگار۔

Pamperedness : (n) ناز و نعمت سے پلا ہونا : ناز پروردگی : شکم سیری ۔

Pampero : (n) [Sp.] وہ ٹھنڈی ہوا جو کرۂ اینڈی (Andes) سے اوقیانوس کی طرف چلتی ہے : (ارضیات) (ہسپانوی) پیمپیرو ۔

Pamphlet : (n) [ME.] (۱) پمفلٹ : رسالہ : پرچہ : مختصر غیر مجلد رسالہ (خصوصاً مسائل حاضرہ کے متعلق) : ایک چھوٹا رسالہ جس میں چند صفحات ہوں اور کتاب سے کم ضخامت ہو : جو کسی خاص موضوع پر لکھا جائے ۔ (۲) توصیفی معنوں میں ۔

Pamphleteer : (n) پمفلٹ لکھنے والا : پمفلٹ نویس : پمفلٹ باز ۔

Pamphleteer : (v) پمفلٹ لکھنا : پمفلٹ بازی کرنا : رسالہ لکھنا : پرچہ لکھنا ۔

Pamphleteering : (n) رسالہ بازی : پمفلٹ بازی : پرچہ بازی ۔

Pamphleting : (n) رسالہ بازی : پمفلٹ بازی ۔

Pampiniform : (a) [L. 'pampinus.'] (تشریح) عُلجیہ :بیل سوت نما : سلکمیہ : انگور کی بیل کی طرح اینٹھا ہوا : خصوصاً ضفیرہ پر اطلاق ہوتا ہے ۔

Pampootie : (n) [Origin unkn.] (مقامی آئرستان) گائے کے چمڑے سے بنی ہوئی ایک قسم کی سینڈل جسے اران(Aran) کے جزیروں میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

Pamprodactylous : (a) [Gr. 'pam' + 'pro' +'dactylos. '] (طیورات) آگے کی طرف نکلے ہوئے پنجوں والا ۔

Pan : (n) [OE. 'panne. '] (۱)طاس : پرات : کڑاہی : تسلا : بڑا کرچھا : مٹی یا دھات کا برتن جو گہریلو استعمال میں آتاہے : چپٹا اور اتھلا برتن ۔ (۲) اکثر Bread-pan اور Sauce-pan سے مختلف ۔ (۳) کسی آلے کا حصہ۔ (۴)(ٹیکنیکل میں) طاس یا اسی شکل کا کوئی برتن جس میں چیزیں گرم کی جاتی ہوں یا میکینیکل ترکیب مثلاً جوش دینے یا تبخیر کرنے کے لئے ایک کھلا ہوا برتن نیز کیمیا میں تبخیر کے لئے بند ظرف: خلا کڑاہی ۔ (۵) کڑاہی بھر : تسلا کے اندر کی چیز ۔ (۶) تسلا مانند کسی ظرف کا انخفاض یا جھکاؤ یا کسی ڈھانچے کا حصہ ۔ (۷) رنجک دان : بندوق کا پیالہ(قدیم طرز کی بندوقوں میں ہوتا تھا) : بندوق یا پستول) تالے کا وہ حصہ جو رنجک کو لے رہتا ہے ۔ (۸) قلابے کا خانہ ۔ (۹) زمین میں کھوہ یا انخفاض خاص کر Sath-pan (طاس نمک)۔

(۱۰) (خاص کر جنوبی افریقہ میں) سوکھا نمک دلدل یا کم گہرا گڑھا ۔ (۱۱) کھوپڑی (متروک یا بول چال) ۔ (۱۲) سخت مٹی کی تہ یا پٹی نیز ٹھوس تسلا ۔ (۱۳) برف کی بہتی ہوئی چھوٹی سِل ۔ (۱۴) پلڑا (ترازو کا) : (تشریح) کھوپڑی: قحف ۔

Brain-pan : کھوپڑی : کاسۂ سر : قحف ۔

Flash in the pan : پرانی بندوق کی طرح ابتدائی زور شور دکھاکر ختم ہو جانا : رنجک چاٹ جانا ۔

Flat as a pancake : بالکل چپٹا ۔

Salt pan : (۱) نمک کی جھیل(سمندر کے قریب نشیبی زمین جہاں بذریعۂ تبخیر نمک بنایا جاتا ہے) ۔ (۲) طاس نمک : برتن جو نمک بنانے میں کام آتاہے ۔

Stew pan : (n) ڈھکنے دار کڑاہی : تلنے کا برتن ۔

To turn the cat in the pan : زمانہ سازی کرنا:منافقت کرنا : دو بھیسیا ہونا : دور نگار ہونا ۔

Warming-pan : بستر گرم کرنے کی انگیٹھی ۔

Pan : (n) [L. 'pan. '] (۱) یونان کے ایک دیہاتی دیوتا کا نام جس کا سر ، بازو اور سینہ آدمی کا ہوتا ہے اور نچلا حصہ (کبھی کبھی سینگ اور کان) بکری کا: (اساطیر) بن دیوتا : پان : عالم فطرت یا عالم طبیعی کا یونانی دیوتا ۔ (۲) روح فطرت : عالم طبیعی کی روح ۔ (۳) وثنیت : قبل مسیحی دنیا : دنیائے جاہلیت ۔

Pan/Pane : (n) [Fr. 'pan. '] لکڑی کے چوکٹھے کا حجرہ یا مربع جو اینٹ یا پلاسٹر سے بھرا جائے : (کیمیا) پلڑا ۔

Pan : (n) [Hind. 'pan.'] پان : برگ تنبول : پان کا پتّا ۔

Pan : (v) (۱)طاس میں رکھ کر (سونا ملی مٹی کو) دھونا : سونے کو الگ کرنا : تسلا میں دھو کر الگ کرنا (Off , Out کے ساتھ) ۔ (۲) وجود میں لانا : پھلنا : پیدا کرنا ۔ (۳) (اکثرOut کے ساتھ) سونا نکلنا یا نکالنا : قیمتی دھات نکالنا نیز مجازاً کامیاب ہونا : چل جانا ۔ (۴) تسلا میں پکانا یا دھونا۔ (۵) (زراعت اور بول چال) (مٹی کا) سطح پر پپڑی جمانا ۔ (۶)(روزمرہ) بے رحمی کے ساتھ تنقید کرنا : بدنام کرنا : حقارت سے ذکر کرنا ۔

Pan : (v) [Origin unkn.] (۱)(اسکاتستانی)پورا کرنا : مطابق ہونا:

ہونا ؛ برابر ہونا ؛ ٹھیک نکلنا ؛ متصل کرنا ؛ ملانا ؛ متفق کرنا یا ہونا ؛ موافقت کرنا ۔ (۲) ایک ساتھ ملانا یا جوڑنا ۔

Pan - : سابقہ جو یونانی Paspantos کے مساوی ہے ۔ بمعنی "سب" ؛ "ہمہ" ؛ "تماماً" ؛ کاملاً" ؛ کل ۔

Pan-African : (a) ہمہ افریقی ؛ کل اہل افریقہ کا ؛ تمام اہل افریقہ سے متعلق ۔

Pan-Africanism : (n) (سیاسیات) ہمہ افریقیت ۔

Pan-American : (a) شمالی اور جنوبی ریاستہائے متحدہ امریکا کا یا اس سے متعلق یا کل اہل امریکا کا یا ان سے متعلق ۔

Pan-Americanism : (n) تمام اہل امریکا کی طرفداری ؛ (سیاسیات) ہمہ امریکیت ۔

Pan-Anglican : (a) ہمہ انگلیکی ؛ انگلستان کے کلیسا کے کل شاخوں کا یا اس سے متعلق ۔

Pan-Anglican Conference : (n) ہمہ انگلیکی کانفرنس ۔

Pan-Anglo-saxon : (a) تمام اینگلو سیکسونی سے متعلق ؛ تمام انگیرنزی الاصل کا یا اس سے متعلق ؛ کل قدیم انگریزی کا یا اس سے متعلق ۔

Pan-Britannic : (a) تمام اہل برطانوی کا یا اس سے متعلق ۔

Pan-cosmic : (a) کیہانی ؛ سرتا سر دنیوی ؛ دہریہ ۔

Pan-cosmism : (n) دہریت ؛ مادیت ؛ (فلسفہ) کامل مادیت ؛ اس نظریہ کا حامی یا معتقد کہ تمام دنیا مادی ہے اور زمان و مکان کا کوئی وجود نہیں ۔

Pan-denominational : (a) تمام مذہبی فرقے کا ؛ کل اہل مذہب سے متعلق ؛ تمام مذہب سے متعلق ؛ تمام مذہب کا ؛ تمام مذہب قبول کرنے کا ۔

Pan fan : (n) (ارضیات) ماس پنکھ ۔

Pan-German : (a) تمام جرمن کا یا اس سے متعلق ؛ کل جرمن ملک ؛ اتحاد الہانی کا ؛ پورا جرمن ؛ جرمن نسل کے لوگوں کے سیاسی اتحاد کے متعلق ۔

Pan-German : (n) ملک جرمن کا ایڈوکیٹ ۔

Pan-Germanic : (a) جرمن کے ایڈوکیٹ سے متعلق ۔

Pan-Germanism : (n) (۱) جرمن نسل کی وحدت ؛ اتحاد جرمن ۔ (۲) (سیاسیات) ہمہ جرمنیت ۔

Pan-human : (a) طرفدار اتحاد نوع بشر ؛ نوع بشر کی وحدت کا حامی ۔

Pan-Ionian : (a) (یونان کے خطے) تمام ایونا کا ؛ ہمہ ایونی ؛ اتحاد مردم ایونی ۔

Pan-Ionic : دیکھو Pan-Ionian

Pan-Islam : (n) عالم اسلام ؛ ہمہ اسلام ؛ کل اسلام ؛ وحدت اسلامی ؛ ملل اسلامی ؛ اتحاد اسلامی ۔

Pan-Islamic : (a) اتحاد اسلامی کا ؛ طرفدار اتحاد ملل اسلامی ؛ ملل اسلامی کا ۔

Pan-Islamism : (n) (سیاسیات) ہمہ اسلامیت ؛ اتحاد اسلامی ۔

Pan leaf : (n) برگ تنبول ؛ پان کا پتّا ۔

Pan-mill : (n) سونے کو مٹی کی ملاوٹ سے الگ کرنے کا کان کن کا ایک اوزار ۔

Pan-mixia : (n) (حیاتیات ، نباتیات) مخلوط نسل کشی ؛ عدم انتخاب قدرت ۔

Pan objectivism : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) ہمہ معروضیت ۔

Pan-pipe/ Pan's- : (n) منہ سے بجانے کا آرگن ۔

Pan-Presbyterian : (a) کل پریسبیٹیرین کا یا اس سے متعلق ۔

Pan-psychism : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) ہمہ نفسیت ؛ ہمہ ذہنیت ۔

Pan-scientist : (n) مختلف علوم کا ماہر ؛ گوناگوں علم کا عالم ۔

Pan-sexual : (a) ہمہ جنسی ۔

Pan sexualism : (n) (عضویات) ہمہ جنسیت ؛ فرائڈ کا یہ نظریہ کہ جبلت جنس ہی تمام انسانی قوت کا مرکز ہے ۔

Pan sexualist : (n) نظریہ ہمہ جنسی کا ماہر ۔

Pan-sexuality : (n) نظریہ ہمہ جنسی ۔

Pan-slav/ -slavic : (a) اتحاد سلافی کا ؛ تمام سلافیوں کا ؛ قوم سلافی

سے متعلق ۔

Pan-slavism : (n) اتحاد سلافی ؛ ہمہ سلافی ۔

Pan-slavist/-slavistic : (a) دیکھو Pan-slav

Pan-slavonian : (a) دیکھو Pan-slav

Pan-smith : (n) دیگ ساز ؛ کڑاہی وغیرہ بنانے والا ۔

Pan-Teutonic : (a) تمام اہل ٹیٹونی ؛ کل باشندہ ٹیٹونی کا ۔

Pan-Teutonism : (n) تمام اہل ٹیٹونی کا اصول ؛ کل علاقۂ ٹیٹونی کا اصول ۔

Pan-washing : (n) کنکر کی تہ سے سونا کو الگ کرنا (کڑاہی میں رکھ کر پانی میں ہلانا) ۔

Pan wood : (n) نمک کے کام میں استعمال کرنیوالا چھوٹا کوئلہ ۔

Panace : (a) [L. 'panax and 'panaces. '] ایک ناقابل اعتبار جڑی بوٹی جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ تمام بیماری کو اچھا کرتی ہے ؛ تمام بیماری کو شفا پہنچانے والی ایک دوا ۔

Panacea : (a) [L . 'panacea. '] ہر مرض کی دوا؛ اکسیراعظم ؛عام دوا۔

panacean : (a) اکسیر اعظم کی صفت کا ؛ ہر مرض کی دوا کا ؛ اکسیر عمومی ۔

Panaceist : (n) وہ شخص جو اکسیر اعظم پر اعتبار یا یقین کرتا ہے ؛ ہر مرض کی دوا کا استعمال کرنے والا ۔

Panache : (n) [Late L. 'pinnaculum.'] (۱) کلغی ؛ پروں کا گچھا جو ٹوپی وغیرہ میں ہو ؛ کلاہ یا خود کا زیور ۔ (۲)(استعارۃً) طمطراق ؛ شیخی ؛ اکڑ ؛ اظہار دلاوری و مردانگی ؛ رفتار دلاورانہ ۔ (۳) (فلکیات) پر مانند آفتابی ابھار ۔

Panache : (v) نمائش کرنا ؛ دکھانا ؛ ظاہر کرنا ؛ اکڑ کر چلنا ؛ اینٹھ کر چلنا ؛ اترا کر چلنا (روزمرہ) ۔

Panache : (a) مختلف غذاؤں سے مرکب ۔

Panached : (a) کلغی مانند قلون رنگ کیا ہوا ۔

Panachure : (n) [Fr.] اختلاط رنگ ۔

Panactivism : (n) ہمہ فعالیت ۔

Panada : (n) [Sp. 'panado.'] ڈبل روٹی کا میٹھا ؛ شیر مال روٹی ؛ چینی ، جائفل وغیرہ ملا کرتیار کی ہوئی ڈبل روٹی۔

Panade : (n) [Fr. 'panadi.'] دیکھو Panada

Panaesthesia : (n) (عضویات) کامل لمس ؛ کامل ادراک ۔

Panama : (n) مرکزی امریکا کی ایک ریاست اور شہر کانام ؛ (توصیفی معنوں میں) پناما کا یا اس سے متعلق ؛ خاص کر پناماہیٹ ۔

Panama hat : (n) ایک طرح کی ہیٹ جو درخت کی پتوں سے بنتی ہے۔

Panarteritis : (n) تمام شریانوں کا ورم ۔

Panarthritis : (n) (طب) ورم ہمہ مفاصل ؛ تمام مفاصل بدن کا ورم ۔

Panary : (a) [L. 'panis. '] وابستہ بہ نان؛ روٹی کا یا اس سے متعلق ۔

Panathenea/ -aia : (n) [Gr. 'panathenaea'.] ایتھنس (Athens) کا قومی تہوار جو کم سے کم سال میں ایک بار اور زیادہ سے زیادہ ہر پانچ سال پر منایا جاتا ہے ۔

Panathenaean/ Panathenaic : (a) اس تہوار کا یا اس سے متعلق ۔

Panatrope : (n) [Pan - + Gr. 'tropos.'] ایک برقی آلہ جس سے گراموفون کی آواز کو بلند کیا جاتا ہے؛ لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ کے ریکارڈوں کو بجانے کا ایک برقی آلہ ۔

Panax : (n) [L.] (۱)(نباتیات) اکسیر بوٹی ۔ (۲) یک سالہ گھاس کی ایک جنس جو منطقۂ شمال مشرقی امریکا اور ایشیا میں اُگتی ہے اور جس کا ریشہ معطر ہوتا ہے ۔

Pancake : (n) [Late ME.] (۱) ایک طرح کا میٹھا چلا ؛ پان کیک ؛ ایک پتلا مسطح کیک جو کڑاہی میں تلی ہوئی لہٹی سے بنایا جاتا ہے ۔ (۲)پان کیک کی طرح مختلف پتلی اور چپٹی چیزوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Pancake : (v) (ہوا نوردی) اچانک نیچے اتر آنا ؛ طیارے کا ہموار سطح میں رہ کر سیدھا نیچے اترنا(عامیانہ) ۔

Pancake bull : (n) (کلیسا) یوم استغفار کے دن کلیسا کی صدائے ناقوس جو اس بات کی دعوت ہوتی ہے کہ آج اپنے گناہوں کا اعتراف کرنا ہے ۔

Pancake day / Tuesday : (n) یوم استغفار ؛ توبہ کا منگل ۔

Pancake-ice : (n) پتلے مسطح ٹکڑوں میں تیرتی ہوئی برف جو

جاڑے کے موسم میں قطبی علاقوں میں ہوتی ہے ۔

Pancake plant : (n) پنیرک کوتاہ ۔

Pancarditis : (n) [L.] (طب) ورم ہمہ قلب ۔

Pancheon : (n) ایک مخصوص تغار (تسلا یا برتن) جس میں دودھ اور دہی بنایا جاتا ہے ۔

Panchromatic : (a) دیکھو Orthochromatic

Panchromatic film : (n) (فوٹوگرافی) ہمہ رنگی فلم : تمام رنگی فلم ۔

Panchromic : (n) (ارضیات) تمام رنگی ۔

Panchway/ Pansway : (n) [Hindi 'pansoi.'] ایک ہلکی کشتی جو بنگال کے دریاؤں میں چلتی ہے : بنگال کے دریا میں چلنے والی کشتی ۔

Panclastite : (n) [Gr. 'pan' + 'klastos.'] مختلف مرکبات سے بنا ہوا بنا ہوا ایک دھماکہ خیز یا بھک سے اڑ جانے والا مادہ ۔

Pancratiast/ Pancratist : (n) کشتی گیر و مکاباز : کشتی اور مکابازی کا ماہر ۔

Pancratiastic : (a) کشتی گیری و مکابازی کا یا اس سے متعلق ۔

Pancratic : (a) (۱) کشتی او مکابازی کا یا اس سے متعلق۔ (۲)(بصریات) ہمہ بین (شیشہ) ۔ (۳)(عینک کا شیشہ) جس کی قوت بہت گھٹائی بڑھائی جا سکتی ہے : مختلف قوتوں کا ۔

Pancratic glass : (n) (بصریات) ہمہ بین شیشہ ۔

Pancration : (n) دیکھو Pancratic

Pancratium / -ion : (n) [L.] (۱) (قدیم یونان) کشتی اور مکابازی دونوں کا مقابلہ کرنے والا : زور آزمائی کا مقابلہ جس میں مکابازی اور کشتی ساتھ ساتھ ہوتی تھی : مکا کشتی ۔ (۲) (نباتیات) ایک قسم کا پیازی پودا جس کے پھول سفید اور سخت قسم کے ہوتے ہیں ۔

Pancreas : (n) [mod. L. 'pancreas. '] (حیوانیات، تشریح) لبلبہ : لوز المعدہ : بانقراس : عنق الطحال: پیٹ کے نزدیک ایک گوشت دار عنقودی گلٹی: (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) لبلبہ : (حیوانیات) لبلبہ ۔

Pancreatectomy : (n) (جراحی) لبلبہ براری ۔

Pancreatic : (a) (تشریح) لبلبی : لوزالمعدی : عنق الطحال کا : متعلق لبلبہ ۔

ancreatic juice : (n) (قانون) (کیمیا) رطوبت لبلبہ : عصیر بالقراس۔ (۲) جانوروں کے لئے غذا کے طور پر استعمال ہوتا ہے) میٹھی روٹی ۔

pancreatin : (n) [Gr. 'pankreat-.'] (کیمیا) بانقراسین : شیرۂ لوزالمعدہ : ایک مرکب پروٹین : نیز ہاضمہ کے لئے ایک مرکب مادہ ۔

Pancreatitis : (n) (طب) ورم لبلبہ ۔

Pancreatize : (v) (ہاضمہ کے لئے) شیرۂ لوزالمعدہ کے ساتھ مخلوط کرنا ۔

Pancreatoid : (n) (تشتریح) شبیہ لبلبہ : عنق الطحال مانند ۔

Pancreatolith : (n) (طب) سنگ لبلبہ ۔

Pancreatomy : (n) (جراحی) لبلبہ شگافی: (طب) قطع لوزالمعدہ ۔

Pand : (n) [MDU. 'pand. '] (۱) (اسکاتستانی) ایک قسم کا منقش کپڑا جو گدوں کے غلاف اور پردوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) مسہری کا پردہ ۔

Panda : (n) [Nepali name .] پانڈا : ریچھ کی قسم کا چھوٹا سا گوشت خور جانور جو ہمالہ کی چوٹیوں اور تبت کے میدانوں میں پایا جاتا ہے: سرخ ریچھ بلاؤ : (حیوانیات) گربۂ خرسک ۔

Pandal : (n) [Tamil, 'pendal .'] پنڈال :سائبان :چھپر : اُسارا : کرمچ وغیرہ کا عارضی سائبان : منڈوا (خاص کر عارضی استعمال کے لئے) ۔

Pandanaceae : (n) [L.] (نباتیات) کیوڑیہ ۔

Pandanus : (n) (نباتیات) جنس کیوڑہ : کادمی : کدو : اننا سیہ : ایک قسم کا درخت جس کے پتے بل کھائے ہوئے اننا س کی طرح ہوتے ہیں : نیز توصیفی معنوں میں ۔

Pandean-dion : (a) پان (Pan) دیوتا کا یا اس سے متعلق ۔

Pandean/ -dion : (n) پنڈین بینڈ کا ایک ممبر : بانسری نوازوں کے گروپ کا ممبر ۔

Pandean band : (n) منہ سے بجانے کا ایک قسم کا باجا ۔

Pandean pipe : (n) دیکھو Pan-pipe

Pandean harmonica : (n) Pan-pipe کے مشابہ منہ سے بجانے والا ایک باجا۔

Pandect : (n) [L. 'pandecta, -tes.'] (۱) جمع (شاذ ہی واحد) قوانین رومی کا خلاصہ جو قیصر جسٹی نین کے حکم سے چھٹی صدی عیسوی میں پچاس جلدوں میں مرتب کیا گیا تھا؛ (قانون) مجموعہ قوانین رومی۔ (۲) (مجازاً) (نیز واحد) کسی ملک کا مکمل قانون یا قانون کا کوئی طریقہ۔ (۳) (واحد) رسالہ جو مکمل موضوع پر منطبق ہو؛ مکمل موضوع کا رسالہ یا کتاب۔ (۴) مکمل بائبل کے مخلوط کی کاپی؛ بائبل خطی۔ (۵) جامع العلم۔

Pandectist : (n) مجموعۂ قوانین رومی کا عالم یا ماہر۔

Pandemia : (n) (طب) ہمہ گیر بیماری یا وبا۔

Pandemian : (a) [Gr. 'pandimios.'] فحش اور شہوانی عشق کا یا اس سے متعلق۔

Pandemian venus : (n) نفسانی عشق۔

Pandemic : (a) [Gr. 'pandemos.'] (۱) عالمگیر؛ ہمہ گیر؛ عمومی؛ (خاص کر بیماری کا) عالمگیر وبا؛ (وہ بیماری) جو سارے ملک میں یا دنیا بھر میں پھیلی ہوئی ہو۔ (۲) فحش اور شہوانی عشق کا یا اس سے متعلق؛ نفسانی عشق کا۔

Pandemic : (n) ہمہ گیر بیماری؛ عالمگیر وبا؛ وہ بیماری جو تمام پھیلی ہوئی ہو۔

Pandemic venus : (n) دیکھو Pandemian venus

Pandemoniac : (a) (۱) شیاطین کا یا اس سے متعلق۔ (۲) اُس مقام سے متعلق جہاں شور و غل ہو۔ (۳) طوفان؛ بے تمیزی کا یا اس سے متعلق۔ (۴) جہنم کا؛ دوزخ کا؛ شیطانی؛ جہنمی؛ ظاغوتی۔

Pandemoniacal : (a) دوزخی؛ ظاغوتی؛ خاص کر طوفان بے تمیزی کی صفت کا۔

Pandemonian : (a) دیکھو Pandemoniac

Pandemonium : (n) [mod. L.] (۱) مسکن شیاطین؛ شیطانوں کے رہنے کی جگہ؛ کاخ شیطان؛ فرود گاہ شیطان؛ مرکز دوزخ؛ دوزخ؛ جہنم؛ پایہ تخت دوزخ؛ عالم اسفل۔ (۲) برائی کا مرکز؛ بدی کا اڈا؛ مقام نقص؛ فسق و فجور کا مرکز؛ بدکاری کی جگہ۔ (۳) مرکز آشوب و غوغا؛ شور و شغب کا مقام؛ ہنگامہ و فساد کی جگہ؛ وہ مقام جہاں بے حد شور غل ہو؛ مچھلی بازار۔ (۴) شور غل؛ ہنگامہ؛ جھگڑا؛ ٹنٹا؛ نزاع؛ مار پیٹ؛ دھینگا مشتی؛ طوفان بے تمیزی؛ گڑبڑ؛ شیطانی انتشار؛ شیطانی دیوانگی؛ شیطانی خطبہ۔ (۵) اندھیر نگری؛ وہ مقام جہاں ظلم و جور کا دور دورہ ہو؛ (سیاسیات) اندھیر نگری؛ طوفان بے تمیزی۔

Pandemy : (n) دیکھو Pandemia

Pander : (n) [L. 'pandarus.'] (۱) اسم معرفہ کے طور پر؛ پانڈر۔ (۲) خفیہ عشق بازی کا دلال؛ قوم ساق؛ دلال؛ کٹنا۔ (۳) بُرے کاموں میں مدد دینے والا؛ واسطہ عمل بدکاری؛ بُرائی کا مددگار؛ ادنیٰ جذبات کو بھڑکانے والا۔ (۴) (عام طور پر کم) دلالہ؛ کٹنی۔ (۵) (مجازاً) کسی چیز کے لئے کہا جاتا ہے۔

Pander/-ar : (v) [f. prec.] (۱) بُرے کاموں میں مدد دینا؛ برائی کے لئے مدد کرنا؛ بُرے کاموں کا واسطہ ہونا۔ (۲) (ادنیٰ جذبات کو) بھڑکانا؛ شہہ دینا؛ نیز مجازاً۔ (۳) دلالی کرنا؛ کٹنا پا کرنا؛ بھڑوا گیری کرنا؛ محبت کی دلالی کرنا۔

Panderer : (n) دیکھو Pander

Panderess : (n) (اب شاذ) دلالہ؛ مشاطہ؛ کٹنی؛ بُرے کاموں میں مدد کرنے والی۔

Panderism : (n) دلالی؛ دلالی محبت شاطگی۔

Panderly : (a) دلالی کی صفت؛ مشاطگی کی صفت۔

Pandiculation : (n) [L. 'pandicuari.'] (طب) انگڑائی؛ جمائی؛ حالت خمیازہ؛ خمیازہ کشی۔

Pandion : (n) [L.] (حیوانیات) جنس باز بحری۔

Pandit : (n) [Hindi 'pandit.'] (۱) پنڈت؛ (ہندوستان میں) عقلمند اور قابل آدمی؛ اکثر عزت کے طور پر نام کے پہلے استعمال ہوتا ہے۔ (۲) ہندو دھرم اور سنسکرت کا ماہر۔ (۳) کشمیر میں ہندو کلرک اور آفیسر۔

Pandora : (n) [Gr.] (افسانہ یونان) پنڈورا؛ پہلی عورت۔

Pandora/ Pandore : (a) [Late L. 'pandura.'] ستار کی قسم کا باجا؛

(موسیقی) سہ تارا۔

Pandora's box : (n) پنڈورا کا صندوق جو جیوپٹر(Jupiter) نے پنڈورا کو بطور تحفہ دیا تھا اور جس میں تمام مصیبتیں بند تھیں۔ (یا یونانی اساطیر کی رو سے پنڈورا کا صندوق بہشت سے اپنے ساتھ لائی تھی اور اس میں تمام چیزیں جو انسان کو مرغوب ہوتی ہیں بند تھیں) غلطی سے یہ صندوق کھول دیا گیا اور تمام مصیبتیں دنیا میں پھیل کر گم ہو گئی اور صرف امید صندوق کے اندر رہ گئی (اس طرح مجازاً اور کنایہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے)۔

Pandour / Pandoor : (n) [Fr. 'pandour.'] (۱) غارتگر خونخوار سپاہیوں کی فوج جو ۱۷۴۱ء میں بیرن ٹرینک (Baron Trenck) نے فراہم کی تھی اور جو آگے چل کر آسٹروی سپاہ میں ضم ہو گئی۔ (۲) (کروشیا (Croatia) میں مقامی استعمال) محافظ؛ مسلح خادم؛ پولس سوار؛ مقامی گھڑ سوار پولس۔

Pandowdy : (n) [Origin unkn.] (امریکا) شیریں سیب جسے شکر کے شیرہ میں پکایا جاتا ہے۔

Pandura : (n) (موسیقی) عود؛ سارنگی؛ رباب۔

Panduratе : (a) [Late. L. 'panure.'] (نباتیات، تشریح) سارنگی شکل؛ سارنگی نما۔

Panduriform : (n) دیکھو Pandurate

Pane : (n) [L. 'pannus.'] (۱) کسی چیز کا حصہ، کنارہ یا ٹکڑا۔ (۲) مسطح کنارہ؛ طرف؛ چہرہ یا کسی ایسی چیز کی سطح جس کے کئی حصے (اطراف) ہوں مثلاً پتھر کا ایک طرف یا حصہ یا لکڑی کے کندے کی جانب یا جوڑ کا کنارہ۔ (۳) کھڑکی کا ایک حصہ؛ کھڑکی کا ایک پلڑا؛ کھڑکی کے ایک خانے کا شیشہ؛ سینگ کا ایک حصہ؛ کاغذ کا ایک حصہ یا اسی قسم کی چیز کا ایک سرا (حصہ)۔ (۴) مستطیل نما چیز کی ایک سطح۔ (۵) خانہ (کسی رنگ برنگ شطرنجی وضع کی چیز کا)۔ (۶) سان کے پتھر کا ہر ایک بلاک جس سے چکی کا پاٹ بنایا جاتا ہے۔ (۷) مستطیل نما زمین خاص کر زراعت میں زمین کا وہ حصہ جو معاون دریا یا باہری نالے سے گھرا ہو۔ (۸) (تعمیرات) تختی، شیشہ؛ ٹکڑی؛ (تعمیرات) ولاً؛ کشتی۔

Glass pane : (تعمیرات) شیشہ؛ ٹکڑی۔

Pane : (n) [L. 'pinna.'] پتھوڑے کا نوکیلا سرا؛ پتھوڑے کا آخری

سرا؛ شمالی بول چال پین (Peen)۔

Pane : (v) (۱) رنگ برنگ شطرنجی وضع کا بنانا (کپڑے یا لباس پر)؛ رنگ برنگ خانے کا بنانا۔ (۲) (کھڑکی میں) شیشہ لگانا؛ (کھڑکی کے) ایک خانے کو ٹھیک کرنا؛ کھڑکی کا ایک حصہ لگانا۔

Paned : (a) (۱) (کپڑوں پر) مختلف رنگوں کی وضع کا بنایا ہوا؛ رنگ برنگ شطرنجی وضع کا بنایا ہوا؛ کپڑے میں چوکور بنایا ہوا۔ (۲) (کھڑکی یا دروازہ کا) شیشہ لگا ہوا۔

Panegoism : (n) (فلسفہ) فلسفہ خودی؛ فلسفۂ نفس پرستی۔

Panegoist : (n) نفس پرست

Panegyric : (n) [L. 'panegyricus.'] (۱) مدح؛ ثنا؛ مدح کی تقریر مدحیہ عبارت؛ مدحت؛ مدح سرائی (On, upon کے ساتھ)۔ (۲) مدحیہ نظم؛ مدحیہ قصیدہ؛ حمد؛ ثنا؛ تعریف؛ بھجن۔

Panegyric / -al : (a) مدحیہ؛ مدح کی؛ قصیدہ کی صفت کا؛ ثنائیہ؛ مدح گو؛ قصیدہ خواں؛ خوشامدی۔

Panegyris : (n) [Gr. 'pan' + 'agyris.'] (قدیم روما) مجمع عام؛ خاص کر کسی دیوتا کے اعزاز میں جشن کا اجتماع۔

Panegyrist : (n) مدح سرا؛ قصیدہ خواں؛ قصیدہ لکھنے والا؛ قصیدہ گو؛ مدح گو؛ مدح خواں؛ ستائش گر۔

Panegyrize : (v) تعریف کرنا؛ قصیدہ خوانی کرنا؛ مدحیہ تقریر کرنا؛ قصیدہ لکھنا؛ مدح لکھنا؛ مدح سرائی کرنا؛ ثنا خوانی کرنا؛ مدحیہ نظم لکھنا۔

Panegyrizer : دیکھو Panegyrist

Panegyry : (n) جشن مذہبی؛ مجمع عام۔

Paneity : (n) عشائے ربانی کی روٹی۔

Panel : (n) [OFr. 'panel.'] (۱) کپڑے کا ٹکڑا؛ زین کے نیچے رکھا ہوا کپڑے کا ٹکڑا؛ پلان؛ خوگیر۔ (۲) ایک قسم کی کاٹھی یا زین۔ (۳) چرمی کاغذ کا ٹکڑا یا چرمی کاغذ وغیرہ کی پٹی؛ کاغذ کا وہ لمبا پرزہ جس میں شیرف جیوریوں کا نام درج کرتا ہے اور اسے درخواست کے ساتھ منسلک کر دیتا ہے۔ (۴) فہرست ارکان جیوری؛ ارکان جیوری؛ اہل جیوری؛ ہیئت

تحقیقیات : وہ ڈاکٹر جس کا نام اس فہرست میں ہو جو Insurance-act کے تحت آنے والے مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔

Panel-beater : (n) آہنی تختیوں کو چپٹا کرنے والا۔

Panel-doctor : (n) طبیب بیمہ : اس قسم کے بیمہ کے ذریعہ علاج کرنے والے ڈاکٹر کی فہرست۔

Panel-game : (n) Quiz یا اسی قسم کا کوئی کھیل جس میں تماشائیوں کے ہجوم میں چند افراد حصہ لیتے ہیں۔

Panel-house : (n) چکلا؛ قحبہ خانہ جس کی دیوار میں کھسکنے والے تختے لگے ہوتے ہیں : سارقین کے پوشیدہ طور پر آجانے کے لئے (امریکا)۔

Panel-patient : (n) قومی صحت بیمہ کے ذریعہ دیکھے جانے والے مریضوں کی فہرست ۔

Panel - pin : (n) پتلے تار کی کیل جو تقریباً دکھائی نہ دے ۔

Panel-strip : (n) لکڑی یا دھات کا ٹکڑا جس سے دو تختوں کے درمیانی جوڑ کو ڈھک دیا جاتا ہے۔

Panel thief : (n) فاحشہ خانہ کا چور(امریکا)۔

Panel-wall : (n) (۱)(معدنیات) کوئلے کی کان میں دو تختوں کے درمیان کی تقسیم۔ (۲) عمارت کی دیوار جس پر کوئی بوجھ نہیں ہوتا ہے ۔

Panel work : (n) (۱) قاب کاری : قاب سازی : لکڑی کا کام (کھدائی کا) جس میں خانے بنے ہوں ۔(۲)خانوں میں تقسیم کرکے کان کا کام ۔

Paneless : (a) بے شیشہ : بے خانہ ۔

Panel(l)ed : (a) خانوں میں بٹا ہوا : خانہ دار : فہرست بنائی ہوئی ۔

Panel(a)ed door : (n) (تعمیرات) ولاّ دار دروازہ ۔

Panel(l)ing : (n) (۱) خانہ میں بانٹنے کا عمل :قاب کاری :قاب سازی : پالان ۔(۲) زائد تختہ یا پیٹی ۔(۳) دوسرے کپڑے کا جوڑ (آرائشی) ۔

Panel(l)ist : (n) ریڈیو یا ٹیلی ویژن پینل کارکن ۔

Panful : (n) پان بھر : کرچھا بھر : طاس بھر ۔

قصاۃ ۔(۵) آدمیوں کی فہرست یا جانوروں کی فہرست ۔(۶) (اسکاتستانی قانون) عدالتی تحقیقات۔ (۷) ملزم (شخص یا اشخاص) ۔(۸) ان ڈاکٹروں کی فہرست جو Insurance -act کے تحت آنے والے مریضوں کا علاج کرتے ہیں ۔(۹) کوئی نمایاں حصہ جو چوکٹھے یا فریم کے اندر رہتا ہے ۔ (۱۰) چوبی چوکٹھا : جنگلا یا ٹٹی : گھوڑ دوڑ کی ٹٹی ۔(۱۱) زائد تختہ یا پٹی (جو دروازہ یا دیوار کے چوبی حاشیہ پر اوپر سے یااندر سے جڑی ہو) ۔(۱۲) زنانہ لباس میں دوسری قسم یا رنگ کا کپڑا جو لمبا بھرا یا لگایا جائے ۔ (۱۳)(کان کنی) کان میں بغیر کاٹا ہوا کوئلے کا ایک ٹکڑا ۔(۱۵) (کان کنی) کان کا ایک خانہ جو موٹے کوئلے کی تہوں سے ڈھکنے کی وجہ سے دوسرے حصوں سے مختلف ہوتا ہے ۔(۱۶) ایک موٹے کاٹھ کا تختہ جو روغنی نقاشی میں کام دیتا ہے نیز اس قسم کے تختے پر کی نقاشی ۔ (۱۷) بڑے سائز کی تصویر (جس کی اونچائی چوڑائی سے بہت زیادہ ہو) خصوصاً توصیفی معنوں میں ۔(۱۸) (توپ خانہ) عرادۂ توپ : کوچ کے دوران چھوٹی توپوں کو کھینچنے والی سواریاں ۔(۱۹) (کان کنی) صاف و سجل کی ہوئی خام دھات کا انبار ۔(۲۰) (تعمیرات) ولاّ : کشتی ۔(۲۱) (الیکٹرک انجینئرنگ) پنسل : لوح آلات گیر : لوح ۔ (۲۱) ماہرین کی فہرست یا جماعت : ایسے لوگوں کی فہرست یا جماعت جنہیں ماہر سمجھا جاتا ہے اور جنہیں مشورہ ، فیصلہ ، مذاکرہ یا مقابلہ میں شرکت کی دعوت دی جاتی ہے: کسی مخصوص کام کے لئے جمع ہونے والے لوگوں کا گروہ :وہ لوگ جو کسی عوامی کام بالخصوص نشریات وغیرہ میں حصہ لے رہے ہوں ۔ (۲۲) پیراشوٹ کی تراش کی صورتوں میں سے کوئی ایک ۔(۲۳) وہ بورڈ یا سطح جس پر کسی مشین کے آلات و اوزار وغیرہ رکھے جاتے ہیں : لوح آلات گیر ۔

Panel : (v) [f. 'Panel (n)] (۱) جیوری کی فہرست بنانا۔ (۲)(اسکاتستانی قانون)عدالتی تحقیقات کے لئے لانا : ملزم قرار دینا ۔(۳) (گدھے یا خچر وغیرہ پر) چھوٹی توپیں ڈھونا ۔(۴) پالان یا زین رکھنا (گھوڑے وغیرہ پر) ۔(۵) زائد تختہ یا پٹی لگانا (دیواروں یا دروازوں کے اوپر یا اندر) بڑے سائز کی تصویروں سے کمرہ یا دیوار وغیرہ سجانا ۔ (۶) کسی چوکٹھے وغیرہ میں پنسل لگانا ۔(۷)(زنانہ لباس میں) دوسرے رنگ یا دوسری قسم کے کپڑے کا جوڑ دینا (آرائش کے لئے) ۔(۸) (ٹیلیگراف) تاروں کو متوازی طور پر ترتیب دینا۔

On or upon the panel : (اسکاتستانی قانون) عدالتی

Pang : (n) [Origin doubtful.] (۱) شدید درد : ٹیس ،درد کی ٹیس ۔ (۲) ناگہانی سخت اضطراب : فوری اور شدید صدمہ یا دھچکا : دماغی شدید صدمہ ۔

Pangamy : (n) (حیوانیات) مخلوط زوجیت :مخلوط جفتی ۔

Pangen / Pangene : (n) [G.] (حیاتیات) تولیدی ذرّہ : تولیدیہ ۔

Pangenesis : (n) [Gr. 'pan' + 'genesis'] ڈارون کے ذریعہ وراثتی توضیح کہ نظام حیاتی کا ہر علیٰحدہ اکائی یا خلیہ اپنے آنے والی نسل میں جزوی طور پر داخل ہو کر پھر سے وجود میں آتا ہے : نظریہ تناسل اجزاء : یہ نظریہ کہ جسم نامی کا ہر جزو علیٰحدہ اپنی مثل پیدا کرتا ہے ۔

Pangenetic : (a) ڈارون کے نظریۂ وراثت سے متعلق یا اس کا : ڈارون کے نظریۂ حیاتی کا یا اس سے متعلق ۔

Pangenetically : (adv.) ڈارون کے نظریۂ حیاتی کے طور پر یا کی روسے ۔

Pangful : (a) ٹیس سے بھرا ہوا : پردرد : کربناک : غم ناک : فوری اور شدید صدمہ یا دھچکے میں مبتلا ۔

Pangless : (a) بغیر شدید درد کے : بلا ٹیس ۔

Pangolin : (n) [Malay . 'peng-goling.'] ایک قسم کا مورخور جانور جس کے بدن پر مچھلی کے سے کھپرے ہوتے ہیں : (حیوانیات) فلس دار مورخور : پنگولن : فلس دار چیونٹی کھانے والا جانور ۔

Pangrammatist : (n) جملہ پرداز : عبارت پرداز : سخن پرداز ۔

Panhandle : (n) (۱) دستۂ ماہی تابہ : کڑاہی کا دستہ ۔ (۲) (امریکا) کسی ریاست یا علاقے کا تنگ حصہ جو دوسرے علاقوں سے ملتا ہو ۔

Panhandle : (v) دست سوال دراز کرنا : گداگری کرنا : بھیک مانگنا ۔

Panhandler : (a) (امریکا) (عامیانہ) بھکاری : بھیک منگا : فقیر ۔

Panharmonic : (a) ہم آہنگ : ہر چیز کے ساتھ متوازن و ہم آہنگ : ہم ساز ۔

Panharmonicon : (n) (موسیقی) ہمہ سازی :(موسیقی) موسیقی کا ایک آلہ جو جے ، ان ، میلزل (Maelzel) نے ایجاد کیا تھا ۔

Panhellenic : (a) یونان کل سے متعلق : ہمہ یونان : تمام اہل یونان سے متعلق ۔

Panhellenism : (n) (سیاسیات) ہمہ یونانیت : تمام یونان کے سیاسی اتحاد کا خیال : اتحاد یونانی کا ۔

Panhellenist : (n) ہمہ یونانیت کا پیرو یا حامی ۔

Panhygrous : (a) سرتاسر مرطوب : ہمہ مرطوب ۔

Panhysterectomy : (n) (جراحی) کامل رحم براری ۔

Panic : (n) [L. 'panicum.'] مختلف قسم کی گھاس کا نام جن میں باجرا گھاس شامل ہے : جنس چینا ۔

Panic : (a) [mod. L. 'panicus. '] (۱) (اب اکثر اسے توصیفی معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے) : اس طرح دیوتا "پان" کے عمل کی طرف منسوب کیا گیا : خوف زدہ : پر ہول : وحشت ناک : اضطراب : وحشت زا : وحشت آور : ہیجان آور ۔ (۲) خوف و ہراس کے نتیجے کا : (خوف وغیرہ) بے بنیاد : بے جا : شدید ۔

Panic : (n) [mod. Fr. 'unepanique.'] جسمانی طور پر خطرے یا خوف کا احساس : وحشت : ہراس : اضطراب و قلق : بیم و ہراس : خوف : دہشت جو دفعتاً پھیل جائے : عام خوف اقتصادی اور معاشی بحران کے سلسلے میں : ہراس : بے بنیاد خوف : ہول ۔

Panic : (v) خوفزدہ کرنا : اضطراب میں ڈالنا : وحشت زدہ کرنا : بیم و ہراس میں مبتلا کرنا ۔

Panic fear : (n) وحشت زا ترس : خوفناک گھبراہٹ : ہول : دہشت ۔

Panic-grass : (n) (نباتیات) جنس چینا : باجرا وغیرہ ۔

Panic-monger : (n) خوفناک خبریں اڑانے والا : دہشت پھیلانے والا : ہولا : بوکھل : گھابرا : پات گھابرا : ہولچی : جو ذرا ذرا سی بات پر خطرے کا شور مچا دے ۔

Panic-mongering : (n) دہشت پھیلانا : ہولانا : گھابراہٹ ۔

Panic-stricken/ -struck : (a) خوف کا مارا ہوا : بیم زدہ :خوفزدہ ۔

Panicky : (a) (بول چال) دہشت زدہ : گرفتار وحشت : بیم و ہراس سے دوچار ۔

Panicle : (n) [L . 'paniculum. '] (نباتیات) گچھیا : چھوٹا گچھا : خوشے دار خوشہ : ازہار آزاد ۔

Panicled : (a) گچھیاں دار ؛ خوشوی ۔

Paniculate : (a) [mod. L. 'paniculatus.'] گچھیاں دار ؛ خوشوی ۔

Panicum : (n) [L .] (نباتیات) جنس چینا ؛ گاؤرس ۔

Panicum Frumentaceum : (n) (نباتیات) سانواں ۔

Pnicum Italicum : (n) (نباتیات) کنگنی ۔

Panicum Milliaceum : (n) (نباتیات) چینا ۔

Panidiomorphic : (n) (ارضیات) کامل قلمی چٹان ۔

Panification : (n) [Fr. 'panification.'] روٹی میں تبدیل کرنا ؛روٹی بنانا ؛ نان سازی خصوصاً کیمیائی طریقے سے ۔

Panivorous : (a) روٹی خور ؛ نان خور ؛ روٹی کھانے والا ۔

Panjabi : (n) [Hindi 'panjabi.'] (۱) پنجابی ؛ اہل پنجاب ؛پنجاب کا باشندہ ۔ (۲) پنجابی زبان ؛ پنجاب کی ایک زبان ۔

Panjandrum : (n) (ایک لغویات جملہ) S.Foote نے میکلین (Mackline) کی یادداشت کو آزمانے کے لئے استعمال کیا تھا جس نے دعویٰ کیا تھا کہ ایک دفعہ سننے کے بعد وہ کسی بھی چیز کو دہرا سکتا ھے ؛ (طنزیہ خطاب) خانخاناں کی دُم ؛ دون کی لینے والا عہدہ دار ؛ جھوٹا مدعیٔ امارت ؛ بہت بڑا جھوٹا دعویدار؛ خفنگ گوئی ۔

Pank : (v) (۱) زور سے سانس لینا یا غیر مسلسل طور پرسانس لینا ؛ ہانپنا ؛ سانس پھولنا ؛ دم چڑھنا ۔(۲) ہانپتے ہوئے دوڑنا یا جانا ۔ (۳) گرم ہوا کا چھوڑنا ؛ نکلنا ؛ زور سے بھاپ کا نکلنا (انجن وغیرہ سے) ۔ (۴) ہانپنا ؛ دھڑکنا ؛ تڑپنا (ہوا ، پانی وغیرہ کے لئے) ؛ آرزو میں تڑپنا ۔(۵) تمنا رکھنا ؛ آرزو رکھنا ؛ بے حد اشتیاق ہونا ؛ تڑپنا ؛ آرزو میں بیقرارھونا(For, after ,to کے ساتھ)۔ (۵) زور زور سے اچھلنا یا دھڑکنا ؛ اختلاج قلب کا ھونا ؛ اختلاج ہونا ؛ (نبض کا) چلنا ؛(دل کا) دھڑکنا (۶)(دھڑکتا ہوا جہاز) تموج کے ابھار کا اندر اور باہر ہونا ۔ (۷) ہانپ ہانپ کے کہنا؛ ہانپتے ہوئے کہنا ۔

Panlogical : (a) معقولیت کائنات کے نظریہ کا ؛ ہیگل کے نظریہ کا ۔

Panlogistic : (a) دیکھو Panlogical

Panlogism : (n) [mod. L. 'panlogismus.'] (فلسفہ) معقولیت کائنات ؛ ہیگل کا نظریہ کہ صرف معقول اشیاحقیقی وجود رکھتی ہیں ؛ ہمہ عقلیت ؛ ہمہ معقولیت ؛ (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) ہمہ عقلیت ۔

Pannag : (n) [Heb.] (شاید) مربہ یا حلوا کی ایک قسم ۔

Pannage : (n) [med. L. 'pastionaticum. '] (قانون) سورنی کی چرائی ؛ سورنی کو کھلانا ؛ سورنی کی چراگاہ یا مرغزار (جنگل میں) ۔ (۲) جنگل میں سورنی چرانے کا حق ۔ (۳) سورنی چرانے کی اجرت جو جنگلات کے مالک کو ادا کی جائے ؛ اس طرح سے حاصل کیا ہوا نفع ۔ (۴) سورنی کھاجا ۔

Panne : (n) [Origin unkn.] لمبے روئیں کا ملائم کپڑا ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Panne velvet : (n) لمبے روئیں کی مخمل ۔

Panniculitis : (n) (طب) ورم سبل ۔

Panniculusadiposus : (n) (تشریح) سبلک شحمی ۔

Pannier : (n) [L .'panarium. '] (۱) سبد ؛ ٹوکری ، خصوصاً اشیائے خوردو نوش ،مچھلی وغیرہ لے جانے والی ایک بڑی ٹوکری ؛ مرد یا عورت کے کندھوں پر لے جانے والی بڑی ٹوکری (کا جوڑا) دوہری جڑی ہوئی ٹوکری ۔ (۲) بند ٹوکری جس میں فوجی ایمبولینس کے آلات جراحی اور دوا وغیرہ رکھے جاتے ہیں ۔ (۳) دامن جو کمر سے لپیٹ لیا جائے ؛ وھیل کی ہڈی تار وغیرہ جو(زنانہ لباس) میں اسکرٹ کو کمر سے لپیٹا جائے ۔

Pannier : (n) (بول چال) (لندن کے Inner temple کا جبہ پوش بیرا ؛ مہمان خانے کا پیش خدمت ؛ ملازم ؛ نوکر ۔

Panniered : (a) سبددار ؛ ٹوکری بھرا ؛حامل ٹوکری ۔

Pannierman : (n) [f. Pannier. (n)] مرد سبد دار ؛ مرد حامل سبد ؛ Inns of court کا ملازم جو اشیائے خوردو نوش کو بازار سے لاتا ھے (گھوڑوں پر اور ٹوکریوں میں) ۔

Panniform : (a) (نباتیات) نمدہ نما ۔

Pannikin : (n) کٹورا ؛کٹوری ؛ دھات کا ایک چھوٹاپانی پینے کا برتن ؛ پن پیا ؛ نیز اس کے اندر کی چیز ؛ کٹورا بھر؛ کٹوری بھر ؛ کٹوری بھر چیز ۔

Panning : (n) سونے کے لئے بالو دھونے کا عمل ؛ (اس طرح سونا

حاصل کیا جاتا ہے) ۔

Pannus : (n) [Perh L. 'pannus.'] (مرضیات) آنکھ کی پتلی کی موٹائی اور کثافت کے ساتھ عرقی حالت ، سبل و عبارہ پردہ ۔

Panoistic : (a) (حیوانیات) ہمہ بیضی ۔

Panolia deer : (n) برما ، ملائشیا ، سیام میں پایا جانے والا ایک ہرن۔

Panomphean : (a) (یونانی دیومالا) زیوس (کوہ اولمپس کے دیوتاؤں کا سردار) کا یا اس سے متعلق ۔

Panophobia : (n) (طب) جنون در : سودائے خوف ۔

Panophthalmitis : (n) (طب) ورم ہمہ چشم : التہاب العین ۔

Panoplied : (a) مکمل زرہ بکتر سے آراستہ ۔

Panoply : (n) [mod. L. 'panoplia.'] (۱) مکمل زرہ بکتر (دورۂ قدیم اور وسطیٰ کی فوج کا) ۔ (۲) (استعارۃً) حفاظت کا پورا سامان ۔

Panoptic : (a) [Gr. 'panoptos'.] (۱) ہر چیز کو دیکھنے والا : ہمہ بین ۔ (۲) ایسی چیز جس میں سب کچھ نظر آئے ۔

Panopticon : (n) (۱) گول قید خانہ (بینتھم کی تجویز تھی کہ قید خانے گول بنائے جائیں جن میں چاروں طرف قیدیوں کی کوٹھریاں ہوں اور بیچ میں پہرے داروں کے رہنے کا گول صحن ہو) ۔ (۲) ہمہ بین : دور خرد بین ۔ (۳) کمرۂ نمائش ۔

Panorama : (n) [Gr. 'pan' + 'Orama.'] (۱) سیر بین کی تصویر : پھرنے والی تصویر : مسلسل مرقع ۔ (۲) منظر جو مسلسل نظر کے سامنے سے گذر رہا ہو : منظر مسلسل ۔ (۳) گرد و پیش کے مناظر ۔ (۴) (مجازاً) کسی چیز کا بھرپور جائزہ ۔ (۵) (بصریات) جہاں نما : سیربین : (جغرافیہ) منظر مسلسل : منظر مکمل ۔

Panoramic : (a) مسلسل : سیر بین کا سا : جہاں نما ۔

Panoramic camera : (n) جہاں نما : عکساله ۔

Panoramic sight : (n) دوربین شکاری ۔

Panaramic telescope : (n) جہاں نما دوربین ۔

Panoramically : (adv.) مسلسل مرقع کی صورت میں : سیر بین کی حالت میں ۔

Ponoramist : (n) جہاں نما : بھرپور جائزہ لینے والا : نقاش منظرہ ساز ۔

Panorpa : (n) [mod. L.] (تشریح) منقار دار گوشت خوار پرندہ (مکھی) : بچھو کی نسل کی مکھی ۔

Panorpian/ Panorpine : (a) منقار دار گوشت خوار مکھی کا یا اس سے متعلق ۔

Panorpid : (n) بچھو کی نسل کا ایک کیڑا ۔

Panotrope : (n) برقی گراموفون ۔

Panpharmacon : (n) [Gr. 'pan + 'pharmaken] دیکھو Panacea

Panphenomenalism : (n) (فلسفہ) ہمہ اوست کا فلسفہ ۔

Panplanation / Panplaination : (n) (جغرافیہ ، ارضیات) طاس کاری ۔

Panplane : (n) (جغرافیہ ، ارضیات) طاس میدان ۔

Panpneumatism : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) نظریۂ وحدت عقل و وجود ۔

Pansied : (a) پنسی سے آراستہ : زہرۃالثالوث سے سجایا ہوا ۔

Pansinusitis : (n) (طب) ورم اجواف انفی : نتھنوں کا ورم ۔

Pansophia : (n) (فلسفہ) ہمہ دانی ۔ (۲) ہمہ دانی کا دعویٰ ۔

Pansophic : (a) ہمہ دانی کا یا اس سے متعلق ۔

Pansophism : (n) (۱) (فلسفہ) ہمہ دانی : معرفت عام و کلی ۔ (۲) ہمہ دانی کا دعویٰ ۔

Pansophist : (n) (۱) (فلسفہ) ہمہ دان ۔ (۲) ہمہ دانی کا دعویٰ کرنے والا ۔

Pansophy : (n) [Gr. 'pan' + 'sophia.'] (۱) ہمہ دانی ۔ (۲) ہمہ دانی کا دعویدار ۔

Panspermatism / Panspermism : (n) نظریۂ جرثومیت : یہ نظریہ کہ کرۂ ہوائی غیر مرئی جراثیم سے معمور ہے جو موافق ماحول میں نشو و نما پاتے ہیں : (نظریہ) عالمگیر تخم اندازی : عالمگیر تخم پاشی ۔

Panspermatist/Panspermist : (n) نظریۂ جرثومیت کا حامل؛ نظریۂ عالمگیر تخم اندازی کا حامل ۔

Panspermia : (n) دیکھو Panspermatism

Panspermic : (a) نظریۂ جرثومیت کا یا اس سے متعلق ؛ نظریۂ عالمگیر تخم اندازی کا یا اس سے متعلق ۔

Panspermy : (n) [Gr. 'panspermia .] دیکھو Panspermatism

Pansy : (n) [L. 'pensare. '] ایک پودا جس میں رنگ برنگ کے پھول آتے ہیں ؛ پھول دار درخت کی ایک قسم جس میں مختلف رنگ ہوتے ہیں ؛ (نباتیات) زہرۃالثالوث ؛ پنسی ؛ بنفشۂ فرنگی ؛ من سکھ ؛ سہ رنگی بنفشہ۔ (۲) نامرد ؛ زنخا ؛ ہم جنس پرست ؛لواطت پسند؛ چپٹی باز ۔

Pant : (n) [f. next .] (۱) دھڑکن ؛ دھک دھکی ؛ سانس کا پھولنا ؛ دم کا چڑھنا ؛ نفسی نفسی ۔(۲) دل کی دھڑکن ؛ اختلاج قلب ۔ (۳) اسٹیم انجن کے دھڑکنے کی لگاتار آواز (جس طرح کھل مندن کھلتا اور بند ہوتا ہے) ۔

Pant : (v) [OFr. 'Pantaisier' .] دیکھو Pank

Pant- /Panta- : (Prefix) [Gr.'pant.'] (سابقہ) Panto کی وہ شکل جو حرف علت سے پہلے آتی ہے ۔

Pantacosm : (n) اسطرلاب ۔

Pantagamy : (n) (سماجیات) مخلوط از دواج ؛ مخلوط شادی ؛بعض کمیونسٹ سماج میں ایسی شادی کا رواج ہے جس میں ہر شخص ہر عورت کا شوہر تصور کیاجاتا ہے ، اسی طرح اس کے برعکس ۔

Pantagruelian : (a)[Fr. Pantagruil , name of a giant in Rahelais.'] بھونڈا ؛ پھکڑ ؛ رابلے (فرانسیسی مزاحیہ نویس) کی صفت کا ۔

Pantagruelian : (n) بھونڈا مذاق کرنے والا ؛ لطیفہ گو ۔

pantagruelism : (n) [Fr. 'pantagruelisme.'] لطیفہ گوئی ؛ بھونڈا مذاق ؛ پھکڑ مذاق ۔

Pantagruelist : (n) بھونڈا مذاق کرنے والا ؛ پھکڑ ؛ لطیفہ گو ؛رابلے کا شاگرد ۔

Pantagruelistic/-al : (a) بھونڈا ؛ رابلے کی صفت کا ؛ بھونڈے مذاق کا ۔

Pantalettes/-lets : (n) (۱)(خاص کر امریکا) پاجامے کی طرح زنانہ کپڑا ؛ زیر جامہ ؛ شلوار کی طرح کا ایک لباس جسے انیسویں صدی میں نوجوان لڑکیاں پہنتی تھیں ۔ (۲) سائیکل سواری کا نیکر(جانگھیا جسے عورتیں پہنا کرتی تھیں)۔ (۳) تنگ مہری کا ڈھیلا پاجامہ جو پتلون کے نیچے پہنا جاتا ہے ۔

Pantaloon: (n) [Fr. 'pantalo. '] (۱) اطالوی کامیڈی (طربیہ ڈرامہ) میں وینس کا ایک کردار جوچشمہ لگائے پتلون اور پیر میں سلیپر پہنے ایک نحیف اور ضعیف شخص کی نمائندگی کرتا ہے اور اب اس شخص کو کہتے ہیں جو سوانگ میں مسخرے کے ساتھ ہوتا ہے اور اس کا تختۂ مشق بنتا ہے ؛ مسخرے کا تختۂ مشق ۔ (۲) پیرفرتوت ؛ بیوقوف بوڑھا آدمی ؛ سٹھیایا ہوا ؛ سترا بہترا ۔ (۳) (تاریخ) (واحد یا جمع) بر جس نما پتلون۔ (۴)(امریکا) پاؤں کے مختلف لباس کے متعلق استعمال ہوتا ہے ؛ خاص کر چست پینٹ یا پتلون ؛ پتلون ۔

Pantalooned : (a) پتلون میں ملبوس ؛ پتلون پہنے ہوئے ؛ پتلون پوش ؛ شلوار پوش ۔

Pantaloonery : (n) کسی ڈرامے میں مزاحیہ کردار؛ مسخرگی ؛ بھونڈا کردار ؛ بھونڈے کردار کی انجام دہی ؛ بھونڈا پارٹ ۔

Pantamorphic : (a) [Gr. 'pant -' +'amorphos.'] عام طور پر بد ہیئت ؛ عام طور پر بد شکل ؛ بدہیئت ؛ بد شکل ؛ بد قوارہ ؛ لنگڑا ؛ لولا ؛ کبڑا وغیرہ ۔

Pantarchic : (a) دیکھو Cosmopolitan

Pantarchy : (n) حکومت ہمہ مرد ؛ ایسی حکومت جس میں اختیارات یا قوانین تمام لوگوں کے ہاتھ میں ہوں ۔

Pantatrophy : (n) (طب) ذبول کامل ؛ زبول تام ۔

Pantechnicon : (n) [Gr. 'pan-' + 'technikon'.] صنعت و حرفت کے بازار کا نام ، اب ایک فرنیچر کا گودام یا ذخیرہ؛ فرنیچر کی دکان ؛ نیز بول چال ؛ فرنیچر ہٹانے یا لے جانے کی گاڑی نیز توصیفی معنوں میں ۔

Pantechnicon van : (n) فرنیچر کی گاڑی ۔

Pantelegraph : (n) تصویر تار برقی ۔

Pantelegraphy : (n) (تلغرافی) تصویری تار برقی ۔

Pantelephone : (n) (ٹیلیفون) خفیف صوت ٹیلیفون ۔

Panter : (n) [f. Pant. v.] (۱)ہانپنے والا ؛ سانس لینے والا ؛وہ چیز جو دھڑکتی ہو ۔(۲) (عامیانہ) دل ۔

Panterer : (n) [late ME.] (اب صرف تاریخ) دار وغۂ نعمت خانہ ؛ خوراک خانہ ۔

Pantheism : (n) [Gr.] (۱) وحدت وجود کا عقیدہ ؛ ہمہ اوست کا عقیدہ ؛ وجودیت ۔(۲) دیوتاؤں کی پرستش ؛ اصنام پرستی ؛ ہمہ دیوتایان پرستی۔(۳) قدرت پرستی ؛ (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) نظریۂ ہمہ از اوست ۔

Pantheist : (n) معتقد وحدت وجود ؛ ہمہ اوستی ؛ وحدت وجود کا قائل ؛ وجودی ؛ عقیدہ ہمہ اوست کا قائل ۔(۲) کل دیوتاؤں کا ماننے والا ۔

Pantheistic/ -al : (a) وحدت وجود کا ؛ وجودیت کا ؛ وجودی ۔

Panthelematism / Panthelism : (n) (فلسفہ) نظریۂ قوت ارادی ؛ شوپنہار کا یہ نظریہ کہ قوت ارادی ہی قطعی اور آخری چیز ہے ۔

Pantheology : (n) (دینیات) علم ہمہ دیوتایان ۔(۲) علم ہمہ مذاہب ؛ ہمہ دینیات ؛ الٰہیات عام ۔

Pantheon : (n) [L. 'pantheon.'] (۱) پین تھی آن ؛ سب دیوتاؤں کا مندر خصوصاً روما کا گول مندر جس میں دیوتاؤں کی پرستش ہوتی تھی جسے روٹنڈا(Rotunda) کہا جاتا ہے ؛ (دینیات) مندر ہمہ دیوتایان ؛ (مجازاً) تمام دیوتاؤں کے مندر ۔(۲) مدفن مشاہیر ؛ مشاہیر کا مقبرہ؛ مشاہیر کی یادگار ؛ مقبرۂ اولیاء و بزرگان دین ۔(۳)تمام دیوتاؤں کی رہائش گاہ ۔(۵) مختلف دیوتاؤں کے متعلق رسالہ کا نام ۔(۶) لندن کی ایک بڑی عمارت کا نام جو ۱۷۷۲ء میں تماشاگاہ کے لئے قائم ہوئی ۔

Panther : (n) [L. 'panthera. '] (۱)چیتا ؛ تیندوا ؛ پلنگ۔ (حیوانیات) پُوز ؛ بڑا چیتا ۔(۲) پیوما ؛ امریکی تیندوا ۔

Hunting panther : چیتا ۔

Panther-cat : (n) اسلوٹ ؛ بلی کی قسم کا جانور جو جنوبی اور وسطی امریکا میں پایا جاتا ہے ۔

Panther-cowry : (n) چتکبری کوڑی ۔

Panther-lily : (n) (امریکا) سوسن کیلیفورنیا ۔

Panthress : (n) چیتا کی مادہ ؛ مادۂ پلنگ ۔

Pantherine : (a) چتکبرا ؛ مانند پلنگ ؛ چیتا مانند ؛ برنگ پلنگی ۔

Panties : (n) [f. Pants.] (۱) (امریکا) تنگ مہری کا پتلون کے نیچے پہنا جاتا ہے ۔(۲) (برطانیہ میں) عورتوں اور بچوں کا تنگ مہری کا پاجامہ جو پتلون کے نیچے پہنا جاتا ہے ؛ زیر جامۂ زنانہ ۔

Pantihose/Pantyhose : (n) تنگ کپڑے ؛ چست کپڑے ۔

Pantile : (n) [f. Pan .(n) +Tile.] (۱) پین ٹائل ؛ ترچھا ٹائل یا کھپرا جس میں محدب شکل کا خم ہوتا ہے ۔(۲)(مجازاً) جہازی بسکٹ ؛ سخت سمندری بسکٹ ۔

Pantisocracy : (n) وہ معاشرہ یا قوم جس میں سب کا درجہ مساوی ہو اور سب حکومت میں شریک ہوں ؛ ہر شخصی حکومت (سیاسیات) ہمہ شاہی ؛ ہمہ شخصی حکومت ۔

Pantisocrat : (n) ہمہ شخصی حکومت کا حامی؛طرفدار مساوات بشر ۔

Pantisocratic/-al : (a) ہمہ شخصی حکومت کا یا اس سے متعلق ۔

Pantisocratist : (n) دیکھو Pantisocrat

Pantler : (n) دیکھو Panterer

Panto - : (Prefix) (سابقہ) یونانی لفظ (PasPontos) کے مترادف ہے جس کے معنی ہیں 'سب' 'ہمہ ' 'تمام' کل' (حرف علت سے پہلے ہ گر جاتا ہے) ۔

Pantochromism : (a) نمکوں کی بعض خاصیت جو مختلف رنگوں میں پائی جاتی ہے ؛ ہمہ رنگی ۔

Pantocrator : (n) فرماں روائے مطلق ؛ حاکم مطلق (حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے القاب) ۔

Pantodon : (n) ایک قسم کی افریقہ میں پائی جانے والی مچھلی ۔

Pantofle : (n) [Fr. 'pantoufle.'] ایک قسم کی اونچی ایڑی والی چپل ؛ سلیپر ؛ سینڈل ؛ بیل والا جوتا نیز جوتوں کے نچلے حصے میں لگانے کا چمڑا ؛ جوتوں پر چڑھانے کا چمڑا یا ربر ۔

Pantograph : (n) نقل نگار ؛ ایک آلہ جس سے نقشے وغیرہ کے ہر سائز کی نقل ہو سکتی ہے ؛ (میکانیات) ہمہ نگار ؛ نقل نگار ؛ نقل گیر ؛ وہ جوڑ دار قالب جو الیکٹرک کی انجن کے اوپر ہوتا ہے اور جس کے ذریعہ بالائی تاروں سے برقی رو منتقل ہوتی ہے ؛ (جغرافیہ ، ارضیات) نقل نگاری ؛ پینٹوگراف ۔

Pantographer : (n) نقل نگارنده : آله کے ذریعہ نقشے وغیرہ کے ہر سائز کی نقل کرنے والا : ہمہ نگار .

Pantographic/-al : (a) نقل نگار کا : اس آلے کا .

Pantographically : (adv.) نقل نگاری کے ساتھ : نقل نگاری کی رو سے : نقل نگاری کے طریقہ پر : ہمہ نقل نگاری کے طور پر .

Pantography : (n) ہمہ نگاری : مکمل بیان : پوری تفصیل(شاذ) .

Pantologic/-al : (a) علم کل کے متعلق :ہمہ داں کا: ہمہ علوم کے ماہرکا.

Pantologist : (n) (۱) ماہر ہمہ علوم . (۲) ہمہ داں (مجازاً یا طنزیہ) .

Pantology : (n) (۱) علم کل : ہمہ علوم . (۲) ہمہ دانی . (۳) مخزن العلوم .

Pantometer : (n) (پیمائش) زاویہ و عمود پیما : ہمہ پیما : زاویہ اور لمبائی ناپنے والا ایک آلہ : زاویہ سنج .

Pantometric/-al : (a) ہمہ پیما کا : زاویہ و عمود پیما کا یا اس سے متعلق .

Pantomimie : (n) [L . 'pantomimus.'] (۱) (تاریخ) رومی ایکٹر جو چپ سوانگ Dumb show میں کام کرتا تھا : ایسا شخص جو صرف حرکات و سکنات کے ذریعہ اظہار خیال کرے اور الفاظ کا استعمال نہ کرے ، چپ سوانگ کا ایکٹ . (۲) ایک قسم کا ڈراما جس میں کردار ادا کرنے والے اپنے خیالات کا اظہار اپنی حرکات سکنات کے ذریعہ موسیقی کے لحاظ کے ساتھ کرتے ہیں . (۳) (انگلستان) وہ ڈراما جس کے ساتھ اب مزاحیہ نقل : سوانگ اور ناچ بھی ہوتا ہے . (۴) چپ نقل : گنگ تماشا : چپ سوانگ یا تماشا : نقل بازی . (۵) توصیفی معنوں میں .

Pantomime : (a) چپ سوانگ کا : گنگ تماشا سے متعلق .

Pantomime : (v) اشاروں سے سوانگ کھیلنا : اشاروں میں باتیں کرنا : اشاروں میں کوئی مطلب ادا کرنا : حرکات و سکنات کے ذریعہ ڈراما کرنا .

Pantomimic/-al : (a) [L. 'pantomimicus.'] (۱) چپ سوانگ کی صفت کا : گنگ تماشا کی طرح کا : گنگ سوانگ کے ذریعہ اظہار کیا ہوا . (۲) اشاروں کی گفتگو کا : چپ سوانگ کا یا اس کی طرح کا . (۳) گنگ تماشا کی طرح :خاموش سوانگ کی طرح .

Pantomimically : (adv.) چپ سوانگ کے طور پر : گنگ تماشا کے انداز میں .

Pantomimist : (n) چپ سوانگ کا ایکٹر : اشاروں میں باتیں کرنے والا .

Pantomorph : (n) ہمہ شکل : ہمہ شکل پذیر .

Pantomorphic : (a) ہمہ شکلہ : ہر صورت میں آنے والا : جو سب شکلیں اختیار کر سکے : ہر شکلی .

Pantophagist : (n) ہمہ خور آدمی یا جانور : ایسا شخص یا جانور جو ساری چیزوں کو نگل جاتا ہو : ہر چیز کھانے والا آدمی یا جانور .

Pantophagous : (a) (حیوانیات) ہمہ خور : ایسے شخص یا جانور سے متعلق جو ہر چیز کھاتا ہو .

Pantophagy : (n) ہمہ خوری : ہر چیز کھانے والا(شخص یا جانور) .

Pantophobia : (n) (نفسیات) ہمہ ترسی .

Pantopod : (n) (حیوانیات) ایک قسم کا سمندری مکڑا : عنکبوت دریائی .

Pantopragmatic : (a) (مجازاً) ہر کام میں دخل دینے والا(شخص): ہر دیگی چمچہ آدمی .

Pantopragmatic : (n) ہر کام میں دخل دینے والا شخص : ہر دیگی چمچہ آدمی .

Pantoscope : (n) (۱) چوڑے گوشے کا ایک قسم کا فوٹوگرافی کا لینس: بسیار بین : وسیع دائر النظر . (۲) (فوٹوگرافی) ہمہ بین کیمرہ : جہاں نما عکسالہ :فوٹوگرافی کا کیمرہ .

Pantoscopic : (a) (فوٹوگرافی) ہمہ بین : بسیار بین : وسیع دائرہ نظر کا .

Pantoscopic camera : (n) ہمہ بین کیمرہ :جہاں نما عکسالہ .

Pantoscopic spectacles : (n) دو ماسکی عینک : ایسا چشمہ جس میں نزدیک اور دور دیکھنے کے لئے الگ الگ دو شیشے لگے ہوں جس کا اوپری شیشہ دور کی نظر کے لئے ہوتا ہو اور نچلا شیشہ نزدیک نظر کے لئے :اسے Bilocal spectacles بھی کہتے ہیں .

Pantry : (n) [OFr. 'paneterie.'] (۱) وہ کوٹھری جس میں کھانے پینے کی چیزیں رکھی جاتی ہیں : کھانے کی چیزوں کی کوٹھری : نعمت خانہ : خوراک خانہ . (۲) برتنوں

(وغیرہ) کی کوٹھری ۔

Butler's pantry/ housemaid's- : برتنوں وغیرہ کا کمرہ یا کوٹھری ۔

Pantry boy : (n) محکمۂ رسد کا معاون یا اسسٹنٹ ۔

Pantry man : (n) باورچی یا اس کا مددگار ؛پینٹری کا نگہبان یا ملازم (یا محکمہ رسد کا نگہبان) ۔

Pantrs : (n) [Short for pantaloons.] (۱) (امریکا) پتلون ؛ ڈھیلا پاجامہ ۔ (۲) (برطانیہ) چست پاجامہ جو پتلون کے اندر پہنتے ہیں ؛ زیر پاجامہ ۔

Panum Phenomemon : (n) (نفسیات) مظہر پنیم ۔

Panzer : (n) [G.] سلح (فوج وغیرہ)۔

Panolo : (n) [L. 'paulus.'] ایک متروک اطالوی چاندی کا سکہ (تقریباً ۵ پنس اسٹر لنگ کا تھا) ۔

Pap : (n) [Late L. 'papula.'] (۱) قدیم سر پستان ؛عورتوں کی بھٹنی ؛ جس سے بچہ ماں کا دودھ پیتا ہے۔ (۲) اسی طرح کا نشان جو مردوں کی چھاتی پر ہوتا ہے ؛ پستان مرد ۔ (۳) گول ورم ؛ رسولی ؛ پھنسی ؛ پھوڑا؛ پھڑیا ؛ دنبل ؛ مہاسہ (۴) (جغرافیہ) پہاڑ کی مخروطی چوٹیاں جو پہلو بہ پہلو ہوں ؛ پہاڑ کی چھاتیاں؛ (ارضیات) مخروطی چوٹی ۔

Pap : (n) [L .'pappare.'] (۱) نیر غذا؛پتلی کھچڑی وغیرہ جو بچوں یا مریضوں کے لئے پکتی ہے نیز مجازاً ؛ نیم رقیق غذا۔ (۲) آلو کا بھرتا ؛ میٹھی لپسی ؛ فطیر ؛لپٹی ؛ (نباتیات) گودا ۔

Pap : (v) نرم غذا کھلانا ؛ لپٹی وغیرہ کے ساتھ کھلانا ۔

Pap-boat : (n) (۱) بچوں کو دودھ پلانے کا یا رقیق سی غذا کھلانے کے لئے کشتی نما برتن ۔ (۲) ایک قسم کا گھونگا جو مالا بار کے ساحلی علاقے میں مالش کا تیل رکھنے کے کام آتا ہے ۔

Papa : (n) [Skt. 'papa.'] (جین مذہب) گناہ ؛ عصیاں ؛ پن کی ضد؛ پاپ ۔

Papa : (n) [Late L.] (۱) ابا ؛ ابا جان ؛ پاپا ؛ (عموماً بچے باپ کو کہتے ہیں) ۔ (۲) (امریکی عامیانہ) شوہر؛عاشق ؛ نیوزی لینڈ کی بلو رنگ کی مٹی ۔

Papa : (n) [eccl. L papa.] مشرقی رومن کلیسا کا ادنیٰ درجے کا پادری ۔

Papa : (n) [Sp.] (امریکن اسپینش) سیب زمینی ؛ آلو ۔

Papacy : (n) [med. L. 'papatia.'] (۱) پوپ (روم)کا عہدہ یا منصب۔ (۲) پوپ کے عہدے کی میعاد ۔ (۳) نظام پاپائی کلیسانہ (خاص کر تاریخ) ؛ پاپائی حکومت(بطور یورپ کی ایک ریاست کے) ۔

Papain : (n) (کیمیا) پاپائن ؛ ایک قسم کے پھل سے تیار کیا ہوا ایک خمیر ۔

Papal : (a) [med . L. 'papalis.] پوپ کا ؛ پاپائی ؛ پاپائے اعظم کا ۔

Papalism : (n) نظام پاپائی کی حمایت ؛ نظام پاپائی ۔

Papalist : (n) نظام پاپائی کا حامی ۔

Papalize : (v) (۱) پاپائی بنانا ؛ پوپ کے زیر اثر یا زیر اقتدار لانا ؛ پوپ کے آداب و رسوم اور روش حامی بنا دینا۔ (۲) نظام پاپائیت کی حمایت میں ہونا ؛ اس کے اصولوں کو ماننا یا اس میں عقیدہ رکھنا ۔

Papally : (adv.) پاپائی طور پر ؛ پوپ کے انداز سے ۔

Papaver : (n) [L .] (نباتیات) جنس خشخاش ؛ پوست کے دانے کی قسم ۔

Papaveraceae : (a) (نباتیات) خشخاشیہ ۔

Papaveraceous : (a) (نباتیات) خشخاشی ۔

Papaverine : (n) (نباتیات) افیون میں پا یا جانے والا القلی ۔ $(C_{20}H_{21}NO_4)$

Papaverous : (a) خشخاش نما ؛ خشخاشی ؛ خشخاش کا ؛ (نباتیات) خشخاشی خواص دار ۔

Papaw : (n) [Sp. and Pg. 'papaya'.] (۱) پپیتا ؛ ارنڈ خربوزہ ؛ پپیا ؛ جنوبی امریکا کا ایک درخت جس کی شاخوں ، پتوں اور پھل سے سفید دودھ نکلتا ہے اور جو گوشت کو گلا دیتا ہے ۔ (۲) (امریکا) شمالی امریکا کا درخت جس کے پتے ارغوانی اور پھل لمبوترا ہوتا ہے اور کھانے کے کام آتا ہے ۔ (۳) توصیفی معنوں میں ؛ (طب) نخل پاپا ۔

Papayaceous : (a) [mod. L. 'papayaceae.'] (نباتیات) پپیتا آسا؛

Paper : (n) [L. 'papyrus.'] (۱)کاغذ : قرطاس ۔ (۲)(تجارت) تمسک: ہنڈی وغیرہ ۔ (۳)زر کاغذی: نوٹ : کرنسی وغیرہ ۔ (۴) (عامیانہ) تھیٹر وغیرہ کا فری پاس : تھیٹر میں اس طرح داخل کئے گئے لوگ۔ (۵)کاغذ کا ٹکڑا : شیٹ یا ورق ۔ (۶) اخبار وغیرہ لپیٹنے کا کاغذ : پیپر کے طور پر استعمال ہونے والا کاغذ : کاغذ سے پُر : کاغذ کا کارڈ یا شیٹ جس میں سوئیاں یا پن وغیرہ لگی ہوں ۔ (۷) گھونگر پٹی (ایک قسم کا کاغذ جس کی مدد سے بالوں میں گھونگر بناتے ہیں) ۔ (۸) لکھا ہوا کاغذ کا ٹکڑا یا ورق مثلاً نوٹ ، بل یا دوسری قانونی شقیں وغیرہ ۔ (۹) (جمع) کاغذات متعلق تشخص یادداشت : خطوط : سرکاری دستاویز وغیرہ ۔ (۱۰) (جمع) لکھا ہوا نوٹ : جہاز یا آدمی: پروانۂ راہداری وغیرہ: کسی شخص کی شناخت کو ظاہر کرنے والی دستاویز:کسی آفیسر کے مستعفی ہونے کی اجازت کی سند ۔ (۱۱) امتحان کا پرچہ نیز اس کا لکھا ہوا جواب ۔(۱۲) اخبار : روزنامہ ۔ (۱۳) مضمون : مقالہ (جوکسی علمی مجلس میں پڑھا جائے) : لکھا ہوا یا مطبوعہ مضمون یا کسی خاص موضوع پر آرٹیکل ۔

Paper : (a) (۱) کاغذی : کاغذ کا : کاغذ سے بنا ہوا ۔ (۲)(مجازاً) کاغذ مانند : ہلکا : پتلا : نازک : کمزور : ناپائیدار (جیسا کے کاغذ کا بنا ہوا) ۔ (۳) (مجازاً) کاغذ سے متعلق ۔(۴) کاغذ پر تحریر: کاغذ پر لکھا ہوا : تحریری شکل میں خصوصاً نظری : خالص علمی (فن) ۔

Paper : (v) (۱) کاغذ پر لکھنا یا قلم بند کرنا ۔ (۲) کاغذ میں رکھنا : کاغذ میں لپیٹنا یا بند کرنا : کاغذ میں لگانا (پن وغیرہ) ۔ (۳) کاغذ سے آراستہ کرنا (دیوار وغیرہ کو) لٹکتے ہوئے کاغذ سے سجانا (کمرہ وغیرہ) ۔ (۵) کاغذ کے ساتھ مہیا کرنا ۔ (۶) (عامیانہ) فری پاس لے کر تھیٹر کی نشستوں کو بھر دینا ۔

Paper-back : (n) کتاب جلد کاغذی ، دفتی کے ساتھ کتاب ۔

Paper-bag cookery : (n) کھانا وغیرہ کے پکانے کا وہ طریقہ جس میں کاغذ کی مکھن چھڑی ہوئی تھیلی میں سالن وغیرہ بھر کر تنور کے اندر دھیمی آگ پر پکاتے ہیں ۔

Paper birch : (n) برچ کاغذ : شمال یورپ کے ایک درخت (جس کی شاخیں پتلی اور چھال چکنی ہوتی ہے) کا کاغذ ۔

Paper board : (n) مقوا : کارڈ بورڈ : دفتی ۔

Paper boards : (n) (جلد سازی) جلد سازی کی ایک صورت جس میں کارڈ بورڈ سے کورکو مضبوط کیا جاتا ہے ۔

Paper boy : (n) وہ لڑکا جو اخبارات بیچنے کے لئے ملازم ہو : اخبار بیچنے والا لڑکا ۔

Paper cabinet : (n) کاغذ دان ۔

Paper-chase : (n) ایک قسم کا کھیل : کاغذی دوڑ (ایک دوڑ ہے جس میں ایک شخص یا کئی شخص سراغ کے طور پر میلوں تک تھوڑے فاصلے سے کاغذ کے پرزے بکھیرتے جاتے ہیں اور دوسرے ان کا تعاقب کرتے ہیں) ۔

Paper clip : (n) کاغذ پکڑنے والا کلپ : کاغذ گیر : پیپر کلپ ۔

Paper currency : (n) زر کاغذ : بینک کے نوٹ : چیک : ڈرافٹ وغیرہ ۔

Paper cutter : (n) (۱) کاغذ کٹر (چاقو) ۔ (۲) ایک قسم کی مشین جس سے کاغذ کے کناروں کو کاٹتے ہیں : کاغذ کاٹنے والی مشین : قرطاس قاطع مشین ۔

Paper-faced : (a) (۱) رنگ پریدہ : کاغذ کی طرح کا چہرہ: مرجھایا ہوا : دبلا پتلا چہرہ ۔ (۲) کاغذ سے چھپایا ہوا ۔

Paper folder : (n) کاغذ موڑنے والا ایک آلہ ۔

Paper foot : (n) نازک پا : نرم و نازک پاؤں (کتے کی مانند) ۔

Paper-hanger : (n) وہ شخص جو دیوار پر کاغذ لگاتا ہے : دیوار پر کاغذ چسپاں کرنے والا ۔

Paper-hangings/-paper : (n) دیوار پر لٹکانے کا کاغذ : دیواری کاغذ : کمرے کی دیوار سجانے والا : تزئین کا وہ کاغذ ۔ (۲) دیوار پر کاغذ چسپاں کرنے کا پیشہ ۔

Paper hunt : (n) دیکھو Paper Chase

Paper knife : (n) کاغذ کاٹنے والا چاقو : کاغذ کاٹنے والی چھڑی : کاغذ تراش ۔

Paper maker : (n) کاغذ ساز : کاغذ بنانے والا ۔

Paper marl : (n) کھٹیلی مٹی کی ایک قسم: کھاد میں کام آنے والی مٹی۔

Paper-mill : (n) کارخانہ کاغذ سازی : کاغذ بنانے کا کارخانہ ۔

Paper money : (n) زر کاغذ : بینک کے نوٹ : ہنڈی وغیرہ جو روپیہ کے عوض کام میں لائی جائے : (معاشیات) زر کاغذی : چیک ، ڈرافٹ وغیرہ نیز توصیفی معنوں میں : زر کاغذی ۔

Convertible paper money : زر قابل بدل ۔

Inconvertible paper money : زر غیر قابل بدل ۔

Paper mulbery : (n) چین اور جاپان میں پایا جانے والا ایک قسم کا درخت جس کی چھال سے کاغذ تیار کیا جاتا ہے ۔

Paper nautilus : (a) ایک سرپایہ(جس کے پاؤں سر سے لگے ہوں)بحری جانور(ایک قسم کا گھونگا) جس کی مادہ کا ایک باریک سخت چھلکا ہوتا ہے اور بازو جھلی سے جڑے ہوئے بادبان کی شکل کے ہوتے ہیں ۔

Paper-palp : (n) کاغذی گودا ۔

Paper plant : (n) (۱) پیپرس : نرسل کی قسم کا پودا جو پانی میں ہوتا ہے ؛(نباتیات) لوخ : بردی : پیٹرا ۔ (۲) پیپرس کے بنے ہوئے اوراق جن پر قدیم مصر ، یونانی اور رومی لکھا کرتے تھے ؛ اوراق پیپرس ۔ (۳) کوئی تحریر یا کتاب جو اوراق پیپرس پر ہو ؛ مخلوط بردی : مخلوطۂ پیپرس ۔

Paper profits : (n) فرضی منافع ؛ مفروضہ منافع ۔

Paper rush : (n) دیکھو Paper plant

Paper sailor : (n) دیکھو Paper nautilus

Paper setter : (n) (امتحان) امتحان کے لئے سوالات مرتب کرنے والا ۔

Paper-stainer : (n) (۱) کاغذ رنگنے والا؛ مزاحاً(معمولی)مصنف ۔ (۲) دیواری کاغذ بنانے والا ۔

Paper tree : (n) مختلف درختوں اور جھاڑیوں کے نام جس سے کاغذ بنایا جاتا ہے ۔

Paper war/ -warfare : (n) کاغذی جنگ ؛ وہ لڑائی جو کتابوں یا اخباروں کے ذریعہ سے ہو ۔

Paper wasp : (n) ایک قسم کی بھڑ (زنبور)جو اپنا گھونسلا لکڑی سے کاغذی قسم کا بناتی ہے ۔

Paper-weight : (n) وزنہ ؛ کاغذ داب ؛ کوئی چیز جو کاغذوں کو اڑنے سے بچانے کے لئے استعمال کی جاتی ہے ۔

Paper work : (n) اوراق امتحانی ؛ کلاس یا امتحان میں طالب علم کا تحریری کام ۔

Paper worker : (n) دیکھو Paper maker

Paper worm : (n) دیکھو Book worm

Paperer : (n) کاغذ لٹکانے والا ؛ کاغذ سے آراستہ کرنے والا ؛کاغذ سے سجانے والا ؛ کاغذ کار ۔

Papering : (n) (۱) کاغذ چسپانی ؛ دیوار پر کاغذ چسپاں کرنے کا پیشہ ۔ (۲) دیواری کاغذ خصوصاً جب دیوار یا اندرونی چھت وغیرہ کو آراستہ کیا جائے ۔

Papern : (a) (بول چال) کاغذی ؛ کاغذ کا بنا ہوا ۔

Papery : (a) کاغذی ؛ مانند نازک و باریک ۔

Papess : (n) [med. L. 'papissa.'] خاتون پوپ ؛ پوپ عورت ۔

Papeterie : (n) [Fr.] کاغذ اور سامان تحریر کا بکس؛صندوق سامان تحریر ۔

Paphian : (a) [L. 'paphius.'] (۱) شہر قبرص (معبد آفرودیت یا وینس) کے پافوس کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) متعلق بہ محبت ؛ محبت کا خاص کر غیر قانونی تعلق از دواجی کی محبت سے متعلق ؛ جماعت طوائف سے متعلق ؛ فاحشہ کا ۔

Paphian : (n) (۱) پافوس کا باشندہ ۔ (۲) پافوسی وینس کا گرویدہ شخص ؛ فاحشہ ؛ طوائف ۔

Papier mache : (n) [Fr.] کٹی ؛ سانچے میں ڈھلا کچلا ہوا کاغذ (جس سے کشتیاں ، صندوق ، مرتبان اور عمدہ چیزیں بناتے ہیں) نیز توصیفی معنوں میں ؛ (جمع ، ارضیات) خمیر کاغذ ۔

Papilio : (n) (حیوانیات) تتلی ؛ تیتری ۔

Papilionaceae : (n) (نباتیات) قلائیہ ۔

Papilionaceous : (a) [mod. L. 'papilionaceus.'] (۱) (نباتیات) تیتریا ؛ تیزی کی طرح کا ؛ تیتری کی جنس کا ؛ تتلی کی صفت کا نیز مجازاً ۔ (۲) (نباتیات)باقلیا؛ باقلا مانند ؛ پھلی دار ؛ دال کی شکل کا ؛ (نیز) باقلیا پودے سے متعلق ۔

Papilionaceous flower : (n) (نباتیات) تیتریا پھول ؛ گل تیتری شکل ۔

Papilionidae : (n) تیریاں ؛ پروانے ۔

Papilla : (n) [L.] (۱) (تشریح) نوک پستان ؛ پھنسی ؛ سرپستان (شاذ انگریزی استعمال میں) حکمہ ؛ حُلیمہ ۔

(۲) سرپستان کی شکل کا کوئی دانہ یا آماس؛ بھٹنی کی شکل کا ورم (خاص کر جسم کے نرم اور لحمی حصے میں)۔ (۳) (مرضیات) ثولول (جمع) ثآلیل؛ مسّا ؛چھالا؛ گومڑا۔(۴) (نباتیات) گومڑی ؛ کسی پودے کے کسی حصے کے اوپر ایک چھوٹا لحمی ابھار۔

Dermal papilla : (تشریح)آدمی ثآلیل ؛ثالیل جلد۔

Lingual papilla : (تشریح) ثآلیل زبان۔

Tactile papilla : (تشریح) ثآلیل مسّا؛ مسّے۔

Papillar/ Papillary : (a) (طب) پھنسی دار ؛ گومڑے یا پھنسی کا ؛ (نباتیات) گومڑی دار۔

Papillate(d) : (a) پھنسی دار یا گومڑے دار ؛ گومڑی سے بھرا ہوا ؛ پھنسی کی شکل کا۔

Papilliferous : (a) حلیمہ دار ؛ پھنسی دار ؛ گومڑے کا۔

Papilliform : (a) پھنسی کی شکل کا ؛ بھٹنی کی طرح کا۔

Papillitis : (n) (طب) ورم حلمی ؛ ورم قرص بصری ؛آنکھ کے اوپر ایک ورم ؛ گومڑ چشم۔

Papilloedima : (n) (طب) تہیج حلمی ؛ تہیج قرص بصری۔

Papilloma : (n) [L.] (مرضیات) پھنسی پھوڑا۔

Papillomatous : (a) پھنسی پھوڑے کا یا اس سے متعلق ؛ پھنسی پھوڑے کی صفت کا۔

Papillon : (n) چھوٹی نسل کا کتّا جو محض شوقیہ پالا جاتا ھے اسے Toy-dog بھی کہتے ہیں۔

Papillose : (a) پھنسی دار ؛ (نباتیات) گومڑیاں دار۔

Papillulate : (a) معمولی پھنسی سے گھرا ہوا۔

Papillule : (n) [mod. L. 'papillula. '] چھوٹا گومڑا ؛معمولی پھنسی۔

Papish : (a) حامیان پوپ کا ؛ پوپ پرستی کا ؛ کیتھولك مذہب کا۔

Papish : (n) (۱) پوپ کے اقتدار کامل کا حامی؛ پوپ پرست ؛ طرفدار رومن کیتھولك ؛ رومن کیتھولك کا ممبر یا نمائندہ۔ (۲)(توصیفی یا وصفی معنوں میں) پاپائی۔

Papism : (n) [mod. L. 'papismus. '] پاپائی نظام ؛مذہب رومن کیتھولك ؛حمایت رومن کیتھولك ؛پاپائیت ؛ پوپ پرستی۔

Papist : (n) [mod. L. 'papista.. '] دیکھو Papish

Papistic/-al : (a) [mod. L. 'papisticus. '] حامیان پوپ کا ؛ پوپ پرستی کا ؛کیتھولك مذہب کا ؛ پاپائی کا۔

Papistically : (adv.) حامیان پوپ کے طریقے سے ؛ پوپ پرستی سے۔

Papistry : (n) حمایت پوپ ؛ پوپ پرستی۔

Papoose : (n) [Algonoquim.] شمالی امریکی ہندوستانی کا کم عمر بچہ ؛ شمالی امریکا کے اصلی باشندوں کا بچہ۔

Papoosh/Papouch(e) : (n) [pers, 'papus.'] پاپوش ؛ایک ترکی یا مشرقی سلیپر ؛ زیر پائی۔

Pappescent : (a) [L. 'pappus.'] (نباتیات) ریشك پیدا کرنے والا (مخلوط پودے کی طرح)۔

Pappiferous : (a) (نباتیات) ریشك دار۔

Pappose/ Pappous : (a) [Gr. 'pappos.'] (نباتیات) ریشك دار ؛ روئیں دار۔

Pappus : (n) (نباتیات) وہ روئیں یا ریشے جو Thistles (پھل) وغیرہ کے بیج پر ہوتے ہیں ؛ ریشك ؛ چوٹی ؛ (تشریح) سبزہ۔

Pappy : (a) نرم ؛ رقیق ؛ پلپلا۔

Paprika : (n) [Magyar.] ایك قسم کا پھل سے تیار کیا ہوا مسالا ؛ چٹنی ؛ ہنگری کا لال مرچ۔

Paps : (n) (جغرافیہ) پستان کوہ ؛ مخروطی چوٹیاں۔

Papula : (n) [L.] (۱)(مرضیات) آبلہ ؛ ورم ؛ پھپھولا ؛ چھالا۔ (۲) مہاسا ؛ مسّے ؛ گومڑا۔

Papular : (a) (حیوانیات) جلد پر ایک چھوٹا ٹھوس کس قدر نکیلا ابھار۔

Papular : (a) (طب) ثبوری ؛ گومڑے کا ؛ چھالے کا۔

Papulation : (n) [f. 'Papule' .] (طب) سوزنك ؛ مہاسے کا پھولنا ؛ ورم مہاسا۔

Papule : (n) [L. 'Papula.'] دیکھو Papula

Papulo - : (prefix) جزو ترکیبی بمعنی "مہاسے دار" "گومڑدار" ۔

Papulo-erythema : (n) مہاسے کے ساتھ جلد پر سرخ دھبے پڑ جانا ۔

Papulose : (a) [mod. L. 'papulosus.'] (طب)گومڑے دار؛ مہاسے دار ؛ ثبور دار ۔

Papulous : (n) دیکھو Papulose

Papyraceous : (a) [L. 'papyrus.'] (تاریخ طبیعی) کاغذی ؛ (کاغذ سا باریک) ؛ (نباتیات) کاغذی ؛نازک ۔

Papyrian/-ean : (a) [Late and med. L. papyrius. '] کاغذی ؛کاغذ بردی کا ؛کاغذ کی طرح کا ؛ دریائی پودے کا بنا ہوا ۔

Papyrin/-ine : (n) [L. 'Papyrus- + -in.] چرمی کاغذ ؛جھلّی (جو لکھنے کے کام آئے) ۔

Papyrine : (a) [L. 'papyrinus. '] کاغذی ؛ کاغذ کا بنا ہوا ؛ پیپرس کا بنا ہوا ۔

Papyro- : (prefix) سابقہ ، یونانی لفظ Papuros سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں "کاغذ" ۔

Papyrograph : (n) کاغذ نقل گیر (جس میں Stencil کے ذریعہ کاغذات کی نقل کی جاتی ہے) ۔

Papyrograph : (v) کاغذی نقل کرنا ؛ اسٹینسل کے ذریعہ کاغذات کی نقل کرنا ؛ کاغذی نقل گیر کے ذریعہ نقل کرنا ۔

Papyrographic : (a) کاغذی نقل گیر کا ؛ کاغذی نقل گیر کے ذریعہ طبع کیا ہوا ۔

Payrography : (n) کاغذی نقل گیری ؛ کاغذی طباعت (جس میں تصویروں کو کاغذ کے ذریعہ جست کی تختی پر منتقل کرتے ہیں) ۔

Papyrological : (a) بردیات کا یا اس سے متعلق ؛ مخلوطہ بردی کا ۔

Papyrologist : (n) ماہر بردیات ۔

Papyrology : (n) بردیات ؛ مخلوط بردی کا علم ۔

Papyrus : (n) دیکھو Paper plant

Par : (n) [L. 'Par' ,] (۱)برابری ؛ مساوات ؛ مساوی درجہ یا مرتبہ ۔ (۲) (تجارت) زر مساوی ، کسی ملک کا سکہ جو دوسرے ملک کے مساوی ہو ؛ مساوات شرح کا ؛مساوی نرخ ؛ مساوات ؛مساوی اسٹاک ۔ (۳) (معاشیات) مساوی رقم ؛ صفت ؛ مقدار ؛ حالت وغیرہ ؛معمولی مقدار ، حالت یا درجہ ۔ (۴) (گولف) گولف کے کھیل میں ضربوں کی تعداد جو گول کے لئے لازمی ہے ۔

Above or below (under) par : اوسطاً ؛ معتدل ؛درمیانی ۔

Above par : مساوات سے اوپر ؛(معاشیات) فوق مساوات ؛ عام قیمت سے زیادہ ؛ قدر عرفی سے اوپر ۔

At par : مساوات میں ؛ عام قیمت میں ؛ قدر عرفی میں ۔

Below par : مساوات سے نیچے ؛ عام قیمت سے کم ؛ قدر عرفی سے کم ۔

On a par (with) : برابر ؛ مساوی ؛عام قیمت میں ؛ قدر عرفی میں ۔

Up on the par : دیکھو On a par

Up to par : برابر کے قریب ؛ مساوی ۔

Par : (n) (بول چال) Paragraph کا مخفف ۔

Par : (prep.) [Fr. 'par.'] جدید فرانسیسی میں محاورے کے طور پر استعمال ہوتا ہے جیسے Par example (مثال کے طور پر) Par forces (جبراً ؛ زبردستی سے) ۔

Par- : (prefix) سابقہ بمعنی "بوسیلہ" ؛ "بواسطہ" ۔

Par : (n) Parr کا متبادل ۔

Par excellence : (adv) [L. 'Paraexcellentian'.] اعلیٰ طور پر ؛ افضل طور پر ؛ سب پر فائق ہوتے ہوئے؛ قابل امتیاز طور پر ؛ سب سے بڑھ کر ؛ بدرجۂ اتم ۔

Par of exchange : (n) مساوات شرح مبادلہ ؛ مبادلہ مساوات ۔

Para : (n) [Turk 'Parah'.] ایک چھوٹا ترکی سکہ (پینی کا 1/20 حصہ کے برابر) ۔

Para /Parra /Parah : (n) [Hindi] شمالی ہند کا ایک ناپ (حجم کے لئے) ۔

Para : (n) برازیل کی ایک بندرگاہ کا نام ؛ نیز توصیفی معنوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

Para-: (prefix) سابقہ یونانی لفظ بمعنی "پر" ؛ "آگے" ماورا ؛ نیز جن الفاظ کے ساتھ لگتا ہے ان میں غلط ، بے قاعدہ یا ناجائز وغیرہ کے معنی پیدا کرتا ہے ۔

Para-: (prefix) سابقہ اطالوی لفظ parare کا امر ہے جس کے معنی ہیں کسی چیز سے بچانا ، پناہ دینا ۔

Para-hemophilia : (n) [NL. fr. para hemophilia .] خون میں انجمادی عنصر کا اثر زائل ہو جانے پر خون کے بہنے کا میلان یا حالت ۔

Para-military : (n) نیم فوجی ۔

Para paper : (n) (کیمیا) چرمی کاغذ ۔

Para rubber : (n) (۱) منجمد دودھ کے رس سے حاصل کیا ہوا یا بنایا ہوا ایک قسم کا ربر ۔ (۲) آمیزن کے ساحلی علاقے میں اُگنے والا ایک درخت ۔

Parabanate : (n) دُبا سا ترشے کا نمک ۔

Parabanic : (a) (کیمیا) دُبا سا ترشے $CO_2(NHCO)$ (یورک ترشے پر ترشے کے عمل سے بنتا ہے)۔

Parabasal : (a) سوسنی قسم کی نباتیات میں زیریں حصے سے جڑا ہوا یا اس سے ملحق ۔

Parabasal : (n) زیریں پیندے والی ایک قسم کی سوسنی نباتیات۔

Parbasal body : (n) (حیوانیات) نیز قاعدی جسم ۔

Parabasis : (n) [Gr. 'parabasis.'] خطابی : یونانی طربیہ ڈرامے کا وہ حصہ جس میں شاعر حاضرین سے خطاب کرتا ہے : قدیم یونانی طربیہ میں وہ گانا جو سامعین کو خطاب کرتے ہوئے کورس کی شکل میں گایا جاتا ہے اور جس کا تعلق ڈرامے کے عمل سے نہیں ہوتا ۔

Parabenzene : (n) (کیمیا) ہائیڈروکاربن کے ساتھ برابر مقدار میں ملا یا ہوا بنزین جو ہلکے کوئلے کے تیل میں پایا جاتا ہے ۔

Parabiosis : (n) (حیوانیات) جُڑواں زیست : مصنوعی سیامی توامیت : (طب) تعلل عصب ۔

Parabiotic : (a) جُڑواں زیست کا یا اس سے متعلق : مصنوعی سیامی توام کا ۔

Parabiotic twins : (n) (حیوانیات) مصنوعی سیامی توام ۔

Parablast : (n) (جنین شناسی) ناقص انڈے کی مقوی زردی ۔

Parablastic : (a) ناقص انڈے کی مقوی زردی سے متعلق ۔

Parable : (n) [L. 'parabola'.] (۱) تمثیل : اخلاقی حکایت : وہ حکایت جس میں کوئی اخلاقی یا روحانی حقیقت بیان کی جائے ۔ (۲) وہ قصہ جس میں تمثیل یا استعارے کے پیرائے میں کوئی بات بیان کی جائے : مثالیہ : مجازیہ ۔ (۳) (قدیم) معما : پُر اسرار قول ۔ (۴) (بول چال) مثال یا توضیح ، تشریح ۔

To take up one's parable : تقریر شروع کرنا : داستان شروع کرنا (شاذ) ۔

Parablepsis/ Parablepsy : (n) (۱) نظر اندازی ۔ (۲) (طب) غلط بصارت : کج نظری ۔

Parabola : (n) [mod. L. 'parabola'.] (۱) (ہندسہ) قطع مکافی : شلجمی (شکل) : قطع مخروط منحنی ۔ (۲) اونچی ڈگری کی خط منحنی کی طرف کھینچا ہوا جو ایسے قطع مخروط سے مشابہ ہو جو نامحدود ہو : (طبیعیات) پیرا بولا : مکحف ۔

Cubic or cubical parabola : تیسرے درجے کا قطع مخروط ۔

Double parabola : دوہرے مماس کے لئے نا محدود لکیر یا خط رکھنے والا قطع مخروط ۔

Parabola method : (n) (طبیعیات) پیرابولا طریقہ : مکحف طریقہ ۔

Parabole : (n) [Gr. 'parabole .'] (بلاغت) تشبیہ : تمثیل : کنایہ : مجاز : استعارہ ۔

Parabolic : (a) [Late L. 'parabolicus'.] (۱) تمثیلی : تشبیہی : تمثیل کی صفت کا : کنایتہً : مجازاً ۔ (۲) (ہندسہ) مکافی : شلجمی : قطع مخروط کی شکل کا : (طبیعیات) پیرا بولی : مکحفی ۔

Parabolic : (n) مکافی ہندسہ : شلجمی شکل یا ہیئت ۔

Parabolic arch : (n) (انجینیرنگ) مکافی محراب ۔

Parabolic catenary : (n) (ریاضیات) مکافی زنجیرہ ۔

Parabolic dune : (n) (جغرافیہ ، ارضیات) ہلال نما ریت ٹیلہ ۔

Parabolic geometry : (n) مکافی اقلیدس ۔

Parabolic mirror : (n) (بصریات) مکافی آئینہ ۔

Parabolic motion : (n) (طبیعیات) مکافی حرکت ۔

Parabolic path : (n) (طبیعیات) مکافی راستہ ۔

Parabolic point : (n) (طبیعیات) مکافی نقطہ ۔

Parabolic reflector : (n) (بصریات) مکافی عکس انداز ۔

Parabolic spindle : (n) (دوہرے) معین کے چاروں طرف قطع مکافی کی قوسی گردش سے بنی ہوئی کوئی ایک شکل ۔

parabolic spiral : (n) مرغولہ نما قطع مخروطی : (جغرافیہ ، ارضیات) پیرا بولی مار پیچ ۔

Parabolic traces : (n) (جغرافیہ) مکافی نقوش ۔

Parabolical : (a) (۱) تمثیلی؛ مثالیہ ؛ تشبیہی ؛ تمثیل کا یا اس سے متعلق ؛ مثالیہ کے رنگ کا ۔ (۲) مکافی کا ؛ شلجمی کا ؛ شلجمی نما ۔

Parabolically : (adv.) (۱) تمثیلی طور پر؛ تشبیہی انداز میں ؛مثالیہ کے طور پر ؛ مثالیہ کے ذریعے ۔ (۲) شلجمی طور پر ؛ مکافی طور پر ۔

Paraboliform : (a) شلجمی شکل کا ؛ مکافی شکل مانند ۔

Parabolist : (n) (۱) تمثیل گو ؛ مثال آور ؛ اخلاقی حکایت بیان کرنے والا ۔

Parabolize : (v) [med. L. 'parabolizare. '] (۱)بصورت مثال بیان کرنا ؛ تمثیل بیان کرنا ؛ اخلاقی حکایت کہنا یا بیان کرنا ۔ (۲) شلجمی شکل میں بتانا ۔

Parabolizer : (n) (۱) تمثیل گو ؛ اخلاقی حکایت بیان کرنے والا ۔ (۲) شلجمی شکل بنا لینے والا ۔

Paraboloid : (n) (۱) (ریاضیات) مجسم شلجمی نما ؛ شلجمی مجسم؛ مکافی مجسم ۔ (۲) مکافی مجسم دورانی ؛ (طبیعیات) مکعف زاد ۔

Paraboloidal mirror : (n) (طبیعیات) مکافی آئینہ ۔

Paraboloid of revolution : (n) (ہندسہ) مکافی مجسم دورانی ؛ وہ شلجمی نما جو شکل اپنے محور پر گھوم کر بناتی ہے ۔

Parabranchia : (n) صدف نما ناعمہ کا معتدل عضو شامہ (ناک) جسے مچھلی اور دوسرے دریائی جانوروں کا گلپھڑا سمجھا جاتا ہے ۔

Parabranchial/ Parabranchiate : (a) صدف نما ناعمہ کا معتدل عضو شامہ کا یا اس سے متعلق ۔

Parabranchi : (n) (حیوانیات) ہوائی نلیاں ۔

Paracelsian : (n) [f. proper name Paracelsus + -ian.] سوئٹزر لینڈ کے فلسفی ، کیمیا گر اور حکیم فیلی پس اور یولس پیراسلیس کا پیرو ۔

Paracelsian : (a) پیراسلسس کی صفت کا یا اس سے متعلق ۔

Paracelsianism : (n) پیراسلس کا طبی اصول ۔

Paracelsist : (n) پیراسلس کے طبی اصول کا ماننے والا ۔

Paracentesis : (n) (جراحی) بزل : جسم کے کچھ خلا کی برمائی خاص کر سیال یا گیس نکالنے کے لئے ۔

Paracentral : (a) (حیاتیات) نز مرکزینہ ؛ (تشریح) نز مرکزی ۔

Paracentral gyrus : (n) (تشریح) نیز مرکزی تزرید ۔

Paracentral vision : (n) (عضویات) نیز مرکزی بصارت ۔

Paracentric : (a) (۱) (ریاضیات) [mod. L. 'paracentricus. '] متجاوز المرکز کا ۔ (۲) کنجی یا کنجی کے سوراخ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ۔

Paracentric curve : (n) (ریاضیات) قوس متجاوزالمرکز ۔

Paracentric motion : (n) (ریاضیات) حرکت متجاوز المرکز ۔

Paracentrical : (a) متجاوزالمرکز کا ۔

Paracetamol : (n) (دواسازی) ایک سفید بلّوری سفوف جس میں دافع درد Analgesic اور دافع تپ(Antipyratic) معمولی طور پر بنایا جاتا ہے ؛ اس سفوف سے تیار شدہ تکیہ ؛ قرص وغیرہ ۔

Paracholia : (n) (طب) صفراویت ۔

Parachordal : (a) (جنین شناسی) (غضروفی ساخت کے نزدیک واقع) کرکری ہڈی کی دو تختیوں پر اطلاق ہوتا ہے جو ابتدائی شکل کی کھوپڑی کی بنیاد کی تشکیل کرتی ہے ۔

Parachordal : (n) جنینی شکل میں کاسۂ سر کی نرم اور جھلی دار پیندی ۔

Parachroma : (n) (طب) بیرنگی جلد ۔

Parachromatism : (n) (طب) رنگ کوری ۔

Parachronism : (n) زمانی غلطی ؛ تاریخی غلطی (کسی واقعے کا زمانہ یا تاریخ غلط بتانا)؛ (تاریخ) بُعد تاریخی ؛ تاریخی غلطی ۔

Parachrose : (a) (معدنیات) جو موسم کے ساتھ ساتھ اپنا رنگ بدلتا ہو ؛ رنگ بدل ۔

Parachute : (n) [Fr. 'parachute.] (۱) پیرا شوٹ ؛ چھاتا ؛ محافظ چھتری (جس کی مدد سے انسان بلندی سے خصوصاً ہوائی جہاز سے کود کر بحفاظت زمین پر پہنچتا ہے) ۔ (۲) ہوا کے ذریعہ نیچے گرنے سے بچانے کی کوئی بھی مصنوعی یا قدرتی تدبیر ۔ (۳) (کان کنی) کانوں میں سرنگ کے ذریعہ سواری کے کھٹولے کو دھکچے سے گرنے سے بچانے والی کوئی تدبیر یا زمین میں پانی کی غرض سے بورنگ کرنے میں بورنگ چھڑ کو فوری گرنے سے روکنے والی ایک تدبیر ؛ (حیوانیات) بال چھتری ؛ چتر ۔

Parachute : (v) (۱) پیراشوٹ کے ذریعہ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ۔ (۲) پیراشوٹ کے طریقے سے یا پیراشوٹ کے ذریعہ نیچے اترنا ۔

Parachute : (a) پیراشوٹ کے ذریعہ گرایا ہوا ۔

Parachuted : (a) (حیوانیات) چتر دار ۔

Parachutism : (n) محافظ چھتری کی مدد سے کودنا ؛ ہوا کے دوش پر بحفاظت نیچے اترنے کے لئے کوئی قدرتی یا مصنوعی تدبیر یا عمل ۔

Parachutist : (n) پیراشوٹ کے ذریعہ زمین پر اترنے والا ؛ بحفاظت نیچے آنے کے لئے ایسی ہی کوئی تدبیر پر عمل کرنے والا ؛ محافظ چھتری کی مدد سے کودنے والا ۔ (ہوابازی) چتر باز ؛ چھاتا باز ۔

Paraclete : (n) [L. 'paracletus.] (بائبل) فار قلیط (یہ روح القدس کا خطاب ہے) ؛ انجیل یوحنا باب ۱۴ آیات ۱۶ ، ۲۶ وغیرہ) ؛ (دینیات) شفیع ۔

Paracmastic : (a) بحران ، شدت یا تیزی سے گذرا ہوا ؛ غیر شدید؛ دھیما ۔

Paracme : (n) [Gr. 'parakme'.] شباب یا بہار کے گذر جانے کے بعد کا دور یا وقفہ ؛ بخار کی شدت ختم ہو جانے کے بعد کا وقفہ ؛ (حیوانیات) ورائے اوج ؛ انحطاط ۔

Paracolpitis : (n) (طب) ورم بر محصل ۔

Paracorolla : (n) (نباتیات) تاج (گل) ۔

Paracusis : (n) (طب) تیزیٔ سماعت ؛ بے قاعدہ سماعت ۔

Paracyanogen : (n) (کیمیا) متوازی وزن کا بنا ہوا قلیل مقدار میں ایسا سایانوجن جسے پارے کے سائنائڈ سے نکال کر تیار کیا گیا ہو ؛ پیراسیانوجن؛ ہم ترکیب سیانوجن ۔

Paracyesis : (n) (طب) بدر رحمی حمل ۔

Paracyst : (n) (نباتیات) (بعض پھپھوندی میں) آلات تناسل کے جوڑوں میں سے ایک ۔

Parade : (n) [Fr. 'parade.'] (۱) نمائش ؛ اظہار ؛ نمود ۔ (۲) پریڈ ؛ پریٹ ؛ فوجی قواعد ؛ مظاہرہ ۔ (۳) قواعد کا میدان؛ پریٹ کامیدان ؛ قواعد گاہ ۔ (۴) چوک ؛ خیاباں ؛ سڑک ؛ (سڑکوں کے نام کا جزو ہوتا ہے) ۔ (۵) شاندار جلوس (خصوصاً امریکا میں) جو سیاسی مقاصد کے پیش نظر نکالا جاتا ہے ۔ (۶) پیدل چلنے والوں کا ہجوم ؛ مٹر گشتیوں کی بھیڑ ؛ تفریح گاہ ؛ گرد شگاہ عمودی ۔ (۷) توڑ ؛ روک ۔

To make a parade of one's virtues : اپنے محاسن کی نمائش کرنا ۔

Parade : (v) (۱) فوج کو جمع کرنا یا گزارنا (معائنہ یا پریڈ وغیرہ کے لئے) ۔ (۲) نمائش کرنا ؛ دکھاتے پھرنا ؛ عام مقامات پر ٹہلنا خاص کر دکھلاوے کے لئے ۔ (۳) مظاہرہ کرتے ہوئے گذرنا (سڑکوں سے) ۔ (۵) جلوس نکالنا؛ تزک و احتشام کے ساتھ جلوس میں نکلنا ؛ تزک و احتشام سے مظاہرہ کرنا ۔ (۵) کسی آدمی کو مظاہرے کے طور پر پریڈ کرانا یا پھراس کی توہین کے لئے گھمانا یا مظاہرہ کرنا ۔ (۶) کسی چیز کا مظاہرہ کرانا ؛ دھوم دھام سے پیش کرنا ۔

Parade-ground : (n) پریڈ گراؤنڈ ؛ پریڈ کا میدان ؛ وہ مقام جہاں فوج پریڈ کے لئے جمع ہو ۔

Parader : (n) پریڈ کرنے والا؛ نمائش کرنے والا؛ جلوس نکالنے والا ۔

Paradiastole : (n) [Gr. 'paradiastoli.'] (علم البدیع) وہ صفت

جس میں کسی نا پسندیدہ چیز کو ایسے اسلوب بیان کے ذریعہ پسندیدہ بنا دیا جاتا ھے جس میں صرف جزوی طور پر سچائی ھو۔

Paradiddle : (n) بنیادی صدا جو چوب نقارہ کے یکے بعد دیگرے ضرب لگانے سے پیدا ھوتی ھے ۔

Paradigm : (n) [Late L. 'pareadigma.'] (۱) مثال ؛نمونہ ؛ سانحہ ۔ (۲) نقشہ ؛ مثال خصوصاً اسم و فعل یا دوسرے اجزائے کلام کی گردان کی ۔

Paradigma : (n) (فلسفہ ، نفسیات، تعمیرات) مثالی خاکہ ؛ مکمل مثال ۔

Paradigmatic : (a) گردان یا تصریف کے نقشے کا یا اس سے متعلق ۔

Paradiplomatic : (a) خالص فن سفارتی یا حکومتی تدبیر عملی سے الگ یا کسی مسودہ کی اصل عبارت کی شہادت سے متعلق ۔

Paradisaic/ -al : (a) [f.. 'Paradise.] بہشتی ؛ فردوسی ؛ بہشت کا؛ بہشت جیسا ؛ جنّتی ؛ اہل بہشت ۔

Paradisaically : (adv.) جنتی کے طور پر؛ اہل بہشت کے انداز میں ۔

Paradisal : (a) [f. 'Paradise' .] دیکھو Paradisaic

Paradise : (n) [Fr. 'paradis.'] (۱) جنت عدن ؛ باغ عدن ؛ نیز جنت ارضی بھی کہا جاتا ھے (جنت سماوی سے فرق کرنے کے لئے) ۔ (۲) فردوس ؛ جنت ؛ بہشت؛ باغ ارم ؛ باغ رضوان ؛ متقیوں اور پارساؤں کے رہنے کی جگہ ۔ (۳) روحانی مسرت یا سعادت ؛ وہ جگہ جہاں روحانی مسرت حاصل ھو ؛ جنت کے مشابہ مقام ۔ (۵) ایک مشرقی پارک یا تفریح گاہ خاص کر جنگلی جانوروں کے پیچھا کرنے کا احاطہ ۔ (٦) انگریزی پارک جس میں غیر ملکی جانور رکھے جائیں ۔ (۷) (عامیانہ) تھیٹر کی گیلری جہاں کم قیمت کی نشستیں ھوتی ہیں۔(۸) فضائے کلیسا؛ محو طۂ صومعہ ۔

Apples of paradise : کیلے کا پھل ؛ موز کا پھل ۔

Bird of paradise : طیر فردوس ؛ طاؤس؛ مور ؛ مرغان بہشتی ؛ نیو گنی کا طاؤس ۔

Earthly paradise : باغ عدن؛جنت عدن ؛جنت ارضی ۔

Fool's paradise : بہشت بیوقوف ؛ جنت الحمقا ؛بیوقوفوں کی جنت ۔

Grains of paradise : جنت کے دانے ۔

Paradise : (v) جنت بنانا ؛ بہشت بنانا ؛ نہایت خوبصورت بنانا ۔

Paradise apple : (n) (۱) سیب کی ایک قسم ۔ (۲) ممنوعہ پھل ۔

Paradise bird : (n) مرغ بہشت ۔

Paradise fish : (n) (۱) ملیٹ کی نوع کی مچھلی؛ ایک قسم کی سمندری مچھلی ۔ (۲) مشرقی ہندوستان کی ایک چمکدار خوش نما رنگین مچھلی جسے کبھی کبھی پنگھر یا مچھلی گھر میں رکھا جاتا ھے ۔

Paradise flycatcher : (n) ایک قسم کی چڑیا ۔

Paradise stock : (n) آہستہ بڑھنے والا سخت سیب کا درخت ۔

Paradiseidae : (n) (حیوانیات) طاؤس نیوگنی ؛ طیور فردوس ؛ فردوسان ۔

Paradisiac : (a) [L. 'paradisacus.'] جنتی ؛ بہشتی ؛ بہشت کا یا اس سے متعلق ؛ بہشت جیسا ؛ فردوس نما ؛ نہایت متبرک ؛ اطمینان بخش خوبصورت ؛ ملکوتی ؛ آسمانی ۔

Paradisiacal : (a) دیکھو Paradisiac

Paradisial : (a) دیکھو Paradisiac

Paradisian : (a) دیکھو Paradisial

Paradisic : (a) دیکھو Paradisial

Paradisical : (a) دیکھو Paradisic

Parado : (n) [Fr.] (۱) نمائش ؛ دکھاوا ۔(۲) خود نمائی ؛ لاف زنی ؛ خود فروشی ۔

Parados :(n) [Fr.] قلعے کا پُشتہ ؛ خندق کا پشتہ ۔

Paradox : (n) [Late L. 'paradoxum.'] (۱) الٹی بات ؛ وہ بات جو کسی مسلمہ خیال کے خلاف ھو ۔ (۲) بیان جو بظاہر مہمل معلوم ھو لیکن در حقیقت صحیح ھو ۔ (۳)(بظاہر) مہمل بات ؛ قول متناقض ؛ قول محال ۔ (۴) وہ شخص یا چیز جس کا وجود عام خیال کے مطابق نا ممکن ھو ؛ محال مجسم ؛ (طبیعیات) معجزہ ؛ خرق عادت مظہر ؛ (نفسیات) متناقضہ ۔ (۵) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) قول متضاد ۔

Hydrostatic paradox : Hydrostatic دیکھو

Paradox cold point : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) تضادی نقطۂ برودت ۔

Paradox of asceticism : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) تضاد رُہبانیت ۔

Paradox of hedonism : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات)تضاد لذیت ۔

Paradoxal : (a) (۱) متناقضانہ ؛ قول محال کی صفت کا ؛ قول متناقض ظاہر کرتا ہوا ۔ (۲) (طبیعیات) خارق عادت ؛ (نفسیات) متناقضانہ ؛ لغو ۔ (۳) قول متناقض کا شائق یااس کا عادی ۔(۴)(مظہر قدرت یا حالات وغیرہ کا) ظاہری قوانین کے خلاف ۔

Paradoxer/ Paradoxist : (n) محال یا متناقض بات کرنے والا ؛ مہمل بات کرنے والا ؛ قول متناقض کا مجوز ؛ قول محال کا پیش کنندہ ۔

Paradoxical : (a) (۱) دیکھو Paradoxal

Paradoxical bone : (n) (حیوانیات) ڈمبلی ہڈی ۔

Paradoxical cold : (n) (عضویات) خارق عادت سردی ۔

Paradoxical warmth : (n) خارق عادت گرمی ۔

Paradoxicality : (n) تناقض ؛ متناقض ہونا ۔

Paradoxically : (adv.) متناقض طور پر ؛ متناقضانہ انداز میں ۔

Paradoxicalness : (n) متناضیت ؛ قول محال ۔

Paradoxidian :(a) (معدومیات) ایک قسم کے معدوم جانور کا یا اس سے متعلق جو متوسط کیمبری دور میں پایا جاتا تھا ۔

Paradoxology : (n) لغویات ؛ متناقضانہ خیالات کا علم یا اس طرح اظہار خیالات کا طریقہ ؛ مبحث تناقض گوئی ۔

Paradoxure : (n) [mod. L. 'paradoxurinea.'] ایک جانور جس کی بڑی لمبی خمدار دم ہوتی ہے ؛ (حیوانیات)زباد ہندی ؛ کھجور بلاؤ ۔

Paradoxurine : (a & n) [mod . L. 'paradoxurinae.'] کھجو ربلاؤ قسم کے جانور سے متعلق ۔

Paradoxy : (n) متناقضانہ صفت ؛ تناقض ؛ مغائرت ؛ ضد و نقیض گو ۔

Paradromic : (a) شانہ بشانہ دوڑنے والا ؛ ایک ساتھ دوڑنے والا ۔

Paradromic winding : (n) ایک ساتھ مل کر چکر کھانا ۔

Paraenesis/ Paren : (n) [Late L.] مشورہ ؛ نصیحت ؛وعظ ؛ پند ؛ موعظت ؛ تنبیہ آمیزبات ؛ جوش دلانے والی مضمون نگاری یا تحریر ۔

Paraenetic / -al : (a) واعظانہ ؛ تنبیہ آمیز ؛ جوش دلانے والی؛ مشورت آمیز ؛ نصیحت آمیز ؛ صلاح سے متعلق ۔

Paraesthesia : (n) (مرضیات) لمس کاذب ؛غیر طبیعی مس ؛ (نفسیات) لمسی واہیت ؛(فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات)غیر طبعی احساس ۔

Paraffin /-ine : (n) [G. 'paraffin.'] (۱) پیرافن(ایک بے رنگ اور بے بو کی چکنی چیز جو پٹرول وغیرہ کو صاف کر کے بنائی جاتی ہے $(C_n H_{2n+2})$جس کا ریشنیخ (Reohbad) نے ۱۸۳۰ء میں سراغ لگایا تھا اور جس کا استعمال موم بتی یا الیکٹرک انسولیٹر بنانے میں ہوتا ہے؛ (کیمیا) موم معدنی ؛ پیرافن ۔ (۲) پیرافینی تیل کا مخفف ۔ (۳) (کیمیا) ایک قسم کے کیمیائی اجزاء (CnH2n+2) جس میں میتھین ، ایتھین ، پروپین ، کوائین وغیرہ پائے جاتے ہیں جو ہلکی سی حرارت پہنچانے پر گیس میں تبدیل ہو جاتے ہیں ۔

Paraffin : (v) پیرافن استعمال کرنا ؛ پیرافین ڈالنا ؛ پیرافن سے لبریز کر دینا یا بھر دینا ؛ پیرافین داخل کرنا ۔

Paraffin candle : (n) پیرافینی موم بتی ۔

Paraffin lamp : (n) پیرافینی بتی (لیمپ) ۔

Paraffin oil : (n) (کیمیا) پیرافینی تیل ؛ مٹی کا تیل ؛ پیرافینی پٹرولیم ۔

Paraffine paper : (n) پیرافینی کاغذ ۔

Paraffin series : (n) (کیمیا) پیرافینی سلسلہ(مرکبات) ۔

Paraffin wax : (n) (کیمیا) موم معدنی ؛ پیرافینی موم ۔

Paraganglia : (n) بر عقود ؛ زائد عقود ۔

Paragaster : (n) (حیوانیات) مرکزی یا گیس بھرا جوف ۔

Paragastric : (a) (۱)(حیوانیات) نیز معدنی ۔ (۲)مرکزی یا گیس بھرے جوف سے متعلق ۔

Paragenesic : (a) مخلوط نسلی کا یا اس کی صفت ۔

Paragenesis : (n) (۱)(حیوانیات)دونسلا پن ؛مخلوط نسلی ؛ اختلاط۔ (۲) دو نسلا پن جس میں بھہ جزوی طور پر جرثومۂ حیاتی سے محروم ہو جاتا ہے۔ (۳) دوبارہ پیدا کرنے کے ایک انوکھے طریقہ کا نام ۔ (۴) (کان) معدنی شے کی ملاوٹ ؛ معدنیات کی ایک دوسری سے جڑی ہوئی ایسی ساخت جس کی ایک شفاف پرت دوسری سے مل جاتی ہے اور سب مل کر ایک بڑی بلور نما چٹان معلوم ہوتی ہے ؛ اس قسم کی بنی ہوئی جیسے گریفائٹ یا سنگ مرمر ۔

Paragenetic : (a) (۱) مخلوط نسلی کا یا اختلاط کے نظریہ اختراع کیا ہوا ۔ (۲) (کان کنی) ایک دوسرے کے متعلق یا جڑواں سے پیدا ہونا ؛جڑواں؛ توام (بلور نما پتھر) ۔

Paragenic : (a) اختلاطی ؛ مخلوط نسلی کا ۔

Parageusia : (n) (طب) سوء ذائقہ ؛ (نفسیات) غیر طبیعی ذائقہ ؛ (نفسیات) ذوقی واہیت ۔

Parageusis : دیکھو Parageusia

Paraglobulin : (n) (کیمیا) خون میں پایا جانے والا مادہ گلوبلولین کی ایک خاص شکل کو پہچاننے کے لئے دیا گیا ایک نام ۔

Paraglossa : (n) (حیوانیات) زائدۂ زبانک ۔

Paraglossal / Paraglossate : (a) زائد زبانکی ۔

Paragnatha : (n) فکّین ورا ۔

Paragnathous : (a) (طیورات) برابر فکّہ ؛ برابر لمبائی کے (چونچ کے اوپر نیچے کا حصہ) جبڑے کا ۔

Paragnosis : (n) (نفسیات) سوء ادراک ؛ غلط ادراک ۔

Paragoge : (n) [Late L. 'paragoge.'] (قواعد) کسی لفظ میں حرف یا بول کا اضافہ ؛ از دیاد حرفی ؛حرف یا ہجائے الحاقی ۔

Paragogic/-al : (a) از دیادی ؛ حرف الحاقی ؛ ہجائے اضافی ۔

Paragon : (n) [It. 'paragone (also parangone).'] (۱) تفوق و برتری کا اعلیٰ نمونہ ؛ معیار کمال ؛کامل نمونہ (کسی شخص یا چیز کا)۔ (۲)مجموعۂ کمالات؛تمام خوبیوں کا مجموعہ ؛ خیر مجسم ؛ مجسم اخلاق وغیرہ ۔ (۳) (کان کنی) الماس کامل ؛ مکمل ہیرا ؛ اب سو قیراط مکمل ہیرا کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (۴) نظیر ؛ کامل نمونہ ۔ (۵) (طباعت) تقریباً بیس پوائنٹ کے ٹائپ حروف کا ایک پرانا سائز ۔

Paragon : (a) معیار کمال سے بڑھا ہوا ؛ خیر مجسم سے بڑھا ہوا ۔

Paragon : (v) (۱) قریب قریب رکھنا ؛ دو چیزوں میں مشابہت یا مماثلت دکھانا ؛ مقابلہ کرنا ؛ تشبیہ دینا ۔ (۲) برابر کرنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ موازنہ کرنا (شعرمیں) ۔

Paragonite : (n) (کان کنی) ایک قسم کا آبدار جس میں سوڈیم پایا جاتا ہے جو پوٹاش اور ابر قوں سے مختلف ہوتا ہے ۔

Paragonite-schist : (n) ایک قسم کا ورق دار جس میں پیراگونائٹ Muscovite کی شکل اختیارکر لیتا ہے ۔

Paragonitic : (a) اس قسم کی ابرق کا ۔

Paragram : (n) صنعت لفظی؛ ایک قسم کا لفظی کھیل ۔

Paragrammatist : (n) صنعت لفظی بنانے والا؛ لفظی کھیل کھیلنے والا ۔

Paragraph : (n) [med. L. 'paragraphus.' -um.] (۱) پیرا ؛عبارت کا ایک ٹکڑا ؛ قلم بند ؛ فقرہ ۔ (۲) پیرا گراف کا نشان (P) اب عموماً حوالہ دینے میں کام آتا ہے ۔ (۳) (اخبار) علاحدہ خبر وغیرہ جس کا کوئی عنوان نہ ہو ؛ بے عنوان کی خبر یا نوٹ ؛پیراگراف؛ خبر کا ایک جزو ۔ (۴) حاشیے کا نوٹ یا فٹ نوٹ۔ (۵) قانون کا ممیز مضمون ۔ (۶) نیز توصیفی معنوں میں۔

Paragraph : (v) (۱) ایل پیرا میں اشارہ کرنا یا بیان کرنا ؛ پیرا لکھنا ۔ (۲) کسی شخص یا چیز کے متعلق اخبار میں پیرا گراف لکھنا ۔

Paragrapher : (n) پیراگراف لکھنے والا ؛بے عنوان کی مختصر خبریں لکھنے والا ۔

Paragraphia : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) اختلال تحریر ؛ (مرضیات) غلط نویسی ۔

Paragraphic/-al : (a) پیراگراف کا ؛ پیرا کا ۔

Paragraphically : (adv.) پیرا یا پیرا گرافوں کے لحاظ سے ۔

Paragraphist : (n) دیکھو Paragrapher

Paragraphy : (n) پیرا گراف لکھنا ؛ بے عنوان کی مختصر خبریں لکھنا ۔

Paragrass : (n) برازیلی گھوڑے اور چوپائے کی گھاس ؛ ذرۃ حمراء (Panicum barbinode) اب جنوبی امریکا میں کاشت کی جاتی ہے ۔

Paraguay : (n) پیرا گوے کی چائے ؛ چائے کی قسم کی پتی ۔

Paraguay-tea : (n) پیرا گوے کے چائے ۔

Paraguayan : (n) پیرا گوے کا باشندہ ۔

Paraguayan : (a) پیرا گوے سے متعلق ۔

Paragula : (n) (حیوانیات) ورائے گلو ۔

Paraheliotropic : (a) (نباتیات) نور میلانہ ۔

Paraheliotropism : (n) (نباتیات) نور میلان ؛ پودوں کا یہ میلان کہ روشنی کے متوازی اپنے پتے پھیردیتے ہیں ؛ متوازی شمس رخی ؛ شمس گریزی ۔

Parahepatic . (a) (تشریح) نیز جگر؛ جگر سے متعلق؛ جگر سے ملا ہوا ۔

Parahormone / Para-harmonic : (n) زائد ہارمون ؛ایک ایسا مادہ جو بطور ہارمون کام کرتا ہو لیکن جس کی اپنی کوئی مخصوص ہیئت نہ ہو (جیسے کاربن ڈائی آکسائڈ کا اثر دماغ میں تنفسی مرکز پر ہوتا ہے) ۔

Parahydrogen : (n) (کیمیا) پیرا ہائیڈروجن ۔

Paraiyan : (n) [Tamil 'paraiyan.'] (۱) پار یا ذات کا کوئی فرد ۔ (۲) دروازی مزدور طبقہ ۔

Parakeet/ Paroquet : (n) [OFr. 'paroquet.'] (۱) توتا کی قسم کا ایک پرندہ ؛ لمبی دم کا ٹوئیاں ؛ دُرہ ؛ ایک قسم کا چھوٹا توتا جس کی لمبی دم ہوتی ہے ؛ لم دما توتا ؛ دم دار توتا ۔ (۲) تلمیحاً ؛ کنا تیاً آدمی کے لئے مستعمل (پرندوں کے چہچہانے کے طور پر یا شادمانی کے لئے)۔

Parakelia /-kilya / -keelia : (n) [Native name] آسٹریلیا کی ایک گھاس جو جانوروں کی غذا کے طور پر کام آتی ہے۔

Parakinesis / Parakinesia : (n) [L.] لمسی رفع ؛ لمسی ارتفاع ؛ موثر میں خرابی کے باعث اس کی عجیب و غریب اور غیر معمولی حرکتیں ۔

Parakinetic : (a) ایسی عجیب و غریب و غیر معمولی حرکت سے متعلق ۔

Parakite : (n) (۱) محافظ پتنگ (ایک قسم کا پتنگ جو محافظ چھتری Parachute کا کام دیتا ہے) ۔ (۲) بے دمچی کا پتنگ جو سائنس کے تجربات میں کام آتا ہے ۔

Paralactic acid : (n) (کیمیا) دودھ کی تیزاب کی ہم ترکیب تبدیلی ؛ دودھ کے تیزاب کے دو عناصر میں سے ایک ۔

Paralalia : (n) [L.] حروف کے رد و بدل یا آواز کی گڑ بڑ کے باعث تقریر میں بے ترتیبی یا ابتری ؛ (طب) فتور نطق ؛ تتلاہٹ ۔

Paraldehyde : (n) (کیمیا) ایک قسم کا الڈی ہائڈ جسے مخدر کے لئے یا بے خوابی کے مرض میں علاج کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

Paralexia : (n) الفاظ کی تبدیلی ، ترتیب یا الٹ پھیر کی وجہ سے پڑھنے کی صلاحیت میں دشواری جو عموماً دماغی چوٹ کے سبب پیش آتی ہے ۔ (طب) غلط خواندگی ؛ فتور قرأت ؛ (فلسفیات، نفسیات ، تعلیمات) اختلال خواندگی ۔

Paralexic : (a) فتور قرأت سے متعلق ؛ اختلال خواندگی سے متعلق ۔

Paralgesia : (n) درہم و برہم یا غیر معمولی احساس ۔

Paralgesic : (a) ایسے احساس سے متعلق۔

Paralimnetic : (a) کسی ایسے جھیل کے ساحلی علاقہ سے متعلق جو کنارے سے لے کر جھاڑیوں اور درختوں کے گھنے حصہ تک پھیلا ہوا ہوتا ہے ۔

Paralimnion : (n) [L.] کسی جھیل کا ساحلی علاقہ جو کنارے سے لے کر جھاڑیوں اور درختوں کے گھنے حصہ تک پھیلا ہوا ہوتا ہے ۔

Paralinguistics : (n) ان اشارات کا مطالعہ جو زبانی ابلاغ کے ساتھ ہوتے ہیں ۔

Paralipomena / Paralipomenon /-leip-: (n) [L. 'paralipomen] تین میں سے کسی چیز کو چھوڑنا اور ضمیمہ میں شامل کرنا ۔

Paralipsis / -leipsis : (n) [late L. 'paralipsis.'] ترک تلکیدی؛ تلکید بالترک ؛ کسی چیز کے بیان کو ترک کرنے کا وعدہ کرکے اسے اور نمایاں کر دینا؛ (علم البدیع) تجاہل عارفانہ؛ افہام ضمنی ۔

Parallactic : (a) (فلکیات) اختلاف منظری : اختلاف منظر کا یا اس سے متعلق .

Parallactic angle : (n) (فلکیات) زاویۂ اختلاف منظر .

Parallax : (n) [mod. L. 'parallaxis.'] (طبیعیات ، فلکیات) اختلاف منظر : مقام نظر یا نقطۂ نظر بدلنے سے .(۱)کسی چیز کا اپنی جگہ سے ہٹتے ہوئے نظر آنا .(۲)اختلاف منظرکا زاویہ .(۳) نیز مجازاً : (طبیعیات) منظری اختلاف .

Absolute parallax : (طبیعیات) مطلق منظری اختلاف .

Annual parallax : (فلکیات) سالانہ اختلاف منظر : (طبیعیات) سالانہ منظری اختلاف .

Diurnal parallax : (فلکیات) یومیہ اختلاف منظر .

Dynamical parallax : (فلکیات) حرکی منظری اختلاف .

Geocentric parallax : (فلکیات) ارضی مرکزی اختلاف منظر .

Helicentric parallax : (فلکیات) شمس المرکزی اختلاف منظر .

Horizontal parallax : (فلکیات) افقی اختلاف منظر .

Optical parallax : (فلکیات) بصری اختلاف منظر .

Solar parallax : (فلکیات) شمسی اختلاف منظر .

Stellar parallax : (n) کوکبی اختلاف منظر .

Parallel : (a) [L. 'parallelus.'] (۱) متوازی .(۲) مشابہ :مماثل . (۳) خط متوازی .(۴) ایک ہی ذہن : مقصد یا لائحۂ عمل کا : ایک دوسرے سے ملتا ہوا :ہم آہنگ .(۵) ایک ہی وقت کا : ایک ہی زمانے کا .(۶) (موسیقی) متوازی حرکت : مسلسل آواز : ایک ہی طرح کی .

Parallel : (n) (۱) خط متوازی : متوازی لکیر .(۲) (ارضیات) نظیر : مثلی : خط عرض البلد : خط طول بلد : مدار یومیہ : مدار روزانہ .(۳) متوازی خندق : ایسی خندق جو کسی مورچے وغیرہ کے متوازی ہو : جس پر حملہ کرنا مقصود ہے : (ہندسہ) متوازی خط .(۴) (طباعت) حوالہ جاتی نشان جو دو متوازی سمت الراس لائنوں پر مشتمل ہو.(۵)مثل: نظیر : وہ شخص یا چیز جو ہو بہو کسی قدر شخص یا چیز سے مشابہ ہو .(۶) مترادف : مراعات النظیر : مشابہت : مطابقت : مماثلت : متوازیت .(۷) متوازی موقع یا جگہ .(۸) مقابلہ: مقالیسہ: موازنہ .

In parallel : (برقیات) ہم توازی :ایک ہی پوائنٹ کو چھونے والی دو یا دو سے زیادہ سرکٹ کے تاروں کے بارے میں کہا جاتا ہے .

To draw a parallel between two things : دو چیزوں کا مقابلہ کرنا .

Parallel : (v) (۱) (ایک چیز کو) دوسرے کے مقابلے میں رکھنا (With , To کے ساتھ) یا دو یا زیادہ چیزوں کا) ذہنی طور پر پہلو بہ پہلو ہونا اس طرح کہ دونوں برابر ہوں .(۲) دو چیزوں میں مشابہت یا مماثلت دکھانا : مقابلہ کرنا : تشبیہ دینا : مماثل کرنا : مقابل کرنا : مطابقت کرنا .(۳) موافق ہونا : مثل یا نظیر ڈھونڈھنا یا پیش کرنا : مقابلے میں پیش کرنا .(۴) متوازی ہونا : مثل یا نظیر ہونا : مد مقابل ہونا : برابر ہونا .

Parallel bars : (n) کسرت میں استعمال ہونے والے ۴ سے چھ ۶ فٹ کے درمیان کھمبوں میں لگے ہوئے دو متوازی چھڑ : گھوڑی (جس پر ورزش کرتے ہیں) .

Parallel beam : (n) (طبیعیات) متوازی شعاع .

Parallel circuit/ - connection : (n) (برقیات) ایک ہی طرح کے دو پوائنٹس کو جوڑنے والے سرکٹ کے لئے استعمال ہونے والی اصطیلاح جو کہ دوسرے سرکٹ سے جوڑے جانے والے پوائنٹس کے لئے بھی استعمال ہوتی ہے : متوازی سرکٹ .

Parallel cleavage : (n) (طبیعیات) متوازی تصفیہ .

Parallel connection : (n) (طبیعیات) متوازی جوڑ .

Parallel cousin : (n) ایسے دو بھائیوں میں سے ایک جو دو سگے بھائیوں یا بہنوں کی اولاد ہوں : دو برادر زادہ یا دو خواہر زادہ : چچا زاد یا خالہ زاد بھائی .

Parallel curves : (n) (طبیعیات) متوازی خطوط منحنی .

Parallel dash : (n) دو متوازی خطوط (=) جو بعض اوقات مطبوعہ چیزوں میں صفحہ یا کالم کی تقسیم یا اس کا فرق ظاہر کرنے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں .

Parallel-epiped : (n) [Gr. 'parallelepipeson.'] (ہندسہ) مجسم متوازی السطوح ؛ حجم متوازی السطوح ۔

Parallel-epipedal : (a) مجسم متوازی السطوح کا ۔

Parallel fault : (n) (جغرافیہ ، ارضیات) متوازی رخنہ ۔

Parallel faulting : (n) (جغرافیہ ، ارضیات) متوازی رخنگی ۔

Parallel fold : (n) (جغرافیہ ، ارضیات) متوازی چین ۔

Parallel-forces : (n) (میکانیات) قواعہ متوازی ؛ متوازی قوتیں ؛ (طبیعیات) متوازی قوت ۔

Parallel light : (n) (طبیعیات) متوازی روشنی ۔

Parallel lines : (n) (ریاضی) متوازی خطوط ۔

Parallel motion : (n) (۱) کسی چیز کی حرکت جو ہمیشہ متوازی اور مماثل ہو (ایک ہی سمت میں)۔ (۲)(میکانیات) راست گیر حرکت ۔

Parallel nerved : (n) (۱) (حیوانیات) متوازی الاعصاب ۔ (۲) (نباتیات) متوازی العروق ؛ متوازی رگہ۔

Parallel of altitude : (n) خط طول بلد ۔

Parallel of forces : (n) خط متوازی قوتوں کا ۔

Parallel of latitude : (n) خط عرض بلد ۔

Parallel perspective : (n) متوازی ظاہری تناسب ۔

Parallel plate : (n) متوازی پلیٹ ۔

Parallel rod : (n) حلقہ سلاخ ؛ وہ روڈ (سلاخ) جو ریل کے انجن کے ایک ہی طرف واقع دھری کو ملانے والا ۔

Parallel rule / -rulers : (n) متوازی سطر ؛ متوازی خط کش ؛ متوازی رول ۔

Parallel sphere : (n) (فلکیات) کرۂ متواز یہ ۔

Parallel tests : (n) (شماریات) متوازی جانچیں ۔

Parallel veined : (a) (فلکیات) متوازی رگہ ۔

Parallelism : (n) (۱) تواز ؛ متوازیت ؛مماثلت ؛ مشابہت ؛ متوازی ہونا ۔ (۲) متوازی ہونے کی صفت ۔ (۳) متوازی حالت ؛ متوازی مقام یا جگہ (خاص کر جمع میں)۔ (۴) (نفسیات) تواز مادہ روح (نباتیات) مماثل ارتقاء ؛ موازات ؛ (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) متوازیت (جغرافیہ) توازیت ۔

Departmental parallelism : (فلسفہ ، نفسیات،تعلیمات) شعبہ جاتی متوازیت ۔

Psychoneural parallelism : (فلسفہ ، نفسیات،تعلیمات) نفسی ، عصبی متوازیت ۔

Psychophysical parellelism : (فلسفہ، نفسیات،تعلیمات) نفسی ، طبعی متوازیت ۔

Parallelist : (n) (نفسیات) قائل تواز مادہ دروح ۔

Parallelization : (v) ترادف ؛ مشابہت ۔

Parallelize : (v) متوازی بنانا ؛ مشابہ کرنا ۔

Parallelogram : (n) [Late L. 'parallelogrammum.'] (۱) متوازی الاضلاع ؛ شکل متوازی الاضلاع (مربع و مستطیل) ۔ (۲) اس شکل کی کوئی چیز مثلاً عمارت کی بلاک ، زمین کی جگہ (اسکوائر)؛ اینٹ؛ کارڈ وغیرہ (ریاضی) متوازی الاضلاع ۔

Parallelogram of acceleration : (a) (طبیعیات)شرح رفتار کامتوازی الاضلاع ۔

Parallelogram of force : (n) (طبیعیات) قوتوں کا متوازی الاضلاع ۔

Parallelogram of velocities : (n) (طبیعیات) سمتی رفتاروں کا متوازی الاضلاع ۔

Parallelogramic /-al/-mmatic: (a) متوازی الاضلاع کایا اس کے متعلق؛ متوازی الاضلاع کی شکل کا ؛ متوازی الاضلاعی ۔

Parallelopiped : (n) (طبیعیات) متوازی شش پہلو ؛ (ہندسہ) متوازی السطوح (مجسم) ۔

Oblique parallelopiped : (طبیعیات) ترچھا متوازی شش پہلو ۔

Rectangular parallelopiped : (طبیعیات)مستطیلی متوازی شش پہلو ۔

Right parallelopiped : (طبیعیات)قائمی متوازی شش پہلو ۔

Parallelopiped of acceleration : (n) شرح رفتار کا متوازی شش پہلو۔

Parallelopiped of forces : (n) قوتوں کا متوازی شش پہلو۔

Parallels : (n) (فلکیات ، برقیات) متوازیات۔

Parallels of declination : (n) متوازی عرض سماوی ؛ متوازی انحراف ؛ متوازی جھکاؤ ؛ متوازیات میل ؛مدارات میل۔

Parallely : (adv.) متوازیاً ؛ متوازی کے طور پر ؛ بطور متوازی ۔

Paralogia : (n) [L.] (نفسیات)عُسربیان ؛(طب) اختلال استدلال۔

Paralogical : (a) غیر منطقی ؛ غلط قیاس والا ؛ غیر متوقع ۔

Paralogism : (n) [Late L. 'paralogismus.'] (۱)غیرمنطقی استدلال (خصوصاً جس کا احساس استدلال کرنے والے کو نہ ہو) غلط قیاس منطقی ؛ ایسا قیاس جس میں صغریٰ اور کبریٰ کے درمیان صحیح حد اوسط نہ ہو ؛غلط قیاس ؛غلط منطق ؛غلط استدلال ؛ (فلسفہ ، نفسیات، تعلیمات) قیاس فاسد۔ (۲)مغالطہ۔

Paralogist : (n) غلط استدلال کرنے والا ؛ غلط قیاس کرنے والا ؛ مغالطہ کار۔

Paralogistic : (a) مغالطہ دہ ؛ مغالطہ آمیز ؛ غلط قیاس پرمبنی ۔

Paralogize : (v) [med. L.'paralogizare.'] استدلال میں غلطی کرنا ؛ ناقص دلیل پیش کرنا ؛ مغالطہ کھانا ؛ صغریٰ کے خلاف استنتاج کرنا۔

Paralysation : (n) (۱) شل ہو جانا یا کردینا ؛ فالج یا لقوے کا اثر۔ (۲) بیکار ؛ بے دست و پا ؛بے بس کر دینا یا ہو جانا۔

Paralyse / -ze : (v) [Fr. 'paralyser.'] (۱) شل کر دینا ؛ فالج کا اثر ہونا ؛ فالج زدہ کرنا ؛ مفلوج کرنا ؛ لقوہ مار جانا (جسم کے کسی حصہ کو)۔ (۲) (استعارۃً) بیکار کر دینا ؛ بے دست و پا کر دینا ؛ نکما کر دینا ؛ حرکت عمل کوختم کر دینا ؛ بے بس کر دینا ؛ معذور کر دینا ۔

Paralysed : (a) (طب) مفلوج ؛ مشلول ؛ معذور ؛ بیکار۔

Paralysing : (n) فالج زدہ ؛ لقوے کا ہونا ؛ بیکار کر دینا یا ہونا

Paralysis : (n) [L.] (۱) شل ؛ خفیف فالج ؛ فلج ؛ رعشہ ؛ لقوہ ؛ لرزہ ؛ جسم کے کسی حصّے کا شل ہو جانا ؛ ایک قسم کی بیماری جو اعصاب کی حرکت کی خرابی کی وجہ سے ہوجاتی ہے ۔ (۲) (استعارۃً) مردنی سی ؛ بے بسی کی حالت ؛ معذوری کی حالت ؛اپاہج کی سی حالت ؛ ناتوانی؛ عجز ؛ بے حالی ۔

Bell's palsy دیکھو Bell's paralysis :

Facial paralysis : (طب) لقوہ ؛ چہرہ کا فالج۔

General paralysis (of the insane) : فالج الدماغ ؛ ایک قسم کی بیماری جو دماغی توازن خراب ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے ۔

Infantile paralysis : (طب) فالجُ الاطفال۔

Local paralysis : (طب) اِسترخا ۔

Paralysis agitans : (n) (طب) رعشہ (مع فالج)۔

Paralytic : (a) [L. 'paralyticus.'] (۱) مشلول ؛معلوج ؛ فالج زدہ ؛ لقوہ زدہ ؛ لنجا ۔ (۲) بے دست و پا ؛ اپاہج ؛ معذور ؛ نکما ؛ بے اثر۔ (۳) فالج یا شل کی صفت کا یا اس جیسا ۔

Paralytic : (n) فالج زدہ شخص ؛ فالج سے متاثر آدمی ۔

General paralytic : دماغی فالج سے متاثر شخص ۔

Paralytic dementia : (n) (طب) استر خا؛ فالج ناقص ؛(فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) فالجی فتور ذہنی ۔

Paralytically : (adv.) مشلول یا مفلوج کی طرح ؛ اپاہج کی طرح ؛ بے دست و پائی سے یا نکمے پن سے ۔

Param : (n) [Para + am(ide)] (کیمیا) ایک قسم کی کیمیا ؛ دیکھو Dicyanodianide ۔

Paramagnetic : (a) پُر مقناطیسی ؛ جو مقناطیس قطبین کی طرف کھینچنے کی صلاحیت رکھتا ہو ؛ قطبی مقناطیس؛ (کیمیا) پیرامیگنیٹک ؛ جدید استعمال میں صرف ان اجسام اور عناصر کے لئے محدود ہے جن میں مقناطیسیت کم ہوتی ہے ۔

Paramagnetic cooling : (n) (طبیعیات) پیرا مقناطیسی خنکانا۔

Paramagnetic fluid : (n) (طبیعیات) پیرا مقناطیسی سیال۔

Paramagnetic resonance : (n) (طبیعیات) پیرا مقناطیسی گمک۔

Paramagnetically : (adv.) قطبی مقناطیسی کے طور پر۔

Paramagnetism : (n) (طبیعیات)پیرا مقناطیسیت ؛ قطبی مقناطیسیت۔

Paramastoid : (a) (تشریح) نز عظم حلمیه کا ؛ نز قذالی کا (دبستان نما اُبھار کے پاس واقع) پشت سر کی ہڈی کے ابھار کے لئے مستعمل ہے۔

Paramastoid : (n) (تشریح) نیز عظم حلمیه ؛ نز قذالی ۔

Paramastoid process : (n) (تشریح) نز قذالی رائده۔

Paramatta : (n) [f. Paramatta in New South Wales.] پیرامٹا : ایک قسم کا ہلکا کپڑا جو نفیس ملائم اون میں سوت یا ریشم ملا کر بنایا جاتا ہے ؛(سب سے پہلے شہر پیرامٹا (نیو ساؤتھ ویلز) میں تیار ہوا تھا۔

Paramecium : (n) (حیوانیات) لمبوترا لقاعیه؛ پاپوشی حوین۔

Paramenia : (n) (طب)طمث بے قاعده۔

Paramere : (n) [L.'Para + meros' .] (۱) حیاتیات) نصف جسم ؛ پارہ جسم۔ (۲) متشاکل جانور کے دورخی حصوں میں کا ہر ایک۔

Parameter : (n) [mod. L. 'parameter , -metrum.] (۱) (ریاضی) مقیاس الخروج ؛ وتر خاص (مکافی) ؛ (شماریات) پیرا میٹر ۔ (۲) (ریاضیات) وہ مقدار جو کسی خاص صورت میں متعین ہو مگر دوسری صورتوں میں غیر متعین ہو ؛ مقدار معلوم ؛ تبدیلیه ؛ امتیازی یا معروف خصوصیت جس کی پیمائش کی جا سکتی ہو یا گنا جا سکتا ہو۔ (۳) (قلمیات) پارامتر (نفسیات) مستقل ؛ (ارضیات) دارۂ خصوصی۔

Arbitrary parameter : (طبیعیات) بے قاعده تبدیلیه ۔

Constant parameter : (طبیعیات) مستقل تبدیلیه ۔

Differntial parameter : (طبیعیات) تفریقی تبدیلیه ۔

Estimation of parameter : (شماریات) تخمینه کاری پیرا میٹر۔

Space parmeter : (شماریات) فضائی تبدیلیه۔

Variation of parameter : (طبیعیات) تبدیلیه کی تبدیلی ۔

Parameter of distribution : (n) (طبیعیات) تقسیم کا تبدیلیه ۔

Parametral /Parametric/-al : (a) وتر خاص کا ؛ مقدار معلوم کا ؛ پیرامیٹری ۔

Coordinate parametric : (طبیعیات) پیرامیٹری سمتی قدریں ۔

Non parametric : (شماریات) غیر پیرامیٹری ۔

Parametric : (a) نصف جسم کا۔

Parametric curves : (n) (طبیعیات)پیرامیٹری خطوط ۔

Parametric equation : (n) (طبیعیات) پیرامیٹری مساوات ۔

Parametric representation : (n) (طبیعیات) پیرامیٹری نمائندگی ۔

Paramnesia : (n) [L.] (نفسیات) حافظۂ کاذب (طبیعیات) اختلال حافظه : حالت فراموشی ۔

Paramo : (n) [L. 'paramus.'] بلنداور بے شجرسطح مرتفع جوجنوبی امریکا کے گرم حصوں میں پائی جاتی ہے : (ارضیات) (ہسپانوی) پیرامو۔

Paramorph : (n) (کان کنی) کیمیائی ترکیب کے تغیر کے بغیر مادی علامتوں کے ذریعه بنا ہوا ایک قسم کا بلور : دیگر شکل ؛ کاذب شکل۔

Paramorphic : (a) ایسے ہی طور سے متعلق۔

Paramorphism : (n) (کان کنی) ایسے ہی بلور بننے کا عمل؛ دیگرشکل۔

Paramount : (a) [AFr. (law Fr.) 'paramont' , 'peramont'.] (۱) اقتدار ؛ عہده اور مرتبے میں اعلیٰ ؛ افضل ؛ برتر ؛ بہتر ؛ ممتاز ؛ سر فراز ۔ (۲) اعلیٰ ؛ سب سے بڑا ؛ سب سے برتر ؛ دائرۂ اختیار سے بڑھا ہوا عہده ؛ مرتبه سے بڑھا ہوا ؛ سب پر فائق ۔ (۳)اثر سوخ ؛ زور ؛ قوت ؛ وغیره میں سب سے اعلیٰ ؛ بہتر ۔ (۴) خاص ؛ غیر معمولی ؛ انتہائی ۔

Lady paramount : (۱)اعلیٰ اقتدار والی عورت ۔(۲) وہ عورت جس نے تیر اندازی ٹور نامنٹ میں سب سے زیاده اسکور بنایا ہو۔

Lord paramount : مقتدر اعلیٰ ؛ فرماں روا ؛وہ جسے اقتدار اعلیٰ حاصل ہو ۔

Paramount : (n) فرماں روا ؛ مقتدر اعلیٰ۔

Paramount power : (n) (۱) (سیاسیات) شہنشاہ ؛ مہاراجه دھیراج ۔

(۲) دولت مقتدرۂ عالیہ ۔

Paramountcy : (n) (۱) افضلیت : اشرفیت : برتریٔ علم : اعلیٰ اقتدار : سیاسی اقتدار میں برتر ہونا : (سیاسیات) بالا دستی ۔ (۲) غیر معمولی ہونا : اقتدار اعلیٰ ہونے کی حالت ۔

Paramountly : (adv.) (۱) اقتدار اعلیٰ یا فرماں روا کی حیثیت سے ۔ (۲) غیر معمولی ہونا : اقتدار اعلیٰ ہونے کی حالت ۔

Paramour : (n) [OFr. 'par amour(s)'] (۱) یار : آشنا : وہ شخص جس کا کسی عورت سے ناجائز تعلق ہو : عاشق : معشوق ۔ (۲) آشنا : وہ عورت جس کا کسی مرد سے ناجائز تعلق ہو : رفیقہ ۔

Paranatellon : (n) (علم النجوم) ایک ایسا تارا جو دوسرے تارے یا تاروں کے ساتھ نکلتا ہے ۔

Paranema : (n) (نباتیات) بے زر تار ۔

Paranephric : (a) (حیوانیات) نز جگری ۔

Paranephritis : (n) (طب) ورم غدّہ کظرنی ۔

Paranephros : (n) (تشریح) نز جگری غدّہ : کُظری غُدّہ ۔

Parang : (n) [Malay.] ایک قسم کی خولدار چھری جسے ملائی (جزائر شرق الہند کے باشندے) اوزار کے طور پر استعمال کرتے ہیں : ملایا کا بھاری چھرا (جو غلاف میں رکھا جاتا ہے) ۔

Paranoia/ Paranoea : (n) [mod.L.] (۱) خلل دماغ : دماغی پراگندگی : دماغی گڑبڑی (طب) جُنّت : خبط عظمت : مالیخولیا خصوصاً اس قسم کا جس میں انسان اپنے آپ کو بڑا آدمی سمجھتا ہے : اپنی بڑائی کا مالیخولیا ۔ (۲) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) وہم منظم ۔

Paranoic : (a) خلل دماغی کا : وسواسی : خلل دماغی ۔

Paranoic : (n) خلل دماغ : مریض جُنّت ۔

Paranoic dementia : (n) (طب) عتاہت وسواسی ۔

Paranoic projection : (n) (نفسیات) اخراج ذات ۔

Paranoid : (a) جُنّت یا ضبط عضمت کے مشابہ ۔

Paranoid : (n) (فلسفہ ، نفسیات) مریض پیرانویا : خبط عظمت میں مبتلا شخص ۔

Paranomia : (n) (نفسیات) جنون تسمیہ : جنونی کیفیت جس میں چیزوں کا نام غلط بتائے ۔

Paranormal : (a) ، نفسیات) غیر طبیعی : نادر ۔

Paranthelion : (n) (موسم) دگر شمس کاذب ۔

Paranuclea / Paranucleate : (n) (حیوانیات) دگر نواتی : نز نواتی : (نباتیات) ایک چھوٹے ذیلی نوات یا حصہ سے متعلق جو غیر معمولی ابتدائی خلیہ میں ہوتا ہے ۔

Paranucleue : (n) (حیوانیات) دگر نوات : نیز نوات : (نباتیات) ایک چھوٹا ذیلی نوات یا حصہ جو غیر معمولی ابتدائی خلیہ میں ہوتا ہے : (حیاتیات) مرکزہ نما زائیدہ ۔

Paranut : (n) برا زیلی جوز : برازیلی ناریل : آخروٹ ۔

Paranymph : (n) [Late L. 'paranymphus .'] (یونان قدیم) دولہا کا دوست : شہ بالا : (سماجیات) عروس بر : وہ شخص جو دولہا کے ساتھ دلہن کو لانے کے لئے جاتا ہے : نیز وہ دائی جو دلہن کی حفاظت اور دیکھ بھال کے لئے گھر جاتی ہے : دلہن دائی ۔ (۲) (مجازاً) شخص یا چیز جو شادی کا پیغام دیتی ہے ، یا دوسرے کے لئے وکالت کرتا ہے : مشاور : وکیل : حرف زن : مقرر : وہ شخص جو دوسرے کی طرف سے بولتا ہے : نمائندہ : نائب ۔

Paraparesis : (n) فالج پا : (طب) فالج ناقص پا ۔

Parapegm : (n) [L. 'parapegma.'] (یونان قدیم) عام اطلاع یا اعلان کے لئے لگائی ہوئی تختی : اعلان شاہی : قانون کے طور پر اشتہار یا اعلان یا سالانہ کلینڈر یا نجمی نظر : مذہبی فتویٰ : اصول یا فرمان : فرمان الہی : معین تاریخ یا تاریخ ، علوم ، حیات (وغیرہ کا) : دور عصر ۔

Parapet : (n) [Fr.] (۱) (فوج) دمدمہ : مورچہ : دھس : جان پناہ ۔ (۲) نیچی دیوار جو چھت ، برآمدے وغیرہ کی منڈیر پر ہوتی ہے : (تعمیرات) کنگورہ : منڈیر : پشتہ وغیرہ جو لوگوں کو گرنے سے بچاتا ہے ۔ (۳) کنگورہ کی طرح کی کوئی چیز ۔

Parapet : (v) کنگورہ سے محفوظ ہونا : منڈیر بنانا ۔

Parapet line : (n) منڈیر : دمدمہ کے نیچے کی لائن یا سطح خاص کر

چھت کے اوپر۔

Parapet wall : (n) منڈیر کی طرح استعمال ہونے والی نچلی دیوار۔

Parapeted : (a) دمدمہ دار؛ منڈیر دار؛ جس کے آگے نیچی دیوار ہو؛ پشتہ یا دمدمے سے بچایا ہوا۔

Paraph : (n) [med. L. 'paraphus.'] پاراف؛ دستخط کی کشش؛ قلم کی کشش جو دستخط کے آخر میں ہوتی ہے۔ (ابتداء میں جعل سازی سے محفوظ رہنے کے لئے اختیار کی گئی تھی)؛ کتابت میں حروف و الفاظ کے گرد کے دائرے جو اس طرح کھینچ کر بنائے جائیں کہ خوبصورت معلوم ہوں؛ امضائے مختصر۔

Paraph : (v) پاراف لگانا؛ دستخط کرنا خاص کر مختصر کرنا۔

Paraphasia : (n) [L.] (طب) غلط کلامی؛ عرض پراگندہ گوئی۔

Paraphemia : (n) (طب) غلط صوتی؛ غلط آوازی۔

Parapherna : (n) [Late L. 'parapherna.'] (رومی قانون) وہ ساز و سامان جو بیوی اپنے جہیز کے علاوہ شوہر کے یہاں لائے اور جو اس کے قبضے میں رہے۔

Paraphernal : (a) شادی شدہ عورت کے اس سازو سامان سے متعلق جو جہیز کے علاوہ ہوتا ہے؛ شادی شدہ عورت کے ذاتی سامان کے متعلق۔

Paraphernalia : (n) [med. L. 'paraphernalia'.] (۱) (قانون) شادی شدہ عورت کا ذاتی سامان (جو قانوناً اس کی ذاتی ملک تسلیم کیا جاتا تھا)۔ (۲) ذاتی اسباب یا سامان؛ وہ چیزیں جو کسی کے ذاتی استعمال میں ہوں۔ (۳) (کسی چیز کے) آلات وغیرہ؛ سازوسامان؛ لوازم؛ پوشاک؛ لباس۔

Paraphimosis : (n) (مرضیات) اختناق حشفہ۔

Paraphonia : (n) [Gr. 'paraphonia.'] (۱) (یونانی موسیقی) چوتھے اور پانچویں سروں کی ہم آہنگی۔ (۲) (طب) فتور نطق؛ فتور آواز۔

Paraphragm : (n) [Gr. 'paraphragma.'] (حیوانیات) قشریہ کے اندرونی ڈھانچہ کا ایک بیرونی حصہ۔

Paraphragmal : (a) اس قسم کے جانور کے ڈھانچے کے بیرونی حصوں سے متعلق۔

Paraphrase : (n) [L. 'paraphrasis.'] (۱) (عبارت کا) مطلب؛ تشریح؛ توضیح؛ تاویل؛ تفسیر۔ (۲) ادبی طرز؛ ادبی استعمال کا طریقہ۔ (۳) بائبل کی منظوم تفسیر کا کوئی باب (یہ تفسیر اسکا چستان کے کلیسا میں رائج تھی)۔

Paraphrase : (v) [f. prec.] (۱) عبارت کا مفہوم یا مطلب بیان کرنا؛ تفسیر بیان کرنا؛ دوسرے الفاظ میں معنی بیان کرنا؛ توضیح کرنا؛ تشریح کرنا نیز مجازاً۔ (۲) تاویل کرنا۔

Paraphraser : (n) مفسّر؛ مترجم؛ تشریح کرنے والا؛ توضیح بیان کرنے والا؛ تاویل کرنے والا۔

Paraphrasia : (n) (طب) بے ربط گوئی؛ پراگندہ گوئی؛ نقص تکلم؛ فتور نطق۔

Paraphrasis : (n) [L.] تفسیر؛ تاویل؛ تشریح؛ توضیح؛ ترجمہ۔

Paraphrast : (n) [med. L. 'paraphrastes.'] دیکھو Paraphraser

Paraphrastic : (a) [med. L. 'paraphrasticus.'] توضیحی؛ تشریحی؛ تفسیر کا یا اس سے متعلق؛ مطلب کا۔

Paraphrastically : (adv.) توضیح کے طور پر؛ تشریح کے طور پر؛ تفسیر کے انداز میں۔

Paraphrenia : (n) (طب) عقابت ذہنی۔

Paraphronesis : (n) [mod. L.] (طب) وقتی اختلال روانی؛ ہلکی سراسیمگی؛ ہلکا ہذیان؛ عارضی خلل دماغی۔

Paraphronsyne : (n) دیکھو Paraphronesis

Paraphyllium : (n) (نباتیات) بر برگہ؛ نز برگہ۔

Paraphysis / Paraphyses : (n) (نباتات) بے زر تار۔

Parapineal : (a) (تشریح) نز صنوبریہ۔

Paraplasm : (n) (قلمیات) سیّال مایہ؛ شکل مایہ؛ (حیاتیات) خلیائی مادے کے سیال حصے کا دیا ہوا کیفر کا نام۔

Paraplasmic/ Paraplastic : (a) شکل مایہ کا یا اس سے متعلق۔

Paraplegia : (n) [mod. L.] پیروں کا اور پورے یا آدھے دھڑ کا فالج؛ نیچے کے دھڑ کا فالج؛ فالج پا؛ ادھر نگ؛ نصف بدن کا فالج۔

Paraplegic : (a) (مرضیات) ادھرنگ کا : نصف بدن کے فالج سے متعلق : فالج پا کا یا اس سے متعلق؛ اس قسم کے فالج کی خصوصیت کا حامل : جس کے نیچے کے دھڑ پر فالج ہو ۔

Paraplegic : (n) نیچے کے دھڑ کا فالج زدہ شخص : فالج پا شخص ۔

Parapodial : (a) زائدہ پا سے متعلق : زائدہ پا کیڑے کی صفت کا ۔

Parapodium : (n) (حیوانیات) زائد پا : نیز پا : ایک قسم کے کیڑے کا وہ جوڑدار نچلے عضوجس کے ذریعہ وہ چلتے ہیں یا سانس لیتے یا محسوس کرتے ہیں ۔

Parapophysis : (n) (حیوانیات) پیش نامیہ : شکمی نامیہ ۔

Parapraxia/Parapraxis : (n) [L.] (حیوانیات) فتور کامل؛ فتور عمل؛ لغزش : سہو : خطا ۔

Parapsis : (n) [L.] (طب) فتور لمس : فتور مس ۔

Parapsychic : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) ماروائی نفس ۔

Parapsychical /Parapsychic : (a) ارواحیت کا : ماروائی نفسیات کا یا اس سے متعلق ۔

Parapsychism : (n) (مابعد النفسیات) پُر روحیت ۔

Parapsychological : (a) دیکھو Parapsychical

Parapsychologist : (n) ماہر ارواحیت : ماروائی نفسیات کا ماہر ۔

Parapsychology : (n) (مابعد النفسیات) ارواحیت : (نفسیات) ماروائی نفسیات : نفسیات کا ذب : تحقیقات روح ۔

Parapsychosis : (n) (طب) غلط دماغی ۔

Parapterum : (n) [L .] (حیوانیات) نِز جناح : گلوئے حشرہ کے پہلو میں ایک سخت ٹکڑا (قطعہ) ۔

Paraquat : (n) کوئی نمک ۔

Paraquet : (n) Parakeet کا متبادل ۔

Paraquito : (n) (حیوانیات) ٹوتیاں : چھوٹا توتا : درّہ ۔

Paractalia : (n) [Fr.] (ارضیات) نزد شمالیہ : شمالی معتدلہ (خطۂ آب) ۔

Paractalian : (a) (ارضیات) شمالی معتدلہ (خطۂ آب) سے متعلق ۔

Pararthria : (a) (طب) فتور نطق : لکنت زبان ۔

Parasang : (n) [L. 'parasanga.'] لمبائی کی پیمائش جو ۳ سے ۳/۵۰ میل کے درمیان ہوتی ہے : فرسنگ : نیز مجازاً ۔

Parascene : (n) (یونان قدیم) قدیم تھیٹر میں اسٹیج کے دونوں طرف کے کمرے جس میں اداکار آرام کرتے تھے ۔

Parasceve : (n) [L.] (یہودی) یوم السبت کی تیاری کا دن :یہودی یوم السبت کاموقع خصوصاً "گڈ فرائڈے" ۔

Paraselene : (n) [mod. L.] (سماجیات) قمر کاذب : چاند کے اوپر ایک چمکیلا داغ : ماہ کاذب : وہ روشن داغ جو چاند کے ہالے میں نظر آتا ہے : (ارضیات) مہتاب کاذب ۔

Paraselenic : (a) قمر کاذب کا یا اس سے متعلق : اس روشن داغ کے متعلق جو چاند کے ہالے میں نظر آتا ہے ۔

Parasital : (a) (۱) طفیلی؛ مفت خوری : کاسے لیسی : خوشامدانہ : چاپلوسی کا ۔ (۲) گیاہ طفیلی کا یا اس کے متعلق : انگلی :برنباتاتی؛ جانور طفیلی کا ۔ (۳) (حیاتیات) کچھ ایسی ذیلی چیز کے لئے مستعمل ہے جو دوسرے کے سہارے بڑھتی ہے ۔ (۴)(لسانیات) ایسے حرف سے متعلق جس کا تلفظ دوسرے حرف کے تابع ہو ۔

Parasite : (n) [L. ' parasitus'] (۱) کاسۂ لیس : طفیلی : مفت خور : لیمو نچوڑ : سور چاں ۔ (۲) (قدیم روما) قربانی کے بعد کے کھانے یا کسی آفیسر کے اعزاز میں دی ہوئی دعوت میں کسی کی شرکت ۔ (۳)(نباتیات) (طفیلی پودا : طفیلی کیڑا (جو دوسرے پودے یا کیڑے سے غذا حاصل کرتا ہو) : گیاہ طفیلی ۔ (۴) (بیجا استعمال) بیل وغیرہ : وہ پودا جو کسی اور پودے پر یا دیوار پر چڑھ جاتا ہے ۔(۵) (مجازاً) طفیلی جانور کی صفت کا شخص۔ (۶) (لسانیات) ایسا تلفظ جو کسی دوسرے لفظ سے مل کر نکلے ۔ (۷)(معدنیات) ذیلی معدن : ایسا معدن جو دوسرے معدن سے مل کر ایک علاحدہ معدن بناتا ہو؛ خصوصاً پاراسائٹ کی ایک قسم ۔ (۸)(ارضیات) طفیلیہ ۔

Parasite-dipthong : (n) دوہرا حرف علت جو طفیلی الفاظ سے مشتق ہو ۔

Parasitic : (a) [L. 'Parasiticus' .] دیکھو Parasital

Parasitic adaptation : (n) (حیوانیات) طفیلی تطابق : طفیلانہ توافق ۔

Parasitic specialization : (n) (حیوانیات) طفیلیا تخصیص۔

Parasitic worm : (n) (حیوانیات) طفیلی کیڑا۔

Parasitical : (a) دیکھو Parasital

Parasitical plant : (n) (حیوانیات)(نباتیات) انگل پودا؛نبات طفیلی۔

Parasitically : (adv.) طفیلی طور پر ؛مفت خوری کے طور پر۔

Parasiticalness : (n) کاسۂ لیسی طفیلیت۔

Parasiticide : (n) (طب) طفیلی کُش (دوا) ؛ وہ چیز جو طفیلی کیڑوں یا پودوں کو ہلاک کرتی ہے۔

Parasitism : (n) (۱) چاپلوسی ؛خوشامد ؛ طفیلیت ؛(حیوانیات)۔ (۲)(کسی جانور یا پودے) کے طفیلی ہونے کی حالت ؛کاسۂ لیسی ؛طفیلانہ خصوصیت یا عادت ؛ (حیاتیات) انگلی۔ (۲) (مرضیات) طفیلی امراض کی کثرت ہونا ؛اس سے پیدا شدہ مرض ؛طفیلیائی مرض۔

Parasitize : (v) طفیلیوں سے بھر دینا ؛ طفیلی کی کثرت ہونا۔

Parasitoid : (a) (حیوانیات) طفیلی نما۔

Parasitological : (a) طفیلیات کا یا اس سے متعلق ؛ علم انگلاں کا؛ طفیلی شناسی کا۔

Parasitologist : (n) ماہر طفیلیات ؛ طفیلی شناسی کا ماہر۔

Parasitology : (n) طفیلی کیڑوں یا پودوں کا علم ؛ (حیاتیات) طفیلیات ؛ علم انگلاں ؛ طفیلی شناسی۔

Parasitosis : (n) (حیاتیات) طفیلی امتلا۔

Parasol : (n) [Fr. 'parasol.'] زنانہ چھتری ؛ چھوٹی چھتری ؛ دھوپ سے بچنے کے لئے ایک چھوٹی ہلکی زنانہ چھتری۔

Parasol : (v) دکان کے آگے کا سائبان (کرمچ وغیرہ کا) دھوپ سے بچنے کے لئے زنانہ چھتری لگانا۔

Parasol ant : (n) پتیوں کو کترنے والی ایک قسم کی چیونٹی۔

Parasol pine : (n) جنوبی اطالیہ کا صنوبر جس کی اوپر کی شاخیں چھتری کی طرح چھائی ہوتی ہیں۔

Parasolette : (n) چھوٹی زنانہ چھتری۔

Parasphenoid : (a) (حیوانیات ، تشریح) استخوان شب پرہ سے متعلق ؛ نز وتدی کا ؛ عظم نز وتدی سے متعلق۔

Parasphenoid : (n) (حیوانیات ، تشریح) استخوان شب پرہ ؛نز وتدی؛ عظم نز وتدی۔

Parasternal : (a) سینے کی ہڈی کے قریب کا یا اس سے متعلق۔

Parasternal line : (n) پہنسلی کی ہڈی کی ایک تہائی اندر سے شروع ہونے والی ایک لکیر جو سینے کی ہڈی کی سطح سے نیچے تک رہتی ہے۔

Parastichy : (n) (نباتیات) ثانوی لچھا۔

Parastipes : (n) (حیوانیات) زیر خود ؛ زیر فانوس۔

Parasymbiosis : (n) (نباتیات) نقلی ہم زیستی ؛ کاذب ہم زیستی۔

Parasympathetic : (a) (حیوانیات) نز مشار کی عصبی نظام سے متعلق۔

Parasympathetic / -system /-nervous system : (n) (حیوانیات) نز مشار کی عصبی نظام۔

Parasynapsis : (n) (لسانیات) کسی لفظ کی غلط فہمی جس سے لفظ بدل جاتا ہو یا مسخ ہو جاتا ہو۔

Parasynaptic : (a) ایسے ہی لفظ کی غلط فہمی سے متعلق۔

Parasynthesis : (a) لفظ کا کسی مرکب سے مشتق ہو ؛ (قواعد) (قواعد) اشتقاق مرکب ؛ مرکب مشتقات۔

Parasynthetic : (a) مرکب سے مشتق کیا ہوا۔

Parasynthetic : (n) مرکب سے مشتق ؛ ترکیب اشتقاق۔

Paratactic : (a) بے حرف ربط کے ملا ہوا ؛ تصریضی طور پر ملا ہو ؛ حذف روابط کا یا اس سے متعلق۔

Paratactically : (adv.) تصریفی طور پر ؛ حذف روابط کے طور پر۔

Parataxis : (n) (۱) کئی تقرروں کا بغیر حرف ربط کے ساتھ آنا (قواعد) حذف روابط۔ (۲) Hypotaxis کی ضد۔

Parathermic : (a) غیر مرئی نارنگی یا سرخ رنگ کی شعاؤں سے متعلق جس کا نام Sir. J. Herschal نے دیا تھا جسے تھرمک یا گرم شعائیں کہا جاتا ہے ؛ تھرمک شعائیں۔

Parathesis : (n) [mod. L.] (۱) دو لفظ کا معمولی مرکب (بغیر تبدیلی کے) . Synrhsis اور Parasynthesis کا مخالف (یونانی کلیسا) . (۲) تعریفی عبارت : دعا کے موعظہ آمیز .

Parathetic : (a) (۱) دو لفظ کا معمولی مرکب سے متعلق . (۲) تعریفی عبارت کا یا اس سے متعلق .

Parathyroid : (n) (تشریح) نز درقیہ (غدّہ) : عدد میں سے ایک جو ذاتی غدود کے قریب ہوتا ہے :(فلسفہ ، نفسیات) دروائے ورقی غدود .

Paratonic : (a) (نباتیات) بیرونی محرّکی کا .

Paratriptic : (a) جسمانی یافت کی زیادتی کو پورے طور پر روکنے سے متعلق .

Paratriptic : (n) جسمانی یافت کی زیادتی کا کاملاً امتناع .

Paratroop : (n) (فوج) چھتر سپاہ : چھاتا فوج : چھاتا بردار فوج .

Paratrooper : (n) (۱) چھاتا فوج کا ایک رکن . (۲) ملٹری جو پیرا شوٹ کے ذریعہ اترے .

Paratrophy : (n) (حیوانیات) غیر طبیعی تغذیہ .

Paratyphoid : (n) نقلی ٹائیفائیڈ : نقلی تپ میعادی (کوئی بخار جو تپ معیادی سے اس قدر مشابہ ہوکہ بغیر جراثیم خونی کے معائنے کے فرق نہ معلوم ہو) : (طب) خفیف مُحرقہ تپ : شبہ مُحرقہ .

Paravane : (n) سرنگ کاٹنے کا آلہ (ایک آلہ جو دریا کے اندر دور تک لٹکا کر کھینچا جاتا ہے اور سرنگوں کی زنجیر میں کاٹ دیتا ہے) :(فوج) چھتر پرہ : پیراوین .

Paraxial : (a) (تشریح ، حیوانیات) جسم کے محور کے قریب کا یا دونوں طرف کا : (فوج) متوازی المحور .

Paraxial focus : (n) (بصریات) ماسکہ متوازی المحور .

Parazoa : (n) (حیوانیات) حُونیات الفنجیہ : ایک قسم کا ادنیٰ درجے کا آبی جانور .

Parazoan : (a) اس قسم کے ادنیٰ درجے کی آبی جانور سے متعلق .

Parazoan : (n) حونیات الفنجیہ کی نوع .

Parbleu : (n) [Fr.] تکلفی قسم .

Parboil : (v) [Late L. 'pareboillire.'] (۱) تھوڑا کھولانا : تھوڑا گرم کرنا : نصف گرم کرنا : نیم جوش کرنا . (۲) مجازاً (خصوصاً حوالے میں)زیادہ گرم کرنا :قدرے ابالنا : بہت زیادہ جوش دلا دینا : بہت بھڑکا دینا .

Parbluckle : (n) [Origin unkn.] (۱) ڈول پھندا . (۲) وہ رسی جسے بیچ میں کسی چیز سے باندھ دیتے ہیں اور دونوں سروں کو گول پھیروں اور اسی شکل کی چیزوں میں لپیٹ کر انہیں نیچے لٹکاتے یا اوپر کھینچتے ہیں .

Parbuckle : (v) ڈول پھندے سے نیچے لٹکانا یا اوپر کھینچنا .

Parcae : (n) [L.] (رومن دیومالا) رومن کی (تین) قسمت کی دیویاں .

Parcel : (n) [Fr. 'parcella.'] (۱) قدیم حصہ : ٹکڑا : جز : کسی چیز کا حصہ یا جز . (۲) قطعۂ زمین : قطعہ آراضی : قطعۂ جاگیر :خصوصاً علاقے کا حصہ . (۳) پارسل : چیزوں کی کپڑے یا کاغذ وغیرہ میں بندھی ہوئی گٹھری : بہنگی : کسی چیز کی تعداد یا چیزوں کا نمبر (خصوصاً مال) جو گٹھری میں لپیٹا ہو . (۴) (تجارت) مال کی ایک کھیپ : ایک چالان خصوصاً تھوک بازار کی ایک کھیپ . (۵) جزئیات مخصوص : رقم . (٦) چھوٹی پارٹی یا جماعت : کمپنی مجموعہ، اجتماع(آدمی، جانور یا چیز کا) : جماعت : علاحدگی : فوج یا بیڑے کا وہ حصہ جو علاحدہ مہم پر بھیجا جائے . (۷) (قانون) (جمع) انتقال جائداد یا تحویل وغیرہ کا حصّہ جو حکم نافذ کا پابند ہے اور جس سے جائداد کی صراحت معلوم ہوتی ہے .

Bill of parcel : پارسل کا ادائیگی کابل .

Of a parcel with : خوش آہنگ کے ساتھ : ہم آہنگ کے ساتھ .

Part and parcel : اہم جزو .

Parcel : (v) (۱) حصہ بخرے کرنا : حصوں میں تقسیم کرنا . (۲) (جہازرانی) (اسی پر) کرمچ کی دھجیاں لپیٹنا . (۳) دراز بند کرنا (کرمچ کے ٹکڑوں اور رال سے) : لپیٹنا (رسی) وغیرہ . (۴) ٹکڑوں میں تقسیم کرنا . (۵) ٹکڑوں یا حصوں میں بانٹنا : ٹکڑے ٹکڑے کرنا . (٦) پارسل کرنا .

Parcel : (adv. & a) کسی قدر : جزوی طور پر : حصے میں .

Parcel gilt : (a) جس کے ایک حصّے میں چاندی سونے کا ملمع ہو (خصوصاً پیالہ وغیرہ) جس میں اندرکی طرف

سونے کا ملمع ہو ۔

Parcel gilt : (n) ملمع کیا ہوا برتن : نیز مجازاً ۔

Parcel delivery : (n) پارسل سپردگی کا عمل یا پارسل سپردگی کی ایجنسی (نیز توصیفی معنوں میں) ۔

Parcel paper : (n) مضبوط کاغذ عموماً بھورے رنگ کا کاغذ جو کسی سائز کا پارسل باندھنے کے کام آتا ہے ۔

Parcel post : (n) پارسل پوسٹ : ڈاکخانے کی وہ شاخ جس سے پارسل بھیجے جاتے ہیں ۔

Parceled / Parcelled : (a) ٹکڑے کیا ہوا ؛ حصّے کیا ہوا ؛ پارسل کیا ہوا ۔

Parcelling / Parceling : (n) (۱) ٹکڑے کرنے کا عمل ؛ حصہ کرنے کا عمل؛ پارسل کرنے کا عمل ۔ (۲) (جہاز رانی) تار کول لگی کرمچ کی دھجیاں (جو جہاز کی رسیوں پر لپیٹی جاتی ہیں) ۔

Parcenary : (n) [OFr. 'parconcrie.'] (قانون) مشترکہ وراثت؛ شریک ارث ؛ ہم ارثی ؛ ہم میراث ۔

Parcener : (n) [OFr. 'parcoiner.'] (قانون شریک ارث ؛ شریک وراثت ۔

Parch : (v) [Origin unkn.] (۱) سخت گرمی میں رکھ کر خشک کر دینا ۔ (۲) (دانا ، مٹر وغیرہ کو) تھوڑا سا بھوننا؛ نیم بریاں کرنا ۔ (۳) (گرمی کا آدمی کو) جھلس دینا؛ (پیاس کا) حلق میں کانٹے ڈال دینا ؛ خشک کر دینا ؛ گرم کرنا یا سکھانا ۔ (۴) بھوننا ؛ سکھا دینا ؛ مرجھا دینا ؛ ٹھنڈ سے پڑ مردہ ہوجانا ۔ (۵) (پیاس سے) حلق میں کانٹے پڑ جانا ؛ خشک ہو جانا ۔ (۶) بہت گرم ہو جانا ؛ گرمی سے مرجھا جانا ۔

Parched : (n) مرجھا یا ہوا ؛ جھلسایا ہوا ؛ نیم بریاں ؛ گرمی سے خشک کی ہوا ؛ سیاہ سوختہ ؛ آفتاب سوختہ ۔

Parchedly : (adv.) نیم بریاں طور پر ؛ گرمی سے خشک ہو کر ؛ مرجھائے ہوئے طور پر ۔

Parchedness : (n) نیم بریانی ؛ نیم سوختگی ؛ جھلس ۔

Parching : (n) مرجھانے کا عمل ؛ خشک ہونے کا عمل ۔

Parching : (a) مرجھایا ہوا ؛ جو مرجھا جائے یا زیادہ خشک ہو جانے والا ؛ جھلسا ہوا ؛ جو کہ جھلس جائے یا گرم ہو جائے؛ بریاں کنندہ ؛ سوختہ ؛ خشک شدہ ۔

Parchment : (n) [Fr. 'parchemin.'] (۱) چرمی کاغذ ؛ جھلّی (جو لکھنے کے کام آئے) بھیڑ بکری کا چمڑہ جو لکھنے کے کام آئے ۔ (۲) چرمی کاغذ یا جھلّی پر لکھا ہوا مسودہ یا مخطوطہ ۔ (۳) جھلّی کی طرح کا جھلکا خصوصاً کافی بن کا جھلکا یا بھوسی ۔ (۴) (کاغذ) جھلّی چرمیہ ۔ (۵) مٹیالا زردی مائل رنگ ۔

Vegetable parchment : چرمی کاغذ ۔

Parchment coffee : (n) کافی کا بیج جو ابھی جھلکے ہی میں ہو ؛ کافی کا خشک بیج ۔

Parchment paper : (n) (طبیعیات) چرمی کاغذ ۔

Parchment skin : (n) جھلّی چرمیہ کا ایک ٹکڑا ؛ چرمی کاغذ کا ٹکڑا ، نیز مجازاً ؛ نیز ایک جلدی بیماری جو چرم کے مانند ہوتی ہے ۔

Parchmenty : (a) چرمی کاغذ کا ؛ مانند چرمی کاغذ ۔

Parcidentate : (a) [L.] کم دانت والا ؛ کم دندان ۔

Parcimony : (n) منطق جز رسی ۔

Parcity : (n) [L. 'parsitas.'] کمی ؛ قلت ؛ امساک ؛ کفایت شعاری ۔

Parclose / Perclose : (n) [OFr. 'parclos.'] اوٹ ؛ آڑ یا کٹہرے وغیرہ سے کسی عمارت میں جگہ کی روک ؛ اب صرف کسی کلیسا میں پردہ ؛ اوٹ یا کٹہرے سے قربان گاہ کی رکاوٹ یا مرکزی گرجا کی علاحدگی وغیرہ (عام گرجا سے) ۔

Parclose / Perclose : (v) [OFr. 'parclore'] گھیرنا ؛ بند کرنا ؛ اوٹ وغیرہ سے علاحدہ کرنا ۔

Pard : (n) [L. 'pardus.'] (قدیم) چیتا ؛ تیندوا ؛ یُوز ۔

Pard : (n) (عامیانہ) (خصوصاً امریکا) شریک ؛ ساتھی ؛ ساجھی ؛ رفیق ؛ یار ۔

Pard : (a) Pardie کا متبادل ۔

Pardie/Perdie : (adv.) [L .'perdeum.'] قسم کی ایک شکل By God ؛ (اقرار واثق کے طور پر) یقیناً ؛ واقعی ۔

Pardon : (n) [Ofr. 'pardun.'] بغیر سزا کے لغزش کی معافی ۔ (۱) معافی (خطا یا جرم سے) بخشش ؛ آمرزش ۔ (۲) (کلیسا) عفو گناہ ؛ (دینیات) مغفرت ؛ عفو ؛ کلیسائی رسم کے بعد سزا کی معافی (پادری کے

ہاتھ سے) .(۴) وہ جشن جس میں گناہ گار کو معافی سزا (Indulgence) عطا کی جائے ؛ جشن عفو گناہ .
(۴) (قانون) سزا معاف کرنا یا ہونا ؛ معافی .
قانونی سزا کی معافی (شرائط کے ساتھ یا بغیر شرائط کی) .(۵) فرمان عفو ؛ حکم بخشش ؛ معافی کی تحریر یا دستاویز .(۶) غلطی کی معافی ؛ مہذب معافی یا کلیسائی رسم کے بعد قصور کی معافی ؛ معافی ؛ معذرت؛ خدمت سے معافی چاہنے کی استدعا ؛ وجہ معافی ؛ الزام سے رہائی ؛ عفو تقصیر .

General pardon : عام معافی (سب چیزوں کی یا سب مجرموں کی) .

I beg your pardon : (۱) خطا معاف ؛ قصور معاف .
(۲) معاف فرمائیے میں نے سنا نہیں .(۳) میں نے آپ کی بات کو سمجھا نہیں ؛ اکثر صرف Pardon کہا جاتا ہے .

Pardon : (v) [med. L. 'pardonare.'] (۱) معاف کرنا ؛ درگذر کرنا؛ بخش دینا ؛ معذور سمجھنا ؛ معذور رکھنا ؛ معذوریت قبول کرنا .(۲) غلطی معاف کرنا ؛ قصور معاف کرنا .

Pardonable : (a) [Fr. 'pardonnable.'] قابل معافی ؛ لائق درگذر ؛ قابل عفو ؛ قابل درگذر ؛ وہ چیز جو درگذر کر دی جائے؛ قصور معاف کرنے کے لائق ؛ قابل بخشش ؛ آمرزش پذیر .

Pardonableness : (n) قابل در گذر ہونا ؛ قابل معاف ؛ قابل بخشائش.

Pardonably : (adv.) قابل عفو طور پر ؛ قابل معافی سمجھ کر .

Pardonee : (n) معافی پانے والا ؛ درگذر ہونے والا ؛ عفو تقصیر پانے والا؛ معاف کیا جانے والا .

Pardoner : (n) (اب صرف تاریخ میں) وہ شخص جسے کلیسا کی طرف سے لوگوں سے روپیہ لے کر ان کے گناہ معاف کر دینے کی اجازت ملی ہو .

Pardoner : (n) معاف کرنے والا ؛ درگذر کرنے والا ؛بخشش کرنے والا؛ غلطی کو نظر انداز کرنے والا .

Pare : (v) [L.'parare.'] (۱) تراش کر برابر یا درست کرنا ؛ تراشنا ؛ چھیلنا ؛ کسی چیز کے غیر متناسب حصے کو یا کھردرے پن کو برابر کرنا .(۲) (پھل وغیرہ کو) چھیلنا ؛ چھلکا اتارنا .(۳) گھاس یا دوسری چیز میں جو زمین کی سطح کو چھپائے ہوئے ہو اس کو چھیلنا ؛ کاٹ کر صاف کرنا .(۴) کم کرنا(چیزکو) ؛ رفتہ رفتہ کم کرنا .(۵)مونڈ ڈالنا ؛کاٹ (لینا) ؛ تراشنا ؛ تراش دینا ؛ سائز یا رقم میں کمی کرنا یا گھٹانا .(۶) (مجازاً) کاٹ دینا ؛ ہٹا دینا ؛ صاف کر دینا ؛ جڑ سے اکھاڑ دینا .(۷) کاٹ کر بنانا .

To pare and burn : زمین کی سطح کو مع گھاس وغیرہ کے دو یا تین انچ تک کاٹنا اور اسے جلا دینا تلکہ راکھ کھاد کے طور پر استعمال ہو .

To pare nail : ناخن تراشنا .

To pare nail to the quick : زندہ ناخن وغیرہ تراش دینا؛ جلد کے بالائی حصے کو کاٹنا .

Pare : (n) خاص کر بول چال میں pair کا متبادل .

Pared : (a) (شاعری) تراشا ہوا ؛ چھیلا ہوا .

Paregoric : (a) [Late L. 'paregoricus.'] مسکن درد ؛درد رُبا (دوا).

Paregoric : (n) شربت مُسکن (افیون کو الکحل میں حل کر کے اس میں کافور ، سونف اور بنز وئیك ایسڈ ملا کر بناتے ہیں) ؛ (طب) درد رُبا دوا ؛ مُسکن درد ؛ درد کوکم کرنے والی دوا .

Paregoric elixir : (n) (طب) اکسیر درد رُبا ؛ کافوری افیون .

Pareira : (n) [Pg. 'parreira.'] (۱) (طب) ایك دوا جو ایك برازیلی بوٹی کی جڑ سے حاصل ہوتی ہے اور پیشاب کی بیماریوں کے لئے مفید ہے ؛ پریرا ؛ (نباتیات) دیواری بیل ؛ شجرہ العضروف .

Parelectronomic : (a) عضلات کی برقی رو کی کمی کی وجہ سے پیدا ہونے والی حالت سے متعلق .

Parelectronomy : (n) (عضویات) عضلات کی برقی رو کی کمی کی وجہ سے پیدا ہونے والی حالت .

Parellate : (n) پیریلك ایسڈ کا نمك .

Parellic : (a) [med. L. 'paratella.'] قشر نما کائی سے حاصل کیا ہوا پیریلك ایسڈ ($Ca H_6 O_4$) پریلین (Parellin) بھی کہا جاتا ہے .

Parembole : (n) (علم البلد) ایك قسم کا جملۂ معترضہ .

Paremptosis : (n) دیکھو Parembole

Paren : جملۂ معترضہ ؛ وہ لفظ یا جملہ جو قوسین کے اندر ہو اور بقیہ عبارت سے نحوی ربط نہ رکھتا ہو .

Parenchyma / Parenchym/-me : (n) [Gr. 'parenchyma .'] (۱) (تشریح و حیوانیات) غدود اعضائے جسم کا اصلی مادہ جو گوشت اور نسوں کے علاوہ ان کی ساخت کے لئے ضروری ہے۔ (۲) مغز عضو؛ جرم اصلی؛ مغز غدہ۔ (۳) (نباتیات) یافت اصلی؛ خلیوں کا اسفنج نما مجموعہ جو پتوں اورگودے وغیرہ میں ہوتا ہے۔ (۴) (قلمیات) درونی مایہ؛ (حیوانیات) حشرات اسفنجیہ؛ کینچوے۔

Parenchymal : (a) (۱) غدودی اور اعضائے جسم کے اصلی مادہ سے متعلق؛ مغزغدہ سے متعلق۔ (۲) اسفنجوی؛ اسفنجائی۔

Parenchymatic : (a) Parenchymal دیکھو

Parenchymatous : (a) (۱) دیکھو Parenchymal۔ (۲) اسفنجیہ دار؛ اسفنجیائی۔

Parent : (n) [L. 'parens, -ent'.] (۱) وہ شخص جس نے لڑکا پیدا کیا ہو یا جس کو بچہ پیدا ہوا ہو؛ (جمع) والدین؛ والد؛ والدہ؛ ماں باپ۔ (۲) مورث؛ بزرگ؛ جدّ خصوصاً ہمارے مورث اعلیٰ آدم حوا۔ (۳) گارجین؛ محافظ؛ وہ شخص جو باپ کی طرح ہو؛ نگراں؛ دیکھ بھال کرنے والا۔ (۴) مورث (وہ درخت جس سے اور درخت یا وہ جانور جس سے اور جانور پیدا ہوئے ہوں)۔ (۵) (مجازاً) منبع یا سرچشمہ؛ جڑ (برائی وغیرہ)۔ (۶) (حیوانیات) پُرکھا؛ مورث۔

Our first parents : ہمارے اصلی والدین (آدم وحوا)۔

Spiritual parent : روحانی باپ؛ پیشوا۔

Parent acid : (n) (کیمیا) بنیادی تیزاب۔

Parent cell : (n) (نباتیات) خلیہ جس سے دوسرے خلیہ نکلے ہوں۔

Parent-in-law : (n) سسر؛ خسر یا ساس؛ خوشدامن؛ بیوی کے باپ ماں یا شوہر کے باپ ماں۔

Parent kernel : (n) بار آور انڈے کے خلیے کا بیج۔

Parent lava : (n) (ارضیات) سر چشمی لاوا۔

Parent magma : (n) (ارضیات) سر چشمی میگما۔

Parent metal : (n) Base Metal دیکھو

Parent rock : (n) (ارضیات) سر چشمی چٹان۔

Parent-teacher association : (n) تنظیم؛ جس کا مقصد اسکولی طلبہ کے والدین اور اساتذہ کے درمیان تعلقات کو بہتر بنانا ہے۔

Parentage : (n) [Fr. 'parentage .'] نسب؛ سلسلۂ نسب؛ اصل؛ نسل؛ (قانون) ولدیت؛ نیز مجازاً۔

Parental : (a) [L. 'parentalis.'] (۱) پدری؛ مادری؛ آبائی؛ خاندانی؛ باپ یا ماں سے متعلق؛ (سماجیات) والدینی؛ مثل باپ یا ماں۔ (۲) (مجازاً) منبع کا؛ سر چشمہ سے متعلق؛ (حیوانیات) مورثی۔

Parental care : (n) (حیوانیات) مورثی نگہداشت۔

Parental generation : (n) (حیوانیات) پُر کھانسل۔

Parentality : (n) ولدیت؛ ابویت؛ سر پرستی؛ مقام والدین؛ پدری؛ والدینی۔

Parentally : (adv.) ماں باپ کے طور پر؛ ماں یا باپ کی حیثیت سے؛ ماں باپ کی طرف سے خاندانی طور پر۔

Parenteral : (a) (طب) غیر امعائی۔

Parenthesis : (n) [Late L. 'parenthesis.'] (۱) جملۂ معترضہ؛ وہ لفظ یا جملہ جو قوسین کے اندر ہو اور بقیہ عبارت پر نحوی ربط نہ رکھتا ہو۔ (۲) وقفہ؛ فصل؛ درمیانی عرصہ؛ سکون؛ درمیانی زمانہ؛ حرف علت پر ختم ہونے والے لفظ اور حرف علت سے شروع ہونے والے لفظ کا درمیانی وقفہ؛ سکّہ۔ (۳) قوسین؛ جملۂ معترضہ کا نشان ( )؛ بلالین۔

Parenthesize : (v) (۱) جملۂ معترضہ کے طور پر داخل کرنا یا لکھنا۔ (۲) (لفظ یا جملے کو) قوسین کے اندر لکھنا۔

Parenthetic/-al : (a) (۱) جملۂ معترضہ کا۔ (۲) جملۂ معترضہ کی حیثیت کا۔ (۲) (استعارتاً) جو بیچ میں داخل کر دیا جائے؛ جو بات کاٹ کر کہا جائے۔

Parenthetically : (adv.) جملۂ معترضہ کے طور پر۔

Parenthood : (n) پدری؛ والدینی؛ مقام والدین؛ باپ کی حالت یا مقام۔

Parentless : (a) بغیر ماں باپ کا؛ یتیم پسر یا دختر سے متعلق؛ بغیر منبع یا سر چشمہ کے۔

Parents : (n) Parent کی جمع۔

Parentship : (n) دیکھو Parent hood

Parepididymis : (n) (تشریح) برخایہ یا بربخ کے قریب پائی جانے والی بے قاعدہ قنات صغیر۔

Parer : (n) (۱) (اوزار) ناخن گیر؛ نہیر نا۔ (۲) ناخن تراشنے والا؛ ناخن گیر شخص۔

Parergal : (a) ضمنی؛ ذیلی؛ ثانوی؛ تکملے کا؛ ضمیے کا۔

Parergon : (n) [L.] اضافی کام؛ معمولی دھندا؛ معمولی پیشہ۔

Paresis : (n) [Gr. 'paresis.'] (طب) استرخا؛ فالج ناقص؛ فلج؛ وہ فالج جس میں اعصابی حرکت ماؤف ہو جاتی ہے مگر حس باقی رہتی ہے۔

Paresthesia / Paresthesis : (n) (مابعد الطبیعیات) لمس کا ذب؛ غیر طبیعی حس؛ (طب) لمسی رابیت۔

Paretic : (a) استرخے کا؛ جسے استرخا ہو؛ فالج ناقص سے متاثر۔

Pargana/ Pergunnah : (n) [Hindi] (ہندوستان) وہ شہر یا علاقہ جو سب ڈویژن کے تحت ہو؛ (ارضیات) پرگنہ۔

Pargasite : (n) [G. 'pargasit.'] (معدنیات) سبز یا سبزی مائل ہارن بلنڈ (Horn blende) کی ایک قسم۔

Parge : (v) پلاسٹر کاری کرنا؛ چونا گردانی کرنا (دیوار وغیرہ)؛ دیوار وغیرہ کو آرائشی کام سے سجانا؛ آرائش کرنا۔

Parget : (n) [Late ME.] (۱) چونا گردانی؛ زیور یا اندرونی جھت پر پلاسٹر کاری؛ چونے کی استرکاری؛ گچ کاری۔ (۲) خصوصاً پلاستر میں آرائشی کام؛ دیوار کی آرائش۔

Parget : (v) [OFr. 'pargetter, parjecter.'] دیکھو Parge

Pargeter : (n) پلاستر کرنے والا؛ پلاستر کار؛ سفیدی پھیرنے والا۔

Pargeting : (n) پلاستر کرنے کا عمل؛ پلاستر کاری؛ چونا گردانی۔

Parfait : (n) [Fr. 'parfait'] بہت زیادہ برف دی ہوئی ملائی اور انڈے کی پڈنگ؛ نیز آئس کریم، میوہ، شربت، ملائی وغیرہ جو تہ بہ تہ رکھ کر بڑے گلاس میں پیش کیا جاتا ہے۔

Parheliacal / Parhelic : (a) آفتاب کا ذب کا یا اس سے متعلق۔

Parhelion / Muck sun : (n) [L. ' parelion.'] (۱) (جغرافیہ، ارضیات) آفتاب کاذب۔ (۲) (موسمیات) شمس کاذب؛ آفتاب کے ہالے (سر چشمۂ شمس) میں سب سے زیادہ روشن مقام۔

Pariah : (n) [Tami 'paraiyar.'] (۱) جنوبی ہند کی ایک نیچ ذات۔ (۲) ہندوستانی نیچ قوم کا آدمی؛ اچھوت۔ (۳) ادنیٰ ذات کا یا ادنیٰ طبقے کا شخص۔ (۴) (مجازاً) وہ شخص جو ذات باہر ہو گیا ہو؛ سماج سے نکالا ہوا آدمی؛ برادری سے خارج شخص۔ (۵) ہندوستان کا زرد رنگ کا ادنیٰ ذات کا کتا جو مارا مارا پھرتا ہے؛ (نیز) توصیفی معنوں میں۔

Pariah-dog : (n) ادنیٰ درجے کا مارا مارا پھرنے والا کتا؛ ہندوستان کا زرد رنگ کا ادنیٰ ذات کا کتا جو مارا مارا پھرتا ہے۔

Pariah kite : (n) ہندوستان کا اچکا بھنگی۔

Pariahdom / Pariahship : (n) اچھوت کی حالت؛ ہندوستانی نیچ قوم کے آدمی کی صفت یا حالت۔

Parian : (a) [L. 'parius of Paros + -an.] (۱) پاروسی؛ جزیرہ پاورس کا (اس جزیرے کا سفید سنگ مرمر مشہور ہے)۔ (۲) نفیس سفید چینی مٹی کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔

Parian : (n) نفیس سفید چینی مٹی یا نفیس سفید چینی مٹی کا برتن۔

Paridigitate : (a) (حیوانیات) جفت اصبعی؛ ہر پاؤں کا برابر انگوٹھا؛ (ریاضی) جفت عددی۔

Paries : (n) [L. 'paries, Pariet.] جانوروں یا پودوں میں جوف دار ساخت یا دوسری فطری بناوٹ؛ دیوار؛ جدار؛ جوف جسم کے اطراف کی نسیج پودے کا غلاف؛ شہد کے چھتے کا خلیہ۔

Parietal : (a) [Late L. 'parietalia.'] (۱) (تشریح؛ حیوانیات) جداری؛ حائطی؛ کسی جوف جسم کے اطراف کی نسیج کا یا اسے متعلق۔ (۲) حائطی؛ مجوف عضو یا ساخت کی دیوار کا یا اس سے متعلق۔ (۳) (امریکا میں) کالج کے احاطے سے متعلق یا کالج کے احاطے کے اندر۔

Parietal : (n) (تشریح، حیوانیات) کھوپڑی کے اوپر اور بازوؤں کی دو ہڈیاں؛ عظماء الصّحف امجداری؛ چندیا کی ہڈیاں؛ استخوان آجیانہ۔

Parietal bones : (n) دیکھو Parietal

Parietal cavity : (n) (حیوانیات) جداری کیفہ۔

Parietal cells :(n) (حیوانیات) خلیات جداری۔

Parietal eye : (n) (حیوانیات) چشم صنوبری۔

Parietal foramen : (n) جداری سوراخ۔

Parietal lobe : (n) (حیوانیات) فصّ جداری۔

Parietal organ : (n) (حیوانیات) عضو جداری۔

Parietal region : (n) (تشریح) جمجمہ : کھوپڑی۔

Parietal segment : (n) (حیوانیات) جداری قطعہ۔

Parietal vien : (n) (حیوانیات) جداری ورید۔

Parieto- : (Prefix) سابقہ : جزو ترکیبی بمعنی "الجداری" "چندیا کی ہڈیاں"۔

Parieto-mastoid : (a) (جوف) جسم کی دیوار سے متعلق۔

Parieto-splanchnic : (a) امعاء یا احشا کی دیواروں کا۔

Parillin / Pariglin : (n) [Sp. 'parilla.'] (کیمیا) سفید یا بے رنگ خوشبودار بلوری مادہ ($C_{40}H_{70}D_{18}$) جو ایک قسم کے پودے سے حاصل ہوتا ہے جسے پریلک ایسڈ (Parillic acid) بھی کہا جاتا ہے۔

Parimutuel : (n) [Fr.] (گھوڑ دوڑ) شرط مشترک : شرطانہ : ساجھے کی بازی : گھوڑ دوڑ کی وہ بازی جس میں جیتنے والے جیتی ہوئی رقم دوسرے شرط لگانے والوں کے ساتھ بانٹ لیتے ہیں۔

Paring : (n) (۱) سطح یا کنارہ کے تراشنے یا چھانٹنے کا عمل یا کوئی سطحی چیز (ادبی اور مجازی)۔ (۲) ایک باریک حصہ جو کسی چیز کی سطح سے تراش لیا گیا ہو : چھیلن۔

Paring chisel : (n) (اوزار) چھلنی۔

Paring knife : (n) (اوزار) ناخن گیر : نہیرنا : سم تراش۔

Paripassu : (adv.) [L.] (۱) مساوی رفتار سے : مساویانہ۔ (۲) ایک ہی وقت میں اور برابر : ساتھ ساتھ : برابر۔ (۳) (قانون) مساویانہ۔

Paripinnate : (a) [L. 'Pari-' + Pinnate.] (نباتیات) جفت پرہ دار : جفت گوشکہ۔

Paris : (n) شہر پیرس : فرانس کے دارالحکومت کا نام۔

Paris blue : (n) (۱) ایک قسم کا نیلا رنگ : پرشیائی نیلا رنگ۔ (۲) نیلین سے حاصل کیا ہوا : چمکیلا نیلا رنگ کی چیز۔

Paris doll : (n) مصنوعی شکل جو عورتوں کے کپڑے بیچنے والی دکان پر رکھی رہتی ہے۔

Paris green : (n) ایک جراثیم کش زہریلا رنگ۔

Paris white : (n) ایک قسم کا عمدہ سفید جو پالش کے کام آتا ہے۔

Parish : (n) [OFr. 'paroche.'] (۱) (برطانیہ میں) کسی ملک کے سب ڈویژن کا نام۔ (۲) کلیسائی حلقہ (کسی ضلع کا اتنا حصہ جس میں ایک علاحدہ گرجا اور پادری ہو۔ (۳) کسی کلیسائی حلقے یا جاگیر کے علاقے کی آبادی جہاں گرجا اور پادری ہوں اور جسے کلیسائی ٹیکس ادا کیا جاتا ہو۔ (۴) کلیسائی علاقے یا بیرونی ملک کا علاقہ۔ (۵) خیراتی حلقہ (قانونی امداد غربا یا نفاذ کے لئے قائم کئے گئے ہیں ان میں سے ایک) : ایک حلقہ جو شہری حکومت کے لئے قائم کیا گیا ہو۔ (۶) کلیسائی حلقے کے کل باشندے۔ (۷) (امریکا) کلیسائی عبادت میں شریک لوگوں کی جماعت : انجمن : مجلس : اراکین جامعہ کا عام اجتماع (اس طرح) : فرقہ : گروہ : طبقہ : ذات۔ (۸) (امریکا) لوئی زینا (Loui Siana میں) دوسرے ملک کے علاقے کا ایک ڈویژن یا ضلع۔ (۹) بشپ کا تعلقہ یا ضلع جو بشپ کے روحانی ماتحت میں ہو۔

To go on the parish : خیراتی حلقے (Parish) سے امداد حاصل کرنا۔

Parish church : (n) پیرش کا گرجا۔

Parish clerck : (n) کلیسائی حلقے کا محرر : ایک عہدہ دار جو مختلف کلیسائی فرائض انجام دیتا ہے۔

Parish council : (n) برٹش کونسل کا ڈسٹرکٹ بورڈ : کلیسائی حلقے کی کونسل خصوصاً علاقائی مجلس انتظامیہ جو ۳۰۰ ممبران پر مشتمل ہو۔

Parish councellor : (n) کلیسائی حلقے کی کانسل کا ممبر۔

Parish lands : (n) کلیسائی حلقے کی زمینداری جس کا نظم گرجا کے نگراں کے ذریعے ہوتا ہے۔

Parish lantern : (n) چاند۔

Parish priest : (n) کلیسائی حلقے میں روحانی ضرورتوں کی دیکھ بھال کرنے والا پادری ؛ کلیسائی حلقے کا پادری ۔

Parish pump : (n) علاقے کے مفاد اور اہمیت کے مطابق سیاست اور دوسرے معاملات کو ظاہر کرنے کے لئے تلمیحاً یا استعارتاً استعمال ہوتا ہے ۔

Parish-register : (n) پیرش کا رجسٹر (جس میں ولادت ، موت اور شادی وغیرہ کے بارے میں اندراج ہوتا ہے)۔

Parishioner : (n) کسی (کلیسائی) حلقے کا باشندہ یا پیرش کی جماعت کا نمائندہ ۔

Parisian : (n) پیرس کا باشندہ ؛ پیرس کا رہنے والا ۔

Parisian : (n) پیرسی ؛ پیرسی کا یا اس سے متعلق ۔

Parisianism :(n) پریسیت ۔

Parisianize : (v) پیرس بنانا ۔

Parisienne : (n) [Fr. fem. of 'parisien '.] پرسی عورت ؛ پیرس کی عورت ۔

Parisite : (n) [Named 1845 after J.J. Paris , its discoverer.] کیلیفورنیا کی ایک معدنی شے $(Ce, La)\ Ea\ (CO_3)_3\ F_2$ ۔

Parison : (n) [Gr. 'parison.'] (بلاغت) اجزائے جملہ میں تعادل کامل۔

Parison : (n) [Fr. 'paraison.'] شیشہ سازی کا کام ۔

Parisyllabic : (a) [L.] مساوی الاجزاء کا (یونانی اور لاطینی کا وہ اسم جس کے بول حالت فاعلی میں ہوتے ہیں اتنے ہی حالت اضافی ، مفعولی وغیرہ میں رہتے ہیں ؛ مساوی الہجاء کا ۔

Parisyllabic : (n) مساوی الاجزاء کا اسم ؛ مستاوی الہجاء ۔

Parity : (n) [Late L. 'paritas.'] (۱) مساوی ہونے کی حالت ؛ مساوات ؛ برابری ۔ (۲) عہدہ یا حیثیت میں برابر ؛ مساوی خصوصاً ممبروں ، منسٹروں یا کلیسا کے ارکان یا عہدیداروں کے درمیان مساوات؛ برابری ؛ ہم آہنگی ۔ (۲) مشابہت ؛ مماثلت ؛ مطابقت ؛ مہم ۔ (۳) (معاشیات) مساوات مبادلہ ؛ مساوات زر ؛ (دو ملکوں کے) سکوں کے مبادلے کا معمولی حالت میں مساوات ۔ (۵) قانونی طور پر زر مبادلہ میں مساوات ۔

Parity : (n) (طب) مولدیت ؛ بچہ زئی ؛ تولید فرزند۔

Parity of exchange : (n) (معاشیات) مساوات مبادلہ ۔

Parity of reasoning ; (n) مشابہت استدلال ۔

Park : (n) [med. L. 'parricus.'] (۱) (قانون) شکارگاہ ؛ گھرا ہوا علاقہ یا قطعۂ ارض جو وحشی جانور کے رہنے کے لئے ہو اور بادشاہ کی طرف سے اس کی دیکھ بھال ہو ۔ (۲) رمنہ ؛ سبزہ زار اور جنگل جو دیہات میں امیروں کے مکان کے ساتھ ہوتا ہے ۔ (۲) پارک ؛ کھلا باغ ؛ تفریح گاہ عمومی ؛ باغ ملّی ۔ (۲) کسی شہر یا ٹاؤن کے قریب ایک محصور خطۂ ارض جو تفریح گاہ کے لئے ہو ۔ (۵) زمین کا ایک وسیع رقبہ جو قومی جائداد کی حیثیت سے ہو اور عام لوگوں کے فائدے کے لئے مخصوص ہو ؛ نیشنل پارک ؛ (امریکا وغیرہ میں) ۔ (۶) (آئر لینڈ اور اسکاٹ لینڈ میں) ایک خطۂ زمین ؛ چراگاہ ؛ مرغزار اور کاشت کے لئے زمین کھیت ؛ چھوٹا سا میدان یا کھیت (خصوصاً جو گھڑ سال کے اندر ہو) ۔ (۷) پہاڑوں کے درمیان ایک سطح مرتفع کے مانند وادی ۔ (۸) (فوج) کیمپ کا میدان ؛ پڑاؤ ؛ جو توپ خانے کے طور پر استعمال ہو ؛ موٹروں اور دوسری سواری کے کھڑا کرنے کا چوک یا میدان ۔ (۹) قدرتی پارک ؛ سبزہ زار ۔ (۱۰) ایک مخصوص علاقہ جس میں Oysters پالے جاتے ہیں ۔

Oyster park : Oyster کا کھیت سمندر کے کنارے ایک محصور رقبہ جس میں Oyster پالے جاتے ہیں ۔

The park : (لندن میں) پہلے لندن کے سینٹ جیمس پارک کو کہتے تھے ؛ اب ہائڈ (Hyde) پارک کو کہتے ہیں ۔

Town parks : (آئر لینڈ) گاؤں یا شہر کے چاروں طرف کاشت کاری یا چراگاہ کے لئے چھوڑے ہوئے زمین کے چھوٹے ٹکڑے ۔

Park : (v) (۱) کسی قطعۂ اراضی کو پارک بنانا ۔ (۲) (فوجی) (توپ خانہ وغیرہ کو) قطعۂ اراضی میں ترتیب دینا ؛ قاعدے سے رکھنا ؛ پڑاؤ میں قرینے سے رکھنا ۔ (۲) موٹر کو موٹروں کے چوک یا دوسرے مخصوص جگہوں میں کھڑا کرنا ۔ (۴) جب تک ضرورت نہ ہو مناسب جگہ میں چھوڑ دینا ۔

Park-hack : (n) پارک میں سواری کا گھوڑا ۔

Parka : (n) [Aleutian .] چمڑے کا ایک بیرونی لباس جیکٹ جس میں ٹوپی لگی ہوتی ہے اور شمالی افریقہ کے اسکیمونسل کے لوگ پہنتے ہیں ؛ اس جیسا لباس عموماً وہ کپڑا جس پر ہوا اثر نہیں کرتی ہے اور جسے کوہ پیما

پہنتے ہیں ؛ کلاہ دار جیکٹ ؛ لباس ۔

Parker : (n) [med . L. 'parcarius.'] پارک میں رہنے والا خرگوش ۔

Parkhurst : (n) پارک بہرست کا جیل خانہ ۔

Parkin : (n) [of Local origin.] جئی کا کیک : ایک قسم کا کیک جو جئی کے آٹے اور شیرہ وغیرہ سے بنتاھے ۔

Parking : (n) پارک کرنے کا عمل : تفرج گاہ ؛ تفریح گاہ ؛ (امریکا میں) سڑکوں کے بیچ میں چمن اور درختان ۔

Parking-meter : (n) وہ آلہ جو یہ بتاتا ھے کہ سڑک وغیرہ پر کسی گاڑی کو کتنی دیر رکھا جا سکتا ھے ۔

Parking place : (n) پارک گاہ ؛ موٹر پڑاؤ ؛ موٹر ٹھہرانے کی جگہ ۔

Parkinson : (n) پارکنسن ؛ ایک انگریز سرجن اور قدیم حیاتیات کا عالم ۔

Parkinson's disease : (n) (فلسفہ ،نفسیات) مرض رعشہ ؛ مرکزی نظام اعصاب کا ایک پے چیدہ ، بڑھنے والا مرض جس سے اعضاء میں کپکپی ، سختی اور حرکت میں سستی پیدا ہوتی ھے ۔

Parkish : (a) پارک کا سا ۔

Parky : (a) (عامیانہ) سرد ؛ ٹھنڈ (ہوا) ۔

Parlance :(n) [OFr. 'parlance.'] (۱)مکالمہ ؛ مناظرہ ؛ طرز سخن ؛ بات کرنے کا طریقہ ۔ (۲) کسی خاص طبقے کی زبان یا روزمرہ ؛ محاورہ ؛ بولی ؛ گفتگو ۔

Parlatory : (n) [med.L. 'parlatorium.'] عیسائی(خصوصاً عورتوں) کا دیوان خانہ ؛ راہبان کا مومعہ یا خانقاہ ۔

Parle : (n) [Fr. 'parler.'] (۱)(قدیم اور بول چال) گفتگو ؛ بول چال ؛ مکالمہ ۔ (۲) مناظرہ؛ مباحثہ ؛ مبحث و تمحیص ؛ کانفرنس ۔

Parley : (n) [OFr. 'parlee.'] (۱) تقریر ؛ گفتگو؛ بات چیت ؛ کانفرنس ؛ مباحثہ ؛ بحث و تمحیص ؛ مذاکرہ ۔ (۲)وہ مجلس جس میں اُمور متنازعہ پر گفت و شنیدکی جائے ؛ گفت و شنید کی صحبت خصوصاً (فوج)(صلح وغیرہ کی) شرائط کی گفت و شنید ؛ شرائط کی گفتگو ۔

To beat or sound a parley : دُہل یا ترم بجا کر گفت و شنید کی درخواست کرنا ۔

Parley : (v) (۱) بات چیت کرنا ؛گفتگو کرنا ؛ مناظرہ و مذاکرہ کرنا(اب قدیم) ۔ (۲) بولنا خصوصاً غیرملکی زبان بولنا ؛ یا کسی زبان میں گفت و شنید کرنا ؛ شرائط طے کرنا (خصوصاً دشمن سے) نیز مجازاً ۔ (۳) کسی شخص کو بولنے کی اجازت دینا ؛ کسی کے ساتھ مباحثہ کرنا ؛ بحث کرنا ۔

Parley : (v) (امریکا) (قماربازی) جیتے ہوئے روپے سے دوبارہ شرط لگانا ۔

Parleyvoo : (n) [Fr. 'parlez- vous '.] (مزاح) فرانسیسی زبان ؛ فرانسیسی ؛ فرانسیسی تعلیم ۔ (۲) فرانس کا رہنے والا ۔

Parleyvoo : (v) (عامیانہ یا مزاحاً) فرانسیسی بولنا ؛ فرانسیسی میں گفتگو کرنا ؛ غیر ملکی زبان میں گفتگو کرنا ۔

Parliament : (n) [Fr. 'parlement.'] (۱) ایک باضابطہ کانفرنس یا کاؤنسل جو عام اہمیت کے چند معاملے یا معاملات پر بحث و تمحیص کے لئے ہو ؛ رسمی کانفرنس ۔ (۲)پارلیمنٹ ؛ برطانیہ کی اعلیٰ مجلس مقنّنہ ؛ دوسرے ملکوں کی اعلیٰ مجلس مقنّنہ ؛ مجلس شوریٰ ؛ پارلیمانی ۔ (۳) مختلف مجلس شوریٰ کے لئے استعمال ہوتا ھے (i) ٹن کے کارخانوں کے علاقے میں ؛ٹن کے کام کرنے والوں کے ذریعہ منعقد کی ہوئی مجلس ۔ Middle or Inner Temple کے ممبروں کا اجتماع نیز مجازاً ۔ (۴) (فرانس میں) (۱۷۸۹ء کے انقلاب کے قبل) سپریم کورٹ کو بعض دیئے ہوئے نام۔ (۵)ادرک کی پتلی خستہ میٹھی ٹکیا (نیز Parliament) ۔ (جغرافیہ ، ارضیات) پارلیمنٹ ۔

Act of parliament : مجلس وضع قانون کا تحریری قانون جو دونوں پارلیمانی ہاؤس (یعنی ہاؤس آف لارڈ اور ہاؤس آف کامن) سے پاس ہو اور شاہی منظوری کے لئے بھیجا جائے ؛ (پارلیمان کا) ایک ایکٹ ۔

Barebone's parliament : چھوٹی پارلیمنٹ Praise-God Barbone کے نام پر اسے کہا جاتا ھے جو لندن کا ایک ممبر تھا ۔

Clerk of the parliament : ہاؤس آف لارڈس کا اعلیٰ عہدہ دار جو کسی بل کی شاہی منظوری کو پارلیمنٹ میں پڑھ کر سناتا ھے (جب ممبران اس ہاؤس میں مجتمع ہوں) ۔

High court of parliament : ایک نام جو پہلے اجتماعی طور پر پارلیمان کے دونوں ایوانوں کے لئے (جب ان کا اجلاس ہو) استعمال ہوتا تھا لیکن اب زیادہ تر پارلیمان عدالتی حیثیت کے لحاظ سے کہا جاتا ھے ؛عدالت عالیہ کا پارلیمان ۔

Little parliament : Crome well جو ۱۲۰ ممبروں کی مجلس اور اس کے کاؤنسل آف آفیسر کے ذریعہ نامزد کئے گئے ممبروں پر مشتمل تھی جو ۴ / جولائی ۱۹۵۲ سے ۱۲/ دسمبر ۱۹۵۳ ء تک رہے۔

Long parliament : وہ پارلیمنٹ جو ۳/ نومبر ۱۶۴۰ ء سے مارچ ۱۶۶۰ ء تک رہی۔

Rump parliament : لمبی پارلیمنٹ کا باقی ماندہ ۔

Short parliament : پارلیمنٹ جو ۱۳ / اپریل ۱۶۴۰ ء سے ۵/ مئی ۱۶۴۰ ء تک رہی۔

The parliament Act : ۱۹۱۱ ء کا وہ قانون جس کی رو سے برطانوی دار الامراء کو بعض مسودات کے حق تنسیخ سے محروم کر دیا گیا اور دوسرے مسودات میں بھی یہ حق صرف التواتک محدود رہ گیا۔

To open parliament : (بادشاہ کا) پارلیمنٹ کے اجلاس کا باضابطہ افتتاح کرنا۔

Parliament cake / Ginger bread : (n) ادرک کی پتلی خستہ میٹھی ٹکیا۔

Parliament chamber : (n) پارلیمنٹ چیمبر : وہ کمرہ جس میں پارلیمنٹ بیٹھتی ہے یا پارلیمنٹ کا اجلاس ہوتا ہے : خصوصاً منسٹر کا پرانا محل۔

Parliament house : (n) وہ عمارت جس میں پارلیمنٹ بیٹھتی ہے یا جہاں پارلیمنٹ کا اجلاس ہوتا ہے :عمارت پارلیمانی : ساختمان مجلس شوریٰ ۔

Parliament man : (n) نمائندہ مجلس (قانون ساز): وکیل مجلس (قانون ساز) : (اب تاریخ یا بول چال) پارلیمنٹ کا ممبر : دارالعوام کا رکن۔

Parliament ordinances : (n) سندی حکم : مستند فرمان : پارلیمانی احکام۔

Parliament roll : (n) پارلیمانی نظام : پارلیمانی رجسٹر۔

Parliamental : (a) (۱) پارلیمنٹ کا : پارلیمانی :مجلسی: پارلیمانی صفت کا۔ (۲) دیکھو Parliamentary۔

Parliamentarian : (n) (۱) (تاریخ) حامی پارلیمنٹ :سترھویں صدی کی خانہ جنگی میں پارلیمنٹ کا طرفدار۔ (۲) پارلیمنٹ کے مباحثے میں مہارت رکھنے والا۔ (۳) طرف دار حکومت پارلیمانی۔

Parliamentarian : (n) دیکھو Parliamental

Parliamentarianism : (n) پارلیمانی اصول نظام :پارلیمانی حکومت۔

Parliamentarily : (adv.) پارلیمانی طور پر : پارلیمانی اصول و قواعد کے مطابق۔

Parliamentary : (a) (۱) پارلیمنٹ کا : پارلیمانی :مجلسی: پارلیمنٹی: پارلیمنٹ ایک ادارہ کے مانند: پارلیمانی صفت کا۔ (۲) سترھویں صدی کی خانہ جنگی میں پارلیمنٹ کے طرفدار کا یا اس سے متعلق۔ (۳) پارلیمنٹ کا قانون وضع کیا ہوا : منظور کیا ہوا : نافذ کیا ہوا۔ (۴) (زبان یا الفاظ کے متعلق) شایان پارلیمنٹ جو پارلیمنٹ کے مباحثوں میں استعمال ہو سکے۔ (۵) (بول چال) مہذب : (جغرافیہ ، ارضیات) پارلیمانی۔

Parliamentary : (n) (۱) پارلیمان کا ممبر : ممبر پارلیمنٹ : نمائندہ مجلس قانون ساز : طرفدار مجلس قانون ساز۔ (۲) Parliamentary train کا مخفف۔ (۳) وہ شخص جو دشمن سے بات چیت یا مکالمے کے لئے بھیجا جائے ۔

An old parliamentary hand : وہ شخص جو پارلیمانی کے مباحثوں میں تجربہ کار ہو۔

Parliamentary agent : (n) پارلیمنٹی وکیل : پارلیمنٹی ایجنٹ : جب پارلیمنٹ میں کوئی ایسا قانون بنتا ہے جس کا تعلق کسی ایک شخص یا ایک کمپنی سے ہو تو اس کی طرف سے ایک ایجنٹ اجلاس پارلیمنٹ میں شریک ہوتا ہے۔

Parliamentary discussion : (n) مذاکرات پارلیمانی۔

Parliamentary language : (n) پارلیمان کی مخصوص زبان: اصطلاحات و عبارات مخصوص پارلیمانی۔

Parliamentary train : (n) پارلیمنٹی گاڑی : وہ گاڑی جس کا کرایہ ایک پیسہ فی میل سے زیادہ نہ ہو ۔

Parliamenteer : (n) (تاریخ) دیکھو Parliamentarian

Parling : (n) گفتگو : بحث : مذاکرہ : کانفرنس۔

Parlour / Parlor : (n) (۱) صومعہ یا [OFr. 'parleor , parleur .'] خانقاہ کا کمرا جو باہری لوگوں کے گفت و شنید کے لئے ہو۔ (۲) دیوان خانہ : بیٹھک : نشست کا کمرہ : ٹاؤن ہال۔ (۳) (سرائے وغیرہ میں) خلوت

خانه : علاحده کمرا (جس میں صرف نجی گفتگو کی جائے) ۔ (۴) نجی مکان میں بہت چھوٹا خانگی کمرا ۔ (۵) نجی اور پرائیوٹ گفتگو کے لئے خاص کمرا : خصوصی گفتگو کے لئے اطاق یا کمرہ ۔ (۶) (امریکا میں) نفاست سے یا نمائش کے طور پر بنا ہوا کمرہ : (خاص تجارت کے لئے) : پر تکلف کمرا ۔ مثلاً (Beauty parlour) آرائشی کمرا : (Cinema parlour) سنیما کا آرائشی کمرا : (Ice cream Parlour) آئس کریم کا نفیس کمرہ ۔ (۷) مہمانوں کی پذیرائی یا استقبال کا کمرا ۔

Parlour-boarder : (n) اقامتی اسکول (مدرسہ) کا وہ طالب علم جو پرنسپل کے گھر میں رہتا ہو : اقامتی اسکول کا پرنسپل کی فیملی کے ساتھ رہنے والا لڑکا ۔

Parlour car : (n) (امریکا) ریل کا پُر تکلف ڈبہ ۔

Parlour maid : (n) کھانا کھلانے والی خادمہ ۔

Parlour organ : (n) کمرے کے لئے ایک قسم کا باجا ۔

Parlour tricks : (n) (عامیانہ) سماج کی شائستگی : کمال معاشرہ: فنون معاشرہ ۔

Parlous : (a) [ME. 'porlous.'] (۱) (قدیم بول چال) خطرناک : پُر خطر : جوکھم کا ۔ (۲) سخت : کٹھن : دشوار : صعب : آرزومند ۔ (۳) خطرناک حد تک : چالاک : کمال کا : بہت برا : بہت زیادہ ۔ (۴) ہوشیار : بدمعاش : شریر: مضر: ضرر ساں: مضرت رساں : تکلیف دہ : فساد انگیز : فتنہ پرداز : مفسد : ستم ظریف : دہشت انگیز : نفرت انگیز : تعجب خیز : حیرت انگیز ۔

Parlous : (adv.) خطرناک طور پر : زیادتی کے طور پر : مضرت رسانی کے ساتھ : خوفناک طور پر : دشواری کے ساتھ : مفسدانہ صعب سے : نہایت : بے انتہا : حد سے زیادہ : ناامیدانہ : مایوسانہ : بے صبری سے : شورہ پشتی سے : جان توڑ کر ۔

Parlously : (adv.) دیکھو Parlous (adv.)

Parlousness : (n) دشواری : سختی : خطرناکی: پر خطری : کٹھنائی : نہایت ہوشیاری :ستم ظریفی : فتنہ پردازی : فساد انگیزی : مضرت رسانی : تکلیف دہی :شرارت : بدمعاشی: حیرت انگیزی ۔

Parly : (n) دیکھو Parley

Parmelia esculenta : (n) (نباتیات) شیرزاد ۔

Parmenides : (n) (تاریخ) پرمانیڈس ۔

Parmesan : (a) [It. 'parmegiano.'] شمالی اٹلی کے کے پارما کا یا اس سے متعلق خصوصاً پارما کے پنیر سے متعلق ۔

Parmesan : (n) ایک قسم کا پنیر جو پارما (واقع اٹلی) میں بنتا ہے ۔

Parnassian : (a) [f. L. 'parnas(s)ius, -eus.'] (۱) پرناسس سے متعلق : پرناسسی شاعری کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) انیسویں صدی کے فرانسیسی شاعروں کے ایک خاص حلقے کا یا اس سے متعلق : یونانی شاعروں سے متعلق : پرناسسی حلقے کا ۔ (۳) شمالی کرۂ ارض کے پہاڑی علاقوں میں پائے جانے والے ایک قسم کے کیڑے ۔

Parnassian : (n) (۱) شاعر ۔ (۲) خصوصاً انیسویں صدی کے فرانسیسی شاعروں کے ایک حلقے کا رکن ۔ (۳)(حشریات) پرنیسیس کی جنس کی تتلی ۔

Parnassianism : (n) پرناسی شاعروں کے خاں حلقے کا اصول۔

Parnassus : (n) [L. 'parnas(s)us.'] (۱) پرناسس : کوہ پرناسس (وسطی یونان کا ایک پہاڑ جو قدیم زمانے میں فنون لطیفہ خصوصاً شاعری کی دیویوں کا مسکن سمجھا جاتا تھا) ۔ (۲) شاعری کے مجموعے کا نام : مجموعۂ اشعار ۔

Parnellism : (n) پارنیل کی پالیسی : پارنیل کی ہوم رول پارٹی کی پالیسی (Charles Stewart Parnell) دارالعوام میں آئرستان کی ہوم پارٹی کا ۱۸۸۰ء سے ۱۸۹۱ء تک قائد اعظم تھا) ۔

Parnellite : (n) پارنیل کا پیرو : پارنیل کی ہوم رول پارٹی کا رکن ۔

Paroccipital : (a) (تشریح) پشت سر کے نزدیک کا یا کھوپڑی کے پچھلے حصّے کی ہڈی سے متعلق ۔

Paroccipital : (n) پشت سر کے نزدیک کی ہڈی ۔

Parochial : (a) [OFr. 'parochial.'] (۱) کلیسائی حلقے کا : پیرش کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) (مجازاً) کسی محدود علاقے کا : مقامی (معاملہ وغیرہ) : صوبائی: (سیاسیات) محدود : مقامی ۔

Parochial church council : (n) انگلینڈ کے کلیسا کی ایک مقامی مجلس انتظامیہ جو پادری ، گرجے گھر کے مہتمم اور کلیسائی حلقے کے منتخب ممبران پر مشتمل ہوتی ہے ۔

Parochial ideas : (n) (فلسفہ) عقائد محدود ؛ خیالات محدود ۔

Parochialism : (n) (۱) مقامیت ؛ اپنے کلیسائی حلقے یا کسی محدود حلقے کے معاملات کو بہت اہمیت دینا ؛ اپنی توجہ مقامی معاملات تک محدود رکھنا ؛ محدود یت سے ؛ محدودیت فکری ؛ کوتاہ نظری ۔ (۲) پیرش کے فرائض میں انہماک ؛ پیرش فرض کی مشغولیت ۔

Parochiality : (n) (۱) محدود حلقے سے متعلق ہونا ؛ مقامی ہونا ؛ مقامیت ؛ محدودیت (ادبی و مجازی) ۔ (۲) (جمع میں) پیرش کے معاملات ؛محدود معاملات ؛ محدود ذوق ؛ محدودیت فکری ؛ کوتاہ نظری ۔

Parochialization : (n) مقامیت ؛ محدودیت ؛ مقامی رنگ میں ہونا ۔

Parochialize : (v) (۱) مقامی رنگ میں رنگنا ؛ محدود بنانا ؛ مقامی بنانا ؛ کلیسائی حلقے سے متعلق کرنا ۔ (۲) کلیسائی حلقے کا کام کرنا ؛ پیرش کا کام کرنا ۔

Parochially : (adv.) کلیسائی حلقے کی طرف سے ؛ کلیسائی حلقے کے لحاظ سے ؛ مقامیت کے طریقے سے ۔

Parochialness : (n) مقامیت ؛ محدودیت ؛ کلیسائی حلقے سے متعلق ہونا ۔

Parode : (n) [Gr. 'parodos.'] (قدیم یونانی ڈرامے میں) ڈرامے کے آغاز میں وہ پہلا گیت ، نغمہ جو کورس کی شکل میں گایا جاتا تھا ۔

Parodial : (a) (۱) مزاحی ؛ تمسخر آمیز ۔ (۲) دیکھو Parodic ۔

Parodic : (a) پیروڈی صفت کا ؛ مضحک نقل کا یا اس سے متعلق ۔ تقلیدی ؛ کسی چیز کی بھونڈی نقل سے متعلق ؛ ظریفانہ تصرف ؛ مزاحی ؛ تمسخر آمیز ۔

Parodically : (a) دیکھو Parodic

Parodist : (n) [Fr. 'parodiste.'] پیروڈی نگار ؛ پیروڈی لکھنے والا ؛ مضحکہ نقل یا تصرف کرنے والا ؛ مضحکہ نگار ۔

Parodize : (v) پیروڈی کرنا ؛ مضحک نقل کرنا ؛ مضحکہ انگیز تصرف کرنا ؛ ہجو کرنا ۔

Parody : (n) [Late L. 'parodia.'] (۱) کسی مضحک مصنف کی عبارت یا اسلوب بیان وغیرہ کی) مضحک نقل ؛ مضحکہ انگیز تصرف ؛ مضحکہ ؛ ہجو ؛ پیروڈی ۔ (۲) (کسی چیز کی) بھونڈی نقل ؛ غلط چربا ؛ بگڑا ہوا نقشہ ۔ (۳) موسیقی کی نقل کے لئے ہی استعمال ہوتا ہے ۔ (۴) (مجازاً) معمولی نقل ؛ ضعیف تقلید ؛ بے اثرا تباع ؛ بگڑی ہوئی شکل ۔

Parody : (v) (۱) پیروڈی کرنا ؛ (عبارت ، نظم ، طرز وغیرہ کی) مضحک نقل کرنا ؛ مضحکہ انگیز تصرف کرنا ؛ نقل کر کے ہنسی اڑانا ؛ ہجو کرنا ۔ (۲) پیروڈی کی طرح نقل کرنا ؛ اس طرح کرنا کہ وہ پیروڈی سے بہتر نہ ہو ۔

Paroemia : (n) [L.] (علم البد) ضرب المثل ؛ مثال حکمت آمیز ؛ مقولہ ؛ کہاوت ۔

Paroemiac : (a) (۱) ضرب المثلی ؛ کہاوتی ؛ ضرب المثل سے متعلق ۔ (۲) (یونانی نثر) مختصر لائن کے لئے استعمال ہوتا ہے جس میں سگنی اصول (دو ہجا کوتاہ اور ایک بلند) پر ختم ہوتا ہے ۔

Paroemiographer : (n) ضرب المثل نویس ؛ مثال و حکم لکھنے والا ؛ ضرب المثل نگار ۔

Paroemiography : (n) ضرب الامثال نگاری ۔

Paroemiology : (n) ضرب الامثالیات ؛ ضرب المثل کا علم یا مطالعہ ۔

Parol : (n) [Fr. 'parole.'] (۱) کوئی چیز کہی ہوئی یا بولی ہوئی ؛ زبانی بیان ؛ قول ؛ اظہار (الفاظ میں) قوت نطق ، الفاظ ؛ تقریر خصوصاً قانون میں ۔ (۲) (قانون) بیان (قبل زبانی پیش کیا جاتا تھا) ۔

Parol : (a) (۱) زبانی ظاہر کیا ہوا ؛ زبانی ؛ قولی ؛ اب صرف قانون میں زبانی شہادت میں ۔ (۲) (معاہدہ یا اجارہ یا ٹھیکہ) زبانی کیا یا تحریری غیر مہر شدہ ۔

By parol : زبانی ؛ بولی کے ذریعہ ۔

Parol evidence : (n) زبانی گواہی ؛ قول گواہی ۔

Parole : (n) [L. 'parabola.'] (۱) قول زبان ؛ ایسا وعدہ جس کا نباہنا اپنی عزت قائم رکھنے کے لئے ضروری ہو ؛ سپاہیانہ قول ۔ (۲) (فوج) قیدی کا وعدہ کہ وہ فرار کی کوشش نہیں کرے گا یا کچھ عرصے کے لئے جا کر لوٹ آئے گا یا معینہ مدت میں قید کرنے والے کے مقابلے میں ہتھیار نہیں اٹھائے گا ۔ (۳) وہ شخص جو قول لے کر رہا کیا جائے ۔ (۴) قول لے کر رہا کرنے کی حالت ۔ (۵) وہ لفظ شناخت (pan word) جو افسر یا گارڈ کا معائنہ کرنے والے استعمال کرتے ہیں ؛ پیرول ۔ (۶) (قانون) پیرل ؛ قولی رہائی ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

On parole : قول لے کر رہا کیا ہوا۔

Parole : (v) (۱) پیرول پر (قیدی کو رہا کرنا) : قول یا وعدے لے کر قیدی کو رہا کرنا۔ (۲) (امریکا) اپنے اقرار نامہ یا مچلکہ پر کسی قیدی کو آزاد کرنا۔

Paroli : (n) [It. 'paroli' f. 'paro.'] (قمار بازی وغیرہ میں) شرط پر لگائے ہوئے اور جیتے ہوئے روپے چھوڑ کر دوسری شرط لگانے کا عمل : پہلی شرط پر لگائی ہوئی رقم سے دوگنی رقم شرط پر لگانا۔

Paroli : (v) (قمار بازی میں) جیتے ہوئے روپے سے دوبارہ شرط لگانا۔

Paromology : (n) [L. 'paromologia.'] (علم البدیع) اپنے دعوے کو مستحکم کرنے کے لئے مخالف کی بعض باتوں کو تسلیم کر لینا۔

Paronomasia : (n) تجنیس (ذومعنین) : ضلع جگت : ابہام : جناس لفظی۔

Paronomassial/ Paronomasian : (a) تجنیسی : جناس لفظی سے متعلق۔

Paronomastic /-al : (a) دیکھو Paronomasial

Paronomastically : (adv.) تجنیسی طور پر : جناس لفظی کے ساتھ۔

Paronychia : (a) [L.] (۱) (طب) واحس : نتنا : آماس انگشت : ناخن کے قریب انگلی پر آماس یا ورم۔ (۲) (حیوانیات) خارپا۔ (۳) (نباتیات) جڑی بوٹی کی جنس کا پودا۔

Paronym : (n) [Gr. 'paronymon.'] لفظ جو دوسرے سے نکلا ہو یا ایک ہی اشتقاق کا لفظ : ہم مشتق لفظ۔

Paronymous : (a) (۱) (لفظ) ہم مشتق کا : اشتقاق مشترک کا۔ (۲) متجانس : ہم تلفظ لیکن معنی میں فرق ہو۔

Paronymy : (n) متجانس صرفی : ہم صرفی۔

Paroophoron : (n) [mod. L. 'ooporon.'] (۱) دیکھو Parovarium۔ (۲) عورت کے ابتدائی گردے کا ایک چھوٹا بچا ہوا حصہ۔

Paropsis : (n) (طب) فتور بصارت۔

Paroquet : Parakeet کا متبادل۔

Parorchid : (n) دیکھو Epididymis

Parosmia : (n) (طب) فتور شامہ۔

Parosteal : (a) اس قسم کی ہڈی سے متعلق۔

Parostotic : (a) (تشریح) تعظم جابجا : ضریع استخوان کے باہر ہڈی کی بناوٹ۔

Parostotic : (a) دیکھو Parosteal

Parotic : (a) [Para+ Gr.'otikos.'] (تشریح) نزد گوش : کان کے پاس۔

Parotid : (a) [L. 'parotis , parotid.'] (تشریح) کان کے پاس کا : بنا گوشی : نکفی : خصوصاً کان کے پاس کا غدود۔

Parotid : (n) کان کے پاس کی نالی جو منہ تک پہنچتی ہے : نکفہ : غُدّہ بنا گوشی۔

Parotid ductor/ Stenson's duct : (n) کان کے پاس کی نالی جو منہ تک پہنچتی ہے۔

Parotid gland : (n) (تشریح) نکفہ : غُدّہ : بنا گوش : کان کے پاس کا غدود۔

Parotiditis : (n) (طب) گل سوا : کن پیرا۔

Parotis : (n) [Gr. 'parotis.'] (تشریح) نکفہ : غُدہ بنا گوش : کان کے پاس کا غدود۔

Parotitis : (n) ورم نکفہ : کان کے پاس کے غدود کا ورم کن پیڑ، گل سوا : گل پھڑے۔

Parotoid : (n) (حیوانیات) چمڑے کا بعض غدود سے دار پھوڑے کی شکل کے جو جانور (مینڈک) کے کان کے قریب ہوتے ہیں۔

Parotoid : (a) (حیوانیات) کان کے قریب کے غدود سے متعلق۔

Parous : (a) بچہ زا : بچہ رکھنے والا : تولید کنندۂ بچہ۔

-parous : (Suffix) [L. 'purus.'] لاحقہ بمعنی "زائندہ" : "بچہ پیدا کرنا" : "حامل"۔

Parousia : (n) [Gr. 'parausia.'] (دینیات) ظہور : حضرت مسیح کا ظہور ثانی۔

Parovarial : (a) بیز بیضی۔

Parovarium : (n) (تشریح و حیوانیات) بیز بیض : مجاری منی زن۔

Paroxysm : (n) [mod. L. 'paroxysmus.'] (۱) (مرضیات) دورۂ مرض؛ شدت مرض (عضویات) طغیان مرض؛ تشنج۔ (۲) پر جوش عمل؛ والہانہ حرکت؛ تشنج؛ کپ کپی؛ ام الصبیان؛ پسلی کا آزار؛ غلبہ؛ دورہ (ہنسی، غصے وغیرہ کا)۔ (۳) حد کمال؛ اعلیٰ درجہ۔

Paroxysmal : (a) (۱) دورے کا؛ دورے کا سا؛ دورۂ مرض کا یا اس سے متعلق؛ شدت؛ سخت؛ طغیانی؛ لرزہ افگن؛ لرزہ آور۔ (۲) (خصوصاً ارض میں) شدید لرزہ افگن سے متعلق۔ (۳) دیکھو Catastrophic/Cataclysmayic۔

Paroxysmalist / Paroxysmist : (n) (ارضیات) عقیدۂ آشوبیت کا قائل۔

Paroxysmally : (adv.) (۱) دورے کے ساتھ؛ لرزہ افگن طور پر؛ شدت کے ساتھ۔ (۲) آشوبیت کے ساتھ؛ بلائے ناگہانی کے طور پر۔

Paroxytone : (a) [mod. L. 'paroxytonus.'] (یونانی صرف و نحو) (وہ لفظ) جس کے ماقبل کے آخر پر شدید تاکید ہو (Acute accent)۔

Paroxytone : (n) وہ لفظ جس کے ماقبل آخیر پر شدید تاکید ہو۔

Parpen(t) : (n) [OFr. 'parpain.'] (۱) دو رخا پتھر جو دیوار کے دونوں طرف نکلا ہوا ہو اور دونوں طرف سطح کی عمودی اور ہموار ہو۔ (۲) Parpen wall کا مخفف۔

Parpen(t) -wall : (n) دو رخے پتھروں سے بنی ہوئی ایک پتلی دیوار جیسے اندرونی دیوار۔

Parquet : (n) [Fr. 'parquet.'] (۱) فرش زمین خاص کر لکڑی کے ٹکڑوں سے بنا ہوا فرش (زمین)؛ تختے کا فرش اکثر مختلف قسم کا کسی طرز سے آراستہ کیا ہوا؛ لکڑی کا فرش؛ تختوں کا فرش۔ (۲) تھیٹر کے آڈیٹوریم (سماعت گھر) کا حصہ؛ آرکسٹرا کے قریب ترین نچلی منزل کے سامنے کا حصہ (خاص کر امریکا)۔ (۳) (فرانس وغیرہ میں) اس قانون کے انتظامیہ کا شعبہ جرائم کی تدارک، روک تھام، تحقیقات اور سزا سے متعلق؛ فرش کے لئے لکڑی کا سامان؛ توصیفی معنوں میں بھی۔

Parquet : (v) کمرے میں لکڑی کا فرش لگانا؛ تختوں کا فرش لگانا؛ لکڑی کا فرش کا سامان بنانا۔

Parquetage : (n) لکڑی کا فرش کا سامان، تختے وغیرہ؛ لکڑی کی منبت کاری؛ مرصع سازی؛ مختلف قسم کی لکڑیوں سے اعلیٰ نمونے کا کام خاص طور پر فرش زمین کے لئے۔

Paraquetry / Paraqueteric : (n) دیکھو Parquetage

Parr / Par : (n) [Origin unkn.] (۱) سالمن مچھلی کا بچہ؛ (دوسرے سال کی سالمن مچھلی سے قبل کا)۔ (۲) سیاہ رنگ کاڈ مچھلی؛ ایک قسم کی سمندری مچھلی (ایک سال سے کم کی)۔

Parrakeet / Parakeet / Parroquet : (n) [Fr. 'Perroquet'.] (حیوانیات) توتک؛ دُرہ؛ ثوئیاں۔

Parrel / Parral : (n) [late ME.] (جہاز رانی) رسی کا بندھن؛ حلقۂ طناب؛ رسی؛ زنجیر یا لوہے کا حلقہ یا اینٹھن جس سے سہارے کی بلی کو مستول سے باندھتے ہیں۔

Parrel / Parral : (v) حلقۂ طناب سے باندھنا؛ طناب سے مضبوط کرنا۔

Parrhesia : (n) [med. L. 'parrhesia.'] صاف بیانی؛ سچائی قلب؛ آزادیٔ تقریر؛ بولنے کی آزادی۔

Parricidal : (a) [L. 'parricidalis.'] (۱) پدر کشانہ یا مادر کشانہ؛ بزرگ کشانہ؛ پدر کشی یا مادر کشی کے گناہ سے متعلق؛ باپ، ماں دوسرے قریبی رشتے دار کو قتل کرنے سے متعلق۔ (۲) غدارانہ۔

Parricidally : (adv.) پدر یا مادر کشی کے طور پر؛ ماں باپ کے قتل کے طور پر۔

Parricide : (n) [Fr. 'parricide.'] (۱) وہ شخص جو اپنے ماں باپ یا دوسرے قریبی رشتہ دار کو قتل کرتا ہے، نیز وہ شخص جو کسی واجب التعظیم آدمی کا قاتل ہوتا ہے؛ پدر کش یا مادر کش؛ بزرگ کش؛ عزیز کش؛ والدین کا قاتل۔ (۲) غدار؛ قوم فروش؛ اپنے ملک کے خلاف بغاوت کا ملزم؛ (سیاسیات) غدار نیز توصیفی معنوں میں۔

Parricide : (n) [Fr. 'parricide' or L. 'par(r)icidium.'] (۱) پدر کشی یا مادر کشی؛ بزرگ کشی، عزیز کشی؛ قتل والدین۔ (۲) غداری؛ قوم فروشی؛ ملک فروشی؛ (سیاسیات) غداری۔ (۳) توصیفی معنوں میں۔

Parrock : (n) [OE. 'pearruc.'] (۱) (اب خاص کر بول چال میں) زمین کی گھری ہوئی جگہ؛ احاطہ؛ زمین؛ چھوٹا میدان یا کھیت (خصوصاً جو باڑے کے اندر ہو؛ گھڑ دوڑ کے میدان کا وہ حصہ جہاں گھوڑے دوڑنے سے پہلے جمع ہوتے ہیں۔ (۲) کسی عمارت میں چھوٹا سا کمرہ یا حجرہ، کوٹھری؛ (اصطبل میں) ایک جانور کی جگہ؛ تھان؛ گاؤ خانہ؛ میلے یا ہاٹ میں عارضی دکان یا سائبان؛ ٹوکرا یا

ٹاپا (مرغیوں کا) پھٹکی : ٹوکری (مچھلیاں پکڑنے کی) (استعارۃً) پنجرا یا کال کوٹھری : باڑہ : احاطہ (مویشی ، مرغی ، بطخ وغیرہ کے لئے) .

Parrock : (v) بند کرنا : گھیرنا : احاطہ کر لینا : ملفوف کرنا : (مکان کو ہر طرف سے) بند کر دینا : اچھی طرح بند کرنا : بندوق وغیرہ میں رکھ کر بند کرنا : قید کرنا : تنگ جگہ میں ، جیل خانہ میں بند کر دینا .

Parrot : (n) [Fr. 'parroquet.'] (۱) توتا : (۲) توتے کی طرح نقل کرنے والا : نقال . (۲) پوفین : بو قلموں منقار : ایک بحری پرندہ جس کی چونچ جھری دار اور مختلف اللون ہوتی ہے : یہ بحر ظلمات کے شمال میں ہوتا ہے . (۳) مچھلیوں کی ایک قسم (توتا مچھلی) .

Parrot : (v) (۱) توتے کی طرح دہرانا :توتے کی طرح نقل کرنا . (۲) توتے کی طرح بے سوچے سمجھے رٹنا . (۳) توتے کی طرح دہرانے کے لئے سکھانا : توتے کی طرح سخت تربیت حاصل کرنا .

Parrot-coal : (n) (اسکاتستانی ، روزمرہ) دیکھو Cannel coal

Parrot disease : (n) (بیطاری)توتا روگ : ایک قسم کی بیماری : حُمی البیغا .

Parrot-fish : (n) (۱) توتا مچھلی : سمک البیغا : ایک قسم کی مچھلی جو چمکیلے رنگ اور توتے کی چونچ کی طرح سخت منہ والی ہوتی ہے . (۲) سخت جبڑے والی منطقۂ حارہ کے سمندروں میں پائی جانے والی ایک قسم کی مچھلی . (۳) آسٹریلیا کی ایک قسم کی مچھلی . (۴) ملفوف فکہ ماہی کی طرح کی ایک قسم .

Parrot green : (n) سبز رنگ : زردی مائل سبز توتے کی طرح کا رنگ .

Parrot tongue : (n) توتے کی طرح زبان خصوصاً ثائفس میں انسانی زبان کی خشک حالت .

Parrot weed : (n) زرد پھول والے درخت : منطقۂ حارہ میں ایک امریکی درخت .

Parrot work : (n) محض تقلیدی اعادہ یا مصنوعی اعادہ .

Parrot wrasse : (n) منطقۂ حارہ کے سمندروں میں پائی جانے والی سخت جبڑے والی مچھلی .

Parroter : (n) وہ شخص جو سیکھے ہوئے کو دہراتا ہے : توتے کی طرح دہرانے والا : توتے کی طرح دہرانے والا : توتے کی طرح رٹنے والا .

Parrotry : (n) توتے کی طرح دوسرے اقوال وغیرہ کو بے سوچے سمجھے دہرانا یا ان کا اعادہ .

Parry : (n) [f. Parry(v).] (۱) کسی حملے کو روکنے کا عمل : پہلو بچانے کا عمل . (۲) حملے کا جواب یا اُسے روکنا ، توڑ : روک .

Parry : (v) [Fr. 'parez.'] (۱) کسی حملے کو روکنا : رد کرنا : وار خالی دینا . (۲) (مجازاً) روکنا : رد کرنا (ہتھیار یا گھونسے کا) رخ موڑ دینا : اسے پلٹ دینا : حریف کے حملے کو روک دینا . (۳)(سوال یا اعتراض سے) پہلو بچانا : ٹال دینا : دفع کر دینا : بچ نکلنا .

Pars rationabilis : (n) [L.] معقول حصہ : قسمت معقول .

Parse : (v) [Origin doubtful.] تجزیہ کرنا : اجزائے کلام کی تشریح کرنا : تصریف کرنا : لفظ کو قواعد کے اصول کے مطابق الگ الگ ٹکڑے ٹکڑے کرنا اور اس کی طرف نشان دہی کرنا .

Parsec : (n) [f. 'par(allax) + Sec(ond).] پارسک : ثانیہ منظر .

Parsee : (n) [pers. 'parsi. '] (۱) پارسی : ایرانی نسل کے وہ لوگ جو ساتویں اور آٹھویں صدی میں مسلمانوں کی ایذا رسانی سے گھبرا کر ہندوستان بھاگ آئے اور جو ابھی تک مذہب کے پیرو ہیں (Zoroastrianism) : آتش پرست : زر پرتشتی : گبر ، نیز توصیفی معنوں میں . (۲) ساسانی دور کی فارسی زبان .

Parssism : (n) پارسیت : پارسی مذہب : پارسیوں کا مذہب .

Parser : (n) تحلیل صرفی کرنے والا : تحلیل صرفی کی کتاب .

Parseval /Parsefal : (n) [f. 'the name of the inventor, August von 'parseval . '] جرمن ہوائی جہاز کی ایک شکل .

Parsi : (n) دیکھو Parser

Parsiism : (n) دیکھو Parseeism

Parsimonious : (a) (۱) بخیل : کنجوس : ممسک : خسیس : لئیم : جز رس : کفایت شعار : نیز مجازاً . (۲) (چیز) حقیر : کم مایہ : تھوڑا : قلیل : ناکافی : قلیل المقدار : ناقص : ادنیٰ یا گھٹیا درجے کا .

Parsimoniously : (adv.) بخیلانہ : کنجوسی کے طور پر : کفایت شعاری سے : ممسکانہ .

Parsimoniousness : (n) کنجوسی ؛ بخیلی ؛جز رسی؛ کفایت شعاری ۔

Parsimony : (n) [L. 'parsi- , parcimonia, -monium , f. pars.'] (۱) روپیہ خرچ کرنے میں احتیاط ؛ روپیہ کے تصرف میں احتیاط ؛ امساک ؛ صرفہ جوئی ؛ کم خرچی ؛ جز رسی ؛ بے حد کفایت شعاری ۔ (۲) (استعارتاً) (ادنیٰ اور معمولی چیز میں) جز رسی ؛ بخل ۔ (۳) کنجوسی ؛ بخل ۔

Law of parsimony : قانون کفایت (یہ اصول کہ صرف اسی قدراسباب وعلل یا کام کی اہمیت فرض کی جائے جتنی ضروری ہو) ؛ قاعدہ صرفہ جوئی ۔

Parsing : (n) (قواعد) تحلیل صرفی ۔

Parsley : (n) [L . 'petroselinum . '] (نباتیات) جعفری ؛ خراسانی ؛ اجوائن ؛ جمود کی ایک قسم کی نبات ؛ ایک چھتر دار پودا ، جس کے پھول سفید اور پتیاں خوشبودار ہوتی ہیں اور ان سے کھانے کی قابوں کو سجاتے ہیں ۔

Hamburg parsley : تکلے کی شکل کا ایک پودا ؛ سگار صورت ایک پودا ۔

Milk / Milky parsley : اجمود کی قسم کا ایک درخت جس سے دودھیا رس نکلتا ہے ۔

Wild parsley : مختلف جنگلی چھتر دار پودوں کے نام ۔

Parsley-bed : (n) اجمود کی قسم کے پودے کا تختہ ۔

Parsley-fern : (n) (نباتیات) کوہستانی جعفری جسے مونٹ بھی کہتے ہیں ایک قسم کا پودا ۔

Parsley-piert/-pert : (n) (نباتیات) ایک قسم کا گلاب نما پودا۔

Parsnip : (n) [L. 'parstinaca.'] (نباتیات) سفید گاجر ؛ ایک پودا جس کی جڑ ہلکے زرد رنگ اور پھول زرد ہوتے ہیں اور کھانے کے کام آتا ہے؛ ایک قسم کی گاجر ۔

Fine (fair , soft) words butter no parsnip : (محاورہ) خالی خولی باتوں سے کام نہیں بنتا ہے ۔

Meadow parsnip : دیکھو Cos-parsnip

Wild parsnip: (نباتیات) شقاقل مصری ؛ جنگلی گاجر ۔

Parson : (n) [L. 'parsona.'] (۱) (کلیسائی) اس کلیسائی حلقے کا پادری جس کے گرجے کی آمدنی کسی وقف یا جاگیر سے نہ ہو ؛ ریکٹر ؛ حلقے کا پادری (جس کو خود کلیسا کی طرف سے مدد معاش ملتی ہو) ۔ (۲) اس حلقے کا پادری جس کے گرجے کے لئے کوئی وقف یا جاگیر ہو ؛ پادری جو کسی بڑے یا مقتدر شخص کے عبادت خانے میں کام کرے ؛ کسی خاندان کا پادری ؛ نائب پادری ۔ (۳) (بول چال) ہر پادری ۔ (۴) روئیں دار یا نشانات رکھنے والے جانوروں کے لئے یا سیاہ پروں والے پرندے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ؛ نیز دیکھو parson bird ۔ (۵) (مجازاً) رہنما ہتا ؛ سڑک بتانے والا ہاتھ جو چوراہوں پر سڑک کا نام لکھ کر لگایا جاتا ہے (خاص کر بول چال) ۔

Isle of wight parson : ماہی خور پرندہ ؛ ایک قسم کا پرندہ جو گز بھر لمبا ہوتا ہے ؛ حریص ؛ کھاؤ ۔

Parson-bird : (n) ملّا طائرہ ؛ توئی ؛ پادری طائر ؛ حوری پرندہ ؛ نیوزی لینڈ کا ایک پرند جس کے پر سیاہ اور گردن سفید ہوتی ہے ؛ رُک ؛ ایک طرح کا کوا ۔

Parson gull : (n) ایک قسم کی بڑی بطخ ؛ بڑی مرغابی جس کی پشت سیاہ ہوتی ہے ۔

Parson-in-the -pulpit : (n) دو پودوں Cukoo-pint اور Moukshood کے نام ۔

Parson's nose : (n) مرغ وغیرہ کا پٹھا ؛(حیوانیات) دمگاہ (مرغ)۔

Parson's week :(n) پادری کا ہفتہ (پیر سے سنیچر تک اور اتوار فرصت کے دنوں کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Parsonage : (n) [med. L. 'personaticum'] (۱) کلیسائی وقف یا جاگیر ؛ پادری کی مدد و معاش یا وظیفہ ۔ (۲) پادری کا مکان ؛ ریکڑ کا مکان ؛ کبھی کبھی مذہبی وزیر کے قیام گاہ کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ (۳) توصیفی معنوں میں (بھی) ۔

Parsondom : (n) پادریوں کی صفت ؛ مجموعی طور پر پادری ۔

Parsoned : (a) پادری دار (کلیسا) کلیسا میں شادی کیا ہوا (بول چال) ۔

Parsoness : (n) (مزاحاً) حلقے کے پادری کی بیوی ۔

Parsonic/-al :(a) پادری کا ؛ حلقے کا پادری کا یا اس سے متعلق ؛ روحانی ؛ کلیسائی ؛ مانند پادری۔

Parsonically : (adv.) پادری کے طور پر ؛ حلقے کے پادری کے انداز سے۔

Parstriangularis :(n) جزو مثلثی ۔

Part : (n) [L. 'pars, part.'] (۱) کل کا جزو ؛حصہ ؛ جزو ؛ ٹکڑا ؛ پارہ ؛ ڈویژن ؛ بخش ؛ قسمت ۔ (۲) چیزوں کا حصہ؛ مرکب چیز کا جزو ؛ لوگوں یا چیزوں کی تعداد ۔ (۳) اکثر بغیرچیز کے استعمال ہوتا ہے۔ (۴)(خصوصاً) لازمی جزو ؛ جزو مکمل ؛ عنصر ؛ جز ۔ (۵) کتاب کا ایک حصہ یا ایک جلد ؛ ڈرامے کا ایک جز ، شاعری کا ایک حصہ نیز کسی کام کا ہر ایک جز یا حصہ ؛ کتاب کے اجزا جو قسط وار شائع کئے جائیں ۔ (٦) جانور کے جسم کا حصہ خصوصاً جمع میں ۔ (۷) جسم کا حصہ ؛ عضو ۔ (۸) کسی چیز کے مساوی حصوں میں سے ایک حصہ ؛ (خصوصاً) (تعداد کے ساتھ) حصۂ عاد ، کسی عدد کا ایسا مقسوم علیہ حصہ جو کچھ بھی باقی بچے بغیر تقسیم ہو جائے ؛ مکمل مقسوم علیہ ؛ صحیح ؛ قاسم جز ضربی ؛ وہ عدد جسے کسی صحیح عدد سے ضرب دینے سے عدد معلوم حاصل ہو ۔ (۹) حصہ ؛ شرکت ؛ بخرا ؛ سہم ؛ کسی چیز کا حصہ جو خاص آدمی کو دیا گیا ہو ۔ (۱۰) دیا ہوا حصہ ؛ قبضہ ؛ تصرف ؛ دخل ؛ مقبوضہ شے ۔ (۱۱) حصے کا کام ؛ آفس ؛ بزنس (تجارت) کام جو کسی کو کرنا ہے ؛ فرض ۔ (۱۲) (تھیٹر)ایکٹر کا پارٹ ؛ کام ؛ ایکٹر کو تضویض کیا ہوا کردار ؛ رول ، نیز وہ الفاظ جو ایکٹر اپنے کردار کی ادائی میں بولتے ہیں ؛ ایسے (الفاظ) کی کاپی ۔(۱۳)(موسیقی) سُر ؛ سرتی ؛ قطعہ موسیقی ؛ ترانہ ؛ (کسی شخص یا کسی باجے کی) آواز ؛ سُر ؛ الفاظ کی ترتیب کسی خاص آواز کے لئے ۔(۱۴) ذاتی صفات (جمع قدیم) علم و فضل ؛ قابلیت ؛ استعداد ؛ جوہر ؛ صلاحیت ؛ ذہانت ؛ ذکاوت ۔ (۱۵) ملک کا خطہ؛ ملک کا علاقہ ؛ دنیا کا خطہ ؛ علاقہ(خصوصاً جمع میں)۔ (۱٦) (نزاع وغیرہ میں کسی کی) جنبہ داری ؛ طرفداری ؛ حزب ؛ فریق؛ جماعت ؛ پارٹی ؛ معین ؛ شریک ؛ حریف ؛ رقیب ۔ (۱۷) مانگ جو بالوں میں نکالی جاتی ہے ؛ (امریکا) بالوں کی مانگ ۔

Art and part : ساخت و پرداخت ؛ تدبیر و عمل ؛تدبیر و تکمیل ۔

For my part : جہاں تک میرا تعلق ہے؛ اپنی طرف سے ؛ اس بات میں جہاں تک میرے حصے کا تعلق ہے ۔

For the most part : اکثر ؛ زیادہ تر ۔

In good part : لطف وکرم سے ؛بہا سداری سے ؛ خیال کے طور پر ؛ دل شکنی کے بغیر ؛ خاطر شکنی کے بغیر ۔

In ill part : بغیر پاسداری کے ؛بغیر خیال کے طور پر ؛ غیر ہمدردانہ طور پر ۔

In part : جزواً ؛ کچھ ؛ حصے کے طور پر ۔

Most part : سب سے بڑا حصہ ؛ زیادہ تر حصہ؛ بڑی تعداد ۔

Most part : (adv.) زیادہ حصے کے طور پر؛ بڑی تعداد میں ؛ زیادہ تر ؛ اکثر ؛ عموماً ۔

On the part of : کی طرف سے ؛ جیسا کہ ؛جہاں تک (کسی کے یا اس کے حصہ لینے کا) تعلق ہے ؛ ذریعہ سے انجام پایا ہوا یا بنایا ہوا ۔

The (privy) parts : اندام نہانی ؛ فرج ۔

To have neither part nor lot in : قطعاً واسطہ نہ رکھنا؛ بالکل بے تعلق ہونا ۔

To have part : واسطہ رکھنا ؛ شریک ہونا؛تعلق رکھنا ؛ حصہ کرنا ؛ حصہ لینا ۔

To play (act) a part : جلسہ منعقد کرنا ؛ کسی کام کے پیچھے لگ جانا ؛ دھوکا دینا ؛ چال چلنا ؛ مصنوعی کردار پیش کرنا ؛ جل دینا ۔

To play (act) the part of : عمل کرنا ؛ کام کرنا ۔

To play a noble part : شرافت کا ثبوت دینا ؛ حق شرافت ادا کرنا ؛ شریفانہ برتاؤ کرنا ۔

To play an urworthy part : کمینہ پن کا ثبوت دینا ؛ کمینہ پن سے کام لینا ۔

To take part : شریک ہونا ؛ حصہ لینا ۔

To take the part of : کسی کی طرفداری کرنا ؛جانب داری سے کام لینا ۔

To take (words) in good part : برا نہ ماننا ۔

Part : (adv.) جز واً ؛ کچھ ؛ حصے میں ؛ حصے کے طور پر ؛ جزئی طور پر ؛ جزوی طور پر ۔

Part : (v) [L.(Rom)'partire,partiri.'] (۱) الگ الگ کرنا؛اجزا کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ تقسیم کرنا ؛ پھاڑنا یا پھٹنا ۔ (۲) مانگ نکالنا ؛ کنگھی (بالوں کو) الگ کرنا ۔ (۳) (جہاز رانی) توڑنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ منقطع کرنا ؛ بدلنا ؛ کشتی کو لنگر سے الگ کرنا یا کشتی کا لنگر سے الگ ہونا ۔ (۴) تقسیم برداشت کرنا ؛ ٹکڑے ہونا گوارا کرنا ۔ (۵) (لوگوں کی جماعت متعلقہ کو) علاحدہ کر کے تعلق منقطع کرنا ۔ (٦) دو آدمیوں یا چیزوں کو ایک دوسرے سے الگ

کر دینا: (لڑنے والوں کو) (ایک دوسرے سے) الگ کرنا
(۷) علاحدہ کرنا یا الگ کرنا : سرحد کے طور پر
علاحدہ کرنا: (نیز مجازاً) خیال میں الگ کرنا؛
امتیاز کرنا : فرق کرنا۔ (۸) (ٹیکنیکل استعمال
میں) ایسڈ کے ذریعہ (خاص کر دھات میں) (سونا
اور چاندی کو) ایک دوسرے سے الگ کرنا۔
(۹) کسی چیز سے الگ ہونا: نکلنا : ظاہر ہونا:
خارج ہونا : آزاد ہونا : (دو طرفہ معنی میں)
علاحدہ علاحدہ آنا یا جانا :ایک دوسرے کا ساتھ
چھوڑنا : رخصت ہونا : روانہ ہونا : چلے جانا :
مرنا۔ (۱۰) حصوں میں تقسیم کرنا : بانٹنا :
متعدد لوگوں کے درمیان : دوسرے یا دوسروں کے
ساتھ شریک ہونا : ایک کا حصہ دوسرے کو دینا۔

The cord parted : رسی ٹوٹ گئی۔

To part a flight , fray : لڑنے والوں کو علاحدہ کر کے جنگ یا لڑائی ختم کرا دینا۔

To part brass rags with : دوستی کٹ کر دینا : دوستی منقطع کر دینا۔

To part company : جماعت سے الگ ہو جانا : صحبت ترک کر دینا : ساتھ چھوڑ دینا۔

To part friends : دوستانہ حالت میں جدا ہونا۔

To part from : جدا ہونا : رخصت ہونا۔

To part the hoof : پھٹے ہوئے کھُر والا ہونا۔

To part with : خدا حافظ کہنا : جدا ہونا :رخصت ہونا : علاحدہ ہونا : دے دینا : (مال و اسباب وغیرہ) حوالے کرنا : کام سے الگ کرنا (ملازم کو)۔

Part and parcel : (n) اہم جز : جز اصلی و لازم : لازمی حصہ۔

Part delivery : (n) جزوی سپردگی : حوالگی۔

Part leading : (n) (موسیقی) نمایاں سُر: موسیقی میں رہنمائی کرنے والی آواز۔

Part-music : (n) (موسیقی) موسیقی کے حصہ خصوصاً پوری طرح آواز دینے والے۔

Partage : (n) [Fr. 'partir.'] (۱) تقسیم (خصوصاً) حصوں میں تقسیم۔ (۲) حصہ : جزو : نصیب : قسمت۔

Partake : (v) (۱) شرکت کرنا یا شریک ہونا :حصہ لینا (کسی چیز میں یا کسی کے ساتھ)۔ (۲) تناول کرنا : نوش کرنا : کھانا یا پینا۔ (۳)کسی کام یا حالت میں حصہ لینا : شریک ہونا : کوئی چیز لینا (کسی صفت کا) رنگ پایا جانا (کسی چیز میں)۔

Partakeable / Partakable : (a) شریک ہو نے کے لائق : قابل شرکت : قابل حصص۔

Partaker : (n) شریک : شرکت کرنے والا : شریک دار : وہ شخص جو تقسیم یا حصے میں شریک ہوتا ہے : ساتھی : رفیق :(کاروبار) شریک : حصہ لینے والا :جانب دار : طرفدار : مدافع۔

Partaking : (n) شرکت : حصہ لینا : شریک ہونے کا عمل: شریک ہونا: حصے دار ہونا : مشارکت : جانب داری : طرفداری۔

Partan : (n) [Celtic.] (اسکاتستان) کیکڑا : کوک : سرطان صغیر : (مجازاً) بری فطرت کا آدمی : بری خصلت کا آدمی۔

Partan face : (n) (اسکاتستان) ترش رو شخص۔

Parted : (a) (۱) حصوں میں منقسم : تقسیم شدہ : جدا شدہ : علاحدہ کیا ہوا : پھٹا ہوا : بال علاحدہ کیا ہوا (مانگ کی طرح)۔ (۲) جس کی جڑ کے قریب دراز یا شگاف ہو مثلاً گل اندر کی پتیاں یا مسند کاسۂ گل : سہ شگافہ : سہ درزہ (پتی) جو قریب قریب ڈنٹھل تک تین حصوں میں منقسم ہو۔ (۳) (نقابت) مختلف اللون : رنگ برنگ کا : کپڑا : گھوڑے کا آرائشی ساز ومان وغیرہ کا۔ (۴) کسی ڈرامہ کا پارٹ کیا ہوا : ڈراما کا پارٹ تفویض کیا ہوا۔

Parter : (n) تقسیم کرنے والا : وہ شخص جو حصہ بخرا کرتا ہے : خصوصاً وہ کام کرنے والا جو بنڈل یا شیٹ کو علاحدہ کرتا ہے۔

Parterre : (n) [Fr. 'parterre.'] (۱) (باغ کا) تختہ : چمن (مسطح جگہ جس میں پھولوں کی کیاریاں ہوتی ہیں) : گل کاری کیا ہوا مخصوص باغ : نیز مجازاً۔ (۲) (تھیٹر) سامعین کی نشست گاہ میں نیچے کی منزل۔

Parthen - / Partheno- : (Prefix) لاحقہ بہ معنی "باکرہ" : "بکر" : "کنواری" : بغیر بیج کے ہونے والی : خود سے ہونے والی یا والا۔

Parthenic : (a) [L. 'parthenium.'] مختلف پودوں سے متعلق۔

Parthenic acid : (n) (کیمیا) پارتھینم کی چند قسموں سے حاصل

کیا ہوا ترشہ ۔

Parthenine : (n) ایک قسم کا الکوحل جو بخار اور ہذیان کی بیماری میں کام آتا ہے ۔

Parhenocarpy : (n) (نباتیات) خود اثمار ۔

Parthenogeny : (n) (نباتیات) مادہ گمٹی ملاپ ۔

Parthenogenesis : (n) (نباتیات) خود زائی : (حیوانیات) باکرہ زائی: (حیاتیات) خودزائی : بغیر ازدواج کے پیدا ہونا ۔

Partificial parthenogenesis : (n) (حیوانیات) مصنوعی باکرہ زائی ۔

Parthenogenic / -netic / -nitive / Parhinogenous : (a) باکرہ زا : خود زا : بغیر نر اور مادہ کے ملے ہوئے پیدا ہونے والا یا اس سے متعلق ۔

Parthenogenitically : (adv.) خود زائی کے طور پر : باکرہ زائی کے طور پر ۔

Parthenogonidium : (n) (نباتیات) خود زا کائی : ایک قسم کی سمندری کائی جو خود نکل آتی ہے ۔

Parthenology : (n) (طب) بکارت شناسی : بکارت کے سلسلے میں مطالعۂ طبی ۔

Parthenospore : (n) (نباتیات) باکرہ بذرہ ۔

Parthia : (n) (ارضیات) پارت : کوہستاں : پارتھیا ۔

Parthian : (a) پارتھیائی : پارتھیا کا : (پارتھیا قدیم زمانے میں مغربی ایشیا کی ایک سلطنت تھی) ۔

Parthian : (n) ساکن پارتھیا : پارتھیا کا باشندہ ۔

Parthian galance : (n) پچھلی نظر : نگاہِ واپسیں : وہ نظر جو چلتے وقت ڈالی جائے ، (پارتھیائی تیر اندازوں کی طرح جو بھاگتے بھاگتے پیچھے کی طرف مارتا جاتا ہے) ۔

Parthian shot : (n) چلتے وقت کی چوٹ : رخصتی چوٹ : (کسی استدلال یا بحث کے خاتمے پر کوئی ایسی بات جس کا زبردست اثر ہو) ۔

Parti : (n) [Fr. '] بر : جوڑا (وہ مرد یا عورت جو شادی کے لئے اچھا جوڑا سمجھا جائے) : شخص : فرد : فرقہ : شریک : ہمسر : شادی کے لائق شخص ۔

Parti - : سابقہ : بمعنی "مختلف" : گوناگوں ۔

Parti- : [comb. 'form of L. 'pars, part.'] سابقہ بہ معنی "جزئی" : جزوی ۔

Parti-coloured/ Particoloured/ party- : (s) (۱) مختلف اللون : پچ رنگی : رنگ برنگ : گوناگوں : بو قلموں : ابلق ۔
(۲) (مجازاً) بساط دار : شطرنجی مانند : تنوع ۔

Partial : (a) [Late L. 'partialis.'] (۱) جانب دار : بیجا پاسداری کرنے والا : طرفدار : غرض آمیز : دلچسپی رکھنے والا : غرض رکھنے والا : غیر منصف : بے انصاف ۔
(۲) ہمدردانہ : جانب دارانہ : ہم درد : درد مند : موئد : تائیدی ۔ (۳) (To کے ساتھ) متعلقہ : گرویدہ : محبت آمیز (بول چال) ۔ (۴) جزوی : جزئی : ادھورا : نامکمل : ایک جز و کا : ایک حصے کا : خصوصاً کل کا ایک جزو جو پورا بناتا ہو : جزو : حصہ : عنصر : ترکیبی جز ۔ (۵) (علم النجوم) (کسوف) جزئی : (منسوب) جزئی : ادھورا (گرہن) : ادھ (گرہن) ۔ (۶) (ریاضیات) (کسور) جزئی : تفریقی یا تفریق عمل وغیرہ کے لئے استعمال ہوتا ہے جو صرف متغیر میں ایک سے متعلق ہوتا ہے : معمولی فیصلہ کن ۔ (۷) (نباتیات) ثانوی : ماتحت : تابع : پھولوں کے گچھوں کا چھوٹا حصہ ۔ (۸) (موسیقی ، سمعیات) جزئی (سُر) جو مل کر مکمل سُر بن جاتے ہیں : جزئی (سُرتی) مضاعف (سُرتی) ملتے ہوئے سروں کا : ہم آہنگی کا ۔ (۹) (رومی کلیسا) کلیسائی رسم (عشائے ربانی وغیرہ) کے بعد سزا کی جزوی معافی سے متعلق ۔

Partial : (n) (موسیقی) ہم آہنگ سُر : ملتے ہوئے سُر : partial tone کا مخفف ۔

Partial correlation : (n) (طبیعیات) جزوی ربط : جزوی ہم رشتگی ۔

Partial determinant : (n) (ریاضی) معمولی فیصلہ کن ۔

Partial denture : (n) مصنوعی دانت جسے لگایا اور نکالا جا سکے ۔

Partial diagram : (n) (طبیعیات) جزوی خاکہ : جزوی ڈائیگرام ۔

Partial disablement : (n) (سماجیات) جزوی معذوری ۔

Partial eclipse : (n) (علم النجوم) ادھ گرہن : کسوف جزئی : خسوف جزئی ۔

Partial enrichment : (n) (طبیعیات) جزوی توقیر ۔

Partial fraction : (n) (ریاضیات) کسور جزئی : (طبیعیات) جزوی کسر۔

Partial loss : (n) جزوی نقصان۔

Partial order : (n) (طبیعیات) جزئی حکم : جزوی ترتیب۔

Partial petiole : (n) (نباتیات) جز برگ۔

Partial pressures : (n) (کیمیا) جزوی فشارات : (طبیعیات) جزوی دباؤ۔

Law of partial pressures : (کیمیا)کلیہ جزوی فشارات۔

Partial product : (n) (ریاضی) جزئی حاصل ضرب : (طبیعیات) جزئی حاصل۔

Partial specific volume : (n) (طبیعیات) جزوی نوعی حجم۔

Partial to : (n) مائل : شائق : پسند کرنے والا کسی شخص یا چیز کو۔

Partial tone : (n) (موسیقی ، سمعیات) جزئی سُرتی :مصناعف سُرتی۔

Partialism : (n) (۱) ریاضی اصول یا نظریہ جو تمام حقیقت واقعہ کو شامل نہیں کرتا ہو۔(۲) (دینیات) تخصیص پسندی : عقیدہ برگزیدگی : عقیدہ نجات خواص۔

Partialist : (n) (۱) طرفدار : جانب دار : متعصب آدمی :ہوا خواہ : حامی :مددگار۔ (۲) وہ شخص جس کی معلومات اور متوقع حالات محدود ہوں۔ (۳) دیکھو Particularist۔

Partiality : (n) [med. L. 'partialitas.'] (۱) جزئی ہونے کی صفت : طرفداری : جانب داری : بیجا پاسداری : ہوا خواہی : تعصب : (سیاسیات) طرفداری : رعایت۔ (۲) شوق : میلان : غرض : کسی خاص چیز یا شخص کے متعلق حسن ظن یا رغبت : رجحان : میلان طبع۔

Partialize : (v) [Fr. 'partialiser.'] طرفداری کرنا : جانب داری کرنا : رعایت کرنا : ناجائز اثر ڈالنا : تعصب پیدا کرنا۔

Partially : (adv.) (۱) جانب دارانہ : پاسدارانہ : طرفدارانہ : طرفداری کے ساتھ : رعایت کے طور پر۔ (۲) جزئی طور پر : کسی قدر : نا مکمل طور پر۔

Upper partial tone : ہم آہنگ : ملتے ہوئے سُر۔

Partibility : (n) تقسیم : تفریق۔

Partibile : (a) [Late L. 'partibiles.'] (۱) جدائی پذیر : قابل افراز : تقسیم پذیر : قابل تقسیم (خصوصاً وہ مشترک اراضی جو قابل تقسیم ہو) : تفریق پذیر : جو ایک دوسرے سے علاحدہ ہو یا کیا جا سکے : متفرق۔ (۲) قابل تقسیم میراث کے متعلق : جو تقسیم وراثت کے متعلق ہو۔

Participable : (a) [med. L. 'participer.'] شرکت برادانہ : شرکت کرنے کے لائق : قابل شرکت : قابل تقسیم۔

Participant : (a) شرکت کرنے والا : شریک : سہیم : دخیل : حصہ لینے والا۔

Participant : (n) (کسی چیز میں) حصہ لینے والا : شرکت کرنے والا : شریک : انبار : سہیم : دخیل : تقسیم کرنے والا شخص۔

Active participant : (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات)فعال شریک۔

Observer participant : (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) ناظر شریک۔

Participate : (v) [L. 'participare.'] (۱) شریک ہونا : شامل ہونا : شرکت کرنے کی چیز میں کسی شخص کے ساتھ (with)۔ (۲) (p. of) کچھ رنگ پایا جانا (کسی صفت یا کسی چیز کا)۔

Participating : (n) حصہ لینا : شرکت کرنا : حصہ لینے کا عمل۔

Participatingly : (adv.) شرکت کے طور پر : حصہ کے طور پر :حصہ لیتے ہوئے : شریک کرتے ہوئے۔

Participation : (n) [late L. 'participatio.'] (۱) حصہ لینے کا عمل : شرکت۔ (۲) عام طر پر حصہ لینے کا عمل یا حالت : شرکت : مشارکت : ساجھا : اشتراک عمل یا مقصد : برادری : اخوت۔ (۲) (دوسرے کے ساتھ) کسی عمل یا کام میں حصہ لینا۔

Pupil participation : (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات)شرکت طلبہ۔

Participative : (a) [med. L. 'parcipitativus.'] شرکت پذیر : شرکتی : شامل ہونے کی صفت رکھنے والا۔

Participatory : (a) شریک : شرکت کرنے والا : حصہ لینے والا۔

Participatory : (a) مشارکتی : شرکت کے ذریعہ مشخص کیا ہوا۔

Participial : (a) [L. 'participialis.'] حالیہ : صفت فعلی کا یا اس سے متعلق : اسم فاعلی یا اسم مفعولی۔

Participial : (n) صفت فعلی : وہ صفت جس میں فعل کے بھی بعض خواص ہوتے ہیں ۔

Participial adjective : (n) صفت اسم فاعلی ۔

Participialize : (v) حالیہ بنانا : صفت فعلی بنانا : صفت فعلی میں تبدیل کرنا ۔

Participially : (adv.) بہ طور حالیہ ۔

Participle : (n) [L. 'participium.'] (قواعد) ایسا لفظ جو اسم صفت اور فعل کی خصوصیت کا حامل ہو : صفت فعلی : وہ صفت جس میں فعل کے سبھی بعض خواص ہوتے ہیں : صفت اسم فاعلی ۔

Past participle : (قواعد) ماضی معطوفہ : وجہ وصفی مجہول : صفت اسم مفعولی ۔

Present participle : اسم حالیہ ۔

Particle : (n) [L. 'particula.'] (۱) کسی قول یا بیان یا تحریر کا بہت ہی چھوٹا حصہ : چھوٹا جملہ : فقرہ : ٹکڑا ۔ (۲) ذرہ (ارضیات) ۔ (۳) خفیف مقدار : ایک ذرہ : ریزہ : کسی بات کا ادنیٰ ، معمولی حصہ ۔ (۴) (حرف و نحو) حرف ۔ (۵) (عشائے ربانی کے متعلق) پاک روٹی کا ٹکڑا : نذرانہ کی روٹی ۔

Passivity : (n) (۱) غیر متحرک ہونے کی حالت یا صفت یا صورت یا (a کے ساتھ اور جمع میں) اس کی نظیر ۔ (۲) تاثیر پذیری ؛ عدم فعالیت ؛ رکود ؛ حالت مفعولی؛عجز و انکسار؛ فروتنی ؛ عاجزی ؛ خاکساری ؛ فرماں پذیری ۔ (۳) عدم فاعلیت ؛ عدم مستعدی؛ عدم عمل وحرکت ؛ بے حرکتی؛ جمود ؛ فقدان حرکت ؛ کاہلی؛سستی ۔ (۴)(مابعد) بے عمل سازی (فلسفہ) انفعالیت ۔

Passless : (a) دیکھو Impassable

Passmaster : (n) استاد کار ؛ ماہر ۔

Passometer : (n) (میکانیات) قدم پیما ؛ قدم شمار ؛ گھڑی نما ایک آلہ جس سے آدمی کے قدم کو شمار کیا جاتا ہے ۔

Passover : (n) (۱) یہودیوں کے عید فصح (اس واقعہ کی یاد تازہ کرنے کے لئے منائی جاتی ہے کہ بلائے آسمانی مصریوں کے گھروں پر نازل ہوئی مگر اسرائیلوں کے گھر محفوظ رہے) ۔ (۲) بھیڑ جس کی قربانی عید فصح کی تقریب میں کی جائے ۔ (۳) (مجازاً) حضرت عیسیٰ علیہ السلام ۔ (۴) توصیفی معنوں میں ۔ (۵) غیر خمیری روٹی کی دعوت کو بھی کہا جاتا ہے ۔

Passport : (n) [Fr. 'passeport.'] (۱) پروانۂ راہداری ؛ پاسپورٹ ؛ گزر نامہ ۔ (۲) (بحری) غیر جانب دار تجارتی جہاز کو ایک ایسی حکومت کی جانب سے دی ہوئی اجازت کہ چند جگہوں میں جہاں چاہے بغیر مزاحمت جا سکے ؛ بشرطیکہ وہ حکومت اس ملک سے جہاں کا وہ جہاز ہے برسر جنگ نہ ہو ؛ پروانۂ بحری ۔ (۳)(مجازاً) کسی جگہ آنے یا جانے کا اجازت نامہ ۔ (۴) کسی جماعت ، ملک یا حلقہ عمل میں داخل ہونے کا اجازت نامہ ۔ (۵) کسی چیز کے حاصل کرنے کا یقینی وسیلہ ؛ حکمی ذریعہ ۔ (۶) تصدیق ادائی ؛ رسید ؛ واچر ؛ بیجک ؛ فرد حساب ؛ گواہی نامہ ۔ (۷) ایک ملک میں اس ملک کی اجازت سے کسی غیر ملکی کو آنے ، گزرنے یا سامان لے جانے کا پروانہ یا لائسنس ؛ پروانۂ راہداری ۔

Passport : (v) پاسپورٹ دینا ؛ پروانۂ راہداری دینا ۔

Passportless : (a) بغیر پاسپورٹ کے ؛ پروانۂ راہداری کا نہ رکھنا ۔

Passus : (n) [L.] نظم یا کہانی کا باب یا فصل یا اس کا کوئی حصہ ۔

Passy-measures : (n) [It.] ایک قسم کا اطالوی رقص ۔

Past : (a) [f. Pass.] (۱)ماضی ؛ گذشتہ ؛گزرا ہوا ۔ (۲) جو چیز گذر جائے ؛ گذرا ہوا (وقت) پچھلا ؛ گزرے ہوئے دنوں کا ۔ (۳) ابھی گزرا ہوا ؛ زمانۂ حال کے فوراً بعد ۔ (۴) (صرف و نحو) ماضی کا ؛ گذشتہ عمل یا حالت کا اظہار ۔ (۵) گزرے ہوئے وقت کا یا اس سے متعلق ؛ سابقہ ۔ (۶)(مختلف سو سائٹی میں) کسی عہدہ یا آفس کی پوری میعاد تک خدمت کیا ہوا ۔

Past : (n) (۱) زمانۂ ماضی (خصوصاً The past) گزرا ہوا زمانہ ۔ (۲) گزرے ہوئے واقعات ؛ پچھلے واقعات ۔ (۳) کسی شخص کی پچھلی زندگی ؛ گذشتہ زندگی ؛ وہ دور جس سے کوئی شخص گذرا ہو ؛ خصوصاً گزری ہوئی زندگی جس پر سے پردہ ہٹا دیا گیا ہو ۔ (۴)(قواعد) زمانۂ ماضی ؛ گذشتہ زمانہ ۔

Past : (prep.) (۱) بعد ؛ کسی وقت معینہ سے زیادہ (گزرنے کے نتیجے میں) ۔ (۲) آگے ؛ پرے (کسی مقام کے) ؛ اس سے آگے ۔ (۳) زمانے کے بعد ۔ (۴) (حرکت) گزرتے میں ۔ (۵) ماورا ؛ خارج از ؛ گزرا ہوا ؛ باہر (کسی دائرے یا حد سے) حلقہ سے آگے ؛ حدود سے سوا ؛ وسعت سے پرے ؛ ناقابل ؛ بے بہرہ ۔ (۶) صلاحیت اور طاقت کے سوا ؛ قوت سے سوا (بول چال) ۔ (۷) حدود سے آگے (اب بول چال) ۔

Past : (adv.) آگے بڑھتا ہوا ؛ گزرتا ہوا ؛ درکنار ؛ دور از ۔

To go past : گزرنا ؛ پاس کرنا ؛ آگے بڑھنا ؛ایک حالت سے دوسری حالت اختیار کرنا ۔

To lay past : کترانا ؛ کنارہ کرنا ؛ بچنا ؛ اڑا جانا (دلیل ، سوال وغیرہ)؛ ٹال دینا(کسی شخص کو) ۔

Past absolute : (n) ماضی مطلق ۔

Past belief : (n) گذشتہ یقین ۔

Past comprehension : (n) غیر جامعیت ۔

Past continuous : (n) وہ ماضی جو ایسی حالت کو ظاہر کرے جس سے لگاتار کام کا اظہار ہو ۔

Past cure : (n) (طب) لا علاج ۔

Past definite : (n) (قواعد) ماضی بعید ۔

Past-due : (a) دیکھو Overdue

Past himself : اس کے سوا ؛ اس کے علاوہ (اب بول چال میں) ۔

Past indefinite : (n) (قواعد) ماضی مطلق۔

Past master : (n) (۱) وہ شخص جس نے کسی انجمن، سوسائٹی، فری میسن، لاج وغیرہ میں استاد (Master) کے عہدے پر کام کیا ہو؛ پیشوا یا رہبر انجمن وغیرہ۔ (۲) کامل؛ ماہر فن (کسی مضمون میں) (in , of کے ساتھ) ــ شخص ماہر۔

Past mistress : (n) ماہر فن خاتون؛ ماہر فن خاتون (کسی مضمون میں)؛ ماہر عورت؛ زن ماہرہ۔

Past participle : (n) (قواعد) ماضی صفت فعلی؛ اسم مفعول۔

Past perfect : (قواعد) ماضی نقلی۔

Past praying for : (بول چال) نا امید؛ مایوس؛ مانع امید۔

Pasta : (n) [It paste] مختلف قسم کے اطالوی پینٹوں اور گاڑھے مرکبوں جیسے Macaronic , Spaghetti کا روایتی نام۔

Paste : (n) [late L. 'pasta.'] (۱) فطیر؛ خمیر؛ گندھا ہوا آٹا؛ لیئی وغیرہ؛ لوئی (جواب حرف مکھن، سوّر کی چربی وغیرہ یا اسی قسم کی چیزوں کے اضافے کے ساتھ)۔ (۲) وہ چیز جو مچھلی کے شکار کے دانے کی بناوٹ کی دبازت کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ (۳) مچھلی کی قشری یا گوشت؛ پکی ہوئی، پسی ہوئی یا قیمہ کی ہوئی چٹنی۔ (۴) آٹے کی لیئی یا لیپی (چپکانے یا جوڑنے کے کام آتی ہے)۔ (۵) کسی نرم یا لچک دار چیز کی آمیزش یا مرکب محلول۔ (۶) کسی چیز کی لیئی (یا لپٹی)۔ (۷) (مجازاً) فطیری آدمی (صفت کے طور پر)۔ (۸) سخت شیشے کی آمیزش یا مسالا (پگھلائے ہوئے سلیکا، پوٹاش، سیسے کی سفید اوکسائیڈ اور سہاگے وغیرہ کی آمیزش سے بنا ہوا) جو مصنوعی قیمتی پتھر (جواہرات) بنانے میں استعمال ہوتا ہے؛ زجاجی مسالہ؛ اس قسم کا بنا ہوا جواہر (زجاجی مسالے سے مصنوعی جواہر بنتے ہیں)؛ اس کو Strass بھی کہا جاتا ہے؛ نیز توصیفی معنوں میں۔ (۹) (معدنیات) معدنی جوہر جس میں دوسرے معدنیات جما دیئے جاتے ہیں۔ (۱۰) نرم حلوا؛ میٹھی لپسی۔

Paste : (v) (۱) لیئی سے جوڑنا؛ چپکانا۔ (۲) چسپاں کرنا؛ لئی وغیرہ سے (اشتہار وغیرہ کو) دیوار پر چپکانا؛ منڈھنا (کاغذ وغیرہ کسی چیز پر)۔ (۳) (عامیانہ) مارنا؛ کچلنا؛ ضرب لگانا۔

To paste up : لئی وغیرہ سے (دیوار پر) اشتہار وغیرہ چسپاں کرنا۔

Paste cutter : (n) پیسٹری بنانے کے لئے فطیر کو کاٹنے کا ایک آلہ۔

Paste-down / Pastedown : (n) مجلد کتاب میں جلد کے بعد لگا ہوا سادہ کاغذ؛ گرد پوش (کتاب کا)؛ جلد کے اندرونی حصہ پر چسپاں کیا ہوا کاغذ؛ زیر جلد۔

Paste eel : (n) ایک قسم کا کیڑا جو ترش خمیر میں پایا جاتا ہے۔

Paste-egg : (n) دیکھو Pasch-egg

Paste grain : (n) بھیڑ کے چمڑے کی ایک تہ جسے فطیر کے ذریعہ کسی چیز کے پیچھے مضبوطی اور سختی کے لئے لگایا جاتا ہے۔

Pasteboard : (n) (۱) دفتی؛ مقوّا؛ وصلی (جو کاغذ کے تین یا زیادہ اوراق (شیٹ) کو ایک ساتھ چسپاں کر کے بنائی جائے)؛ اس قسم کا بنا ہوا کوئی ٹکڑا؛ کاغذ مقوائی۔ (۲) (عامیانہ) کارڈ؛ ملاقاتی کارڈ؛ تاش کے پتے؛ نیز مجموعی طور پر تاش کے پتے؛ ریلوے ٹکٹ۔ (۳) (مطبع) (عام طور پر Hyphen کے ساتھ) بورڈ جس پر لئی یا فطیر کو پیسٹری بنانے کے لئے لپیٹتے ہیں۔

Pastboard : (a) (۱) (توصیفی معنوں میں) مقوا کا بنایا ہوا؛ مقوائی؛ دفتی کا۔ (۲) (مجازاً) کمزور؛ نقلی؛ مصنوعی؛ غیر حقیقی؛ بناوٹی۔

Pastel : (n) [Fr. 'pastel.'] (نباتیات) نیل پودا؛ رُقہ؛ وسمہ؛ نیل؛ ایک قسم کا پودا جس سے نیلا رنگ نکلتا ہے۔

Pastel : (a) (رنگ کا) نرم؛ لطیف۔

Pastel : (n) (۱) رنگ اور گوند کی خشک لپٹی جس سے مصوری کی رنگین پنسلیں بنتی ہیں۔ (۲) (آرٹ) رنگین پنسل؛ رنگین پسٹل؛ پسٹل سے تصویر کشی؛ نیز پسٹل سے تصویر کشی کا فن؛ پیسٹیلی تصویر کشی۔ (۳) سامان آرائش کا ملائم ہلکا روپ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے؛ اکثر توصیفی معنوں میں۔

Pastellist / Pastelist : (n) رنگین پنسلوں سے تصویر بنانے والا؛ وہ مصور جو پیسٹل سے تصویر کشی کرتا ہے۔

Paster : (n) (۱) خمیر ساز؛ فطیر ساز؛ چسپاں کرنے والا؛ محکم کنندہ۔ (۲) (امریکا) گوند لگا کر کاغذ کا

ایک چھوٹا ٹکڑا جسے ووٹر اپنے مخالف (امیدوار) کے نام چسپاں کرتا ہے ۔

Pastern : (n) [med. L. 'pastoria.'] (۱) بخولق : گھوڑے کے سُم اور ٹخنے کے بیچ کا حصہ : ٹھیونا ۔ (۲) دوسرے جانوروں کے اسی طرح کے حصے : نیز آدمی کا ٹخنہ : کعب ۔ (۳) دیکھو Pastern-bone ۔

Pastern-bone : (n) ران کی ہڈی اور سُم کے درمیان کی دو ہڈیوں میں سے ہر ایک ۔

Pastern-joint : (n) گھوڑے کی ران اور پاؤں کی بالاترین ہڈی کے درمیان کا جوڑ ۔

Pasteur treatment : (n) پاستری علاج : پاستری طریقے سے معالجہ ۔

Pasteurian : (a) پاستری : شبیہ لوئی پاستر ۔

Pasteurism : (n) (۱) (طب) پاستریت : پاستری معالجہ : پاستری طریقہ (ٹیکے کا طریقہ جس میں امراض خصوصاً کتے کے کاٹنے کا حفظ تقدم اور علاج ٹیکوں کے ذریعے ہوتا ہے) : تطہیر پاستری ۔ (۲) لوئی پاستر فرانس کے سائنسداں کا نام ۔

Pasteurization : (n) (۱) (طب) تطہیر پاستری : پاستراثی : تطہیر حرارتی : پاستری طریقے سے صاف کرنا (دودھ وغیرہ) ۔ (۲) ٹیکے کا علاج ۔

Pasteurize : (v) (۱) پاستری طریقے سے نباتی جراثیم (بیکٹریا) کو پاک کرنا : پاستری طریقے سے دودھ وغیرہ کے بعض جراثیم کو ہلاک کرنا ۔ (۲) پاستری طریقے سے علاج کرنا : ٹیکے سے علاج کرنا ۔

Pasteurizer : (n) (۱) پاستری طریقے سے دودھ کے جراثیم کو ہلاک کرنے والا آلہ یا مشین ۔ (۲) پاستری طریقے سے علاج کرنے والا : ٹیکے سے علاج کرنے والا ۔

Pasticcio : (n) [It.] (۱) مختلف النوع چیزوں کا مجموعہ : معجون مرکب : گڈمڈ : خلط ملط : گھال میل : کھچڑی : بے میل : بے ترتیب مجمع یا ڈھیر : انبار : دھکم دھکا ۔ (۲) مخلوط طرز کا نغمہ یا تصویر : معجون مرکب (نغمہ یا تصویر جس میں موسیقی یا مصوری کے مختلف طرز مخلوط ہوں) ۔ (۳) تصویر یا کسی نامکمل تصویر کا ڈیزائن جو ایک ساتھ ملائی گئی ہو یا دوسرے آرٹسٹ کے اسٹائل (طرز) کی مکمل پیروی نیز اس قسم کی تصویر کا طرز (اسٹائل) ۔ (۴) ادب یا فنون لطیفہ کا وہ نمونہ جو کسی مشہور استاد کے طرز پر ہو : چربا ۔

Pastiche : (n) [Fr.] دیکھو Pasticcio

Pastil / Pastille : (n) [L. 'pastillus.'] (۱) خوشبو کی بتی : بدبو دور کرنے والا : مزیل جراثیم ۔ (۲) منہ میں کھلانے کی ٹکیا : لوز : قرص (دوا ملایا ہوا) ۔ (۳) رنگ اور گوند کی لپٹی جس سے مصوری کی رنگین پنسلیں بنتی ہیں ۔

Pastime : (n) [Fr. 'passe- temps.'] (۱) دل بہلاؤ : تفریح : ذریعۂ تفریح : فرصت کا مشغلہ : کھیل تماشا : مشغولیات : سرگرمی : کار وقت گزراں : دل لگی : لطف ، دل بہلاؤ تفنن ۔ (۲) (a کے ساتھ اور جمع) لطف اندوزی : تفنن : کھیل کود : اسپورٹ ۔

Pastiness : (n) حالت خمیری : چسپاں ہونے کی حالت : چسپیدگی ۔

Pastor : (n) [L. 'pastor.'] (۱) پادری : روحانی پیشوا : مرشد : پیر ۔ (۲) وہ شخص جو بہت سے لوگوں کی رہنمائی کرتا ہے : رہنما : پیشوا : پیر ۔ (۳) شبان : چوپان : شبان کلیسا : گوالا ۔ (۴) (طیوریات) Starling. کی قسم کا ایک پرند : منطقۂ حارہ کی ایک چھوٹی مچھلی (Nomeus gronovi) ۔ (۵) (دینیات) مرشد : گرو : پادری : (حیوانیات) گلابی مینا ۔

Pastor : (v) (روحانی جماعت کی) ذمہ داری لینا : (روحانی انجمن کی) خدمت انجام دینا ۔

Pastoral : (a) [L. 'pastoralis.'] (۱) شبانی : شبان سے متعلق : گلہ بان کا یا اس سے متعلق : چوپانی : مانند چوپان : گڈریا کی صفت کا : راعیانہ : چراگاہی ۔ (۲) (زمین) چراگاہ کی : اسی طرح سینری : مناظر وغیرہ : فطری خوبصورتی سے متعلق (ادب ، موسیقی وغیرہ کا) : دیہاتی زندگی سے متعلق : دیہاتی زندگی کی تصویر کشی کا : جس کا موضوع دیہاتی زندگی ہو : دیہاتی زندگی کے متعلق ظاہر کیا ہوا ۔ (۳) روحانی رہنما کا یا اس سے متعلق : شبان کلیسا کا یا اس سے متعلق : کلیسائی جماعت کے خیال سے متعلق : پادری کا : روحانی رہنما کا ۔

Pastoral : (n) (۱) نظم : ڈراما وغیرہ جس میں چوپان ، گڈریے کی زندگی کی تصویر کشی ہو (اکثر رسمی طریقے سے) نیز جس کا موضوع دیہاتی زندگی ہو : شبانی نظم : ایسی نظم جس میں دیہاتی زندگی کا مرقع ہو ۔ (۲) شبانی تصویر ۔ (۳) (موسیقی) دیکھو Pastorale ۔ (۴) شبانی نظم بطور بی صنف ۔ (۵) روحوں کی اصلاح سے متعلق کتاب ۔ (۶) پادری

کاخط خصوصاً کسی اُسقف کا خط پادری یا عام
لوگوں کے نام۔ (۷) (جمع میں) مکتوب حواری؛
روحانی رہنما کا مکتوب ۔ (۸) عصائے اُسقف ؛
روحانی پیشوا کا ڈنڈا ؛ پیر کی لاٹھی ؛ عصائے مرشد۔

Pastoral age : (n) (جغرافیہ) شبانی دور ۔

Pastoral epistles : (n) چند خطوط ہیں (خطوط حواری) جو پولس
رسول (Paul) نے طیموثی (Timothy) اور طیطوس
(Titus) کے نام فرائض پادری (Pastor) کے متعلق
لکھے تھے۔

Pastoral farming : (n) مویشی پروری ؛ گلہ بانی۔

Pastoral staff : (n) دیکھو Crosier

Pastorale : [It.] (۱) دیہاتی زندگی کے متعلق گیت یا نغمہ ؛
شبانی نغمہ۔ (۲) اوپیرا ؛غنائی تمثیل ؛ وہ ناٹک
جس میں نغمہ و ساز کا عنصر غالب ہو ؛ نشید ؛
راگ ،نغمہ وغیرہ جس کا موضوع دیہاتی زندگی ہو۔

Pastoralism : (n) اس شاعری کی خصوصیت جس کا موضوع دیہاتی
زندگی ہو ؛ راعیانہ صفت۔

Pastoralist : (n) دیہاتی زندگی کی مرقع کشی کرنے والا ؛ نیز وہ
شخص جو شبانی زندگی بسر کرتا ہے یا وہ شخص
جو جانور یا بھیڑ(پال کر) زندگی بسر اوقات کرتا
ہے خصوصاً (آسٹریلیا میں) ؛ بھیڑ بکری پالنے
والا ؛ وہ شخص جو حکومت سے آسان شرائط پر
چرائی کے حقوق حاصل کرے ؛نیز مویشیوں کا مالک ۔

Pastorality : (n) (۱) شبانیت۔ (۲) دیہاتی زندگی کی نوعیت کا
ہونا ؛ دیہاتی زندگی کی خصوصیات ؛ چوپانی۔

Pastoralize : (n) (۱) شبانی یا دیہاتی بنانا۔ (۲) راعیانہ طور
پر خوشی منانا۔

Pastorally : (adv.) راعیانہ طور پر ؛ دیہاتی زندگی کی مرقع کشی کے
طور پر ۔

Pastorate : (n) (۱) پادری کی میعاد کار گزاری ؛ میعاد خدمت ؛
روحانی پیشوا کا عہدہ یا مرتبہ؛ پادری کا منصب۔
(۲) پادریوں کی جماعت ؛ روحانی پیشواؤں کی
جماعت ؛ مجموعی طور پر تمام پیر و مرشد ۔

Pastorly : (a) شبانی ؛ چوپانی ؛ وابستہ بہ شبان کلیسا ؛ روحانی
پیشوا کا یا اس روحانی رہنما سے متعلق ؛ مانند پادری ۔

Pastorship : (n) دیکھو Pastorate

Pastory : (n) [OFr. 'pastaierie.'] (۱) پیسٹری ؛آردینہ ؛ چھوٹے
کیک (جو گندھے آٹے سے بنتے ہیں) ؛ گندھے ہوئے
آٹے سے بنی ہوئی چیزیں ؛ اب صرف ایسی چیزوں
کو کہتے ہیں جب تنور میں پکائی جائیں جیسے
پائی ، میٹھا سموسا ؛ کلوچہ پزی۔ (۲) کیک اور پیسٹری
بنانے کی جگہ۔

Pastory cook : (n) وہ شخص جو پیسٹری بناتا ہے ؛ کیک بنانے والا ؛
خصوصاً عام طور پرفروخت کرنے کے لئے ۔

Pasturable : (a) قابل چراگاہ ؛ مرغزاز کے لائق ؛ چرائی کے لائق؛
چرائی کے لائق ؛ جہاں مویشی چرائے جا سکتے ہوں ۔

Pasturage : (n) [OFr. 'pasturage.'] (۱) (نباتیات) چارہ ؛ گھاس ؛
مرغزاز ؛ چرائی ؛ چرانے کا کام ؛ چرانے کا پیشہ ؛
چرنا ؛چرانا (چوپایوں کو)۔(۲)بڑھی ہوئی گھاس؛
چرائی کی گھاس ؛ چری ۔(۳) چارہ سے بھری
ہوئی گھاس ۔

Pastural : (a) چراگاہ یا اس سے متعلق ؛ چرائی کا یا اس سے متعلق ۔

Pasture : (v) [OFr. 'pasturer.'] (۱) مویشی کو چراگاہ میں چھوڑنا ؛
چرائی کے لئے بھیجنا۔ (۲) (بھیڑ یا مویشی کا)
چرنا ؛ گھاس کھانا ؛ گھاس کے تختے وغیرہ کو
چر جانا ؛ چر کر صاف کر دینا ۔ (۳) (آدمی کا)
بھیڑ یا مویشی کو (چراگاہ میں) چرنے کے لئے رکھنا ۔

Pasture : (n) [late . 'pastura.'] (۱) کھلانے کا عمل (جانوروں کے
متعلق کہا جاتا ہے)۔ (۲) چری ؛ گھاس ؛ چارہ ؛
علف ؛ مویشی کے کھانے والی بناتات کا اُپجانا۔
(۳) چراگاہ ؛ مرغزاز ؛ چارے سے بھرا ہوا زمین
کا ایک حصہ ؛ سبزہ زار۔

Common of pasture : (قانون) حق جو آدمی دوسرے کے
زمین و پانی پر رکھتا ہے ۔

Common pasture : متعدد مالکوں کے جانوروں کے چرنے
کی چراگاہ ۔

Pasture-land : (n) چراگاہ ؛ مرغزار ؛ سبزہ زار۔

Pastry : (n) [med. L. 'pastata, pastatum.] قیمہ بھرا سموسا ؛
پائی (ایک قسم کا کھانا جس میں اوپر پپڑی جمی
رہتی ہے اور اندر گوشت ، ترکاریاں پھل وغیرہ
بھرے ہوتے ہیں) ؛میوہ دار کلوچہ ۔

Pastry : (a) (۱) خمیری لپٹی یا لپسی کا ؛ لیئی کاسا ؛ لیس دار ۔
(۲) رنگ پریدہ ؛ زرد اور مندا یا دھیما۔

Pat : (n) [late ME. 'pat , patte. '] (۱) (عمل) تھپکی :سہلانا (پیار سے) ٹھونکنا (پیٹھ) : دستک : کھٹ کھٹ کی ہلکی آواز : ہاتھ یا انگلیوں سے ہلکی تھپکی خصوصاً پیار یا خوشنودی کے اظہار میں : نیز مجازاً . (۲) پسندیدگی کا تلفظ : لفظ استحسان : پیٹھ پر ہلکی تھپکی . (۳) مکھن وغیرہ کی چپٹی ٹکیا . (۴) مکھن کی چپٹی تکیا کے مانند یااس سائز یا شکل کی کوئی چیز . (۵) (آواز) تھپ تھپ کی ہلکی آواز خصوصاً پاؤں کی چلنے یا دوڑنے میں تھپکی کی آواز .

Pat : (n) [abbrev. of patrick.] آئری : آئرستانی :آئرستان کا باشندہ : آئرستان کے لوگوں کا عرف Patrick کا مخفف .

Pat : (v) (۱) تھپکنا : تھپکی دینا (ہاتھ سے یا کسی چیز یا بھوترے اوزار سے) . (۲) (کسی سطح پر) تھپ تھپانا یا ہلکے سے مارنا . (۳) (ہاتھ یا تھاپی وغیرہ سے) چپٹا کرنا : پھیلانا : کسی چیز کو ہلکے ہلکے چپٹی سطحی چیز سے پیٹنا اسے چورس یا چکنا کرنے کے لئے . (۴) ہاتھ یا انگلی سے مارنا یا ہلکے سے تھپکنا (اظہار خوشنودی ، پسندیدگی ، ہمدردی اور ہمت افزائی کی غرض سے) : تھپکنا : سہلانا (پیٹھ پیار سے) (مجازاً) (کسی شخص سے) اس قسم کے احساس کا اظہار کرنا خصوصاً پیٹھ تھپ تھپا کر . (۵) تھپ تھپانا : ہلکے سے مار نا اس طرح کے اس سے مخصوص آواز پیدا ہو : آواز نکالنا : Patpat جیسی آواز کی تکرار کرنا : تھپکی کی تکرار کرنا .

To pat on the back : تعریف کرنا : شاباشی دینا .

Pat : (adv.) (۱) بر محل : موزوں طریقے پر :برجستہ : مناسب وقت پر : کسی موقع کے ساتھ : موزوں : مناسب وقت پر کسی موقع کے لئے تیار: آسانی سے : فوراً : خوشی سے : خوشی خوشی : مستعدی سے :جھٹ پٹ : بلا عذر .

Pat : (a) (۱) موزوں : بر جستہ : ٹھیک : لگتی ہوئی : با موقع : بر محل : مناسب : درست : چسپاں : مساعد (خصوصاً کہی ہوئی بات کے لئے استعمال ہوتا ہے). (۲) بنا بنایا : تیار .

Stand pat : کھڑا ہونا : قائم رہنا : ایستادہ ہونا : دیکھو Stand (v) .

Pat-a-cake : (n) اس گیت کے پہلے الفاظ جو بچوں کے ایک کھیل کے ساتھ گایا جاتا ہے : نیز ایک کھیل .

Pat-ball : (n) ایک قسم کا گیند بلے کا کھیل جس میں کھلاڑیوں کو ایک بڑا چکر لگانا پڑے: (حقارتاً) ٹینس (جو عمدگی سے نہ کھیلا جائے) .

Patagial : (a) (حیوانیات) غشائی : چھتری : چمگاڈر وغیرہ کی جھلی کا یا اس سے متعلق .

Patagiate : (a) دیکھو Patagial

Patagium : (n) [L. 'patagium.'] (حیوانیات) (چمگاڈر وغیرہ کے) بازو کی جھلی : غشاء جناحی : (طیوریات) شکن جلد طپر :(حیوانیات) چھتر (سنجاب) : شاقۂ حشرہ .

Patagoina : (n) (جغرافیہ) پٹا گونیا .

Patagonian : (a) (بشریات) پٹا گونی : پٹا گونیا کے باشندے سے متعلق .

Patagonian : (n) طویل القد آدمی : دیو ہیکل : جنوبی امریکی ہندوستانی جو جنوبی پٹا گونیا میں مقیم ہیں .

Patas : (n) [Fr. from a dialeet of Senegal.] مغربی افریقہ کا سرخ بندر (Cercopithecuspalas) .

Patavinity : (n) [L. 'patavinitas'.] (۱) پیڈوا (اطالیہ)کی مقامی زبان کی خصوصیت جو Livy کے اُسلوب بیان میں نظر آتی ہیں . (۲)کسی صوبے کا مقامی محاورہ یا نعت : اصطلاحات محلی: محاورہ مقامی : رسوم مقامی . (۳) کوئی محاورہ یا نعت جو ملک کے دارالسلطنت کے باہر رائج ہو.

Patch : (n) [late ME. 'pacche, patche.'] (۱) کپڑے کا ٹکڑا : پیوند : جوڑ : تکلی : تھگلی : چمڑے اور دھات کا ٹکڑا : قطعۂ زمین . (۲) زخم کا پھایا وغیرہ : چپک پھایا کا ٹکڑا یا اس قسم کی چیز زخم کے اوپر رکھنے کے لئے . (۳) وہ گدی جو زخمی آنکھ پر باندھتے ہیں . (۴) سیاہ ریشم یا پلاسٹر کا ٹکڑا جو سترھویں اور اٹھارھویں صدی عیسوی میں چہرے پر لگایا جاتا تھا خواہ اپنے جرم کو چھپانے کی غرض سے یا اس خیال سے کہ چہرے کی رنگت نہ کھلے . (۵)کسی سطح پر بڑا اور بے ڈھنگا دھبا : دھبا. (۶) قطعۂ زمین یا اس پر پڑی ہوئی یا اس میں اپجی ہوئی کوئی چیز . (۷) قطع یخ شناور : تیرتے ہوئے ایک دوسرے پر چڑھے ہوئے برف کے ٹکڑوں والی زمین یا ہموار سطح . (۸) (تشریح اور مرضیات) جلد وغیرہ کا بالکل واضح چھوٹا حصہ : رنگ یا شکل میں ممیز . (۹) کپڑے کا

ایک ٹکڑا ایک دوسرے کے ساتھ سیا ہوا ؛ پارہ دوزی یا لباس کی سجاوٹ کے لئے ۔ (۱۰) ٹکڑا؛ بچا ہوا حصہ ؛ کترن ؛ دھجی ؛ کسی چیز کا باقی ماندہ (حصہ) ؛ بچا کھچا ۔ (۱۱) پیوند جیسی کوئی چیز ؛ پیوند کی طرح کی کوئی چیز ۔

Not a patch on : (بول چال) (فلاں چیز کے مقابلے میں) پاسنگ بھی نہیں ۔

Patch : (n) [perh. anglicized f. It . 'pazzo.'] (۱) خاندانی بے وقوف؛ گنوار ؛ دہقانی ؛ دیہاتی ؛ جاہل ؛ اکھڑ ؛ اُجڈ ؛ گاؤدی ؛ کندۂ ناتراش ۔ (۲) بے تمیز ؛ غیر مہذب ؛ بیل ؛ للاّ ؛ احمق ؛ گٹھل ؛ (اب صرف بول چال میں) بد خلقت آدمی کے لئے استعمال ہوتا ہے ؛ خصوصاً لڑکا وغیرہ ۔

Patch : (v) (۱) پیوند لگانا ؛ جوڑ لگانا ؛ ٹانکا یا ٹانکے لگانا ؛ تکلی لگانا ؛ تھگلی لگانا ؛ پیوند کی طرح استعمال کرنا ۔ (۲) (کپڑے وغیرہ کا) پیوند، جوڑ وغیرہ لگایا جانا (کسی چیز میں) ۔ (۳) مرمت کرنا ؛ رفو کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ درستی کرنا ؛ سوراخ بھرنا ۔ (۴) (استعارتاً) (معاملے کو) رو براہ کرنا ؛ جھگڑا چکانا ؛ (عموماً Patch up آتا ہے) ؛ رفع دفع کرنا (جھگڑا ، کوئی معاملہ) ۔ (۵) جلدی سے جوڑ جاڑ کر تیار کردینا ۔ (۶) رنگ برنگ کے ٹکڑوں کو ملا کر جوڑنا ؛ پارہ دوزی کرنا ؛ بھدا اور بے ربط کام کرنا ؛ بھدا پیوند لگانا ؛ بھدے طور پر مرمت کرنا ۔ (۷) بے جوڑ ان مل ٹکڑوں کو جوڑ کر کوئی چیز بنانا ؛ ایک ساتھ جوڑ کر بنانا ؛ ایک ساتھ جوڑنا ۔ (۸) جوڑ کی طرح رکھنا ۔ (۹) پیوند جوڑ کر مختلف النوع چیزیں بنانا ؛ جوڑ کے ذریعہ رنگ برنگ کا بنانا ؛ جوڑ کر آراستہ کرنا (کسی سطح پر) دھبے نظر آنا ؛ داغ نظر آنا (کسی چیز کے) ۔

To patch up : (معاملے کو) رو براہ کرنا ؛ جھگڑا چکانا ؛ رفع دفع کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ درستی کرنا ۔

Patch-box : (n) چہرے کے لئے گدی رکھنے کا بکس ۔

Patch head : (n) (شمالی امریکا کی) سمندری بطخ کی ایک قسم (Edemia perspicillata) ۔

Patch-ice : (n) برف کے ایک دوسرے پر چڑھے ہوئے پیوند نما ٹکڑے ۔

Patch-leather : (n) چمڑا جو پیوند کاری یا جوڑ لگانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Patch-pocket : (n) کپڑے کے ایک ٹکڑے کی جیب جو پیوند کی طرح سلی ہوئی ہو ۔

Patch polled : (a) سر کے اوپر مختلف رنگ کے ٹکڑوں کے جوڑ والا (خصوصاً شمالی امریکا کی سمندری بطخ کے سر کے اوپر) ۔

Patched : (a) پیوند لگا ہوا ؛ جوڑ لگا ہوا ؛ معاملہ رفع دفع کیا ہوا ۔

Patcher/ -up : (n) پیوند لگانے والا ؛ جوڑ لگانے والا ؛ جلدی سے جوڑ جاڑ کر تیار کرنے والا ؛ رنگ برنگ کے ٹکڑوں کو ملا کر جوڑنے والا ؛ پارہ دوزی کرنے والا ؛ تعمیر کار ؛ وصلہ کار ۔

Patchery : (n) تعمیر کاری ؛ درز گیری ؛ پیوند لگانے کا عمل ؛ پارہ دوزی ؛ داغ دوزی کوئی چیز یا کپڑا جس میں پیوند لگائے گئے ہوں یا جو پیوند سے تیار ہوا ہو ۔

Patchily : (adv.) (۱) پیوند دار لباس میں ؛ پارہ پارہ ۔ (۲) (مجازاً) غیر مربوط طور سے ۔ (۳) رنگ برنگ کے ٹکڑوں کو ملا کر ؛ پارہ دوزی کے ساتھ ۔

Patchiness : (n) پیوند دار ہونا ؛ وصلہ داری ؛ جوڑ بندی ۔

Patching : (n) پیوند یا جوڑ لگانے کا عمل ؛ (استعارتاً) (معاملے کو) روبراہ کرنے ، جھگڑا چکانے کا عمل ؛ پیوند کاری کی حالت ۔

Patchouli : (n) [Vernacular name in Madras .] (۱) (نباتیات) سبز پتی ؛ پچولی (پچلی = سبز + اللی = پتی) ۔ ہندوستان کی خوشبودار جھاڑی ؛ ایک خوشبودار پودا جو سلہٹ ؛ پیننگ اور مالے جزیرے نما علاقوں میں ہوتا ہے اور اس سے تیل نکلتا ہے جس سے سینٹ (عطر) بنایا جاتا ہے ؛ تیز خوشبودار عطر ۔ (۲) اس جھاڑی سے بنا ہوا عطر ؛ نعناع بندی ۔ (۳) توصیفی معنوں میں ۔

Patchouli oil : (n) ہندوستانی خوشبودار جھاڑی سے نکالا ہوا تیل ۔

Patchwork : (n) (۱) پارہ دوزی کا کام ؛ مختلف قسم اور مختلف رنگ کے ٹکڑوں کو جوڑ کر بنایا ہوا کام ؛ داغ دوزی ۔ (۲) پچ میل کا کام بھدا اور بے ربط کام ؛ مختلف قسم کے لوگوں کا مجمع ؛ مختلف قسم کی چیزوں کا مجموعہ ؛ بے ترتیب مجمع یا ڈھیر ؛ انبار ۔ (۲) مختلف قسم اور رنگ کے ٹکڑوں کو جوڑ کر پلنگ پوش ،گدّا ، تکیہ ، مسند ، کیتلی پوش ، چائے دان پوش وغیرہ بنانا؛ مرصع کاری ۔ (۴) پلنگ پوش کے مانند کوئی مقسوم سطح ۔

Crazy patchwork : مختلف قسم اور مختلف رنگ کے بے ترتیب اور بھدے ٹکڑوں کے جوڑ کا کام۔

Patchy : (a) (۱) پیوند دار : زیادہ پیوند لگا ہوا ؛ جوڑ بجوڑ؛ وصلہ دار ؛ رنگ برنگ کا ؛ چتلا ۔ (۲) ناہموار ؛ غیر مسطح ۔ (۳) (مجازاً) غیر مربوط۔

Patchy : (a) (انگریزی بول چال میں) چڑچڑا ؛ تنک مزاج؛ ترش رو ؛ کج خلق ؛ زود رنج ؛ جھلا ۔

Pate : (n) [origin unkn.] (۱) سر؛ کھوپڑی ؛ کاسۂ سر ؛ کلہ ۔ (۲) دماغ ؛ سر (عقل و فہم کی جا) اس لئے شعور ، سلیقہ ، حسن تدبیر ، موقع شناسی ، ہنر مند، چالاکی ، ہوشیاری ، کبھی کبھی ایسے آدمی کے لئے بولتے ہیں جس میں یہ صفات ہوں (قدیم شاعری)۔ (۳) بچھڑے کے سر کا چمڑا ۔

Pate : (n) [OFr. 'paste.'] (۱) قیمہ بھرا سموسا ؛ میٹھا سموسا ؛ پائی (ایک قسم کا انگریزی کھانا ، جس میں اوپر پپڑی جمی ہوتی ہے) اور اندر گوشت ، ترکاری ، پھل وغیرہ بھرے ہوتے ہیں) ۔ (۲) (قلعہ بندی) مورچے کے ساتھ بیضوی شکل کے پلیٹ فارم کی ایک قسم جو عام طور پر دلدلی زمین پر قائم ہوا ہوتا ہے شہر کے پھاٹک کو چھپانے کے لئے ۔

Pate : (n) [f. 'pate.'] (انگریزی بول چال) دیکھو Badger۔

Pate de foie gras : (n) فربہ بطخ کی کلیجی کے سموسے ۔

Pated : (a) مخصوص قسم کا کلہ دار ؛ سر کا ؛ کاسۂ سر والا ۔

Patel : (n) [Hindi 'patel' & 'Marathi 'patil'.] گاؤں کا سردار ، چودھری ؛ رئیس دھکدہ ، کد خدا ۔

Patella : (n) [L.] (۱) (تشریح) گھٹنے کی چپنی ۔ آصفہ : کاسۂ زانو ؛ قاب زانو ؛ چپنی کی ہڈی ۔ (۲) (اثریات) (عتیقیات روما) چھوٹا طاس ؛ چھوٹی قاب ؛ اُتھلا برتن ۔ (۳) (نباتیات) جنس صدفہ چٹائی ۔ (۴) اُتھلی کڑھائی کی شکل میں پودے یا جانوروں کی فطری ساخت ۔ (۵) (حیوانیات) گھونگے کی قسم کا ایک کیڑا ۔ (۶) بدر کاسۂ ۔

Patellar : (a) گھٹنے کی چپنی کے متعلق ؛ کاسۂ زانو ؛

Patellar reflex : (n) (نفسیات) زانو جھٹکا ۔

Patellate : (a) چپنی دار ؛ مانند کاسۂ زانو ؛ قاب شکل؛ طشتری نما ۔

Patelliform : (a) دیکھو Patellate

Patelloid : (a) دیکھو Patellate

Patellula : (n) [mod. L. dim of 'patella.'] چھوٹا کاسۂ زانو ؛ چپنی کی چھوٹی ہڈی ؛ آبی بھونرے عظام قدم میں پیالہ نما ایک عضو ۔

Paten : (n) [L. 'patina.'] (۱) اُتھل قاب (عام طور پر گول اور چاندی کی) جس میں عشائے ربانی کے موقع پر روٹی رکھتے ہیں ۔ (۲) تھالی ؛ تھال؛ قاب ؛ طشتری ؛ دھات کی پتلی گول رکابی (پلیٹ)؛ اس طرح کی کوئی چیز ۔

Patency : (n) (۱) صریحی ہونے کی حالت یا مشاہدے کے لئے کھلا ہوا ہونا ؛ صریحی ہونا ؛ ظاہر ہونا ۔ (۲) کھلے ہوئے ہونے ، پھیلے ہوئے یا بے روک ہونے کی حالت ، جیسے راستہ ؛ صاف دلی ؛ سادہ دلی ؛ کشادگی ؛ آشکارا ۔

Patent : (n) [AFr. 'patente.'] (۱) دیکھو Letters patent . (۲) کسی چیز کے بنانے ، بیچنے کا اجازت نامہ یا لائسنس مخصوص حق کے ساتھ ؛ اب خاص طور پر حکومت کا کسی شخص یا اشخاص کو ایک خاص مدت کے لئے بعض نئی ایجادات کے بنانے یا استعمال کرنے یا فروخت کرنے کے مخصوص حق کے ساتھ سند یا اجازت نامہ ۔ (۳) طریق عمل جو پیٹنٹ کیا گیا ہو ۔ (۴) علاقہ، ضلع ، یا خطۂ آراضی جو سند یا حکم نامہ کے ذریعے عطا کیا گیا ہو (امریکا) ۔ (۵) (مجازاً) نشانی یا علامت جس سے کوئی کسی چیز کا حق دار ہو : کسی کام کرنے کا مجاز ؛ کسی چارہ جوئی کا حق ۔ (۶) (ایجاد کا) پیٹنٹ، تحفظ ، تحفظ بذریعہ رجسٹری؛ رجسٹری ؛ بنانے اور بیچنے کا محفوظ شدہ حق اجارہ ۔ (۷) خاص علامت ، طغرائے امتیاز ۔ (۸) حق ثبت اختراع ؛ پروانہ یا امتیاز اختراع ۔ (۹) پیٹنٹ ایجاد یا طریقہ ؛ رجسٹری شدہ محفوظ شدہ ایجاد یا طریقہ ۔ (۱۰) (سیاسیات) حق ایجاد ؛ سند ایجاد ؛ پیٹنٹ ؛ تجارتی مقوی غذاؤں اور دواؤں کے لئے مستعمل ۔

Patent : (a) [L. 'patens', 'patent.'] (۱) پیٹنٹ؛ رجسٹری شدہ؛ جس کے بنانے اور بیچنے کا حق محفوظ ہو؛ محفوظ

کاغذ کی فہرست جس میں اسناد شاہی مندرج ہوتے ہیں جو برطانیہ میں کسی ایک سال میں دیئے جاتے ہیں۔

Patentable : (v) قابل ایجاد سند؛ پیٹنٹ ہونے کے لائق سند۔

Patentee : (n) صاحب اختراع؛ جس کے نام سے ایجادپیٹنٹ ہو ؛ وہ جسے سند شاہی یا کسی صاحب مجاز کی Letter patent عطا ہوئی ہو؛ خاص کر وہ جس نے کوئی ایجادپیٹنٹ کرالی ہے۔

Patently : (adv.) پیٹنٹ طریقے سے؛ ظاہری طورپر یہ ظاہر۔

Patentor : (n) (۱) حق ایجاد عطا کرنے والا ؛ امتیاز دہندہ ؛ وہ شخص جو پیٹنٹ عطا کرتا ہو۔(۲)دیکھو Patentee۔

Pater : (n) (۱) دیکھوPaternoster ۔ (۲) (عامیانہ) اسکولی طلبا کا باپ؛ (سماجیات) پدر؛ باپ؛ والد۔

Patera : (n) (۱)(روم قدیم) چپٹی طشتری یا رکابی [L. 'patere'.] جو خاص طورپر دیوتا پر شراب ڈالنے کے لئے استعمال ہوتی تھی۔

Paterfamilias (n) (۱) (قانون روما) سردار خاندان بزرگ [L.] خاندان؛ رئیس خانوادہ نیز ہر دو جنس (مرد و عورت) اور کسی عمر کا خود مختار شخص۔(۲)سردار (مرد) خاندان یا رئیس خاندان (اب خصوصاً مزاح میں)۔

Paternal : (a) (۱) باپ کا یا اس سے متعلق ؛ [late L. 'paternalis.'] پدری ؛ باپ کا۔ (۲) پدرانہ ؛ باپ کا۔ (۳) کسی کے باپ سے متعلق۔ (۴)باپ کی طرف سے؛ باپ کے رشتے سے۔

Paternal aunt : (n) پھوپی ؛ چچی۔

Paternal authority : (n) (سماجیات) پدری اقتدار۔

Paternal family : (n) (سماجیات) پدری خاندان۔

Paternal government : (n) وہ حکومت جو اپنے نزدیک لوگوں کا فائدہ سمجھ کر ان پر بیجا سختی کرے؛ پدرانہ حکومت۔

Paternal grand father : (n) دادا۔

Paternal grand mother : (n) دادی۔

Paternal legislature : (n) پدرانہ مقننہ؛ وہ مجلس وضع قانون جو اپنے نزدیک لوگوں کے فائدے کے لئے بیجا طور پر سخت قوانین بنائے۔

بذریعہ سند اجارہ؛ سرکاری سند کے ذریعہ صرف کیا ہوا؛ کسی دستاویز یا سند کے ذریعہ حق محفوظ کرکے دیا ہوا ؛ کسی فرماں روا یا صاحب مجاز کی سند یا دستاویز کے ذریعہ ایجاد کردہ چیزوں کے بنانے، استعمال کرنے اور فروخت کرنے کے مکمل حق سے متعلق۔ (۲)سند شاہی کے ذریعہ مقرر کیا ہوا (شخص) (ایجاد) سند شاہی کے ذریعہ محفوظ کیا ہوا؛ ایجادات کے ناموں سے جن کا پیٹنٹ ختم ہوگیا ہو جیسے Patent Leather چمڑا نفیس سیاہ وارنش والا۔ (۳) (استعارتاً) جس پر کسی کا مالکانہ حق ہو؛ جو اپنی غرض کے لحاظ سے مخصوص ، اعلیٰ ، سب سے بہتر اعلیٰ درجے کا۔ (۴)کھلا ہوا جیسے پھاٹک۔ (۵)پھیلا ہوا؛ کشادہ؛ مفتوح ؛ گسترده ؛ (خصوصاً نباتیات میں) وسیع ؛ کشادہ ؛ کھلتا ؛ چوڑا کھلا ہوا ؛ (حیوانیات) وسیع ؛ کشادہ ؛ چوڑے شگاف والا؛ اتھلے خلا والا۔ (۶)صریحی کھلا ہوا ؛ صاف ؛ نمایاں ؛ کھلا ہوا عوام کی رسائی یا استعمال کے لئے یا عام معلومات کے لئے۔

Letters patent : عام طورپر فرمانروا یا کسی جانب سے دیا ہوا کھلا ہوا خط یا اجازت نامہ یا دستاویز جو مختلف مقاصد کے لئے ہو اب سند شاہی جس کی رو سے کسی شخص کو ایک خاص مدت کے لئے کسی ایجاد کردہ چیز کے بنانے ، استعمال کرنے اور فروخت کرنے کا حق بلا شرکت غیرے دیا جائے؛ (سیاسیات) سند ایجاد؛ ایجاد کی اجارہ داری۔

Patent : (v) (۱) پیٹنٹ کرانا؛ رجسٹری کرانا (ایجاد کو)۔ (۲)اجارہ حاصل کرانا۔ (۳) کسی کو پیٹنٹ حق عطا کرنا؛ سند یا تحریری اجازت نامے کے ذریعہ کسی کو حق یا عہدہ دینا؛ اجازت کے ذریعہ زمین پر حق (ملکیت) حاصل کرنا۔

Patent hammer/ -axe : (n) دیکھو Bush hammer

Patent leather : (n) وہ چمڑا جس پر نفیس وارنش ہو۔

Patent medicine : (n) پیٹنٹ دوا؛ بنی ہوئی دوا جس کا خاص مارکہ ہوتا ہے۔

Patent office : (n) پیٹنٹ آفس؛ دفتر رجسٹری ایجادات ؛ وہ سرکاری دفتر جہاں سے سند ایجاد جاری ہو اور جہاں پیٹنٹ کے دعووں کی جانچ پڑتال ہو۔

Patent - right : (n) حق امتیاز ؛ محفوظ شدہ حق؛ حق انحصار ؛ (سیاسیات) اجارہ داری سند شاہی کے ذریعہ عطا کیا ہوا اختیار یا حق۔

Patent- roll : (n) برطانیہ کی سالانہ پیٹنٹ ایجادات کی فہرست ؛ چرمی

Paternal love : (n) پدرانہ شفقت؛ محبت؛ دوستی پدرانہ۔

Paternal uncle : (n) چچا۔

Paternalism : (n) (۱)پدرانہ سرپرستی؛ پدرانہ نظام کا اصول و عمل حکومت جیسے پدرانہ۔ (۲)کام کرنے کا ایسا اصول جس طرح باپ اپنے بچوں کے لئے کرے : پدرانہ حکومت۔

Paternalist/ -tic : (a) پدرانہ سرپرستی کا یا اس سے متعلق : پدرانہ حکومت کے اصول کا : اس سے متعلق۔

Paternalistically : (adv.) پدرانہ سرپرستی کے طور پر؛ پدرانہ حکومت کے اصول کے طور پر۔

Paternality : (n) پدرانہ ہونے کی صفت یا حالت؛ پدرانہ روش، طور طریقہ یا پدرانہ پالیسی۔

Paternally : (adv.) پدرانہ طور سے : باپ کی سی شفقت سے۔

Paternity : (n) [late . L. 'paternitas.'] (۱) باپ ہونے کی صفات: باپ کا رشتہ : ابویت : والدیت۔ (۲) حسب نسب (دادھیالی) نیز مجازاً۔ (۳) کلیسائی باپ ہونے کی صفت یا شخصیت : ٹائٹل کے طور پر استعمال ہوتا ہے جیسے Your, His father۔ (۴) مصنف کا پیشہ : مصنف کی شخصیت : مصنفی : مصنف ہونا۔ (۵) اختراع : ایجاد : تخلیق : ابتدا : آغاز : شروع (استعارتاً) ماخذ۔

Paternoster : (n) [L. 'pater noster] (۱) عیسائیوں کی مشہور دعا جو "Lord" "اے ہمارے ماں باپ" سے شروع ہوتی ہے :(خصوصاً لاطینی زبان میں) عیسائیوں کی دعائے قنوت ، اسے دعائے ربانی یا دعائے خداوندی بھی کہتے ہیں۔ (۲)دعا کے طور پر اس کا اعادہ یا تکرار بطور عبادت۔ (۳)الفاظ کی کوئی شکل جو دعا کے طور پر دہرائے جائیں؛ بددعا : افسوں : جادو : ٹونا : ٹوٹکا : سحر : منتر۔ (۴)کوئی طویل مہمل یا تکلیف دہ اوراد (کی خواندگی)۔ (۵) قنوت کا دانہ عیسائیوں کی تسبیح میں وہ خاص دانہ جس پر پہنچ کر دعائے قنوت پڑھی جاتی ہے : تسبیح رومی کلیسا کا ایک وظیفہ۔ (۶) رومی کلیسا کے ایک خاص وظیفہ کے مانند کوئی چیز ۔ (۷) (ماہی گیری میں) دیکھو Paternoster - line.

Ape's paternoster : دانت کٹکٹانا یا لرزنا؛ کانپنا۔

Black paternoster : ایک قسم کا منتر یا جادو ٹونا۔

Devil's paternoster : کوسنا جو زیر لب دیا جائے؛ زیرلب بددعا؛ ورد نفریں آمیز۔

White paternoster : دیکھو Black paternoster

Paternoster : (v) تسبیح نما ڈور سے مچھلی شکار کرنا۔

Paternoster lakes : (n) (ارضیات)برف سے چکنی ترائی میں جھیلوں کا سلسلہ ایسا جیسے تسبیح کے دانے سجے ہوں۔

Paternoster-line : (n) مچھلی پکڑنے کی تسبیح نما ڈور (اس میں وزن بندھا ہوتا ہے اور تھوڑی تھوڑی دور پر ہک لگے ہوتے ہیں)۔

Paternoster pump : (n) زنجیری پمپ۔

Paternoster wheel : (n) پانی نکالنے کی ایک ترکیب۔

Paternoster while : (n) وہ وقت جو عیسائیوں کی مشہور دعا کے پڑھنے میں لگتا ہے۔

Path : (n) (pap) [origin unkn.] (۱) آدمی اور جانوروں کے پاؤں سے بن جانے والا راستہ (جو کسی خاکے یا نقشے کے مطابق نہ بنایا گیا ہو) : لیک : پگڈنڈی : راستہ : راہ : طریق : جادہ : تسیر۔ (۲) فٹ پاتھ : پیدل چلنے کا یا سائیکل دوڑ کا راستہ : نیز چہل قدمی کے لئے بنائی گئی روش : وہ خطوط جس پر کوئی شخص چلتا ہو : راستہ۔ (۳) مشین کے بعض حصے کو چلانے کے لئے بنائی ہوئی لیک یا روش : راستہ یا خط جس کے ساتھ ایک آدمی یا چیز چلتی ہے، کھسکتی ہے۔ (۴) (مجازاً) طرز، ہے طرز عمل یا طریق کار : کاروائی : عمل درآمد، طریق زندگی : روش زندگی : مسلک : طرز خیال : استدلال : عمل استدلال۔ (۵) (علم النجوم) سیر: طریق۔

Cinder- path: پیدل دوڑ یا سائیکل دوڑ کا راستہ۔

Deformation of path : (طبیعیات) راستے کا بگاڑ۔

The moon's path : سیر قمر۔

The sufi path : طریقت تصوف۔

The sun's path : (علوم النجوم) طریق الشمس۔

Touring path : سیر جہاں گرداں۔

Path : یونانی لفظ Pathos سے نکلا ہے : سابقہ بمعنی "مرض" "جذبہ" "احساس" "تکلیف"۔

Path hand : (n) پوکر (Poker) میں) بہت اچھا ہاتھ۔

Path breaking : (a) راہ باز کن : نیا راستہ بنانے والا۔

Path- finder : (n) راہ یاب: وہ جو راہ تلاش کرتا اور کھوج لیتا ہے یا معلوم کرلیتا ہے ۔ (۲) کاشف راہ جدید ، سالک راہ جدید: پیش قدم : پیش رو : کسی خطہ ملک وغیرہ کا کھوج نکالنے والا ۔ (۳) وہ ہوائی جہاز جو دشمن کے علاقے میں دوسرے سے پہلے پہنچتا ہے۔ (۴) محافظ چھتری سے کودنے والا۔

Path line : (n) دیکھو Line of flow

Path of light : (n) (بصریات و علم النجوم) طریق النور : نور کا راستہ ۔

Path of shadow : (n) (علم النجوم) طریق ظل ۔

Path racer : (n) وہ سائیکل جو کسی روش یا راستے پر دوڑ کے مقابلے کے لئے بنائی گئی ہو۔

Path racing : (n) راستے پر سائیکل دوڑ : طریق سائیکل پر مقابلہ (سائیکل کا)۔

Path way : (n) پگڈنڈی: راستہ: راہ: گزرگاہ : جادہ (اکثر مجازاً)۔

Pathan : (n) [Hind. 'pathan.'] پٹھان : افغانستان نژاد قبیلہ جو جنگ میں بہادری اور سختی کے لئے مشہور ہے ۔

Pathetic : (a) [late L. 'patheticus .'] (۱) قابل افسوس : قابل رحم : افسوسناک : اندوہناک : حسرتناک : درد ناک : الم ناک : حسرت انگیز : رقت انگیز : رقت خیز : پردرد : پر تاثیر : ہیجان انگیز : پر غم :تاثر آور: موثر : حزن آور : اندوہگیں ۔ (۲) جذبات انسانی کے متعلق : جذبات دماغی کا یا اس سے متعلق : جذباتی (مثلاً مغالطۂ جذباتی)۔ (۲) (تشریح) عصب شدید: قحفی عصب کے چوتھے جوڑے کا ایک نام نیز چرخی نما بھی کہا جاتا ہے۔ (۴) (جمع) (اسمی معنوں میں) علم جذبات : مطالعۂ جذبات : جذبات پرستی : دردناک اظہار (خیال) درد انگیز احساسات ۔

Pathetic Fallacy : (n) (منطق) مغالطۂ جذباتی : عالم طبیعی کی طرف انسانی جذبات منسوب کرنا۔

Pathetic muscle : (n) (تشریح) عضلۂ جذباتی : دیدے کا اعلیٰ غیر مستقیم عضلہ جو چرخی نما عصب سے ملا ہوتا ہے۔

Pathetic nerve : (n) (تشریح) عصب جذباتی۔

Pathetically : (adv.) حسرتناک طور پر : رقت انگیز انداز میں : افسوسناک طور پر : رقت انگیزی کے ساتھ : پردرد طور پر ۔

Pathetics : (n) (نفسیات) علم ، جذبات : جذباتیات : احساسیات ۔

Patheticus : (n) [L.] (نفسیات) چرخی نما عصب: قرقرۂ عصب۔

Pathetism : (n) (مالیہ النفسیات) تنویم: ہپناٹزم۔

Pathless : (a) جس میں راہ نہ ہو : بے پگڈنڈی کا : بے لیک : بے راہ : بے مَسیر : بے جادہ : بغیر روش : بغیر راستے کے ۔

Pathlessness : (n) بے مَسیری یا بے جادگی : بے روشی : بے طریقی۔

Pathlet : (n) جادۂ کوچک : راہ فرعی: چھوٹا راستہ۔

Pathmaster : (n) سڑک اور راستے کا نگراں : متصدی طرق و شوارع ۔

Patho : (prefix) دیکھو Path

Pathodontia : (n) [L.] دندان سازی کی ایک شاخ جو دانت کی بیماری سے متعلق ہے ۔

Pathogen/ pathogene : (n) (طب) مرض زا: شناسائی علت مرض: میکرب شناسی : (جرثومہ) مرض زا جرثومہ : بیماری کا خاص سبب ۔

Pathogenesis : (n) (۱) (طب) تولید مرض : امراض کا پیدا ہونا : آفرینش امراض: مرض آفرینی ۔ (۲) (طب، مرضیات) علم تولید مرض: مبحث پیدائش و پیش رفت مرض۔

Pathogenesy / pathogeny : (n) دیکھو Pathogenesis

Pathogenetic / Pathogenic / Pathogenous : (a) مرض آور: مرض خیز : مرض آفریں: بیماری زا: بیماری کی پیدائش سے متعلق۔

Pathogenic bacteria : (n) مرض آور جراثیم۔

Pathogenic organism : (n) (حیوانیات) مرض آفریں عضویہ۔

Pathogenicity : (n) مرض آفرینیت ۔

Pathognomic / -al : (a) (۱) جذباتیات کا یا اس سے متعلق : علم جذبات کا ۔ (۲) (طب) تشخیص مرض کا یا اس سے متعلق : علامت مخصوصہ (مرضیات) ہر قسم کی بیماری کی علامات مخصوصہ کے مطالعہ سے متعلق ۔

Pathognomic symptom : (n) دیکھو Pathognomic

Pathognomonic : (a) (۱) (طب) کسی خاص مرض سے مخصوص؛ تشخیص مرض سے متعلق ؛ شاخص مرض ؛ مشخص کنندۂ بیماری۔

Pathognomonic : (n) علامات مخصوصہ مرض۔

Pathognomy : (n) (۱)علم جذبات ؛ مطالعۂ جذبات ؛ (نف) جذباتیات۔ (۲) (طب) تشخیص؛ تشخیص مرض ؛ ہر قسم کی بیماری کی علامات کا مطالعہ۔

Pathography : (n) (طب) امراض نگاری۔

Pathologic : (a) [Fr. 'pathologigue . '] مرضیاتی ؛ علم الامراض کا یا اس سے متعلق ؛ تشخیص امراض کا یا اس سے متعلق۔

Pathological : (a) (۱)مرضیات کا؛ علم الامراض سے متعلق؛ مرضیاتی؛ تشخیص امراض سے بحث کرنے والا؛ تشخیص امراض سے متعلق۔ (۲)وہ چیز جو علم الامراض کا موضوع ہو سکتی ہے؛ افسردہ طبع؛ مریضانہ حالت ؛ مرض کا؛ علامت مرض ظاہر کرنے والا۔

Pathological Bacteriology : (n) مرضیاتی جرثومیات۔

Pathological illusion : (n) دیکھو Hallucination

Pathological lying : (v) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) مرضیاتی دروغ گوئی۔

Pathological fracture : (n) (طب) مرض زاد کسر۔

Pathologically : (adv.) مرضیات کی رو سے، مرضیاتی طور پر؛ تشخیص امراض کے طور پر۔

Pathologist : (n) ماہر تشخیص امراض؛ مرضیات داں ؛ بیماری جانچ کرنے والا یا طالب علم۔

Pathology : (n) [mod. L. 'pathologia.'] (۱)علم الامراض ؛مرضیات؛ تشخیص امراض؛ مرض شناسی؛ علم تشخیص امراض؛ طبی سائنس کا وہ شعبہ یا بدنیات جو بیماریوں کی اسباب اور اقسام سے بحث کرتا ہے؛ غیرمعمولی جسمانی روگ کا علم۔ (۲) غیر معمولی جسمانی حالت کا علم؛ مطالعہ عوارض و ملائم غیرعادی۔ (۳)حالت مرض کا خلاصہ۔ (۴)غیرمعمولی دماغی یا اخلاقی حالت کا علم۔

Social pathology : (n) (سماجیات) سماجی مرضیات۔

Pathomania : (n) (طب) دیوانگی روحی ؛ جنون۔

Pathometry : (n) (نفسیات) سوز پیمائی۔

Pathopholia : (n) (نفسیات) مرض ترسی؛ خوف مرض۔

Pathos : (n) [Gr. 'pathos.'] درد سوز و گداز ؛ رقت انگیزی ؛ دل گدازی ؛ دل سوزی (تحریر، تقریر اور موسیقی وغیرہ میں) (نفسیات) رقت؛ سوز و گداز۔

Pathosis : (n) حالت مرض؛ ناخوشی؛ غیر عادی حالت۔

-pathy : [Gr. 'pathcia'] لاحقہ جو یونانی لفظ Patheia سے ماخوذ ہے ؛ اس کی اصلی معنی ہیں "تکلیف" "احساس" مثلاً homiopatheia وغیرہ اس سے علاج کے معنی بھی پیدا کرلئے گئے ہیں مثلاً allopathy وغیرہ۔

Patience : (n) [L. 'patientia.'] (۱)صبر ؛ تحمل؛ شکیبائی؛ بردباری؛ حلم؛ طاقت ؛ تاب و تواں ؛ برداشت۔ (۲)کسی قسم کے اشتعال یا غیظ و غضب کے تحت صبر و تحمل خصوصاً دوسروں کی برانگیختگی ، ان کی غلطیوں یا ان کے قصور اور پابندی و بندش میں صبرو تحمل۔(۳) حادثات زمانہ پر سکون کے ساتھ برداشت ۔ (۴) محنت میں استقامت ؛ استقلال ؛ ثابت قدمی ؛حوصلہ ؛ ثبات ؛ کوشش ؛ سعی ؛ مشقت ۔ (۵) ایک پودے کا نام Rumex patientia جو پہلے سلاد میں اسفناج کی جگہ پر استعمال ہوتا تھا۔ (۶) (نباتیات) قسم ابواس؛ انجبار؛ ترشک اسفناجی۔ (۷) مجسمہ ؛ (صورت مجاز میں پیش کرنا)۔ (۸) تاش کا ایک کھیل جو اکیلا آدمی کھیلتا ہے ؛ پیشینس (کھیل)۔

Out of patience : عاجز؛ تنگ؛ زچ؛ زیادہ دیر تک برداشت نہ کرنا؛ صبر سے باہر ہوجانا۔

The patience of job : صبر ایوبی؛ انتہائی صبر۔

To have no patience with : (بول چال) (کسی شخص یا اس کے طرز عمل وغیرہ سے) کوفت ہونا؛ وحشت ہونا ؛ برداشت نہ ہونا ؛ صبر نہ کرنا ؛ بے صبر ہو جانا۔

To have patience with : صبر کرنا؛ شکیبائی رکھنا؛ برداشت کرنا۔

Patience -dock : (n) (۱) ایک قسم کے پودے کا نام ؛ انجبار ؛ ترشک اسفناجی۔ (۲) (شمالی انگلستان) گوشت کے رنگ کی پھولوں والی بیل؛ دو پیچہ۔

Patiency : (n) صبر و تحمل؛ حالت شکیبائی۔

Patient : (n) [L. 'patiens, patient.'] (۱)صابر ؛ متحمل؛ شکیبا؛

بردبار : صبور : حلیم ۔ (۲) باحوصلہ : باتحمل : متحمل : ثابت قدم : مستقل مزاج : اپنی حالت پر جمار ہنے والا: مصیبت برداشت کرنے کے لائق۔

Patient : (n) (۱) وہ شخص جو زیر علاج ہو : مرض : بیمار۔ (۲) شخص یا چیز جو زیرعمل ہو یا جس کے لئے کچھ کیا جائے یا جو (عمل) کیا جائے۔ (۳)رنج بر: صابر (شخص) گیرندہ: پانے والا۔

The facts are patient of two interpretations: واقعات متحمل الضدین ہیں: واقعات سے دو معنی نکل سکتے ہیں: دو معنی کا احتمال ہے۔

Patiently : (adv.) صبر و تحمل سے : صبر و سکون سے : مستقل مزاجی سے : استقلال کے ساتھ : ثابت قدمی کے ساتھ۔

Patina : (n) [L. 'patina , ena.'] (۱) (دینیات) اتھل قاب جس میں عشائے ربانی کے موقع پر روٹی رکھتے ہیں۔ (۲)سبز رنگ کی جھلی، تہ یا پپڑی جو کانسے کے پرانے برتنوں پر جم جاتی ہے اور باعث زینت سمجھی جاتی ہے : اسی طرح کسی شے کی سطح پر پپڑی ۔ (۲) (کیمیا) زنگارہ: رنگ سبز: زنگ۔

Patinated/ Patinous : (a) زنگ آلود: زنگاری: کسی چیز پر تہ جمی ہوئی۔

Patination : (n) زنگ آلودگی: زنگاریت۔

Patine : (n) دیکھو Patina

Patio : (n) [sp.] (۱)صحن: آنگن: انگنائی (ہسپانوی یا امریکی ہسپانوی مکانوں میں) مکان سے ملحق فرش یا چبوترہ۔ (۲) (کان کنی) وہ احاطہ جہاں کچے دھات کو صاف اور حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ (۳)کھلی زمین میں چاندی کی دھات کو مخلوط کرنے کا ہسپانوی طریقہ۔

Patisserie : (n) [Fr.] کھانے کی ایک جنس جو پیسٹری سے تیار کی گئی ہو: پیسٹری : سوجہ فرانسوی: حلویات فرانسوی۔

Patlid : (n) Potlid کا متبادل۔

Patly : (adv.) موزوں طریقے سے : مناسب طورپر: ٹھیک سے ۔

Patness : (n) مناسبت : موزونیت : درستی : میلان : رغبت بروقت ہونا۔

Patois : (n) [Origin unkn.] (۱)کسی خطے کی عوام کی بولی: روز مرہ (بولی) (اعلیٰ زبان کی ضد) مخصوص علاقے میں بولی جانے والی زبان جو ادبی نہ ہو ۔ (۲)توصیفی معنوں میں یا صفت کے معنی میں (روزہ مرہ کا یا اس سے متعلق)۔

Patola : (n) [Gujrati 'patotu, f. Skt. 'patola.'] (۱)ایک قسم کا ہندوستانی ریشمی کپڑا۔ (۲)شادی کی ساڑی جو گجرات میں تیار کی جاتی ہے۔

Patonce : (a) (نقابت) صلیبی شکل کا: صلیب نما۔

Patria : (n) [L.] (حیاتیات) مسکن طبیعی : محل سکونت طبیعی (جانوران)۔

Patria potestas : (n) [L.] (سیاسیات) پدری اقتدار۔

Patriarch : (n) [L. 'patriarcha.'] (۱) سردار : قبیلہ : سرقبیلہ: سردار خاندانی۔ (۲) (مجمع میں) عہدنامہ جدید میں حضرت یعقوب علیہ السلام کے بارہ بیٹے: ابنائے یعقوب: نیز بزرگان اسرائیل حضرت ابراہیم علیہ السلام: حضرت اسحاقؑ: حضرت یعقوبؑ اور ان کے اجداد۔ (۳) (قدیم کلیسا اور مشرقی مکتب میں) بطریق: اسقف (خصوصاً انطاکیہ ، اسکندریہ، قسطنطنیہ، یروشلم ، روماکا) نیز دوسرے مشرقی کلیساؤں کا سردار۔ (۴) (کلیسائے رومی) بطریق : اسقف اعظم سے اوپر کے درجے کا سردار کلیسا ۔ (۵) (کسی فن، سائنس ، یا کسی سلسلہ اور نظریہ کا) بانی : مورث اعلیٰ : ایجاد کرنے والا: مجتہد۔ (۶)قابل احترام سن رسیدہ شخص: بزرگ: خصوصاً سب سے بوڑھا شخص : سردار جماعت : رئیس پیشہ ۔ (۷) کسی جماعت یا طبقے کا سب سے بوڑھا شخص : پیر کبیر : کسی جماعت کا سب سے زیادہ واجب التعظیم شخص ۔ (۸) (دینیات) بطریق : مجتہد : رشی : (سیاسیات) ابّ الآباء : بانیٔ خاندان۔

Patriarchal : (a) (!) سردار خاندان یا قبیلے کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) (کلیسا) درجہ وار بطریق یا اسقف اعظم سے متعلق : اسقف اعظم کے ذریعہ حکومت کیا ہوا: اسقف اعظم کے عہدے کا یا اس کے مانند۔ (۳)پدر شاہی کا یا اس کی طرح۔ (۴)واجب التعظیم : ارجمند : محترم ۔ (۵) سرقبیلی (حکومت) جس قبیلے کا سردار اس کا سیاسی فرماں روا بھی ہوتا تھا۔ (۶) (سیاسیات)سر قبیلی : پدر سری : مشائخی۔ [late L. patriarchalis,]

Partiarchal cross : (n) (نقابت) صلیب (جس میں اوپر کا حصہ چھوٹا ہو) یونانی گرجے کے سرداروں کی علامت۔

Patriarchal society :(n) (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) پدری سماج۔

Patriarchalism : (n) سماج کا سر قبیلی نظام : سرقبیلی طرزحکومت ۔

Patriarchally : (adv.) سرقبیلی طورپر: پدر سری کے انداز میں۔

Patriarchate :(n) [med. L. 'patriarchatus.'] (۱) بطریقی : عہدۂ بطریق : پدر شاہی : ریاست قبیلہ ۔ (۲) بطریق کا مکان ۔ (۳) اسقف اعظم کا علاقہ : وہ علاقہ جو کسی اسقف یا اسقف اعظم کے سپرد ہو۔ (۴)سردار قبیلہ کا درجہ۔

Patriarchism : (n) سرقبیلی نظام: سرقبیلی طرز حکومت: روش حکومت مشائخی: طرز حکومت پدر شاہی : کسی تنظیم یا حکومت کا سر قبیلی نظام : (سیاسیات) پدر شاہی ۔

Patriarchy : (n) [med. L. 'Patriachia',] (۱) سردار خاندان کے ذریعہ چلائی جانے والی گرجا کی حکومت ۔ (۲) وہ معاشرہ (سوسائٹی) یا حکومت جس میں سردار قبیلہ کی فرماں روائی ہے : سر قبیلی معاشرہ : سر قبیلی طرز حکومت : پدر شاہی نظام ۔

Patrician : (n) [med. L. 'patricius .'] (۱) قدیم شہر روما کا آدمی : رومی عالی خاندان : رومی عالی منش ۔ (۲) قدیم روما کا خاندانی امیر : طبقۂ امرا کا رکن ۔ (۳) عہد متاخر کی رومی سلطنت کے طبقۂ امرا کا رکن ۔(۴) نائب قیصر (قیصر روم کا صوبہ دار اطالیہ اور افریقہ میں) ۔ (۵) اطالوی حکومت کے عہد وسطیٰ کے معزز خاندانی شہری کے متعلق بھی استعمال ہوتا ہے۔ (۶) (عام معنی) شریف آدمی : شریف النسل : معزز شخص: اشراف : شریف ۔ (۷) (تاریخ) اعیان زادہ شخص: طبقۂ امرا کا رکن : خاندانی امیر (خصوصاً بعض اطالوی ریاستوں کا)۔

Patrician : (a) (۱)قدیم شہر روم کا یا اس سے متعلق۔ (۲)امیرانہ: امیروں کا (خصوصاً قدیم روما کا طبقۂ امرا کا) : شاہانہ : اشرافی : اشرافیہ : شریف : نجیب : اعیان زادہ ۔

Patrician : (n) [L. (pl.) 'patriciani,' f. the name of their founder, patricius.] چوتھی صدی عیسوی کے مرتد فرقے کا ایک رکن جس کا عقیدہ تھا کہ گوشت کی ماہیت کا تعلق خدا سے نہیں بلکہ شیطان سے ہے۔

Patricianism : (n) امیرانہ صفت: اشرافی طرز: اشرافیت : اعیان زدگی یہ مجموعی طورپر طبقۂ امرا کا رکن ۔

Patricianly : (adv.) امیرانہ طورپر: شریف طریقے سے۔

Patricianship : (n) (۱)امارت۔ (۲)نائب قیصر کا عہدہ۔

Patriciate : (n) [L. 'patriciatus.'] (۱) امارت : طبقۂ امرا کا عہدہ: درجہ اشرافی ۔ (۲) گروہ بزرگان : طبقۂ اشراف : طبقۂ امرا : جماعت امرا ۔ (۳)نجیب زدگی ۔

Patricidal : (a) [f. next] پدر کشانہ پدر کشی کا : پدر کشی سے متعلق ۔

Patricide : (n) [late and med. L. 'patricida.'] (۱) (شاذ) پدر کش: اپنے باپ کا قاتل ۔ (۲)پدر کشی: اپنے باپ کا قتل ۔

Patrico : (n) (Origin unkn.] (۱) پجاری: پادری: پروہت : کاہن: خادم دین ۔ (۲)دیکھو Patson ۔ (۳) (خصوصاً) ادنیٰ درجے کا جاہل پادری ۔

Patrikin : (n) پدری رشتہ دار ۔

Patrilineal : (a) (سماجیات) پدر نسبی، پدری : جدی (رشتہ)۔

Patrilineal descent : (n) (سماجیات) پدر نسبی سلسلہ ۔

Patrilineal family : (n) پدر نسبی خاندان۔

Patriliny : (n) نسب پدری : شجرہ نسب پدری : نسب نامۂ پدری ۔

Patrilocal : (n) [f.L. Pates.] (۱) (سماجیات) پدر مقامی۔ (۲) ابتدائی انسانوں کی شادی کا ایک طریقہ جس کے مطابق بیوی اپنے شوہر کے مقامی گروہ کی رکن بن جاتی ہے۔

Patrimonial : (a) آبائی املاک کا: میراثی (جائداد) : ارثی : موروثی: اجدادی: باپ دادا کا ۔

Patrimonially : (adv.) موروثی طور پر : ارثی طور پر : اجدادی طور پر۔

Patrimony : (n) [L. 'patrimonium , '] (۱) آبائی جائداد یا املاک : ترکہ : میراث : ارث : ارث پدری : ثروت موروثی: ورثہ ۔ (۲)کسی ادارے وغیرہ کا قدیم علاقہ یا وقف: گرجا یا دینی عمارتوں یا اداروں سے متعلق وقف ۔ (۳) مجازاً ۔

Patrimony of St. Peter : (n) اٹلی کے پوپ کا موقوفہ علاقہ یا اس کی املاک۔

Patriot : (n) [late L. 'patriota.'] (۱) وطن دوست : محب وطن : وطن پرست: ملک دوست اپنے ملک سے محبت کرنے والا ۔ (۲)آزادیٔ وطن کا حامی: وہ شخص جو اپنے ملک کی آزادی اور حقوق کا حامی ہو:حامیٔ ملک۔ (۳)ایسے لوگوں یا پارٹیوں پر مختلف اوقات میں اس کا اطلاق ہوتا ہے جن کے دعوے کو اور لوگوں نے رد کیا یا ان کا مذاق اڑایا: اس طرح اٹھارھویں صدی میں ایسے لوگوں کے لئے

استعمال ہوا جو ملک کے بدخواہ اور نقصان پہنچانے والے تھے : کبھی کبھی آئرستانی ملک دوست کے معنی میں۔

Patriot : (a) محب وطن کا: وطن دوستی کا: وطن دوستی کی صفت رکھنے والا وطن دوست: محبت وطن۔

Patriotic : (a) [late L. 'patrioticus.'] (۱)وطن دوستی کا: حب وطن کا: وطن پرستانہ: وطن پرستی کی صفت رکھنے والا : اپنے ملک سے محبت کیا ہوا۔ (۲) امن دوست: محب وطن۔

Patriotically : (adv.) وطن دوستی کے ساتھ: حب وطن کے طور پر: ملک دوستی کے انداز میں: ازراہ وطن دوستی: حب وطن کی بنا پر۔

Patriotism : (n) [Fr. 'patriotisme.'] وطن دوستی : وطن پرستی: وطنیت: حب وطن: اپنے ملک سے محبت: آزادی وطن کی حمایت۔

Patripassian : (n) [L. 'patripassianus.'] عیسائی مرتد فرقے کا حامی جس کا عقیدہ تھا کہ انسان کی نجات کے لئے حضرت عیسیٰؑ (God the son) کی مصیبت میں خدا (God the father) بھی شامل تھا۔

Patripassian : (a) اس عقیدے کا یا اس سے متعلق۔

Patripassianism : (n) اس عقیدے کا حامی: اس عقیدے کی حمایت۔

Patristic : (a) [G. ' patristisch,] (۱) آبائے کلیسا (Father of the church) کے متعلق یا ان کی تصانیف کے متعلق: آبائے کلیسا کی تحریر یا تصنیف کے مطالعہ سے متعلق۔ (۲)کسی قدیم پرستش یا طرز کی قدیم تصانیف سے متعلق۔

Patristic /-al : (n) (۱) آبائے کلیسا کے خیالات یا نظریے کا پیرو یا طالب علم۔ (۲) (جمع میں) آبائے کلیسا کی زندگی : تحریر یا نظریے کا مطالعہ۔ (۳) اولیاء اور مقدسین مسیحی کے نوشتوں اور حالات زندگی سے بحث۔

Patristic learning اولیاء مقدسین مسیحی کے نوشتہ جات اور زندگی کا علم۔

Patristic works /- doctrines : (n) آبائے کلیسا کی تصانیف یا ان کے نظریے۔

Patristically : (adv.) آبائے کلیسا کی تحریر یا تصنیف کے طور پر : آبائے کلیسا کی تصنیف کے مطالعہ کے طور پر۔

Patristicism : (n) آبائے کلیسا کی تصنیف کا مطالعہ : بزرگاں و قدیم مسیحیت کی نوشتگی کا علم۔

Patrix / Patrice : (n) [L. 'pater , patr-.'] سانچا : پاسا : ٹھپا : چھیدنی یا قالب مخصوص (ٹائپ کے استعمال میں) : قالب ریزی: ریختہ گری۔

Patrol : (n) [Fr. 'patrouille ,'] (۱) قلع یا شہر کی محافظ فوج کی گشت۔ (۲)شہر یا ضلع کے پولیس کانسٹبل یا پولیس کے دستے کا لوگوں کی جان اور ان کے مال کی حفاظت کے لئے گشت یا معائنہ : نیز مجازاً۔ (۳)محافظت کی وہ فوج جو علاحدہ مہم پر بھیجی جائے۔ (۴)طلایہ: گشت: گرد آوری: گشتی دستہ۔ (۵)قراول دستہ: وہ فوجی دستہ جسے آگے معائنہ کے لئے بھیجا جائے۔ (۶)بوائے اسکاٹ کی ایک چھوٹی یونٹ جو چھ اسکاٹ پر مستعمل ہو اور جس کا کمانڈر پٹرول لیڈر (Patrol leader) ہو۔

Patrol : (v) [Fr. 'patrouiller.'] (۱) گشت کرنا: روند کرنا : شب گردی کرنا: چوکسی کرنا: نگرانی کرنا: حفاظت کرنا: پہرا دینا۔ (۲)گشتی دستے کے ساتھ شہر کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک جانا یا ضلع میں جانا۔ (۳)حفاظت کے لئے شہر: چھاؤنی یا قلعے کی چاروں طرف گشت لگانا۔

Patrol judge : (n) گھوڑ دوڑ میں گھوڑوں پر سوار ہونے والوں کی نگرانی کرنے والا افسر۔

Patrol- wagon : (n) (امریکا) قیدی وان: قیدی گاڑی: قیدیوں کے لے جانے اور لے آنے والی گاڑی۔

Patroller : (n) طلایہ کا رکن : گشتی دستے کا رکن : گشت کرنے والا : پہرہ دار۔

Patrolling system : (n) (سیاسیات) نظام گشت۔

Patrolman : (n) طلایہ کا سپاہی : گشتی دستے کا سپاہی : (خاص کر امریکا) گشتی میں شریک آدمی خصوصاً وہ سپاہی جو کسی مخصوص Beal یا ضلع سے ملحق ہو۔

Patrologic/ -al : (a) اولیاء مقدسین مسیحیت اور ان کے حالات زندگی کے علم سے متعلق۔

Patrologist : (n) اولیاء مقدسین مسیحی اور ان کی تصانیف کے علم کا ماہر۔

Patrology : (n) (۱)آبائے کلیسا کی زندگی اور ان کی تصنیف نظریات وغیرہ کا علم۔ (۲)آبائے کلیسا کی تصانیف کا مجموعہ۔

Patrolwoman : (n) طلایہ میں شریک عورت : عورت پولیس (گشتی دستے میں).

Patromorphic : (a) پدر شکل: باپ جیسا.

Patron : (n) [L. 'patronus.'] (۱)مربی: سرپرست، حامی : مددگار : حمایتی : نگہدار : محافظ : ولی : (کسی شخص یا ملک کا) حاکم: مخدوم: سردار: فرمانروا: ولی نعمت: (دینیات) متولی. (۲) (قدیم روما) آزاد شدہ غلام کا سابق مالک. (۳) امرا کے طبقے کا کوئی شخص جو کسی عامی کا سرپرست ہو : نیز کنایتاً. (۴) (عتیقات روما) ایڈوکیٹ : وکیل : بحث کرنے والا : نیز مجازاً. (۵) وہ شخص جو اپنی اثری حمایت کسی شخص، وجہ یا آرٹ میں کرتا ہو خصوصاً سترھویں اور اٹھارھویں صدی کا وہ شخص جس نے تہدیۂ کتاب کو قبول کیا ہو. (۶) وہ شخص جو کسی ادارے، مشن اور رواج کی حمایت کرتا ہو : نیز (تاجر پیشہ کی زبان میں) مستقل خریدار : (معاشیات) ہمیشہ کا گاہک. (۷)متولی: وہ شخص جو گرجے کے متعلق وقف یا معافی (جائداد) کا متولی ہو اور اس گرجے کے پادری کا تقرر اس کی سفارش سے ہوتا ہو. (۸)کسی شخص، مقام یا جہاز کا مخصوص ولی یا سرپرست : وہ ولی یا ولیہ جو کسی شخص یا ملک کی محافظ سمجھی جاتی ہو: محافظ ولی یا ولیہ. (۹) (اسپین میں) کسی سرائے کا میزبان یا مالک: صاحب مہمان خانہ : صاحب ریستوراں. (۱۰) پستول کے کارتوس کا ڈبّا.

Patron saint : (n) وہ ولی یا ولیہ جو کسی شخص یا ملک کی محافظ سمجھی جاتی ہو: محافظ ولی یا ولیہ.

Patronage : (n) [Fr. 'patronage',] (۱) (کلیسا) کلیسائی وقف یا جاگیر کا حق: وقف کرنے کا حق: کسی عبادت گاہ کے لئے کوئی جاگیر وقف کرنے کا حق: کسی معبد کی سرپرستی: تولیت امورِ کلیسا. (۲)مدد کرنے کا عمل: حمایت: معاونت: امداد: سرپرستی: نگہداری: پشتبانی: حفاظت: تشویق. (۳) (تجارت اور عام بول چال میں) گاہکوں کی سرپرستی: گاہکوں کے ذریعہ ہوٹل، اسٹور، دکان وغیرہ کو دی جانے والی امداد. (۴) سرپرستانہ امداد. (۵) اقتدار تقرر : اختیار تفویض مشاغل و مناصب.

Patronage secretary : (n) (برطانیہ میں) خزانے کا سکریٹری جس کے اختیار میں اس محکمے کے تقررات و انتظامات ہوتے ہیں.

Patronal : (a) ولیٔ حامی یا محافظ کا یا اس کے متعلق : حمایتی : حمایت کی طرح کا.

The patronal festival of a church : عہد ولیٔ حامی، ولیٔ حامی کا تیوہار.

Patronate : (n) مقام سرپرستی: حق پرستی : وظیفہ پرستی : حمایت: سرپرست کا عہدہ، حق یا فرائض.

Patroness : (n) [med. L. 'patronissa.'] (۱) مربی یا سرپرست خاتون. (۲)محافظہ: ولیہ. (۳)متولیہ (گرجے کے وقف کی) نیز مجازاً.

Patronization : (n) سرپرستی: حمایت.

Patronize : (v) [med. L. 'patronizare.'] (۱)سرپرستی کرنا: سرپرست کے طور پر عمل کرنا: حمایت کرنا: اعانت کرنا : امداد کرنا : ہمت افزائی کرنا : حفاظت کرنا: ہمت دلانا : پشت پناہی کرنا : جائز رکھنا : حوصلہ افزائی کرنا: ہمت بڑھانا : جرأت دلانا: آمادہ کرنا: تائید کرنا: تشویق کرنا. (۲) مربیانہ عنایت کا برتاؤ کرنا : مخدومانہ التفات سے پیش آنا. (۳)(تجارت اور بول چال) (کسی جگہ) برابر جانا بطور گاہک یا ملاقات کے لئے: کسی کی موجودگی کی حمایت کرنا: رجوع کرنا: مدد لینا: کام لینا: آمدورفت رکھنا: آنا جانا.

Patronizer : (n) سرپرستی کرنے والا: حمایت کرنے والا : مدد گار: سرپرستی لینے والا: حمایت کنندہ : اعانت کنندہ.

Patronizingly : (adv.) مربیانہ انداز سے: مخدومانہ التفات کی شان شان سے: سرپرستی کے طور پر: اعانت کرتے ہوئے.

Patronless : (a) بغیر سرپرستی کا: بغیر حمایت کا: بغیر ولی کے.

Patronne : (n) (۱)محافظ ولیہ : وہ ولیہ جو کسی شخص، ملک کی محافظ سمجھی جاتی ہو. (۲)کسی سرائے کی مالکہ.

Patronship : (n) سرپرستی : مربیّت: مددگاری: معاونت.

Patronymic : (a) [late L. 'patronymicus.'] (۱)وہ نام جو آباء و اجداد میں سے کسی کے نام پر رکھا گیا ہو. (خصوصاً آگے پیچھے جوڑکر). (۲)جدی (نام).

Patronymic : (n) (سماجیات) جدی نام: آل : کنیت: وہ نام جو آباء و اجداد میں سے کسی کے نام پر رکھا گیا ہو : خاندانی نام.

Patronymical : (a) جدی: آبائی.

Patronymically : (adv.) کنیت کے طور پر : جدی طور پر : آبائی انداز میں.

Patroon : (n) [Du 'patroon.'] (امریکا) جاگیر دار : و زمین دار

جس کو نیویارک اور نیوجرسی کی ڈچ حکومت میں جاگیر دارانہ حقوق حاصل تھے (یہ نظام ۱۸۵۰ء میں منسوخ ہوا)۔

Patroonship : (n) زمیندار کا عہدہ یا علاقہ؛ جاگیر داریت۔

Patmar : (n) [Pg. 'patamar.'] ہندوستانی اطلاع کشتی (سماچار کشتی) یا مراسلہ کشتی؛ خصوصاً مثلث نما بادبانوں کا جہاز جو ہندوستان کے مغربی سمندری ساحل پر سواری کے استعمال کے لئے رہتا ہے۔

Pattee : (a) [Origin unkn.] (نقابت) (صلیب) جس کے بازو مثلث نما ہوں۔

Patten : (n) [Fr. 'patin.'] (۱) مختلف زمانے میں مختلف قسم کے جوتوں کے نام کے طور پر استعمال ہوتا ہے؛ لکڑی کے جوتے (کھڑاؤں) لکڑی کے تلے کے سلیپر؛ کفش چوبی۔ (۲) خصوصاً اوپری جوتا؛ جوتے کے اوپر پہننے کا جوتا جس کا تلا لکڑی کا اور اوپر کے حصہ پر لوہے وغیرہ کا حلقہ ہوتا ہے؛ یہ اصلی جوتے کو کیچڑ وغیرہ میں سے اٹھانے کا کام دیتا ہے۔ (۳) برف پر چلنے کی کھڑاؤں یا جوتا؛ اسکیٹ۔ (۴) (تعمیرات) بنیاد؛ بنا؛ منار یا ستون کی بنیاد؛ کسی دیوار کی بنیاد بیٹھک۔

To run on pattens : شور سے گونج اٹھنا؛ چخ چخ کرنا؛ زور سے بک بک کرنا۔

Patten : (v) کھڑاؤں پر چلنا؛ اوپری جوتے پہن کر چلنا؛ لکڑی کے جوتے پہن کر گزرنا؛ نیز (مقامی) اسکیٹ کرنا؛ برف پر چلنا۔

Patten-maker : (n) لکڑی کا جوتا بنانے والا؛ (اب خصوصاً شہر لندن کی کمپنیوں میں سے ایک کمپنی کا نام)۔

Pattened : (a) لکڑی کا جوتا پہنے ہوئے؛ باکفش چوب۔

Patter : (n) [f. Patter (v)] (۱) کسی جماعت، پیشہ یا فرقے کی مخصوص بولی یا زبان؛ بولی جو عام طور پر نہ سمجھی جاسکے۔ (۲) شعبدہ باز، عیار، مداری وغیرہ کی لفاظی یالسانی گا نام؛ تقریر بازی۔ (۳) (بول چال) صرف گفتگو؛ محض بات چیت؛ باتیں بنانے والا؛ گپی؛ بکواس؛ بز۔ (۴) تیز گفتگو جو گیت کے درمیان آجاتی ہے۔ (۵) گیت یا طربیہ ڈرامے کے الفاظ۔

Patter : (n) [f. Patter (v)] ٹھاٹھ گرنے کی حرکت یا عمل؛ ٹپ ٹپ گرانا (پانی کو)؛ ٹپ ٹپ کی آواز یا جلد جلد تھپ تھپ کی آواز۔

Patter : (v) [f. Patter.] (۱) (دعا، منتر وغیرہ) جلد جلد پڑھنا؛ میکانکی طریقے سے جلد جلد پڑھنا؛ ایک سانس میں پڑھ جانا یا پڑھ ڈالنا۔ (۲) پٹر پٹر جلدی جلدی گفتگو کرنا؛ جلدی جلدی باتیں کرنا؛ بغیر مطلب کے باتیں کرنا کہ سمجھ میں نہ آئیں؛ بک بک کرنا؛ بچوں کی سی گفتگو کرنا؛ سادگی اور بھولے پن سے باتیں کرنا؛ طفلانہ گفتگو کرنا۔ (۳) (عامیانہ) گفتگو کرنا؛ چوروں، فقیروں، بھکاریوں کی طرح باتیں بنانا۔ (۴) (عامیانہ کوئی زبان) استعمال کرنا؛ گفتگو کرنا (کسی زبان میں۔)

To patter flash : عامیانہ گفتگو کرنا۔

Patter : (v) [Dim. and frequent of Pat (v)] (۱) ٹپا ٹپ گرنا؛ ٹپ ٹپ کی آواز پیدا کرنا؛ (مثلاً بارش کی بوندوں کا کھڑکی کے شیشوں پر گرنا)۔ (۲) ٹپ ٹپ دوڑنا؛ پٹر پٹر دوڑنا؛ چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے تیزی سے دوڑنا۔ (۳) ٹپ ٹپ گرانا (پانی کو)۔ (۴) ہلکی آواز کے جلدی جلدی آنے یا ٹپ ٹپ گرنے کی وجہ ہونا۔

Patter-song : (n) مزاحیہ گیت یا نظم جس میں بہت سے الفاظ ملے ہوئے ہوتے ہیں اور تیزی سے گائے جاتے ہیں۔

Patterer : (n) جلدی جلدی باتیں کرنے والا؛ تیزی سے گفتگو کرنے والا۔

Pattern : (n) [ME. 'Patron.'] (۱) اعلیٰ نمونہ؛ اعلیٰ مثال؛ عمدہ تقلید۔ (۲) (کسی صنعت کا) مجسمہ؛ نمونے کا ڈھانچا؛ مجسم نمونہ؛ طرز، شکل، پلان جس پر کوئی چیز بنائی جائے؛ نیز مجازاً۔ (۳) (خصوصاً بنیاد میں) نمونہ؛ سانچہ؛ قالب۔ (۴) نمونہ؛ بانگی؛ نظیر؛ مثال؛ نیز مجازاً۔ (۵) مثال؛ مخصوص صورت یا موقع خصوصاً اشارتی نظیر یا امتیازی مثال؛ مشہور مثال؛ نظیر۔ (۶) نقش ونگاری نمونہ؛ صنعتی نمونہ؛ نقش و نگار؛ نمونہ یا ڈیزائن جو بناوٹی چیزوں میں استعمل ہوا ہو؛ اسٹائل، نقشہ یا نقش ونگار کی قسم۔ (۷) تجویز کردہ سکے کے ماڈل کا نمونہ۔ (۸) (امریکا) کپڑے کی لمبائی (لباس کے لئے)۔ (۹) نقشہ (دیوار، قالین وغیرہ کے آرائشی کام کا)۔ (۱۰) (بندوق سازی) بندوق کی گولیوں کے نشانات کا نقشہ جو چاندماری میں بن جائے۔ (۱۱) (آئرستان) محافظ ولی یا ولیہ کا دن؛ اس دن کی رنگ رلیاں، عیش و نشاط۔ (۱۲) (توصیفی اور صفتی معنوں میں) مثالی؛ اصلی؛ بنیادی؛ اولین نمونے کا (جو اپنی خوبی کی وجہ سے نمونے کا کام دے)۔ (۱۳) درزی کے کپڑے وغیرہ کا نمونہ۔ (۱۴) (سماجیات) وضع۔

Acquired pattern : (n) اکتسابی وضع، نمونہ۔

Behaviour pattern : (n) کرداری وضع، نمونہ ۔

Culture pattern : (n) ثقافتی وضع ، نمونہ ۔

Personality pattern : (n) شخصیتی وضع، نمونہ ۔

Pattern : (v) (۱)وضع نکالنا (after, on, upon) کے ساتھ؛ (کسی چیز کے) نمونے پر بنانا یا ڈھالنا؛ نمونہ بنانا؛ وضع کرنا؛ ڈھالنا۔ (۲)برابر کرنا؛ ہمسر ہونا؛ مقابلے میں لانا، یا کھڑا کرنا؛ دو چیزوں میں مشابہت یا مماثلت دکھانا؛ تشبیہ دینا؛ موازنہ کرنا؛ نظیر پیش کرنا؛ مقابلہ کرنا۔ (۳)نمونے کے طور پر لینا؛ تقلید کرنا؛ پیروی کرنا (شاذ)۔(۴)نقش و نگار سے مزین کرنا؛ دھوپ چھاؤں کا سا رنگ برنگ بنانا یا آراستہ کرنا؛ بوقلموں کرنا۔ (۵)بندوق کی گولیوں کا نشانہ بنانا۔

Pattern-book : (n) (۱)ڈیزائن یا نمونے کی کتاب۔ (۲) ڈیزائن یا نمونہ رکھنے کے لئے کارڈ بورڈ کی سادہ کتاب ۔

Pattern box : (n) (بنائی) مختلف تگنی رکھنے کا بکس؛ کپڑا بننے والے کی نال رکھنے کا صندوق۔

Pattern card : (n) (۱)نمونہ کارڈ؛ نمونے کا کارڈ (کپڑے کا) ۔
(۲)بنائی : دیکھو Card - (n)

Pattern chain : (n) کپڑا بننے میں نال کو پیٹرن بکس سے لانے والا خود کار آلہ ۔

Pattern designer/ -drawer : (n) ڈیزائن بنانے والا؛ نمونہ بنانے والا؛ خصوصاً وہ شخص جو کپڑوں کے نمونے بنانے کا انتظام کرتا ہے ؛ نمونہ ساز ؛ (الیکٹرک بنیاد) قالب ساز ۔

Pattern maker : (n) دیکھو Pattern designer

Pattern making : (n) نمونہ سازی ؛ (الیکٹرک بنیاد) قالب سازی۔

Pattern room : (n) سانچوں کی ڈھلائی کے کارخانہ کا کمرہ ؛ نمونوں کا کمرہ۔

Pattern- shop : (n) نمونوں کی دوکان۔

Pattern-word : (n) اصطلاح یا لغت مفتاح یا نمونہ۔

Patterner : (n) نمونہ بنانے والا؛ نمونہ ساز؛ ڈیزائن بنانے والا ۔

Patterning : (n) نمونہ سازی؛ ڈیزائن کی ترتیب؛ طرح ریزی ؛ طرح سازی؛ نمونہ بنانا۔

Patternize : (v) کم کرنا؛ نمونے میں ترتیب دینا؛ نمونہ سازی کرنا۔

Patting : (n) تھاپ؛ برابر کرنا۔

Pattinsonization : (n) پٹینسن عمل ۔

Pattinsonize : (v) [f. name of H.L. Pattinson, inventor of the process.] Pattinson (پٹینسن) عمل کے ذریعہ چاندی نکالنا۔

Pattle / Pettle : (n) [late ME.] (اسکاتستان) چھوٹے بیلچے یا پھاوڑے کے مشابہ لمبا دستہ لگاھوا ایک اوزار ۔

Patty : (n) (۱) قیمے کا سموسا۔(۲)میٹھا سموسا ۔

Patty -cake : (n) دیکھو Pat-a-cake

Patty -pan : (n) سموسے پکانے کا طاس یا کڑاہی۔

Patulous : (a) [L. 'Patulus.'] (۱)کھلا ہوا ؛ کشادہ ؛ پھیلا یا ہوا ؛ باز ؛ کشودہ۔ (۲)(نباتیات) کشادہ ؛ گسترده ؛ پھیلتا ۔ (۳) پھیلی ہوئی (شاخیں) ؛ آگے بڑھی ہوئی (شاخ)۔

Patulous boughs : (n) (نباتیات) گسترده شاخیں۔

Patulously : (adv.) کشادگی سے ؛ پھیلاؤ سے ۔

Patulousness : (n) کشادگی ؛ پھیلا ہوا ہونا ۔

Pauci : (prefix) [comb. form of L. pancus.] سابقہ بمعنی "معدودے چند" ؛"بہت کم" ؛ "قلیل" ؛ "تھوڑا" ۔

Pauciflorous : (a) (نباتیات) قلیل گلہ ۔

Paucifolious : (n) (نباتیات) قلیل برگہ ۔

Pauciloquent : (n) کم بولنا؛ چند لفظ کہنا ۔

Pauciloquently : (adv.) کم گوئی کے ساتھ؛ کج سخنی کے ساتھ۔

Pauciloquy : (n) کم گوئی؛ کم سخنی؛ کم بولنا؛ مختصر گوئی۔

Paucispiral : (a) چند حلقوں والا؛ (چھلکا، خول کی مانند)۔

paucispirated : (a) چند حلقہ دار؛ چند پیچ و تاب والا۔

Paucity : (n) [L. 'Paucitas'] قلت؛ کمی؛(تعداد یا مقدار کی)؛ چند؛ معدود؛ اندک؛ کم یابی؛ ندرت۔

Paughty : (a) [Origin unkn.] (اسکاتستان) مغرور ؛ متکبر ؛ خودبیں؛ خود پسند؛ پرتمکین؛ باتمکنت؛ بھاری بھرکم؛ مغرورانہ ؛ گستاخ ؛ بدتمیز ؛ گستاخانہ ؛ توہین آمیز ؛ بدتمیزی کا۔

Paul : (n) [L. 'paulus.'] (۱) (بائبل) پولوس رسول ؛ پولوس (حضرت مسیحؑ کے مشہور حواری)۔ (۲) دیکھو Paolo ۔

Paul pry : (n) (۱) راز جو شخص (John Poole) کے طربیہ کاایک کردار۔ (۲) وہ شخص جسے دوسروں کے راز معلوم کرنے کا شوق ہو۔

Paul pry : (v) راز جویانہ طورپر کسی چیز کو دیکھنا؛ٹوہ لگانا۔

Rob Peter to pry Paul : دیکھو Pater

Paul's betony : (n) Veronica کی ایک جنس ۔

Pauldron : Pouldron کا متبادل۔

Paulian : (n) [L. 'Paulianus (Ambrosiaster)] (کلیسائی تاریخ) ایک فرقہ جو پولوس ساموساتا کے عقائد کا پیرو تھا کہ حضرت عیسیٰ محض ایک بشر تھے ؛ یہ فرقہ تثلیث خداوندی کا منکر تھا ؛ عیسیٰ کی ذات میں "خدا" اور "روح القدس" کے حلول کا قائل نہ تھا (تیسری صدی عیسوی)۔

Paulianist / Paulianite : (n) دیکھو Paulian

Paulician : (n) [med. L. 'pauliciani.'] (کلیسائی تاریخ) ساتویں صدی میں آرمینیا کے ایک مذہبی فرقے کا رکن جو معتدل مانوی خیالات کا حامل تھا۔

Paulician : (a) مانوی عقائد اور خیالات کایا اس سے متعلق ۔

Pauline : (n) [med. L. 'paulinus.'] پولوس کا؛ پولوسی؛پولوس کی تصانیف سے متعلق؛ پولوسی عقیدے کا ؛ تعلیم پولوس کے مطابق۔

Pauline : (n) (۱) مخصوص مذہبی گروہ کا رکن۔(۲) لندن کے اسکول "سینٹ پال" کا جدید یا قدیم طالب علم ۔

The pauline epistles : خطوط پولوس رسول ۔

Paulinism : (n) دین پولوس؛ پولوس مذہب۔

Paulipist : (a) سینٹ پال اور اس کے عقیدے کا پیرو۔

Paulinistic : (a) سینٹ پال کے عقیدے کا یا اس سے متعلق۔

Paulism : (n) (۱) سینٹ پال کا عقیدہ ؛ پولوس مذہب۔ (۲) دیکھو Paulinism ۔

Paulist : (n) (۱) (ہندوستان میں) گوا کے سینٹ پال کلیسا کا یسوعی ۔ (۲) انجمن رومن کیتھولک کا رکن؛ سینٹ پال کے تبلیغی راہبوں کی ایک جماعت (جو ۱۸۸۵ء میں نیو یارک میں قائم ہوئی)۔

Paulite : (n) [L. 'paulus + - ITE.] راہبوں کی جماعت کا ایک فرد جس کو سینٹ پال کا رہبان بھی کہا جاتا ہے ۔ یہ جماعت Budapest میں قائم ہوئی۔

Paulite : (a) سینٹ پال کی رہبانی جماعت کا ۔

Paulo -past : (a) فوراً ہی ختم ہونے والی شے سے متعلق ۔

Paulo-post : (a) [L. 'paulo-post'] محض فوراً ہی بعد کا؛ معمولی متاخر ۔

Paulo-post -future : (a & n) [mod. L. 'paulo-post-futurum'] (۱) (یونانی صرف و نحو) مستقبل تمام (وہ صیغہ جو مستقبل میں کسی فعل کا تمام ہونا ظاہر کرے)۔ (۲) (کنایتاً) مستقبل جو حال کے فوراً بعد ہو؛ عنقریب ؛ مستقبل قریب ۔

Paulo-spore : (n) سماروغ کی مخصوص بالیدگی ۔

Paulownia (n) [After Anna Paulowna, daughter of the Tsar Paul.] جاپانی درخت کی ایک قسم ۔

Paunch : (n) [L. 'pautex, pautic-'.] (۱) پیٹ؛ شکم؛ معدہ ؛ امعاء ۔ (۲) معدۂ اول (جگالی کرنے والے جانوروں کا) ؛ (حیوانیات) شکمیہ ؛ معدۂ اول ۔ (۳) اوجھڑی بیل وغیرہ کے معدے کا وہ حصہ جو غذا کے طور پر پکا کر کھاتے ہیں ۔

Paunch : (n) [OFr. ' pance'.] (۱) (جہاز رانی) موٹی مضبوط چٹائی (انگیٹھی کو بچانے کے لئے)۔ (۲) لکڑی کا خول جو مستول پر رگڑ سے محفوظ رکھنے کے لئے چڑھاتے ہیں ۔

Rubbing paunch : (n) رگڑ سے محفوظ رکھنے کے لئے لکڑی کا خول ۔

Paunch (v) (شاذ اور بول چال) پیٹ پھاڑنا ؛ پیٹ چاک کرنا (تاکہ آنتیں نکل پڑیں)۔

Paunchiness : (n) شکم کا بڑا ہونا؛ توندیلا پن۔

Pauchy : (a) [f. Paunch (n)] بڑے پیٹ والا ؛ توند والا ؛ بڑی آنت والا ؛ توندیل ۔

Pauper : (n) [L. 'Pauper.'] (۱) غریب آدمی؛ محتاج؛ فقیر؛ کنگال؛ گداگر؛ مسکین؛ قلاش ۔ (۲) غربت کی وجہ سے جسے بغیر فیس ادا کئے عدالت میں استغاثہ کرنے کی اجازت ہو؛ مفلس، نادار مستغیث (جس کو بوجہ مفلسی مقدمہ دائر کرنے کی اجازت ہے)۔ (۳) (خصوصاً) وہ محتاج جسے غربت کے باعث قانونی امداد ملتی ہو ۔ (۴) (توصیفی اور صفتی معنوں میں) جو محتاج ہو؛ بے نوا؛ محروم؛ خالی؛ بے نصیب۔ (۵) (صفت کے معنوں میں) مفلس کا یا اس سے متعلق ۔

Pauper relief : (n) (قانون) اعانت فقرا و مسکین ۔

Pauperdom : (n) (۱) مفلس کی حالت؛ مفلسی؛ مسکینی؛ فقیری؛ قلاشی؛ گداگری؛ ناداری؛ اجتماعی طور پر مفلس۔ (۲) جماعت مفلساں ؛ جماعت نادار؛ بھیک منگوں کی جماعت ۔

Pauperism : (n) دیکھو Pauperdom

Pauperization : (n) محتاجگی؛ فقیریت ۔

Pauperize : (v) محتاج کردینا ؛ فقیر بنادینا؛ نادار کردینا ؛ گداگر بنانا ؛ (خصوصاً) عوامی چندہ یا خیرات پر گزارا کرنے والا بنا دینا ۔

Paurometabolic : (a) (حیوانیات) نامکمل تحولی ۔

Pauropoda : (n) قصیر پایاں ۔

Pausal : (a) [f. Pause (n) +-al .] (۱) سکتے کا یا اس سے متعلق؛ توقفی؛ جملے میں سکتے سے متعلق ۔ (۲) (عبرانی قواعد) اس شکل کے لئے استعمال ہوتا ہے جس میں لفظ سکتے یا توقف میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

Pause : (n) [L. 'pausa.] (۱) توقف ؛ تامل ۔ (۲) سکون؛ وقفہ؛ سکتہ؛ شش و پنج؛ تردد؛ دگدا؛ امید و بیم کی حالت؛ (انتظار کی) تشویش؛ انتظار؛ راہ دیکھنا ۔ (۳) (خصوصاً) تقریر تحریر میں بیچ میں رکنا ؛ وقفہ ۔ (۴) (عروض) وقف شعری؛ تقطیع؛ نیز موسیقی کارکن ۔ (۵) (موسیقی) بہت لمبے وقفے کی علامت یا جو نشان نغمہ کے اوپر یا نیچے بنی ہو ۔

At pause : شش و پنج میں ؛ تامل میں ؛ توقف میں ۔

To give pause to/ To put a pause : رکنے کا سبب ہونا ؛ شش و پنج کی وجہ ہونا ؛ کسی کو پس و پیش میں ڈالنا ۔

Pause : (v) [L. 'pausare.] (۱) رکنا ؛ ٹھہرنا؛ توقف کرنا؛ رک جانا؛ تامل کرنا (عارضی طور پر) رکنا؛ انتظار کرنا؛ تقریر کے لئے رکنا ؛ شش و پنج میں ڈالنا یا پڑنا ؛ خاموش رہنا ۔ (۲) (کسی مسئلے یا مضمون پر) مفصل بحث کرنا ؛ دیر تک گفتگو یا عذر کرتے رہنا؛ (کسی لفظ پر) رکنا؛ اٹکنا ۔

Pauseful : (a) توقف؛ تامل سے بھرا ہوا؛ سکتے سے بھرا ہوا۔

Pausefully : (adv.) وقفے کے طور پر سکتے کے ساتھ؛ تامل کے طور پر توقف کے انداز میں ۔

Pauseless : (a) بغیر توقف؛ بغیر تامل؛ بغیر وقفہ؛ لگاتار؛ مسلسل؛ دوامی؛ برابر؛ بغیر رکاؤ یا رکاوٹ ؛ علی التواتر ۔

Pauselessly : (adv.) دوامی طور پر ؛ لگاتار طریقے سے ؛ متواتر ؛ پے درپے؛ دائماً ۔

Pausingly (adv.) رکتے ہوئے؛ وقفے کے طور پر؛ ٹھہرتے ہوئے تامل کے ساتھ؛ شش و پنج کے طور پر پس و پیش کرتے ہوئے ۔

Paut : (v) [Origin unkn.] (۱) (خصوصاً اسکاتستان) زمین پر پنجہ مارنا؛ چنگال مارنا؛ نقش ابھارنا؛ ٹھپا لگانا؛ زمین پر زور سے پاؤں مارنا ۔ (۲) انگلی سے چھونا؛ نشان لگانا ؛ دھکا دینا ؛ (ہاتھ سے) دبانا کسی چیز کو ٹھیلنا ۔ (۳) (خصوصاً اسکاتستان) آہستہ آہستہ حرکت کرنا ؛ آہستہ چلنا ۔

Pauxi : (n) [Sp. 'pauxi , now 'pauji.'] خود نما امریکی فیل مرغ (Pauxisgaleata) ۔

Pavage : (n) [Fr. 'pavage.'] (۱) محصول فرش بندی؛ سڑکوں پر فرش لگانے کا محصول؛ نیز پر محصول لگانے کا حق ۔ (۲) فرش بندی کا عمل؛ فرش لگانا؛ کھڑنجا؛ فرش بندی (ٹینوں یا تختوں وغیرہ سے) ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Pavais : Pavis کا متبادل ۔

Pavan / Pavane / Pavin : (n) [Fr. 'pavane .] (۱) ایک شاندار رقص جو پرتکلف پوشاک پہن کر کیا جاتا تھا ؛ سب سے پہلے سولہویں صدی عیسوی میں انگلینڈ میں رائج ہوا ۔ (۲) اس رقص کی موسیقی جو دبری اور بہت ہی آہستہ ہوتی ہے ۔

Pave : (v) [Fr. 'paver.'] (۱) (سڑک، گلی، شہر، مکان وغیرہ کا) کھڑنجا بنانا ؛ فرش بندی کرنا؛ اینٹیں یا تختے لگا؛ نیز دیکھو Pavement ۔ (۲) فرش یا کھڑنجے کے

طورپر اوپر لپٹ جانا۔ (۲) (مجازاً) فرش وغیرہ پر تہ جمانا۔ (۳)(استعارتاً) (اصلاح وغیرہ کا) راستہ صاف کرنا؛ راہ سے مشکلات دور کرنا۔

To pave the way : راستہ تیار کرنا؛ (کوئی چیز لانے کے لئے راستہ صاف کرنا؛ راستہ ہموار کرنا؛ راہ سے مشکلات کو دور کرنا؛ کسی نظریہ کو پھیلاکر آگے بڑھانا۔

Pave : (n) [Fr. Subst. use of papple. of paver] (۱)فرش بستہ سڑک، کھڑنجے یا فرش بندی کی سڑک۔ (۲)کھڑنجے کی پٹری۔ (۳)مرصع کاری؛ جڑاؤ کا کام (جس میں نگینے پاس پاس کھڑنجے کی طرح جڑے ہوں)۔

On the pave : بغیر ٹھہرے ہوئے سڑکوں پر ٹہلنا۔

Paved : (a) (تعمیرات) سنگ بستہ؛ فرش شدہ؛ صاف شدہ؛ سنگ فرش شدہ؛ (استعارتاً) پٹا ہوا؛ بھرا ہوا۔

Pavement : (n) [L. 'pavimentum.'] (۱)فرش شدہ کام حصہ؛ فرش شدہ سطح؛ (اینٹوں، تختوں وغیرہ کا) فرش، کھڑنجا، سنگ فرش (خصوصاً) سڑک کی پٹری (جو کھڑنجے کی ہو) نیز سیمنٹ کی غیر منقسم سطح۔ (۲)جادہ سنگ فرش؛ پیادہ رو؛ (تعمیرات) بلاط؛ چوکا؛ اب حصوصاً فرش شدہ راستہ؛ شارع عام (گلی، سڑک کے کنارے)۔ (۳)(امریکا) دیکھو Roadway. (۴) (کان کنی)معدن کی زمین؛(ارضیات)فرش برہنہ۔ (۵)کوئلے کی پرت میں پڑی ہوئی آگ مٹی کی پرت۔ (۶) (تشریح، حیوانیات) کھڑنجے کی شکل کی دانتوں کی ساخت۔ (۷) (انجینئرنگ) سنگ بستہ پٹری۔

Crazy pavement : (باغ کی روشوں کا) ناہموار کھڑنجا یا فرش۔

Pavement : (v) کھڑنجا لگانا؛ فرش بنانا (اینٹوں، تختوں وغیرہ کا) کھڑنجا بنانا؛ فرش بندی کرنا۔

On the pavement: بغیر ٹھہرے ہوئے سڑکوں پر ٹہلنا؛ آوارہ طور گھومنا پھرنا۔

Pavement artist : (n) فرش مصور (جو سڑک کی پٹری پر رنگین تصویریں بنایا کرتا ہے اور راہ گیروں سے پیسے وصول کرتا ہے)۔

Pavement Epithelium : (n) طبق دار بر خلیہ۔

Pavement tooth : (n) کھڑنجے کی شکل کا چوڑا چپٹا دانت۔

Paven : (a) (خصوصاً شاعری) دیکھو Paved.

Paver : (n) (۱) فرش بندی کرنے والا؛ کھڑنجا لگانے والا۔ (۲) صاف کرنے والا۔

Pavia : (n) [mod. L. named after Peter Paaw (Pavius), (Pavius), Professor of Botany at leide.] (نباتیات) ایک قسم کا پودا؛ شاہ بلوط ہندی۔

Paviin : (n) (کیمیا) شاہ بلوط کی چھال سے نکالا ہوا ایک کیمیائی مادہ۔

Pavilion : (n) [Fr. 'pavillon.'] (۱)خیمہ خصوصاً بڑا چوٹی دار خیمہ۔ (۲) (نقابت) نقیبانہ خیمہ۔ (۳) (مجازاً) خیمے کی طرح کی کوئی چیز۔ (۴) Valois کے فلپ ششم (Philipvi) کا جاری کیا ہوا سونے کا فرانسیسی سکہ (۱۳۲۹ء) نیز بلیک پرنس (Black Prince) کا گینی (Guienne) جاری کیا ہوا سکہ Royal dollar کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ (۵)ہلکی آرائشی عمارت یا خوش نما مکان؛ نیز چھوٹا سا خوش نما بنگلہ جو کرکٹ کے میدان سے بالکل قریب تماشائیوں اور کھلاڑیوں کی سہولت کے لئے بنادیا جاتا ہے؛ پویلین۔ (۶)عمارت کا رخ؛ عمارت کے سامنے کا حصہ؛ شہ نشیں (عمارت کا) آگے کو نکلا ہوا حصہ جو عموماً نقش و نگار سے آراستہ ہوتا ہے؛ (تعمیرات) سائبان۔ (۷)علاحدہ یا نصف علاحدہ کیا ہوا اسپتال کا حصہ۔ (۸)گھیرے اور حلقے کے درمیان شوخ تابان ترشے ہوئے ہیرے کا حصہ۔ (۹) (تشریح) بیرونی کان، لالۂ گوش۔ (۱۰)فلوپین ٹیوب کا ریشہ دار کنارہ۔

Pavilion : (n) (۱)خیمے لگانا؛ خیموں سے گھیرنا؛ شامیانہ وغیرہ بنانا۔ (۲)پویلین بنانا (میدان وغیرہ میں)؛ شہ نشیں بنانا (عمارت میں)۔

Pavilion school : (n) (تعلیمات) سائبانی اسکول۔

Paving : (n) کھڑنجا بنانے کا عمل؛ فرش بنانے کا عمل؛ فرش، کھڑنجا، سامان وغیرہ جس سے فرش (زمین) بنایا جاتا ہے؛ مصالحۂ سنگ فرش۔

Paving brick : (n) کھڑنجے کی اینٹ؛ فرش میں لگانے کی اینٹ۔

Paving material : (n) مصالحۂ سنگ فرش۔

Paving mixer : (n) کنکریٹ ملانے والی مشین یا مصالحۂ سنگ فرش مخلوط کرنے والا؛ سنگ فرش کا مرکب تیار کرنے کی مشین۔

Paving roller : (n) فرش برابر یا مسطح کرنے والی مشین؛ فرش رولر۔

Paviour / -ior : (n) [Fr. 'Paveur'.] (۱)فرش بنانے والا ؛ کھڑنجا لگانے والا ؛ نیز مجازاً۔ (۲)سنگ فرش ٹھونکنے والی مزگری۔

Pavis / Pavise : (n) [med. L. 'pavense.'] (۱)(تاریخ) محدب سپر، ڈھال جو بہت بڑی ہوتی تھی اور پورے جسم کو ڈھانک لیتی تھی، کوئی بڑی سپر، ڈھال تیر اندازی سے بچنے کے لئے۔ (۲) اٹلی کے ایک قصبے کا نام۔

Pavisade / Pavesade : (n) لگاتار خطوں میں ایک ساتھ ملاکر سپروں کا بنا ہوا پردا (بچاؤ کے لئے)۔

Paviser / -or : (n) مسلح یا سپر لئے ہوئے آدمی۔

Pavlovian : (a) روسی ماہر عضویات Ivan Pavlox کا یا اس کے تجربات سے متعلق۔

Pavo : (n) [L.] (حیوانیات) جنس طاؤس ؛ جنس مور ؛ مور کی ایک قسم۔

Pavonazzo / Pavonazzetto : (n) [Fr.] مرمر جس پر طاؤس کے رنگ کے نقش و نگار ہوں؛ طاؤسی سنگ مرمر (ارضیات) لاؤسی مرمر۔

Pavonazzo : (a) (مرمر) طاؤس کے رنگ کا نقش و نگار والا ؛ طاؤسی (سنگ مرمر)۔

Pavonian : (a) [L. 'pavo.'] (۱)طاؤس کا یا اس سے متعلق۔ (۲) دیکھو Pavonine (a)۔

Pavonine : (a) [L. 'pavo.'] (۱)طاؤسی؛ طاؤس کا؛ طاؤس کا سا؛ سا؛ مور کی صفت کا ؛ طاؤس نما۔ (۲) (حیوانیات) جنس طاؤس (Pavo) کا یا اس سے متعلق۔ (۳) رنگ میں مور کی گردن یا دم سے مشابہ ؛ (موسمیات) قوس قزحی۔

Pavonine : (n) (۱)خام دھات یا دھات میں پائی جانے والی قوس قزح کا چمکیلا رنگ ؛ مور کی بے آب دم۔ (۲) دیکھو Pavoniae کی جنس کی ایک چڑیا۔

Pavy : (n) [Fr. 'pavie.'] ایک قسم کا سخت شفتالو؛ ایک قسم کا خوش ذائقہ شفتالو جس کا چھلکا نرم روئیں دار اور گودا سخت ہوتا ہے۔

Paw : (n) [OFr. 'Powe, Poue, Poe'.] (۱) جانور کا پنجہ ؛ (حیوانیات) چنگال؛ چوپائے کا پنجہ۔ (۲)کسی جانور کا پنجے دار پاؤں ؛ (تشریح) دست؛ ہاتھ۔

(۳)(مزاح) ہاتھ ؛خصوصاً بھونڈے پن سے استعمال کیا جائے (بول چال)۔ (۴)تحریر؛ خط؛ دستخط۔ (۵)پنجہ۔

Paw : (v) (۱) پنجہ مارنا ؛چنگل مارنا۔ (۲)گھوڑے کا زمین پر ٹاپ مارنا؛ سم سے زمین کریدنا (۳)ہاتھ پھیرنا؛ ہاتھ لگانا؛ چھونا؛ خصوصاً بھدے پن سے، اکھڑپن سے اٹھانا یا برتنا (کوئی چیز) (بول چال)۔ (۴)بھدے پن سے ہاتھ پھیرنا۔

Pawk / pauk : (n) [Origin unkn.] (اسکاٹستانی) (اور بول چال) عیار؛ چالاک ؛ ہوشیار؛ چال؛ فریب؛ ڈھب؛ داؤں پیچ، تزویر؛ ترکیب؛ تدبیر؛ چالبازی؛ حیلہ؛ ہنر؛ کمال۔

Pawkily : (adv.) عیاری سے؛ چالاکی سے؛ شرارت سے حیلہ کے ساتھ؛ فریبانہ؛ عیارانہ ؛ داؤں پیچ سے؛ چالبازی سے۔

Pawkiness : (n) عیاری ؛ چالاکی؛ حیلہ گری؛ تزویر؛ شرارت۔

Pawky : (a) (اسکاچستان کی مقامی بولی) عیار، چلتا ہوا، چالاک؛ ہوشیار؛ شریر؛ خصوصاً عیارانہ ظرافت کا۔

Pawl : (n) [Origin unkn.] (۱) (جہاز رانی) چھوٹی سلاخ جو لنگر کی چرخ وغیرہ میں لگادی جاتی ہے کہ وہ الٹا چکر نہ کرنے لگے ؛ چرخ روک۔ (۲)روک دار بیرم (جس میں پہیے کے دندانے میں پھنسنے کے لئے روک لگی ہو) دندانہ دار روک پہیا۔ (۳)گیرہ، کتا، شطانک۔

Pawl : (v) (۱) (خصوصاً جہاز رانی) لنگر کی چرخ وغیرہ میں روک لگانا۔ (۲) مجازاً (عامیانہ بول چال)۔ (۳)بالکل روک دینا ؛ بند کرنا ؛ روکنا؛ یکایک روکنا؛ دفعتاً گفتگو۔ (۴) روک دینا ؛ گرفت میں کرلینا ؛ ختم کردینا خصوصاً بات کرنی روک دینا یا گفتگو بند کردینا۔

Pawl-bitt/ -post : (n) (جہاز رانی) مضبوط عمودی کھمبا جس میں آہنجہ کو لگایا جاتا ہے۔

Pawl head : (n) (جہاز رانی) لنگر کے چرخ کا حصہ جس میں گیرہ لگا ہوتا ہے۔

Pawl rim : (n) (جہاز رانی) گیرہ کو پکڑنے کے لئے ڈھلے ہوئے لوہے کا دندانہ دار حلقہ۔

Pawn : (n) [late ME. 'poun.'] (۱) (شطرنج کا) پیادہ۔ (۲) (استعارتاً) مہرہ (وہ شخص جسے دوسرا اپنے مقصد کے لئے جو چال چاہے چلائے)۔

Pawn : (n) [OFr. 'pan' also 'pand, pant'.] (۱)گروی؛ شے مرھونہ؛ وہ چیز جو رہن رکھی گئی ہو؛ رہن ؛ وثیقہ؛ نیز مجازاً۔ (۲)وہ شخص جسے ضمانت کے طورپر چھوڑ دیا جائے اور اس سے غلام کا کام لیا جائے۔ (۳)گروی رکھنے کی حالت ؛ ضمانت کے طور پر رکھنا خصوصاً Phr میں گروی ؛ رہن ۔ (۴)رہن رکھنے کا عمل ؛ضمانت میں رکھنے کا فعل۔

In pawn /At pawn : (Phr.) گروی؛ رہن ۔

Pawn : (v) (۱) روپیہ کی ادائی کے لئے یا کسی کام کی انجام دہی کے لئے (کسی چیز کو) ضمانت کے طور پر دینا یا جمع کرنا؛ رہن رکھنا ؛ خطرہ مول لینا؛ شرط بدنا؛ شرط لگانا؛ (۲) (استعارتاً) ذاتی ضمانت کرنا؛ قول ہارنا؛ قول دینا ۔

Pawn-broker : (n) گروگیر؛ چیزیں گروی رکھ کر قرض دینے والا؛ گرو یا رہن کا کاروباری؛ مرتہن ۔

Pawn broking : (n) رہن کا کاروبار؛ سود پر قرض دینا ۔

Pawn shop : (n) گروی یا رہن کی دکان ۔

Pawn-ticket : (n) راہن یا گروگیر کی طرف سے شے مرھونہ کی جاری کردہ رسید قرض کی تفصیلات کے ساتھ۔

Pawnable : (a) قابل رہن ۔

Pawnee : (n) مرتہن جس کے پاس کوئی چیز گرو رکھی جائے؛گروددار ۔

Pawner / -or :(n) گرو رکھنے والا؛ گروگزار؛ رہن گزار؛ راہن ۔

Pawpaw : (n) Papaw کا متبادل۔

Pax : (n) [L. 'pax.'] (۱) لوح صلیبی؛ لوح بوسہ (جس پر پادری اور حاضرین Mass کے موقع پر بوسہ دیتے ہیں)۔(۲) بوسۂ سلامتی (High Mass کی ایک رسم)۔ (۳) (اسکول کے لڑکوں میں عامیانہ) خاموش رھو۔ (۴) (اساطیر) پلکس؛ شانتی کی دیوی۔ (۵)(دینیات) امن ۔ (۶) (پبلک اسکول عامیانہ) ایک دوست؛ اچھے دوست ، ساتھی ۔

To be good pax : اچھا دوست ہونا ؛ عمدہ ساتھی ہونا۔

Pax Britannica : (n) امن برطانوی ؛ جنگ کی ممانعت سلطنت برطانیہ عظمیٰ کی ماتحت ریاستوں کو ۔

Pax Dei / -Ecclesiae /-Regis : (n) خدا کی مہربانی؛ خدائی امن؛ خدا کی سلامتی؛ امن خداوندی؛ بادشاہ، گرجا کا امن ؛ بادشاہ یا گرجا کی سلامتی۔

Pax Romana : (n) امن رومی، جنگ کی ممانعت سلطنت رومتہ الکبریٰ کی ماتحت ریاستوں کو۔

Pax vobis : (n) (۱)تم پر سلامتی ہو؛ سلام علیکم۔(۲) (مدرسہ میں عامیانہ) خاموش۔

Paxilla : (n) [L. 'Paxillus.'] (حیوانیات) خار پشتوں میں عمودی شکل کی ڈنٹھل جیسی ساخت۔

Paxillar : (a) (حیوانیات) خار پشتوں میں عمودی شکل کی جیسی ساخت کا یا اس سے متعلق۔

Paxillate : (a) (حیوانیات) خار پشتوں میں عمودی شکل کی ڈنٹھل جیسی ساخت والا ۔

Paxilliform : (a) (حیوانیات) خار پشتوں میں عمودی شکل کی ڈنٹھل جیسی ساخت نما یا اس شکل کے مانند ۔

Paxillose : (a) [L. 'paxillus.'] (۱) (ارضیات) بلا یا عصا کے مانند چھوٹے نوکدار کھمبے یا بلے سے مشابہ۔ (۲)Paxillae کا یا اس کے مانند ۔

Paxwax : (n) [late ME.] (مقامی بول چال) گدی کی رگ (یہ ایک سخت رگ ھے جو ریڑھ کی ہڈیوں سے شروع ھوکر گدی تک پہنچتی ھے ؛ (اوزار) رباط گردن ۔

Pay : (n) [Fr. paie.] (۱)ادا کرنے کا عمل ؛ ادائی ؛ ادائیگی ؛ چکوتا (خصوصاً مزدوری یا کرایہ)۔ (۲)ادا کئے جانے کی حالت یا مزدوری یا کرایہ پانے کی حالت۔ (۳)تنخواہ؛ مشاہرہ ؛ مزدوری ؛ اجرت ؛ کرایہ ؛ بھاڑا ؛ وظیفہ ۔ (۴) (مجازاً) بدلہ، مکافات؛ پاداش ؛ جزا ؛ انتقام ؛ عوض؛ سزا ۔ (۵) (کان کنی) کچے دھات کی کان میں دھات کی پر منفعت نکاسی۔

In the pay of : (فلاں کا) ملازم ۔

To be good (etc.) pay : کسی کے قرض کی ادائی کا یقین ھونا (بول چال)؛ (مجازاً) نفع کا مستطیع ھونا ؛ منفعت کی گنجائش رکھنا ۔

To put paid to : (بول چال) معاملہ طے کرنا ؛ ختم کرنا ۔

Pay : (v) [med. L. 'pay.'] (۱) قرض ادا کرنا؛ سامان لیا ھوا واپس کرنا؛ معاوضہ دینا؛ عوض دینا؛ اجرت دینا؛ صلہ دینا؛ اجر دینا؛ قیمت دینا؛ معاوضہ دینا ؛ کرایہ دینا۔ (۲) (مجازاً) انعام دینا؛ چکانا؛ مشاہرہ یا تنخواہ ادا کرنا؛ اجرت دینا؛ مزدوری دینا۔ (۳)دینا؛ ادا کرنا ؛ جزا دینا ؛ صلہ دینا؛ پاداش دینا؛ بدلا دینا؛ اجر دینا ۔ (۵)کرنا

مرجانا؛ گزر جانا۔

To pay one's way : اپنا خرچ نکال لینا؛ قرض دار نہ ہونا؛ بہ قدرت خود ترقی کرنا۔

To pay out : (۱)خرچ کرنا؛ صرف کرنا؛ پورا کرنا؛ فضول خرچ کرنا۔ (۲) (روپیہ) ادا کرکے اپنی جان چھڑانا۔

To pay (person) out : سزا دینا۔

To pay through the piper : خرچ اٹھانا اور قابو پانا (جو کسی چیز کا خرچ برداشت کرے تو اسے قابو میں رکھنے کا حق ہے)۔

To pay through the nose : ٹھگا جانا؛ حد سے زیادہ قیمت دینا۔

To pay up : پورا کردینا؛ بے باق کردینا؛ چکا دینا؛ بقایا ادا کرنا۔

Pay : (v) [L. 'picare.'] (خصوصاً جہازرانی) رال لگانا؛ تارکول لگانا؛ تارکول لیپنا؛ چربی لگانا اور اسی قسم کی دوسری چیزیں می کو بچانے کے لئے۔

Pay : بطور جزو ترکیبی استعمال ہوتا ہے جیسے Paymaster, Payclerk , Pay day, وغیرہ۔

Pay-all : جو پوری قیمت ادا کرتا ہے، جو پورا ادا کرتا ہے۔

Pay- as - you- earn : (n) انکم ٹیکس وصول کرنے کا ایک طریقہ۔

Pay-bed : (n) شفاخانہ کا وہ بستر جس کے استعمال کا معاوضہ دینا ہوتا ہے۔

Pay bill : (n) (معاشیات) برآوردہ تنخواہ : تنخواہ بل۔

Pay book : (n) فوجیوں کی تنخواہ کا انفرادی ریکارڈ۔

Pay - clerk : (n) تنخواہ کرائی : پے کلرک؛ وہ کرائی یا کلرک جو مزدوروں یا ملازمین کی تنخواہ کا حساب رکھتا ہے یا تنخواہ (بل) بناتا ہے۔

Pay - day : (n) تنخواہ یا مشاہرہ کا دن؛ ادائی کا دن؛ یوم ادائی : مزدوری ادا کرنے کا دن ؛ روز تصفیۂ حساب ؛ (اسٹاک ایکسچینج میں) تبدیلی اسٹاک کے بدلے ادا کرنے کا دن۔

Pay envelop : (n) وہ لفاف جس میں تنخواہ کی یا مشاہرہ کی رقم رکھی ہو۔

(عزت، اظہار عقیدت وغیرہ)۔ (۶)مبذول کرنا (توجہ، عنایت وغیرہ) پیش کرنا (ہدیہ؛ احترام، خراج تحسین وغیرہ)۔ (۷)(کاروبار سے) نفع ہونا ؛ فائدہ ہونا۔ (۸)خود کو کسی کی خدمت کے لئے سپرد کرنا (۹)سزا دینا، مارنا؛ ضرب پہنچانا؛ چابک یا کوڑے سے مارنا؛ (بازاری زبان میں) شکست دینا؛ ہرانا؛ سبقت لے جانا؛ جیت جانا۔ (۱۰)سپرد کرنا یا حوالہ کرنا (روپیہ وغیرہ) سامان یا خدمت کے عوض؛ احسان کا بدلہ دینا بطور قرض لی ہوئی رقم واپس کرنا۔ (۱۱)(ہندسہ) (تفریق، گھٹاؤ میں) ذہنی طور پر بڑے عدد سے مفروق میں ایک پراٹنٹ ملاکر " قرضے" کی تلافی کرنا ؛ خصوصاً واپس کرنا ۔ (۱۲) دینا ؛ بخشنا ؛ عطا کرنا ؛ مبذول کرنا (توجہ، عنایت) ملاقات کے لئے جانا، احترام کرنا۔ (۱۳)روپیہ دینا یا کوئی چیز مساوی قیمت کی؛ نفع بخش ہونا؛ فائدہ مند ہونا ؛ (مجازاً) کسی چیز کا کفارہ دینا یا ادا کرنا۔ (۱۵)برداشت کرنا یا سزا بھگتنا۔ (۱۶) (کاروبار سے) نفع حاصل کرنا ؛ فائدہ ہونا ۔ (۱۷)(بحری) رسی ڈھیلی کرکے چھوڑ دینا۔ (۱۸)جہاز کا ہوا کی وجہ سے اپنی راہ سے پہلو کی طرف ہٹنا۔

To pay a person in his own coin : جیسے کو تیسا؛ جواب دینا؛ ترکی بہ ترکی جواب دینا۔

To pay a visit : آنا؛ دیکھنا؛ ملاقات کرنا؛ معائنہ۔

To pay away : (بحری) رسی چھوڑ دینا ؛ رسی ڈھیلی کر نکلنے دینا۔

To pay down : روپیہ دینا؛ ادا کرنا؛ فوراً ادا کرنا ؛بروقت ادا کرنا؛ (نیز مجازاً)۔

To pay for : قیمت ادا کرنا؛ خرچ برداشت کرنا؛ سزا پانا (اپنے قصور کی)۔

To pay for one's whistle : اپنی اٹکھیلیوں کی سزا بھگتنا۔

To pay in : اپنے حساب میں یا کسی اور کے حساب میں کوئی رقم جمع کرانا؛ داخل کرانا۔

To pay off (rarely up) : (۱)جہاز کا ہوا سے محفوظ پہلو کی طرف رخ موڑنا۔ (۲)پورے طور پر جہاز کے ملاح کو اس کے کمیشن کی میعاد پوری ہونے پر تنخواہ دے کر ہٹا دینا۔

To pay off : بے باق کرنا؛ چکتا کرنا (تنخواہ، قرض وغیرہ) ؛ پورے طور ادا کرنا۔

To pay one's debt to nature , or nature's debt : مرنا ؛

Pay in : (v) (اپنے یا کسی اور کے حساب میں کوئی رقم) جمع کرانا، داخل کرانا : جمع کرنا: داخل کرنا۔

Pay load/ Paylode : (n) (۱) بوجھ یا بار جو جو لاریوں سے ڈھویا جاتا ہے۔ (۲) میزائل میں موجود آتش گیر مادے کا وزن۔

Pay - off : (n) (۱) (عامیانہ) ادا کرنے یا وصول کرنے کا عمل۔ (۲) نقطہ عروج : کلائمکس: انجام : نتیجہ: آخری نتیجہ یا فیصلہ: انتقام : بدلہ کا عوض۔

Pay packet : (n) دیکھو Pay envelope

Pay station : (n) (ٹیلی فون) بلاوا دفتر : پبلک ٹیلی فون جس میں عموماً مشین میں رقم ڈال کر بات کی جاتی ہے۔

Payable : (a) [Fr. 'payable.'] (۱) (روپیہ ، بل وغیرہ) واجب الادا: واجب الدین (قرض) دادنی : دینے کے لائق (خصوصاً at یا on کے ساتھ جو مخصوص تاریخ اور شخص کو ظاہر کرتا ہے)۔ (۲) قابل ادا: جو ادا ہوسکتا ہے : (شخص کا) وہ جو ادا ہوسکتا ہے: قابل پرداخت۔ (۳) (کان کنی وغیرہ) منافع یا نفع کی: معاشی طور پر نفع بخش: اجرت کا: پرمنفعت۔

Payable to bearer : (n) (معاشیات) دھنی جوگ : حامل (رقعہ، چک وغیرہ) کو واجب الادا: وصول کنندہ کو واجب الادا۔

Payable to order : (n) (معاشیات) حکم جوگ : حکم کے مطابق واجب الادا۔

Payably : (adv.) واجب الادا کے طور پر : نفع مندانہ یا سودمندانہ طور پر۔

Payee : (n) (۱) وہ لفاف جس میں تنخواہ کی یا مشاہرہ کی رقم رکھی ہو۔ (۲) مزدوری : تنخواہ : مشاہرہ : وظیفہ۔

Payer : (n) (روپیہ وغیرہ) ادا کرنے والا: دہندہ: اداکنندہ۔

Paying : (n) جمع کرنا: ادا کرنا۔

Paying : (a) نفع بخش: پرمنفعت۔

Paying guest : (n) عوضانہ مہمان : وہ شخص جو کسی نجی مکان میں قیام و طعام کے لئے روپیہ ادا کرتا ہے: وہ جو قیام و طعام کا معاوضہ دے کر کسی مکان میں قیام کرتا ہے۔

Paying - in book : (n) (برطانیہ) دیکھو Bank book

Paying -in slip : (n) جمع کرنے کی پرچی : ڈپوزٹ سلپ۔

Paymaster : (n) (۱) وہ افسر (خصوصاً بری یا بحری فوج کا افسر) جس کا کام فوجیوں، مزدوروں یا دوسرے لوگوں کو تنخواہ دینا ہے۔ (۲) گورنمنٹ، کارپوریشن یا کسی ادارے کا افسر یا ایجنٹ جس کا کام ہے کہ وہ ملازمین یا مزدوروں کو تنخواہ دے اور اس کا حساب رکھے، رئیس سر رشتہ دار۔

Paymaster- general : (n) (۱) رئیس سر رشتہ دار: میر منشی۔ (۲) کسی بڑی و بحری فوج کا سربراہ جس کے ذمہ ملٹری کی تنخواہ تقسیم کرنا ہے، ملٹری کا اعلیٰ کمانڈر شعبہ تنخواہ کا ذمہ دار۔ (۳) محکمہ خزانہ کا اعلیٰ افسر : میر عمال خزانہ جس کے ذریعہ ادائی ہوتی ہے۔

Paymaster - generalship : (n) رئیس سر رشتہ داری۔

Paymasership : (n) سر رشتہ داری۔

Payment : (n) [Fr. 'paiement.'] (۱) ادا کرنے کا عمل : ادائیگی: ادائی: چکوتا: بھگتان: کارسازی: پرداخت۔ (۲) رقم (یا دوسری چیز) جو ادا کی جائے: تنخواہ، مشاہرہ، مزدوری، قیمت۔ (۳) (مجازاً) کسی کے احسان کا بدلا دینا : (استعارتاً) معاوضہ، بدلا : جزا : اجر: ادائی قرض۔

Paymistress : (n) وہ عورت جو ملازمین کی تنخواہ کی نگراں ہو : خاتون سر رشتہ دار، نیز مجازاً۔

Paynim: (a&n) [ME. 'poinimle'.] بے دین (عموماً مسلمان کو کہتے ہیں)۔

Paynize : (v) [f.Payne, in ventor's name.] لکڑی میں ایسے مسالوں کی پچکاری دینا کہ وہ گلنے سے محفوظ رہے : سخت اور مضبوط کرنے کے لئے لکڑی میں کیلشیم سلفائڈ اور کیلشیم سلفیٹ کا محلول بھرنا۔

Paysanne : (n) [Fr. 'paysan.'] دہقانی عورت : دیہاتی عورت: زنِ دیہاتی۔

Paytamine : (n) [f. 'Payta' + Amine .] (کیمیا) غیرمتشکل القلی جو ایک قسم کے درخت کی چھال سے تیار کی جاتی ہے۔

Paytine : (n) قلم پذیر القلی جو پٹا ماقین سے حاصل کی جاتی ہے۔

Pazend / Pazand : (n) پازند: ایران کی ایک قدیم زبان۔

Pea : (n) [ME. 'pese.'] (۱) مٹر کا دانہ: مٹر: نخود : چنا۔ (۲) مٹر کا پودا: اوپر چڑھنے والا سخت پھل دار پودا۔ (۳) بعض پھل دار درختوں کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

(۳) بیج کے مانند کوئی چیز انڈا ، مچھلی کے بیضہ دان میں انڈوں کا گچھا۔

Angola pea (n) : افریقہ کے مغربی ساحل کا مٹر ؛ کنگومٹر۔

As like as two peas : بالکل یکساں۔

Beach- pea : انگلینڈ کے سمندری ساحل کی ایک قسم کی مٹر۔

Butterfly-pea : جنوبی امریکا اور ہندوستان کے چنے کی ایک قسم۔

Chick -pea : (نباتیات) نخود ؛ چنا۔

Congo pea : (n) کنگو کی ایک قسم کی مٹر۔

Egyptian pea : دیکھو Chick pea

Everlasting pea : ایک قسم کی مٹر۔

Green pea : (نباتیات) لوبیا۔

Hoary pea : (n) ایک قسم کی مٹر۔

Indian pea : (n) (نباتیات) ماش۔

Milk-pea : (n) (شمالی امریکا کی) ایک قسم کی مٹر۔

Sea-pea / Sea-side pea : انگلینڈ کے سمندری ساحل کی ایک قسم کی مٹر۔

Sweet pea : (n) باغ کا ایک سالہ پودا جس میں خوش بو دار شوخ رنگ کے پھول آتے ہیں۔

Pea / pee : (n) [perh. shortened from 'peak.] نوک بادبان۔

Pea : (n) [prob. f. 'pease.] ڈھونے والا وزن جو Safety- valve وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔

Pea-bean : (n) دیکھو Bean

Pea beetle /-bug : (n) ایک چھوٹا بھونرا نما کیڑا جو جنوبی امریکا میں پایا جاتا ہے اور مٹر کے دانوں یا پودوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔

Pea -chick : (n) (۱) (حیوانیات) مور بچہ؛ مور کا بچہ؛ قرلا ؛

طاؤس کا بچہ ۔ (۲) جوان اور خودنما شخص (جسے اپنی خوبصورتی یا لیاقت پر حد سے زیادہ ناز ہو)۔

Pea-coat : (n) بحری کوٹ ؛ موٹے کپڑے کا چھوٹا اوور کوٹ جو بحری سفر میں پہنا جاتا ہے۔

Pea comb : (n) تین کلغی والا بعض گھریلو پرند۔

Pea crab : (n) ایک قسم کا چھوٹا کیکڑا۔

Pea dove : (n) ویسٹ انڈیز اور فلوریڈا میں پایا جانے والا ایک قسم کا کبوتر۔

Pea flour : (n) مٹر کا آٹا ؛ مٹر کھانے کی (چیز)۔

Pea-flower : (n) مٹر کا پھول ؛ اس کے مشابہ کوئی پھول ؛ گل نخود۔

Pea fowl : (n) مور یا مورنی، نر یا مادہ طاؤس۔

Pea green : (a & n) تازہ لوبیا کے رنگ کا؛ ہلکا سبزی مائل؛ تازہ لوبیا کا رنگ۔

Pea grit : (n) ایک قسم کا کھردرا چونا ؛ پتھر۔

Pea hen : (n) [late ME. 'pehen (ne).'] مورنی ؛ مادہ طاؤس ؛ طاؤسہ۔

Pea -jacket : (n) بحری کوٹ؛ موٹے کپڑے کا چھوٹا اوور کوٹ جو بحری سفر میں پہنا جاتا ہے۔

Pea like : (n) مٹر کے باغ کے مانند۔

Pea maggot : (n) تتلی یا پتنگے کا پہلا روپ جو مٹر کے پودوں کو خراب کردیتا ہے ؛ Pea-moth کا لاروا۔

Pea moth : (n) چھوٹا پتنگا؛ کپڑے کا ایک قسم کا کیڑا۔

Pea rifle : (n) موٹی نال والی رائفل جس کی گولیاں مٹر جیسی ہوتی ہیں۔

Pea shooter : (n) ایک کھلونا بندوق ؛ مٹر بندوق ایک نلی پستول جس میں مٹر کے دانے بھرکر داغا جاتا ہے ؛ (عامیانہ) چھوٹا ایک نلی پستول۔

Pea- soup / Pease- : (n) مٹر کا شوربا؛ خصوصاً خشک مٹر کا شوربا۔

Pea-souper : (n) (بول چال) گہری؛ مدہم ؛ زرد کہر۔

Pea - soupy : (a) مٹر کے شوربا سے مشابہ ۔

Pea time : (n) (امریکا) کسی چیز کا آخری مرحلہ ۔

The last of pea time : کسی چیز کا آخری دور ، مرحلہ یا وقت ۔

Pea -tree : (n) ایک قسم کا پھل دار پودا ۔

Pea vine : (n) (۱) (امریکا) انگور کی بیل؛ تاک ، مٹر کے پودے کی چڑھنے والی ڈالی خصوصاً Hog-peanut ۔ (۲) ایک قسم کا امریکی پھل دار پودا جو خودرو بھی ہے اور اس کی کاشت بھی کی جاتی ہے؛ عموماً چارے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Pea weevil : (n) دیکھو Pea-bug

Peaberry : (n) قہوہ کے پودے کا منفرد گول بیج ۔

Peace : (n) [ME. 'pais' pes.'] (۱)امن ؛ امن و امان، صلح ؛ صلح و صفا ؛ سلامتی ؛ آشتی ؛ خیریت ۔ (۲)معاہدۂ صلح (article کے ساتھ) جنگ کے بعد دو طاقتوں کے درمیان امن و آشتی کی توثیق یا معاہدہ؛ امن عامہ ۔ (۳) شہری اور ملکی فساد سے آزادی یا نجات؛ شورش و بغاوت سے نجات ؛ شہری سکون و اطمینان ۔ (۴) فساد سے نجات ؛ سکون ، چین ؛ آرام؛ آسودگی ۔ (۵)انفرادی جھگڑوں سے آزادی؛ میل؛ اتفاق؛ ہم آہنگی ؛ ساز گاری موافقت ؛ مساعدت؛ دوستی؛ محبت؛ ارتباط؛ دوستانہ تعلقات ۔ (۶)سکون قلب ؛ اطمینان قلب ؛ دماغی الجھن سے نجات ، ذہنی سکون ۔ (۷)ہنگامہ ، شور و شغب کی غیر موجودگی؛ حرکت و عمل کی عدم موجودگی ؛ سکون و آرام؛ گہری؛ سناٹا؛ شانتی ، آسودہ خاطری ۔

At peace : بے تشویش؛ صلح کی حالت میں۔

Bill of peace : حق قائم کرنے کے لئے کسی شخص کا پیش کردہ بل جس کا مقصد دائمی مقدمہ بازی سے نجات حاصل کرنا ہے ۔

Commission of the peace : (n) اراکین عدالت کا وہ گروہ یا جماعت جسے جسٹس آف دی پیس کہتے ہیں ؛ عدالت خصوصی ۔

Justice of the peace : مفصلات کا چھوٹے درجے کا مجسٹریٹ ۔

Kiss of peace : بوسۂ محبت، وہ بوسہ جو دوستی کی نشانی کے طور پر دیا جائے خصوصاً محبت عیسوی کے اظہار کے طور پر ۔

The British peace : دیکھو Pax Britanica

The king's peace : بادشاہ کی سلطنت میں کسی شخص کو دیا جانے والا امن و امان؛ بادشاہی امن ؛ بادشاہ کی طرف سے کسی شخص کے لئے حفاظتی اقدام جیسے شاہی راہ سے سفر کرنے میں امن و امان یا تحفظ کا سامان ہونا ۔

The Roman peace : دیکھو Pax Romana

To be sworn of the peace : مجسٹریٹ مقرر ہونا ۔

To hold one's peace : خاموش رہنا ؛ چپ رہنا ۔

To keep the peace : لڑائی جھگڑے سے باز رہنا؛ امن سے رہنا ؛ امن قائم رکھنا؛ جنگ و جدال سے بچے رہنا یا دوسروں کو امن عامہ میں خلل اندازی سے بچانا ۔

To make one's or a person's peace (with another) : دوستی کرنا یا دوسرے سے دوستی کرادینا (جھگڑے کے بعد) دوستانہ تعلقات پیدا کرنا (دوسرے کے ساتھ)۔

To make peace : صلح کرنا (جنگ کے بعد) دو ملکوں کا آپس میں صلح کرنا (بعد جنگ) کسی شخص سے دوستی کرنا ؛ دوستانہ تعلقات پیدا کرنا ؛ امن عامہ قائم رکھنا ۔)

Peace-breaker: (n) امن وامان کو نقصان پہنچانے والا ؛ امن و سکون میں خلل ڈالنے والا ؛ ہنگامہ کرنے والا؛ فساد کرنے والا ؛ نقض امن کا ذمہ دار؛ فسادی ۔

Peace establishment : (n) امن یا صلح کے زمانے میں کم کی ہوئی فوج۔

Peace monger : (n) صلح و آشتی کی حمایت کرنے والے کے لئے معاندانہ اصطلاح ۔

Peace of conscience : (n) ایقان نفس؛ ایقان ۔

Peace of mind : (n) ذہنی سکون؛ دماغی سکون ۔

Peace of soul : (n) قلبی سکون؛ اطمینان قلب ۔

Peace -offering : (n) (۱)نذر صلح (جو حریف کی تالیف قلوب کے لئے دی جائے) ۔ (۲) (شکرانۂ صلح درگاہ الٰہی میں) ۔ (۳) رضا جویانہ قربانی یا صلہ ؛ کفارہ آمیز قربانی یا انعام ۔

Peace officer : (n) امن عامہ بحال یا قائم رکھنے کے لئے سول افسر۔

Peace pact : (n) معاہدہ امن (جو ۱۹۲۸ء میں پیرس میں امریکا کی طرف سے پیش ہوا اور پندرہ ملکوں نے اس پر دستخط کئے)۔

Peace-pipe : (n) تمباکو پینے کا پائپ جس کا مل کر پینا شمالی امریکا کے باشندوں میں صلح کی علامت ہے۔

Peace treaty : (n) (سیاسیات) صلح نامہ۔

Peace warrant : (n) جسٹس آف دی پیس کی جانب سے جاری کیا ہوا پروانۂ گرفتاری۔

Peaceable : (a) امن پسند؛ صلح پسند؛ صلح جو؛ امن پسندانہ؛ صلح جویانہ؛ صلح و آشتی کا؛ دیکھو Peaceful۔

Peaceableness : (n) امن پسندی؛ صلح پسندی؛ صلح جوئی؛ پرامن ہونا؛ پرسکون ہونا۔

Peaceably : (adv.) امن پسندی سے؛ صلح پسندی کے ساتھ؛ صلح و آشتی کے طور پر سکون سے؛ اطمینان سے۔

Peaceful : (a) (۱) باامن؛ پرامن؛ پرسکون۔ (۲) امن پسندانہ؛ صلح جویانہ؛ صلح و آشتی کا؛ امن کی حالت کا۔ (۳) بے آشوب؛ بے اضطراب؛ راحت۔

Peacefully : (adv.) امن و امان سے، پرسکون طور پر؛ صلح و آشتی کے ساتھ۔

Peacefulness : (n) امن پسندی؛ صلح جویائی؛ باامن ہونا؛ پرامن ہونا؛ پرسکون ہونا۔

Peacemaker : (n) (۱) صلح کرانے والا؛ میل ملاپ پیدا کرنے والا؛ صلح و آشتی کنندہ؛ مخالفین میں صلح کرانے والا۔ (۲) (مزاحاً) طمنچہ؛ ریوالور؛ جنگی جہاز وغیرہ۔ [Late ME.]

Peacemaking : (n & a) صلح کرانے والا؛ امن و امان پیدا کرنے والا۔

Peach : (n) (۱) آڑو؛ شفتالو؛ ہلو۔ (۲) آڑو کا درخت؛ شفتالو کا درخت۔ (۳) شفتالو کے مانند دوسرے کھائے جانے والے پھل کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ (۴) Peach brandy کا مخفف (امریکا)۔ (۵) دیکھو Peach colour۔ (۶) (عامیانہ) (امریکا) کسی چیز کے لئے خاص کر اس چیز کے لئے جو اپنی قسم میں اچھی ہو یہ بولا جاتا ہے۔ [med. L. 'Persica.']

Peach : (n) (کان کنی) گلورائڈ سلیٹ کے لئے کارنوالی معدنی اصطلاح۔

Peach : (v) (۱) (عامیانہ اور بول چال) مخبر بن جانا۔ (۲) کسی کی مخبری کرنا؛ (راز) فاش کرنا؛ افشا کرنا۔ [Aphetic f. 'apeche.']

Peach-bloom : (n) (۱) پکے شفتالو کی سطح پر صفوف آسا باریک تہ۔ (۲) شفتالو کی درخت کا شگوفہ۔

Peach - blossom : (n) (۱) شفتالو کے درخت کا شگوفہ یا پہلا پھل۔ (۲) توصیفی معنوں میں خصوصاً شفتالو کی درخت کے شگوفے کے رنگ جیسا؛ ہلکا ارغوانی مائل رنگ۔ (۳) ایک قسم کا پتنگا۔

Peach -blow : (n) (۱) ہلکا گلابی رنگ جس میں ارغوانی کی جھلک ہو۔ (۲) اس رنگ کا روغن؛ نیز توصیفی معنوں میں، ایشیائی چینی کے برتن پر اس رنگ کی پالش۔ (۳) اس رنگ کے آلو کی ایک قسم۔

Peach borer (n) ایک قسم کے کھڑے کا کیڑا۔

Peach -brandy : (n) شفتالو کی برانڈی۔

Peach -colour : (n) (۱) ہلکا گلابی رنگ؛ شفتالو کا رنگ۔ (۲) ہلکا سرخ رنگ؛ شفتالو کے درخت کے شگوفے کا رنگ۔

Peach -coloured : (a) شفتالو کے رنگ کا؛ ہلکے سرخ رنگ کا۔

Peach -tree : (n) آڑو کا درخت؛ شفتالو کا درخت۔

Peacher : (n) انکشاف کرنے والا؛ اطلاع دینے والا۔

Peachiness : (n) شفتالو کی طرح سرخ اور نرم۔

Peachy : (a) گلگوں؛ سرخ؛ ہلوئی؛ شفتالو کاسا؛ شفتالو کے مانند سرخ اور نرم (رخسا وغیرہ)۔

Peacock : (n) (۱) مور، طاؤس نر۔ (۲) چڑیا یا اس کا گوشت (کھانے کے لئے)۔ (۳) جنوبی تارا منڈل (Pavo)۔ (۴) طاؤسی رنگ۔ [ME. 'pecock.']

Peacock : (v) (۱) مور کی طرح بنانا؛ نمود کی ساتھ پھولنا؛ بے جا مغرور ہونا، خصوصاً اکڑ کر چلنا؛ طاؤس کے مانند بننا؛ اپنے آپ کو نمایاں کرکے اکڑ کر چلنا۔ (۲) بننا، سنورنا؛ سنگار کرنا؛ طمطراق سے خود کو نمایاں کرنا۔ (۳) ناز و انداز سے چلنا؛ خرام ناز کا عالم دکھانا؛ اٹھلا کر چلنا؛ شیخی بازی کرنا۔

Peacock-blue : (n) چمک دار نیلا رنگ (جیسا مور کی گردن کے پروں کا ہوتا ہے)۔

Peacock butterfly : (n) مور تتلی (یوروپی تتلی جس کے بازو گل دار ہوتے ہیں)؛ (حیوانیات) طاؤسی تیتری؛ مور تتلی۔

Peacock coal : (n) ایک قسم کا رنگ برنگ کوئلہ۔

Peacock eye : (n) بانکپن؛ چیلاپن؛ خودنمائی طاؤسانہ رویہ؛ خرام ناز؛ اٹھلاتی چال؛ طاؤس صفتی؛ خود آرائی۔

Peacock feather /Peacock's- : (n) مور کا پر؛ "شیخی" کی علامت کے طور پر یا زینت عہدہ کے لئے لگایا جاتا ہے۔

Peacock-fish : (n) مور مچھلی؛ ایک قسم کی رنگین مچھلی جس میں سبز، نیلے، سرخ اور سفید رنگوں کی آمیزش ہوتی ہے۔

Peacock flower : (n) گل طاؤس؛ ایک قسم کا پھول۔

Peacock like : (a) طاؤس وش؛ مور کاسا؛ مور کے مانند۔

Peacock moth : (n) دیکھو Emperor moth

Peacock ore : (n) (کان کنی) مسی چقماق؛ تانبے کا سلفائیڈ۔

Peacock throne : (n) دہلی کا تخت طاؤس؛ جسے شاہ جہاں نے (۱۶۲۵–۱۶۲۸) بنوایا تھا؛ بارہ پایہ تخت اسے نادر شاہ ۱۷۳۹ میں ایران لے گیا تھا۔

Peacockish : (a) طاؤس صفت؛ مانند مور؛ مور کی طرح؛ خود نما؛ بننے سنورنے والا؛ مرغ زریں۔

Peacockishly : (adv.) طاؤس صفتی سے؛ مانند مور؛ مور کی طرح سے خودنما طور پر؛ ٹھاٹھ باٹ سے؛ طمطراق طور پر۔

Peacockishness : (n) طمطراق پن؛ خود نمائی؛ طاؤس صفتی۔

Peacockism : (n) دیکھو Peacockery

Peacock's tail : (n) (۱) مور کی دم؛ مور کا پنکھ (پیچھے کا پورا)۔ (۲) دیکھو Pavonine.

Peacocky : (a) دیکھو Peacockish

Peai : (n) [Carib 'piai'.] (جنوبی امریکا کے ہندوستانیوں میں) جادوگر؛ ساحر؛ سیانا یا ساحر معالج۔

Peak : (n) [OE. 'peac.] ڈربی شائر (انگلینڈ) کے شمال مغربی پہاڑی ضلع کا نام؛ اونچی چوٹی اور نیچی چوٹی۔

Peak : (n) [prob. back -formation from peaked] (۱) نقطہ؛ تخلیل؛ نقطا لمس۔ (۲) (جغرافیہ) راس۔ (۳) کھیت کے سرے کا وہ ٹکڑا جو بن جوتے چھوڑ دیا جاتا ہے (اب مقامی)۔ (۴) (بحری) جہاز کے تہ خانے کا تنگ حصہ (خصوصاً اگلا) نیز Forepeak ۔ (۵) جہاز کا بالائی نکلا ہوا حصہ؛ نوک بادبان؛ بادبان کا بالائی بیرونی سرا۔ (۶) لنگر کے نیچے کا سرا؛ لنگر کے کانٹے کا سرا۔ (۷) چوٹی؛ پھننگ؛ سرکوہ؛ خصوصاً پہاڑ کی چوٹی؛ قلعہ کوہ؛ فراز (طبیعیات) سب سے اونچے سرے والا پہاڑ یا پہاڑی؛ مخروطی شکل کا پہاڑ۔ (۸) (مجازاً) سب سے اونچا سرا؛ راس، سر۔ (۹) کسی چیز کا نوکدار سرا۔ (۱۰) (برقیات) لداؤ انحناء کا بلند ترین نقطہ؛ ایک دور میں متبادل مقدار کی بلند ترین قدر برقی لہر کا بلند ارتعاش یا دوسرے تغیرپذیر مقدار کی زیادتی (جیسے آنے جانے والے مال کی مقدار، تجارت، قیمتیں وغیرہ)۔ (۱۱) کلاہ؛ ٹوپی کا چھجا؛ کلاہ تیز نوک۔ (۱۲) نوک (مثلاً داڑھی کی)۔ (۱۳) منتہا یا بڑھنے گھٹنے کا انتہائی نقطہ۔ (۱۴) منتہا درجہ؛ حد اکثر؛ اوج؛ منتہائے خوشی۔ (۱۵) کاکل؛ پیشانی کے اوپر؛ زلف کی نوک جسے Widow's peak کہتے ہیں۔

Peak : (v) [Origin unkn.] صحت کا گرنا؛ مضمحل ہونا؛ پژمردہ ہو جانا؛ بیمار معلوم ہونا؛ مریض نظر آنا؛ گھلنا؛ تحلیل ہونا؛ (رنج و غم سے) خصوصاً Peakan pine میں۔

Peak : (v) [f. Peak . (n)] (۱) سر سے کا آگے نکل آنا۔ (۲) سر تک لانا؛ اونچا کرنا؛ (مجازاً) بڑھانا؛ نمایاں کرنا؛ مبالغے کے ساتھ بیان کرنا؛ ممتاز کرنا؛ اوج پر پہنچانا۔

Peak : (v) [Fr. 'apiquer'.] (۱) (بحری) (مستول کے سہارے کو) عموداً جھکانا؛ آگے یا پیچھے جھکانا؛ شہتیر کا عموداً اٹھانا؛ سائبان اٹھانا؛ احاطے میں چوٹی لگانا؛ خصوصاً سرمستولی جہاز میں سائبان لگانا۔

To peak the oars : چپوؤں کو سیدھا کھڑا رکھنا۔

Peak -arch : (n) (تعمیرات) نوکیلی محراب۔

Peak-voltage : (n) (الیکٹرک) کلاہی قوۃ؛ کلاہی وولتاژ۔

Peak-voltmeter : (n) (الیکٹرک) کلاہی قوۃ پیما۔

Peaked : (a) (۱) نوکدار؛ نکیلا؛ سرا والا؛ چھجے دار؛ چوٹی دار؛ قلہ دار پہاڑ۔ (۲) لاغر؛ نزار؛ مریض؛ پژمردہ؛ مریضانہ؛ خصوصاً بول چال۔ (۳) وہ جس کے چہرے پر ہڈیاں نکلی ہوں؛ جو بھوکا رکھا جاتا ہو۔

Peakedness : (n) لاغری؛ کمزوری؛ دبلا پن۔

Peaking : (a) (۱) (اب بول چال) پوشیدہ؛ خواہ مخواہ کا (جذبۂ شفقت وغیرہ)؛ خاموش؛ دبکا ہوا؛ ادنیٰ درجے کا؛ ناپسندیدہ جذبے کا۔ (۲) بیمار جیسا؛ گھلا ہوا؛ لاغر؛ سوکھا ہوا (جسم)؛ کمزور۔

Peakish : (a) مریل؛ مریض جیسا؛ سوکھا ہوا (جسم)کمزور؛ نحیف؛ لاغر؛ نزار؛ دبلا۔

Peaky : (a) (۱)نوک صفت ؛ چوٹی دار؛ کثیر؛ زیادہ۔ (۲)نوک دار؛ چبھے دار؛ راس والا۔

Peaky / Peeky : (a) (روزمرہ بول چال) سوکھا؛ کم زور؛ نحیف؛ لاغر؛ مریل ؛ نزار۔

Peal : (n) [late ME. 'pele.'] (۱)گجر؛ گھنٹیوں کا زور سے ساتھ ساتھ بجنا؛ گھنٹیوں کی ٹن ٹن ، نیز مجازاً۔ (۲)گھنٹیاں؛ گھنٹیوں کا جوڑ؛ گھنٹیوں کی مدد سے مسلسل، صدائے ناقوس۔ (۳)بندوق یا توپ چھوٹنے کی آواز۔ (۴)صدائے بلند ؛ صدائے ناگہانی ؛ جرنگ؛ زور سے ہنسنے کی آواز ؛ آواز (قہقہہ)۔

Peal / Peel : (n) [Origin unkn.] (۱)سالمن مچھلی کا بچہ۔ (۲)سالمن کی ایک چھوٹی قسم(Salmo cambricus)۔

Peal : (v) [late ME. Aphetic f. 'apele.'] اب بول چال دیکھو Apeal : (v)۔

Peal : (v) [f. PEAL (n)] (۱) (آواز یا جگہ کا) گونجنا؛ آواز پیدا کرنا؛ ٹن ٹن بجنا۔ (۲)گرجنا؛ کڑکنا۔ (۳)کڑک کر کہنا؛ گرج کر کہنا۔

Peal bells : (n) گھنٹیوں کا گجر بجانا۔

Pean : (n) [Origin unkn.] (نقابت) نقطہ دار سمور؛ پوست سمور کی شکل یا نقش۔

Pean : (n) Peen کا متبادل۔

Peanut : (n) ایک پھلی جو کھانے اور تیل نکالنے کے کام آتی ہے اور اس کے پودے گرم آب و ہوا میں کثرت سے پیدا ہوتے ہیں؛ مونگ پھلی اسے Ground-nut or Ground-pea بھی کہتے ہیں؛ (نباتیات) مونگ پھلی، چینا بادام۔

Peanut-butter : (n) بھنے ہوئے بادام سے تیار کیا ہوا مکھنی حلوہ؛ حلوۂ بادام۔

Peanut politics : (n) (امریکا عامیانہ) درپردہ مصافیات؛ سیہ آرائی؛ پوشیدہ داؤ پیچ ؛ رازدارانہ سیاست۔

Peanut politician : (n) چھپا سیاست داں؛ پوشیدہ سیہ آرائی کرنے والا؛ چھپ کر داؤ پیچ کرنے والا ؛ بے اہمیت و پست سیاست داری۔

Pear : (n) [OE. 'Pere, Peru'.] (۱)ایک قسم کا گودے دار پھل؛ مغزدار پھل؛ ناشپاتی۔ (۲)ناشپاتی کا درخت۔ (۳)ناشپاتی کی شکل کی کسی چیز کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔

Alligator pear : دیکھوAlligator

Prickly pear : ناگ پھنی۔

Pear-blight : (n) (۱)ناشپاتی کے درختوں کی ایک بیماری جس سے نباتی جراثیم کی وجہ سے پتیاں بادامی یا خاکی ہو جاتی ہیں۔ (۲)ایک قسم کی بیماری جس سے ناشپاتی کے درختوں کی چھالیں خراب ہوجاتی ہیں۔

Pear drop : (n) (۱)ناشپاتی کی شکل کی ایک مٹھائی۔ (۲)ناشپاتی کی شکل کا ایک زیور جو آویزہ کے طور پر پہنا جاتا ہے۔

Pear gauge : (n) Smeaton کا ایجاد کردہ ایک پیمانہ۔

Pear shaped : (a) (نباتیات) ناشپاتی نما؛ ناشپاتی کی شکل کا۔

Pear slug : (n) ایک قسم کا کیڑا جو چھوٹے پودوں کی ہلاکت کا باعث ہوتا ہے۔

Pear -tree : (n) (۱)ناشپاتی کا درخت۔ (۲)نیز اس درخت کی لکڑی۔

Pearl : (n) [ME. 'perle.'] (۱)موتی؛ لولو؛ در؛ مروارید؛ در صدف۔ (۲) Mother-of-pearl خصوصاً توصیفی معنوں میں۔ (۳) (نقابت) (قیمتی پتھروں کی وجہ سے آب و تاب میں) ہلکا سیمیں یا سفید رنگ۔ (۴) (مجازاً) کوئی بیش قیمت چیز؛ اپنی نوع کی بہترین چیز؛ نفیس اور شاندار چیز؛ سرتاج۔ (۵)موتی جیسی گول اور چھوٹی چیز؛ موتی سے مشابہ چیز مثلاً قطرہ شبنم؛ دراشک، دردنداں۔ (۶) (دانت) عاج؛ ہاتھی دانت۔ (۷)ہڈی کی چھوٹی گانٹھ یا گرہ بارہ سنگے ہرن کی سینگ کے جڑ کو حلقے میں لئے ہوتے۔ (۸)تاج یا اکلیل میں ایک چھوٹی سفید یا نقرئی گول چیز؛ اسی طرح کا چھوٹا نقیبانہ بال۔ (۹) (طباعت) چھوٹا ٹائپ؛ موتیا ٹائپ ؛ طباعت کا ایک سائز؛ ٹائپ کی ایک شکل 5_point کے مساوی۔ (۱۰)مختلف قسم کی چیزوں کا چھوٹا سائز یا ٹکڑا؛ بعض چیزوں کا ریزہ، ٹکڑا، مثلاً پگھلی ہوئی دھات؛ صاف کوئلہ کا چھوٹا ٹکڑا؛ چھوٹی گولی یا حب۔ (۱۱)چینی بنانے کا ایک مرحلہ۔ (۱۲)موتی کا رنگ صاف ہلکا نیلگوں سبز۔ (۱۳) (تشریح) دُر دنداں۔

(۱۴) (طب) موتیا بند۔

Mother of pearl : دیکھو Mother

Royal Pearl : (n) (جواہرات) در شہوار۔

Seed Pearl: (n) بہت چھوٹا موتی۔

To cast pearls before swine : بھینس کے آگے بین بجانا؛ نا اہلوں کے آگے بیش بہا چیز پیش کرنا۔

Unique pear : (n) در یتیم۔

Pearl : (n) [Var. spelling of Purl. (n)] تکمہ جو تکیے کی جھالر اور ملبوسات میں آرائش کے لئے ٹانکے جاتے ہیں۔

Pearl : (v) (۱)سجانا؛ گل میخیں لگانا؛ موتیوں جیسا بنانا؛ مروارید سے آراستہ کرنا۔ (۲) (کسی چیز کے) موتی جیسے قطرے چھڑکنا؛ رنگ اور چمک میں موتی جیسا بنانا؛ موتی بکھیرنا؛ موتی کی طرح قطرے کی شکل کا گول بنانا۔ (۵)غواصی کے ذریعہ موتی تلاش کرنا، نکالنا؛ موتی یا چینی (کے دانوں) سے ڈھک کر (کسی چیز کو آراستہ کرنا)۔

Pearl : (a) (۱)موتی کا یا موتی جیسا؛ مرواریدی؛ مروارید سے مشابہ؛ موتی دار ؛ دُر صفت؛ لولو مانند۔ (۲)چھوٹے سائز کا؛ چھوٹے دانے کا۔

Pearl ash : (n) پوٹاشیم کاربونیٹ ؛ (کیمیا) شنخار۔

Pearl barly : (n) موتیا جو وغیرہ (جس کے دانوں کو گول کرلیتے ہیں)؛ جو نیم کوب (نباتیات) جو، مقشر ؛ گھاٹ۔

Pearl button : (n) موتی کا بنا ہوا بٹن یا بو تام؛ سیپ کا بٹن۔

Pearl disease : (n) ایک قسم کی تپ دق خصوصاً جانوروں کی ایک بیماری؛ (بیطاری) دق بقری۔

Pearl -diver : (n) وہ شخص جو موتی نکالنے کے لئے غوطہ لگاتا ہے؛ غواص۔

Pearl -edge : (n) موتی کا تکمہ۔

Pearl eye : (n) (۱) (طب) موتیا بند۔ (۲)موتی جیسی آنکھ۔ (۳)چڑیا کی آنکھ یا چڑے کی آنکھ۔

Pearl eyed : (a) موتی جیسی آنکھ والا؛ موتیا بند والا۔

Pearl fish : (n) ایک قسم کی مچھلی جس کے فلس یا چھلکے سے مصنوعی موتی بنایا جاتا ہے۔

Pearl fisher : (n) صدف شکاری؛ صدف گیر؛ غوطہ لگا کر موتی نکالنے والا ؛ غواص۔

Pearl fishery : (n) صدف گیری ؛ وہ جگہ جہاں صدف شکار کرتے ہیں؛ صدف زار۔

Pearl grain : (n) مروارید و زن کرنے کا وزن، باٹ ؛ قیراط کا چوتھا حصہ۔

Pearl grass : (n) ایک قسم کی گھاس؛ بریزہ۔

Pearl hen : (n) ایک قسم کی مرغی جس کے پروں کا رنگ سرمئی اور ان پر سفید چتیاں ہوتی ہیں؛ گنی فؤل۔

Pearl kite : (n) سفید دم والی چیل؛ سفید پنکھ والی زغن۔

Pearl loop : (n) موتی کا حلقہ۔

Pearl moss : (n) دیکھو Carrageen

Pearl moth : (n) ایک قسم کا کیڑا۔

Pearl mussel : (n) دہرے کھل مندن کا صدفہ جس سے موتی نکلتا ہے۔

Pearl nautilus : (n) سہ شاخہ صدفی سر پایہ۔

Pearl onion : (n) مروارید سے مشابہ ایک قسم کی چھوٹی پیاز۔

Pearl oyster : (n) موتی کستورا (جنگلات) سیپی کا کیڑا جس سے موتی نکلتا ہے؛ صدف مروارید کا کیڑا ؛ صدفہ مروارید، خصوصاً بحر ہند کا۔

Pearl plant : (n) دیکھو Gromwell

Pearl -powder : (n) (۱)ایک قسم کا غازہ؛ حسن افزو پوڈر جو جلد کی چمک کو بڑھاتا ہے۔ (۲)دیکھو Pearl white.

Pearl sago : (n) ایک قسم کا سخت ساگو دانہ۔

Pearl - shell : (n) (۱)صدف ، سیپ۔ (۲)صدفی پرت؛ اس قسم کی جھلی جس سے موتی نکلتے ہیں؛ موتی پیدا کرنے والا صدف۔ (۳) (توصیفی معنوں میں) موتی کے صدف کا یا اس سے مشابہ۔ (۴) دیکھو Pearl oyster.

Pearl sheller : (n) صدف جمع کرنے والا یا نکالنے والا۔

Pearl -spar : (n) (کان کنی) موتی بلور؛ ڈولومائٹ۔

Pearl stone : (n) سنگ مروارید۔

Pearl white : (a) موتی جیسا سفید۔

Pearl white : (n) ایک قسم کی دھات (Bismith) کا سفید اوکسائیڈ۔ (۲)دیکھو Pearl - powder۔

Pearled : (a) (۱)موتی دار؛ موتیوں سے سجا ہوا ؛ مرصع کیا ہوا؛ سیپ سے آراستہ کیا ہوا؛ صدف سے مرصع ؛ مرواریدی۔ (۲)قطرہ شبنم یا اشک موتی کی شکل کا بنا ہوا؛ چھوٹے گول دانوں کی شکل کا بنا ہوا۔ (۳)موتی جڑا ہوا۔ (۵) (چینی کے لئے) موتیا چینی، دانہ دار چینی۔

Pearler : (n) غواصی کے ذریعہ موتی نکلوانے والا تاجر؛ صدف گیری کا تاجر؛ آب باز؛ نیز ایک چھوٹی کشتی جس سے اس تجارت میں کام لیا جائے۔

Pearlet : (n) چھوٹا موتی؛ مروارید کوچک۔

Pearlies : (n) میوہ فروش کا لباس (جس میں بہت سے تکمے موتی ہیں)۔

Pearliness : (n) موتی جیسا ہونا؛ در صفت ہونا۔

Pearling : (n) (۱) (اسکاتستان اور بول چال) دھاگے یا ریشم کی فیتے کی ایک قسم جسے Pearling-lace بھی کہتے ہیں۔ (۲) (جمع میں) اس فیتے کے کنارے ؛ لباس یا پوشاک جس میں فیتے لگے ہوتے ہیں ؛ لیس دار پوشاک۔

Pearlite : (n) (۱) دیکھو Perlite ۔ (۲) (دھات) ڈھلے ہوئے فولاد میں بن و کاربن کے مرکب کرنے کی ایک شکل؛ پرلائٹ؛ سنگ مروارید۔

Pearlwort / Pearlweed : (n) ایک قسم کے قرنفلی پودے کا کتابی نام۔

Pearly : (a) (۱)موتی جیسا؛ مروارید وار (مثلاً قطرۂ شبنم)۔ (۲)دیکھنے میں موتی جیسا؛ مروارید نما؛ صدف نما؛ در صفت۔ (۳)موتیوں کا یا اس کے متعلق۔ (۴)صدفی؛ سیپ کا۔ (۵) موتیوں سے سجا ہوا؛ موتیوں کا بنا ہوا۔(۶)موتی کے رنگ کا ؛ رنگ مروارید۔ (۷)(مجازاً) بہت زیادہ قیمتی؛ گراں قیمت؛ بیش بہا؛ درخشاں؛ گرانقدر؛ (روحانی) تجلی؛ عظمت والا۔

Pearly : (adv.) موتی جیسا؛ مرواریدوار؛ دری؛ مرواریدی؛ صدف نما؛ موتی کی طرح؛ موتی کے رنگ کا؛ (مجازاً) بہت زیادہ قیمتی۔

Pearly : (n) (۱)دیکھو Pearl buttons۔ (۲)اس قسم کے بٹن سے مزین کیا ہوا لباس یا پوشاک۔

Pearly body : (n) مرواریدی جسم۔

Pearmain : (n) [late ME. 'parpermayn-'.] ایک قسم کا سیب۔

Peart : (a) [Variant of Pert (a)] (۱)ایک زندہ دل؛ چاق و چوبند تیز، طرار، چست؛ ہوشیار؛ چالاک ؛ شوخ؛ گستاخ۔ (۲) ذہین؛ زود فہم۔

Peasant : (n) [AFr. 'paisant.'] دیہاتی؛ دہقان؛ گاؤں والا؛ کسان؛ زارع؛ گنوار؛ رذیل۔

Peasan-proprietor: (a) (۱)توصیفی معنوں میں۔ (۲)کسان کا یا اس سے متعلق۔

Peasant- proprietor : (n) (زراعت) مالک کسان یا زارع؛ وہ کاشت کار جو زمین کا خود مالک بھی ہو۔

Peasantry : (n) (۱)گاؤں والے؛ دہقانوں کا گروہ ؛ دیہاتی لوگ؛ تمام کسان، کاشت کار لوگ کسانوں کی جماعت یا گروہ۔ (۲)دیہاتی یا کسان ہونے کی حالت؛ کسان کی قانونی حیثیت یا درجہ۔

Peascod : (n) مٹر؛ مٹر کے دانے۔

Pease : (n) [OE. 'pise.'] مٹر کا پودا؛ مٹر کے دانے۔

Pease-meal : (n) مٹر کو پیس کر بنایا ہوا کھانا؛ ایک قسم کی کھانے کی چیز جو مٹر پیس کر بنائی جائے؛ (مجازاً) گڈمڈ؛ مخلوط چیزوں کا مجموعہ؛ بے میل۔

Peastone : (n) ایک قسم کا چونے کا پتھر۔

Peat : (n) [L. 'peta.'] نباتی مادہ جو پانی میں سڑتا ہے اور اس میں ایک حد تک کوئلے کے خواص پیدا ہوجاتے ہیں؛ جو ایندھن کے کام آتا ہے؛ دلدلی کوئلہ؛ (ارضیات) دلدلی کوئلہ؛ نباتی کوئلہ۔

Peat : (n) (قدیم) لڑکی؛ حسینہ۔

Proud peat : (n) بت طناز؛ مغرور حسینہ۔

Peat-bath : (n) (طب) غسل حمائی۔

Peat-bog : (n) کوئلے کی دلدل؛ کوئلے کی پانک۔

Peat coal : (n) بھورے رنگ کا کوئلہ جس میں لکڑی کی ساخت موجود ہو۔

Peat hag : (n) پھٹی ہوئی زمین جہاں سے کوئلہ نکالا گیا ہے۔

Peat moss : (n) کوئلے کی کان؛ (جمع) کوئلے کی دلدل میں بڑھنے والی کائیاں۔

Peat reek :(n) کوئلے کی آگ کا دھواں، اس پر کشید کی ہوئی وہسکی (شراب) کی خوشبو۔

Peatery : (n) (۱)دلدلی کوئلے کا کارخانہ۔ (۲) دیکھو Peatboy.

Peaty : (a) دلدلی کوئلے کا سا، اس سے بنا ہوا جس میں اس کی بو آئے۔

Peaty soil : (n) (ارضیات) نباتی زمین؛ کوئلہ دار زمین۔

Peav (e) y : (n) [f. inventor's name.] آنکڑا دار بیرم۔

Peba : (n) [Shortened from Tupi, 'tatu-peba.'] امریکا کا زمین کے اندر رہنے والا ایک جانور۔

Pebble : (n) [Late OE. 'papel , popel.] (۱) چھوٹا پتھر (صخرہ سے چھوٹا ہوتا ہے)؛ کنکر؛ روڑی ؛ سنگ ریزہ۔ (۲)عینک شیشہ یا تال؛ سنگ بلوری۔ (۳)عقیق؛ سنگ سلیمانی کی بعض اقسام کا نام؛ نیم شفاف جوہردار قیمتی پتھر کی مختلف قسمیں؛ عقیق کی مختلف قسمیں مثلاً اسکاچی عقیق؛ مصری عقیق۔ (۴)مقناطیس؛ وہ چیز جس میں کشش ہو، مرکز مقناطیس۔ (۵)مٹی کے برتن، سفالی؛ ظروف گل جس کا موجد Wedgwood تھا۔ (۶) Pebble-leather کا مخفف نیز دانہ دانہ کیا ہوا چمڑا۔ (۷) Pebble -powder کا مخفف۔ (۸) (توصیفی معنوں میں) سنگ ریزے کا یا اس سے متعلق؛ عقیقی یا اسکاچستانی عقیق کی طرح کا۔

Pebble : (v) (۱)سنگ ریزے سے مارنا؛ پتھر پھینکنا۔ (۲) (دباغت) ناہموار سطح بنانا ؛ کسی رولر وغیرہ سے دباکر چمڑے پر دانہ دانہ بنانا۔

Pebble-dash / -dashing : (n) سنگ ریزہ بھرا ہوا گچ؛ سنگ ریزہ دار گچ۔

Pebble dashed : (a) سنگ ریزوں سے گچ کیا ہوا۔

Pebble leather : (n) ناہموار یا رکھڑا چمڑا۔

Pebble powder : (n) سنگ ریزے کی شکل میں شش پہلو دانوں کی آہستہ جلنے والی بندوق کی بارود۔

Pebble : (n) دیکھو Pebble-stone : (n) [OE.]

Pebble-ware : Wedg wood کے ایجاد کئے ہوئے برتنوں کی ایک قسم جن میں مختلف رنگوں کی مٹی لگائی جاتی ہے۔

Pebbled : (a) (۱)سنگ ریزوں یا عقیق وغیرہ سے ڈھکا ہوا ؛ (عقیق) بکھرے ہوئے؛ جس میں سنگ ریزے یا عقیق ہوں؛ ریگی؛ ریگ؛ مانند، ریگ زار؛ سنگ ریزوں سے بھرا ہوا۔ (۲) (چمڑا) چمڑے کا۔

Pebbly : (a) سنگ ریزے یا عقیق کا؛ سنگ ریزے یا عقیق دار۔

Pebrine : (n) [Pr. 'pebrino.'] ایک متعدی بیماری جو ریشم کے کیڑوں میں پھیل جاتی ہے جس سے ان کے جسم پر سیاہ داغ پڑجاتے ہیں؛ (بیطاری) پیلہ روگ۔

Pecan : (n) [Fr. 'pacane.'] (نباتیات) پیکن؛ شمالی امریکا کے اخروٹ کی ایک قسم؛ نیز اس کا درخت یا اس درخت کی لکڑی۔

Peccability : (n) گناہ کا سزاوار ہونا؛ عدم عصمت؛غیر معصوم ہونا۔

Peccable : (a) [med . L. 'peccabilis.'] گناہ کرنے کے قابل ؛ غیر معصوم ؛ جس سے گناہ سرزد ہوسکتا ہو؛ جائز الخطاء۔

Peccadillo : (n) [Sp. 'pecadillo.'] جرم خفیف؛ گناہ صغیرہ؛ لغزش؛ معصیت صغیر؛ گناہ جزئی۔

Peccancy : (n) [late L. 'peccantia .'] (۱)گناہ گاریا گناہ گاری؛ گناہ ہونے کی حالت یا صفت؛ خطاکاری؛ معصیت شعاری۔ (۲)گناہ؛ خطا؛ پاپ؛ عصیاں؛ آزردگی، صدمہ ؛ رنج؛ ملال۔ (۳) (طب) مرض۔

Peccant : (a) [Fr. 'peccant.'] (۱)گناہ گار؛ عاصی، خطاکار؛ خاطی؛ پاپی؛ اشتباہ کار؛ مجرمانہ؛ نیز چیزوں کے لئے بھی کہا جاتا ہے۔ (۲) (طب) مریض کنندہ؛ مرض آور؛ فاسد؛ مریضانہ؛ ناخوش، ناقص، خراب، بیماری پیدا کرنے والا ؛ مرض انگیز۔

Peccantly : (adv.) (۱)خطاکاری سے ؛ عاصیانہ طورپر؛ مجرمانہ انداز میں ؛ گناہ گاری کے ساتھ؛ مریضانہ طورپر؛ فاسدانہ طریقے سے۔ (۲)غیر صحت مندانہ انداز سے۔

Peccantness : (n) (۱)گناہ گاری؛ خطا کاری؛اشتباہ کاری۔ (۲)مرض ؛ بیماری؛ ناخوشی؛ غیر تندرستی۔

Peccary : (n) [Carib (of Guiana an venezuela.) 'pakira.'] مور

کی قسم کا ایک امریکی غول پسند چوپایہ؛ (حیوانیات) امریکی خنزیر۔

Peccavi : (n) [L.'peccare.'] (۱)میں نے گناہ کیا ہے؛ میں گناہ گار ہوں۔ (۲) (دینیات) اعتراف گناہ؛ اعتراف۔

To cry peccavi : اعتراف یا اقرار گناہ کرنا؛ اپنے گناہوں کا اقرار کرنا۔

Peccavimus : ہم لوگوں نے گناہ کیا ہے۔

Peccavit : اس نے گناہ کیا ہے؛ اس نے قصور کیا ہے۔

Pechan : (n) (تشریح، حیوانیات) معدہ۔ (۲)نکاس؛ نکلنے کا راستہ۔

Peche melba : (n) [Fr.] ملائی برف کی مٹھائی؛ آئس کریم کی ایک مٹھائی۔

Peck : (n) [ME. 'pek.'] (۱)خشک چیزوں کی مقدار کا پیمانہ جو دو گیلن کے برابر ہوتا ہے؛ بوشل (Bushel)کا چوتھائی حصہ، غلے کا پیمانہ، پیک۔ (۲)ناپ کے لئے ایک قسم کا ظرف۔ (۳)بڑی مقدار؛ انبار؛ ڈھیر؛ تودہ؛ بڑی تعداد؛ خصوصاً مجازاً۔

A peck of dirt : غلاظت کا ڈھیر؛ کوڑے کا انبار۔

A peck of troubles : مصیبتوں کا طومار؛ انبوہ مصائب؛ بے انتہا مصائب۔

Peck : (n) [f. Peck. (v)] (۱)ٹھونگیں مارنے کا عمل؛ چونچیں مارنے کا عمل؛ ٹھونگ؛ چونچ؛ چونچ یا منقار کی ضرب یا وار۔ (۲) ٹھونگ مارنے کا نشان؛ نوک زدگی؛ سوراخ؛ حفرہ؛ چھید؛ ضرب؛ چوٹ؛ وار؛ نقطہ؛ بندہ۔ (۲) (مزاح) رسمی بوسہ؛ رواجی بوسہ؛ بوسۂ منقاری (پرندہ)۔ (۴) (عامیانہ) کھانا؛ غذا؛ چارہ؛ گھاس؛ علف۔

Peck : (v) [Prob. MLG. 'pekken.'] (۱)ٹھونگیں مارنا؛ چونچیں مارنا؛ چونچ سے ضرب لگانا؛ چونچ سے وار کرنا؛ چونچ مار کر نشان بنانا۔ (۲)چونچیں مارکر سوراخ بنادینا؛ چونچ سے مارنا جیسے چڑیا؛ چڑیا کا چونچ سے کھانا خصوصاً (غذا کو) بہ یک وقت چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں لینا (اکثر with , up وغیرہ کے ساتھ اس کا استعمال)۔ (۳)چونچ چلانا؛ چونچ مارنے کی کوشش کرنا؛ (استعارتاً) نکتہ چینی کرنا۔ (۴) (شخص) کھانا؛ کھلانا۔ (۵) (بول چال) شغل کے طور پر ذرا ذرا سا کھاتے رہنا؛ ٹونگنا؛ نفاست سے کھانا؛ کتر کتر کے کھانا۔ (۶)(کسی نوکدار اوزار سے (زمین یا دیوار) کھودنا۔

Peck : (v) [Var. of Pick. (v)] (عامیانہ) پتھر پھینکنا؛ کسی پر پتھر پھینکنا؛ آگے پھینکنا؛ (خصوصاً گھوڑے کا) اپنے کھر سے زمین پر ٹھوکر مارنا (بول چال)۔

Peck- alley : (n) حلق؛ گلا؛ نرخرا؛ حنجرہ۔

Peck order : (n) سماجی سلسلہ جو سب سے پہلے گھریلو مرغیوں میں پایا گیا پھر دوسرے جانوروں کے گروہوں میں۔

Pecked : (a) چھوٹی چھوٹی نشان لگائی ہوئی قطار (جیسے – – – – – – –)؛ خراشیدہ؛ نوک دار؛ منقار دار۔

Pecker : (n) (۱)چونچ مارنے والا پرندہ؛ وہ جو چونچ مارتا ہے مثلاً Fig pecker , Flower Pecker وغیرہ۔ (۲) نیز دیکھو Wood pecker۔ (۳) (حیوانیات) ہد ہد۔ (۴) (اوزار) کدال؛ گینتی؛ برما؛ کھودنے کا اوزار یا آلہ؛ سوراخ کرنے والا۔ (۵) (ٹیلی گراف) پیکر؛ نوک زن۔ (۶)(عامیانہ) ہمت؛ دلیری؛ جرأت؛ قصد؛ عزم؛ مستقل مزاجی۔

To keep one's pecker up : باہمت رہنا؛ استقلال سے کام لینا۔

Wood pecker : (n) : (حیوانیات) ہدہد؛ کٹھ پھوڑا؛ کٹھ کھودوا؛ کٹھ بڑھئی۔

Pecking : (n) [M.E.] چونچ مارنے کا عمل۔

Pecking order : (n) [G. 'Hackliste'] دیکھو Peck order

Peckish : (a) (۱)(بول چال) سخت بھوکا؛ گرسنہ؛ کھانے یا چونچ مارنے کے لئے آمادہ۔ (۲)نکتہ چیں؛ ملامتی۔ (۳)چڑچڑا؛ تنک مزاج؛ زودرنج؛ تحریک پذیر؛ آتشی۔

Peckle : (n) (بول چال، برطانیہ) دھبّا؛ داغ؛ نشان؛ چھوٹا نشان۔

Peckle : (v) (بول چال، برطانیہ) چھوٹے چھوٹے داغ دھبے ڈالنا۔

Peckled : (a) دھبّا دھبّا؛ نقطہ نقطہ؛ خال خال۔

Pecksniff : (n) [Name of character in Dickns's Martin chuzzlewit.'] چرب زبان؛ ریاکار؛ رنگا سیار؛ متظاہر؛ بدنہاد۔

Pecksniffery /Pecksniffism : (n) چرب زبانی؛ ریاکاری؛ رنگاسیاری۔

Pecksniffian : (a) ریاکار سے متعلق یا ریاکار کا؛ ریاکار؛ ظاہردار۔

Pecky / pekcy (a) (۱)منقار زنی سے نشان لگایا ہوا؛ مرو جیسا، منقار

زنی سے فرسودہ، بیکار۔ (۲) جس میں سوکھے مرجھائے ہوئے دانے ہوں۔

Pecora : (n) [L.] (حیوانیات) مواشی۔

Pectase : (n) [f.Pect (In or Pect (Ose).] (کیمیا) ایک قسم کی خمیر جس کی خاصیت یہ ہے کہ پکٹن کو پکٹک ایسڈ میں تبدیل کردیتی ہے۔

Pectate : (n) (کیمیا) پکٹک ایسڈ کا نمک۔

Pecten /-tines / -tens : (n) [L. ' pecten , -in.'] (۱) (حیوانیات) جانوروں کے جسم میں مختلف قسم کی شانہ نما ساختیں۔ (۲) رنگین ابھار جو تسمۂ چشم سے باہر نکلا ہوا ہوتا ہے اور جو چڑیوں، مچھلیوں اور بعض رینگنے والے جانوروں میں پایا جاتا ہے: استخوان شرم گاہ (جانور)۔ (۳) (تشریح) عظم عانہ : (حیوانیات) شانہ: زائدہ شانہ نما۔ (۴) (حیوانیات) غشاء چشم طیر۔ (۵) رینگنے والے جانوروں کے دونوں پچھلے پاؤں کے پیچھے شانہ نما دونوں دنبالے۔ (۶) بعض چڑیوں کے پنجوں پر شانہ نما۔ (۷) دیکھو Ctenophore ۔ (۸) جنس صدفۂ شانہ نما: اس قسم کا جانور۔ (۹) ایک قسم کی صدفی مچھلی : صدف ظرف: جو صدف سے مشابہ ہو۔

Pectic : (a) [Gr. 'pektikos.'] (کیمیا) (پکٹک ایسڈ میں) زلاطین گیاہی سے متعلق: سفیدیے کا : سفیدی۔

Pectin : (n) [f. Pect (Ic+In)] (کیمیا) سفیدہ (ایک قسم کا سفید معتدل مادہ جو پھلوں میں پک جانے پر Pectose کی وجہ سے پیدا ہوجاتا ہے)۔ (۲) زلاطین نباتی: پکٹین: دلمۂ گیاہی۔

Pectinal : (a) (نباتیات) شانوی: استخوان شرمگاہ سے متعلق۔

Pectinate : (a) [L. 'pectinatus.'] (خاص کر تاریخ طبعی) شانہ نما: شانہ دار: (نباتیات) شانوی: قانون شانہ نما۔

Pectinate : (v) [L. 'pectinare.'] ایک دوسرے میں اٹکانا یا پھنسانا: دو شانوں کے دندانے کے مانند ردوبدل میں ایک ساتھ نصب کرنا۔

Pectinated : (a) دیکھو Pectinate

Pectinately : (adv.) شانے کے دندانے کی مانند۔

Pectination : (n) ایک دوسرے میں اٹکانے کا عمل یا دو شانوں کے دندانوں کی طرح ایک دوسرے میں اٹکائے جانے کی حالت: (حیوانیات) شانوی زائدہ۔

Pectineal : (a) [mod. L. 'pectineus.'] (تشریح) مشطی: عظم عانہ یا استخوان شرمگاہ سے متعلق: اس ہڈی کے بعض حصوں اور ملحقہ ساختوں کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ (۲) (حیوانیات) شانہ کلفی دار۔

Pectineal hernia : (n) (طب) فتق مشطی۔

pectineus : (n) [mod. L. f. 'pecten, -in'] ایک مسطح عضلہ جو چھوٹے مدور فخذ کے پیچھے ران کی ہڈی کے قریب ہوتا ہے۔

Pectini - bef a vowel pectin - : (prefix) لاطینی لفظ Pecten سے مشابہ ہے یہ جزو ترکیبی ہے بمعنی "شانہ" "شانہ مانند"۔

Pectinibranch / - branchian / -branchiate : (a) شانہ نما گلپھڑے والے کی ایک جنس سے متعلق: شانہ خیشومہ کا یا اس سے متعلق۔

Pectinibranch : (n) اس جنس کا صدف: گونا: (حیوانیات) شانہ خیشومہ۔

Pectinicorn : (a) [L. 'cornu.'] شانہ نما سماس والا۔

Pectinicorn : (n) شانہ نما سماس۔

Pectiniform : (a) (۱) شانہ مانند: بہ شکل شانہ: شانہ کی شکل جیسا۔ (۲) صدف ظرف (صدف سے مشابہ)۔

Pectinite : (n) [L. 'Pecten, -in.'] متحجر پکٹن : صدف ظرف : صدف سے مشابہ : سنگوارۂ صدف۔

Pectize : (v) [Gr. 'pektos.'] جمنا یا جمانا: یخ بستہ کرنا یا ہونا: منجمد کرنا (سیال شے کا): لیس دار صورت میں تبدیل کرنا: جلاٹین بنانا۔

Pectolith : (n) [G. 'pectolith.'] (کان کنی) سفیدی مائل یاسبزی مائل کیلشیم اور سوڈیم کا پر آب سلیکا کا مرکب۔

Pectoral : (n) [L. 'pectoralis.'] (۱) (آرائش کے لئے) سینے پر پہننے کے لئے کوئی چیز خصوصاً آرائشی سینہ بند جو یہودیوں کے اعلیٰ پیشوا پہنا کرتے تھے: چار آئینہ جو محض آرائش کے لئے لگایا جائے۔ (۲) دیکھو Breast-plate ۔ (۳) دوائے سینہ: دافع امراض صدر: وہ دوا جو امراض سینہ کے لئے مفید ہو: وہ دوا، غذا یا مشروب جو دافع امراض صدر ہو۔ (۴) (تشریح) Pectoral muscle اور pectoral fin کا مخفف۔

Pectoral : (a) (۱) صدری: سینے کا: سینے سے متعلق: (خصوصاً تشریح) دلی: قلبی۔ (۲) (طب) دوائے قلبی سے متعلق: واقع امراض صدر سے متعلق، دوا، غذا یا مشروب سے

متعلق جو امراض صدر ہونے کی لئے مفید ہو۔ (۲)جو سینے پر لگائی جائے؛ سینے کی، سینے پر پہننے کی (pectoral Cross)۔ (۳) (مجازاً) سینے یا دل سے نکلنا؛ قلبی۔

Pectoral arch /-girdle : (n) صدری پنکا؛ صدری پیکل؛خم دار صدری۔

Pectoral cross : (n) صلیب سینہ؛ صلیب صدر۔

Pectoral fins : (n) (حیوانیات) صدری سَپیھر۔

Pectoral medicine : (n) (طب) دوائے مرض سینہ؛ علاج سینہ؛ صدری علاج؛ صدری دوا۔

Pectoral muscles : (n) عضلات سینہ؛ صدری پٹھے۔

Pectoral sandpiper : (n) (حیوانیات) صدری بٹوہ۔

Pectoral theology : (n) (دینیات) صدری دینیات؛ اللھوت الصدر۔

Pectoralgia (n) (طب) درد سینہ۔

Pectoralis major : (n) (تشریح) صدریہ کبیر۔

Pectoralis minor : (n) (تشریح) صدریہ صغیر۔

Pectoriloquial / -uous : (a) (طب) تکلم صدری کا؛ صدائے سینہ کی صفت کا۔

Pectoriloquism : (n) (طب) صدائے سینہ؛ تکلم صدری۔

Pectoriloquy : (n) [Fr. 'pectoriloquie.'] (طب) تکلم صدری؛ صدائے سینہ؛ صدائے خس خس سینہ۔

Pectose : (n) [f. Pect (ic + ose.] (کیمیا) سفیدین؛ پکتوس (ایک حل نہ ہونے والا مادہ جو کیلین سے مشابہ ہے اور اس کی ساتھ کچے پھلوں میں پایا جاتا ہے)۔

Pectous : (a) [f. as Pectize +ous.] (۱) (کیمیا) منجمد کیا ہوا (سیاہ مادہ)۔ (۲) پکٹن سے متعلق؛ زلاطین سے وابستہ۔

Pectous acid : (n) ایک قسم کا ایسڈ جو پکٹک ایسڈ سے متعلق ہو۔

Pectus : (n) [L.] (۱)(تشریح و حیوانیات)سینہ؛ پرند۔(۲)(حشریات) کے سینے کی نچلی سطح۔

Peculate : (v) [Stem of L. 'Peculari.'] تغلب کرنا؛ خیانت کرنا؛ غبن کرنا؛ خورد برد کرنا؛ چرانا؛ تصرف کرنا۔

Peculator : (n) غبن کرنے والا؛ خائن؛ خیانت کرنے والا (خصوصاً سرکاری رقم یا جائداد)۔

Peculation : (n) [L. 'Peculatus, -tus'.] تغلب؛ تصرف؛ غبن؛ خیانت؛ خوردبرد؛ کسی سرکاری افسر کے ذریعہ سرکاری رقم یا جائداد کا تصرف (بیجا)؛ (قانون) غبن؛ تصرف؛ اختلاس؛ دست برد۔

Peculiar : (a) [L. 'peculiaris.'] (۱)نجی (ملک یا جائداد کسی کی)۔ (۲)انفرادی؛ شخصی؛ ذاتی۔ (۳)خاص؛ مخصوص؛ خصوصی؛ جداگانہ؛ مختص۔ (۴) غیرمعمولی؛ نادر؛ انوکھا؛ نرالا؛ عجیب و غریب؛ عدیم المثال۔

Peculiar : (n) (۱)ملک یا استحقاق بلا شرکت غیرے؛ کسی کی مخصوص ملک یا جائداد؛ مخصوص حق۔ (۲) (کلیسا و تاریخ) وہ کلیسائی حلقہ یا گرجا جو اپنے علاقے کے بشپ کے ماتحت نہ ہو۔ (۳) (مجازاً) جگہ، ضلع، آفس وغیرہ جو معمولی حلقے سے بڑے ہوں؛ آزاد؛ خود مختار۔ (۴) آکسفورڈ کا ایک عرفی نام 8-1837 C (انجیلی پارٹی کے رکن کے لئے)۔ (۵) فرقہ، خاصان خدا (Peculiar people) کا کوئی فرد؛ خاص۔ (۶)خطۂ ارضی؛ احاطہ؛ جگہ جو چہار دیواری یا کسی اور چیز سے محصور ہو خصوصاً کسی مقدس مقام کی محوطہ جگہ۔ (۷)اختیارِ قطعی؛ کوئی خاص حق یا اختیار؛ حق مخصوص؛ امتیازی حق۔

Court of peculiars : عیسائی عدالت کی ایک شاخ جسے کینٹر بری کے پادری کے مخصوص حقوق پر اختیار حاصل تھا۔

Peculiar jurisdiction/-authority : (n) بشپ کے حلقۂ اقتدار سے آزاد حلقہ۔

Peculiar measure : (n) (عروض) عام رکن (لمبی اور چھوٹی ہجا) کے علاوہ کوئی رکن۔

Peculiar motion : (n) (علم النجوم) خصوصی حرکت؛ ذاتی حرکت۔

Peculiar people : (n) (۱)(یہودیوں کا عقیدہ)قوم خاص؛ قوم برگزیدہ (بنی اسرائیل)۔ (۲)فرقۂ خاصان خدا؛ ایک جدید مذہبی فرقہ جس کا نہ کوئی معبد ہے اور نہ کوئی تنظیم، وہ صرف عبادت کو امراض کے علاج کے لئے کافی سمجھتا ہے (۱۸۳۸ میں یہ فرقہ وجود میں آیا)۔

Peculiarism : (n) عقیدۂ فرقہ مسیحیان کا حامی، ایسے فرقے کا عقیدہ جس کا نہ کوئی معبد ہے اور نہ کوئی تنظیم اور جو صرف عبادت کو امراض کے علاج کے لئے کافی سمجھتا ہے۔

Peculiarity : (n) (۱) خاصہ؛ خاصیت؛ خصوصیت؛ مخصوص ہونے کی حالت ۔ (۲)انوکھاپن؛ نرالا پن؛ ندرت؛ اختصاص؛ بوالعجبی؛ انوکھی صفت۔

Peculiarize : (v) انوکھا بنانا؛ خاص بنانا؛ اختصاص دینا؛ تخصیص کر دینا یا کرنا۔

Peculiarly : (adv.) (۱)ذاتی طورپر۔ (۲)خاص طورپر ؛ بالخصوص؛ علی الخصوص ، خاص کر ۔ (۳)انوکھے طریقے سے؛ نرالے طرز سے؛ عجیب طرح سے ۔

Peculium : (n) [L.] (۱) (رومن قانون) ذاتی جائداد؛ وہ جائداد جو باپ اپنے بیٹے کو یا مالك اپنے غلام کو (اس کی ذاتی جائداد کے طورپر) عطا کرے؛ نجی ، مخصوص قبضہ یا جائداد یا لوازمات (جائداد)۔ (۲)ذاتی ملکیت؛ مال اختصاص؛ اثاثہ؛ لوازمات؛ لواحقات، متعلقات ۔

Pecuniarily : (adv.) مالی حیثیت سے؛ روپے پیسے کے لحاظ سے ؛ نقداً ؛ بطور نقد ۔

Pecuniary : (a) [L.'pecuniarius.'] (۱)روپے پیسے کا؛روپے سے متعلق؛ مالی؛ نقدی؛ (معاشیات) مالی؛ رقمی۔ (۲)(جرم) جریمہ دار: جس میں جرمانے یا تاوان کی سزا ہو؛ تاوانی ۔ (۳)معاملۂ رقم یا روپیہ باعث ہو (سزا کا) ۔

Ped : (n) [Origin unkn.] بنی ہوئی بید کی ٹہنیوں کی دوہری جڑی ہوئی بند ٹوکری؛ ڈھکن کے ساتھ بید کی ٹوکری یا پٹارہ ۔

Pedagogic : (a) [Fr. 'pedagogique.] (۱)فن تعلیم کا یا اس سے متعلق؛ تعلیمی یا فن تعلیم کی صفت ۔ (۲)معلمانہ؛ مدرسانہ؛ مُلّایانہ؛ وابستہ بہ معلم ۔ (۳) (تعلیمات) مُلّائی؛ تدریسی۔

Pedagogic /-al: (n) سائنس، آرٹ یا فن تعلیم کا اصول؛ (تعلیمات) (جمع میں) تدریسیات؛ فن تعلیم۔

Pedagogical Psychology : (n) (نفسیات)تدریسی نفسیات ؛ نفسیات تعلیم ۔

Pedagogically : (adv.) (۱)معلمانہ طورپر؛ ملایانہ طورپر؛ تدریسی انداز میں ۔ (۲)فن تعلیم کی رو سے ۔

Pedagogue : (n) [L. 'paedagogus.'] (۱)مدرس؛ معلم؛ اسکول ٹیچر؛ استاد؛ آموزگار؛ اتالیق ۔ (۲)ملا؛ میانجی (کسی قدر حقارت سے) ۔

Padagogue : (v) درس دینا ؛ تعلیم دینا ؛ سکھانا ؛ پڑھانا (مدرس کی طرح) ؛ معلم ہونا ؛ آموزگار ہونا ۔

Pedagoguism / Pedagogism : (n) مدرسی ؛ معلمی، فن تعلیم؛ تدریس؛ روش آموزگاری؛ ملاگیری؛ طریقہ ملا گیری یا تعلیم ۔

Pedagogy / Paedagogy : (n) (۱)تعلیم؛ علم تعلیم؛ تعلیمات؛ پیشۂ تعلیم؛ درس ؛ (تعلیمات) ملاگیری؛ تدریسیات؛ فن تعلیم؛ معلم کا فرض منصبی ، پیشہ یا کام ۔ (۲) (مجازاً) ہدایت؛ تربیت؛ تہذیب؛ ابتدائی تربیت کا نظام ۔ (۳) درس کی جگہ؛ تربیت گاہ؛ محل تعلیم؛ آموزش گاہ؛ مدرسہ؛ اسکول؛ کالج۔ (۴) Pedagoics تعلیمات ۔

Pedal : (n) [L. 'pedalis,'] (۱)بیرم، لیور جو پاؤں سے استعمال کیا جاتا ہے (مختلف قسم کے باجوں میں) (میکانیات) رکاب، پیڈل ۔ (۲) آرگن باجے میں وہ پردا جو پیر سے بجایا جاتا ہے، ایك بیرم جسے پیر سے دباتے ہیں۔ (۳) (پیانو) پیر کا بیرم جو سُروں کو اٹھانے اور مدھم کرنے کے کام آتا ہے ۔ (۴)مختلف مشینوں میں پاؤں سے چلنے والا بیرم ؛ پائدان ۔ (۵)بائیسکل وغیرہ کا پیڈل۔ (۶)وہ مدھم سر جو کئی نغموں کے ساتھ برابر بجتا رہے ۔ (۷) (جیومیٹری) پائین منحنی، منحنی جس پر مخصوص نقطہ سے گرنے والی لکریں ختم ہوتی ہیں۔

Pedal : (a) [L. 'pedalis,'] (۱)پائی؛ پاؤں کا؛پیروں کا؛ پاؤں سے متعلق ۔ (۲) (تشریح اور حیوانیات) پیروں کا خصوصاً رخادوں (molluscs) کے متعلق آتا ہے ۔ (۳)پائین منحنی سے متعلق؛ عمودی خط کے پاسے متعلق ۔ (۴) (موسیقی) مدھم سر کا یا اس سے متعلق ۔

Pedal : (a) [It. 'pedale.'] اٹلی کے پیال کی ایك قسم کے لئے استعمال ہوتا ہے، اس پیال سے بنی ہوئی (ٹہ یا چنٹ)۔

Pedal : (v) (۱)آرگن باجے کا بیرم چلانا ۔ (۲)بائیسکل کے پیڈل کو دباکر چلانا؛ بائیسکل کا پیڈل چلانا ۔

Pedal- board : (n) پیر سے بجانے والا پردا (آرگن باجے میں)۔

Pedeal curve/ -surface : (n) (ریاضیات) پائین منحنی ۔

Pedal origin /pole : (n) دیکھو Pedal curve

Pedal organ : (n) (موسیقی) پیڈلی ارغنون۔

Pedal piano : (n) پیانو کا بیرم جو سروں کو اٹھانے اور مدھم کرنے کے کام آتا ہے ۔

Pedal point : (n) وہ مدھم سر جو کئی نغموں کے ساتھ بجتا رہے؛ زندہ سُر؛ جاری سُر ۔

Pedal triangle : (n) (جیومیٹری) پائین مثلث ۔

Pedalfer (n) (ارضیات) مرطوب زمینی مٹی۔

Pedaliaceae : (n) (نباتیات) سکانیہ: ایک قسم کی گھاس۔

Pedalier : (n) [Fr. 'pedalier.'] آرگن کے پردے کا بیرم : پیانو کا پیڈل۔

Pedant : (n) [Fr. 'pedant.'] (۱)وہ شخص جو اپنی علمیت یا قابلیت کا بے جا اظہار کرتا ہے: مدعی فضیلت: مدعی کمال۔ (۲)وہ شخص جو کتابی علم یا اصول و ضوابط کی اہمیت پر حد سے زیادہ زور دیتا ہے: کتاب پرست: اصول پرست۔ (۳)وہ شخص جو کسی نظریے کا حد سے زیادہ قائل ہو: نظریہ پرست۔ (۴) (تعلیمات) مدعی علم: ملا: معلم: (فلسفہ) نظریہ پرست۔

Pedant : (a) کتاب پرست کا یا اس سے متعلق: کتاب پرستانہ: نظریہ پرستانہ: عالم نما: فضیلت نما: فضیلت مآبی کا۔

Pedantic : (a) (۱)فضیلت نما: فضیلت مآبی کا۔ (۲)کتاب پرست: نظریہ پرست: کتاب پرستانہ: نظریہ پرستانہ۔ (۳)مغلق (عبارت وغیرہ)۔ (۴)غیر عملی : نظری۔

Pedantically : (adv.) ادعائے فضیلت سے : فضیلت مآبی سے : کتاب پرستی یا نظریہ پرستی کے انداز سے۔

Pedanticism : (n) اظہار فضیلت : خیال فضیلت مآبی : نظریہ پرستی کا نمونہ : ادعائے عل کا نمونہ۔

Pedantize : (v) (۱)جا بیجا اظہار فضیلت یا اظہار کمال کرنا: کتابی علم یا نظریے پر حد سے زیادہ زور دینا۔ (۲)مدعی علم : فضیلت نما : کتاب پرست وغیرہ بنا دینا۔

Pedantocrat / -tic : (a) مدعیان فضیلت کی حکومت سے متعلق۔

Pedantocracy : (n) مدعیان فضیلت کی حکومت: کتاب پرستوں یانظریہ پرستوں کی حکومت: فضیلت مآبی کی طرز حکومت: (سیاسیات) ملا شاہی: نظریہ پرستوں کی مجلس انتظامیہ۔

Pedantry : (n) [Fr. 'pedanterie.'] (۱)مدعی فضیلت کی خصوصیت: مدعی کمال کی صفت، علم کے بے موقع اظہار: ادعائے فضیلت: ادعائے علم: فضیلت مآبی: اظہار معلومات۔ (۲)کتاب پرستی: نظریہ پرستی۔ (۳) (جمع میں) ادعائے فضیلت کا حصہ۔ (۴)ظاہری صورت یا تفصیلات پر بے جا اصرار: قاعدے، نظریے یا مثال کی غلامانہ حمایت یا ان سے وابستگی۔

Pedarian : (a) [L. 'pedarius.'] (قدیم روما) معمولی درجے کے رومی مقنن سے متعلق۔

Pedarian : (n) معمولی درجے کا رومی مقنن۔

Pedate : (a) [L. 'pedatus.'] (۱) (تاریخ طبعی) پاؤں مانند : چڑیوں کے پنجے کی طرح شبیہ پا (نباتیات) پنجہ صورت (پتیاں)۔ (۲) (حیوانیات) پاؤں والا: پادار: بشکل پنجہ۔ (۳) (تشریح) پنجہ مانند : مانند پا۔

Pedately : (adv.) مانند پا کے : پنجوں کی طرح سے۔

Pedati - : (Prefix) [Comb. form of L. 'pedalus.'] جزو ترکیبی بمعنی "پادار" "پنجہ دار" یا "شبہ پا" : صفت میں پتیوں سے متعلق۔

Pedatifid : (n) (نباتیات) پنجہ شگاف: پنجہ کے مانند شگاف۔

Pedatipartite : (a) پیندی تک تقریباً پنجوں کی طرح پھٹا ہوا۔

Pedatisect / Pedatisected : (a) پنجوں کی طرح کٹا ہوا۔

Peddle : (v) [Prob. var. of Piddle.] (۱)پھیری کرنا: پھیری بھرنا: پھیری پھرکر سودا بیچنا۔ (۲) (مجازاً) تھوڑی تھوڑی مقدار میں بیچنا: خردہ فروشی کرنا: پھیری کا پیشہ اختیار کرنا: ادھر ادھر پھرکر بیچنا: (استعارتاً) جزواً جزواً (خیالات، مصائب وغیرہ): بیان کرنا : (افواہ وغیرہ) پھیلانا: شرح و بسط سے بیان کرنا۔ (۳)ادنیٰ کاموں میں مصروف ہونا: بے کار باتوں میں وقت کھونا: ضائع کرنا: فضول حرکتیں کرنا: بر کا م کو تھوڑا تھوڑا کرکے چھوڑ دینا: کسی کام کی تکمیل نہ کرنا۔ (۴) ادنیٰ باتوں میں وقت ضائع کرنا۔ (۵)گھوم گھوم کراپنا درد و غم خاص لوگوں سے بیان کرنا۔

Peddling : (v) پھیری کا پیشہ: پھیری کرکے بیچنا نیز چھوٹی موٹی چیزوں کی تجارت کرنا۔

Peddling : (a) (۱) پھیری کرنے والا: چھوٹی موٹی چیزیں بیچنے والا۔ (۲) (شخص) اپنے کو ادنیٰ باتوں میں مصروف رکھنے والا: ناچیز: نامشخص۔ (۳) (چیز) معمولی، سبک: ذلیل: قابل نفرت : ادنیٰ : حقیر۔

Peddlingly : (adv.) ادنیٰ طور پر : معمولی اندازے : حقارت کے ساتھ: تحقیرآمیز طور پر پھیری کرنے والے کی طرح سے۔

Pede-window : (n) (کلیسا) صلیب کے نیچے رکھی ہوئی کھڑکی: صلیب کے نیچے (رکھا ہوا) پنجرہ۔

Pederast : (n) بچہ باز: لواط گر: (مابعد النفسیات) لوطی: بچہ باز :

اغلام باز.

Pederasty : (n) اغلام : لواطت ؛ بچہ بازی ۔

Pedes : (n) (حیوانیات) چھپے پاؤں ۔

Pedesis : (n) [Gr. 'pedesis.'] (طبیعیات) براؤنی حرکت ۔

Pedesis : (n) [It. 'piedestallo.'] (۱)ستون کی کرسی؛ پایہ ستون؛ مستطیل مینار کی بنیاد ؛ مجسمہ کی بنیاد؛ پایہ مجسمہ؛ مجسمے یا مورت کی کرسی؛ پاسنگ؛ نیز لکھنے کی میز (جس کی دراز اور پاؤں کے درمیان گھٹنوں کے لئے جگہ ہوتی ہے) کے دونوں سہارے یا پشتے؛ آرام میز (Knee-hole table) کا خانہ دار پایہ۔ (۲) بنیاد؛ اساس؛ بنیان؛ پایہ؛ تکیہ گاہ؛ سہارا؛ پشت پناہ؛ پشتہ ۔ (۳)گھومنے والی الماری (جس پر پیشاب کا برتن رکھا جاتا ہے) ۔ (۵) (تعمیرات) پایہ ستون؛ بنیاد ۔ (۶)مختلف مشینوں کے پشتے یا پائے یا صناعی کے نمونے ۔

Pedestal : (v) (۱)کرسی یا پائے کے سہارے قائم کرنا؛ کرسی پر رکھنا یا کھڑا کرنا ۔ (۲)ستون یا سہارے سے درست کرنا؛ پایہ دار بنانا؛ بلند کرنا۔

Pedestal -coil / -coiler : (n) اسٹیم پائپ کی عمودی کنڈلی جو آلہ حرارت کے طورپر استعمال ہوتی ہے ۔

Pedestal- cover : (n) مشین کے سہارے کا خول ۔

Pedestalled / -aled : (a) پایہ ستون والا؛ پایہ دار ۔

Pedestrial : (a) [L. 'pedester.'] پائی: پاؤں سے متعلق؛ پیدل چلنے والا ؛ پیادہ رو یا روندہ ۔

Pedestrially : (adv.) پیادہ پائی کے طورپر ۔

Pedestrian : (a) [L. 'pedester, -tr-'] (۱)پیادہ؛ پیدل کا؛ پاؤں کا؛ پیادہ پا؛ پیادہ روی سے متعلق؛ ٹہلنے کا؛ پیدل چلنے کا۔ (۲) (مجسمہ) پاؤں پر کھڑا ہوا ۔ (۳)شعریت سے خالی؛ غیرشاعرانہ؛ نثری؛ بے لطف؛ بے کیف؛ غیردلچسپ ۔

Pedestrian : (n) (۱)پیادہ رو؛ پیادہ پا مسافر، عابر؛ ٹہلنے والا ۔ (۲)پیدل چلنے میں مقابلہ کرنے والا؛ (پیدل) چلنے کا مشتاق ۔

Pedestrianism : (n) (۱) پیادہ روی (مشق) ؛ پیدل چلنے کی مشاقی؛ پیادہ روی ؛ راہ نورد ی ؛ راہ پیمائی ۔(۲)غیر شعریت؛ نثریت ؛ بے لطفی؛ بے کیفی۔

Pedestrianize : (v) (پیدل) چلنے میں مقابلہ کرنا؛ پیادہ روی کرنا؛ پیدل چلنا؛ ٹہلنا ۔

Pedetic : (a) [Gr. 'pedetikos.'] براؤنی حرکت کا یا اس سے متعلق ۔

Pedi - : جزو ترکیبی بمعنی "پاؤں" ۔

Pediad : (a) [Gr. 'Pedias'.] بلوری کا یا اس سے متعلق؛ پیڈیا سے متعلق ۔

Pediatric /Paediatric (a) بچوں‌کی بیماری اور اس کے علاج سے متعلق ۔

Pediatrics / Paediatrics /Pediatry : (n) (طب) طب اطفال ۔

Pedicel : (n) [mod. L. 'pedicellus.'] (۱)(نباتیات) غضنک؛ ڈنڈی؛ ڈنٹھل جیسی ساخت؛ جانوروں کے جسم میں غضنہ نما جوڑ۔ (۲) نیز توصیفی معنوں میں ۔

Pedicellar : (a) غضنک مانند؛ ڈنٹھل کی صفت کا ۔

Pedicellaria : (n) [mod. L, f. 'pedicellus.'] (حیوانیات) زنبورہ۔

Pedicellate : (a) [.mod. L 'pedicellus.'] (نباتیات، حیوانیات) غضنک دار؛ ڈنڈی دار؛ ڈنٹھل دار؛ ساق عضو دار؛ساق دار ۔

Pedicellated : (a) دیکھو Pedicellate

Pedicellation : (n) غضنک داری؛ ڈنڈی داری؛ غضنک دار ہونے کی حالت ؛ ڈنٹھل دار ہونے کی حالت ۔

Pedicelled / -eled : (a) ڈنٹھل دار؛ ڈنڈی دار؛ساق دار؛ غضنک دار ۔

Pedicle : (n) [L. 'pediculus.'] (۱) (نباتیات) غضنک ؛ چھوٹی ڈنٹھل ؛ پھل ڈنڈی؛ ساقۂ گل؛ ڈنٹھل جیسی ساخت؛ پتیوں کی ڈنٹھل؛ شاخ گل ۔ (۲) (حیوانیات) ساقچہ؛ ساق؛ جانوروں کے جسم میں غضنہ نما جوڑ ؛ ساق عضو ۔

Pedicled : (a) غضنک دار؛ ڈنٹھل والا ؛ ساقہ دار ۔

Pedicular /Pediculous : (a) [L. 'pedicularis,'] جوئیں بھرا؛ جس میں جوئیں ہوں؛ جوں کا یا اس سے متعلق؛(حیوانیات) قملی ۔

Pedicular disease : (n) (طب) تقمل؛ جوئیں پڑنا ۔

Pediculate : (a) [L. 'pediculus.'] ڈنٹھل دار؛ ساقچہ دار؛ غضنک دار ؛ ڈنڈی دار (مرضیات) بڑھا ہوا ؛ بڑھی ہوئی بیماری ۔

Pediculate : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Pediculated : (a) دیکھو Pediculate

Pediculation (n) [L. 'pediculate.'] (مرضیات) جوئیں پڑنا : جوں روگ۔

Pedicule : (n) دیکھو Pedicel

Pediculosis : (n) [L. 'pediculus.'] (مرضیات) تقمل، جوئیں پڑنا، جوں روگ۔

Pediculous : [L. 'pediculosus.'] جوؤں سے بھرا ہوا؛ نیز جوں کا یا اس سے متعلق، جوں صفت؛ جوں مانند۔

Pediculus : (n) (حیوانیات) جنس جوں؛ (حیوانیات) جوں؛ قملہ (جنگلات) قملی (نباتیات) پھل ڈنڈی۔

Pediculus capitis : (n) قملۃ الراس؛ سر کی جوں۔

Pediculus corporis : (n) (حیوانیات) قملۃ الجسم؛ بدن کی جوں۔

Pedicure : (n) [Fr. 'pedicure.'] (۱) علاج پا؛ معالجۂ امراض پا۔ (۲) (طب) طبیب پا؛ ہاتھ پاؤں اور ناخن وغیرہ کا علاج (عمل جراحی سے)۔ (۳) پاؤں کا ہر عمل جراحی کے ذریعہ علاج خصوصاً گھٹاکے نکالنے یا اچھا کرنے میں۔

Pedicure : (v) پاؤں کا علاج کرنا؛ عمل جراحی کے ذریعہ پاؤں کا علاج کرنا؛ گھٹا نکال کر پاؤں کا علاج کرنا؛ ہاتھ پاؤں اور ناخن وغیرہ کا علاج کرنا۔

Pedicurism : (n) فن علاج پا؛ پاؤں کے علاج کا فن ؛ پاؤں اور ناخن وغیرہ کے علاج کا فن یا علم۔

Pedicurist : (n) ماہر علاج پا؛ پاؤں کے علاج کا ماہر؛ ہاتھ پاؤں اور ناخن وغیرہ کے علاج کا ماہر؛ ہاتھوں، پیروں، ناخنوں اور گھٹنوں وغیرہ کا علاج کرنے والا۔

Pediferous : (n) (حیوانیات) پادار۔

Pediform : (a) پاؤں کی شکل کا خصوصاً کیڑوں کے عضو کی متعلق؛ پائی۔

Pedigerous : (a) پاؤں رکھنے والا؛ پادار؛ پاؤں والا۔

Pedigree : (n) [late ME.] (۱) شجرہ نسب ؛ نسب نامہ۔ (۲) نسل؛ خاندان؛ سلسلہ نسب؛ گھرانا؛ حسب نسب؛ پشت؛ پیڑھی؛ نسب۔ (۳) جانوروں کی نسل؛ اچھی نسل کا جانور؛ جانی بوجھی نسل کا جانور۔ (۵) قدیم نسل؛ قدیم نسب؛ اصل؛ ظہور؛ وردد۔ (۶) تسلسل ؛ تواتر ؛ آدمیوں کا سلسلہ ؛ سلسلہ نسب کا۔ (۷) توصیفی معنوں میں ؛ مستند سلسلہ نسب۔

Pedigree : (a) اچھی نسل کا ؛ جانی بوجھی نسل کا (جانور)۔

Pedigree : (v) سلسلۂ نسب متعین کرنا؛ نسل بڑھانا۔

Pedigree catlle : (n) اچھی نسل کا جانور؛ جانی بوجھی نسل کا جانور۔

Pedigree keeper : (n) (سیاسیات) نساب؛ نسب نویس۔

Pedigree lable : (n) شجرۂ نسب۔

Pedigreed : (n) عالی نسب؛ عالی خاندان (جانور) ؛ جانی بوجھی نسل (کا جانور)؛ مستند سلسلہ نسب کا۔

Pediluvial : (a) پاؤں دھونے کے جشن سے متعلق (مذہبی فعل کے طور پر)۔

Pediluvial : (n) پاؤں دھونے کا جشن۔

Pediluvium : (n) [med. or mod. L. , f. pes, ped - + luvium.] (طب) حمام پا ؛ پاؤں کا دھونا۔

Pedimane : (n) [Fr 'pedimane .'] (حیوانیا) ہاتھ کے مانند پاؤں والا جانور ؛ چوپایہ۔

Pedimanous : (a) (حیوانیات) ہاتھ کے مانند پاؤں والا؛ مذغاسکر کے بندر کی قسم کا ایک دودھ پلانے والا شب رو جانور اوراپوسم (ایک قسم کا تھیلی دار دودھ پلانے والا جانور) کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔

Pediment : (n) [Earlier 'pedament.'] (۱) عمارت کے روکا کا مثلث حصہ (جو یونانی طرز تعمیر کی یادگار ہے ، رومی طرز اور نشاۃ ثانیہ کی طرز میں بھی پایا جاتا ہے)؛ (تعمیرات) سنتوری؛ سہ گوشہ؛ آرائش سنتوری۔ (۲) پایہ؛ تکیہ گاہ؛ اساس؛ بنیاد؛ فرش؛ کھڑنجا۔

Pedimental : (a) (۱) عمارت کے روکار کے مثلث حصے کا ؛ اس کی شکل کا یا جس سے یہ بنے سہ گوشہ دار؛ سنتوری مانند۔ (۲) پایۂ ستون کا یا اس سے متعلق؛ کھرنجے کا۔

Pedimented : (a) مثلث حصے دار ؛ سنتوری نما؛ سہ گوشے کا۔

Pedion : (n) [Gr. 'pedion.'] بلوری شکل کی ایک صورت؛ ایک وجہی بلور۔

Pedipalp / Pedipalpus : (n) [mod. L. 'Pedipalpi.'] (۱) (حیوانیات)

سوطئ عقرب؛ کژ دم شلاقی۔ (۲) پا محسہ؛ عنکبوت کی قسم کے بچھو کی ایک جنس۔

Pedipalpal /Pedipalpate : (a) سوطئ عقرب سے متعلق۔

Pedipalpous : (a) کژدم شلاقی کی جنس کا۔

Pedlar / Ped (d) ler : (n) [Origin unkn.] (۱)دست فروشی؛پھیری والا؛ بساطی؛ خردہ فروش؛ دورہ گرد، وہ شخص جو پھیری کرکے بیچتا ھے ؛ چھوٹی موٹی چیزیں فروخت کرنے والا؛ نیز مجازاً۔ (۲)پھیری کرنے والا یا وہ شخص جو معمولی طورپر یا نااہل کی طرح یا غیر موثر طریقے سے کام کرتا ھے۔ (۳)توصیفی معنوں میں۔ (۴) (استعارتاً) ایک سے دوسرے کو پہنچانے والا (جیسے خبر)؛ خبرباز؛ شہر خبریا۔

Pedlar of gossip : (n) شہر خبریا؛ خبرباز۔

Pedlar's French : (n) پودوں کی بولی؛ آوارہ گردو کی بولی؛ ناقابل فہم زبان؛ غلط سلط بولی بے قاعدہ یا خلاف قاعدہ گفتگو۔

Pedlary : (n) (۱)دورہ گردی؛ دست فروشی؛ پھیری والا کام کرنا ؛ پھیری کا کام؛ مجازاً۔ (۲)پھیری والوں کا برتن ؛ پھیری کا سامان۔ (۳) ٹیم نام ؛ محض نمائشی؛ ساز و سامان ؛ نکمی چیز؛ فضول چیز؛ ردی چیز؛ ملبہ ؛کوڑا کرکٹ ؛ کاٹھ کباڑ۔

Pedlary : (a) پھیری والے کا ؛ دست فروشی کا؛ (مجازاً) خردہ فروشی کا؛ نکمی؛ مہمل؛ لچر؛ لغو۔

Pedo - : دیکھو Paedo

Pedocal : (n) (ارضیات) بنجر زمینی مٹی۔

Pedodontia : (n) [L.] بچوں کی دندان سازی؛ بچوں کے دانت کی بیماری کی ایک شاخ۔

Pedodontics : (n) دیکھو Pedodontia

Pedodontist : (n) ماہر دندان سازئ اطفال؛ بچوں کے دانت کی بیماری کا ماہر۔

Pedogenesis : (n) (حیوانیات) پا زائی۔

Pedograph : (n) (سروے) قدم نگار۔

Pedology : (n) [Russ. 'pedologiya.'] (زراعت) طبیعیات؛ اراضیات؛ مٹیوں کا علم۔

Pedology : (n) [paed + logy .] (طب) طفلیات؛ بچوں کی نشو و نما کا علم۔

Pedometer : (n) [Fr. 'pedometre.'] (۱) چلنے میں قدم کی تعداد کے اندراج کا ایک آلہ؛ (سروے) قدم شمار؛ قدم پیما۔ (۲)(سروے) مسافت پیما؛ سیر پیما (ایک آلہ جس سے چلنے والے کے قدموں کی تعداد معلوم ہوتی ھے اور اس طرح فاصلے کا اندازہ کیا جاتا ھے)۔

Pedometric / -al : (a) قدم پیما کا یا اس سے متعلق؛ مسافت پیما کی قسم کا۔

Pedometrically : (adv.) قدم پیما کے طورپر؛ مسافت پیمائی کے طور پر۔

Pedomotive : (n) پاؤں سے چلائی ہوئی (گاڑی)؛ پاؤں سے چلائی جانے والی (گاڑی)۔

Pedomotor : (n) (میکانیات) پیڈو موٹر۔

Pedotrophy : (n) (طب) پرورش اطفال؛ طفل پروری۔

Pedrail : (n) ناہموار زمین پر بھاری سواریوں کی رفتار کو آسان کرنے کے لئے پہیوں میں چوڑے پا نما سہارے۔

Pedregal / Pedra- : (n) [Sp . ' pedregal . '] (میکسسیکو، جنوب و مغربی امریکا میں) ناہموار اور حیاتی علاقہ؛ قدیم لاوا میدان؛ نیز برفیلا میدان؛ برفانی علاقہ۔

Pedrero : (n) [Sp. 'pedrero.'] (توپ خانے کا علاقہ)پتھر پھینکنے کا مقام؛ سلامی داغنا۔

Peduncle : (n) [mod. L.'pedunculus.'] (۱) (نباتیات) شاخ ازہار؛ غصنہ؛ ٹہنی ؛ ڈنڈی؛ ساقہ پھول یا پھل کی ڈنٹھل؛ ابتدائی ڈنٹھل؛ کونپل ؛ شاخ گل؛ پھول دار پودوں کا تنا؛ وہ ڈال جس میں پھولوں یا پھلوں کے گچھے ہوں۔ (۲)ساق؛ (حیوانیات) جانوروں کے جسم میں غصنہ نما جوڑ؛ (تشریح) ساق دماغ۔

Peduncled : (a) (طبیعیات) شاخ ازہار کا یا اس سے متعلق؛ غصنہ نما؛ غصنہ دار؛ غصنے کا؛ شاخ دار؛ ساق دار۔

Peduncular : (a) دیکھو Peduncled

Pedunculate : (a) [mod. L. 'pedunculatus.'] دیکھو Peduncled

Pedunculated : (a) دیکھو Peduncled

Pedunculus : (n) دیکھو Peduncle

Pee : (n) [Origin unkn.] (کان کنی) طبقۂ ارض کے دو شگافوں میں کا حصہ (جس میں معدنی شے ہوتی ہے) جو شگافوں کو ایک دوسرے سے منقطع کرتا ہے۔

Pee : (n) (کان کنی) خام دھات یا فلز کا چھوٹا حصہ۔

Pee : (v) [Fr. 'fairepipi.'] پیشاب کرنا؛ پیشاب میں تر کرنا۔

Pee : (n) پیشاب : بول۔

Peek : (v) [ME. 'pike.'] جھانکنا: درز یا شگاف سے دیکھنا؛ روزن سے دیکھنا؛ جھانک کر دیکھنا؛ غور سے دیکھنا؛ دز دیدہ نگاہ کرنا؛ دز دیدہ نظر سے دیکھنا؛ جھلک دکھائی دینا؛ نظر آنا؛ نمودار ہونا۔

Peek : (n) دز دیدہ نظر؛ ظہور؛ طلوع (صبح کا) : نگاہ زیر؛ چمک : جھلک؛ سرسری نظر؛ اچٹتی نظر۔

Peek-bo / Peek -a-boo : (n) دیکھو Bo-peep

Peel : (n) [ME. pel , pele.'] (۱) (تاریخ) سرحدی منار (چھوٹے چھوٹے مربع منار جو سولہویں صدی عیسوی میں انگلستان اور اسکاچستان کے سرحدی علاقوں میں بنائے گئے تھے)۔ (۲) Isle of man کے ایک خاص نام (فوج) برج۔

Peel : (n) [L 'pala.'] (۱) بیلچہ : کر چھا : کرچھے کی شکل کا کوئی اوزار : خاک انداز : کفچہ۔ (۲) (خصوصاً) نان بائی کا کفچہ : (جس سے روٹی تنور میں سینکی جاتی ہے)۔ (۳) (طباعت) T کی شکل کا ایک اوزار جس پر مرطوب تازہ طبع کیا ہوا شیٹ سکھانے کے لئے لٹکایا جاتا ہے۔

Peel : (n) [repl . earlier Pill.] چھلکا : قشر : پوست : خصوصاً نارنگی ، لیمو وغیرہ کا چھلکا۔

Candied peel : (عموماً ترنج کے لئے) چھلکے کا مربہ۔

Peel : (v) [Varies with Pill(v)] (۱) چھیلنا : چھلکا اتارنا : منتشر کرنا : آلو ، نارنگی وغیرہ کا چھلکا اتارنا۔ (۲) (جانور درخت وغیرہ کا) اتارنا : کھینچنا (کھال ، چھلکا وغیرہ)؛ چمڑا اتارنا : اُدھیڑنا : بخار کے بعد جلد کے بالائی حصے کا اترنا : پپڑی اترنا۔ (۳) (کھال یا چمڑا) علاحدہ ہو جانا : الگ ہو جانا : پرت پرت اترنا یا اتارنا : ورق اترنا۔ (۴) چھلنا : چھلکا اترنا : اُدھڑنا : مقشر ہونا : کھال اترنا۔ (۵) کپڑے اتارنا : ننگا ہونا (ورزش وغیرہ کے لئے)۔ (۶) (قدیم بائبل غالباً غلط ترجمہ ہے) لوٹنا : قتل و غارت کرنا۔

Peel-house /-tower : (n) سرحدی منار۔

Peeled :(a) (۱) لوٹا ہوا : تخت و تاراج کیا ہوا : بے قبضہ کیا ہوا (جائداد سے)۔ (۲) دیکھو Pilled (a)۔ (۳) ننگا کیا ہوا : برہنہ : تارتار : پھٹا (کپڑا)؛ گھاس یا نباتات سے خالی جیسے زمین۔ (۴) کنگال کمینہ : گھٹا : حقیر : رذیل : خسیس۔ (۵) چمڑا اتارا ہوا : چھلکا اتارا ہوا : چھال اتارا ہوا : پوست کشیدہ : مقشر۔

Scattered and peeled : (قدیم) بائبل غالباً غلط ترجمہ ہے) لوٹا ہوا : غارت کیا ہوا۔

To keep (one's) eyes peeled : کھلا ہونا : آنکھ کھلی رکھنا؛ ہوشیار رکھنا : ہوشیار رہنا : (امریکا ، بول چال)۔

Peeler : (n) [ME.] (۱) ایک پودا جو مٹی کو کمزور کر دیتا ہے۔ (۲) چھیلنے والا : وہ جو چھیلتا ہے (شخص) : کوئی چیز جس سے چھیلا جاتا ہے : پوست کنندہ : چھیلنے کا اوزار۔

Peeler : (n) آئرستان کے پولس دستے کے اراکین کا عرف نام جو (دستہ) Sir Robert peel کی وزارت میں قائم ہوا تھا ۱۸۱۲-۱۸ ، اس سے انگلستان میں پولس کے سپاہی کے لئے بولا جاتا ہے۔

Peeling : (n) اترا ہوا : چھلا ہوا چھلکا : چھیلن : پوست : خلال۔

Peelism : (n) رابرٹ پیل کی پیروی۔

Peelite : (n) رابرٹ پیل کا پیرو (قدامت پسند پارٹی کا وہ رکن جو اس وقت رابرٹ پیل کا طرفدار تھا اس نے ۱۸۴۶ ، میں قانون صلہ کی تنسیخ کا مسودہ پیش کیا تھا۔

Peen : دیکھو Pane (n)

Peenge / Pinge : (n) [after whinge .] (۱) (اسکاتستان اور اب بول چال) کتے کا رونا : کتے کی طرح رونا۔ (۲) شکایت کرنا : رورو کر کہنا۔

Peep : (n) [late ME.] (۱) چیں چیں : چوں چوں : چڑے کی آواز : زق زق : جیک جیک : بہت ہلکی تیز آواز۔ (۲) کچھ چڑیوں کے نام مثلاً Meadow-pipit , Sandpiper وغیرہ کی قسمیں۔

Peep : (n) [f. Peep (v)] (۱) جھانکنے کا عمل : دزدیدہ نگاہ : دزدیدہ نظر : چشم نیم باز : ایک بار جھانکنا۔ (۲) (مجازاً) ظہور : طلوع : (صبح وغیرہ کا) جلوہ : نمائش۔

Peep : (v) [Imit.] (۱) چیں پیں کرنا؛ چوں چوں کرنا (چوہے ،

چڑیا وغیرہ کا) : ٹرٹر کرنا (مینڈک وغیرہ کا) : پرند کا باریک آواز نکالنا : چہچہانا : دھیمی آواز سے بولنا : چیخ کر بولنا: (پرند کا) ہلکی آوازمیں گانا۔ (۲) چوں چوں کرنا۔

Peep : (v) (۱) جھانکنا : روزن سے دیکھنا : جھانک کر دیکھنا : سوراخ سے دیکھنا : خفیہ طریقے سے دیکھنا : چوری سے دیکھنا : دزدیدہ نظر سے دیکھنا : نیم بازآنکھوں سے دیکھنا : عیاری سے دیکھنا : راز جویانہ طور پر دیکھنا یا جھانکنا ۔ (۲) (مجازاً) مشاہدہ میں آجانا : اپنی جھلک دکھانا : رنگ جھلکنا : برتر نظر آنا : پودے نکل پڑنا : ظہور میں آنا : بر آمد ہونا : طلوع ہونا (صبح کا) ۔(۳) اگنا : پھوٹنا : کلیانا : تھوڑا کھلنا(پھول کا) ۔ (۴) تھوڑا تھوڑا نظر آنا یا نکلنا (روشنی کا) دور سے جھلکنا۔ (۵) (اکثر Out کے ساتھ) ہلکے سے ظاہر ہونا لاشعوری طور پر : خوابی نخوابی نمودار ہونا : کم نمودار ہونا ۔

Peep-bo : (n) دیکھو Bo -peep

Peep hawk : (n) ایک چھوٹی قسم کا باز ۔

Peep-hole : (n) جھروکہ : جھانک کر دیکھنے کا سوراخ : ایک چھوٹا سوراخ جس سے دیکھا جائے : (جھانکنے کا) روزن : روزنہ : جھانکی ۔

Peep of dawn : (n) (علم النجوم) طلوع فجر ۔

Peep of day : (n) دن کی روشنی کا ظاہر ہونا : دن کا نمودار ہونا : طلوع فجر ۔

Peep-of-day boys : (n) ارباب سحر : (یہ آئرستان کے پروٹسٹنٹ عیسائیوں کی ایک انجمن تھی جو ۱۷۸۳ء سے ۱۷۹۵ء تک قائم رہی ؛ اس کے اراکین اپنے مخالفین ، روسی کیتھولک کے گھروں میں طلوع فجر کے وقت ہتھیار کی تلاش میں جایا کرتے تھے ۔

Peep of the sun : (n) (علم النجوم) طلوع آفتاب ۔

Peep-show : (n) تصویروں کی چھوٹی نمائش : سیر بین وغیرہ کا تماشا : شہر فرنگ ۔

Peep-toe(d) : (a) (ایسا جوتا) جس میں پاؤں کی انگلیاں دکھائی دیں ۔

Peeper : (n) [f.Peep(v)' + er.] (۱) چیں چیں کرنے والا۔ (۲) خاص طور پر کم عمر چوزہ (مرغی کا بچہ) یا کبوتر : (عامیانہ) آنکھ : دیدہ: (جمع میں)عینک :ایک جوڑا چشمہ ۔(۲)(امریکا) ایک قسم کا جل بھومیا (پانی اور خشکی میں رہنے والے) جانور کی مختلف قسمیں خصوصاً Hyhold وغیرہ ۔

Peeper : (n) [f. peep.(v) .] (۱) جھانکنے والا : دزدیدہ نظر : چھپ کر دیکھنے والا : نگاہ کنندہ غماز چشم : نیچی نظر سے دیکھنے والا.(۲) روشنی :آئینہ : غماز .(۳) جاسوس : ٹوہ لگانے والا ۔

Peeping : (a) وہ جو جھانکتا ہے : وہ جو آگے کی طرف دیکھتا ۔

Peeping Tom : (n) Godiva کے قصے میں ایک کیریکٹر یا کردار جس میں شہوت پرستانہ تجسس کا مادہ بہت ہے : شہوت پرست راز جو ۔

Peepsight : (n) بندوق کی مکھی ۔

Peepul/ Pipal : (n) [Hindi 'pipal.'] پیپل ۔

Peepul tree : (n) دیکھو Bo-Tree

Peer : (n) [L. 'ar, par-.'] (۱) ہم رتبہ : ہم مرتبہ : ہم عہدہ : ہمسر : ہم چشم : قانون کی نگاہ میں برابر : مساوات ۔ (۲) ہمتا : مانند : جفت : نظیر: مثل : مقابل : ثانی ۔ (۳) دوست : ساتھی : ہم شریک : رفیق : ہمدم : یار ۔ (۴) انگلستان کے طبقۂ امرا کا رکن : امیر : نواب : ڈیوک مارکوئیس : وائی کاؤنٹ : بیرن یا لارڈ) ۔ (۵) (کسی اور ملک کا) امیر : نواب : رئیس : نجیب زادہ : شریف : بزرگ : پیر ۔

Peer : (v) [late L. 'pariare.'] (۱) ہم رتبہ ہونا : ہم مرتبہ ہونا : ہمسر ہونا : ہم چشم ہونا : رتبے میں برابر ہونا : عہدے میں برابر ہونا : برابر کرنا : ہم شان ہونا۔ (۲) کسی کو طبقۂ امرا میں داخل کرنا : نواب بنانا : امیر بنانا : رئیس بنانا (بول چال) ۔

Peer : (v) [Var. of pire.] (۱) جھانکنا :غور سے دیکھنا : نزدیک سے دیکھنا : دقیق نگاہ سے دیکھنا ۔ (۲)(مجازاً) جھلک دکھائی دینا : نظر آنا : نمودار ہونا : ہلکا دکھائی دینا ۔ (۳) اپنے آپ کو ظاہر کرنا : منظر عام پر ہونا : ظاہر ہونا : نمایاں ہونا ۔

Peerage : (n) [Feer (n) + age .] (۱) ہمسروں کی جماعت : ہم رتبوں کی جماعت : طبقۂ امراء : نوا بین .(۲)طبقۂ نجبار : اعلیٰ ترین افراد : طبقۂ امراء جس سے حکومت کا تعلق ہو ۔ (۳) شرافت : نجابت : امارت ۔ (۴) بزرگی کا عہدہ : امیر، نواب ، ڈیوک وغیرہ کا عہدہ : مقام اشرافی ۔ (۵) کتاب الامراء (جس میں برطانیہ اور آئرستان کے امیروں کی فہرست اور حسب نسب درج ہوتا ہے) ۔

Peerdom : (n) (۱) دیکھو Peerage ۔ (۲) مساوات : برابری :

ہم طرفداری : مقام اشرافیت ۔

Peeress : (n) شریف کی بیوی : زوجۂ نواب : بیگم : نواب بیگم ۔

Peering : (a) جو جھانکتا ہے : جھانکنے والا ۔

Peerless : (n) بے نظیر : بے مثال : بے بدل : لاثانی : بے رقیب : عالی : ممتاز : بے ہمتا : عدیم النظیر : عدیم المثال ۔

Peerlessly : (adv.) بے ہمتائی کی شان سے : بے نظیر یا بے مثال طور پر ۔

Peerlessness : (n) بے ہمتائی : عدیم المثالی : بے مثال : لاثانیت ۔

Peers of France : (n) (۱) دیکھو Douzepers ۔ (۲) علاقے کا مالک جسے فرانس کی پارلیمنٹ میں بیٹھنے کا اختیار حاصل ہو ۔ (۳) ۱۹۱۴-۴۸ء میں اپرلیجسلیٹو چیمبر کے ارکان ۔

Peers of Ireland : (n) وہ اٹھائیس امرائے آئرستان جو تاحیات دیوان خاص (ہاؤس آف لارڈس) کے رکن منتخب ہوتے ہیں ۔

Peers of Scotland : (n) وہ سولہ امرائے اسکاتستان جو پارلیمنٹ میں دیوان خاص کے رکن منتخب ہوتے تھے ۔

Peers of the realm : (n) امرائے سلطنت : امرائے ممالک متحدہ (برطانیہ و آئرستان) (یہ سب کے سب دیوان خاص یا دار الامراء کے ارکان ہوتے ہیں) ۱۷۰۷ تک Peers of England کہے جاتے تھے اور ۱۷۰۷ سے ۱۸۰۱ء تک Peers of Great Britain کہے جانے لگے ۔

Peership : (n) دیکھو Peerdom

Peery : (a) بڑے بننے کا رجحان : نام و نمود کی طرف رغبت : متجسس : تحقیق پسند : شوق جستجو رکھنے والا : راز جو : تفتیش کرنے والا ۔

Peersweep : (n) (اسکاتستانی اور بول چال) انگلستان کا ایک قسم کا سبزی مائل کبوتر کے قد کا پرندہ : مرغ زیبا : سبز قبا : شانہ بسر ۔

Peetweet : (n) (حیوانیات) (امریکا) چتلا یلوہ : یلوۂ خالدار : شمالی امریکا کا ایک قسم کا جانور ۔

Peeved : (a) [Origin U.S.] (عامیانہ) بھنایا ہوا : جھلایا ہوا : برہم : بر افروختہ : خفا : ناراض : آزردہ : بر انگیختہ : رنجیدہ : عصبانی ۔

Peevish : (a) [Origin unkn.] (۱) نازک مزاج : زود رنج : تند مزاج : چڑ چڑا ۔ (۲) برہم : جھلایا ہوا : برافروختہ

آزردہ : عصابی : کج خلق ۔

Peevishly : (adv.) تنک مزاجی سے : چڑ چڑے پن سے : تند مزاجی سے : برآفروختگی سے : بر ہم ہو کر ۔

Peevishness : (n) (۱) زود رنجی : نازک مزاجی : تنک مزاجی : چڑچڑاپن ۔ (۲) کج خلقی : برافروختگی : خفگی : ناراض : آزردگی : برہمی : جھلاہٹ ۔

Peewit : (n) (۱) انگلستان کا کبوتر نما سبزی مائل پرندہ ۔ (۲) سیاہ مرغابی ۔

Peg : (n) [LG. 'pigge.'] (۱) کھونٹی : میخ : کھونٹا : کیل : چوب (خیمے کی) : گل میخ : نیز Clothes peg کا مخفف ۔ (۲) کرکٹ کے وکٹ کے اوپر رکھنے والی کیل (بول چال) ۔ (۳) موسیقی میں سُر ملانے کے لئے لکڑی یا دھات کی ایک کیل : سارنگی وغیرہ کی کھونٹی ۔ (۴) پیگ : شراب وغیرہ کا جام (خصوصاً برانڈی اور سوڈے کا جام) : جُرعہ ۔ (۵) (جوتا سازی) لکڑی کی کیل جو جوتے یا بوٹ کے بالا حصے (چمڑے کو) تلے سے جکڑنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے ۔ (۶) لوہے کی کیل جو لٹو نچانے کے لئے جڑی جاتی ہے ۔ (۷) دو پگ کا درمیانی وقفہ : قدم : ڈگ : درجہ ۔ (۸) مشروب خاص کر برانڈی اور سوڈا واٹر کا ۔ (۹) مشروب کے برتنوں میں کیلوں کا جوڑ تاکہ پینے والوں کو مقدار کا اندازہ ہو سکے : ایک قسم کا پیمانہ مشروب ۔ (۱۰) ایک قسم کا کیل دار آلہ یا اوزار جو ماہی گیری میں استعمال ہوتا ہے ۔

A peg to hang on : (بحث یا تقریر کی) تقریب : بہانہ : موضوع ۔

A round peg in a square hole (or viceversa) : اپنی جگہ یا عہدے کے لئے ناموزوں ۔

Clothes peg : لکڑی کا کلپ جو اگنی میں لگایا جاتا ہے تاکہ کپڑے اڑنے سے محفوظ رہیں ۔

Off the peg : بنے بنائے کپڑوں کے متعلق استعمال ہوتا ہے ۔

To move, start, stir a peg : ہاتھ پاؤ ہلانا : حرکت کرنا ۔

To take ,bring ,let (a person) down a peg (or two)/ To peg lower / To come down a peg : (مغرور شخص کو) ذلیل کرنا : بل نکالنا : دماغ درست کرنا : دماغ درست ہونا ۔

Peg : (n) [Altered from Meg = Margaret.] (۱) سیب کی ایک خوبصورت شکل ۔ (۲) ملائی نکالے ہوئے دودھ کا پنیر ۔

Peg : (v) [fr. Peg . (n)] (۱) میخ یا کیل سے جڑنا ؛ کیل لگانا ؛ کیل ٹھونکنا؛ نیز Down , in , out ,up کے ساتھ .(۲)(مجازاً) روکنا یا روک رکھنا ؛ حد سے باہر نہ ہونے دینا ؛ تجاوز نہ کرنے دینا ؛ حدود میں رکھنا ؛ قید کرنا ؛ مقید کرنا ؛ جکڑ دینا؛پابند کردینا ؛ باندھ دینا ۔(۳)(مجازاً)(صرافہ) (تمسکات وغیرہ کی) قیمت کو باندھ دینا ؛ بازار بھاؤ کو متعین کر دینا ، (یعنی کثرت سے خرید کر قیمت گرنے نہ دینا یا کثرت سے بیچ کر قیمت چڑھنے نہ دینا) ۔(۴) کیل نصب کرنا ؛ کیل ٹھونسنا ؛ میخ داخل کرنا ۔(۵) میخ سے مارنا ؛ چھیدنا ؛ نشانہ لگانا ؛ ہارپون سے شکار کرنا (مچھلیوں کا) ۔(۶) (سوقیانہ) پتھر پھینکنا ؛ پتھر مارنا ؛ پھینکنا ۔ (۷) Crible age کے تختے پر کیل سے ہار جیت کے نشان لگانا ۔(۸) کیل سے نشان لگانا (خصوصاً سرحد کے نشان لگانا) معدنی اراضی وغیرہ کی حد بندی کرنا ۔ (۹) طاقت یا عجلت سے کوئی سبیل پیدا کرنا ؛ کوئی راستہ نکالنا (روزمرہ اور بول چال) ۔(۱۰) (Away کے ساتھ)کسی کام میں لگے رہنا ؛ پیہم کام کرنا؛ تار باندھ دینا ۔(۱۱) (کرکٹ) کرکٹ کے بلے میں کیل ٹھونکنا ۔

To peg down : پابند کرنا ؛ جکڑنا (ضوابط وغیرہ سے) ۔

To peg out : (۱) (Croquet کھیل میں) کھونٹی پر گیند سے آخری نشان لگانا ؛ کھیل ختم کرنا ۔ (۲) Cribbege کے تختے پر کیل سے نشان لگانا ؛ کھیل جیتنا ۔(۳) کسی کا خیمہ گاڑنا ۔(۴)(عامیانہ) مرنا ؛ تباہ ہو جانا ؛ برباد ہو جانا ۔

Peg : (v) (ادائیگی یا مزدوری) کو ایک خاص سطح پر مقرر کرنا ۔

Pegamoid : (n) ایک قسم کا نقلی چمڑا جو بگھی وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے ؛ پن روک کپڑے کا ایک ٹریڈ نام ۔

Peganum : (n) (نباتیات) جنس برقل ۔

Peganum harmoid : (n) (نباتیات) برقل ۔

Pegasean / -asian : (a) (۱) پیکاسس سے متعلق ؛ فرس اعظم کے مانند ۔ (۲) تیز ؛ تیز رو ؛عاجل ؛ بر جستہ ؛ تیز رفتار ۔(۳) شعری ؛ شاعرانہ ؛ شاعر کا ۔

Pegasus/ Pegase / Pegasee : (n) [Gr.'pegasos.'] (۱) (یونانی اساطیر)پیگاسس (ایک پردار گھوڑا جس نے کوہ Helicon پر اپنی ٹاپوں سے چشمہ جاری کر دیا تھا ، جہاں سے شاعروں اورادیبوں کو فیضان حاصل ہوتا ہے) ذوالجناح ؛ (فلک) فرس اول ؛ فرس اعظم ۔(۲) شاعری کا خداداد ملکہ؛ جو ہرسخنوری ؛ توسن فکر ؛ توسن طبع ۔(۳)(علم النجوم) ستاروں کا جھمکا ۔(۴) ایک قسم کی مچھلی ۔

Peg-board : (n) سوراخ یا کیل لگاھوا تـ ته یا بورڈ جو بعض کھیلوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

Peg ladder : (n) ایک قسم کی سیڑھی ۔

Peg leg : (n) لکڑی کا پاؤں ۔

Peg planting : (n) میخی تنصیب ۔

Peg tankard : (n) ہر شخص کو اپنے پینے کی مقدار بنانے کے لئے ایک پیمانہ ۔

Peg tooth : (n) کیل نما دانت ؛ کتے کے سامنے کے چار بڑے دانتوں میں سے ایک ؛ ناب ؛ کیچلی ؛ دندان ناب ؛نیش ۔

Peg-top / Pegtop : (n) (۱) کیل دار لٹو ۔ (۲) کیل دار لٹو کا ایک کھیل ۔(۳) (جمع میں) دیکھو Pegtop trousers ۔ (۴) (توصیفی معنوں میں) کیل دار لٹو مانند ۔

Peg-top trousers : (n) پتلوں کی ایک قسم(کمر کے پاس ڈھیلا اور ٹخنے کے پاس تنگ) ۔

Peg wood : (n) درخت دوک ؛ ایک قسم کی لکڑی ۔

Pegging : (n) (۱) میخ کوبی ؛ میخ زنی ؛ کیل سے نشانہ گزاری ؛ کیل لگانے کا عمل ۔(۲) کیل لگانے کا سامان ۔

Pegging-awl : (n) ستالی ٹوچن ؛ جوتے کی کیلوں کو لگانے کے لئے سوراخ کرنے کا ایک اوزار ۔

Pegging machine : (n) جوتوں میں کیلیں لگانے کے لئے سوراخ کرنے کی مشین ۔

Peggy : (n) (۱)مختلف زمزمہ پردازوں کے مقامی نام .(۲)دیکھو Dolly.

Peggy tub : (n) دیکھو Dolly

Peggy-with (her) lantern : دیکھو Jack-O-Lantern

Pegmattite : (n) [Gr. 'pegma-'] (کان کنی) کڑاسنگ خارا ۔

Pegmatitic /Pegmatoid : (a) کڑے سنگ خارے کا ۔

Pegomancy : (n) چشمی تفاءل ۔

Pehlevi/ Pehlvi : دیکھو Pahlavi

Peignoir : (n) [Fr. 'peigner.'] ڈھیلا ڈھالا لباس جو عورتیں غسل

کے بعد یا آرائش کرتے وقت پہنتی ہیں (غلط استعمال)
صبح کے وقت عورتو ں کے پہننے کا لبادہ ۔

Peine : (n) [Fr.] سزا ؛ عقوبت ؛ تنبیه ۔

Peine forte et dure : (Phr.) عقوبت شدید ؛ سخت سزا ؛ (سابقاً) گردن دبا کر جان سے مار ڈالنا (ایک قسم کی عدالتی سزا تھی جو سنگین جرائم کے ملزموں کو جواب دہی سے انکار کرنے پر دی جاتی تھی) نیز مجازاً ۔

Peirameter : (n) (طبیعیات) فرک پیما ۔

Peirastic / -al : (a) [Gk. 'peirastikos.'] تجربی ؛ آزمائشی ؛ مناسب امتحان ۔

Peirastically : (adv.) آزمائشی طور پر ؛ تجرباتی اندازمیں ۔

Pejorate : (v) [late L. 'pejorare. '] برا بنانا ؛ خراب بنانا؛ بدتر کرنا ؛ پست کرنا ؛ بگاڑنا یا بگڑنا ؛ ابتر یا خراب کرنا یا ہونا ؛ بدتر ہونا ؛ روبہ تنزل ہونا ؛ زوال پذیر ہونا ۔

Pejoration : (n) کم قدری ؛ بے قدری ؛ تحقیر ؛ سبکی ۔

Pejorative : (a) [Fr. 'pejoratif, -ive.'] تحقیر آمیز ؛ پست کنندہ ؛ استحقاق (جس سے لفظ کے معنی میں سبکی اور حقارت کا رنگ پیدا ہو) ۔

Pejorative : (n) کلمۂ تحقیر میز ؛ تحقیر آمیز لفظ ؛ کلمۂ مصغر مثلاً Poetaster شاعرك ۔

The pejorative suffix : لاحقه استخفافی مثلاً aster ۔

Pejoratively : (adv.) تحقیر آمیز طور پر ؛ استخفافی انداز میں ۔

Pekan : (n) [Fr. 'pekan .'] شمالی امریکا کا نیولے کی قسم کا گوشت خورجانور جو اپنی سمور کے لئے مشہور ہے (Mustelapennanti) (حیوانیات) امریکی نیولا ؛ سمور کناڈا ؛ پیکن ۔

Peke/ Pekie : (n) Pekin(g) ese (dog) کا مخفف ۔

Pekin/ -king : (n) [Fr. 'pekin.'] (۱) پیکن ؛ ایك قسم کا ریشمی کپڑا ۔
(۲) نیپولین اول کے ماتحت سپاہیوں کا دیا ہوا نام جو کسی شہری کو دیا جاتا تھا ؛ کبھی کبھی انگریزی میں بھی استعمال ہوتا ہے ۔

Pekin(g)ese : (a) پیکنی ؛ پیکن کا ۔

Pekin(g) ese : (n) پیکن کا باشندہ ۔

Pekin(g) ese dog / -Spaniel : (n) پیکنی کتا ؛ ایك قسم کا کوتاہ قد کتا جس کے بال لمبے اور ریشم کی طرح ملائم ہوتے ہیں ۔

Pekoe : (n) [Chinese `pek-ho.'] سیاہ چائے کی ایك اعلیٰ قسم ؛ عمدہ قسم کی سیاہ چائے ۔

Pela : (n) [Chinese] چینی موم ۔

Pelage : (n) [Fr. 'pelage .'] چوپائے کے بال اون یا سمور (حیوانیات) پشم ؛ پوستین ۔

Pelagial : (a) بحری ؛ سمندری ؛ دیکھو Pelagic ۔

Pelagial : (a) [L. 'palagianus.'] پلاگیس یا اس کے عقیدے سے متعلق ۔

Pelagian : (n) مقلدپلاگیس (Pelagius چوتھی یا پانچویں صدی عیسوی میں ایك راہب تھا جس نے اس عقیدے سے انکارکیا تھا کہ گناہ آدم کی وجہ سے بدی انسان کی سرشت میں ہے) ؛ نوع انسانی کی فطرتاً گنہگار ہونے کا منکر ؛ منکر بشریت ۔

Pelagian : (a) [L. 'pelagius.'] دیکھو Pelagial

Pelagian : (n) بحر باس ؛ ساکن بحر ؛ سمندر پر رہنے والا ؛ کھلے سمندر کا رہنے والا ۔

Pelagianism : (n) تقلید یا پیروئی پلاگیس ؛ انکار بشریت ۔

Pelagianize : (v) نظریۂ پلاگیس کی پیروی کرنا ؛ نظریۂ پلاگیس کا اظہار کرنا ۔

Pelagic : (a) [L. 'pelagicus.'] بحری ؛ بحر کا؛ سمندری؛ اوقیانوسی؛ اوقیانوس سے متعلق ؛ جو کھلے سمندر میں کیا جائے ؛ (حیوانیات) میان بحری ۔

Pelagic deposits : (n) (نباتیات) میان بحری گاد ؛ دریائی دُرد ۔

Pelagic sealing : (n) بحری سیل گیر ی ؛ بحری سیل کا شکار ؛ کھلے سمندر میں سیل کا شکار کرنا ۔

Pealegic sealer : (n) بحری سیل گیر ؛ بحری سیل کا شکار کرنے والا ۔

Pelamyd/-mid : (n) [L. 'pelamys.'] (۱) تونی مچھلی ؛ ایك قسم کی چھوٹی مچھلی ؛ بحر روم کی ایك چھوٹی مچھلی ۔
(۲) اس جنس کی ایك مچھلی ۔

Pelargonic : (a) [f. Perlargonium.] (کیمیا) جنس گل عطر کا یا اس سے نکالا ہوا ایک مادہ ۔

Pelargoic acid : (n) پلاگورنیم سے بنایا ہوا ایک ایسڈ ۔

Pelargonium : (n) [Gr. 'pelargos.'] (بناتیات) جنس گل عطر : شمعدانی عطر : برگ عطر : پودوں کی قسم جن کے پھول خوش نما اور پتے خوشبودار ہوتے ہیں (جنہیں عام طور پر Geranium کہتے ہیں) ۔

Pelasgian : (a) [Fr. 'pelasgien.'] پلاسجی : اس قوم سے متعلق ۔

Pelasgian : (n) پلاسجی کا ایک فرد (یہ ایک قوم تھی جو بحر روم کے مشرقی کناروں اور بحیرہ (Aegean) ایجین کے ساحلوں پر آباد تھی ۔

Pelasgic : (a) پلاسجی : اس قوم سے متعلق ۔

Pelasgic architecture building : (n) پلاسجی طرز عمارت : قدیم ترین قسم کی تعمیر جو یونان میں پائی گئی جس میں ان گھڑ پتھر بغیر چونے وغیرہ کے تلے اوپر رکھے ہوتے تھے) ۔

Pelacoid : (a) [Gr. 'pelakoides.'] تیریا کلہاڑی کی شکل کا : کلہاڑی نما ۔

Pelecoid : (n) کلہاڑی نما شکل ۔

Pelecypod : (a) [Gr. 'pelekus + podos.'] کلہاڑی نما پاؤں والا : سیمی نما ۔

Pelecypod : (n) کلہاڑی نما پاؤں والا صدفہ ۔

Pelecypoda : (n) (حیوانیات) ورقۂ خشیومان : متشاکل صدفے ۔

Pelecypodous : (a) متشاکل صدفے کا ۔

Pelerine : (n) [Fr. 'pelerine .'] زنانہ گلوبند یا مفلر : عورتوں کا مختلف قسم کا لبادہ ۔

Pelf : (n) [ON Fr. 'pelfe'.] (۱) روپیا پیسا : مال دولت : مال دینا : مال وزر (اس میں ذم کا پہلو مضمر ہے) : مال و متاع : دھن دولت : تمول : دولت مندی ۔ (۲) ناکارہ چیز : ردی چیز (بول چال) : سبزی کا چھیلن چھالن ۔

Pelhaw : (n) [From the surname .] لگام کی ایک قسم : زنجیر زیر دہانہ ۔

Pelham bridle : (n) لگام کا دہانہ ۔

Pelican : (n) ٹریفک روشنیوں کے ذریعہ سڑک پار کرنے کا ایک طریقہ ۔

Pelican : (n) [OE. 'pellican.'] (۱) (حیوانیات) حوصل : بجع : ماہی خور : ایک آل پرندہ جس کی نسبت یہ مشہور ہے کہ اپنے بچوں کو اپنے خون سے پالتا ہے : مرغ ماہی خور ۔ (۲) ایک قسم کا قرنبیق ۔ (۳) منحنی مضبوط تھوتھنی والا ایک قسم کا آلہ ۔ (۴) قدیم توپ کی ایک قسم : نیز اس سے مارنا ۔

Pelican-fish : (n) ایک قسم کی بام مچھلی ۔

Pelican flower : (n) ایک قسم کا زہریلا پودا ۔

Pelican ibis : (n) ایک قسم کی ایشیائی لکڑی ۔

Pelican in her piety : (نقابت) اپنے خون سے بچوں کی پرورش کرنے کے لئے اپنے سینے کو مجروح کرتے ہوئے حوصل کی تصویر ۔

Pelican's foot: (n) ایک قسم کا گھونگا : نوع صدف ۔

Pelicanry : (n) وہ جگہ جہاں حوصل پیدا ہوتا ہے : ماہی خور کے سینے کی جگہ ۔

Peliosis rheumatica : (n) (طب) گٹھیائی خمیرا ۔

Pelisse : (n) [med. L. 'pellicia.'] (۱) زنانہ چادر : سموردار ایک قسم کا زنانہ فرغل : خرقۂ زنانہ ۔ (۲) عورتوں کا ایک قسم کا لباس (ایک قسم کا ریشمی جامہ جو آستین دار یا بے آستین ہوتا ہے اور ٹخنوں تک پہنچتا ہے) ۔ (۳) بچوں کی اوپری پوشاک (ایک قسم کا لباس جو لڑکے کپڑوں کے اوپر پہنتے ہیں) ۔ (۴) فوجی سوار افسروں کی جاکٹ جس پر سمور کا حاشیہ لگا ہوتا ہے ۔

Pelite : (n) ایک قسم کا پتھر : سنگ رس : مٹی کیچڑ سے مرکب ایک پتھر ۔

Pelitic : (a) سنگ رس مانند ۔

Pell-mell : (adv.) [Fr. 'pele-mele .'] (۱) بے ترتیبی سے : گڈ مڈ طور پر : ابتری سے : خلط ملط طور پر : مخلوط طور پر ۔ (۲) (سپاہی ، جنگ جو) کھینچاتانی سے : جھڑپ کے ساتھ : بے نظم طور پر : دست بدست طور پر : گھمسان کی لڑائی میں ۔ (۳) بے انتظامی سے : بد نظمی سے : پریشانی سے : بیتابی سے : اضطراب کی حالت میں : بے دھڑک : نا عاقبت اندیشی سے ۔

Pell-mell : (a) (۱) پر جوش : شدید : پر شور : ہنگامہ خیز ۔

(۲) خلط ملط : تتر بتر : گڈمڈ : بے ترتیب : بے قرینہ : بے نظم : پریشان : بے امتیاز: بے تفریق : منتشر : بے ربط : بے اصول : بے ڈھنگا۔

Pell-mell : (n) (۱) بے ترتیبی : بے نظمی : بد نظمی : آشفتگی : پراگندگی ۔ (۲)دست بدست لڑائی : گھمسان کی جنگ ۔

Pellagra : (n) [It. 'pellagra,.'] (مرضیات) درشت جلدی : پیلگرا : لمبا ردی مرض (یہ ایک مرض ہے جو لمباردی (Lombardy) میں کثرت سے ہوتا ہے اس میں جلد پھٹ جاتی ہے اور آخر میں اکثر دیوانگی نمودار ہو جاتی ہے) برص ایتالیا۔

Pellagric / Pellagrous : (a) لمبادری دیوانگی میں مبتلا : لمبادری مریض ۔

Pellagrin : (n) وہ شخص جو لمبادری مرض میں مبتلا ہو ۔

Pellet : (n) [late ME. 'pelote.'] (۱) کوئی(چھوٹا) کرہ :گول شے: بم کا گولا : حب : گولی : کاغذ یا روئی وغیرہ کی گولی ۔ (۲)(خصوصاً) پتھر کی گولی: چھوٹا چھرّا : چھرّا : نیز مجازاً ۔ (۳) (کاغذ ، مٹی یا لکڑی کا) کھیل کا چھرّا یا گولی ۔ (۴) (نقابت)سیاہ رنگ کا گول تمغہ ۔ (۵) سکّے پر گول ابھار یا پھول وغیرہ ۔

Pellet : (v) کاغذ وغیرہ کی گولی مارنا ۔

Pellet moulding : (n) ایک قسم کا ڈھانچا۔

Pelleted : (n) سیاہ رنگ کے گول تمغے سے نشان لگایا ہوا ۔

Pelletierine : (n) [f. name of Fr. chemist , Bertrand Pelletier.] (کیمیا) بے رنگ کی ایک القلی (جو انار کے چھلکے سے حاصل کی جاتی ہے) ۔

Pellety : (a) (نقابت) سیاہ رنگ کا گول تمغہ بنایا ہوا : گول بنایا ہوا : گلولہ دار : حبّ مانند : گولی نما ۔

Pellicle : (n) [L.'pelliculu.'] (۱) چھوٹا یا باریک چمڑا : باریک جلد یا پوست : جھلّی : پردہ : غشاء : بالائی پوست : خاص سائنسی امتحان میں استعمال کیا جاتا ہے جو فطری جھلّی کسی جانور میں پیدا ہو جاتی ہے یا چھال جو پودے میں ہو جاتی ہے ۔ (۲) (حیوانیات) غشاء جلد : باریک جلد : جالا : پردہ ۔

Pellicle of the urine : (n) (حیوانیات) قوام بول۔

Pellicular : (a) غشائی یا غشائی قسم کا : پوست نما باریک جلد کا ۔

Pelliculate : (a) دیکھو Pellicular

Pellicule : (n) دیکھو Pellicle

Pellitory : (n) [OFr. 'peletre.'] (۱)(نباتیات) عاقر قرحا: عقرقرحا ۔ (۲) گوش موش : اُذن الفار ۔ (۳) ایک قسم کا چھوٹا جھاڑی دار پودا ۔

Pellitory of spain : (n) (نباتیات) عاقرقرحا : ایک قسم کا پودا ۔

Pellitory of the well : (n) (نباتیات) اذن الفار ۔

Pellock / -ack / -och : (n) [Origin unkn.] سنگ ماہی: ڈولفن نما ۔

Pellucid : (a) [L.'pellucidus.'] (۱)صاف : شفاف: روشن: بلورین : زلال ۔ (۲) واضح : صاف (تحریر): رواں : سلیس ۔ (۳) سجھے ہوئے خیال یا دماغ والا ۔

Pellucidity : (n) (۱) صفائی : شفّافی ۔ (۲)(طرز تحریر) صفائی : سلاست ۔ (۳) دماغ کا سلجھا ہوا ہونا : سنجیدگی(دماغ)۔

Pellucidly : (adv.) صاف و شفاف طور پر: واضح اندازمیں:سلاست کے ساتھ (تحریر) : سلجھے ہوئے اندازمیں ۔

Pellucidness : (n) وضوح : روشنی : سلاست : شفافی : درخشندگی ۔

Pelma : (n) (حیوانیات ، تشریح) کف پا : پاؤں کا تلوا۔

Pelmanism : (n) [f. pelman(1899) proprietery name of an educational institute + ism .] حافظے کی تربیت کا طریقہ جو بیسویں صدی عیسوی میں ایجاد ہوا۔

Pelmatogram : (n) پاؤں کے تلوے کی چھاپ ۔

Pelmatozoa : (n) (حیوانیات) کف پایان ۔

Pelmatozoan : (a) [mod. L .'pelmatozoa.'] کف پایان سے متعلق ۔

Pelmatozoan : (n) حیوانات کا وہ طبقہ جس میں خارپشت شامل ہے ۔

Pelmatozoaic : (a) (حیوانیات) کف پایان کا ۔

Pelmet : (n) [Fr. 'pelmatle.'] ایک افقی کھڑکی کا پردہ جو پردوں (سے باہر) نکلنے والی چیزوں کو چھپانے کے لئے دیوار یا کھڑکی میں لگا ہوتا ہے ۔

Pelo- : (Prefix) سابقہ بمعنی (یونانی لفظ) کیچڑ : مٹی وغیرہ ۔

Pelolihic : (a) [Pelo- + Gr. 'lithos.'] (ارضیات) چٹان کی پرت کے لئے استعمال ہوتا ہے جس میں مٹی شامل ہوتی ہے۔

Peloria /Pelory : (n) [mod. L.] (نباتیات) اُعجوبۂ منتظم۔

Pelorian / -oriate / -oric : (a) (نباتیات) اُجوبۂ منتظم سے متعلق۔

Pelota : (n) [Sp . 'pelota.'] اہل بسکے (Basque) کا ایک کھیل جو ٹینس سے ملتا جلتا ہے۔

Pelotherapy : (n) کیچڑ پانی سے نہانے کا علاج۔

Paloton : (n) [Fr.] (۱) سپاہیوں کی ایک چھوٹی ٹوپی ؛ سپاہیوں کا ایک چھوٹا دستہ۔ (۲) پلاٹون۔

Pelt : (n) [OFr. 'pel(l)ete.'] (۱) بھیڑ یا بکری کا چمڑا جس پر چھوٹے چھوٹے اون یا بال ہوں ؛نیز روئیں دار جانور کا بے کمایا ہوا چمڑا۔ (۲) خصوصاً اون نکالا ہوا بھیڑ یا بکری کا کچا چمڑا ؛ (حیوانیات) روئیں دار کھال۔ (۳) آدمی کی کھال (مزاج یا بول چال)۔ (۴) بے کمایا ہوا چمڑا جو طباعت کی روشنائی پیڈ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ (۵) شاہین ، شکرے کا مردہ شکار خصوصاً جب ٹکڑے ٹکڑے کر دیا جائے۔

Pelt : (n) (۱) پتھر پھینکنے کا عمل ؛ پتھر یا کچھ اور پھینک کر مارنے کا عمل ؛ منجنیق سے پتھر پھینکنے کا عمل۔ (۲) بارش یا برف کا زور سے گرنا۔ (۳) تنقیص ؛ ملامت کرنے کا عمل ؛ پتھر ، کیچڑ ، سوالات اور گالیوں کی بوچھاڑ۔

(At) full pelt : نہایت تیزی سے۔

Pelt : (n) [app. var. of dial 1'palt.'] (اب صرف بول چال میں) ردّی ؛ بیکار ؛ چتھڑا ؛ فضلہ۔

Pelt : (v) [Fr. 'peloter.'] (۱) لگاتار مکے مارنا ؛ (کسی کو) پتھر اور کچھ پھینک کر مارنا ؛منجنیق سے پھینکنا۔ (۲) (مجازاً) بوچھاڑ کرنا (شب و ستم ، گالیوں، سوالات وغیرہ کی)۔ (۳) منجنیق سے تیزی کے ساتھ مارنا ؛ متواتر فائر کرنا ؛ آگ برسانا ؛ نیز مجازاً۔ (۴) سختی سے مارتے جانا ؛ زور دار طریقے سے ضرب لگاتے جانا ؛ نیز مجازاً مارنے کی نیت سے پھینکے جانا (منجنیق)۔ (۵) تیزی کے ساتھ قدم بڑھا کر چلنا۔ (۶) (بارش کا) زور سے برسنا۔

Pelt ball : (n) بے کمایا ہوا بھیڑ کا چمڑا جو طباعت کی روشنائی پیڈ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

Pelt monger : (n) کھال یا چمڑے کا بیوپاری ؛ کھال یا چمڑے کا تاجر۔

Pelt rot : (n) بھیڑ کی کھال کی ایک بیماری۔

Pelta : (n) [Gr. 'pelto.'] (قدیم) یونانیوں اور رومیوں کی ہلکی چھوٹی ڈھال(چمڑے کی)۔ (۲) (نباتیات) ڈھال نما ساخت ؛ سپر نما۔

Peltast : (n) [L. 'peltasta.'] (تاریخ یونانی) پیدل سپاہیوں کا ایک قسم کا (دستہ) جو ڈھال اور چھوٹی برچھی سے مسلح ہوتا تھا۔

Peltate : (a) [f. Pelta(pot.)] (نباتیات اور حیوانیات) سپردار ؛ سپر نما ؛ عام طور سے پتی کا ؛ ڈھال دار ؛ (حیوانیات) سپری ؛ (نباتیات) کھپرادار ؛ سپری۔

Peltately : (adv.) سپر داری سے ؛ ڈھال داری کے ساتھ ؛سپری طریقے کا۔

Peltation : (n) سپر داری ؛ ڈھال داری۔

Pelter : (n) پتھر مارنے والا ؛ گالی دینے والا ؛ زور دار طور پر برسنے والا (پانی) ؛ غصہ ہونے والا۔

Pelti- : (Prefix) سابقہ بمعنی "سپر" ؛ "سپر مانند"۔

Peltier coefficient : (n) (الیکٹرک) پلٹیری قدر۔

Peltier effect : (n) (الیکٹرک) پلٹیری اثر۔

Peltiform : (a) سپر مانند ؛ سپر کی طرح کا۔

Peltinerved : (a) (نباتیات) سپر رگ۔

Pelting : (a) (۱) پتھر مارنے والا۔ (۲) ناچیز ؛ بے اہمیت۔ (۳) (عامیانہ) تند و تیز ؛ تند مزاج ؛ تند خو ؛غصیلا ؛ غصہ ور ؛ سخت ؛ شدید؛ پر جوش ؛ پر شوق۔

Pelton wheel : (n) (انجینئرنگ) چرخاب پلٹن۔

Peltry : (n) [OFr. 'peleterie.'] (۱) بے کمایا ہوا ؛ بال دار چمڑا ؛ خاص فر چمڑا ؛ مجموعی طور پر (بمعنی) کھال۔ (۲) (جمع میں) کچے یا بے کمائے ہوئے چمڑے کے اقسام۔ (۳) توصیفی معنوں میں مثلاً کچا یا کمایا ہوا چمڑا بیچنے والا۔

Peltry-man : (n) کچا یا بے کمایا ہوا چمڑا بیچنے والا۔

Peludo : (n) [L. 'pilus.'] جنوبی امریکا کا روئیں دار اُرما ڈیلو (ایک

قسم کا جانور)(Dasypus villosus).

Pelvic : (a) [f. Pelvis + ic.] (۱)(تشریح) عانی : پیڑو کے متعلق۔ (۲) سوسن نما پیڑو سے متعلق۔

Pelvic arch/ -girdle : (n) پیڑو کی ہڈیوں سے بنا ہوا حلقہ : کولھے کا حلقہ : (تشریح) ہیکل عانی : پیڑو کا حلقہ۔

Pelvic limbs : (n) کولہے کے حلقے سے ملا ہوا پاؤں (جیسے)آدمی کی ٹانگیں : ہیکل عانی سے متصل پاؤں۔

Pelviform : (a) (نباتیات) پیالہ نما۔

Pelvimeter : (n) (طب) حوض پیما۔

Pelvimetry : (n) حو ض پیمائی ۔

Pelvis : (n) [L. 'pelvis.'] (۱)(تشریح) حوض ، تسلا : پیڑو نما حوض یا تسلا : پیڑو۔ (۲) (تشریح) ہیکل عانی : پیڑو کا حلقہ۔ (۳) گردے کا تسلا نما گڈھا یا قعر۔

False pelvis : (n) اوپر کا پیڑو۔

True pelvis : نیچے کا پیڑو۔

Pelvis of kidney : (n) (تشریح) حوض گردہ ۔

Pembroke : (n) پیم بروک : (ولیز Walis کا ایک قصبہ)۔

Pembroke table / -pembroke : (n) پیم بروکی میز (یہ ایک چار پایوں کی میز ہوتی ہے جس میں قبضے دار تختے لگے ہوتے ہیں جو باہر کی طرف پھیل سکتے ہیں اور دوسرے پایوں پر قائم ہو سکتے ہیں۔

Pemmican / Pemican : (n) [Gree 'pimecan', pimekan.'] (۱) قیمہ بھری روٹی : شمالی امریکا کے اصلی باشندوں کی ایک قسم کی روٹی جس میں خشک اور پسا ہوا گوشت اور پگھلی ہوئی چربی پڑتی ہے ۔ (۲) گائے کا تلا اور کشمش ملا گوشت: مسافروں کے توشہ کے لئے.(۳)(مجازاً) نہایت مختصر مضمون یا بات ۔

Pemphigoid : (a) آبلہ نما : چھالے نما : پھلکے نما : پھپھولے نما ۔

Pemphigous : (a) آبلہ دار : چھالے دار : پھلکے دار : پھپھولے دار ۔

Pemphigus : (n) [Gr. 'pemphix.'] (طب) نقاط : آبلہ : چھالا : (تشخیص) آبلہ : پھلکا : پھپھولا ۔

Pen : (n) [ME. 'penne.'] (۱)(حیوانیات) گائے ، بھیڑ ، بکری ،مرغی اور بطخ کے لئے) احاطہ : باڑہ : کانجی ۔ (۲) ٹاپا : ٹوکرا (مرغیوں کا) : سوروں کا باڑہ : سور خانہ ۔ (۳) باڑے میں جانوروں کی تعداد ۔ (۴) اس قسم کے مختلف احاطوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Pen : (n) [L. 'penna.'] (۱)(حیوانیات) شہ پر: پرکی کھوکھلی ڈنڈی: دم کا پورا پر : پر : پنکھ : پر وبال : ڈینے یا دم کا بڑا بال : بازو (حیوانیات) ۔ (۲)ایک قسم کی پر نما مچھلی۔ (۳) لکھنے کا آلہ : قلم : کلک : خاصہ : پرکا قلم : ہولڈر : فاؤنٹین پین ۔ (۴) تصنیف و تالیف ۔ (۵) طرز تحریر : طرز بیان : طرز انشاء : شیوۂ خط : شیوۂ نگارش ۔ (۶) سمندر جھاگ ۔

Electric pen / Pneumatic - : برقی رقم : ہوائی قلم ۔

Pen : (n) [Origin unkn.] مادۂ قوی : مادۂ راج ہنس ۔

Pen : (n) [Brythonic 'pen'.] (۱) (مقامی) یہ ایک لفظ ہے جو جگہوں کے نام میں آتا ہے جیسے Penzance وغیرہ ۔ (۲) جنوبی اسکاٹ لینڈ میں پہاڑوں کے نام میں آتا ہے جیسے Ettrick pen , Leepen وغیرہ۔

Pen : (v) [OE. 'pennian .'] (۱) مضبوطی سے باندھنا : جکڑنا (اب بول چال) ۔ (۲) گھیرنا : احاطے میں بند کرنا : محصور کرنا : مقید کرنا : (If اور In کے ساتھ) ۔ (۳) (مویشی وغیرہ کو باڑے میں بند کرنا)۔

Pen : (v) قلم سے لکھنا : لکھنا : تحریر کرنا: تصنیف کرنا : تالیف کرنا ۔

Pen and ink / Pen-and-ink : (n) (۱) قلم دوات ، لکھنے کا سامان ۔ (۲) تحریر ۔ (۳) Pen-and-ink drawing کا مخفف ۔

Pen-and-ink : (a) قلم کا : قلم دوات سے لکھا یا کھینچا ہوا۔

Pen-and-ink drawing : (n) قلم اور دوات سے نقاشی ۔

Pen-and-pencil : (n) قلم اور ڈرائنگ پنسل یا برش دونوں کا استعمال۔

Pen-and-wash : (n) قلم اور برش دونوں کا استعمال ۔

Pen case : (n) ڈبہ : خانہ : خانۂ قلم ۔

Pen-feather : (n) (۱)چڑیا کے بازو یا دم کا پورا پر : (حیوانیات) شاہ پر : شہپر ۔ (۲) دیکھو Pin -feather ۔

Pen-feathered : (n) (۱)دیکھو Pin-feathered ۔ (۲) گھوڑا یا اس کے سخت بالوں کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔

Pen-fish : (n) (۱) ایک قسم کی مچھلی جو چارہ کی بجائے استعمال کی جاتی ہے : مصنوعی طعمہ یا چارہ ۔ (۲) کنجشکی مچھلی : ایک قسم کی سمندری مچھلی ۔

Pen-friend : (n) قلمی دوست : ہم قلم : دو نادیدہ اجنبی دوست جن میں خط و کتابت کے ذریعہ دوستی ہوئی ہو : نیز دیکھو Pen pal .

Pen-name : (n) تصنیفی نام : تخلص : وہ نام یا لقب جو کوئی شخص اپنی تصانیف میں اختیار کرتا ہے : ادبی نام ۔

Pen-pal : (n) قلمی دوست : بغیر ملاقات کے مراسلت کے ذریعہ دوست۔

Pen picture : (n) (۱) قلمی تصویر: قلم سے کھینچی ہوئی تصویر: (اکثر مجازاً) دلکش بیان : دل آویز ذکر : دل کش کیفیت ۔ (۲) خاکہ ۔

Pen plume : (n) دیکھو Pen-feather

Pen point : (n) نوک قلم : (بول چال) نِب ۔

Pen portrait : (n) دیکھو Pen picture

Pen pot : (n) ماہی گیروں کا برتن جس میں وہ کیکڑے وغیرہ رکھتے ہیں ۔

Pen pusher : (n) (۱) دستاویز نقل کرنے والا : کلرک ۔ (۲) اہل قلم : مصنف ۔ (۳) دیکھو Penman-

Pen script : (n) قلمی مسودہ : قلم سے لکھا ہوا مواد ۔

Pen-tray : (n) قلم رکھنے کے لئے کشتی نما خانہ ۔

Pen-wiper : (n) ایک قسم کا آلہ : قلم صاف کرنے والا (کپڑے کا ٹکڑا): قلم پونچھنے والا ۔

Pen-woman : (n) لکھنے والی عورت : ادیبہ : فاضلہ : مصنفہ ۔

Penacute : (a) [L. 'pene' + Acute.'] (عبرانی اور یونانی قواعد) ماقبل آخر میں پر زور تاکید والا ۔

Penacute : (n) (عبرانی اور یونانی قواعد) ماقبل آخر میں پر زور تاکید ۔

Penal : (a) [Fr. 'penal .'] (۱) سزا سے متعلق : سزا کا : تنبیہی ۔ (۲) تعزیری : عقوبتی : قصاصی ۔ (۲) قابل سزا : مستلزم (جرم) خصوصاً قانون کے ذریعہ ۔ (۳) سزا متعین کیا ہوا : سزا دیا ہوا ۔ (۴) جو سزا کے طور پر تجویز کیا جائے : تعزیری : وہ جو سزا کے طور پر قابل ادا ہو ۔ (۵) سزا کی جگہ کے طور پر استعمال کیا ہوا یا مقرر کیا ہوا ۔ (۶) جہاں مجرم سزا کے لئے رکھے جائیں ۔ (۷) مانند سزا : تعزیری قانون سے متعلق : قید با مشقت ۔

Penal action/ -suit : (n) (قانون) تعزیری کاروائی ۔

Penal code : (n) (۱) (قانون) ضابطۂ تعزیرات : قانونی جزا : حقوق جزا ۔ (۲) (آئرلینڈ) سترھویں صدی اور اٹھارھویں صدی عیسوی میں پارلیمنٹ کے خلاف نافذ شدہ تعزیری قوانین کے لئے استعمال ہوا ۔

Penal colony : (n) تعزیری بستی (جیسے کالا پانی)۔

Penal laws : (n) تعزیری قوانین ۔

Penal servitude : (n) تعزیری غلامی : قید با مشقت ۔

Penal settlement : (n) (سیاسیات) جرائم پیشہ آبادی ۔

Penal statute : (n) دیکھو Penal laws

Penal sum : (n) (قانون) رقم تاوان ۔

Penalization : (n) تعزیری قرار دینے کا عمل : سزا دینے کا عمل : تعزیری حالت ۔

Penalize : (v) (۱) (کسی فعل کو) تعزیر قرار دینا : قابل سزا ٹھہرانا ۔ (۲) (ورزشی کھیل) (کھلاڑی یا مقابلہ کرنے والے کو) سزا دینا : (جرمانہ بطور سزا) عائد کرنا : پینالٹی عائد کرنا (کھیل میں) : مقابلہ کرنے والے پر خاص شرط یا قید عائد کرنا ۔

Penally : (adv.) تعزیری طور پر : سزا کے طور پر : تعزیری حیثیت سے ۔

Penalty : (n) [Fr. 'penalite.'] (۱) تعزیر : سزا (خصوصاً تاوان یا جرمانہ) ، (قانون) تاوان : قانون : قاعدہ یا معاہدہ کو توڑنے ، نقصان پہنچانے اور امتناع (حکم امتناعی) کے خلاف ورزی کرنے کے لئے سزا ۔ (۲) (مجازاً) تکلیف : اذیت : مصیبت : رنج و غم : دقت : دشواری : نقصان (خصوصاً خطا اور غلطی کے نتیجے میں) ۔ (۳) (ورزشی کھیل) پینالٹی : سزا : وہ سختی اور پابندی جو کھلاڑیوں پر کسی بے قاعدگی وغیرہ کی وجہ سے عائد کی جائے ۔ (۴) توصیفی معنوں میں خصوصاً Penalty goal , Kick وغیرہ میں ۔

On , upon , under penalty : خمیازہ (سزا کے طور پر) (کھیل میں مقررہ قاعدے کے خلاف کرنے پر) : بطور عقوبت .

The penalty of : خمیازہ (کسی صفت یا مرتبہ وغیرہ ہونے کا) .

Penalty envelope : (n) (امریکا)لفاف کوغیر واجب طریقے سے استعمال کرنے پر نافذ کی گئی سزا .

Penance : (n) [L. 'poenitentia.'] (۱) (یونانی اور رومی کلیسا) کفارہ (ایک عمل جس میں توبہ ، اعتراف گناہ عقوبت نفس وغیرہ معافی کی کئی منزلیں ہیں) . (۲) عقوبت نفس جو کفارے کے طور پر کی جائے ؛ ریاضت تنبیہ ؛ پرائشچت . (۳) گناہ کے لئے دنیوی سزا .

To do penance : (۱) پشیماں ہونا ؛ پچھتانا ؛ نادم ہونا ؛ کف افسوس ملنا ؛ کفارہ ادا کرنا ؛ کفارہ کے طور پر ریاضت کرنا . (۲) ندامت و پشیمانی ظاہر کرنا ؛ پرائشچت کرنا .

Penance : (v) کفارہ عائد کرنا ؛ عقوبت نفس تجویز کرنا ؛ تادیب کرنا؛ تنبیہ کرنا ؛ تادیبی سزا دینا ؛ سزا دینا ؛گوشمالی کرنا ؛ سرزنش کرنا .

Penang lawyer : (n) دیکھو Lawyer

Penannular : (a) [L. 'paene +Annular.] قریب قریب حلقہ نما ؛ تقریباً چھلے کا سا ؛ نسبتاً حلقوی .

Penates : (n) [L.'penates.] (رومی علم الاصنام) گھریلو دیوتا .

Pence : (n) پینی ؛ انگلستان کا ایک سکہ جو شلنگ کے بارھویں حصے کے برابر ہے .

Penchant : (a) [Fr. 'penchant.'] رغبت ؛ رجحان ؛ میلان ؛ میلان غاٹر ؛ میل وافر ؛ آمادگی .

Pencil : (n) [Late ME. 'Pensel, -cel.'] (۱)(قدیم) ؛ برش ؛ مو قلم ؛ نقاشی کا برش ؛ (اب یہی جزو ترکیبی کے طور پر استعمال ہوتا ہے ؛ مثلاً Sable pencil وغیرہ . (۲) (مجازاً) نقاشی ؛ مصوری ؛ طرز نقاشی ؛ سبک برش . (۳) پنسل ؛ سرمے کا قلم . (۴) بالوں کا چھوٹا گچھا ؛ کڑا بال ؛ روئیں یا اس قسم کی چیز . (۵) (بصریات) (مناظر و مرایا) پنسل ؛ اجتماع شعاع یا انعکاس شعاع (ایک نقطے پر) (روشنی) پنسل شعاعی . (۶) (ہندسہ) پنسل خطوط ؛ وہ شکل جو اکثر خطوط مستقیم کے ایک نقطے پر ملنے سے بنتی ہے . (۷) پنسل نماشے ؛ وہ شے جو پنسل کی شکل کی ہوتی ہے .

Optic penil : (n) پنسل شعاعی ؛ وہ شعائیں جو بلوری لینس (Lence)کے ذریعہ کسی نقطے سے گذرتی ہیں اور آنکھ کے اوپر دو بار ملائی جاتی ہیں اس طرح دوہرے غروطے بن جاتے ہیں .

Pencil : (v) (۱) نشان لگانا ؛ پنسل سے خط کھینچنا ؛ نقاشی کرنا ؛ رنگنا نیز مجازاً . (۲) پنسل سے تصویر کھینچنا ؛ برش سے تصویر کھینچنا ؛ خاکہ بنانا یا اتارنا ؛ نقشے کھینچنا ؛ نیز مجازاً . (۳) پنسل سے لکھنا ؛ جلدی جلدی اختصار سے لکھ لینا . (۴) (گھوڑے کا نام) شرط کی کتاب میں لکھنا . (۵)(خصوصاً) ہلکا سا نشان لگانا (رنگ وغیرہ کا) .

Pencil-case : (n) پنسل دان .

Pencil cedar : (n) صنوبری سدابہار جھاڑی کی ایک قسم ؛ درخت عرعر یا سرو کوہی .

Pencil diamond : (n) پنسل نما یا پنسل کی شکل کا ہیرا .

Pencil fish : (n) استوانہ شکل کی ایک چھوٹی مچھلی جو جنوبی امریکا میں پائی جاتی ہے .

Pencil flower : (n) ایک قسم کا پودا (Stylosanthes) .

Pencil-lead : (n) پنسلی سیسا ؛ سیاہ سرب .

Pencil of light : (n) (روشنی) پنسلی نور .

Pencil of rays : (n) (روشنی) پنسلی شعائیں .

Pencil of silver nitrate : (n) (کیمیا) سلور نائٹرک کا قلم .

Pencil sharpner : (n) (۱) سلیٹی پنسل یا سیاہ سرب کو تیز کرنے والا آلہ ؛ مداد تیز کن . (۲) پنسل تراش ؛ مداد تراش .

Pencilled /-iled : (a) (۱) پنسل کا ؛پنسلی ؛ مداری . (۲) منقش ؛مخلط؛ عمدہ برش سے کی ہوئی (نقاشی) خاکہ بنایا ہوا ؛ پنسل سے بنایا ہوا ؛ پنسل سے کی ہوئی (نقاشی) . (۳) لیڈ پنسل سے نشان لگایا ہوا . (۴) پنسل سے لکھا ہوا . (۵) پنسلی شعاعیں رکھنے والا . (۶)(حیوانیات اور نباتات) گچھے دار ؛ جھاڑی دار ؛ گھنا ؛ دھاری دار (پنسل) .

Penciller : (n) (عامیانہ) گھڑدوڑ محرّر یعنی منتظم شرط کا محرر .

Pencilling : (n) (۱) نشان لگانے کا عمل ؛ پنسل سے لکھنے کا عمل خصوصاً نقاشی کرنا ؛ رنگ آمیزی ؛ ڈرائنگ .

(۲) پنسل سے خاکہ بنانا ۔ (۳) (مجازاً) ادبی خلکہ: تصویر کشی ۔ (۴) دیواروں کے درمیان اینٹ کی دیوار میں اینٹوں کے جوڑوں میں سفید لائننگ (سفید دھاری) ۔

Pend : (v) [late L. 'pendere.'] (۱) آویزاں کرنا ؛ ٹانگنا ؛ لٹکانا ؛ لٹکنا ؛ معلق ہونا ۔ (۲) منحصر ہونا ؛ موقوف ہونا ؛ متعلق ہونا ادبی (مجازی) ۔

Pendactyle : (n) (حیوانیات) پنج انگشتہ ۔

Pendant : (n) [(o) Fr. 'pendant.'] (۱) گوشوارہ ؛ آویزہ (کان، گلے وغیرہ کا) لٹکن ؛ نیکلس ؛ کان یا گلے میں پہننے کا ایک زیور ۔ (۲) ایرنگ کے گوشوارہ کا ایک حصہ ۔ (۳) میکانکی ساخت کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ؛ شیشے کا جھاڑ ۔ (۴) (تعمیرات) (مرصّع اور عمودی طرز میں) آویزہ لیمپ ۔ (۵) (نجّاری) اس کھمبے کے نیچے کا ایک حلقہ جو زینہ کے جنگلات کے نیچے یا اوپر کے سرے پر ہوتا ہے ۔ (۶) (تعمیرات) (کھلی ہوئی لکڑی کی چھت میں) لکڑی کا کھمبا جسے Pendant -post بھی کہتے ہیں ۔ (۷) محراب کے کسی ایک سرے اور اس چوکٹھے کے درمیان کا فاصلہ جو اس کے گرد ہوتا ہے ۔ (۸) (تعمیرات) ستون۔ (۹) (جہاز رانی) ایک چھوٹی سی رسّی جو مستول کے بالائی سرے سے بندھی ہوتی ہے اور جس کے نچلے سرے میں ناکہ ہوتا ہے جس میں تِکّ لگائے جاتے ہیں ۔ (۱۰) (جہازرانی) مخروطی جھنڈا ؛ گاؤ دم پرچم (جو جنگی جہاز کے مستول پر لہراتا رہتا ہے)۔ دیکھو Pennant ۔ (۱۱) دیکھو Broad pendant ۔ (۱۲) گھڑی کا حلقہ جس سے وہ لٹکائی جاتی ہے؛ نقطۂ ساعت ۔ (۱۳) (فرانسیسی تلفظ Pandan) قمابل ؛ ہم سر ؛ رفیق ؛ متوازی ؛ جوابی (تصویر جو دوسری تصویر کے جواب میں لگی ہو) ؛ تکملہ؛ ضمیمہ ۔ (۱۴) مکمل کرنے والا بیان ؛ متتم اظہار؛ غور ؛ تامل ؛ سوچ کو مکمل کرنے والا ؛ جوڑ ؛ جواب ؛ نصف ثانی (یعنی تکمیلی جزو) ۔

Broad pendant : ایک چھوٹا سا جھنڈا ابابیل کی دُم کی شکل کا جو امتیاز کے لئے کمان آفیسر کے جہاز پر لہراتا ہے ۔

Pendant-bow : (n) حلقۂ ساعت ؛ گھڑی کا حلقہ ۔

Pendant fittings : (n) بجلی روشنی کاآویزاں سازوسامان؛آویزۂ لیمپ۔

Pendant post : (n) (تعمیرات) لکڑی کا کھمبا ؛ ستون ۔

Pendant tackle : (n) مستول کی چوٹی سے لگا ہوا آلۂ جر ثقیل۔

Pendacy : (n) (۱) تعلیق ؛ حالت تعلیق ؛ جھکا ہوا ہونا ؛ معلق ہونے کی حالت ؛ جھکا ہوا ہونے کی حالت ۔ (۲) زیر تجویز ہونا ؛ زیر غور ہونے کی حالت ۔

Pendent/ -ant : (a) [late ME. 'penda(u) nt.'] (۱) آویزاں ؛ لٹکا ہوا ؛ معلق ؛ مستول ؛ آویختہ ؛ خم شدہ ؛ منحصر ؛ وابستہ ؛ متوسل ۔ (۲) (درخت) نیچے جھکی ہوئی شاخوں والا ۔ (۳) باہر کو نکلا ہوا ؛ جھکا ہوا ؛ آگے کو نکلا ہوا ؛ ڈھلوان ؛ ترچھا ؛ نیز مجازاً ۔ (۴) غیر منفصلہ ؛ غیر فیصلہ شدہ ؛ معلّق ؛ زیر تجویز ؛ زیر غور ؛ زیر سماعت ؛ پینڈنگ ۔ (۵) (نحو) ناقص ؛ نامکمل (ساخت کلمہ وغیرہ) ۔

Pendente lite : (adv.) [L.] (قانون) دراثنائے مقدمہ ؛ دوران مقدمہ ؛ بہ زمانہ تجویز ؛ زیر سماعت مقدمہ ۔

Pendentive : (n) (۱) (قدیم) قطعۂ قبّہ ؛ قطعہ گنبد ۔ (۲) (تعمیرات) گنبد کا چوتھائی حصہ ؛ گنبد کے چار کروی مثلثوں میں سے ایک کروی مثلث ؛آویزیہ ۔

Pendentive : (a) قطعۂ قبہ سے متعلق ؛ قطعۂ گنبد کا ؛ قطعۂ گنبد نما ؛ قطعۂ قبّہ کی شکل کا ۔

Pendently/-antly : (adv.) معلق طور پر ؛ زیر غور حالت میں ۔

Pendicle : (n) [med. L. 'pendiculum.'] (خصوصاً اسکاتستانی) کوئی چیز جو دوسری چیز پر منحصر ہو؛ سازو سامان ؛ اثاثہ ؛ لوازمات ؛ متعلقات ؛ شے ملحقہ ؛ شے مشمولہ ؛ ضمیمہ ؛ تتمہ ؛ جائداد کا چھوٹا حصہ (خصوصاً جب شکمی کرایہ دار ہو) ۔

Pendicler : (n) متعلقات کا مالک ؛ شے مشمولہ کا رکھنے والا ؛ ماتحت کرایہ دار ۔

Pending : (a) [Anglicization of (o) Fr. 'pendant.'] (۱) مرجوعہ؛ زیر تجویز ؛ زیر غور ؛ زیر سماعت ؛ غیر منفصلہ ؛ معلق (مقدمہ وغیرہ) امر معلق ؛ غیر فیصلہ شدہ ۔

Pending : (Prep.) (۱) دوران میں ؛ بہ زمانہ ؛ اثنا ؛ اثنا میں ؛ مدت میں مثلاً Pending these negotiations اس گفت و شنید کے دوران میں یا اثنا میں ۔ (۲) تک مثلاً(Pending his return اس کی واپسی تک) ۔

Pendle : (n) [Origin unkn.] (مقامی) مختلف آویزاں چیزیں ؛ مختلف قسم کے پتھروں کے لئے ایک اصطلاح ۔

Pendle-rock /-stone : (n) مختلف قسم کے پتھروں کے لئے ایک اصطلاح ۔

Pendragon : (n) [ME. 'pen + dragon.'] قدیم برطانوی (یا ویلزی) شہزادہ جسے اختیار کلی حاصل تھا؛ سردار اعلیٰ؛ بادشاہ۔

Pendragonship : (n) قدیم برطانوی (یا ویلزی) شہزادے کا عہدہ۔

Pendulant / -ent : (a) (۱) معلق؛ آویزاں؛ لٹکا ہوا (خصوصاً گھونسلا، پھول وغیرہ)؛ جھکا ہوا۔ (۲) لہراتا ہوا؛ جھولتا ہوا؛ لرزاں؛ رقصاں؛ موّاج؛ حرکت کرتا ہوا؛ جھولنے والا؛ اہتزازی؛ جھولے کا۔ (۲) (مجازاً) متردد؛ متذبذب۔

Pendular : (a) [f. Pendulum + - AR.] لرزاں؛ رقصاں؛ جنباں؛ لٹکن سے متعلق؛ پنڈولم کے مانند؛ معمولی ارتعاش کی طرح۔

Pendulate : (v) (۱) لہرانا؛ جھولنا؛ گھڑی کے لٹکن کی طرح ہلنا یا جھولنا؛ پنڈولم کی طرح جھولنا۔ (۲) (مجازاً) دو متضاد حالتوں کے درمیان ہونا؛ متذبذب ہونا؛ ڈانواں ڈول ہونا؛ شش و پنج میں ہونا۔

Penduline : (a) [mod. L. 'pendulinus.'] (۱) ایسی چڑیا سے متعلق جو معلق گھونسلہ بناتی ہے؛ (پرندہ) لٹکا ہوا گھونسلا بنانے والا۔ (۲) معلق؛ لٹکا ہوا (گھونسلا)۔

Penduline : (n) لٹکا ہوا گھونسلا بنانے والا ایک چھوٹا پرندہ۔

Penduline titmouse : (n) جنوبی اور مشرقی یورپ کا ایک چھوٹا پرندہ۔

Pendulousity : (n) حالت تعلیق؛ حالت آویختہ؛ حالت لرزاں۔

Pendulous : (a) [L. 'pendulus.'] دیکھو Pendulant

Pendulously : (adv.) لٹکتے ہوئے؛ آویزاں طور پر؛ لرزاں انداز میں۔

Pendulousness : (n) لرزش؛ لٹکن؛ جنبش۔

Pendulum : (n) [Med. L. 'pendulum.'] (۱) رقاصۂ (ساعت) لٹکن؛ لنگر؛ شاقول؛ پنسال؛ پنڈولم (ساعتیات) رقاص؛ لنگڑ۔ (۲) (لفظاً و مجازاً) جنباں؛ لرزاں؛ رقصاں شے یا شخص۔

Compensation pendulum: (طبیعیات) متلافی رقاص؛ متوازن لنگڑ؛ آلۂ توازن۔

Compound pendulum : (طبیعیات) مرکب رقاص؛ مخلوط رقاص۔

Conical pendulum : (طبیعیات) مخروطی رقاص۔

Control pendulum : (ساعتیات) ضابط رقاص۔

Mercurial pendulum : (طبیعیات) سیمابی رقاص؛ وہ پنڈولم جس کی گولی پارے کی ہو۔

Simple pendulum : (طبیعیات) سادہ رقاص۔

Spherical pendulum : (۱) دیکھو Conical pendulum۔ (۲) دیکھو Ballistic pendulum۔

Swing of the pendulum : انتخاب کنند گان کا سیاسی جماعتوں میں رد و بدل کرنے کا رجحان۔

Pendulum-ball/-bob : (n) رقاص کی گولی۔

Pendulum cannon/ -stroke : (n) بلیرڈ کے کھیل میں ایک ضرب جس سے گیند دونوں گیندوں کو چھوتی ہوئی نکل جاتی ہے جو پاکٹ کے منہ پر پھنسی ہوتی ہیں۔

Pendulum chronoscope : (n) (ساعتیات) رقاص وقت نما۔

Pendulum clock :(n) وہ گھڑی، جو پنڈولم کے سہارے چلتی ہے؛ رقاص گھڑی۔

Pendulum level : (n) شاقول کی سطح؛ پنسال کا لیول۔

Pendulum wheel : (n) گھڑی کا وہ پرزہ جو اس کی باقاعدہ حرکت کو قائم رکھتا ہے۔

Pene- : (Prefix) [L. 'pene.'] لاحقہ بہ معنی "تقریباً"۔

Pene-contemporaneous : (a) تقریباً ہم عہدی؛ تقریباً ہم عصری؛ تقریباً یک زمانی۔

Penelope : (n) [Gr. 'penelope.'] (۱) یونان قدیم میں یولی سس کی بیوی کا نام؛ عصمت مآب؛ عفت شعار؛ پاک شعار؛ پاک دامن بیوی؛ (سماجیات) زن عفیف۔ (۲) (حیوانیات) جنوبی امریکا کا ایک قسم کا پرندہ۔

Penelopean : (a) مکڑی کے جالے کی طرح بنا ہوا؛ مکڑی کے جالے کا؛ عفت مآبی سے متعلق۔

Penelopine : (a) (حیوانیات) جنوبی امریکا کے ایک پرندے سے متعلق۔

Peneplain/-plane : (n) تقریباً مسطح زمین؛ (ارضیات) ریختی میدان۔

Penetrability : (n) [med. L. 'penetrabilitas.'] اثر پذیری؛ گھسنے، داخل ہونے یا نفوذ کی صلاحیت؛ حلول پذیری؛

(طبیعیات) دخول پذیری ؛ نفوذ پذیری ؛ قابلیت رسوخ ؛ مفہومیت ۔

Penetrable : (a) [L. 'penetrabilis.'] گھسنے یا داخل ہونے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ تداخل پذیر ؛ نفوذ پذیر ۔

Penetrableness : (n) دیکھو Penetrability

Penetralia : (n) [L. 'penetralia.'] کسی عمارت کا سب سے اندرونی حصہ ؛ گھر کا خاص کر معبد کا سب سے اندرونی حصہ ؛ اندرون حرم ؛ نہایت پوشیدہ مقام یا چیز ۔

Penetrance : (n) (حیاتیات) دخولیت ؛ جینی تاثر ۔

Penetrant : (a) [L. 'penetrare.'] (۱) گھسنے والا ؛ کسی چیز میں راستہ بنانے والا ؛ چھیدنے والا ۔ (۲) (مجازاً) تیز فہم ؛ زود فہم ؛ تیز ؛ نوک دار ؛ نکی ؛ تیز ؛ حسّاس ؛ دقیق ؛ باریک ۔

Penetrate : (v) [L. 'penetrane.'] (۱) گھسنا ؛ گھس جانا ؛ داخل ہونا ؛ پیٹھنا ؛ چھیدنا ؛ چبھنا ؛ نفوذ کرنا ؛ رچنا ؛ بسنا ۔ (۲) گذر نا ؛ آر پار جانا یا ہونا ؛ سرایت کرنا ؛ اثر کرنا ؛ رگ و پے میں پیوست ہونا ؛ جذب ہونا یا کرنا ؛ دل و دماغ میں بسا نا ۔ (۳) شرابور کر دینا ؛ رنگنا ؛ رنگ چڑھا نا ؛ (شخص یا شے کو) کسی رنگ میں رنگ دینا ۔ (۴) راستہ بنا لینا یا کسی ذریعہ سے راہ پیدا کرنا ؛ داخلہ حاصل کر لینا ؛ رسائی حاصل کرنا ؛ سبیل پیدا کرنا ۔ (۵) سرایت کرنا ؛ گھس جانا ؛ (کسی چیز سے) ملا ہوا ہونا ؛ متصل ہونا ۔ (۶) اثر کرنا ۔ (دل کو) لگنا ۔ (۷) تہ کو پہنچنا ؛ کنہہ کو پہنچنا ؛ تاڑ لینا (کسی بات یا منصوبے وغیرہ کو) ؛ پتہ چلا لینا ؛ معلوم کرنا ؛ منکشف کرنا ؛ افشا کرنا ؛ ادراک کرنا ؛ شاخت کرنا ؛ سمجھ جانا ۔

Penetrating : (a) (۱) چبھنے والا ؛ گھسنے والا ؛ چھیدنے والا ؛ خارق ؛ نافذ ۔ (۲) تیز ؛ تیز فہم ؛ زود فہم ؛ نکی ؛ معاملہ فہم ۔ (۳) (نفسیات) موثر ؛ نکی ۔

Penetratingly : (adv.) چھیدتے ہوئے ؛ چبھتے ہوئے ؛ تیزی سے ؛ معاملہ فہمی سے ۔

Penetration : (n) [L. 'penetratio.'] (۱) داخل ہونے کی عمل ؛ گھسنے کا عمل ؛ دخول ؛ نفوذ ؛ افتراق ؛ داخل ہونا ؛ گھسنا ؛ نفوذ ہونا ۔ (۲) (طبعی فلسفہ) ایک ہی وقت میں دو شخص کے ذریعہ ایک ہی جگہ پر قبضہ ۔ (۳) دخول کی طاقت ؛ نفوذ کی قوت ۔ (۴) (بندوق) وہ گہرائی جہاں تک بُلیٹ وغیرہ داخل ہو ۔ (۵) (بصریات) آلۂ بصری کی طاقت یا قوت ۔ (۶) (مجازاً) دقت نظر ؛ بصیرت ؛ درک ؛ ذہانت ؛ تیزی ؛ نکاوت ؛ دور رسی ؛ نکتہ رسی ؛ فہم کی رسائی ؛ تیز فہمی ؛ زیرکی ؛ فراست ۔

Penetration of dimension : (n) (طبعی فلسفہ) اک ہی وقت میں دو شخص کے ذریعہ ایک ہی جگہ پر قبضہ ۔

Penetration of a telescope : (n) قوت دوربین ؛ طاقت دوربین ۔

Penetratrive : (a) [med. L. 'penetrativus.'] نافذ ؛ سوراخ کنندہ ؛ چبھنے والا ؛ گھسنے والا ؛ چھیدنے والا ؛ چبھتی ہوئی ؛ دل خراش ۔ (۲) نکی ؛ ذہین ؛ زود فہم ؛ ہوشیار ؛ بصیرت رکھنے والا ؛ تیز ۔ (۳) (مجازاً) ذہنی قوت والا ؛ عقلاً ذہین ۔

Penetratival : (adv.) (۱) چھیدتے ہوئے ؛ چبھتے ہوئے ؛ نفوذ کے طور پر ؛ فضول کے طور پر ۔ (۲) تیزی کے ساتھ ؛ زود فہمی کے طور پر ؛ نکاوت کے ساتھ ؛ تیزی سے ۔

Penetrativeness : (n) دخول ؛ نفوذ ؛ داخل ہونے کی حالت یا صفت ؛ (طبیعیات) طاقت دخول ۔

Penetrativity : (n) داخل ہونے کی صفت یا حالت ؛ دخول ؛ نفوذ ؛ (طبیعیات) طاقت دخول ۔

Penetrator : (n) (۱) گھسنے والا ؛ داخل ہونے والا ؛ نفوذ کرنے والا ؛ وہ شخص جو گھستا ہے ۔ (۲) تہ تک پہنچنے والا ؛ تاڑ جانے والا ؛ تیز فہم ۔

Penetrometer : (n) (طبیعیات) لاشعاعی طاقت پیما ۔

Penfold : (n) (۱) جانوروں کے نہانے کا تالاب ۔ (۲) حد کے اندر رکھنا ۔ (۳) دیکھو Pin fold (n) ۔

Penfold : (v) (۱) حد کے اندر رکھنا ؛ تار میں رکھنا ۔ (۲) دیکھو Pin fold ۔

Penguin : (n) [Origin unkn.] ایک بحری پرندہ جو جنوبی علاقوں میں رہتا ہے ، اس کے بازو پنکھے دار ہوتے ہیں ، جن کی مدد سے وہ پانی کے نیچے تیر سکتا ہے ؛ (حیوانیات) بطریق ۔

Penguin duck : (n) بطخ کی ایک قسم ۔

Penguin grass : (n) فاک لینڈ (Folkland) جزیرے کی ایک لمبی خوش نما گھاس جو دلدلی زمین میں اُگتی ہے ۔

Penguinery / Penguinry : (n) پینگوئن کی جگہ ؛ پینگوئن کو پالنے کا مقام ۔

Pengun : (n) (اسکاٹ) بھوں کا کھلونہ ؛ پین گن ؛ پین نما بندوق (کھلونے کی) ۔

Penholder : (n) (۱) دستۂ قلم ؛ ہولڈر ۔ (۲) قلم رکھنے کی ریک ؛ قلم دان ۔

Penial : (a) (تشریح) ذکری ؛ آلۂ تناسل سے متعلق ؛(حیوانیات) کیری ؛ ذکری ؛ قضیبی ۔

Penial fistula : (n) (طبیعیات) ناسور قضیب ۔

Penicil : (n) [L. 'penecillus.'] (تاریخ طبعی) مڑے ہوئے بالوں کا چھوٹا گچھا (پینٹ برش کی مانند)(نباتیات، حیوانیات) جعد ؛ (آرٹ) موئے قلم ؛(جراحی) فتیلہ ؛(جراحی)رحم بند ۔

Penicillate : (a) [f. L. 'penicillus.'] (تاریخ طبعی) شعری ؛ جعدی ؛ جعد دار ؛ (نباتیات ، حیوانیات) موئے قلمی ؛ جعدی ؛ مخطّط ؛ دھاری دار ۔

Penicilliform : (a) [mod. L. 'penecilliformis.' f. 'penicillus.'] موئے قلم کی طرح کا ؛ مانند مو قلم ۔

Penicillin : (n) [f.mod. L. Penicillium.'] (کیمیا) پنسلین ؛ کیمیائی طور پر ؛ ضد نامیات سے متعلق کوئی گروپ ۔

Penicillum : (n) (نباتیات) جعدی فطر ؛ (حیوانیات) جعدی اُبھار ۔

Peninsula : (n) [L. 'peninsula.'] (ارضیات) جزیرہ نما ۔

The pensula : جزیرہ نمائے اسپین اور پرتگال ۔

Peninsular : (a) (۱) جزیرہ نما کا ؛ جزیرہ نما کے متعلق ۔ (۲)جزیرہ نمائے اسپین اور پرتگال کے متعلق ۔ (۳) جنگ جزیرہ نما کے متعلق ؛ اس جنگ کے متعلق جو جزیرہ نما ئے اسپین اور پرتگال میں انگریزوں اور فرانسیسیوں کے درمیان ۱۸۰۸ ء اور ۱۸۱۴ ء کے درمیان ہوئی تھی ۔

Peninsular : (n) (۱) اہل جزیرہ نما ۔ (۲) جنگ جزیرہ نما کا سپاہی۔

Peninsular soldier : (n) وہ سپاہی جو جزیرہ نمائی جنگ میں (مابین ۱۸۰۸ اور ۱۸۱۴ ء) شریک تھا ۔

Peninsulate : (v) جزیرہ نما بنانا ؛جزیرہ نما میں تقسیم کرنا ؛ خشکی کے کسی قطعہ کو جزیرہ نما کی شکل میں تبدیل کرنا ۔

Penis : (n) [L.] (تشریح)قضیب ؛ ذکر؛ لنگ ؛آلۂ تناسل ؛عضوتناسل؛ کسی نر حیوان کا داخل کرنے والا مباشرتی عضو ۔

Bulb of penis : (تشریح) بصلۂ قضیبی ۔

Penis : (a) (تشریح) قضیبی ؛ ذکری ۔

Penistone : (n) (۱) یارک شائر میں ایک چھوٹے قصبے کا نام ۔(۲) دیکھو Peniston flag ۔

Peniston flag : (n) فٹ پاتھ وغیرہ بنانے کے لئے ریتیلے پتھر کی سل ۔

Penistence : (n) [L. 'paenitentia.'] (دینیات)توبہ ؛ استغفار ؛ ندامت ؛ شرمساری ؛ انفعالی پچھتاوا ؛ پشیمانی ؛ تائب ہونے کی حالت ۔

Penitent : (a) [L. 'penitnet.'] (۱) نادم ؛ تائب ؛ پشیمان ؛ متاسف ؛ محزوں ؛ ندامت آمیز ؛ منفعل ۔ (۲) (اشیاء کا) پر معنی ندامت ۔ (۳) ندامت کرنے والا ۔

Penitent : (n) (۱)تائب ہونے والا؛ وہ شخص جو نادم ہوتا ہے ؛شرمندہ ہونے والا ؛ گناہوں سے توبہ کرنے والا ۔ (۲) کسی پادری کے حسب ہدایت گناہوں کے کفارہ کے لئے عقوبت نفس جھیلنے والا ؛ (جمع) کلیسائے روم میں توبہ کنندگان کے مدارج ۔

Penitent-form : (n) بینچ جس پر بیٹھ کر گنہگار توبہ کرتے ہیں ۔

Penitential : (a) [late L. 'penitentialis.'] (۱) ندامتی؛ انفعالی ؛توبہ سے متعلق ؛ توبہ آمیز ؛ ندامت آمیز ؛ توبہ کارانہ ۔ (۲) پشیمانی کی فطرت کا ؛ شرمندگی کی عادت سے متعلق ؛ کسی پادری کے زیر ہدایت گناہوں کے کفارہ سے متعلق ۔

Penitential : (n) (۱) توبہ کرنے والا ؛ تائب ہونے والا ۔ (۲) مسیحیوں کی توبہ کی ایک کتاب ۔ (۳) (جمع)Penitential psalms کا مخفف ۔ (۴) ماتمی لباس ؛ سیاہ لباس ؛ (بول چال) ۔

Peniteintial psalms : (n) مزامیراستغفاری ؛ مناجات توبہ و استغفار ؛ (میزامیر نمبر ۱۳۲ ، ۱۳۰ ، ۱۰۲ ، ۵۱ ، ۳۲ ، ۳۳ ، ۶) ۔

Penitential robe : (n) عوامی استغفار کا عبا ۔

Penitentially : (adv.) ازراہ توبہ و استغفار ؛ ندامت و شرمندگی کے طور پر ۔

Penitentiary : (a) [med. L. 'penitentialrius.'] (۱) استغفاری ؛ ندامتی ؛ توبہ کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) متعلق بہ عقوبت نفس ؛ عقوبت نفس جھیلنے والا ۔(۳) مجرموں کی سزا و اصلاح کے متعلق ۔ (۴) قید کے ذریعہ لائق سزا (امریکا) ۔

Penitentiary : (n) [med. L. 'penitentiarius.'] (۱)دفتر توبہ(پاپائی عدالت میں وہ دفتر جہاں معاملات توبہ کا فیصلہ ہوتا ہے)۔(۲) توبہ گاہ : (تائب بیسواؤں کے لئے) توبہ خانہ ۔ (۳) اصلاحی قید خانہ ۔(۴)مذہبی سلسلہ کا رکن جو اس نام سے پکارا جاتا ہے ۔(۵) وہ شخص جو معاملات توبہ کو نپٹانے کے لئے مقررکیاجائے ۔(۶) (امریکا) قیدخانہ ۔

Grand ,High (Chief,Great Penitentiary : افسر تائبین : وہ افسر جو تائبین یا عقوبت نفس سے متعلق انتظام کرتا ہے ۔

Penitently : (adv.) ازراہ توبہ : ازروئے استغفار : پشیمانی سے : ندامت کے طور پر : شرمندگی کے ساتھ ۔

Penknife : (n) [Late ME.] چھوٹا چاقو : جیبی چاقو : قلم تراش ۔

Penman: (n) (۱)دستاویز نقل کرنے والا: کلرک :کرانی۔ (۲) اہل قلم : مصنف : ادیب ۔(۳) انشانویس : خوش نویس : خطاط : منشی ۔

Penmanship : (n) لکھنے کا عمل : ہنر نویسندگی : روش خطاطی : روش نویسی : فن نگارش : شیوۂ نگارش ۔

Penman of God /-the Holy Ghost : (n) صحیفہ نویس ۔

Penna : (n) [L.] (۱)(حیوانیات) شاہ پر۔(۲)(حیوانیات) بال : پر ۔

Pennant : (n) (۱)(جہاز رانی) دیکھو(n)Pendant ۔(۲) مثلث پرچم کی ایک قسم ۔(۳)(امریکا) امتیازی جھنڈا : اعزازی لِوا ۔

Pennant : (n) حلقہ دار طناب کوتاہ ۔

Pennati - : [L. 'pennatus.'] جزوترکیبی : "پردار : پرنما"۔

Pennatifid : (n) پردار : پر نما ۔

Pennatulcean : (a) [mod. L. 'pennatulacea.'] کثیر پا سے متعلق : ادنیٰ قسم کا نظام جسمانی رکھنے والے جانوروں کی ایک قسم سے متعلق ۔

Pennatulacean : (n) ادنیٰ قسم کا نظام جسمانی رکھنے والے جانوروں کی ایک قسم ۔

Pennatulaceous : (a) کثیر پا سے متعلق : ادنیٰ قسم کا نظام جسمانی رکھنے والے جانوروں کی ایک قسم سے متعلق ۔

Pennatulid : (n) مار ماہی کی ایک قسم ۔

Penned/Pend : (a) لکھا ہوا(قلم سے) مرقوم : تحریر کردہ ۔

Penner : (n) لکھنے والا : نویسندہ : نگار ندہ : خطاط ۔

Penni- : [L. 'penna.'] سابقہ بہ معنی "پر"۔

Penniferous : (a) [L. 'pennifer '] پروالا : پردار ۔

Penniform : (a) [mod. L. 'penniformis.'] (تاریخ طبعی) پر نما : پر پیکر : پر صورت ۔

Pennigerous : (a) [L. 'penniger.'] پردار : پر والا ۔

Penniless : (a) [L. Penni + less.] مفلس: قلاش :نادر :محتاج غریب : فقیر : بغیر پیسے کا ۔

Pennilessly : (adv.) مفلسی کے ساتھ : قلاشی کے طور پر : ناداری سے ۔

Pennilesness : (n) مفلسی : محتاجی : ناداری : غریبی ۔

Pennill : (n) [Welsh.] (۱) (عموماً جمع میں) ایک قسم کی فی البدیہہ نظم جو بر بط پر گائی جائے ۔(۲) ایسی نظم کا کوئی بند ۔

Penninervate : (a) (نباتیات) پر رگ ۔

Penninerved : (a) دیکھو Penninervate

Pennisetum : (n) (نباتیات) جنس باجرا : باجرا ۔

Pennisetum Typhoideum : (n) (نباتیات) باجرا ۔

Penniveined : (a) (نباتیات) دیکھو Penninerved

Pennon : (n) [Fr. 'pennon.'] (۱)مثلث پرچم کی ایک قسم ۔(۲) پرچم : نشان : رایت : لوا : بیرق : جھنڈا : (خصوصاً) رسالوں کا فوجی نشان ۔(۳) (مجازاً) جھنڈے کی شکل کی کسی چیز کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ۔(۴) جہاز کا لمبا نوک دار بیرق : جھنڈا (اسے Pendant بھی کہتے ہیں)۔ (۵) (شاعرانہ) بازو : پر : شہ پر ۔

Pennoned : (a) رایتی : لوائی : بیرقی : جھنڈے دار ۔

Penny : (n) [OE. 'penig.'] پینی : انگلستان کا ایک سکہ جوشلنگ کے بارھویں حصہ کے برابر ہے : جمع میں دو سے لے کر گیارہ تک کے اعداد اور بیس کے عدد کے ساتھ متصلاً لکھا جاتا ہے اور بقیہ اعداد کے ساتھ الگ لکھا جاتا ہے : (مثلاً Eighteenpence, Sixpence) ہندسی عداد میں 'd'

Penny-a-line : (a) سستے داموں کی (تصنیف) : سطحی اور غیر سنجیدہ (تحریر) : ارزاں ؛ پست ۔

Penny-a-liner : (n) سستا اور سطحی مصنف ؛ ارزاں لکھنے والا ؛ قلم کا مزدور (پریس کے لئے) مزدور اہل قلم ۔

Penny-bank : (n) وہ بہت بینک جس میں معمولی رقم بھی جمع کی جاتی ہو ۔

Penny boat / -bus / -gaff : (n) ایک قسم کا کھیل ۔

Penny-cress : (n) (نباتیات) خردل پارسی ؛ قدومۂ کوہی ؛ ایک قسم کا پودا ۔

Penny dog : (n) ایک قسم کی چھوٹی شارک مچھلی ۔

Penny dreadful : (n) سستی سنسنی خیز کتابیں ۔

Penny farthing : (n) (بول چال) قدیم طرز کی ایک سائیکل جس کا ایک پہیا چھوٹا اور دوسرا بڑا ہو ۔

Penny father : (n) بخیل ؛ کنجوس ؛ ممسک ۔

Penny fee : (n) (اسکاٹستانی) پینی کی ادائیگی ؛ روپے میں مزدوری کی ادائیگی ۔

Penny fish : (n) ایک سمندری مچھلی جو کھائی جاتی ہے ۔

Penny flower : (n) ایک قسم کا یورپی پودا ۔

Penny grass : (n) دیکھو Penny-cress

Penny-in-the-slot : (a) ایسی مشین سے متعلق جس میں پینی ڈال کر چیزیں بر آمد کی جاتی ہیں ۔

Penny newspaper/-bun : (n) سستا سنسنی خیز اخبار ۔

Penny pieces : (n) پینی کے برابر کا سکہ ؛ پینی ۔

Penny post / Penny-post : (n) (۱) پینی ڈاک ؛ ترسیل خطوط بہ معاوضہ ایک پینی ۔ (۲) ایک قسم کی امریکی گھاس ۔

Penny-postage : (n) خطوط کا محصول جس کا معاوضہ ایک پینی ہو ۔

Penny-royal : (n) (نباتیات) قسم پودینا ؛ پودینا ؛ حسبق ؛ پودنہ ؛ پونہ رسمی ۔

Bastard or False penny-royal : شمالی امریکا کے دو پودوں

لکھا جاتا ہے مثلاً '6d.' یہ 'd' دراصل Denarius کا مخفف ہے ؛ رقم جو ایک پینی کے سکوں پر مشتمل ہو تو جمع Pennies آتا ہے ۔

A bad penny-worth : خراب سودا ؛ گھاٹے کا سودا ۔

A good penny-worth : اچھا سودا ؛ نفع یا فائدے کا سودا ۔

A penny for your thoughts : میں کچھ نذر کرنے کو تیار ہوں اگر یہ معلوم ہو جائے کہ آپ کیا سوچ رہے ہیں ؛ (یہ ایسے شخص سے کہا جاتا ہے جو اپنے خیالات میں مستغرق یا کسی سوچ میں ڈوبا ہوا ہو) ۔

A penny plain and two pence coloured : ارزاں نمود و نمائش پر طعن ۔

A penny saved is a penny gained (got , earned) : جو بچاتا ہے وہ حاصل کرتا ہے ۔

A pretty (fine, etc.) penny : معقول رقم ؛ رقم خطیر (نفع یا خرچ کے اعتبار سے) ۔

Five penny , Ten penny (etc.) nails : کیلوں کا پیمانہ (پہلے کسی زمانہ میں ان کی قیمت پانچ پینی ، دس پینی سیکڑہ تھی) ۔

In for a penny , in for a pound : جو کام ایک بار شروع کیا جائے اسے ختم کر کے چھوڑا جائے خواہ کچھ ہی کیوں نہ ہو جائے ۔

No paternoster , no penny : کام نہیں دام نہیں ؛ بغیر کام کے پیسہ نہیں ۔

Not a penny worth : ذرا بھی نہیں ؛ ہیچ ؛ بے قیمت ۔

Peter's penny : (تاریخ) سالانہ پاپائی خراج ؛ یہ سالانہ خراج پاپائی ہے جو پاپائی خزانے میں داخل کیا جاتا ہے (سنہ ۱۸۶۰ء سے) ۔

Take care of the pence : کفایت شعاری سے کام لو ۔

Take care of the pence and the pounds will take care of themselves : قطرہ قطرہ دریا می شود ؛ تھوڑا تھوڑا بہت ہو جاتا ہے ۔

To turn an honest penny : ادھر اُدھر سے کچھ کما لینا ۔

Wall penny wort : دیواری پینی ورٹ ۔

کے نام ۔

Penny-royal water : (n) پودینے سے تیار کی ہوئی شراب ۔

Penny trumpet : (n) بگل (کھلونا) جس کی قیمت ایک پینی ہو ۔

Penny wedding : (n) وہ شادی جس کے تفریحی اخراجات میں مہمان تعاون کرتے ہیں ۔

Penny-weight : (n) ایک پینی کا وزن : ۲۴ رتّی : ۲۴ گرین : ایک اونس کا بیسواں حصہ ۔

Penny-wise : (phr.) اس شخص کے متعلق جو چھوٹے چھوٹے اخراجات میں محتاط ہو : صرفہ جو ۔

Penny-wise (and) pound-foolish : (phr) اشرفیوں کی لوٹ اور کوئلوں پر مہر ۔

Penny-wisdom : (a) چھوٹے چھوٹے اخراجات میں محتاط ہونے سے متعلق یا اس کی صفت ۔

Penny wort : (n) (نباتیات) قدح مریم : ایک پودا جس کے پتّے گول اور مجوف ہیں اور جو دیواروں کی درزوں اور چٹانوں کے شگافوں میں اُگتا ہے ۔

Penny worth/Pen-n'orth : (n) (۱) ارزش یک پینی : جس قدر ایک پینی میں خرید سکیں : اتنا جتنا ایک پینی کی قیمت ہو ۔ (۲) (مجازاً) رقم : خصوصاً بہت ہی کم مقدار یا معمولی رقم ۔ (۳) روپے کی قیمت : ایک رقم کی مقدار : چیز جو خریدی جائے : معاملہ : سودا ۔

At a (good , etc.) penny worth : سودائے خوب یا ارزاں ، گراں ۔

Penological : (a) تعزیراتی : انسداد جرائم اور سزا کے سائنٹیفک مطالعہ سے متعلق : قید و بند اور اس کے انتظام کے معاملہ سے متعلق ۔

Penogist : (n) تعزیریات دان : ماہر تعزیرات ۔

Penology : (n) [L. 'poena' + Logy.] تعزیرات : انسداد جرائم اور سزا کا سائنٹیفک مطالعہ : علم سزائے قانون : کیفر شناسی ۔

Pensee : (n) [Fr. 'pensee.'] خیال : نظر : تعقل : ادبی موضوع : رائے : معنی ۔

Penseroso : (a) [Fr. 'pensier . '] تفکر پسند : غور و فکر : مراقبہ کا : افسردہ : پژمردہ : اداس : محزوں : غم گین : غم ناک : حسرت ناک ۔

Penseroso : (n) غم گین آدمی : مغموم شخص : حسرت ناک شخصیت ۔

Pensile : (a) [L. 'pensilis.'] (۱) آویزاں : معلق : لٹکتا ہوا : لہراتا ہوا : جھولتا ہوا ۔ (۲) ہوا میں لٹکتا ہوا : محرابی شکل کا ۔ (۳) معلق گھونسلا بنانے والا (پرندہ) ۔

Pensile nest : (n) (حیوانیات) آشیانۂ معلق ۔

Pension : (n) [L. 'pensio.'] (۱) (کلیسا) کلیسائی وقف یا جاگیر میں سے ایک مقررادائیگی ۔ (۲) پنشن : وظیفہ (ملازمین کی خدمات کا) : امداد : اعانت : مقررہ وظیفہ یا الاؤنس ۔ (۳) وظیفہ : امداد (غیر ملازم اہل علم وغیرہ کی) ۔ (۴) شاہی عہدیدار یا ماتحت کو لگاتار وظیفہ : سائنس، آرٹس وغیرہ کے علوم کے لئے وظیفہ ۔ (۵) حکومت یا کمپنی وغیرہ کی طرف سے سالانہ وظیفہ یا عطیہ : گذشتہ خدمات کی بنا پر سرکار یا کمپنی یا کسی ادارہ کی طرف سے سالیانہ ۔ (۶) دارالاقامہ : اقامت خانہ : بورڈنگ ہاؤس ۔ (۷) Gray's Inn کے ارکان کی مجلس مشاورت ۔

Old age pension : وظیفہ ضعیفی (مزدوروں اور غریبوں کے لئے ایک خاص عمر کے بعد) ۔

To live on pension : دارالاقامہ میں رہنا : بورڈنگ ہاؤس میں رہنا ۔

Pension : (v) (۱) دارالاقامہ میں رہنا : بورڈنگ ہاؤس میں رہنا : اقامت اختیار کرنا ۔ (۲) پنشن یا وظیفہ دینا : وظیفہ مقرر کرنا ۔

To pension off : (v) پنشن دے کر الگ کرنا : پنشن دے کر ملازمت سے سبکدوش کرنا ۔

Pensionable : (a) قابل وظیفہ (ملازمت وغیرہ) : وظیفہ کے لائق ۔

Pensionary : (n) [med. L. 'pensionarius.'] (۱) پنشن پانے والا : وظیفہ خوار ۔ (۲) (Du. 'pensionaris.') ڈچ شہر کا چیف میونسپل مجسٹریٹ جو قانونی مشیر کار ہوا کرتا تھا ۔

Grand pensionary : (تاریخ) ہالینڈ اور نیوزی لینڈ (ہالستان اور زیستان) کا وزیر اعظم (۱۶۱۹ء سے ۱۷۴۹ء تک) ۔

Pensionary : (n) [med. L. 'pensionaria.'] وظیفہ خواروں کے رہنے کی جگہ : اولاً کیمبرج میں انڈر گریجویٹس کے رہنے کی جگہ ۔

Pensionary : (a) [med. L. 'pensionarius.'] (۱) وہ چیز جو وظیفہ

میں ملے ؛ کرائے کا ؛ بھاڑے کا ؛ ضمیر فروش ۔ (۲) وظیفہ خواری ؛ پنشن کا ؛ وظیفہ کی عادت کا ۔

Pensioner : (n) [med.L. 'pensionarius.'] (۱) پنشن پانے والا ؛ وظیفہ خوار ؛ وظیفہ یاب ؛ پنشن خوار ؛ پنشن یاب ۔ (۲) وہ شخص جو گذشتہ خدمات کی بنیاد پر وظیفہ پاتا ہو ؛ خصوصاً Chelsea اور گرین وچ کا مکین۔ (۳) (جامعہ کیمبرج) انڈر گریجویٹ جو اپنے کھانے کے دام خود دیتا ہے یعنی وظیفہ خوار نہیں ہے ؛ رعایتی فیس دینے والا طالب علم ۔

Pensionnaire : (n) [med. L. 'pensionarius.'] (۱) وظیفہ خوار؛ وظیفہ یاب ؛ پنشن پانے والا ۔ (۲) وہ جو فرانس کے "لا جنگ ہاؤس" میں ٹھہرتا ہے ؛ فرانس کے اداروں میں قیام کرنے والا ۔ (۳) Comedie Francaise کا جونیر رکن ۔

Pensive : (a) [L. 'pensare.'] (۱) متفکر ؛ فکر مند ۔ (۲) غم گین ؛ مغموم ؛ دل گیر ؛ اداس ؛ افسردہ ؛ محزوں ۔

Pensively : (adv.) غمگینی سے ؛ فکر مندی سے ؛ اداسی کے ساتھ ؛ افسردگی کے ساتھ ۔

Pensiveness : (n) تفکر ؛ فکر مندی ؛ دل گیری ؛ اداسی ؛ افسردگی ؛ غم گینی ۔

Penstock : (n) (۱) سلوس ؛ (تالاب یا پانی کے خزانے وغیرہ کے) پانی کو روکنے یا منظم کرنے کا آلہ ؛ (انجینیئرنگ) آب بند ؛ آب گیرہ ۔ (۲) دیکھو Pentrough (U.S.) ۔ (۳) ایک ٹیوب جس کے ذریعہ پانی چرخاب میں منتقل کیا جاتا ہے ۔ (۴) پمپ کے بیرل کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ۔

Pent : (n) [Short for Pent-House.] ڈھلوان چھت ؛ چھجّا ۔

Pent : (a) (۱) محصور ؛ مسدود ؛ محبوس ؛ مقید (اکثر 'in' اور 'up' کے ساتھ) ۔ (۲) جگہ کا ؛ کمرے کا ؛ گھرا ہوا ۔

Pent-road : (n) ایک عام راستہ جسے گیٹ وغیرہ سے بند کر دیا گیا ہو ۔

Pent-roof : (n) سائبان ؛ چھجّا ۔

Penta- : (Prefix) [Gr. 'penti.'] سابقہ بہ معنی پنج ؛ پانچ ؛ پنج گنا ۔

Pentabasic : (a) (کیمیا) پانچ ذروں والا یا قابل تبدیل ہائیڈروجن کا ۔

Pentacapsular : (a) پانچ کیپسول والا ۔

Pentacarpellary : (a) (نباتیات) پنج بقچوی ۔

Pentachenium : (a) (نباتیات) پنج ثمرکہ ۔

Pentachord : (a) (موسیقی) پنج تارا (ایک آلۂ موسیقی جس میں پانچ تار ہوتے ہیں) ۔

Pentachromic : (a) (مابعد الطبیعیات) پنج رنگ بین ؛ پنج رنگی ؛ پانچ رنگ کا ۔

Pentacle : (n) [med. L. 'pentaculum.'] جادوگری کا ایک نشان خصوصاً چھ کرنی تارہ ؛ پنج کرنی تارہ ؛ تعویز پنج نوکہ ۔

Pentactinal : (a) (۱) پنج کرنہ ۔ (۲) (حیوانیات) پنج پرہ سوزن ۔

Pentacrinie : (n) [mod. L. 'pentacarinus.'] متحجر سوسن ۔

Pentacrinoid : (a) متحجر سوسن کا ؛ متحجر سوسنی ۔

Pentacrinoid : (n) متحجر صنف سوسنیہ ۔

Pentact : (a) پنج شعاعی ۔

Pentacyclic : (a) (نباتیات) پنج حلقوی ؛ پنج کوٹ ۔

Pentad : (n) [Gr. 'pentas.'] (۱) پانچ کا عدد ؛ پانچ کا ہندسہ ؛ پانچ کا گروہ ۔ (۲) پانچ سال کی مدت ۔ (۳) (کیمیا) وہ عنصر جو پانچ سالمات کی اتصالی قوت رکھتا ہو؛ پنج گرفتہ ۔

Pentadactyl/ -e : (a) پنج انگشتی ؛ پنج انگلیا ؛ (حیوانیات) پنج انگشتہ۔

Pentadactyl/ -e : (n) وہ آدمی یا حیوان جس کے ہاتھ پاؤں میں پانچ پانچ انگلیاں یا پانچ پانچ انگوٹھے ہوں ۔

Pentadactylate : (a) (حیوانیات) پنجہ دار ۔

Pentadactyle limb : (n) (حیوانیات) پنج پنکھ ؛ پنج انگشتی عضو ۔

Pentadactylic : (a) پنج انگشتی ۔

Pentadactylism : (n) پنج انگلیاپن ۔

Pentadactylous : (a) پنج انگشتی ۔

Pentadeca- / Pentadec- : (Prefix) [Gr. 'pentekaideka.'] سابقہ بمعنی "پندرہ" ۔

Pentadecane : (n) [late Gr.'pentadeka.'] (کیمیا) ایک قسم کا پیرافین ($C_{15}H_{32}$) ۔

Pentadecine : (n) (کیمیا) ایک قسم کا ہائیڈروکاربن ($C_{15}H_{28}$)۔

Pentadecyl : (n) (کیمیا) کسی مرکب میں وہ جوہر یا عنصر جو تمام کیمیاوی تغیرات کے بعد باقی رہے : جزومستقل($C_{15}H_{31}$)۔

Pentadelphous : (a) (نباتیات) پنج بند ۔

Pentadic : (a) (کیمیا) پنج گرفتہ کی طرح۔

Pentadicity : (n) پنج گرفتہ ہونے کی صورت حال۔

Pentafid : (a) [L. - 'fidus.'] (نباتیات) پنج شگافی۔

Pentaglot : (a) پنج زبانہ : پنج زبانی۔

Pentaglot : (n) پانچ زبانیں بولنے والا ۔

Pentagon : (n) [late L. 'pentagonum.'] (۱) (ہندسہ) ذو خمسۃ الزوایا : مخمس : پنج گوشہ شکل : پنج گوشہ۔
(۲)(فوج) امریکی فوجی طاقت۔ (۳) (قلعہ) پنج گوشہ قلعہ : پنج کونہ۔

The pentagon : (n) واشنگٹن کی وہ پنج گوشہ عمارت جو امریکی محکمہ دفاع کا صدر دفتر ہے : کنایتاً امریکی فوجی لیڈروں کے لئے بھی مستعمل ۔

Pentagonal : (a) [med. L. 'pentagonalis.'] (ہندسہ) پنج کونی : مخمسی : پنج سطحی : پانچ زاویوں والا : پنج اضلاعی ۔

Pentagonal numbers : (n) ترتیب اعداد کی ایک قسم۔

Pentagonally : (adv.) مخمس کے طور پر : پنج گوشہ کے طور پر۔

Pentagram : (n) [Gr. 'pentagrammon.'] پنج کرنی ستارہ : پنج نوکی شکل : پنج کرنی تارہ (مخمس کے اضلاع کو اتنا بڑھانا کہ وہ ایک دوسرے کو قطع کریں، اس تقاطع سے جو شکل پیدا ہوتی ہے وہ پنج کرنی تارہ کہلاتی ہے : یہ شکل کسی زمانہ میں پر اسرار نشانی خیال کی جاتی تھی)۔

Pentagraph : (n) (میکانیات) نقل نگار ۔

Pentagynia : (n) پنج حقہ : پنج بقچہ (بقچۂ گل) : (نباتیات) پنج بقچیت : پنج مادیت ۔

Pentagynian : (a) پنج حقی : پنج بقچوی۔

Pentagynous : (a) دیکھو Pentagynian

Pentahaloid : (a) (کیمیا) سالمہ میں ہالوجن کے پانچ جوہروں (ایٹم) والا۔

Pentahedral / Pentaedral : (a) (نباتیات) پنج رخہ : پنج رخی : پانچ شکلوں والا : (ہندسہ) پنج سطحی ۔

Pentahedron : (n) پنج رخی شکل : (ہندسہ) خماسی السطوح : پنج سطحی جسم ۔

Pentalogy : (n) (فلسفہ) خمسیّت : نظریہ خمسیت : پنج گانگی۔

Pentalpha : (n) [Gr. 'pentalpha.'] دیکھو Pentacle

Pentameral : (a) پنج پارہ : پنج رکنہ ۔

Pentameran : (n) پنج رکنہ بتھوڑا۔

Pentamerism : (n) (حیاتیات) پنج رکنیت : پنج پارہ ہونے کی حالت ۔

Pentamerous / -marous : (a) (۱) (نباتیات) تنا وغیرہ کے گرد پتوں کے پانچ حلقے رکھنے والا(پودا): پنج پارہ ۔ (۲)(حیاتیات) پانچ جوڑ رکھنے والا : پانچ رکنہ ۔

Pentameter : (n) [L. 'pentameter.'] (۱)(لاطینی اور یونانی عروض کا) ایک خاص رکن۔ (۲) (حیاتیات) پانچ رکنی شعر۔ (۳) مرثیہ یا نوحہ کی بحر۔ (۴) دس رکنی انگریزی زرمیہ نظم۔ (۵) ایک قسم کی Dactyllic سطر جس میں دو برابر حصے ہوتے ہیں اور ہر حصے میں دو رکن اور ایک لمبی ہجا ہوتی ہے۔

Pentameter : (a) پنج رکنی : پانچ رکن کی شکل کا۔

Pentandria : (n) [Gr.] (نباتیات) پنج نر پوریے ۔

Pentandrian : (a) (نباتیات) پنج نری : پنج نرہ : پنج زر ریشی ۔

Pentandrous : (a) دیکھو Pentandrian

Pentane : (n) [Gr. 'pente' + -Ane] (کیمیا) پانتان : پارافین کا ہائیڈروکاربن (ایک بے رنگ رقیق شے جو پٹرول میں پائی جاتی ہے (C_5H_{12}): اسے Quintane اور Pentyl hydride بھی کہا جاتا ہے۔

Pentangle : (n) [med. L. 'pentagulum.'] دیکھو Pentagram

Pentangular : (a) (ہندسہ) خماسی الزاویا : پنج گوشہ : پنج کونی : پانچ زاویوں والا ۔

Pentapetalous : (a) (نباتیات) پنج پنکھڑیا ؛ پنج گل برگہ ؛ پانچ پتوں والا۔

Pentapetes : (a) (نباتیات) دو پہری ۔

Pentaphyllous : (a) (نباتیات) پنج برگہ ؛ پانچ پتیوں والا ۔

Pentaploid : (a) پنج لونیہ ۔

Pentapody : (n) [Gr. 'pentapous.'] پنج رکنی نظم ۔

Pentapolis : (n) اجتماع پنج شہر ؛ پانچ شہروں کا گروپ ۔

Pentapolitan : (a) اجتماع پنج شہر کا ؛ پانچ شہروں کے گروپ کا ۔

Pentapterous : (a) پنج پرہ ؛ پانچ بازو والا ۔

Pentaptote : (n) (قواعد) پانچ حالتوں والا اسم ۔

Pentaptych : (n) منقش پردہ (قربان گاہ کا) ۔

Pentarch : (n) [Late Gr. 'pente + arche.'] (۱) پنج گانہ شہر کا رئیس ؛ پانچ اضلاع کے اجتماع کا رئیس ۔ (۲) پنج نفری حکومت ۔ (۳) پانچ اشخاص کی گورننگ باڈی کا ایک رکن ۔

Pentarch : (a) (نباتیات) پنج خشبہ ریشی ؛ پنج رشتوی ۔

Pentarchy : (n) (۱) پانچ حکمرانوں کی حکومت ؛ پنج شاہی ؛ پانچ اضلاع کا اجتماع یا گروپ ۔ (۲) پانچ اشخاص کی حکومت ؛ پانچ نفر کی گورننگ باڈی (نیز مجازاً) ۔ (۳) (نباتیات) پنج عملی ۔ (۴) (مابعد الطبیعیات) اتحاد حواس خمسہ ۔

Pentarsic : (a) (عروض) پنج تاکیدی ۔

Pentasepalous : (a) (نباتیات) پنج پھول پتیا ؛ پنج سبلہ ؛ پنج کاسہ ۔

Pentaspermous : (a) (نباتیات) پنج تخمہ ۔

Pentastich : (n) [mod. L. 'pentastichus.'] (عروض) مخمس ؛ پنج بیتی نظم ۔

Pentastichous : (a) (نباتیات) پنج قطارہ ؛ پنج منزلہ ؛ پنج بیتی ۔

Pentastom(e) : (n) [mod. L. 'pentastomum.'] (حیوانیات) ایک قسم کا جانور ۔

Pentastomous : (a) پانچ منہ والا ۔

Pentastyle : (a) (تعمیرات) پنج ستونہ ۔

Pentastyle : (n) پنج ستونی محل ۔

Pentasyllabic : (a) [late L. 'pentasyllabus.'] پنج رکنی ؛ پنج رکن تہجی کا ؛ پنج ہجائی ۔

Pentasyllable : (n) پانچ رکن تہجی کاحرف ؛پنج رکنی حرف؛پنج ہجا ۔

Pentateuch : (n) [eccl. L. 'pentateuchus.'] (دینیات) خمسۂ موسیٰ؛ صحف موسیٰ ؛ عہد عتیق کی کتابیں جو روایتاً حضرت موسیٰ کی طرف منسوب ہیں ؛ Old Testament کی پانچ ابتدائی کتابیں ؛ کتب پنج گانہ توریت ؛ عہد عتیق ۔

Pentateuchal : (a) صحف موسیٰ کا ؛ان پانچ کتابوں کا یا اس سے متعلق ۔

Pentathionate : (n) پنٹا تھیونک ایسڈ کا نمک ۔

Pentathionic : (a) (کیمیا) ایک قسم کے ایسڈ ($H_2 S_5 O_6$) سے متعلق ۔

Pentathionic acid : (n) (کیمیا) ایک قسم کا ایسڈ ($H_2 S_5 O_6$) ۔

Pentathlete : (n) [Gr. 'pentathletes.'] (۱) قدیم یونان میں ایک مخصوص ورزشی کھیل میں شریک ہونے والا ۔ (۲) نئے اولمپک کھیلوں کی ایک مخصوص قسم میں شریک ہونے والا ۔

Pentathlon : (n) (۱)قدیم یونان میں ایک قسم کا ورزشی کھیل جس میں پانچ کھیل شامل ہوتے ہیں ۔ (۲) نئے اولمپک میں ایک قسم کا کھیل جس میں پانچ کھیل شامل ہوتے ہیں ۔

Pentathlum : (n) (یونان اور قدیم روم) پانچ ورزشی کھیل میں شریک ہونے والا ۔

Pentathomic : (a) (۱)(کیمیا) پنج جوہرہ ؛ پنج گرفتہ ؛ پانچ سالمی (جس میں پانچ سالمے ہوتے ہوں) ۔ (۲) دیکھو Penpentavalent ۔

Pentatonic : (a) (موسیقی) پنج سُرا ؛ پنج آہنگی ۔

Pentatonic scale : (n) (موسیقی) پنج سُراسرگم ۔

Pentavaccine : (n) (طب) پنج مرضی و یکسین ؛پنج مرضی ٹیکا ۔

Pentavalent : (a) (کیمیا) ہائیڈروجن کے پانچ سالمات کی اتصالی قوت رکھنے والا ؛ پنج گرفتہ ۔

Penteconta- : (Prefix) [Gr. 'pentakonta.'] جزو کلمہ بہ معنی "پچاس" .

Penteconter : (n) [Gr. 'pentakonte.'] (یونان قدیم) پچاس نفری فوج کا کمانڈر .

Penteconter :(n) (یونان قدیم) پچاس چپوؤں والا بار بردار جہاز .

Pentecost : (n) [OE. 'pentecosten.'] (۱) یوم خمیس : یہودیوں کا ایک فصلی تہوار جو عید گزراں یا عید گذاشتہ (Passover) کے یوم دوم کے پچاس دن ہوتا ہے (کتاب الثلاث باب ۲۳ آیات ۱۵.۱۶) . (۲) عیسائیوں کا ایک تہوار جو ایسٹر کے بعد ساتویں اتوار کو منایا جاتا ہے : سفید اتوار جس میں اصطباغ کی رسم ادا ہوتی تھی اور سفید کپڑے پہنے جاتے تھے . (۳) طور سینا پر دس احکام کے نزول کی سالگرہ .(۴) (تلمیح) مقدس روح کا تحفہ .

Pentecostal : (n) (اکثر جمع میں) نذر ، جو انگریزی کلیسا میں پادری کو دی جاتی ہے .

Pentecostal : (a) یوم خمیس کا یا اس سے متعلق .

Pentecostys/ Pentekosty : (n) [Gr. 'pentekostus.'] (یونان قدیم) اسپارٹا کی فوج کے پچاس آدمیوں کی ایک جماعت .

Pentelic : (a) [L. 'pentelicus.'] ایتھنز کے قریب پنتلیکوس پہاڑ کا یا اس سے متعلق .

Pentene : (n) پیرافین کی ایک قسم (C_5H_{10}) .

Penthemimer : (n) [Late L. 'penthemimeres.'] (عروض) پانچ آدھے ارکان کا مجموعہ خصوصاً پنج رکنی سطر کا کوئی آدھا حصہ یا چھ رکنی سطر کا پہلا حصہ جبکہ وقفہ تیسرے رکن کے بیچ میں ہو .

Penthemimeral : (a) (عروض) تیسرے رکن کے درمیانی وقفہ سے متعلق .

Penthouse/ Pentice : (n) [ME. 'pentis.'] (۱) (تعمیرات) سائبان : اُسارا : بر آمدہ : چھجا . (۲) پال : نم گیرہ : شامیانہ : سائبان کی طرح کی کوئی چیز : چھتر : منڈپ : آفتاب گیر . (۳) (مجازاً) سائبان کی مانند کسی چیز کے متعلق استعمال ہوتا ہے (مثلاً آنکھ کی بھوں) . (۴) ایک علاحدہ فلیٹ یا مکان جو کسی اونچی عمارت کی چھت پر واقع ہو .

Penthouse : (v) سائبان بنانا : شامیانہ کی طرح بنانا : سائبان کی طرح بنانا : سائبان کی طرح بنانا .

Pentinine/Pentylene : (n) پائیڈرو کاربن کی ایک قسم (C_5H_8).

Pentode : (a) (برقیات) پنج برقیری والا : پنج برقیریہ .

Pentode : (n) پنج برقیری .

Pentoic : (a) چربی دار ایسڈ کے لئے استعمال ہوتا ہے .

Pentone / Pentoene : (n) پائیڈرو کاربن کی ایک قسم .

Pentonville : (n) لندن کا قید خانہ جو اس اصول کے تحت بنایا گیا تھا کہ ہر قیدی کو الگ کمرے میں رکھا جائے.

Pentose : (n) (کیمیا) پنٹوس : پنج کاربنی شکر .

Pentoxide : (n) ایک قسم کا دوہرا مرکب .

Pentrough : (n) لگن : طشت : نل یا آب ریز جو پن چکیوں کے پہیوں میں پانی منتقل کرنے کے لئے بنایا گیا ہو .

Pentstemon / Pen(t)stemon/ : (n) [Mod. L. 'pentstemon'] (نباتیات) خوش رنگ پھول والا ایک باغاتی پودا .

Pentyl : (n) کسی مرکب میں وہ جوہر یا عنصر جو تمام کیمیاوی تغیرات کے بعد باقی رہے :جزو مستقل .

Pentylic : (a) جزو مستقل کا .

Penult : (a) [Origin abbrev. of Penultima , Penultimate.] ماقبل آخر (اب خاص کر سائنٹیفک) .

Penult : (n) (قواعد) ماقبل آخر رکن : ماقبل آخر بول .

Penultim(e) : (a & n) [L. 'paenultimus. '] (۱)ماقبل آخر:ماقبل آخر رکن والا . (۲) دیکھو Penultimate .

Penultima : (n) [L. 'paenultima.'] ماقبل آخر رکن .

Penultimate : (a) [L. 'paenultimus.'] ماقبل آخر (خصوصاً سائنٹیفک اور ٹیکنیکل) نیز ماقبل آخر رکن والا .

Penultimate : (n) ماقبل آخر تلفظ :ماقبل آخر ہجا : کسی سلسلے کا ماقبل آخر رکن .

Penultimate cell : (n) (خلیہ) ماقبل آخر خلیہ .

Penumbra : (n) [mod. L.] (۱) شعشہ : جزوی سایہ : ظل مشرب: نیم سایہ : نیم ظلمت : نیم ظلمات : دھندلا سایہ .

(۲) کسوف و خسوف کے گرد دھندلا سایہ ۔ (۳) داغ شمسی کا بیرونی روشن تر حصہ ۔ (۴) (روشنی) ظل ناقص؛ نیم سایہ ؛ (علم النجوم) ظل ناقص ؛ ظل خفیف ؛ (علم النجوم) حول داغ شمسی ۔ (۵) (مجازاً) جزوی سایہ ۔

Penurious : (a) [med. L.'penuriosus.'] (۱) ضرورت مند ؛ مفلس؛ قلاش ؛ نادر ؛ محتاج ؛ (نیز مجازاً) ۔ (۲) کنجوس ؛ خسیس ؛ ممسک ؛ بخیل ؛ کفایت شعار ؛ بے مرضی کا ؛ بے دلی کا ۔ (۳) کم ؛ تھوڑا ؛ قلیل ؛ غیر بار آور ؛ ذلیل؛ حقیر ؛ ادنیٰ ؛ فرومایہ ۔

Penuriously : (adv.) مفلسانہ ؛ خسیسانہ ؛ بخل سے ۔

Penuriousness : (n) (۱) تنگ دستی ؛ افلاس ؛ غربت ؛ محتاجی ؛ قلّت ؛ کنجوسی؛ خسّت ۔

Penury : (n) [L. 'penuria.'] (۱) احتیاج ؛ فقر؛ تنگ دستی ؛ مفلسی ؛ محتاجی ۔ (۲) قلّت ؛ کمی ؛ بخل ؛ امساک ۔

Peon : (n) [Pg. 'peao.'] (۱) (ہندوستان میں) پیدل فوج ؛ پیادہ ۔ (۲) دیسی سپاہی ؛ دیہی سپاہی ۔ (۳) نوکر ؛ خدمتگار؛ چہراسی ؛ قاصد ؛ مذکوری ؛ ہرکارہ ؛ دستکی ۔ (۴) (اسپینی امریکا میں) دن کا مزدور ۔ (۵) (جنوبی امریکا میں) گھوڑے کا رہنمائی کرنے والا آدمی یا لڑکا ۔ (۶) (میکسیکو میں) غلام مقروض ؛ غلام مدیون ۔

Peonage/ Peonism : (n) چہراسی گری ؛ مذکوری گری ؛ چہراسی کا کام ؛ خدمت ہرکارہ ؛ غلام کے استعمال کا طریقہ ؛میکسیکو میں خاص کر مقروض غلام کی حالت ۔

Peony/ Paeony : (n) [OE. 'peonic.'] (نباتیات) عودالصلیب ؛ شقائق بربر ؛ شقائق نعمان (ایک پودا جس کے پھول گول ہوتے ہیں اور رنگ سفید یا سرخ) ۔

Peony : (a) گہرا سرخ (خاص کر عارض کی تازگی اور گلابیت)۔

People : (n) [ME. 'pepie, poeple , people .'] (۱) دیکھو Folk ۔ (۲) (جمع) قوم ؛ نسل ۔ (۳) لوگ ؛ آدمی؛ افراد ؛ افراد قوم ؛ ملت ؛ ملل ؛ طائفہ ۔ (۴) کسی جگہ کے افراد ؛ خاص مجمع ؛ انجمن ؛ مجلس ؛ سبھا ؛ کمپنی ؛ جماعت ۔ (۵) باشندے ؛ اہل ملک ؛ اہل قبیلہ ۔ (۶) رعایا ؛ رعیت ؛ (بادشاہ یا فرماں روا کی)خدا کے بندے یا عیسیٰ مسیح کے فرماں بردار ؛ پادریوں کا اجتماع (جمع) ۔ (۷)مخلوق ؛ عامتہ الناس ؛ عوام الناس ؛ خلقت ؛ خلق اللّٰہ؛ عام گروہ ؛ خلق خدا (جمع میں) ۔ (۸) حشم و خدم ؛ خدمت گار ؛ نوکر چاکر (جمع میں) ۔ (۹) عزیز و عقارب ؛ بھائی بند ؛ فرقہ ؛ قبیلہ ؛ خانوادہ ؛ برادری ؛ گروہ ؛ والدین ؛ بھائی بہن (جمع میں) ۔ (۱۰)(سیاسیات) (مجموعی طور پر) رائے دہندے ؛ جماعت رائے دہندگان یا تعلیم یافتہ شہری ؛ رائے دینے والے لوگ (خاص کر جمہوری ریاست میں) ۔ (۱۱) اعلیٰ افراد ۔ (۱۲)خدمت گاروں کی جماعت ؛ مسلح پیروکار ۔ (۱۳) غیر متعین طور پر مرد یا عورتیں ؛ اشخاص (جمع میں) ۔ (۱۴) (پرزور طریقے پر) انسان ؛ بشر ۔ (۱۵) ذی روح مخلوق (شاعری یا بدیع) ۔ (۱۶)(بغیر تلکید کے) فرنچ یا جرمن (بول چال) ۔ (۱۷) (جمع) آباد ؛ معمور ۔

Good people : اجتماع سے خطاب کرنے کا ایک مہذب طریقہ ۔

The little people /Good- : پریاں ۔

People : (v) [Fr. 'peupler.'] (۱) بسانا ؛ آباد کرنا ؛ بسنا ؛آبادھونا ۔ (۲) معمور کرنا ؛ بھرنا ؛ فراہم کرنا (مویشی یا ساماں) ۔ (۳) خیال کرنا ؛ تصور کرنا ؛ تصویر کھینچنا (آبادی سے بھری ہوئی) ۔ (۴) قبضہ کرنا (باشندے کے طور پر) ؛ آبادی قائم کرنا ؛ آبادی سے بھر دینا (کسی ملک کو) ۔ (۵) (مجازاً) جاندار یا غیر جاندار چیزوں سے معمور کرنا یا بسانا ۔ (۶) آبادی بڑھانا ؛ آبادی کا بڑھنا ؛ کثر آبادی کا ہونا ۔

Peopled : (v) لوگوں سے بھرا ہوا ؛ آدمیوں کے ذریعہ قبضہ کیا ہوا ؛ آباد کیا ہوا ؛ باشندوں سے بھراہوا ؛ بود و باش رکھے ہوئے ؛ سکونت پذیر ۔

Peopleless : (n) غیر آباد ؛ لوگوں سے خالی ۔

Peopler : (n) آباد کرنے والا ؛ بسانے والا ؛ آباد کار ؛ مستعمر ؛ آبادگر ۔

People's palace : (n) مشرقی لندن کاادارہ(اس میں مزدوروں کے واسطے کتب خانہ ؛ دارالتفریح اور تعلیمی جماعتیں ہیں) ۔

Pep : (n) [Abbrev. of Pepper.'] (امریکا عامیانہ) توانائی ؛ تاب و توان ؛ سکت ؛ مستعدی ؛ سرگرمی ؛زور ۔

Pep : (v) (۱) تحریک کرنا ؛ سرگرمی دکھانا ۔ (۲) طاقت و قوت سے بھر دینا ۔

Pep-pill : (n) تحریک پیدا کرنے والی ٹکیا یا قرص ؛ حبّ تحریک ۔

Pep-talk : (n) گفتگو یا تقریر جس سے سننے والوں میں جرأت و ہمت پیدا ہو ۔

Pepful : (a) قوی ؛ طاقت ور ؛چاق و چوبند ؛ مضبوط ؛ پٹّا کٹّا ۔

Peperino/Pip- : (n) [It. 'pepere.'] (ارضیات) فحمی چٹان ؛ پلکی

ریتیلی (عموماً بھوری) آتشی چٹان ؛ خارہ آتش فشانی ؛ راکھی چٹان ۔

Pepino : (n) [Sp.] (نباتیات) کھیرا ؛ خیار ۔

Peplos/ Peplus : (n) [Gr. 'Peplos'.] یونان قدیم میں عورتوں کی ایک شال ۔

Peplum : (n) [L.] (۱) دیکھو Peplos ۔ (۲) ایک قسم کا زنانہ لباس ۔

Pepo/ Peponmida : (n) [L. 'pipo.'] (نب) کدوویہ ؛ کوئی مغزدار پھل (مثلاً تربوزہ ، خربوزہ وغیرہ) ۔

Peponium : (n) (نباتیات) جنس کدو ؛ کدو ۔

Pepper : (n) [OE. 'piper.'] (۱) کالی مرچ ؛ سیاہ مرچ ؛ گول مرچ ؛ فلفل ۔ (۲) سیاہ مرچ کا پودا ۔ (۳) (مجازاً) چرچرا ؛ چرچری چیز ؛ تیز ۔ (۴) کنایہ آمیز اظہار ۔

African pepper : ایک قسم کی افریقی سیاہ مرچ ۔

Bell pepper : (n) سرخ مرچ ۔

Black pepper : (n) فلفل سیاہ ؛ کالی مرچ (پودا) ۔

Chilli-pepper : (n) ۔ Pepper-tree دیکھو (۲) دیکھو Chilli ۔ (۱)

Chinese pepper : (n) دیکھو Japanese pepper

Cyanne pepper : (n) تتیا مرچ ۔

Guinea pepper : (۱) دیکھو Guinea ۔
(۲) دیکھو African pepper ۔

Japanese pepper : جاپان اور چین کی ایک مرچ ۔

Long pepper : (n) (نباتیات) پیپلا ؛ دراز فلفل ؛ مگھاں ۔

Melegueta pepper : ایک قسم کی مرچ ۔

White pepper : (n) فلفل سفید ؛ دکھنی مرچ ؛ سفید مرچ (یہ فلفل سیاہ کے پختہ ثمر ہوتے ہیں جن پر کم و بیش چھلکا اترا ہوا ہوتا ہے) ۔

Pepper : (v) (۱) مرچیں چھڑکنا ؛ مرچیں ڈالنا ؛ مرچ کی طرح چھڑکنا (نیز مجازاً) ۔ (۲) (سطح پر) اس طرح چھڑکنا جیسے سیاہ مرچ چھڑکا ہوا ہو ؛ چھڑکاؤ کرنا ؛ چھڑکنا ؛ بکھیڑنا ؛ منتشر کرنا ؛ (نیز مجازاً) ۔ (۳) گولیوں اور پتھروں کی بوچھار کرنا (لغوی و مجازی) ۔ (۴) گولی داغنا ؛ فائر کرنا ۔ (۳) سخت سزا دینا ؛ پیٹنا ؛ زد و کوب کرنا ؛ کندی کرنا ۔ (۵) حدت پیدا کرنا ؛ تیزی دکھلانا ؛ مسالے دار بنانا ؛ چٹ پٹ بنانا (تحریر و تقریر کو) ۔

Pepper Alley : (n) لندن کی ایک گلی کا نام ۔

Pepper-and-salt : (n) ایک قسم کا کپڑا جو سیاہ اور ہلکے رنگ کے اون کو ملا کر بنایا جاتا ہے نیز اس سے بنا یا ہوا لباس ۔

Pepper-and-salt : (a) فلفل نمکی ؛ پارچہ نمکی ؛ رنگ فلفل نمکی ۔

Pepper-box : (n) (۱) مرچ دان (جس کے ڈھکن میں چھڑکنے کے لئے سوراخ ہوتے ہیں) ؛ فلفل دان ؛ فلفل پاش ۔ (۲) (حقارتاً) چھوٹا مینار ؛ ایٹن (Eton) کے Fives court (ایک کھیل کا میدان) کا بے قاعدہ دمامہ ؛ بے قاعدہ پشتہ ۔ (۳) (مجازاً) آتشی مزاج ؛ تند خو ۔

Pepper-cake : (n) ادرک ڈالی ہوئی میٹھی ٹکیا کا مقامی نام ۔

Pepper-castor/ -caster : (n) (۱) مرچ دانی ؛ مرچ پاش ۔ (۲) مرچ چھڑکنے کے لئے ایک قسم کا چھوٹا برتن ۔ (۳) (عامیانہ) ریوالور ۔

Pepper grass : (n) (۱) (نباتیات) تُرہ ؛ تیزک ؛ رشاد ۔ (۲) دیکھو Pillowort ۔

Pepper mill : (n) سیاہ مرچ پیسنے کی چھوٹی دستی مشین ۔

Pepper moth : (n) فلفل زدہ کیڑا ۔

Pepper plant : (n) سیاہ مرچ کا پودا ؛ ایک قسم کا پودا ۔

Pepper pod : (n) ایک قسم کے پودے کی پھلی ۔

Pepper-pot : (n) (۱) دیکھو Pepper-box ۔ (۲) (ویسٹ انڈیز میں) گوشت کا سالن جس میں سرخ مرچ شامل ہو ۔

Pepper root : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Pepper sauce : (n) ترشی فلفل ؛ ایک قسم کا مسالا یا چٹنی ۔

Pepper-tree : (n) (۱) جنوبی امریکا کا ایک سدا بہار درخت ۔ (۲) آسٹریلیا اور تسمانیا کا ایک قسم کا درخت جس کا پھل سیاہ مرچ کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Pepper wort : (n) (۱) کلھو کی ایک قسم ۔ (۲) ایک قسم کا درخت ۔ (۳) نعنع آبی ۔

Peppercorn : (n) (۱) (نباتیات) فلفل : فلفل دانہ ۔(۲) دانۂ سیاہ مرچ جو بہ طور کرایہ دیا جاتا تھا (یورپ میں جس زمانہ میں سیاہ مرچ نہایت گراں تھی تو مکان وغیرہ کے کرایہ میں سیاہ مرچ کے دانے ادا کئے جاتے تھے) ۔ (۳) (مجازاً به طور صفت) برائے نام : نہایت کم ۔

Peppercorn rent : (n) برائے نام کرایہ : نہایت کم کرایہ ۔

Peppered : (a) سیاہ مرچ چھڑکا ہوا : فلفل سے نمکین کیا ہوا : فلفل زدہ : فلفل کے دانے کے مانند چھوٹے نقطوں سے مزین کیا ہوا : (بندوق کی) گولی کے ساتھ پھینکا ہوا ۔

Pepperer : (n) (۱) مرچ چھڑکنے والا : فلفل فروش ۔ (۲) (مجازاً) تند خوآدمی : گرم مزاج شخص ۔

Pepperidge/ -age : (n) (۱) Pipperidge کا متبادل ۔ (۲) (امریکا) سیاہ گوند : (شمالی امریکا میں) ایک قسم کا درخت جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے ۔

Pepperily : (adv.) تیز مزاجی : تند خوئی کے ساتھ ۔

Pepperiness : (n) تند مزاجی : تند خوئی : آتش مزاجی ۔

Peppermint : (n) (۱) پودینے کی ایک قسم : پودینۂ فلفلی : نعنع فلفلی ۔ (۲) روغن پودینۂ فلفلی ۔ (۳) لوز نعنع : قرص نعنع : پیپر منٹ ۔ (۴) آسٹریلیا کے مختلف درختوں کے نام ۔

Peppermint-camphor : (n) دیکھو Menthol

Peppermint drop/ -lozenge : (n) قرص نعنع : پیپرمنٹ ۔

Peppermint tree : (n) آسٹریلیا کے مختلف درختوں کے نام جس سے تیل نکالے جاتے ہیں اور جس کی خوشبو پیر منٹ کی خوشبو جیسی ہوتی ہے ۔

Peppery : (a) (۱) مرچ کا : فلفلی سا : مرچ بھرا ہوا ۔(۲)(مجازاً)(تحریر و تقریر) چبھتی ہوئی : دل دوز ۔ (۳) (مجازاً شخص وغیرہ) چڑچڑا : گرم مزاج : آتش مزاج : تیز مزاج : تند و تیز : تند خو : آتشی : تیز ۔

Peppy : (a) طاقت سے بھرا ہوا : طاقت ور ۔

Pepsin / -ine : (n) [G. 'pepsin.'] (کیمیا) جوہر عصیر معدہ : جوہر ہاضم : پیپسین : یہ ایک خمیرہ (Fermer) ہے جو معدی ترشے میں پیدا ہوتا ہے اور جس سے غذا کے ہضم ہونے میں آسانی ہوتی ہے ۔

Pepsinate : (v) پیپسین کے ساتھ مخلوط کرنا ۔

Peptic : (a) [Gr. 'peptikos.'] (۱) دیکھو Eupeptic ۔ (۲) دیکھو Digestive ۔ (۳) (طب)اچھا ہاضمہ دار: (کیمیا) پیپسین ۔

Peptic /-al : (n) (۱) ہاضم دوا: جوہر ہاضم ۔ (۲) (جمع) آلات ہاضمہ : اعضائے ہاضمہ (مزاج) ۔

Peptic digestion : (n) معدودی ہاضمہ : شکمی ہاضمہ ۔

Peptic glands : (n) (۱) (تشریح) غدود ہاضمہ : غدود (جو معداوی ترشہ پیدا کرتے ہیں) ۔

Peptic ulcer : (n) (طب) ناسور معدہ ۔

Peptician : (n) اچھا ہاضمہ والا : وہ شخص جس کا ہاضمہ بہتر ہو ۔

Pepticity : (n) اچھا ہاضمہ ۔

Peptics : (n) (تشریح) اعضائے ہاضمہ ۔

Peptide : (n) [Gr. 'peptid.'] (حیاتی کیمیا) ببتید : پپتید: پپٹائڈ : مرکب جس میں دو یا دو سے زیادہ Amino-acids (حامض امینی) ایک دوسرے سے وابستہ ہوتے ہیں ۔

Peptisation : (n) (کیمیا) لسونت سازی ۔

Peptigen : (n) [Gr. 'peptos' + -gen.'] (کیمیا) جوہر ہاضم زا ۔

Peptogenic / Peptogenous : (a) پیپسین بنانے والا : جوہر ہاضم زائی ۔

Peptone : (n) [G.] پپتون : ایک قسم کا ایلبومنی مادہ (غذا کے نائٹروجنی اجزا پر پیپسین کے عمل سے یہ مادہ تیار ہوتا ہے) ۔

Peptonization / Peptonisation : (n) (کیمیا) پپتون سازی ۔

Peptonize : (n) (پروٹینی اجزاء کو) پپتون بنانا ۔

Peptonizer : (n) پپتون ساز ۔

Peptonoid : (a) پپتون جیسا : پپتون مانند ۔

Peptonuria : (n) (طب) پیشاب میں پپتون کا وجود ۔

Peptotoxin : (a) [Gr. 'peptos' + -toxin.] ہاضمہ کے دوران پپتون سے بنا ہوا زہر آلود القلی نما ۔

Per : (prep.) [Fr. 'par.'] (۱)فی: وار (مثلاً ماہ وار) آنہ (مثلاً ماہانہ): ہر ۔(۲) بذریعہ : به واسطہ : به وسیلہ (جیسے

(Per bearer, per post) : با . (۲) حسب : جیسے (Per invoice) .

Per- : سابقہ (فعل ، صفت وغیرہ کے ساتھ ملکر معنی پیدا کرتا ہے : (۱) میں سے : پورا : تمام جیسے (Perambulate, Peruade) وغیرہ . (۲) بہت : بالکل : مکمل طور پر : پوری طرح (فعل کے ساتھ) جیسے (Perfect , Perturb) وغیرہ . (۳) پورے طور پر متواتر : ہلاکت تک جیسے (Perish , Perdition) وغیرہ . (۴) مکمل طور پر : کاملاً (صفت اور متعلق فعل کے ساتھ) جیسے Perfervid وغیرہ . (۵) (کیمیا) ترکیب میں بعض عناصر کے انتہا کو ظاہر کرتا ہے دو عنصری ناموں میں جیسے (Perchloride , Peroxide) وغیرہ . (۶) ان صفات میں جن کے آخر میں "ic" آتا ہے جیسے (Perchloric) وغیرہ .

A shilling per man : ایک شیلنگ فی کس : ایک شیلنگ فی شخص (ایک ایک شیلنگ) .

As per usual : (مزاحاً) حسب معمول .

5 percent : پانچ فی صدی : پانچ فی صد : سو میں پانچ .

Per- : (Prefix) [Fr. 'par.'] (محاورہ میں) جو مفرد الفاظ میں ملا ہوا ہو جیسے Peradventure وغیرہ .

Per annum : (adv.) فی سال : سالانہ : ہر سال .

Per bearer : (adv.) بہ ذریعہ حامل (رقعہ) .

Per carrier : (adv.) قاصد کے ذریعہ .

Per capita : (adv.) (معاشیات ، قانون) فی کس : نفری .

Per chance : (adv.) (قدیم) شاید : اتفاقاً : قضارا .

Per consequence : (adv.) نتیجہ کے طور پر : اس سبب سے : اس وجہ سے : لہٰذا .

Per diem : (adv.)) روزانہ : ہر روز : یومیہ .

Per diem : (n) ہر دن کا حساب : روزانہ حساب (امریکا) .

Per my et per tout : (adv.) مشترکہ طور پر : سب کے سب .

Per pais /Per pays : (adv.) (قانون) وطن سے : ملک سے : ملکی طور پر .

Per pares : (adv.) (اپنے) رتبوں سے .

Per post : (adv.) ڈاک کے ذریعہ .

Per procurationem / Per procuration : (adv.) وکالتاً : غیر اصالتاً : بذریعۂ مختار (اکثر کسی فرم وغیرہ کی جانب سے دستاویز پر دستخط کے طور پر استعمال ہوتا ہے) : (قانون) بذریعہ مختار : وکالتاً .

Per-salt / Persalt : (n) (کیمیا) آسیدی خاصیت والا .

Per saltum : (adv.) فوراً : ایک ہچ جھپلے میں : ایک ہی سانس میں .

Per stripes : (adv.) Percapita کی ضد : (قانون) فی جماعت : فی گروہ : اجتماعی .

Peraccidens : (adv.) (۱) بہ ذریعہ حادثہ : غیر متوقع حالات کے ذریعہ . (۲) (منطق) قضیۂ کلی سے جزئی بنا دینے کے لئے استعمال ہوتا ہے .

Peradventure : (n) [ME. per or par anuenture] عدم یقینی : شبیہ : تذبذب : شک : غیر متیقن حالت : اتفاق : اتفاقی واقعہ : حادثہ : قیاس : ظن : اٹکل : اندازہ : امکان : احتمال .

Beyond , without (all) peradventure : بلا شبہ : بے شک : یقیناً : بدون تردید .

Peradventure : (adv.) (قدیم) شاید : اتفاقاً .

If lest peradventure : اگر اتفاقاً .

Perai/ Piraya : (n) [Tupi 'piraya.'] امریکی جھیلوں کی بسیار خور مچھلی .

Perambulate : (v) [L. 'perambulare.'] (۱) چلنا : سیر کرنا : گشت کرنا : مٹر گشت کرنا . (۲) حرکت کرنا : ٹہلنا . (۲) چل پھر کر دیکھنا : معائنہ کرنا (علاقے کا) سیاحت کرنا . (۳) سرکاری طور پر کسی مقام (جنگل ، جاگیر ، کلیسائی قلعہ وغیرہ کے) گرد قیام نگرانی کے لئے یا حد بندی کے لئے .

Perambulation : (n) [med. L. 'perambulatio.'] (۱) چلنے یا سیر کرنے کا عمل : سیر : سیاحت : گشت : پیدل سفر : طواف . (۲) کسی مقام یا علاقے کا معائنہ : پیمائش : گشت مساحی : پیمائش کا تحریری خلکہ : سروے کا تحریری شمار . (۳) حدود قائم کرنے کے لئے کسی مقام (جنگل جاگیر ، کلیسائی قلعہ وغیرہ) کے گرد سیر یا گشت : حدود بندی کا نشان یا ضرب . (۴) سیر و سیاحت کا ریکارڈ . (۵) گشت کے ذریعہ سرحد کا سراغ : حدود

رقبہ (ادبی اور مجازی) ۔

Perambulator : (n) [f. 'perambulate.] (۱)بچوں کی ہاتھ گاڑی (جو پیچھے سے ڈھکیلی جاتی ہے) ؛ بچہ گاڑی ۔(۲) فاصلہ پیما ؛ (پیمائش) فاصلہ پیما ؛ مسافت سنج ۔

Perambulatory : (a) (۱) سفری ؛ خانہ بدوش ؛ دورہ کرنے والی ۔ (۲) سیاحتی ؛ گشتی ۔

Perameles : (n) [mod. L.] (حیوانیات) (آسٹریلیا اور نیوگوائینا کا) ایک قسم کا تھیلی دار جانور ۔

Percale : (n) [Fr. 'percale.'] (۱) ایک قسم کا باریک سوتی کپڑا ؛ پرکال ۔ (۲) سترھویں اور اٹھارھویں صدی میں ویسٹ انڈیز کا ایک کپڑا ۔(۳) تن زیب کی طرح کا ایک کپڑا ۔

Percaline : (n) [Fr. 'percaline.'] (فرانس کا) ایک قسم کا چمک دار سوتی کپڑا ۔

Percarbide : (n) (کیمیا) ایک قسم کا مرکب جس میں دوسرے عنصر کی بہ نسبت کاربن کی زیادتی ہو ۔

Percarburetted : (a) زیادہ کاربن والا ۔

Perceive : (v) [L. 'percipere.'] (۱) معلوم کرنا ؛ محسوس کرنا ؛ درک کرنا ؛ سمجھنا ؛ بوجھنا ۔(۲) (حواس خمسہ سے) محسوس کرنا خصوصاً دیکھنا ؛ مشاہدہ کرنا ؛ ملاحظہ کرنا ؛ ملتفت ہونا ؛ متوجہ ہونا ۔(۳) واقف ہونا ؛ خبر رکھنا ؛ ادراک کرنا ۔

Perceived : (a) (نفسیات) مُدرک ؛ (عضویات) محسوس ۔

Perceivedly : (n) ادراک کے طور پر ؛ محسوس کرتے ہوئے ۔

Perceiver : (n) (نفسیات) مُدرِک ؛ دریافت کنندہ ؛ ادراک کرنے والا ۔

Percent : (n) فی صد ؛ فی سیکڑہ ۔

Percents : (n) (جمع) (خاص کر امریکی اسکول میں) فی صد ؛ فی سیکڑہ ۔

Percentage : (n) (۱)فی صد ؛ فی صدی ؛ فی صد شرح ۔(۲) (غیر فصیح طور پر) تناسب ۔

Percentile : (a) فی صد کا ؛ فی صد کے مطابق ؛ فی صد سے حساب لگایا ہوا ۔

Percentile : (n) اقدار (قیمتوں) کے سلسلوں کا وہ ہر ایک حصہ جو بہت بڑی مقدار کو سو کے برابر حصوں میں تقسیم کرنے سے حاصل ہو ۔

Percept : (n) [L. 'Perceptum'.] (۱) (فلسفہ) شے مُدرکہ ؛ مدرکہ (بہ خلاف عمل ادراک) ؛ درک شدہ چیز ۔(۲)(عضویات) محسوس ۔

Perceptibility : (n) قابلیت ؛ ادراک یا احساس وغیرہ ؛ (عضویات) محسوسیت (حساسیت) ؛ (نفسیات) درک پذیری ۔

Perceptible : (a) [late L. 'perceptibilis.] (نفسیات) درک پذیر ؛ قابلِ ادراک ؛ دریافتنی ؛ حسی ؛ مشہود ؛ ادراکی ؛ لائق احساس ؛ قابل فہم ؛ فہم پذیر ؛ جو سمجھا جا سکے ۔

Perceptibly : (adv.) محسوس طور پر ؛ قابل ادراک طور پر ۔

Perception : (n) [L. 'perceptio.'] (۱) تحصیل ؛ حصول ؛ وصولی کرایہ (اب صرف قانونی معنوں میں) ۔(۲) ادراک ؛ احساس ؛ مشاہدہ ؛ شعور ؛ تمیز ؛ دریافت ؛ علم ؛ حس ؛ سمجھ ؛ تصور ؛ دیکھنا ؛ خیال ؛ قیاس ؛ گمان ؛ تمیز طبعی ۔(۳)(فلسفہ) ادراک ؛ احساس ؛ وہ عمل جس کے ذریعہ دماغ اپنے احساسات کو اشیائے خارجہ کی طرف من حیث العلت رجوع کرتا ہے ؛ عمل ادراک ؛ عمل احساس ۔ (۴) (نفسیات) قوت ادراک ؛ قوت مدرکہ ۔ (۵) دیکھو Percept ۔

Faculty of perception : (نفسیات) قوت مدرکہ ؛ قوت ادراک ۔

Spatial perception : (نفسیات) ادراک مکان ۔

Time perception: (نفسیات) ادراک زمان ۔

Perception reflex : (n) (نفسیات) اضطرار ادراک ۔

Perception time : (n) (نفسیات) وقت ادراک ؛ وقفۂ ادراک ۔

Perceptional : (a) (نفسیات) ادراکی ؛ وابستہ بہ مشاہدہ یا احساس ؛ شعوری ؛ تمیزی ؛ حسّی ؛ تصوری ؛ خیالی ؛ قیاسی ۔

Perceptive : (a) [med. L. 'perceptivus.'] دیکھو Perceptional

Perceptive : (n) (جمع) ادراکی صلاحیت ؛ حساس اعضا ۔

Perceptive faculty : (n) (نفسیات) قوت مدرکہ ۔

Perceptivity : (n) ادراکیت ؛ ادراک ؛ احساسیت ؛ احساس ؛ شعوریت ؛ شعور ؛ قیاس ؛ (نفسیات) قوت مدرکہ ؛ فراست ۔

Perceptively : (adv.) ادراکاً ؛ احساساً ؛ شعوراً ؛ قیاساً ؛ ادراک کے طور پر ؛ ازروئے ادراک ؛ احساس کے ساتھ ؛ ازراہ احساس ۔

Perceptiveness : (n) دیکھو Perceptivity

Percepts : (n) (نفسیات) ادراکات ۔

Perceptual : (a) (نفسیات) ادراکی ۔

Perch : (n) [L. 'perca.'] ایک قسم کی یورپی مچھلی جو میٹھے پانی میں رہتی ہے ؛ (حیوانیات) خار ماہی ۔

Balck perch : (n) ایک قسم کی سیاہ مچھلی (Centropristis) ۔

Blue perch : دیکھو Burgall or Cunner .

Red perch : (n) ایک قسم کی مچھلی (Sebastes marinus) .

White perch : ایک قسم کی سفید مچھلی (Morone americana) .

Yellow perch : ایک قسم کی زرد مچھلی ۔

Perch : (n) [L. 'perlica.'] (۱) ایک لمبا ستون یا پول جو سمندر ، دریا وغیرہ میں نصب کیا جاتا ہے اور جو جہاز رانی کے نشان کے طور پر ہوتا ہے ۔ (۲) چوپہیا گاڑی کا ڈنڈا ۔ (۳) افقی ڈنڈا جو پرندوں کے بیٹھنے کے لئے نصب کیا جاتا ہے ؛ جکسی ؛ چوپ ؛ چھتری (پرندوں کے بیٹھنے کے لئے کوئی شے جس پر پرندہ بیٹھے) ۔ (۴) (مجازاً) کوئی بلند یا محفوظ مقام ۔ (۵) (بول چال) گاڑی میں ڈرائیور یا چالک کے بیٹھنے کے لئے اونچا مقام ؛ اونچی جگہ ۔ (۶) (پیمائش) جریب ؛ گنھا ؛ زمین کی پیمائش کا پیمانہ ساڑھے پانچ گز (Squire perch سوا تیس مربع گز) ۔ (۷) پتھر کی پیمائش کا ایک پیمانہ ۔

Bird takes its perch : پرندہ نیچے اترتا ہے ؛ ٹوٹتا ہے ؛ پر جوڑتا ہے ۔

To hop the perch : مرنا ؛ مر جانا ۔

To knock off one's perch : (کسی کو) گڑبڑا دینا ؛ شکست دینا ؛ پامال کر دینا ؛ غالب آنا ؛ فتح پانا ۔

To take one's perch : آرام کرنا ؛ اترنا ؛ گرنا ؛ نیچے اترنا ۔

Perch : (v) [Fr. 'percher.'] (۱) (پرندے کا کسی شاخ وغیرہ پر) اترنا ؛ چکس پر آرام کرنا (پرندہ کا) ۔ (۲) (شخص وغیرہ کا) قائم ہونا ؛ قیام پذیر ہونا ؛ (کسی شے پر) بیٹھنا ؛ کھڑا ہونا ؛ آرام کرنا ۔ (۳) کسی بلند مقام پر رکھنا یا قائم کرنا (Town perched on a hill) وغیرہ ۔ (۴) (لوم سے کپڑا) ڈنڈے ، چوب پر (جانچ کے مقصد سے) تاننا یا کھینچنا ۔

Perch : (a) بیٹھا ہوا ؛ کھڑا ہوا ؛ بلند زمین پر قائم کیا ہوا ۔

Percha : (n) Gutta-Percha کا مخفف ۔

Perched : (a) (۱) پرندے کی طرح چکس پر بیٹھا ہوا ؛ اونچے مقام پر قائم کیا ہوا ۔ (۲) چوپ سے آراستہ کیا ہوا ۔

Percher : (n) (۱) آدمی یا جانور جو اترتا ہے یا قیام پذیر ہوتا ہے ؛ مرغ چوب نشیں ۔ (۲) (خاص کر) پرندوں کو اتارنے والا ۔ (۳) کپڑوں کو تاننے والا ؛ وہ ملازم جو کپڑوں کو تاننے کا کام کرتا ہے ۔

Percheron : (n) (۱) پرشی کا تیز اور توانا گھوڑا ؛ پرشی گھوڑا ؛ پرشی راں ۔ (۲) فرانس کے ایک علاقے کا نام ۔

Perchlor-/Perchloro- : جزو کلمہ بہ معنی زیادہ کلورین (Chlorine) والا ۔

Perchlorate : (n) (کیمیا) کلوریدی ایسڈ کا ایک نمک ۔

Perchlorated : (a) کلوریدی ایسڈ کے نمک سے متعلق ۔

Perchloric : (a) (کیمیا) کلورین کا آکسیجن ایسڈ ($HClO_4$) جس میں آکسیجن کلورک ایسڈ ($HClO_3$) سے زیادہ ہو ؛ کلوریدی جس میں زیادہ کلورین ہو ۔

Perchloride : (n). کلورین کا ایک مرکب جس میں کلورین زیادہ ہوتا ہے ۔

Perchlorinated : (a) کلورین سے مرکب کیا ہوا ۔

Perchlorination : (n) کلورین مرکب کرنے کا ایک عمل ۔

Percidae : (n) ایک قسم کی خاردار مچھلی ۔

Perciform : (a) [mod. L.'perciformis.'] (مچھلیوں کا علم) ایک قسم کی مچھلی نما ؛ مچھلی کی شکل کا ۔

Percipience : (n) [Stem of L. 'perciper.'] حساسیت ؛ مدرکیت ؛ ادراک ؛ شعور ؛ فراست ؛ ادراک کرنے کا عمل ؛ (نفسیات) درک ؛ قوت مدرکہ ۔

Percipiency : (n) مدرک ہونے کی صفت ؛ ادراک کرنے کی صفت ؛ ادراک ؛ احساس ؛ حسّ تشخیص ۔

Percipient : (a) [Stem of L. 'percipere.'] حساس : احساس کے لائق : جو ادراک کرتا ہے : صاحب شعور : صاحب احساس : ہوش مند : باخبر .

Percipient : (n) (۱) (عضویات) مدرک . (۲) حساس شخص : مدرک شخص : خصوصاً (قلبی خبر رسانی میں) ماورائے احساس دیکھنے یا سمجھنے والا . (۳) (مابعد النفسیات) مدرک ماورا .

Percoid : (a) [L. 'perca.'] (مچھلیوں کا علم) خاردار مچھلی سے متعلق .

Percoid : (n) (حیوانیات) خارماہی : ایک قسم کی مچھلی .

Percoidean : (a) ایک قسم کی خاردار مچھلی سے متعلق .

Percoidean : (n) ایک قسم کی خاردار مچھلی .

Percoideous : (a) دیکھو Percoidean (a)

Percolate : (n) [f. 'Percolate (v).] (کیمیا) مقطر (مائع) .

Percolate : (v) [L. 'percolare.'] (۱) چونا : ٹپکنا : رسنا : چھننا : چھن چھن کے نیچے گرنا : نفوذ کرنا : تراوش کرنا . (۲) (مجازاً) راز فاش ہونا . (۳) ٹپکانا : چھاننا : نچوڑنا : کپڑے سے چھاننا .

Percolation : (n) ٹپکاؤ : رساؤ : نچوڑ : (کیمیا) نفوذ : تراوش : تقطیر .

Percolator : (n) (۱) نتھارنے والا : ٹپکانے والا . (۲) (کیمیا) راوق : صافی : پونی . (۳) چھننا : چھننی : ٹپکانے یا چھاننے کا آلہ .

Coffee percolator : صافی دار قہوہ جوش .

Percomorph : (a) [mod. L. 'percomorphi.'] (مچھلیوں کا علم) خاردار مچھلیوں کی ایک قسم سے متعلق .

Percomorph : (n) خاردار مچھلیوں کی ایک قسم .

Percontra : (adv.) [It.] بر خلاف : بر عکس : دوسری جانب .

Percontra : (n) بر عکس (کسی حساب کا) .

Percuss : (v) [Stem of L. 'percutere.'] (طب) تشخیص کے لئے انگلیوں یا آلات سے ٹھوک کر یا بجا کر دیکھنا : آہستہ آہستہ انگلیاں مار کر دیکھنا .

Percussion : (n) [L. 'percussio.'] (۱) تصادم : ٹکر : صدمہ : مار : چوٹ : ضرب . (۲) آتشیں اسلحہ کی ٹوپی جس میں بارود بھری ہوتی ہے اور گھوڑے کی ہلکی چوٹ (ضرب) سے مشتعل ہو جاتی ہے . (۳) (طب) ٹھکائی : صدمہ : دق . (۴) (طبیعیات) زد : ضرب : صدم : انگلی سے ٹھوکنے کا عمل . (۵) آلۂ موسیقی کو انگلیوں سے بجانا . (۶) مکمل آلۂ موسیقی .

Centre of percussion : (n) (۱) دیکھو Centre . (۲) مرکز صدم : مرکز ضرب .

Percussion : (v) (بندوق کو) ضرب کے ذریعہ فائر ہونے کے لئے ٹھیک کرنا : ضرب کے ذریعہ علاج کرنا .

Percussion cap : (n) تصادمی ٹوپی : کلاہ تصادم : آتشیں اسلحہ کی ٹوپی جس میں بارود بھری ہوتی ہے اور ہلکی چوٹ سے مشتعل ہو جاتی ہے : (فوج) چاشنی .

Percussion drill : (n) ضربتی ڈرل .

Percussion figure : (n) صدمی شکل .

Percussion lock : (n) بارودی اسلحہ میں قفل کی ایک شکل جو تصادمی ٹوپی سے چھوڑا جاتا ہے .

Percussion powder : (n) تصادمی ٹوپی میں استعمال ہونے والا سفوف (بارود) .

Percussion sieve : (n) فلز کو الگ کرنے کا ایک آلہ .

Percussion table : (n) وزن کے ذریعہ فلز کو الگ کرنے کا ایک آلہ .

Percussive : (a) (۱) ٹھوکنے بجانے کی صلاحیت رکھنے والا : تصادم پذیر : صدمہ پذیر : تصادمی : تصادم پیدا کرنے والا یا اس سے پیدا ہونے والا . (۲) ضرب : تصادم وغیرہ کا یا اس سے متعلق . (۳) (طبیعیات) ضربی : صدمی : (طب) دقی .

Percutaneous : (a) (تشریح ، حیوانیات) جلدی : جلد کے ذریعہ سے کیا ہوا یا بنایا ہوا .

Percutaneous perspiration : (n) (تشریح ، حیوانیات) جلدی پسینہ : تعرق جلدی .

Percutient : (n) تصادم پذیر : ضربی : تصادمی .

Percutient : (n) چیز جو متوجہ کرے : جاذب توجہ عامل یا جسم .

Perdie : (int & adv.) Pardie کا متبادل .

Perdition : (n) [OFr. 'perdicium.'] (۱) (دینیات) خلودفی النار : عذاب ابدی : عذاب جہنم : دائمی موت : نیستی : مرگ روحانی . (۲) ستیاناس : کامل تباہی یا فنا : ہلاکت: خسارہ : زیاں . (۳) کوسنا : بد دعا .

Perditionable : (a) قابل ہلاکت : قابل فنا : عذاب جہنم کے لائق .

Perdix : (n) دیکھو Partridge

Perdu/ Peruc : (a) [Fr. 'perdu.'] (۱) (فوج) (ہراول) دشمن کی گھات میں . (۲) گھات میں بیٹھا ہوا :کمین میں پوشیدہ (خصوصاً Lie Perdu) .

Perduellion : (n) [L. 'perduellio.'] (۱)(رومی اور اسکاتستانی قانون)(حکومت کے خلاف) دشمنی : مخالفت : خصومت : بغاوت خلاف فرماں روا : غداری : بد عہدی . (۲) (سیاسیات) بغاوت .

Perdurability : (n) ابدیت : دوام : استقلال : پائداری .

Perdurable : (a) [Late L. 'perdurabilis.'] (۱) مستقل : دائمی : ابدی : ہمیشہ رہنے والا : پائدار : ہمیشگی .(۲)(خصوصاً دینی زبان میں) لازوال : دائمی : ہمیشہ قائم رہنے والا : غیر فانی :ازلی . (۳) (مادی چیز) غیر فانی : لازوال : امر : اَمِٹ .

Perdurableness : (n) دیکھو Perdurability

Perdurably : (adv.) ابداً : دائماً : دائمی طور سے .

Pere : (n) باپ (باپ بیٹے کے نام میں امتیاز کرنے کے لئے باپ کے نام کے آخر میں لگا دیا جاتا ھے جیسے Jones pere) .

Peregrinate : (v) [Stem of L. 'peregrinari.'] (۱) سفر کرنا : سیر و سیاحت کرنا : سرگرداں ہونا . (۲) بدیش میں عارضی طور پر قیام کرنا : غیر ملک میں اقامت کرنا . (۳) تنہا سفر کرنا یا نزدیک سفر کرنا .

Peredigrination : (n) [L. 'pergrinatio.'] (۱) غیر ملک میں سفر کرنے کا عمل :ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کا عمل : سیر و سیاحت : سفر : جہاں گردی : مسافرت: زیارت . (۲) ('a' کے ساتھ اور جمع میں) رفتار سفر : روش سفر : طریق سفر : سفر کا راستہ : سفر خصوصاً پیدل سفر . (۳) (مجازاً) کسی مضمون کا باقاعدہ مطالعہ . (۴) زندگی کا سفر .

Peregrinator : (n) مسافر : سیاح : سیلانی : جہاں گرد .

Peregrne : (a) [L. 'peregrinus.'] (۱) غیر ملکی : بدیشی : بیرونی : غیر ملک کا : پردیسی . (۲) اجنبی : غریب : انوکھا : غیر ملک سے منگایا ہوا . (۳) (علم النجوم) منطقہ البروج یا راس منڈل کے حصے میں واقع جہاں اس کی قدر و قیمت باقی نہیں رہتی :بے اہمیت .

Peregrine : (n) (۱) غیر ملک میں سفر (اب صرف روم میں) . (۲) (قدیم) قدیم روم میں عارضی طور پر غیر ملک کا رہنے والا . (۳) دیکھو Peregrine falcon .

Peregrine falcon : (n) ایک قسم کا مشہور شکاری باز : شاہین : (حیوانیات) باز سیاح : شکرا سیّاح .

Peregrine tone : (n) ایک قسم کا گریگری راگ .

Peregrinism : (n) سیر و سیاحت کا رجحان : گھومنے پھرنے کا میلان .

Peregrinity : (n) [L 'peregrinitas.'] (۱) غیر ملکی ہونے کی حالت : مسافرت : سرگردانی : سیر و سفر : سیاحت . (۲) غیر ملک کا سفر .

Peregrinomania : (n) جنون سفر .

Peregrinomany : (n) جنون سفر .

Pereion/ Pereia : (n) (حیوانیات) صدر قشریہ .

Pereiopod : (n) (حیوانیات) صدر پا : سینہ پا : عضو سینہ .

Peremptorily : (adv.) تحکمانہ : مستبدانہ : جابرانہ طور سے : ناطقاً : قطعاً : لازمی طور سے : قاطعیت کے ساتھ : قطعیت کے ساتھ .

Peremptoriness : (n) قطعیت : قاطعیت : بے چون و چرا : تحکم : جبر : استبداد .

Peremptory : (a) [L. 'peremtorius.'] (۱) (رومی قانون) قطعی : ناطق : واجب التعمیل : آخری : فیصلہ کن : دو ٹوک : اٹل . (۲) (حکم یا بیان) ناقابل انکار یا توقف : قطعی : لازمی : ضروری : مطلق : قاطع . (۳) (اشخاص) عمل یا خیال میں قطعی (خصوصاً بُرے معنوں میں) اصول کے متعلق :اعتقادی : غیر استدلالی : تحکمی : ضدی : خود رائی . (۴) غیر اثر پذیر : غیر نفوذ پذیر : تحکمانہ :مستبدانہ : استبدادی .

Peremptory challenge / -exception(law) : کسی جیوری کے خلاف ملزم کا بغیر وجہ بتائے ہوئے اعتراض کرنے کا حق .

Peremptory mandamus : (n) (قانون) حکم نامہ واجب التعمیل ۔

Peremptory sale : (n) (معاشیات) نیلام قطعی ۔

Peremptory writ : (n) حکم نامہ مہری (جس کی رو سے مدعا علیہ کا حاضر ہونا لابدی ہوتا ہے) : حکم یا فرمان قاطع ۔

Perennation : (n) (نباتیات) دیر پاسازی ۔

Perennial : (a) [L. 'perennis.'] (۱) سر جیون : سال بھر رہنے والا (چشمہ) : سال کے ہر موسم میں بہنے والا ۔ (۲) دیر پا : ہمیشہ رہنے والا : دائمی : دوامی : استمراری : ابدی : جاودانی ۔ (۳) کئی سال تک بہار دینے والا (پودا) : دیر پا (پودا) ۔ (۴)(جغرافیہ) مدامی النہار ۔

Perennial : (n) (۱) دیر پا پودا ۔ (۲) سال بھر رہنے والی چیز : سال بھر بہنے والا چشمہ ۔

Perennial plant : (n) (نباتیات) نبات دیر پا : دیر پا پودا ۔

Perenniality : (n) سدا روانی : سدا بہاری : استمرار : دوام : پائداری ۔

Perennially : (adv.) دائماً : دواماً ۔

Perennibranch : (a) [mod. L. 'perennibranchia.'] دائمی گلپھپڑے والا : جل تھلی سے متعلق ۔

Perennibranch : (n) (حیوانیات) دائم خیشومیہ : دائمی جل تھلی ۔

Perennibranchiate : (a & n) ایک قسم کا دائمی جل تھلی : دائم خیشومیہ ۔

Perennity : (n) [L. 'perennitas.'] دوام : دائمی : ہمیشگی : استمرار کی صفت ۔

Perfas et(ant) nefas : (adv.) صحیح (یا غلط) طور پر : کسی نہ کسی طرح سے : جائز یا ناجائز طور پر کسی صورت سے ۔

Perfay : (Int.) [OFr. 'Per or par fei'.] یقیناً : واقعی ۔

Perfect : (a) [L. 'Perfectus'.] (۱) مشاق : ماہر : تجربہ کار : تربیت یافتہ : سیکھا ہوا : واقف ۔ (۲) پورے طور پر تعلیم یافتہ یا متصرف : (نیز شخص) مکمل سیکھا ہوا ۔ (۳) مکمل : کامل : تمام : پورا ۔ (۴) بے قصور : بے قطار : بے عیب : بے نقص ۔ (۵) (خصوصاً) اعلیٰ : افضل : نفیس : ممتاز ۔ (۷) ہو بہ ہو : اسی طرح : (بیان ، طریقہ) ۔ (۷) ٹھیک : درست : (مشابہ) بالکل : صحیح ۔ (۸) مکمل : پورا : خالص : ناقابل : نا اہل : غیر سند یافتہ : بے میل : بے آمیزش ۔ (۹) بے نحیف : جس میں کمی نہ ہو : قطعی : محض ۔ (۱۰) (ریاضی) اسی عدد کے متعلق استعمال ہوتا ہے جو عدد عاد کے مساوی ہوتا ہے ۔ (۱۱)(قواعد) اس زمانہ کے متعلق استعمال ہوتا ہے جو کسی فعل کے مکمل عمل کا اظہار کرتا ہو ۔ (۱۲) (موسیقی) مکمل : باقاعدہ : منظم : خوش آہنگ ۔ (۱۳) پختہ : پکا ہوا : پورا : ماہر (فرائض وغیرہ میں) ۔ (۱۴) (عضویات وتشریح) مثالی : اشاراتی : مخصوص : امتیازی : خاص صفت رکھنے والا ۔ (۱۵) (نباتیات) چاروں حلقے (Calyx , Corolla , Stamens, Pistils) مکمل رکھنے والا (پودا) ۔ (۱۶)(حشریات) پورے طور پر ترقی یافتہ شکل یا صورت میں ۔ (۱۷)(طبیعیات) متصور : (نباتیات) دو جنسیہ (پھول) ۔ (۱۸) (بسیار شکل سما روغ کے) دور حیات کے اس مرحلے سے متعلق جس میں جنسی مذرہ (مادہ منویہ) تیار ہوتا ہے ۔

Perfect : (v) (۱) مکمل کرنا : پورا کرنا : تمام کرنا : تکمیل کرنا ۔ (۲) (طباعت) (کاغذ کے) تختے کی دوسری طرف چھاپ کر طباعت کو پورا کرنا ۔ (۳) بے قصور کرنا : بے خطا کرنا : بے عیب بنانا ۔ (۴) تکمیل کے قریب لانا : اصلاح کرنا : سدھارنا : بہتر کرنا : ترقی دینا : سدھرنا : بہتر ہونا : اصلاح ہونا ۔ (۵) (کسی شخص کو) کسی فن میں مکمل کرنا یا کامل بنانا ۔

Perfect cadence : (n) ہم آہنگی ۔

Perfect chord /-triad : (n) دیکھو Chord

Perfect combustion : (n) (کیمیا) کامل احتراق ۔

Perfect concord /-consonance : (n) توافق تام ۔

Perfect differential : (n) (ریاضی) کامل تصرفی ۔

Perfect flower : (n) (نباتیات) مکمل پھول : دو جنسہ پھول ۔

Perfect gas : (n) (طبیعیات) کامل گیس ۔

Perfect interval : (n) فاصلۂ تام : پورا فاصلہ ۔

Perfect nonsense : (n) حماقت محض ۔

Perfect participle : (n) دیکھو Past participle

Perfect square : (n) (ریاضی) مربع کامل ۔

Perfect tense : (n) (قواعد) ماضی قریب (مفہوماً) ۔

Perfect year : (n) ۳۵۵ دنوں کا عام سال یا لیپ سال کا ۳۸۵ دن (یہودیوں کی تقویم میں) پورا سال ۔

Perfecter : (n) پورا کرنے والا : مکمل کرنے والا : تمام کرنے والا : ختم کرنے والا ۔

Perfectibilian : (n) مدعی کمال : معتقد کمال : وہ شخص جس کا یہ عقیدہ یا ادعا ہے کہ مذہبی اور اخلاقی کمال کا حصول ممکن ہے : یہ عقیدہ کے انسان اپنی مذہبی فضیلت اور اخلاق سے حد کمال کو پہنچ سکتا ہے ۔ اونیدا کریک (Oneidacreck) (واقع نیویارک) کا ایک فرقہ جو اس عقیدے کا قائل ہے ۔ (دینیات) کمالیتی : معتقد کمالیت ۔

Perfectibilitarian : (n) انسانی تکمیل پذیری کا حامی : انسانی کمال کا موید ۔

Perfectile : (a) [med. L. 'perfectibilis.'] تکمیل پذیر : کامل یا مکمل ہونے کی صلاحیت رکھنے والا : قابل تکمیل : اصلاح پذیر ۔

Perfectibilism : (n) ادعائے کمال : عقیدۂ حصول کمال : (دینیات) کامل پذیری : کاملیت ۔

Perfectibilist : (n) (دینیات) معتقد کامل پذیری ۔

Perfectibility : (n) تکمیل پذیری : کمال پذیری : اصلاح پذیری : کمال : تکمیل : اصلاح : خصوصاً آدمی کی صلاحیت تکمیل : اس قسم کا عقیدہ ۔

Perfecting machine/-press : (n) طباعت کی ایک قسم کی مشین ۔

Perfection : (n) [L. 'perfectio.'] (۱) پورا کرنے کا عمل : تکمیل : اتمام ۔ (۲) کسی چیز کی مکمل ترقی : کسی چیز کی مکمل بالیدگی یا نشو و نما ۔ (۳) کمال : کاملیت ۔ (۴) بے عیب ہونا ۔ (۵) کامل شخص یا شے ۔ (۶) کسی خوبی وغیرہ کا اعلیٰ یا انتہا درجہ کا ہونا : بہترین یا کامل نمونہ : انتہائی : تقدس : پارسائی : تقویٰ : پرہیز گاری ۔ (۷) بالکل مکمل حیثیت : رتبہ : درجہ : سند وغیرہ : (صفت و خصوصیت کی) اعلیٰ قدر : (خیر و شر کی) انتہا ۔ (۸) (جمع) اعلیٰ درجہ کی خوبی : لیاقت : ہنر وغیرہ ۔

Counsel of perfection : دیکھو Counsel (n)

To perfection : پورے طور پر : مکمل طور پر : کامل طور پر : ٹھیک : تمام و کمال : سر تا پا : بہ ہمہ وجوہ ۔

Perfectional : (a) کمال کا یا اس سے متعلق : تکمیل کی صفت کا ۔

Perfectionation : (n) مکمل ہونے کی عمل : تکمیلیت : کمالیت ۔

Perfectionism : (n) ادعائے کمال : عقیدۂ حصول کمال : انسان کی اخلاقی تکمیل پذیری کا اصول : تکمیل کا طریقہ یا عقیدہ : یہ عقیدہ یا ادعا کہ مذہبی اور اخلاقی کمال کا حصول ممکن ہے : (دینیات) کمالیت : مذہب کمال ۔

Perfectionist : (n) دیکھو Perfectibilian

Perfectionment : (n) مکمل کرنے کا عمل : اصلاح : درستی : بہتری : ترقی : پاکیزگی : تہذیب : صفائی : شستگی : نفاست : لطافت ۔

Perfective : (a) [med. L. 'perfectivus.'] (قواعد) عمل کی تکمیل کا اظہار : Imperfective کا مخالف یا ضد ۔

Perfectively : (adv.) تکمیل کے طریقہ سے : کمالیت کے طور پر ۔

Perfectly : (adv.) (۱) مکمل طور پر : کمال کے طور پر : کامل طور پر : ٹھیک : تمام و کمال : سر تا پا : بہ ہمہ وجوہ : کاملاً : بہ طور کامل : از ہمہ جہت ۔ (۲) بے عیب طور پر : خیال : فکر : تصور کے لحاظ سے : معیار کے طور پر ۔

Perfectness : (n) کاملیت : مکملیت : مکمل پن : پختگی : کمال : تکمیل : اتمام ۔

Perfector : (n) پورا کرنے والا : مکمل کرنے والا : اصلاح کرنے والا : ترقی دینے والا ۔

Perfervid : (a) [mod. L. 'perfervidus.'] سرگرم : پر جوش : پر ولولہ : جذبات سے بھرا ہوا : زیادہ غیور : مشتاق : حریص ۔

Perfidious : (a) [L. 'perfidiosus.'] غدار : خائن : پیمان شکن : دھوکا باز : دغا باز : بے وفا : بدعہد : بے ایمان : بے دین : نمک حرام : نا قابل اعتبار ۔

Perfidiously : (adv.) خیانتاً : غداری سے : بے وفائی سے : بے ایمانی سے : نمک حرامی کے طور پر : دغابازی کے ساتھ ۔

Perfidiousness : (n) غداری : بے ایمانی : بے وفائی : دغابازی : دھوکا بازی : نمک حرامی ۔

Perfidy : (a) [L. 'perfidia.'] غداری : بد عہدی : خیانت : پیماں شکنی : بے وفائی : دھوکادہی : نمک حرامی : بے ایمانی :

بے دینی ۔

Perfluent : (a) [Stem of L. 'perfluere.'] جاری ؛ ساری ؛رواں ۔

Perfluent battery : (n) ایک قسم کی گیل وینی (Galvenie) (طرح شدہ) بیٹری ۔

Perfoliate : (a) [mod. L. 'perfoliatus.'] (۱) (نباتیات) سفتہ ؛ بندھا ہوا ؛پر ویا ہوا ؛ ٹہنی کو گھیرے ہوئے ؛ ملفوف الساق ۔ (۲) (حشریات) ملفوف ؛ (محاس) پھیلے ہوئے جوڑوں والا ۔

Perfoliated : (a) سفتہ ؛ بندھا ہوا ۔

Perfoliation : (n) سفتگی ؛ بندھن ۔

Perforate : (a) [L. 'perforatus.'] سوراخ بنایا ہوا ؛ سوراخ دار ۔

Perforate : (v) [Stem of L. 'perforare.'] (۱) سیدھے طور پر سوراخ بنانا ؛ باریک سوراخوں کی قطار بنانا ؛ نوک دار اوزار سے چھیدنا ؛ برما نا ؛ چھیدنا ؛ بیندھنا ؛ خصوصاً کوپن وغیرہ کو ایک دوسرے سے علاحدہ کرنے کی غرض سے چھوٹی سوراخوں کی قطار بنانا ۔ (۲) گزارنا ؛ مشبک کرنا ۔ (۳) گھسنا ؛ چھیدنا ؛ بندھنا ۔ (۴) بر ما کر (سوراخ) بنانا ۔ (۵) چھدائی کرنا ؛ سوراخ بنانا ۔

Perforated : (a) (۱) سوراخ بنایا ہوا ؛ سفتہ ؛ سوراخ دار ؛ مشبک ؛ (۲) (تاریخی طبیعی) دیکھو Cribrose ۔

Perforating : (n) (۱) (تشریح) سوراخ کاری ۔ (۲) ثاقب ۔

Perforating artery : (n) (تشریح) ثاقب شریان ۔

Perforating machine : (n) (میکانیات) ثاقب مشین ؛سوراخ کار مشین ۔

Perforation : (n) [med. L. 'perforatio.'] (۱) سوراخ کرنے کا عمل ؛ چھدائی ؛ بندھائی ؛ برمائی ۔ (۲) (جراحی) (آنت میں) بیماری یا کسی وجہ سے سوراخ کی تشکیل۔ (۳) سوراخ ؛ حفرہ ؛ شگاف ؛ ثقبہ ؛ چھید ؛ جسم کے حصے کا فطری سوراخ یا منفذ ۔

Perforative : (a) [med. L. 'Perforativus'.] سوراخ کرنے والا ؛سوراخ رکھنے والا ؛ سوراخ کنندہ ۔

Perforator : (n) سوراخ کرنے والا ؛سوراخ کرنے یا چھیدنے کا اوزار ؛ (میکانیات) مثقب ؛ برمالا ۔

Perforatus : (n) (تشریح) قابضہ ؛ نصیرۂ انگشت ؛ قصیرۂ انگشت ۔

Perforce : (adv.) [OFr. 'perforce.'] (۱) جبراً ؛ زبردستی ؛ مجبوراً ؛ چار وناچار ؛ ناگزیر ۔ (۲) ضرورتاً ؛ بزور ۔

Patience perforce : دیکھو Patience

Perforce : (n) (By , of کے ساتھ) ضرورت ؛ جبر ؛ ناچار ؛ مجبور۔

Perform : (v) [AFr. 'par- , perfourmer.'] (۱) پورا کرنا (وعدہ) ؛ تعمیل کرنا ؛ بجا لانا (حکم) ایفا کرنا ۔ (۲) کرنا ؛ انجام دینا ؛ انجام کو پہنچنا ؛ تکمیل کرنا ۔ (۳) عمل در آمد کرنا ؛ بجا لانا ؛ (ڈراما) کوئی کھیل کھیلنا ؛ پارٹ کرنا ؛ (موسیقی) گانا ۔ (۴) تماشا دکھانا ؛ (سدھے ہوئے جانوروں کا) کرتب دکھانا ۔

Performable : (a) تعمیل پذیر ؛ تکمیل پذیر ؛ قابل عمل ۔

Performance : (n) (۱) بجا آوری ؛ انجام دہی ؛ تعمیل ؛ تکمیل ؛ سر انجام ؛ ایفا ۔ (۲) حاصل ؛ ثمرہ ؛ ریاضت ؛ کمائی ؛ شائستگی ؛ کمال ۔ (۳) کام ؛ کرتب ؛ہنر ؛ عمل ؛ حرکت ؛ کاروائی ۔ (۴) مہم ؛ کارنمایاں ؛ کارہزرگ ؛ فتح نمایاں ؛ شاہ کار ۔ (۵) ناٹک کا پارٹ ؛ گانا بجانا ؛ آداب بجا لانے کا عمل ؛ تکلف کا فعل یا عمل ۔ (۶) جمہوری نمائش یا عام نمائش ؛ عام تفریح کا کھیل ؛ تماشا وغیرہ ۔ (۷) کھیل ؛ (میکانیات) کرتب ؛ کارکردگی ۔

Performance test : (n) (نفسیات) آزمائش کارکردگی ۔

Performatory : (a) تکمیل ؛ تعمیل ؛ ایفا ؛ بجا آوری سے متعلق ۔

Performer : (n) تعمیل کرنے والا ؛ بجا لانے والا ؛ پورا کرنے والا ؛ انجام کو پہنچانے والا ؛ عامل ؛ بازی گر ؛ (خصوصاً ایکٹر ؛ نقال ؛ گویّا ؛ گانے بجانے والا ؛ کرتب دکھانے والا؛ تماشا باز ؛ نمائش دہندہ ؛ دل بہلانے والا ؛ تفریح کا سامان مہیا کرنے والا ۔

Performing : (v) کرنے والا ؛ بجا لانے والا ؛ بازی گر ؛ (خصوصاً سدھایا ہوا جانور) کرتب دکھانے والا ۔

Perfume : (n) [Fr. 'parfum.'] (۱) مہک ؛ بخور ۔ (۲) خوشبو؛ نکہت ؛ رائحۂ معطر ؛ سینٹ ۔ (۳) عطر ؛ پھلیل ۔ (۴) (مجازاً) ذائقہ ؛ مزہ ؛ لذت ؛ رائحہ ۔ (۵) (مجازاً) شہرت ؛ نیک نامی یا بدنامی ۔

Perfume : (v) [Fr. 'parfumer.'] (۱) دھوئیں سے بھرنا ؛ بخور دینا ۔ (۲) بسانا ؛ مہکانا ؛ خوشبو دار کرنا ؛ معطر کرنا ۔

Perfumed : (a) معطر ۔

Perfumeless : (n) بے مہک ؛ بے خوشبو ۔

Perfumer : (n) عطر ساز ؛ عطر کش ؛ عطر بنانے والا ؛ عطر فروش؛ عطار ؛ گندھی ۔

Perfumery : (n) [f. "perfumer.'] (۱) عطریات ؛ خوشبوئیں ۔ (۲) عطر فروشی ؛ عطاری ۔ (۳) عطر کشی ؛ عطر سازی ۔ (۴) کارخانۂ عطر ؛ عطر کشید کرنے کا کارخانہ ۔

Perfumy : (a) معطر ؛ خوشبو دار ؛ خوشبو سے بھرا ہوا ۔

Perfunctorily : (adv.) رسمی طور پر ؛ سرسری طور پر ؛ برائے نام ؛ سطحی انداز میں ؛ بہت معمولی طور پر ؛ ظاہرداری سے ۔

Perfunctoriness : (n) غفلت ؛ بے توجہی ؛ بے دلی ۔

Perfunctory : (a) [Late L. 'perfunctorius.'] (۱) (چیز) سرسری ؛ سطحی ؛ رسمی ؛ رواجی ؛ برائے نام ؛ بہت معمولی ۔ (۲) (شخص) سرکاری ؛ منصبی ؛ ظاہردار؛ با تکلف؛ تشریفاتی ؛ مشین صفت ۔

Perfuse : (v) [Stem of L. 'perfundere.'] (۱) (کسی) نمی سے ڈھک جانا ؛ انڈیلنا ؛ چھڑکنا ؛ (پانی وغیرہ سے) تر کرنا ؛ چھینٹنا دینا ؛ بھر پور کرنا ؛ معمور کرنا ۔ (۲) پھیلانا ؛ منتشر کرنا ؛ نیز مجازاً ۔

Perfusion : (n) [L. 'perfusio.'] آب پاشی ؛ ریز ش ؛ چھڑکنے کا عمل ؛ پانی چھڑکنے کا عمل ؛ پانی بہانا یا چھڑکنا ؛ چھینٹنا (خصوصاً) بپتسما میں پانی چھڑکنا ؛ (طب) رش ؛ چھڑکاؤ ؛ ذردر ؛ رش تحت الجلد ۔

Perfusive : (a) چھڑکاؤ کا ؛ چھڑکنے والا ؛ (طب) رشی ؛ ذرددی ۔

Pergameneous : (a) [L. 'pergamena' + -eous.] چرمی کاغذ کا؛ چرمی کاغذ سا ؛ پوستی ؛ (نباتیات) چمڑیا ۔

Pergamentaceous : (a) چرمی کاغذ سے متعلق ؛ چرمی کاغذ کے مانند ۔

Pergola : (n) [L. 'pergula .'] منڈوا ؛ کنج (جو درختوں اور بیلوں کے سائے سے بن جاتا ہے) ؛ سائبان ۔

Pergunnah /Pergana : (n) [Urdu . 'pargane.'] پرگنہ ؛ ضلع ۔

Perhaps/ P'raps : [f. Per + hap .] دیکھو Perchance

Perhaps : (n) (۱) Perhaps کے ذریعہ اظہار کیا جانے والا بیان ۔ (۲) محض امکان ؛ محض احتمالی ۔

Peri : (n) [Pers. 'pari.'] پری ؛ خوب صورت ؛ حسین شخص ۔

Peri- : [Gr. 'peri.'] سابقہ بہ معنی "گول" ؛ "غلاف" ؛ "محیط" ؛ "خول" ؛ "گرد" ؛ (فلکیات) خول ؛ گرد ؛ اقرب ؛ نقطۂ راس ۔

Perianth / -ium : (n) [mod L. 'perianthium.'] (نباتیات) غلاف گل ؛ قبا ؛ پھول غلاف ؛ گل پوش ؛ مسند گل ؛ پھول کٹوری ؛ (اساطیر) پری ۔

Periapt/-ton :(n) [Fr. 'periapte .'] طلسم ؛ تعویذ ؛ گنڈا ؛ جنتر ۔

Periaster/ -tre / -tron : (n) [Gr. 'peri' + 'astron.'] (فلکیات) حضیض ستارہ ؛ حضیض نجم ۔

Periastral : (a) حضیض ستارہ سے متعلق ۔

Periblast : (n) (۱) دیکھو Periplast ۔ (۲) (حیوانیات) حول نہوض ؛ نخرمایہ جو ایک قسم کی مچھلی کے انڈوں کی بیرونی تہ میں پایا جاتا ہے ۔

Periblastic : (a) (۱) (ہیکل کی اصطلاح میں) پارہ نہوضی تخم کی نشو و نما کی ایک منزل سے متعلق ۔ (۲) حول نہوض سے متعلق ؛ نخر مایہ کا یا اس سے متعلق ۔

Periblem : (n) (نباتیات) حول مقسمہ ۔

Peribolous / -os : (n) [Gr. 'peribolos.'] (قدیم یونان) مندر کے قریب احاطہ ؛ مندر کو گھیرنے والی دیوار ۔

Pericambium : (n) (نباتیات) حول عروقیہ ؛ عروق استوانی کا خارجی حصہ ۔

Peribranchial : (a) مچھلی اور دوسرے جانوروں کے گلپھڑے کے گرد کا ۔

Peribronchial : (a) نرخرے کی دو نالیوں کے گرد کا ۔

Pericardiac : (a) [f. 'pericardium.'] حول قلبی ؛ محیط قلب کے متعلق ؛ (تشریح) تاموری ؛ گرد قلبی ؛ اطراف قلبی ۔

Pericardial : (a) دیکھو Percardiac

Pericardial area : (n) (تشریح) تاموری رقبہ ۔

Pericardian/ Pericardic : (a) دیکھو Periacardiac

Pericardiotomy : (n) (جراحی) غلاف قلب شگافی ۔

Pericarditis : (n) (طب) ورم غلاف قلب .

Pericardium/ -ion : (n) [Gr. 'perikardion.'] غلاف قلب (یہ ایک غشائی کیسہ ہے جو دل کے گرد محیط ہے) : (تشریح) تامور ؛غاشیہ : شغف : پردۂ دل : خارجی قلب ؛اطراف قلب .

Pericarp : (n) [mod. L. 'pericarpium . '] غلاف ثمر : چھلکا ؛پوست تخم دان : غلاف میوہ : بیج دان : بیج دانی .

Pericellular : (a) حول خانہ کا : خلیہ کے گرد کا .

Pericentral : (a) (نباتیات) مرکزی جسم یا مرکز کے قریب ٹھیک کیا ہوا .

Pericentre : (n) مرکز ثقل ستارہ .

Perichaetine : (n) (حیوانیات) حلقۃ البریات .

Perichaetium : (n) [L.] (نباتیات) غلاف تخمک خانہ .

Perichaetous : (a) [f. mod. L. 'perichaeta.'] (حیوانیات) سخت کڑے بال سے گھرا ہوا .

Perichondrium : (n) [L.] (حیوانیات ، تشریح) غشاء غضروف : حول غضروف(ایک جھلی جو مرکزی یا چینی ہڈی کے گرد محیط ہوتی ہے) .

Perichord : (n) غضروفی ساخت کی جھلی یا پوشاک .

Perichordal : (a) ضریع غضروف : غضروفی ساخت یا حرام مغز کے گرد .

Perichordal sheath : (n) (حیوانیات) حول حبل ظہر : غلاف حبل ظہر .

Perichoresis : (n) [Gr.'perikonresis.'] (دینیات) دیکھو Circumincession

Pericladium : (n) (نباتیات) برگی غلاف میان .

Periclase : (n) [mod. L. 'periclasia.'] (کان کنی) قدرتی میگنیشیا: پیری کلی (ایک دھات جس میں میگنیشیا اور لوھے کا مائینہ (Protoxide) ملاہوتا ہے یہ عام طور پر کوہ وسواس کے علاقوں میں پائی جاتی ہے) .

Periclasite : (n) دیکھو Periclase

Periclean : (a) پیری کلیس (Pericles): (B.C. ۴۹۸ . ۴۲۹ B.C.)

ایتھنز تاریخ میں اس کے عہد سے متعلق .

Periclinal : (a) [Gr . 'periklines.'] (۱) (ارضیات) ہر جہتی : ذو اسمات . (۲) (نباتیات) متوازی سطح والا .

Periclinal : (n) متوازی دیوار یا سطح .

Periclinium : (n) [L.] (نباتیات) حول ادراقہ .

Pericolitis : (n) (طب) ورم غلاف قولون .

Pericope : (n) [Late L. 'pericope.'] تحریر میں چھوٹا فقرہ ، کلمہ یا پیراگراف خصوصاً (کلیسا) کتاب مقدس کا ایک حصہ جو عام عبادت کے وقت پڑھا جاتا ہے : قطعۂ منتخب .

Pericranial : (a) غلاف جمجمہ سے متعلق .

Pericranially : (adv.) غلاف جمجمہ کے طور پر .

Pericranium : (n) (تشریح) پوست کاسۂ سر : سمحاق : غلاف جمجمہ : غشاء جمجمہ : (ایک جھلی جو کاسۂ سر کے گرد محیط ہوتی ہے) . (۲) (مزاحاً) کھوپڑی : کلۂ سر : دماغ : (نفسیات) عقل و ذہن .

Pericycle : (n) دیکھو Pericambium

Pericycloid : (n) (ریاضی) حول مستدیر : مستدیر حولیہ .

Periderm : (n) [Gr. 'peri' + 'derma.'] (۱) (حیوانیات ،تشریح) حول جلد : خارجی جلد . (۲) (نباتیات) خارجی چھلکا : پوست اطراف .

Peridermal : (a) (۱) حول جلد سے متعلق . (۲) (نباتیات) خارجی چھلکے سے متعلق .

Peridial : (a) حول فطر سے متعلق .

Peridiastole : (n) [Gr. 'peri' + 'Diastole.] (عضویات) دل یا شریان کے پھیلنے اور سمٹنے کے درمیان کا وقفہ : انبساط و انقباض قلب کے درمیان کا فیصلہ .

Peridiastolic : (a) دل یا شریان کے پھیلنے اور سمٹنے کے درمیان کے وقفہ کے متعلق .

Peridium : (n) [Gr. 'peridion,'] حول فطر .

Peridot : (n) [Late ME. 'peritot.'] یشب سبز (یہ نام جو پریوں

کا رکھا ہوا ہے) : (معدنیات) زبر جد (زرد) : ایک قسم کا قیمتی پتھر جس کا رنگ زیتونی ہوتا ہے ۔

Peridotic : (a) زبر جدی : زبر جد سے متعلق ۔

Peridotite : (n) (معدنیات) ایک قسم کا قیمتی معدن ۔

Peridural : (n) (تشریح) حول جافیہ ۔

Periegesis : (n) [Gr. 'perigesis.'] کسی جگہ یا علاقہ کا بیان : شرح و تعریف ناحیہ : سفر : سیاحت : مسافرت ۔

Perienteron : (n) [L.] (حیوانیات و جنین) حفرۂ اطراف : پیٹ کی بیرونی اور اندرونی پرت کے درمیان کی جگہ ۔

Perigastric : (a) (تشریح) حول قنات ہاضمہ ۔

Perigastritis : (n) (طب) ورم بر معدہ ۔

Perigean/ Perigeal : (a) (فلکیات) حضیض ارض سے متعلق ۔

Perigee : (n) [mod. L. 'perigeum.'] (فلکیات) حضیض : حضیض ارض : کسی سیارہ کا (خصوصاً چاند کا) وہ لفظ جو زمین سے قریب ہو ۔

Perigon : (n) [Peri- + gon] زاویۂ گرد (Round angle).

Perigonal : (a) بقچۂ گل سے متعلق ۔

Perigone : (n) [mod L. 'perigonium .'] (۱) (نباتیات)دیکھو Perianth ۔ (۲) (نباتیات) کائیوں میں نر بقچۂ گل ۔ (۳) (حیوانیات) ایک کیسہ جو مرجانی حوین کے مولدہ بردار کے بیرونی حصوں میں بن جاتا ہے ۔

Perigonial : (a) محیط گل یا غلاف گل سے متعلق ۔

Perigonium : (n) محیط گل : غلاف گل۔

Perigord : (n) [Fr.] فرانس کے جنوب مغرب کا ایک ضلع جو ترفاس کے لئے مشہور ہے ۔

Perigord pie : (n) زاغ صحرائی کا گوشت جس کا ذائقہ ترفاس کی طرح کا ہوتا ہے ۔

Perigynium : (n) [mod. L.] (نباتیات) حول بقچہ : حول مادہ : غلاف بقچہ ۔

Perigynous : (a) [mod L. 'perigynus.'] (نباتیات) حول بقچوی:

حول مادی : وہ (زبر یا حامل زر) جو بقچۂ گل یا بیضہ دان کے گرد محیط ہوتا ہے ۔

Perigyny : (n) حول بقچویت ۔

Perihelion : (n) [mod. L. 'perihelium.'] (۱) (فلکیات) نقطۂ بُعد اقرب : حضیض آفتاب : کسی سیارہ کے مدار کا وہ نقطہ جو آفتاب سے قریب تر ہو : سمت الشمس۔ (۲) (مجازاً) سب سے بلند درجہ یا نقطہ :نقطہ عروج : اوج کمال ۔

Perihelia/Perihelian : (a) (۱)نقطۂ بعد اقرب سے متعلق۔(۲)(مجازاً) نقطۂ عروج کا یا اس سے متعلق ۔

Perihepatic : (n) (تشریح) غلاف جگر ۔

Perijove : (n) [mod.L. 'perijovium.'] (تشریح) کسی سیارہ کا وہ نقطہ جو مشتری سے قریب تر ہو ۔

Perikaryon/ Pericaryon : (n) [L.] (خلیہ) حول نوات : خلیہ جسم ۔

Perikinetic : (n) (کیمیا) حول حرکتی : براونی حرکتی ۔

Peril : (n) [L. 'peric(u)lum.'] (۱)خوف : ڈر : خطر : خطرہ : جوکھوں : جوکھم ۔ (۲) (جمع میں 'a' کے ساتھ) خطرہ کی حالت یا سبب : (جمع) خطرات : ڈر ۔

At your peril / -his- : اپنی ذمہ داری پر ۔

Keep off at your peril : اگر تم نہیں کرتے تو تم ذمہ دار ہو (یعنی اگر اس کا نتیجہ برا ہوا تو تم بھگتو گے) ۔

Yellow peril : زرد خطرہ : یہ خطرہ کہ زرد رنگ والی اقوام ایک دن گورے رنگ کی قوموں پر اپنا تسلط جما لیں گی۔

You do it at your peril : اگر آپ ایسا کرتے ہیں تو اپنی ذمہ داری پر کریں : اگر کچھ ہوا تو تم جانو ۔

Peril : (v) خطرے میں ڈالنا : جوکھوں میں ڈالنا : خطرے میں ہونا ۔

Perilla : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی گھاس ۔

Perilous : (a) [L. 'periculosus.'] پُر خطر : خطر ناک : مہیب : خوف ناک : خطروں سے بھرا ہوا : مخوف ۔

Perilously : (adv.) پُر خطر طور پر : خطر ناک طور سے ۔

Perilousness : (n) خطرناکی : خوف ناکی : خوف : خطرہ : جوکھوں ۔

Perils of the sea : (n) بحری حادثات ؛ بحری خطرات ۔

Perilune : (n) (فلکیات) مرکزی نقطہ ؛ محور مرکزی ۔

Perilymph : (n) (حیوانیات ، تشریح) حول لمف ؛ بیرونی لمف ۔

Perimeter : (n) [Fr. 'perimetre .'] (۱) (ہندسہ) محیط ؛ گھیرا؛ گھیر ؛ مجموعی اضلاع ؛ پیرامون ۔ (۲) (بصریات) محیط پیما ؛ گھیر ناپ ؛ گھیرا ناپنے کا آلہ ۔ (۳) (میدان) شبکیہ پیما ۔

Perimeter of a circle : (n) (ہندسہ) محیط دائرہ ۔

Perimetric / -al : (a) (۱) محیط کا یا اس سے متعلق ؛ محیطی ۔ (۲) محیط پیما سے متعلق ۔

Perimetrically : (adv.) محیط کے طور پر ؛ گھیرے کے طور پر ۔

Perimetritis : (n) (طب) ورم صفاق رحم ۔

Perimetrium : (n) (تشریح) صفاق رحم ۔

Perimetry : (n) (بصریات) (میدان) شبکیہ پیمائی ۔

Perimorph : (n) (معدنیات) معدن بر معدن ۔

Perimysium : (n) [L.] غلاف بافت اتصالی جو عضلہ کو احاطہ کئے رہتا ہے ۔

Perineal : (a) [Perineum + -al .] (تشریح) سیون کے متعلق ؛ عجانی ۔

Perineal body : (n) نیسج کا ڈھیر جس کی اساس عجان کی سطح ہوتی ہے ۔

Perineal rapture : (n) (طب) عجانی شقاق ؛ سیون کا پھٹ پڑنا یا پھٹ جانا ۔

Perineo- : (Prefix) (تشریح) سابقہ بہ معنی "عجان" اور "محل عجان" ۔

Perineoplasty : (n) عجان کا پلاسٹک آپریشن ۔

Perineorrhaphy : (n) سیون کے پھٹنے پر اسے ٹانکنا ۔

Perinephritis : (n) (طب) ورم غلاف گردہ ۔

Perinephrium : (n) (تشریح) غلاف گردہ ۔

Perineum / -um : (n) [Late L. 'parinaeon ,-eon.] (تشریح) عجان ؛ سیون ؛ مقعد اور انیشین یا فوطے کا درمیانی مقام ۔

Perineuritis : (n) (مرضیات) ورم عصبیہ برون ۔

Perineurial : (a) (تشریح) عصبیہ برونی سے متعلق ۔

Perineurium : (n) (تشریح) عصبیہ برون ۔

Perinium : (n) (نباتیات) بر بذرہ ۔

Period : (n) [L. 'periodus.'] (۱) مدت ؛ دور ؛ زمانہ ؛ عرصہ ؛ وقت ۔ (۲) (علم تاریخ) دورۂ وقت کی اکائی جو علم تاریخ میں استعمال ہوتی ہے ۔ (۳) (علم النجوم) دور ؛ وہ وقت جس میں سیارہ اپنی گردش مکمل کر لیتا ہے ۔ (۴) (طبیعیات) میعاد ؛ دور ؛ وقت دوران ؛ ارتعاش میں اثنائے تغیر کی تکرار کے درمیان کا وقفہ ۔ (۵) (مرضیات) میعاد مرض ۔ (۶) (جمع) ایام حیض ؛ ایام ماہواری ۔ (۷) وقت تاریخ یا زندگی کا کوئی متعین حصہ ۔ (۸) (ارضیات) عصر؛ جگ ۔ (۹) زمانہ کا کوئی حصہ مثلاً صدی ، جگ ؛ سنہ ، سال ۔ (۱۰) تکمیل ؛ کمال ؛ نہایت ؛ غایت ؛ منزل مقصود ؛ مطمح نظر ؛ خاتمہ ؛ اختتام ؛ نتیجہ (آخر) ؛ انجام ۔ (۱۱) (نحو و عروض) مکمل جملہ ؛ جملہ تام ؛ فقرہ؛ جملہ (خصوصاً مرکب جملہ) ۔ (۱۲) (قدیم نثر میں) وقفۂ کامل ؛ ختمہ ؛ فل اسٹاپ ؛ توقف ؛ حد ؛ انجام ؛ خاتمہ ؛ خاتمہ نطق ۔ (۱۳) (موسیقی) مکمل سر ۔ (۱۴) (ریاضی) عدد متوالی ؛ اعداد کا سلسلہ جس میں کوما (،) سے نشان لگایا جاتا ہے ۔ (۱۵) (جمع) فصیح و بلیغ زبان ۔ (۱۶) (قانون) میعاد ۔ (۱۷) دورہ ؛ گردش ؛ روزگار ؛ نوبت ؛ مدت گردش ؛ مرحلہ ۔ (۱۸)(مجازاً) نتیجہ غائی ؛ کمال ؛ منتہا درجہ ۔ (۱۹) قطع ؛ مرگ ۔ (۲۰) لحظہ ؛ موقعیت ۔

Synodic period : (فلکیات) افتراقی مدت ۔

The period : زمانہ موجودہ ؛ آج کل ۔

To put period to : ختم کر دینا ۔

Periodate : (n) (کیمیا) پیروڈک ایسڈ کا نمک ۔

Periodic / Per-iodic : (a) ایک قسم کے ایسڈ سے متعلق ۔

Periodic : (a) [L. 'periodicus.'] (۱) معیادی حرکت ؛ دوری حرکت ؛ (طبیعیات) دوری ؛ میقاتی ۔ (۲) دیکھو Periodical ۔ (۳) (مرضیات) میعادی ۔ (۴) دوری ؛ زمانی ؛ فصلی ؛

موسمی ؛ نوبتی ؛ متناوب ۔ (۵) عروضی یا قواعدی دور سے متعلق ؛ مدت میں اظہار کیا ہوا ۔

Periodic : (a) پیروڈك ایسڈ کے نمك سے متعلق ۔

Periodic block : (n) (نباتیات) میعادی بلاك ۔

Periodic breathing : (n) (عضویات) نوبی تنفس ۔

Periodic counted fraction : (n) (ریاضی) دوری کسور مسلسل ۔

Periodic diseases : (n) میعادی امراض ۔

Periodic fever : (n) میعادی بخار ۔

Periodic function : (n) (ریاضی) دوری تفاعل ۔

Peiodic inequality : (n) دیکھو Inequality

Periodic law : (n) (کیمیا) کلیّہ دوریت ۔

Periodic motion : (n) (طبیعیات) دوری حرکت ؛میعادی حرکت ۔

Peroidic stars : (n) (فلکیات) دوری ستارے ۔

Periodic system : (n) (کیمیا) نظام دوریت ۔

Periodic table : (n) (کیمیا) جدول دوریت ۔

Periodic time : (n) (طبیعیات) وقت دوراں ؛ وقت گردش ۔

Peiodic wind : (n) (موسمیات) وقتی ہوا ۔

Periodical: (a) (۱) دوری ؛ زمانی ؛ میقاتی ؛ وقفۂ دار ۔ (۲) (طب) نوبتی ؛ میعادی ۔ (۳) (مجلہ یا اخبار) ہفت روزہ یا ماہنامہ ؛ ہفتگی یا نوبتی (اخبار) ؛ نشریۂ نوبتی ۔ (۴) موقت الشیوع ؛ مجلہ یا رسالے کے لئے تحریر ۔

Periodical : (n) مجلہ ؛ علمی رسالہ ؛ میگزین ، دیگر مطبوعات یا رسالہ جومقررہ وقفہ سے شائع ہوتا ہو ۔

Periodical disease : (n) (طب) نوبتی مرض ؛ میعادی مرض ۔

Periodical inspection : (n) میعادی معائنہ ۔

Periodical year : (n) دیکھو Anomalistic year

Periodically : (adv.) میعادی طور پر؛ میقاتی اندازمیں ۔

Periodicalness : (n) دوریت ؛ دوری ہونا ؛ نوبت ؛ (طبیعیات) تعدد ؛ (عضویات) حیض کا اجرا ؛ (تشریح) وقوع مکرر ؛ قاعدگی ؛ (فلکیات) دورانیت ۔

Periodicals : (n) (طباعت) موقتی مطبوعات ۔

Periodicity : (n) دیکھو Periodicalness

Periodide : (n) آیوڈین کا ایك مرکب ۔

Periodization : (n) دوروں میں تاریخ کی تقسیم ۔

Periodont : (n)[Peri + odont.] (تشریح) اطراف دنداں ؛ضریع دنداں ۔

Periodontal : (a) اطراف دندانی ؛ ضریع دندانی ۔

Periods : (n) (طب) حیض ؛ طمث ؛ ایام ماہواری ؛ (ریاضی)دور ۔

Perioeci : (n) [Gr. 'periokoi.'] (۱) جغرافیائی موازی کی عرضوں کے ساکنین (لیکن نصف النہار کے مخالف) ۔ (۲) (قواعد و تاریخ) شہر کے چاروں اطراف میں رہنے والے یا شہر اور گاؤں کے چاروں طرف رہنے والے۔

Periobit/ -orbita : (n) کاسۂ چشم کی ہڈی کا غلاف ۔

Periost : (n) (تشریح ، حیوانیات) ضریع ؛ غلاف عظم ؛ ہڈی کا غلاف ۔

Periosteal : (a) ہڈیوں کے اطراف کا یا اس سے متعلق ؛ غلاف عظم کا۔

Periosteo- : (Prefix) جزو کلمہ بہ معنی غلافِ استخواں ؛ ضریع استخواں۔

Periosteum : (n) [Late L. 'Periosteon'.] دیکھو Periost

Periostitic : (a) (طب) ورم ضریع سے متعلق ۔

Periostitis : (n) (مرضیات) ورم ضریع ؛ ورم غلاف عظم ۔

Periostracum : (n) (حیوانیات) حول صدف ۔

Periotic : (a) (حیوانیات) حول اذن ؛ اطراف کان ۔

Periotic : (n) (حیوانیات) عظم حول اذن ؛ کان کے گرد کی ہڈی ؛ استخواں یا غضروف اطراف گوش ۔

Peripatetic : (a) [L. 'peripateticus.'] (۱) (فلسفہ) مشائی ؛ ارسطوئی ؛ فلسفہ ارسطو سے متعلق ؛ مذہب ارسطا طالیس

کا یا اس سے تعلق رکھنے والا ۔ (۲) سالک ؛ ماشی ؛ راہ روندہ ؛ سفری ؛ خانہ بہ دوش ۔

Peripatetic : (n) (۱) ارسطو کا پیرو یا مقلد ؛ مقلد ارسطو ؛ پیرو ارسطو و فلسفہ مشائین ؛ مشائی ؛ معتقد مشائیت ۔ (۲) اپنے کاروبار کے لئے سفر کرنے والا ؛ سفری تاجر ؛ دورہ گرد ؛ پیادہ رو ؛ سیاح ؛ (مزاحاً) پھیری والا ۔

Peripatetic philosophy : (n) (فلسفہ) فلسفۂ مشائی ؛ فلسفۂ ارسطو ۔

Peripatetically : (adv.) ارسطا طالیسی طرز سے ۔

Peripateticism : (n) (۱) (فلسفہ) مشائیت ؛ تقلید ارسطو ؛ مشائین کا فلسفہ ۔ (۲) (مزاحاً) مشی ؛ چلنے یا ٹہلنے کی عادت۔

Peripatus/-os : (n) [late L. 'peripatus.'] (۱) ایتھنز کے اس باغ میں ٹہلنا جہاں ارسطو درس دیا کرتا تھا ۔ (۲) درس گاہ ارسطو ۔

Peripatus : (n) [Gr. 'peripatos.'] (حیوانیات) ناخن برداروں کی جنس ۔

Peripeteia / -tia / Peripety : (n) [Gr. 'peripetia.'] یکایک تبدیلی ؛ فوری تبدیلی ؛ تغیر ناگہانی (قسمت ، حالات یا ڈراما میں) ۔

Peripheral : (a) دائرہ کا ؛ محیطی ؛ محیط کے متعلق ؛ دائروی ؛ گول ؛ محیط میں واقع ؛ (خصوصاً تشریح میں) سلسلۂ اعصاب مرکزی کے باہر کا ؛ (کمپیوٹر) اس آلہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جب کہ وہ کمپیوٹر کا جزو لازم نہیں ہوتا ہے ۔

Peripheral nervous system : (n) (تشریح) محیطی نظام عصبی ۔

Peripherally : (adv.) محیطانہ ؛ دائرانہ ؛ محیطی طور پر ؛ دائروی طور پر ؛ دائروی اندازمیں یا سے ۔

Peripheric / -al : (a) دیکھو Peripheral

Peripherically : (adv.) دیکھو Peripherally

Periphery : (n) [Late L. 'peripheria.'] (۱) گھیرا ؛ گھیر ؛ محیط ؛ دائرہ ۔ (۲) (خصوصاً ہندسہ) پیرامون ؛ دورہ ؛ محیط ؛ نیز مجازاً ۔ (۳) کسی جگہ یا جسم کی بیرونی حد یا سطح ۔ (۴) محیط علاقہ ۔ (۵) (تشریح) حدود جسم ۔

Periphlebitis : (n) (طب) ورم غلاف ورید ۔

Periphoranthium : (n) (نباتیات) حول اوراقہ ۔

Periphractic : (a) [Gr. 'periphrasis.'] (ہندسہ) چند سو سے مرتبط ؛ چند جانبہ مربوط ۔

Periphrase : (n) [L. 'periphrasis.'] (۱) زیادہ گوئی ؛ بسیار گوئی ؛ طول کلام ؛ تطویل کلام ؛ اطناب ؛ پیر پھیر کی بات ؛ پھیر پھار کا طرز گفتگو ؛ پھیرپھار کی بات چیت ؛ لفاظی آمیز طرز کلام ۔ (۲) اس قسم کی نظیر ۔ (۳) اژن گھائیاں ۔

Periphrase : (v) [Fr. 'periphraser.'] (۱) لفاظی کے ساتھ اظہار کرنا ؛ اژن گھائیاں کرنا ۔ (۲) پیچیدہ گفتگو کرنا ؛ بسیار گوئی کا استعمال کرنا ؛ طول کلام کرنا ۔

Periphrasis : (n) [L. 'periphrasis.'] دیکھو Periphrase (n)

Periphrastic / -al : (a) پھیر پھار کی گفتگو کا ؛ حشو و زوائد والا ؛ پے چیدہ کلام یا اس سے متعلق ؛ پے چیدگی یا اطناب ؛ طولانی ؛ چکر دار ۔

Periphrastic conjugation : (n) (قواعد) فعل معین کے ساتھ تصریف افعال ؛ (مثلاً He does go --He goes) ۔

Periphrastic genitive : (n) (قواعد) اسم اطنابی (مثلاً Man's sins کی بجائے Sins of man کہا جائے) ۔

Periphrastically : (adv.) پے چیدہ گوئی سے ؛ پھیر پھار سے ؛ حشو و زائد کے ساتھ ۔

Periphraxy : (n) [Gr. 'periphraxis .'] (ہندسہ) چند جانبی ارتباط ؛ ارتباط چند سوئی ۔

Periplasm : (n) (خلیہ) حول مایہ ۔

Periplast : (n) (نباتیات) کسی خلیہ کا خاص حصہ ۔ (۲) (حیوانیات) حول ادمہ ۔ (۳) خلیہ دیوار یا لفاف ۔

Periplus : (n) [Gr. 'periplous.'] (۱) دنیا کے گرد سفر ۔ (۲) اس قسم کے سفر کی داستان ۔

Periproct : (n) [Gr. Peri- + 'Proktos.'] حول دُبر ۔

Periproctitis : (n) (طب) ورم حول دبر ۔

Perique : (n) [Origin unkn.] پریک ؛ اعلیٰ درجہ کا تمباکو جو لوئی زی آنا (Lousiana) میں ہوتا ہے ۔

Perirenal : (a) (تشریح) حول کلوی ۔

Perisarc : (n) جانور مرجانی کا خارجی چمڑا یا جانور مرجانی کی

معمولی ہڈی۔

Perisaturnium : (n) (فلکیات) بعد اقرب زحل : حضیض اقرب۔

Periscian : (a) گرد ظلّی سے متعلق : ساکن قطبین کا یا اس سے متعلق۔

Periscian : (n) (ارضیات) گرد ظلّی :ساکن قطبین۔

Periscii : (n) [Gr. 'periskloi.'] دیکھو Periscian

Periscope : (n) (بصریات) حول بین : اطراف بین : دوربین اطراف : پریسکوپ : ایک قسم کی خاص دوربین جس سے سطح آب کی چیزوں کو دیکھتے ہیں۔

Periscopic : (a) پریسکوپ سے متعلق : شبیہہ پریسکوپ : ہمہ جامہ : ناظر ہمہ اطراف۔

Periscopism : (n) ناظر ہمہ اطراف ہونے کی صلاحیت۔

Perish : (v) [L. 'perire.'] (۱) فنا ہونا : برباد ہونا : ضائع ہونا : نیست و نابود ہونا : تلف ہونا : مارا جانا : ہلاک ہونا۔ (۲) روحانی موت کا مورد ہونا : اخلاقی زوال کا ختم ہونا۔ (۳) (مادی اشیاء) (خصوصاً) تلف ہونا :فاسد ہونا : ہلاتپ سے نکل جانا۔ (۴) (غیر مادی اشیا) ختم ہوجانا : گذر جانا۔ (۵) برباد کر دینا : مار ڈالنا (شخص) : معدوم ہونا۔ (۶) (پیاس سردی ، فاقہ وغیرہ سے) قریب المرگ ہو جانا : ناکارہ بنا دینا یا تکلیف دینا (خصوصاً اب بول چال میں جیسے We were perished with cold) ۔

Perishable : (a) فنا پذیر : فانی : زود گذر : قابل ہلاکت : تخریب پذیر : زوال پذیر : خراب ہو جانے والا : سریع الزوال۔

Pin-wing : (۱) پر قینچ کرنا: پر کاٹنا: پر کترنا۔ (۲) مشکیں باندھنا: مشکیں کسنا۔

Pina : (n) [S. Amer. SP., (formerly pinna Pg. pinha.'] اناناس کے پتوں کے ریشے: ان ریشوں سے تیار شدہ عمدہ کپڑے: یہ Pine cloth کے نام سے بھی موسوم ہے۔

Pinacoid/Pinakoid : (n) [Gr. 'pinac' + -oid.] (۱) ایک بلوری شکل جس میں دو متوازی اور مخالف رُخ ہوں۔ (۲) ایک بلوری شکل جس کے رُخ دو بلوری محور کے متوازی ہوں۔

Pinacoid/Pinakoid : (a) [Gr. pinac + -oid.] کسی ایسی سطح (Plane) کے لئے مستعمل جو محدود خطوط (Cordimetes) کے کسی ایک محور کو قطع کرے اور دوسرے دو محوروں کے متوازی ہو۔

Pinacolin : (n) [f. Gr. 'pinac' + -ol + -in.] ایک بے رنگ روغنی مائع ($C_6 H_{12} O$) جس میں پیپر منٹ کی بو ہوتی ہے۔

Pinacone : (n) [Gr. 'pinac' + - one.] (کیمیا) ایک سفید بلوری مادہ ($C_6 H_{14} O_2$) جو آبی ایس ٹون سوڈیم یا سوڈیم کی آمیزش کا عمل سے بڑی ٹکیوں میں قلم پذیر ہوتا ہے۔

Pinacotheca/Pinakothe : (n) [L., a. Gr. f. 'pinac' + 'theka.'] تصویر خانہ: نگار خانہ: فنون لطیفہ کے نمونوں کی جائے نمائش۔

Pinafore : (n) [Pin, (v) + Afore.] بچوں کے لباس کے اوپر کا کوٹ جو کپڑوں کی حفاظت کے لئے پہنادیا جاتا ہے: بال پوش۔

Pinafored : (a) بالاپوش میں ملبوس۔

Pinaster : (n) [L. 'pinus', 'pine' + - aster.] ایك قسم كا دیودار جو جنوب مغربی یورپ میں ہوتا ہے۔

Pinax : (n) [Gr. 'pinax.'] (باقیات) طشت یا قاب؛ رکابی خصوصاً وہ جو منقش ہو۔

Pinc-pinc : (n) [Echoic.] جنوبی افریقہ کا ترنمی پرندہ۔

Pince-nez : (n) [Fr. 'pincer' - 'nez.'] بینی گیر عینك یا چشمہ۔

Pincers : (n) [In ME. Pin-sours etc., app. AF.] (۱) سنبی؛ دست پنا: موچنا۔ (۲) کوئی عضو (یا جفت اعضا) مختلف جانوروں کا جو چمٹی کے مشابہ ہو؛ اور جو پکڑنے یا پھاڑنے میں معاون ہوتا ہے۔

Pincer : (v) چمٹی سے دبانا یا پکڑنا: سنسی سے ایذا پہنچانا۔

Pincette : (n) چمٹی؛ چھوٹی سنسی۔

Pinch : (n) [f. next.] (۱) چبھونے کا عمل؛ انگشت یا انگوٹھے یا دو سطحوں کے درمیان متشدد فشار، چٹکی، چیونٹی۔ (۲) (مجازاً) تنگی، تکلیف (خصوصاً احتیاج یا افلاس کی)؛ درد عموماً at (on) a pinch - (۳) چٹکی بھر جیسے (a pinch of salt)- (۴)نازك موقع۔ (۵) راستے کا دشوار گذار حصّہ یا ڈھلوان۔ (۶) ساہر؛ سپل۔

Pinch : (v) [ONFr. 'pinchier.'] (۱) چٹکی لینا۔ (۲) (مجازاً) تکلیف ہونا (بھوك، سردی وغیرہ کی)۔ (۳) تکلیف دینا؛ دکھ دینا؛ کاٹنا (مثلاً جوتے کا)۔ (۴) بجبر وصول کرنا (روپے کا)؛ اینٹھنا (روپیہ)۔ (۵) تخفیف یا کمی کرنا (غذا دینے میں)۔ (۶)کنجوسی کرنا؛ خست کرنا۔ (۷) ایڑ لگانا؛ (گھوڑے کی شرط میں)۔ (۸) نوچنا کونپل وغیرہ کا: out , back , loan کے ساتھ۔ (۹) (جہاز کو) ہوا کے رخ چلانا۔ (۱۰) (عامیانہ) چُرانا؛ لوٹنا۔ (۱۱) گرفتار کرنا؛ حراست میں رکھ لینا (عامیانہ)۔

Pinched with cold : سردی سے ٹھٹھر کر۔

To know where the shoe pinches : (براہ راست تجربے سے) تکلیف یا دشواری کو جاننا۔

Pinch - : [Chiefly the imperative or Vb. -stem. , sometimes the noun .] جزوترکیبی جو مرکب الفاظ بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

Pinch-bar : (n) سابر؛ سیل۔

Pinch-fist : (n) بخیل؛ خسیس۔

Pinch-nut : (n) دیکھو Jam-nut

Pinchbeck : (n) (۱) تانبے اور سیسے کا ملاؤ؛ جھوٹا سونا۔

Pinchbeck : (a) جھوٹا؛ نقلی؛ مصنوعی؛ بناوٹی۔

Pinched : (a) [Pinch, v + -ed.] (۱) انگلی اور انگوٹھے کے درمیان دبا ہوا؛نوچا ہوا : فشردہ۔ (۲) سردی؛ بھوك : درد یا ضعیفی سے مجبور۔ (۳) تنگ؛ معذور : مجبور۔

Pincher : (n) [Pinch + -er.] (۱) تکلیف دینے والا (شخص یا شے) : بخیل۔ (۲) سنسی : چمٹی۔

Pinching : (n) [Pinch, v + -ing.] (۱) چٹکی لینے؛ تکلیف ہونے؛ تکلیف دینے کا عمل۔ (۲) چٹکی یا گرفت میں لینے کا ہیجان؛ درد نیز مجازاً۔ (۳) بخل۔

Pinching-bar : (n) دیکھو Pinch-bar

Pincushion : (n) پن گدی؛ پن دانی۔

Pind : (v) [OE. (ge) pyndan, f. pound.] (۱) بند کر دینا؛ روك لینا؛ (مویشیوں کو) کانجی ہاؤس میں ڈال دینا۔

Pinda/Pindar : (n) [Pg. 'pinda'.] مغربی ہند اور جنوبی ریاستہائے متحدہ کی مونگ پھلی۔

Pindari : (n) [Hindustani , 'Pindari' perch from a place-name pandhar.] پنڈاری: (سترھویں اٹھارویں صدی کا ہندوستانی ڈاکو)۔

Pindaric : (a) [L. 'pindaricus.] یونانی شاعر پنڈار کا یا اس سے متعلق: پنڈار کے طرز کا کلام۔

Pindaric : (n) پنڈار کی تقلید میں نظم، قصیدہ، بحر یا صنف شعر (خصوصاً جمع میں)۔

Pindarism : (n) پنڈار کی نقل۔

Pindarist : (n) یونانی شاعر پنڈار کی نظموں کا مقلد۔

Pinder : (n) [Pind + -er.] (برطانیہ) کسی تعلقہ کا آفیسر جو آوارہ مویشیوں کو کانجی ہاؤس میں بھیجتا ہے۔

Pinder/Pinda/Pindar : (n) [Congo, 'pinda.'] (خصوصاً جنوب میں) ایك قسم کی مچھلی جو کھانے یا تیل نکالنے میں کام آتی ہے۔

Pindling : (a) [Perh. alter of spindling.] (بول چال) نازك: لاغر۔

Pindot : (n) سوتی کپڑے میں مستعمل بہت ہی چھوٹا نشان۔

Pindotted : (a) بہت ہی چھوٹے نشان والا۔

Pine : (n) [ME. f. OE. 'pin.'] (۱) (قدیم) غم؛ صدمہ؛ رنج۔ (۲) (متروک) حاجت؛ قحط۔ (۳) ایک قسم کا مرض جو بھیڑیوں کو قلت غذا کے باعث ہو جاتا ہے؛ Pin-disease خصوصاً کوبالٹ کی قلت کے باعث ہونے والا مرض۔

Pine : (v) [OE. 'pinian.'] (۱) گھلنا؛ سوکھنا؛ دبلا ہونا(غم بیماری وغیرہ سے)۔ (۲) (قدیم) کڑھنا؛ ماتم کرنا۔ (۳) (کسی شے کے لئے)بیتاب ہونا۔

Pine : (n) [OE. 'pin' , ad. L. 'pinus', L. 'pinus.'] (۱) صنوبر۔ (۲) اناس۔ (۳) ایسے درختوں کی لکڑی۔ (۴) صنوبر کی لکڑی سے بنی ہوئی کوئی چیز۔ (۵)اناس یا صنوبر کے پھل کی شکل جیسے ٹارچ،جہاز ، مستول خصوصاً شاعرانہ۔

Pine : (a) (۱) صنوبر کا یا اس سے متعلق عموماً مرکب کے ساتھ مستعمل۔ (۲) صنوبر کی لکڑی کا بنا ہوا۔

Pine-apple/Pineapple : (n) [ME. 'pineappel.'] (۱) اناس؛ (جنوبی امریکا کا ایک پھل مگر اب یہ گرم ممالک میں عام طور پر پایا جاتا ہے)۔ (۲) ایک قسم کی آرائش جو اناس یا اس کے پھل کے مشابہ ہوتی ہے۔ (۳) ایک طرح کا بم ؛ دستی بم۔

Pine-barren : (n) [Pine + Barren.] زمین کا رتیلا حصہ جس میں کہیں کہیں صنوبر کے درخت ہوتے ہیں خصوصاً امریکا کی جنوبی ریاستوں میں۔

Pine-beetle : (n) چھوٹی قسم کے بھونروں میں سے کوئی ایک جو صنوبر کی لکڑی یا چھال کو نقصان پہنچاتے ہیں۔

Pine-cone : (n) صنوبر کا پھل۔

Pine-drops : (n) شمالی امریکا کا ایک پودا۔

Pine-finch : (n) بڑے سَہرے کی ایک قسم جو یورپ اور شمالی امریکا کے صنوبر کے جنگلوں میں پائے جاتے ہیں۔

Pine-grosbeak : (n) دیکھو Pine-finch

Pine-gum : (n) آسٹریلیا کے ایک درخت سے حاصل ہونے والا ایک قسم کا گوند۔

Pine-hawkmoth : (n) ایک قسم کا پروانہ۔

Pine-lizard : (n) شمالی امریکا کی بھوری چھپکلی۔

Pine-marten : (n) دیکھو Marten

Pine-needle : (n) سوئی نما صنوبر کا پتہ۔

Pine-nut : (n) [ME. pinnote.] اناس کا پھل۔

Pine oil : (n) صنوبر سے حاصل ہونے والے مختلف تیل میں کوئی ایک قسم یا کوئی دوسرا تیل اس کے مشابہ۔

Pine sap : (n) ایک قسم کا سرخی مائل گوند دار پودا۔

Pine-siskin : (n) شمالی امریکی سَہرے کی ایک قسم جو صنوبر کے جنگلوں میں پایا جاتا ہے۔

Pine-snake : (n) شمالی امریکا کا ایک بے ضرر سانپ جو صنوبر کے جنگلوں میں پایا جاتاہے۔

Pine-tree : (n) [ME. pinetre + f. OE. pintreow.] (۱) صنوبر۔ (۲) مرغابی جیسا سبز رنگ۔

Pine-tree state : (n) ریاست ہائے متحدہ امریکا کا ایک علاقہ جہاں صنوبر کثرت سے اگتے ہیں۔

Pine-wood : (n) (۱) صنوبر کے درخت کی لکڑی؛ چوب صنوبر؛ خشت عزیزی۔ (۲) صنوبر کے درخت کا جنگل۔

Pineal : (a)[Fr.'pineal.] (نباتیات) صنوبر کے پھل کے متعلق یا اس کے مشابہ ؛ ایک مختصر مخروطی شکل کے لئے مستعمل جو دماغ کے تیسرے جوف کے عقب میں واقع ہے ، اور جس میں ریگ جیسے ذرات ہوتے ہیں؛ مخروطی شکل کے متعلق۔

Pineal eye : (n) آنکھ جیسی مخروطی شکل جس میں عدسہ اور پردۂ چشم نمایاں طور پر ہوتے ہیں۔

Pinery : (n) [Pine + -er.] (۱) صنوبرستان ؛ وہ جگہ جہاں صنوبر اگتے ہیں۔ (۲) اناس کا باغ۔

Pinetum/Pineta : (n) [L. 'pine grove', f. pine + -etrum.] صنوبر کے درختوں کا علاقہ خصوصاً صنوبر کی مختلف قسموں کا سائنٹیفک تجمع؛ صنوبر ستان۔

Piney/Pinnay/Piny : (n) [Tamil, 'pinnai or punnai', in Skr. 'punnaga.'] مشرقی ہندوستان کے دو رال دار درختوں کا نام: چیڑکا درخت۔

Piney : (a) چیڑکے درخت جیسا ؛ رال دار۔

Piney oil/-tallow : (n) گوند نما یا روغنی مادہ جو چیڑکے درخت کے پھل سے نکلتا ھے اور جس کا استعمال موم بتی بنانے میں ہوتا ھے۔

Pinfold : (n) [Late OE. 'pund-fald.'] (۱) کانجی ہاؤس ؛مویشی گھر۔ (۲)کال کوٹھری۔

Pinfold : (v) کانجی ہاؤس میں بند کردینا : نیز مجازاًتنگ و محدود جگہ میں بند کرنا۔

Ping : (n) [Echoic.] دھات جیسی چیز سے پیدا ہونے والی آواز: جھنکار: جھنجھناہٹ : ہوا میں رائفل کی گولی چلنے یا مچھر کی آمد کی آواز۔

Ping : (v) جھنکار یا گولی کی سنسناہٹ کی آواز پیدا کرنا۔

Ping-pong : (n) [Echoic.] پنگ پانگ : لان ٹینس جیسا ایک کھیل جو منیر پر کھیلا جاتا ھے ۔

Pingle : (v) [Origin unkn.] (۱)(اسکاٹ لینڈ) کوشش کرنا: سعی کرنا۔ (۲) وقت ضائع کرنا خصوصاً اپنی غذا کے ساتھ۔

Pingle : (n) [Origin unkn.] (بول چال) (برطانیہ) احاطہ دار قطعہ زمین۔

Pinguedinous : (a) [L. 'pinguedinem' (f. pinguis)+ -ous.] چربی دار: چربیلا۔

Pinguefy : (v) [L. 'pinguefacere' .] (۱) (اب شاذ) چربی دار بنانا : (زمین کو) زرخیز بنانا۔

Pinguescent : (a) [L. 'pinguescentem.] موٹا ہونے والا: فربہ ہونے والا : لحیم شحیم ہونے والا ۔

Pinguicula : (n) [L. fem. of 'pinguiculus', dim. of 'pinguis.'] (۱) (نباتیات) جنس سَمَنیّہ۔ (۲) آنکھ کی جھلی کا پھوڑا (عموماً قرینہ چشم کے کنارے کا)۔

Pinguid : (a) [L. 'pinguis', a + -id.] (عموماً مزاحاً) موٹا: فربہ: لحیم شحیم: چربیلا : روغن دار: چکنا چپڑا۔

Pinguidity : (n) موٹاپا : روغن دار ہونا۔

Pinguin : (n) [Origin unkn.] (۱) غریب الہندی اننّاس کا پودا ۔ (۲) اس کا پھل بخار کی حالت میں استعمال ہوتا ھے اور کرم کش (دوا) کے طور پر کام آتا ھے۔

Pinguitude : (n) [L. 'pinguitudo', f. 'pinguis', + -tudo.] (قدیم) مٹاپا: فربہی: روغنیت۔

Pinic : (a) صنوبری: صنوبر کے درخت سے متعلق یا اس سے نکالا ہوا۔

Pining : (n) [ME. pining, f. OE.] (کسی شے کے لئے) بیتاب ہونے یا کڑھنے کا عمل۔

Pining : (a) [Pres. part. of pine.] (۱) (قدیم) حسرت کرنے والا: بیتاب۔ (۲) گھلانے والا۔

Pinion : (n) [Fr. 'pignon.'] (۱) پر: شہ پر: پنکھ۔ (۲) (شاعرانہ) بازو۔ (۳) پرندے کا کوئی پر جس سے اسے قوتِ پرواز حاصل ہوتی ھے۔

Pinion : (n) [as prec.] دندانے دار چھوٹاسا پہیہ: دندانے دار پرزہ۔

Pinion : (v) (۱) پر قینچ کرنا: پر کاٹنا: پر کترنا۔ (۲) مشکیں باندھنا: مشکیں کسنا۔ (۲) کس کے باندھنا (کسی شخص کو کسی شے سے) : پابہ زنجیر کرنا۔

Pinioed : (a) [ME. 'pynyoned', f. pinion + -ed.] پردار: حاصل پر۔

Pinioed : (a) [Pinion + -ed.] مقید: پابہ زنجیر۔

Pinite : (n) [Gr. 'pinit', f. its locality, the Pini mine.] المونیم اور پوٹاشیم کا آبدار سلیکیٹ جو مختلف بلوری شکلوں میں ہوتا ھے۔

Pinite : (n) [Fr., f. L. pinus.] صنوبر کے ایک درخت کے رس سے حاصل ہونے والا ایک بلور پذیر سیکرینی مادہ ($C_6H_{12}O_{10}$)۔

Pink : (n) [app. a. MDu. 'pincke, pinke, origin unkn.] (تاریخ) تنگ دنبالہ کشتی: تنگ دنبالہ کی کشتی۔

Pink : (n) [Origin unkn.] (۱) سامن مچھلی کا بچّہ۔ (۲) (مقامی) منو (Minnow) مچھلی۔

Pink : (n) [f. Pink, v.] (۱) (متروک) لباس میں آرائش کے لئے کوئی شگاف ۔ (۲) (متروک) گولی کا زخم۔

Pink : (n) [Origin unkn.] (۱) پنک: خوشبودار پھولوں کا پودا جس کے پھول گلابی سفید وغیرہ رنگوں کے ہوتے ہیں۔ (۲) گلابی رنگ: پیازی رنگ۔ (۳) (مجازاً) عمدہ پھول: (کوئی اعلیٰ خوبی) کا پیکر: معراج: کمال قدرت: منتہا۔

Chinese pink / China - : گل رعنا۔

Clove pink : غنچۂ قرنفل۔

In the pink : (عامیانہ) اچھی صحت؛ عمدہ حال۔

Maiden Pink/Maidenly-/Meadow - : ایک قسم کا پھول کا پودا۔

Pheasants eye pink : دیکھو Pheasants's eye : سفید نرگس۔

Sea pink : ایک قسم کا پودا۔

The pink of elegance : کمال نفاست؛ کمال زیبائی۔

The pink of health : کمال تندرستی؛ کمال صحت۔

Wild pink : Dianthus کی کوئی وحشی نوع۔

Pink : (a) (۱) گلابی؛ پیازی۔ (۲) شکاری کے لال کوٹ کے لئے مستعمل۔ (۳) ہلکے سرخ رنگ کا؛ ہلکے گلابی رنگ کا۔

Pink : (n) [Origin obscure.] ایک قسم کا ہلکا زردی مائل رنگ جو نباتات کے رنگین مادے اور اساسی سفید رنگ کی آمیزش سے حاصل ہوتا ہے۔

Brown pink / Dutch-/French -pink : یہ سب رنگ اس نباتاتی رنگ کی آمیزش سے بنائے جاتے ہیں۔

Pink : (v) [LG. 'pinken.'] (۱) (اب شاذ) سوراخ کرنا؛ تلوار وغیرہ بھونکنا؛ دبانا۔ (۲) کسی نکیلے اوزار یا حربے سے بھونکنا؛ چبھونا۔ (۳) آرائش کی غرض سے چمڑے، کپڑے وغیرہ میں سوراخ کرنا؛ (حاشیے وغیرہ پر) نیز (To pink out) - (۴) آرائش کرنا؛ سنوارنا؛ آراستہ کرنا۔

Pink : (v) [Du. 'pinken' History unknown.] (۱) (آنکھوں کے لئے) نیم وا ہونا؛ جھانکنا؛ (عامیانہ)۔ (۲) (شخص کے لئے) پلک مارنا؛ آنکھ جھپکنا؛ (اب عامیانہ)۔ (۳) (روشنی کے لئے) کم ہونا؛ ماند ہونا۔

Pink : (v) [Echoic.] (موٹر انجن کے لئے)؛ ٹکرانا؛ ٹکر کھانا۔

Pink-eye : (n) [f. pink, a + eye.] (۱) آلو کی ایک قسم۔ (۲) ایک طرح کا متعدی بخار جو گھوڑوں میں پھیلتا ہے۔ (۳) التہاب چشم متعدی (انسان میں) جس میں آنکھ کے ڈھیلے سرخ ہو جاتے ہیں؛ گلابی آنکھ؛ رَمدِ وبائی۔

Pink-eyed : (a) [f. Pink. (a).] خرد چشم؛ بیمار چشم۔

Pink-eyed : (a) سرخ یا گلابی چشم والا۔

Pink rot : (n) (۱) آلو کے گنٹھوں میں ہونے والی ایک خطرناک بیماری۔ (۲) سیب کی ایک بیماری۔

Pink salt : (n) ایک قسم کا کیمیاوی نمک جس کا استعمال کپڑا چھاپنے میں ہوتا ہے۔

Pink saucer:(n) ایک قسم کی رنگین طشتری جس سے جلد یا لباس پر گلابی رنگ کا عکس ڈالا جاتا ہے؛ نیز رنگ۔

Pink tea : (n) پر اہتمام عصرانہ چائے۔

Pinked : (ppl.a.) [f.Pink,v.+ -ed.] (۱) مجروح؛ زخمی۔ (۲) (کپڑا، یا چمڑا وغیرہ کے لئے) سوراخ سے حاشیہ مزین۔ (۳) ایسے حاشیے کا جو تنگ یا دندانوں میں منقطع ہو : (اکثر Pinked out)-

Pinkie /-y : (n) Pink کا مصغر۔

Pinking (n) [f. Pink + -ing.] بھونکنے یا چبھونے کا عمل : (کپڑا یا چمڑا) شگاف سے آراستہ کرنے کا عمل۔

Pinking-iron : (n) ایک تیز اور روزن دار حاشیہ کترنے کا؛ (مزاحاً) تلوار۔

Pinkish : (a) گلابی سا؛ کسی قدر گلابی؛ خصوصاً سیاست میں عمدہ حال میں ہو۔

Pinkishness : (n) گلابی پن۔

Pinky : (adv.) گلابی رنگ میں۔

Pinkroot : (n) [f. Pink, + root.] خوشبودار پھولوں کے ایک پودے (Spigclia marilandica) کی جڑ جو کرم کش اور قبض کشا کے طور پر مستعمل ہے۔ (۲) ویسٹ انڈیز اور جنوبی امریکا کا ایک پودا (S. Anthelmia)- (۳) پیاز اور لہسن کا ایک مرض جس میں جڑ کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔

Pinkster/Pingster/Pinxter : (n) [Du.] یوم خمیس، یہودیوں کا ایک فصلی تہوار۔

Pinkstern : (n) ایک چھوٹا جہاز جس کا دنبالہ تنگ ہو۔

Pinky : (a) [Pink + -y.] گلابی۔

Pinky : (a) Pinkie کی متبادل صورت۔

Pinless : (a) بغیر پن کے۔

Pinn-/Pinni : (Comb.) [L. f. 'pinna] جزوترکیبی بمعنی پر: مچھلی کا پر۔

Pinna : (n) [L. var. of 'pina', Gr. 'pina.'] صدفہ کی ایک نوع۔

Pinna : (n) [mod. L. uses of L. 'pinna'=penna.'] (۱) کان کا بالائی حصّہ ؛ پرگوش ؛ گوشک ۔ (۲) پر دار پتے کی ایک پتی۔ (۳) مچھلی کا پر: فلش ماہی۔

Pinnace : (n) [Fr. 'pinasse, pinace.'] (۱) چھ یا آٹھ چپو والی کشتی (جو جنگی جہاز کے ساتھ ہوتی ہے)۔ (۲) (تاریخ و شعر) چھوٹا دو مستولی جہاز۔ (۳) نیز دوسری چھوٹی کشتی کے لئے مستعمل۔

Pinnacle : (n) [ME. 'pinacle', a. OF. and F. 'pinacle.'] (۱) کنگرہ: کنگورہ؛ کلس ۔ (۲) چوٹی؛ راس؛ منتہا۔ (۳) (مجازاً) بلند ترین نقطہ؛ منتہائے کمال۔

Pinnacle : (v) [f. prec. n.] کنگورے یا چوٹی پر رکھنا یا نصب کرنا: کنگورہ بنانا؛ کنگورے یا کلس سے آراستہ کرنا۔

Pinnacled : (ppl. a.) چوٹی پر رکھا ہوا یا نصب کیا ہوا؛ چوٹی دار۔

Pinnate : (a) [L. 'pinnatus', f. pinna + -ate.'] (نباتیات) پردار؛ پرنما: (جس کے ساق کے دونوں طرف بالمقابل پتیاں ہوں) ملمس دار: (حیوانیات) زایدہ دار ؛ جس کے کسی عضو کے دونوں طرف ملمس ، پیر وغیرہ ہوں: پر یلا؛ پر شکل۔

Pinnated : (a) (۱) پردار؛ پرنما؛ زایدہ دار؛ پریلا۔ (۲) فلس دار ؛ پردار۔

Pinnatedly:(adv) پردارانہ؛ پرنمائی کے طور پر؛ ملمس دارانہ طور پر وغیرہ۔

Pinnati - : (comb.) [L. 'pinnatus, pinnate.'] جزو ترکیبی ، خصوصاً نباتیات کی اصطلاحات کے لئے پتیوں سے متعلق ۔

Pinnatifid : (a) (نباتیات) (گیزہ) پرشگافانہ ؛ پر زخمہ ۔

Pinnatilobate/Pinnatilobed : (a) (نباتیات) پرگوشیہ۔

Pinnatiparitite : (a) پردرزہ ۔

Pinnatiped : (a) [mod. L. 'pinnatipes.'] پر پایان؛ پنکھ پایان ۔

Pinnatiped : (n) پرپایاں پرندہ ؛ اس نوع کا کوئی پرندہ ۔

Pinner : (n) [Var. of Pinder, f. pin, v.] (مقامی) محصور کرنے والا: باندھنے والا: مویشی کو کانجی ہاؤس میں ڈالنے والا۔

Pinner : (n) [f. pin, v. + -er.] (۱) آلپن ساز ؛ آلپن بنانے والا ۔ (۲) (تاریخ) (عورتوں کی) دامن دار ٹوپی جس کے دونوں دامن ٹکے ہوتے تھے۔ (۳) (روزمرہ) وردی: پیش بند۔

Pinni - : (comb.) [Comb. form of L. pinna, penna.'] جزوترکیبی بمعنی پر۔

Pinniform : (a) [f. Pinni-+-form.] (۱) فلس نما : فلس ماہی کے مشابہ۔ (۲) پردار کی شکل کا۔ (۳) صدفہ نما۔

Pinnigrade : (n) [L. - 'gradus.'] (حیوانیات) پنکھ چال: فلس ماہی جیسے عضو کے ذریعہ چلنا: اس قسم کا کوئی جانور۔

Pinniped : (n) [mod. L. 'Pinnipes', L. 'pinnapes.'] پنکھ پا، پر پا: ایک پنکھ یا پستاندار جانور: سیل یادریائی گھوڑا۔

Pinniped : (a) پنکھ پا: پرپا۔

Pinnock : (n) (حیوانیات) عصفور الشوک۔

Pinnock : (n) [Origin unkn.] چھوٹا پُل۔

Pinnothere/Pinnotere : (n) [L. 'pinno-, pinoteres.'] کیکڑا یا سرطان کی قسم جو طفیلی کی حیثیت سے گھونگے کی سیپی میں رہتے ہیں۔

Pinnotherian : (a) ایسے کیکڑے یا سرطان سے متعلق۔

Pinnotherian : (n) اس قسم کا کیکڑا یا سرطان جو گھونگے کی سیپی میں طفیلی بن کر رہتا ہے۔

Pinnulate/Pinnulated : (a) اصطرلاب درجہ نما رکھنے والا۔

Pinnule/Pinule : (n) [L. 'pinnula', dim. of pinna'.] (۱) اصطرلاب درجہ نما یا اسطرلاب کی مکھی۔ (۲) (نباتیات) پربچہ: (حیوانیات) فلسچہ ؛ حیوان کا عضو جو مثل فلس یا پر کے ہو۔

Pinny : (n) (بچوں کی بولی) Pinafore کا مخفف ہے۔

Pinny : (a) [Pin + - y.] (۱) پن کیا ہوا (فاعل کے لئے مستعمل)۔ (۲) ایک سا تہ مرتب۔ (۳) داغدار۔

Pinocle : (n) [Origin unkn.] (امریکا) بزیک (Bszique) کے جیسا ایک تاش کا کھیل۔

Pinole : (n) [Amer. Sp. f. 'pinnolle.'] (پینول) ایک قسم کا ستو؛ امریکن ستو۔

Pinoleum : (n) [L. 'pinus', pine' + 'oleum.'] بلوط کی تختیوں سے بنا پردہ تاکہ سورج کی تیز شعاعوں سے حفاظت ہو سکے۔

Pinon/Pinion : (n) [Sp. L. 'pinea, pnecone.'] (نباتیات) کاج۔

Pins and needles : (n) شل ہو جانے کے بعد جب کوئی عضو اچھا ہونے لگتا ہے تو سوئی چبھنے جیسا احساس ہوتا ہے؛ سنسناہٹ۔

On pins and needles : انتہائی بے چینی کی حالت میں؛ اضطرابی کیفیت میں۔

Pin's head/-point : (n) پن کا سرا؛ (مجازاً) بہت چھوٹی سی چیز۔

Pint : (n) [ME. 'pinte. '] پائنٹ؛ ایک گیلن کا آٹھواں حصّہ۔

Pint-pot : (n) ایک ظرف جس میں ایک پائنٹ کی مقدار ہو۔

Pintado : (n) [Pg.] ایک قسم کا پرندہ؛ کبوتر کے مانند۔

Pintail/Pintails : (n) ایک امریکی بط جس کی دم نکیلی ہوتی ہے؛ نوک دُم بطخ۔

Pintailed : (a) دُم دراز۔

Pintle : (n) [OE. 'pintel', of unknown history.] (۱) عضو تناسل؛ آلت مردمی۔ (۲) چول؛ قبضہ؛ میخ؛ کیل؛ کواڑ کی کیلی؛ (خصوصاً وہ جس پر کوئی دوسرا حصّہ پھرتا ہے جیسے کواڑ کی چول)۔

Pinto : (a) [Amer. Sp.] چتکبرا گھوڑا۔

Pinto : (a) (۱) رنگ برنگ۔ (۲) جال دار۔

Pinworm : (n) ایک قسم کا خیطیہ جو خصوصاً بچوں کی مقعد میں ہوتا ہے۔

Piny : (a) [Pin + -y.] صنوبر صفت؛ صنوبر سے بھرا؛ صنوبر کے درخت سے متعلق؛ صنوبر نما؛ صنوبری۔

Pio-/pi - : (comb.] جزو ترکیبی بمعنی چربی جیسے ، چربی سنج Pioscope وغیرہ۔

Piolet : (n) [Fr., prop. Savoy, dim - of 'piolo.] برف شکن تیر؛ تیر یا کلہاڑی جو آلپسی پہاڑوں پر چڑھنے والوں کے پاس برف کاٹ کر راستہ بنانے کے لئے ہوتی ہے۔

Pion : (v) کھودنا؛ حفّاری کرنا۔

Pioned : (a) کھدا ہوا ؛ کندہ ؛ کندہ شدہ ۔

Pioneer : (n) [Fr. 'pionier.'] (۱) (فوجی) سفر مَینا ؛ راستہ بتانے والا فوجی دستہ۔ (۲) ہادی؛ پہلا مہم جو؛ پہلا محقق؛ پہلا رہنما؛ پہلا راہ دکھانے والا؛ پیشرو؛ پیش آہنگ قافلہ ؛حفّار۔

Pioneer : (v) (۱) (راستہ) صاف کرنا؛ (رستہ) تیار کرنا؛ رہنمائی کرنا؛ ہدایت کرنا؛ پیشرو ہونا؛ پیش قدمی کرنا۔

Pioneer : (a) پہلا؛ سابق؛ پیش قدم ؛ مقدم ؛ سب سے پہلے ۔

Pioted : (a) ابلق سیاہ و سفید۔

Pious : (a) [L. 'pius.'] (۱) پارسا ؛ خدا ترس ؛ متقی؛ پرہیزگار؛ متدین؛ صالح؛ زاہد۔ (۲) (قدیم) فرض شناس؛ اطاعت شعار؛ فرمانبردار؛ سعادت مند ۔ (۳) عالی؛ ممتاز۔ (۴) امور خیریہ سے متعلق ؛ دیندارانہ ۔

Pious founder : (n) مقدس بانی (کسی کالج یا دیگر فیض رساں ادارے کے لئے آتا ہے)۔

Pious fraud : (n) فریب مصلحت آمیز؛ دھوکا جو اس یقین سے کیا جائے کہ اس کا نتیجہ بھلائی ہوگا۔

Piously : (adv.) خدا ترسی کے ساتھ ؛ پارسائی سے ؛ دیندارانہ طور پر ؛ پرہیزگاری کے ساتھ۔

Pip : (n) [MDU. 'pippe.'] مرغیاں نیز دوسرے پرندوں کی بیماری ؛ (مزاحاً) انسانی امراض کے لئے بولتے ہیں؛ نیز افسردہ دلی۔

Pip : (n) [Originally 'peep' still used dial. origin unkn.] (۱) تاش کے پتے یا پانسے پر کا نشان یا بندی۔ (۲) افسر کے شانے کا تارہ ۔ (۳) پھولوں کے گچھوں کی ایک کلی۔ (۴) اناناس کی سطح پر کا معین قطعہ۔

Pip : (n) اشارہ دینے والی(Signaller) اصطلاح میں حرف "پ"۔

Pip : (n) بیج؛ تخم (ناشپاتی ، سیب کا)۔

Pip : (v) (۱) چہچہانا؛ (چھوٹے پرندوں کا)۔ (۲) (چڑیا کے بچے کا) (انڈے) پھوڑنا؛ (انڈے کے چھلکے سے) سر نکالنا؛ (انڈے کے لئے) ٹوٹنا ؛ (چڑیا کے لئے) چونچ سے انڈے پھوڑنا۔

Pip : (v) [f. Pip, (n) of. Pill, (v).] (۱) (بول چال) (کسی کلب کے ارکان کے انتخاب میں) کالی گولی ڈالنا؛یعنی خلاف رائے

دینا؛ رد کرنا؛ مسترد کرنا۔ (۲) شکست دینا؛ ہزیمت دینا۔ (۳) چھرا مارنا؛ گولی مارنا۔

Pip emma : (adv.) [Brit. signalman's telephone pronounce of P.M.] (برطانیہ) بعد از ظہر۔

Pip-squeak : (n) (۱) (عامیانہ) ادنیٰ یا حقیر شخص یا شے۔ (۲) سیل کا گولہ جس میں سے اس لفظ کی سی آواز نکلتی ہے۔

Pipa/Pipal : (n) [Surinam negro, 'pipal.'] (حیوانیات) غوک؛ مینڈک۔

Pipa : (n) (موسیقی) ایک قسم کا ساز؛ گٹار۔

Pipage/Pipeage : (n) [Pipe + -age.'] (۱) پائپ کے ذریعہ پانی گیس، پٹرول وغیرہ کا نقل و حمل؛ اس کام کے لئے پائپ کا بچھانا۔ (۲) ایسے تمام پائپ مجموعی طور پر۔

Pipal/Pipal Tree /Pipul/Peepal/Peepul : (n) [Hindi, 'pipal' f. Skr. 'pippala.'] پیپل کا درخت؛ پیپل؛ ہندوستان کا ایک مشہور سایہ دار درخت۔

Pipe : (n) [OE. 'pipe', (ult) a. late L. f. 'pipare.'] (۱) شہنائی؛ ترنا؛ مزمار؛ الغوزا؛ مرلی؛ بانسلی؛ بانسری؛ لے۔ (۲) نلی؛ نالی؛ نل۔ (۳) ارغنونی باجے کی ہر نَے جس سے آواز نکلتی ہے۔ (۴) کشتی راں کی سیٹی؛ (ملاحوں کے بلانے یا ہدایت کے لئے)۔ (۵) آواز خصوصاً گانے کی آواز۔ (۶) راگ؛ نغمہ؛ نغمہ طائر۔ (۷) جسم حیوانی میں سانس یا پسینہ نکلنے کی نالی۔ (۸) (معدنیات) معدنیات خام کی مخروطی رگ یا دھاری(Pipe vein)۔ (۹) جنگلی پرندوں کو پھنسانے والی نلی۔(۱۰) پائپ (تمباکو نوشی کا)؛ تمباکو کا وہ مقدار جو پائپ میں ہو۔ (۱۱) (جمع) Bagpipes نیز شاعرانہ (واحد)۔ (۱۲) بالو یا کنکڑ سے بھرا مخروطی مجوف جو کھریا مٹی (Chalk) میں واقع ہوتا ہے۔ (۱۳) نیلگوں چٹان کے عمودی مخروطی تودوں میں سے ہر ایک جس میں (جنوبی افریقہ میں) الماس تہ نشیں ہوتا ہے۔ (۱۴) لکڑی دھات وغیرہ کا جوفی مخروط، گیس، پانی، بھاپ وغیرہ کے نقل و حمل کے لئے۔

Put that in your pipe and smoke it : اگر ہوسکے تو صبر کرو۔

To put a person's pipe out : رونق نابود کردینا؛ بجھادینا۔

Pipe : (n) [late ME.] ایک بڑا پیپا (جس میں شراب، گوشت، مچھلی وغیرہ ہو) ۱۰۵ گیلن کی ناپ۔

Pipe : (v) [OE. 'pipian,' ad. L. 'Pipare.'] (۱) بانسری، نے یا مرلی بجانا۔ (۲) سیٹی بجانا۔ (۳) تیز آواز نکالنا۔ (۴) بانسری وغیرہ بجا کر؛ (کسی شخص کو) لے جانا یا لانا۔ (۵) سیٹی بجا کر ملازمین جہازکو کھانے کے لئے یا کام پر طلب کرنا۔ (۶) پنک پھول (Pinks) وغیرہ کی شاخیں کاٹ کر لگانے سے پودا بڑھانا۔ (۷) آراستہ کرنا یا سجانا؛ (کیک وغیرہ کو) (لباس پر) حاشیہ چڑھانا؛ بیل بوٹے کاڑھنا۔ (۸) نل لگانا؛ نلی لگانا۔ (۹) نل کے ذریعہ (پانی، گیس، تیل وغیرہ) لے جانا۔ (۱۰) (کان کنی) (کنکر وغیرہ) پر نل سے پانی کی تیز دھار ڈالنا؛ اس کام کے لئے پانی بہم پہنچانا۔

To pipe one's eyes/-eye : (بحری عامیانہ) آنسو بہانا؛ رونا۔

Pipe away : رخصتی سیٹی بجانا؛ جہاز یا کشتی کی روانگی کی سیٹی بجانا۔

Pipe-clay : (n) (۱) مزماری مٹی؛ ایک طرح کی سفید مٹی جس سے تمباکو نوشی کے پائپ بنتے ہیں؛ یا جس سے سفید برجس پیٹیوں وغیرہ پر پالش کیا جاتا ہے؛ (خصوصاً فوج میں)۔ (۲) (مجازاً) جزیات لباس؛ غیر معمولی توجہ۔

Pipe-clay : (v) سفیدی پھیرنا؛ پالش کرنا۔

To pipe-clay accounts : حساب صاف کرنا۔

Pipe down : (v) (۱) سیٹی بجاکر کام سے رخصت دینا۔ (۲) خاموش ہونا؛ چپ ہونا۔

Pipe-dream : (n) [So called f. the fantasies brought about by the smoking of opium.] ایک خیال یا وہمی منصوبہ، امید یا داستان۔

Pipe-fish : (n) مختلف پتلی مچھلیوں کی قسموں میں سے ایک۔

Pipe-fitter : (n) نل ساز۔

Pipe in : (v) بیچ میں بول اٹھنا۔

Pipe-layer : (n) (پانی یا گیس لے جانے کے لئے) نل بچھانے والا۔

Pipe-laying : (n) نل بچھانا۔

Pipe-light : (n) کاغذ کی نلکی جس سے پائپ سلگاتے ہیں۔

Pipe-line : (n) [Pipe+line.] (۱) نل لائن جس سے مائع، گیس یا ٹھوس کے باریک ذرات نقل و حمل کئے جاتے ہیں۔(۲) کسی داخلی منبع سے خبر حاصل کرنے کا راستہ۔ (۳) مرحلے (جیسے نقل و حمل کے) جن کے ذریعہ سپلائی منبع سے صارف

تك پہنچتی ہے۔

Pipe-major : (n) (بین کی قسم کا باجا) نمایاں درجے کا بجانے والا۔

Pipe-metal : (n) ٹن اور سیسے اور کبھی جستے کا بھرت۔

Pipe-office : (n) ایکسچیکر کے کلرك کا آفس۔

Pipe-opener : (n) (۱) چہل قدمی یا کوئی دوسری ورزش جن سے پھیپھڑوں میں صاف ہوا آتی ہے۔ (۲) کوئی مشقی کھیل یا مقابلہ سے پہلے کا ابتدائی آزمائشی کھیل۔

Pipe-ore : (n) عمودی حالت میں کھاری مٹی میں تہہ نشیں لوہے کی فلز۔

Pipe-organ : (n) (موسیقی) نے دار اَرغَنُون۔

Pipe-rack : (n) ارغنون کا شیلف؛ کٹھ گھر۔

Pipe-roll : (n) [Pipe+roll.] کسی مالیاتی سال کے لئے شیرف (Sheriff) یا دوسروں کا حساب کتاب۔

Pipe stone : (n) [Pipe + stone.] دیکھو Catlinite

Pipe stopper :(n) ایك چھوٹا ڈاٹ جس سے پائپ کے اندر تمباکو ڈالی جاتی ہے۔

Pipe vein : (n) معدنیات خام کی مخروطی رگ۔

Pipe-vine : (n) شمالی امریکا کا Aristolochia جنس کا پودا۔

Pipe-work : (n) (معدنیات) کچی دھات کی مخروطی رگ۔

Pipe-wrench : (n) ایك قسم کا اوزار جس کا ایك شکنجہ متحرك ہوتا ہے اور دوسرا غیر متحرك۔

Piped : (ppl. a.] f. pipe, (n) and pipe, (v).] (۱) نل نما۔(۲) نل یا نلیں لگے ہوئے۔ (۳) حاشیہ چڑھا ہوا۔ (۴) نل کے ذریعہ بھیجا ہوا۔

Pipeful : (n) پائپ میں بھرے تمباکو کی مقدار۔

Pipeless : (a) بے نل۔

Pipelike : (a) نل نما۔

Pipeline : (v) (۱) نل کے ذریعہ بھیجنا۔ (۲) نل لائن بنانا۔

Pipeliner : (n) (۱) پائپ لائن کا عملہ جو لائن کا نگراں ہوتا ہے۔

(۲) پائپ لائن کی صفت کا سربراہ۔

Pipeline run : (n) (۱) تیل کی وہ مقدار جو ایك نقطہ سے دوسرے نقطہ تك بھیجی جاتی ہے۔ (۲) پائپ لائن سے بھیجی جانے والی تیل کی مقدار۔

Pipemouth : (n) ایك قسم کی مچھلی۔

Piper :(n)[Pipe+-er] (۱) نے نواز؛ شہنائی نواز؛ بانسری یا مرلی بجانے والا۔ (۲) (خصوصاً) گاؤں گاؤں پھر کر گانے بجانے والا؛ جہاں گرد گویا۔(۳) ایك قسم کی مچھلی۔ (۴) بے دم گھوڑا۔ (۵) کتا جو جنگلی مرغوں کو پھنسا کر لاتا ہے: لگا لانے والا کتا۔

To pay the piper : چرخ اُٹھاؤ اور قابو پاؤ؛ (جو کسی چیز کا خرچ برداشت کرے اس کو اس پر قابو رکھنے کا حق حاصل ہے)۔

Piper : (n) [f. L. 'pepper.'] گرم سیہ پودوں کی ایك جنس جس میں سیاہ مرچ کا پودا بھی شامل ہے۔

Piperaceae : (n) [L. f. 'piper' + -aceae.] گرم سیہ پودوں کا ایك خاص خاندان جس کی پتیاں خوشبودار ہوتی ہیں۔

Piperaceous : (a) [f. L. 'piper' + -aceous.'] (نباتیات) خانوادۂ فلفل سے تعلق رکھنے والا۔

Piperazine : (n) [f. L. 'piper + az (+ - ine.'] (دوا سازی) ایك قسم کا مرکب جس کا استعمال بخار اتارنے میں ہوتا ہے۔

Piperic : (a) [f. L. piper + -ic.] (کیمیا) فلفل سے تعلق یا اس سے ماخوذ۔

Piperic acid : (n) [Piper - (f. L. piper, pepper) + -ic.] ایك سیاہ بلوری ایسڈ جو پائرن سے بنتا ہے۔

Piperdine : (n) [mod. f. L. 'piper. pepper' + -ide + -ine.] (کیمیا) قلمی فلفل؛ (piperime) کے عمل سے بننے والا ایك کیمیاوی مادہ ($C_5H_{11}N$)۔

Piperine : (n) [f.as prec. + -ine.] (کیمیا) ایك القلی جو فلفل سے دستیاب ہوتی ہے؛ اور جو بے رنگ ہوتی ہے؛ قلی فلفل۔

Pipette : (n) [Fr.] پتلی نلی جو کیمیا میں گیس یا سیال اشیاء کے ناپنے یا منتقل کرنے کے کام آتی ہے۔

Pipewort : (n) ایك آبی یا دلدلی بوٹی جو گھاس سے ملتی جلتی ہے۔

Piping : (n) (۱) نے نوازی ؛ بانسری کی آواز ۔ (۲) گریہ وزاری ؛ چلانا ۔ (۳) شور ؛ تیز آواز ۔

Piping : (n) (۱) پھول وغیرہ کی شاخیں کاٹ کر لگانے سے پودے بڑھانے کا عمل ۔ (۲) حاشیہ کاری؛ بیل بوٹے لگانا؛ تزئین و آرائش ڈوری کے ذریعے سے جو نلی جیسے غلاف میں رہتی ہے؛ فیتہ یا حاشیہ ۔ (۳) کیک وغیرہ کی شکر کے ڈوروں سے آراستگی ونیز خطوط جن سے آرائش کرتے ہیں ۔

Piping : (a) [f. Pipe (v) -ing.] (۱) نے نوازی ۔ (۲) سیٹی بجانے والا؛ تیز آواز نکالنے والا ۔

The piping time (s) of peace : صلح وامن کے راگ گانے کا زمانہ ۔

Piping bullfinch : (n) ایک خوبصورت سخت چونچ کی گانے والی چڑیا ۔

Piping crow : (n) (حیوانیات) آسٹریلیا کا ایک پرندہ جو کلاغ کے مشابہ ہوتا ہے ۔

Piping hare : (n) (حیوانیات) ایک قسم کا خرگوش ۔

Piping hot : (a) کھولتا ہوا؛ کھدبداتا ہوا؛ بہت گرم (عام معنی میں)؛ (مجازاً) تازہ؛ گرم؛ تنور سے نکالا ہوا ۔

Piping rock : (n) زرد رنگ مائل بقر مز ۔

Pipiri : (n) [Imitative.] (حیوانیات) جزائر غرب الہند کا ایک مگس خوار پرندہ ۔

Pipistrel/ Pipistrelle : (n) [It. 'pipistrell.'] (حیوانیات) یورپ اور ایشیا کی ایک چھوٹی چمگاڈر جس کا رنگ قہوے کی طرح ہوتا ہے؛ شپّرہ ۔

Pipit : (n) [Prob. imitative of the bird's note.] (حیوانیات) ایک قسم کا پرندہ جو چکاوک کی طرح ہوتا ہے ؛قیزہ ؛ لوا ؛ چنڈول ۔

Pipkin : (n) [Origin unkn.] ہانڈی، ہنڈیا؛ مٹی کا دستہ دار ظرف ۔

Pipkinet : (n) ایک چھوٹی ہانڈی ۔

Pipped : (a) (۱) شکست خوردہ ۔ (۲) مست؛ سرمست ۔

Pipperidge : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کا پودا Barberry جس میں زرد پھول اور چھوٹے سرخ پھول لگتے ہیں نیز اس کا پھل ۔

Pippin : (n) [OFr. 'pepir.'] (۱) ایک قسم کا سیب ۔ (۲) تخم؛ بیج ۔ (۳) (عامیانہ) قابل تعریف شخص؛ نیک آدمی ۔ (۴) ذرۂ زر ۔

Pippin : (a) دانہ دار؛ بیج کی مانند؛ دانہ دانہ ۔

Pippin face : (n) گول سرخ چہرہ ۔

Pippin-hearted : (a) بزدل ؛ ڈرپوک ؛ عاجز ؛ بیچارہ ۔

Pippiner : (n) بیچ لے جانے والی کشتی ۔

Pippip : (Interj.) خدا حافظ ۔

Pipsissewa : (n) [Algonquian.] (۱) ایک سدا بہار پودے کے پتوں کا رس جو مثانے کی پتھری کو ریزہ ریزہ کردیتا ہے ۔ (۲) ایک سدا بہار بیل جس کے سفید پھول ہوتے ہیں اس کے پتوں کا استعمال ادویات میں ہوتا ہے ۔

Piquancy : (n) چڑچڑاہٹ ؛ چٹ پٹاپن؛ اشتہاآفریں؛ رائحہ (غذا کا) ۔

Piquant : (a) [Fr. pr. ppl. of 'piquer.'] (۱) تیز؛ تیکھا؛ چٹ پٹا ۔ (۲) مشتہی، اشتہا خیز ۔ (۳) (مجازاً) محرک؛ مہیج؛ دلچسپ؛ للچانے یا لبھانے والا ۔

Piquant : (n) تیز؛ تیکھی شے؛ مشتہی؛ اشتہا خیز غذا؛ خارپشت کا کانٹا ۔

Piquantly : (adv.) چٹ پٹے پن سے؛ لبھانے کے طور پر ۔

Pique : (n) [Fr. f. 'piquer.'] (۱) ناراضی؛ بیزاری؛ برافروختگی؛ رنجیدگی؛ آزردگی ۔ (۲) رنجش (جو شکست غرور سے پیدا ہو) کینہ وری؛ دشمنی؛ عداوت؛ عناد ۔

In a fit of pique : آزردگی اور برہمی کے عالم میں ۔

Pique : (n) (۱) تاش کی دو پتی کھیل (Piquet) میں متواتر تیس نشانات (Points) بنانا پیشتر اس کے کہ حریف مخالف ایک بھی نہ بنا سکے ؛ تیس نشان کی حیثیت ۔

Pique : (n) [Sp. Amer.] دیکھو Chigoe

Pique : (n) Peak کی بدلی ہوئی شکل ۔

Pique : (n) [Fr.] (۱) ایک قسم کا بٹے ہوئے تاگے کا سوتی کپڑا ۔ (۲) منبت کاری؛ میناکاری ۔

Pique : (v) [Fr. piquer.] (۱) اشتعال دینا؛ غرور توڑکر تکلیف پہنچانا ۔ (۲) رشک ، رقابت ، حسد وغیرہ پیدا کرکے مشتعل کرنا ۔ (۳) جگانا؛ بیدار کرنا (دلچسپی، شوق) ۔

(۴) (شاذ) غرور کرنا: جھوٹا طرہ لگانا (upon - on کے ساتھ).

Pique : (v) [f. pique.] (۱) تیس نشانات(Points)بننا یا بنانا. (۲) تیس نشانات کا بننا.

Piquet/Picket/Picquet : (n) پیکٹ (یہ دو پتی تاش کا ایک کھیل ہے جو صرف ۳۲ پتیوں سے کھیلا جاتا ہے).

Piqueur : (n) (۱) چاؤش یا پیشرو جو گاڑی کے آگے جاکر راستہ ہموار کرتا ہے.

Piquer : (n) سوراخ: کرم خوردگی کا سوراخ.

Pir : (n) (۱) پیر: فقیر: نیز متبرک مقام. (۲) بوڑھا آدمی (فارسی میں).

Piracy : (n) [ad. med. L. 'piratia.'] (۱) قزاقی: بحری ڈاکہ زنی: بحری لوٹ مار وغیرہ. (۲) ادبی سرقہ: کتاب کے حق طبع کی قزاقی: طبع کا کتاب حق غصب کرنا (اس مفہوم کے لئے Infringeneral کا لفظ زیادہ مستعمل ہے).

River piracy : ڈاکۂ دریا: دزدی دریا.

Piragua/Periagua : (n) [Sp.] درخت کے ایک تنے سے بنائی جانے والی کشتی: دو بادبان والی کشتی.

Piranha : دیکھو Perai

Pirate : (n) [L. 'pirata.'] (۱) دریائی قزاق : دریائی دزد : بحری ڈاکو. (۲) لٹیرا: قزاق. (۳) بحری ڈاکو جہاز (یعنی بحری ڈاکوؤں کا جہاز). (۴) حق تصنیف یا ایجاد کا غاصب: جو بغیر اجازت کسی کی تصنیف اپنے فائدے کے لئے چھاپ لیتا ہے : یا کسی کے اختراع یا ایجادکو اپنے اغراض کے لئے کام میں لاتا ہے. (۵) وہ بس (گاڑی) جو غیر سڑک پر چلے: وہ گاڑی جو مسافروں سے زیادہ کرایہ وصول کرے یا ان کو لوٹے.

Pirate : (v) [f. prec. n.] (۱) بحری قزاقی کرنا: بحری ڈاکہ ڈالنا. (۲) حق تصنیف و تالیف کی خلاف ورزی کرنا. (۳) ڈکیتی کرنا.

Piratic : (a) [L. 'piraticus.'] (۱) بحری قزاق کا: قزاقی کا یا اس کے متعلق. (۲) بحری ڈاکو کی طرح.

Piratic war : (n) وہ جنگ جو بحر روم میں پوم پی نے بحری ڈاکوؤں سے کی تھی.

Piratical : (a)[f.as prec.+ -al.] (۱) بحری قزاقی یا قزاقی کا یا اس سے متعلق: سے بحری قزاقی کی مانند یا اس کی خصوصیت کا حامل: بحری قزاقی کی طرح. (۲) (مجازاً) ادبی سرقہ کا: غارت گرانہ: قزاقانہ وغیرہ. (۳) بحری قزاقی سے حاصل کیا ہوا: لُوٹا ہوا.

Piratically : (adv.) خیانت کے طور پر.

Pirl : (v) [Perh. onomatopoeic.] (۱) (قدیم) بل دار بنانا: کاتنا (دھاگے وغیرہ): (اب خصوصاً عامیانہ) بل دار بنانا: (گھوڑے کے بال کو). (۲) کاتنا: گھمانا.

Pirlite : (n) (اسکاتستان) چھوٹی چیز: چھوٹی انگلی.

Pirn : (n) [Origin absc.] (۱) بنکر کی ریل یا چرخی. (۲) ریل کی طرح کوئی دوسری شے خصوصاً ماہی گیری کی ریل.

Piroque/ Per(i)oque/ Perique/ Piroque : (n) [Fr. piroque.] Piraque کی متبادل شکل: بادبانی یا غیر بادبانی کشتی کی مقامی قسموں کے لئے مستعمل.

Pirouette : (n) ناچ جو ایک پیر یا ایک انگوٹھے کے بل ناچا جاتا ہے.

Pirouette : (v) ایک پیر یا انگوٹھے کے بل ناچنا: تیزی سے حرکت کرنا.

Pirrie/-y : (n) [app. ohomatopoeic.] طوفان: تیز ہوا: ہوا کا اچانک طوفان.

Pisaller : (n) [Fr. from an pisalle.] لاچاری کی تدبیر: مجبوری کی پسند: ایسا طریقہ کار جو بہتر صورت نہ ہونے کی حالت میں اختیار کیا جائے.

Piscary : (n) [med. L. 'piscaria', pl. of 'piscarius', f. piscis, fish.] (۱) حق ماہی گیر: مشترک حق ماہی گیری جس میں مالک یا ماہی گاہ یا دوسرے بھی شامل ہوں: اب عموماً (Cammon of piscary)- (۲) ماہی گاہ: جائے ماہی گیری.

Piscation : (n) [ad. L. 'piscationem.'] (شاذ) ماہی گیری.

Piscator : (n) ماہی گیر: مچھوا.

Piscatorial : (a) ماہی گیری میں ملازمت یافتہ یا اب اس کا خوگر.

Piscatory : (a) [ad. L. 'piscatorius', a, f. piscator.] ماہی گیر یا ماہی گیری کا یا اس کے متعلق.

Piscatory ring : (n) (سینٹ پیٹر کے جانشین ہونے کی حیثیت سے

پوپ کی انگشتری جو شاہی مہر کا کام انجام دیتی تھی۔

Pisces : (n) [L. pl. of 'piscis.] (ہیئت) حوت؛ برج حوت (بارھویں برج کا نام) ؛ (حیوانیات) ماہیاں؛ مچھلیاں (فقری جاندار کی ایک جماعت کی حیثیت سے)۔

Piscicultural : (a) ماہی پروری کا یا اس کے متعلق؛ ماہی پرورانہ۔

Pisciculturally : (adv.) ماہی پروری کے لحاظ سے۔

Pisciculture : (n) [f. L. 'piscis', +culturas, culture.] ماہی پروری (مصنوعی طریقے سے) مچھلیوں کی مصنوعی پرورش۔

Pisciculturist : (n) ماہی پروری؛ ماہی پروری کا شائق یا اس کا ماہر۔

Pisciform : (a) [f. L. 'piscis' + -form.] ماہی صورت؛ مچھلی کی شکل رکھنے والا۔

Piscina/-ae/-as : (n) [a. L.] (۱) مچھلی بھون؛ مچھلی پوکھرا یا کنڈ؛ قدیم روما میں نہانے کا حوض۔ (۲) (کلیسا) سوراخ دار؛ سنگین ظرف پانی کی نکاس کے لئے۔

Piscine : (a) [f. L. 'piscis.'] مچھلی یا مچھلی کی فطرت یا خصوصیات کا یا ان کے متعلق؛ شبیہہ ماہی۔

Piscine : (n) [f., ad. L. 'piscina.'] دیکھو Piscina

Piscinity : (n) زندگی ماہی؛ حالت ماہی؛ شکل ماہی۔

Piscivorous : (a) [f. L. 'piscis' + -vorous + -ous.] ماہی خور؛ مچھلی پر زندگی بسر کرنے والا۔

Pise : (n) [Fr., L. 'pisare.'] (۱) کٹی پٹی مٹی تعمیر کے لئے؛ گارا۔ (۲) عمارت جو اس قسم کی مٹی سے بنایا جائے؛ کچا مکان۔

Pisgah : (n) [Heb.] پزگا : وہ پہاڑ جہاں سے حضرت موسیٰ کو ارض موعود کو جلوہ نظر آیا تھا۔

Pisgah glance/-prospect/-view : (n) آئندہ کی جھلکی یا اُمید۔

Pish : (Int.) چھی چھی؛ تھو؛ تف۔

Pish : (n) حقارت و نفرت کا اظہار۔

Pish : (v) چھی چھی کرنا ؛ تھو تھو کرنا ؛ تف کرنا ۔

Pishogue : (n) [Ir. Gael. 'piseog.'] (آئرستان) جادو ؛ سحر ؛ جادوگری ؛ منتر ؛ ٹونا ؛ ٹوٹکا۔

Pisi : (n) مثر؛ نخود۔

Pisiform : (a) [mod. L. 'pisiformis', f. pisum.] مثر صورت؛ نخودی۔

Pisiform : (n) نخودی ہڈی۔

Pisiform bone : (n) نخودی ہڈی؛ کلائی کی ہڈیوں میں ایک چھوٹی سی ہڈی۔

Pisiform iron-ore : (n) مثرکی طرح ہونے والی لوھے کی کچی دھات۔

Pismire : (n) [ME. 'pissemyre', f. piss + mire.] (۱) چیونٹی؛ مور۔ (۲) (مجازاً) حقیر آدمی۔

Pisolite : (n) [mod. L. 'pisolithus.'] سنگ نخودی۔

Pisolitic : (a) سنگ نخودی کا یا اس کے متعلق یا اس کے مشابہ۔

Piss : (n) [Late ME.] (غیر مہذب) پیشاب؛ بول؛ موت۔

Piss : (v) [Fr. 'pissier.'] (۱) (غیر مہذب) پیشاب کرنا؛ موتنا؛ پیشاب میں تر کرنا؛ (خون آلود) پیشاب کرنا؛ پیشاب سے آگ بجھانا۔ (۲)(عامیانہ) محموز ہونا۔

Pissabed : (n) [f. Piss, v. + Abed.] ککرونده؛ گل قاصدی۔

Pissasaphalt : (n) [L. 'pissasphaltus.'] (کان کنی) رال؛ تفط ۔

Pistachial : (a) (نباتیات) پستئی۔

Pistachio : (n) [ad. L. 'pistacium', It. 'pistacchic.] (۱) پستہ۔ (۲) درخت پستہ۔ (۳) پستئی رنگ ۔

Pistacia : (n) [L.] (۱) درخت پستہ۔ (۲) پستئی رنگ؛ سبز رنگ پستہ کے مشابہ۔

Pistacite : (n) [G. 'pistazit.'] (کان کنی) دیکھو Epidote

Pistareen : (n) [app. f. Peseta.] ایک چھوٹے سکے کا امریکی یا ویسٹ انڈین نام جو پہلے مروج تھا۔

Pistareen : (a) معمولی؛ ادنی۔

Pistic : (a) [L. 'pisticus', a. Gr. 'pistikos.'] عقیدے کا یا اس کے متعلق۔

Pistil : (n) [Fr. 'pestle' L., 'pistillum.] حقہ؛ بقچۂ گل۔

Pistillary : (a) بقچۂ گل کا یا اس کے متعلق؛ بقچہ صفت۔

Pistillate : (a) حامل بقچۂ گل؛ مادہ؛ بقچہ صفت۔

Pistillidium : (n) [mod. L. 'pistillium', pistill + -idium.'] (نباتیات) بقچک؛ اولین بیضہ؛ تخمک خانہ۔

Pistilliferous : (a) حامل بقچۂ گل؛ مادہ ؛ Staminate کے برعکس۔

Pistilline : (a) بقچوی؛ بقچہ صفت۔

Pistol : (n) [G. 'pistole.'] پستول؛ طمنچہ؛ طپنچہ۔

Beyond the pistol point : پستول کی مار یا زد سے باہر۔

Volta's pistol : ایک دھات کا ظرف جو کاک کے ذریعہ بند رہتا ہے ، اور جس میں گیسوں کا اشتعال انگیز آمیزہ شرارے سے بھڑکایا جا سکتا ہے۔

Within pistol shot : پستول کی مار میں؛ طمنچے کی زد میں۔

Pistol : (v) پستول سے مارنا۔

Pistol arm : (n) وہ ہاتھ جس کی گرفت میں فائر کرتے وقت پستول ہوتا ہے۔

Pistol carbine : (n) وہ پستول جس کا کاربائن (قنداق) اس سے جُدا کیا جا سکتا ہے۔

Pistol casebearer : (n) (حیوانیات) نوزادہ حشرہ جس کی غذا پھلدار درخت کی پتی ہوتی ہے۔

Pistol-pipe : (n) (دھات کاری) گرم بھٹی کی بھاپ نلی۔

Pistol-shot : (n) پستول کی گولی؛ وہ جو پستول چلانے کا عادی ہے۔

Pistol-whip : (v) پستول سے کسی کے بدن پر مارنا؛ پستول کے کسی ایک حصّے سے کسی کے بدن پر ضرب لگانا۔

Pistole : (n) [a. Fr. the coin, app. from pistolet.] (تاریخ) پستول : ایک طلائی سکے کا نام خصوصاً ہسپانی طلائی سکہ جس کی قیمت ۱۸ شلنگ ہے۔

Pistoleer : (n) پستول سے لیس سپاہی۔

Pistolgrip : (n) پستول کا دستہ۔

Pistolgraph : (n) (۱) فوری عکسانہ ؛ یہ ایک آلہ ہے جو پستول کی طرح چلتا ہے اور فوراً تصویر اتار لیتا ہے۔ (۲) فوری عکاسی؛ فوری تصویر کشی۔

Pistology : (n) علم الایمان؛ علم الٰہیات کا شعبہ؛ جو ایمان سے بحث کرتا ہے۔

Piston : (n) [a. Fr., ad. It. 'pistone.'] پسٹن؛ فشارہ؛ متحرک ڈاٹ؛ پھیلتی ہوئی کھل مندن ۔

Piston-head : (n) پسٹن کی چکتی جو ٹیوب میں پھیلتی ہے۔

Piston-phone : (n) آواز کی شدت ناپنے کا آلہ : صوت سنج۔

Piston-rod : (n) فشار گز؛ دستہ فشار؛ پسٹن راڈ۔

Piston-valve : (n) (۱) پسٹن کا والو جیسے پمپ میں ہوتا ہے۔ (۲) وہ والو جو پسٹن کے ٹیوب میں آگے پیچھے کھلنے سے بنتا ہے تلکہ سلنڈر میں بھاپ آجا سکے۔

Pisum : (n) [L.] (نباتیات) نخودفرنگی؛ جنس مٹر۔

Pit : (n) [OE. 'pytt'm, ME. 'pyt.'] (۱) گڑھا؛ سوراخ؛ چھید؛ موکھا۔ (۲)اوگی؛ کھائی؛ خندق۔ (۳)غار؛ کھڈ (جو مکان یا دوسرے کاموں کے لئے کھودا جاتا ہے)۔(۴) جوف ؛ کھوکھل ۔ (۵) داغ؛ نشان (چیچک وغیرہ کا)۔ (۶) (تھیٹر میں)سب سے نیچے کی نشست گاہ۔ (۷) (تھیٹر) سب سے نیچے کی نشست گاہ کے بیٹھنے والے۔ (۸) ارواح خبیثہ و گم شدہ کا مسکن؛ دوزخ یا اس کا کوئی حصہ؛ اکثر اس محاورے میں Pit of hell- (۹) گھیرا یا احاطہ جس میں جانور لڑائے جاتے ہیں۔ (۱۰) (اسکاتستان) پرانے زمانے میں بیرن کو یہ حق حاصل تھا کہ وہ چوروں کو پھانسی پر لٹکا دیں اور جرم کی مرتکب عورتوں کو خندق میں ڈال دیں۔ (۱۱) (نباتیات) کسی خلیے کی دیوار میں ہلکا سا نشیب۔

Cockpit : مرغوں کے لڑانے کی جگہ؛ پالی۔

A pit of the chain : چاہ زنخداں۔

A pit of the stomach : فم معدہ؛ جوف معدہ؛ سینے سے نچلے پسلیوں کے بیچ کا جوف۔

Dig a pit for : (کسی کے لئے) گڑھا کھودنا؛ (کسی کو دام میں پھنسانے کی کوشش کرنا۔

Saw-pit : آرہ گڑھا؛ وہ مقام جہاں زیرین آرہ کش کھڑا ہوتا ہے۔

Tan-pit : چمڑے کی دباغت کا گڑھا۔

The pit of the hell : قصر جہنم؛ جہنم۔

To fly or shoot the pit : مڑ کر گھیرے سے باہر اڑ جانا پست ہمت مرغ کی طرح۔

Pit : (v) (۱) گڑھے میں رکھنا؛ کھتے میں رکھنا (خصوصاً سبزی و ترکاری وغیرہ کو)۔ (۲) (کتے کو) لڑنے کے لئے چھوڑنا؛ (مرغے کو) پالی میں اتارنا؛ (مجازاً) ایک شخص کو دوسرے سے لڑانا (اکثر فعل مجہول میں)۔ (۳) نشان یا داغ ڈالنا۔ (۴) نشان پڑنا انگلی وغیرہ کے جلد پر۔ (۵) کھوکھل بنانا؛ جوف پیدا کرنا۔ (۶) سکڑنا یا نشان بننا؛ جوف بننا؛ جوف دار ہونا۔

Pit-a-pat/Pit-pat : (n) [Echoic.] دھک دھک؛ دھڑ دھڑ؛ دھڑکن؛ پٹ پٹ؛ دھڑدھڑاہٹ۔

Pit-a-pat : (adv.) لڑکھڑاتا ہوا؛ دھڑکتا ہوا۔

His feet went pit-a-pat : اس کے پاؤں لغزش کر رہے تھے۔

His heart went pit-a-pat : اس کا دل دھڑک رہا تھا۔

To go pit-a-pat : لڑکھڑا جانا۔

Pit-a-pat : (a) دھڑکتا ہوا؛ لڑکھڑاتا ہوا۔

Pit-a-pat : (v) دھڑکنا؛ لڑکھڑانا؛ دھک دھک کرنا۔

Pit-bank : (n) (کوئلے کی کان کے) کھڈ کا کنارہ جہاں کوئلے کو چھانٹا اور چھانا جاتا ہے۔

Pit-brow : (n) کھڈ کا کنارہ۔

Pit-coal : (n) [f. pit, (n) + coal.] (اب شاذ یا قدیم) کوئلہ جو کان یا کھائی سے دستیاب ہوتا ہے (لکڑی کے کوئلے سے الگ) اب صرف Coal کہا جاتا ہے۔

Pit-frame : (n) کان کے رسنے یا کھڈ کے اوپر کا چوکھٹا جس میں چرخی لگی رہتی ہے۔

Pit-head : (n) (معدنیات) کان یا گڈھے کا سرا۔

Pit-hole : (n) (۱) سوراخ؛ حفرہ۔ (۲) قبر۔

Pit-hole : (v) دفن کرنا؛ سپرد خاک کرنا۔

Pit-kiln : (n) پتھر کوئلے سے کوک بنانے کی بھٹی۔

Pit-pat : دیکھو Pit-a-pat

Pit-saw : (n) لکڑی چیرنے کا بڑا آرا جس کے دونوں طرف دستے لگے ہوتے ہیں اور ایک طرف گڈھے میں بیٹھ کر چلایا جاتا ہے۔

Pit-sawyer : (n) وہ آرا چلانے والا جو کھڈ میں بیٹھتا ہے۔

Pit-stall : (n) (تھیٹر میں) سامنے کی نشستوں اور کھڑے ہونے کی جگہ کے درمیان کی نشستیں۔

Pit-viper : (n) ایک زہریلا سانپ جس کی آنکھوں کے نیچے گڑھا ہوتا ہے۔

Pit-work : (n) پمپوں کا سیٹ اور ان سے منسلک مشینیں جو کان کے رستے یا کھڈ میں رکھے ہوتے ہیں۔

Pita : (n) [Sp., a. Peruvian pita.] (نباتیات) درخت کی نوع جس کی چھال سے ڈوریاں بنتی ہیں؛ (نباتیات) گوش خرما یا امریکا کا ایک درخت۔

Pitahaya : (n) [Sp. a. Hytian.] (میکسیکو) اور جنوبی امریکا کے کیکٹس یا دوسرے میوہ دار درخت کا نام۔

Pitch : (n) [OE. 'Pic, ad. L. Picem'.] (۱) زفت؛ رال؛ قیر؛ تارکول۔ (۲) مختلف معدنی اشیاء کے لئے مستعمل خصوصاً اسفالٹ؛ بٹومن۔ (۳) تارپین کے خام تیل کے لئے مستعمل۔

Pitch : (n) (۱) جہاز کا غوطہ۔ (۲) (کرکٹ) گیند پھینکنے کا انداز۔ (۳) مقدار مال جو منڈی میں بکری کے لئے رکھا جاتا ہے۔ (۴) (گولف) گیند کو اوپر پھینکنے کا عمل۔ (۵) وہ مقام جہاں گلی کوچوں میں تماشا کرنے والا یا گھوڑ دوڑ کا شرط باز کھڑا ہوتا ہے۔ (۶) وہ بلندی جہاں سے باز وغیرہ شکار پر جھپٹتے ہیں؛ (مجازاً) انتہا؛ منتہائے کمال؛ درجہ (خوبی وغیرہ کا)۔ (۷) گانے میں آواز کا زیر و بم؛ روشنی کے لئے مستعمل۔ (۸) ڈھال؛ درجہ میلان؛ ڈھلان یا جھکاؤ کا درجہ؛ چھت کی ڈھلان کا درجہ؛ (میکانیات) کسی مشین یا بیچ کے سلسلہ دار نقطوں یا خطوط کا درمیانی فاصلہ؛ مثلاً دندانے دار پہیئے کے دندانوں کے درمیان کا فصل۔ (۹) (کان کنی) کسی کان کا خاص (مخصوص) حصہ جو ایک مزدور کے ذمہ ہو۔ (۱۰) تعمیر؛ (چھت کا ڈھلوان)۔

To fly a high pitch : انتہائی بلندی تک پرواز کرنا۔

Pitch : (v) [ME. 'piche' Origin and history obscure.] (۱) کھڑا کرنا؛ لگانا؛ نصب کرنا۔ (۲) چھاؤنی چھانا؛ چھاؤنی ڈالنا؛ ڈیرے ڈالنا؛ خیمے نصب کرنا۔ (۳) قائم کرنا؛ ایستادہ کرنا؛ قرینے سے لگانا؛ سلیقے سے رکھنا۔ (۴) نمائش کے لئے رکھنا۔ (۵) فرش بندی کرنا؛ سنگ بندی کرنا؛

(سڑك پر) پتھر بچھانا؛ فرش كرنا۔ (٦) (موسیقی) لے یا باجے كی آواز معین كرنا (مجازاً) خاص اسلوب بیان اختیار كرنا۔ (٧) (كھیلوں میں) نشانے پر پھینكنا (چپٹی چیز)۔ (٨) عامیانہ: كہنا؛ بیان كرنا (قصّے)۔ (٩) پھینكنا؛ گرانا۔ (١٠) سر كے بل گرنا؛ سر كے بل زور سے گرنا۔ (١١) (جہاز كا) طولاً غوطہ مارنا۔ (١٢) (موسیقی) زیر و بم متعین كرنا۔ (١٣) (بیسبال) گیند پھینكنا۔

To pitch a camp, a caravan : خیمہ نصب كرنے كے لئے وسیع مقام منتخب كرنا۔

To pitch in : (بول چال) خصوصاً امریكا) محنت سے كام كرنا؛ شوق سے كام میں لگ جانا۔

To pitch into : كھانے پر ٹوٹ پڑنا؛ زور سے حملہ كرنا (ضرب یا لفظ سے)۔

To pitch the wickets : (كركٹ) زمین میں اسٹمپ گاڑنا۔

To pitch upon : (كسی شے پر) نظر انتخاب ڈالنا؛ اتفاقاً انتخاب كرلینا۔

Pitch : (v) [OE, f. pic, pitch.] زفت یا قبر كا لیپ لگانا؛ قہركو یا كولتار سے (بھیڑ وغیرہ كو) نشان لگانا؛ كولتار سے رنگنا۔

Pitch and toss : (n) ایك مہارت اور اتفاق كا كھیل جس میں سكے نشانے پر پھینكے جاتے ہیں۔

Pitch apple : (n) امریكا كا ایك مشہور درخت جس كی پتیاں سدابہار اور كھردری ہوتی ہیں۔

Pitch-black : (n) [pitch+black.] (١) گہرا؛ سیاہ رنگ۔ (٢) گہرا بھورا رنگ جو تقریباً سیاہ ہوتا ہے۔

Pitch-blackness : (n) بلكل تاریكی۔

Pitch-blende : (n) [ad. G.'pechblende.] یورینیم كا آكسائیڈ جو سیاہ تودے میں پایا جاتا ہے۔

Pitch-brand : (n) (١) نشان مالكیت جو بھیڑ وغیرہ پر لگایا جاتا ہے۔ (٢) (مجازاً) امتیاز ی بدی كا نشان۔

Pitch chain : (n) دندانے دار پہیئے میں جڑا كڑیوں كا سلسلہ۔

Pitch circle : (n) ایك خیالی خط عموماً دائرہ جو دندانے دار پہیئے سے ہوكر گزرتا ہے۔

Pitch-dark : (n) گہرا سیاہ؛ بالكل تاریك۔

Pitch-darkness : (n) بلكل تاریكی؛ گپ اندھیرا۔

Pitch-farthing : (n) ایك كھیل جس میں پیسہ یا كوئی اور سكہ بازی كے لئے پھینكا جاتا ہے۔

Pitch-line : (n) ایك فرضی لكیر (عموماً ایك دائرہ) جو ایك ساتھ چلائے جانے پر ایك دندانہ دار پہیہ كے دندانے سے اس طرح گذرتی ہے كہ دوسے دندانہ دار پہیہ كی لكیر كو چھوتی ہے۔

Pitch-ore : (n) اسفالٹ یا اس قسم كا دوسرا معدنی مادہ۔

Pitch-pine : (n) [f. Pitch+pine.] شاہ بلوط كی مختلف قسموں كا نام خصوصاً وہ جس سے تارپین نكالا جاتا ہے۔

Pitch-pipe : (n) [f. Pitch + pipe.] بانسری؛ ایك قسم كا باجہ جو منہ سے بجایا جاتا ہے؛ اور جس سے گیت كی لے متعین ہوتی ہے۔

Pitch-point : (n) دو دندانہ دار پہیئے كا خط مماس۔

Pitch-wheel : (n) ایك دندانہ دار پہیہ جو دوسرے میں پھنسا ہو۔

Pitched : (a) [pa. pple. of pitch.] (١) جنگ كے لئے سلیقے سے تیار؛ ایسی جگہ كے لئے مستعمل جس كا مقام اور نقشہ پہلے سے تیار ہو؛ باقاعدہ جنگ۔ (٢) چھت یا عمارت كے بلند یا زیریں نقطے كا حامل۔ (٣) مخصوص زیر و بم كا حامل۔

Pitched battle : (n) گھمسان لڑائی؛ ٹھنی ہوئی لڑائی؛ وہ لڑائی جس میں فریقین جم كر لڑیں۔

Pitched field : (n) دیكھو Pitched battle

Pitcher : (n) [ME. 'picher', 'pecher', OFr.'pichier] (١) مٹی كی صراحی؛ جھجھری؛ ٹھلیا وغیرہ جس میں ایك یا دو دستے لگے ہوتے ہیں۔ (٢) (نباتیات) صراحی نما پتا: -(Pitcher plant)

Pitchers have long or wide ears : چھوٹی صراحیاں؛ بڑے كان؛ بچے بھی چھپ كر سُن سكتے ہیں؛ اطفال ہم گوش دارد۔

Pitchers have ears (with upon ears) : دیوار ہم گوش دارد؛ دیوار كو بھی كان ہوتے ہیں۔

The pitcher goes often to the well but is broken at last (etc.) : مسلسل كامیابی (یا بریت) كے لئے مستعمل جو آخر كار ناكامیابی (یا سزا) پر ختم ہو۔

Pitcher : (n) [Pitch, v + er.] (۱) نصب کرنے والا: قائم کرنے والا: (وغیرہ فاعلی معنوں میں) گیند پھینکنے والا: خصوصاً Base ball میں۔ (۲) پھیری والا: جو کسی مقررہ جگہ پر اپنی دکان لگائے۔ (۳) وہ پتھر جو سڑک بنانے کے کام آئے: فرش پتھر۔

Pitcher-plant (n) [f. Pitcher + plant.] مختلف پودوں کے نام جن کی پتیاں صراحی نما ہوتی ہیں؛ اور جن سے ایک رقیق مادہ نکلتا ہے جس سے حشرات الارض پھنس کر پودوں کی خوراک بن جاتے ہیں: خصوصاً مشرقی ہند کا درخت (Napenthens) اور شمالی امریکا کا Sarracenea -

Pitchfork : (n) [also earlier, 'pickfork.] (۱) جیلی۔ (۲) دو شاخہ (جس سے گھاس وغیرہ اٹھا کر رکھتے ہیں)۔

Pitchfork : (n) سر ملانے کا دوشاخہ۔

Pitchfork : (n) [f. pitch fork.] (۱) جیلی سے اٹھا کر رکھنا یا پھینکنا۔ (۲) (مجازاً) زبردستی ٹھونسنا (کسی شخص کو کسی خدمت پر)؛ کسی کو جبراً کوئی خدمت یا منصب دینا۔ (۳) جیلی سے حملہ کرنا۔

Pitchiness : (n) گہری تاریکی؛ گہری سیاہی۔

Pitching : (n) [f. Pitch + ing.] (۱) جیلی سے اٹھا کر پھینکنے کا عمل۔ (۲) سنگ بندی کا عمل: کنارے یا ڈھلوان پر پتھروں کی سجاوٹ تاکہ لہروں کے لئے بند کا کام کرے: سنگ سے مفرش راستہ: اینٹوں سے مفرش سڑک۔ (۳) پھینکنے یا اٹھانے کا عمل: خصوصاً بیس بال گولف وغیرہ میں گیند پھینکنا۔

Pitching-piece : (n) لکڑی کا تختہ جو چوبی سیڑھی کے اوپر رہتا ہے: اور جو سہارے کا کام کرتا ہے۔

Pitchstone : (n) [f. pitch + stone.] ایک قدیم کوہ آتش فشاں چٹان: کوئی دوسری چٹان جو سخت اور سیاہ ہوتی ہے۔

Pitchwork : (n) [f. pitch-work.] کان کنی کا کام جس کی اجرت کام کے حساب سے مزدوروں کو دی جاتی ہے۔

Pitchy : (a. adv.) [f. Pitch + -y.] (۱) اسفالٹ سے بھرا: تارکول سے لپٹا ہوا: رال سے لپٹا ہوا۔ (۲) رال کی طرح: رال صفت۔ (۳) رال کے رنگ کا: گہرے بھورے رنگ کا جو تقریباً سیاہ ہو۔ (۴) (مجازاً) اخلاقی اعتبار سے سیاہ: نہایت شریر: شدید: زیادہ: گہرا۔

Piteous : (a) [ME. 'pytos, pitous', a. OFr. 'pitos.'] (۱) قابل رحم: قابل ترس: دردناک: قابل افسوس: قابل رحم: قابل ہمدردی: ملال انگیز: افسوسناک۔

Piteously : (adv.) دردناک طور پر۔

Piteousness : (n) قابل رحم: قابل افسوس: یا ملال انگیز حالت۔

Pitfall : (n) [app. f. Pit. (n) + Fall, (n).] (۱) پوشیدہ خندق جس میں جانور یا آدمی گڑ پڑے اور پکڑ لئے جائیں۔ (۲) (مجازاً) دام: پھندہ: پوشیدہ خطر: یا غلطی جس میں کوئی شخص غیر شعوری طور پر مبتلا ہو جائے۔

Pith : (n) [OE. 'pipa.'] (۱) (نباتیات) گودا، مغ۔ (۲) نارنگی وغیرہ پھلوں کے چھلکوں کا گودا۔ (۳) ریڑھ کا حصہ: ریڑھ کا پٹھا۔ (۴) جوہر: انس: لب لباب: خلاصہ: نچوڑ۔ (۵) قوت: زور: طاقت: توانائی۔

Pith : (v) [f. prec. (n).] جانوروں کو ریڑھ کی رگ کاٹ کر ذبح کرنا یا بے ہوش کردینا: خصوصاً اس طرح (مویشی) ذبح کرنا۔

Pith hat/-helmet : (n) مغز نما: دھوپ ہیٹ جو بنگال کے ایک درخت کے گودے سے بنایا جاتا ہے۔

Pith-paper : (n) (۱) کاغذ برنج: مختلف پودوں کے گودے سے بننے والا کاغذ۔ (۲) دیکھو Rice-paper -

Pith plant : (n) (۱) دیکھو The rice paper tree. (۲) ایک چھوٹا ایشیائی درخت جو جاپان اور چین میں پایا جاتا ہے؛ اور جس سے کاغذ تیار کیا جاتا ہے۔

Pithec-/Pitheco - : (comb.) سابقہ بمعنی بندر۔

Pithecan : (a) بندر کے مشابہ: بندر کی طرح۔

Pithecan : (n) بندر مثل انسان۔

Pithecanthrope/ -pos/-us : (n) [f. Gr. 'pithekos + anthropos.'] آدم نما بندر؛ بندر اور انسان کی درمیانی کڑی۔

Pithecian : (a) [Fr. 'pithecien', f. Gr. 'pithekos.] (حیوانیات) شمالی اور جنوبی امریکا کے بندر کی ایک نوع۔

Pithecoid : (A) [Fr. 'pithecoide.'] شبیہہ میمون: بوزنہ مانند: بندر جیسا: میمونی۔

Pithily : (adv.) مغز حرام کی مانند: مغز چوب کی طرح: پر مغز پر معنی طور پر۔

Pithiness : (n) پر مغزی۔

Pithless : (a) بے مغز؛ بے گودا۔

Pithy : (a) [f.. Pith + -y.] (۱) پر مغز؛ مغز دار؛ شبیہہ مغز؛ لب۔ (۲) مختصر و مفید؛ کارگر؛ مؤثر؛ قوی؛ پر قوت؛ ٹھوس۔ (۳) (شراب) شدیدالکحل کا حامل۔

A pithy remark : مختصر و مفید اشارہ۔

A pithy style : مؤثر و پر مغز اسلوب۔

Pitiability : (n) ترحم آمیزی؛ قابلیت ترحم؛ قابل ترحم امر۔

Pitiable : (a) (۱) قابل رحم؛ واجب الرحم؛ لائق ترحم۔ (۲) افسوسناک؛ قابل افسوس؛ قابل نفرت؛ یا حقارت۔

Pitiableness : (n) قابل رحم؛ یا واجب الرحم حالت؛ قابل نفرت یاحقارت حالت ؛ مسکنت۔

Pitiably : (adv.) قابل رحم طور پر؛ واجب الرحم انداز میں۔

Pitier : (n) [f. pity+-er.] ترس کھانے والا؛ رحم کھانے والا؛ افسوس کرنے والا۔

Pitiful : (a) [f. Pity+-ful.] (۱) رحم دل؛ درد مند۔ (۲) واجب الرحم؛ قابل ترحم؛ درد انگیز۔ (۳) قابل افسوس؛ قابل نفرت۔ (۴) ذلیل؛ حقیر۔

Pitifully : : (adv.) درد مندی سے؛ قابل رحم طور پر؛ ذلیل طور پر۔

Pitifulness : (n) درد مندی؛ نفرت انگیز حال۔

Pitiless : (a) بے رحم؛ بے درد؛ شقی؛ شقی القلب؛ سنگ دل۔

Pitilessly:(adv.) بے رحمانہ؛ بے دردانہ؛ سنگ دلانہ؛ جابرانہ؛ظالمانہ طور پر۔

Pitilessness : (n) بے رحمی؛ بے دردی؛ سنگ دلی؛ شقاوت۔

Pitman : (n) [pit + man.] (۱) کان کن؛ کان میں کام کرنے والا؛ حفار۔ (۲) گورکن؛ قبر کھودنے والا۔ (۳) (مشین) جوڑنے والی چھڑی؛ (خصوصاً امریکا میں)۔

Pitmirk : (a) (اسکاتستان) سیاہ ؛ قبر گوں۔

Pitmirk : (n) تاریکی مطلق؛ مطلق سیاہی۔

Piton : (n) [Fr.] (کوہ نوردی) میخ آہنی جس سے کوہ نورد اپنی ڈوریاں باندھتے ہیں۔

Pitpan : (n) [Mosquito.] (۱) دیکھو Dug-out ۔ (۲) وسطی امریکا میں ایک قسم کی کشتی جو درخت کے تنے سے تیار ہوتی ہے۔

Pitta : (n) [mod. L. a. Telugu, 'pitta.'] (حیوانیات) بتیا؛ چڑیوں کا خاندان جس کی قسمیں چین، ہندوستان اور آسٹریلیا میں پائی جاتی ہیں اور جن کے پر خوش رنگ ہوتے ہیں۔

Pittacal : (n) [G., +Gr.'pitta'+ 'kalos.'] (کیمیا) (لکڑی سے حاصل ہونے والا) سیاہ رنگ سے ملنے والا ایک ٹھوس نیلا مادہ۔

Pittance : (n) [ME. 'pita (n) nce', a. OFr. 'pitance.'] (۱) تاریخ) کسی دینی ادارے کے حق میں مزید خوراک کے لئے وصیت۔ (۲) قلیل وظیفہ : حقیر روزینہ؛ قلیل معاوضہ؛ جیسے a mere pittance یعنی بہت تھوڑی رقم یا تعداد ۔ (۳) کل کا تھوڑا سا حصّہ؛ جز۔

Pitted : (a) [f. Pit, (v) + -ed.] (۱) سوراخ سوراخ ؛ حفرہ دار ۔ (۲) چیچک رو۔ (۳) گڈھے میں رکھا ہوا یا گاڑا ہوا۔

Pitter : (v) [Echoic.] (۱) (روز مرّہ) جھینگر کی آواز پیدا کرنا۔ (۲) چہچہانا۔ (۳) چھچھلا پانی کا پتھروں سے بہنے کی صدا ہونا۔

Pitter-patter : (n) [f. patter.] ٹپ ٹپ؛ ٹپ ٹپ کی آواز؛ ہلکے قدموں یا بارش سے پیدا ہونے والی آواز؛ایسی آواز کا نام۔

Pitter-patter : (adv.) ہلکے قدموں یا بارش کی آواز کے طور پر۔

Pitticite : (n) [G. 'pittizit', f. Gr. 'pitta.'] (کان کنی) لوھے کی آبدار سلفر سینٹ جو زمرد یا سرخی مائل بھورے رنگ کا ہوتا ہے۔

Pittism : (n) ولیم پٹ کی پالیسی۔

Pittite : (n) برطانوی سیاست داں ولیم پٹ یا اس کی پالیسی کا معتقد۔

Pittite : (n) [f. Pit,(n)+-ite.] (بول چال) وہ تھیٹر کے گڈھے میں جانشیں ہو۔

Pituita : (n) [L.] غشائے مخاطی کی ریزش ؛ بَلغم ؛ نُخَامہ۔

Pituitary : (a) [L. 'pittuitosus.'] (تشریح) نخامی (حیوانیات) بمعنی: مخامی۔

Pituitary gland body : (n) غُدّۂ نُخامیہ۔

Pituitous : (a) [L. 'pituitosus.'] (۱) بلغم؛ یا نخامہ؛ کا یا اس کے متعلق؛ مخاطی امراض وغیرہ کا؛ بلغم کی خاصیت کا حامل یا

اس سے پیدا ہونے والا۔ (۲) بلغمی۔

Pituitrin : (n) نخامین؛ پٹوئٹرین۔

Pituri : (n) [Native name in Australia.] آسٹریلوی جھاڑی کا مقامی نام جس کی پتیاں مخدر ہوتی ہیں۔

Pity : (n) [ME. 'pite',a. OFr. 'pite, pitet.] (۱) رحم؛ ترحم؛ درد مندی؛ ترس؛ دلسوزی؛ کسی کی مصیبت یا دکھ کو دیکھ کر جذبۂ ترحم کا پیدا ہونا؛ اور ہمدردی۔ (۲) افسوس، تاسف کا احساس پیدا ہونا۔ (۳) رحم کا سبب قابل افسوس حقیقت یا حالت؛ قابل افسوس شے۔

For pity's sake : لِلّٰہ؛ خدا کے لئے۔

It is a thousand pities you did not mention it : حیف؛ صد حیف؛ تم نے یہ ظاہر نہیں کیا۔

To have pity : افسوس کرنا۔

To have or take pity : رحم کرنا؛ ترحم کا احساس کرنا۔

What a pity : کیا افسوس ہے؛ بڑے افسوس کی بات ہے۔

Pity : (v) [f. prec. (n).] رحم کھانا؛ افسوس کرنا(کسی پر)؛ ترس کھانا؛ متاثر ہونا؛رحم و شفقت رکھنا۔

Pitying : (a) قابل ترس؛ قابل رحم۔

Pityingly : (adv.) از راہ ترحم؛ از روئے تأسف۔

Pityriasis : (n) [mod. L.,a. Gr. 'pitiriasis.'] (مرضیات) بہق ابیض؛ چھیپ؛ جلد کی بھوسی بننا۔

Pityriasis alba : (n) سبُوسہ؛ بفا۔

Pityriasis capitis : (n) سبُوسہ سر۔

Pityriasis ruba : (n) بہق احمر۔

Pivot : (n) [Fr., 'pivot', Origin unkn.] (۱) چول؛ محور؛ مدار۔ (۲)(فوجی) افسر یا شخص جس کے گرد فوج کی ایک جماعت گردش کرتی ہے۔ (۳) (مجازاً) اصلی یا مرکزی نقطہ یعنی وہ جس پر کسی معاملے یا واقع کا اصلی دار و مدار ہو۔

Pivot : (a) اصلی؛ محوری؛ مرکزی۔

Pivot : (v) [F. 'pivoter', f. 'pivot.'] (۱) محور یا چول لگانا۔ (۲) (مجازاً) گھومنا۔

Pivot-bridge : (n) ستون یا پیلپائے پر گھومنے والا پُل۔

Pivot broach/-drill : (n) گھڑی ساز کا آلہ کار۔

Pivot gun : (n) محور پر گھومنے والی بندوق۔

Pivotal : (adv.) مہم؛ اصلی؛ مرکزی؛ محوری؛ مؤثر؛ گھومنے والا۔

Pivotally : (adv.) جیسے محور پر ہو۔

Pivoter : (n) محور ساز؛ وہ کاریگر جو گھڑی کا محور بناتا ہے۔

Pixie/Pixy : (n) [Origin unkn.] پریوں سے ملتی جلتی ایک فرضی فوق الفطرت مخلوق۔

Pixie/Pixy humour : (n) شیطنت آمیز شوخی؛ مضر مزاح۔

Pixie ring : (n) گہرے رنگ کے گھاس کے حلقے جن کے متعلق کہا جاتا ہے کہ پریوں کے ناچنے سے پیدا ہو جاتے ہیں۔

Pixy-led : (a) پریوں سے گمراہ شدہ؛ ششدر۔

Pixy stool : (n) (۱) سماروغ؛ چھاتا۔ (۲) دیکھو Toad stool یا Mushroom .

Pizzicato : (adv.) [It.] (بجائے کمانچے کے)سارنگی وغیرہ کو انگلیوں سے (بجانا)۔

Pizzicato : (a) اس طرح بجایا ہوا۔

Pizzicato : (n) جو راگ یا راگنی اس طرح بجائی جائے۔

Pizzle : (n) [LG. 'pessel.'] (سوقیانہ) کسی چوپائے کا ذکر خصوصاً بیل کا؛ جو کسی زمانے میں تازیانے کا کام دیتا تھا؛ ذکر بیل؛ تازیانۂ ذکر۔

Placability : (n) مہربانی؛ دلی پذیری۔

Placable : (a) [L. 'placabilis.'] دل پذیر؛ نرم؛ حلیم؛ نرم دل؛ بردبار؛ جلد معاف کرنے والا؛ عفو شعار؛ صلح جو؛ بخشندہ؛ جُلد دھیما یا ٹھنڈا ہو جانے والا؛ تشفی پذیر۔

Placableness : (n) دل پذیری؛ مہربانی؛ دل پذیر۔

Placably : (adv.) نرمی سے؛ نرم دلی سے؛ صلح جویانہ۔

Placard : (n) [OFr. 'plackard'.] (۱) اعلان؛ اشتہار؛ پوسٹر؛ سرکاری اعلان۔ (۲) نوٹس یا دوسری دستاویز (نوشتہ یا مطبوعہ) بل؛ پوسٹر۔

Placard : (v) [f. prec. (n).] (دیوار، کھڑکی وغیرہ پر) اشتہار چسپاں کرنا یا لگانا؛ پوسٹر لگانا؛ اعلان کرنا؛ اشتہار دینا۔

Placate : (v) [L. 'placat-.] تشفی کرنا؛ تسکین کرنا؛ اطمینان دلانا؛ مطمئن کرنا؛ راضی کرنا؛ خوش کرنا؛ منانا؛ رضامند کرنا؛ دل ہاتھ میں لینا؛ (امریکا) مخالف کو چشم پوشی کرنے پر راضی کرنا۔

Placate : (n) [var. of 'placard.'] خارجی زرہ کے نیچے کا چرمی لباس۔

Place : (n) [L. 'platea.'] (۱) جگہ؛ مقام؛ محل۔ (۲) جگہ؛ جائے؛ ٹھکانا (کسی شخص یا شے کا)۔ (۳) شہر؛ قصبہ؛ قریہ؛ گاؤں؛ دیہہ؛ دیہات۔ (۴) مکان؛ گھر۔ (۵) دیہاتی مکان مع متعلقہ اراضی کے۔ (۶) عمارت؛ مقام (کسی خاص مقاصد کے لئے مثلاً تفریح، عبادت وغیرہ)۔ (۷) کسی جسم یا سطح پر نشان یا جگہ۔ (۸) زخم؛ گھاؤ۔ (۹) کوئی مقام (کسی کتاب یا تحریر میں)۔ (۱۰) درجہ؛ رتبہ؛ مرتبہ؛ حیثیت۔ (۱۱) (گھوڑ دوڑ کے مقابلے میں) درجہ یا نمبر۔ (۱۲) اعداد اعشاریہ میں کسی عدد کا درجہ۔ (۱۳) مناسب یا ٹھیک جگہ؛ موقع۔ (۱۴) بیان یا دلیل نمبر۔ (۱۵) نشست؛ گنجائش؛ سمائی (گاڑی وغیرہ میں)۔ (۱۶) اسامی؛ منصب؛ عہدہ۔ (۱۷) فرائض متعلقہ۔

A sore place on his wrist : اس کی کلائی پر زخمی جگہ۔

Find place : بو دو باش کے لئے جگہ پانا۔

From place to place : ایک جگہ سے دوسری جگہ۔

Give place to : جگہ دینا؛ کسی کے لئے جگہ خالی کرنا۔

Have place : واقع ہونا؛ موجود رہنا۔

He is in his palce : وہ اپنی جگہ پر ہے۔

He is out of his place : وہ اپنی اصلی جگہ پر نہیں ہے۔

In place : بجا؛ موزوں؛ مناسب؛ برمحل۔

In place of : بجائے؛ ...کی جگہ۔

It has changed its place : اس نے اپنی جگہ بدل دی؛ اپنا مقام بدل دینا۔

It is not my place to inquire into that : یہ میرا منصب نہیں ہے کہ اس کی تفتیش کرتا پھروں۔

Keep him in his place : اس کو اپنی جگہ پر رکھو۔

Out of place : بے جا؛ بے محل؛ ناموزوں؛ نامناسب۔

Servants must know their place : نوکروں کو اپنا مرتبہ یا اپنی حیثیت معلوم ہونی چاہئے۔

Take place : واقع ہونا؛ وقوع پذیر ہونا؛ وجود میں آنا۔

Take the place of : کسی کی جگہ لینا؛ قائم مقامی کرنا۔

Take two places in the coach : گاڑی میں دو نشستیں لے لو۔

Take your places: اپنی (اصلی) جگہ پر جاؤ۔

There is always a place for you at our table : ہمارے دسترخوان پر آپ کے لئے ہمیشہ جگہ ہے۔

There is no place for doubt : اس میں شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔

Upon the place : اصلی یا مناسب مقام پر۔

Place : (v) [f. prec.] (۱) رکھنا؛ لگانا۔ (۲) قرینے سے لگانا؛ ٹھکانے سے رکھنا۔ (۳) مقرر کرنا؛ متعین کرنا؛ تعینات کرنا (خصوصاً اہل کلیسا کو کسی منصب پر)۔ (۴) کسی کے لئے اسامی تلاش کرنا؛ روزگار کے لئے انتظام کرنا۔ (۵) (روپیہ) بینک میں رکھنا یا جمع کرنا یا کسی کاروبار میں لگانا۔ (۶) (مال) خریدار کے ہاتھ بیچنا؛ خریدار کے حوالے کرنا۔ (۷) (مال کی) فرمائش کرنا (کسی کمپنی وغیرہ سے)۔ (۸) (اعتماد) رکھنا؛ (اعتماد) کرنا؛ بھروسا کرنا۔ (۹) درجہ معین کرنا؛ رتبہ مشخص کرنا۔ (۱۰) مقام مشخص کرنا؛ گھوڑ دوڑ میں گھوڑوں کا نمبر یا درجہ بیان کرنا (خصوصاً پہلے تین گھوڑوں میں سے کسی ایک کا نمبر یا درجہ)۔ (۱۱) مقام ٹھوکر (Place-kick) سے (گول) کرنا۔ (۱۲) (روپیا وغیرہ) سود پر لگانا؛ (اکثر out کے ساتھ)۔ (۱۳) (کسی ڈرامے، تصنیف وغیرہ) کے کھیلے جانے یا اشاعت کا انتظام کرنا۔ (۱۴) جگہ متعین کرنا؛ درجہ متعین کرنا۔

To be placed : پہلے تین گھوڑوں میں ہونا؛ پہلے تین گھوڑوں میں آنا۔

Place-brick : (n) (سابقاً) وہ کچی اینٹ جو کسی ہموار (جگہ) پر پکائی جانے کے پہلے رکھی جائے؛ نیم پختہ اینٹ۔

Place-holder : (n) عہدہ دار؛ سرکاری عہدے رکھنے والا۔

Place-hunter : (n) وہ جو ہمیشہ سرکاری عہدے کی کھوج میں لگا رہے۔

Place-kick : (n) (فٹ بال) ٹھوکر جو اس گیند کو لگائی جائے جو دوسرا کھلاڑی اس غرض سے زمین پر رکھتا ہے؛ ایک کھلاڑی گیند کو ایک جگہ پر رکھ دیتا ہے اور دوسرا اسے مارتا ہے۔

Place-kick : (v) فٹ بال کو زمین پر رکھ کر گول کی طرف مارنا۔

Placebo : (n) [L.] (کلیسا) (۱) مُردوں کے لئے دعائے مغفرت۔ (۲) دوا؛ تسکین خاطر کے لئے زیادہ اور منفعت کے لئے کم۔ (۳) مایۂ تسکین؛ مایۂ تسلّی۔

Placeless : (a) (۱) غیر محدود۔ (۲) جگہ یا مقام کے بغیر۔ (۳) عہدے یا روزگار سے باہر۔

Placeman : (n) کسی آزاد مملکت یا ریاست میں ملازمت پانے والا یا اسامی؛ عموماً معاندانہ معنوں میں یعنی وہ جو کسی عہدے پر صلاحیت کی بنا پر نہیں بلکہ نفاد کی خاطر مقرر ہو؛ سرکاری عہدہ دار؛ ایسا شخص جو ذاتی فائدے کے لئے کسی خدمت پر مقرر کیا جاتا ہے، خواہ اس میں اس عہدے کی صلاحیت ہو یا نہ ہو۔

Placement : (n) مقرر کرنا یا مقرر کئے جانے کا عمل؛ تقرری؛ ترتیب۔

Placenta : (n) [L.] (۱) (حیوانیات) آنول نال؛ جڑی (چپٹی گول اسپنجی عضو جس میں جنین چپکا رہتا ہے اور جن کے ذریعہ وہ رحم میں پرورش پاتا ہے۔ (۲) (نباتیات) بقچہ کا وہ حصّہ جس میں بیضک چپکے رہتے ہیں۔

Placental : (a) [mod. L. 'placentalis', f. prec.] (۱) (حیوانیات) آنول نالی؛ آنول نالی کا حامل۔ (۲) (نباتیات) پودے کے آنول نال سے متعلق۔

Placental : (n) وہ پستان دار جاندار جس میں آنول نال ہو۔

Placentalia : (n) [mod. L., nent. pl. of 'placentalis'.] (حیوانیات) آنولی نالی پستان دار؛ پستان دار جانوروں کی ابتدائی تقسیم جس میں آنول نالی پستان دار ہوں۔

Placentary : (a) [mod. L. 'placentarius.'] (۱) آنول نال کا یا اس کے متعلق؛ آنول نالی۔ (۲) (حیوانیات) پستان دار جانوروں کا یا ان کے متعلق۔ (۳) آنول نالی پستان دار۔

Placentation : (n) [f. placenta.] (۱) رحم میں آنول نال کی تشکیل و ترتیب۔ (۲) بیضہ دان میں آنول نال کی ترتیب۔

Placentiform : (a) [f. as prec. + - form.] (حیوانیات و نباتیات) آنول نال کی شکل کا؛ نان نما؛ قرص نما۔

Placer : (n) [f. place, v. + -er.] وہ جو ترتیب دے، رکھے اور لگائے؛ اکثر تکنیکی یعنی جلدبندی میں وہ شخص جو کاغذ کی تقطیع مرتب کرتا ہے۔

Placer : (n) (Chiefly U. S.) [Amer. Sp. Placer.] جھرنے کی تہ میں ایسی ریت، کنکڑ یا مٹی کا جمع ہونا جس میں معدنی ذرات ہوں؛ وہ جگہ جہاں ذرات کو پانی میں نتھار کر حاصل کیا جاتا ہو؛ معدنی ریت۔

Placet : (n) [L.] (۱) "یہ مجھے یا ہمیں پسند ہے" کا لاطینی اظہار؛ ایسے فارمولے کا ایک جز جس سے پرانی یونیورسٹیوں میں کسی تجویز کی موافقت یا مخالفت ظاہر کی جاتی ہے۔ (۲) ایسی رائے یا ووٹ (اس لفظ کے ذریعہ)؛ کاؤنسلی یا مجمع یا یونیورسٹی کے جلسۂ اسناد میں منظوری کی رائے۔

Placid : (a) [L. 'placidus', f. root of 'placere.] ساکن یا پر سکون؛ نرم؛ حلیم؛ پر اطمینان؛ مطمئن۔

Placidity : (n) نرمی؛ سکون؛ حلم؛ دل جمعی؛ خاطر جمعی۔

Placidly : (adv.) نرمی سے؛ سکون کے ساتھ؛ خاطر جمعی سے۔

Placidness : (n) [Placid + ness.] اطمینان؛ سکون؛ حلم۔

Placitum : (n) [L.] (۱) جج کا فیصلہ؛ عدالت کا عوامی مجلس کا فیصلہ یا اس کی تجویز۔ (۲) (جمع میں) ایسی مجلسوں، عدالتوں یا سماعتوں کی کاروائیاں۔

Plack : (n) [prob. a Flem 'placke, plecke'.] (۱) ۱۵ اور ۱۶ ویں صدی میں مروجہ اسکاٹستان کا ایک سکہ جو ۴ پینی کے برابر ہوتا تھا۔ (۲) معمولی دام کی کوئی شے؛ جزو؛ فاردنگ۔

Placket : (n) [app. var. of placard (n)] پیٹی کوٹ؛ جیب، کیسہ (خصوصاً عورتوں کے کوٹ میں)۔

Placket-hole : (n) جیب کا منہ۔

Placo - : (Comb.) جزو ترکیبی بمعنی "قاب"۔

Placoderm : (a) (نباتیات) ایسے خلیوں کا حامل جن میں دیواریں ہوں مثلاً - Desmids

Placoganoid : (a) Placoganoidei (متحجر ماہیوں کی قسم) کا یا اس کے متعلق۔

Placoganoidean : (a) ایسی متحجر مچھلیوں کی ایک قسم کے متعلق۔

Placoganoidean : (n) ایسی متحجر مچھلیوں کی ایک قسم۔

Placoid : (a) [f. Gr. 'plax', + oid.] (۱) قاب نما۔ (۲) ایسے فلس یا چھلکے کا حامل جو قاب کی طرح ہوں۔

Placoid : (n) placoidei کی قسم کی مچھلی جس میں شارک وغیرہ ہیں۔

Placoidean : (a) اس قسم کی مچھلی کے متعلق۔

Plafond : (n) [Fr. f. plat + fond.] (تعمیرات) چھت نیز چھت کی نقاشی ؛ چھت کے نقش و نگار۔

Plagal : (n) [med. L. 'plagalis.'] (موسیقی) ایک قسم کا کلیسائی نغمہ۔

Plagal cadence : (n) (موسیقی) ایک قسم کی تال۔

Plage : (n) [OFr. f. L. 'plaga'.] سمندری ساحل ؛ سمندری کنارا ؛ سمندر کے کنارے واقع صحت بخش مقام۔

Plagiarism : (n) [f. as Plagiary + -ism.] سرقہ (مضمون وغیرہ کا) ؛ اِنتحال؛سرقہ ادبی۔

Plagiarist :(n) دزد ادبی؛ منتحِل؛ سارق؛ سرقہ کرنے والا (مضمون وغیرہ کا)۔

plagiaristic : (a) سرقہ ادبی سے متعلق۔

Plagiaristically : (adv.) (مضمون وغیرہ کا) سرقہ کرتے ہوئے۔

Plagiarize : (v) [L. 'plagiarius.'] (۱) سارق؛ سرقہ کرنے والا۔ (۲)سرقۂ ادبی ؛ دزد ادبی ؛ انتحال۔

Plagiary : (a) مَسروقہ؛ مُنتحل۔

Plagihedral : (a) [f. 'plagi.'] (بلور) ترچھے پہلو والا؛ ایسے پہلو جو اریب واقع ہوں۔

Plagio - : (سابقہ) کج؛ ترچھا۔

Plagiocephalic : (a) کجی سر سے متعلق؛ ترچھے سَر والا؛ جس کی کھوپڑی دونوں جانب ناہموار ہو یعنی اگلا حصّہ ایک طرف اور پچھلا حصّہ دوسری طرف بڑھا ہوا ہو۔

Plagiocephalous : (a) ترچھے سر والا۔

Plagiocephaly : (n) کج سری؛ کھوپڑی کا دونوں جانب ناہموار ہونا۔

Plagioclase : (n) [Gr. 'claise.'] (کان کنی) مائل شگاف بلور۔

Plagioclastic : (a) (معدنیات) ترچھے شگاف والے معدنیات؛ وہ معدنیات جو ترچھے شگاف یافتہ ہوں۔

Plagiodont : (a) (حیوانیات) جس کے اگلے دانت ترچھے ہوں ؛ کج دندان۔

Plagionite : (n) [G. 'plagionit.'] (معدنیات) سیسے اور انٹی منی کا سلفائڈ جس کا رنگ سیاہی مائل بھورا ہوتا ہے۔

Plagiostome : (n) کج دہن ماہی؛ وہ مچھلی جس کا منہ تھوتھنے کے نیچے ہوتا ہے (مثلاً شارک)۔

Plagiostomous : (a) مچھلی کی ایسی قسم سے متعلق۔

Plagiotropic : (a) (نباتیات) ایسے پودوں یا ان کے اعضا کے لئے مستعمل جو روشنی، کششِ زمین اور دوسری خارجی قوتوں سے متاثر ہوں اور جو ترچھے رہتے ہیں۔

Plagiotropism : (n) مائل ارضی رخی۔

Plagium : (n) [L.] (۱) خَطف (جُرم)؛ طفل دزدی؛ آدم دُزدی ۔ (۲) ادبی کارناموں کی چوری۔

Plague : (n) [L. 'plaga.'] (۱) طاعون؛ پلیگ؛ وبا۔ (۲) عتاب الٰہی؛ غضب الٰہی؛ قہر الٰہی۔ (۳) (بول چال) تکلیف؛ زحمت؛ بلا؛ باعث زحمت؛ صدمہ۔ (۴) (خصوصاً The plague) طاعون؛ گلٹی دار طاعون؛ وہ طاعون جس میں مختلف مقامات میں گلٹیاں نمودار ہوتی ہیں۔

Plague : (v) (۱) طاعون میں مبتلا کرنا۔ (۲) (بول چال) دق کرنا ؛ پریشان کرنا؛ ایذا پہنچانا؛ تکلیف دینا۔

Plague-bill : (n) کسی ضلع میں پلیگ سے مرنے والوں کا سرکاری اطلاع نامہ۔

Plague-mark : (n) (۱) جسم کا وہ مقام جہاں طاعونی گلٹی ہو۔ (۲) دیکھو Plague-spot ۔

Plague-pit : (n) وہ گڈھا جس میں طاعون سے مرنے والوں کو دفن کیا جائے؛ قبر طاعونی۔

Plague-spot : (n) (۱) جسم کا وہ مقام جہاں طاعونی گلٹی ہو۔ (۲) وہ

جگہ یا مقام جو طاعون سے متاثر ہو.(۳) (مجازاً) چشمہ بد اخلاقی؛ علامت بد اخلاقی.

Plagued : (a) (۱) طاعونی. (۲) (بول چال) پریشان کرنے والا؛ ستانے والا؛ دق کرنے والا. (۳) طاعون زدہ؛ گرفتار بلا؛ مبتلائے بد بختی؛ آزار دیدہ.

Plaguer : (a) تکلیف پہنچانے والا؛ ایذا رساں.

Plaguesome : (a) (بول چال) دق کرنے ولا؛ طاعونی؛ آزار رساں؛ تکلیف پہنچانے والا؛ ناگوار.

Plaguily : (adv.) پریشان کن طریقے سے.

Plaguy/Plaguey : (a) [f. Plague + -y.] (۱) طاعونی. (۲) (بول چال) پریشان کرنے والا؛ ستانے والا؛ دق کرنے والا.

Plaguy : (adv.) پریشان کن طور پر ؛ نہایت؛ بے انتہا.

plaice : (n) [ME. 'plais, 'plaice.] ساہی پھن؛ ایک چھوٹی مچھلی جو یورپ میں پائی جاتی ہے اور جو بطور غذا استعمال ہوتی ہے.

Plaice mouth : (n) دہانِ تنگ.

Plaice-mouthed : (a) تنگ دہن والا.

Plaid : (n) [Gael. 'plaide', etym. unkn.] (۱) پلیڈ؛اونی چار خانہ؛ اونی چار خانے (ڈوال) کا کپڑا. (۲) چار خانہ دار کپڑا یا چر خانہ جس کا ہائی لینڈ والے لباس بناتے ہیں. (۳) پلیڈ میں ملبوس آدمی؛ اسکاتستانی، ہائی لینڈ کا رہنے والا.

Plaid-nook/-neak : (n) پلیڈ کا ایک گوشہ جس سے کشادہ جیب بنے.

Plaided : (a) [f. plaid + ed.] چار خانہ دار؛ اس لباس میں ملبوس.

Pladie/-y:(n) [f.Plaid+-ie.] چھوٹا پلیڈ نیز پلیڈ کے لئے شاعری میں مستعمل.

Plaiding : (n) (۱) چار خانہ دار اونی کپڑا؛ پلیڈ کا سامان. (۲) پلیڈ یا چار خانہ دار پیٹرن.

Plain : (n) [L. 'planum.'] (۱) میدان؛ ہموار خطّہ؛ میدانی علاقہ. (۲) مرغزار؛ بیاباں (خصوصاً جمع میں) . (۳) کھلی جگہ جیسے میدان کار زار یا جنگ. (۴) اس کمرے کا فرش جہاں انقلاب کے دوران فرانس کا قوی کنونشن ہوا تھا.

Alluvial plain : دریا برآمدہ میدان.

Cities of the plain : ساڈوم ، گوموره وغیره (تباہی سے پہلے).

Coastal plain : ساحلی میدان.

Flood plain : سیلابی میدان.

Plain : (a) [L. 'planus.'] (۱) چپٹا؛ مسطح؛ برابر؛ نشیب و فراز سے عاری. (۲) چکنا؛ مسطح. (۳) مداخلتوں یا رکاوٹوں سے عاری؛ صاف؛ واضح. (۴) صاف گو؛ کھرا؛ راست گو؛ سیدھا سادہ؛ معمولی؛ گھریلو؛ معمولی (وضع قطع، آداب و عادت، لباس). (۵) (غذا) سادہ؛ غیر مرغن. (۶) بد صورت؛ کم رو.

Plain : (adv.) صاف صاف؛ صحیح؛ ٹھیک ٹھیک؛ بے کم و کاست؛ صریحاً؛ آشکار (جیسے learn to speak plain) (صاف گوئی سیکھو).

Plain : (v) (قدیم، شاعرانہ) نوحہ کرنا؛ ماتم کرنا؛ زار نالی کرنا؛ نالہ کرنا ؛ فریاد کرنا؛ شکایت کرنا؛ ماتمی آواز نکالنا؛ ماتمی نغمہ ادا کرنا.

Plain arch : (n) سادہ محراب.

Plain as a pike staff : (a) بلکل صاف؛ سیدھا.

Plain-cards : (n) تاش کے سادہ پتّے (جو بادشاہ، بیگم، غلام وغیرہ میں سے نہ ہو).

Plain chant/-song : (n) ایک قسم کی مذہبی موسیقی جو اصول و قواعد کی شدید پابند نہیں ہوتی.

Plain clothes : (n) سادہ کپڑے؛ سادہ لباس؛ وردی کے علاوہ دوسرے کپڑے.

Plain-cook : (n) نوکر عموماً نوکرانی جو سادہ غذا تیار کرنے کی اہل ہو.

Plain-cook : (v) معمولی غذا پکانا؛ سادہ کھانا تیار کرنا.

Plain dealer/Plain-dealer : (n) وہ شخص جو دوسروں سے معاملا ت میں کھرا ہو.

Plain dealing/Plain-dealing : (n) راست معاملگی؛ صاف معاملہ؛ صاف دلی؛ اخلاص مندی.

Plain-dealing : (n) (اب شاذ) صاف گو؛ اخلاص مند؛ صاف دل؛ کھرا۔

Plain English : (n) سادہ انگریزی؛ سادہ زبان؛ نیز واضح بیان۔

Plain-hearted : (a) [f. plain heart + -Ed.] اخلاص مند؛ مخلص؛ سادہ دل؛ معصوم۔

Plain-heartedly: (adv.) اخلاص مندی سے ؛ مخلصانہ طورپر ؛ سادہ دلی سے ۔

Plain-heartedness : (n) اخلاص مندی؛ معصومیت؛ سادہ دلی؛ صاف گوئی۔

Plain language : (n) خصوصاً سلاست زبان جس پر انجمن احباب (Society of friends) کے ارکان زور دیتے تھے۔

Plain-sail : (n) (جہاز رانی) عام بحری سفر۔

Plain-sailing : (n) (۱) ایسا بحری سفر جس میں کوئی دشواری نہ ہو؛ آسان جہاز رانی۔ (۲) آسان راہ عمل؛ نہایت آسان طریق کار۔

Plain service : (n) مذہبی عمل جو موسیقی کے بغیر انجام پذیر ہو۔

Plain-singing : (n) (۱) ایک قسم کی مذہبی موسیقی جو اصول و ضوابط کی پابند نہیں ہوتی۔ (۲) سادہ نغمہ یا موضوع؛ اکثر مسلسل نغمہ کے ساتھ۔ (۳) (مجازاً) عرضداشت (قدیم یا متروک)۔

Plain song : (n) [translation of med. L. cantus planus.'] دیکھو Plain singing-

Plain-speaking : (n) سادہ گوئی؛ صاف گوئی۔

Plain-speaking : (a) صاف گو۔

Plain-spoken : (a) (۱) صاف گو؛ کھرا؛ سادہ گو۔ (۲) سادہ بیان؛ واضح؛ مخلص؛ اخلاص مند۔

Plain-spokenness : (n) صاف گوئی؛ اخلاص مندی۔

Plain suit : (n) (تاش کے کھیل میں) سادہ ہاتھ۔

Plain tile : (n) صاف چپٹی کھپریل۔

Plain work/Plain-work : (n) سادہ کام خصوصاً سادہ کشیدہ کاری یا سلائی۔

Plainly : (adv.) صاف طور پر؛ واضح طور پر؛ سادہ طورپر؛ بے تکلف انداز سے؛ بے کم و کاست؛ صاف صاف؛ صریحاً۔

Plainness : (n) بھواری؛ سادگی؛ وضاحت؛ صراحت؛ درستی؛ راستی؛ سچائی؛ کھراپن؛ بے تکلف پن۔

Plainsman : (n) [f. Plain , (n) + Man , (n).] میدانی شخص ؛ میدان کا رہنے والا ۔

Plaint : (n) [of. 'plainte.'] (۱) (قانون) عرضی دعویٰ۔ (۲) (شاعری) ماتم؛ نوحہ؛ شکایت؛ فریاد؛ گلہ؛ شکوہ۔ (۳) عرضداشت (تحریری یا زبانی)؛ الزام تراشی۔

Plaintiff : (n) [OFr. 'plaintif.'] مدعی؛ دعویٰ دار؛ دعویٰ کرنے والا (مدعا علیہ کا متضاد)۔

Plaintive : (a) [OFr. 'plaintif, -ive.'] (۱) غم آلود؛ غم آگیں ۔ (۲) گلہ بند؛ شکوہ سنج (اب شاذ)۔

Plaintively : (adv.) غم آلودانہ۔

Plaintiveness : (n) غم آلودگی؛ غم آگینی۔

Plaister : (n) (۱) پلاسٹر؛ ضماد؛ لیپ؛ کہگل؛ سفیدی۔ (۲) دیکھو Plaster .

Plait : (n) [OFr. 'pleit'] (۱) تہ؛ شکن؛ چنائی؛ چنت؛ چین۔ (۲) لٹ؛ کاکل ۔ (۳) بنا ہوا فیتہ یا بٹی ہوئی گھاس۔

Plait : (v) [f. prec.] تہ کرنا؛ شکن ڈالنا؛ چنت ڈالنا؛ مینڈھی گوندھنا؛ چٹیا گوندھنا ؛ گھاس وغیرہ بٹنا۔

Plaited : (a) لپٹا ہوا؛ گوندھا ہوا؛ (گھاس وغیرہ) بٹا ہوا؛ تہ شدہ؛ چین دار۔

Plaiter : (n) گوندھنے والا؛ گھاس وغیرہ بانٹنے والا؛ شکن دینے والا؛ چنت ڈالنے والا۔

Plan : (n) [L. 'planus.'] (۱) نقشہ؛ خاکہ۔ (۲) تفصیلی نقشہ (شہر وغیرہ کا)۔ (۳) نقشہ اوقات؛ پیش نامہ؛ اوقات نامہ؛ مقامات نامہ۔ (۴) تجویز؛ منصوبہ۔ (۵) تدبیر؛ ترکیب۔ (۶) طریق کار؛ طریق عمل؛ طرز عمل؛ روش؛ رویہ۔ (۷) فرضی سطوح میں سے کوئی ایک سطح کے خط نظر سے عموداً واقع ہو اورتصویر کی شکلوں میں گزرتی ہوئی نظر آتی ہو۔

Plan : (v) [f. prec. (n).] (۱) نقشہ بنانا؛ منصوبہ بنانا؛ خاکہ بنانا۔ (۲) تدبیر کرنا؛ سوچنا؛ منصوبہ باندھنا؛ تجویز کرنا۔

Planar : (a) [L. 'planaris', f. 'planum.'] (ریاضی) سطح کے متعلق، اس میں واقع یا اس سے کسی طرح وابستہ۔

Planaria : (n) [mod. L. use of fem. of L. 'planarius.'] (حیوانیات) حشرات کی ایک نوع؛ بُدّہی کیچوا۔

Planarian : (a) بُدّہی کیچوا سے متعلق۔

Planaridan : (a) Planaridaکی ذیلی قسم سے متعلق۔

Planarioid : (a) بُدّہی کیچوا کی شکل کا یا اس کے مشابہ۔

Planch : (n) [f. 'planche.'] دھات کی تختی یا پتھر کی سل؛ (روز مرہ) فرش؛ خصوصاً پکی ہوئی مٹی کی سل جو مینا سازی میں کام آتی ہے۔

Plancher : (n) [OFr. 'plancher', -ier, f. 'plancho.'] (روز مرہ) فرش۔

Planchet : (n) [dim. of 'planch.'] دھات کی سادہ ٹکیا جس کا سکہ بنتا ہے؛ دھاتی قرص جس کا سکہ بنایا جاتا ہے۔

Planchette : (n) [Fr., dim. of 'planche.'] روحانی تختی؛ خودرو تختی؛ پلنچٹ، یہ ایک قسم کا خود نویس آلہ ہے جو دو پہیوں اور ایک پنسل پر قائم ہوتا ہے اور جب آدمی اس پر انگلیاں رکھتا ہے تو پنسل خود بخود لکھنے لگتی ہے۔

Plancier : (n) [OFr. collateral from of 'planchier.'] گگرکی کارنس کا نچلا حصہ۔

Plane : (n) [L. 'platanus.'] (نباتیات) چنار کی قسم کا درخت۔

Plane : (n) (۱) رندہ۔ (۲) دھات صاف کرنے کا رندہ۔ (۳) راج مستری کا آلہ جس سے مٹی، بالو کی سطح ہموار کرتے ہیں۔

Jack plane : موٹے کام کا رندہ۔

Moulding plane : سانچے بنانے کا رندہ؛ حاشیہ رندہ۔

Objective plane : ایسی سطح جو موضوع ہی میں واقع ہو۔

Perspective name : ایسی شفاف جو عموماً افق کی عمودی ہو۔

Smoothing plane : نفیس کام کا رندہ؛ نفیس رندہ۔

Trying plane : باریک کام کا رندہ۔

Plane : (v) رندے سے چھیلنا یا ہموار کرنا؛ رندہ پھیرنا؛ صاف کرنا؛ برابر کرنا۔

To plane the way : (قدیم) راستہ صاف یا ہموار کرنا۔

Plane : (n) [L. 'planum.'] (۱) سطح؛ سطح مسطح؛ سطح ہموار۔ (۲) چپٹی باریک شے جیسے میز کی سطح یا ہوائی جہاز کی میز نما چھت۔ (۳) (جمع) ہوائی جہاز۔ (۴) بلوریں قلم کا پہلو؛ منشور مثلث کا رخ۔ (۵) کان میں بڑی سڑک۔ (۶) (مجازاً) سطح خیال؛ سطح علم؛ سطح اخلاق۔

Inclined plane : سطح مائل۔

Plane . (v) ہوائی جہاز میں سفر کرنا یا سیر کرنا۔

Plane : (a) [L. 'planus.'] (علم ہندسہ) سطح کا؛ بالکل مسطح یا ہموار؛ مستوی (ایسی سطح جس میں اگر دو نقطوں کو کوئی خط ملائے تو وہ اس میں بالکل واضح ہو)۔

Plane angle : (n) زاویہ مستوی۔

Plane chart : (n) نقشہ جس پر خطوط زوال اور متوازی خطوط عروج مساوی المسافت خطوط مستقیم سے دکھائے جاتے ہیں (یہ نقشہ مستوی رانی میں کام آتا ہے)۔

Plane metre : (n) مسطح پیمانہ۔

Plane mirror : (n) مستوی آئنہ۔

Plane of incidence : (n) (بصریات) سطح وقوع۔

Plane of polarisation : (n) (بصریات) سطح تقطیب۔

Plane of projection : (n) ایک سطح جس میں نقطے، خطوط یا شکلیں تحریر ہوں۔

Plane of reflection : (n) (بصریات) سطح انعکاس۔

Plane of refraction : (n) (بصریات) سطح انعطاف۔

Plane of symmetry : (n) سطح تشاکل۔

Plane of the ecliptic : (n) (ہیئت) سطح طریق الشمس۔

Plane polarisation : (n) (بصریات) مستوی تقطیب۔

Plane sailing : (n) (۱) جہاز کے مقام کا تعین کرنا اس نظریے کے مطابق کہ وہ ہموار سطح میں سفر کر رہا ہے؛ مستوی رانی۔ (۲) (مجازاً) نہایت سہل طریقۂ کار (اب عموماً

Plain sailing مستعمل ہے)۔

Plane surface : (n) سطحِ مُستوی۔

Plane surveying : (n) مُسطوی مَسروے۔

Plane table : (n) ایک آلہ جس سے زاویہ پیمائی کی جاتی ہے؛ نیز مسافت۔

Plane table : (v) اس آلے سے زاویہ پیمائی کرنا۔

Plane-tree : (n) درخت چنار کی ایک قسم۔

Planeshear/Planksheer : (n) [Corruption of 'Plancher', (n).'] جہاز کی تختہ بندی۔

Plannet : (n) ['OF. 'planete.'] (۱) سیارہ؛ وہ جرم فلکی جو حرکت کرتا نظر آتا ہے (ضد ستارہ)۔ (۲) (ہیئت) وہ جرم فلکی جو آفتاب کے گرد گھومتا ہے۔ (۳) (علم النجوم) طالع؛ سیارہ جس کا اثر اشخاص و واقعات پر پڑتا ہے۔

External planet : (علم النجوم) خارجی سیارہ۔

Inferior planet : (علم النجوم) سیّارۂ سفلی۔

Interior planet : (علم النجوم) داخلی سیّارہ۔

Intra-Mercurian planet : (علم النجوم) سیّارۂ داخلِ مَدار عطارد۔

Major planet : (علم النجوم) سیّارات کلاں؛ سیّارات کبیرہ (عطارد، زہرہ، ارض، مشتری، زحل، مریخ، نیپچون، یورینس)۔

Minor planets : (علم النجوم) سیّارات صغیرہ؛ سیّارچہ (ان کے مدار مشتری اور مریخ کے مداروں میں واقع ہیں)۔

Primary planets : (علم النجوم) سیّارات اوّلیّہ؛ سیّارات اولی جو سورج کے گرد گھومتے ہیں۔

Secondary planets : (علم النجوم) سیّارات ثانویہ جو سیّارات اوّلیّہ کے گرد گھومتے ہیں۔

Superior planets : (علم النجوم) سیّارہ عُلوِی۔

Planet : (n) [med. L. 'planeta.'] عیسائیوں کی عید قرباں و فطر کے موقع پررسوم ادا کرنے والے کے پشت و دوش کا صلۂ عبادت۔

Planet-stricker : (a) سیارہ زدہ؛ بد طالع؛ حیران پریشان؛ ہکّا بکّا؛ خوف زدہ۔

Planet-struck : (a) [f. Planet + strike, (v.)] سیّارہ زدہ؛ بد طالع؛ حیران پریشان؛ ہکّا بکّا؛ خوف زدہ۔

Planetarily : (adv.) سیاروں کے اثر سے؛ سیاروں کے عمل سے؛ سیارہ وار۔

Planetarium : (n) [mod. L. f. 'planetarius.'] نظام سیّارات کا نمونہ؛ سیارات نما؛ نظام عالم نما۔

Planetary : (n) سیّارہ۔

Planetary : (a) (۱) سیّاری؛ متعلق بہ سیّارات۔ (۲) دینوی؛ سماوی۔ (۳) (مجازاً) متحرک؛ گرداں؛ خطا کار۔

Planetary hour : (n) معمولی گھنٹہ (دن یا رات کا بارھواں حصّہ)۔

Planetary influence : (n) سیّاروں کا اثر یا عمل یا سیّاری اثر۔

Planetary motions : (n) حرکات سیّاری۔

Planetary nebula : (n) سَحَابِ سیاری؛ سیّارہ کے مشابہ جس کا قرص گول یا بیضوی ہوتا ہے۔

Planetary system : (n) نظام شمسی؛ نظام سیّاری۔

Planetary year : (n) سورج کے گرد سیّارے کی مدتِ گردش۔

Planetesimal : (a) [Planet + -esimal.] باریک اجرام سماوی کے متعلق۔

Planetesimal : (n) سیّارہ۔

Planetgear/-gearing : (n) قوت کو رفتار میں بدلنے کا ایک میکانکی طریقہ۔

Planetoid : (n) [f. Planet+-iod.] سیّارۂ صغیرہ؛ نجمیہ؛ سیّارچہ۔

Plangency : (n) آواز کا ارتعاش؛ اہتزاز؛ رقت و گریہ کی آواز۔

Plangent : (a) [L. 'plangentem.'] (۱) تلاطم امواج؛ موجوں کی سواحل سے ٹکرانے کی آواز؛ ارتعاش پذیر؛ اہتزاز پذیر۔ (۲) شور انگیز؛ شدید آواز پیدا کرنے والا؛ کبھی ہیجان افروز یا حزن انگیز کے لئے مستعمل؛ مسلسل؛ متواتر۔

Plangently : (adv.) ارتعاش پذیری کے ساتھ؛ مرتعش طور پر۔

Plani- : [Comb. form of L. planus.] جزو ترکیبی بمعنی مسطح، چپٹا، ہموار۔

Planifolious : (a) مُسطح برگ۔

Planiform : (a) چپٹا ؛ مسطح شکل کا (خصوصاً تشریح میں)۔

Planimeter/Planimetre : (n) [f. Plani - +meter.] سطح پیما؛ رقبہ پیما؛ ایک قسم کا آلہ جس سے کسی غیر مسطح شکل کا رقبہ ناپا جاتا ہے۔

Planimetrical : (a) سطح پیمایانہ۔

Planimetry : (n) سطح پیمائی۔

Planing : (n) سطح یا ہموار بنانے کا عمل۔

Planing machine : (n) مِنجر؛ رندہ گل؛ مختلف قسموں کی مشینیں جس سے لکڑی یا دھات کو ہموار کیا جاتا ہے۔

Planing-mill : (n) (۱) دیکھو Planing machine ۔ (۲) تیز ورکشاپ جہاں لکڑی یا دھات کو مسطح بنایا جاتا ہے۔

Planipennate : (a) [L.+- 'pennatus.'] (حیوانیات) مسطح پر یا پنکھ والا۔

Planipetalous : (a) مسطح گلبرگ؛ چپٹا پنکھڑیا۔

Planirostral : (a) (حیوانیات) مسطح منقارہ۔

Planish : (v) [Fr. 'planiss-, planir.'] (۱) چپٹا کرنا۔ (۲) (سکہ بنانے کے لئے دھات کے ٹکڑوں کو) چپٹا کرنا۔ (۳) (تصویر وغیرہ پر) رول پھیر کر پالش کرنا۔

Planisher : (n) چپٹا کرنے والا (شخص)؛ مسطح بنانے والا؛ (تصویر پر) پالش کرنے والا؛ چپٹا کرنے کی مشین۔

Planishing : (a) مسطح کرنے والا؛ چپٹا بنانے والا۔

Planishing hammer : (n) ایک قسم کا ہتھوڑا جس کے ذریعہ دھات کی چادروں کو ہموار کیا جاتا ہے۔

Planishing roller : (n) (تصویر وغیرہ پر) پالش پھیرنے والا رول۔

Planisphere : (n) [med. L. 'planis phaerium.'] کرۂ مسطحہ ؛ مسطح مُدوّر ؛ کسی سطح پر کھینچا ہوا نقشہ یا چارٹ خصوصاً نقشہ فلک جیسے اصطرلاب میں۔

Revolving planis phere : گردشی نقشۂ فلک؛ ایک آلہ جس سے آسمان کا وہ حصہ ظاہر ہوتا ہے جو کسی خاص وقت یا مقام پر نظر آتا ہے۔

Planispheric/-al : (a) کرۂ مسطحہ کا۔

Plank : (n) [ME. 'planke.'] (۱) لوح ؛ تختہ ؛ تختی ؛ پٹرا ؛ پٹری۔ (۲) (مجازاً) تختہ جس کی مدد سے ڈوبنے والے شخص کو بچایا جائے ؛ نگہبان؛ مددگار؛ محافظ۔ (۳) لکڑی کی پٹریوں سے بنی ہوئی مختلف چیزوں کے لئے مستعمل جیسے چھوٹا پل ، میز یا بورڈ وغیرہ۔ (۴) سیاسی پیش نامے (پروگرام) کا کوئی جز۔

To walk the plank : جہاز کے کنارے کے تختے پر آنکھوں پر پٹی باندھ کر چلنا (بحری ڈاکو اپنے اسیروں کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر انہیں اس تختے پر چلنے کے لئے مجبور کرتے جو سمندر میں نکلا ہوتا ہے، یہ ان کا انداز قتل ہے)۔

Plank : (v) [f. prec. (n)] (۱) تختے لگانا؛ تختے جڑنا؛ تختہ بندی کرنا؛ تختی چھانا؛ تختوں سے ڈھکنا؛ تختے بچھانا۔ (۲) (عامیانہ) (down کے ساتھ (روپیہ پیسہ) رکھ دینا؛ روپیہ فوراً ادا کردینا۔ (۳) (مچھلی یا گوشت) تختے پر رکھ کر گرم آنچ میں پکانا۔ (۴) تختوں کا فرش کرنا؛ سخت فرش پر سونا۔

To plank a floor : کمرے کے فرش کی تختہ بندی کرنا۔

To plank down money : (روپیہ پیسہ) میز پر پھینک دینا؛ ادا کردینا۔

Plank : (a) تختے سے بنا ہوا؛ تختے کا۔

Plank road : (n) تختوں کے فرش سے بنا ہوا راستہ۔

Plank-ways/-wise : (adv.) لمبائی سے؛ پٹری کی لمبائی کی طرف سے۔

Planked : (a) [f. prec. + -ed.] تختہ بند؛ تختہ پوش۔

Planking : (n) تختہ پوشی؛ تختہ بندی؛ چوب فرش۔

Planktology : (n) سطح دریا پر تیرنے والے تمام جانداروں کا مطالعہ حیات۔

Plankoton : (n) [Gr. 'planktos.'] سمندری حیوانات و نباتات (یہ ایک عام نام ان تمام دریائی حیوانات و نباتات کا ہے جو سمندر، دریا وغیرہ پر بہتے، تیرتے، پھرتے رہتے ہیں)۔

-plankoton: (suffix) لاحقہ بمعنی منطقہ خاص میں رہنے والے چھوٹے چھوٹے جاندار جیسےHaliplankoton سمندر کی مختلف گہرائیوں میں تیرنے والے چھوٹے چھوٹے جاندار (مچھلی وغیرہ شامل ہیں)۔

Planless: (a) بے نقشہ؛ بے منصوبہ؛ بے ہدف۔

Planned: (a) منصوبہ بند۔

Planner: (n) منصوبہ تیار کرنے والا؛ منصوبہ بند؛ نقشہ کش؛ بروژہ ساز؛ (اسکاچستان) باغبان گل کار۔

Plano-: (comb.) [L. 'Planus'.] سابقہ بمعنی مسطح، چپٹا وغیرہ۔

Plano-: (comb.) [comb. form of Gr. 'planos.'] سابقہ بمعنی "تگ و دو کرنے والا" "گھومنے والا" سیّار۔

Plano-concave: (a) مستوی مقعر؛ ایسا عدسہ جس کا ایک رخ مستوی مگر مخالف رخ مقعر ہو۔

Plano-convex: (a) (۱) مستوی محدّب؛ ایسا عدسہ جس کی ایک سطح مستوی ہو اور دوسری محدّب۔ (۲) (بلور) کچھ سطوح مستوی ہوں اور دوسری محدّب ہوں۔ (۳) چپٹا محدّب سطحوں کا۔

Planoblast: (n) (حیوانیات) حرکی نہوضہ؛ مرجانی جاندار؛ شکل توتیاء البحری؛ شکل ستارۂ دریائی۔

Planometer: (n) سطح پیما۔

Planorbis: (n) [mod. L. f. 'planus.'] (حیوانیات) تازہ پانی میں رہنے والے گھونگے کی ایک نوع جس کی صدف گول اور چپٹی ہوتی ہے۔

Plant: (n) [OE. 'plante', L. 'planta.'] (۱) پودا؛ بوٹا؛ نبات۔ (۲) نباتیاتی عالم کا کوئی رکن۔ (۳) نشو و نما؛ اگنا؛ بڑھنا۔ (۴) وضع؛ حالت۔ (۵)مشین اور اس کے متعلقات (مجازاً) دماغی کام کی مشین۔ (۶) (عامیانہ) دھوکا؛ فریب؛ جھانسا؛ نقب یا سرقہ۔ (۷) (عامیانہ) سراغ رساں؛ سراغ رسانوں کا طلایہ۔

In plant: نشو ونما میں؛ اگتا ہوا۔

To lose plant: مرجانا؛ مرجھا جانا۔

To fail in or miss plant: نہ اُگنا؛ نہ پھوٹنا۔

Plant: (v) [OE. plantian and OF. planter, L. plantare.] (۱) بیج ہونا؛ (پودا) لگانا؛ (پیڑ) لگانا؛ (جڑ) جمانا۔(۲) (درخت) نصب کرنا؛ گاڑنا؛ جمانا۔ (۳) (تالاب وغیرہ میں) مچھلیاں چھوڑنا (افزائش نسل کے لئے)۔(۴) (کسی جگہ پر) متعین کرنا؛ مقرر کرنا (شخص کو خصوصاً بطور جاسوس کی)۔ (۵) قائم کرنا؛ آباد کرنا؛ بنا ڈالنا؛ بستی بسانا۔ (۶) بسانا (کسی شخص کو) کسی مقام پر۔ (۷)جاگزیں کرنا؛ دل نشیں کرنا (کسی خیال کا)۔ (۸) (کسی قطعۂ اراضی پر) (درخت) نصب کرنا؛ شجر زار بنانا۔ (۹) (گھونسا وغیرہ) رسید کرنا۔(۱۰)(عامیانہ) چھپا لینا؛ مخفی کرنا (خصوصاً مال مسروقہ کو)۔ (۱۱)(عامیانہ) دفن کرنا؛ مدفون کرنا۔ (۱۲)(عامیانہ) کان میں (زرریزے یا کچی دھات) ڈالنا کہ خریداردھوکا کھائیں۔ (۱۳) (عامیانہ) سازش کرنا؛ فریب کا منصوبہ باندھنا؛ فریب آمیز سازش کرنا۔ (۱۴) ترک کرنا؛ چھوڑ دینا؛ قطع تعلق کرنا۔

To plant oneself: اپنے تئیں قائم کرنا؛ مضبوطی سے کھڑا ہونا۔

To plant out: پود لگانا؛ کسی پودے کو گملے وغیرہ سے نکالنا اور کھلی زمین میں لگانا۔

Plant-animal: (n) (۱) (اب شاذ) حیوان نباتی : مانند جانور (zoophyte) ۔ (۲)غبی؛ بے شعور۔

Paint-beetle: (n) ایک قسم کا بھونرا جو پودوں پر زندگی بسر کرتا ہے۔

Plant-bug: (n) ان حشرات میں سے کوئی ایک جو پودوں کا رس چوس کر زندہ رہتا ہے۔

Plant-cane: (n) ایک سال کا گنّا۔

Plant-cutter: (n) جنوبی امریکا کا ایک پرندہ جو پودوں کی کونپل کترنے کا عادی ہوتا ہے۔

Plant house: (n) گلخانہ؛ پودوں کی پرورش گاہ۔

Plant life: (n) نباتی زندگی۔

Plant louse: (n) (حیوانیات) روکھ جُوں ۔

Plant observer: (n) (نباتیات) مشاہد نباتات۔

Plant pathology: (n) نباتی امراضیات۔

Plant physiologist: (n) (نباتیات) ماہر عضو یات نباتی۔

Plant physiology: (n) نباتی عُضویات؛ نباتی فعلیات۔

Plant sline : (n) (نباتیات) طین نباتی۔

Plantable : (a) پود لگانے کے لائق؛ اگانے کے قابل۔

Plantagenet : (n) اس خاندان کا رکن جس کا بانی جیفرے آف آنجو (Geoffrey of Anjou) تھا خصوصاً ہنری دوم سے رچرڈ سوم تک کوئی انگریزی بادشاہ۔

Plantagenet : (a) اس خاندان کا یا اس سے متعلق۔

Plantain : (n) [ME. a. OFr. 'plantain.'] ایک قسم کی جھاڑی (خصوصاً Greater plantain جو زمین سے ملتی ہوئی پھیلتی ہے۔

Plantain : (n) [In 16th C. platan, plantan.] (۱) کیلے کا درخت۔ (۲) کیلا؛ موز۔

Plantain-cutter/-eater : (n) ایک قسم کی چڑیا؛ موز خور پرندہ۔

Plantain-meal/-flour : (n) آردموز؛ خشک کیلے کا سفوف کیا ہوا مادہ۔

Plantal : (a) [f. Plant + -al, after animal.] (اب شاذ) پودے سے متعلق؛ نباتی؛ سبزیوں سے متعلق۔

Planter : (a) [L. 'plantaris.'] تلوے کا؛ تلوے کے متعلق؛ کف پا کی بابت۔

Plantation:(n)[Fr.,orL.'plantatio-.'] (۱) (تشریح) مزرعہ؛ شجرزا؛ کشت۔ (۲) کارخانۂ کاشت؛ کاشت سال؛ جائداد (جن میں پہلے غلام کاشت کا کام کرتے تھے)۔ (۳) (تاریخ) بستی؛ نوآبادی۔ (۴) (نباتیات) شجر کاری۔

Plantation song : (n) وہ راگ جو حبشی غلام امریکن مزرعہ میں گاتے تھے۔

Planted : (a) [f. Plant, v + -ed.] (۱) (درخت) لگا ہوا؛ نصب کیا ہوا؛ جمایا ہوا۔ (۲) درخت، پودے وغیرہ سے آراستہ۔

Planter : (n) [Plant + -er.] (۱) مزارع؛ کاشت کار؛ شجر کار۔ (۲) (آئرستان) وہ انگریز جو ۱۷ویں صدی عیسوی میں ضبط شدہ جائدادوں پر قابض ہوا؛ نو آباد کار۔ (۳) مالک کارخانۂ کاشت (خصوصاً گرم یا نیم گرم ملکوں میں)۔ (۴) نخلبندی کی مشین؛ بونے کی مشین (آلو، غلہ وغیرہ بونے کی)۔ (۵) (روز مرہ) ایسا گھوڑا جو اڑا رہے؛ اڑیل گھوڑا۔

Plantership : (n) مالک کارخانہ ہونا۔

Plantigrada/Plantigrade : (n) [Fr.] (حیوانیات) وہ جاندار جو راستہ چلتے وقت اپنے تلووں کو زمین پر رکھتا ہے (جیسے خرس و انسان)؛ دو پاؤں والا جاندار؛ احمصیہ؛ کف چال۔

Plantigrade:(n)[L.'planta'+-gradus] تلووں کے بل چلنے والا جانور یاانسان۔

Plantigrade : (a) کف چال؛ تلووں کے بل چلنے والا۔

Planting : (n) [f. Plant + -ing.] تنصیب؛ پودا لگانا؛ نصب کرنا۔ (۲) (نباتیات) شجر بندی۔

Plantlet/Plantling : (n) [Plant + -let.] نبتہ؛ چھوٹا پودا۔

Plantocracy : (n) [Plant + -oracy, after aristocracy, etc.] کسان شاہی؛ (ویسٹ انڈیز وغیرہ کے) کسانوں کا فارغ البال طبقہ۔

Plantule : (n) [ad. mod. L. 'plantula', dim, of 'planta.'] (نباتیات) نبتہ؛ چھوٹا پودا۔

Planula : (n) [mod. L. dim. of 'planus.'] (حیوانیات) نُقّاعیہ؛ بعض آبی جانداروں کے آزادی سے تیرنے والے جنین۔

Planuria/Planury : (n) غیر فطری بولی۔

Planxty : (n) [Origin unkn.] (آئرستانی موسیقی) بربط کا ایک مخصوص شیریں آہنگ؛ آہنگ رقص۔

Plap : (v) [Onomatopoeic.] بھد سے گرنا۔

Plap : (n) بھد سے گرنے کی آواز۔

Plap : (adv.) بھد سے؛ ایسی آواز کے ساتھ۔

Plaque : (n) [Fr., ad. Du. 'plakke', 'plack.'] (۱) دھات یا چینی کی منقش یا سیاہ تختی یا لوح؛ اعلیٰ رتبے کی علامت کے طور پر استعمال ہونے والا لوحہ۔ (۲) (مرضیات) داد؛ ددوڑا۔

Plaquette : (n) چھوٹی تختی۔

Plash : (n) [OE. 'plaesc.'] دلدل؛ جوہڑ۔

Plash : (n) پانی میں گرنے کی آواز؛ غڑپ؛ غوطہ؛ ڈبکی یا اس کی آواز۔

Plash : (n) [f. next.] جھکی ہوئی شاخ یا جھاڑی۔

Plash : (v) [OFr. 'plais-s (i) er.'] (شاخیں) جھکا کر اور ایک دوسرے میں گوندھ کر باڑ بنانا۔ (۲) جھاڑی لگانا؛ باڑ لگانا۔

Plash : (v) [of. Plash.] پانی میں چھپ چھپ کرنا: چھپل چھپل کرنا: جھکولنا: چھینٹیں اڑانا۔

Plashing : (n) [f. Plash, (v) + -ing.] (شاخیں) جھکا کر اور ایک دوسرے میں گوندھ کر باڑ بنانے کا عمل۔

Plashy : (a) [f. Plash, (n) + -y.] چھپ چھپ کرنے والا: چھینٹیں اڑانے والا (فوارہ وغیرہ)۔

Plasm : (n) [ad. Late L., 'plasma'.] (۱) (نباتیات) مایہ؛ نخز مایہ: مادۂ میات؛ حیاتیہ۔ (۲) قالب؛ خون مایہ۔ (۳) (معدنیات) عقیق سبز۔

Plasma : (n) [Late and eccl. L.] (۱) عقیق سبز؛ حجرالصلب اخفر: سبز حجرالصلب۔ (۲) نخزمایہ۔ (۳) پلازما: خون مایہ؛ حیاتیہ؛ خون کا انجماد پذیر بے رنگ حصّہ؛ خون کا وہ رقیق حصّہ جس میں جسیمے بہتے پھرتے ہیں۔

Plasmatic : (a) نخز مایہ خصوصاً خون کے نخز مایہ کے متعلق۔

Plasmic : (a) [f. plasm or plasma + -ic.] پلازما پر مشتمل یا اس کے متعلق؛ نخز مایہ کا؛ متعلق بہ مادۂ حیات۔

Plasmin : (n) [ad. F. 'plasmine', f. 'plasma+-in.'] (کیمیا) پلازمین: وہ مادہ جو خون کے رقیق حصے سے حاصل ہوتا ہے۔

Plasmo- / Plasm- : (comb.) [The fuller form is plasmato-.] سابقہ بمعنی "اصلی نخز مایہ" ۔

Plasmodial/Plasmodic : (a) نُخُز مائی مضغے کا یا اس کی خصوصیت کا حامل۔

Plasmodium : (n) [mod. L. f. plasma+-odium.] (۱) (حیاتیات) نُخُزمائی مُضغّہ۔ (۲) نُخُزجُوین: طفیلی جراثیم جو ملیریا کے مریضوں میں پائے جاتے ہیں۔

Plasmogen : (n) [f. Plasmo - + -gen.] (حیاتیات) اصلی نخز مایہ: نخز مایے کی واضح ترین شکل؛ مرحلہ یا حصہ جس سے نسیج یا دوسرے عضویاتی حصے عبارت ہوتے ہیں: اصلی یا شکل پذیر نخز مایہ؛ مایہ حقیقی۔

Plasmogeny/Plasmogony : (n) [f. Plasmo - +geny.] طریقۂ خود تولید: از خود تولید کا ایک طریقہ: نخز مایائی تولید۔

Plasmology : (n) [Plaso - + - logy.] نُخُز مائیات: جسیموں کا مطالعہ۔

Plasmolyse : (v) نباتی خلیے کے نخزمایہ کا سکیڑنا۔

Plasmolysis : (n) [f. Plasmo - + Gr. 'lysis.'] مایہ پاشی: انقباض مایہ: نباتی خلیے کے نخز مایہ کا سکڑنا۔

Plasmolytic : (a) مایہ پاشی یا انقباض مایہ کے متعلق یا اسے ظاہر کرنے والا یا جو اس کا موجب ہو۔

Plasson : (n) [a. G. 'plasson.'] قدیم فرضی عُضویہ (جو مرکزہ سے مختلف نہیں ہیں) کا ہم جنس نخز مایہ۔

-plast : (suffix) [f. Gr. 'plastos.'] جزو ترکیبی بمعنی "تشکیل شدہ" "تشکیل" جیسے "bioplast" "زندہ خلیہ"۔

Plaster : (n) [OE. 'plaster', ad. pop. L. 'plastrum.'] (۱) پلاسٹر: ضماد؛ لیپ۔ (۲) پلاسٹر؛ کہگل؛ سفیدی؛ قلعی۔ (۳) (مجازاً) شِفا یا آرام بخشنے والا اقدام۔

Court plaster : (۱) چھپک پھایا (جو زخم یا خراش پر لگایا جاتا ہے)۔ (۲) سترھویں اور اٹھارویں صدی میں درباری خواتین سیاہ ریشم کے ٹکڑے افزائش رنگ کے لئے چہرے پر لگاتی تھیں۔

Mustard plaster : رائی کا پلاسٹر۔

Sticking plaster : چپکنے والا پلاسٹر۔

Plaster/Plaister : (v) [f. prec.] (۱) لیپنا: پوتنا: پوچاپھیرنا: سفیدی پھیرنا: رنگ کرنا: پھیرنا یا چڑھانا: استر کاری کرنا: استر چڑھانا: قلعی کرنا: (مجازاً) حد سے زیادہ تعریف کرنا۔ (۲) پلاسٹر لگانا یا چڑھانا: پھایا لگانا یا چڑھانا: (مجازاً) معاوضہ دینا: تلافی کرنا۔ (۳) چھپکانا: لگانا: پلاسٹر کی طرح لگانا۔ (۴) شراب میں (کھریا مٹی) ملانا اس کی تیزی کم کرنے کے لئے۔ (۵) (انگور کی بیل پر) جھسم چھڑکنا سڑنے یا پھپھوندی لگنے سے بچانے کے لئے۔ (۶) (زمین کو) پیرسی پلاسٹر سے درست کرنا۔

Plaster-bronze : (n) کانسی کے پاؤڈر یا گرد سے لپائی تاکہ کانسی کی طرح معلوم ہو۔

Plaster-jacket : (n) پلاسٹر جیکٹ: پیرسی پلاسٹر سے ریڑھ کی ہڈی درست کرنے کا طریقہ۔

Plaster of Paris : (n) (کیمیا) جِپس: پیرسی پلستر۔

Plaster-rock/-stone : (n) خام جھسم۔

Plasterer : (n) پلاسٹر کار: سفیدی پھیرنے والا: پلاستر کرنے والا شخص۔

Plastering/Plaistering:(n) پلاسٹر کاری : سفیدی پھیرنے کاکام؛ پلاسٹر کرنا۔ (۲) پلاسٹر کا کام؛ پلاستر کی تہ دینا ؛ لپائی۔

Plastery : (a) پَلستر کی نوعیت کا یا اس کی مانند؛ لیس دار؛ چپچپا۔

Plastic : (a) [ad. L. 'plasticus', a. Gr. 'plastikos.'] (۱) ڈھالنے کا؛ ڈھالنے کے متعلق؛ ڈھالنے کی خصوصیت رکھنے والا۔ (۲) تکونی اشکال کا نشو و نما دینے والا۔ (۳) ڈھلنے والا؛ سانچے میں ڈھلنے کے لائق؛ صورت پذیر؛ شکل پذیر؛ اثر پذیر۔ (۴) (مجازاً) لچک دار؛ لچکیلا؛ نرم؛ ملائم۔ (۵) (حیاتیات) زندہ نسیج بنانے یا بننے کی صلاحیت رکھنے والا؛ تکونی۔ (۶) (جراحی) ہیئت و ترکیب میں کمی کو درست کرنے سے متعلق۔ (۷) (مجازاً) غیر مادی اشیا؛ حالات یا اشکال؛ ادبی تخلیقات وغیرہ کے متعلق۔

Plastic art : (n) فن شکل تراشی؛ صورت پذیری؛ شکل پذیری کا آرٹ؛ وہ آرٹ جس میں یہ عمل کارفرما ہو جیسے سنگ تراشی یا سفال سازی۔

Plastic artist : (n) خدا؛ عظیم الشان تخلیق کار۔

Plastic clay : (n) (ارضیات) تیسرے طبقے کا وسطی حصہ۔

Plastic sulphur : (n) گندھک کی ایک تغیر شکل۔

Plastic surgery : (n) پیوندی جراحی؛ جسم کی ناقص ساخت درست کرنے کا فن؛ پلاسٹک جراحی۔

Plastically : (adv.) ڈھالنے کی غرض سے؛ صورت گرانہ؛ شکل تراشانہ۔

Plasticine : (n) ایک قسم کی ملائم اور لچکدار چیز کا نام جو مدرسوں میں بچوں کے لئے طرح طرح کی چیزیں بنانے یا ڈھالنے کے کام آتی ہے۔

Plasticity : (n) صورت پذیری؛ شکل پذیری؛ ڈھلنے کی صلاحیت؛ ملائمت۔

Plasticizer : (n) (کیمیا) ملائم گر؛ ایک قسم کا مادہ جو دوسری چیز کو کسی شکل میں لے آئے؛ نرم کرنے والا مادہ۔

Plastics : دیکھو Plastic surgery

Plastid : (n) [Gr. 'plastos' + -id.] (۱) (علم الحیات) مادۂ حیات کی اکائی یا واحد مقدار خلیّہ کی حیثیت سے ؛ خلیّہ مایہ؛ حیّ ریزہ۔ (۲) (نباتیات) نباتی خلیے میں پایا جانے والا چھوٹا دانہ؛ یعنی کلوروفیلو دانہ؛ لیکو پلاسٹڈ۔

Plastidule : (n) [Dim. of 'plastid.'] مادۂ حیات کا ایک فرضی سالمہ یا اس کا ذرہ جس سے حیاتی اکائی عبارت ہو اور جس سے حیّ ریزہ بنتا ہو۔

Plastin : (n) [Gr. 'plastos + -in.] (علم الحیات) کسی خلیے کے مرکزہ میں پایا جانے والا لیس دار مادہ؛ پلاسٹن۔

Plastogamy : (n) [Gr. 'plastos' + 'gamia.] (علم الحیات) خلیہ مائی زواجیت؛ دو یا اس سے زیادہ خلیوں کے مادۂ حیات کا ملاپ ؛ جیسے نخز حوین(Plasmodium) بنتا ہے۔

Plastron : (n) [Fr.] (۱) چرمی سینہ پوش (خیسنگ کرنے والوں یا پٹہ بازوں کا)؛ سوار (سپاہی) کا صدر پوش۔ (۲) زنانہ سینہ پوش۔ (۳) مردانہ قمیص کا سامنا۔ (۴) (کچھوے وغیرہ کے) پوست کا شکمی حصہ اور جانوروں کا شکمی حصہ۔ (۵) (تاریخ) فولادی سینہ پوش؛ فولادی چار آئینہ۔

-plasty : (suffix) جزو ترکیبی بمعنی "ترکیب پذیری" شکل پذیری۔

Plat : (n) [Fr.] (۱) چپٹی چیز؛ حصہ یا سطح۔ (۲) کسی چیز کا چپٹا حصہ یا پہلو۔ (۳) قطعۂ زمین؛ قطعۂ اراضی (جیسے Grass plast گھاس کا قطعہ)۔ (۴) (کان کنی) معدن کے سامنے کا صاف قطعۂ اراضی جہاں بار برداری ہو سکے یا جہاں کچی دھات جمع کی جا سکے۔ (۵) کوئی سطح یا جگہ عام طور پر۔ (۶) جگہ یا قطعہ۔

Plat : (n) (۱) مختصر قطعۂ زمین۔ (۲) دیکھو Plot-

Plat : (n) (۱) بٹا ہوا فیتہ یا گھاس۔ (۲) (جمع میں) چپٹی رسیاں جو ایک دوسرے کے ساتھ بٹی ہوں۔

Plat : (n) [Fr.] قاب طعام؛ کھانے کی رکابی۔

Plat : (a) صاف؛ پھیلا ہوا؛ مسطح؛ سیدھا؛ درست۔

Plat : (v) [Parallel form of plait, 'v'.] چپٹا گوندھنا؛ گھاس بٹنا؛ لپیٹ کر (ہیٹ) بنانا۔

Plat : (v) نقشہ بنانا؛ کسی چیز کا نقشہ کھینچنا؛ نقشہ کشی کرنا۔

Plat : (v) زمین پر پھیلنا؛ پھیلانا۔

Plat eye : (n) روح خبیث جن کی آنکھیں آتشیں ہوں۔

Platan/Platane : (n) [ad. L. 'platanus.'] مشرقی چنار کا درخت۔

Platanus : (L., a. Gr. platanos.'] (۱) چنار کا درخت (اپ شاذ)۔

(۲) ایک قسم کا درخت؛ جنس چنار۔

Platband : (n) [a. F. 'platebande.'] (۱) (تعمیرات) کگریا اولتی کے نیچے کی لکڑی۔ (۲) (باغبانی) پھولوں کی پتلی کیاری یا دوب تختہ۔

Plate : (n) [OFr. 'plate.'] (۱) پترا؛ ہموار ٹکڑا (دھات وغیرہ کا)۔ (۲) پترا کندہ کاری کے لئے۔ (۳) اس کا نقش۔ (۴) کتاب کی چٹ۔ (۵) نام کی تختی (کسی چیز پر لگانے کے لئے)۔ (۶) شیشے یا دھات کا پترا (جس پر فلم ہو) (فوٹو گرافی کے لئے)۔ (۷) ٹائپ کی ہوئی تختیاں (طباعت کے لئے)۔ (۸) چھت کے شہتیر؛ لکڑی ، چھت کے شہتیروں کے سہارے کے لئے۔ (۹) سونے ، چاندی یا دوسری دھات کے برتن (کھانے کے)۔ (۱۰) طلائی یا نقرئی جام جو گھڑ دوڑ میں انعام کے طور پر دیا جاتا ہے۔ (۱۱) ایسی گھوڑ دوڑ۔ (۱۲) مٹی یا چینی کی رکابی؛ طباق۔ (۱۳) جو شے طباق میں ہو۔ (۱۴) وہ برتن جس میں کلیسا میں چراغی ڈالی جاتی ہے۔ (۱۵)(کان کنی) سلیٹ کے مشابہ ایک نرم پتھر۔ (۱۶)(فوٹوگرافی) لوح عکاسی؛ پلیٹ ۔ (۱۷) (ریڈیو) شبت بر قیرہ؛ مثبتیرہ؛ پلیٹ۔

Book-plate : مالک کتاب کے نام کی چٹ جو کتابوں پر چسپاں ہو ۔

Coffin-plate : تابوتی تختی (جو تابوت کے ڈھکنے میں رکھتے ہیں جس پر متوفی کا نام ہوتا ہے)۔

Door-plate : در تختی؛ دروازے کی تختی؛ وہ تختی جس پر (گھر میں) رہنے والے کا نام لکھ کر دروازے پر لٹکاتے ہیں۔

Electro plate : برقی ذریعے سے چاندی چڑھانا؛ چاندی کی قلعی کرنا۔

Half-plate : نیم تختی؛ آدھی تختی؛ نیم پلیٹ جس کی لمبائی ساڑھے چھ انچ اور چوڑائی پونے پانچ انچ ہوتی ہے۔

Home plate : (امریکا) بیس بال میں بلاّ باز(بلا مار) کی جگہ۔

Name-plate : نام تختی یا نام کی تختی؛ نام کا پترا؛ تختی جس پر نام لکھا ہو۔

Pewter plate : جست کے برتن ، رکابیاں وغیرہ۔

Pitcher's plate : بیس بال میں گیند باز (گیند انداز) کی جگہ۔

Quarter plate : چوتھائی تختی ؛ چھوٹی پلیٹ ۔

Selling plate : وہ گھڑ دوڑ جس میں جیتنے والے گھوڑے کو ایک مقررہ قیمت پر گھوڑے کو بیچنا پڑتا ہے۔

Plate : (v) [Late ME. f. prec..] (۱)چادریں چڑھانا؛ جہاز کے پہلوؤں پر دھات کی چادریں چڑھانا؛ حفاظت یا خوبصورتی کے لئے کوئی دھات چڑھانا؛ قلعی کرنا؛ ملمع کرنا؛سونا یا چاندی چڑھانا۔ (۲) طباعت کے لئے پلیٹ بنانا۔ (۳) (ٹکٹ وغیرہ کو) اپنی جگہ رکھنا؛ اس طرح (ٹکٹ کے صفحات) ترتیب دینا۔

Plate-basket : (n) چھری ، کانٹے، چمچے اور رکابیاں رکھنے کی ٹوکری۔

Plate-bolt : (n) (۱) چٹخنی جو چپٹے پلیٹ پر پھسلتی ہے۔ (۲) چوڑے چپٹے سر والی چٹخنی۔

Plate-bone : (n) شانے کی ہڈی۔

Plate-circuit : (n) دور مُثنیرہ؛ پلیٹ کا دور۔

Plate-cultivation/-culture(n) شیشے کے پتروں یا ظروف پر جرثومے کی کاشت ۔

Plate-day : (n) طلائی یا نقرئی جام کے لئے مقابلہ بازی کا دن۔

Plate-glass : (n) [f. plate, (n) + glass.] جلبی شیشہ؛ تختی شیشہ؛ اعلیٰ قسم کا موٹا شیشہ جن کا استعمال آئینوں اور کھڑکیوں کے لئے ہوتا ہے۔

Plate-horse : (n) وہ گھوڑا جو خاص طور پر انعام والی گھڑ دوڑ میں مقابلہ کرتا ہے؛ معمولی قسم کا گھوڑا (گھوڑ دوڑ کے لئے)۔

Plate-layer : (n) (۱) (قدیم) وہ جو پلیٹ کو لگانے، ترتیب سے رکھنے اور بدلنے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ (۲) ریلوے لائن کا ملازم جو راستے کو درست رکھنے کا ذمہ دار ہوتا ہے؛ ریل کی پٹری جمانے والا (ملازم)۔

Plate-lock : (n) ایساتالا جس کا باہری خول چوبی ہو؛ نیز ایسا تالا جس میں پرزے آہنی پلیٹ پر ہوں۔

Plate-man (n) پلیٹ کا انچارج؛ ذمہ دار۔

Plate-mark : (n) [f. Plate, n + Mark.] (۱) سرکاری مہر؛ مہر تصدیق؛ وہ سرکاری مہر جو طلائی یا نقرئی اشیاء پر بطور تصدیق لگائی جائے۔ (۲) پلیٹ کے دباؤ سے ابھرنے والا نقش جو کنارے پر مرتسم ہو جائے۔

Plate-matter : (n) اخبارات کے لئے چھپائی کی پلیٹ ۔

Plate-paper : (n) اعلیٰ قسم کا کاغذ جس پر نقش و نگار چھپے ہوں۔

Plate-powder : (n) کھانے کے کانٹے ، چمچے وغیرہ صاف کرنے کا سفوف۔

Plate-rack : (n) قاب گیر: چوبیں فریم جس پر رکابیاں و غیرہ رکھتے ہیں کہ خشک ہو جائیں۔

Plate-rail : (n) ابتدائی زمانے کی ریل کی چپٹی پٹری۔

Plate-roll : (v) کاغذکو براق کرنا(پلیٹ کے داب سے)۔

Plate-tracery : (n) (تعمیرات) پتھر کے کٹاؤ کا ٹھوس آرائشی کام جو دیکھنے میں معلوم ہوتا ہے کہ منقش چپٹی سطح کے داب سے بنا ہے۔

Plate-vein : (n) گھوڑے کے سر کی سیاہ رگ۔

Plate-wheel: (n) پہیئے کامرکز جو دھات کے پلیٹ کے ذریعے گھیرے سے ملا ہو۔

Plateau/Plateanx/-eaus : (n) [OFr. 'platel', etc. dim. of 'plat.']
(۱) (جغرافیہ) نجد: میدان مرتفع: بلند ہموار زمین: حدب۔ (۲) نقش دار کِشتی: منقش خوان: منقش رکابی۔ (۳) لوح مزین: آراستہ تختی۔ (۴) ایک قسم کی زنانہ ٹوپی۔

Plated : (a) متورق: ورق دار: پلیٹ دار: دھات کے پتروں سے ڈھکا ہوا۔

Plateful : (n) پلیٹ بھر (مقدار): قاب بھر: رکابی بھر: طباق بھر۔

Platen/Platten : (n) [Fr. 'platine.'] قابچہ: چھاپے کی مشین کی پلیٹ ؛ مطبع کی پلیٹ ؛ پلیٹیں (وہ پلیٹ جس سے کاغذ پر ٹائپ کا داب پڑتا ہے)۔

Platen-machine / Platen printing machine : (n) پلیٹن پریس: ایسا پریس جس میں مطبع کی پلیٹ ہو۔

Plater : (n) [f. Plate + -er.] (۱) ملمع ساز: ملمع کار: قلعی گر: سونا چاندی چڑھانے والا: پترا ساز: پترا کار۔ (۲) جہاز کے لئے فولاد وغیرہ کی چادریں بنانے والا۔ (۳) (گھوڑ دوڑ) ادنیٰ درجے کا گھوڑا جو انعامی جام کے لئے دوڑتا ہے۔ (۴) (پلیٹ فارم) جس پر کھڑے ہو کر مقرر تقریر کرتا ہے۔

Platerer : (n) جو اجناس کو ورق کی صورت میں پیش کرے۔

Plateresque : (a) [Sp. 'plateresco', f. platero, + -esco.] آب نقرہ کے مانند: چاندی کے ورق کی طرح (نشاۃ ثانیہ کے عہد میں ہسپانوی عمارات کی آرائش و زینت کے متعلق)۔

Platform : (n) [a. Fr. 'plateforme.'] (۱) چبوترہ: کرسی: مچان: ممبر: شہہ نشین۔ (۲) پلیٹ فارم (ریل کا)۔ (۳) کسی فریق کی سیاسی اساس یا بنیاد یا اس کا با ضابطہ نظام العمل ؛ (خصوصاً امریکا میں) انتخاب کے لئے امیدواروں کا اعلان ؛ کسی شے کی بنیاد یا اساس؛ سطح فکر: سطح، سطح مذاکرہ۔(۴) تختۂ سنگ۔ (۵) صاف اور نسبتاً بلند سطح زمین۔

Plateform : (v) [f. prec.] (۱) چبوترے پر رکھنا؛ کرسی پر بٹھانا؛پلیٹ فارم پر رکھنا یا قائم کرنا۔ (۲) تقریر کرنا: لیکچر دینا۔

Plateform-car/-carriage : (n) (U.S.) نیچی چار پہیوں والی گاڑی یا ٹرک جو بھاری سامان ڈھونے کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

Plateform-crane : (n) ایک بڑا دمکلا (بوجھ اٹھانے کا آلہ) جو ریلوے ٹرک پر رکھا ہو۔

Platform scale/-balance : (n) فرشی کانٹا: میزان طبلیہ: قَبّان۔

Platform ticket : (n) پلیٹ فارم ٹکٹ: پلیٹ فارم میں داخل ہونے کا اجازتی ٹکٹ۔

Plateformally : (adv.) مقرر کی طرح: عام مقرر کی طرز پر: فصاحت و بلاغت کے اعتبار سے۔

Plateformer : (n) اچھا مقرر: انتخابی اور سیاسی پروگرام بنانے والا۔

Plateformism : (n) پرزور انتخابی تقریر کرنا۔

Plathander : (n) (حیوانیات) افریقی مینڈک۔

Plathelminthes : (n) (۱) (حیوانیات) چپٹے کیڑے : کیچوے ۔ (۲) دیکھو -Platyhelmithes

Platic : (a) [med. L. 'platicus.'] (علم النجوم) (دوستاروں کی قربت سے متعلق) نامعین یا ایک درجے کے اندر لیکن دو دیگر سیاروں کے کروں کے جوڑ کے نصف کے اندر ہو۔

Platin - : سابقہ بمعنی پلاٹین یا طلائی سفید۔

Platina : (n) [Sp.] (۱) پلاٹینم: نقریہ۔ (۲) دیکھو -Platinum

Platina : (a) پلاٹین کی طرح۔

Platinate : (v) پلاٹین کی شکل میں لانا۔

Platinate : (n) پلاٹین کا نمک۔

Plating : (n) [f. Plate, v + -ing.] (۱) فعل (plate) کے معنوں میں۔ (۲) چاندی یا سونا چڑھانے کا کام؛ ملمع کاری؛ ملمع سازی؛ قلعی گری۔ (۳) ملمع؛ قلعی؛ گلٹ۔ (۴) انعامی جام کے لئے یا انعامی جام کی دوڑ۔

Platinic: (a) [f. platinum + - ic.] (کیمیا) پلاٹینم کے ان مرکبات کے لئے مستعمل جن میں یہ اعلیٰ گرفت کے ساتھ موجود ہوتا ہے۔

Platiniferous:(a) [f.Platinum+ ferous.] پلاٹین دار؛ پلاٹینم خارج کرنے والا۔

Platinization : (n) ملمع سازی۔

Platinize : (v) [f. Platinum.] پلاٹینم چڑھانا؛ پلاٹینم کا ملمع چڑھانا؛ معلمع سازی کرنا؛ چاندی چڑھانا۔

Platino - : پلاٹینم کا جزو ترکیبی خصوصاً کیمیا میں ایسے مرکبات سمجھے جاتے ہیں جو دو گرفتہ ہوتے ہیں۔

Platinode : (n) [f. Platinum + Gr.. 'odos.'] (برقیات) وولتائی (voltaic) خانے کا منفی استوانہ؛ وولتائی خانے کی منفی تختی (یہ تختی اکثر اوقات نقریہ کی ہوتی ہے)۔

Platinoid : (n) [f. Platinum +-oid.] (۱) نقریہ نما؛ ایک مخلوط دھات جو نکل، جست اور تانبے سے مرکب ہوتی ہے اور جس میں کچھ پلاٹینم کی خاصیت بھی ہوتی ہے۔(۲) وہ دھاتیں جو نقریے کے ساتھ ملی ہوئی پائی جاتی ہیں۔

Platinoid : (a) پلاٹینم کے مشابہ۔

Platinoso - : [Comb. form of mod. L. platinosus.] ترکیب جزئی بمعنی "پلاٹینم کا"۔

Platinotype : (n) [f. Platino - +type.] پلاٹینی ٹائپ؛ پلاٹینی چھپائی؛ نقریائی چھپائی؛ عکسی چھپائی کا ایک انداز۔

Platinous : (a) [f. next + -ous.] پلاٹینم کے ان تمام مرکبات کے لئے مستعمل جن میں یہ گرفت کے معمولی درجوں میں موجود ہوتا ہے۔

Platinum : (n) [mod. L., altered from 'Platina', after the names of other metals in -um.] پلاٹینم: نقریہ؛ایک قسم کی دھات جو شاذ و نادر پائی جاتی ہے اور جس کا رنگ چاندی کی طرح سفید ہوتا ہے لیکن اس میں چمک کم ہوتی ہے مگر وہ بہت وزن دار ہوتی ہے اور اس پر عام ایسڈ کا اثر نہیں ہوتا، اس کا استعمال خصوصاً کیمیاوی اور دوسرے سائنٹیفک کاموں میں ہوتا ہے قیمتی پتھر بٹھانے میں بھی استعمال ہوتا ہے؛ نیز توصیفی معنوں میں جیسے پلاٹینم کا بنا ہوا؛ پلاٹینم کا یا اس پر مشتمل۔

Platinum-black : (n) پلاٹینم سیاہ؛ نقرۂ سیاہ (پلاٹینم جو ایک سیاہ سفوف کی شکل میں ہوتا ہے)۔

Platinum-lamp : (n) پلاٹینم کے تار والا روشن لیمپ۔

Platinum-metals : (n) پلاٹینی دھاتیں؛ نقرئی دھاتیں؛ جیسے اریڈیم اور اُسمیم وغیرہ۔

Platinum-zinc : (n) پلاٹینم اور جست کی پلیٹوں سے بنا ہوا جیسے ولٹامیل۔

Platitude : (n) [a. Fr., f. plat.] (۱) پرانی دہرائی فرسودہ بات یا قول؛ ایک عام یا پرانی بات (خصوصاً جو بڑے ثقہ پن اور سنجیدگی کے ساتھ بیان کی جائے۔ (۲)(قول، بات کا) معمولی ہونا؛ پھیکاپن، بے لطف اور بے مزہ ہونا؛ پیش پا افتادہ ہونا؛ فرسودہ ہونا۔

Platitudinarian : (n) [Platitude, after latitudinatian.] فرسودہ اور عام بات کہنے والا۔

Platitudinarian:(a) فرسودہ بات یا قول کا عادی؛ ایسی عادت کی خصوصیت کا حامل۔

Platitudinarianism : (n) عام اور فرسودہ قول یا بات کہنے والا۔

Platitudinize : (v) عام پرانی باتیں کہنا۔

Platitudinous : (a) [f. platitude.] فرسودہ؛ پرانی دوہرائی ہوئی عام باتیں یا قول؛ پیش پا افتادہ؛ عام معمولی باتوں یا مثالوں سے پر۔

Platitudinously : (adv.) عام پرانی، پیش پا افتادہ باتیں کہتے ہوئے۔

Platonic : (a) [ad. L. 'Platonicus.'] (۱) فلاطونی یا افلاطونی؛ افلاطون (مشہور یونانی حکیم متوفی ۳۴۷ء ق۔م) کے متعلق۔ (۲) فلسفہ افلاطون کا یا اس سے متعلق۔ (۳) (عام استعمال میں) محض؛ لفظی ناقابل عمل؛ بے ضرر؛ بے نقصان۔ (۴) مخالف جنس سے روحانی محبت کے لئے مستعمل۔

Platonic love : (n) عشق فلاطونی؛ افلاطونی محبت، ذکور و اناث کے درمیان خالص روحانی محبت۔

Platonic year : (n) سال افلاطونی (قدیم مفروضہ کے مطابق) وہ زمانہ جس میں اجرام فلکی تمام برجوں کی سیر کرکے اپنے اصلی مقام پر آجاتے تھے۔

Platonically : (adv.) افلاطونی طریقے سے۔

Platonics : (n) فلاطونی عاشق و معشوق کا باہمی تکلم؛ راز و نیاز۔

Platonism : (n) [ad. mod. L. 'platonismus', f. Plato.] (۱) افلاطون یا اس کے مقلدین کا فلسفہ۔ (۲) (جمع میں) افلاطونی فلسفے کا اصول؛ افلاطون کا قول۔ (۳) افلاطونی عشق کا اصول یا عمل۔ (۴) فلاطونیت۔

Platonist : (n) [ad. med. L. platonista.] فلاطونیت کا پیرو؛ فلسفہ فلاطون کا متعلم؛ فلاطونی عاشق۔

Platonize : (v) (۱) افلاطونیت کا جامہ پہننا یا پہنانا یا رنگا جانا۔ (۲) فلسفۂ فلاطون کی پیروی کرنا۔

Platoon : (n) [ad. Fr. 'peloton.'] (۱) پلاطون؛ پلاٹون؛ پیدل فوج کا چھوٹا دستہ خصوصاً ایسے سپاہیوں کا دستہ جو یکبارگی فائر کرے اور جس میں تقریباً ۶۰ سپاہی ہوتے ہیں اور جو لفٹینٹ کی کمان میں ہوتا ہے۔ (۲) یکبارگی فائر؛ باڑ۔ (۳) (موجودہ) آدھی کمپنی ، ڈبل کمپنی کا چھوٹا حصّہ۔

Platter : (n) [ME, 'plater', a. AF.] (خصوصاً قدیم) قاب؛ رکابی (عموماً لکڑی کی)؛ چھوٹا کٹہرا۔

Platter-faced : (a) چوڑے چہرے والا۔

Platting : (n) [f. Plnt, v + -ing.] نقشہ کشی؛ مآل اندیشی؛ حصیر برائے کلاہ سازی؛ حصیر بافی کا سامان۔

Platy - : (Comb.) جزو ترکیبی بمعنی "چوڑا، چپٹا؛ فراخ، کشاد، عریض۔

Platy : (a) (ارضیات) تہ دار ؛ پرت دار۔

Platycephalic/-cephalous : (a) چوڑے یا چپٹے سر والا؛ فراخ سر۔

Platycephalous : (a) چَپٹ سرا؛ چپٹے سر والا۔

Platycnemic : (a) (تشریح) فراخ و عریض ہڈیوں کا جو نچلے پیروں میں ہوتی ہے۔

Platycnemia/ -mism/ -my : (a) نچلے پیروں کی فراخ و عریض ہڈیاں ہونے کی کیفیت۔

Platyhelmith/Plathelminth : (n) [f. mod. L. pl. 'Platyhelmintha.'] (حیوانیات) چپٹے کیڑے؛ کیچوے؛ کوئی چپٹا کیڑا۔

Platymeter : (n) ایک قسم کا آلہ جس سے مختلف برق گزاروں کی امالی صلاحیت کا اندازہ ہوتا ہے۔

Platypod : (n) [f.. Gr. 'platapod.'] (حیوانیات) فراخ یا عریض کف پا والا جانور۔

Platypod : (a) (حیوانیات) فراخ یا عریض کف پا والا (جانور)۔

Platypus : (n) [Gr. 'platipous.'] ایک دودھ پلانے والا آبی جانور جو آسٹریلیا میں پایا جاتا ہے اور جس کے پاؤں پر جھلی منڈھی ہوتی ہے اور چونچ بط کی سی ہوتی ہے؛ بط چونچ؛ بط منقار۔

Platyrhine/Platyrrhine : (a) [mod. L. platyrrhinus.] فراخ بینی چڑنکا (بندر)؛ چوڑے نتھنوں والا (بندر)؛ چَپَٹ نکّا۔

Platyrhine : (n) چپٹ نکّا آدمی یا کاسۂ سر۔

Plaud : (v) [L. 'plaudere'.] (اب شاذ) تعریف کرنا؛ تحسین کرنا۔

Plaud : (n) تحسین؛ تعریف۔

Plaudit : (n) [Shortened from next.] تعریف؛ تحسین؛ آفریں؛ واہ وا۔

Plaudite : (n) [L.] کھیل کے آخر میں تحسین و تعریف کے لئے اپیل۔

Plauditor : (n) تعریف کرنے والا؛ تحسین کرنے والا۔

Plauditory : (a) تحسین انگیز؛ تشویق آمیز۔

Plausibility : (n)[f.L. 'plausibilis.'] بظاہر معقولیت؛ اِحتمال؛ ظاہرداری۔

Plausible : (a) [L. 'plausibilis.'] (۱) (استدلال ، بیان وغیرہ) بظاہر معقول؛ قرین قیاس؛ بظاہر خوشنما، عمدہ۔ (۲) (اشخاص وغیرہ) بظاہر قابل اعتماد۔ (۳) خلیق لیکن عموماً دھوکاباز؛ ظاہردار۔

Plausibleness : (n) (اب شاذ) ظاہر داری؛ بظاہر معقولیت۔

Plausibly : (adv.) ظاہر داری سے؛ بظاہر معقول طریقے سے۔

Plausive : (a) [f. L. 'plaus'-,+-ive.] (اب شاذ) ستائش آمیز۔ (۲) خوش آمدید۔ (۳) (مجازاً) وسیع۔

Plautine : (a) [L. 'Plautinus.'] رومی طربیہ نگار شاعر پلوتس (۱۸۴ ق م) کے اسلوب کی خصوصیات کا حامل یا اس سے متعلق یا اس کی تقلید میں۔

Play : (v) [OE, 'plaega.'] (۱) کھیلنا کودنا؛ چلنا پھرنا؛ اچھلنا کودنا؛ آہستہ مارنا؛ گرنا پڑنا۔ (۲) حرکت کرنا؛ آزادانہ

حرکت کرنا (کلوں وغیرہ کا)۔ (۳) (ہتھیار، چھری، کانٹے وغیرہ کو ہاتھ میں پکڑ کر) استعمال کرنا۔ (۴) (مچھلی کو ڈور سے) کھینچتے کھینچتے تھک جانے دینا۔ (۵) (کسی پر بندوق) چلانا؛ یا (بندوق کسی پر) چلنا۔ (۶) روشنی ڈالنا؛ روشنی کا پڑنا۔ (۷) (مذاق، دل لگی، چال، فریب وغیرہ کا کسی کو) ہدف بنانا۔ (۸) دل بہلانا؛ جی خوش کرنا؛ مزے اڑانا؛ اٹھکھیلیاں کرنا۔ (۹) (مقامی) (کام سے) غیر حاضر رہنا (خصوصاً ہڑتال والوں کا)۔ (۱۰) کرکٹ، تاش وغیرہ کھیلنا؛ مشق کرنا۔ (۱۱) (مذاق، دل لگی کی خاطر) جھوٹ موٹ ظاہر کرنا؛ بننا۔ (۱۲) جوا کھیلنا۔ (۱۳) کھیل میں مقابلہ کرنا؛ کسی کو کھیل یا ٹیم میں شریک کرنا؛ کھیل میں نمائندگی کرنا؛ (کوئی چیز) حاصل کرنے کے لئے کھیل میں شریک ہونا۔ (۱۴) (مہرہ یا تاش کا پتّا) چلنا۔ (۱۵) (کرکٹ) (گیند کو) بلّے سے مارنا۔ (۱۶) بجانا؛ (کوئی باجا) بجانا۔ (۱۷) ایکٹ کرنا؛ ناٹک کھیلنا؛ (ڈراما) کھیلنا؛ نقل کرنا؛ کسی کا پارٹ ادا کرنا؛ سوانگ بھرنا۔ (۱۸) کسی کی طرح بننا۔

Bees play about flowers : شہد کی مکھیاں پھولوں پر منڈلاتی ہیں۔

Free trade is played out : آزادانہ تجارت کا خاتمہ ہو گیا۔

His fancy played round the idea : وہ اس تجویز پر خیال دوڑا رہا تھا۔

I feel played out : مجھے ایسا معلوم ہوا کہ مجھ میں سکت نہ رہی۔

Our horses were played out : ہمارے گھوڑے تھک گئے تھے۔

Smile played on hid lips : تبسم اس کے لبوں پر کھیل رہا تھا۔

To play a good knife & fork : خوب کھانا؛ پیٹ بھر کے کھانا۔

To play a good stick : پٹہ بازی میں مہارت پیدا کرنا۔

To play about/-around : کھیلنا؛ کودنا؛ اچھلنا؛ پھدکنا۔

To play at : کھیل میں مصروف ہونا؛ (مجازاً) بے دلی سے (لڑائی وغیرہ) لڑنا۔

To play body : مل کر دھوکا دینا۔

To play ducks and drakes : برباد کرنا؛ ضائع کرنا؛ اڑا دینا۔

To play fair : معاف معاملگی سے کام لینا۔

To play fast and loose : ناقابل اعتبار ہونا؛ اپنے قول و قرار یا فرض منصبی کی پروا نہ کرنا۔

To play foul : دھوکا بازی کرنا۔

To play in : حاضرین کی آمد کے وقت باجا بجانا۔

To play into the hands of : کسی کے ہاتھ میں کٹھ پتلی ہونا؛ جیسا دوسرا (مخالف یا شریک) چاہتا ہے اس کی گون کی کرنا۔

To play it on, play it low on, play (low) down on : (مبتذل) کسی سے ناجائز فائدہ اٹھانا۔

To play off : (۱) اپنے فائدے کے لئے (ایک کو دوسرے سے) بھڑا دینا؛ لڑا دینا۔ (۲) (کسی شخص کو خود اس کی طرف سے) اس طرح پیش کروانا کہ اس کو نقصان پہنچ جائے۔ (۳) بھگل گانٹھنا؛ جو فروش گندم نمائی کرنا۔

To play on : (کرکٹ) اپنی گیند کو اپنی وکٹ سے ٹکرانا اور خود آؤٹ ہو جانا۔

To play one's cards well : موقع سے خوب فائدہ اٹھانا۔

To play one's part well : (مجازاً) اپنا کام بحسن و خوبی انجام دینا۔

To play out : حاضرین کی رخصت کے وقت باجا بجانا۔

To play the deuce/-devil : (مجازاً) شیطنت اختیار کرنا۔

To play the first fiddle : پیش پیش رہنا۔

To play the fool : حماقت کرنا؛ بے وقوفی کرنا۔

To play the game : کھیل کے قواعد کی پابندی کرنا؛ (مجازاً) دادِ شرافت دینا۔

To play the second fiddle : دوسرے کے ہاتھ نیچے ہونا۔

To play truant : بھاگ جانا (کام سے یا مدرسے سے)۔

To play up : کھیل میں جان لڑا دینا۔

Play : (n) [OE.'Plega. '] (۱) تیز، سبک یا وقفہ دار حرکت۔ (۲) سرگرمی: مشغلہ: عمل: حرکت۔ (۳) آزادئ عمل و حرکت: چلنے پھرنے کی آزادی: نقل و حرکت کے لئے جگہ: حرکت کی گنجائش۔ (۴) تفریح: دل بہلاؤ: دل لگی: کھیل: لہو و لعب۔ (۵) کھیل: بازی۔ (۶) کھیلنے کا انداز یا طریقہ: کھیلنے کی طرز۔ (۷) کھیل کے میدان کا حد بندی کیا ہوا حصّہ۔ (۸) کام کرنا: موقوف کرنا: کام نہ کرنا (ہڑتال کے زمانے میں مزدوروں کا)۔ (۹) سوانگ: نائك: تمثیل: ڈراما۔ (۱۰) جوا: قمار بازی۔

Allow full play to curiosity: راز جوئی کی عادت کو پوری آزادی دینا۔

Ball is in play: (کرکٹ، فٹ بال) گیند کھیل میں ہے (کھلاڑی اس وقت گیند سے کھیل رہے ہیں)۔

Child's play : آسان یا معمولی کام: بازیچۂ اطفال: بچوں کا کھیل۔

Fair paly : مساوی برتاؤ۔

Foul play : حیلہ بازی: دھوکا: تلبیس: بے ایمانی کا کھیل۔

He said it only in play : اس نے صرف یہ دل لگی کے طور پر کہہ دیا تھا۔

In play : (گیند) میدان کی وہ حد جس کے اندر کھیل کھیلا جاتا ہو۔

Lively play of fancy : تخیل کی دلچسپ پرواز۔

Make play : (۱) مؤثر طریقے سے عمل کرنا۔ (۲) (شکار، دوڑ وغیرہ میں) تعاقب کرنے والوں کو (تعاقب کی) مشق کرانا۔

Out of play : گیند کھیل سے باہر ہے (کھلاڑی گیند سے نہیں کھیل رہے ہیں)۔

The play ground of Europe : سوئستان (جسے یورپ کا میدان لہو و لعب کہتے ہیں)۔

To come into full play : پوری طرح کار فرما ہونا۔

To come into play : حرکت میں آنا: عمل میں آنا۔

Play-acting : (n) ادا کاری۔

Play-actor : (n) (حقارتاً) ایکٹر: نائکی: ڈراما کرنے والا۔

Play-actress : (n) ڈراما کرنے والی۔

Play-bill : (n) نائك کا اشتہار جس میں ایکٹر کا نام دے دیا جاتا ہے۔

Play-book : (n) ڈرامے کی کتاب۔

Play-by-play : (a) مربوط: بہم: مفصّل۔

Play-club : (n) (گولف) ایك قسم کا بلاّ۔

Play-day : (n) (۱) (قدیم) مدرسے کی تعطیل کا دن۔ (۲) ہفتے کا وہ دن جب کان کے مزدور وغیرہ کام نہیں کرتے۔

Play-debt : (n) جوئے کا قرض: وہ قرضہ جو قمار بازی میں لیا جائے۔

Play-fellow : (n) ساتھی کھلاڑی عموماً بچوں یا نوجوان کے لئے مستعمل: تفریح کا ساتھی: بچپن کا ساتھی۔

Play-field : (n) کھیل کا میدان۔

Play-fully : (adv.) مذاق میں: خوش طبعی سے: ٹھٹھوں سے: مزاحانہ: لاعبانہ: کھیل کے طور پر: مزاح کے انداز سے: کھلاڑی پن سے۔

Play-game : (n) (مجازاً) بچوں کا کھیل۔

Play-going : (n) اکثر نائك دیکھنے والا۔

To play up to : (۱) کسی ڈرامہ میں اس طرح پارٹ کرنا کہ دوسرے کو مدد پہنچے۔ (۲) (مجازاً) خوشامد کرنا۔

To play upon : ابلہ فریبی کرنا: کسی کی زود اعتقادی سے نفع حاصل کرنا۔

To play upon the square : ایمانداری سے کھیلنا۔

To play upon words : ضلع جگت سے کام لینا۔

To play well : کھیلنے کے لئے عمدہ حال اور تیاری میں رہنا۔

To play with : (۱) کسی سے کھیلنا: دل بہلانا: طبیعت خوش کرنا۔ (۲) ہیچ: ادنی: معمولی (بات) سمجھنا: غیر اہم بیان کی پروا نہ کرنا: چٹکیوں میں اڑانا۔

Trisses play on the neck : زلفیں اس کی گردن پر لہرا رہی تھیں۔

Wind plays on water : ہوا پانی سے اٹکھیلیاں کرتی ہے۔

Play-going : (a) ناٹک دیکھنے کا عادی۔

Play-off : (n) دو بارہ کھیلنا (مساوات کے فیصل کے لئے)۔

Play off : (v) دو بارہ کھیلنا (قطعی نتیجہ کے لئے)؛ دوبارہ کھیل کر مساوات کا فیصلہ کرنا؛ کھیل کو پورا کرنا (جس کے درمیان رخنہ پڑ گیا ہو)۔

Play on words /-upon- : (v) تجنیس؛ جگت؛ ہم آواز لیکن مختلف معنی رکھنے والے الفاظ کا طنزیانہ استعمال۔

Play bet/ Pay - : (n) ایسی شرط جو ہر حالت میں قائم رہے خواہ گھوڑا دوڑے یا نہ دوڑے۔

Play out : (v) (۱) آخر تک ڈٹے رہنا؛ آخر تک کھیلنا۔ (۲) ختم کرنا؛ تمام کرنا۔ (۳) واضح کرنا؛ آشکار اکرنا۔ (۴) تہ نشیں ہو جانا۔

Play right : (n) ڈراما نگار کا حق ملکیت۔

Play yard کھیل کا میدان ۔

Playa : (n) [Sp.] (۱) گڈھا جہاں برسات کا پانی جمع ہو جاتا ہے۔ (۲) نمک زار (سوکھا ہوا)۔

Playable : (a) کھیلنے کے قابل (گیند، میدان، انٹے کی میز وغیرہ)۔

Player : (n) [OE. 'Plegere.'] (۱) کھلاڑی؛ وہ جو کسی کھیل میں مہارت رکھتا ہو۔ (۲) قمار باز ؛ جوا کھیلنے والا؛ پیشہ ور کھلاڑی (کسی کھیل کا)۔ (۳) اداکار؛ ایکٹر؛ نائکی؛ ڈراما کرنے والا۔ (۴) سازندہ؛ نوازندہ؛ نے نواز۔ (۵) (بلیرڈ، کرکٹ) وہ گیند جو بعد میں کھیلی جائے۔

Player-piano : (n) خود کار پیانو؛ وہ پیانو جو ایسے آلات سے مجہز ہو کہ یہ خود بجتا رہے۔

Playful : (a) شوخ؛ طناز؛ کھلاڑ؛ کھلاڑی؛ چنچل؛ اچپل؛ زندہ دل؛ دل لگی باز؛ پر مذاق ؛ ظریفانہ ؛ مذاقیہ ؛ مسخرے پن سے۔

Playfulness : (n) کھلاڑ پن؛ چنچل پن؛ اچپلاہٹ؛ دل لگی بازی۔

Playgoer : (n) اکثر دار التمثیل جانے والا؛ اکثر ناٹک دیکھنے والا۔

Playground : (n). کھیل کا میدان (جو اسکول یا کالج سے متعلق ہوتا ہے)۔

Playhouse : (n) دارالتمثیل؛ سوانگ گھر؛ تھیٹر۔

Playing : (n) کھیل؛ بازی؛ کھیلنا؛ جوا؛ تفریح؛ سیر۔

Playing-cards : (n) تاش۔

Playlet : (n) مختصر ڈراما؛ تمثیلچہ۔

Playmate : (n) ساتھی اداکار؛ ساتھی ایکٹر؛ شریک اداکار۔

Playroom : (n) بچوں کے کھیلنے کا کمرہ؛ کمرہ جہاں بچے کھیل سکیں۔

Playsome : (a) (روز مرہ) کھلاڑی ؛کھیل پر مائل؛ بازی کناں۔

Playsomely : (adv.) بازی کناں ؛ کھیلتے ہوئے۔

Playtable : (n) کھیل کی میز۔

Plaything : (n) لعبت؛ کھلونا؛ (مجازاً) آدمی جانور یا کوئی شے جو کھلونا سمجھا جائے۔

Playtime : (n) کھیل یا تفریح کا وقت۔

Playwright : (n) ڈراما نگار؛ تمثیل نگار؛ سوانگ لکھنے والا۔

Playwrighting : (n) فن ڈراما نگاری؛ فن تمثیل نگاری۔

Plaza : (n) [L. 'Platea.'] (اسپین وغیرہ) بازار؛ میدان۔

Plea : (n) [ME., 'Plaid', p'lai.] (۱) عذر؛ اعتذار؛ حجت؛ استدلال؛ دلیل؛ جواب۔ (۲) (قانون) تحریری بیان؛ صفائی؛ جواب دہی۔ (۳) (تاریخ) مقدمہ؛ استغاثہ۔

Court of common pleas : عدالت عذرات عامہ ؛ انگلستان کی دیوانی عدالت (منسوخ شدہ ۱۸۵۷ء)۔

Special plea : (عدالت یا فوجداری میں) عذرخاص (جس میں کوئی نیا واقعہ بیان کیا جائے)۔

To hold a plea : (کسی شے کی) استدعا کرنا۔

To hold pleas : عدالت میں عرضی پیش کرنا۔

Plea : (v) (اسکاچستان) عرضی پیش کرنا؛ عرض حال پیش کرنا؛ دعویٰ پیش کرنا۔

Pleach : (v) [ME. ' pleche.'] بل دینا ؛ مروڑنا ؛ بٹنا ؛ لپیٹنا ؛ ملانا ؛ گونتھنا؛ گوندھنا۔

Pleached : (a) (۱) (شاخوں کے لئے) گوندھا ہوا ؛ جڑا ہوا؛ ملا ہوا۔ (۲) بہ صورت چہار زانو؛ دو بازو باندھے ہوئے۔ (۳) جڑی ہوئی شاخوں سے بنی ہوئی محراب۔

Plead : (v) [ME. 'Plaiden, plaidi.'] (۱) وکالت کرنا۔ (۲) حجت کرنا : استدلال کرنا؛ دلیل کرنا؛ بحث کرنا۔ (۳) عذر کرنا؛ عذر پیش کرنا؛ عذر بیان کرنا؛ عذر میں پیش کرنا؛ براءت کے ثبوت میں پیش کرنا۔

Plead against : (v) (کسی شے یا فیصلے کے) خلاف پیروی کرنا۔

Plead for : (v) (کسی شے ، فیصلے یا شخص کے لئے) پیروی کرنا۔

Plead guilty : (v) اقبال جرم کرنا؛ اعتراف جرم کرنا؛ (نیز مجازاً)۔

Plead not guilty : (v) (فوجی یا عدالتی قانون) انکار جرم کرنا۔

Plead with : (v) (کسی شخص کے لئے یا کسی شے کے موافق یا مخالف کسی شخص کے سامنے) پر جوش استدعا کرنا۔

Pleadable : (a) عذر پذیر؛ عذر میں پیش کرنے کے قابل۔

Pleader : (n) [ME. 'Playdur,-our.'] وکیل : وہ جو کسی فریق یا مقدمہ کا مختار یا پیروکار ہو؛ وکالت کرنے والا؛ ایڈوکیٹ۔

Special pleader : اسپیشل پلیڈر : Inns of court کا رکن جس کے سپرد قانونی معاملات میں رائے دینا اور بعض غیر معمولی کاروائیوں کا انجام دینا ہے۔

Pleading : (n) [ME. f. 'Plead.'] (۱) وکالت؛ استدلال۔ (۲) عدالت میں وکالت پیش کرنا؛ عذر پیش کرنے کا آرٹ؛ اس آرٹ کے متعلق اصول و ضوابط۔ (۳) بیان فریقین (بنائے دعویٰ یا جواب دہی و بیان صفائی عموماً تحریری)۔(۴) (عام) وکالت؛ عذر خواہی؛ پرجوش استدعا۔

Special pleading : (۱)(قانون) مخصوص عذر داری(فریق مخالف کے الزامات کی تردید کے علاوہ دوسرے عذرات اور دلائل) ۔ (۲) (عامیانہ) بات بنانا۔

Pleading : (a) عذر دار؛ عذر خواہ۔

Pleadingly : (adv.) به منت و سماجت ؛ پُر جوش استدعا کرتے ہوئے : عذرداری کے ساتھ ۔

Pleadingness : (n) عذر داری ۔

Pleasance : (n) [OFr. 'Plaisance.'] (۱)(قدیم)مسرت؛ انبساط؛ فرحت؛ لذت و سرور۔ (۲) عیش و طرب؛ عیش و نشاط۔ (۳) تفریح گاہ؛ پائیں باغ؛ خانہ باغ (اب صرف خاص اسماء کے ساتھ باقی ہے یعنی کوچہ یا جگہ کے ساتھ)۔

Pleasant : (a) (۱) خوش گوار؛ خوش مزہ؛ خوش پذیر؛ خوش نما؛ فرحت بخش : تازگی بخش؛ زندہ دل؛ خندہ پیشانی۔ (۲)عمدہ؛ نفیس؛ مرغوب؛ خوش آیند؛ پسندیدہ؛ پُر لطف۔ (۳) (قدیم) ظریف؛ خوش مزاج؛ زندہ دل؛ خوش طبع؛ ظریفانہ؛ پُر ظرافت؛ پُر مذاق۔

Has a pleasant manner : (وہ) خوش اطوار ہے۔

Spent a pleasant evening : (ہم نے) پر لطف شام گذاری۔

Pleasant breeze : (n) خوش گوار ہوا۔

Pleasant companion : (n) یار زندہ دل؛ یار شاطر۔

Pleasant discovery : (n) پر لطف انکشاف۔

Pleasant flavour : (n) خوش گوار ذائقہ ؛ خوشگوار مہک ۔

Pleasantly : (adv.) پسندیدہ، پُر لطف طریقے سے۔

Pleasantness : (n) خوش گوار ہونا؛ پسندیدگی؛ خوش آیندگی؛پرلطف وغیرہ ہونا؛ دل پذیری؛ دل پسندی؛ عیش؛ طرب؛ احساس خوشی؛ حس ہیجان۔

Pleasantry : (n) [Fr. 'Plaisanterie', f. 'Plaisant.'] (۱) خوش طبعی؛ پر مذاق ہونا؛ ظرافت؛ لطیفہ گوئی۔ (۲) مطائبہ؛ مذاق یا دل لگی کا فقرہ۔ (۳) (مجازاً) لذت؛ خوشی؛ طرب۔

Please : (v) [ME. 'Plaise, pleise, plese.'] (۱) خوش کرنا؛ سرگرم کرنا؛ شاد کرنا؛ مسرور کرنا؛ محظوظ کرنا یا راضی کرنا۔ (۲) اچھا، احسن، مناسب خیال کرنا یا سمجھنا؛ پسند آنا۔ (۳) بذلہ گوئی کرنا ؛ شوخ طبعی کرنا ۔ (۴) (صیغۂ امر) براہ کرم؛ مہربانی کرکے (یہاں please دراصل may it please you کا قائم مقام ہے)؛ لیکن اب 'It you please' کا مخفف ہے۔

Pleased : (a) مطمئن؛ خوش؛ تسکین یا مسرت کے جذبے سے متاثر۔

Pleasedly : (adv.) خوشی سے؛ تسکین کے ساتھ؛ مسرور ہوکر۔

Pleasedness : (n) مسرت؛ خوشی؛ انبساط ۔

Pleaser : (n) وہ شخص یا شے جو انبساط و سرور بخشے یا اس کی کوشش کرے ۔

Pleasing : (n) خوش کرنے کا عمل؛ شاد کرنے کا عمل ۔

Pleasing : (a) خوش کن؛ دلپذیر؛ مسرت بخش؛ انبساط آگیں ۔

Pleasurable : (a) قابل لذت : لائق انبساط : دل پذیر : لذت بخش : مسرت بخش .

Pleasurableness : (n) مسرت بخش : پر لطف وغیرہ ہونا .

Pleasurably : (adv.) لطف سے: آرام سے: مسرت میں.

Pleasure : (n) [ME.'Plesir.'] (۱) خوشی و خرمی؛مسرت: انبساط؛حظ: مزہ . (۲) حظ نفس: بھوگ بلاس: عیش و عشرت: عیش پرستی: عیاشی. (۳) خواہش: مرضی: رضامندی: خوشنودی. (۴) خوشی بخشنے والی صفت: پر لطف ہونا.

A life given up to pleasure : عیاشانہ زندگی: عیش پرستانہ زندگی.

At (one's) pleasure/At pleasure : حسب خواہش یا مرضی.

Can be altered at pleasure : یہ حسب خواہش یا مرضی تبدیل ہو سکتا ہے.

Can be postponed during our pleasure : یہ ہماری خواہش یا مرضی پر ملتوی ہو سکتا ہے.

Do me the pleasure of dining with me : شریک طعام ہو کر آپ مجھے مسرت بخشیں.

He takes pleasure in contradicting/-contradiction : اس کو تردید میں مسرت حاصل ہوتی ہے.

I shall not consult his pleasure : میں اس کی رضا جوئی نہیں کروں گا.

It is our pleasure to : ہماری یہ خواہش ہے کہ.

It is our pleasure to submit balancesheet : (عامیانہ) ہماری یہ خواہش ہے کہ روشن باقی پیش کریں.

Man of pleasure : اوباش: عیش پرست: عیاش .

To do (one) a pleaure : خوش کرنا: تسکین دینا: موافق ہونا.

To take (a) pleasure : کسی کام میں خوش ہونا: کسی کام کو انجام دینے میں‌مسرت حاصل کرنا.

Pleasure : (v) [f. prec. (n).] (۱) (کسی کو) خوش کرنا: مسرت بخشنا (اب شاذ). (۲) (کسی چیز یا فعل سے) خوش ہونا: حظ اٹھانا: مسرور ہونا.

Pleasureful : (a) پر مسرت: نشاط آگیں.

Pleasureless : (a) مسرت سے خالی: بے کیف.

Pleasurer : (n) [f. pleasure+-er.] جویائے لذت : عیش طلب .

Pleasurist: (n) [f.pleasure,(n)+-ist.] لذت یا انبساط کا پجاری: عیش طلب.

Pleat : (n) [By -from of 'Plait'. (n):] تہ : چنٹ : شکن .

Pleat : (v) [By -from of 'Plait.'] تہ کرنا: شکن ڈالنا: چنٹ ڈالنا: منڈی گوندنا: چٹیا گوندنا.

Accordian pleated : (مشین کے ذریعہ) نفیس شکن ڈالا ہوا.

Knife-pleated : چاقو کے پھل سے ہاتھ کے ذریعہ تہ کیا ہوا.

Pleater : (n) شکن ڈالنے والا: (لباس) استری کرنے والا.

Pleating : (n) دیکھو Pleat

Pleb : (n) [Fr. 'Plebe.'] (عامیانہ) نیچی ذات کا شخص: ادنی یا عامی.

Plebe : (n) [Fr.] ملٹری اکیڈمی یا بحریہ اکیڈمی کی پہلی جماعت کا رکن.

Plebeian : (n) [L. 'Plebeius.']: (روما) عامی (جو طبقۂ امراء سے نہ ہو): عامی جو امرا کے طبقے سے نہ ہو.

Plebeian : (a) (۱) نیچی ذات کا: عوام کا. (۲) رذیل : کمینہ: ادنی: اجڈ: انگھڑ: گنوار: عامیانہ .

Plebeianism/Plebianism : (n) ادنی یا عام کردار یا طرز: عامیانہ پن: خشونت: بے آدابی: عوام الناس.

Plebcianize : (v) ادنی درجے تک پہنچا دینا: عامیانہ بنا دینا: عوام الناس کی طرح برتاؤ کرنا.

Plebeianly : (adv.) ادنی طریقے سے : عامیانہ طور سے .

Plebeianness : (n) عوام الناس ہونا : ادنی ہونا.

Plebiscitary/Plebiscitarian : (a) رائے عامہ کے متعلق .

Plebiscite/Plebescite : (n) [Fr. 'Plebiscite.'] (۱) (تاریخ روما)قانون موضوعۂ مجلس عوام. (۲) رائے عامہ (کسی اہم جمہوری معاملے میں رائے دہندگان کا بلاتوسط نمائندہ رائے دینا) .

(۳) رائے عامہ کا با ضابطہ یا بے ضابطہ اظہار۔

Plebiscitum : (a) [L. f. 'Plebis+scitum.'] (۱) (تاریخ روما) عوام الناس کے ذریعہ بنایا ہوا قانون۔ (۲) رائے عامہ۔

Plebs : (n) [L.(earlier'Plebes'.)] جنتا؛ عامہ؛ عوام؛ عوام الناس؛ قاطبۂ مردم۔

Plectognath : (n) [f. mod. L. 'Plectognathi .'] (نباتیات) ملفوف فکہ ماہی۔

Plectognath : (a) Plectognath کی ذات کی مچھلی کے متعلق۔

Plectospondyl : (n) [f. mod. L. 'Plectospondyli.'] ایک قسم کی مچھلی۔

Plectospondyl/-ous : (a) ایک قسم کی مچھلی کے متعلق۔

Plectrum : (a) [L. a. 'Plector.'] مغراب؛ زخمہ۔

Pledge : (n) [OFr. 'Plege.'] (۱) شے مکفولہ؛ شے مرہونہ؛ جو چیز رہن رکھی جائے؛ جو شے گروی کی جائے۔ (۲) کفالت؛ آڑ؛ ضمانت؛ رہن۔ (۳) (مجازاً) بچہ؛ نشان عنایت؛ وہ شے جو اظہار عنایت کے طور پر دی گئی ہو۔ (۴) جام صحت نوش کرنا۔ (۵) وعدہ؛ عہد؛ پیمان۔ (۶) حلف؛ قسم؛ سوگند (ترکِ مے کی)۔ (۷) (سیاسیات) پیمان رہنما؛ لیڈر کا عہد (کوئی خاص طرز عمل اختیار کرنے یا نہ کرنے پر)۔

The (temperance, total abstinence) pledge : سوگند (ترک مے کی)۔

To take, sign, keep the pledge : (مے سے) توبہ کرنا؛ سوگند کھانا؛ اس کے حلف نامے پر دستخط کرنا؛ اس توبہ پر قائم رہنا۔

Under the pledge of secrecy : به پیمان رازداری؛ به وعدۂ راز داری۔

Pledge : (v) [Late ME. pleg(g)e.] (۱) گرو رکھنا؛ گروی کرنا؛ رہن رکھنا؛ مکفول کرنا۔ (۲) عہد، وعدہ، پیمان کرنا۔ (۳) (مجازاً) قول ہارنا؛ زبان ہارنا؛ زبان دینا؛ بات ہارنا۔ (۴) (کسی کا) جام صحت پینا۔

Pledgeable : (a) (۱) قابل رہن؛ قابل گروی؛ لائق کفالت؛ قابل ضمانت؛ جو شے ضمانت میں دی جا سکے۔ (۲) لائق عہد و پیمان۔

Pledgee : (n) گروِدار؛ مرتہن۔

Pledger/Pledgor : (n) (۱) راہن؛ گرو کنندہ۔ (۲) (کسی کا) جام صحت پینے والا۔

Pledget : (n) [Origin unkn.] پھایا؛ زخم پر رکھے جانے والا پھائے کا کپڑا۔

Pledgetaking : (n) (قانون) پیمان گیری۔

Pleiad/Pleiads : (n) [L. pleias.] (۱) عقد ثریا؛ خوشۂ پروین؛ جھمکا؛ سپّت رشی۔ (۲) (مجازاً) (واحد) سات رتن؛ اشخاص یا اشیاء کا شاندار اجتماع خصوصاً سات کا جیسے فرانسیسی نشاۃ ثانیہ کے شعرا کی جماعت جو فرانسیسی زبان میں La Pleiade کے نام سے موسوم ہے۔

Plein-air : (n) کھلی فضا۔

Plein-air/Plain-air : (a) [from the French phrase 'Plein air.'] (۱) کھلی فضا سے متعلق، مصوری کے بعض دبستان کے لئے مستعمل جن کا مقصد فضا اور روشنی کے اثرات کی نمائندگی کرنا تھا جو اسٹوڈیو میں ناقابل دید تھے۔

Plcio-/plio-/pleo - : (Prefix) سابقہ بمعنی 'بیش'۔

Pleiocene/Pleiohippus : (۱) (طبقات) پلیوسینی عصر؛ جدیدترعصر؛ پلیوسینی تعلیم یا بناوٹ۔ (۲) دیکھو Pleiocene۔

Pleiostocene : (n) [f. Gr. 'Plaistos', +'kaivos.'] (طبقات الارض) پلیسٹوسین؛ جدید ترین طبقہ؛ نوترین طبقہ؛ وہ طبقہ جو جدید تر طبقے کے بعد پیدا ہوا ہو۔

Pleistocene : (a) جدید ترین؛ نوترین۔

Pleistocene period : (n) برفانی دور؛ پلیسٹوسینی دور۔

Plenarily : (adv.) پورے، مکمل، غیر محدود، غیر مشروط طور پر۔

Plenarty : (n) [AFr. 'Plenerte.'] (قانون کلیسا) کلیسائی وقف یا جاگیر کے پُر یا مملو ہونے کی حالت۔

Plenary : (a) [Late L. 'Plenarius', f. 'Plenus.'] (۱) پورا؛ کامل؛ مکمل؛ تمام؛ جملہ؛ کل۔ (۲) مطلق؛ غیر محدود؛ غیر مفید؛ غیر مشروط۔ (۳) (جلسہ) کامل؛ (مجلس) مکمل؛ وہ (جلسہ) جس میں تمام ارکان شریک ہوں۔

Plenary authority : (n) (سیاسیات) اختیارِ کلی۔

Plenary indulgence : (n) عفو عمومی گناہاں۔

Plenary inspiration : (n) الہام کامل الٰہی جس میں تمام امور کی اطلاع شامل ہو۔

Plenilunal/Plenilunar/Plenilunary : (a) ماہ کامل کا یا ماہ کامل کے مانند: ماہ کاملی: بَدری۔

Plenilune : (n) [L. 'Plenilunium.'] (خصوصاً شاعرانہ) ماہ کامل: بَدر: چودھویں کا چاند: ماہ کامل کا وقت۔

Plenipo : (بول چال) Plenipotentiary کا مخفف۔

Plenipotence : (n) (شاذ) اختیار کامل: پورا اختیار۔

Plenipotency : (n) [f. 'Plenipotens.] (شاذ) اختیار کامل۔

Plenipotent : (a) [late. L. 'Plenipotens.'] (شاذ) مدار المہام: اختیار کلی رکھنے والا۔

Plenipotential : (a) (شاذ) اختیار کلی کا حامل: مدار المہام کا یا اس کے متعلق۔

Plenipotentiary : (n) [L. 'Plenipotentiarius.'] (۱) مختار کل: سفیر یہ اختیارات کامل: وہ سفیر جس کو اختیارات تمیزی حاصل ہوں: وکیل مطلق: مدار المہام۔ (۲) جس کو اختیارات کامل حاصل ہوں۔

Plenipotentiary : (a) (اختیارات) کامل: غیر محدود: غیر مشروط۔

Plenish : (v) [OFr. 'pleniss'- L. 'plenus.'] (خصوصاً اسکاچستانی) بھرنا: پُر کرنا: اثاثہ ڈالنا: مصرف شدہ شے کے بدلے نئی چیز لانا (برطانیہ): مجہز کرنا: سامان سے پُر کرنا: اثاثہ اور ضروری اشیاء سے مجہز کرنا۔

Plenishing: (n) پُر کرنے کا عمل: سامان سے لیس کرنے کا عمل: جہیز: فرنیچر۔

Plenism : (n) ملائیت۔

Plenist : (n) معتقد ملاء: ملائیتی: وہ جو معتقد ہوکہ فطرت میں خلا کا وجود نہیں۔

Plenitude : (n) [L. 'plenitudo', f. plenus.'] (۱) کاملیت: کمالیت۔ (۲) کثرت: فراوانی: بہتات: اِفراط۔ (۳) (طب) اِمتِلاء دَموی۔

Plenitudinous : (a) کامل: فراواں: پُر: مطلق: سرشار: (مزاجاً) قوی ہیکل: نیرومند۔

Plenteous : (a) [ME. 'Plentiferous.'] کافی: فراواں: وافر: سر شار:

پُر ثمر: بخشنے والا: توانگر: دولت مند۔

Plenteously : (adv.) فراوانی سے: کثرت کے ساتھ: افزونی سے۔

Plenteousness : (n) کثرت: افراط: وفور: افزونی۔

Plentiful : (a) کثیر: خطیر: وافر: افزوں: بہت: زیادہ: بکثرت: بہ افراط۔

Plentifully (adv.) بہ کثرت: بہ افراط: بہ افزونی: وافر طور پر: کثرت سے: سرسائی سے۔

Plentifulness : (n) کثرت: افراط: افزونی: سرسائی: بہتات: زیادتی۔

Plenty : (n) [OFr. 'Plentet.'] زیادتی: کثرت: افراط: افزونی: بہتات: سرسائی: کافی ہونا۔

Plenty : (a) زیادہ: کثرت: بہت: فراواں: متعدد (خصوصاً بول چال میں)۔

Plenty : (adv.) (بول چال) کافی: کثرت کے ساتھ: فراوانی کے ساتھ۔

Plenty large : (a) کافی بڑا۔

Plenty of cake : (n) کیکوں کی افراط: بہت سے کیک۔

Plenty of work : (n) بہت زیادہ کام۔

Plenum : (n) [L. 'Plenus.'] (۱) (طبیعیات) مَلأ: فضائے پُر: وہ جگہ جو مادے سے پُر ہو۔ (۲) (سیاسیات) اجتماع کامل: بھری مجلس: بھری محفل: پوری جماعت۔

Plenum method/-system : (n) (کمرے وغیرہ میں) ہوا کے داخل و خارج کرنے یاآمدورفت کا ایک خاص نظام: نظام ملائی۔

Pleochroic : (a) [f. pleo-Pleio+Gr. 'chros' + -ic.'] (بلور کے متعلق) بیش لونی: مختلف رنگوں کی خصوصیات کا حامل۔

Pleochroism : (n) بسیارلونیت: بیش لونیت: بلور کی وہ خاصیت جس سے نور کے مقابل مختلف رنگوں کا پتہ چلے۔

Pleochromatic : دیکھو Pleochroic

Pleochromatism : دیکھو Pleochroism

Pleochrous : (a) دیکھو Pleochroic

Pleomorphic : (a) (۱) (حیاتیات) بیش لونی: بسیار شکل کا حامل: زندگی کے مختلف مراحل میں مختلف شکلوں کا حامل:

جیسے بعض جراثیم اور سماروغ میں بسیار شکلیت موجود ہوتی ہے۔ (۲) (معدنیات) دو یا زیادہ بنیادی طور پر مختلف شکلوں میں قلم پذیر۔

Pleomorphism : (n) (حیاتیات) بسیار شکلیت ظاہر کرنے کی حالت یا حقیقت۔

Pleomorphous : دیکھو Pleomorphic

Pleon : (n) [arbitrarily, Gr. 'Pleo.'] (حیوانیات) شنائیہ: شکمیہ۔

Pleonasm : (n) [L. 'Pleonasmus.'] (!) حشو و زوائد کا استعمال: بھرتی کے الفاظ کا استعمال: حشو قبیح: حشویت۔ (۲) تکرار: دراز نویسی: دراز گوئی۔ (۳) (نیز مجازاً) فضول نویسی: فضول گوئی: حشویت۔

Pleonaste/Pleonast : (n) [Fr.] (معدنیات) یا قوت جس میں لوہا اور میگنیز مخلوط ہوں۔

Pleonastic : (a) زائد: حشوی: بھرتی کا۔

Pleonastic : (a) سیاہ یا قوت کی مانند۔

Pleonastically : (adv.) ازروئے حشو و زوائد: حشوی طور پر۔

Pleopod : (n) [f. as 'Pleon + Gr. 'Pod, post.'] (حیوانیات) شناپا: شنائیہ کا وہ عضو جس سے وہ تیرتا ہو۔

Pleroma : (n) [Gr. 'Pleroma.'] مِل: پُری: روحانی کائنات جو خدا کا مسکن اور اس کے ساری قوتوں کا مظہر ہے۔

Plerome : (n) [G. 'Plerom.'] (نباتیات) قلب مُقسِمہ: ابتدائی نسیج کی سب سے اندرونی تہ بعد میں بڑھ کر مغز کا جزو ہوجاتی ہے۔

Plerophory : (n) [Gr. 'Plerophoria.'] (اب شاذ و نادر) یقین کامل یا قطعیت: ایمان: یقین محکم۔

Plesio - : (comb.) جزو ترکیبی بمعنی نزدیک۔

Plesiomorphic : (a) متشکل ہونے کے قریب۔

Plesiomorphism : (n) متشکل ہونے کے قریب کی حالت یا حقیقت۔

Plesiomorphous : (a) (بلور) شکل کے بہت قریب: ایسی شکلوں میں قلم پذیری جو ایک دوسرے کی مشابہ ہوں مگر یکساں نہیں۔

Plesiosaur : (n) ایک قسم کا سانپ جو اب پایا نہیں جاتا۔

Plesiosaurian : (n) Plesiosaurus نوع کا سانپ۔

Plesiosaurian : (a) اس نوع کے متعلق۔

Plesiosaurus : (n) میان حیاتی سوسمار: سمندری سانپ کی ایک نوع جس کی گردن لمبی، سر چھوٹا اور دم کوتاہ ہوتی تھی۔

Plessimeter : (n) [f. 'Plessimetre.'] (۱) (طب) لوح دق: ضرب پیما: صدمہ پیما۔ (۲) دیکھو Pleximeter .

Plethora : (n) [med. L.] (۱) امتلا دموی: کثرت الدم: غلبہ خون: یہ ایک مرض کی حالت ہے جس میں خون میں سرخ جسیمے بڑھ جاتے ہیں۔ (۲) (مجازاً) نقصان دہ کثرت: مضر افراط: بے جا فراوانی۔

Plethoric : (a) (۱) کثیرالدم سے متعلق۔ (۲) بے جا طور پر وافر: مضر طور سے پُر، مملو۔

Plethorically : (adv.) بے جا فراوانی سے: بے جا طور پر وافر کی حالت میں۔

Plethory : (n) [irreg. f. 'Plethora.'] دیکھو Plethora

Plethron : (a) [Gr. 'Plethron.'] لمبائی کا ایک قدیم یونانی ناپ جو ۱۰۱ فٹ کے برابر ہوتا ہے۔

Plethysmograph : (n) [f. Gr. 'Plethysmos'+-'graph.'] تغیر اعضاء نگار: ایک آلہ جس سے جذبات سے گردش خون میں پیدا ہونے والے تغیرات کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔

Plethysmographic : (a) تغیر اعضاء نگار کے متعلق۔

Plethysmography : (n) تغیر اعضاء نگار کا استعمال۔

Pleura : (n) [med. L.] (۱) (نباتیات و حیوانیات) غشاالجنب: غشاء الّریہ والصدر: پھیپھڑے کا پردہ (جمع) پلیورا۔ (۲) بے ریڑھ کے جانوروں کے پہلو کا ایک حصہ۔

Pleural : (a) غشاء الّریہ کے متعلق۔

Pleural : (a) [f. Pleuron+-al.] پہلو کا: بغلی۔

Pleuralgia : (n) [mod. L.f.Gr. 'Pleura', +-'algia.'] درد پہلو: درد سینہ۔

Pleuralgic : (a) درد پہلو کے متعلق: درد سینہ کے متعلق۔

Pleurapophysial : (a) جنبی زائدہ سے متعلق: کاذب پسلی سے متعلق۔

Pleurapophysis/Pleurapophyses : (n) [mod. L. f. Gr. 'Pleura' + 'apophy-sis.'] جنبی زائدہ: کاذب پسلی۔

Pleurenhym/Pleurenchyma:(n)[mod.L.f.Gr.'Pleuron+enchyma.'] (نباتیات) نسیج چوبی: لکڑی کی نسیج جس پر پودوں کے چوبی حصے مشتمل ہوتے ہیں۔

Pleurenchymatous : (a) نسیج چوبی کے متعلق۔

Pleurisy : (n) [OFr. 'Pleurisie.'] ذات الصدر: ذات الجنب: غشاء الرّیہ کا آماس جس سے سینہ میں درد ہوتا ہے۔

Pleurisy-root : (n) حشیشتہ ذات الجنب: ایک قسم کی جڑی جس کا عرق ذات الصدرمیں بطور دوا استعمال ہوتاہے۔

Pleuritic : (a)[F.'Pleuretique] ذات الصدری: ذات الجنب کے متعلق یا اس کا۔

Pleuritis : (a) [L.] دیکھو Pleurisy

Pleuro - : (سابقہ) جزو ترکیبی بمعنی پہلو۔

Pleuro-pericardial : (a) (۱) پہلو کے متعلق: غلاف قلب کے متعلق۔ (۲)اس آواز کے متعلق جوذات الجنب کی حالت میں استماع الصدر میں سنی جا سکتی ہے۔

Pleuro-pericarditis : (n) ورم جو پہلو اور عضلات قلب (Pericardium) میں ہو۔

Pleuro-peritoneal : (a) پلیورا اور پیر ٹیونیم کا یا ان کے متعلق۔

Pleuro-peritoneum/Peritonnaeum : (n) [mod. L. f. Pleuro - +Peritoneum.] (تشریح)پستان دارحیوانات سے الگ دوسرے ریڑھ دار جانوروں کے جسم کے جوف کا غلاف۔

Pleuro-pneumonia : (n) [mod. L. f. 'Pleuro' - +'Pneumonia.'] (۱) وہ نمونیا جس میں ذات الجنب بھی ہو: ذات الجنبی نمونیا۔ (۲)پھیپھڑازدگی۔

Pleurobranchia/Pleurobranch : (n) (حیوانیات) پہلو شاخہ یا گلپھڑا۔

Pleurobranchial : (a) (حیوانیات) پہلو شاخہ یا گلپھڑا کے متعلق۔

Pleurobranchiate : (a) گلپھڑے دار۔

Pleurocarpous : (a) [Gr. 'carpos.'] (نباتیات) پہلو ثمرہ۔

Pleurocentral : (a) بعض ریڑھ والے جانوروں کے عقبی حصے کے متعلق۔

Pleurocentrum : (n) بعض ریڑھ والے جانوروں اور مچھلیوں کے مرکز بدن کا پہلو والا اور عقبی حصہ۔

Pleurodiran : (a) (حیوانیات) ایسے کچھوؤں کے لئے مستعمل جو اپنے خول میں گردن عقب میں نہیں لے جا سکتے۔

Pleurodont : (n) (حیوانیات) ایک قسم کی چھپکلی جس کے دانت جبڑے کی ہڈی کے پہلو میں مُحکم ہوتے ہیں۔

Pleurodont : (a) ایسی چھپکلی کے متعلق۔

Pleurodynia/Pleurodyny : (n) [f. Pleuro.] درد پہلو: درد سینہ: سینے کے عضلات میں گٹھیا کا درد۔

Pleuron : (n) [Gr. 'Pleuron.'] (نباتیات و حیوانیات) پہلو کا جانبی حصہ: جنبیہ: جنب الصدر۔

Pleuronect / Preuronectid : (n) [med. :. 'Pleuronectes'.] ایک قسم کی چپٹی مچھلی۔

Pleurosteal : (a) جانبی قطعہ سے وابستہ۔

Pleurosteon : (n) (حیوانیات) وہ جانبی حصہ جس سے پسلیاں لگی ہوتی ہیں۔

Pleurothotonos/Pleurothotonous : (n) [mod. L. f. Gr. 'Pleurothe+-tonos.'] تشنج جو بدن کے ایک طرف کج ہونے سے پیدا ہو۔

Pleurotomid : (n) [mod. L. 'Pleurotomidae.'] سیپ وغیرہ: گھونگا۔

Plexiform : (n) [f. 'Plexus'+-Form.] (تشریح) شبکہ کی مانند۔

Pleximeter/Plexometer : (n) [f. Gr. 'Plexai' + -Meter.] (طب) لوح دق: ضرب پیما: صدمہ پیما: یہ ایک عاجی باریک پتر ہے جو جسم کے کسی حصے پر رکھا جاتا ہے اس پر شاکوشی (Plexor) سے آہستہ آہستہ ضرب لگا کر معائنہ کرتے ہیں۔

Plexor : (n) [irreg. f. Gr. 'Plexis' + -or.] (طب) مدّق: مِطرَقہ جس کا استعمال ضرب پیما میں ہوتا ہے۔

Plexure : (n) [f. L. plex-, plectere.] باہم گوندھنا: باہم ملا ہونا۔

Plexus : (n) [L. f. 'Plex.'] (۱) (تشریح) ضفیرہ:حیوانی جسم کی نسیج کا جال: رگ ریشوں کی جالی۔ (۲) (عام معنوں میں) جالی: پیچیدگی۔

Pliable : (a) [Fr. f. 'Plier.'] (۱) لچکیلا؛ لچکدار؛ انحنا پذیر؛ بغیر ٹوٹے مڑ جانے والا؛ خمیدنی۔ (۲) (مجازاً) موم کی ناک؛ اثر پذیر؛ ترغیب پذیر؛ اِطاعت پذیر۔

Pliability/Pliableness : (n) (۱) لچکیلا پن۔ (۱) (مجازاً)موم کی ناک ہونا؛ نرمی۔

Pliably : (adv.) لچکیلے پن سے؛ ترغیب پذیری سے۔

Pliancy : (n) [f. next.] تغیر پذیر ی؛ انحنا پذیری؛ نرمی؛ لچکیلا پن؛ اثر پذیری؛ ترغیب پذیری۔

Pliant : (a) [a. Fr. pr. ppl. of 'Plier.'] (۱) لچکدار؛ خم دار؛ نرم؛ لوچ دار۔ (۲) (مجازاً) اثر پذیری؛ ترغیب پذیری؛ راضی ہونے والا۔

Pliantly : (adv.) لچکیلے پن سے؛ ترغیب پذیری سے۔

Pliantness : (n) نرمی؛ انحنا پذیری؛ ترغیب پذیری؛راضی ہو نے کی صلاحیت۔

Plica : (n) [med. L., 'Plait', f. 'Plicare.'] (۱) تہ جیسے جلد یا جھلی کی۔ (۲) (نیز P. Polonica) بالوں کی ایک بیماری جس سے بال چٹیلے ہو جاتے ہیں۔

Plicate : (a) [ad. L. 'Plicatus', pa. pple of 'Plicare.'] تہ دار؛ طبق دار۔

Plicated : (a) تہ دار ؛ چین دار؛ شکن دار۔

Plicatedly : (adv.) تہ دار ہوکر؛ لپٹتے ہوئے۔

Plication : (n) [L. 'Plicare.'] (۱) تہ داری؛ طبق داری۔ (۲) تہ؛ موڑ؛ طبق؛ شکن۔ (۳) (طبقات الارض) زمین کی تہ میں موڑ پڑنا؛ طبق داری۔

Plicato - : (Comb.) جزو ترکیبی بمعنی "تہ" "شکن"۔

Plicature : (n) Plication دیکھو

Plicidentine : (n) [med. L. 'Plica' + Dentine.] عاج داندان (دنتیں) کی شکل جن میں یہ مختلف عمودی سطحوں میں ظہور پذیر ہوتی ہے۔

Plier : (n) [f. Ply, v+-er.] (۱) (اوزار وغیرہ)برتنے والا۔ (۲) پلاس ؛ سنسی (جمع میں)۔

Plight : (n) [OE. 'Pliht.'] (۱) قول؛ وچن؛ پیمان و عہد (ضبطی کے خطرے میں)؛ وعدۂ محبت؛ نسبت۔

Plight : (n) [ME. 'Plit, plyt.'] (۱) (قدیم) موڑ؛ تہ؛ تہ کرنے کا طریقہ۔ (۲) طریق زیست؛ گت؛ دشا؛ حالت؛ کیفیت (خصوصاً خراب)۔ (۳) قانونی نقطۂ نظر سے حالت یا کیفیت۔ (۴) طبیعی حالت۔ (۵) (شاذ) لباس؛ پوشاک۔

A sorry plight : افسوس ناک حالت۔

Evil plight : گت؛ حال تباہ۔

Hopeless plight : مایوس کن حالت؛ یاس خیز حالت۔

Plight : (v) (۱)(زبان، قول، وچن وغیرہ) دینا، ہارنا۔ (۲)(متروک) وعدہ کرنا۔

Plighted lovers : (n) عاشق و معشوق جنھوں نے پیمان وفا باندھا ہو۔

Plighter : (n) (شاذ) قول دینے والا۔

Plim : (v) [Etym. unkn.] (مقامی) ابھرنا؛ اپھرنا ؛ سوجنا؛ پھولنا؛ پھلانا؛ امنڈنا؛ بڑھنا؛ بڑھانا؛ موٹا ہونا یا کرنا۔

Plimsoll : (n) [Name of S. Plimsoll, M. P. for Derby, to whom the Merchant shipping Act of 1876 was largely due.] (جمع)ربر کے تلے کے کرمچی جوتے۔

Plimsoll mark /-line : (n) جہاز کا غرقابی خط یعنی وہ خط جہاں تک لادے ہوئے جہاز کو زیر آب رکھنے کی قانوناً اجازت ہے، اگر پانی اس سے اوپر جائے تو خلاف قانون ہوگا۔

Plinth : (n) [L. plinthus.] (۱) ستون کی کرسی؛ پلنتھ۔ (۲) پایۂ ستون؛ پایۂ مجسمہ۔ (۳) دیوار کی کرسی۔ (۴) (مجازاً) سطح پلنتھ کی طرح بنیاد۔

Plinth level : (n) سطح کرسی۔

Pliocene/Pleio- : (n) [Pleio + -cene.] (طبقات) پلیوسینی عصر؛ جدید عصر؛ پلیوسینی تقسیم یا بناوٹ؛ نو تر طبقہ؛ اجتماع ثلاثی کا جدید ترین طبقہ۔

Pliocene : (a) (طبقات) پلیوسینی عصر کا یا اس کے متعلق؛ جدید تر؛ تازہ تر؛ طبقہ نوتر۔

Pliosaurus/Pleio - : (n) [f. Gr. 'Pleio + sanros.'] متحجر سمندری سانپوں کی ایک نوع جو Plesiosaurus کے مشابہ تھی؛ ان کے آثار دستیاب ہیں۔

Pliotron : (n) (وائرس تلغرافی)تین برقی مورچوں کا والو (Valve) جس کے بلب کی ہوا پورے طور پر خارج رہتی ہے۔

Pliskie/Plisky : (n) [Origin unkn.] (خصوصاً اسکاچستان) مذاق: چال: فریب۔

Ploat : (v) [Du 'Ploten.'] (۱) (خصوصاً اسکا چستان)(چڑیا) سے بال و پر نو چنا۔ (۲) فریب دینا: کسی کا مال اڑا لینا: کنگال کردینا۔

Ploce : (n) [Late L.] (بلاغت) تکرار۔

Plod : (v) [app. echoic.] (۱) مشکل سے یا بدقت چلنا: پاؤں گھسیٹتے چلنا(on, along کے ساتھ)۔ (۲) (at کے ساتھ) محنت مشقت کرنا: جان کھپانا: جٹا رہنا۔ (۳) محنت و کوشش سے آگے بڑھنا۔

Plod : (n) دقت و محنت طلب کام: مشکل و محنت سے چلنا۔

Plodder : (n) محنت و مشقت کرنے والا۔

Plodding : (a) محنت طلب: مشقت کرنے والا۔

Ploddingly : (adv.) آہستہ: بدقت: محنت مشقت سے۔

Ploddingness : (n) محنت طلبی: مشقت طلبی۔

Plop : (n) [Echoic.] غڑپ: غڑاپ (پانی میں یکایک گرنے کی آواز)۔

Plop : (adv.) غڑاپ سے۔

Plop : (v) غڑاپ سے گرنا یا گرانا۔

Plosion : (n) [Extracted from Explosion and Implosion.] (صوتیات) سانس کا تصادمی اخراج یا اِدخال۔

Plosive : (a) سانس کے تصادمی اِخراج یا اِدخال کا حامل۔

Plosive : (n) سانس کا تصادمی اخراج یا اِدخال۔

Plot : (n) [Origin unkn.] (۱) قطعۂ زمین (عموماً چھوٹا): پارہ: ٹکڑا۔ (۲) قصہ ، ڈراما ، نظم وغیرہ کی روئداد یا خاکہ : پلاٹ: طرَح: گتھت : موضوع اصلی۔ (۳) سازش: سازباز: بندش: حیلہ: اختراع: تدبیر (مزاح)۔ (۴) خال: وضع۔ (۵) محل: موقعیت: جامکان۔ (۶) شرکت: مشارکت۔ (۷) پلان: پروجیکٹ: سیدھی سادی اسکیم۔

Plot : (v) (۱) نقشہ بنانا: خاکہ کھینچنا: پلان بنانا (مکان وغیرہ کا): طرح ریزی کرنا۔ (۲) سازش یا سازباز کرنا: اختراع کرنا: تدبیر کرنا۔ (۳) (جہاز) تعمیر(آغاز) کرنا: نقشہ پر بنانا (جہاز وغیرہ)۔ (۴) کسی چیز کا پلان بنانا: اسکیم بنانا۔

Plotinian : (a) [f. L. 'Plotinus.'] فلاطینوس سے متعلق : (فلاسفر) Neo-Platonic اسکول کا معروف و مشہور فلاسفر (A.D. ۲۰۴ - ۲۷۰)۔

Plotinic/-al : (a) فلاطینوس کا۔

Plotinism : (n) فلاطینوس کا عقیدہ۔

Plotinist : (n) فلاطینوس کا حامی، پیرو۔

Plotless : (a) بغیر پلان کے: بغیر پلاٹ کے: بے روئداد یا بے خاکہ (داستان)۔

Plotter : (n) سازشی: طرح ریزی: طراح : نقشہ کش: پلاٹ بنانے والا۔

Plotting : (n) (۱) (ریاضیات) ارتسام: مُرتسم کرنا۔ (۲) (قانون) خسرہ بندی۔

Plotting paper : (n) مربع دار کاغذ: چارخانہ کاغذ۔

Plough/Plow : (n) [Late OE. 'Ploh.'] (۱) ہل: قُلبہ۔ (۲) جتی ہوئی زمین: کاشت کے لائق زمین۔ (۳) ہل نما آلہ: گولچی۔ (۴) (علم النجوم) سات ستاروں کا جھنڈ: دُبّۂ اکبر: ہل۔ (۵) کتاب تراشی: حاشیہ تراشی۔ (۶) سال کا ثنے کارندہ: لیکھ بنانے کا رندہ۔ (۷) کئی شاخوں والا سنگ: ہرن یا بارہ سنگھے کا سینگ۔

At the plough : کھیتی باڑی کے کام میں مشغول۔

Ice-plough : برف کی سلیں کاٹنے کا آلہ: برف تراش۔

Snow-plough : برف تراش: یخ کو دور یا الگ کرنے کا آلہ۔

The plough : دُبّۂ اکبر: بنات النعش۔

To be at the plough/To follow or hold the plough: کھیتی باڑی کے کام میں مشغول ہونا۔

To put (lay, set) one's hand to the plough : کوئی کام اختیار کرنا (بحوالہ لوقا (Luke) باب ۹ آیت ۶۲)۔

Under the plough : (زمین) جوت میں: کاشت کاری کی۔

Plough : (n) (عامیانہ) امیدوار کی امتحان میں ناکامی۔

Plough/Plow : (v) (۱) قلبہ رانی کرنا؛ تودہ کرنا؛ ہل چلانا؛ جوتنا؛ زمین جوتنا ؛ کھیت میں لیکھ بنانا۔ (۲) (out کے ساتھ) ہل سے جڑیں نکالنا؛ بیخ کنی کرنا؛(up کے ساتھ) ہل سے خس و خاشاک دور کرنا۔ (۳) چیرنا پھاڑنا۔ (۴) ابر و پر شکن پڑنا۔(۵) (through کے ساتھ) محنت و مشقت سے آگے بڑھنا۔ (۶) (مجازاً) (جہاز کا) پانی کو چیرکر چلنا۔ (۷) (عامیانہ)(امیدوار کو) امتحان میں ناکام قرار دینا؛ امتحان میں رد کرنا۔ (۸) (مجازاً) دوبارہ مقرر کرنا۔ (۹) (جلد سازی) کتاب تراش سے کاٹنا۔ (۱۰) (نجاری) سال کاٹنے کے رندے سے کاٹنا۔

To plough the air : نقش برآب کشیدن ؛ عبث و بے فائدہ کام میں وقت ضائع کرنا؛ بے کار محنت کرنا۔

To plough the sands : نقش برآب کشیدن؛ عبث و بے فائدہ کام میں وقت ضائع کرنا؛ بے کار محنت کرنا۔

Plough around : (v) جوتی ہوئی زمین میں ٹھنٹھ کو چھوڑ دینا ؛ (مجازاً) راستہ ٹٹولنا؛ سنبھل سنبھل کر چلنا۔

Plough-beam : (n) (زراعت) ہل کا مرکزی شہتیر۔

Plough-boy : (n) وہ لڑکا جو ہل کے گھوڑوں کو لے کر جاتا ہے یا ہانکتا ہے؛ دیہاتی لڑکا۔

Plough-cutter : (n) (جلد سازی) وہ مشین جس سے کتابوں کے کناروں کو کاٹا جاتا ہے؛ کتاب تراش مشین؛ حاشیہ تراش مشین۔

Plough-hand : (n) ہل جوتنے والا مزدور؛ مزدور قلبہ راں۔

Plough-head : (n) ہل کا اگلا حصہ؛ ہل کا کنڈا؛ پھالی۔

Plough iron : (n) ہل کا لوہے کا حصہ؛ خصوصاً جمع میں پھالی۔

Plough-knife : (n) جلد ساز کے حاشیہ تراش کی چھری۔

Plough-land : (n) (۱) (تاریخ) وہ قطعۂ اراضی جس کو سال بھر میں آٹھ بیل جوت سکیں۔ (۲) قابل کاشت زمین؛ زراعت کے قابل زمین۔

Plough-Monday : (n) ظہور مسیح کے بعد پہلا دو شنبہ۔

Plough-plane : (n) سال یا چول کاٹنے کا رندہ۔

Plough-point : (n) ہل کی پھالی کی نوک۔

Plough-press : (n) دیکھو Plough cutter

Plough-shoe : (n) وہ پُرزہ جو ہل کی پھالی کو سہارنے اور محفوظ رکھنے کے لئے ہوتا ہے۔

Plough-staff : (n) وہ پُرزہ جس سے وہ مٹی چھڑائی جاتی ہے جو پھالی کو لگ جاتی ہے؛ ہل کی کھرچنی۔

Plough-tail : (n) (۱) ہل کا پچھلا حصہ؛ ہرس۔ (۲) (مجازاً)کھیتی باڑی کا کام۔

At, from the plough-tail : کھیتی باڑی کا کام؛ کھیتی باڑی کے کام میں مشغول۔

Plough-tree : (n) دستہ ہل۔

Plough-wright : (n) ہل بنانے والا۔

Ploughable : (a) قابل جوت؛ جوتنے کے لائق۔

Plougher : (n) (۱) قلبہ راں؛ ہالی؛ ہل جوتنے والا۔ (۲) کھیتیہر مزدور؛ کھیت میں کام کرنے والا مزدور؛ دیہاتی۔

Ploughman : (n) دیکھو Plougher

Ploughman's Spikenard : (n) شرق الہند کا ایک پودا جسے قیاساً ایام قدیم میں "نارد" کہا جاتا تھا ؛ اس کا تعلق خوشبودار پودوں سے ہے، اُس کے خوشبودار مواد کو مرہم بنانے میں استعمال کیا جاتاتھا، خیال کیا جاتا ہے کہ یہ اسی پودے سے حاصل ہوتا تھا؛ کئی اور اقسام کو بھی یہی نام دیا جاتا ہے جس میں شمالی امریکا کا ایک پودا بھی شامل ہے جس کی جڑ مہک والی ہوتی ہے اور اس کو دواؤں میں استعمال کیا جاتاہے۔

Ploughshare : (n) (۱) پھالی؛ ہل کی پھالی؛ ہل۔ (۲)نتھنوں کے بیچ کی ہڈی؛ میکغہ۔

Ploughshare-bone : (n) (۱) (تشریح) نتھنوں کے بیچ کی ہڈی؛ میکغہ۔ (۲) میکغۃ الطّیور۔

Plover : (n) [late L. 'Plovarius.'] پلور؛ پلاور؛ زقزاق؛ طیرِ باراں؛ مرغ باراں (ایک قسم کا پرندہ جو جھنڈ میں رہتا ہے اور اس کی ٹانگیں لمبی لمبی ہوتی ہیں)۔

Golden plover : سنہری پلور۔

Green plover : (حیوانیات) زقزاقِ شامی۔

Grey plover : خاکستری پلور۔

Spur-winged plover : (حیوانیات) زقزاق مصری۔

Plover-page/Plover's page : (n) (اسکاتستانی) Tringa کی جنس کا ایک پرندہ۔

Ploy : (n) [Origin unkn.] مشغلہ: کام: مہم: اسپورٹس: کھیل کود: ذریعہ تفریح۔

Pluck : (n) [ME. fr. plucken, v.] (۱) نوچ: (پر) اُکھاڑنا: (پھول) توڑنا: اُکھاڑنا: نکالنا: جھٹکا۔ (۲) (امتحان میں) ناکامی: ناکامیابی: ناکامیاب کرنا۔ (۳) دل، جگر، کلیجی، پھیپھڑے (جانوروں کے جو بطور غذا استعمال ہوں)۔ (۴) ہمت: جرأت: دلیری: جگر: شجاعت: تصمیم۔ (۵) (فوٹو گرافی، مبتذل) شوخ آمیزش الوان: شوخ رنگوں کی آمیزش۔ (۶) انقباض۔ (۷) (مجازاً) حالت۔ (۸) زور آزمائی۔

Pluck : (v) [late. OE. 'Pluccian.'] (۱) (پھول وغیرہ) توڑنا: (بال یا پر) نوچنا: (پر) اُکھاڑنا۔ (۲) (قدیم) (away, off کے ساتھ) کھینچنا: گھسیٹنا: جھپٹ لینا۔ (۳) جھٹکا مار کر کھینچنا: (جسم کا حصہ یا کپڑا وغیرہ پکڑ کر) کھینچنا۔ (۴)(at کے ساتھ) کھینچنا: جھپن لینا۔ (۵) پرندہ کو بے بال و پر کر دینا۔ (۶) (مجازاً) ٹھگ لینا: لوٹ لینا: فریب دینا: دھوکا دینا۔ (۷) اُمیدوار کو امتحان میں ناکام قرار دینا۔ (۸) ستارہ وغیرہ اناڑی پن سے بجانا: تن تن کرنا۔

A crow to pluck : دیکھو Crow (n)

To be plucked : فیل ہونا: ناکامیاب ہونا۔

To have a crow to pluck : دیکھو Crow

To pluck a pigeon : کسی سادہ لوح کو اسامی بنانا: کسی سیدھے سادے شخص کو ٹھیگ لینا۔

To pluck the Proctor's gown : ایسے شخص کو جو مطلوبہ امتحانات پاس کئے ہوئے ہوں ڈگری دینے پر اعتراض کرنا۔

To pluck up (one's) heart/-spirits/-courage : جرأت: ہمت پکڑنا: کمر ہمت باندھنا۔

Plucked : (a) دلیر: باہمت: جرّی۔

Plucker : (n) توڑنے والا: کھینچنے والا: گھسیٹنے والا۔

Pluckily : (adv.) دلیرانہ: شجاعانہ: بہادرانہ۔

Pluckiness : (n) دلیرپن: دلیری: جرأت۔

Pluckless : (a) بے ہمت: پست ہمت: پست حوصلہ: بزدل۔

Plucky : (a) (۱)(بول چال) بے جرأت: دلیر: باہمت: ذی ہمت: دلیر: شجاع: بہادر: جری۔ (۲)(فوٹوگرافی) (پرنٹ یا نیگیٹو) صاف: واضح: شخص۔ (۳) (عامیانہ) بد جنس: زشت: بد: بُرا۔ (۴) (سنگتراشی) شگاف بردار: زود شکن: تُرد۔

Pluff : (n) [Echoic.] (۱) (اسکاتستان) گیس، دھواں: ہوا کا پھٹنا: انفجار باروت: گلولہ۔ (۲) پف: صدائے پف: پیدل سپاہیوں کی دستی بندوق کی آواز۔

Plug : (n) [MDU. 'Plugge.'] (۱) ڈاٹ: ڈٹا: گٹا: میخے: پچر: قاش: قاچ۔ (۲) سدہ: گانٹھ: انجھاد سقیم۔ (۳) برتن، نلکی وغیرہ کا کاک: ڈاٹ: نل کا منہ جس میں کرمچ کی نالی لگا دی جاتی ہے۔ (۴) خوردنی تمباکو کی بٹی، تمباکو کی ٹکیا۔ (۵) اس ٹکیا کا ایک حصہ جو کھانے کے لئے الگ کرلیا گیا ہو۔ (۶) (الیکٹرک) کلید اتصال: پلگ۔ (۷) (دندان سازی) کھوکھلے دانت کی بھرائی۔ (۸) معمولی یا خراب شخص، جانور یا چیز کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے (امریکا)۔

Contact plug : (برقیات) کلید اتصال۔

Spark plug : (برقیات) شمعۂ شرارہ: شمّعہ۔

Plug : (v) (۱)ڈاٹ لگانا: ڈاٹ لگا کر سوراخ وغیرہ بند کرنا (اکثر up کے ساتھ) پچر لگانا۔ (۲) (عامیانہ) گولی چلانا: گولی مارنا۔ (۳) (عامیانہ) مکا مارنا۔ (۴) (بول چال) وقت اور مشقت کے ساتھ کوئی کام کرنا۔ (۵) (الیکٹرک) (in کے ساتھ) کنجی یا پلگ لگا کر سرکٹ درست کرنا۔ (۶) (دندان سازی) سوراخ بھرنا۔

Plug basin : (n) ہاتھ دھونے کا تسلہ جس میں پچر سوراخ ہوتا ہے جس سے پانی باہر نکلتا ہے۔

Plug board : (n) (۱)پلگ بورڈ: بجلی کا سوئچ بورڈ (جس میں کلید اتصال کے ذریعہ ترسیل کا کام لیا جاتا ہے)۔ (۲)اعداد جوڑنے والی مشین کا ایک حصہ۔

Plug cock : (n) (الیکٹرک) روک ٹونٹی۔

Plug hat : (n) (امریکا عامیانہ) ریشمی نما پُر تکلف ٹوپ: چمنی نلوا ٹوپی۔

Plug hole : (n) سوراخ جو پچر، ڈاٹ سے بند کیا گیا ہو۔

Plug key : (n) (الیکٹرک) کلید اتصال: پلگ کی۔

Plug-rod : (n) اسٹیم انجن بیم سے متصل سیلنڈر کے کھل مندن کو کھولنے یا بند کرنے والا آلہ۔

Plug switch : (n) لائن جو ڑنے والا برقی سوئچ۔

Plug tap : (n) (انجینیئرنگ) روک ٹونٹی : پلگ ٹیپ۔

Plug tobacco : (n) خوردنی تمباکو کی بٹی : تمباکو کی ٹکیا۔

Plug-ugly : (n) [Origin unkn.] (عامیانہ امریکا) اراذل : اوباش : بدمعاش شخص۔

Plugger : (n) پچر لگانے والا: ڈاٹ لگانے والا۔

Plugging : (n) پچر لگانے کا عمل: پچر کاری۔

Plum : (n) [OE. 'Plume.'] (۱) آلوچہ : پلم۔ (۲) درخت آلوچہ۔ (۳) کشمش : خشک انگور : منقیٰ۔ (۴) (مجازاً) اپنی قسم کی بہترین چیز : چیدہ شے : کسی چیز کا بہترین حصہ۔ (۵) (عامیانہ) ایک لاکھ پونڈ۔

Australian plum/ Black plum of Illawara : ایک قسم کی کشمش : منقیٰ۔

Blood plum : ایک قسم کا پھل۔

Cocoa plum : ایک قسم کا امریکی پھل۔

Damascene/Damson plum : Damask دیکھو

French plum : (n) ایک قسم کا خشک آلوچہ۔

Guinea plum/ Grey- : ایک قسم کا آلوچہ۔

Indian plum : (نباتیات) گوندنی۔

Sagar plum : (۱) کھانڈ، چینی، گڑ وغیرہ جسے گنے چقندر، جوار، پیپل اور دیگر نباتیاتی چیزوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ دیکھو Sugar۔

Wild plum : (نباتیات) ایک قسم کا آلوچہ۔

Plum-cake : (n) کشمش دار کیک۔

Plum-clour : (n) ارغوانی رنگ۔

Plum-coloured : (a) ارغوانی۔

Plum concrete : (n) (تعمیرات) بٹی کنکر۔

Plum cot : (n) (نباتیات) خرمالوچہ۔

Plum-duff/-dough : (n) معمولی پڈنگ جس میں کشمش وغیرہ پڑی ہو۔

Plum gouger : (n) (۱) کرم دانہ: سونڈ دار کیڑے جو غلہ، پھل، پتی وغیرہ پر بسر کرتے ہیں۔ (۲) گھن۔

Plum pie : (n) آلوچہ بھری ہوئی پائی۔

Plum pudding/Plum-pudding : (n) (۱) پڈنگ جو ڈبل روٹی کے ٹکڑوں، آٹے، کشمش، چربی اور انڈوں سے تیار کی جاتی ہے اور بڑے دن کے موقع پر کھائی جاتی ہے۔ (۲) چربی کی معمولی پڈنگ جس میں کشمش وغیرہ ڈالی جاتی ہے۔

Plum-pudding bread/-dog : (n) گل دار کتا جو گاڑی کے ساتھ دوڑنے کے لئے پالا جاتا ہے۔

Plum pudding stone : (n) چقماق اور دوسرے سنگ ریزوں کا۔

Plum-tree : (n) درخت آلوچہ۔

Pluma : (n) (حیوانیات) شہپر: شاہ پر۔

Plumage : (n) [OFr. f. 'Plume.'] (پرندہ کے) بال و پر۔

Plumaged : (a) بال و پر والا۔

Plumassier : (n) [Fr. 'Plumasse.'] پَر فروش: پَر ساز: آرائشی پَر فروخت کرنے والا: پَر آرا: آرائشی پروں کا تاجر یا اُس کا کام کرنے والا۔

Plumate : (a) بال و پر دار: پر دار: پَر مانند۔

Plumb : (n) [L. 'Plumbum.'] (۱) شاقول: ساھول۔ (۲) پنسال (پانی ناپنے کا آلہ): عمق پیما: ژرف پیما۔

Plumb/Plum : (a) (۱) عمودی: راست: (عموماً) سراسر: بالکل۔ (۲) (کرکٹ کے متعلق) ہموار: ہم سطح۔ (۴) انتصابی: شاقولی۔

Plumb : (adv.) (۱) عموداً: (مجازاً) ٹھیک ٹھیک: بالکل: سرتا سر۔ (۲) (امریکا، عامیانہ) مکمل طور پر: کاملاً: بالکل: قطعاً۔

Plumb : (v) (۱) پنسال سے سمندر کی گہرائی ناپنا: تھاہ معلوم کرنا

(لفظاً و مجازاً)۔ (۲) عمودی بنانا: عموداً رکھنا (اوپر یا نیچے)؛ عموداً لٹکانا۔ (۳) نل سازی (plumbery) کرنا۔ (۴) سامان کو (سیل) بند کرنا (سیسے کی سیل سے)۔ (۵) (مجازاً) امتحان کرنا: جانچنا۔

Plumb-bob : (n) (طبیعیات) شاقول کی گولی؛ شاقول۔

Plumb crazy : (n) بالکل پاگل: سراسر دیوانہ۔

Plumb-line : (n) (تعمیرات) شاقول: ساھول کی ڈوری۔

Plumb nonsense : (n) سراسر حماقت: بیہودگی۔

Plumb-rub : (n) (تعمیرات) شاقولی مسطر: مسطر معمار: ساھول کی ڈوری جو تختہ سے لگتی رہتی ھے۔

Plumbagin : (n) [Fr. 'Plombagine.'] (کیمیا) سُرب سیاہ کا دھانس دار پنساوی عنصر۔

Plumbaginous : (a) (۱) (کیمیا) گرافیتی: سرب سیاہ والا: مانندسُرب سیاہ۔ (۲) سرمئی: سرمہ دار: سرمہ کا یا اُس سے متعلق۔

Plumbago : (n) [L.] (۱) (کیمیا، معدنیات) اُسرُب: گرافیت: سَرب سیاہ: پنسل کا سرمہ۔ (۲) ایک پودا جس کے پھول سُرمئی رنگ کے ھوتے ہیں۔

Plumbeous : (a) [L. 'Plumbeus.'] (۱) سُرمئی: سُر مہ کا: سرمہ جیسا۔ (۲) جس پر سرمہ کی چمکدار تہ دی گئی ھو: سیسہ فام۔

Plumber : (n) [OFr. 'Plummer.'] (۱) نل کار: نل ساز: وہ کاریگر جو نلوں وغیرہ کی مرمت کرتا ھے۔ (۲) سُرب گر: سیسہ گر: رصاص گر۔

Plumber-block : (n) دھات کا صندوق جو گھومنے والے دھرے کے سہارے رہتا ھے۔

Plumber's iron : (n) نل کاری کی تپائی۔

Plumber's work : (n) نل کاری۔

Plumbery : (n) [OFr. Plommerie.'] (۱) سیسہ گری: نل سازی۔ (۲) اس کا کارخانہ یا دکان۔

Plumbic : (a) [f. L. Plumbum+-ic.] (۱) (کیمیا) سیسہ آمیز: سُربی۔ (۲) (مرضیات) جو سیسے کی موجودگی کے باعث پیدا ھو گیا ھو۔

Plumbic acid : (n) (کیمیا) سیسے کا تیزاب۔

Plumbiferous : (a) [f. L. Plumbum+-ferous.] (کیمیا) سُرب دار: سیسہ دار۔

Plumbing : (n) (۱) سُرب کاری: سیسہ کاری: نل سازی۔ (۲) (نل سازی) کا کام۔

Plumbing-line /-rope : (n) دیکھو Lead line

Plumbism : (n) [f. L. plumbum+-ism.] (طب) سیسے کا زہر چڑھنا: مسمو میّت سُربی۔

Plumbisolvent : (n) (کیمیا) مُحلِل سُرب۔

Plumbless : (a) (۱) جس کی پنسال سے گہرائی نہ ناپی جاسکے۔ (۲) (شاعری) اتھاہ: نہایت عمیق۔

Plumbo - : (comb.) [comb. form of L. 'Plumbum.'] جزو ترکیبی بمعنی سُرب۔

Plumbous : (a) [L. 'Plumbosus.'] (کیمیا) سُری: پُراز سُرب۔

Plumbum : (n) [L.] سُرب: سیسہ (عنصر، دھات)۔

Plume : (n) [L. 'Pluma.'] (۱) پر: شہ پر: (خصوصاً وہ پَر جو بطور آرائش استعمال ھوتا ھے)؛ کلغی۔ (۲) آرائش پر: پروں یا گھوڑے کے بالوں کا گچھا خصوصاً وہ جو ٹوپی، خود یا بالوں میں لگایا جاتا ھے: طرّہ۔ (۳) (حیوانیات) پَر نما حصہ یا ساخت۔ (۴) اجر: پاداش: عوض: جائزہ۔

Borrowed plume : دوسروں کے لباس، خصوصیات یا امتیازات جن کے استعمال یا اختیار کرنے کا استحقاق یا صلاحیت نہ ھو: جھوٹا طرّہ۔

Court plume : شتر مرغ کے پَر جن کو خواتین دربار سے متعارف ھوتے وقت ٹوپی میں لگاتی ہیں۔

Plume : (v) (۱) پر لگانا: پر سے آراستہ کرنا۔ (۲) جھوٹا طرّہ لگانا۔ (۳) (plume on) کسی (خصوصاً معمولی) بات پر فخر کرنا: جس چیز پر استحقاق نہ ھو اُس پر فخر کرنا۔ (۴) (پرندہ کا اپنے پروں کو چونچ سے) سنوارنا۔ (۵) غارت کرنا: تباہ کرنا: چرانا۔ (۶) نصب کر نا: ٹھہرانا: لگانا۔ (۷) اُڑنے کے لئے تیاری کرنا: اُڑنے کے لئے تیار ھونا۔

Plume-bird : (n) نمایاں پَر والا پرندہ۔

Plume-grass : (n) Erianthus جنس کی گھاس۔

Plume-like : (a) پر نما؛ پر جیسا۔

Plume-moth : (n) Pterophoridae کی جنس کی جھاڑی۔

Plumer : (n) وہ شخص جو پَر حاصل کرنے کے لئے پرندوں کا شکار کرتا ھے۔

Plumet : (n) [f. 'Plumet.'] چھوٹا پَر؛ پَر کوچک؛ پَر زیریں؛ رُوا۔

Plumed : (a) پر دار۔

Plumeless : (a) بے پَر؛ بے بال و پَر؛ جس کے ابھی پَر نہ نکلے ہوں۔

Plumelet : (n) چھوٹا پَر۔

Plumer : (n) وہ شخص جو پَر حاصل کرنے کے لئے پروں کا شکار کرتا ھے۔

Plumer-block/Plumber- : (n) دھات کا صندوق جو گھومنے والے دھرے کو سہارے رہتا ھے۔

Plumet : (n) [f. 'Plumet'.] چھوٹا پَر ؛ پَر کوچک ؛ پَر زیریں ؛ رُوا۔

Plumet : (n) [OFr. 'Plommet.'] (۱) ساھول؛ شاقول؛ پنسال؛ عمیق پیما۔ (۲) ساھول کی ڈوری۔ (۳) (مجازاً) بارگراں؛ وہ بار جو ترقی میں حائل ھو۔ (۴) وہ وزن جو کم ڈورے سے باندھا جاتا ھے تاکہ اس کو ہلنے ڈولنے نہ دیا جائے۔

Plumicorn : (n) [L. 'Pluma + - cornu.'] (طیورات) سینگ نما یا کان نما پَروں والا؛ اُلّو کی جنس۔

Plumiform : (a) [f. L. 'Pluma.'] پَرنما؛ پَر کی شکل کا۔

Plumiped/Plumipede : (n) پاموز سے متعلق؛ اُس پرندہ سے متعلق جس کے پاؤں پروں سے پوشیدہ ھوتے ہیں۔

Plummy : (a) [f. Plum(n)+-y.] (۱) جس میں کشمش، آلوچے وغیرہ پڑے ھوں۔ (۲) آلوچے کے رنگ، شکل یا مزے کا۔ (۳) (مجازاً) (بول چال) عمدہ؛ مزیدار؛ نفیس؛ مرغوب۔

Plumose : (a) [L. 'Plumosus.'] پَردار؛ پَر جیسا؛ (نباتیات، حیوانیات) روئیں دار؛ پَریلا۔

Plumosite : (n) [G. 'Plumosit.'] Jamesonite (کان کنی) دیکھو

Plump : (n) [Prob. of echoic origin.] (۱) گرنے کا عمل؛ دھڑام سے گرنا۔ (۲) (اسکاتستانی) اچانک زوروں کی بارش۔

Plump : (a) [MDU. 'Plomp.'] (۱) بھر بھرا؛ گداز؛ موٹا تازہ۔ (۲) سکہ پورے سائز اور وزن کا؛ کنارہ نہیں تراشا ھوا؛ غیر تراشیدہ۔ (۳) (مجازاً) موٹا؛ مالدار؛ امیر؛ مکمل؛ پورا۔

Plump : (a) راست؛ سیدھا؛ غیر مشروط؛ صاف؛ قطعی۔

Plump : (v) [Prob. of echoic origin.] (۱) دھڑام سے یکایک گر پڑنا یا گرانا۔ (۲) (مجازاً) فوراً آنا؛ اچانک آنا۔ (۳) (صرف ایک امیدوار کے حق میں) رائے دینا (جبکہ دو کے لئے رائے دینے کا حق ھو؛ نیز (کسی چیز کے لئے) ووٹ دینا۔ (۴) **گھس** آنا (in کے ساتھ) ؛ (out کے ساتھ) نکل جانا۔ (۵) زور سے گرنے لگنا (بوند وغیرہ)۔ (۶) ناگہانی بیان کرنا؛ پھوٹ پڑنا؛ کہہ بیٹھنا؛ بول اُٹھنا۔ (۷) اچانک ٹکرانا؛ اچانک تصادم ھونا یا کرنا۔

Plump : (v) (۱) اندر سے پھولنا؛ پھلانا ؛ موٹا بنانا؛ گداز بنانا؛ موٹا کرنا۔ (۲) پھول جانا؛ سوج جانا؛ ورم کر جانا؛ آماس ھو جانا؛ متورم ھونا (out, up کے ساتھ)۔

Plump : (adv.) (۱) یکایک دھڑام سے گرتے ھوئے؛ اچانک پانی میں گرتے ھوئے۔ (۱) صاف صاف؛ دو ٹوک؛ کھرے پن سے؛ بالکل؛ سیدھے طور پر۔ (۳) بے درنگ؛ بغیر مشورہ کے۔

Plump : (n) [Origin obsc.] (۱) (شاذ) فوجی دستہ؛ کمپنی؛ ٹولی۔ (۲) جھمکا؛ جھرمٹ؛ جمگھٹ؛ گچھا۔

Plumper : (n) گولی جو پچکے ھوئے گالوں کو پھلا نے کے لئے منہ میں رکھتے ہیں؛ لب پُر کن۔

Plumper : (n) (۱) دھڑام سے گرنے والا؛ سقوط؛ شکست؛ سقوط ناگہانی۔ (۲) دو کی بجائے صرف ایک امید وار کو رائے دینے والا؛ ایسے شخص کی رائے یا ووٹ۔ (۳) سفید جھوٹ ؛ دروغ محض۔

Plumula : (n) [L. dim. of 'Pluma.'] (۱) (نباتیات) راس جنین ؛ اکھوا۔ (۲) (حیوانیات) پَر زیر؛ رواں۔

Plumulaceous : (a) اکھوے سے معتلق؛ اکھوے جیسا؛ (نباتیات) کونپل دار؛ (حیوانیات) روئیں دار۔

Plumular : (a) اکھوے سے متعلق؛ اکھوے جیسا۔

Plumularia : (n) [NL, fr. L. 'Plumula.'] پُرنما مرجانی حوین کی ایک جنس۔

Plumularian : (a) پر نما مرجانی حوین کی جنس کا یا اس سے متعلق۔

Plumularian : (n) پر نما مرجانی حوین؛ پر نما مرجان۔

Plumule : (n) [L. 'Plumula.'] (۱) (نباتیات) راس جنین : اکھوا۔ (۲) (نباتیات) کونپل۔ (۳) (نباتیات) پرِ زیر: رواں: نرم روئیں دار پر: چھوٹا پر۔

Plumuliform : (a) چھوٹے پر جیسا: رواں نما: روئیں جیسا۔

Plumy : (a) روئیں دار: پردار: کلغی دار: پروں سے آراستہ یا ڈھکا ہوا: پر جیسا: پر کے مانند۔

Plunder : (n) (۱) لُٹّس: غارت گری: لوٹ مار: لوٹ : غارت: تاراج: تاخت: تاخت و تاراج۔ (۲) مال غنیمت: لوٹ کا مال: یغما۔ (۳) (غامیانہ) منافع: فائدہ۔

Plunder : (v) [G. 'Plundern.'] (۱) غارت گری کرنا: تاخت وتاراج کرنا: جنگ میں لوٹ مار کرنا۔ (۲) باقاعدہ غارت گری کرنا: تاراج کرنا: غارت ہونا: زبردستی چھین لینا: زبردستی لوٹ لینا۔ (۳) چرانا: غبن کرنا: خیانت کرنا: تغلب کرنا: خرد برد کرلینا۔

Plunderable : (a) قابل تاراج: لوٹ لینے کے لائق۔

Plunderage : (n) (۱) لوٹ: لٹائی: لٹس: لوٹ کھسوٹ۔ (۲) (خصوصاً) جہاز کے مال کا غبن: خیانت۔ (۳) اس طرح کی لوٹ یا غبن کا مال۔ (۴) (مجازاً) استحصال بالجبر۔

Plunderer : (n) غارت گر: لٹیرا: غبن کرنے والا: خیانت کرنے والا۔

Plunge : (n) (۱) غوطہ: ڈبکی۔ (۲) (مجازاً) جوکھم کا کام : نازک کاروائی۔ (۳) (بول چال) حوض عمیق: گہرا جوہڑ۔ (۴) اتنے پانی کا غسل جس میں انسان غوطہ لگا سکے۔ (۵) موج شکنی: سقوط سنگین۔(۶)ناخوشی۔ (۷) زوردار بارش۔ (۸) غل غپاڑا : دھوم دھام۔

To take the plunge : (مجازاً) جوکھم کا کام کرنا: جوکھم اٹھانا: جوکھم میں پڑنا۔

Plunge : (v) [Fr. 'Plonger.'] (۱) کسی سیال یا خلا میں زور سے ڈالنا: گھسیڑنا: داخل کرنا۔ (۲) (مجازاً) (in, into کے ساتھ) کسی شخص وغیرہ کو کسی مقام یا حالت میں ڈالنا یا دھکیلنا۔ (۳) پودے کے گملے کو زمین میں گاڑنا۔ (۴) غوطہ مارنا: غوطہ کھانا: بحث یا مشکل میں پڑنا۔ (۵) کمرے میں گھس آنا: اچانک داخل ہونا۔ (۶) (up, down کے ساتھ) (زینے وغیرہ کے اوپر یا نیچے) تیزی یا جلدی سے جانا یا آنا۔ (۷) گھوڑے کا پچھلی ٹانگیں اٹھا کر اگلا حصہ زور سے آگے کو ڈالنا۔ (۸) جہاز کا ایک پہلو پر پانی میں جھک جانا۔ (۹) (عامیانہ) قمار بازی میں کھو جانا: قرض میں ڈوب جانا۔ (۱۰) غرق کرنا: ڈبونا: غوطہ دینا: کسی سیال میں ڈبونا۔

(۱۱) مغلوب کرنا: کسی پر غالب آنا: گرفتارکرنا: پیچیدہ کرنا۔

Plunger-bath : (n) اتنے پانی کا غسل جس میں آدمی غوطہ لگا سکے۔

Plunger : (n) (۱) غوطہ زن: غوطہ لگانے والا: غوّاص: ڈبکی۔ (۲) (عامیانہ) قمار باز: جواری: لَٹّے باز۔(۳) بحث یا مشکل میں پڑجانے والا۔ (۴) (میکانیات) پیستون: فورس پمپ : دباؤ ڈاٹ: غوطہ زن پرزہ : وہ پرزہ جو غوطے مارتا رہتا ہے۔ (۵) بندوق میں نالی کے بعد کے حصے کی پن۔ (۶) (برتن سازی) وہ برتن جس میں برتن سازی کے لئے مٹی تیار کی جاتی ہے۔ (۷) (فوج، عامیانہ) سواروں کا رسالہ: رسالے کا سوار: اسپ سوار۔

Plunger-bucket/-lift : (n) بغیر والو کے بحث کا فشارہ۔

Plunger piston : (n) سخت استوانی فشارہ۔

Plunger pump : (n) غوّاص پمپ۔

Plunger rod/Plunging - : (n) غوّاص سلاخ۔

Plunging : (n) غوطہ: غوطہ زنی: ڈبکی۔

Plunging : (a) ڈبکی مارنے والا: غوطہ لگانے والا: غوطہ زن۔

Plunging bath : (n) ڈبکی نَہان: وہ غسل جس میں غوطہ لگایا جائے۔

Plunging-battery : (n) (برقیات) وہ مورچہ جس میں پلیٹ کو حسب خواہش اندر یاباہر رکھا جا سکے۔

Plunging fire : (n) وہ گولی باری جو کی بلند مقام سے کی جائے۔

Plungingly : (adv.) غوطہ زن ہوکر :غوطہ زنی کے طور پر: ڈبکی کے ساتھ۔

وغیرہ کا) رخ کسی کی طرف کرنا : (انگلی یا ہتھیار
وغیرہ) کسی کی جانب اٹھانا ۔ (۱۰) مائل ہونا : رجحان
ہونا : نشانہ لگانا : نشانہ ہونا : میلان ہونا ۔ (۱۱)اعشاری
نشان لگانا (اعداد کے لئے) ۔ (۱۲) (جہاز رانی) (کسی
مستول یا بلّی کی) نوک میں چھلا پہنانا یا اسے چھلے سے
گزارنا : پرونا : سوئی میں دھاگا ڈالنا ۔ (۱۳) انگلی سے
بتانا : اشارہ کرنا (کسی سمت) : اس طرح کسی چیز کی
طرف توجہ مبذول کرانا ۔ (۱۴) (مجازاً) ذہن یا خیال کو
کسی جانب موڑنا؛ اشارہ کرنا : کنایہ کرنا ۔(۱۵) (کسی
چیز کا) مقام یا سمت بتانا : توجہ موڑنا : دکھانا : بتانا
(اب Point out بولتے ہیں) ۔ (۱۶) (کسی شخص کو ،
اس کی توجہ کو یا اس کے راستے کو) کسی سمت موڑدینا :
(نگاہ یا ذہن کو) کسی طرف موڑنا ،یا کسی پر مرکوز
کرنا ۔(۱۷) (کسی خط کا) سرا کسی چیز کی جانب ہونا؛
کسی مخصوص سمت میں ہونا ۔ (۱۸) (پھوڑے وغیرہ کا)
نکیلا ہونا : منہ والا ہونا ۔ (۱۹) Backgammon وغیرہ
کھیلوں میں (کسی شخص کو) میز کے بارہ گاؤدم خانوں
میں سے کسی ایک پر رکھنا ۔

رسے وغیرہ کے سروں کوبتدریج پتلا کرنا : نوک دار بنانا ۔ To point a cable or rope :

(ارضیات) لامتناہی پر نقطہ ۔ Point at infinity : (n)

کرگھے کے ایک پرزے Jacquard apparatus کی سوئیوں Point-bar : (n)
میں سے کوئی ایک جس کی حرکت سے Pattern بنتا ہے ۔

(۱) (بندوق کا نشانہ) سیدھا : افقی ۔ (۲) سیدھا Point-blank : (a)
بلا واسطہ : راست ۔

(۱) وہ فاصلہ جہاں تک کسی نشانے پر بندوق Point-blank : (n)
وغیرہ سے افقی طور پر مار کی جا سکتی ہو ۔
(۲) دیکھو Point-blank distance ۔

(۱)بہ خط مستقیم :بالکل سیدھا : افقی سمت میں : Point-blank : (adv)
سیدھے نشانے سے : براہ راست ۔ (۲) (مجازاً) صاف
صاف : صاف لفظوں میں : بے لاگ لپیٹ کے ۔ (۳) چھوٹتے
ہی : بے تامل : پھٹ سے ۔

اس نے بلا تامل انکار کر دیا؛ پھٹ سے انکار کر دیا۔ He refused it point-blank :

میں نے اس سے ، I told him point-blank it would not do :
صاف صاف کہہ دیا کہ اس سے کام نہیں چلے گا ۔

Point of honour : (n) عزت کا معاملہ ؛ وہ بات جس سے عزت پر آنچ آتی ہو یا وقار کو ٹھیس لگتی ہو ؛ (لہٰذا) ذلت کی تلافی کے لئے ڈوئیل لڑنے کا وجوب یا جواز ۔

Point of intersection : (n) (ہندسہ) نقطۂ تقاطع ۔

Point of return : (n) وہ منزل یا مقام جہاں سے لوٹ کر آنا ممکن نہ ہو؛ وہ جگہ جہاں سے اپنا راستہ بدلنا ممکن نہ ہو ؛ (نیز مجازاً)۔

Point of order : (n) ضابطے کا سوال (قانونی معاملات میں یہ سوال کرنا کہ فلاں بات ضابطے کے اندر ہے یا نہیں) ۔

Point of support : (n) (طبیعیات) سہارے کا نقطہ ۔

Point of suspension : (n) (طبیعیات) نقطۂ تعلیق ۔

Point of the compass : (n) قطب نما (کمپاس) کے بتیس نقطوں یا مقامات میں سے کوئی ایک جو ایک دوسرے سے ۱۱،۱۵ درجے کے زاویہ بناتے ہیں ؛ کمپاس کا افقی نقطہ ؛ نقطۂ قطب نما ؛ جہت قطب نما ؛ (جمع) نقاط قطب نما ؛ جہات قطب نما ۔

Point of the sword : (n) تلوار کی نوک ؛ شمشیر یا برچھی وغیرہ کی اَنی یا نوک ۔

Point of view : (n) (۱) وہ مقام جہاں سے کوئی چیز دیکھی جا سکے ؛ (بصریات) نظر گاہ ؛ وہ مقام جہاں سے تصویر لی جا سکے ۔ (۲) (مجازاً) نقطۂ نظر ؛ نقطۂ خیال ؛ انداز نظر ۔

Point of war : (n) (قدیم) وہ نغمہ جو باجے سے علامت کے طور پر بجایا جائے کہ جنگ کا موضوع شروع ہوگا ۔

Point-paper : (n) نقلیں تیار کرنے یا خاکوں ، ڈیزائنوں کو دوسرے کاغذ وغیرہ پر منتقل کرنے والا سوراخ دار یا چھلنی نما کاغذ (مثلاً سائیکلواسٹائل کے لئے تیار کیا ہوا یا کشیدہ کاری کے ڈیزائن اتارنے والا کاغذ) ۔

Point-plate : (n) (طباعت) نقطوں کی پلیٹ ۔

Point-policeman : (n) دیکھو Point-constable

Point source of light : (n) (بصریات) نقطۂ مبداء نور۔

Point-to-point : (a) خط مستقیم میں ایک نقطے سے دوسرے نقطے یاایک مقام سے دوسرے مقام تک بنا ہوا ،کھینچا ہوا، شمار کیا ہوا وغیرہ (خاص کر میدانی دوڑ cross-country race میں) ۔

Point-to-point : (n) میدانی دوڑ ؛گھڑ دوڑایسے علاقے میں جہاں کھائیاں اور باڑیں ہوں ؛ کھائی باڑ گھڑ دوڑ ۔

Pointal : (n) (نجاری) راج کھم ۔

Pointed : (a) (۱) نوک دار ؛ نکیلا ؛ تیز نوک کا ؛ نوک دار سرے والا ؛ سرے پر گاؤدم ۔(۲) (تعمیرات) نوک دار (محراب) ، (وہ طرز تعمیر) جس میں نوک دار محرابیں ہوتی ہیں ۔(۳) چبھتی ہوئی ؛ نوک کی ؛ پتے کی ؛ طعن آمیز (بات) ۔ (۴) مڑا ہوا؛ رخ کئے ہوئے ؛ نشانہ باندھے ہوئے ؛ (مجازاً) پر زور ؛ کھری کھری ؛ کھلی ہوئی ؛ صریح ۔(۵) ٹھیک ٹھیک ؛ صحیح ؛ بے کم و کاست ؛ بالکل درست ۔

Pointed arch : (n) نوک دار محراب ؛ وہ طرز تعمیر جس میں نوک دار محرابیں ہوتی ہیں ۔

Pointedly : (adv.) چبھتے ہوئے الفاظ میں ؛ طعن آمیز طریقے سے ؛ کھرے طور پر ؛ صاف صاف ؛ صریحاً ؛ نکیلے طور پر ؛ پر زور انداز میں ۔

Pointedness : (n) نکیلا پن ؛ نوک داری ؛ چبھتا ہوا ہونا ؛ طعن آمیز ہونا ؛ صفائی ؛ صراحت ؛ کھرا پن ؛ تیزی ؛ زور ۔

Pointer : (n) (۱) اشارہ کرنے والا ؛ نوک نکالنے والا ؛ تیز کرنے والا ؛ نقطے لگانے والا ؛ بات میں بات پیدا کرنے والا ۔(۲) (گھڑی کی) بڑی سوئی ؛ عقربہ ؛ (ترازو کا) کانٹا ؛ ہر آلے کی سوئی جو پیمائش کا کام دے ۔(۳) وہ چھڑی جس کے اشارے سے نقشہ ،تختۂ سیاہ پر لکھی تحریر وغیرہ دکھائی جاتی ہے ؛ شکار نما کتا ؛ ایک خاص نسل کا کتا جسے شکار (خصوصاً پرند) کی نشان دہی کے لئے ساتھ رکھا جاتا ہے ؛ ہادی کتا ؛ پوائنٹر ۔ (۵) (جمع) دلیلیں (یہ دُبّ اکبر کے دو روشن ترین ستارے ہیں اگر ان کے درمیان ایک سیدھی لکیر کھینچی جائے تو اس کا رخ قطب تارے کی طرف ہوگا ؛ ہادئیین۔ (۶) (جہاز رانی) (جمع) لکڑیاں جو کبھی کبھی جہاز کے تہ خانے کے وار پار شہتیروں کو سہارا دینے کے لئے آڑی ترچھی لگی ہوتی ہیں ۔ (۷) (روز مرہ)اشارہ ؛ کنایہ ۔

Pointer of balance : (n) ترازو کا نمائندہ ؛ترازو کا کانٹا ؛شاہین ترازو۔

Pointillism/ Pointillisme : (n) [Fr. f. 'Pointiller.'] نقاطی مصوری ؛ نقطوں کی مصوری ؛ فرانس کے اثر پرست نقاشوں یا مصوروں (Impressionist painters) کا ایجاد کردہ ایک طریقہ جس کے تحت وہ کسی سطح کو مختلف رنگ کے ننھے ننھے بے شمار نقطوں سے بھر دیتے ہیں جنھیں دیکھنے سے آنکھوں میں تمام رنگ گڈمڈ ہو کر ایک روشن تاثر یا منور نقش پیدا کرتے ہیں ۔

Pointillist : (n) نقاطی مصور ؛ رنگین نقطوں پر مشتمل تصویریں بنانے والا ؛ فرانسیسی اثر پرست مصور یا نقاش (نیز توصیفی معنوں میں) ۔

Pointing : (n) (۱) اشارہ کرنا ؛ بتانا ؛ توجہ مبذول کرنا ؛ (کسی کی کی طرف ہتھیار وغیرہ کا) رخ کرنا ۔(۲) نقطے لگانا ؛ اوقاف لگانا ۔ (۳) دیوار وغیرہ کے جوڑ ریختے یا گچ سے بھرنا ؛ ٹیپ کاری ؛ ٹیپ ؛ گچ کی بھرائی ۔(۴) مل میں لے جانے سے قبل غلے کے دانوں کی ڈنٹی وغیرہ صاف کرنا ۔ (۵) کسی چیز کی نوک یا انگلی سے بتانے یا اشارہ کرنے کا عمل ؛ (مجازاً) لفظی اشارہ ،کنایہ ؛ ایما ؛ لقمہ (قاری وغیرہ کو اگلا لفظ بتانا) ۔ (۶) (ہلکی بادبانی کشتی ڈونگی وغیرہ کا) اس طرح کھینا کہ اس کا پیش ہوا کے (مخالف) رخ پر ہو ۔ (۷) ریلوے لائن کو ایک دوسرے سے ملانے والی گاؤدم پٹڑیاں لگانا ۔

Pointless : (a) (۱) بے نوک کا ؛ کند ؛ منڈا ۔(۲) جس میں کسی قسم کی ظرافت یا کوئی خاص بات نہ ہو ؛ بے چمک ؛ بے مزہ ؛ بے لطف ؛ بے معنی ؛ مہمل ؛ لغو ؛ بے اثر ۔ (۳) جس نے کھیل میں کوئی پوائنٹ نہ بنایا ہو ؛ (وہ کھیل) جس میں کوئی پوائنٹ نہ بن سکا ہو ۔

Pointlessly : (adv.) (۱) کندی سے ؛ کند طور پر ۔(۲) بے لطف یا بے اثر طور پر ؛ بے معنی انداز میں ؛ مہمل طور پر ۔ (۳) (کھیل میں) بغیر کوئی پوائنٹ بنائے ہوئے ۔

Pointlessness : (n) (۱) کندی ؛ بے نوک پن ۔ (۲) بے لطفی ؛ بے نمکی ؛ بے معنی ہونا ۔(۳) (کھیل میں) کوئی پوائنٹ نہ بنا سکنے کی حالت ۔

Pointlet : (n) چھوٹا نشان ؛ چھوٹا نقطہ یا دھبا ؛ چھوٹی نوک ؛ چھوٹا سیرا ۔

Pointleted : (a) (نباتیات) چھوٹی سی نوک والا ؛ چھوٹے سرے والا ؛ چھوٹی سی نوک میں بدل جانے والا ؛ چھوٹی پھننگ والا ؛ باریک نوک والا ۔

Points at issue (n) (قانون) امور تصفیہ طلب ۔

Points of similarity : (n) امور مشابہت ۔

Pointsman : (n) (۱) ریل کا پوائنٹ مین ؛ ریلوے یا ٹرامو ے کی پٹڑیاں بدلنے والا ؛ کانٹے والا ۔ (۲) گاڑیوں کی آمدورفت کو درست رکھنے کے لئے شارع عام کے مخصوص مقام میں متعین پولیس کا سپاہی ۔

Poise : (n) [OFr. 'pois.'] (۱)بار ؛بوجھ ۔(۲) توازن ؛(مجازاً)طبیعت کا سکون یا توازن ۔ (۳) سر کے جھکانے (وغیرہ) کا خاص انداز ۔ (۴) دگدھا ؛ دبدھا ؛ پس و پیش ؛ تامل ؛ امید و بیم کی حالت ؛ فیصلہ نہ کرنے کی حالت ؛ تذبذب. (۵) متوازن حالت ؛حرکت یا تغیر کی دو مدتوں کے درمیان کا وقفہ ۔ (۶) پاسنگ ۔ (۷) (عضویات) پوئز (لزوجت کی اکائی) ۔

Poise : (v) (۱) وزن برابر رکھنا ؛ توازن قائم رکھنا ؛ متوازن رکھنا ۔ (۲) معلق رکھنا ؛ سہارا دے کر سنبھالے رکھنا ؛ معلق ہونا ۔ (۳)سر یا جسم کو کسی خاص انداز سے جھکانا ۔ (۴) متوازن ہونا ؛ وزن کا برابر ہونا ؛ کسی چیز کے سہارے قائم ہونا ۔ (۵) پر تولے ہوئے ہوا میں قائم ہونا ۔

Poiser : (n) متوازن رکھنے والا ؛ توازن قائم رکھنے والا ؛ پاسنگ ؛ متوازن رکھنے والی چیز)خصوصاً حشرات میں وہ زائدے یا بازو جو دو بازو والے کیڑوں کے پچھلے بازوؤں کی جگہ لے لیتے ہیں) ۔

Poison : (n) [ME.'puison.'] (۱) زہر ؛ سَم ؛ بِس ۔ (۲)(مجازاً) مہلک اصول یا نظریہ ؛ زہریلا خیال ؛ مضر یا زہریلا عنصر ؛ خطرناک عقیدہ ۔

One's poison : اپنی پسندیدہ شراب ۔

Slow poison : (n) میٹھا زہر؛ دیر اثر زہر جو پے در پے دینے سے اثر کرتا ہے ۔

They hate each other like poison : وہ ایک دوسرے سے سخت نفرت کرتے ہیں ۔

Poison : (v) [OFr. 'poisonner.] (۱) زہر دینا ؛ زہر دے کر مار ڈالنا ۔ (۲) زہر پھیلا دینا ؛ سمیت پیدا کردینا (خون، زخم وغیرہ میں) ۔(۳) پانی وغیرہ میں زہر ملانا ؛ مسموم کرنا ؛ زہریلا یا زہرآلود کرنا ۔(۴) (ہتھیارکو) زہر میں بجھانا ؛ زہریلا بنانا ۔(۵) (کسی کے) خیالات کو خراب کرنا ؛ طبیعت کو بری راہ پر لگانا ؛ بگاڑنا ۔ (۶)(عیش ، خوشی وغیرہ کو) تلخ کرنا ۔(۷) (زمین بھٹی وغیرہ کی) ہوا کو زہرآلود کرنا ۔(۸)(کسی عمل،حالت وغیرہ کے لئے) مضر ، مہلک یا تخریبی ثابت ہونا؛مہلک یا مضر ہونا ۔(۹) (کسی چیز کو) گندہ یا بیکار کردینا (مضر یا نقصان دہ اجزا شامل کر کے) ۔

To poison a person's mind against : کسی کو کسی کے خلاف بد ظن کردینا ۔

Poison-ash : (n) سمی سُنّاق ؛ ایک لانبی شمالی امریکی جھاڑی جس کی پتیاں لبلاب سمی(Poison-ivy) کی طرح سخت ہوتی ہیں جن کے چھوتے ہی زہر اثر کرتا ہے ۔

Poison berry : (n) (نباتیات) مَرگ ماہی۔

Poison-cup : (n) (۱) زہر کا پیالہ ؛ زہر کا جام۔ (۲) پیالہ وغیرہ جو زہر انڈیلتے ہی ٹوٹ جائے۔

Poison-dogwood /-elder : (n) دیکھو Poison-ash

Poison-gas : (n) زہریلی گیس (جو دشمن فوج کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔

Poison-gland : (n) زہریلی گلٹی۔

Poison-hemlock : (n) (امریکا) شیکران (common hemlock) ؛ایک زہریلا درخت یا پودا جس کا عرق مسکّن ہوتا ہے۔

Poison-ivy : (n) Poison- (نباتیات) لبلاب سمّی شمالی امریکا میں Sumac کی ایک نوع جو بیل کی طرح چڑھتی ہے ، اس کی پتیوں کو چھونے سے زہریلا اثر پیدا ہوتا ہے۔

Poison-nut : (n) Tanghinia venenifera (نباتیات)جو زالمُقی ؛ کچلا ؛ نام کے درخت کا بیج جو انتہائی زہریلا ہوتا ہے اور جسے مذغاسکر کے لوگ اذیت ناک سزا کے طور پر استعمال کرتے ہیں ؛ (نیز) وہ درخت۔

Poison-oak : (n) (نباتیات) سمی بلوط ؛ سَمی سُمّاق۔

Poison-parsnip : (n) (نباتیات) جنگلی گاجر ؛ زہریلی گاجر۔

Poison-pen : (n) اہانت آمیز،فحش،دشنام آمیز اور معاندانہ خطوط لکھنے والا گمنام شخص؛ایسے خطوط لکھنا ؛ (نیز) بہ طور صفت۔

Poison-ring : (n) حلقہ جس کے ذریعہ ہتھیلی تک زہر پہیلا دیاجاتا تھا (اب زہریلے پودوں کے ناموں میں مستعمل ہے)۔

Poison-sumac : (n) دیکھو Poison ash

Poison-tree : (n) زہریلا درخت یا پودا (مختلف زہریلے درختوں کو کہتے ہیں)۔

Poisonable : (a) زہریلا ؛ خطرناک ؛ مہلک ؛ مضر ؛ سم آلود ؛ مسموم ؛ زہر دیئے جانے کے لائق۔

Poisoner : (n) زہردینے والا؛زہر خورانی کا مجرم؛زہر آلود کرنے والا ؛ سمیت پیدا کرنے والی چیز ؛ بگاڑنے والا ؛ بری راہ پر لگانے والا۔

Poisoning : (n) (۱) زہر خورانی ؛ زہر آلود کرنے یا زہر دے کر مار ڈالنے کا عمل ؛ سمیت ؛ مسمومیت۔(۲) مرکب الفاظ میں ایسے لفظ کا جزوثانی ہوتا ہے جو بحیثیت (الف) عامل یا واسطے کے آتا ہے مثلاً beer, food-, Phosphorus Poisoning وغیرہ۔ (ب)(بحیثیت) معروض کے مثلاً Blood-poisoning-

Blood-poisoning : تسمّم ؛ سمیت خون ؛ ان بیماریوں پر اطلاق ہوتا ہے جو خون کو خراب کر دینے والے نامیاتی مادے کی خوم میں شمولیت سے پیدا ہوتی ہیں ؛ تسمیم الدّم ؛ خون میں زہر پھیل جانا (Toxaemia)۔

Poisonous : (a) (۱)زہریلا ؛ زہر آلود؛ مسموم ؛ زہر جیسا؛ فاسد ؛سمّی ۔ (۲) (مجازاً) اخلاقی طور پر بگاڑنے والا؛ بری راہ پر ڈالنے والا ؛ مخرب اخلاق ؛ خراب کرنے والا ؛ بدخواہ ؛ بد باطن ؛ خبیث ؛ (of کے ساتھ بھی مستعمل ہے)۔

Poisonously : (adv) زہریلے پن سے ؛ زہر آلود ہوکر یا زہر آلودطور پر؛بدباطنی سے؛خباثت سے؛بدخواہی سے؛ مخرب اخلاق طور پر۔

Poisonousness : (n) سمیت؛ زہریلاپن ؛زہرآلودگی؛ بدباطنی؛ خباثت۔

Poisons act : (n) (قانون) قانون سموم۔

Poisonwood : (n) (۱) Rhus کی بعض زہریلی انواع کا نام۔ (۲)ویسٹ انڈیز کا زہریلا درخت یا پودا ؛ Sebastiana lucida نام کا درخت یا پودا۔

Poissarde : (n) [Fr.] (۱)نچلے طبقے کی فرانسیسی عورت؛(خصوصاً) پیرس کی ان دکان دار عورتوں میں کے ایک جنھوں نے پہلے انقلاب فرانس میں بلوائیوں کی رہبری کی تھی۔ (۲) فرانس کی ماہی فروش عورت ؛ فرانسیسی مچھیرن۔

Poisson bleu : (n) [Fr.] ایک قسم کی نیلی مچھلی جوبلی سے مشابہ ہوتی ہے یہ سو پونڈ وزن تک کی ہوتی ہے اور کھائی جاتی ہے ،اسے Blue cat fish یا Blue cat بھی کہتے ہیں ،یہ وادیٔ مسی سی پی میں پائی جاتی ہے ؛ نیلی گربہ ماہی۔

Poisson distribution : (n) [after Simeon D. 'Poison ',French Mathematician and Statistician] شماریاتی تقسیم۔

Poisson's ratio : (n) نسبت پوئسن ؛ تناسب پوئسن۔

Poitrel : (n) [OFr. 'Poitral .] (۱) (تاریخ) گھوڑے کے سینے کو محفوظ رکھنے والی زرہ۔(۲) چار آئینہ ؛ (تاریخ) عورتوں کے لباس کے سامنے کا حصہ جو پندرھویں تا سترھویں صدی میں مستعمل تھا۔

Poivrade : (n) [Fr. 'poivre . '] ایک قسم کی چٹ پٹی چٹنی یا اچار جیسے سرخ مرچ کو سرکے میں بھگو کر بناتے ہیں مرچ کا اچار (Pepper-sauce) وغیرہ .

Poke : (n) [ONFr-'poque, poke.'] (۱) (بول چال) : تھیلا : تھیلی : بورا : بوری . (۲) گردن کا تھیلی نما ورم : گردن میں تھیلی سی لٹک جانے کا مرض.(۳) بھیڑوں کے جبڑوں کے نیچے تھیلی نما ورم جو بھیڑوں کی ایک بیماری(جگر کی خرابی) کی علامت ہے اور اس سے اس مرض کا پتا چلتا ہے. (۴) (روزمرہ یا بول چال) مچھلی کا شکم : معدۂ ماہی : شکم ماہی .

To buy a pig in a poke : بغیر دیکھے بھالے یا بے سمجھے بوجھے کوئی چیز خرید لینا : بے دیکھے بھالے سودا کرنا : انگریس سودا کرنا : "پانی میں بھینس اور اوپر مول " کرنا .

Poke : (n) [Prob . f. Poke .v. '] (۱)عورتوں کی ٹوپی یا بیٹ کا آگے نکلا ہوا کنارا یا چھجا.(۲) Poke-bonnet کا مخفف .

Poke : (n) [f.Poke .v. '] (۱) (چھڑی کی نوک یا ہاتھ سے کسی چیز کو) دھکیلنے ، ٹھوکا دینے ،دبانے یا ٹھیلنے کا عمل : دھکا : ٹھوکا : ہول : کھرنچ . (۲) (لکڑی ، کھونٹا وغیرہ) کوئی چیز جو مویشیوں ، سوروں وغیرہ کی گردن میں باندھ دی جاتی ہے تا کہ وہ باڑ توڑ کر یا پھاند کر باہر نہ نکل سکیں . (۳) (امریکی روزمرہ) کاہل شخص : بے کار تضیع اوقات کرنے والا : نکما اور آوارہ شخص .

Poke : (n) [N.Amer.Indian.] (نباتیات) Phytolacca کی امریکی قسموں کا نام : خصوصاً Phytolacca decandra : خربق امریکی .

Indian poke : (۱) شمالی امریکا کاسفید Hellebore درخت اور اس کی جڑ : سفید خربق امریکی .(۲) Poke-weed کی جڑ.

Poke : (v) [(m) LG., (M) Du. 'Poken. '] (۱) (چھڑی کی نوک ، ہاتھ یا بازو سے کسی چیز کو) ٹھیلنا : دھکا دینا : دبانا : اٹھانا : چھونا : گھسانا . (۲) کہنی مارنا : کہنی سے دھکا دینا . (۳) (بول چال) (up کے ساتھ) تنگ و تاریک کمرے میں بند ہو کر بیٹھ رہنا . (۴) انگاروں کو دست پناہ (Poker) سے الٹ پلٹ کرنا . (۵) (in کے ساتھ) گھسا کر یا چبھو کر سوراخ کر دینا .(۶) (at کے ساتھ) (چھڑی وغیرہ سے) ہول مارنا : ہول دینا .(۷) خواہ مخواہ گھسا دینا یا داخل کر دینا .(۸) (into کے ساتھ) راز جوئی کرنا : ٹوہ لینا : ہر طرف جھانکتے پھرنا : (کونے کھدروں میں) تلاش کرنا : (مجازاً) تفتیش کرنا : پتا لگانا . (۹) بے دلی سے کام کرنا : آوارہ گردی کرنا : بیکار ادھر ادھر پھرنا . (۱۰) سر کو آگے کرنا : جھکنا:سر سے ہول مارنا:پھینٹنا: اچھی طرح چلا دینا : حل کرنا . (۱۱) (چھڑی یا جسم کے کسی حصے سے)ٹھوکا دے کر مخاطب کرنا:خواہ مخواہ دخل انداز ہونا : (کسی کے) پھٹے میں پاؤں ڈالنا .

Don't poke your nose into my affairs : میرے معاملات میں خواہ مخواہ دخل نہ دو:میرے معاملات میں خواہ مخواہ ٹانگ نہ اڑاؤ .

To poke : ہر طرف جھانکتے پھرنا : کونے کھدروں میں تلاش کرنا: ٹوہ لینا : (مجازاً) تفتیش کرنا : پتا لگانا .

To poke about / To poke and pry : راز جوئی کرنا : تجسس کرنا : کرید کرنا .

To poke fun (at) : مضحکہ اڑانا : پھبتیوں اور فقروں کی بوچھار کر دینا(خصوصاً چالاکی سے : بالواسطہ طور پر).

To poke one in the rib : کہنی مارنا : گدگدانا .

To poke one 's head : عادتاً سر جھکا کر چلنا .

To poke the head : To poke دیکھو

To poke through : (ہتھیار وغیرہ) بھونکنا : گھسا کر یا چبھو کر سوراخ کر دینا : (ہتھیار سے) چھید کر دینا .

Poke : (v) [f.Poke (n)] (جانوروں کی گردن وغیرہ میں) لکڑی ، کھونٹا یا کوئی ایسی چیز باندھ دینا کہ وہ باڑ توڑ کر یا پھاند کر باہر نہ نکل سکیں .

Poke-berry : (n) Phytolacca decandra کی سیاہ بیری یا اس کا پودا .

Poke-bonnet : (n) چھجے دار ٹوپی خصوصاً سالویشن آرمی کی (Salvation Army) عورتوں کی .

Poke-pudding /Pock pudding : (n) (۱) (بول چال ، اسکاتستانی) تھیلی میں پکائی ہوئی پڈنگ.(۲) (اسکاتستانی) پیٹو : بندۂ شکم:موٹا تازہ آدمی:انگریز (مزاحاً).

Poke-root : (n) (۱) شمالی امریکا کا سفید Hellebore درخت اور اس کی جڑ : سفید خربق امریکی . (۲) Poke-weed کی جڑ .

Poke-weed : (n) Phytolacca کی امریکی قسم : خربق امریکی : خربق سفید .

Poker : (n) [f.Poke (v) ' +ER.] (۱)کریدنی: آگ کریدنے کی سلاخ : آتش کاوا : کرچھا : سیخ . (۲) (مزاحاً) Bedel,verger وغیرہ کے ساتھ چلنے والا عملہ. (۳) (آکسفورڈ اور کیمبرج میں) نقیب : عصا بردار

جو اپنے عملے کے ساتھ نائب امیر جامعہ کے آگے آگے چلتا ہے۔ (۴) وہ آلہ جسے گرم کر کے لکڑی کی چیزوں پر نقش و نگار کھودتے ہیں : (نیز) اس طرح کی کندہ کاری : آتشیں کندہ کاری : سیخ کاری۔ (۵) دیکھو Red-hot-poker۔ (۶) چبھونے والا: بھونکنے والا : دھکیلنے والا : ہول مارنے والا : ٹھیلنے والا : گھسانے والا : کریدنے والا: آتشیں کندہ کار۔ (۷) (مجازاً) درشت مزاج شخص۔

As stiff as a poker : ماش کے آٹے کی طرح اینٹھا ہوا۔

By the holy poker : تمسخر کے طور پر یہ قسم کھاتے ہیں۔

Red-hot poker : جنوبی افریقہ کے سوسنی پودوں کی ایک قسم کا نام جس میں زرد اور ارغوانی رنگ کے پھول لگتے ہیں جنھیں Flame-flower بھی کہتے ہیں۔

Poker : (n) [origin doubtful.] (مریکی روزمرہ) ہوّا :دیو : آسیب : بھوت : پریت : بیجا (بیجا)۔

Old poker : شیطان : ابلیس۔

Poker : (n) [orig.U.S.of doubtful origin.] پوکر(تاش کاایک کھیل جو امریکا میں رائج ہے یہ دو یا زیادہ اشخاص کے درمیان کھیلا جاتا ہے۔ ان میں ہر ایک اپنے ہاتھ کے پتے دکھا کر ان کی اہمیت کے لحاظ سے بولی بولتا ہے جس کے پتے دوسروں سے بڑے ہوتے ہیں وہی جیتتا ہے)۔

Poker : (n) ایک قسم کی بط : دیکھو Pohard۔

Poker : (v) f.Poker (n),' (۱) کرچھے یا سلاخ سے کریدنا : کریدنی سے آگ کریدنا۔ (۲) سلاخ یا سیخ کی طرح بنانا (غلط استعمال)۔ (۳) آتشیں کندہ کاری کرنا :آتشیں کندہ کاری سے آراستہ کرنا۔

Poker-bearer : (n) (آکسفورڈ یا کیمبرج کا) بیڈل (Bedel) : منتظم جلوس : ایک عہدہ دار جس کے ذمہ جلوس کا انتظام ہوتا ہے : عصا بردار : نقیب۔

Poker-drawing : (n) آتشیں کندہ کاری : سیخ کاری : سیخ نما آلہ کو گرم کرکے سفید لکڑی یا چمڑے پر آرائشی نقش و نگار بنانے کا کام۔

Poker-face : (n) ایسا چہرہ اجس کی تہ تک پہنچنا مشکل ہو یا جسے دیکھ کر کوئی بھی اندازہ کرنا ممکن نہ ہو : جس کے چہرے پر جذبے کا اثر جلد ظاہر نہ ہوتا ہو : جذبات سے عاری چہرہ : (روز مرہ) ایسے چہرے والا شخص۔

Poker-faced : (a) سخت رو : جذبات سے عاری چہرے والا : جس کے چہرے پر جذبے کا اثر جلد نہ ہوتا ہو : جس کا چہرہ دیکھ کر کسی بات کا اندازہ لگانا محال ہو۔

Poker-painting : (n) آتشیں کندہ کاری : سیخ کاری : سیخ نما آلے کو گرم کرکے سفید لکڑی یا چمڑے پر آرائشی نقش و نگار بنانے کا کام۔

Poker-picture : (n) آتشیں کندہ کاری سے بنائی ہوئی تصویر۔

Poker-work : (n) دیکھو Poker-painting

Pokerish : (a) آتشیں سلاخ یا سیخ کی طرح سخت ہو جانے والا: سخت اطوار : درشت مزاج۔

Pokerish : (a) (امریکی روزمرہ) بھوت جیسا : پراسرار : بھیانک ڈراؤنا : غیر طبعی : غیر قدرتی : فوق الفطری۔

Poking : (a) (۱) آگے کو نکلا ہوا : آگے کو سر جھکائے ہوئے۔ (۲) کاہل (شخص) : کاہلانہ : بے دلی کا (کام) : آوارہ گرد : بیکار ادھر ادھر مارا مارا پھرنے والا: ادنیٰ کاموں میں وقت صرف کرنے والا : پھیری کرنے والا: پھیری کرکے سودا بیچنے والا : حقیر : چھوٹا : کم مایہ : ادنیٰ درجے کا: گھٹیا : کم حیثیت: کم ظرف۔ (۳) تنگ (جگہ) : حبس (مقام)۔

Poking : (n) (۱)(چھڑی یا جسم کے کسی حصے سے) ٹھیلنا :دھکا دینا : اکسانا : کریدنا : چبھانا : گھسانا۔ (۲) دیکھو -Poking Stick

Poking iron / -stick : (n) (تاریخ) سولہویں صدی میں رائج چنٹ دار گلوبند کی چنٹ یا شکن کو کڑا کرنے والی چھڑی یا سلاخ جو ابتداً لکڑی یا ہڈی کی ہوا کرتی تھی بعدۂ لوہے کی استعمال ہونے لگی تا کہ اسے گرم کرکے استعمال کیا جائے۔

Poky : (a) (۱) کاہل (شخص) : کاہلانہ :بے دلی کا (کام) :آوارہ گرد : بیکار ا ادھر ادھر مارا پھرنے والا : ادنیٰ کاموں میں وقت صرف کرنے والا : پھیری کرنے والا : پھیری کرکے سودا بیچنے والا : حقیر : چھوٹا: کم مایہ : ادنیٰ درجے کا : گھٹیا : کم حیث : کم ظرف : (شغل یا پیشہ) ادنیٰ۔ (۲) تنگ (جگہ) : حبس (مقام) : بند بند : گھٹیا : میلا (کمرہ یا مقام)۔ (۳) بد قطع : بھدا : حقیر : خستہ : فرسودہ : پھٹا ہوا (لباس وغیرہ)۔ (۴) (کرکٹ) بلے بازی کے وقت گیند کو بلے کے سرے سے مارنے کے لئے تیار : جسے بلے کے سرے سے گیند مارنے کی عادت ہو۔

Polacca : (n) [It.] پولیکا: ایک قسم کا پولستانی ناچ : (نیز)وہ گت جو اس ناچ کے ساتھ بجتی ہے۔

Polacca : (n) پولاکر : پولاکا : سہ ستونی تجارتی جہاز جوبحر روم میں چلتا ہے ۔

Polack : (n) [Fr. 'polaque.'] (۱)پولستانی : پولینڈ کا باشندہ ۔ (۲)پولستانی مرغ جس کے پر سیاہ اور کلغی سفید ہوتی ہے ۔

Polack : (a) پولش : پولستانی ۔

Polacre : (n) [Fr. 'Polacre.'] پولاکر : پولاکا : سہ ستونی تجارتی جہاز جو بحر روم میں چلتا ہے ۔

Poland : (n) مشرقی یورپ کا ایک ملک : پولینڈ : پولستان: لہستان: Poland oats اور Ploand fowl کا مخفف.

Poland fowl : (n) مرغیوں یا گھریلو پرندوں کی ایک نسل جن کے پر سیاہ اور کلغی سفید ہوتی ہے : پولستانی مرغ ۔

Poland wheat : (n) سفید گندم ۔

Polander : (n) دیکھو Poland fowl

Polar : (a) [mod.L. 'polaris. '] (۱) قطبی : قطب جنوبی یا شمالی کا : قطب شمالی یا جنوبی کے قریب کا ۔ (۲) مقناطیسی : قطبی میدان رکھنے والا ۔ (۳) جس میں مثبت یا منفی برق ہو) یعنی جس کے سرے قطبین کی طرف مائل ہوں) : قطب دار ۔ (۴) (سالمات) جو خاص ترتیب سے ہوں اور کسی خاص سمت رخ رکھتے ہوں : قطبی : مقناطیسی قوت سے متاثر سالمات جیسا ۔ (۵) (ہندسہ) کسی قطب سے متعلق : قطبی ۔ (۶) (مجازاً) قطب صفت : قطب تارے یا قطبی سے مشابہ مرکز کا کام دینے والا: شمع ہدایت یا رہنما اصول کا کام دینے والا : مرکزی یا رہنما اصول والا ۔ (۷) بالکل بر عکس (خاصیت ،عمل یا رجحان میں) ۔ (۸) (ریاضیات) کسی خط منحنی جیسا ۔ (۹) دو مخالف سمتوں میں عمل کرنے والا : متخالف السمت : متخالف العمل : متضاد (نیز مجازاً) ۔ (۱۰) (حیاتیات) کسی بیضے یا عصبی خلیے وغیرہ کے) قطبین کا یا اس سے متعلق ۔

Polar : (n) (ہندسہ) قطبی منحنی : قطبیہ ۔

Polar axis : (n) (جغرافیہ) قطبی محور ۔

Polar bear : (n) سفد ریچھ : قطبی ریچھ ۔

Polar body : (n) قطبی جسم : قطبی خلیہ ۔

Polar circle : (n) قطبی دائرہ : قطبی حلقہ : دوائر قطبی میں سے ہر ایک دائرہ جو خط استوا کے متوازی ہے اور قطبین سے ۲۳ درجے، ۲۸ دقیقے کے فاصلے پر ہے نیز جو منطقہ قطب شمالی و منطقہ قطب جنوبی کو احاطہ کرتا ہے ۔

Polar compression : (n) تسطیح قطبی ۔

Polar coordinates : (n) (ریاضیات) قطبی مُرتّب : قطبی منظم یا محدد (خطوط وغیرہ) ۔

Polar curve : (n) (ریاضیات) قطبی انحنا : قطبی منحنی (وہ خط منحنی جو کسی قطب سے ایک مقررہ نسبت رکھتاہو).

Polar diagram : (n) (ریڈیو)قطبی شکل ۔

Polar dial : (n) قطبی ڈائل : وہ ڈائل جس کی سوئیوں کا رخ قطبین کی طرف ہو ۔

Polar diameter : (n) قطبی قطر ۔

Polar distance : (n) (ہندسہ) بُعد قطبی : قطبی فاصلہ : کُرے پر کسی نقطے کا قریب قطب سے فاصلہ ۔

Polar equation : (n) (ریاضیات) قطبی مساوات (قطبی مُرتّب یا محدد خطوط وغیرہ کے مابین) ۔

Polar globules : (n) (حیوانیات) قطبی جُسیمات ۔

Polar hare : (n) سفید خرگوش : قطبی خرگوش ۔

Polar lights : (n) انوار قطبی : شفق قطبی : شمالی یا جنوبی قطب کی روشنی ۔

Polar projection : (n) دیکھو Projection : قطبی تظلیل : قطبی اظلال ۔

Polar reciprocal : (a) (ریاضیات) قطبی مکانی ۔

Polar regions : (n) قطبی خطے ۔

Polar star : (n) قطب تارا : قطبی تارا : دُبّ اصغر : رہنما تارا :(مجازاً) رہنما : ہادی : مرجع نظر : مرجع قلوب : مرجع ۔

Polar winds : (n) قطبی ہوائیں ۔

Polari -: (comb.) لاطینی لفظ Polaris بمعنی قطبی ، سے مشتق جو تقطیب کے معنی پیدا کرتا ہے ۔

Polarimetric : (a) تقطیب پیما کا : تقطیب پیمائی کا : تقطیب پیما یا

تقطیب پیمائی سے متعلق ۔

Polarimetry : (n) تقطیب پیمائی : تقطیب نور کی پیمائش یا تجزیے کا فن یا عمل ۔

Polaris : (n) [Short for mod.L.Stella polaris.] قطب تارا : دھرو تارا ۔

Polariscope : (n) تقطیب بیں : تقطیب نور کو ظاہر کرنے والا یا تقطیب شدہ رشنی میں موجود اشیا کو دیکھنے والا آلہ ۔

Polariscopic : (a) تقطیب بیں کا : تقطیب بینی کا : تقطیب بیں یا تقطیب بینی سے متعلق ۔

Polariscopy : (n) تقطیب بینی : تقطیب بیں کے استعمال کا فن ۔

Polarity : (n) (۱) قطبی میلان : قطب نمائی (کی خاصیت) :قطبین کی طرف مائل ہونے کی صفت یا خاصیت ۔ (۲) کسی جسم کی یہ صفت کہ اس کا محور ہمیشہ ایک خاص رخ پر رہے ۔ (۳) کسی چیز کے دونوں (قطبین) سروں کا متضاد صفت رکھنا۔ (۴) (مجازاً) اجتماع ضدین ۔ (۵) مثبت یا منفی برقی کیفیت ۔ (۶) (مجازاً) مقناطیس کی سی کشش : کسی چیز کی طرف کھینچنا ۔ (۷) دو مخالف سمتوں میں برھنے کا میلان (یہ زمان و مکان یا یہ لحاظ ترتیب ۔ (۸) (بصریات) روشنی کی وہ صفت جس سے وہ تقطیب پذیر ہوتی ہے : تقطیب پذیر ہونے کی حالت : تقطیب پذیری (غلط استعمال) ۔ (۹) (مجازاً) (خیالات ، احساسات وغیرہ کا) ایک ہی نقطے کی جانب مرکوز ہونا : ارتکاز : کسی سمت کی جانب میلان یا جھکاؤ (خیالات وغیرہ کا) ۔ (۱۰) (مجازاً) دو متخالف یا متضاد پہلوؤں ،اصولوں یا میلانات کا حامل ہونا یا اس کا اظہار ۔

Polarizable : (n) قابل تقطیب : تقطیب پذیر : لائق تقطیب ۔

Polarization : (n) [Fr. 'polarisation.] (۱) تقطیب : تقطیب نور : روشنی یا ضوفشاں حرارت کا تغیر و تبدل جس میں روشنی کی شعاع مختلف سمتوں میں مختلف خاصیتیں ظاہر کرتی ہے : مخالف سمتوں کی خاصیتیں یکساں ہوتی ہیں جبکہ زاویۂ قائمہ بناتی ہوئی دو شعاعوں کا اختلاف سب سے زیادہ ہوتا ہے :تقطیب کا عمل: تقطیب کی حالت پیدا کرنا ۔(۲)برقی تقطیب :مقناطیسی تقطیب: (چھڑ تار وغیرہ کے) مخالف سروں کو مخالف مقناطیسی خاصیت دینا ۔

Angle of polarization : تقطیبی زاویہ :شعاع کا وہ زاویہ جس پر اس شعاع کی انتہائی تقطیب واقع ہوتی ہے (مختلف مادوں میں یہ زاویہ مختلف ہوتا ہے) ۔

Circular polarization دائری تقطیب۔

Electric polarization : برقی تقطیب ۔

Elliptic polarization : بیضوی تقطیب ۔

Plane of polarization : استوائے تقطیب : تقطیب کا استوا : سطح تقطیب ۔

Plane polarization : مستوی تقطیب ۔

Rotary polarization : گردشی تقطیب ۔

Polarize : (v) [In sense 1 -Fr. 'polarisar',In other senses f. Polar+ -ize] (۱)تقطیب کرنا (حرارت ،روشنی وغیرہ کی شعاعوں پر ایسا اثر ڈالنا کہ ان کے دونوں سروں میں مختلف خاصیتیں پیدا ہو جائیں یعنی یہ کہ دو شعاعوں کے مخالف سرے یکساں خاصیت رکھتے ہوں).(۲)(مقناطیسی برقیات) (لوھے کی سلاخ وغیرہ میں) قطبی میلان یا برقی کیفیت پیدا کرنا ۔ (۳) (مجازاً) (الفاظ وغیرہ کی) من مانی تعبیر کرنا:خاص معنی پیدا کرنا ۔ (۴) (مجازاً) ایک رخ پر لانا : مختلف چیزوں میں ایک رنگ پیدا کرنا ۔ (۵)یک سمتیت بخشنا(کسی چیز کو) : یکسو کرنا ۔

Polarized : (a) تقطیب شدہ : مقَطّب ۔

Polarizer : (n) مقطِّب: تقطیب گر : تقطیب کرنے والا خصوصاً آلۂ تقطیب میں کی وہ پلیٹ یا منشور (prism) جو شعاع نور کی تقطیب کرتا ہے (analyser کا بر عکس).

Polarizing : (n) عمل تقطیب : تقطیب ۔

Polarizing : (a) تقطیبی : تقطیب گر ۔

Polarizing angle : (n) (بصریات) تقطیبی زاویہ : شعاع کا وہ زاویہ جس پر اس شعاع کی انتہائی تقطیب واقع ہوتی ہے (مختلف مادوں میں یہ زاویہ مختلف ہوتا ہے) ۔

Polarizing microscope : (n) مقطب خردبین : تقطیب گر خردبین : ایک قسم کی خرد بین جو کسی جانچ کے لئے تقطیب شدہ روشنی پیدا کرتی ہے ۔

Polarizing Nicol : (n) مقطب نکول: تقطیب گر نکول ۔

Polarly : (adv) قطبی طریقے سے : مقناطیسی طریقے سے : قطبی سمت میں : قطبی انداز میں : قطبین کی طرح : قطبی درجے میں ۔

Polaroid : (a) تقطیبہ : تقطیب نما۔

Polarward : (adv) قطبی خطے کی طرف : قطبی خطے کی جانب۔

Polatouche : (n) [Russ. 'poletukha. '] پولاطوش : ایک قسم کی چھوٹی اڑنے والی گلہری (یورپ اور شمالی ایشیا کی)۔

Polder : (n) [MDu. 'polre, '(mod) 'polder.'] آب برآمد خطہ :پولڈر : دریا برآمد نشیبی زمین (بالستان اور بلجیم میں) (نیز) توصیفاً۔

Pole : (n) [Late OE. 'pal.] (۱) بانس : بلّی : بانسہ (خیمے کی)چوب: (تار کا) کھمبا : ستون۔(۲) گاڑی کا بم۔ (۳) پول : ڈنڈا: بانس وغیرہ بطور پیمانہ ساڑھے پانچ گز : خطی پیمانہ : افقی پیمانہ۔ (۴) (جہاز رانی) جہاز کا مستول : مستول کا بالائی سرا جو رسّے ،چرخیوں وغیرہ سے اوپر نکلا ہوا ہوتا ہے۔(۵)رقبے کا پیمانہ: ایک بانس یا ایک پول لمبا اور چوڑا جو سوا تیس مربع گز کے برابر ہوتا ہے۔

Under (bare) poles : (بحری) بغیر بادبان چڑھائے : بادبان لپیٹے ہوئے یا لپیٹ کر۔

Up the pole : (عامیانہ) شکل میں : مخبوط : سودائی : ڈگمگاتے قدم سے چلتا ہوا : نشے میں : بدمست۔

With (bare) poles : (بحری) بغیر بادبان چڑھائے :بادبان لپیٹے ہوئے یا لپیٹ کر۔

Pole : (n) [L. 'polus. '] (۱) قطب (جنوبی یا شمالی) :محور ارض کا (جنوبی یا شمالی) سرا : کرۂ فلکی کا (شمالی یا جنوبی) نقطہ جس کے گرد ستارے گھومتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں : (نیز) قطب تارا۔ (۲) (ہندسہ) کسی کرّے کے وہ دو نقطے جن پر کوئی دائرہ اس کرّے کو قطع کرتا ہے : (Pole of a circle of the spher.) : قطبین کرہ۔ (۳) کوئی قائم نقطہ جس کی نسبت سے اور نقطوں کے محل کا تعین کیا جائے:نقطۂ قائمہ۔ (۴)(جمع) مقناطیس کے دو متقابل نقطے جو مقناطیسی قوت کے مرکز ہوتے ہیں : قطبین مقناطیس۔ (۵) برقی خانے (cell) یا مورچے (battery) کا منفی یا مثبت سرا : قطب۔ (۶) (حیاتیات) کسی کرّوی یا بیضاری عضو کے محور کا سرا۔ (۷) (مجازاً جمع) ایک دوسرے سے متضاد اصول : اضداد۔

Elevated pole : قطب مرتفع۔

Depressed pole : قطب مُنخَفَض۔

Megnatic pole : مقناطیسی قطب۔

North pole : قطب شمالی۔

South pole : قطب جنوبی۔

The Antarctic pole : قطب جنوبی۔

The Arctic pole : قطب شمالی۔

(۱) پولینڈ کا باشندہ : پولستانی۔(۲) پولستانی مرغ جس کے پر سیاہ اور کلغی سفید ہوتی ہے۔

Pole : (v) (۱) (کسی چیز میں) بلّی ، بانس یا چوبیں لگانا۔ (۲) (گاڑی میں) بم لگانا۔ (۳) بانس یا بلی کے ذریعہ ڈھکیلنا ، سرکانا : کریدنا : گھسانا۔ (۴) گاڑی کے بم میں (گھوڑا) جوتنا۔ (۵) گاڑی کے بم سے مارنا یا دھکا دینا۔ (۶) بیڑے یا کشتی کو بانس سے ڈھکیلنا یا آگے بڑھانا : (نیز) اس طرح کشتی کا آگے بڑھنا۔ (۷) (پگھلی ہوئی دھات یا سیسے کو) سبز لکڑی کی بلی سے چلانا یا پھینٹنا تاکہ آکسیجن کا تناسب کم ہو جائے۔

-pole : (comb) یونانی لفظ 'Poulys' بمعنی "فروش" بیچنے والا سے مشتق جزوترکیبی جو تاجر کے لئے اب شاذ ہی استعمال ہوتا ہے مثلاً Bibliopole وغیرہ۔

Pole-axe / Poleaxe :(n) (۱) تبر : تیشہ : تبر نما جنگی جہاز : گنڈاسا۔ (۲) ایک قسم کا تبر جو قدیم زمانے میں بحری لڑائیوں میں رسے وغیرہ کاٹنے اور دشمنوں کو جہاز پر آنے سے روکنے میں کام آتا تھا (یہ قدرے چھوٹے دستے والا ہوا کرتا تھا)۔ (۳) تبر نیزہ : ایک ہتھیار جس میں تبر اور نیزہ ملا ہوا ہوتا تھا اور جسے بادشاہ یا کسی اہم شخصیت کا ذاتی محافظ لے کر چلتا تھا۔ (۴) بغدا : قصائی کا چھرا : ہتھوڑے دار کلہاڑی جس کی پشت پر ہتھوڑا ہوتا ہے اور جو جانوروں کو مار کر گرانے کے کام آتی ہے۔

Pole-bean : (n) چڑھنے والی سیم یا لوبیا۔

Pole-cap : (n) تلغرافی کے کھمبے کی انفصالی یا حاجز ٹوپی۔

Pole-cat : (n) قطبی بلی : ظربان : کھیکھر : چھوٹا سا خاکستری رنگ کا : نیولے جیسا بدبودار گوشت خوار چوپایہ جو یورپ میں پایا جاتا ہے : (مجازاً) ذلیل :کمینہ : پاجی : بدمعاش : رنڈی : کسبی : بیسوا : ڈیرہ دار : فاحشہ عورت نیز توصیفی معنوں میں۔

Pole-cell : (n) (برقیات) battery, cell یا مشین کے (مثبت ،منفی)

دو آخری سروں میں سے ہر ایک سرا۔

Pole-changer : (n) برقی رو کی سمت کو بدلنے والی کنجی یا سوئچ۔

Pole-crop : (n) سیم فصل۔

Pole-face : (n) (مقناطیسی) قطبی رخ : قطبی پہلو۔

Pole-hedge : (n) ٹٹی جس پر پھل دار پودوں کی بیلیں چڑھائی جاتی ہیں : (نیز) ٹٹی : ٹھٹھر۔

Pole-horse : (n) بم کا گھوڑا : بم میں جوتا ہوا گھوڑا۔

Pole-jumping : (n) بانس کدائی :چوب جست : بانس ہاتھ میں لے کر اس کی مدد سے کودنا یا پھاندنا۔

Pole-lathe : (n) خراد مشین جس میں خرادی جانے والی چیزکو اس میں لپٹی ہوئی ایک رسی یا طناب کے ذریعہ گھمایا جاتا ہے جس کا ایک سرا کسی لوچ دار کھمبے سے بندھا ہوتا ہے اور دوسرا پائدان یا پاؤں سے چلنے والی بیرم سے۔

Pole-mast : (n) ایک ہی بلی سے بنا ہوا مستول : یک ستونی مستول۔

Pole-masted : (a) ایک ہی بلی سے بنا ہوا : یک ستونی (مستول) : یک ستونی مستول والی (کشتی)۔

Pole of a mirror : (n) آئینے کا قطب : آئینے کا مرکز : مرکز آئینہ۔

Pole-piece : (n) وہ لوہا جس کے سرے پر برقی مقناطیس ہوتا ہے جس کے ذریعہ مقناطیسی قوت کے خطوط کسی نقطے پر مرکوز کئے جاتے یا کسی جانب موڑے جاتے ہیں۔

Pole-star : (n) (۱) قطب تارا : دھرو تارا : نجم القطب : دُبّ اصغر: رہنما تارا۔ (۲) شمع ہدایت : چراغ راہ : رہنمااصول : مرکز کشش : رہنما : ہادی مرجع نظر : مرجع قلوب : مرجع۔

Pole-strength : (n) (مقناطیس) قطبی طاقت۔

Pole-torpedo : (n) جہاز کی بلی کے سرے پر بندھا ہوا تارپیڈو۔

Pole-trap : (n) کھمبے کے اوپر بندھا ہوا دھات کا بنا گول پھندا (پرند وغیرہ کے پھنسانے کے لئے): ستون پھندا۔

Pole-vault : (n) (کھیل کود) بانس کود : بانس کدائی : چوب جست : بانس کے سہارے کودنا یا پھاندنا۔

Poleaxe : (v) ہتھوڑے دار کلہاڑی سے مار کر جانور کو گرانا : پھندے سے جانور کا سر کاٹ دینا۔

Poleman : (n) (۱) بانس ،بلی وغیرہ سے کام لینے والا : بانس ڈھونے والا یا اسے لے کر لڑنے والا شخص۔ (۲)Montem کے Eton اسکول کی پانچویں کلاس کے بیرونی طلبا کے پیچھے پیچھے سفید لمبی چوبیں لے کر چلنے والے نچلے درجے کے طلبا کا نام۔

Polemarch : (n) [Gr. 'polimarchos'.] (۱) (تاریخ یونان) سپہ سالار : فوجی کمانڈر ان چیف جس کے ذمہ وقت اور مقام کے لحاظ سے مختلف غیر فوجی فرائض ہواکرتے تھے۔ (۲) ایتھنز کے نو چیف مجسٹریٹوں میں سے تیسرا چیف مجسٹریٹ جو ابتدا میں فوجی فرائض کا ذمہ دار بھی تھا۔

Polemic : (a) [mod.L. 'polemicus.'] نزاعی : نزاع یا حجت سے متعلق: مناظرے سے متعلق : مباحثہ طلب : مناظراتی : مباحثہ انگیز : ہر مناقشہ : متنازع فیہ : حجتی : بحث یا مباحثے کا شائق۔

Polemic : (n) (۱) حجت : بحث : مناظرہ : مناقشہ۔(۲) مناظرہ کرنے والا : مناظرہ باز : حجتی : بحث یا مباحثہ کا شائق (خصوصاً دینیات میں)۔(۳) (جمع) مناظرہ:فن مناظرہ۔

Polemical : (a) مناظرے کا : حجت یا بحث سے متعلق :مناظراتی : نزاعی: مباحثہ طلب : حجتی : جنگی : فوجی : سپاہیانہ : جنگ جویانہ۔

Polemically : (adv) مناظرے کی رو سے : نزاعی طور پر : سپاہیانہ : جنگ جویانہ۔

Polemicist : (n) مناظرہ نویس : فن مناظرہ کا ماہر : مناظرے کا شائق یا حامی۔

Polemist : (n) مناظرہ باز : مناظرہ کرنے والا : حجتی : بحث یا مناظرے کا شائق (خصوصاً دینیات میں)۔

Polemize : (v) مناظرہ کرنا : حجت یا بحث کرنا : فن مناظرہ کی رو سے دلیل پیش کرنا یا بحث کرنا : کسی بحث یا نزاع کو جاری رکھنا۔

Polemoniaceae : (n) [L.f. 'polemonium.'] فلوکسیہ : سنبلیّہ۔

Polemonium : (n) [L.] جنس سنبل آسمانی۔

Polenta : (n) [L.] اطالوی طرز کا دلیہ (جس کو جَو اور دیگر چیزوں کو ملا کر بنایا جاتا ہے)۔

Poler : (n) (۱) باپ کی بیلوں کی پرورش کے لئے بانس گاڑنے والا۔ (۲) (گاڑی کے) بم سے جتا ہوا گھوڑا : بم کا

گھوڑا ۔ (۳) کشتی ،ڈونگی ،بیڑے وغیرہ کو بانس سے ڈھکیلنے والا ۔

Poles : (n) (۱) اضداد ۔(۲) قطبین ۔

Celestial poles : قطبین سماوی ۔

Consequent poles : ثانوی قطب ۔

Tarrestrial poles : قطبین ارضی ۔

Poles of the Ecliptic : (n) قطبین طریق الشمس ۔

Poleward : (adv) قطب کے رخ پر : قطب کی سمت میں : قطب (شمالی یا جنوبی) کی طرف قطب رخ ہو کر : مائل بہ قطب ہو کر ۔

Poleward : (a) قطب رخ : قطب کی سمت کا : مائل بہ قطب :قطب کی جانب مائل یا مڑا ہوا : جس کا رخ قطب کی جانب ہو ۔

Polewards (adv.) دیکھو Poleward (adv.)

Polewig : (n) [See Polliwog.] (۱) فرخ : مینڈک کا بچہ (جب تک اس کی دُم اور گلپھڑے موجود ہوں) بلبلیا ۔ (۲) دریائے ٹیمس کی ایک چھوٹی مچھلی : چتلی گوبی (Goby) مچھلی ۔

Poley / Polley : (a) (انگریزی بول چال اور آسٹریلیائی) بے سینگ کا: منڈا : جس کی سینگ نہ ہو یا کاٹ دی گئی ہو ۔

Poli-/ Polio-: (comb.) [Gr. 'polios'.] (۱) جزو ترکیبی بمعنی دماغ یا حرام مغز کے مادے کا یا اس سے متعلق ۔ (۲)خاکستری : بھورا : سیاہی مائل سفید ۔

Polianthes : (n) [L.] (نباتیات) جنس زنبق : جنس گل شبّو ۔

Police : (n) [med.L. 'politia. '] (۱) نظم ملکی : امن عامہ ؛ نظم و نسق ۔ (۲) محکمۂ پولیس : محکمہ کوتوالی ۔ (۳) پولیس (کی جماعت) : کوتوالی ۔ (۴) ملازمین پولیس : پولیس والے۔ (۵) کیمپ وغیرہ کو صاف ستھرا یا ان کی صفائی ، ستھرائی (امریکا) ۔ (۶) آدمیوں کی کوئی جماعت جو نظم و نسق قائم رکھنے ، قوانین کو نافذ کرنے یا کسی سیاسی یا یکساں نظام کو قائم رکھنے کے لئے سرکاری طور پر مقرر ہو ۔

Marine police : لندن کی بندرگاہ پر دریائے ٹیمس میں تجارتی جہازوں کو محفوظ آمدو رفت کے لئے ۱۷۹۸ء میں مقرر شدہ پولیس کی جماعت ۔

Police : (v) (۱) پولیس کے ذریعہ ملک کا انتظام کرنا یا امن قائم رکھنا ۔ (۲) پولیس مقرر کرنا ؛ پولیس مہیا کرنا ؛ پولیس کے ذریعہ محافظت یا نگرانی کرنا ۔ (۳)(مجازاً) انتظام کرنا ؛ نظم و ضبط قائم رکھنا ؛ ملکی بندوبست کرنا ۔

Police action : (n) فوجی کاروائی ؛ ملٹری ایکشن جو امن عامہ کو درہم برہم کرنے والوں کے خلاف عمل میں لایا جاتا ہے۔

Police captain : (n) امریکا کے بڑے شہروں میں پولیس کا ایک ماتحت افسر ؛ پولیس کپتان ۔

Police court : (n) مجسٹریٹ کی عدالت ؛ عدالت خفیفہ ۔

Police dog : (n) پولیس کے ذریعے مجرموں کی نشاندہی کرنے والا تربیت یافتہ کتا ۔

Police magistrate : (n) مجسٹریٹ ؛ عدالت خفیفہ کا حاکم ۔

Police office : (n) کسی شہر یا قصبے میں پولیس کا ہیڈ کوارٹر:پولیس آفس ؛ پولیس کا دفتر (جہاں سے ضرورت کے مقامات پر پولیس بھیجی جاتی ہے)۔

Police officer : (n) پولیس کا عہدہ دار ؛ پولیس افسر ؛ عہدہ دار کوتوالی ؛ پولیس کی جماعت کا کوئی رکن ؛ سپاہی ۔

Police science : (n) جرم کی تحقیق و تفتیش اور اس کے انکشاف سے متعلق علم ۔

Police state : (n) پولیس اسٹیٹ:وہ ریاست جس میں نیشنل پولیس کی حکومت ہوتی ہے جو شہریوں کی نقل وحرکت پر نگاہ اور پورا قابو رکھتی ہے ۔

Police station : (n) مقامی پولیس کی جماعت کا دفتر یا ہیڈ کوارٹر ؛ پولیس کی چوکی :تھانہ:کوتوالی:پولیس اسٹیشن۔

Policed : (a) جہاں پولیس مقرر ہو ؛ جہاں پولیس مہیا کی گئی ہو ؛ جو پولیس کی نگرانی میں ہو ۔

Policeman : (n) (۱) پولیس کا آدمی ؛ پولیس یا کوتوالی کا سپاہی ؛ پولیس کا ملازم ؛ تنخواہ دار سپاہی ؛ (نیز مجازاً) ۔ (۲)ایک قسم کی چیونٹی جو لڑتی ہے؛ سپاہی چیونٹی ۔

Policewoman : (n) زنانہ پولیس کی رکن ؛ زنانہ پولیس :زنانہ سپاہی: پولیس میں ملازم عورت ؛ پولیس کے فرائض انجام دینے والی عورت ۔

Policlinic : (n) [Gr. 'polis+klinik. '] (۱) ذاتی مطب جہاں اونچے

درجے کے طلبا کسی پروفیسر کی نگرانی میں مریضوں کا علاج کیا کرتے تھے : سریریات خانگی : پرائیویٹ کلینك : سریریات بیرون دار الشفا. (۲) کسی شفا خانے کا وہ مطب یا صیغہ جہاں بیرونی مریضوں کا علاج ہوتا ہے : مطب عمومی : بیرونی سریریات : صیغہ خارجہ .

Policy : (n) [OFr. 'policie. '] (۱) عقل سیاسی : سیاسی مصلحت اندیشی . (۲) اصول جہانبانی : تدبر : مصلحت اندیشی : دور بینی : (سیاسیات) حکمت عملی . (۳) چالاکی : عیاری : جوڑ توڑ : ڈپلومیسی . (۴) (حکومت یا پارٹی کی) پالیسی : طریق عمل : طرز عمل : رویہ : مسلك . (۵) (اسکاتستان) وہ پارك جو دیہات میں امراء کے مکانوں کے گرد ہوتا ہے .

Court of policy : برٹس گائنا کی مجلس مقننہ یا مجلس قانون ساز .

Policy : (Fr. 'Police' .] (۱) بیمے کی پالیسی : دستاویز بیمہ : بیمہ نامہ: معاہدہ بیمہ : پالیسی Policy یا Insurance policy of assurance کا مخفف . (۲) مشروط پروفیسری نوٹ یا درشی ہنڈی جس کا انحصار بدلی ہوئی شرط کے نتیجے پر ہو . (۳) قماربازی یا جوئے کی ایك شکل جس میں نمبروں پر بازی لگتی ہے جس کا قرعہ اندازی یا لاٹری سے فیصلہ ہوتا ہے: لاٹری .

Floating policy : جہاز سے مال بھیجنے کی بیمہ یا پالیسی جس میں کسی مخصوص جہاز کا جوکھم نہیں لیا جاتا بلکہ اس کا مال کا جوکھم لیا جاتا ہے جو کسی بحری سفر میں ایك ہی بار ایك یا کئی جہازوں کے ذریعہ بھیجا گیا ہو .

Open policy : وہ پالیسی جس میں بیمہ شدہ چیز کی قیمت کا یقین یا تخمینہ اس چیز کے کھو جانے یا نقصان ہو جانے کے بعد کیا جاتا ہے : کھلی پالیسی .

Wager- /wagering policy ; ایك بیمہ یا پالیسی جس میں بیمہ کرنے والے کو بیمہ شدہ چیز سے کوئی دلچسپی نہیں ہوتی : اب اسے ناجائز قرار دے دیا گیا ہے کیونکہ یہ ایك قسم کا جوا تھا .

Policy holder : (n) پالیسی دار : بیمہ دار .

Policy-maker : (n) پالیسی ساز .

Policy of assimilation : (n) ادغام کی پالیسی .

Policy of containment : (n) سد باب توسیع پالیسی (حد کے اندر رکھنے کی پالیسی) .

Policy of non-alignment : (n) ناوابستگی کی پالیسی : عدم وابستگی کی پالیسی .

Policy of ringfence : (n) حصار بندی کی پالیسی (گھیرا ڈالنے کی پالیسی) .

Policy of splendid isolation : (n) باوقار علاحدگی کی پالیسی .

Policy science : (n) سماجیات کی ایك شاخ جو (حکومت یا تجارت کی) پالیسی بنانے یا اس عمل میں لانے سے بحث کرتی ہے .

Policy-shop : (n) (امریکا) جوا کھیلنے کی جگہ : قمار گاہ جہاں قرعہ اندازی یا لاٹری سے نکالے جانے والے نمبروں پر شرط بدی جاتی ہے.

Policy slip : (n) وہ ٹکٹ جس پر وہ نمبر ہوتا ہے جس پر قمار باز نے شرط بدی ہے : لاٹری ٹکٹ .

Policy wheel : (n) وہ پہیا جسے گھما کر لاٹری کے جیتنے والے نمبر حاصل کئے جاتے ہیں : لاٹری پہیا .

Poligar : (n) [Marathi. 'Palegar. '] (۱) پولیگر : جنوبی ہندوستان کا جاگیر دار . (۲) اس جاگیر دار کا ملازم جو لوٹ مار کیا کرتا ہو .

Poligar dog : (n) جنوبی ہندوستان کا ایك کتا .

Poling : (n) (۱) ہاپ کی بیلوں کی پرورش کے لئے کھمبے گاڑنے کا عمل : گھوڑے کو گاڑی کے بم میں جوتنے کا عمل : بانس وغیرہ سے کسی چیز (کشتی وغیرہ) کو ڈھکیلنے کا عمل . (۲) ہاپ کی بیلوں کے لئے لگائے ہوئے کل بانس یا بلیاں : کسی سرنگ یا کھوہ کی دیواروں کو روکنے کے لئے لگائی ہوئی بلیاں : (بہ حیثیت مجموعی) : بر گشت : پولنگ .

Polio : (n) پولیو : روزمرہ میں Poliomelitis کا مخفف .

Polio vaccine : (n) مرض پولیو (ورم مادۂ نخاع) کے تدارك کے لئے دی جانے والی دوا .

Poliomyelitis : (n) [mod. L. f. Gr. 'Polio's + myelos' + -itis .] (مرضیات) حرام مغز کے خاکستری مادے کا ورم : پولیو کامرض : ورم مادۂ نخاع : فالج اطفال .

Polioneuromere : (n) حرام مغز کے خاکستری مادے کا ایك حصہ یا ٹکڑا.

Polioplasm : (n) (حیاتیات) حبوب مایہ : دانہ دار نخز مایہ .

Poliorcetic : (a) [f. next.] فن محاصرہ سے متعلق ۔

Poliorcetics : (n) [mod. if. of Gr. 'Polioketika' .] فن محاصرہ : محاصرہ کرنے کا فن ۔

Poliosis : (n) [Gr. 'Poliosis' .] بال پکنا ؛ بالوں کی سیاہی کا زائل ہونا ۔

Polis : (n) [Gr.] یونان کی شہری ریاست خصوصاً وہ جو شمالی طور پر منظم اور انسان کی سماجی ضروریات کی پوری طرح متکفل ہو ۔

Polis : (n) police کا اسکاتستانی اور آئرستانی متبادل ۔

-polis : (comb.) یونانی لفظ 'polis' بمعنی شہر جوبطور لاحقہ کسی شہر کا عرفی نام بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے مثلاً (Chicago) Porkopolis, (Manchester) Cotton polis وغیرہ ۔

Polish : (n) [f. Polish (v) .] (۱) پالش : صیقل : جلا : چمک : رنگ : روغن ۔ (۲) وہ چیز جس سے پالش کی جائے ؛ پالش ؛ روغن : کسی سطح کو چکنا کر ڈالنے والی چیز ۔ (۳) (مجازاً) تہذیب کا رنگ روغن : اخلاق کی جلا : نستعلیق پن : نفاست ۔

Polish : (a) [f. Pole. (n) + -ish .] پولستانی : پولینڈ کا یا اس سے متعلق : پولینڈی : پولینڈ کا : اہل پولستان ۔

Polish : (v) [ME. 'polis (s)' .] (۱) رگڑ کر چکنا کرنا یا چمکانا : پالش کرنا : صیقل کرنا : جلا دینا : روغن کرنا ۔ (۲) چکنا ہونا : چمک جانا : مجلا ہونا : صاف ہو جانا ۔ (۳) تراش خراش پیدا کرنا : چمک دمک پیدا کرنا : نوک پلک درست کرنا : سجا سنوار کر مکمل کر دینا ۔ (۴) (مجازاً) اکھڑپن یا گنوارپن دور کرنا : تہذیب کا رنگ روغن چڑھانا : مہذب بنانا : اخلاق کی جلا بخشنا : نفاست بخشنا یا نفیس بنانا ۔ (۵) مہذب ہونا یا بننا : تہذیب سے آراستہ ہونا (۶) (عامیانہ) بہت جلد ختم کر دینا : تیزی سے مکمل کر دینا : جلد چھٹکا را پالینا : نوک پلک درست کر کے ختم یا پورا کر دینا ۔

To polish off : جلد ختم کر دینا : فوراً ہرا پڑنا ۔

Polishable : (a) قابل صیقل : جلا پذیر : پالش کئے جانے کے لائق ۔

Polished : (a) صیقل دار : مجلا : صاف ستھرا : چکنا : چمک دار : پالش کیا ہوا : رنگ و روغن والا : مہذب : سلیقہ مند : نستعلیق ۔

Politesse : (n) [It. 'Politezza' .] (اب عموماً تحقیر آمیز) دیکھو Politeness .

Politeness : (n) شائستگی : شستگی : خوش خلقی : خوش اطواری : شرافت : مروت ۔

Politely : (adv) خوش خلقی سے : شائستگی سے : مہذب اندازمیں : شریفانہ طور پر ۔

Polite letters : (n) ادب : ادب لطیف ۔

Polite : (a) [L. 'Politus' .] (۱) شائستہ : خلیق : مہذب : خوش اخلاق : نستعلیق : خوش اطوار ۔ (۲) شستہ : خوش مذاق ۔ (۳) تربیت یافتہ : شریف : شریفانہ ۔ (۴) لطیف : بامروت ۔

Politbure/ Politbureau : (n) [Russ, 'politbyuro' .] (۱) کمیونسٹ پارٹی کی مخصوص پالیسی ساز کمیٹی : کمیونسٹ پارٹی کی ایزیکٹیو کمیٹی ۔ (۱) اپنے عہدے کی حفاظت اور کامل اقتدار اپنے ہاتھ میں رکھنے کی غرض سے ترتیب دی ہوئی ایک ایسی ہی منظم جماعت جو کمیونسٹ پولٹ بیورو کے مشابہ ہو ۔

Politarch : (n) [Gr. 'Politarches' .] پولی ٹارک : رومیوں کے عہد حکومت میں مشرقی اضلاع یا مشرقی صوبوں کے حاکم کا لقب ۔

Polishing snake : (n) حجرالحیہ (Serpentine) کی ایک قسم جو پہلے لیتھو گرافی کے پتھروں کو صاف کرنے کے کام آتا تھا ۔

Polishing-slate : (n) (۱) ایک قسم کی بھوری یا زرد سلیٹ جو صیقل کے کام آتی ہے ۔ (۲) سان والے پتھر کی ایک قسم ۔

Polishing-mill : (n) دھات کی پھرکی یا دوسری چیزیں جنہیں نگینہ ساز جواہرات کو پالش کرنے یا جلا دینے کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔

Polishing : (n) پالش کرنے کا عمل : صیقل گری : پالش : صیقل : جلا ۔

Polisher : (n) (۱) صیقل گر : پالش کرنے والا ۔ (۲) صیقل کرنے والا : پالش کرنے کا برش ۔ (۳) (مجازاً) تہذیب سکھانے والا : مہذب بنانے والا ۔

Polishedly : (adv) صاف ستھرے انداز میں : مہذبانہ : سلیقہ مندی سے : نستعلیق طور پر ۔

Polishedness : (n) صفائی : صیقل : جلد : چکنا پن : چمک : پالش : رنگ و روغن : تہذیب : سلیقہ مندی : نستعلیق پن ۔

Politic : (a) [L. 'Politicus' .] (۱) دانشمند ؛ ذی فہم ؛ دور اندیش ؛ مصلحت بیں ؛ مصلحت اندیش ؛ صاحب الرائے ؛ سیانہ ؛ سمجھ بوجھ والا ؛ تیز ۔ (۲) دانشمندی کا ؛ دانشمندانہ ؛ دور اندیشانہ ؛ (فعل یا عمل) ؛ مناسب ؛ قرین مصلحت ؛ سیاست مدارانہ ۔ (۳) سازشی ؛ فطرتی ؛ جوڑ توڑ والا ؛ چلتا ہوا ؛ مکار ؛ عیار ؛ موقع شناس ؛ زمانہ ساز ؛ حکمت عملی میں ماہر ۔

Politic : (n) (۱) (جمع) سیاسیات ؛ علم سیاسیات ؛ حکومت سازی یا ملک گیری کا عمل ؛ سلطنت یا حکومت قائم کرنے اور چلانے کا علم ۔ (۲) فن سیاسیات پر لکھا ہوا ارسطو کا کتابچہ "دی پولٹکس" ۔ (۳) سیاسی امور ؛ سیاسی معاملات ؛ سیاسی زندگی ۔ (۴) سیاسی اصول ؛ سیاسی عقائد ؛ سیاسی رائیں ۔

It is not practical politics : یہ نا قابل عمل ہے ؛ یہ خیالی باتیں ہیں ؛ ان پر بحث کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ۔

The politics : فن سیاسیات پر ارسطو کا لکھا ہوا کتابچہ ۔

Political : (a) (۱) ریاست یا سلطنت کے متعلق ؛ امور مملکت کے متعلق ؛ ریاستی ؛ ملکی ۔ (۲) امور عامہ کے متعلق ۔ (۳) سیاسیات کے متعلق ؛ امور سیاسی کے متعلق ؛ سیاسی ؛ فن سیاست سے متعلق ۔ (۴) ملکی ؛ انتظامی (عہدہ) ۔ (۵) منظم ریاست رکھنے والا ؛ منظم ۔ (۶) سیاسی معاملات سے تعلق یا دلچسپی رکھنے والا ۔ (۷) سیاست میں کسی کی طرفداری کرنے والا ؛ (بری معنوں میں) دھڑابندی یا فرقہ بندی کرنے والا ۔

Political : (n) (۱) سیاسی ایجنٹ ؛ پولیٹیکل ایجنٹ ؛ ملکی ایجنٹ ؛ سیاسی مشیر ؛ پولٹیکل افسر ۔ (۲) سیاسی قیدی ؛ سیاسی جرم میں پکڑا ہوا شخص ۔

Secret political : خفیہ سیاسی ایجنٹ ۔

Political activity : (n) سیاسی سرگرمی ۔

Political adviser : (n) سیاسی مشیر ؛ سیاسی صلاح کار ۔

Political agent : (n) سیاسی ایجنٹ ۔

Political agitation : (n) سیاسی شورش ۔

Political aspect : (n) سیاسی پہلو ۔

Political asylum : (n) سیاسی پناہ ۔

Political branch : (n) شعبۂ سیاسی ؛ سیاسی شعبہ ۔

Political career : (n) سیاسی زندگی ۔

Political consciousness : (n) سیاسی شعور ۔

Political crime : (n) سیاسی جرم ۔

Political crisis : (n) سیاسی بحران ۔

Political deadlock : (n) سیاسی ضیق ؛ سیاسی تعطل ۔

Political Department : (n) سیاسی شعبہ ۔

Political development : (nm) سیاسی ترقی ؛ سیاسی رفتار ؛ سیاسی واقعات ؛ سیاسی حالت ۔

Political dissension : (n) سیاسی افتراق ؛ سیاسی پھوٹ ۔

Political economy : (n) اقتصادیات ؛ معاشیات ؛ عوامی آمدنی کے ذرائع کے نظم و ضبط کا فن ؛ دولت کی پیداوار اور اس کی تقسیم کے قوانین کا علم ۔

Political equality : (n) سیاسی مساوات ۔

Political equalibrium : (n) سیاسی توازن ۔

Political fugitive : (n) سیاسی مفرور ۔

Political geography : (n) ملکی جغرافیہ ؛ جغرافیہ کا وہ حصہ جو سرحدوں ، حصوں اور قبضوں سے متعلق ہوتا ہے ؛ سیاسی جغرافیہ ۔

Political history : (n) سیاسی تاریخ ۔

Political independence : (n) سیاسی آزادی ۔

Political individuality : (n) سیاسی انفرادیت ۔

Political issue : (n) سیاسی مسئلہ ؛ سیاسی معاملہ ؛ سیاسی سوال ۔

Political movement : (n) سیاسی تحرک ۔

Political necessity : (n) سیاسی ضرورت ۔

Political negotiator : (n) سیاسی مذاکرت کار ؛ سیاسی معاملہ کار ؛ سیاسی گفت و شنید کرنے والا ۔

Political obligation : (n) سیاسی فرض ؛ سیاسی ذمہ داری ۔

Political offence : (n) سیاسی جرم : سیاسی تصور ۔

Political office : (n) سیاسی عہدہ ۔

Political officer : (n) سیاسی افسر : سیاسی عہدہ دار : پولیٹیکل افسر ۔

Political organisation of mankind : (n) نوع انسان کی سیاسی تنظیم ۔

Political party : (n) سیاسی پارٹی : سیاسی جماعت ۔

Political philosphy : (n) فلسفۂ سیاسیات ۔

Political prisoner : (n) سیاسی قیدی : سیاسی جرم میں پکڑا ہوا شخص ۔

Political publicity : (n) سیاسی پبلسٹی : سیاسی اشاعت ۔

Political refugee : (n) سیاسی پناہ گزیں ۔

Political reporter : (n) سیاسی نامہ نگار : سیاسی رپورٹر ۔

Political rights : (n) سیاسی حقوق ۔

Political sanction : (n) (قانون کی خلاف ورزی کی) سیاسی وجہ جواز : سیاسی محرک : سیاسی حدود : سیاسی پابندیاں : سیاسی اذن ۔

Political science : (n) علم سیاسیات : سیاسیات ۔

Political scientist : (n) عالم سیاسیات ۔

Political significance : (n) سیاسی اہمیت ۔

Political society : (n) سیاسی معاشرہ ۔

Political subjection : (n) سیاسی محکومی ۔

Political subordination : (n) سیاسی ماتحتی ۔

Political terrorism : (n) سیاسی دہشت انگیزی ۔

Political unrest : (n) سیاسی بے چینی ۔

Political verse : (n) [Gr. 'Politikos' .] جدید یونانی اور باز نطینی نظم جس میں ارکان کا نہیں بلکہ لہجے کا لحاظ کیا جاتا ہے جس میں آخری کے بجائے پہلے رکن پر زور دیا جاتا ہے ۔

Politically : (adv) سیاسی طور پر : سیاسی اعتبار سے : نظم ملکی کے اعتبار سے : سیاسی انداز میں : دانشمندانہ : چالاکی سے : فنکارانہ : سیاسی مصلحت اندیشی سے : مدبرانہ ۔

Politician : (n) (۱) سیاست داں : ماہر سیاست مدبر : صاحب تدبیر : سیاست باز : سیاست کار ۔ (۲) سیاست سے دلچسپی رکھنے والا شخص ۔ (۳) وہ شخص جس کا پیشہ سیاست ہو : سیاست پیشہ ۔ (۴) (امریکا) سیاست کی روٹی کھانے والا ۔

Politicize : (v) (۱) سیاست داں ہونا یا بننا : مدبر بننا : سیاست چھانٹنا ۔ (۲) سیاست میں حصہ لینا : سیاسیات کے متعلق گفتگو کرنا یا بحث کرنا ۔ (۳) سیاسی رنگ میں رنگنا : عیارانہ : سیاسی مصلحت اندیشی سے : مدبرانہ

Politico- : (comb.) [Gr. 'Politikos' .] (سابقہ بمعنی) سیاسی : سیاست کا : سیاسی اعتبار سے ۔

Politico : (n) [SP. Sb. use of the adj. (Politics)] سیاست داں : سیاست میں دلچسپی لینے والا : سیاست پیشہ : سیاست کی روٹی کھانے والا ۔

Politico-economical : (a) ملکی اقتصادیات سے متعلق : سیاسی اقتصادی ۔

Politico- religious (a) مذہب سے متاثر یا مذہب پر منحصر سیاست یا سیاسیات سے متعلق : سیاسی مذہبی اس طرح کا سیاسی (مسئلہ وغیرہ) جس میں مذہبی رنگ بھی شامل ہو ۔

Politicophobia : (n) سیاست کا خوف : سیاسی دہشت : سیاست کا ہول یا ہیبت ۔

Politics : (n) (۱) سیاست : سیاست مدن : علم سیاست : سیاسیات ۔ (۲) نیز دیکھو Politic : (n) .

Politique : (n) [Fr.] Huguenot جنگوں کے درمیان ۱۵۷۳ء میں تشکیل یافتہ فرانس کی مصلحت بیں اور اعتدال پسند جماعت (یا اس کا کوئی رکن) جس نے مذہبی جھگڑوں کے ہتھیار کے ذریعہ فیصلہ کرنے کی بہ نسبت ملکی امن اور سیاسی اصلاح کو زیادہ ضروری سمجھا : (نیز) اس جماعت کا حامی (خواہ کہیں ہو) : (ملامت آمیز طور پر) (مذہبی معاملات میں) بے پروا : آزاد رو : ابن الوقت : ٹال مٹول کرنے والا ۔

Politus : (a) [L.pa. pple. of 'polire.'] مجلا، صیقل کیا ہوا : چکنا اور چمک دار : چمکایا ہوا : پالش کیا ہوا ۔

Polity : (n) [L. 'politia.'] (۱) نظام سیاست : نظام مدنی : نظم و نسق :

نظام اجتماعی ؛ نظام ریاست۔ (۲) حکومت؛ طرز حکومت ؛ نظم حکومت ؛ سیاسی تنظیم کی کوئی مخصوص صورت ۔ (۳) منظم معاشرہ؛ ریاست ؛ مملکت ۔

Politzerization : (n) [f.next.] انتفاخ الأذن؛ پالٹزیت ؛ طبل گوش کے جوف کو ہوا بھرکر پھلانے کا عمل ۔

Politzerize . (v) [f. Adam 'Politzer, 'a Physician of Vienna, who in troduced the method + - ize.] (مریض کے) کان کے پردے یا طبل گوش کے جوف کو (حلق سے کان کے پردے تک جانے والی نلی) کے ذریعہ گیس یا ہوا بھر کر پھلانا؛ پالٹزرائز کرنا۔

Polka : (n) [Czech. 'pulka.'] (۱) پولکا رقص؛ ایک قسم کا دل کش ناچ جو بوہیمیا میں دوہری گت پر ناچا جاتا ہے ۔ (۲) وہ گت جس پر یہ ناچ ناچا جاتا ہے؛ پولکا گت یا اس گت کی موسیقی ۔

Polka : (v) پولکا ناچ ناچنا ؛ پولکا رقص کرنا ۔

Polka-dot : (n) گول دھبا یا نشان جو بُنے ہوئے کپڑے وغیرہ پر بطور ڈیزائن سلسلہ وار ہوتا ہے ۔

Poll : (n) [OE. 'poll, of doubtful origin.] (۱) (مقامی بولی یا مزاحاً) سر؛ سر کا وہ حصہ جس پر بال ہوتے ہیں؛ چند؛ چندیا؛ (تیز) گردن کا پچھلا حصہ؛ گدی ۔ (۲) شمار رائے دہندگان ؛ رائے شماری (پارلیمنٹ یا کسی اور مجلس کے انتخاب میں) ۔ (۳) رائے دہندگی؛ انتخابات میں رائے دینا ۔ (۴) تعداد آراء؛ جتنی رائیں دی گئی ہیں ان کی تعداد؛ جتنے ووٹ پول ہوئے ان کی تعداد ۔ (۵) ٹوپ یا ٹوپی کا اوپر والا حصہ ؛ ٹوپی کی چندیا ۔ (۶) کان کنوں کی کدالی یا ہتھوڑے کا کُند یا گٹھل سرا؛ پاسا ۔ (۷) رائے عامہ کا اندازہ؛ رائے عامہ معلوم کرنا (عوامی نمائندوں کے انتخاب کے ذریعہ)۔

Poll : (n) [alt. f. Moll. var of and vontempt, with Polly.] طوطے کا روایتی نام ؛ میاں مٹھو ۔

Poll : (n) [Also, pol. Explained as -Gr. 'oi polloi.'] (کیمبرج یونیورسٹی، عامیانہ) جس کو آنرز کی ڈگری نہ مل سکی ہو؛ جس نے صرف امتحان پاس کرلیا ہو (امتیاز حاصل نہ کرسکا ہو)؛ معمولی سند یافتہ اشخاص (نیز) (The poll) (نیز) (توصیفاً) ۔

To go out in the poll : پاس ڈگری حاصل کرنے والوں کی فہرست میں آنا ؛ پاس ڈگری حاصل کرنا؛ (آنرز نہ پانا): معمولی سند حاصل کرنا ۔

Poll : (a) [Late ME. short for 'pold, 'Polled'.] (۱) (قانونی تعمیل یا تکمیل کے بعد) سر پر کاٹی ہوئی یا تراشی ہوئی (دستاویز وغیرہ) ؛ سر بریدہ ۔ (۲) (جانور) بے سینگ کا ؛ منڈا ۔

Poll : (n) [f. prec.] بے سینگ کا جانور؛ خصوصاً بے سینگ کے یا منڈے بیلوں کی ایک نسل ۔

Poll : (v) [f. Poll (n).] (۱) (قدیم) سر کے بال کاٹنا یا تراشنا ۔ (۲) (درخت یا پودے کی) پھننگ کاٹنا یا چھانٹنا؛ شاخوں کو اس طرح چھانٹنا کہ ان کی چوٹی گول نظر آئے ؛ (نیز) چھوٹی ٹہنیاں یا شاخیں کاٹنا یا چھانٹنا ۔ (۳) (کسی چوپائے کی) سینگ کاٹنا؛ منڈا کرنا ۔ (۴) رائے لینا ؛ (مجہول) ؛ رائے درج ہونا یا شمار ہونا ۔ (۵) (امیدوار کا) ووٹ حاصل کرنا؛ رائیں حاصل کرنا ۔ (۶) ووٹ دینا؛ رائے دینا ۔ (۷) قانونی تعمیل یا تکمیل کے بعد دستاویز کے سرے کو کاٹنا یا تراشنا ۔ (۸) رائے دینا یا درج کرنا ۔

Poll - book : (n) دیئے ہوئے یا درج شدہ ووٹوں کا رجسٹر (جو Ballot Act کے پہلے ہوا کرتا تھا) ؛ (اب) فہرست رائے دہندگان یا ووٹر لسٹ ۔

Poll by poll : (adv.) یکے بعد دیگرے؛ ایک ایک کرکے؛ ایک کے بعد ایک ۔

Poll-clerk : (n) دی ہوئی رائوں کو درج کرنے والا کلرک (منشی)۔

Poll degree : (n) (کیمبرج) معمولی ڈگری؛ معمولی سند؛ (بلا امتیاز) پاس ہونے کی سند ۔

Poll-evil : (n) گھوڑے کی گردن کی پہلی ہڈی اور رباط کے درمیان متورم یا قرحہ دار پھوڑا ۔

Poll - parrot : (n) طوطا؛ میاں مٹھو ۔

Poll -parrot : (v) Parrot دیکھو

Poll-pick : کان کنوں کی پاسے دار یا گھٹل سرے والی کدال؛ ہتھوڑے دار کدال؛ کان کنوں کی کدال جس کی دوسری طرف ہتھوڑے جیسا سرا ہو؛ گنیتا جس کا دوسرا سرا کند ہو ۔

Poll -tax : (n) سرمحصول؛ عام محصول؛ محصول جو ہر شخص پر عائد ہو۔

Pollable : (a) (۱) سر کے بال تراشنے یا سینگ کاٹنے کے قابل۔ (۲) (وہ رائے) جو درج یا شمار ہوسکے ۔

Pollack / Pollock / Podley : (n) [Earlier Sc. podlock, 'later Podley of unkn. origin.] پولک مچھلی؛ ایک قسم کی بحری مچھلی

جو کاڈ سے مشابہ ہوتی ہے۔

Pollam : (n) [Tamil. 'Pataiyam.'] جنوبی ہندوستان کے جاگیردار (پولیگر) کی جاگیر۔

Pollan : (n) [Origin doubtful.] پولن: میٹھے پانی میں رہنے والی مچھلیوں کی ایک قسم جو آئرستان کی جھیلوں میں پائی جاتی ہے؛ سفید آئرستانی مچھلی۔

Pollard : (n) [f. Poll (v) +ard .] منڈا بارہ سنگھا (جس کے سینگ گرگئے ہوں یا ٹوٹ گئے ہوں)؛ منڈی نسل کا؛ بیل، بھیڑ یا بکرا؛ منڈا بیل، بھیڑ یا بکرا؛ سینگ کٹا جانور۔ (۲) درخت جس کی شاخیں اس طرح چھانٹی گئی ہوں کہ اس کی چوٹی گول نظر آتی ہو؛ منڈا درخت؛ سربریدہ درخت؛ ٹھنٹ درخت۔ (۲) (گیہوں کا) چوکر؛ بھوسی۔ (۳) باریک بھوسی جس میں تھوڑا سا آٹا بھی ملا ہو (مویشی کے چارے کے لئے)۔

Pollard : (a) سربریدہ؛ ٹھنٹھ؛ چھانٹا ہوا؛ منڈا (درخت)۔

Pollard : (v) (درخت کی) شاخوں یا ٹہنیوں کو چھانٹنا یا کاٹنا؛ درخت کو منڈا کرنا یا ٹھنٹھ کردینا (کہ صرف موٹا تنا باقی رہ جائے)۔

Pollaxe / Pollax : (n) بتر؛ گنڈا سا؛ دیکھو Pole-axe۔

Polled : (a) (۱) بے سینگ کا؛ منڈا؛ سینگ کٹا۔ (۲) ٹھنٹھ؛ چھانٹا ہوا؛ سربریدہ؛ شاخ بریدہ (درخت)۔

Pollen : (n) [L. 'pollen.'] (نباتیات) زر؛ زردانہ؛ زرگل؛ پھول کا زیرہ؛ زیرۂ گل؛ زیرہ؛ پھول کا باریک سفوف جیسا مادہ جو پھول کا مردانہ عنصر ہوتا ہے اور بیضۂ گل کو بارور کرتا ہے۔

Pollen : (v) (نباتیات) زر دانہ پہنچانا یا داخل کرنا؛ زر گل نکلنا؛ زیرہ چھڑکنا (کسی جگہ یا کسی چیز پر)۔

Pollen analysis : (n) زیرہ دانی تجزیہ؛ زر دانۂ گل کی ساخت اور اس کے انتشار کا مصالحہ (Palynology)۔

Pollen box : (n) (نباتیات) زیرہ خانہ؛ زیرہ دان۔

Pollen - cell : (n) (۱) زیرہ خلیہ: وہ خلیہ جو بڑھ کر زیرۂ گل یا اس کا کوئی عضو بن جاتا ہے: زر خلیہ؛ خلیۂ زر گل۔ (۲) کیسۂ زر؛ کیسہ زیرہ۔ (۳) شہد کے چھتے کا وہ خانہ جس میں زیرے یا زرد دانے جمع کئے جاتے ہیں۔

Pollen count : (n) ہوا میں موجود زیرہ ہائے گل کی تعداد کا اشاریہ

جو زود اثر پذیر (Allergic) مزاج والوں کے لئے بطور انتباہ شائع کیا گیا ہو۔

Pollen - grain : (n) (نباتیات) زیرہ؛ زرِ گل؛ زردانہ۔

Pollen - granule : (n) (نباتیات) زر دانے یا زیرے کا ہر اساسی دانہ؛ (نیز) زر دانہ؛ زیرہ؛ زرِ گل۔

Pollen-sac : (n) (نباتیات) کیسۂ زر؛ کیسہ زرگل؛ زربر یا حامل زر کی (عموماً) چار درزوں یا جوفوں میں سے ہر ایک جن میں زیرۂ گل ہوتا ہے۔

Pollen- tube : (n) زر تار؛ زیرہ نال۔

Pollenate : (v) (نباتیات) (سر بقچہ وغیرہ پر) بارور کرنے کی غرض سے پھول کا زیرہ چھڑکنا یا بکھیرنا؛ زیرہ پاشی کرنا۔

Pollenless : (a) (نباتیات) بے زر؛ بے زر دانہ؛ بے زیرہ۔

Poller : (n) [f. Poll + -er.] (۱) رائے دہندہ؛ ووٹر۔ (۲) رائے دہندوں کو درج رجسٹر کرنے والا۔

Pollex : (n) [L.] (ہاتھ یا پاؤں کا) انگوٹھا؛ ریڑھ دار جانوروں کی پیروں کی سب سے اندورنی انگلی۔

Pollicitation : (n) [Fr. 'Pollicitation.'] (۱) وعدہ؛ تعہد؛ وعدہ کرنے کا عمل؛ قول و قرار۔ (۲) (قانونی دیوانی) وعدہ قابل استرداد؛ عہد بلا قبول؛ وہ وعدہ جو طرف ثانی نے قبول نہ کیا ہو اس لئے واپس لیا جاسکے۔

Pollinate : (v) [f. L. 'pollen , pollin - + -ate.] (نباتیات) (سربقچہ وغیرہ پر) بارور کرنے کی غرض سے پھول کا زیرہ چھڑکنا یا بکھیرنا؛ زیرہ پاشی کرنا۔

Pollinated : (a) زر پوش؛ زیرہ پوش؛ جس پر زیرہ چھڑکا گیا ہو۔

Pollination : (n) زیر گو؛ زیرہ پاشی؛ زر گل چھڑکنے یا بکھیرنے کا عمل (بار وری کے لئے)۔

Cross pollination : پار زیرگی۔

Self pollination : خود زیرگی۔

Pollinator : (n) حشرہ یا کیڑا جو زیرہ پاشی یا زیرگی میں معاون ہوتا ہے؛ زیرہ گیر یا زیرہ پاش کیڑا۔

Polling : (n) (۱) درخت کی پھننگ کو کاٹنے کا عمل؛ درخت کی

چھٹائی ۔ (۲) رائے شماری؛ رائے دہی؛ اندراج آرا؛ ووٹوں کا اندراج ؛ پولنگ ۔

Polling booth : (n) مقام رائے دہی؛ ووٹ دینے کی جگہ ۔

Polling station : (n) مرکز رائے دہی؛ پولنگ اسٹیشن ۔

Polling work : (n) کار رائے شماری ؛ رائے شماری کا کام۔

Pollinic : (a) زر گل کا؛ زیرۂ گل کا یا اس سے متعلق؛ زیروی۔

Polliniferous : (a) [Also, erron . Pollen - . f. L. 'pollenin.'] زیرہ دار؛ زر دار؛ جس میں زر گل کی کثرت ہو؛ زرگل پیدا کرنے والا ۔

Pollinigerous : (a) (حشریات) زر بر (کیڑا) ؛ زیرۂ گل کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے یا پھیلانے والا (کیڑا) ؛ (حشریات) جسے قدرت نے اس کام کے لئے بنایا ہو۔

Pollinium : (n) [mod. L. f. 'pollen, pollin+ium.'] پھول کے زربر یا حامل زر عضو کے جوف میں موجود زردانوں کا تودا یا ڈھیر جو Orchidaceae اور Asclepiadaceae کی خصوصیت ہے ؛ تودۂ زردانہ ؛ زر تودہ ملے زیرے ۔

Pollinodial : (a) Ascomycetous سماروغ کے Antheridium یا مردانہ تولیدی عضو سے متعلق یا اس جیسا ۔

Pollinodium : (n) [mod. L. f . 'Pollen , - in.'] Ascomycetous سماروغ کا Antheridium یا مردانہ تولیدی عضو ۔

Polliwog / Pollywog : (n) [f. Poll + Wiggie.] فرخ : مینڈک کا بچہ (جب تک اس کی دم اور گلپھڑے موجود ہوں)؛ بلبلیا ۔

Pollman : (n) (کیمبرج) معمولی سند یافتہ شخص ؛ جس کو آنرز کی ڈگری نہ مل سکی ہو بلکہ پاس کورس کی ڈگری دی گئی ہو ۔

Pollster : (n) رائے شماری کرانے والا ؛ الیکشن کرانے والا؛ وہ شخص جو عوامی رائے شماری کا انتظام کرتا ہے۔

Pollucite : (n) [orig. named 'Pollux.'] (معدنیات) الومینیم اور سیزیم (Caesium) کا سلیکیٹ جو چمکیلے شفاف اور بے رنگ بلوروں میں پایا جاتا ہے؛ پولو سائٹ ۔

Pollute : (v) [L. 'polluere.'] آلودہ کرنا؛ نجس کرنا ؛ ناپاک کرنا؛ گندہ کرنا ؛ بگاڑنا ؛ داغ دار کرنا ؛ بٹا لگانا ؛ غیرخالص کرنا ۔

Polluted : (a) آلودہ ؛ نجس؛ ناپاک ؛ میلا ؛ گندہ ؛ خراب؛ بگلاڑا یا بگڑا ہوا؛ ملوث ؛ غیر خالص ۔

Pollutedly : (adv.) آلودہ ہوکر؛ ناپاک ہوکر ؛ نجس طورپر؛ گندگی کے ساتھ؛ غیر خالص طور پر ؛ آلودگی سے ؛ آلودہ یا ناپاک طور پر ؛ ملوث ہوکر ۔

Pollutedness : (n) آلودگی؛ نجاست ؛ ناپاکی ؛ گندگی؛ خرابی؛ میلا پن۔

Polluter : (n) گندہ کرنے والا ؛ نجس یا ناپاک کرنے والا؛ آلودہ یا ملوث کرنے والا ۔

Pollution : (n) [L. 'pollutio.'] (۱) آلودہ یا ناپاک کرنے والا عمل ؛ آلودگی؛ نجاست؛ ناپاکی ؛ میلا پن؛ گندگی؛ خرابی؛ غیرخالص ہونا (خصوصاً) انسانی ماحول کی چھوت، گندگی یا نجاست ۔ (۲) توہین ؛ بے حرمتی؛ بے ادبی ؛ بے عزتی ؛ ناپاک یا نجس کرنا ۔ (۳) احتلام ؛ اخراج منی (بغیر جماع کے)؛ جریان؛ بدخوابی؛ (۴) دیکھو Nocturnal pollution .

Pollux : (n) [L. 'pollux.'] (۱) (یونانی اساطیر) Tyndarus اور Leda کے دو جڑواں بیٹوں میں سے ایک کا نام؛ موخر التوّامین ؛ پالکس ۔ (۲) (علم النجوم) مجموعۂ نجوم جوزا (میتھن) کا دوسرا ستارہ۔

Polly : (n) Poll به معنی طوطا یا میاں مٹھو کا اسم تصغیر جو بطور اسم تانیث یا طوطے کے نام کے طور پر استعمال ہوتا ہے ؛ (حیوانیات) طوطا۔

Polo : (n) [Balti (Indus valley) 'polo.'] (۱) ہاکی سے مشابہ ایک (مشرقی) کھیل جو گھوڑے پر سوار ہوکر ایک لمبے ڈنڈے اور لکڑی کی بنی گیند کے ذریعہ کھیلا جاتا ہے؛ چوگان کا کھیل ؛ پولو ۔ (۲) تیراکوں کا گیند کھیل (Water polo) جس میں گول بھی ہوتا ہے ۔ (۳) توصیفی معنوں میں مثلاً Polo-match وغیرہ ۔

Polo-stick : (n) چوگان؛ پولو کھیلنے کا ڈنڈا ۔

Polocyte : (n) ['pole + - o-+cyte.'] قطبی خلیہ؛ ان باریک خلیوں میں سے ایک جو بیضہ خلیہ کی پختگی کے دوران اس سے جدا ہوجاتے ہیں ۔

Polonaise : (n) [Fr. 'polonaise.'] (۱) پولو نیز (ایک قسم کا زنانہ لباس جس کے دامن کمر سے نیچے کھلے ہوتے ہیں یہ ابتداً پولستانی عورتوں کا لباس تھا) ۔ (۲) ایک قسم کا پولستانی ناچ ۔ (۳) وہ گت جو اس ناچ کے ساتھ بجتی ہے ۔

Polonaise : (v) پولو نیز ناچ ناچنا؛ دھیرے دھیرے اور پرتکلف یا

پرشوکت انداز میں چلنا یا حرکت کرنا۔

Polonian : (n) [f. med. L. 'polonia.'] (قدیم) پولستانی :پولینڈ کا رہنے والا: پولینڈی: پولش۔

Polonium : (n) [mod L.f. med. L. 'Polonia + -'ium? Named from the Polish nationality of Madame Curie.] پولونیم(ایک فلزی عنصر جس میں اشعاعی قوت (Radio- activity) بہت ہے) جسے ۱۸۹۸ء میں پروفیسر مادام کیوری نے پورینیم کے آکسائڈ (Pitchblende) میں دریافت کیا۔

Polony : (n) [Origin doubtful.] سور کے نیم پخت گوشت کا ڈلہ۔

Polt : (n) [Of unkn. origin.] (بول چال) مار: ضرب: بھرپور یلغاری ضرب۔

Polt -foot : (n) [app. f. Polt + foot] (۱)پھرا ہوا پاؤں : پھرے ہوئے پاؤں والا شخص (طب) گرز پائی: کاج پائی۔ (۲) (بطور صفت) پاؤں پھرا: پھرے ہوئے پاؤں والا۔

Polt-foot : (a) پاؤں پھرا : جس کے پاؤں پھرے ہوئے ہوں: (طب) گرز پا۔

Polt-footed : (a) دیکھو Polt- foot

Poltergeist : (n) [G. f. 'poltern + geist. '] وہ روح جو کھٹ کھٹاکر یا شوروغل سے اپنی آمد یا موجودگی کا اعلان کرتی ہے: شور کرنے والی روح : پرشور روح : (نفسیات) شرارت ارواح۔

Poltroon : (n) [Fr. 'poltron.'] نہایت بزدل: نرا ڈرپوک:بزدلا : نامرد: پست ہمت : ہیز: کم ظرف: ناکارہ: ذلیل (شخص): (نیز) بہ طور صفت۔

Paltroonery : (n) ڈرپوک ہونا : بزدلی : کم ہمتی : نامردی : کم ظرفی: ہیزپن : ہٹیا پن۔

Poltroonish : (a) بزدل جیسا : نامرد صفت : کم ظرف: ہٹیا۔

Poly / Poley : (n) [L. 'polium, polion.'] ایک خوش بو دار بوٹی جو کئی شکلوں کی ہوتی ہے۔

Poly : (comb.) [Gr. 'polus. '] یونانی لفظ Polus سے مشتق سابقہ یا جزو ترکیبی بہ معنی متعدد: کثیر : چند۔

Poly : (n) Polytechnic کا مخفف۔

Poly- mountain/ Mountain-poly : [L. 'Polliam montanum'.] ایک خوش بو دار بوٹی جو کئی شکلوں کی ہوتی ہے۔

Polyacid : (n) (کیمیا) کثیر ترشہ : کثیر گرفتہ۔

Polyactinal : (a) (حیوانیات) کثیر کرنہ۔

Polyadelphia : (n) [mod. L. f. Gr. 'adelphos.'] مشہور ماہر نباتیات Linnaeus کے دریافت کردہ نباتیاتی جنسی نظام کا اٹھارھواں طبقہ جو ان پودوں پر مشتمل ہے جن کے پھولوں کے زرہر یا حاملان زر پتن یا زیادہ کے گچھوں میں متحد رہتے ہیں۔

Polyadelphian /-ous : (a) نباتیاتی جنسی نظام کے اس (اٹھارھویں) طبقے سے متعلق: کثیر بندہ: کثیر بندوی: جس کے حاملان زر تین یا زیادہ کے گچھوں میں ہوں: کثیر بندوی حاملان زر والا : (نیز) (حاملان زر) جو تین یا زیادہ کے گچھوں میں متحد رہتے ہوں۔

Polyandria : (n) [mod. L. f. Gr. 'polyandria.'] (۱) (نباتیات)کثیر نری پودے Linnaeus کے نباتیاتی جنسی نظام کا تیرھواں طبقہ جس میں وہ پودے ہیں جن کے بیس یا زیادہ حاملان زر ایک ہی سوراخ یا کرسی میں گھسے ہوئے ہوتے ہیں : (نیز) بعض سلسلوں کا نام مثلاً Monadelphia , Gynandria, Monoecia : ہن کے حاملان زر کی بنا پر ان کے سلسلوں کی تقسیم کی جاتی ہے۔ (۲) (حیوانیات، بشریات) دیکھو Polyandry.

Polyandrian / Polyandric : (a) (۱) (نباتیات) کثیر نرہ: کثیر زر ریشی: متعدد نرہ: چند نرہ (خصوصاً Polyandria طبقے کا)۔ (۲) چند شوہر : چند شوہر دار: متعدد شوہر: کئی شوہر والی۔

Polyandrist : (n) زن چند شوہر : متعدد شوہری عورت: چند شوہردار عورت : وہ عورت جس کے کئی شوہر ہوں۔

Polyandrous : (a) دیکھو Polyandrian

Polyandry : (n) تعدد ازدواج کی وہ صورت جس میں ایک عورت بہ یک وقت دو یا زیادہ شوہر رکھتی ہے: چند شوئی: چند شوہری۔

Polyantha : (a) (نباتیات) کثیر گلہ: چند گلہ۔

Polyantha rose : (n) گلاب کی ایک قسم جس میں چھوٹے چھوٹے پھول گچھوں میں کھلتے ہیں۔

Polyanthus : (n) [mod . L. 'polyanthus.'] (۱) Primula کی ایک قسم جس میں مختلف اللون پھول کھلتے ہیں، خصوصاً سرخی مائل بھورے یا ارغوانی جن کی آنکھیں اور حاشیے زرد ہوتے ہیں۔ یہ ایک ہی شاخ گل پر چھتری نما یا گچھوں میں کھلتے ہیں : (نباتیات) شفتہ الثور؛ زہر الربیع؛ بسنتی گلاب ۔ (۲) توصیفاً یا بطور صفت۔

Polyanthus narcissus : (n) گل نرگس کی ایک قسم (جس کے پھول ایک ہی شاخ گل پر چھتردار گچھوں میں کھلتے ہیں) ۔

Polyarch : (a) [Gr. 'archia.'] (نباتیات) کثیر خشب لائی؛ (کسی شاخ یا جڑ کی نسیج یا بنیادی ریشہ) جو کئی بنیادی نقطوں یا سروں سے ابھرتا یا نشو و نما پاتا ہے ؛ کئی بنیادی نقطوں کے سہارے نشو و نما پانے والا ؛ چند سری۔

Polyarchy : (n) [Gr. 'Archia'.] (۱) چند سری حکومت ؛ کسی شہر یا ریاست کی حکومت جو کئی افراد مل کر چلاتے ہوں؛ کثیر عملی؛ جماعتی حکومت ۔ (۲) (نباتیات) کثیر خشب لائی یا چند سری ہونے کی حالت (کسی شاخ یا جڑ کی نیسج یا بنیادی ریشے کی)۔

Polyarthritis : (n) ورم مفاصل؛ دو یا زیادہ جوڑوں کا ورم ۔

Polyatomic : (a) (کیمیا) کسی مادے کے کئی جوہروں پر مشتمل یا ان کا حامل؛ (خصوصاً) ہائیڈروجن کے کئی بدل پذیر جوہروں کا حامل؛ کثیر جوہری؛ چند جوہری؛ (نیز) کثیر گرفتہ ۔

Polyaxial : (a) (بلور) متعدد محورہ ۔

Polyaxon : (a) (۱)متعدد محورہ (عصبی خلیہ)۔ (۲) (حیوانیات) متعدد محورہ سوزن اسفنج ۔

Polybasic : (a) (کیمیا) چند اساسی؛ چند یاسی؛ دو یا زیادہ اساس یا اساسی سالمات والا ۔

Polybasic acid : (n) وہ ترشہ جس میں ہائیڈروجن کے تین یا زیادہ بدل پذیر جوہر ہوں ۔

Polybasite : (n) [G. 'polybasit'] (معدنیات) دھات جیسی چمک اور لوہے جیسے سیاہ رنگ کا چاندی اور تانبے کا سلفر سنو اینٹی موناٹ؛ ہالی بسائٹ ۔

Polybranchiata : (n) (حیوانیات) کثیر خیشومیہ ۔

Polybranchiate : (n) (حیوانیات) کثیر خیشومیہ ۔

Polycaon : (n) [mod. L . doubtful origin.] بھونروں کی ایک قسم جس کے پہل روپ بعض درختوں کی شاخوں اور ٹہنیوں میں چھید کردیتے ہیں ۔

Polycarbic : (a) چندکار بنی؛جس میں کاربن کے دو یا زیادہ جوہر ہوں ۔

Polycarpellary / -pous :(a) کثیر بقچہ ؛ کثیر بقچوی؛ کثیر ثمر برگہ ۔

Polycephalous : (a) کثیر پتیا ۔

Polychaete / Polychete : (a) [mod. L 'polychacta.'] (حیوانیات) حشرات کے ایک طبقے Chaetopoda کی ایک قسم؛ Polychaeta سے متعلق جن کے پاؤں میں کئی خار ہوتے ہیں ؛ چند خاری؛ کثیر ابریہ ۔

Polychaete /Polychete: (n) اس قسم کا کوئی کیڑا؛ چند خاری کیڑا ؛ کثیر ابریہ حشرہ ۔

Polychord : (n) (۱)سارنگی جیسا ایک قسم کا باجا جس میں دس تانت ہوتے ہیں اور جو انگلیوں کے ذریعہ یا کمانچے سے بجایا جاتا ہے ۔ (۲) Oct-oave- coupler کی ایک قسم کا تجارتی نام ۔

Plychroic : (a) دیکھو Pleochroic

Polychroite : (n) (کیمیا)مختلف اللون زعفران کارنگ جومختلف [Fr.] چیزوں کے ساتھ مل کر مختلف رنگ دیتا ہے : زعفران کا رنگین مادہ ۔

Polychromatic : (a) مختلف اللون ؛ کثیر الالوان؛ رنگا رنگ؛ مختلف رنگوں والا ؛ رنگ برنگ کا ۔

Polychromatic acid : (n) (کیمیا) ایک مختلف اللون ترشہ؛ Aloetic acid کا دوسرا نام چونکہ وہ سفوف، محلول، مخلوط ہر حال میں مختلف اللون ہوتا ہے ۔

Polychrome : (a) [Fr.] مختلف اللون ؛ رنگا رنگ؛ (خصوصاً) کئی رنگوں سے رنگا ہوا یا آراستہ کیا ہوا؛ کئی رنگوں میں چھپا ہوا ۔

Polychrome : (n) (۱) رنگا رنگ مصوری؛ رنگا رنگ نقاشی؛ کئی رنگوں کا کام ؛ رنگا رنگ نقش و نگار؛ (خصوصاً) رنگین مجسمہ؛ مجسمہ رنگا رنگ۔ (۲)مختلف رنگ سازی یا رنگ ریزی؛ مختلف رنگوں سے بنا ہوا کام ؛ تصویر رنگا رنگ ۔ (۳) (کیمیا) Aesculin کا ایک نام جو اس کے محلول یا عرق کے رنگ کی بنا پر ہے ۔

Polychromic : (a) (۱)رنگ رنگ ؛ رنگ برنگ کا؛ مختلف اللون ۔ (۲) توصیفاً Polychromic acid میں ۔

Polychromic acid : (n) (کیمیا) ایک مختلف اللون ترشہ؛ Aloetic acid کا دوسرا نام چونکہ وہ سفوف، محلول، مخلوط ہر حال میں مختلف اللون ہوتا ہے۔

Polychromous : (a) دیکھو Polychromic

Polychromy : (n) [Fr. 'polychromie.'] رنگ برنگی مصوری یا نقاشی (کا فن) ؛ (خصوصاً) برتنوں یا تعمیرات کی رنگا رنگ نقاشی ؛ (ان پر بنے) رنگ برنگے نقش و نگار۔

Polyclinic : (n) (۱) ہر طرح کی بیماریوں کے علاج کا شفا خانہ ؛ شفا خانہ عام ؛ عام دارالشفا ؛ مطب عمومی ۔ (۲) وہ ادارہ جہاں ہر طرح کی بیماریوں کے لئے معالجاتی تعلیم دی جاتی ہو؛ طبی درس گاہ جہاں ہر طرح کی بیماریوں سے متعلق تعلیم دی جاتی ہو۔

Polycoccus : (a) (جرثومیات) کثیر انبقوی ۔

Polyconic : (a) (ریاضیات) متعدد مخروطی؛ متعدد مخروطوں والا یا متعدد مخروطوں پر قائم ؛ (map- projection کے ایک طریقے پر اطلاق ہوتا ہے)۔

Polyconic : (n) متعدد مخروطی خاکہ ؛ متعدد مخروطی تظلیل ۔

Polyconic projection : (n) متعدد مخروطی تظلیل۔

Polycotyledon : (n) (نباتیات) متعدد فلقوی پودا؛ وہ پودا یا پیڑ جس کے بیج میں دو سے زیادہ دالیں ہوتی ہیں؛ متعدد دالہ پودا؛ متعدد لکھوؤں یا بیج پتیوں والا پودا ۔

Polycotyledonous : (a) (نباتیات) متعدد فلقوی؛ متعدد دالہ ؛ متعدد لکھوؤں یا بیج پتیوں والا ۔

Polycracy : (n) (سیاسیات) کثیر عمل؛ جماعت شاہی۔

Polycrase : (n) (معدنیات) پالیکریز؛ ایک قسم کی سیاہ چمکیلی معدنی شے ۔

Polycrotic : (a) (عضویات) متعدد ضربی (نبض) ؛ پیچیدہ ضرب والی (نبض)۔

Polycrotism : (n) (عضویات) متعدد ضربیت ۔

Polycyclic : (a) کثیر حلقوی؛ کثیر دوری ۔

Polycystic : (a) کثیر دوپری ۔

Polycystic kidney : (n) کثیر دوپری گردہ ۔

Polycythemia / Polycythacmia : (n) (۱) (طب) کثیر ذرات خون؛ وہ حالت جب خون میں سرخ ذرات کی کثرت ہوجاتی ہے۔ (۲) اس سے پیدا شدہ مرض ۔

Polycythemia vera : (n) خون میں سرخ رات یا جسیموں کی زیادتی سے پیدا شدہ بیماری جس میں امتلاء دموی، نکسیر پھوٹنا اور طحال بڑھ جانے کی شکایت پیدا ہوجاتی ہے؛کثرت الدم؛ غلبۂ خون ۔

Polydactyl/ Polydactyle : (a) (حیوانیات) معمول سے زیادہ انگلیوں والا ؛ کثیر انگشتہ ؛ متعدد انگلیوں والا ؛ کثیر الاصابع۔

Polydactyl : (n) کثیر انگشتہ حیوان؛ وہ جانور جسے معمول سے زیادہ انگلیاں یا ناخن ہوں ۔

Polydaemonism / Polydemonism : (n) کئی دیوتاؤں پر عقیدہ؛ کئی دیوتاؤں کی پرستش ؛ کئی فوق الفطری قوتوں یا بد روحوں پر عقیدہ ۔

Polydipsia : (n) مریضانہ یا غیر معمولی پیاس ؛ شدت عطش ؛ عطاش ؛ پیاس کی شدت ۔

Polydynamic : (a) کثیر القوت ؛ بہت سی یا مختلف طاقتیں رکھنے والا؛ مختلف یا بہت سی طاقتوں سے متعلق؛ مختلف القوت ۔

Polyedral : (۱)کثیر السطوح؛ کثیر پہلو؛ کثیر الاضلاع؛ کثیر الضلاعی شکل کا ۔ (۲) دیکھو Polyhedral ۔

Polyembryonate : (a) (نباتیات) کثیر الجنین؛ ایک سے زیادہ جنینوں والا ۔

Polyembryonic : (a) دیکھو Polyembryonate

Polyembryony : (n) (نباتیات، حیوانیات) کثیر جنینی؛ ایک ہی تخم میں دو یا زیادہ جنینوں کی تشکیل یا وجود۔

Polyester : (n) (۱) پولسٹر ؛ کیمیاوی طور پر انسان کا بنایا ہوا ریشہ یا سوت جس سے کپڑا بنتا ہے؛ پولسٹر کا بنا ہوا کپڑا ؛ (نیز) Polyster fibre-

Polyethylene : (n) پولی تھیلین ؛ Ethylene کا Polymer خصوصاً Polythene .

Polygala : (n) [Gr. Polygalon.] (نباتیات) حشیش الحلیب ؛ شیرزا ؛ جڑی بوٹی اور جھاڑیوں کی ایک نوع جو کئی رنگوں کی ہوتی ہے اور پھول گچھوں میں کھلتے ہیں۔

Polygamia : (n) [mod. L. f. Gr. 'polygamos.'] (نباتیات) متعدد

جنسی پودا؛ پودوں کی ایک قسم جس کے ایک ہی پودے میں یک جنسی اور دو زوجی دونوں طرح کے پھول کھلتے ہیں؛ نباتات کے Linnaean جنسی نظام کا تیئسواں طبقہ' مخلوط الزوج پودا۔

Polygamian : (a) (طب) متعدد جنسی؛ مختلف الزوج؛ پودوں کی اس قسم سے متعلق جس کے ایک ہی پودے میں یک جنینی اور دو زوجی دونوں طرح کے پھول کھلتے ہیں۔

Polygamian : (n) متعدد جنسی پودا؛ مخلوط الزوج پودا۔

Polygamic : (a) تعدد ازدواج سے متعلق؛ چند زوجی ؛کثیر زوجی۔

Polygamious : (a) دیکھو Polygamian (a)

Polygamist : (n) (۱)کثیر الازدواج شخص ؛ چند زن مرد یا چند شوہر عورت ؛ تعدد ازدواج کا حامی؛ (عموماً) کئی بیویاں رکھنے والا۔ (۲) (توصیفاً) کثیرالازدواج؛ متعدد زوجاتی ؛ چند زن دار۔

Polygamistic : (a) کثیر الازدواج شخص جیسا؛ تعدد ازدواج کی حمایت کرنے والوں کا یا ان کی خصوصیت کا۔

Polygamous : (a) (۱) چند زن ؛ کثیر الازواج (وہ مرد) جس کے ایک وقت میں کئی بیویاں ہوں ؛ تعدد ازدواج کا یا اس سے متعلق ؛ متعدد زوجاتی۔ (۲) (شاذ) چندشو؛ (وہ عورت) جس کے کئی شوہر ایک وقت میں ہوں۔ (۳) (حیوانیات) متعدد جفتہ؛ چند نری؛ چند مادی (جانور)؛ ایک ہی وقت میں ایک سے زیادہ یا کئی نر یا مادہ رکھنے والا (جانور)؛ چند نری یا مادی ہونا جس کی نوعی خصوصیت ہو (عموماً) چند مادی۔ (۳) (نباتیات) Linnaean جنسی نظام کے تئیسویں طبقے Polygamia کا ؛ مخلوط الزوج ؛ متعدد جنسی پودا۔

Polygamously : (adv.) تعدد ازدواج کی رو سے ؛کثیر الازدواج ہوکر؛ مخلوط الزوج طور پر۔

Polygamy : (n) [Fr. 'polygamie.'] (۱) تعدد ازدواج ؛ کثرت ازدواج؛ چند زن؛ چند شوئی؛ ایک ہی ساتھ کئی کو نکاح میں رکھنا؛ ایک ہی ساتھ کئی سے نکاح کرنا۔ (۲) (مجازاً) کلیسائی جاگیر یا اوقاف کی کثرت۔ (۳) (حیوانیات) ایک سے زیادہ یا کئی جنس مخالف کے ساتھ جفتی کرنے کی عادت یا خاصیت؛ (عموماً نر کی مادائں کے ساتھ جس طرح (زجاجی پرندوں، مرغ، بط وغیرہ میں)۔

Polygastric : (a) چند شکمی؛ چند معدی؛ (وہ حیوان) جس کے ایک سے زیادہ معدے ہوتے ہیں۔

Polyastric : (n) چند شکمی (یک خلیہ) اجرام۔

Polygenesis : (n) (نظریہ) تعدد اصل؛ تعدد نسل؛ کثیر الاصلی؛ ایک نوع کا کئی جدا جدا مورثوں کی نسل سے ہونا یا کئی جدا جدا تخموں سے پیدا ہونا؛ کسی نسل یا نوع کا کئی جداگانہ مورثوں ، جرثوموں یا تخموں سے وجود میں آنا۔

Polygenetic : (a) کثیر الاصل کثیر نسلہ۔

Polygenetically : (adv.) کثیر الاصل طور پر۔

Polygenic : (a) (۱) (کیمیا) کیثر التراکیب؛ ہائیڈروجن کے ساتھ جس کے ساتھ ایک سے زیادہ مرکب بن سکیں۔ (۲) (ارضیات) چند صخری؛ کثیر الصخر؛ جو مختلف قسم کی چٹانوں سے مرکب ہو۔ (۳)(حیاتیات) کثیرالنسل۔

Polygenism : (n) (۱) (بشریات) یہ نظریہ کہ نوع انسانی جدا جدا ماں باپ کی اولاد سے ہیں؛ کثیر المورثی؛ (عقیدہ) متعدد نسلیت؛ یہ عقیدہ کہ نسل انسانی کئی جداگانہ انواع پر مشتمل ہے۔ (۲) (حیاتیات) متعدد اصلیت۔

Polygenist : (n) کثیرالموروثی کا قائل؛ معتقد متعدد نسلیت ؛ (نیز توصیفاً)۔

Polygenistic : (a) کیثر الموروثی کا۔

Polygenous : (a) [f. Gr. polygenys.'] (۱) مختلف النوع اجزا سے مرکب ؛ کثیر التراکیب؛ کثیر مرکبہ۔ (۲) (ارضیات) مختلف النوع چٹانوں سے بنا ہوا یا مرکب ؛کثیر الصخر؛ چند صخری۔ (۳) (کیمیا) کثیرالتراکیب ؛ جس کے ہائیڈروجن کے ساتھ کئی مرکب بن سکیں۔ (۴) کثیر المورثی کا یا اس سے متعلق؛ (عقیدۃً) متعدد نسلیت سے متعلق؛ تعدد اصلیت کا یا اس سے متعلق۔

Polygeny : (n) [Fr. 'polyglotte.'] مورثوں کے کئی جدا جدا جوڑوں سے نوع انسانی (یا کسی بھی نوع) کی؛ (نظریاتی) پیدائش؛ نوع انسانی کی پیدائش کا یہ نظریہ کہ وہ جدا جدا ماں باپ کی اولاد سے ہیں ؛ کثیر المورثی؛ (نظریہ) تعدد اصلی (بشریات) تعدد نسل۔

Polyglot : (a) [Fr. 'polyglotte.'] (۱) (وہ شخص) جو کئی زبانیں بولتا یا لکھتا ہے۔ (۲)کئی زبانوں کا؛ کئی زبانوں سے متعلق؛ چند زبانی؛ (خصوصاً) بہت سی یا کئی زبانوں میں لکھی ہوئی (کتاب یا کوئی تحریر)۔

Polyglot /Polyglottism : (n) (۱)وہ شخص جو کئی زبانیں بولتا یا

لکھتا ہے؛ ہفت زبانی۔ (۲) وہ کتاب یا تحریر (خصوصاً بائبل) جو کئی زبانوں میں ہو؛ چند زبانی کتاب۔ (۳) کئی زبانوں کا مرکب (شاذ)۔

Polyglotism /Polyglottism : (n) چند زبانیت؛ کئی زبانوں کا استعمال یا کئی زبانیں بولنے یا لکھنے کی صلاحیت یا خاصیت؛ ہفت زبانی۔

Polyglottal / Polyglottic/ Polyglottous : (a) دیکھو Polyglot

Polyglottally : (adv.) کئی زبانوں میں؛ ہفت زبان طور پر؛ ہفت زبانی سے۔

Polygon : (n) [L. 'Polugonum'.] (۱) (ہندسہ) کثیر الزوایا؛ کثیر الاضلاع وہ شکل جس میں (عموماً) چار سے زیادہ زاویے یا پہلو ہوں؛ شکل کثیر الاضلاع۔ (۲) (ارضیات) کثیر زوایائی اعداد۔ (۳) کثیر الاضلاع شکل کی کوئی چیز۔

Funicular polygon : (n) تنے ہوئے رسے کی وہ شکل جس کے دونوں بندھے ہوئے سروں کے بیچ کئی مقامات پر کچھ وزنی چیزیں لٹکادی گئی ہوں؛ طنابی کثیر الاضلاع شکل۔

Polygon : (a) کثیر الزوایا؛ بہت سے زاویوں والا؛ بہت سے پہلوؤں والا۔

Polygon of forces : (n) قوائی کثیر الاضلاع؛ قوتوں کا کثیر الاضلاع؛ ایک نقطے پر عمل کرتی ہوئی متعدد قوتوں سے متعلق کسی کلیے کو ظاہر کرنے والی کثیر الاضلاع شکل۔

Polygon of velocities : (n) حرکتوں کا کثیر الاضلاع؛ رفتار کا کثیر الاضلاع۔

Polygonaceae : (n) [mod. L. 'polygonum + - acae'] (نباتیات) ریوندیہ؛ جڑی بوٹی؛ جھاڑیوں اور درختوں کا ایک خاندان۔

Polygonacous : (a) (نباتیات) ریوندی؛ ریوندیہ خاندان کا (پودا یا درخت)۔

Polygonal : (a) (۱) کثیر الاضلاعی؛ کثیر الاضلاعی شکل کا؛ بہت سے زاویوں یا پہلوؤں والا۔ (۲) کثیر الزوایائی اعداد۔

Polygonal numbers : (n) کثیر زوایائی اعداد۔

Polygonally : (adv.) کثیر الاضلاع کی حیثیت سے۔

Polygoneutic : (a) (حیوانیات) ایک سال میں کئی جھول بچے جننے والی؛ متعدد جھولی؛ چند جھولی۔

Polygonium : (n) (نباتیات) کثیر الساق؛ جنس ہفت بند؛ جنس انجبار (پودوں کی ایک قسم جن کے ڈنٹھلوں کے جوڑ یا گرہیں پھولی ہوئی ہوتی ہیں)؛ موٹی گرہوں والے پودوں کی جنس جس میں Knotgrass, snakeweed وغیرہ شامل ہیں۔

Polygonum : (n) [mod. L.] دیکھو Polygonium

Polygonum Avicular : (n) (نباتیات) ہفت بند۔

Polygonum Bistorta : (n) (نباتیات) انجبار۔

Polygram : (n) کثیر الخطوط شکل یا خاکہ؛ کوئی شکل یا خاکہ جو بہت سے (باہم متقاطع) خطوط پر مشتمل ہو۔

Polygraph : (n) (۱) کثیر نگار آلہ؛ وہ آلہ جس سے ایک ہی دفعہ اور ایک جیسے دو یا زیادہ خاکے یا تحریریں نکلتی ہوں۔ (۲) نقل نگار؛ نقل بردار؛ ایک کاغذ کی کئی نقلیں کرنے کی مشین؛ خصوصاً نقلیں تیار کرنے کا جلاتینی پیڈ۔ (۳) (عضویات) متعدد عمل نگار یا عضلات نگار آلہ؛ عضلات کے سکڑنے اور پھیلنے کو بتانے والا آلہ۔ (۴) ہر فن نویس؛ بسیار نویس؛ وہ شخص جس نے بہت سی یا مختلف قسم کی کتابیں لکھی ہوں؛ کثیر التصنیف مصنف۔

Polygraphic : (a) (۱) بسیار نویس؛ بہت لکھنے والا؛ بہت سے موضوعات پر لکھنے والا (شاذ)۔ (۲) میکانیکی طور پر تصویروں کی نقلیں اتارنے کے اس طریقے پر اطلاق ہوتا ہے جسے ۱۷۸۸ء میں جوزف بوتھ نے ایجاد کیا تھا)۔ (۲) کثیر نگار آلے کا یا اس سے متعلق؛ نقل نگار مشین کا یا اس سے متعلق؛ کسی خاکے یا تحریر کی نقلیں تیار کرنے کے لئے استعمال کیا ہوا؛ کثیر نگار آلے یا نقل نگار مشین سے تیار شدہ۔ (۳) ہر فن نویسی کا؛ بسیار نویسی کا۔

Polygraphical : (a) دیکھو Polygraphic

Polygraphy : (n) [Gr. 'polygraphia.'] (۱) بسیار نویسی؛ ہر فن نویسی۔ (۲) تصویروں کی نقلیں تیار کرنے کا ایک طریقہ جسے ۱۷۸۸ء میں جوزف بوتھ نے ایجاد کیا تھا۔ (۳) کثیر نگار آلے کا استعمال یا اس سے کام لینے کا عمل۔

Polygynia : (n) [f.mod. L. 'polygymus] Linnaean (۱) (نباتیات) کے جنسی نظام کے بعض طبقوں کا ایک سلسلہ جو ایسے پودوں پر مشتمل ہے جن کے پھول بارہ سے زیادہ Styles یا بقہوں کے حامل ہوتے ہیں؛ کثیر بقہویت۔ (۲) چند زوجیت (شاذ)۔

Polygynist : (n) چند زوجیت یا تعدد ازواج کا حامی؛ چند زن مرد؛ کثیر الازواج مرد ؛ متعدد زوجات مرد؛ کئی بیویاں رکھنے والا شخص ۔

Polygynous : (a) {f.mod. L. 'polygynus.'} (۱) (نباتیات) Polygynia سلسلے کا؛ کثیر بقچوی ؛ جس میں کئی بقچۂ گل ، سر بقچہ یا گردن بقچہ ہوں ۔ (۲) ایک سے زائد یا کئی بیویاں رکھنے والا ؛ (سماجیات) متعدد زوجات ؛ چند زوج کثیر الازواج؛ چند زن ؛چند زوجیت یا تعدد ازواج پر عمل کرنے والا یا اس سے متعلق ۔ (۲) (حیوانیات) متعدد جفتہ ؛ کئی مادائیں رکھنے والا ؛ چند جفتگی جس کی نوعی خصوصیت ہو ؛ چند جفتگی کی خصوصیت کا حامل (جانور) ۔

Polgyny : (n) (۱) تعدد ازدواج کی وہ صورت جس میں ایک مرد کی کئی بیویاں ہوں ؛ خِرّ ؛ تعدد زوجات ؛ چند زنی ؛ چند زوجیت ؛ تعدد از دواج ۔ (۲) (حیوانیات) (نر جانوروں کا) ایک سے زیادہ مادائیں رکھنا؛ چند جفتگی ؛ چند مادگی ۔ (۳) (نباتیات) کثیر بقچویت ؛ کثیر مادگی ۔

Polyhaemia : (n) (مرضیات) خون کی زیادتی ؛ کثرت الدم ؛ کثرت خون ؛ امتلاء دموی ؛ غلبۂ خون ۔

Polyhalite : (n) [G. 'polyhalit.'] (معدنیات) کیلشیم ، پوٹاشیم اور میگنیشیم کا آب دار سلفیٹ جو عموماً سرخ یا زردی مائل رنگ کے ریشہ دار تودوں میں ہوتا ہے ۔

Polyhedral / Polyedral : (a) [f. Polyhedron + -al] (۱) کثیر السطوح ؛ کثیر پہلو ؛ کثیر الاضلاع ؛ کثیر الاضلاعی شکل کا ۔ (۲) تین یا زیادہ سطحوں کو ایک نقطے پر ملنے سے بنا ہوا (زاویہ) (عام طور پر اسے Solid angle کہتے ہیں)؛ ٹھوس زاویہ ؛ مجسم (زاویہ)۔

Polyhedral angle : (n) زاویۂ مجسم ؛ ٹھوس زاویہ ۔

Polyhedric / -al : (a) کثیرالاضلاع کی شکل کا ؛ کثیر السطوح ؛ کثیر پہلو ؛ (نیز مجازاً) متنوع ؛ ہمہ گیر ؛ ہفت پہلو ؛ کثیر پہلو ؛ کثیر الوجود ۔

Polyhedron / Polyedron : (n) [Gr. ' Polyedron .'] (۱) (ہندسہ) کوئی ٹھوس شکل جو کئی (عموماً چھ سے زائد) سطحوں یا پہلوؤں پر مشتمل ہو ؛ کثیر الاضلاع مجسم ؛ اس شکل کی کوئی بھی چیز ۔ (۲) کثیر پہلو یا کثیر الاضلاع شیشہ یا عدسہ جس میں ایک ہی چیز کی کئی تمثالیں بہ یک وقت نظر آئیں؛ متعدد عکسی شیشہ ؛ کثیر عکسی شیشہ ؛ عدسۂ کائر ۔

Polyhedrous : (a) دیکھو Polyhedral

Polyhistor /- ian : (n) [Gr. 'polyhisto'] وہ شخص جو مختلف علوم پر حاوی ہو ؛ جامع العلوم ؛ ہمہ داں ؛ عالم متبحر؛ جید عالم ؛ علامہ ۔

Polyhistoric : (a) عالمانہ ؛ کسی جید عالم کی طرح ؛ جامع العلوم جیسا؛ ہمہ داں ؛ جامع العلوم ؛ عالم متبحر ؛ جید عالم ۔

Polyhistory : (n) ہمہ دانی ؛ جامعیت ؛ متبحر علمی ۔

Polyhybrid : (n) (حیوانیات) کامل دوغلا؛ دوغلا در دوغلا ۔

Polylingual : (a) کئی زبانوں کا ؛ چند زبانی ؛ جہاں کئی زبانیں بولی جاتی ہوں یا (رسالہ وغیرہ) جس میں کئی زبانیں ہوں یا جو کئی زبانوں میں شائع ہوتا ہو ۔

Polylogia : (n) (طب) مسلسل کلامی ۔

Polylogy : (n) کثیر کلامی ؛ کثرت تکلم ؛ مسلسل کلامی ؛ بسیار گوئی بکواس (شاذ) ۔

Polymastia / Polymasticia / Polymasticism : (حیوانیات) متعدد پستان ؛ معمول سے زیادہ پستان ہونے کی حالت ۔

Polymastic : (a) (حیوانیات) متعدد پستان دار ؛ (وہ جانور) جس کے معمول سے زیادہ پستان ہوں ؛ جس کے پستانوں کی تعداد معمول سے زیادہ ہو ۔

Polymath : (n) بہت اور مختلف النوع علوم کا جاننے والا ؛ مختلف علمی موضوعات پر قدرت رکھنے والا ؛ جامع العلوم ؛ عالم متبحر ؛ جید عالم؛ ہمہ داں؛ علامہ؛ (نیز توصیفاً)۔

Polymathic : (a) عالمانہ ؛ کسی جامع العلوم شخص سے متعلق؛ مختلف موضوعات و علوم پر قدرت رکھنے والا ۔

Polymathy : (n) ہمہ دانی ؛ جامعیت ؛ متبحر علمی ۔

Polymeniscous : (a) متعدد عدسی ؛ کثیر عدسی (چشم حشرہ) ؛ بہت سی عدسی یا پردوں سے مل کر بنی ہوئی(چشم حشرہ)۔

Plymer : (n) [Gr. 'polymer.'] (کیمیا) کثیر سالمی مرکب؛ پالمیر ؛کثیر ترکیبہ ؛ کثیر الاوزان یا کثیر سالمی مرکبات میں سے کوئی ایک ؛ کثیر ترکیب مرکب ۔

Polymeric : (a) (کیمیاوی مرکبات) جن میں ایک ہی قسم کے عناصر ایک ہی تناسب میں ہوں لیکن کسی ایک مرکب کی بہ نسبت دوسرے میں کئی عناصر کے جوہروں کی

تعداد اور ان کا سالماتی وزن اول الذکر سے زیادہ ہو؛ کثیر الاوزان ؛ کثیر سالمی ۔

Polymeride : (n) دیکھو Polymer

Polymerism : (n) (۱) کثیر ترکیبی ؛ پالیمریت ؛ کثیر سالمی ؛ یا کثیر الوزن ہونے کی حالت ۔ (۲) (حیاتیات) کثیر الارکان ہونے کی حالت؛ بہت سے حصوں یا ٹکڑوں سے مل کر بنے ہوئے ہونے کی حالت؛ کثیر پارہ یاکثیر جزہ ہونا ۔

Polymerization : (n) کثیر سالمی یا کثیر الاوزان مرکبات بنانے کا عمل یا طریق عمل ؛ کثیر سالمی مرکبات کی تشکیل؛ کثیر الارکان بنانے کا عمل یا طریق عمل ؛ (کیمیا)کثیر سالماؤ ؛ پولیمیراؤ ۔

Polymerize : (v) (۱)کثیر سالمی یا کثیر الاوزان بنانا ؛ کثیر سالمی یا کثیر الوزن مرکب تیار کرنا ۔ (۲) کثیر سالمی یا کثیر الاوزان ہونا ؛ کثیر سالمی یا کثیر الوزن مرکب میں تبدیل ہونا ۔ (۳) (حیاتیات) کثیر الارکان یا کثیر جزہ بنانا ؛ کثیر پارہ بنانا ۔

Polymerous : (a) (تاریخ موالید) کثیر الارکان ؛ بہت سے حصوں یا ٹکڑوں سے مل کر بنا ہوا ؛ کثیر پارہ ؛ کثیر جزہ ۔

Polymery : (n) کثیر الارکان کی حالت ؛ کثیر پارگی ؛ کثیر جزئی۔

Polymetrical tables : (n) کثیر پیمائشی نقشہ ؛ کثیر پیمائشی جدول ۔

Polymorph : (n) [Gr. 'polymorphos.'] (۱) (تاریخ موالید) کثیر الاشکال جسم نامی یا جسیمہ ؛ کثیر الاشکال نوع کا کوئی فرد؛ کثیر شکلہ خلیۂ خون ۔ (۲) (کیمیا،معدنیات) کوئی مادہ جو دو یا زیاہ مختلف شکلوں میں بلور بنتا ھے ؛ کثیر شکلہ مادہ ۔

Polymorphic : (a) (۱) کثیر الاشکال ؛ کثیر الاقسام (پودوں یا حیوانات) کی کوئی نوع یا کوئی پھوٹ نکلنے والی بیماری)۔ (۲)مختلف شکلیں اختیار کرنے والا (حیوان، امیبا وغیرہ)۔ (۳) کئی (ایک دوسرے سے مختلف) شکلوں میں بدل جانے والا ؛ یکسر شکل بدل دینے والا ۔

Polymorphism : (n) کثیر شکل ؛ کثیر الاشکالی یا کثیر الاقسام ہونے کی حالت؛ کثیر الاشکالی ۔

Polymorpho - : (n) [Gr. 'polymorphos. '] جزو ترکیبی بمعنی کثیر الاشکال؛ کثیر شکلہ ۔

Polymorphonuclear / Polymorphonucleate : (a) مختلف شکلوں کی کئی نیوکلیائی مرکزوں والا؛ کئی مختلف الاشکال نیو کلیائی مرکزوں والا ۔

Polymorphous : (a) (۱) کثیر الاشکال ؛ کثیر الاقسام (پودوں یا حیوانات کی نوع یا کوئی پھوٹ نکلنے والی بیماری)؛ کثیر شکلہ (پودا یا حیوان) ۔ (۲) مختلف شکلیں اختیار کرلینے والا (حیوان، امیبا وغیرہ) ۔ (۳) کئی (ایک دوسری سے مختلف) شکلوں میں بدل جانے والا؛ یکسر شکل بدل دینے والا ۔ (۴) (کیمیا، معدنیات) دو یا زیادہ شکلوں میں بلور بننے والا (خصوصاً ان شکلوں میں جن کا تعلق مختلف نظاموں سے ہو) ؛ دو شکلہ یا سہ شکلہ ؛ دو صورتا یا سہ صورتا ۔

Polymorphous cells : (n) (خلویات) کثیر شکل خلایا ۔

Polymorphous perverse : (n) (نفسیات) کثیر شکل جنس کج ۔

Polymorphy : (n) [Gr. 'polymorphia.'] دیکھو Polymorphism

Polynesia : (n) [mod. L.form of Fr. 'polynesie.'] پولی نیشیا؛مجمع الجزائر (بحر الکاہل میں چند چھوٹے چھوٹے جزیروں کا مجموعہ جو آسٹریلیا کے مشرق میں واقع ہیں)۔

Polynesian : (a) پولی نیشیائی ؛ پولی نیشیا کا ۔

Polynesian : (n) پولی نیشیا کا باشندہ ؛ پولی نیشیائی ؛ بحرالکاہل جزیروں کا رہنے والا ۔

Polyneuritis : (n) ورم اعصاب ؛ ورم معتدد اعصاب ۔

Polynia : (n) [Russ. 'poltyn 'ya.'] برفستانی جھیل؛ برف کے درمیان پانی کا قطعہ (خصوصاً بحر منجمد شمالی میں) ؛ قطبی تالاب ؛ یخ گرفتہ تالاب ۔

Polynome : (a) بہت سے ناموں والا ؛ کثیر الاسم کثیر اسمی ؛ کثیر الارقام ۔

Polynomial : (a) [Var . of earlier Multinomial.] (۱) (ریاضیات) کثیر الارقام؛ کثیر رقمہ ؛ کثیر المقادیر ۔ (۲) (اصطلاحات علمیہ) جن میں جنس ، نوع، ضمنی نوع، قسم وغیرہ کے نام دو سے زیادہ یا اصطلاحات کے ذریعہ ظاہر کئے جاتے ہیں ؛ چند اصطلاحی (نام) ؛ چند لفظی (اصطلاح یا نام) ۔

Polynomial : (n) (۱) (الجبرا) کثیر الارقام یا کثیر المقادیر علامت یا مجموعۂ علامات ۔ (۲) کئی اصطلاحوں یا لفظوں پر مشتمل علمی نام؛ چند اصطلاحی نام ؛ چند لفظی نام ۔

Polynomial theorem/ Multinomial -: (n) کثیر المقادیر کلیہ ؛ کثیر الارقام کلیہ ۔

Polynuclear : (a) (حیاتیات) متعدد نیو کلیائی۔

Polyonym : (n) طویل نام ؛ متعدد لفظی نام : دو یا زیادہ الفاظ پر مشتمل اصطلاح : چند لفظی اصطلاح۔

Polyonymic : (a) متعدد لفظی نام جیسا ؛ چند لفظی اصطلاح جیسا۔

Polyonymous : (a) [Gr. 'Polyonymos'.] چند اسمی : چندلقبی ؛ کئی اسماء یا القاب والا ؛ کئی مختلف ناموں سے مشہور ؛ کثیر الاسماء ؛ جس کے کئی نام ہوں۔

Polyonymy : (n) [Gr. 'polyonymia.'] (۱)کثیر الاسمی؛ کثیرالاسمائی؛ بسیار نامی ؛ ایک ہی شخص یا چیز کے لئے کئی مختلف ناموں کااستعمال؛ ایک چیز کے کئی نام ہونا۔(۲)متعدد لفظی اصطلاحات علمیہ ؛ چند لفظی اصطلاحات یا ناموں کی فہرست۔

Polyopia : (n) (مرضیات) کثیر نظری (خصوصاً ایک آنکھ سے) ؛ ایک ہی چیز کی کئی تصویریں یا تمثال نظر آنا ؛ کثیربینی۔

Polyoptron : (n) متعدد عکسی آلہ ؛ ایک آلہ جس کے ذریعہ دیکھنے سے ایک ہی چیز کی کئی یا بہت ساری نظر آتی ہے۔

Polyoxide : (n) ایک دو عنصری مرکب جس میں آکسیجن کے بہت ذرات ہوں ؛ کثیر آکسیجن مرکب۔

Polyp / Polype : (n) [L. 'polypus.'] (۱) (حیوانیات) کثیر پا؛ ادنیٰ قسم کا نظام جسمانی رکھنے والے جانوروں کی ایک قسم جس کے بہت سے پاؤں یا پاؤں نما اعضا ہوتے ہیں ؛ مرجان جدا ؛ مرجانی جانور۔ (۲) بہت سے ایسے جانوروں کو بھی کہتے ہیں جن کا نظام جسمانی پیچیدہ ہوتا ہے ؛ اخطبوط۔(۳)(مرضیات) سُلعہ؛ (غشاء) مخاطی (شاذ)۔

Polyp-stem/ -stock : (n) کثیر پا کا چھتا؛ بہت سے کثیر پا جانوروں کا جڑا ہوا جسم جو چھتے کی طرح ہوتا ہے ؛ مرجانی مہال؛ مرجان کا چھتا۔

Polypary : (n) [mod. L. 'polyparium.'] کثیر پا کا چھتا ؛ بہت کثیر پا جانوروں کا جڑا ہوا جسم جو چھتے کی طرح ہوتا ہے ؛ مرجان مہال ؛ مرجان کا چھتا۔

Polypeptide : (n) [G. 'Polypeptid.'] (بایوکیمسٹری) کوئی Peptide جس میں Amino-acids کی تعداد کم نہیں ہوتی لیکن اتنی زیادہ بھی نہیں کہ وہ پروٹین سمجھا جائے۔

Polypetalous : (a) (نباتیات) کثیر گلبرگہ ؛ کثیر پنکھڑیا ؛ علاحدہ علاحدہ پنکھڑیوں والا ؛ کثیر رخسار ؛ جس کی پنکھڑیاں آپس میں ملی ہوئی نہ ہوں بلکہ جدا جدا ہوں۔

Polyphage /Polyphagia : (n) (مرضیات، طبیعیات) جوع بقری ؛ جوع البقر ؛ بسیار خوری ؛ بے حد بھوک؛ شدید بھوک۔

Polyphagous : (a) (۱)پرخور ؛بسیار خور؛ مربھکا؛ پیٹو ؛بھوک کا مارا؛ بے حد بھوکا۔ (۲) (حیوانیات) وہ جانور جو مختلف قسم کی غذائیں کھاتا ہے ؛ کثیر الغذا ؛ کثیراشیاء خور۔

Polypharmacy : (n) (طب) کثیر ادویاتی علاج ؛ کسی مرض کے علاج میں بہت ساری دوائیں استعمال کرانا۔

Polyphase : (a) (برقیات، انجینئرنگ) کثیر الہیئت؛ کثیر فیزہ۔

Polyphase motor : (n) کثیر فیزہ موٹر۔

Polypheme : (n) [L.Polyphenus .] ہومر کی Odyssey کا کانا دیو ؛ کانا دیو۔

Polyphemus : (n) [L.] ہومر کی رزمیہ کا کانا دیو ؛ (یونانی کہانیوں کا) کانا دیو؛ عفریت یک چشم ؛ (نیز) کانا آدمی۔

Polyphone : (n) [Gr. 'polyphonos.'] (لسانیات) کثیر الاصوات حرف۔

Polyphonic : (a) (۱) کئی طرح کے ملے ہوئے نغموں یا آوازوں پر مشتمل (موسیقی)؛ اس موسیقی سے متعلق؛ جس میں اصل نغمے کے علاوہ مزید نغمے شامل ہوں ؛ کثیر نغمہ۔ (۲)بہت سی آوازیں نکالنے یا پیدا کرنے والا ؛ (وہ شخص) جس کی کئی آوازیں ہوں ؛ چند اصوات۔ (۳) ایک سے زیادہ آوازوں والا (حرف یا علامت مثلاً c, g, s) کثیر الاصوات۔

Polyphonism : (n) (۱) تکثیر صوت ؛ باز گشت کے ذریعہ آواز کا اضعاف۔ (۲) (موسیقی) کثیر صوتی کا استعمال؛ کثرت نغمہ؛ کثیر نغمہ طرز یا بندش۔

Polyphonist : (n) (۱) آوازیں بدل کر بولنے والا ؛ کئی آوازوں میں بولنے والا۔ (۲) (موسیقی) کثیر صوتی یا کثرت نغمہ کا ماہر ؛ گمکیا ؛ گمک دینے میں استاد یا مشاق۔

Polyphony : (n) [Gr. 'polyphonia.'] (۱) تکثیر صوت ؛ باز گشت کے ذریعہ آواز کا اضعاف ؛ (موسیقی) متعدد آوازی۔ (۳)(موسیقی)کثرت نغمہ ؛کثیر نغمہ ہونا۔(۳)(لسانیات) کثیر الاصواتی ؛ ایک ہی حرف کا کئی مختلف آوازوں کی علامت ہونا۔

Polyphylesis : (n) (حیاتیات) تعدد اصل ؛ تعدد نسل ؛ کثیر نسلیت: مختلف خاندانوں یا قبیلوں سے ہونا۔

Polyphyletic : (a) (حیاتیات) کیثر الاصل ؛ کثیر نسلہ ؛ مختلف خاندانوں یا قبیلوں کا۔

Polyphyllous : (a) (نباتیات) کثیر برگہ ؛ بسیار برگہ۔

Polypide (n) [f. Polyp + ids] (حیوانیات) مرجان جدا۔

Polypidem : (n) [f. L. 'polypus + - domus .'] دیکھو Polypary

Polypier : (n) [Fr. 'polypier.'] دیکھو Polypary ؛ کبھی کبھی اس کا کوئی ممتاز حصہ جس سے کوئی تنہا مرجان جڑا ہوتا ہے۔

Polypifer : (n) [Anglicization of mod . L. 'polypifer'] دیکھو Polypary

Polypiferous : (a) مرجان دار (مثلاً تودۂ مرجان ؛ مرجان کا چھتا)؛ حامل مرجان۔

Polypite : (n) [L. 'polypus.'] (۱) (معدنیات) متحجر مرجان ؛ متحجر کثیر پا۔ (۲) (حیوانیات) مرجان جدا؛ تنہا کثیر پا ؛ تنہا مرجان۔

Polyploid : (a) [G.] (حیاتیات) Chromosomes کے دو سے زیادہ سیٹوں والا (خلیہ یا نوات خلیہ ؛ Polyploid خلیوں والا (جسم) چند لونیہ یہ ؛ چند لونیوی (خلیہ یا نوات خلیہ) ؛ چند لونیوی خلیوں والا (جسم)۔

Polyploidy : (n) چند لونیویت ؛ Chromosmes کے دو سے زیادہ سیٹوں کا حامل ہونے کی حالت۔

Polypod : (a) [Fr. 'polypode.'] (حیوانیات) کثیر پا ؛ بہت سے پیروں والا ؛ بسیار پا۔

Polypod : (n) حیوان کثیر پا ؛ ہزار پا ؛ صد پا ؛ کن کھجورا ؛ بسیار پا۔

Polypodium : (n) [L.] (نباتیات) مختلف الشکل فرنوں کی ایک بڑی جنس جو دور دور تک پھیلی ہوئی ہے اور نم چٹانوں یا دیواروں پر اگتی ہے۔

Polypody : (n) [L. 'polypodium.'] Polypodium جنس کی ایک فرن خصوصاً Polypodium Vulgare ; (نباتیات) احراس الکلب ؛ بسفائح۔

Polypody : (n) [Gr. 'polypodia'] کثیر پائی (کسی کیڑے کے جنین یا لاروا کے لئے استعمال ہوتا ہے)۔

Polypoid : (a) [f. Polyp+ -oid.] (۱)(حیوانیات) مرجانی؛ مرجان نما؛ کثیر پا کا ؛ کثیر پا کی طرح کا۔ (۲)(مرضیات) سعدانی ؛ مخاطی سلعی ؛ Polypus کا اس کی طرح کا۔

Polypoid bronchitis : (n) [Polyp or Polypus + -ous.] (مرضیات) سعدانی ور شعبی۔

Polypose (a) (۱) (حیوانیات) کثیر پا سے متعلق یا اس کے جیسا (نیز مجازاً) کثیر پا جیسا۔ (۲) (مرضیات) سعدان زدہ ؛ مخاطی سلعے کا یا اس جیسا ؛ سلعات مخاطی والا ؛ مریض سلعۂ مخاطی۔ (۳)کثیر تخمہ۔

Polyposis : (n) [f. Polypus + osis.] (مرضیات) سعدانیت ؛ مرض سلعات مخاطی۔

Polypous : (a) [f. Plyp or Polypus + -ous.] دیکھو Polyose

Polypragmatic : (a) بہت سے معاملات میں خود کو الجھائے رکھنے والا؛ دخل در معقولات کا عادی ؛ فضول کار۔

Polypragmatism : (n) بہت سارے معاملات میں خود کو الجھائے رکھنے کی عادت ؛ فضول کاری ؛ دخل درمعقولات کی عادت۔

Polyprotodont : (a) [Gr. 'protos + - odons.'] (حیوانیات) جس کے نچلے جبڑے میں دو سے زیادہ سامنے والے یا کترنے والے دانت ہوں۔

Polyprotodont : (n) وہ تھیلی دار جانور جس کے نچلے جبڑے میں دو سے زیادہ کترنے والے یا سامنے والے دانت ہوتے ہیں۔

Polypsychic / -al : (a) کثیر النفوس ؛ کئی روحوں والا ؛ کثیر النفس؛ کثیر الادراک ؛ بہت زیادہ جذباتی یا حساس۔

Polypsychism : (n) کثیر الادراک ہونا ؛ شدید جذباتیت ؛ کثیر النفسی۔

Polypterid : (n) [f. mod . L. 'Polypterus.'] (مچھلیوں کا علم) Polypteridae خاندان کی ایک مچھلی۔

Polypteroid : (a) Polypterus کی شکل سے ملتا جلتا ؛ Polypteroidei نوع کی (مچھلی)۔

Polypteroid : (n) Polypteroidei نوع کی مچھلی۔

Polypterus : (a) افریقی گرم خطوں کے دریاؤں کی Polypterid مچھلی۔

Polyptoton : (n) [Late . L.] (خطابت) تکرار لفظی کی ایک صورت۔

Polyptych : (n) کوئی چیز جو تین سے زیادہ مرتبہ موڑی گئی ہو؛جس چیز میں تین سے زیادہ تہیں دی گئی ہوں۔

Polypus : (n) [L. 'polypus'] پالی پس ؛ ورم جو ناک، رحم، مثانے کی باریک جھلیوں میں پیدا ہوتا ہے اور سطح پر ظاہر ہوتا ہے ؛ (طب) سعدان ؛ بواسیر لحمی ؛ سلعۂ مخاطی۔

Polypus of the nose : (n) (طب) ناک کی بواسیر لحمی ؛ سعدان انف۔

Polypus of the womb : (n) (طب) بواسیر لحمی رحم؛ بچہ خورہ۔

Polysarcias : (n) (مرضیات) بدن میں گوشت یا چربی کی زیادتی؛ فربہی ؛ موٹاپا؛ مفرط لحمی۔

Polyscope : (a) (۱)ایک آلہ جس سے ایک ہی چیز کئی نظر آتی ہے ؛چند عکسی عدسہ ہمہ بیں ؛ کثیر بیں۔ (۲) جسم کے جوفوں کو دیکھنے یا ان کا معائنہ کرنے کا آلہ۔

Polysepalous : (a) (نباتیات) کثیر سبلہ ؛ کثیر پھول پتیا؛ کثیر مسند؛ مختلف الاوراق ؛ الگ الگ بہت سی پتیوں والا (جو ملی ہوئی یا متحد نہ ہوں)۔

Polysperm / -ous : (a) (نباتیات) بہت سے بیجوں والا ؛ جس سے بہت سارے بیج پیدا ہوں ؛کثیر تخمہ۔

Polyspermy : (n) (طبیعیات) کسی بیضے کا ایک سے زائد حیوان منویہ سے بارور ہونا ؛ کثیر تخمی۔

Polyspore : (n) (۱) (نباتیات) کثیرخلوی بذرہ (غیر پھول دار پودوں کا باز تولیدی خلیہ یا تخمہ۔ (۲) مرکب بذرہ (بعض کائیوں کا)۔

Polyspored /Polysporic / Polysporous : (a) (نباتیات) کثیر بذری ؛ متعدد بذرہ ؛ متعدد بذروں والا۔

Polystele : (n) (نباتیات) کثیر عروقیہ ؛ جال عروقیہ۔

Polystemonous : (a) (نباتیات) کثیر نرہ ؛ کثیر زر ریشی۔

Polystichous : (a) (نباتیات) کثیر منزلہ؛ متعدد قطارہ ؛ کئی قطاروں میں تربیت دیا ہوا۔

Polystomatous : (a) (حیوانیات) متعدد دہنہ ؛ کئی منہ والا (اسفنج)۔

Polystome : (a) متعدد دہن ؛ بسیار دہن۔

Polystome : (n) متعدد دہن جانور؛ بسیار دہن جانور؛ بہت سے منہ یا سونڈوں والا اسفنج۔

Polystyle : (a) (تعمیرات) کثیر ستونہ۔

Polystylous : (a) (نباتیات) کثیر گردنہ۔

Polystyrene : (n) ایک سخت اور بے رنگ تھرموپلاسٹک جو ڈھالنے والی چیز ، سخت فوم اور تختے کی شکل میں استعمال کی جاتی ہے۔

Polysulphide : (n) کسی عنصر کے ساتھ گندھک کا مرکب جس میں گندھک کا جزو غالب ہو۔

Polysyllabic/-al : (a) [med. L. 'Polysyllabus.'] (۱) کثیر الاجزا ؛کئی بول کا (لفظ) ؛ تین سے زیادہ ہجاؤں والا (لفظ)۔ (۲) (زبان) جس میں کثیر الاجزا الفاظ ہوں۔

Polysyllabically : (adv.) کثیر الاجزا لفظ کی طرح سے۔

Polysyllable : (n) [mod. L 'Polysyllaba.'] کثیر الاجزا لفظ؛ کئی بول کا لفظ؛ تین سے زیادہ ہجاؤں والا لفظ۔

Polysymmetrical : (a) چند طرز متشاکل۔

Polysyndeton : (n) (خطابت) کئی حروف عطف قریب قریب استعمال کرنے سے پیداشدہ صورت ؛ (عموماً) ایک ہی حرف عطف کی تکرار سے پیدا شدہ صورت۔

Polysynthesis : (n) بہت سے عناصر کی ترکیب یا امتزاج ؛ چند عنصری ترکیب ؛ پیچیدہ ترکیب ؛ مضاعف ترکیب ؛ (لسانیات) ایک ہی لفظ میں دو یا زیادہ اجزائے کلام (اسم، فعل، حرف وغیرہ) کا امتزاج ؛ چند جزئی ترکیب۔

Polysynthetic /-al : (a) (۱) (کیمیا) چند عنصرہ ؛ (بلور) چند قلمہ۔ (۲) (لسانیات) کثیر الترکیب ، (زبان) جس میں جملے کے کئی لفظوں کو ملاکر مرکب الفاظ بنائے گئے ہوں؛ چند جزئی یا چند لفظی ترکیب والا (جملہ)۔

Polysynthetically : (adv.) چند عنصری طور پر۔

Polysynthetician / Polysythetism : (n) چند عنصری ہونا ؛ چند عنصریت ؛ چند قلمیت؛ (جملے میں ترکیب کا) چند لفظی ہونا ؛ کثیر ترکیبی۔

Plytechnic : (a) [Fr. 'Polytechnique.'] مختلف فنون سے متعلق ؛ مختلف فنون کے لئے ؛ جس میں بہت سے فنون کی تعلیم ہوتی ہو ؛کثیر الفنون ؛ جامع الفنون ؛کثیر فنی ؛کئی

فنون کا (مدرسہ وغیرہ) ۔

Polytechnic : (n) پالی ٹیکنک : کثیر فنی ادارہ: دارالفنون : Polytechnic Institution کا مخفف ۔

Polytechnic Institution : (n) دار الفنون : کثیر فنی ادارہ: کثیر الفنون یا کئی فنون کا مدرسہ: لندن کا ایک ادارہ جو ۱۸۳۸ء میں صنعتی فنون سے متعلق چیزوں کی نمائش کے لئے قائم کیا گیا تھا: تکنیکی اور صنعتی اسکول ۔

Polytechnic School : (n) کثیر فنی مدرسہ : جہاں مختلف تکنیکی تعلیم دی جائے ۔

Polytechnical : (a) دیکھو Polytechnic (a)

Polytechnics : (n) کثیر فنی ادارات یا ادارے ۔

Polythalamous : (a) (حیاتیات) چند خانہ دار : (تاریخ موالید) کثیر خانہ : بسیار خانہ ۔

Polytheism : (n) [Fr. 'Polytheisme.'] ایک سے زائد یا کئی خداؤں کی پرستش: کئی خداؤں پر عقیدہ : کثرت اللّٰہ کا عقیدہ : کثرت پرستی: اصنام پرستی : بہت سے دیوتاؤں پر عقیدہ : ارباب پرستی : مشرک ۔

Polytheist : (n) مشرک: ایک سے زیادہ یا کئی خداؤں پرعقیدہ رکھنے والا یا ان کی پرستش کرنے والا : کثرت اللّٰہ کا قائل : کثرت پرست : اصنام پرست : بت پرست : کثرت پرستی یا اصنام پرستی کا حامی یا پیرو (نیز توصیفاً یا بطور صفت) ۔

Polytheistic : (a) کثرت پرستی یا اصنام پرستی کا : اس سے متعلق یا اس پر عامل : کثرت پرستی کا معتقد : کثرت پرست : مشرک ۔

Polytheistical : (a) کثرت پرست : اصنام پرست: اصنام پرستی کی طرف میلان رکھنے والا: مائل بت پرستی مشرک یا مائل شرک ۔

Polytheistically : (adv.) از روئے کثرت پرستی یا اصنام پرستی : بت پرستانہ : مشرکانہ : اصنام پرستانہ : کثرت پرستانہ ۔

Polythelia : (n) [f. Gr. 'thele.'] (طب) متعدد حلمیت : معمول سے زیادہ بھٹنوں والی ہونے کی حالت: وہ حالت جب سرپستان کی تعداد معمول سے زیادہ ہو ۔

Polythene : (n) [Contr. 'of Polyethlene.'] ایک چمڑا : ہلکا نیم شفاف اور کبھی شفاف تھرمو پلاسٹک جو Athylene کو کثیر سالمی بناکر تیار کیا جاتا ہے اور فلم نیز دیگر اشیاء کو پیک کرنے اور دیگر کئی کاموں میں آتا ہے "پالی تھین" ۔

Polytocous : (a) (۱) (حیوانیات) ایک ساتھ کئی بچے جننے والا : کثیر مولودہ ۔ (۲) (نباتیات) کئی بار پھل دینے والا : کثیر فصلہ ۔

Polytomous : (a) [f. mod. L. 'polytomus.'] (۱) کئی حصوں میں بٹا ہوا یا منقسم ۔ (۲) (نباتیات) کثیر شاخہ : (پتا) جو کئی حصوں میں منقسم ہو مگر درمیانی رگ سے اس طرح جڑا ہوا نہ ہو جسے الگ کوئی پتی یا پتیا کہا جا سکے ۔ (۳) (اس طرح شاخیں پھوٹنا) جس میں ایک ہی مقام پر دو سے زیادہ شاخیں ہوجائیں اور نیچے کی بڑی شاخ یا تنا انہی حصوں میں منقسم ہوکر رہ جائے ۔ (۴) (منطق) کثیر رکنی : کثیر الارکان ۔

Polytomy : (n) [after, 'dichotomy, trichotomy.'] (۱)(نباتیات)ایک ہی نقطے پر دو سے زیادہ یا کئی شاخوں میں منقسم ہونا : کثیر شاخگی ۔ (۲) (منطق) کئی (عموماً تین سے زیادہ) ارکان میں منقسم ہونا: کثیر رکنیت ۔

Polytopic : (a) دو یا زیادہ مقامات سے پیدا ہونے یا واقع ہونے والا (جسیمہ) : متعدد مقامی (جسیمہ) ۔

Polytropic : (a) (۱) جسے کئی جانب یا کئی طرح موڑا جاسکے : کئی حالت میں لایا جاسکنے والا ۔ (۲) (ارضیات) ایک ہی نقطے یا قطب کے گرد کئی بار گھومنے والا : (نیز وہ عمل) جس میں ایک ہی متغیرہ کے لئے کئی مختلف قدریں ہوں ۔

Polytype : (n) [Fr. 'polytype.'] (۱) مسبوکہ (Stereotype) کی ایک ترکیب ۔ (۲) وہ نقش جو اس ترکیب سے بنایا جائے ۔

Polytype : (v) اسٹریو ٹائپ ترکیب سے (کسی چیز کا) نقش بنانا یا اتارنا ۔

Polytypic : (a) (حیاتیات) کثیر نوع : کثیر صورت ۔

Polyurethane : (n) دیکھو NHCOO گروپ سے منسلک : پالیمرس کی اکائیوں سے بنا ہوا یا ان پر مشتمل مختلف مصنوعی رالوں یا پلاسٹکوں میں سے کوئی ایک جو خاص کر فوم یا استرکاری کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔

Polyuria : (n) (۱) (مرضیات) ذیابیطس ۔ (۲) (مرضیات) سلسل البول : کثیر بولی : کثرت سے پیشاب ہونا ۔

Polyvalent : (a) (۱) (کیمیا) کثیر گرفتہ ۔ (۲) دیکھو Multivalen ۔

Polyvinyl chloride : (n) کوئی بھی مرکب جس میں Vinyl chloride کے

سالمات کثیر تعداد میں‌ہوں ؛ وینائل کلورائڈ کا پالیمر یا کثیر سالمی مرکب ؛ (نیز) ایسے مرکب سے بنی ہوئی مختلف پلاسٹکوں میں سے کوئی ایک ۔

Polyzoa : (n) [mod . L.] (حیوانیات) مرکب الجسم جانور ؛ ایک قسم کے چھوٹے آبی حیوانات کا گروہ جو تودوں کی شکل میں ہوتا ہے ؛ حوَنیات مجتمعہ ؛ حوَنیات اشنیہ ۔

Polyzoan : (a) (حیوانیات) حونیات مجتمعہ کا ؛ حونیات مجتمعہ جیسا یا اس کی خاصیت کا حامل ۔

Polyzoan : (n) حونیات مجتمعہ کے تودوں میں کا کوئی ایک حیوان؛ایک Polyzoon ؛ حوین مجتمعہ ۔

Polyzoarium : (n) [mod.L.] کثیر پا کا چھتا ؛ حونیات مجتمعہ کا تودہ یا پوری آبادی ۔

Polyzoary : (n) [mod.L. 'polyzoarium.'] دیکھو Polyzorium

Polyzoic : (a) (حیوانیات) مرکب الجسم ؛ کثیر حونیات دار ۔

Polyzonal : (a) عدسوں کی اس شکل پر اطلاق ہوتا ہے جو متعددحلقہ نما حصوں سے مرکب ہو (یہ خاص کر مناروں میں ہوتا ہے) ؛ (روشنی کا منارہ) جس کے کئی حلقہ نما حصے ہوں ؛ کثیر حلقوی (منارہ) ۔

Polyzoon : (n) حوین مجتمعہ ؛ Polyzoa کی واحد شکل ۔

Pom : (n) پوم ؛ Pomeraian dog کا مخفف ۔

Pom-Pom : (n) [From the sound of the discharge.] پم پم (ایک قسم کی دور مار مشین گن جو بہت تیزی سے فائر کرتی ہے) ۔

Pomace : (n) [med. L. 'pomacium.'] (۱) کچلا ہوا سیب (رس نچوڑنے سے قبل یا بعد) جس سے شراب بناتے ہیں ۔ (۲) اس کا فضلہ جو عرق نکالنے کے بعد بچ جاتا ہے ۔ (۳) کسی چیز کا گودا یا کچلی ہوئی کوئی چیز ۔ (۴) وہ فضلہ جو مچھلی وغیرہ میں سے تیل نکالنے کے بعد بچ رہتا ہے ۔ (۵) (نباتیات) مغز سیب؛ فضلۂ سیب۔

Pomaceous : (a) [L. 'pomum.'] (۱) سیبی ؛ سیب کا ؛ سیب پر مشتمل یا اس سے متعلق ۔ (۲) (نباتیات) سیب جیسا؛ سیب کی نوعیت کا؛ سیب یا سیب نما پھل دینے والے گلاب نما درختوں کی قسم ؛ Pomeae کا یا اس سے متعلق۔

Pomade : (n) [Fr. 'pommade.'] جلد یا سر کے بالوں میں لگانے کا خوشبودار مرہم ؛ پومیڈ ؛ پھلیل؛ پوماد ؛ موم روغن ۔

Pomade : (v) پومیڈ لگانا ؛ خوشبودار موم روغن یا مرہم ملنا؛ پھلیل لگانا ۔

Pomander : (n) [med. L. 'ponum ambrae, pomum de ambra.'] (۱) (تاریخ) خوشبو دار چیزوں کی گولی جسے متعدد بیماریوں سے بچنے کے لئے پاس رکھتے تھے؛ بخور کی گولی ؛ (مجازاً) کوئی خوشبودار چیز ۔ (۲) سونے یا چاندی کی گول ڈبیا جس میں یہ گولی رکھی جاتی تھی؛ بخور دانی ۔ (۳) توصیفی معنوں میں مثلاً (Pomander box) وغیرہ ۔

Pomard / Pommard : (n) (۱) پومارد ؛ برگنڈی (فرانس کی سرخ شراب) ۔ (۲) فرانس میں ایک گاؤں کا نام ۔

Pomarine : (a) [Fr. 'Pomarin.'] (طیوریات) ایک کھپرے سے جزئی طور پر ڈھکے ہوئے نتھنوں والا (مرغابی کی ایک نوع پر اطلاق ہوتا ہے)۔

Pomato : (n) [blend of 'Potato & 'Tomato.'] (نباتیات) ٹماٹر آلو؛ ٹمالو؛ پومیٹو ۔

Pomatum : (n) [mod. L. 'pomatum .'] دیکھو Pomade (n)

Pomatum : (v) دیکھو Pomade (v)

Pome : (n) [OFr. 'Pome.'] (۱) سیب کے مشابہ کوئی پھل؛ سیبی میوہ؛ پوم ؛ سیب کاذب؛ سیب وش (پھلوں کی وہ قسم جس میں سیب، ناشپاتی وغیرہ شامل ہیں) ۔ (۲) دھات کی گیند یا گولا ؛ شاہی گیند ؛ گولڈن ایپل (Apple) ۔

Pome granate : (n) [OFr. 'Pomegrenate'.] (۱) رمّانہ (جمع رمّان) ؛ انار ۔ (۲) بطور آرائش انار کا نقش ۔ (۳) بطور صفت ۔

Pomegranate blossoms : (n) (نباتیات) انار کے پھول ؛ گلنار ۔

Pomegranate -tree : (n) انار کا درخت ۔

Pomelo : (n) [of unkn. origin.] (نباتیات) چکوترہ ۔

Pomeranian : (a) [f. 'Pomerania , 'name of the province+-An.] بالٹک سمندر کے جنوبی ساحلی ضلعے Pomerania کا یا اس سے متعلق (یہ اب Prussia کا ایک صوبہ ہے)؛ پومیرانی ؛ پومی رانیا کا ۔

Pomeranian : (n) (۱) پومی رانی ؛ پومی رانیا کا باشندہ ۔ (۲) Pomeranian dg کا مخفف ۔

Pomeranian dog : (n) پومی رانی کتا ؛ (سفید، سیاہ یا بھورے رنگ کے)

چھوٹے کتے کی ایک نسل ، جس کی گردن کے گرد
لمبے ریشمی بالوں کا گچھا ہوتا ہے : دم گھنیری ،
تھوتھنی گاؤ دم اور کان نکیلے ہوتے ہیں۔

Pomeridian : (a) [L. 'Pomeridianus.'] (۱) (حشریات) دوپہر بعد یا سہ پہر کو اڑنے والا (حشرہ):سہ پہر یا۔ (۲)دوپہر بعد کھلنے یابند ہوجانے والا(پھول) :سہ پہریا(پھول)۔

Pomewater : (n) (بول چال) خوب رسیلے سیب کی ایک قسم۔

Pomeys / Pomeis : (n) [Perh. old spelling of 'pommes, 'pl. of Pome.] (نقابت) سبز رنگ کا گول تمغہ یا بلا ۔

Pomfret : (n) [Pg. 'pampo.'] پمفریٹ : ایک قسم کی مچھلی جو بحرہند اور بحر الکاہل میں ہوتی ہے اور کھانے کے کام آتی ہے: چھنا مچھلی : روپ چندا۔

Pomfret -cake : (n) [f. 'Pomfret.'] ایک قسم کا کیک جو اصل السوس (ملہٹی) سے بنتا ہے : یارک شائر کے شہر Pontefract میں اس طرح بنایا جانے والا کیک : یارک شائر کے ایک قصبہ (Pontefract) کا نام۔

Pomiculture : (n) [L. 'pomum + Culture.] میوہ دار درختوں کی کاشت : ثمر بانی : میوہ پروری : پھل پروری: ثمریات۔

Pomiferous : (a) پھل دینے والا (خصوصاً سیب) : (نباتیات) پھل دار: سیب یا سیب جیسے پھل دینے والا (پودا) جس کے پھل سیب نما ہوں : سیب وشی (پودا) ۔

Pomiform : (a) سیب نما: سیب وش : سیب جیسا : سیب کی شکل کا۔

Pomage : (n) [Fr. 'pommage .'] کچلا ہوا سیب (رس نچوڑنے سے پہلے یا بعد کا) جس سے شراب بناتے ہیں۔

Pomme /-ee : (n) [Fr. Pa. PPLe. of /pommer..] (نقابت) دونوں سروں پر لٹو نما بنے ہوئے (صلیب کے بازو) : گول موٹھ دار سرے والا ۔

Pommel : (n) [OFr. 'pomel.'] (۱)گول موٹھ خصوصاً وہ جو تلوار یا خنجر وغیرہ کے قبضے میں سرے پر ہوتی ہے : تلوار وغیرہ کے قبضے کی گول موٹھ : گھنڈی۔ (۲)گھوڑے کی کاٹھی کا اگلا اٹھا ہوا حصہ : ہرنا : زین کا محراب نما حصہ : قوس زین ۔

Pommel : (n) [Perh ; f, next.] سطح پر ابھری ہوئی محدب لکیروں والا لکڑی کا تختہ جس کے ذریعہ چمڑے کو نرم یا لچک دار بنایا جاتا ہے ۔

Pommel : (v) [f. Pommel (1) 1.] موٹھ سے مارنا : پیٹنا: ڈنڈے لگانا : مکے مارنا : کوٹنا : لکڑی یا دھات میں ضرب سے نشان ڈالنا۔

Pommel- foot : دیکھو Club-floot

Pommery : (n) شیمپین شراب کی ایک قسم ۔

Pommetty : (a) [Fr. 'ppmmette.'] (نقابت) لٹونما سرے والا:سروں پر لٹونما بنے ہوئے (صلیب کے بازو) : گول موٹھ دار سرے والا ۔

Pommy / Pom/ Pommie : (n) [of unkn. origin.] (آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ) متمدن یا ترقی یافتہ ملک سے آیا ہوا نووارد: یورپ سے آیا ہوا نو وارد (شخص) ۔

Pomoerium : (n) [L.f. 'post + moerus.'] (یونان قدیم) فصیل شہر کے اندر اور باہر کشادہ جگہ جو کسی مذہبی پیشوا کی وقف کردہ ہوتی تھی اور جس پر عمارتیں بنانے کی ممانعت تھی ۔

Pomological : (a) [f. Promology.] فن ثمربانی کا یا اس سے متعلق: میوہ دار درختوں کی کاشت یا اس کے فن سے متعلق ۔

Pomologist : (n) [f. next.] فن ثمر بانی کا ماہر : عالم الاثمار : میوہ پرور ۔

Pomologyu : (n) [f. L. Pomum + - Logy.] پھلوں کی کاشت یا اس کے فن سے متعلق علم: علم الاثمار: ثمریات: فن ثمر بانی : میوہ دار درختوں کی کاشت کا فن : نیز اس فن سے متعلق کتابچہ یا رسالہ ۔

Pomona : (n) [L.] (۱) (یونانی اساطیر) پھلوں یا پھل دار درختوں کی دیوی : پھل دیوی: پوموناں۔ (۲) کسی ملک کے درختانِ میوہ دار یا ان سے متعلق رسالہ ۔

Pomona green : (n) سبز رنگ جس پر زرد رنگ غالب ہو:سبزی مائل زرد رنگ ۔

Pomp : (n) [L. 'pompa.'] کروفر : شان و شوکت : تزک و احتشام : جاہ و جلال: جاہ و حشم : دھوم دھام ۔

Pompadour : (n) (لوئی پانزدہم(۱۷۲۱-۶۴ء) کی بیوی مارکوئس ڈی پامپیڈور کا نام جو فیشن یا رنگ وغیرہ کی نشان دہی کے لئے بطور اسم یا توصیفاً استعمال ہوتا ہے) ۔ (۱) لباس، بال سنوارنے کا انداز، فرنیچر وغیرہ کی وضع ۔ (۲) قرمزی یا گلابی رنگ کا ایک روپ : اس رنگ کا کپڑا : نیز توصیفاً۔ (۳) سفید زین پر جا بجا

ہلکے گلابی، نیلے اور کبھی کبھی سنہرے رنگ کے بیل
بوٹے یا ڈیزائن۔ (۴) جنوبی امریکا کے منطقہ حارہ کا
ایک پرند جس کے پر چمکیلے قرمزی بیگنی رنگ کے ہوتے
ہیں: نیز توصیفاً۔ (۵) عورتوں کے بال سنوارنے کا ایک
انداز یا اسٹائل جس میں بالوں کو پیشانی سے پیچھے
کی طرف اس طرح الٹا جاتا ہے کہ لپٹے ہوئے پلندے یا
مرغولے کی شکل بن جاتی ہے: نیز توصیفاً۔

Pompano /Pompono : (n) [sp. 'Pampano.'] (۱) پمپانو: ایک قسم
کی لذیذ مچھلی جو جزائر غرب الہند اور شمالی امریکا
میں پائی جاتی ہے۔ (۲) دیکھو Pompano-shell۔

Pompano-shell :(n) Donax جنس کا دو صمامی صدفہ جو فلوریڈا کے
ساحل پر پایا جاتا ہے۔

Pompeian : (a) [L. Pompeianous, f. Pomp-eu.'] اطالوی شہر پامپی
(Pompeii) کا یا اس سے متعلق (یہ شہر ۷۹ء میں
آتش فشاں پہاڑ (Vesuvius) ویسوویس کے پھٹنے
سے زیر زمیں ہوگیا۔

Pompeian red : (n) سرخ رنگ کا وہ روپ جو پامپی کے مکانات کی
دیواروں پر پائے جانے والے رنگ سے ملتا ہو: اوسطاً
گہرا سرخی مائل بھورا۔

Pompelmoose /Pampelmousse : (n) [Du. 'pompelmoes.']
(نباتیات) چکوترہ citrus decumana کا بڑا پھل جسے
Shaddock بھی کہتے ہیں: خصوصاً بڑے پھل والی
قسم: نیز اس کا پودا۔

Pompey : (v) [Extended f. dial . 'pomp.'] ناز و نعم میں پال کر بگاڑ
دینا: زیادہ لاڈ پیار سے خراب کردینا: عادت بگاڑ دینا۔

Pompholygous : (a) [f.next.] (مرضیات) جس کے ہتھیلی یا تلوے
میں آبلے ہوں: آبلۂ کف کا شکار۔

Pompholyx : (n) [Gr.] (۱) (مرضیات) آبلہ: آبلۂ کف: (نیز) بغیر
سوزش یا بخار کے آبلے کا پھٹنا (خصوصاً کف دست
یا کف پا کے آبلے کا)۔ (۲) (کیمیا) (غیرخالص)
جستی آکسائڈ جو جستے کو جلاکر یا اس کی کچدھات
کو آگ میں بھون کر بنایا جاتا ہے: جستے کا لاوا۔

Pompier : (n) [Fr. f. 'pompe.'] (پمپ کے ذریعہ) آگ بجھانے والا: آگ
بجھیا۔

Pompier ladder : (n) آگ بجھانے کی سیڑھی (جس کے سرے پر ہک لگے
ہوتے ہیں تاکہ انہیں عمارت میں پھنسا یا جا سکے)۔

Pompion : (n) [modif. of M. 'Pompon.'] (نباتیات) پیٹھا: کدو:
گھیا: لوکی۔

Pompoleon : (n) [Fr. 'pompoleon '] دیکھو Pompelmoose

Pompon / Pom-pon : (n) [Fr. 'pompon, 'of unkn.origin.] (۱) کسی
لمبی پن میں جڑا ہوا نگینہ یا زیور۔ (۲) ربن، مخمل
یا ریشمی دھاگوں کا گچھا جو پہلے بالوں میں اور
ٹوپی یا لباس میں لگایا جاتا تھا۔ اب بچوں اور
عورتوں کے ہیٹ اور جوتوں میں لگایا جاتا ہے۔ نیز
آرائش کے لئے پردوں کے کناروں پر ٹانک دیتے ہیں:
پھندنا: سپاہی یا ملاح کی ٹوپی کا گول پھندنا یا
پھول: فوجی ٹوپی کا طرہ۔ (۳) گل داؤدی اور ڈیلیا
(Dahlia) کی ایک قسم جس کے چھوٹے چھوٹے گیندنما
پھول ہوتے ہیں: نیز توصیفاً۔

Pomposity : (n) [Late L. 'pompositas.'] شاندار ہونے کی صفت:
شان داری: طمطراق: (عبارت کا) پرتکلف ہونا: شان
و شوکت: خود پسندی۔

Pompous : (a) [Late L. 'pomposus.'] (۱) شان دار: عالی شان:
طمطراق کا: دھوم دھام کا۔ (۲) خود پسند: برخود
غلط۔ (۳) (زبان یا عبارت) پرتکلف: طمطراق کی۔

Pompusly : (adv.) (۱) شان دار: عالی شان: طمطراق کا: دھوم دھام
سے۔ (۲) خود پسندی سے۔ (۳) پرتکلف عبارت میں۔

Pompousness : (n) (۱) شان و شوکت: طمطراق۔ (۲) خود پسندی۔
(۳) عبارت کا پر تکلف ہونا۔

Pomum : (n) [L.] (نباتیات) سیب۔

Pomum Adami : (n) (حیوانیات، تشریح) گھنڈی: کنٹھا۔

Ponce : (n) [orig-doubtful .'] رنڈی کی کمائی کھانے والا: رنڈی کی
کمائی پر بسر کرنے والا: رنڈی کا محافظ: بھڑوا:
دیوث: قرم ساق: دلال: کٹنا: (نیز بطور گالی)۔

Ponce : (v) بھڑوا گیری کرنا: قرم ساقی کرنا: بھڑوے کی طرح
پیش آنا: دیوث ہونا: دیّوثی کرنا: رنڈی کی کمائی
کھانا یا اس کی کمائی پر بسر کرنا: سست قدموں سے
چلنا: زنانہ چال چلنا: زنخے کی طرح چلنا۔

Ponceau : (n) [Fr.] شوخ سرخ رنگ: گل لالہ کا رنگ۔

Poncho : (n) [S.Amer. S.P.Araucanian 'poncho.'] (۱) پونچو:
جنوبی امریکا کا چغہ (کپڑے کا مستطیل ٹکڑا جس
کے بیچ میں گریبان ہوتا ہے)۔ (۲) اس قسم کا چغہ
جو بائیسکل پر بیٹھتے وقت پہنا جاتا ہے۔

Pond : (n) [ME. 'ponde, poonde, pounde.'] (۱) تالاب : حوض جوہڑ : باراني تالاب ۔ (۲) (مزاحاً یا مجازاً) سمندر: خصوصاً بحر اوقیانوس (Atlantic)۔ (۳) (نہرمیں) وہ جگہ جہاں پر گیٹ لگا ہو اور دور تک پانی ساکن ہو: باندہ: باندھا ہوا قطعۂ آب : ڈیم: بند ۔

Herring pond : (مزاحاً) شمالی اٹلانٹک ۔

Pond : (v) (۱) دریا کو روکنا : بند باندھنا: پشتہ باندھنا :ڈیم بنانا ۔ (۲) پانی کا جمع ہوکر تالاب یا گڑھا بنالینا: جوہڑ بنالینا ۔

Pond apple : (n) چھوٹا سدا بہار درخت -

Pond -fish : (n) (۱)تالاب کی مچھلی: خصوصاً وہ مچھلی جس کی پرورش یا افزائش نسل تالاب میں ہوئی ہو (مثلاً کارپ، سیم ماہی جوعموماً تالابوں میں ہوتی ہے)۔(۲) Lepomis یا Pomotis نوع کی ایک امریکی مچھلی : سورج مچھلی : گول مچھلی ۔

Pond fracture : (n) کسرغدیری ۔

Pond-life : (n) تالاب کے جانور(خصوصاً غیر فقری حیوان جو تالابوں اور جوہڑوں میں رہتے ہیں) :تالابی جانور۔

Pond- lily : (n) (نباتیات) نیلوفر : کنول ۔

Pond- snail : (n) میٹھے پانی میں رہنے والا کوئی بھی گھونگا جو تالاب میں رہتا ہو : تالابی گھونگا ۔

Pond -spice : (n) ایک شمالی امریکی جھاڑی جو ریتیلی دلدلوں میں اگتی ہے ۔

Pond- tortoise / - turtle : (n) (امریکا) میٹھے پانی میں رہنے والا Emydidae خاندان کا کوئی کچھوا: تراپین (Terrapin) : کیچڑ میں رہنے والا کچھوا ۔

Pondage : (n) (۱)کسی بند یا تالاب کی سمائی یا گنجائش : گنجائش آب گیری (تالاب وغیرہ کی) ۔ (۲)پانی جمع کرنے کا محصول ۔ (۳)بندش آب : پانی کو باندھنا باندہ بنلکر اس میں پانی جمع کرنا: پانی کا خزانہ : پانی کا ذخیرہ یا ذخیرہ اندوزیٔ آب ۔

Ponded : (a) تالابوں سے ڈھکی ہوئی زمین : تالابوں سے گھری اراضی۔

Ponder : (n) [L. 'ponderare.'] (۱)(معاملے کے نشیب وفرازکو)سوچنا : ہر پہلو سے غور کرنا: (کسی بات یا معاملے کو ذہن میں) تولنا : (اسے) وزن دینا : بے وزن سمجھ کر ٹھکرا نہ دینا : (اس پر) پوری طرح غور کرنا :تامل کرنا: غور و خوض کرنا : فکر کرنا (کسی مسئلے پر) : (کسی بات کو) اہمیت دینا ۔ (۲) خیالات میں غرق ہونا : غور و فکر میں محو ہونا : تامل کرنا : تفکر کرنا : سنجیدگی یا گہرائی سے سوچنا : غوروفکر میں مستغرق ہونا۔

Ponderability : (n) (۱)بھاری پن : وزنی ہونا : (طبیعیات) وزن دار۔ (۲) اہمیت : قابل غور ہونا : باوزن ہونا : موزونیت: عیار ۔ (۳) (طبیعیات) تول پذیر ۔

Ponderable : (a) (۱) وزن کئے جانے کے لائق : قابل وزن: لائق موازنہ: (طبیعیات) وزن دار: بھاری: وزنی : وزن پذیری : تول پذیری ۔ (۳) اہم :قابل غور: باوزن : موزوں : معیاری ۔

Ponderableness : (n) وزن : بھاری پن : وزن داری : موزونیت: باوزن ہونا : اہمیت : قابل غور ہونا : تول پذیری۔

Ponderal : (a) [L. pondus, ponder -+AL.] وزن کا : وزن سے متعلق: وزن کے ذریعہ متعین کیا ہوا: وزن سے تخمینہ کیا ہوا ۔

Ponderance : (n) وزن : ثقیل: ثقالت : بھاری پن : وزن داری : موزونیت : اہمیت: قدروقیمت : عیار: پایہ: رتبہ۔

Ponderary : (a) دیکھو Ponderal

Ponderate : (v) [L. 'ponderare.'] (۱) وزنی ہونا : بھاری ہونا: ثقیل ہونا: باوزن ہونا : وزن دار ہونا ۔ (۲)اہمیت یا قدر و قیمت کا اندازہ کرنا ۔

Ponderation : (n) (۱)تولنے یا وزن کرنے کا عمل : تول : موازنہ۔ (۲) غوروفکر : تامل : غور و خوض : سوچ بچار ۔ (۳) (نفسیات) تفکر : تامل ۔

Ponderer : (n) (کسی معاملے کے نشیب و فراز پر) غور و فکر کرنے والا : اہمیت دینے والا : (کسی مسئلے پر) سنجیدگی یا گہرائی سے غوروخوض کرنے والا : محویت اور استغراق کے ساتھ غور و فکر کرنے والا : مفکر ۔

Ponderingly : (adv.) غور و فکر کے ساتھ: محویت کے انداز سے : مفکرانہ : استغراق کے ساتھ ۔

Ponderosity : (n) [L 'ponderosus.'] (۱)وزنی ہونے کی صفت:وزن : بھاری پن: وزن داری : گرانی : بار: بوجھ (طبیعیات) ثقل: سنگینی ۔ (۲) (مجازاً) وزن : رتبہ : عیار : پایہ : قدروقیمت : اہمیت: موزونیت۔ (۳)ثقالت: بوجھل پن : بھاری پن : گرانی : سستی ۔

Ponderous : (a) [L. 'ponderosus.'] (۱) بہت وزنی : بھاری : گراں :

بڑا اور بھاری ؛(طبیعیات) وزنی ۔ (۲) بے ڈھنگا؛ بھونڈا؛
بھاری اور بے ڈول ہتھیار یا فرنیچر وغیرہ ؛ بھدا ؛ بے
ہنگم ؛ جو مشکل سے حرکت میں آسکے ؛ بوجھ؛ بے ڈھب ۔
(۳) (کوئی کام وغیرہ) بھاری؛ مشکل دقت طلب ؛ کٹھن؛
محنت کا؛ محنت طلب ۔ (۴) (عبارت یا اسلوب بیان)
ثقیل ؛ ادق ؛ پرتکلف ؛ آورد آگیں؛ پرشکوہ؛ گنجلک؛
ناگوار؛ تکلیف دہ ۔

Ponderous earth / -spar : (n) دیکھو Heavy spar

Ponderously : (adv.) وزن دار طور پر ؛ بھاری اور بے ڈول انداز میں؛
بوجھل طور پر ؛ بے ڈھنگے پن سے ؛ مشکل سے؛ دقت طلب
انداز میں ؛ ادق طور پر؛ پرتکلف انداز میں ۔

Ponderousness : (n) وزن ؛ بھاری پن؛ وزن داری ؛ بوجھل پن ؛ثقالت ؛
گرانی ؛ گراں باری ؛ کٹھنائی؛ ثقل؛ دقت؛ تکلف ؛ آورد ؛
ناگواری ۔

Pondlet : (n) چھوٹا تالاب ۔

Pondweed : (n) وہ بوٹیاں جو تالابوں اور بند پانی میں اگ آتی ہیں ؛
(نباتیات) آبی نرائی۔

Pone : (n) [AL..] (تاش کے بعض کھیلوں میں) پہلے چال چلنے والا یا
اس کا پارٹنر (نیز Pony)۔

Pone : (n) [Algonguian ' pone, apone , appone] (۱) مکئی کی
روٹی (ابتداءً جسے شمالی امریکا اور ہندوستان میں پتلی
پتلی ٹکیوں کی شکل میں بناتے اور گرم راکھ یا بھوبھل
میں پکاتے تھے) ؛ نیز ایک قسم کی پتلی ٹکیہ جس میں
انڈا، دودھ وغیرہ ڈالتے ہیں ؛ نیز توصیفاً ۔ (۲) اس
طرح بنائی ہوئی ٹکیہ یا نان ۔

Ponent : (n) [It. 'ponente.'] (ارضیات) نظام کوہ سے متعلق دور اولین
کے طبقات الارض کی ایک ذیلی تقسیم کا نام۔

Ponent : (a) (منطق) فرض کرنے والا ؛ فرضیے کے طور پر مان لینے
والا ؛ قائم کرنے یا وضع کرنے والا ۔

Pong : (n) [origin uncertain .] (روز مرہ) ناگوار بو ؛بدبو ؛تعفن ۔

Pong : (v) بدبور دار ہونا ؛ متعفن ہونا ؛ ناگوار بو والا ہونا ۔

Pongee : (n) [N. chinese , 'pun.chi.] پونجی ؛ ایک قسم کا اور غیر
صاف شدہ ریشم ؛ چیفو سلک ؛ (نیز توصیفاً)۔

Pongo : (n) [Congolese, 'mpongo.'] (۱) پانگو ؛ افریقہ کا ایک
انسان نما بندر ؛ افریقی بن مانس (جو چمپانزی اور
گوریلا سے بہت کچھ مشابہ ہوتا ہے) ۔ (۲) (غلط
طور پر) دیکھو Orang-outang۔

Pongol : (n) [Tamil Ponkal.] پونگل ؛ (نمکین یا میٹھے)ابلے ہوئے
فصلی چاول جو تہوار پر تقسیم کئے جاتے ہیں ؛
جنوبی ہندوستان میں نئے سال کا تہوار جو میگھ
کے مہینے سے شروع ہوتا ہے ۔

Pongyi : (n) بدھ مت کے ماننے والوں کا برمی پادری۔

Poniard : (n) [Fr. 'poignard.'] بھونکنے والا چھوٹا ہتھیار؛پیش قبضہ ؛
خنجر ؛ چھرا؛ دشنہ ؛ کٹار۔

Poniard : (v) خنجر مارنا ؛ خنجر بھونکنا (خصوصاً خنجربھونک
کر مار ڈالنا)۔

Pons : (n) [L.] (۱) دیکھو Pons as in orum ؛(انجینیئرنگ)
قنطرہ ؛ پل ۔ (۲) دیکھو Pons varoli ؛ (حیوانیات)
رابطہ؛ پل؛ جسر ۔

Pons as inorum : (n) (۱) گدھوں کا پل؛ اقلیدس کے پہلے مقالے کی
پانچویں شکل کو کہتے ہیں؛ قضیہ حماریہ ۔

Pons cerebri / - cerebelli : (n) جسر ؛ جسر وارولی ؛ پل دماغ ؛ دارولی
پل؛ عصبی ریشوں کی پٹی جو دماغ کے اندر ہوتی ہے ۔

Pons varolii : (n) دیکھو Pons cerebri

Pont- levis : (n) [Fr.] پل تختہ ؛ وہ پل جو ضرورت کے وقت ہٹایا
جاسکے؛ اٹھاؤ پل ؛ محترک پل ۔

Pontage : (n) [OFr.] (مقامی)پل پر سے گزرنے کا محصول یا چنگی ؛
کئی پل یا پلوں کی مرمت اور نگہداشت کے لئے وصول
کیا جانے والا محصول؛ پل چنگی ۔

Pontic : (n) نقلی دانت پٹی ۔

Pontic : (a) [L.'ponticus.'] بحیرۂ اسودی ؛ بحیرۂ اسود کا ، اس سے
متعلق، اس میں پایا جانے والا یا اس سے حاصل شدہ ؛
ایشیائے کوچک کے شمال مشرقی ضلع پونٹس (Pontus)
کا ؛ اس سے متعلق؛ وہاں پایا جانے والا یا وہاں سے
لایا ہوا ۔

Pontic bean : (n) (نباتیات) باقلۂ مصری ۔

Pontic nut : (n) ایک برطانوی جھاڑی کا پھل جس کا مغز کھایا جاتا ہے ۔

Pontic rhubarb : (n) (نباتیات) ریوند چینی (جس کا مزا قدرے تلخ اور

ناگوار ہوتا ہے)۔

Pontic sea : (n) بحیرۂ اسود۔

Pontic wormwood : (n) (نباتیات) قدرے تلخ اور ناگوار ذائقے والی جڑی : افسنتین۔

Pontifex : (n) [L. pontifex.'] (۱)(رومائے قدیم) پجاریوں کی مجلس کا رکن : پروہتوں کی مجلس کا رکن۔ (۲) بشپ ؛ (خصوصاً) روم کا بشپ : پوپ: پاپائے روم : پاپائے اعظم۔ (۳)نو ، پندرہ یا سولہ پارئیوں پر مشتمل کاؤنسل کا ایک ممبر۔ (۴) (مشہور صرفی(Etymological معنی کے تسامح سے) پل بنانے یا تعمیر کرنے والا۔

Pontifex maximus : (n) (عتیقیات روما) پجاریوں یا پروہتوں کی مجلس کا رکن۔ (۲) پاپا : بشپ (خصوصاً روم کا) ؛ پوپ: پاپائے روم : پاپائے اعظم: اسقف۔ (۳) رئیس کلیسا: مہا پجاری ؛ سب سے بڑا دینی پیشوا (نیز مجازاً)۔

Pontifical : (a) (۱)پاپائی : اسقفی : پریلیٹ یا صدر راہب سے متعلق۔ (۲) سب سے بڑے پادری یا رئیس کلیسا کا یا اس سے متعلق : بڑے پادری کا سا۔ (۳) پاپائی شان و شوکت اور اقتدار و ادعا کا حامل۔ (۴) (یونانِ قدیم) قدیم روما کے پجاریوں، کاہنوں یا پادریوں کا یا ان سے متعلق۔ (۵) پل بنانے یا تعمیر کرنے والا۔

Pontifical : (n) (۱)(جمع) اسقف کا لباس اور دوسرے منصبی نشانات: سامان یا لوازمات اسقفی۔ (۲) رسوم نامہ: کتاب الرسوم (مغربی کلیسا کی بیاض جس میں رسوم عبادت درج ہیں)۔

Pontficalia : (n) [L. pl. of 'pontificalis.'] اسقف کا لباس اور دوسرے منصبی نشانات : سامان اسقفی ؛ (نیز) منصبی لباس : سرکاری لباس۔

Pontificalibus : (n) انگریزی میں کبھی کبھی بطور اسم Pontificalia کے معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

In pontificalibus : پاپائی لباس میں : اسقف کے لباس میں: منصبی لباس پہنے ہوئے۔

Pontificality : (n) (۱) پاپائی عہدہ یا اعزاز : پاپائیت : پاپائی : پاپائی منصب و اقتدار : اسقفیت۔ (۲) رئیس کلیسا یا بڑے پادری کا منصب ، عہدہ یا اعزاز۔ (۳) پاپائی رسوم : پاپائی جشن یا تقریب۔

Pontifically : (adv.) اسقف یا پاپا کی شان سے ؛ پاپا کی حیثیت سے ؛ اسقفیانہ : پاپا کی طرح سے : پاپا کی شان و شوکت سے۔

Pontificate : (n) [L. 'pontificatus.'] (۱) رومائے قدیم کے پادری یا پجاری کا عہدہ۔ (۲) بشپ یا اسقف کا عہدہ یا اس عہدے کی مدت ؛ پاپائی عہدہ یا اس عہدے کی مدت ؛ پوپ کی میعاد کارگزاری یا میعاد حکومت ؛ پاپائی؛ پاپائیت۔ (۳) رئیس کلیسا یا بڑے پادری کا عہدہ؛ پروہتائی؛ پادریت ؛ کہانت۔

Pontificate : (v) [med, L.'pontificare.'] (۱)اسقف یا بشپ کے فرائض (یا کارہائے منصبی) انجام دینا؛ اسقف کا قائم مقام ہونا؛ اسقف کے عوض کام کرنا (خصوصاً رسم عشائے ربانی کے موقع پر) ؛ اسقف کی قائم مقامی کرنا۔ (۲) پاپا یا اسقف بننا ؛ پاپائی کرنا ؛ پاپائی مشیخت یا شان و شوکت اختیار کرنا ؛ پاپائی روپ بھرنا ؛ پاپائی دکھانا ؛ غیر خاطی یا معصوم بننے کا دعویٰ کرنا ؛ (مجازاً) فرامین جاری کرنا ؛ احکام صادر کرنا۔

Pontil : (n) [Fr. 'pontil.'] (شیشہ سازی) لوہے کی سلاخ جس سے نرم شیشوں کو حسب ضرورت الٹ پلٹ کیا جاتا ہے (خصوصاً گول شیشے (Crown-glass) بنانے میں) ؛ پانٹل۔

Pontile : (a) [L. 'pontilis.'] (تشریح) جسری ؛ پل کا۔

Pontine : (a) [L. 'Pons.'] (تشریح، مرضیات) جسری: جسر وارولی: دماغ سے متعلق یا اس میں واقع ہونے والا : Pons varolii سے متعلق یا اس میں واقع۔

Pontine apoplexy : (n) جسری سکتہ۔

Pontoneer / -ier : (n) [med L. 'pontonarius.'] (فوج) کشتیوں کا پل بنوانے والا : کشتیوں کے پل کا نگہبان۔

Pontoon : (n) [L. 'ponto, ponton.'] (۱) چپٹے پیندے کی کشتی۔ (۲) (فوجی انجینئرنگ) کشتیوں کے پل کی ایک کشتی : پیرک تختہ : پونتون (جسے پانی پر تیراکر عارضی پل بنایا جاتا ہے)۔ (۳) (آبی انجینئرنگ) پن روک پیپا : پانی میں بنیاد ڈالنے کے لئے آب بند ڈبا: کوٹھی۔ (۴) عرشۂ جہاز کا کشتی نما دروازہ۔ (۵) (جہاز رانی) چپٹے پیندے کی بڑی کشتی جو کرین، لنگر کا چرخ اور اڑنگا وغیرہ سے لیس ہوتی ہے اور جسے بوجھ اٹھانے یا مرمت کے لئے جہاز کو کسی پہلو کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

Pontoon : (v) کشتیوں کا پل لگاکر دریا کو پار کرنا : تختۂ پل کے ذریعہ دریا کو پار کرنا : (نیز مجازاً)۔

Pontoon : (n) (ابتداً فوجی عامیانہ) تاش کے ایک کھیل Vingt-un کا تبدیل شدہ نام۔

Pontoon- bridge : (n) پیرك تختوں سے بنایا ہوا پل ؛ جسر ؛ کشتیوں کا پل ۔

Pontoon- train : (n) چپٹے پیندے کی کشتیوں یا پیرك تختوں کو لے جانے والی ٹرین ؛ پونتون بردار ؛ ویگن ٹرین۔

Pony : (n) [Origin doubtful.] (۱) چھوٹی نسل کا گھوڑا ؛ ٹٹو ؛ یابو ؛ ٹانگھن ۔ (۲) برنکو ؛ مستانگ (میکسیکو اور کیلیفورنیا کا نیم وحشی جنگی گھوڑا) ۔ (۳) ریس کا گھوڑا ۔ (۴) عام معیار سے چھوٹی یا کمتر چیز ۔ (۵) (عامیانہ) چھوٹا جام شراب ؛ اتنی شراب جو اس میں آسکتی ہو۔ (۶) (عامیانہ) ۲۵ پونڈ کی حقیر رقم۔ (۷) (کورس رقص میں) بونا یا پست قد رقاص یا رقاصہ۔ (۸) (امریکی عامیانہ) اسکول یا کالج کے معیار کا کوئی ترجمہ یا خلاصہ جسے ناجائز طور پر طلباء استعمال کرتے ہوں؛ کسی غیر ملکی زبان کو سیکھنے یا ایسی زبان کے متن کو سمجھنے کے لئے کیا ہوا بین السطور ترجمہ ۔ (۹) سیال کا پیمانہ جو آدھا جگر (Jigger) یعنی پون اونس کا ہو ۔

Jerusalem pony : خر ؛ گدھا ۔

Pony : (v) (۱) (up کے ساتھ) (رقم) ادا کرنا (خصوصاً کسی حساب کو بے باق کرنے کے لئے)۔ (۲) بین السطور ترجمہ کی ہوئی کتاب کی مدد سے ترجمہ کرنا ۔ (۳) (up کے ساتھ) ادا ہونا ۔

Pony : (a) (۱) معمول سے کمتر سائز (قامت) کا؛ بونا؛ ٹھگنا ؛ معمول سے چھوٹا ۔ (۲) صرف ڈاك؛ ٹیلی فون یا ٹیلی گراف کے ذریعہ بھیجی ہوئی نہایت اہم خبروں کی مختصر روداد تك محدود ۔

Pony cart : (n) گدھا گاڑی ۔

Pony engine : (n) (ریل گاڑیوں کو شنٹنگ میں لے جانے کے لئے) چھوٹا بھاپ انجن ؛ شنٹی انجن ۔

Pony -motor : (n) (برقیات، انجینئرنگ) معاون موٹر ۔

Pony - truck : (n) بعض کوئلہ انجنوں میں آگے کو لگایا ہوا دو پہیوں والا ٹرك ۔

Pony - truss : (n) اتنا چھوٹا پیل پایہ یا کھم جس کے اوپر کوئی اور سہارا استعمال نہ کیا جاتا ہو ۔

Ponytail : (n) سر کے بالوں کو باندھنے کا ایك انداز جس میں بالوں کو سنوار کر پشت سر کی طرف اس طرح باندھا جاتا ہے کہ گھوڑے کی دم جیسی شکل بن جاتی ہے ؛ گھوڑے کی دم کی طرح پشت سر سے لٹکتے ہوئے (عورت کے سر کے) بال ۔

Pooch : (n) [Origin unknown.] (عامیانہ) کتا ۔

Pood : (n) [Russ. 'pud.'] پوڈ؛ تولنے کا روسی پیمانہ (جو چالیس روسی پونڈ اور ۳۶ انگریزی پونڈ کے برابر ہوتا ہے)۔

Poddle : (n) [G. 'pudel .'] پوڈل؛ پالتو کتوں کی ایك خاص نسل کا کتا جس کے بال لمبے اور گھنگھریالے ہوتے ہیں جنہیں طرح طرح کی انوکھی شکلوں میں تراشا جاتا ہے ؛ (نیز توصیفاً) ۔

Poodle : (v) پوڈل کتے کے بالوں کی طرح (کسی کتے کے) بال تراشنا۔

Poodle - faker : (n) عورتوں میں رہنے والا؛ عورتوں کی صحبت پسند کرنے والا ۔

Poodle -faking : (n) زن پسندی ؛ عورتوں کی صحبت پسند کرنا ؛ عورتوں کی صحبت میں رہنا ۔

Poof / Pouf : (n) [Fr . 'Pouf.'] سانس یا پھونك کی مختصر آواز سے مشابہ آواز (جیسے موم بتی گل کرنے سے ہوتی ہے) ۔ (لہٰذا) متکبرانہ یا حقارت آمیز ناپسندیدگی کا اظہار؛ حقارت آمیز نامنظوری ۔

Poof / Pooff / Poove / Pouf : (n) زنخا ؛ زن نما مرد؛ اغلام باز ؛ ہم جنسیت کا رجحان رکھنے والا مرد ۔

Pooh : (interj) اونہہ ! (کوفت یا حقارت کے اظہار کے لئے)۔

Pooh : (n) (بطور اسم) اظہار ناپسندیدگی ؛ کوفت یا حقارت کا اظہار (اونہہ بول کر) ۔

Pooh : (v) اونہہ کرنا ؛ کوفت یا حقارت کا اظہار کرنا یا ہونا؛ ناپسندیدگی کا اظہار کرنا یا ہونا ۔

Pooh Bah : (n) [Name of a chavaeter in W.S.Gilbert's mikado.] وہ شخص جو ایك ساتھ کئی عہدوں پر فائز ہو۔

Pooh pooh : (n) پوپو کرنا ؛ اونہہ اونہہ کرنا ؛ اونہہ اونہہ کرنے کا عادی ۔

Pooh -pooh : (a) فجائی؛ حرف ندا یا فجائیہ سے متعلق۔

Pooh -hooh : (v) نفرت یا بیزاری ظاہر کرنا ؛ اظہار ناپسندیدگی کرنا؛ حقیر سمجھنا ؛ ہنسی اڑانا ۔

Pooh- pooh theory : (n) یہ نظریہ کہ زبان حروف ندا یا حروف فجائیہ کی ترقی یافتہ شکل ہے : یہ نظریہ کہ جذبات سے مغلوب ہوکر منہ سے بے ساختہ نکلی ہوئی آوازوں کی ترقی یافتہ شکل ہی زبان ہے ۔

Pooka / Phooka : (n) [Irgael . 'puca.'] بھتنا : ہوّا؛ ڈراوا : آئرستان کی متداول روایات و عقائد کے مطابق ایک شریر اور بد روح جو گھوڑے کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے اور گندی جگہوں (پاخانہ، کیچڑ وغیرہ) کے آس پاس منڈلاتی رہتی ہے ۔

Pookoo / Puku : (n) [Zulu. 'mpuku.'] پوکو: سرخ رنگ کا بارہ سنگھا جو وسط افریقہ کے جنوب میں پایا جاتا ہے۔

Pool : (n) [OE. 'pol.'] (۱) گڈھا جس میں پانی بھرا ہو : جوہڑ (قدرتی طور پر بنا ہوا) آب گیر: ڈابر: ڈبرا۔ (۲) دریا یا چشمے میں گہری جگہ : کنڈ ۔ (۳) کسی سیال سے بھرا ہوا چھوٹا گڑھا ۔ (۴) پانی کا خزانہ : آہر: تالاب: بند: باندہ ۔ (۵) تلچھٹ آمیز مسام دار چٹانوں کا سلسلہ جسے برمانے سے پٹرولیم یا گیس نکلتی ہو ۔ (۶) تیراکی کا تالاب : سوئمنگ پول ۔ (۷) (پارکوں میں بنا ہوا) بچوں کے لئے کم گہرا تالاب یا حوض ۔

The pool : London Bridge جو دریائے ٹیمز کا وہ حصہ اور Cuckold's Point کے درمیان آتا ہے۔

Pool : (n) [Fr. Poule.'] (۱) (تاش کے بعض کھیلوں میں) سب کھیلنے والوں کی بازی کی رقموں اور جرمانوں کی مجموعی مقدار ۔ (۲) وہ خانہ یا برتن جس میں شرط یا جرمانے کی رقم جمع کی جاتی ہے ۔ (۳) ایک کھیل جو بلیرڈ کی میز پر کھیلا جاتا ہے اور جس میں ہر کھلاڑی کی اپنی جداگانہ رنگ کی گیند ہوتی ہے جس سے وہ دوسرے کھلاڑیوں کی گیندوں کو مارکر ایک خاص ترتیب سے پاکٹ میں گرانے کی کوشش کرتا ہے ، نیز ہر کھلاڑی ایک خاص رقم جمع کرتا ہے جو سب کی سب جیتنے والے کی ہوجاتی ہے : نیز امریکا کا ایک ایسا ہی کھیل جس میں گیندوں پر ۱ تا ۱۵ نمبر دیئے ہوتے ہیں ان میں جس نمبر کی گیند پاکٹ میں گرتی ہے اتنے نمبر اس کھلاڑی کے اسکور میں جوڑ دیئے جاتے ہیں ۔ (۴) (رائفل بازی) ایک مقابلہ جس میں ہر شخص اپنے ہر فائر کے لئے ایک مخصوص رقم جمع کرتا ہے جو مقابلہ جیتنے والوں کے درمیان تقسیم ہوجاتی ہے: نیز توصیفاً ۔ (۵) شرط کی مجموعی رقم: وہ کل رقم جو بازی پر رکھی گئی ہو ۔ (۶) مشترکہ فنڈ جس میں یا جس سے شرکاء کے تمام منافع یا نقصانات ادا کئے جاتے ہیں : مشترکہ رقم جو کئی دکانداروں میں تقسیم ہو : مشترک سرمایہ : (کئی لوگوں کا) اشتراک (جو تجارتی، سیاسی یا کسی سازش کے تحت ہو) ۔ (۷) (ابتداءً امریکا) نفع میں شرکت کا وہ طریقہ جس کے مطابق کئی دکاندار آپس میں مقابلہ کرنے کی بجائے مال کی شرح طے کرلیتے ہیں اور منافع بہ حصہ رسدی تقسیم کرلیتے ہیں ۔ (۸) (شمشیر بازی) دو جماعتوں کا مقابلہ جس میں ایک طرف کا ہر شخص دوسری طرف کے ہر شخص کا مقابلہ کرتا ہے ۔ (۹) خون وغیرہ جو کئی شخصوں کے جسم سے لے کر (آئندہ کی ضرورت کے لئے) محفوظ رکھا گیا ہو ۔ (۱۰) جداگانہ ملکیت کے تحت آنے والی چیزوں کا وہ مجموعہ جو سب کے فائدے کے لئے مشترکہ طور پر استعمال کیا جاتا ہو ۔ (۱۱) (ہنگامی حالات میں فوجی خدمت وغیرہ کے لئے) آدمیوں کی مجموعی تعداد جو کسی علاقے میں دستیاب ہو ۔ (۱۲) (کسی فوری ضرورت پر کام لینے کے لئے) تیار ملازموں کی جماعت ۔ (۱۳) کسی مخصوص کام میں ماہر تربیت یافتہ جماعت جسے استعمال کیا جاسکے ۔ (۱۴) (وقت پر استعمال کے لئے محفوظ کی ہوئی) مقدار یا تعداد (کسی چیز کی) ۔ (۱۵) کوئی تنصیب جو کسی چیز کو رکھنے اور سپلائی کرتے رہنے کے لئے ہو : موٹر پول : کسی ایجنسی کے تحت کنٹرول کی جانے والی موٹر گاڑیاں جو ضرورت پر لوگوں کو مہیا کی جاتی ہوں ۔ (۱۶) فٹ بال کے مقابلوں پر بازی یا شرط بدنے کا قاعدہ : فٹ بال کی بازی : فٹ بال پول ۔ (۱۷) کسی چیز کا مشترکہ ذخیرہ: کسی تنظیم کے پاس موجودہ اشیا یا اشخاص کا گروپ ۔

To make (up) a pool: جماعت کی تشکیل کرنا :پارٹی بنانا۔

Pool : (v) (۱) (میخ ٹھوکنے کے لئے) سوراخ کرنا ۔ (۲) (کوئلے کی) کان میں سرنگ کھودنا : سرنگ لگانا (اس طرح کہ کوئلے کا روا گرجائے) ۔ (۳) (دریا وغیرہ کا تیز بہاؤ کے ذریعہ) گڈھا بنا دینا: گڈھا بن جانا۔ (۴) (جسم کے کسی حصے کی شریانوں میں خون کا) جمع ہوجانا یا ساکن ہوجانا ۔ (۵) (کسی چیز میں) گڈھا سا بنا دینا یا بن جانا ۔

Pool : (v) مشترک سرمائے میں داخل کرنا یا جمع کرنا (معاہدے کے بموجب تقسیم ہونے کی غرض سے) : مشترک مفاد کے لئے سرمایوں یا منافعوں کو ملانا : (نفع وغیرہ کو) جمع کرکے بہ حصہ رسدی تقسیم کرنا: کسی مشترکہ مفاد کے لئے دوسروں کے ساتھ اشتراک کرنا : جماعت میں شامل ہونا ۔

Pool selling : (n) (کھیل پول کی بازی کی فروخت یا تقسیم ۔

Pooli : (n) [Mende. 'puli.'] (۱) افریقہ کے گرم خطوں کا شہتیری درخت ۔ (۲) اس درخت کی متناسب نرم لکڑی ۔

Poolside : (n) سوئمنگ پول کے ارد گرد کی جگہ ۔

Poon : (n) [Sinhalese. 'puna.'] پون : ایك ہندستانی درخت یا اس کی لکڑی : نیز توصیفاً۔

Poon oil : (n) پون کا تیل (جو دوا کے کام آتا ہے)۔

Poona pea : (n) [origin unknown.] (۱) منطقہ حارہ کی ایك بوٹی جس کے پھول زرد ہوتے ہیں اور جس کی کاشت کی جاتی ہے۔ (۲) اس بوٹی کا بیج جو غذائیت سے بھرپور ہوتا ہے۔

Poonac : (n) [Tamil 'punnakku.'] ناریل کی کھلی : ناریل کے گودے سے تیل نکال لینے کے بعد کا بچا ہوا فضلہ جو مویشی کے چارے یا کھاد کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

Poonah : (n) پونا : ہندستان کا مشہور شہر۔

Poonah brush : (n) پونا کا مو قلم۔

Poonah painting : (n) پونا کی مصوری (جو چاول کے کاغذ یا کسی اور باریك کاغذ پر قدیم مشرقی طرز کے مطابق کی جاتی ہے۔

Poonah paper : (n) پونا کا کاغذ (جو مصوری میں استعمال ہوتا ہے)۔

Poonga- oil : (n) [Tamil. 'punga.'] گہرے زرد رنگ کا تیل جو Pongamia glabra کے بیج سے نکالا جاتا ہے اور ہندوستان میں چراغ جلانے یا جلدی امراض میں دوا کے کام آتا ہے۔

Poontang : (n) [Fr. 'putain.'] (عامیانہ) مباشرت : جماع: ہم بستری۔

Poop : (n) بے وقوف یا بے کار آدمی۔

Poop : (n) [Ofr. ' pupe, pope.'] (۱) جہاز کا پچھلا حصہ:دنبالۂ جہاز : دنبالہ : پوپ۔ (۲) سولہویں اور سترھویں صدی میں جہازوں کا سب سے پچھلا اور سب سے اونچا عرشہ۔

Poop : (v) (۱)بندوق سے مارنا۔ (۲)ریاح خارج ہونا۔

Poop : (v) (۱)(موجوں کا) دنبالۂ کشتی پر چڑھ جانا۔ (۲)(جہاز یا کشتی کے پچھلے حصے پر) پانی کا چڑھ جانا۔

Poop : (v) دھوکہ دینے کا عادی ہونا : ٹھگ لینے کا عادی ہونا۔

Poop : (n) سرکاری یا غیر سرکاری اطلاعات۔

Poop : (v) [origin unknown.] (روزمرہ) (ہوا وغیرہ) بالکل نکال دینا : بالکل ختم کردینا : بالکل چوس لینا : تھکا ڈالنا : خستہ کردینا : نیم جان کردینا۔

Poop-royal : (n) وہ عرشۂ جہاز جو دنبالہ پر بنی کوٹھری (کیبن) کی چھت کا کام دیتا ہے۔

Pooped : (a) دنبالہ دار (عموماً مرکب الفاظ میں آتا ہے مثلاً (high-pooped).

Pooped out : (a) بالکل خالی : پوری طرح چوسا ہوا : بے حد خستہ یا تھکا ہوا : نیم جاں۔

Poor : (a) [ME. 'Povere.'] (۱) غریب : نادار: مفلس: محتاج : تنگ دست: کنگال : تہی دست : مسکین: ضرورت مند. (۲)جس میں کوئی خاص چیز کم مقدار میں ہو : ناقص: (کسی خاص چیز کے اعتبار سے) کم مایہ۔ (۳) (زمین) غیرمزروعہ : ناقابل کاشت: بنجر : اوسر۔ (۴) کم : ناکافی : توقع سے کم۔ (۵)ادنیٰ : حقیر: خفیف: ذرا سا: تھوڑا سا: ہلکا سا۔ (۶)ذلیل: ہیچ : نکما: دو کوڑی کا۔ (۷)ناچیز : حقیر، ہیچ : غیراہم: مہمل: بے معنی. (۸) بچارہ : بیچارہ : غریب: بد نصیب. (۹) (روزمرہ) مرحوم : مغفور۔

Poor : (n) (عموماً The کے ساتھ جمع کے معنوں میں) طبقۂ غربا: غربا : مساکین : محتاج لوگ جو خیرات کے مستحق ہیں (The poor) -

Poor : (n) ایك چھوٹی یوروپین کاڈ مچھلی۔

Poor- box / -chest : (n) خیرات کی صندوقچی (خصوصاً گرجوں کے دروازوں کے پاس) جس میں غریبوں کی امداد کے لئے پیسے ڈالے جاتے ہیں۔

Poor boy : (n) ایك قسم کا فرانسیسی سینڈوچ جو ڈبل روٹی، مکھن اور گوشت کے ٹکڑے بھرکر بنایا جاتا ہے۔

Poor- child : (n) خیراتی مدرسے کا طالبعلم : نادار طالبعلم.

Poor clares : (n) تیرھویں صدی میں St. clare کی راہباؤں (ننوں) کا سلسلہ۔

Poor convict's oath: (n) وہ حلف یا قسم جو قیدی (مخصوص حالات میں) کو رہا کرنے کی صورت میں جرمانہ نہ دینے پر لینا پڑتی ہے۔

Poor farm : (n) وہ کھیت جس میں ضرورت مند و غریب لوگوں کو روزگار دیا جاتا ہے۔

Poor John / Poor- john : (n) (تاریخ) (کھانے کے لئے) نمک لگاکر سکھائی ہوئی ہیک (hake) مچھلی۔

Poor-law : (n) قانون مساکین : غربا، و مساکین کی امداد کا قانون۔

Poor-law parish : (n) قانون مساکین کے نفاذ کے لئے بنایا ہوا ضلع۔

Poor man : (n) (۱) غریب؛ مفلس؛ نادار؛ نکما یا بدنصیب شخص؛ مسکین : محتاج۔ (۲) دیکھو Poor man of mutton-

Poor man of mutton : (n) (اسکاتستان روز مرہ) (ذبح کئے ہوئے) بکرے کے کندھے یا پٹھے کا بچا ہوا حصہ؛ اس کا کباب۔

Poor man's mustard : (n) ایک یورپی بوٹی جس کی بو لہسن جیسی ہوتی ہے۔

Poor man's shilling : (n) ایمان داری : دیانت داری۔

Poor man's weather-glass : (n) ایک چھوٹا سا بارہ ماسی پودا جو کھیتوں یا افتادہ زمینوں پر ہوتا ہے جس کے قرمزی (نیز نیلگوں اور سفید) پھول بارش سے پہلے سمٹ جاتے یا بند ہوجاتے ہیں۔

Poor mouth : (n) غربت یا افلاس کا مظاہرہ۔

Poor-mouth : (v) (۱) (جہاں کچھ دینے کا موقع ہو وہاں) خود کو غریب ظاہر کرکے جان چھڑانا؛ مسکین بننا؛ غربت یا افلاس ظاہر کرنا۔ (۲) (کسی کے بارے میں) حقارت سے بولنا : حقیر ظاہر کرنا۔

Poor- rate : (n) وہ محصول جو غربا کی امداد کے لئے عائد کیا جاتا ہے۔

Poor relation : (n) وہ (قریبی) رشتہ دار جو تنگ دست یا محتاج ہو؛ مسکین رشتہ دار۔

Poor relief : (n) امداد مفلسین : امداد الغربا : امداد المساکین : فلاح الغربا۔

Poor-spirited : (a) بزدل : نامرد : ڈرپوک : پست ہمت : دوں حوصلہ۔

Poor- spiritedness : (n) بزدلی؛ نامردی : پست ہمتی؛ دوں حوصلگی۔

Poor-white : (n) غریب گورا : غریب سفید فام : (امریکی حبشی ان سفید فاموں کو حقارتاً کہتے ہیں جن کے ذرائع محدود ہیں اور جو اپنی بودو باش کا معیار قائم نہیں رکھ پاتے)۔

Poor -will : (n) [An imitation of its note.] ایک شمالی امریکی پرندہ۔

Poorhouse / Poorshouse : (n) (اسکاتستان و امریکا) محتاج خانہ؛ خیرات خانہ : وہ مکان جس میں سرکاری خیرات پانے والے غریب لوگ رہتے ہیں۔

Poorly : (adv.) (۱) کمی کے ساتھ : ناقص طور پر۔ (۲) لشتم پشتم؛ بڑے بھلے طریقے سے۔ (۳) ذلیل طریقے سے : گھٹیا طور پر۔

Poorly : (adj.) بیمار : نڈھال : مضمحل : ناساز : علیل۔

Poormaster : (n) غریبوں اور امدادی کاموں کا نگراں : فلاح الغربا سے متعلق کاموں کا نگراں۔

Poorness : (n) (۱) نقص؛ خامی : کوتاہی۔ (۲) (کسی جزو کی) کمی : قلت۔

Poort : (n) [African] (جنوبی افریقہ) پہاڑوں کے بیچ یا اوپر سے ہوکر جانے کا راستہ : درہ؛ گھاٹی۔

Poortith : (n) [OFr. 'povertet.'] (اسکاتستانی اور شمالی بول چال) دیکھو Poverty -

Pop : (n) [imit . goes with Pop (v)] (۱) بھک (کی آواز)؛ ناگہانی دھماکے کی ہلکی سی آواز۔ (۲) کسی آتشیں اسلحے کا فائر۔ (۳) (عامیانہ) پستول۔ (۴) کسی بھی جوشیلے مشروب کا نام خصوصاً ادرکی شراب جس کی کاک کھولنے پر آواز ہوتی ہے (روزہ مرہ) : کوئی پینے کی چیز جس میں چھین (جھاگ) اٹھتا ہو۔ (۵) نقطہ : نشان : چھوٹا سا دھبا یا داغ (جو بھیڑوں وغیرہ پر پہچان کے لئے لگاتے ہیں)۔ (۶) (عامیانہ) رہن : رہن رکھنا۔

In pop : مرھون : گروی : رہن۔

Pop : (a) Popular کا روز مرہ مخفف۔

Pop : (n) Popular concert کا روز مرہ مخفف۔

Pop : (n) [Origin doubtful.] Eton کالج کا سماجی کلب اور دار المباحثہ جس کا قیام ۱۸۱۱ء میں ہوا تھا۔

Pop : (n) (امریکا) Poppa کی مختصر شکل؛ پاپا : ابا؛ ابی : باپ۔

Pop : (v) [imit. goes with POP (n).'] (۱) ہلکی سی ضرب لگانا؛ تھپتھپانا : دستک دینا : ہلکے سے ٹہوکا دینا : تھپکی دینا (بول چال)۔ (۲) دھماکے کی ہلکی آواز نکلنا : ہلکی سی آواز سے پھٹنا یا اڑنا : بھک سے ہونا (مثلاً

Pop -eye : (n) بڑی آنکھ ؛ ابھری ہوئی آنکھ ۔

Pop- eyed : (a) بڑی یا ابھری ہوئی آنکھوں والا یا والی ۔

Pop goes the weasel : (n) ایک دیہاتی ناچ کا نام ۔

Pop - gun / - Popgun : (n) (۱) بچوں کی بندوق ؛ ہوائی بندوق؛ (نیز توصیفاً) ۔ (۲) (حقارتاً) نکمی بندوق ؛ چھوٹی اور بیکار بندوق ۔

Pop off : (v) (۱) اچانک چھوڑ دینا ؛ یکبارگی چل دینا؛ یکایک روانہ ہوجانا ۔ (۲) اچانک یا غیرمتوقع طور پر مرجانا ؛ یکایک مرجانا ۔ (۳) بے سوچے سمجھے گفتگو کرنا (اکثر تیز و تند ہوکر) ۔

Pop - off : (n) (۱) غصے میں یا بلند آواز سے گفتگو کرنے والا ؛ بے سوچے سمجھے بات کرنے والا ۔ (۲) (برتن سازی) (برتنوں کی) وہ ذراسی ناقص پالش جو سکھانے یا پکانے کے دوران گرجاتی ہے ؛ چلفی ۔

Pop - shop : (n) (عامیانہ) گروی رکھنے کی دکان ؛ رہن لینے والے کی دکان ؛ چیزیں گروی لے کر قرض دینے والے کی دکان۔

Pop- valvee : (n) وہ کھلمندن جو چول یا قبضے پر نہیں ہوتا بلکہ اس کے کھولنے کے لئے اسے پورا اٹھانا پڑتا ہے ۔ ٹھس کھلمندن ۔

Pop - weed : (n) (نباتیات) کھوکھلی گھاس ۔

Popadam : (n) [Tamil . 'pappadam.'] ایک قسم کی ٹکیا جسے (ہندوستان میں) شوربے کے ساتھ کھاتے ہیں۔

Pope : (n) [OE. 'papa.'] (۱) پاپائے روم ؛ پوپ ؛ پاپا؛ پاپائے اعظم ۔ (۲) (غیر مسیحی مذہب کا) روحانی پیشوا ؛ (مجازاً) وہ شخص جسے پاپائے روم جیسا رتبہ یا اختیار حاصل ہو ۔ (۳) (مجازاً) غیر خاطی شخص ؛ غیر خاطی ہونے کا مدعی ۔ (۴) میٹھے پانی میں رہنے والی Perch خاندان کی مچھلی ؛ رف (Ruff) مچھلی ۔ (۵) (رنگوں کی بٹا پر) مختلف پرندوں کا مقامی نام ۔

Pope : (n) [Russ. 'Pop.'] پاپو ؛ روس میں کلیسائے یونانی کا پادری ۔

Pope Joan : (n) [After the fabulous female Pope Joan .] (۱) فرضی عورت جس کی نسبت مشہور ہے کہ پوپ منتخب ہوگئی تھی؛ پوپ جون ۔ (۲) تاش کا ایک کھیل جسے تین یا زیادہ اشخاص مل کر کھیلتے ہیں، اس میں اینٹ کا اٹھا بنادیا جاتا ہے اور مخصوص پتیاں پھینکنے والے ہی جیتتے ہیں۔

بوتل کا کاگ کھولنے میں) ۔ (۳) بھک سے اڑا دینا؛ (بندوق وغیرہ) داغنا ؛ فائر کرنا؛ سر کرنا (نیز مجازاً)۔ (۴) گولی داغنا ؛ بندوق چلانا؛ گولی مار دینا ؛ گولی سے مار ڈالنا یا مار گرانا ؛ (بندوق کا) نشانہ بنانا ۔ (۵) (کوئی چیز کسی جگہ پر) فوراً، اچانک یا غیرمتوقع طور پر رکھنا یا (وہاں سے) ہٹا لینا ؛ ڈالنا یا نکالنا ۔ (۶) اچانک سوال جڑ دینا ؛ یکایک سوال کر بیٹھنا ؛ (خصوصاً) شادی کی درخواست کرنا (عامیانہ یا روزمرہ)۔ (۷) (عامیانہ) رہن رکھنا ؛ گروی کرنا ۔ (۸) دفعتاً یا غیرمتوقع طور پر) آپہنچنا؛ نازل ہوجانا؛ چل دینا؛ غائب ہوجانا؛ جانا؛ لپکنا ؛ جھپٹنا ؛ تیزی سے آگے بڑھنا یا جانا ۔ (۹) (عامیانہ) مرجانا ؛ ختم ہوجانا؛ جاں بحق تسلیم ہونا ؛ گزر جانا ۔ (۱۰) حملہ کرنا ؛ مارنا ؛ ضرب لگانا ۔ (۱۱) (کرکٹ) پھینکنے کے بعد گیند کا تیزی سے اوپر اٹھنا اور ڈانوا ڈول ہوکر ہوا میں گزرنا (اکثر up کے ساتھ آتا ہے) ۔ (۱۲) (امریکا) مکئی کو بھوننا ؛ کھیلیں کرنا ؛ لاوا پھوٹنا (اناج کا)۔

To pop corn : مکئی وغیرہ بھوننا یہاں تک کہ لاوے پھوٹ جائیں ؛ کھیلی کرنا ۔

To pop off (the hooks) : مرجانا ؛گزر جانا ،ختم ہوجانا ۔

To pop the question : (روزہ مرہ یا عامیانہ)شادی کی درخواست کرنا ۔

Pop : (adv.) بھک سے ؛ اچانک ؛ فوراً ؛ دفعتاً ؛ یکایک؛ یکبارگی؛ ناگہاں ؛ غیرمتوقع طور پر ۔

I heard it go pop : میں نے اسے بھک سے اڑتے سنا ۔

Pop : (n) Poppet کی مختصر شکل ۔

Pop : (n) (۱) کوئی چیز جو مقبول عام ہو ؛ عام پسند کی چیز۔ (۲) عوامی اتحاد، میل جول یا ہم آہنگی ؛ عوامی جلسۂ سرود ؛ گانے کا جلسہ ۔ (۳) عوامی یا عوام پسند طرز، دھن یا ریکارڈ وغیرہ ۔ (۴) عوامی موسیقی ؛ عام پسند موسیقی؛ عامیانہ موسیقی ۔ (۵) عوامی تہذیب۔

Pop : جزو ترکیبی Pop فعل کے معنی میں دیکھئے (Pop-eye) وغیرہ ۔

Pop -art : (n) عوامی فن؛ وہ فن جو اپنے تصورات، طرز و اسلوب وغیرہ عوامی تہذیب سے اخذ کرتا ہے ۔

Pop-corn : (n) (۱) بھنی ہوئی مکئی، چنا وغیرہ ، (اناج کا) بھونا؛ لاوا؛ کھیلیں ۔ (۲) مکئی کی ایک قسم جس کا بھونا بہت اچھا ہوتا ہے ۔

بکرے کی ٹانگ کے بیچ میں، چربی میں لپٹی ہوئی لحمی گلٹی (جسے لقمۂ تر سمجھا جاتا ہے)۔ — Pope's eye : (n)

(۱) ناگھ پھنی کی ایک قسم جس کے پھول نرم گدیلوں یا نرم سروں پر کھلتے ہیں۔ (۲) (چھت وغیرہ جھاڑنے کے لئے) لمبے دستے کا گول برش یا جھاڑو۔ (جسے Turk's head کہتے ہیں)۔ [from its appearance.] — Pope's head : (n)

دیکھو Parson's nose — Pope's nose : (n)

(۱) پوپ کا عہدہ: مملکت پاپا: منصب پاپا: پاپائی۔ (۲) یورپ کی میعاد کار گزاری یا معیادِ حکومت۔ (۳) کسی بھی مذہبی نظام کا اقتدار اعلیٰ: پیشوائے اعظم۔ (۴) نظام پاپائی: نظام پاپائی جیسا کوئی بھی کلیسائی نظم۔ — Popedom : (n)

بے پوپ کا: بے پاپا۔ — Popeless : (a)

چھوٹا پوپ: ماتحت پوپ: پاپائے خرد۔ — Popeling : (n)

(معاندانہ) پاپائیت: پوپ پرستی: پاپا پرستی: پاپائی نظام: رومن کیتھولک مذہب یا اس کا پیرو۔ — Popcryu : (r)

(۱) (قدیم) طوطا: میاں مٹھو۔ (۲) طوطے کی تصویر (خصوصاً نقابتی تمغہ یا مارکا)۔ (۳) (تاریخ) طوطے کی شکل جو کسی بانس یا بلی پر ہوتی ہے اور اس پر نشانہ لگاتے ہیں: طیر نشانہ۔ (۴) خود نما و خود بیں آدمی: چھیلا: دکھاوا: نمود: ریا: ریاکار: نمودیا۔ (۵) (مقامی بولی) سبز ہدہد۔ [ME. ' Pape (n) iai.'] — Popinjay : (n)

پاپائیت کا یا اس سے متعلق: کلیسائے یونان کا یا اس سے متعلق: پاپائی: پاپا سے متعلق: حامیان پوپ کا: پوپ پرستی کا: کیتھولک مذہب کا یا اس سے متعلق (معاندانہ)۔ — Popish : (a)

پاپائی انداز سے: پاپا کی طرح۔ — Popishly : (adv.)

پاپائیت: پوپ پرستی۔ — Popishness : (n)

(۱) Populus جنس کا ایک درخت جو لمبائی اور درست قامتی میں مشہور ہے: تبریزی: درخت حَور: (نیز) اس درخت کا شہتیر۔ (۲) اس سے مشابہ کوئی درخت۔ خصوصاً Tulip-tree یا Tulip- poplar (۳) توصیفی معنوں میں۔ [ME. 'popler (e).'] — Poplar : (n)

(نباتیات) کبودہ۔ — Black Poplar / Pyramidal Poplar :

بید مجنوں: سفیدا: (نیز white — Trembling poplar :

(Popler .

شمالی امریکا کا ایک لمبا درخت۔ — Tulip-poplar :

پاپلن: ایک قسم کا رشمی کپڑا جو آذرستان میں بنتا ہے۔ [It. 'Papalina.'] — Poplin : (n)

پاپلین جیسا یا اونی یا سنئی کا کپڑا: نقلی پاپلین۔ — Poplinette : (n)

(تشریح) عقب رکبی: مابضی: پسِ زانو: گھٹنے کے پیچھے کے جوف کا: اس سے متعلق یا اس میں واقع۔ [mod. L. 'Popliteus'.] — Popliteal : (a)

(تشریح) شریان عقب رکبی: شریان بابضی۔ — Popliteal artery : (n)

(تشریح) مابضی دُرجک: عقب رکبی درجک۔ — Popliteal bursa : (n)

(تشریح) عرقوب و تر مابضی۔ — Popliteal tendon : (n)

(تشریح) غزوق مابضی: عروی عقب رکبی۔ — Popliteal tendons : (n)

(تشریح) عضلۂ مابضی: عقب رکبی عضلہ۔ [L.] — Poplitous : (n)

(امریکا) انیسویں صدی کی آخری دہائی کا وہ ڈیموکریٹ جو Populist پالیسیوں کا حامی تھا۔ [Populist + democrat.'] — Popocrat : (n)

(امریکی روزمرہ) پاپا: ابا: باپ: باپو۔ — Poppa : (n)

(۱) بندوق: پستول یا دیگر آتشیں اسلحے، خصوصاً پستول (عامیانہ)۔ (۲) بھاڑ: وہ برتن جس میں مکئی وغیرہ کو بھون کر اس کے لاوے یا کھیلیں بناتے ہیں (امریکا)۔ — Popper : (n)

(۱) (اب صرف مقامی بولی میں) چھوٹا سا آدمی: (بچوں کے لئے) پیارا، لاڈلا: دلارا۔ (۲) خراد کا اوپری حصہ۔ (۳) (بحری) چوب: چھوٹی سی لکڑی۔ (۴) وہ کھلمندن جو چول یا قبضے پر مبنی ہوتا بلکہ اسے کھولنے کے لئے اس کو پوری طرح اٹھانا پڑتا ہے۔ [ME. 'popet (Te).'] — Poppet : (n)

(۱) خراد کا اوپر کا حصہ: سر خراد: گیرہ: پوپٹ۔ (۲) (کان کنی) ایک فریم جو کان کے دہانے پر ہوتا ہے اور جس میں جرّ جنباں لگی ہوتی ہیں۔ — Poppet-head : (n)

(میکانیات) پوپٹ والو: پاپہ والو۔ — Poppet - valve : (n)

(۱) جس میں کوکنار کی خواب — Poppied : (a) [f. Popy (n) + ed]

Poppied : (a) [f. Popy (n) + ed] (۱) جس میں کوکنار کی خواب آور صفت موجود ہو : خواب آور : مسکن : خواب آلود : اونگھتا ہوا : مخدر : منوم : مسکر .(۲) پوستوں سے بھرا ہوا : خشخاشی نقاشی سے آراستہ (گرجے کی نشست) جس میں منقش چوٹی یا کلس ہو .

Popping : (n) اچانک بھاگ کھڑا ہونا : یکایک چل دینا : گزر جانا یا آدھمکنا .

Popping-crease : (n) (کرکٹ) وہ لائن جو وکٹ کے متوازی چار فٹ کے فاصلے پر ہوتی ہے اور بلے باز کو اس کے اندر رہنا لازمی ہوتا ہے : کریز .

Popple : (n) [OFr. 'Pople.'] (امریکی بول چال) دیکھو Poplar .

Popple : (n) [Origin Unknown.] (۱) فصل کے ساتھ کھیتوں میں اگنے والا ایک پودا . (۲) رائی : سرسوں : خردل : ان پودوں کے بیج .

Popple : (n) [Goes with next.] تلاطم : تموج : موج : لہر : ہلکورا .

Popple : (v) [Prob. - (m) DU. 'popeler.'] (پانی کا) تلاطم یا تموج میں ہونا : اٹھنا گرنا : متموج ہونا : موج زن ہونا: لہریں لینا : ہلکورے لینا .

Popply : (a) موج خیز : متلاطم : متموج : لہردار : ہلکورے دار .

Poppy : (n) [OE. 'Popaeg.'] (۱) پوست : خشخاش : کوکنار : پودا جس سے افیون حاصل ہوتی ہے .(۲) یہ پودا یا اس کا ست جو دواؤں میں کام آتا ہے . (۳) (مجازاً) کوئی منوم یا مخدر چیز : خواب آور چیز . (۴) (تعمیرات) (کلیسا کی نشست کا) آرائشی یا منقش کلس : منقش چوٹی (گرجے کی نشست کی) .

Californian poppy : ایک قسم کا پودا :کیلیفورنیائی کوکنار .

Corn Poppy /Field Poppy : کھیتوں میں اگنے والا خودرو پودا جس کے پھول شوخ گلنار ہوتے ہیں .

Flanders poppies : (۱) فلانڈرس کے کوکنار .(۲) ریشمی کوکنار جو ۱۱/نومبر کو بناکر بیچے جاتے ہیں (کشتگان جنگ عظیم کی یادگار کے طور پر) .

Horned poppy /Horn- : Glancium جنس کا کوئی پودا جس کے ڈوڈے لمبے اور سینگ نما ہوتے ہیں .

Iceland poppy : کوکنار کی ایک قسم : قطب شمالی کا زرد کوکنار .

Opium Poppy : پوست کی وہ قسم جس سے افیون نکلتی ہے .

Prickly poppy : قسم کوکنار جس کے پھول زرد یا سفید ہوتے ہیں اور پتیوں اور ڈوڈوں پر کانٹے ہوتے ہیں : خار دار کوکنار: کٹیلا .

Poppy-bee : (n) فراش (شہد کی) مکھی کی وہ قسم جو اپنے چھتے کے خانوں میں کوکنار یا پوست کی پنکھڑیوں کا فرش کرتی ہے .

Poppy- colour : (n) شوخ یا چمکیلا گلنار رنگ : تیز یا شوخ سرخ رنگ جو مائل بہ نارنجی ہو .

Poppy cultivation : (n): (نباتیات) کاشت پوست : پوست کی کھیتی افیون کی کھیتی .

Poppy Day : (n) یوم کوکنار : یوم پوپی (۱۱/ نومبر ۱۹۱۸ء التوائے جنگ عظیم کی سالانہ یاد گار کا دن جسے سرخ ریشمی (مصنوعی) کوکنار (یا فلانڈرس کے کوکنار) کو لباس میں سجا کر منایا جاتا ہے . یہ پھول معذور سابق فوجی تیار کرتے ہیں).

Poppy- head : (n) (۱) پوست کا ڈوڈا : خشخاش کا ڈوڈا : (نیز توصیفاً) .(۲) (تعمیرات) گرجے کی نشست کی چوٹی پر بنا ہوا آرائشی یا منقش کلس (نیز توصیفاً).

Poppy oil : (n) خشخاش کا تیل روغن خشخاص .

Poppy-seed : (n) پوست کا دانہ : خشخاش : دانۂ خشخاش : دانہ.

Poppycock : (n) (امریکی عامیانہ) مہمل : لغو : واہیات: لغویات.

Poppywort : (n) پوست کی قسم کے تمام پودوں کا نام .

Popskull : (n) [Pop + skull.] (خصوصاً مڈ لینڈ) گھٹیا یا سستی وہسکی (شراب) .

Popsy : (n) (لڑکی یا عورت کے لئے) پیاری : لاڈلی: ہمدم :ہم نفس: جان من : راحت جاں : آرام جاں .

Populace : (n) [Fr. 'Populace.'] (۱) کسی فرقے کے عوام : طبقۂ جمہور : عموم: جمہور : عوام الناس : (جو القاب یافتہ، دولت مند یا تعلیم یافتہ طبقے میں نہ آتے ہوں)(تحقیراً) ادنیٰ طبقے کے لوگ : عام لوگ:گنوار دل : ارزال و انفار .
(۲) کل آبادی : کل عوام : کل باشندگان .

Popular : (a) [AFr. 'populer.'] (۱) عمومی : عموم کا : جمہور کا:

جمہوری ؛ عوامی ؛ قومی ۔ (۲) (قانون) عام؛ عامہ ؛
جو ہر کس و ناکس سے متعلق ہو یا اس پر عائد ہوتا
ہو ؛ جو سب کے لئے ہو ؛ جو سب پر اثرانداز ہو ۔
(۳) ہر دل عزیز ؛ مقبول عام ۔ (۵) عوام کا؛ جو عوام
میں مروج ہو ؛ جسے قبول عام حاصل ہو؛ عوامی ؛
عامیانہ ؛ عام طور پر مروج۔

Popular : (n) Popular concert کا مخفف : عام پسند چیز۔

Popular action : (n) استغاثہ کرنے والے کو کسی شخص سے قانونی
جرمانہ دلوانے کی کارروائی ۔

Popular assembly : (n) عوامی مجلس ۔

Popular front : (n) [tr.Sp. 'frente popler.'] حزب مخالف ؛ بائیں
بازو کی جماعت ؛ کوئی سیاسی پارٹی یا منظم گروہ
جو بائیں بازو کے عناصر کی نمائندگی کرتا ہو۔

Popularity : (n) قبول عام ؛ ہردل عزیزی ؛ مقبولیت عام ۔

Popularization : (n) (۱) ہر دل عزیز بنانا ؛ عام پسند بنانا۔
(۲) ہر دل عزیزی ؛ عام پسندی ؛ مقبولیت عام؛
ترویج عام ؛ تشہیر عام ۔

Popularize : (v) (۱) ہر دل عزیز کرنا ؛ مقبول عام کرنا ؛ عام شہرت
یا عام رواج دینا ؛ عام پسند بنانا ۔ (۲) جمہوری بنانا؛
عوامی بنانا ؛ (حق رائے دہی وغیرہ) عام کرنا ۔
(۳) (کسی ٹیکنیکل موضوع کو) عام فہم انداز میں
پیش کرنا؛ عام فہم بنانا ۔

Popularizer : (n) مقبول عام کرنے والا ؛ عام پسند بنانے والا ؛شہرت
عام یا رواج عام بخشنے والا ؛ عام کرنے والا ؛ عام فہم
بنانے والا ۔

Popularly : (adv.) (۱) عمومی حیثیت سے ؛ جمہوری طور پر ۔
(۲) عام فہم یا عام پسند طریقے سے ۔ (۳)ہردلعزیزی
سے ؛ مقبول عام ہوکر ۔ (۴) عام طور پر ۔

Populate : (a) [med. L. 'Populatus.'] (شعریات) آباد ؛ بساہوا؛
باشندوں سے بھرا ہوا ؛ پوری طرح آباد ۔

Populate : (v) [med. L.' populare.] (۱) بسانا ؛ آباد کرنا ۔(۲) (کسی
ملک کو) آبادی میں منتقل کرنا؛ لوگوں کو (کسی ملک
میں) بسنے کے لئے بھیجنا ؛ آبادی فراہم کرنا (کسی
ملک کے لئے) ۔ (۲) بسنا ؛ آباد ہونا ؛ (کسی ملک میں)
بودوباش اختیار کرنا۔

Population : (n) (۱) (کسی جگہ کا) درجۂ آبادی ؛ آبادی کا اوسط؛
آبادی کے گنجان ہونے کا درجہ ۔ (۲) کسی جگہ یا
علاقے میں آباد تمام لوگ ؛ کل آبادی؛ آبادی ؛
(کسی مقام کے) باشندے ؛ (بستی وغیرہ کے) لوگ۔
(۳) (کسی رقبے میں موجود) چیزوں کی کل مقدار
یا تعداد ۔ (۴) آبادی؛ بساؤ ؛ بسنے یا بسانے کا عمل
یا طریق عمل ؛ آباد ہونے یا کرنے کا عمل یا طریقہ ۔
(۵) (مرضیات) اشخاص، اشیاء یا مدات کا وہ مجموعہ
جس سے شماریات کی رو سے اندازہ کرنے کے لئے نمونے
اخذ کئے جائیں ۔

A I Population : فوجی صلاحیت کے لحاظ سے سب ادنیٰ
طبقہ ۔

C 3 Population : فوجی صلاحیت کے لحاظ سے سب سے
اعلیٰ طبقہ ۔

Population cycle : (n) (حیوانیات) دور آبادی ۔

Population dynamics : (n) ایک شعبۂ علم جس کا تعلق آبادی کی
جسامت اوران کے عوامل سے ہے جو آبادی کے یکساں
رہنے ، گھٹنے یا بڑھنے پر اثرانداز ہوتے ہیں ۔

Population explosion : (n) (حد عمر اور شرح ولادت دونوں میں
اضافے کی وجہ سے) آبادی کا بے حد اضافہ ؛ بہت
زیادہ آبادی بڑھ جانا ؛ کثرت آبادی ۔

Population pressure : (n) کسی آبادی میں رونما ہونے والے وہ سارے
عوامل (مثلاً آبادی میں اضافہ یا دستیاب اشیائے
خوردنی کا حد سے زیادہ صرفہ) جو کسی مقام کو
اپنی آبادی کا کفیل ہونے کے قابل نہیں رہنے دیتے
اور جن کی وجہ سے ہجرت اور توسیع پسندی یا آبادی
کے انحطاط زدنا جیسے نتائج سامنے آتے ہیں ؛ آبادی
کا دباؤ ۔

Populationist : (n) (۱)ضبط تولید کا حامی ، آبادی کو کنٹرول میں
رکھنے کا حامی ۔ (۲) پیدائش و اموات کے اعداد و شمار
جمع کرنے والا ؛ اس طرح آبادی کی حالت کا اندازہ
لگانے والا ۔

Populin : (n) [Fr. 'populine.'] سفیدے کے درخت (aspen) سے نکالا
جانے والا سفید بلوری مادہ ($C_2 H_{22} O_8$) سفیدہ ۔

Populism : (n) قبضۂ جمہور یا ملکیت جمہور کا اصول ؛(سیاسیات)
عوامیت ۔

Populist : (n) (۱) قبضۂ جمہور کا حامی ؛ حامئ قبضۂ جمہور
(ریاست ہائے متحدہ امریکا کا ایک سیاسی فرقہ جو
فروری ۱۸۹۲ء میں اس مقصد کے تحت قائم ہوا تھا کہ

اور محصول و آمدنی و ٹیکس کی شرح درجہ وار ہو.
(۴) حامیٔ عوامیت : ملکیت جمہور کا ایک رکن (روس کی ایک اشتراکی سیاسی جماعت جو اجتماعیت (Collectism) کا حامی تھا)؛ دیکھو Collectivism.

Populistc : (a) ملکیت جمہور کے اصول سے متعلق یا اس کا.

Populous : (a) [L. 'populosus.'] (۱) گنجان : گھنی آبادی والا : کثیر آبادی رکھنے والا : کھچا کھچ بھرا ہوا. (۲) (وقت یا موسم) پیدا کرنے والا : بچہ خیز : بارآور: زرخیز : ثمر آور : کثیر زا : ثمر خیز: بہتات سے پیداکرنے والا: بھرپور.

Populously : (adv.) گنجان طور پر : کثیر الآباد ہوکر : بہتات کے ساتھ.

Populousness : (n) کثرت آبادی : بہتات : فراوانی: افراط: کثرت.

Populus : (n) [f.L.Poplar] جنس حور: جنس تبریزی.

Populus Alba : (n) (نباتیات) سفیدہ.

Populus Ciliata : (a) (نباتیات) پلاچ.

Populus Nigra : (n) (نباتیات) کبودہ.

Porbeagle : (n) [Origin unknown.] Lamna نوع کی شارک مچھلی جو کھائی جاتی ہے : (خصوصاً) Iamna Cornubica جو کبھی دس فٹ تک لمبی اور جس کی تھوتھنی نوک دار ہوتی ہے : ماکریل شارک : لیّا (مچھلی).

Porcelain : (n) [Fr. 'porcelaine.'] (۱) چینی: چینی مٹی. (۲) چینی کے برتن: چینی مٹی سے بنی کوئی چیز. (۳) (مجازاً بطور صفت) نازک : لطیف : کاجوبھوجھو : جو آسانی سے ٹوٹ جائے: چینی مٹی کا بنا ہوا. (۴) کوڑی (صرف Porcelain shell میں).

Porcelain cement : (n) چینی مٹی کی بنی چیزوں یا مشینوں کو جوڑنے کا مسالا : چینی سیمنٹ.

Porcelain-clay : (n) چینی مٹی : گل چینی.

Porcelain-crab : (n) Porcellana جنس کا کیکڑا جس کا کھوپڑا چینی مٹی جیسا چکنا اور چمک دار ہوتا ہے.

Porcelain crucible : (n) چینی کی کٹھالی.

Porcelain jasper : (n) (معدنیات) ایک قسم کی سخت اور قدرتی طور پر پکی ہوئی مٹی جو یشب (Jasper) کے مشابہ ہوتی ہے.

Porcelain paper : (n) دبیز و شفاف کاغذ جس کے شادی کارڈ وغیرہ بنتے ہیں.

Porcelain shell : (n) کوڑی.

Porcelain tower : (n) چین کا نام (Nankin) نانکن کا مشہور منارہ جو چینی مٹی کے کھپروں (tiles) سے آراستہ ہے : چینی منارہ : چینی ٹاور.

Porcelainize : (v) چینی مٹی میں تبدیل کرنا: چینی مٹی بنانا: چینی مٹی جیسا بنانا.

Porcelainous : (a) چینی نما : چینی مٹی جیسا : چینی کاسا: چینی کا: جس میں چینی مٹی کی خاصیت ہو: جس میں چینی ہو : چینی دار.

Porcellaneous : (a) چینی نما: چینی مٹی جیسا : چینی کاسا : چینی کا: جس میں چینی مٹی کی خاصیت ہو: جس میں چینی ہو : چینی دار.

Porcellanic : (a) چینی نما: چینی کاسا: چینی مٹی کے مشابہ.

Porcellanite : (n) [G. 'porzellanit.'] (معدنیات) ایک قسم کی سخت اور قدرتی طور پر پکی ہوئی مٹی جو یشب(Jasper) کے مشابہ ہوتی ہے.

Porcellanous : (a) دیکھو Porcellaneous

Porch : (n) [L. 'porcicus.'] پورچ: وہ چھتا جو مکان کے دروازے کے سامنے ہو : برساتی: پیش دہلیز: پیش گاہ: ڈیوڑھی.

The Porch / Philosophy of the Porch : (۱) ایتنھز کی مشہور عمارت جس میں زینو درس دیا کرتا تھا : رواق. (۲) (فلسفہ) رواقی فلسفہ : مذہب رواقئین : فسلفۂ رواقئین.

Porch box : (n) (۱) برساتی میں رکھا ہوا بکس یا گملا جس میں پھول یا آرائشی پودے اگانے کے لئے مٹی بھری رہتی ہے. (۲) دروازے پر لگا خانہ خانہ بنا ہوا بکس جس میں دودھ والا دودھ کی بوتلیں رکھ جاتا ہے.

Porch climber : (n) اوپری منزل کی کھڑکیوں سے مکان میں داخل ہونے والا (چور یا نقب زن).

Porched : (a) برساتی دار.

Porchless : (a) بے برساتی کا۔

Porcine : (a) [L. 'porcinus.'] (۱) خوکی : خنزیری؛ سور کا۔ (۲) خوک صفت : خنزیر صفت : سور جیسا۔

Porcupine : (n) [OFr. 'porcespine.'] (۱) سیہہ : خار پشت : اس کی تصویر یا اس جیسی کوئی چیز ۔ (۲) خار پشت مشین (روئی وغیرہ دھننے کے لئے ہوتی ہے) : دندانہ دار مشین ۔ (۳) ان جانوروں کے نام کا جز جن کی پشت پر کانٹے ہوتے ہیں مثلاً Porcupine ant-eater, Porcupine fish وغیرہ ۔

Porcupine ant-eater : (n) آسٹریلیا کا ایک خار پشت جانور جو دودھ پلانے والے حیوانات کے سب سے نچلے سلسلے سے تعلق رکھتا ہے اور جس کے بول و براز اور توالد و تناسل کے لئے ایک ہی راستہ ہوتا ہے : مور خور خار پشت ۔

Porcupine crab : (n) ایک جاپانی کیکڑا جس کا کھپرا اور اعضا خار دار ہوتے ہیں : خار پشت کیکڑا : خار پشت سرطان۔

Porcupine fish : (n) ایک مچھلی جس کی جلد خار پشت ہوتی ہے : خار پشت مچھلی : بحری سیہی : بحری خارپشت ۔

Porcupine grass : (n) (۱) آسٹریلیائی گھاسوں کی نوع جن کی پتیاں سخت اور تیز نوک والی ہوتی ہیں ۔ کٹیلی گھاس ۔ (۲) مغربی امریکا کی ایک گھاس جس میں لمبی اور سخت سونگیں (مثلاً جو وغیرہ میں) ہوتی ہیں : سونگ دار یا بالو دار گھاس ۔

Porcupine-wood : (n) ناریل کے درخت کی لکڑی جسے کاٹنے پر سیہی کے کانٹوں جیسے نشانات نظر آتے ہیں۔

Porcupinish : (a) سیہی کا سا : خار پشت کا سا ۔

Porcupiny : (a) دیکھو Porcupinish

Pore : (n) [L.'porus.'] باریک منہ یا سوراخ (عموماً وہ جو ننگی آنکھوں سے نہ دیکھا جاسکتا ہو) جس سے ہوکر سیال چیزیں گزرتی یا گزر سکتی ہوں : مسام؛متم : منفذ : (جمع منافذ) ۔

Pore : (v) [ME. 'pure, poure, power.'] (۱) مطالعے میں غرق ہونا : مطالعے میں ڈوب جانا : نہایت غور سے مطالعہ کرنا (کتاب وغیرہ کا) : پوری توجہ سے کچھ تلاش کرنا ۔ (۲) (مجازاً) غور کرنا : غوروخوض کرنا ۔ (۳) غور سے دیکھنا : ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ (۴) غور و فکر کے بعد کسی نتیجے پر پہنچنا ۔

Pore- plate : (n) کیڑے مکوڑوں کی ناک : کسی کیڑے کا عضو شامہ۔

Porer : (n) نہایت استغراق سے مطالعہ کرنے والا : پوری توجہ سے یا ٹکٹکی باندھ کر دیکھنے والا : غوروخوض کرنے والا۔

Porge : (v) [Judeo- spanish. 'porgar.'] یہودی رسم کے مطابق ذبیحے کو نس ، پٹھے وغیرہ نکال کر شرعی طور پر پاک کرنا ۔

Porger : (n) ذبیحے کو صاف کرنے والا ۔

Porgy / Paugie : (n) [of doubtful origin.] (امریکا) مختلف قسم کی سمندری مچھلیوں Sparidae کو کہتے ہیں (خاص کر) Sparidae یا سمندری بریم کی شمالی امریکی قسمیں : (مقامی) دوسرے خاندانوں کی مچھلیوں کو بھی کہتے ہیں ۔

Poricidal : (a) مسامات سے کھلنے والا یا پھٹنے والا ۔

Porifera : (n) [mod. L. n. pl. of 'porifer.'] (حیوانیات) مسامداران: اسفنج ۔

Poriferan : (a) اسفنجی : مسامداروں کا یا ان سے متعلق ۔

Poriferan : (n) مسامدار اسفنج ۔

Poriferous : (a) (۱) مسامدار ۔ (۲) اسفنجی : مسامداروں کا یا ان سے متعلق ۔

Poringly : (adv.) نہایت غور و خوض کے ساتھ : نہایت استغراق سے: پوری توجہ کے ساتھ : مستغرق ہوکر : نہایت غور سے۔

Porism : (n) [Late L.'porisma.'] (۱) (ہندسہ) مسئلہ کثیر الحل: مسئلہ استنباطی؛ بین عملی و اثباتی مسئلہ : سوال کثیر الجواب : ایسا مسئلہ یا سوال جس کے لاتعداد حل یا جواب ہوں ۔ (۲) بدیہی نتیجہ : ضمنی نتیجہ؛ فرع۔

Porismatic / Poristic : (a) مسئلہ کثیر الحل سے متعلق یا اس کی نوعیت کا : استنباطی ۔

Porite : (n) [mod. L. 'porites.'] (حیوانیات) Poritidae خاندان یا Porites نوع کا کوئی مونگا : مسامدار مرجان ۔

Poritiid : (a) Poritidae خاندان سے متعلق یا اس جیسا : مسامدار مونگوں جیسا ۔

Poritoid : (n) مسامدار مونگا : مسامدار مرجان ۔

Pork : (n) [L.'porcus.'] (۱) (تاریخ) سور : خوک : خنزیر۔ (۲) سور کا گوشت (خصوصاً تازہ) ۔ (۳) (امریکی

عامیانہ) رقوم ؛ وظائف یا سرکاری نوکریاں جنہیں سیاست داں حلقہ بطور امداد استعمال کرتا ہے اور فلاح عامہ سے زیادہ اس بات کو وہ سیاسی رعایت سمجھتا ہے ؛ (وفاقی) حکومت سے کسی ضلعے کے لئے حاصل کی ہوئی رقم ، پوزیشن وغیرہ۔

Pork-barrel : (n) (امریکی عامیانہ) وفاقی یا مرکزی خزانہ جسے مقامی کاموں کے لئے رقوم حاصل کرنے کا ذریعہ سمجھا جاتا ہے ؛سرکاری پروجیکٹ یا وہ صرفہ جو زیادہ منافع بخش ہو یا جس سے زیادہ نفع کمایا جاسکے۔

Pork burger : (n) سور کے گوشت سے بنایا ہوا سینڈ وچ۔

Pork-butcher : (n) سور قصائی ؛ سور قصاب ؛ سور کا (تازہ) گوشت بیچنے والا۔

Pork-pie : (n) (۱) سور کا قیمہ بھر کر بنایا ہوا سنبوسہ یا سموسا۔ (۲) دیکھو Pork-pie hat ۔

Pork- pie hat : (n) ایک قسم کی ٹوپی جس کے چاند (چندیا) چپٹی ہوتی ہے اور چھجا چاروں طرف اوپر کو مڑا ہوتا ہے۔

Pork tapeworm : (n) سور جونک ؛ ایک قسم کی جونک جس کا لاروا سور کے کچے یا ناقص طور سے پکے ہوئے گوشت کے ساتھ انسان کی آنتوں میں پہنچ جاتا ہے اور بڑا ہونے کے بعد نقصان پہنچاتا ہے۔

Pork wood : (n) (۱) ایک قسم کی جھاڑی یا چھوٹا درخت جو افریقہ کے گرم حصوں میں ہوتا ہے۔ (۲) ویسٹ انڈیز کی Pigeon- wood, Beef-wood یا Cork-wood وغیرہ۔

Porker : (n) (۱) جوان سور جو ذبح کرنے کے لئے پالا گیا ہو۔ (۲)سور کا بچہ جو ذبح کرنے کے لئے پالا جاتا ہے۔

Porket : (n) سور کا بچہ ؛ چھوٹا سور ؛ (بول چال) : دیکھو Porker ۔

Porkling : (n) جوان سور ؛ سور کا بچہ ؛ چھوٹا سور۔

Porky : (a) سور کا؛ سور کی طرح ؛ (روزمرہ) موٹا تازہ ؛ چربیلا ؛ چربی دار۔

Porky : (n) [f. 'Porcupine + -y.] دیکھو Porcupine

Porn : (n) (روز مرہ میں) Pornography کا مخفف۔

Porno : (a) جس میں رنڈیوں، بیواؤں کے حالات لکھے ہوں ؛ فحش نگری کا یا اس سے متعلق ؛ فحش نگارانہ؛ فحش۔

Porno : (n) (۱) رنڈیوں یا قحبہ عورتوں کی زندگی یا ان کے کردار و اطوار کا بیان ؛ رنڈی بازی کا بیان ؛ (سماجیات) فواحش نامہ ؛ رنڈیوں کا بیان ۔ (۲) ادب یا فن میں فحش موضوعات کا اظہار ؛ فحش نگاری ؛ شہوت انگیز تحریر یا تقریر ؛ جنسی؛ اشتعال انگیزی کے لئے بنائی ہوئی تصویر یا مجسمہ ۔ (۳) رسالہ ، کتاب وغیرہ جس میں رنڈیوں کے حالات زندگی ہوں ؛ فحش کتاب ۔

Porno - : یہ سابقہ یونانی زبان کے لفظ Porne سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں "قحبہ" ، "فاحشہ" وغیرہ ۔

Pornocracy : (n) [f.Porno + cracy.] (سیاسیات) طوائف شاہی : حکومت رنڈیاں ؛ قحبہ راج؛ بیسوا راج؛ وہ حکومت جس میں بازاری عورتوں کا اثر غالب ہو ؛ (خصوصاً) دسویں صدی کے صنف اول کی کی رومی حکومت۔

Pornocrat : (n) قحبہ حکومت کا ایک ممبر۔

Pornograph : (n) (۱)فحش نگار ۔ (۲) فحش یا شہوت انگیز تحریر یا تصویر۔

Pornographic : (a) دیکھو Porno : (a)

Pornography : (n) [Gr. 'pornograpos.] دیکھو Porno : (n)

Poro- : (comb) [Gr. 'poros.] جزو ترکیبی بمعنی Pore مسام۔

Porocephaliasis : (n) Porocephalidae خاندان کے زبان دار کیڑے کی کثرت یا اس سے پیدا شدہ بیماری۔

Porocephalidae : (n) زبان والے کیڑوں کا خاندان۔

Porocephalus : (n) زبان دار کیڑوں کی ایک نوع۔

Porocyte : (n) (خلویات) مسام خلیہ ۔

Porogamic : (a) منفذی زواجیت کا یا اس سے متعلق۔

Porogamy : (n) منفذی زواجیت ؛ مسامی زواجیت ۔

Porometer : (n) (نباتیات) مساميت پیما۔

Poroplastic : (a) (جراحی) مسام دار اور شکل پذیر ؛ مسام دار ملائم۔

Poroscope : (n) (۱) مسام بیں ۔ (۲) (نباتیات) مساميت بیں ۔

Poros : (a) [Gr. 'poros.] (نباتیات) مسام دار ؛ جس میں مسلسل مسامات ہوں ۔

Porosis : (n) (جراحی) عظم پیوندی : ہڈی جڑنا۔

Porosity : (n) [med. L. 'Porosus'.] (۱) مسام داری : مسام دار ہونا؛ مساميت۔ (۲) مسام دار حصہ : مسام دار ڈھانچہ یا ساخت : خلو : خالی جگہ۔ (۳) منفذ : مسام۔

Porous : (a) [med. L. 'porosus.'] مسام دار : جس میں مسامات کثرت سے ہوں : پراز مسامات : نہایت باریک سوراخوں والا جن سے پانی، ہوا، روشنی وغیرہ گزر سکتی ہو۔

Porous plaster : (n) سوراخ دار یا جال دار پلاسٹر (جو معالجاتی استعمال میں آتا ہے)۔

Porously : (adv.) مسام دار طور پر۔

Porousness : (n) Porosity دیکھو

Porphyr- / Porphro - : (comb.) یونانی لفظ Porphyros سے مشتق جزو ترکیبی بمعنی "اغوان" اور "سنگ سماق"۔

Porphyra : (n) ایک قسم کی سرخ کائی : اشنۂ سرخ : (نباتیات) قرمزیہ۔

Porphyrian : (a) [L. 'Porphyrius.'] عیسائیت کے مخالف نو افلاطونی فلسفی Porphyry یا Porphyrius (۲۳۲ تا ۳۰۶ء) اور اس کے عقائد کا یا اس سے متعلق۔

Porphyrian : (n) Porphyry کا شاگرد یا پیرو۔

Porphyrian scale / -tree : (n) شجرۂ نسب کی روشنی میں انسان کی تعریف۔

Porphyrio : (n) [L.] (طیوریات) یورپی مرغابی (جو ارغوانی رنگ کی ہوتی ہے) جنس ارغوانی مرغابی۔

Porphyrite : (n) [L. 'porphyrites.'] (معدنیات) غیر طبقی چٹان: آتش فشانی چٹان۔

Porphyritic /-al : (a) [med. L. 'porphyriticus.'] (قدیم ماہرین معدنیات کی) غیر طبقی یا آتش فشانی چٹان کا یا اس سے متعلق (جدید ماہری معدنیات کی) غیرطبقی یا آتش فشانی چٹان جیسا : (خصوصاً جس میں واضح طور پر قلمیں یا قلمی ذرات موجود ہوں۔

Porphyritically : (adv.) غیر طبقی آتش فشانی چٹان کے سے انداز میں۔

Porphyrogenite : (n) [med. L. 'porphyrogenitus.'] (ابتداً استنبول میں) وہ بچہ جو شاہی گھرانے میں پیدا ہوا ہو : جو بچہ اپنے باپ کی تاج پوشی کے بعد پیدا ہوا ہو۔

Porphyrogenitism : (n) شاہی خاندان کا وہ نظریۂ توارث یا جانشینی جس میں اس لڑکے کو جو باپ کی تاج پوشی کے بعد پیدا ہوا ہے اس لڑکے پر جو تاج پوشی سے پہلے پیدا ہوا تھا، ترجیح دی جاتی ہے۔

Porphyrogeniture : (n) شاہی گھرانے میں پیدا ہونا : باپ کی تاج پوشی کے بعد پیدا ہونا۔

Porphyroid : (n) [f. Porphyry + -oid] (ارضیات وغیرہ) غیر طبقی یا آتش فشانی چٹان سے مشابہ کوئی چٹان؛ غیر طبقی ساخت کی چٹان : آتش فشانی ساخت کی چٹان۔

Porphyroid : (a) غیر طبقی یا آتش فشانی چٹان سے مشابہ؛ غیر طبقی ساخت کی۔

Porphyry : (n) [Gr. Porphyrios.'] (۱) سنگ سماق۔ (۲) (ارضیات) غیر طبقی چٹان : آتش فشانی چٹان؛ سماقی چٹان۔

Porphyry : (a) (تاریخ) فرخور پوس (افلاطونی فلسفی (۲۳۲ء۔۳۰۶ء) جو عیسائیت کا مخالف تھا)۔

Porphyry chamber : (n) بزنطین میں شہنشاہوں کے محل کا ایک کمرہ۔

Porphyry copper : (n) ادنیٰ قسم کے منتشر تانبے کا بڑا تودا (decposit)۔

Porphyry -shell : (n) Murex جنس کا وہ گھونگا جس سے رنگنے کا ارغوانی رنگ حاصل کیا گیا تھا : ارغوانی گھونگا یا صدفہ۔

Porpoise : (n) [ME. 'Porpays, perpoys.'] (۱) سنگ ماہی : خنزیر بحری : پونس مچھلی : سوس : نیل ماہی کے سلسلے کی ایک چھوٹی پستان دار مچھلی جو تقریباً پانچ فٹ لمبی ہوتی ہے اور جس کا اوپری حصہ سیاہی مائل اور نچلا حصہ قدرے زرد ہوتا ہے۔ نیز جو ڈالفن کی طرح گول اور گٹھل تھوتھنی والی ہوتی ہے : (نیز) دوسری چھوٹی چھوٹی فیل ماہیاں۔ (۲) چھوٹی دندان دار غول پسند وہیل مچھلی۔

Porpoise : (v) اڑتے یا اترتے وقت (ہوائی جہاز کا) کئی بار غوطے لگانا یا قلا بازیاں کھانا۔

Porpoise oil : (n) ایک تیز پیلے رنگ کا تیل جو پور پوئز مچھلی کے جسم، سر یا جبڑے وغیرہ سے حاصل کیا جاتا ہے: ڈالفن مچھلی کا تیل۔

Porporate : (a) ارغوانی؛ اودا؛ جامنی : سوسنی۔

Porraceous : (a) [L.'porraceus.'] Leek کے رنگ کا : لیك جیسا ۔ لیك جیسا سبز؛ گندنے کے رنگ کا سبزی مائل ۔

Porrect : (v) [Pa. PPl. Stem of L. 'porriger.e'] (۱) (تاریخ موالید) پھیلانا ؛ کھولنا ؛ کشادہ کرنا ؛ وسیع کرنا ؛ بڑھانا؛ (عموماً کسی عضو جسیم کا) ۔ (۲) (کلیسائی قانون) (کسی دستاویز وغیرہ کا) ملاحظہ یا اصلاح کے لئے پیش کرنا ؛ رکھنا ۔

Porrect : (a) [L. 'porrectus.'] (حیوانیات) پھیلا ہوا ؛ کشادہ ؛ دراز شدہ ؛ بڑھا ہوا (خصوصاً آگے کو) ۔

Porrection : (n) (کلیسا) پیشکش۔

Porret : (n) [L. 'porrum.'] (صرف بول چال میں) لیك (Leek) یا پیاز کا چھوٹا پودا ۔

Porridge : (n) [alt. of Pottage.] (۱) گوشت، سبزیوں اور جو سے بنا ہوا سوپ ۔ (۲) جو یا جوار کا دلیا ۔ (۳) دیوانی ہانڈی ؛ کھچڑی ؛ ملغوبہ ؛ معجون مرکب؛ ہلکی یا پتلی چیز ؛ کمزور چیز ۔

Porridge-pan : (n) [Keep your breath to cool your porridge.] اپنی نصیحت تہ کر رکھئیے آپ ہی کام آئے گی ؛ اپنی رائے اپنے پاس رکھئیے ۔

Porridge-pan/ - pot : (n) وہ برتن جس میں دلیا بنایا جاتا ہے ۔

Porridge-stick : (n) ڈوئی یا ڈھپلی جس سے دلیا چلایا جاتا ہے۔

Porriginous : (a) [f. next.] سعفی مریض ؛ جس میں بھوسی کا مرض ہو ؛ جس کے سر سے پپڑیاں سی چھوٹتی ہوں۔

Porrigo : (n) [L.] سر کی مختلف بیماریوں کا نام جن میں سر کی جلد خشك رہتی ہے اور اس سے بھوسی یا پپڑیاں سی نکلتی ہیں ؛ قراع؛ قراع الراس ؛ سعفہ ؛ کچلی ۔

Porringer : (n) [Fr. 'Potager.'] (۱) شوربا دان ؛ ایك قسم کا چوڑے دستے والا پیالہ جس میں (بچے) شوربا، دلیا وغیرہ پیتے ہیں۔ (۲) (مزاحاً) اس پیالے کی شکل کا ہیٹ ۔

Port : (n) (۱) بندرگاہ ؛ بندر؛ (طوفان سے بچنے کے لئے) جہازوں کا مامن۔ (۲) وہ شہر جہاں بندرگاہ ہو (خصوصاً وہ جگہ جہاں کسٹم افسر متعین ہو)۔ (۳) (مجازاً) مامن؛ ملجا و ماوی ؛ جائے پناہ ۔ (۴) ہوائی اڈا۔ (۵) وہ بندرگاہ جہاں سے بیرونی یا برآمدی اشیاء ملك میں داخل ہوتی ہیں یا جہاں سے غیر ملکیوں کو ملك میں داخل ہونے کی اجازت ملتی ہے۔ (۶) منزل ۔

Close port : بند، بندرگاہ (جو اندرون ملك میں کسی دریا کے کنارے واقع ہو) ۔

Free port : (۱) کھلی بندرگاہ جس میں ہر قوم و ملك کے جہازوں کو مال اتارنے، چڑھانے کی اجازت ہو۔ (۲) درآمد و برآمد کے محصول سے مستثنیٰ ۔

Port : (n) [L. 'porta.'] (۱) پھاٹك ؛ دروازہ (خصوصاً) قلعہ بندشہر کی شہر پناہ کا (زیادہ تر اسکاتستان میں بولتے ہیں)؛ شہر پناہ کے دروازے پر وہ بازار جہاں اجرت پر مزدور ملتے ہیں۔ (۲) (بحری) جہاز کے پہلو کا دروازہ (جس سے ہوکر آتے جاتے یا مال لادتے اتارتے ہیں)؛ جنگی جہاز کا روزن یا رخنہ جس سے توپ، بندوق وغیرہ داغی جاتی ہے ؛ (اب) ہوا اور روشنی کے لئے بنایا ہوا روزن ؛ روشن دان یا اس کا پٹ ۔ (۳) (میکانیات) بھاپ، گیس وغیرہ نکلنے کا سوراخ؛ روزنہ ؛ باب؛ پورٹ ۔ (۴) لگام کا خم دار دہانہ ۔ (۵) آتشیں اسلح کا وہ سوراخ جس سے خالی کارتوس باہر آجاتے ہیں؛ مشین گن وغیرہ کا وہ دہانہ جس سے میگزین میں کارتوس بھرے جاتے ہیں ۔ (۶) مسلح گاڑیوں یا قلعے کی فصیلوں کا وہ رخنہ جس سے بندوقیں داغتی ہیں۔

Steam port : (n) بھاپ انجن کا وہ سوراخ جس سے استوانے میں بھاپ جاتی ہے یا اس سے نکلتی ہے۔

Port : (n) [L.portare.'] (۱) انداز و اطوار؛ چال ڈھال ؛ انداز خرام ؛ ظاہری طور طریقہ ؛ رویہ ؛ سبھاؤ؛ ڈھنگ؛ روش ؛ طرز عمل؛ برتاؤ ۔ (۲) (کسی بات کا) مطلب ؛ معنی ؛ منشا ؛ مفہوم ؛ نفس مضمون ؛ غایت ۔ (۳) (فوج) وہ حالت جو فوجی حکم "Port arms" سے مراد ہے؛ دیکھو Port (۷)

Port : (n) [Origin doubtful.] (۱) جہاز کا بایاں پہلو ؛ سمت چپ ؛ (نیز) ہوائی جہاز کا بایاں پہلو۔ (۲) (توصیفاً یا بطور صفت) جہاز کے بائیں پہلو کی جانب؛ جہاز کے بائیں پہلو کی طرف واقع ؛ (مزاحاً) بایاں ؛ چپ ۔

Port : (n) [Shortened . ' O Porto (wine) '] (۱) گہری سرخ پرتگالی شراب جس کا ذائقہ میٹھا اور قدرے تیز ہوتا ہے ؛ پورٹ ؛ شراب پرتگالی ؛ نیز توصیفاً ۔ (۲) کسی ملك کی بھی شراب جو پرتگالی شراب جیسی ہو۔ (۳) گہرا سرخ رنگ ۔

Port : (n) [Gael . 'port.'] زوردار سر؛ بین کی قسم کے اسکاتستانی باجے (بیگ پائپ) کی آواز۔

Port : (n) [by shortening.] (۱) پورٹ مینٹو: سفری تھیلا (کپڑے اور دیگر لوازمات کے لئے) : چمڑے کا بیگ جس میں دو برابر حصے الگ الگ ہوتے ہیں اور کتاب کی طرح بیچ سے کھلتے ہیں۔ (۲) خاص قسم کی کھونٹی جس پر کپڑے ٹانگے جاتے ہیں۔ (۳) توصیفاً Portmanteau word-

Port : (v) [L. 'portare.'] (فوج) (نیزے، برچھے، بلم وغیرہ کو) دونوں ہاتھوں سے تھامنا یا پکڑ کر چلنا : سنبھالنا؛ تولنا : (خصوصاً) (رائفل وغیرہ کو) جسم سے قریب رکھتے ہوئے اس طرح آڑا ترچھا پکڑنا کہ اس کی نال بائیں شانے کے وسط کے مقابل ہو؛ (اسی طرح تلوار وغیرہ کو بھی) سینے کے سامنے ترچھا رکھنا (خاص کر Port arms کا حکم ملنے پر)۔

Port : (v) [f. Port (n)] (۲) (جہاز کا) بندر گاہ کی طرف مڑنا یا جانا۔ (۱) دیکھو To port the helm-

To port / To port the helm : پتوار کو جہازکے بائیں طرف رکھنا یا موڑنا۔

Port admiral : (n) بندرگاہ کی بحری فوج کا سپہ دار : پورٹ ایڈمیرل۔

Port arms : (n) (فوجی حکم) رائفل بدست! (تلوار یا بندوق کو) سینے کے سامنے ترچھا رکھو۔

Port-bar : (n) (۱) بندر گاہ کے دہانے پر کوئی کم گہرا مقام۔ (۲) مضبوط بلیوں یا شہتیر کے ٹکڑوں کو جوڑ کر بنائی ہوئی روک یا روکار جو جہازوں کو روکنے کے لئے کسی دریا یا بندر گاہ کے دہانے پر لگی ہو۔

Port- bit : (n) لگام جس کا منہ والا حصہ محراب نما ہوتا ہے: محراب نما لگام۔

Port-bound : (a) جسے مخالف ہواؤں نے بندر گاہ میں روک رکھا ہو: مخالف ہوا کی وجہ سے بندر گاہ میں روکا ہوا: بندر گاہ بند۔

Port captain : (n) جہاز کے بندر گاہ پر قیام کے دوران سرکاری نگراں۔

Port - charge : (n) بندر گاہ کو استعمال میں لانے کا حصول: بندر گاہی محصول۔

Port- crayon : [Fr. 'Porte-crayon.'] پنسل گیر : چاک گیر۔

Port-duty : (n) دیکھو Port chrge

Port egmont hen : (n) [f. ' Port Egmont .'] چمڑے کا چپٹا بٹوا : منی پرس : چمڑے کی پاکٹ بک۔

Port - hole : (n) (۱) روشن دان جو جہاز کے پہلو میں ہوتا ہے : روزنہ۔ (۲) دیوار میں بنا ہوا رخنہ جس سے بندوق داغی جاسکے : کسی دوسری چیز میں بنا ایسا ہی رخنہ، بھٹی کے پٹ میں بنا ہوا رخنہ۔ (۳) گیس، بھاپ یا پانی نکلنے کے لئے بنا ہوا سوراخ (خصوصاً کسی بھاپ انجن میں)۔

Port- mouth : (n) دیکھو Port-bit

Port of call : (n) (۱) بیچ کی بندر گاہ جہاں مرمت، سامان رسد یا کوئلہ وغیرہ لینے یا ایک سے دوسرے جہاز پر مال منتقل کرنے کی غرض سے جہازوں کو رواجاً ٹھہرا جاتا ہے۔ (۲) دوران سفر کی منزل : (خصوصاً) وہ جگہ جہاں عادتاً جایا جاتا ہو۔

Port of discharge : (n) وہ بندر گاہ جہاں کوئی جہاز ارادتاً اور بلا ضرورت اپنا کچھ یا سارا مال اتار دیتا ہے۔

Port of entry : (n) (۱) وہ جگہ جہاں سے بیرونی اشیاء کسٹم ہاؤس کے ذریعہ درون ملک آتی ہیں۔ (۲) وہ جگہ جہاں سے کسی غیرملکی کو کسی ملک میں داخل ہونے کی اجازت دی جاتی ہے۔

Port of London authority : (n) بندر لندن کی انتظامی جماعت (یہ بلدیہ ہے جو ۱۹۰۸ء میں بندر اور گودیوں کے انتظام کے لئے مقرر کی گئی تھی)۔

Port - pay : (n) کسی کے جہاز کو بندرگاہ میں جتنی دیر روک رکھا گیا ہو اتنے وقت کی مزدوری یا اجرت : (جہاز کو) بندرگاہ میں روکے رکھنے کی اجرت۔

Port- piece : (n) ایک قسم کی جہازی توپ یا بندوق جو اب متروک ہے۔

Port- rope : (n) جہاز کے روشن دان کے ڈھکن کو اٹھانے یا گرانے والی رسی : روشن دان کا پٹ کھولنے یا بند کرنے والی رسی۔

Port- Royal : (n) وار سلیز کے قریب واقع ایک عیسائی خانقاہ کا نام جو سترھویں صدی عیسوی میں جینسینی عقیدہ (Jansenism) اور اس کی تعلیمات سے متعلق ایک فرقے کی رہائش گاہ بن گئی۔

Port - Royalist : (n) اس خانقاہ میں رہنے والا : جینسینی عقیدے کا حامی یا پیرو۔

Port- stopper : (n) برج گرداں جہاز میں توپیں داغنے کے لئے بنے ہوئے رخنوں کو بند کرنے کا گھومنے والا ڈھکن : رخنہ بند۔

Port - trust : (n) (معاشیات) محکمہ بندر۔

Port -way : (n) روزنہ ؛ باب؛ پورٹ؛ بھاپ ، گیس ، پانی وغیرہ نکلنے کا سوراخ ؛ (خصوصاً بھاپ انجن میں وہ سوراخ جو استوانے میں بھاپ کے داخل ہونے اور نکلنے کے لئے ہوتا ہے ۔

Port-wine : (n) میٹھے اور قدرے تیز ذائقے والی گہری سرخ پرتگالی شراب ؛ تیز پرتگالی شراب ؛ شراب پرتگالی ؛ نیز توصیفاً ۔

Port- wine mark : (n) (مرضیات) جلد میں خون پہنچانے والی رگوں کی ایک خاص مرضیاتی حالت جس سے جلد پر سرخ یا ارغوانی مائل دھبے یا ابھار بن جاتے ہیں ؛ مسہ؛ تل۔

Porta : (n) [L.] (تشریحات) باب ؛ باب الکبد؛ ناف جگر۔

Portability : (n) نقل پذیری ؛ اٹھاؤپن ؛ حمل پذیری ۔

Portable : (a) [L. 'Portabilis.'] جابجا لئے پھرنے کے قابل ؛ جسے بہ آسانی لے جایا یا منتقل کیا جاسکے ؛ جسے ہاتھوں میں لے کر چلا یا جاسکے ؛ سفری؛ اٹھانواں ؛ نقل پذیر؛ اٹھاؤ ؛ جس کو اٹھاکر لے جاسکیں ؛ ہلکا ؛ دستی ۔

Portable radio : (n) سفری ریڈیو ؛ دستی ریڈیو ۔

Portable typewriter : (n) دستی ٹائپ رائٹر ؛ سفری ٹائپ رائٹر۔

Portableness : (n) دیکھو Portability

Portage : (n) [Fr. 'portage.'] (۱) ڈھونا ؛ ڈھلائی ؛ بار برداری؛ نقل و حمل۔ (۲) کرایہ ؛ ڈھلائی ؛ بار برداری ؛ باربرداری کا خرچ ؛ اخراجات نقل و حمل ۔ (۳) دیکھو Mariner's portage ۔ (۴) (ابتداً امریکا) دو قابل جہاز رانی دریاؤں یا جھیلوں کے درمیان (خشکی کی راہ سے) کشتیوں یا مال کی نقل و حمل ؛ وہ مقام جہاں ایسے نقل و حمل کی ضرورت ہو ؛ مقام نقل و حمل ؛ (خشکی کی) وہ جگہ یا خطہ جس سے ہوکر کشتی یا اسباب کو دوسرے قابل جہازرازنی دریا یا سمندر تک لے جایا جاتا ہو ۔

Mariner's poraage : جہاز میں وہ جگہ جو ملاح کو دے دی جائے یا کرائے پر اٹھا دے ۔

Portage : (v) قابل جہاز رانی دریاؤں یا جھیلوں کے درمیان خشکی کی راہ سے کشتیوں یا مال کو لے جانا یا منتقل کرنا ۔

Portail : (n) [Fr. 'portail .'] (۱) دروازہ ؛ باب؛ پھاٹک (خصوصاً شان دار)؛ (شعر) در؛ آستانہ۔ (۲) توصیفی معنوں میں ۔

Portal : (n) [med. L. 'portale .'] دیکھو Portal

Portal : (a) [med. L. Portalis.] (تشریح) ناف جگر سے متعلق؛ باب الکبد ی؛ بابی ؛ جگر کے ترچھے شگاف سے متعلق یا اس کا۔

Portal circulation : (a) بابی دو ران۔

Portal vein : (n) (تشریح) ورید باب ؛ ورید جگری ؛ وہ موٹی رگ یا ورید جو معدے، آنت اور طحال کی رگوں کے یکجا ہونے سے بنتی ہے اور جگر میں خون کو پہنچاتی ہے جہاں سے پھر یہ شاخ در شاخ ہوجاتی ہے ۔

Renal portal / Peniportal vein : ورید گردہ ؛(نچلے درجے کے بیشتر حیوانات میں) گردے تک جانے والی ایک ایسی موٹی رگ جو وہاں پہنچ کر کئی شاخوں میں منقسم ہوجاتی ہے ۔

Portamento (n) [It..] (موسیقی) گانے یا وآئلن وغیرہ بجانے میں آواز کے زیروبم کو مسلسل بدلتے رہنا ؛ امتداد نغمہ کو مسلسل بتدریج بدلنا ۔

Portance : (n) چال؛ وضع ؛ ڈھنگ ؛ قطع ؛ انداز ؛ روش ۔

Portas/ - eous /-es : (n) [ME. 'portehors'] (۱) (تاریخ) رومن کیتھولک چرچ کی وہ کتاب جس میں ہر روز کی دعائیں لکھی رہتی ہیں۔ (۲) (اسکاتستانی قانون) عدالت، حاکم ، مجاز کے پرانے رواج کی مطابق تیار کی ہوئی فہرست مجرمین جسے جج کا پیش کار تیار کرتا تھا (بعد میں Porteous roll مستعمل ہوا)۔

Portate : (a) [L. 'portatus.'] (نقابت) اس طرح ڈھلواں بنی ہوئی صلیب جیسے وہ کندھے پر رکھی ہو۔

Cross Portate : (n) دیکھو Portate

Portative : (a) [med. L. 'portatilis.'] (۱) (تاریخ)(ایک قسم کا چھوٹا ارغنوں) جسے اٹھایا جاسکے ؛ دستی ؛ نقل پذیر۔ (۲)جس کو اٹھا کر لے جاسکیں ؛ لے جانے یا سہارا دینے والا ۔

Portative : (n) (تاریخ) (عموماً جمع) دستی آرگن ؛ نقل پذیر ارغنوں ۔

Portative organ : (n) ایک چھوٹا دستی آرگن جو پہلے جلوسوں میں استعمال ہوتا تھا ۔

Portcullis : (n) [ME. 'port colice.'] (۱) بھاری سلاخوں کی جالی جو قلعے کے دروازوں کے پہلو میں ایک خانے کے اندر اوپر

نیچے پھیلتی ہے ؛ پھسلواں دروازہ ؛ جالی دار دروازہ؛ مسلفہ (جمع مسالف) ؛ پھسلواں کواڑ ۔ (۲) ایسے دروازے کا نقش یا تصویر بطور زیور یا بطور نقابتی تمغہ ؛ نقابت میں اس نقش پر اطلاق ہوتا ہے جو ڈھال کے اوپر باہم متقاطع کئی عمودی اور افقی دھاریوں یا لکیروں سے بنا ہوتا ہے ۔ (۳) (کراؤن، نصف کراؤن ؛ شلنگ چھ پینس کے) سکوں کا نام جنہیں ملکہ الزبتھ نے ۱۶۰۰-۱۶۰۰ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے لئے جاری کیا تھا اور جن کی پشت پر ایسے ہی جال دار دروازے کا نقش ہوا کرتا تھا ۔ (۴) نقیب سے نیچے درجے کے انگریزی فوجی افسر کا خطاب (اس کے بلے یا امتیازی شان کے اعتبار سے) ۔

Portcullis : (v) (دروازے میں) جال دار پھسلواں کواڑ لگانا ؛ جال دار پھسلواں کواڑ بند کرنا ۔

Portcullised : (a) (۱) جس میں پھسلواں دروازہ لگا ہو ؛ جال دار پھسلواں کواڑ والا (دروازہ) ۔ (۲) (نقابت) جالی دار دروازے کے نقش والا ۔

Porte : (n) [Fr.] [The subline or otaman porte] Constantinop میں عثمانی عدالت ؛ عدالت عثمانیہ ؛ باب عالی (ترکی حکومت ۱۹۲۳ء تک اسی نام سے موسوم تھی) ؛ ترکی حکومت ۔

Porte- : (comb) [Fr. 'porter.'] فرانسیسی تلفظ Porter سے مشتق سابقہ بمعنی "اٹھانا" "لے جانا" ڈھونا۔

Porte- bonheur : (n) [Fr. 'bonheur.'] تعویذ یا کوئی چھوٹا زیور جسے تعویذ کی طرح پہنا جاتا ہو ۔

Porte - bouquet : (n) گلدان ۔

Porte - cochere : (n) [Fr.] بیرونی ڈیوڑھی ؛ پھاٹک ؛ بڑا دروازہ ؛ بڑا گیٹ ؛ پیش دروازہ (جس سے گزر کر گاڑیاں مکان کے صحن میں آتی ہیں) ؛ پھاٹک اور ڈیوڑھی۔

Porte - crayon : (n) دیکھو Port- crayon

Porte -feu : (n) [Fr. 'feu.'] خاص قسم کا فتیلہ جو پہلے توپ داغنے کے لئے استعمال کیا جاتا تھا اور اب راکٹ وغیرہ داغنے یا کان میں دھماکہ کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ؛ نیز فلیتہ ؛ پکیتہ ؛ بتی ؛ آتش زنہ ۔

Porte - feuille : (n) [Fr. 'feuille .'] (۱) چمڑے کا تھیلا یا جزدان جو کاغذات رکھنے کے کام آتا ہے ۔ (۲) دیکھو -Portolio

Porte- monnaie : (n) [Fr. 'monnaie.'] چمڑے کا چپٹا بٹوا؛ منی پرس؛ چمڑے کی پاکٹ بک ۔

Ported : (a) (۱) پھاٹک دار ؛ جس میں پھاٹک لگا ہو ۔ (۲) پھاٹک بند ؛ پھاٹک کے اندر بند ۔

Ported : (a) رائفل بدست ؛ ہتھیار کو دونوں ہاتھوں میں آڑے ترچھے اس طرح تھامے ہوئے کہ (بندوق وغیرہ کی) نال یا دوسرے اسلحوں کا پھل بائیں شانے کے وسط میں ہو ۔

Portend : (v) [L. 'potendere.'] (۱) (ہونے والے واقعے کا) شگون ہونا ؛ علامت ہونا ؛ نشانی ہونا ۔ (۲) (ہونے والے واقعہ سے) آگاہ کرنا ؛ خبر دینا ؛ فال بتانا ؛ تقابل کرنا ؛ پیش گوئی کرنا ۔ (۳) پہلے ہی بتا دینا؛ متنبہ کردینا ؛ خبر دار کرنا ۔ (۴) بتانا ؛ اشارہ کرنا یا ہونا ؛ مطلب ہونا ۔

Portent : (n) [L. 'portentum.'] (۱) فال ؛ شگون ؛ علامت ؛ نشانی ۔ (۲) عجوبہ ؛ عجیب و غریب چیز ؛ اچنبھا ۔

Portentous : (a) (۱) فال یا شگون جیسا ؛ پرشگون ؛ علامتی ؛ فال آور؛ تنبیہی ؛ تہدیدی ؛ آگاہ یا خبردار کرنے والا ؛ ہشیار کرنے والا ؛ ڈراؤنا ؛ نحس؛ نامبارک ؛ بدشگون ؛منحوس ۔ (۲) عجب و غریب ؛ حیران کن ؛ حیرت انگیز ؛ انوکھا ؛ نرالا ؛ اچنبھے کا ؛ عجیب الخلقت ؛ عجوبہ ؛ عجوبہ صفت ؛ غیرمعمولی یا ما فوق العادت ۔

Porteous roll : (n) (اسکاتستانی قانون) مجرمین کے ناموں کی فہرست جسے صبح کا پیشکار تیار کیا کرتا تھا؛ فہرست مجرمین ۔

Portentously : (adv.) ازراہ شگون ؛ پرشگون طور پر ؛ فال آور انداز میں ؛ تہدیداً ؛ ڈراؤنے طور پر؛ بدفالی یا بدشگونی سے؛ نحس یا نامبارک انداز میں ۔

Porter : (n) [Fr. 'portier.'] پاسبان ؛ دربان ؛ ڈیوڑھی دار؛ پہرے دار ؛ چوکی دار ؛ نگہبان ؛ نیز مجازاً ۔

Porter : (v) دربان ہونا ؛ دربانی کرنا ؛ دربان کی حیثیت سے کام کرنا ۔

Porter : (n) [Fr. 'port-(e) our.'] (۱) حمّال ، (خصوصاً) ریل کا قلی ؛ قلی ؛ بوجھ ڈھونے والا ؛ بار بردار ؛ جہاز پر مال چڑھانے اتارنے والا مزدور ۔ (۲) اٹھاؤ چھڑ ؛ لوہے کی سلاخ جس سے کسی وزنی چیز کو اٹھاتے ہیں (پتھوڑے سے کوٹنے پیٹنے کے لئے یا بھٹی میں ڈالنے کے لئے) ۔

Porter : (v) قلی کا کام کرنا ؛ بوجھ ڈھونا ؛ بار برداری کرنا ؛ ریلوے قلی کی حیثیت سے کام کرنا ؛ حمالی کرنا ۔

Porter : (n) [Short for 'porter's sale, porter's beer 'or' porter beer.] ایك قسم كی سیاہی مائل بھورے رنگ اور قدرے تلخ ذائقے والی بیر شراب۔

Porter- house : (n) (امریکا) شراب خانہ (جہاں پورٹر شراب یاملائ سے بنی دوسری شرابوں کی خردہ بکری ہوتی ہے: نیز جہاں گائے کے سینے کا گوشت ، چاپ وغیرہ پیش کئے جاتے ہیں)۔

Porter- house steak : (n) (امریکا) گائے کے سینے (پٹھے اور ان کے بیچ) کا دبیز اور رس دار گوشت (جو نیویارك کے ایك مشہور پورٹر ہاؤس میں دیا جاتا تھا)۔

Porterage : (n) حمالی : ڈھلائی : باربرداری قلی کا کام یا اس کی مزدوری : نیز توصیفاً۔

Porteress : (n) دربان عورت : ڈیوڑھی بان عورت خصوصاً دار الراہبات کی) : نیز مجازاً۔

Porter's knot : (n) قلیوں یا مزدوروں کی گدی جو شانوں پر یا (ہندوستان میں) سر پر رکھتے ہیں۔

Porter's slodge : (n) (قلعے، پارك وغیرہ کے دروازے پر) قلیوں کے رہنے کی کوٹھری یا چھوٹا سا مکان : قلی خانہ (جہاں پہلے نوکروں کو سزا کے طور پر رکھا جاتا تھا)۔

Portfire : (n) [After Fr. 'porte-feu.'] خاص قسم کا فتیلہ جو پہلے توپ داغنے کے لئے استعمال کیا جاتا تھا اور اب راکٹ وغیرہ داغنے یا کان میں دھماکا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے: نیز فلیتہ : پکیتہ : بتی : آتش زنہ۔

Portfolio : (n) [It . 'portafogli.] (۱) چمڑے کا تھیلا یا جزدان جو کاغذات رکھنے کے کام آتا ہے۔ (۲) (مجازاً) قلم دان وزارت : وزیر کا عہدہ : وزارت۔ (۳) (امریکا) کسی کاروباری ادارے یا ہنڈی دلال کے پاس موجود وثیقوں یا ہنڈیوں کی فہرست۔

Minister without portfolio : وزیر بے قلمدان:کابینہ کا وہ وزیر جسے کوئی شعبہ سپرد نہ کیا گیا ہو۔

Portfolio-stand : (n) ایك قسم کا فرنیچر جو پورٹ فولیو رکھنے کے لئے ہوتا ہے۔

Porthors : Portas کی قدیم شکل۔

Portico : (n) [It. 'portico.'] (۱) برساتی :غلام گردش : کسی عمارت کے سامنے کا وہ حصہ جو ستونوں پر کھڑا ہو : پورٹیکو: پیش گاہ : ایوان : بارہ دری۔ (۲)(خصوصاً) اتیتنز کا منقش پورچ جو زینو (فلسفی) اور اس کے شاگردوں کا مرجع ہوا۔

Porticoed : (a) برساتی دار : جس میں پورٹیکو ہو۔

Portiere : (n) [Fr.] دروازے کا پردہ یا چلمن (چلون)۔

Portion : (n) [ME. 'porcion.'] (۱) حصہ : بخرہ : خوراکی۔ (۲) حصہ رسدی۔ (۳) جہیز : وہ مال یا جائداد جو لڑکی کے والدین شادی کے وقت اسے دیں۔ (۴) قسمت : نصیب: مقسوم۔ (۵) جز : کسی چیز کا ٹکڑا۔ (۶) کوئی محدود مقدار یا تعداد : کچھ (سب نہیں): تھوڑا سا۔

A portion (of) کسی چیز کی تھوڑی ہی تعداد۔

Portion : (v) [OFr.'portionner..'] (۱) حصے کرنا : حصے بخرے کرنا : بانٹنا : بٹوارہ کرنا۔ (۲) حصوں میں تقسیم کرنا : حصے لگانا۔ (۳) (Out کے ساتھ) حصے کے طور پر کسی کو دینا : کسی کے حصے میں (کوئی چیز رکھنا : حصہ دینا : حصہ رسدی دینا : حق دینا۔ (۴) جہیز دینا : حقوق و مراعات دینا۔

Portional : (a) حصے یا بخرے سے متعلق : حصہ رسدی جیسا : جہیز سے متعلق : جزئی۔

Portionally : (adv.) حصے یا حصہ رسدی کے طور پر : بطور جہیز: جزئی طور پر : جزاً : حصوں میں : ٹکڑوں میں: بخروں میں۔

Portioner : (n) (۱) (اسکاتستانی قانون) تھوڑی زمین رکھنے والا: چھوٹے سے قطعہ زمین کا مالك۔ (۲) دیکھو Heir- -portioner

Heir- portioner/ Heiress- portioner: دفتری حصے کی مالکہ یا مرد جو دفتری حصے کی مالکہ کا نمائندہ ہو۔

Portionist : (n) [med. L . 'portionista.'] (۱) (مڈل کالج ،آکسفورڈ) غریب طالبعلم۔ (۲) (کلیسا) کلیسائی وقف یاجاگیر سے حصہ پانے والے دو یا زیادہ پادریوں میں سے کوئی ایك۔

Portionless : (a) جسے کوئی حصہ نہ ملا ہو : بے حصہ : بے جہیز۔

Portland : (n) Dorsetshive کا ایك ساحلی جزیرہ یا جزیرہ نما : پورٹ لینڈ: یہ لفظ جزیرہ پورٹ لینڈ کی مصنوعات یا اس سے منسوب اشیاء کے ناموں کے ساتھ توصیفاً مستعمل ہے۔

Portland - cement : (n) ایك قسم كا سیمنٹ Portland-stone كے مشابه هوتا هے : نیز توصیفاً۔

Portland -oolite : (n) جزیرۂ پورٹ لینڈ كا چونا پتھر۔

Portland-stone : (n) عمارت سازی كا ایك قیمتی پتھر جو جزیرۂ پورٹ لینڈ میں كانوں سے نكالا جاتا هے : پورٹ لینڈی پتھر۔

Portlet : (n) چھوٹی بندر گاہ۔

Portliness : (n) (۱)بلندی : شكوہ : اعزاز : سرفرازی : شرف : رعب داری۔ (۲) جسامت : بھاری بھركم پن : تنومندی۔ (۳) شان و شوكت : عمدگی : نفاست۔

Portly : (a) (۱) بلند : پرشوكت : پرشكوہ؛ پرتكلف ، (اطوار و انداز ، ركھ ركھاؤ یا ظاہر داری) : معزز؛ سرفراز؛ پرقار : بارعب : مشرف۔ (۲) جسیم؛ لحیم شحیم : بھاری بھركم : گداز جسم ، دوہرے بدن كا : تنومند۔ (۳) شاندار؛ عظیم الشان : عمدہ : بڑھیا : نفیس : نادر (چیز)۔

Portman : (n) (۱) (مقامی ، قدیم انگریزی) شہری : شہری حقوق ركھنے والا۔ (۲)دیكھو Capital or head portman-

Capital or head portman : كسی قصبے یا بلدیه كے نظم و نسق كے لئے منتخب كئے هوئے شہریوں میں سے كوئی ایك۔

Portmanteau : (n) [Fr. 'portemanteau.'] (۱) پورٹ مینٹو : سفری تھیلا (كپڑے اور دیگر لوازمات كے لئے)؛ چمڑے كا بیگ جس میں دو برابر حصے الگ الگ هوتے ہیں اور كتاب كی طرح بیچ سے كھلتے ہیں۔ (۲) خاص قسم كی كھونٹی جس پر كپڑے ٹانگے جاتے ہیں۔ (۳) توصیفاً Portmanteau word-

Portmanteau word : (n) دوہرا لفظ : گھڑا هوا لفظ جو دو لفظوں كی ترخیم سے بنایا جائے اور دونوں كے معنوں پر حاوی هو : آواز اور معنی میں مركب لفظ : دو متمائز الفاظ سے مل كر بنا هوا مركب الصوت و معنی لفظ جیسے Slimy اور Lithe = Slithy .

Portmote : (n) [f. Port + ME. 'imote.'] (۱)(تاریخ) قصبے یا بلدیه كی عدالت۔ (۲) سمندری بندر گاہ والے شہر كی عدالت۔

Portolano : (n) [It. 'portolano.'] ہدایات جہاز رانی : وہ كتاب جس میں جہاز رانی كی ہدایتیں، بندر گاہوں كے حالات اور باتصویر چارٹس بنے هوتے ہیں۔

Portrait : (n) [Fr. 'portrait.'] (۱) تصویر : شبیه : فوٹو: پیكر (كسی انسان یا جانور كا)۔ (۲) (مجازاً) (كسی چیز كی) هوبهو تصویر : كامل نمونه : تمثال : عكس كامل : هوبهو نقل : جیتی جاگتی تصویر : چربا۔ (۳) خاكه : لفظی تصویر : ایسا بیان جس سے واقعے كی تصویر آنكھوں میں پھر جائے : محاكات نگاری یا مرقع نگاری (كا نمونه) : واضح تشریح۔

Portrait - bust : (n) جسم كے بالائی حصے كی هو بهو تصویر۔

Portrait - gallery : (n) تصویر خانه : نگار خانه : گیلری یا گلیاری جس میں تصویریں جمع هوں : تصویروں كا مجموعه : (نیز مجازاً)۔

Portrait - lens : (n) فوٹو گرافی كا مركب عدسه جو انسانوں كی تصویریں لینے كے لئے هوتا هے۔

Portrait- lens : (n) شبیہه ساز : صورت گر : مصور : وہ شخص جس كا پیشه ہی تصویر بنانے كا هو : پیشه ور مصور۔

Portrait-painting : (n) شبیه سازی : صورت گری : مصوری : پیكر نگاری : مصوری كا پیشه یا فن۔

Portraitist : (n) صورت گر : شبیه ساز : مصور : پیكر نگار : خاكه نگار : محاكات نگار : وہ شخص جو انسانوں یا جانوروں كی تصویر بناتا هے۔

Portraiture : (n) [OFr. 'portraiture .'] (۱) تصویر كشی : شبیه سازی : صورت گری : پیكر نگاری۔ (۲) تصویر: شبیه: پیكر۔ (۳) لفظی تصویر : لفظی مرقع : ایسا بیان جس سے واقعے كی تصویر آنكھوں میں پھر جائے : مرقع نگاری : محاكات نگاری۔ (۴) تمثال : خیالی شبیہه : پیكر خیالی : عكس خیالی : خیال۔

Portray : (v) [Ofr. 'portraire.'] (۱) تصویر كھینچنا یا بنانا : شبیه اتارنا: فوٹو كھینچنا : پیكر تراشنا عكس اتارنا۔ (۲) روپ بھرنا : هوبهو نقل كرنا یا اتارنا: چربا اتارنا۔ (۳) الفاظ میں تصویر كھینچ دینا : مرقع دكھانا یا اتارنا : واقعه كو اس طرح بیان كرنا كه آنكھوں میں تصویر پھر جائے۔

Portray : (a) تصویر كشی : صورت گری : شبیه سازی : پیكرنگاری: پیكر تراشی : تصویر : شبیه : پیكر : فوٹو : چربا: هو بهو نقل : مرقع۔

Portrayal : (n) صورت گری : شبیه سازی : پیكر تراشی : تصویر كشی : مرقع نگاری : (خصوصاً لفظی تصویركشی یا مرقع نگاری۔

Portrayer : (n) صورت گر؛ پیکر ساز ؛ پیکر تراش ؛ شبیہ ساز؛ مرقع نگار ؛ مصور ؛ انسانوں اور جانوروں کی تصویریں بنانے والا ؛ لفظوں میں تصویر کشی کرنے والا ۔

Portreeve : (n) [OE. 'portgerefa.'] (۱) (تاریخ) کسی پرگنے یا شہر کا افسر اعلیٰ ؛ اعلیٰ افسر ۔ (۲) (حال) نائب صدر بلدیہ ؛ نائب میئر ۔ (۳) (غلط طور پر) بحری بندر گاہ والے شہر کا افسر اعلیٰ یا مجسٹریٹ ۔

Portress/ Porteress : (n) دربان عورت ؛ ڈیوڑھی بان عورت (خصوصاً دار الرابہات کی) ؛ نیز مجازاً ۔

Portsman : (n) (Cinque Ports) انگلستان کی پانچ بندر گاہوں میں سے کسی ایک بندر گاہ کا شہری یا باشندہ (عموماً جمع)۔

Portuary : (n) Portas دیکھو

Portugal : (n) [Pg. 'portugal.'] پرتگال ؛ پرتغال ۔

Portuguese : (a) [Pg. 'Portuguez.'] پرتگالی ؛ پرتغالی ؛ اہل پرتغال یا اس سے متعلق ؛ پرتگال کا ؛ پرتگیزی ؛ پرتگال کے متعلق ۔

Portuguese : (n) (۱) پرتگال کا باشندہ ؛ پرتگالی ؛ اہل پرتغال ؛ باشندۂ پرتگال ؛ پرتگیزی ۔ (۲) پرتگالی زبان ؛ پرتگیزی زبان ۔

Portuguese man - of -war : (n) Physalia جنس کا ایک بحری حیوان جو بادبان نما کلغی کے سہارے سطح آب پر تیرتا ہے۔

Portulaca : (n) [L.] (نباتیات) جنس خرفہ ؛ ایک قسم کا پودا جس کی جڑ رس دار اور پھول سفید، زرد، سرخ یا ارغوانی ہوتے ہیں اور براہ راست سورج کی روشنی پاکر صرف ایک بار کھلتے ہیں (خصوصاً) اس پودے کی وہ نوع جس کی کاشت کی جاتی ہے ۔

Portulaca sativa : (n) (نباتیات) خرفہ ۔

Portulaceae : (n) (نباتیات) خرفیہ ۔

Portulaceous : (a) خرفی ؛ جنس خرفہ یا خرفیہ سے متعلق؛ خرفیہ کا

Portulan : (n) [Fr. 'portulan.'] Portolano دیکھو

Posaune : (n) [G] آرگن باجے کا پردہ جو نرسل کا بنا ہو۔

Pose : (n) [Fr.'pose.'] (۱) کوئی انداز جو قصداً اختیار کیا جائے خصوصاً مصنوعی انداز؛ پوز ۔ (۲) (مجازاً ذہن کا اندز ؛ خصوصاً انداز فکر ۔ (۳) (Dominoes کے کھیل میں) پہلا مہرہ چلنا یا اس کا حق ۔

Pose : (v) [Late L. 'pausare.'] (۱)کرنا ؛ پیش کرنا (دعویٰ وغیرہ)۔ (۲) چھیڑنا ؛ پیش کرنا (مسئلہ) ۔ (۳)مصور کا اپنے معمول (ماڈل) کو کسی خاص انداز سے بٹھانا یا کھڑا کرنا ۔ (۴) تصویر کھنچوانے کے لئے کوئی خاص انداز اختیار کرنا ؛ پوز دینا ۔ (۵)بننا ؛ اپنے آپ کو ظاہر کرنا (مبصر وغیرہ) ۔ (۶) (Dominoes میں) پہلا مہرہ رکھنا یا چلنا ۔ (۷) (مجازاً) صورت یا حلیہ بنانا ؛ چہرہ بنانا؛ بناوٹ یا تصنع دکھانا ۔

Pose : (v) [Aphetic f. Appose.] کوئی مسئلہ یا سوال پیش کرکے حیرت میں ڈال دینا ؛ حیران کردینا ؛ متحیر کردینا ؛ کوئی سوال پوچھ کر یا مسئلہ پیش کرکے الجھن میں ڈال دینا ۔

Poser : (n) مشکل سوال یا مسئلہ ؛ معما ۔

Poser : (n) بننے والا ؛ خود کو ظاہر کرنے والا ؛ پوز دینے والا ؛ صورت بنانے والا ؛ حلیہ بنانے والا ؛ بناوٹ یا تصنع دکھانے والا ۔

Poseur : (n) [Fr.] بننے والا ؛ تصنع سے کام لینے والا ۔

Poseuse : (n) [Fr.] بننے والی ؛ تصنع سے کام لینے والی عورت ۔

Posh : (a) [of doubtful Origin.] (عامیانہ) ٹھاٹ کا ؛ ٹیم ٹام کا ؛ خوش پوش ؛ اعلیٰ درجے کا ؛ اونچا ؛ بڑھیا ؛ بہت ہی پرتکلف ؛ طرح دار ؛ عالی شان ؛ اعلیٰ ؛ سجا سجایا ؛ رئیسانہ ؛ خوش لباس ؛ خوش منظر ؛ تروتازہ ۔

Posied : (a) [f. Posy + -ed] (۱) (بول چال) گلدستوں سے آراستہ ؛ پھولدار؛ گل دار ۔ (۲) کتبہ یا گل دستہ بنا ہوا ؛ کتبہ دار ؛ گلدستہ دار (خصوصاً جو کھود کر بنایا گیا ہو) (متروک) ۔

Posit : (v) [L. 'posit.'] (۱) فرض کرنا ؛ فرضیے کے طور پر مان لینا ۔ (۲) قائم کرنا ؛ رفع کرنا ؛ رکھنا ۔

Position : (n) [L. 'positio.'] (۱) مسئلہ ؛ نظریہ قضیہ ؛ دعویٰ ۔ (۲) (جسم کی) حالت یا انداز یا وضع ۔ (۳) انداز خیال ؛ نقطۂ نظر ۔ (۴) جگہ ؛ موقع ؛ محل؛ مقام ؛ (جغرافیہ) محل وقوع۔ (۵) (فوج) مورچہ ؛ مقام ؛ عمدہ مقام ؛ فوجی نقطۂ نظر سے اہم مقام ؛ جنگی اہمیت کا مقام ۔ (۶) صورتِ حال ؛ (سیاسیات) حیثیت؛ حالت ۔ (۷) رتبہ ؛ مرتبہ ۔ (۸) عہدہ ؛

جگہ ۔ (۹) ذہنی میلان : رجحان ۔ (۱۰) (موسیقی) تار کے سروں کی ترتیب وار یا وقفہ دار ترتیب ۔ (۱۱) (صوتیات) جز لفظ میں حرف علت کا محل : (خصوصاً لاطینی اور یونانی زبانوں کے عروض میں) دو حروف صحیح سے پہلے کسی حرف علت کا ہونا جس سے یہ حرف علت طویل ہوجاتا ہے ۔ (۱۲) (ریاضیات) Rule of (false) positin -

Angle of position : (۱) آنکھ کے مقابل دو لفظوں کے بیچ کا زاویہ ۔ (۲) (حجم) کسی سیارے یا ستارے کے جھکاؤ اور عرض کے دائروں کے بیچ کا زاویہ ۔

Circle of position : افق کے شمالی و جنوبی لفظوں سے ہوکر گزرنے والے کرۂ سماوی کے چھ بڑے دائروں میں سے کوئی ایک ۔

Eastward position : پادری کا عشائے ربانی کے وقت مشرق کی طرف رخ کرکے قربان گاہ کے سامنے کھڑا ہونا ۔

Gun of position : میدانی توپ : بڑی توپ جسے آسانی سے ہٹایا بڑھایا نہ جاسکتا ہو یا جسے جلد جلد حرکت دینا ممکن نہ ہو ۔

In position : مناسب جگہ پر : ٹھیک جگہ پر : اپنے صحیح مقام پر : درست جگہ پر ۔

Out of position : بے جگہ : بے محل : غلط جگہ پر : غلط مقام پر ۔

People of position : : بڑے لوگ : ذی مرتبہ لوگ : امیر لوگ : طبقۂ امرا ۔

Rule of (false) position : (ارضیات) عدد لامعلوم کی قیمت معلوم کرنے کا ایک طریقہ جس میں ایک یا زیادہ قیمتیں فرض کی جاتی ہیں جن میں غلط کو معلوم کرکے صحیح کی نشان دہی کی جاتی ہے ۔

Position : (v) (۱) مخصوص یا درست جگہ پر رکھنا : ٹھیک جگہ پر رکھنا ۔ (۲) محل یا موقع معین کرنا : (کسی جگہ کی) نشان دہی کرنا : محل وقوع بتانا یا معلوم کرنا : (کسی چیز کا) مقام یا محل وقوع بتانا : ٹھیک جگہ دریافت کرنا ۔

Position angle : (n) (علم النجوم) زاویۃ الوضع : زاویۂ محل ۔

Position - artillery : (n) وزنی توپ : میدانی توپ خانہ : بھاری توپ خانہ : بڑی توپ : محاذی توپ ۔

Position- battery : (n) وزنی توپ خانہ : میدانی یا محاذی توپ خانہ بھاری توپ خانہ ۔

Position circle : (n) (سیاحت) وضعی دائرہ ۔

Position error : (n) گھڑی کی وہ غلطی جو کسی مخصوص حالت میں رکھنے سے ہوتی ہو : کسی مخصوص حالت میں رکھ دینے سے گھڑی میں پیدا شدہ غلطی یا بے قاعدگی ۔

Position -finder : (n) آلۂ محل نما : موقع نما آلہ : وہ آلہ جس کی مدد سے کوئی توپچی یا بندوق باز اس چیز پر نشانہ لگاتا ہے جو اس کی حد نگاہ سے باہر ہوتی ہے ۔

Position wire : (n) وضع تار ۔

Positional (a) (۱) وضع ، مقام یا طرح سے متعلق : وضعی : محل وقوع سے متعین شدہ ۔ (۲) رتبے یا عہدے سے متعلق ۔

Positional Astronomy : (n) (علوم النجوم) وضعی ہیئت : کروی ہیئت ۔

Positive : (a) {L. 'positivus.'} (۱) وضعی : موضوع : موضوعہ (قانون وغیرہ) ۔ (۲) صریحی : قطعی ۔ (۳) کسی رائے پر پورا وثوق رکھنے والا : کسی بات کا کامل یقین رکھنے والا : تحکمی : ادعائی : پوری طرح باور کئے ہوئے ۔ (۴) (صرف و نحو) مطلق (صفت کی وہ شکل جو مقابلہ ظاہر نہیں کرتی) ۔ (۵) حقیقی : محض : مطلق (اعتباری یا اضافی کی ضد) ۔ (۶) (روزمرہ) پورا : پکا : سراسر ۔ (۷) ثبوتی : واقعی : مثبت (سلبی یا منفی کی ضد) : عملی : (برضیات و برقیات) مثبت : شیشے کو ریشم پر رگڑنے سے پیدا ہونے والی (بجلی) ۔ (۹) (جبر و مقابلہ) مثبت (وہ مقدار جو صفر سے زیادہ ہو) ۔ (۱۰) جس سے ترقی یا اضافہ ظاہر ہو : مثبت ۔ (۱۱) ظاہر : بے شبہ ۔ (۱۲) (مقناطیس) قطب نما : شمال نما ۔ (۱۳) (بصریات) (دوہرے انعطاف والا بلور) جو معمولی شعاع سے نسبتاً زیادہ غیر معمولی شعاع کے انعطاف کا اشاریہ رکھتا ہو ۔ (۱۴) (تصویرکشی) فطری رنگ میں روشنی اور پرچھائیں کو پیش کرنے یا دکھانے والا : مثبت ۔ (۱۵) نقل پذیر : ہلکا : جسے آسانی سے ہٹاکر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا اور رکھا جاسکے ۔

Positive : (n) (۱) (صفت کا) درجہ مطلق : صفت مطلق ۔ (۲) وجود برحق : موجود برحق : حق : حقیقت : ہستی (بخلاف نیستی) ۔ (۳) مقدار مثبت ۔ (۴) (تصویرکشی) مثبت فوٹو ۔

Positive after- image : (n) مثبت شبیہ ما بعد ۔

Positive electricity : (n) مثبت برق ۔

Positive eyepiece : (n) (بصریات) مثبت چشمہ ۔

Positive image : (n) مثبت شبیہ ۔

Positive imprint : (n) مثبت نقش ۔

Positive lead : (n) (برقیات) مثبت رہنما تار ۔

Positive organ : (n) ایک طرح کا چھوٹا آرگن باجا ۔

Positive philosophy : (n) ایجابی فلسفہ : ایجابیت ۔

Positive plate : (n) (برقیات) مثبت پترا : مثبت پلیٹ ۔

Positive pole : (n) (مقناطیس) مثبت قطب : (جغرافیہ) قطب جنوبی ۔

Positive quantity : (n) مقدار مثبت : (ارضیات) مثبت رقم ۔

Positive rays : (n) مثبت شعائیں ۔

Positive rights : (n) (سیاسیات) اثباتی حقوق : مثبت حقوق۔

Positive sciences : (n) حقیقی علوم ۔

Positive sign : (n) (ارضیات) علامت مثبت : جمع علامت (+) جس کے ذریعہ مقدار مثبت ظاہر کی جاتی ہے ۔

Positive tropism (n) (حیاتیات) مثبت رخی : محرک رخی ۔

Positively : (adv.) قطعی طور پر : ثبوتی حیثیت سے : مثبت انداز میں۔

Positiveness : (n) قطعیت : ثبوتیت: اثبات : ایجابیت ۔

Positivism : (n) [Fr. 'positivisme.'] (۱) ثبوتیت : کومتیت (اگسٹ کومت (Auguste Comte) کا نظام فلسفہ جس کی رو سے صرف ان چیزوں کا وجود تسلیم کیا جاتا ہے اور قابل مشاہدہ اور ثبوت ہیں)۔ (۲) قطعیت : واقعیت : ناطقیت : تجربیت: حقائقیت: ایجابیت : متیقن : ایقان: تحقق : یقین : اعتبار کامل ۔

Positivist : (n) ثبوتیت پسند : ثبوتی : فلسفۂ ثبوتیت کا قائل : اثباتی : ایجابی : (جمع ایجابیتین) : کومتی فلسفی۔

Positivistic : (a) ثبوتیت کا : ثبوتی : ثبوتوں یا ایجابیوں کا یا ان سے متعلق ۔

Positivity : (n) ثبوتیت : اثبات ۔

Positron : (n) [Blend of 'positive &, electron'] (نیو کلیائی طبعییات) مثبتیہ : پازیٹرون ۔

Posological : (a) [f. Posology.] معتادیات سے متعلق : معتادی : معتادیاتی : مقادیری : دواؤں کی مقدار سے متعلق ۔

Posologist : (n) [f. next.] عطار : دواؤں کی خوراک بنانے والا : ماہر معتادیات : علم مقادیر الادویہ کا جاننے والا : دواؤں کی مقدار کا علم رکھنے والا (کہ کون دوا کس مقدار میں استعمال کرائی جاسکتی ہے)۔

Posology : (n) [Fr. f. Gr. 'posos' + - logy .] (۱) معتادیات : علم مقادیر الادویہ : طب کی وہ شاخ جس میں دواؤں کی مقدار سے بحث کی جاتی ہے (یعنی اس بات سے کہ کون دوا کس مقدار میں استعمال کرائی جاسکتی ہے) ۔ (۲) (بنیتھم کی کتابوں میں) علم المقادیر: ریاضی : علم مقادیر ۔

Pospolite : (n) [Polish 'pospolite.'] (تاریخ) پوستان شہریوں کی فوج : پوستانی رضا کار فوج ۔

Poss : (v) [of unkn. origin] (۱) تیزی سے آگے بڑھانا: چلانا : جھٹکے کے ساتھ بڑھانا : دھکا دینا : ہولا مارنا: ٹکر مارنا : گھونسا لگانا : مکا مارنا : دستک دینا : ٹہوکا مارنا : ٹھونکنا ۔ (۲) پیٹنا : کوٹنا : تھپٹانا : ڈنگانا (خصوصاً کپڑے وغیرہ کو دھوتے وقت) : کچلنا۔

Poss- tub : (n) [f. Poss + -tub.] کپڑے دھونے کا برتن یا ٹب : گملا : کٹھوت : تسلا : لگن ۔

Posse : (n) [med.L.] (۱) فوج : پلٹن : (خصوصاً) پولیس کا دستہ۔ (۲) کسی چیز کا مجموعہ : (حیوانیات یا آدمیوں کا) گروہ : جھنڈ : غول : جماعت ۔ (۳) امکان : ممکن ہونے کی حالت : امکانیت : امکانی قوت ۔

In posse : ممکن : باالقوۃ ۔

Posse comitatus : (n) [med. (Anglo-) L.] (۱) کسی ملک کے باشندوں میں سے پندرہ سال سے زیادہ عمر کے لوگوں کی جماعت جو بلوے وغیرہ کو فرو کرنے یا دیگر ایسی ہی خدمات کے لئے قانوناً طلب کی جاسکتی ہے : حاکم ضلع کی طلب کردہ ایسی کوئی جماعت ۔ (۲) (مجازاً) کسی چیز کا مجموعہ : (حیوانیات یا آدمیوں کا) گروہ : جھنڈ : غول : جماعت ۔

Posser : (n) [f. Poss (v).] (۱) مالک ہونا : (قانون) قابض ہونا :

قبضہ کرنا : قبضہ جمانا ۔ (۲) خاصیت، صفت وغیرہ) رکھنا : (کسی فوجی کا) حامل ہونا ۔ (۳) (کسی بات کا) علم رکھنا : (کسی زبان کا) ماہر ہونا (یا اس پر) قدرت رکھنا : کامل دسترس رکھنا : مہارت رکھنا ۔ (۴) قبضے میں کرنا : لے لینا : قابو میں آنا یا لانا : حامل کرنا یا ہونا ۔ (۵) (ذہن ، نفس وغیرہ کو) قابو میں رکھنا : (کسی پر) قابو رکھنا : کنٹرول رکھنا ۔ (۶) (بھوت، پریت یا بدروح کا) کسی پر آنا : کسی کے اندر حلول کرنا : سایہ ہونا : خلل ہونا : کسی کو قابو میں کرلینا ۔ (۷) (خیال کا) سماجانا: بس جانا: گھر کرنا : شدت سے متاثر کرنا : رچ بس جانا ۔ (۸) کسی کے قبضے میں آنا یا ہونا : کسی کی مِلک ہونا : مقبوض ہونا : قبض و دخل میں ہونا ۔ (۹) (احساس، خیال وغیرہ) رگ و پے میں سرایت کردینا: دل و دماغ میں بسا دینا : (کسی) رنگ میں رنگ دینا : رچا دینا : پیوست کر دینا ۔

To possess oneself of : قبضہ کرنا ۔

Possessed : (a) مقبوضہ : قبضہ کیا ہوا : جہاں یا جس پر بھوت پریت کا بسیرا ہو : بھوت کے بس میں: بھوت کے قبضہ یا قابو میں: جنیت زدہ : جس پر دیو یا بدروح کا سایہ ہو : پاگل : باؤلا : سودائی: دیوانہ : خبطی: مجنوں : سڑی : مخبوط ۔

To be possessed of or with : مالک ہونا : رکھنا :قابض ، دخیل ہونا ۔

Possessed of / - with : (a) قابض : دخیل : حامل : مالک : متصرف ۔

Possession : (n) [L. 'possessio.'] (۱) قبضہ : تصرف : دخل ۔ (۲)(قانون) قبضہ یا دخل (جو ملکیت سے وابستہ ہے مگر اس سے علاحدہ بھی ہوسکتا ہے) ۔ (۲) مقبوضہ شے : مِلک ۔ (۳) (جمع) املاک : مال و متاع : دھن دولت ۔ (۵) مقبوضات (خصوصاً کسی سلطنت کے بیرونی مقبوضات) ۔ (۶) (کسی شخص پر شیطان یا بدروحوں کی) سواری : سایہ : تصرف : عمل دخل ۔ (۷) کسی خیال یا احساس کا (کسی شخص کے دل و دماغ پر) جم کر بیٹھ جانا : سوار ہونا : رچنا : بسنا : وہ خیال یا جذبہ جو کسی کے رگ و پے میں سرایت ہو یا ذہن و دماغ پر سوار ہو ۔ (۸)اپنے (ذہن و دل پر) قابو : ضبط نفس ۔

Chose in possession : (۱) جائداد منقولہ : منقولہ اثاثہ یا املاک : اشیائے منقولہ ۔ (۲) قابض (شخص) : جو (کسی چیز پر حقیقتاً اپنا قبضہ یا دخل رکھتا ہو : دخیل : متصرف : مالک ۔

In possession of : قابض: دخیل : متصرف : قبضہ و دخل

رکھنے والا ۔

In the possession of : (فلاں کے) قبضے میں :قبضۂ (فلاں)۔

Man in possession: وہ شخص جس کے قبضے میں یا نگرانی میں قرق شدہ اثاثہ رکھا گیا ہو ۔

Possession is nine points of the law : قانون میں قبضہ سب کچھ ہے ۔

Rejoices in the possession of : (فلاں چیز) اسے عطا ہوئی ہے ۔

Self - possession : ضبط نفس ۔

To take possession of : قبضہ کرنا : اپنے قبضے میں لانا: قابض ہونا : اپنے قبضے و دخل میں لانا : ضبط کرنا : اپنے اختیار یا کنٹرول میں لانا : قابو میں کرنا ۔

Possissional : (a) (۱)قبضے سے متعلق ۔ (۲) صاحب جائداد : صاحب املاک ۔

Possessionary : (a) بر بنائے قبضہ : قبضے پر مشتمل : قبضے پر قائم : قابض : قبضہ دار : قبضے کا : قبضے سے متعلق : قبضہ جاتی : قبضہ داری ۔

Possessioner : (n) [AL. 'possessionarius.'] (۱)(کسی شے یا جائداد پر) قبضہ رکھنے والا : قابض : دخیل : متصرف : قبضہ دار : مالک : مختار ۔ (۲) جائداد: موقوفہ کا متولی یا قبضہ دار : وہ پادری جس کے قبض و دخل میں وقف کی جائداد ہو ۔

Possessive : (a) [L. 'possessivus.'] قبضے کا: قبضے سے متعلق : جس سے قبضہ ظاہر ہوتا ہو : زیر قبضہ ہونے کی صفت کا حامل : مقبوضہ : مقبوضیت کا حامل.

Possessive : (n) حالت اضافی : وہ لفظ جو حالت اضافی میں ہو : مضاف الیہ ۔

Possessive adjective : (n) صفت اضافی : وہ صفت جس سے قبضہ یا اضافت ظاہر ہو ۔

Possessive case : (n) حالت اضافی : وہ حالت جس سے قبضہ یا اضافت ظاہر ہوتی ہو (اس کے لئے 'S, S' کا استعمال کرتے ہیں) : مضاف الیہ ۔

Possessive particle : (n) اضافت.

Possessive pronoun : (n) ضمیر اضافی : ضمیر شخصی یا دیگر ضمیر سے مشتق لفظ جس سے قبضہ یا اضافت ظاہر ہو۔

Possessively : (adv.) اضافی طور پر : مضاف الیہ کے طور پر؛ ازروئے اضافت : اضافی معنوں میں: ازروئے قبضہ : بر بنائے قبضہ۔

Possessiveness : (n) اضافیت : مقبوضیت : قبضہ۔

Possessor : (n) [Late ME. 'possessour.'] (۱) قبضہ رکھنے والا : قابض : دخیل : قبضہ دار: مالک۔ (۲) (قانون) جو (مالک ہو یا نہ ہو مگر) قابض ہو : قبضہ دار۔

Possessorship : (n) قبضہ: قبضہ داری : قابض ہونا۔

Possessory : (a) [L. 'possessorius.'] (۱) قبضہ دار کا : قابضانہ : قبضے سے متعلق : قبضے کا : قبضے سے پیدا یا حاصل شدہ۔ (۲) قابض : دخیل: قبضہ دار۔ (۳) قبضہ دار جیسا : قبضہ دار سے متعلق۔

Possessory action : (n) قبضے کی کارروائی : وہ کارروائی جس میں مدعی کے دعوے کی بنیاد (اس کا یا اس کے وارثوں کا) قبضہ ہو، حق نہیں۔

Possessory lien : (n) (قانون) قبضہ بالحق۔

Possessory right : (n) (قانون) حق مالکانہ : حق قبضہ۔

Posset : (n) [of unkn. origin.] ایک مشروب جسے گرم دودھ میں شراب اور گرم مسالہ وغیرہ ڈال کر بناتے ہیں (پہلے زکام کی دوا کے طور پر کثرت سے استعمال ہوتا تھا: شیر شراب۔

Posset : (v) (۱) شیر شراب بننا۔ (۲) ناز و نعمت میں پال کر بگاڑ دینا : نزاکت و نفاست سے بھر دینا : لاڈ پیار میں خراب کر دینا : عادت بگاڑ دینا۔

Possibilist : (n) [Fr. 'possibitiste.] کسی ایسی سیاسی جماعت (خصوصاً اسپین کی جمہوری پارٹی یا فرانس کی اشتراکی پارٹی) کا ممبر جو صرف فوری قابل عمل اصلاحات پر زور دے : فوری طور پر ممکنہ اصلاحات پر زور دینے والی جماعت : نیز توصیفاً یا بطور صفت۔

Possibility : (n) [L. 'possibilitus .'] (۱) امکان : احتمال۔ (۲) ممکن صورت : ممکن حالت : ممکن بات : کوئی چیز جس کے وقوع یا وجود کا امکان ہو۔

After possibility : (قانون) جب اولاد ہونے کی امید جاتی رہے : جب اولاد ہونے کا امکان بھی ناپید ہوجائے یا جب وارث (پیدا ہونے) کا امکان باقی نہ رہے۔

After possibility of issue is extinct : (قانون) جب اولاد ہونے کی امید جاتی رہے : جب اولاد ہونے کا امکان بھی ناپید ہوجائے یا جب وارث (پیدا ہونے) کا امکان باقی نہ رہے۔

By any possibility : حتی الامکان : ہرممکنہ صورت سے: ہر ممکن ذریعے سے: ممکنہ طور پر: ازروئے امکان۔

By no possibility : کسی طرح بھی نہیں : ناممکن طور پر۔

In possibility : (۱) ممکن : بالقوۃ۔ (۲) کسی حقیقی نہیں بلکہ امکانی بات کے تعلق سے : امکاناً۔

Possible : (a) [L. 'possibilis.'] (۱) ممکن : جس کا ہونا یا کرنا ممکن ہو: امکانی۔ (۲) معقول : سمجھ میں آنے والی : نباہ کے قابل۔ (۳) جس کے لئے ہونے کا احتمال ہو : احتمالی: جو ہوسکتا ہو : جو شاید ہو یا آئندہ ہو۔ (۴) (ریاضیات) ممکنہ (مقدار)۔

As much as possible : جہاں تک ممکن ہوسکتا ہو : جہاں تک بس میں ہو : جہاں تک کوئی کرسکتا ہو : حتی الامکان : تاحد امکان : امکان کی حد تک۔

If possible : اگر ہوسکے : اگر ہوسکا : اگر ہوسکتا ہو : اگر ممکن ہوا : اگر ممکن ہو۔

Possible : (n) (۱) کوئی ممکن بات : ممکنہ چیز (اکثر جمع میں)۔ (۲) اپنے بس کی بات : جو بات اپنے بس یا امکان میں ہو۔ (۳) (روزمرہ) رائفل کی نشانہ بازی میں بہترین نشانہ یا سب سے زیادہ نمبر (Highest possible score) کا مخفف : انتہائی ممکنہ نمبر۔ (۴) ممکنہ یا متوقع امیدوار: متوقع جیتنے والا : وہ شخص جس کے جیتنے کا امکان ہو : متوقع ممبر یا رکن (جس کے رکن ہونے کی توقع یا امکان ہو)۔

To do one's possible : جو کچھ اپنے امکان میں ہو کرنا : اپنی سی کرنا : جو کچھ اپنے بس میں ہو کر ڈالنا۔

Possibly : (adv.) (۱) از روئے امکان : ممکنہ طور پر : امکانی حد تک : کسی بھی طرح : کسی بھی ذریعے سے۔ (۲) شاید : ممکن ہے کہ : جہاں تک ہوسکتا ہو۔

Possum : (n) (روزمرہ) Opossum کی دوسری شکل : موش کیسہ دار : اپوسم۔

To play possum : (امریکی روزمرہ) مکر کرنا؛ بیمار بن جانا ؛ بیماری کا بہانہ کرنا (اپوسم کی نسبت سے جو حملہ آور کو دیکھ کر یا خوف کی حالت میں عادتاً مردہ سی بن جاتی ہے) .

Possum : (v) . To play possum (۱) مکر کرنا : بیمار بن جانا : دیکھو (۲) اپوسم کا شکار کرنا.

Post : (n) [L. 'postis.'] (۱) کھمبا : چوبی ستون : کھم : تھونی؛ تھم . (۲) بلّی : موٹا بانس . (۳) دروازے یا پھاٹک کا بازو یا کھمبا جس میں کواڑ جھولتے ہیں : (گھوڑ دوڑ کا) وہ ستون جہاں سے دوڑ شروع ہوتی ہے یا جہاں پر ختم ہوتی ہے : (بحری) عمودی شہتیر جس پر پتوار ٹنگی ہوتی ہے : دنبالے کا درمیانی کھمبا (جس سے پتوار لگی ہوتی ہے) . (۴) دو جوڑوں کے درمیان پرت دار چٹان کا ستون نما عمودی انبار یا تودہ : ستون نما چٹان . (۵) ریتیلے پتھر یا چونا پتھر کی موٹی اور مضبوط پرت، پپڑی ، تہ . (۶) (کوئلے کی کان میں) کوئلے کا ستون (جو سرنگ کی چھت کو سہارا دینے کے لئے چھوڑ دیا جاتا ہے) . (۷) (مجازاً) (ستون کی طرح کسی چیز کا) مردہ ، بے جان ، بے حس، غافل، گونگا بہرا یا سخت ہونا : مردنی : بے حسی : غفلت : بہرا پن :سختی .

Bed-post : پلنگ کا سایہ .

Between you and me and the post (bed-post, gate-post : جسے کوئی نہ سنے یا جانے : دو آدمیوں کے بیچ کی بات جسے کوئی تیسرا نہ جانتا ہو : راز : خفیہ بات.

Door - post : دروازے کا بازو (جس میں کواڑ جھولتے ہیں) .

Draw - post : تاروں سے گھیرنے یا تاروں کی باڑ لگانے میں استعمال کیا جانے والا وہ کھمبا جس میں تاروں کو لپیٹ کر رکھنے کے لئے چرخی لگی ہوتی ہے: تار کسنے والا کھمبا : چرخی دار یا گھرنی دار کھمبا .

From post to pillar : ایک مقام یا جماعت سے دوسرے مقام یا جماعت کے پاس بہر التجا کے لئے پھرنا: جگہ جگہ سے راندہ جانا : در بدر ہونا .

Gate - post : پھاٹک کا بازو .

Goal - post : (فٹ بال وغیرہ میں) گول کا کھمبا : گول پوسٹ .

Kerb-post : (اینٹوں تختوں وغیرہ سے بنے) فرش یا روش کے کنارے نصب کیا ہوا ستون .

King- post : سیدھا کھمبا جو بلینڈی یا دہنی سے میال تک جاتا ہے : بڑا کھمبا : راج تھم .

Lamp - post : لالٹین یا قندیل کا کھمبا : روشنی کا کھمبا .

On the right or wrong side of the post : رہنما کھمبے کی دائیں یا بائیں جانب : الٹی یا سیدھی جانب .

Sign- post : رہنما کھمبا (جو چوراہوں پر ہوتا ہے اور جس پر ان مقامات کے نام لکھے ہوتے ہیں جو ان سڑکوں پر واقع ہیں) .

Starting - post : وہ مقام جہاں سے دوڑ شروع ہوتی ہے .

To run one's head against a post : کھمبے سے سر پھوڑنا : سر ٹکرانا یا سر مارنا: لاحاصل کوشش کرنا .

Winning post : وہ مقام جہاں پر دوڑ ختم ہوتی ہے.

Post : (n) [It 'posta.'] (۱) (تاریخ) ڈاک کا سوار . (۲) پیامبر : ڈاک کا ہرکارہ : قاصد: ڈاک کی گاڑی : ڈاک گاڑی . (۳) ڈاک : خطوط کی ڈاک خانے سے روانگی: وہ خطوط جو ڈاک خانے سے ایک بار میں بھیجے جائیں یا وصول ہوں . (۴) ٹپا : ڈاک : وہ خطوط جو کوئی شخص ایک بار میں بھیجے یا وصول کرے . (۵) ڈاک کا نظام : سرکاری ڈاک . (۶) ڈاک خانہ : ڈاک کا صندوق: لیٹر بکس : کسی لیٹر بکس سے ایک بار میں نکالے گئے خطوط : کسی مکان میں ایک مرتبہ پہنچائے گئے خطوط . (۷) خط کے کاغذ کی خاص قسم یا خاص سائز (عموماً ۲۰X۱۶) . (۸) مخصوص پیغامات یا خطوط لے جانے والا : قاصد خاص . (۹) اخباروں کے نام کا جزو جیسے Morning post .

Book post : ڈاک خانے کا وہ شعبہ جو کتابیں لے جاتا ہے .

By post : (۱) ڈاک سے : ڈاک خانے کے ذریعے . (۲) (مجازاً) تیزی سے : بہت جلد: پوری رفتار سے: نہایت عجلت سے .

By return of post : (۱) (تاریخ) حامل رقعہ کے ہاتھ : جو قاصد خود جائے اسی کے ہاتھ . (۲) واپسی ڈاک سے : سب سے پہلی ڈاک سے : بہ واپسی جواب .

Parcel post : ڈاک بنانے کا وہ شعبہ جو پارسل لے جاتا ہے .

To lay posts : تیزی سے ڈاک پہنچانے کے لئے کسی راستے پر ڈاک کا سلسلہ قائم کرنا .

To ride in post / To ride post : تیزی سے جانا : بہت تیز

ہوئے کاغذ کے چار تا آٹھ دستوں کا ڈھیر جس میں ہر تختے کے بعد نمدا لگا ہوتا ہے اور اس طرح وہ Pressing کے لئے تیار ہوتا ہے۔ (۴) (فلزیات) کچدھات کی گھائی جو ایک بار میں پھگلائی جانے والی ہو۔

Post : (v) [Fr. 'poster.'] (۱) گھوڑوں کی ڈاک بٹھاکر سفر کرنا: (ابتداءً) ہرکارے کی حیثیت سے سفر کرنا۔ (۲) تیز رفتاری سے سفر کنا: جلد جلد مسافت طے کرنا: بہت جلدی کرنا؛ شتابی یا عجلت سے کام لینا۔ (۳) ڈاک میں ڈالنا: (خط) بذریعہ ڈاک بھیجنا: ڈاک سے بھیجنا: ڈاک خانے کے ذریعے بھیجنا۔ (۴) (بہی کھاتا) کتھیانا: کھاتے میں چڑھانا: روزنامچے میں سے نکال کر کھاتے میں درج کرنا: (کسی مد یا اندراج کو) مناسب کھاتے میں لکھنا۔ (۵) روزنامچوں میں درج تمام مدوں کو کھاتے یا دوسری بہیوں میں منتقل کرنا (اور انہیں کھاتا وار ٹھیک ٹھیک نقل کرکے) کھاتا مکمل کرنا: رقم کھتیاکر بہی کھاتے کو مکمل کرنا: تمام کھاتوں میں مناسب اندراج کرنا (عموماً Post up یعنی آج تک یا مکمل کتھیاؤ)۔ (۶) (مجازاً) (ابتداءً امریکی روزمرہ) کسی شخص کو کسی معاملے کے متعلق پوری پوری معلومات بہم پہنچانا (اکثر Post up عموماً Passive میں)۔

Post : (v) [Al. . 'postare.] (۱) (بول چال) لکڑی گھڑنا: آرے سے چیرنے سے پہلے یا ستون بنانے کی غرض سے (شہتیر کو) چوکور یا مربع نما بنانا۔ (۲) (کشتی کو) کھمبے یا لنگر سے باندھنا۔ (۳) (اشتہار وغیرہ کو) دیوارپر، کھمبے پر یا کسی نمایاں جگہ پر چپکانا یا چسپاں کرنا۔ (۴) پوسٹر یا اشتہار کے ذریعہ مشتہر کرنا۔ (۵) (کالج کے امتحان میں) ناکام طلبا کی فہرست میں شامل کرنا یا درج کرنا (نام)۔ (۶) گم شدہ یا مقرر وقت پر نہ پہنچنے والے جہازوں کے نام شائع کرنا۔ (۷) (اشتہار، دیوار وغیرہ پر) لگانا: چسپاں کرنا: چپکانا۔

Post : (v) (۱) سپاہیوں کی چوکی بٹھانا: کسی مقام پر سپاہیوں کا کوئی دستہ متعین کرنا۔ (۲) (بری و بحری فوج) کپتان کا عہدہ عطا کرنا: کسی کو کپتان کا عہدہ دینا: کسی کو بیس یا زیادہ توپوں والے جہاز کا کپتان مقرر کرنا۔

Post : (adv.) [Originating in the Phr. 'ride in post.'] ڈاک کے گھوڑوں پر: نہایت عجلت سے: بہت تیزی سے: پوری رفتار سے: بہت جلد: شتابی: بہ تعجیل۔

Post : لاطینی حرف ربط (Preposition) کے معنوں میں انگریزی محاورات میں آتا ہے اور "بعد" کے معنی دیتا ہے مثلاً Post bellum, دیکھئے: Post meridiem , Post mortem Post hoc , Postpartum اور Post terminum وغیرہ۔

رفتار میں (ڈاک لے کر) جانا: بہ تعجیل یا جلدی سے جانا: پوری رفتار سے جانا۔

Post : (n) [It. 'posto.'] (۱) (فوج) چوکی: وہ مقام جہاں سپاہی مقرر ہو یا جہاں سپاہی کھڑا کیا جائے: پہرے کا مقام۔ (۲) (مجازاً) وہ مقام جہاں کوئی شخص فرض منصبی ادا کرنے کے لئے متعین کیا جائے۔ (۳) (فوج) مورچہ: وہ جگہ جہاں سپاہیوں کی ایک جماعت مقرر ہو: وہ فوج جو مورچے پر ہو: (خصوصاً) فوجی اہمیت کا مقام جسے کمانڈر نے قبضہ کررکھا ہو۔ (۴) قلعہ: کوٹ: گڑھی: وہ مقام جہاں دفاعی یا دوسرے نقطۂ نگاہ سے مستقل طور پر مسلح سپاہی رہا کرتے تھے: خیمہ گاہ: مسلح دستے کی مستقل فردگاہ۔ (۵) تجارتی چوکی خصوصاً وہ چوکی جو کوئی متمدن ملک کسی غیرمتمدن ملک میں قائم کرے: اسٹاک ایکسچینج یا صرافہ میں وہ جگہ جہاں پر کسی خاص قسم کا لین دین یا کاروبار ہوتا ہے۔ (۶) عہدہ: جگہ: اسامی: منصب: نوکری۔ (۷) (تاریخ، فوج بحری) بیس یا زیادہ توپوں کے جہاز کی کمان یا کمان داری: اس جہاز کے کپتان کا عہدہ: کپتانوں کی فہرست میں سب سے اونچا عہدہ یا خصوصی کپتان کا عہدہ۔ (۸) بگل جس کے ذریعہ فوج کو سونے کا حکم دیا جاتا ہے (First, last post)۔ (۹) کمپنی گاہ: اوٹ: گھات۔ (۱۰) باسکٹ بال میں کسی کھلاڑی کی لی ہوئی وہ پوزیشن جہاں سے بھرپور حملہ کیا جا سکتا ہو۔

Last post : وہ بگل جو فوجی جنازے کے ساتھ بجایا جائے: ماتمی بگل: ماتمی دھن۔

To be made post : (فوج) بیس یا زیادہ توپوں والے جہاز کا کمانڈر یا کپتان مقرر ہونا: بڑا کپتان بننا: خصوصی کپتان بنایا جانا۔

To give post : بیس یا زیادہ توپوں والے جہاز کے لئے بولا جاتا ہے جس کا کمانڈر کپتان کے عہدے کا ہوتا ہے یعنی ایسے جہاز کی کمانداری عطا کرنا ہے: کپتان مقرر کرنا۔

To Take post : بیس یازیادہ توپوں والے جہازکی کمانداری قبول کرنا یا پانا: ایسے جہاز میں کپتان کا عہدہ حاصل کرنا۔

To take post : کوئی عہدہ حاصل کرنا یا کسی عہدے پر فائز ہونا: منصب حاصل کرنا: مقام حاصل کرنا: مورچہ ہتھیانا۔

Post : (n) [G. 'poster.'] (۱) (کاغذ سازی) ہاتھ سے بنے تازہ ڈھلے

Post : (n) [By shortening.] (عامیانہ) Post Mortem ۔ (۱) لاش کا طبی معائنہ ؛ مرنے کے بعد کی جانچ؛ تشریح الجثہ ؛ پوسٹ مارٹم ۔ (۲) کسی کھیل یا مقابلے کے بعد اس پر بحث کرنا ؛ بحث مابعد ؛ بحث بعد از اختتام ۔

Post : (v) (عامیانہ) لاش کا طبی معائنہ کرنا؛ کسی مردہ جسم کی طبی جانچ کرنا ؛ (یہ معلوم کرنے کے لئے کہ موت کس وجہ سے واقع ہوئی) ؛ پوسٹ مارٹم کرنا۔

Post - : (Prefix) [L. 'post ' adv. & Prep.] لاطینی سابقہ بہ معنی "بعد" – "مابعد" – "پیچھے" ۔

Post - abdomen : (n) (حیوانیات) پس شکمہ ؛ پیٹ کا پچھلا حصہ خصوصاً غیر فقری حیوانات میں شکمی جوف کے بعد والا حصہ ۔

Post - abdominal : (a) پس شکمی ؛ پیٹ کے پچھلے حصے سے متعلق ؛ پس معدہ کا ۔

Post -Adamic : (a) بعد از آدمؑ ؛ آدمؑ کے بعد کا ۔

Post- and- lintel : (a) اس طرز تعمیر سے متعلق جو عمودی ستونوں اور افقی سردلوں پر مشتمل یا مبنی ہوتی ہے (یعنی جو محرابوں اور گنبدوں والے تعمیری نظام سے مختلف ہوتی ہے) ؛ ستون سردلی (طرزتعمیر) پایہ سردل والا (تعمیری نظام) ۔

Post and pair : (n) تاش کا ایک کھیل جو سولہویں اور سترھویں صدی عیسوی میں انگلستان میں رائج تھا اور تین پتوں کے ہاتھ سے کھیلا جاتا تھا ۔

Post - Ascension: (a) بعد از رفع مسیح، رفع مسیح کے بعد کا ۔

Post - audit : (n) (معاشیات) پس محاسبہ ؛ کسی معاملے یا لین دین کے حتمی طور پر طے پاجانے کے بعد کیا ہوا محاسبہ یا آڈٹ (بخلاف پیش محاسبہ یا Preaudit)۔

Post - axial : (a) محور جسم کے پیچھے واقع ؛ خصوصاً کسی فقری حیوان کے ہاتھ یا پاؤں کے محور کے پیچھے کا؛ اس کے پچھلے حصے سے متعلق یا اس حصے میں واقع۔

Post - bag : (n) ڈاک تھیلا ۔

Post baptismal : (a) بپتسما کے بعد کا؛ پس بپتسمائی ؛ بعد از بپتسمہ

Post bellum : (a) بعد از جنگ ؛ جنگ کے بعد کا ؛ (خصوصاً) امریکی خانہ جنگی کے بعد کا ۔

Post binder : (n) بکھرے ہوئے اوراق کو یک جارکھنے والی جلدجس میں دھات کی بنی دو کیلیاں ہوتی ہیں جنہیں کاغذ میں بنے سوراخوں میں پھنسا دیا جاتا ہے ۔

Post - boat : (n) (۱) ڈاک کی کشتی ؛ ڈاک کا جہاز (جہاز جو ڈاک لے جائے) ۔ (۲) مسافروں کا جہاز یا کشتی جو دو مخصوص مقامات کے درمیان چلتی ہو ۔

Post - box : (n) پوسٹ بکس :لیٹربکس ؛ خطوط(ڈالنے) کا صندوقچہ ۔

Post - boy : (n) (۱) ڈاک کا ہرکارہ ؛ ڈاکیہ ؛ ڈاک لے جانے والا۔ (۲) دیکھو Postilion ۔

Post captain : (n) بیس یا زیادہ توپوں والے جہاز کا کمانڈر جو کپتان کہلاتا ہے (یہ معمولی کپتان سے ممتاز ہوتا ہے) ؛ خصوصی کپتان ؛ بڑا کپتان ۔

Post - cart : (n) مقامی ڈاک گاڑی ؛ مقامی ڈاک ڈھونے والی گاڑی ۔

Post - cartesian : (a) پس کارتیسی ؛ مشہور فرانسیسی کلیم ڈی کارٹ (۱۵۹۶-۱۶۵۰)۔

Post - chaise : (n) ڈاک کی گاڑی ؛ کرائے کی گاڑی جو دو منزلوں کے درمیان آتی جاتی ہو ؛ مسافر گاڑی جسے ایک منزل سے دوسری منزل تک کے لئے کرائے پر لیا گیا ہو یا جو اسی طرح منزل بہ منزل کرائے پر لئے ہوئے گھوڑوں سے چلتی ہو ؛ نیز توصیفاً ۔

Post -charist : (n) ڈاک گاڑی ؛ (خصوصاً) چار پہیوں کی ہلکی تیز رفتار گاڑی جس کے آگے میں کوچبان کی نشست گاہ بھی ہوتی ہے ؛ (Post- chaise) میں یہ نشست گاہ نہیں ہوتی ۔

Post- classical : (a) بعد کلاسیکی (وہ زبان ، ادب یا آرٹ جو کلاسیکی زمانے خصوصاً یونان و روما کے کلاسیکی زمانے کے بعد کا ہو) ۔

Post coach : (n) ڈاک گاڑی ۔

Post -code / Postcode : (n) حروف و اعداد کا وہ مجموعہ جو پوسٹل ایڈریس کے بعد خطوط پر لکھ دیا جاتا ہے تاکہ انہیں چھانٹنے میں سہولت ہو: پوسٹ کوڈ : پن کوڈ : ڈاک اشاریہ ۔

Post -common : (n) وہ رسوم جوعشائے ربانی کے بعد ادا کی جاتی ہیں۔

Post -communion : (n) [med. L. 'postcommunio.'] دیکھو Post common

Post - communion : (a) (۱) عشائے ربانی کے بعد ہونے والا : عشائے ربانی کے بعد آنے والا یا استعمال کیا جانے والا ۔ (۲) ملاقات یا رفاقت کے بعد کی (بات چیت وغیرہ)۔

Post - costal : (a) پسلی کے پیچھے کا : پس جنبی : عقب جنبی ۔

Post Darwinian : (a) ڈارون کے بعد کا ۔

Post - date : (n) جس دن کوئی تحریر لکھی جائے اس سے آگے کی تاریخ : تاریخ ما بعد : بعد کی تاریخ : حقیقی تاریخ سے آگے یا بعد کی تاریخ جو کسی دستاویز پر دی جائے یا کسی واقعہ سے منسلک کردی جائے ۔

Post- date : (v) (کسی تحریر، کتاب، دستاویز، واقعہ پر) حقیقی یا اصلی تاریخ کے بعد کی تاریخ ڈالنا : آگے کی تاریخ ڈالنا۔

Post -diluvial : (a) (۱) (ارضیات) طوفانی عہد کے بعد کا : طوفانی زمانے کے بعد کا : پس طوفانی : بعد طوفانی ۔ (۲) طوفان نوح کے بعد کا: طوفان نوح کے بعد واقع ہونے والا یا موجود رہنے والا ۔

Post- diluvian : (a) جو طوفان نوح کے بعد واقع ہوا یا موجود رہا : طوفان نوح کے بعد کا : (حیوانیات) بعد طوفانی ۔

post - diluvian : (n) طوفان نوح کے بعد تک زندہ رہنے والا شخص: وہ شخص جس کا زمانہ طوفان نوح کے بعد ہو۔

Praseodymium : (n) [G. 'praseodym.'] (کیمیا) پریزیوڈیمیم Lanthanide سلسلے کا ایک عنصر جو دیکھنے میں لوہے جیسا ہوتا ہے (جوہری نمبر ۵۹ علامت Pr)۔

Praseolite : (n) [Sw. 'praseolith.'(Lolite)] (معدنیات) آیولائٹ (Iolite) کی ایک شکل۔

Prasine : (n) [med. L. prasina. '] ایک سبز رنگ کی معدنی چیز: Pseudo- malachita. کا مترادف۔

Prasine : (a) [L. 'prasinus'] Leek جیسا : لیک کی طرح سبز رنگ کا (شاذ)۔

Prasinus : (n) [L.] (نباتیات) کاہی سبز : سبز کاہی۔

Praso - : (comb.) یونانی لفظ Prason سے مشتق: سابقہ بمعنی کاہی سبز : لیک (Leek) -

Prasophagous : (n) کاہی سبز خور : لیک خور: لیک کھانے والا۔

Prat : (n) کمینہ : گرا ہوا : گھٹیا۔

Prate : (n) [f.next.] بکواس : یاوہ گوئی : ہرزہ سرائی : فضول گوئی: بک بک : چخ چخ : جھک جھک : بسیار گوئی۔

Prate : (v) [(M) LG., (M) Du, 'praten.'] (۱)بکواس کرنا :بک بک کرنا : چخ چخ کرنا : حد سے زیادہ بولنا : فضول گوئی کرنا۔ (۲) بکواس کے انداز میں کہنا یا بولنا : بے تکے پن سے بیان کرنا : ایک ہی بات کو بلا ضرورت بار بار بولنا۔

Prater : (n) بکی : بکو : بکواسی : یاوہ گو : ہرزہ سرا : بسیار گو : باتونی۔

Pratfall/Prattfal : (n) (۱) چوتڑ پر لات۔ (۲) ہتک آمیز بات: ذلت آمیز واقعہ : اہانت آمیز غلطی : ذلیل و رسوا کرنے والی بات۔

Pratie : (n) [by alter.] (اینگلو آئرش بول چال) آلو: پوٹاٹو۔

Pratimoksha/ Pratimokkha : (n) [Pali & skr. f. skr 'pratimoksa.'] خانقاہی یا راہبانہ ضبط نفس کے بودہ قاعدے : بودھوں کے ضبط نفس کے اصول۔

Pratincole : (n) {mod . L. 'pratincola.'} (طیوریات) ابابیل جیسی صورت و سیرت والا پرندہ : (حیوانیات) زقزاقِ ابابیل .

Prating : (n) (۱) بیہودہ بکواس: احمقانہ گفتگو یا فضول گوئی : بیوقوفانہ بك جھك . (۲) متواتر چخ چخ کسی پرند کی فطری آواز جو مسلسل چخ چخ معلوم ہو .

Prating : (a) ہرزہ سرائی : یاوہ گو: فضول گو: بکواسی.

Pratingly : (adv.) چخ چخ کرتے ہوئے: بك بك جھك جھك کے انداز میں .

Pratique : (n) {Fr. 'pratique.'} وہ اجازت نامہ جو اس جہاز کو دیا جاتا ہے جو قرنطینہ میں رہ چکتا ہے یا جو صحت نامہ دکھا چکتا ہے جس کی رو سے اہل جہاز کو بندر گاہ سے معاملہ کرنے کی اجازت ہوتی ہے.

Pratique boat : (n) قرنطینہ کے افسر کی کشتی .

Pratique house : (n) قرنطینہ کے افسر کا مکان .

Prattle : (n) {f. next.} طفلانہ گفتگو : بچوں کی سی باتیں : بسیار گوئی : بچوں کی سی بکواس : چھوٹی موٹی باتیں .

Prattle : (v) {MLG. 'pratelen, 'f. 'praten.' Prate (v)} (۱) بچوں کی سی گفتگو کرنا : سادگی اور بھولے پن سے باتیں کرنا. (۲) بچوں کی طرح یا سادگی اور بھولے پن سے کچھ کہنا : باتونی ہونا: بچکانہ انداز میں باتیں کرنا . (۳) چھوٹی موٹی باتوں کے لئے بك بك کرنا: بسیار گو ہونا . (۴) بچوں کا بولنا (پہلے Prate کے معنوں میں مستعمل تھا) .

Prattlement : (n) بچکانہ بك بك : طفلانہ گفتگو : بچوں کی سی باتیں : بسیار گوئی : باتونی پن (شاذ) .

Prattler : (n) (۱)بچوں کی سی باتیں کرنے والا: سادگی اور بھولے پن سے گفتگو کرنے والا : فضول گو: بسیارگو: باتونی : (خصوصاً) باتونی بچہ یا ہر وقت بولنے والا بچہ . (۲) بچہ (اس کی گفتگو کے لحاظ سے) طوطا (استعارتاً) .

Prattling : (a) بچوں کی سی باتیں کرنے والا : باتونی : بسیارگو.

Pravity : (n) {L. 'pravitas. 'pravus.'} (۱) (شاذ) انسان کی خلقی بدی : سفلہ پن : برائی : شیطنت : شیطانی صفات. (۲) (اشیائے خوردنی کا) خراب یا بگڑا ہوا ہونا: تعفن : سڑاند : بساند: مادی یا جسمانی خرابی .

Prawn : (n) {'prayne , prane, 'of unkn. origin.} جھینگا مچھلی : ایك لمبی دم والا دہ پایہ چھوٹا آبی قشریہ جو شرمپ (Shrimp) سے بڑا ہوتا ہے ، یہ سواحل برطانیہ پر عام طور سے پایا جاتا ہے اور کھایا جاتا ہے : (حیوانیات) جراوۃ البحر : میگوماہی.

Preaxeological : (a) انسانی اعمال و اطوار کے مطالعے سے متعلق .

Praxeology / Praxiology : (n) انسانی اعمال و اطوار کا مطالعہ .

Praxinoscope : (n) {Fr. ' praxinoscope.'} (بصریات) حرکت بیں: عمل بیں : Zoetrope سے مشابہ ایك سائنسی کھلونا جس میں مسلسل یا سلسلہ وار تصویروں کا انعکاس حقیقتاً متحرك چیز کی صورت پیدا کرتا ہے (اور دیکھنے والا یہ محسوس کرتا ہے کہ وہ چیز ہی متحرك ہے) .

Praxis : (n) {med. L. 'praxis.'} (۱) مسلمہ دستور : رواج : رسم و رواج . (۲) (صرف و نحو) متقی سوالات: تمرین : مثال کے طور پر حل شدہ سوال .

Praxitelean : (n) {Pramiteles, ' Greek Sculptor.} چوتھی صدی قبل مسیح کے یونانی سنگ تراش یا نقاش Praxiteles کا : اس سے متعلق یا اس کی خاصیت کا : Praxiteles کی نقاشی یا بت تراشی کا : اس سے متعلق یا اس کی خاصیت کا .

Praxiteles : (n) {Gr.} (۱) (علم النجوم) قلم نقاش . (۲) چوتھی صدی قبل مسیح کا یونانی بت تراش .

Pray : (v) {OFr. 'preier.'} (۱) (خدا سے) دعا مانگنا: (معبودسے) التجا کرنا . (۲) التماس کرنا : منتیں کرنا : التجاکرنا (خدا سے یا کسی شخص سے کسی چیز یا کسی کام کے لئے) . (۳) عبادت کرنا: نماز پڑھنا : پوجا پاٹ کرنا: (خدا کی) بندگی میں مشغول ہونا . (۴) منت و سماجت سے (کوئی چیز) مانگنا: چاہنا : درخواست کرنا .

Praya : (n) (۱) ساحل : کنارہ (دریا یا سمندر کا) . (۲) دامنِ کوہ یا وادی .

Prayer : (n) {ME OFr. 'preiere.'} (۱) دعا : التجا : استدعا . (۲) مناجات : دعا . (۳) نماز : عبادت : وظیفہ : ورد : پوجا پاٹ . (۴) عبادت گزاری : نماز گزاری. (۵) التماس : درخواست : عرض . (۶)وہ چیز جس کی دعا یا التجا کی جائے : چیز جو مانگی جائے. (۷) ایك خاص دعا (The Lord's prayer) کا نام : دعائے عیسوی . (۸) کسی عرفی یا عرض داشت کا وہ حصہ جس میں التماس ہو .

Book of Common Prayer : کلیسائے انگلستان کی دعاؤں کی کتاب۔

Call to prayer : (دینیات) اذان۔

The Lord's Prayer : ایک خاص دعا کا نام : دعائے عیسوی جو خود حضرت عیسیٰؑ نے اپنے شاگردوں کو بتائی تھی۔ (متی ٦ : ٩-١٢)۔

Prayer /Pray-er : (n) ملتمس : ملتجی : عرض گزار : التجا کرنے والا : دعا کرنے والا : درخواست یا التماس کرنے والا : مانگنے والا : عابد : زاہد : عبادت گزار : پجاری: دعا خواں۔

Prayer-bead : (n) تسبیح : دانہ ہائے تسبیح۔

Prayer bones : (n) گھٹنے۔

Prayer-book : (n) مختلف مناجاتوں یا دعاؤں کی کتاب خصوصاً کلیسائے انگلستان کی Book of Common Prayer : کتاب دعا : کتاب نماز۔

Prayer-carpet : (n) جا نماز۔

Prayer -mat : (n) نماز کی چٹائی : صف : جا نماز۔

Prayer -meeting : (n) جماعت : جماعت عبادت : جماعت نماز : جلسہ جس میں لوگ جمع ہوکر دعائے خیر میں شریک ہوتے ہیں : مجلس دعا : مجلس نماز۔

Prayer-rug : (n) جا نماز : سجادہ۔

Prayer-tower . (n) (مسجد کی) اذان گاہ : معمار اذان : مینار مسجد جس پر بنے چھجے سے اذان دی جاتی ہے۔

Prayer-wheel : (n) ایک پہیا جو ایک استوانے کے سہارے گھومتا رہتا ہے اس میں دعائیں لکھی رہتی ہیں جو پہیے کے گھومنے سے یکے بعد دیگرے سامنے آتی ہیں : تبت میں بدھ متی اس پہیے کا گھمانا ادائے عبادت و دعا سمجھتے ہیں: چرخ عبادت یا دعا : دولاب عبادت یا دعا۔

Prayerful : (a) (١) عبادت گزار : زاہد : متقی۔ (٢) عبادت گزارانہ : زاہدانہ۔

Prayerfulness : (n) دینداری : عبادت گزاری : زہد و اتقا۔

Prayerless : (a) (١) بے نماز : غیر عبادت گزار۔ (٢) (اوقات، مقامات یا حالات) جن میں نماز یا عبادت نہ کی جاتی ہو : اوقات، مقامات یا حالات مکروہ یا ممنوعہ۔

Prayerlessly : (adv.) بے نماز ہوکر : غیر عبادت گزارانہ : عبادت کئے بغیر۔

Prayerlessness : (n) بے نمازی : غیر عبادت گزاری۔

Praying : (n) عبادت : نماز : دعا: التماس : التجا: عرضی: عرض داشت : درخواست : پوجا پاٹ۔

Praying : (a) عبادت کرنے والا : عبادت گزار : عابد : زاہد: نمازی: پجاری : دعا خواں : ملتمس : ملتجی : عرض گزار: درخواست کنندہ۔

Praying-carpet /-mat /-rug : (n) دیکھو Prayer-mat

Prayin-cylinder/ -dram/ -jenny/ -machine/ -wheel : (n) دیکھو Prayer wheel

Praying - insect / -locust / -mantis : (n) جھینگر کی قسم کا ایک کیڑا : اس کیڑے کی ایک قسم جو اگلے پیر اس طرح رکھتا ہے جیسے نماز کے لئے ہاتھ باندھے ہو: نمازی کیڑا۔

Praying scarf / -shawl : (n) ایک قسم کا رومال یا شال جو یہودی عموماً نماز میں اوڑھے رہتے ہیں : تالیث۔

Prayingly : (adv.) عبادت گزارانہ : نمازیانہ : نمازی یا عبادت گزار کے سے انداز میں۔

Prays letters : (n) (طب) مختلف سمتی حروف : دعائیہ کلمات۔

Pre - : (prefix) [L. 'prae.'] (سابقہ بمعنی) (بلحاظ وقت) پہلے: آگے : قبل : پیش : (بہ لحاظ مقام) آگے : سامنے : (بہ لحاظ سلسلہ) آگے : پیشتر: مقدم : (بہ لحاظ اہمیت) مقدم : (افعال و اسمائے افعال کے ساتھ ان معنوں میں آتا ہے) "پہلے سے کرنا یا جو پہلے سے کرلیا گیا ہو"۔

Pre- abdomen : (n) (Latreille کے مطابق) قشریوں کے معدے کے اول پانچ حصوں یا قاشوں کا نام: بچھو کے پیٹ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ : پیش معدہ۔

Pre-acquaint : (v) پہلے سے اطلاع دینا : قبل از وقت خبر دینا :پہلے سے بتا دینا۔

Pre- adamite/ -Preadamite : (n) [mod. L. 'praeadamita.'] آدمؑ سے قبل کرۂ ارض کا باشی انسان : (بشریات) قبل آدمؑ انسان : وہ شخص جو آدمؑ سے پہلے موجود تھا: وہ نسل یا قوم جو عہد آدمؑ سے پہلے (زمین پر) آباد

تھی : اس نسل کا فرد جس کی نسبت کہا جاتا ہے کہ آدم سے قبل گزری ہے ۔ (۲) (بشریات) معتقد قبل آدم انسان : قبل از آدم کرۂ ارض پر وجود انسانی کا معتقد: (خصوصاً) Isaac Lapeyrire اس عقیدے کو ماننے والا کہ صرف یہودی حضرت آدمؑ کی اولاد ہیں اور غیر یہودی اس شخص کی نسل سے ہیں جو آدمؑ سے پہلے موجود تھا ۔

Pre-adamite : (a) (۱) جو آدمؑ سے پہلے موجود تھا : قبل آدم : قبل از آدم : ما قبل آدم : آدمی سے پہلے کا: نوع انسانی سے قبل کا. (۲) زمانہ ما قبل آدمؑ کا: عہد آدمؑ سے پہلے کا : آدمؑ سے پہلے کی نسل کا : عہد آدمؑ سے قبل موجود شخص یا نسل کا ۔

Pre-adamitic/ -al : (a) ما قبل آدم : آدم سے قبل جو کچھ موجود تھا: قبل آدم: قبل از آدم: آدمی سے پہلے کا : نوع انسانی سے قبل کا: عہد آدم سے قبل کا : جو آدم سے پہلے گزرا ہو ۔

Pre-adamitism : (n) (کرۂ ارض پر) قبل از آدم وجود انسان کا عقیدہ۔

Pre-adaptation : (n) (حیوانیات) پیش توافق ۔

Pre- admission : (n) قبل از وقت داخلہ : پیش داخلہ : داخلۂ ماقبل: (خصوصاً) کسی بھاپ انجن کے استوانے میں (قبل از وقت) بھاپ کی ایک مخصوص مقدار کا داخل ہوجانا ۔

Pre- admonish : (v) پہلے سے آگاہ کرنا: متنبہ کرنا ۔

Pre- admonition : (n) پہلے سے آگاہ کرنا : تنبیہ ۔

Pre- adolescence : (n) مراہقت : پیش بلوغ : (انسان کے) بلوغ سے پہلے کا زمانہ (یعنی ۹ تا ۱۲ سالگی) ۔

Pre- advertisement /-advertising : (a) قبل اشتہاری : اشتار سے پہلے کا : اس زمانے کا یا ان دنوں کا جب اشتہار کا رواج نہ تھا : اشتہار بازی سے پہلے کا ۔

Pre-advise : (v) پہلے سے نصیحت کرنا یا اطلاع دینا ۔

Pre-albuminuric : (a) (طب) بول زلالی سے پہلے کا : البومینوریا سے پہلے کا : پیشاب میں البومن آنے سے پہلے کا ۔

Pre-Alfredian : (a) پیش الفریڈی : الفریڈ سے پہلے کا : قبل از الفریڈ۔

Pre-anaesthetic : (a) پیش مخدراتی : مخدرات کے استعمال سے پہلے کا۔

Pre-announce : (v) پہلے سے اعلان کرنا یا اطلاع دینا ۔

Pre-announcement : (n) پیش اعلان : پیش اطلاع : پیش خبری ۔

Pre- antiquity : (n) قدامت سے پہلے کا وقت ، زمانہ یا انسان : زمانۂ قدیم سے پہلے کا یا قدما سے پہلے کا دور۔

Pre-aortic : (a) (تشریح، حیوانیات) قلب کے بائیں جوف سے نکلنے والی بڑی شریان کے سامنے کا (حصہ یا عضو) : پیش اورطی : پیش نیطی ۔

Pre-appoint : (v) پہلے سے (وقت وغیرہ کا) تعین یا قرار کرنا ۔

Pre-appointment : (n) پہلے سے کیا ہوا تعین یا قرار ۔

Pre-apprehension : (n) (۱) پیش خیالی : پیش خیال: خدشہ ۔ (۲) خطر : پیش اندیشگی (کہ نہ جانے کیا ہوا)۔

Pre-arrange : (v) پہلے سے ترتیب، تنظیم یا تجویز کرنا : پہلے سے طے کرلینا ۔

Pre-arrangement : (n) قبل از وقت ترتیب : پہلے سے کیا ہوا انتظام: قبل از وقت ترتیب و تنظیم ۔

Pre-artistic : (a) پیش فنی : آرٹ یا فن کے ظہور سے پہلے کا۔

Pre- Aryan : (a) پیش آریائی : قبل آریائی : آریائی (تہذیب، نسل وغیرہ) سے پہلے کا : آریوں سے پہلے کا ۔

Pre-assurance : (n) (۱) پیشگی ضمانت : پہلے سے حاصل شدہ ضمانت : پہلے سے دی ہوئی ضمانت ۔ (۲) پیش یقینی : آنے والی بات کا پہلے سے یقین ہونا: متیقن پیش اندیشگی ۔

Pre-assure : (v) پیشگی ضمانت دینا یا لینا : پہلے سے یقینی بنانا۔

Pre-audience : (n) (وکیل وغیرہ کا) حق سماعت ما قبل : (فریق سے) پہلے سنے جانے کا حق ۔

Pre- audit : (n) (معاشیات) پیش محاسبہ۔

Pre-axial : (a) (تشریح) جسم یا کسی عضو کے محور کے سامنے یا اس سے پہلے واقع ہوکر۔

Pre-boding : (n) پیش گوئی: پیش اندیشگی ۔

Pre-bronchial : (a) (حیوانیات، تشریح) نرخرے کے سامنے یا اس سے پہلے کا (حصہ یا عضو خصوصاً پرندوں میں ہوا

کی تھیلی جو دونوں جانب ہوتی ہے)؛ پیش شعبی شعبی یا قصبی نالی سے پہلے یا اس کے سامنے کا۔

Pre-calcuable : (a) پہلے سے حساب کئے جانے کے لائق؛ لائق پیش تخمینہ ؛ قابل پیش اندازہ ؛ پیش تخمینی۔

Pre-calculate : (v) پہلے سے حساب کرلینا؛ پہلے ہی حساب لگا لینا ؛ پہلے سے تخمینہ یا اندازہ کرنا؛ پہلے شمار کرلینا یا اندازہ لگالینا؛ پیش تخمینہ کرنا۔

Pre-calculation : (n) پیش تخمینہ ؛ پیش اندازہ ؛ پہلے سے حساب کر لینے کا عمل۔

Pre-cambrian : (a) پیش کیمبری ؛ کیمبرین سے قبل کا؛ کیمبرین سے پہلے کی تمام ارضیاتی تاریخ کا یا اس سے متعلق؛ باشندۂ ویلس سے پہلے کا۔

Pre-cambrian : (n) پیش کیمبری زمانہ ؛ پیش کیمبری چٹانیں یا چٹانوں کا نظام۔

Pre-cancel : (v) (ڈاک ٹکٹوں کو) استعمال سے پہلے رد کردینا۔

Pre-cancel/Pre-cancellation : (n) (ڈاک ٹکٹوں کو) استعمال سے پہلے رد کردینے کا عمل۔

Pre- cast : (a) (کنکریٹ) جو تعمیر میں استعمال ہونے سے پہلے سانچوں میں ڈھالی جائے۔

Pre-central : (a) پیش مرکزی۔

Pre-ceramic : (a) مٹی کی برتن سازی کے معلوم ہونے سے پہلے کے عہد یا تہذیب کا یا اس سے متعلق ؛ عہد برتن سازی سے قبل کا۔

Pre-cerebellar : (a) پیش دمیغی یا پیش مغز کی (شریان)؛ دمیغ سے پہلے کی (شریان)۔

Pre-chamberlain : (a) قبل حاجبی ؛ حاجب یا چیمبرلین سے پہلے کا؛ پیش چیمبرلینی۔

Pre-Christian : (a) (۱) قبل مسیحی ؛ عہد عیسوی سے پہلے کا؛ حضرت عیسیٰؑ کی ولادت سے پہلے کے عہد کا یا اس سے متعلق ؛ قبل عیسوی ؛ قبل مسیح۔ (۲) عیسائیت سے پہلے کا ؛ قبل عیسائیت۔

Pre-civilization : (a) قبل از تہذیب ؛ تہذیب انسانی سے پہلے کا؛ دور وحشت کا۔

Pre-classical : (a) پیش کلاسکی ؛ قبل کلاسیکی ؛ کلاسیکی دور سے پہلے کا ؛ کلاسیکی سے پہلے کا ؛ رومی و یونانی عہد ادبیات کے قبل کا ؛ عہد ادبیات عالیہ سے قبل کا۔

Pre-Columbian : (a) کولمبس کے ذریعہ امریکا کی دریافت سے قبل کا یا اس دریافت سے قبل کے زمانے کا۔

Pre-condemn : (v) پہلے سے قصور وار ٹھہرانا ؛ عیب لگانا ؛ سزا دینا ؛ رد کرنا۔

Pre-condition : (n) شرط ما قبل۔

pre-conqueror : (a) ولیم فاتح سے قبل کا۔

Pre-conquest : (a) قبل از فتح ؛ فتح سے پہلے کا ؛ فتح نارمنی سے پہلے کا ؛ فتح نارمن کا؛ فتح نارمن کے عہد سے پہلے کا؛ فتح نارمن کے عہد سے قبل موجود۔

Pre-conscious : (a) (نفسیات) قبل شعوری؛ شعور سے پہلے کا ؛کسی خاص نوع کے شعوری عمل سے پہلے کا؛ ما قبل شعور ؛ ما قبل ادراک۔

Pre-consider : (v) پہلے سے غور کرنا ، جانچنا ، تخمینہ کرنا،سوچنا۔

Pre-considration : (n) قبل از وقت غور ، فکر یا تامل ؛ ابتدائی غور و تامل۔

Pre-contract : (n) عہد ماقبل ؛ معاہدۂ ما قبل ؛ پہلے سے موجود معاہدہ ؛ وہ معاہدہ یا سمجھوتا جو قبل ہی کیا جا چکا ہو ؛(سماجیات) معاہدۂ سابق؛ منگنی ؛ معاہدۂ شادی قبل از نکاح ؛ معاہدۂ ازدواج ما قبل۔

Pre-contract : (v) (۱) منگی کرنا ؛ نکاح یا شادی کا عہد کرنا؛ پہلے سے شادی کا عہد کرلینا ؛ معاہدۂ از دواج ما قبل کرنا۔ (۲) معاہدہ ما قبل کرنا ؛ پیشگی معاہدہ کرنا۔ (۳) پہلے سے (عادات و خصائل) اختیار کرنا۔

Pre-coracoid : (a) (حیوانیات) پیش غرابیہ ؛ غرابی ہڈی سے پہلے کا۔

Pre-coracoid : (n) (حیوانیات) پیش غرابیہ ہڈی ؛ غرابی ہڈی سے پہلے والی ہڈی یا باکّری۔

Pre-cordial /Praecordial : (a) (تشریح) پیش قلبی ؛ قلب کے سامنے یا اس کے گرد واقع ؛ شراسبقی ؛ دل کے سامنے کا؛ اطراف قلب کا۔

Pre-costal : (a) پسلیوں کے سامنے کا ؛ پیش جنسی۔

Pre-critical : (a) (۱) قبل تنقیدی : تنقید سے پہلے کا : پیش تنقیدی: قبل از تنقید : امانوئل کانٹ کی Critique of Pare Reason کی اشاعت سے قبل کا۔ (۲) تنقیدی صلاحیت پیدا ہونے سے قبل کا۔

Pre-cuneus/ Praecuneus : (n) [L. 'prae+cuneus.'] (تشریح) دماغ کی وہ چوکور گوشک (چھوٹی لَو) جوفانہ نما عضو (Cuneate) کے فوراً پہلے یا سامنے واقع ہو۔

Pre-cursive : (a) ابتدائی : تمہیدی : پہلے کا : پیش رو کا کام دینے والا۔

Pre-cursor : (n) [L. 'praecursor.'] (۱) مقدم : سابق : پیش رو: نقیب (خصوصاً یوحنا اصطباغی)۔ (۲) سابق عہدہ دار : پیش رو عہدہ دار۔

Pre-cursorship : (n) (۱) پیش روئی : پیش رو کا عہدہ یا اس کے کام: نقابت۔ (۲) سبقت : تقدم : وقوع ما قبل : قبل واقع ہونا۔

Pre-cursory : (a) [L. 'praecursorius.'] ابتدائی : تمہیدی: پہلے کا : پیش رو کا کام دینے والا : افتتاحی۔

Pre-cursory : (n) ابتدائی حالت یا علامت : بنیاد: حقیقت: مقدمہ : شے ما قبل : واقعہ ما قبل : (اشخاص کے) گذشتہ حالات۔

Pre-Darwinian : (a) پیش ڈارونی : ڈارون سے پہلے کا : ڈارون کے عہد سے پہلے کا یا اس سے متعلق: ڈارون کے نظریے کی اشاعت یا اعلان سے قبل رائج عقیدوں کا یا ان سے متعلق۔

Pre-Darwinian : (n) ڈارون کے نظریے کی اشاعت سے قبل رائج عقیدوں کو ماننے والا : ڈارون سے پہلے کے عقائد کا ماننے والا : پیش ڈارون نظریات و عقائد کا حامی۔

Pre-Darwinianism : (n) ڈارونی نظریے کی اشاعت سے قبل کے عقائد۔

Pre-date : (n) تاریخ ماقبل : کسی اخبار کی وہ اشاعت جس پر روز اشاعت کے بعد کی تاریخ ہوتی ہے : قبل از وقت اشاعت۔

Pre-date : (v) (۱) تاریخ ما قبل ڈالنا : اصل تاریخ سے پہلے کی تاریخ ڈالنا۔ (۲) تاریخ سے پہلے ہونا : پہلے واقع ہونا۔

Pre-define : (v) پہلے سے تعین، تحدید، تعریف، وضاحت کرنا، پہلے سے طے کرنا: پہلے سے مقرر کرنا: پہلے سے فیصلہ کرلینا۔

Pre-definite : (a) پیشگی مقرر کیا ہوا : پہلے سے متعین : پہلے سے طے کیا ہوا: پہلے سے تعریف یا تحدید کیا ہوا : پیشگی طے شدہ یا فیصل شدہ۔

Pre-definition : (n) پہلے سے کیا ہوا ارادہ، فیصلہ، تعین وغیرہ : پہلے سے کی ہوئی تحدید، تعریف وغیرہ : پیش تعین : پیش تحدید : پیش انفصال۔

Pre-design : (v) پہلے سے نقشہ یا منصوبہ تیار کرنا: پہلے سے خاکہ یا ڈیزائن تیار کرنا۔

Pre-designate : (a) (۱) پہلے سے نامزد یا مخصوص کیا ہوا : پہلے سے متعین کیا ہوا : جس کی پہلے سے صراحت کی ہوئی ہو : پہلے سے ملقب یا موسوم : پہلے سے مقرر۔ (۲) (منطق) (اصطلاح یا قضیہ) جو پہلے سے تعین تعداد کی علامت کا حامل ہو: جس سے پہلے ہی تعین تعداد کی علامت ظاہر ہو (مثلاً None, all وغیرہ)۔

Pre designation : (n) (۱) سابقہ تخصیص، تعین، تقرری، صراحت یا نام زدگی۔ (۲) (منطق) کسی اصطلاح یا قضیے سے پہلے آئی ہوئی علامت تعداد : سابقہ علامت تعداد: وہ علامت تعداد جو کسی قضیئے یا اصطلاح سے قبل آئی ہو۔

Pre-destinate : (a) [eccl. L. 'praedestinatus.'] مقدر: تقدیر میں لکھا ہوا : پہلے سے مقرر کیا ہوا : ازل سے تعین شدہ۔

Pre-destinate : (n) وہ شخص جس کا مقدر حیات جاودانی ہو: زندہ جاوید شخص۔

Pre-destinate : (v) [f. eccl. L. 'praedestinare.'] (۱) مقدر کرنا : تقدیر میں لکھنا۔ (۲) پہلے سے تہیہ کرلینا : پہلے سے مقرر کرلینا۔ (۳) خدا کا کسی شخص کی تقدیر میں پہلے سے نجات یا کوئی اور انجام لکھ دینا۔ (۴) (انسان کا) پہلے سے کسی چیز کا مقدر کرلینا۔

Pre-destination : (n) [eccl. L. 'praedestinatio.'] (۱) قضا وقدر۔ (۲) تقدیر : قسمت : سرنوشت : نصیب۔

Pre-destine : (v) [eccl. L. 'praedestinare.'] (۱) پہلے سے مقرر کرنا : مقدر کرنا : تقدیر میں لکھنا۔ (۲) خدا کا کسی شخص کی تقدیر میں پہلے سے نجات یا کوئی اور انجام لکھ دینا۔

Pre-destiny : (n) مقدر: تقدیر : پہلے سے مقررشدہ بات : نصیب: قسمت : سرنوشت: قضا و قدر : مقدر ازلی : جو بات روز اول سے مقدر ہوچکی ہو۔

Pre-determinate : (a) [f. Predetermine] مقدر : پہلے سے مقرر شدہ :

پہلے سے طے شدہ ؛ مقدر کیا ہوا ؛ قسمت میں لکھا ہوا ۔

Pre-determination : (n) [f.L. 'praedeterminarc'.] (۱) ارادہ ، فیصلہ، تعین یا تحدید جو پہلے سے کرلی جائے: فیصلۂ قبلی ۔ (۲) تقدیر ؛ قسمت ؛ مقدر ؛ سرنوشت؛ نصیبا: قضا و قدر ۔

Pre-determine : (v) [Late & med. L. 'praedetermina'.] (۱) پہلے سے مقرر کرنا ، طے کرنا ، فیصلہ کرلینا ۔ (۲) مقدر کرنا، قسمت میں لکھنا: تقدیر میں لکھنا ۔ (۳) (کسی پر کوئی طرزعمل اختیار کرنے کے لئے) اثر ڈالنا (یا اس کو) راغب کرنا ۔ (۴) (کچھ کرنے کے لئے) پہلے ہی سے طے کرلینا : پہلے ہی سے سوچ سمجھ لینا یا ارادہ کرلینا ۔

Pre-determined : (a) پہلے سے سوچا سمجھا ہوا ؛ پہلے سے مقرر کیا ہوا ؛ پہلے سے طے کیا ہوا ؛ پہلے سے مقدر کیا ہوا ؛ پہلے سے متعین کیا ہوا ۔

Pre-determined behaviour : (n) قبل مقرر کردار ؛ پیش معینہ کردار ۔

Pre-determined cost : (n) پیش معینہ لاگت : کسی چیز کی پیداوار سے قبل ہی تخمینہ کی ہوئی لاگت ۔

Pre-determinedly : (adv.) پہلے سے سوچے سمجھے انداز میں: پہلے سے طے شدہ طور پر ؛ پیش معینہ انداز میں ۔

Pre-diastolic : (a) قبل از انبساط قلب ؛ دل یا شریان کے پھیلنے سے قبل واقع ہونے والا یا سنی جانے والی (آواز وغیرہ)۔

Pre-digest : (v) معدے میں جانے سے پہلے ہی غذا کو زود ہضم بنا دینا ۔

Pre-digestion : (n) معدے میں جانے سے پہلے غذا کو مصنوعی طریقوں سے زود ہضم بنا دینا : انہظام پیشین ؛ انہظام پیشین کا طریقہ ۔

Pre-dravidian : (n) (خاص کر ہندوستان میں) ایک مخصوص نسل کا شخص جس کے بارے میں ماہرین بشریات کا خیال ہے کہ وہ Negrito اور Proto-Australoid یا Veddoid کی دوغلی شکل ہے ۔

Pre- echo : (n) صوت بندی میں مشین کی خرابی کے باعث پہلے ہی ریکارڈ ہوجانے والی آواز جو ریکارڈ بجاتے وقت اصل آواز سے پہلے سنی جاتی ہے ۔

Pre-edipal phase : (n) (نفسیات) قبل مادری خلط حالت۔

Pre-elect : (v) پہلے سے انتخاب کرنا ۔

Pre-election / Prae-election : (n) انتخاب ما قبل : سابقہ انتخاب ؛ سابقہ پسند : قبل از وقت انتخاب: پیشگی انتخاب۔

Pre-election : (a) قبل انتخاب: (پارلیمانی یا دیگر) انتخابات سے پہلے واقع ہونے والا ؛ انتخاب سے پہلے دیا ہوا؛ انتخاب سے قبل کا ۔

Pre-election promises : (n) انتخاب سے پہلے کے وعدے یا عہدوپیمان۔

Pre-eminence/-eminency : (n) [Late L. 'praeeminentia'.] تفوق : امتیاز : افضلیت: فوقیت : برتری : سرفرازی: فضیلت: قابل ترین ہونا ۔

Pre-eminent : (a) [f. L. 'praeeminerc'.] سب پر فائق : افضل ؛ممتاز : برتر ؛ سرفراز: اعلیٰ: قابل ترین ۔

Pre-eminently : (adv.) اعلیٰ طور پر : افضل طور پر: سب پر فائق ہوتے ہوئے : قابل امتیاز طور پر ؛ سرفراز ہوکر۔

Pre-empt : (v) [Back -formation f. Pre+ temption.] (۱) از روئے حق شفعہ حاصل کرنا ۔ (۲) (امریکا) حق شفعہ کے حصول کے لئے (اراضئ جمہور پر) قبضہ کرنا ۔ (۳) (مجازاً) پہلے سے قابض ہوجانا: اپنے تصرف میں لانا ؛ ہتھیالینا ۔ (۴) (برج) ضرورت سے زیادہ بڑھ کر بولی دینا (تاکہ حریفوں کو مزید بولی دینے کی گنجائش نہ رہے اور حلیف کی (پتے پھینٹنے کی) باری ختم ہوسکے۔

Pre-empted : (a) (قانون) مشفوعہ ۔

Pre-emption : (n) [med. L. 'praeemptio'.] دوسروں کو خریدنے کا موقع دیئے بغیر کسی شخص کا کوئی اراضی خرید کرنا ؛ اس طرح خرید کرنے کا حق ؛ حق شفعہ ؛ شفعہ ۔

Pre-emptive : (a) (۱) حق شفعہ کا ؛ شفعانہ ؛ حق شفعہ جیسا ؛ حق شفعہ سے متعلق ۔ (۲) (برج میں) ضرورت سے زیادہ بڑھ کر بولی دینے سے متعلق ۔

Pre-emptive bid : (n) برج میں ضرورت سے زیادہ بڑھ کر دی ہوئی بولی تاکہ حریفوں کو مزید بولی دینے کی گنجائش نہ رہے اور حلیف کی (پتے پھینٹنے کی) باری ختم ہوسکے۔

Pre-emptor : (n) حق شفعہ کے ذریعہ اراضی پر قبضہ کرنے والا ؛شافع۔

Pre-engage : (v) (۱) پہلے سے پابند عہد و پیمان کرلینا : عہد و پیمان کے ذریعے پہلے سے پابند کردینا : قانوناً یا اخلاقاً پہلے

بی پابند کرلینا یا معاہدے کا پابند بنالینا : پہلے
ہی معاہدہ کرلینا معاہدۂ ما قبل سے پابند کرنا
(خصوصاً) منگنی یا نسبت کے معاہدے کے ذریعہ
پابند کرلینا : پیمان مناکحت کا پابند کرلینا :
پیمان مناکحت کرنا ۔ (۲) پہلے سے اپنے حسب
خواہ بنالینا : پہلے ہی مائل کرلینا: (کسی کی
جانب سے) پہلے ہی بدظن کردینا : پہلے ہی دل
جیت لینا : پہلے سے اپنے لئے مقرر کرلینا یا
ٹھہرا لینا ۔

Pre-engagement : (n) معاہدۂ ما قبل : (خصوصاً) شادی سے قبل بات
پکی کرلینا : پیمان مناکحت : پیمان شادی: معاہدہ
ماقبل شادی : پہلے سے عہد و پیمان کا پابند ہونا
یا کرنا ۔

Pre-establish : (v) پہلے سے قائم کرنا ۔

Pre-established harmony : (n) پہلے سے قائم شدہ ہم آہنگی (خصوصاً
مواد اور ذہن کے درمیان قبل تخلیق)۔

Pre-estimate : (v) پہلے سے اندازہ لگانا: تخمینہ کرنا : پیش اندازہ
یا پیش تخمینہ کرنا ۔

Pre-estimation : (n) پیش اندازہ : پیش تخمینہ ۔

Pre-eternity : (n) پیش ابد : پیش ابدیت: وجود ما قبل ابدیت۔

Pre-exile : (a) یہودیوں کے اخراج یا بل سے قبل کا : جلاوطنی یااخراج
یہود سے قبل کا : صیہونی تاریخ کے اس دور سے متعلق
جو یہودیوں کے اخراج بابل سے قبل، تھا۔

Pre-exilian /-exilic : (a) [f. Pre + L. 'exiliam'.] دیکھو Pre-exile

Pre-exist : (v) [Fr. 'preexister'.] (۱) پہلے سے موجود ہونا : موجودہ
زندگی سے پہلے موجود ہونا یا وجود رکھنا : مادی
تجسیم سے قبل خیالی وجود رکھنا: خیالی طور پر
موجود ہونا : روحانی وجود رکھنا (جسمانی وجود
سے پہلے) ۔ (۲) (کسی چیز سے) پہلے موجود ہونا :
(کسی چیز سے) مقدم ہونا ۔

Pre-existence : (n) موجودگیٔ ما قبل: وجود ما قبل (خصوصاً روح کا
جسم میں آنے سے پہلے) : (جسم پانے سے پہلے) وجود
روحانی : (دینیات) ازلیت : تقدم : تقدیم ۔

Pre-existent : (a) جو پہلے سے موجود ہو : جو کسی شخص، چیز،
یا واقعے سے پہلے موجود ہو : مقدم : قدیم الوجود:
متقدم : قدیم : (دینیات) ازلی ۔

Pre-existentism : (n) یہ نظریہ کہ جسم (میں آنے) سے قبل بھی روح
کا وجود تھا۔

Pre-glacial : (a) دور برفانی سے قبل کا : برفانی دور سے پہلے کا:
(ارضیات) قبل یخی ۔

Pre-Hellenic : (a) پیش ہیلینی : پیش یونانی : خالص یونانیوں
سے پہلے کا ۔

Pre-ignition : (a) (برقیات، انجینیئرنگ) قبل اشتعال: وقت سے پہلے
جل اٹھنا یا مشتعل ہوجانا ۔

Pre-indicate : (v) پہلے سے ظاہر کرنا ۔

Pre-intimate : (v) پہلے سے اطلاع دینا : خبر دینا ۔

Pre-Islamic : (a) قبل اسلامی: ما قبل اسلام : قبل از اسلام :
دین اسلام سے پہلے کا ۔

Pre-limit : پہلے سے محدود کرنا : پہلے سے تحدید کرنا ۔

Pre-lingual : (a) پیش لسانی : (کسی) زبان کے وجود میں آنے سے پہلے
کا : زبان کے علم ، استعمال یا ارتقا سے قبل کا۔

Pre-linguistic : (a) دیکھو Pre-lingual

Pre-literacy : (n) کسی معاشرے یا تہذیب کا وہ زمانہ جب لکھنے
پڑھنے یا تحریری دستاویزات رکھنے کا رواج نہ تھا۔

Pre-literate : (a) (۱) تحریر کے رواج سے پہلے کا (کلچر وغیرہ)۔
(۲) تہذیبی ارتقا کی اس منزل سے پیچھے جہاں
تحریری زبان کا استعمال ہوتا ہے جو تہذیبی ارتقا
کی اس منزل تک نہ پہنچا ہو جہاں تحریری زبان
زیر استعمال ہو ۔ (۳) جو لکھنا نہ جانتا ہو :
ان پڑھ: امّی ۔

Pre-literate : (n) اُمّی شخص : ان پڑھ آدمی : وہ آدمی جو لکھنا
پڑھنا نہ جانتا ہو ۔

Pre-marital : (a) (سماجیات) قبل ازدواجی۔

Pre-marital license : (n) (سماجیات) قبل ازدواجی آزاد روی : شادی
سے قبل جنسی آزادی ۔

Pre-marriage : (a) قبل ازدواج : قبل از مناکحت : قبل از شادی : شادی
سے پہلے کا ۔

Pre-marxian : (a) کارل مارکس یا اس کے سماجیاتی عقائد سے پہلے کا۔

Pre - mastery : (n) ضرورت سے پہلے کسی ہنر یا مہارت کا حصول۔

Pre- matrimonial : (a) شادی سے قبل واقع ہونے والا : جو شادی سے قبل واقع ہو ۔

Pre-maturation : (n) معمولاً یا غیر معمولی طور پر بہت جلد یا قبل از وقت سن بلوغ کو پہنچ جانا یا مکمل ہو جانا؛ پیش رسی: کچاپن ۔

Pre-mature : (a) [L. 'praematurus.'] قبل ازوقت :پیش رس:زودرس : نوسیدہ: غیر پختہ : عاجلانہ :ادھورا : خام ۔

Pre-mature birth /-delivery : (n) (طب)کچا بچہ : قبل از وقت ولادت۔

Pre-mature death : (n) قبل ازوقت موت ۔

Pre-mature ejaculation : (n) (طب)سرعت انزال۔

Pre-maturely : (adv.) تناسب : متوقع یا معمولی وقت سے پہلے :قبل از وقت: عاجلانہ:جلدی سے۔

Pre-matureness : (n) قبل ازوقت ہونا :خامی: کچاپن :پیش رسی: ادھوراپن ۔

Pre-maturity : (n) (۱)قبل ازوقت پختگی: پیش رسی:قبل ازوقت اکملیت خامی: کچاپن: ادھورا پن۔ (۲)(کسی عمل یا واقعے کی)عجلت :سرعت :جلدی : قبل ازوقت ہونا : غیر ضروری عجلت یا تعجیل: شتابی : جلد بازی : پڑبڑی :اوتاؤلا پن:نا عاقبت اندیشی۔

Pre-meditated : (a) بالعمد:پہلے سے سوچاھوا :قصداً ۔

Pre-meditatedly : (adv.) عمداً:پہلے سے سوچ سمجھ کر: ٹھان کر: قصداً : نیت سے یا نیت کرکے۔

Pre-meditation : (n) [L.'praemeditatio'.] پہلے سے سوچنا :ٹھان لینا: تجویزکر رکھنا:بالعمد: سوچ سمجھ کر تجویز یا منصوبہ کرنا: فکر قبل:تجویز قبل :قصدونیت: پیش اندیشی۔

Pre-melting : (n) پگھلاؤ کے نقطے سے قبل جزوی پگھلاؤ۔

Pre-menarche: (n) لڑکیوں کا وہ عہدعمر جو آغاز حیض سے قبل ہوتا ہے عہد ماقبل ازآغاز ماھواری :لڑکیوں کے عنفوان شباب سے قبل کا زمانہ۔

Pre-menarcheal : (n) لڑکیوں کی عمر کے اس دور سے متعلق جو آغاز حیض سے قبل گزرتا ہے: لڑکیوں کے عنفوان شباب سے قبل کے زمانے سے متعلق۔

Pre-Mendelian : (a) Mendel کے نظریات یا قوانین(توالدوتناسل) کے علم یاانہیں قبول کئے جانے سے پہلے کا۔

Pre-menopausal : (a) اختتام حیض سے فوراًپہلے کے دور کا، اس سے متعلق یا اس میں ہونے والا قبل ازانقطاع طمث۔

Pre-menopause : (n) اختتام حیض(جو عموماً۴۵تا۵۰کی عمر میں ہوتا ہے)سے فوراً پہلے کا دور یا وہ عضویاتی حالت جو اس دور میں ہواکرتی ہے۔

Pre- menstrual : (a) حیض سے فوراً پہلے کی مدت کا یا اس سے متعلق ۔

Pre-menstruum : (n) حیض سے فوراً پہلے کی مدت یاعضویاتی (جسمانی) حالت ۔

Pre-mentioned : (a) پہلے سے بتایا ہوا: جس کی پہلے سے نشان دہی کی جاچکی ہو۔

Pre-meridian : (a) قبل ازدوپہر:دوپہر سے قبل واقع ہونے والا۔

Pre-messianic : (a) کسی مسیحا یا نجات دہندہ کے ظہور سے قبل موجودیا واقع ہونے والا۔

Pre-metallic : (a) دھاتوں کے استعمال کے علم سے پیشتر کا :پیشتر فلزاتی دھاتوں کے علم سے پہلے کا۔

Pre- monarchical : (a) ماقبل شہنشا ھی :شخصی حکومت سے پہلے کا : شہنشاہیت سے پہلے کا۔

Pre-monish : (v) پہلے سے وارننگ دینا :پہلے سے متنبہ کرنا۔

Pre-monition : (n) [Late l. 'praemonition '] (۱)پہلے سے خبردار کر دینا : پیش آگاہی :پیش خبری :آنے والے واقعات سے پہلے آگاہ کردینا:آنے والے واقعے کی پہلے ہی بوسونگھ لینا یا پہلے ہی بھانپ جانا ۔ (۲)(نفسیات) انداز :اخطار :پیش اندیشگی:پیش استباہ ۔

Pre-moniter : (n) پہلے سے خبردار کرنے والا :پہلے سے متنبہ کرنے والا: نذیر :آنے والے واقعات سے پہلے ہی آگاہ کر دینے والا۔

Pre-monitorily : (adv.) پہلے سے خبردار کرتے ہوئے: پیش آگاہانہ: پیش خبرانہ : نذیرانہ ۔

Pre-monitory : (a) پیش آگاہی کرنے والا : آگاہی بخش: قبل از وقت متنبہ کرنے والا : (طب) منذرہ۔

Pre-monitory signs/-symptoms : (n) (طب)منذرات : علامات منذرہ۔

Pre-muhammadan : (a) دیکھو Pre-Islamic

Pre-mutiny : (a) پیش ازغدر :غدر یا بغاوت سے پہلے کا۔

Pre-Newtonian : (a) نیوٹنی فلسفے یا طبیعیات کے رواج سے قبل کا: قبل نیوٹنی: پیش نیوٹنی۔

Pre-Norman : (a) پیش نارمن :نارمن قوم سے پہلے کا :(انگلستان) فتح نارمن سے قبل کا۔

Pre-notice : (n) پیش اطلاع :اطلاع یاتنبیہ جو پہلے دی گئی یا وصول کی گئی ہو۔

Pre-opercle : (n) (۱)مچھلیوں کے گلپھڑے کے ڈھکن کی چار ہڈیوں میں سب سے اگلی ہڈی۔ (۲)دیکھو pre-operculum۔

Pre-opercular :(a) {f.next } (۱)مچھلیوں کے گلپھڑے کے ڈھکن کی چار ہڈیوں میں سب سے اگلی ہڈی کا یااس سے متعلق۔ (۲)(نباتیات) (پودوں کے) سر پوش یا (کائیوں کے) ڈوٹے کا ڈھکن کا یا اس سے متعلق :نیزبطور اسم بمعنی pre-operculum۔

Pre-operculum /Prae-operculum : (n) { f.Pre+operculum. } (۱)مچھلیوں کے گلپھڑے کے ڈھکن کی چار ہڈیوں میں سب سے اگلی ہڈی۔(۲)(نباتیات)(پودوں کا)سر پوش یا (کائیوں کے)ڈوٹے کا ڈھکن۔

Pre-opinion : (n) پہلے سے قائم کی ہوئی رائے۔

Pre-optic : (a) کسی بصری عضو یا حلقے کے سامنے واقع۔

Pre-option :(n) پہلی پسند(جودوسروں سے پہلے ظاہرکی گئی ہو) : پہلے پسند کرنا یا انتخاب کرنے کا حق۔

Pre-oral : (a) (حیوانیات)پیش دہنہ : پیش دہنی :منہ سے پہلے کا (حصہ یا عضو)۔

Pre-orbital : (a) (تشریح وحیوانیات)خانۂ چشم کے سامنے واقع : چشم کے سامنے واقع :پیش محجر۔

Pre-orbital : (n) (تشریح وحیوانیات)خانۂ چشم کے سامنے والی ہڈی یا ابھار: پیش محجری ہڈی یا ابھار۔

Pre-ordain : (v) {repr. late L. (vulg.) 'praeordinare .'} پہلے سے مقرر کرنا:پہلے سے تقدیر میں لکھ دینا: مقرر کرنا۔

Pre-ordinate : (n) [Late L. (vulg) ' praeodinatua '] پہلے سے مقرر کیا ہوا :پہلے سے تقدیر میں لکھا ہوا: پہلے سے مقدر کیا ہوا۔

Pre-ordination : (n) (شاذ) مقدر۔

Pre-phthisical : (a) سل یا دق سے پہلے کا: پیش ازدق یاسل۔

Pre-placement : (a) نوکری یا کام ملنے سے قبل کا : نوکری یا کام لگنے سے قبل (واقع)ہونے والا۔

Pre-placental : (a) آنول نال کی تشکیل سے قبل کا : آنول نال کی تشکیل سے قبل موجود یا پیدا ہونے والا۔

Pre-plan : (v) پہلے سے سوچنا سمجھنا یا منصوبہ تیار کرنا:پہلے سے منصوبہ باندھنا یا بنانا:پہلے سے تیار کرنا یا تجویزکرنا:پیش بندی کرنا:پہلے سے ٹھان لینا۔

Pre-plot :(n) پیش ماجرا۔

Pre-preference / -preferential : (a) (حصص ، دعوی وغیرہ) قبل ترجیحی۔

pre-prophetic : (n) قبل نبوی: نبوت سے پہلے کا:قبل ازنبوت۔

Pre-pub : (n)[by shorteinng .] کسی کتاب یادیگر مطبوعہ چیزوں کی وہ کاپی جو قبل اشاعت جاری کر دی گئی ہو: قبل اشاعت جاری شدہ کاپی۔

Pre-pubertal : (a) (حیوانیات، عضویات) پیش بلوغی :بلوغت سے قبل کا : پیش ازبلوغ :قبل بلوغی۔

Pre-puberty : (n) (خصوصاً آدمی کا)عنفوان شباب:عہد عنفوان : بلوغت سے فوراً پہلے کا زمانہ:(وسیع معنوں میں) بچپن سے لے کرجوان ہونے سے قبل تك کا زمانہ: پیدائش سے عنفوان شباب تك کا زمانہ(انسان یا بڑے فقری حیوانات کا)۔

Pre-publication : (n) کسی کتاب یا دیگر مطبوعہ چیزوں کی وہ کاپی جوقبل اشاعت جاری کر دی گئی ہو:قبل اشاعت جاری شدہ کاپی۔

Pre-publish :(v) اشاعت سے پہلے جاری کرنا(کسی کتاب وغیرہ کی کوئی مطبوعہ کاپی)۔

Pre-Raffaelite : (n) (۱)قبل رفائیلی فن کار یا صنّاع جو ایسے نمونے پیش کرتا ہوجو رفائیل کے زمانے سے پہلے رائج تھے (خصوصاً Pre-Raphaelite Brotherhood کا کوئی

فن کار .(۲)قبل رفائیلی مصور : وہ مصور جو رفائیل سے پہلے گذرا ہو۔

Pre-Raphael : (a) قبل رفائیلی۔

Pre-Raphaelism/Prae-: (n) (رسکن) (۲) Pre-Rephalitism (۱)دیکھو اوردوسرے لوگوں کے مطابق)رفائیلی سے پہلے کے مصوروں(یانقاشوں) کا فن۔

Pre-Raphaelite/ Prae- : (n) [f. Pre-+ Raffael (It. Raffaele.) +ite-] دیکھو Pre-Raffaelire

Pre-Raphaelite / Preraphaelite / Prae-/Praeraphaelite : (a) (۱)قبل رفائیلی مصوروں یا فن کاروں کا : ان سے متعلق یا ان کی خاصیت کا : قبل رفائیلی : رفائیلی سے پہلے کا۔

Pre-Raphaelite Brotherhood : (n) انجمن قبل رفائیلی:رفائیلی برادری : فن کار ان یاصناعان انگلستان کی ایک جماعت جس میں ہالمین ہنٹ(Halman Hunt) ملائیس (Millais)اور ڈی ،جی، روزیٹی(D.G.Rossetti) شامل ھے۔

Pre-Raphaelitism/Preraphaelitism / Prae-Raphaelitism / Praeraphaelitism : (n) قبل رفائیلیت :قبل رفائیلی انجمن اور اس کے پیروؤں کے اصول، طریقے یا طرز مصوری یا نقاشی : (کبھی کبھی)شاعری اور دیگر فنون میں بھی اس کے مماثل رجحان پر اطلاق ہوتا ھے۔

Pre-reformational : (a) پیش اصلاحی: پیش تجدیدی :قبل اصلاحی: قبل تجدیدی :اصلاحات یورپ سے قبل کا : تجدید مسیحیت سے قبل کا۔

Pre-selective : (a) (گیئر) سے پہلے ہی منتخب کیا اور لگایا جا سکے۔

Pre-selector : (n) وہ گیئرجسے پہلے ہی منتخب کیا اور لگایا جاسکے۔

Pre-separation : (n) قبل علیحدگی۔

Pre-sternal : (a) [f.next] (تشریح)پیش قصّی: چھاتی کے اگلے حصے کا یا اس سے متعلق۔

Pre-sternum / Praesternum : (n) (۱)(حشریات)کیڑے کے سینے کی ہڈی کا اگلا حصہ یا ٹکڑا۔ (۲)(تشریح) پیش قصّی: چھاتی کی ہڈی کا اگلا حصہ:انسان کے سینے کی ہڈی کا پہلا ٹکڑا۔

Pre-stressed : (a) تار وغیرہ بچھاکر :مضبوط کی ہوئی(کنکریٹ)۔

Pre-telegraphic : (a) قبل تلغرافی :ٹیلیگرافی سے پہلے کا۔

Preach : (v) [ME. 'preche,] (۱) وعظ کرنا : خطبہ دینا۔ (۲) (وعظ) کہنا : خواہ مخواہ اخلاقی نصیحتیں کرنا : پند و نصیحت فرمانا۔ (۳) (تقریر کے ذریعہ) (انجیل کی) تفسیر کرنا : تعلیمات مسیح کا اعلان کرنا : تشریح کرنا : سمجھانا۔ (۴)ذہن نشیں کرنا: سمجھانا : توضیح کرنا (تقریر کے ذریعہ) ۔ (۵) (کسی عقیدۂ اصول وغیرہ کی تعلیم یا دعوت دینا : تبلیغ کرنا : (کسی وصف، کردار، اصول وغیرہ کی) تائید : طرف داری یا حمایت کرنا (یا ان کو اسی طرح) دل نشیں کرنا۔ (۶) وعظ و پند کی صورت میں بتانا: سمجھانا یا دلنشیں کرانا: تحریر یا تقریر سے حمایت و تائید کرنا : پند و نصیحت کرنا ۔ (۷)تقریر یا پند و نصیحت کے ذریعہ اثرانداز ہونا۔

Preach : (n) (روزمرہ) وعظ: نصیحت: تقریر : لمبی چوڑی تقریر: طویل اور اکتادینے والا وعظ۔

Preach down : (v) (تقریر کے ذریعہ) گھٹا کر دکھانا : حقیر بنانا : بے قدری کرنا۔

Preach up : (v) بڑھانا چڑھانا : تعریف میں غلو کرنا۔

Preachable : (a) (کسی کتاب کا متن، مضمون وغیرہ) قابل وعظ: لائق وعظ : وعظ و تقریر میں بیان کرنے کے لائق۔

Preacher : (n) [L. 'praedicator.'] (۱) واعظ : خطیب: ناصح : داعی: (کسی عقیدے، اصول وغیرہ کی) دعوت دینے والا: اخلاقی پند و نصیحت (خصوصاً خواہ مخواہ) کرنے والا : کشیش: ناصح مشفق ۔ (۲) مذہبی اصول و عقائد کو عوام میں پھیلانے والا : مبلغ، مبلغ دین، داعیٔ حق : وہ شخص جسے تبلیغ و نصیحت کی اجازت حاصل ہو ۔ (۳) تحریر یا تقریر کے ذریعہ (کسی بات کی) تعلیم دینے والا یا اسے دل نشیں کرانے والا ۔ (۴) (of کے ساتھ) (کسی مخصوص بات کی تبلیغ کرنے والا ۔ (۵) (خاص کر) حضرت سلیمانؑ کا لقب جو (توریت کے) صحیفۂ مواعظ کے مصنف سمجھے جاتے ہیں: (نیز) وہ کتاب : صحیفۂ مواعظ (توریت کا)۔

Friars Preachers : ایک مخصوص زاویے کے عیسائی درویش یا راہب ، خصوصاً ان چار زاویوں کے راہب جو فرانسسکن (Grey Friars) اگستائن (Austin Friars) ڈالی نیکن (Black Friars) اور کارمیلائٹس (White Friars) کہلاتے ہیں۔

Preachership : (n) واعظ کا عہدہ یا منصب : خطابت : مسند وعظ : مسند تبلیغ : مسند خطابت: منصب خطابت۔

Preachify : (v) (روز مرہ) اکتا دینے والے انداز میں وعظ کہنا : خطبہ دینا: یا پندونصیحت کرنا : نصیحت پلانا ۔

Preachiness : (n) [f. Preachy.] وعظ و نصیحت سے بھرا ہونا : وعظ گوئی کا شوقین ہونا : واعظیت ۔

Preaching : (n) (۱) وعظ : نصیحت : پند : مفید باتیں : اخلاقی تعلیمات پر مشتمل تقریر : خطبہ ۔ (۲) (جمع) وعظ میں بیان کردہ باتیں : وعظ : موعظت: درس: پند و نصائح : مذہبی پند و نصائح یا وعظ ۔

Preaching : (a) نصیحت آمیز : نصیحت آموز : سبق آموز ۔

Preaching-cross : (n) ایک قسم کی صلیب جو پہلے کسی شاہراہ یا کہیں کھلی جگہ پر نصب ہوتی تھی جہاں عیسائی درویش یا راہب اور دوسرے لوگ وعظ کہتے یا ناصحانہ تقریریں کرتے تھے۔

Preaching friar : (n) واعظ درویش: وعظ کہنے یا پند و نصیحت کرنے والا عیسائی درویش (خصوصاً ڈامی نیکسن کے سلسلے کا) ۔

Preaching-house : (n) بیت الوعظ : وہ مکان جہاں وعظ ہوا کرتا ہو یا جو اسی کے لئے مخصوص ہو : (خصوصاً) پروٹسٹنٹ مذہب کے کسی غیر مقلد فرقے کی عبادت گاہ (بقول Wesley) ۔

Preachment : (n) [med. L. 'predicamentum.'] (۱) (عموماً حقارت سے) طویل اور اکتا دینے والا وعظ : لمبی چوڑی تقریر۔ (۲) تنبیہ و تادیب ۔

Preachy : (a) (روزہ مرہ) وعظ گوئی کا شوقین : شائق خطبہ: خواہ مخواہ پند و نصیحت کرنے پر مائل : وعظ گویانہ : وعظ گوئی کے طرز کا : وعظ و نصیحت سے پُر ۔

Preadmic : (a) دیکھو Pre-adamitic/-al

Preamble : (n) [med. L. 'praeambulum.'] (۱) (تقریر یا تحریر میں) ابتدائی یا تمہیدی بیان : (قانون) تمہیدی بیان : دستاویز وغیرہ کی تمہید : بیان ابتدائی جس میں کسی ایکٹ کی وجہ نفاذ و اجرا بتائی جاتی ہے۔ (۲) مقدمہ : تعارف : دیباچہ : پیش لفظ : پیش گفتار۔ (۳) (موسیقی) سر ملاپ : افتتاحی نغمہ : (شعر) قطعۂ تمہید : پیش گفتار ۔ (۴) (عام معنوں میں) تمہیدی یا تعارفی چیزیں یا باتیں : پیش انتظامات : پیش خیمہ : (خصوصاً) فال : شگون : علامت: آثار۔

Preamble : (v) (۱) تمہیدی بیان دینا : تمہیدی جملے (یا اشعار) کہنا : بطور تمہید بیان کرنا: تمہید لکھنا : پیش لفظ لکھنا : پیش لفظ یا پیش گفتار کا التزام کرنا : دیباچہ یا مقدمہ لکھنا یا اس کا التزام کرنا ۔ (۲)تمہید ہونا : دیباچہ یا پیش لفظ ہونا : (آنے والی بات کی) تمہید یا تعارف ہونا : مقدمہ ہونا : پیش گفتار ہونا : پیش خیمہ ہونا: فال یا شگون ہونا : علامت ہونا : آثار ہونا ۔

Preambulation : (n) پیش گفتار : تمہید یا پیش لفظ لکھنا: تمہید کا التزام (تحریر یا تقریر میں)۔

Preambulatory : (a) تمہیدی: تمہید جیسا : پیش لفظ یا پیش گفتار جیسا : ابتدائی : افتتاحی : دیباچے یا مقدمے کی نوعیت کا ۔

Prebend : (n) [Late L. 'Praebenda.'] (۱)بڑے گرجے یا کالج کے پادری (Canon) کا وظیفہ ۔ (۲)اراضی وغیرہ کا وہ حصہ جس کی آمدنی سے یہ وظیفہ دیا جاتا ہے : کلیسائی وقف یا جاگیر کے طور پر ایسی اراضی کا حق ملکیت یا اصولِ لگان داری ۔ (۳) یہ وظیفہ پانے والا پادری : بڑے گرجے یا کالج کا پادری جسے یہ وظیفہ ملتا ہو : کلیسائے انگلستان کا اعزازی پادری جو Prebendary کا لقب تو رکھتا ہے مگر وظیفہ نہیں پاتا ۔

Prebendal : (a) [med. L. 'praebendalis.'] Prebendary یا Prebend کا یا اس کے متعلق ۔

Prebendary : (n) وظیفہ یاب پادری : بڑے گرجے کا یا کالج کا پادری جسے Prebend ملتا ہو : کلیسائے انگلستان کا اعزازی پادری جو Prebendary کا لقب تو رکھتا ہو مگر وظیفہ نہیں پاتا ۔

Prebendary : (a) (توصیفاً یا بطور صفت) دیکھو Prebendal

Prebendary stall : (n) وظیفہ یاب پادری کی نشست ۔

Prebendaryship : (n) وظیفہ یاب پادری کا عہدہ یا جاگیر : وہ اراضی جس سے بڑے گرجے یا کالج کے پادری کو وظیفہ دیا جاتا ہے ۔

Precarious : (a) [L. 'precarius.'] (۱) دوسرے کی مرضی پر منحصر غیر اختیاری : غیر یقینی : رعایتی ۔ (۲) محتاج ثبوت: فرضی : قیاسی : مشکوک : مشتبہ : مذبذب ۔ (۳)غیرمعین: غیر مستقل : غیر مقررہ : حالات پر منحصر : غیر مستحکم ۔ (۴) پرخطر : خطرناک : جوکھم کا ۔

Precariously : (adv.) (۱) غیر اختیاری یا غیر یقینی طور پر : مشتبہ انداز میں : غیر معین یا غیر مستقل طور پر : پرخطر

انداز میں۔ (۲) مستقل طور پر روزی کمائے بغیر۔

Precariousness : (n) (۱)غیر اختیاریت : غیر یقینی : غیر معین ہونا : غیر مستقل ہونا : تذبذب : اشتباہ۔ (۲)پرخطر ہونا۔

Precative : (a) [Late L. 'precatious.'] التماسی : ملتمسانہ : التجائی: (صرف و نحو) تمنائی جس سے التجا یا التماس کا اظہار ہو : جس سے کوئی خواہش ظاہر ہوتی ہے۔

Precatory : (a) [Late L. 'precatorius.'] (۱) (صرف و نحو) (لفظ محاورہ وغیرہ) التجائی : التماسی : تمنائی۔ (۲) (وصیت ناموں میں وہ الفاظ) (بمقابلہ ہدایت صریح) جن سے کسی خواہش یا امید کا اظہار کیا جائے : التجا یا التماس ظاہر کرنے والا : التجا یا التماس سے متعلق۔

Precatory trust : (n) (وصیت نامے میں) کسی بات کے ہونے یا کئے جانے کی التجا یا التماس کا اظہار کرنے والے الفاظ سے قائم ہونے والی امانت یا وقف۔

Precatory words : (n) کسی بات کے ہونے یا کئے جانے کی التجا یا التماس کا اظہار کرنے والے الفاظ جو کسی وصیت نامے میں ہوں : وصیت ناموں کے وہ الفاظ (بہ مقابلہ ہدایت صریح) جن سے کسی خواہش یا امید کا اظہار کیا جائے۔

Precaution : (n) [Fr. 'precaution.'] احتیاط : پیش بندی : پیش بینی : حفظ ما تقدم : انجام بینی : چوکسی : تدارک۔

Precaution : (n) محتاط : پیش بیں : احتیاط برتنے والا : پیش بینی و پیش بندی سے کام لینے والا : پہلے سے چوکسی دکھانے والا : چوکس : حفظ ما تقدم کرنے والا۔

Precautional/Precautionary : (a) پیش بندی کا : احتیاط کا : تدارکی : پیش بندی کا سا : احتیاطی۔

Precava/ Praecava : (n) [f. Pre+ cava for 'Vena Cava'.] (تشریح) مقدم ورید اجوف : دو رگیں جو گردوں سے ہو تی ہوئی دل تک جاتی ہیں۔

Precava / Praecaval : (a) (تشریح) مقدم ورید اجوف کا یا اس سے متعلق۔

Precaval /Praecaval : (n) (تشریح) مقدم ورید اجوف۔

Precaval vein : (n) (تشریح) مقدم ورید اجوف۔

Precede : (v) [L.'praecedere.'] (۱) مقدم ہونا : برتر ہونا : ترجیح رکھنا : فائق ہونا : رتبے میں اعلیٰ تر ہونا : زیادہ اہمیت رکھنا۔ (۲) آگے یا پہلے آنا۔ (۳)آگے جانا یا چلنا۔ (۴)آگے یا پہلے ہونا : پہلے واقع ہونا یا موجود ہونا۔ (۵) (کسی کام سے) پہلے کرنا یا عمل میں لانا۔

Precedence : (n) (۱) (بہ لحاظ وقت یا سلسلہ) تقدم : پیش روی : آگے یا پہلے ہونا یا آنا : فضیلت۔ (۲) تفوق : ترجیح : مقدم ہونا : سبقت : تقدیم : فوقیت۔ (۳) حق تقدم : حق ترجیح : صدر میں یا ممتاز جگہ بیٹھنے کا حق۔

Precedency : (n) دیکھو Precedence

Precedent : (n) [Fr. 'precedent.'] (۱) عمل در آمد : رواج : مثال سند : نمونہ۔ (۲) (قانون) نظیر۔ (۳)نیا: انوکھا : بے مثل : بے نظیر : جس کے پہلے کوئی نظیر نہ ہو۔

Without precedent : (۱)جس کی پہلے کوئی نظیر نہ ہو : نیا : انوکھا۔ (۲) بے مثل: بے نظیر۔

Precedent : (n) آگے یا پہلے آنا : سند ہونا : نظیر ہونا : مثال قائم کرنا : مقدم ہونا : پیش رو ہونا : سابق ہونا : آگے آنا (اب صرف بطور Pa.pple مستعمل ہے)۔

Condition precedent : شرط ما قبل : کسی استحقاق کے حاصل ہونے کے لئے کسی امر کے وقوع کا ضروری ہونا۔

The precedent : جو کسی چیز یا واقعہ کے فوراً پہلے واقع ہو یا آئے: پیش رو : پیش خیمہ۔

Precedent : (a) (شاذ) (بہ لحاظ وقت، سلسلہ، رتبہ) سابق: فائق: مقدم : پیش رو : اعلیٰ تر : بالاتر: اہم تر۔

Precedented : (a) مطابق عمل درآمد : حسب سابق : جس کی پہلے سے نظیر موجود ہو : جو نظیر رکھتا ہو۔

Precedently : (adv.) سابقاً : مقدم طور پر۔

Preceding : (a) (وقت، سلسلہ یا حرکت میں) جو آگے آتا ہو : اول : مقدم : پہلا : آگے آنے والا : (خصوصاً نجم میں) (وہ ستارہ یا سیارہ) جو دوسرے سے آگے یعنی مغرب میں ہو اور اس طرح اس کے آگے آگے چلتا ہو۔

Precent : (v) [Back formation from next.] (گرجے کے مناجات خوانوں کی جماعت کا) مادی ہونا (مناجات خوانی میں) راگ اٹھانا۔

Precentor : (n) [L. 'praecentor.'] مناجات خوانوں کا ہادی: راگ اٹھانے والا : عبادت گزاروں یا بھجن منڈلی کے گانے کا ہادی۔

Precentorship : (n) مناجات خوانوں کے ہادی کا عہدہ یا منصب۔

Precentrix : (n) مناجات خوانوں کی ہادی عورت؛ راگ اٹھانے والی : Precentor کی تانیث۔

Precept : (n) [L. 'praeceptum.'] (۱) فرمان : حکم : امر : قول مقولہ امریہ۔ (۲) پند : نصیحت : وعظ : خطابیہ: مقررات۔ (۳)فرمانِ الٰہی : (دینیات) فریضہ : فرض دینی : مسئلہ۔ (۴)تحریری حکم : حکم نامہ : قاعدہ : قانون : نظام نامہ۔ (۵) (انتخاب کے وقت ضروری انتظامات کے لئے) حکم نامہ یا ہدایت نامہ۔ (۶) مقامی محصولات کی وصولی یا ادائی کا حکم نامہ۔

Preceptee : (n) عملی پیشہ ورانہ تجربہ یا تربیت حاصل کرنے کی غرض سے کسی استاد یا آموزگار کے زیر نگرانی مطالعہ یا کام کرنے والا۔

Preception : (n) (یونانی قانون) (بٹوارے سے پہلے کسی میراث کا کوئی حصہ) پیشگی پانے یا وصول کرنے کا حق۔

Preceptive : (a) [L.'praeceptivus.'] واعظانہ : ناصحانہ: ہادیانہ : تحکمانہ : ہدایتی : معلمانہ: سبق آموز : حکمی: امری۔

Preceptor : (n) [L. 'praceptor.'] (۱)معلم :استاد : مدرس :آموز گار : اتالیق : پیر : مرشد : مربی۔ (۲) Knight Templars کی جماعت کا سردار یا سربراہ۔

Preceptorial : (a) معلمانہ : آموز گار رانہ : معلم یا استاد کا یا اس سے سے متعلق : (تعلیم) اتالیقی۔

Preceptorship : (n) معلم یا معلم کا عہدہ : معلمیت۔

Preceptory : (n) [med. L. 'praeceptoria.'] (۱) Knight & Templars کی ایک ذیلی جماعت یا فرقہ۔ (۲) اس جماعت کی جائداد یا عمارت۔

Preceptress : (n) معلمہ : استانی : آتو: (آتون)۔

Precepts of Noah : (n) احکام نوحؑ : قلمود کی روایت کے بموجب حضرت نوحؑ کے ہفت احکام جو انہوں نے اپنے بیٹوں کو دیئے تھے۔ (۱)اپنے بڑوں اور سرداروں کی فرماں برداری کرنا۔ (۲) بت پرستی سے نفرت کرنا۔ (۳)جھوٹی گواہی اور کفر سے پرہیز کرنا۔ (۴)خوں ریزی سے ڈرنا۔ (۵) چوری نہ کرنا۔ (۶) لواطت اور غیرفطری افعال سے پرہیز کرنا۔ (۷) زندہ جانوروں کے اعضا کو نہ کھانا۔

Preces : (n) [L.pl. of 'prex, prec-.'] کلیسائی عبادت کی مختصر دعا یا مناجات جسے کشیش اور حاضرین باری باری پڑھتے ہیں۔

Precess : (v) [Back formation f. 'Precession.'] آگے آگے چلنا : پیش رو ہونا : پیش قدمی کرنا : سبقت کرنا۔

Precession : (n) [f. L. 'pracedere.'] (۱) تقدیم : پیش روی : پیش قدمی : سبقت : تقدم۔ (۲) (صوتیات) لفظ یا آواز جس کا مخرج منہ کا اگلا حصہ ہو۔ (۳) (علم النجوم) تقدیم اعتدال : دیکھو Precession of the equinoxes : (میکانیات) انحراف مسیر۔

Lunisolar precession : (علم النجوم) تقدیم اعتدال کا وہ حصہ جو زمین پر چاند اور سورج دونوں کی مشترکہ کشمکش سے پیدا ہوتا ہے۔

Precession of the equinoxes : (n) (علم النجوم) تقدیم اعتدالین : استقبال اعتدالین : استقبال اعتدال : استقبال معدلین : حرکت رجعیۂ اعتدالین : حرکت تقدیمیۂ اعتدالین۔

Precessional : (a) (علم النجوم) سبقتی : تقدیمی: ایسے محور والا جس سے انحراف مسیر پیدا ہو : تقدیم اعتدال یا استقبالی اعتدال کا یا اس سے متعلق۔

Prechordal : (a) (حیوانیات) پیش جعلی۔

Precibal : (a) [PRE-+LL.'cibalis.'] کھانے سے قبل واقع ہونے والا : کھانے سے قبل : پیش از طعام : قبل از طعام : پیش طعامی۔

Precieuse : (n) [Fr. fem . of . precieux.'] پرتصنع زبان و مذاق والی عورت۔

Precieuse : (a) [as. 'Prec.'] سترھویں صدی کے پرتصنع فرانسیسی ادیبوں کے طرز سے متاثر : پرتصنع یا پر متکف زبان و مذاق والا یا والی۔

Precieux : (n) [Fr.] پرتصنع زبان و مذاق والا مرد۔

Precinot : (n) [med. L.'praecinotum.'] (۱) حد(جنگلات)(حدود): احاطہ : جگہ جو چہار دیواری یا کسی اور چیز سے محصور ہو : (خصوصاً) کسی مقدس مقام کی متعلقہ محوطہ جگہ۔ (۲) (جمع) مضافات: نواح : سواد: گردوپیش کے مقامات: قرب و جوار۔ (۳) احاطہ کرنے والی لکیر یا سطح : مسدود یا محدود کرنے والی لکیر : حد : چوحدی : محیط (نیز مجازاً)۔ (۴)حکومت کے نظم و ضبط یا نمائندگی کا حلقہ یاضلع (خصوصاً امریکا میں) انتخابات یا پولیس کے نظم و ضبط کے

لئے کسی کاؤنٹی (محال، ضلع) یا وارڈ کا کوئی سب ڈویژن: انتخابی حلقہ۔ (۵) کسی شہر کا وہ حلقہ یا ضلع جہاں ٹریفک (سواری گاڑیوں کی آمدورفت) کی ممانعت ہو تاکہ پیدل چلنے والوں کو خرید و فروخت میں دشواری نہ ہو۔

Precinct captain /-leader : (n) کسی انتخابی حلقے کا پارٹی لیڈر۔

Precincts : (n) حدود : قرب وجوار۔

Preciosity : (n) [L. 'pretiositas.'] (زبان، اطوار، صناعی وغیرہ میں) تصنع آمیز نفاست پسندی : نازک مذاقی : ششتگی و شائستگی۔

Precious : (a) [L. 'Pretiosus'.] (۱) قیمتی : بیس بہا: گراں قیمت : گراں قدر۔ (۲) عزیز : پیارا۔ (۳) (زبان ، اطوار ، صناعی وغیرہ میں) پرتصنع : بناوٹی: دکھاوے کا حد سے زیادہ شستہ و شائستہ : تصنع آمیز شستہ و رفتہ : حد سے زیادہ نازک مذاق یا نفاست پسند (ذم کا پہلو)۔ (۴) پورا : مکمل : سراسر۔ (۵) (روز مرہ) پرلے درجے کا : چھٹا ہوا : ایک ہی : انتہائی : بے حد۔

Precious stone : (n) قیمتی پتھر: جواہر: گوہر : سنگہائے گراں بہا۔

Precipice : (n) [L. 'praecipitium.] (۱) ڈانگ : کھڑی چٹان پہاڑ وغیرہ کا آگے کو نکلا ہوا عمودی حصہ۔ (۲) (مجازاً) خطرناک صورت حال۔

Precipiced : (a) ڈانگ دار : کھڑی چٹان والا : کھڑی چٹانوں سے بنا ہوا۔

Precipitability : (n) [f. next.] صلاحیت ترسیب۔

Precipitable : (a) [f. Precipitate (v)+- able.] قابل ترسیب : قابل رسوب : تہ نشیں شدنی : قابل تعلیق : قابل تہ نشینی۔

Precipitance/Precipitancy : (n) [f.next.] (۱) عجلت: تیزی :شتابی: ہڑ بڑی۔ (۲) جلد بازی : تعجیل : ناعاقبت اندیشی: اوتاؤلا پن۔

Precipitant : (a) [Fr. pr. PPle. of , precipiter.] اب اس کی جگہ Precipitate مستعمل ہے۔

Precipitant : (n) (کیمیا) مرسب : رسوب : تہ نشینی مادہ : تہ نشیں کرنے والا مادہ : راسب۔

Precipitantly : (adv.) (۱) سرکے بل۔ (۲) جلد بازانہ : ناعاقبت اندیشانہ :بے سوچے سمجھے : عاجلانہ : شتابی سے : ناگہاں۔

Precipitate : (n) [mod L. 'praecipitatum.'] (۱) (کیمیا) رسوب: مرسوب : تلچھٹ : کسی محلول سے الگ کیا ہوا تہ نشیں مادہ : حرارت وغیرہ کے ذریعہ کسی محلول سے الگ کیا ہوا ٹھوس مادہ جو پہلے سیال میں مل کر حل ہوچکا تھا۔ (۲) (قدیم کیمیا و اصول دوا سازی) ترسیب سے حاصل شدہ پارے کی بعض صورتیں۔ (۳) (طبیعیات) بخار یا بھاپ کو ٹھنڈا کرکے حاصل کی ہوئی نمی یا رطوبت جو قطرے کی شکل میں جمع ہو : تکثیف بخار (مثلاً قطرۂ باراں، شبنم وغیرہ)۔

Fusible white precipitate : مرکیوری ا مونیم کلورائیڈ: پارے کا امونیم کلورائیڈ ($Hg_6\ N_2Cl_2$)۔

Infusible white precipitate : ڈائی مرکیور امونیم کلورائیڈ: پارے کا دو گرفتہ امونیم کلورائیڈ ($Hg_2\ H_2N_2Cl_2$)۔

Red precipitate: مرکیورک آکسائیڈ: مرکری (پارے) کا سرخ اکسائیڈ (Hg O) : پارے اور آکسیجن کا مرکب۔

White precipitate : Fusible/-Infusible white precipitate دیکھو

Precipitate : (a) [L. 'praecipitatus.'] (۱) جو سر کے بل نیچے آئے: عموداً نیچے آنے والا: سر کے بل : سخت عاجلانہ : نہایت تیز : ناگہانی۔ (۲) اندھا دھند : جلد باز : جلد بازانہ : بے تامل : عاجلانہ : سرنگوں : معجل : بے سوچے سمجھے کا : ناعاقبت اندیش : اوتاؤلا۔ (۳) (موسمیات) بارندہ۔ (۴) (طب) تند: تیز : مہلک۔

Precipitate : (v) [Pa. PPle. Stem of L. 'praecipitare.'] (۱) سر کے بل گرانا : ڈالنا : پھینکنا۔ (۲) گرانا : ڈالنا : پھینکنا (خصوصاً بلند مقام سے)۔ (۳) (کسی شخص کو کسی خاص حالت میں) ڈالنا۔ (۴) تعجیلاً وقوع میں لانا: شتابی سے قبل از وقت وقوع میں لانا : ناگہانی وقوع میں لانا۔ (۵) (کیمیا) (کسی محلول کے اجزا کو) رسوب کی شکل میں لانا: ترسیب کرنا : تلچھٹ نکالنا۔ (۶) بخار کو قطروں کی شکل میں لانا : بخار کو کثیف بنانا : بخار کی تقطیر یا تکثیف کرنا۔ (۷) نہایت عجلت سے یا بہت تیزی سے چلنا گزرنا : عمل کرنا یا آگے بڑھنا۔ (۸) شتابی دکھانا: جلد بازی سے کام لینا۔ (۹) مرسوب ہونا : تلچھٹ بننا۔

Precipitate per se (n) مرکیورک آکسائیڈ یا پارے کا سرخ آکسائیڈ (Hgo) : پارے اور آکسیجن کا مرکب۔

Precipitated : (a) (کیمیا) ترسیب شدہ۔

Precipitately : (adv.) (۱) سر کے بل۔ (۲) اندھا دھند: جلد بازانہ: نا عاقبت اندیشانہ : بے سوچے سمجھے : عاجلانہ : شتابی سے : ناگہاں۔

Precipitateness : (n) دیکھو Precipitance

Precipitating causes : (n) (طب) اسباب معجلہ۔

Precipitation : (n) [Fr. 'precipitation.'] (۱) سر کے بل گرنا یا گرانا : ڈالنا : ڈالا جانا: جو چیز ڈالی یا گرائی گئی ہو۔ (۲) بے سوچے سمجھے کا کام : عاجلانہ کام : عجلت : سرعت : شتابی : جلدی : ہڑبڑی: غیرضروری عجلت یا جلد بازی۔ (۳) (کیمیا) ترسیب : تہ نشینی : رسوب : مرسوب : تہ نشیں مادہ۔ (۴) (موسمیات) تکثیف بخار : بارندگی : برسنا (پانی، اولے وغیرہ کا) (نیز) قطرۂ باراں : شبنم یا برف جو تکثیف بخار کے ذریعہ حاصل ہو۔ (۵) مادیت۔ (٦)تعجیل : تیزی : تندی : اسراع۔ (۷) (مجازاً خصوصاً روحانیات میں) تجسیم : مجسم ہوکر ظہور میں آنا: ظہور۔

Precipitator : (n) (۱) گرانے پھینکنے یا ڈالنے والا۔(۲)جلد باز : تیزی دکھانے یا تیز کرنے والا : مسرع۔ (۳) (کیمیا، طبیعیات) مرسب : رسوب ساز: راسب: تہ نشیں کرنے والا : تہ نشیں مادہ : مرسوب۔ (۴) آلۂ ترسیب : (خاص کر) گندے یا کھارے پانی کو صاف کرنے والا حوض یا تالاب۔

Precipitin : (n) [irreg. f. Precipit (ate)+ in.] (حیاتیات، کیمیا) مادۂ ترسیب : کسی محلول کے اجزاء کو الگ کرنے والا مادہ : تہ نشیں کرنے والا مادہ : پریسپیٹین۔

Precipitous : (a) [SP., It, Pg. 'precipitoso.'] (۱) کڑاڑے یا کھڑی چٹان کا یا اس کے جیسا : کھڑا۔ (۲) (شاذ) جلد باز یا جلد بازی کا : عاجلانہ : شتابی : ناگہانی : بے تامل : بے سمجھے بوجھے کا۔

Precipitous cliff : (n) (ارضیات) کھڑی چٹان : کڑاڑا: نضنف۔

Precipitous slope : (n) (ارضیات) کھڑی ڈھلان۔

Precipitously : (adv.) (۱)عوداً : کھڑا ہی کھڑا۔ (۲) بالکل نیچے۔ (۳) (شاذ) تیزی سے: شتابی سے : تعجیلاً : بے سوچے سمجھے۔

Precipitousness : (n) عمودیت : کھڑا ہونا۔

Precis : (n) [Fr.] خلاصہ : تلخیص : اختصار : (نیز توصیفاً)۔

Precis : (v) خلاصہ کرنا یا لکھنا : تلخیص کرنا : مختصر اور جامع طور پر بیان کرنا۔

Precise : (a) [Fr. 'precis,-ise.'] (۱)ٹھیک ٹھیک: صحیح: بے کم و کاست۔ پورا : مکمل (بخلاف تقریباً)۔ (۲) (شخص وغیرہ) باضابطہ : باقاعدہ : پابند آداب و آئین: چھوٹی چھوٹی باتوں کی بھی صحت چاہنے والا : صحت پسند: تحقیق پسند۔ (۳) (اخلاق، طرزعمل وغیرہ) رسم و رواج یا آئین و آداب کے عین مطابق : (تقریر، گفتگو) بالکل واضح : صاف۔ (۴) متشرع : سخت پابند شرع: مذہبی پابندی کی سختی سے پابندی کرنے والا: نہایت محتاط : پیورٹن فرقے جیسا۔ (۵) صحت و درستگی میں دوسروں سے ممتاز و ممیز۔

The precise : بالکل وہی: ٹھیک وہی: ایک دم وہی:بس وہی : ہو بہو۔

The precise moment : ٹھیک وہی وقت : عین وہی لمحہ۔

Precise : (v) [Fr.'preciser'.] درست بنانا : ٹھیک ٹھیک بیان کرنا : صحیح و مکمل تعریف کرنا : جامعیت بخشنا: جامع اور کامل بنانا : مختص کرنا: تخصیص کرنا : صراحت کرنا : نام بنام بیان کرنا۔

Precise levelling : (n) (مساحت) ٹھیک تسطیح۔

Precisely : (adv.) (۱) ٹھیک طرح : صحیح اور صاف طور پر: بے کم و کاست : بعینہٖ : بجنسہٖ : ہوبہو۔ (۲)جی ہاں ایسا ہی : بالکل ٹھیک۔

Preciseness : (n) ٹھیک ٹھیک ہونا : بے کم و کاست ہونا : صحت: درستگی : جامعیت : باقاعدگی : باضابطگی : اکملیت۔

Precisian : (n) [f. Precise (a) +-ian.] (قاعدہ، رسم و رواج کا) سخت پابند شخص : ضابطہ پرست : (خصوصاً) سخت پابند شرع Puritau کا مترادف۔

Precisianism : (n) (رسوم، قاعدہ، شرع وغیرہ کی) سخت پابندی: ضابطہ پرستی : (دینیات) پابندیٔ شرع۔

Precisianist : (n) Precisionist کی غلط صورت جو کبھی کبھی استعمال میں آتی ہے۔

Precision : (n) [Fr. 'precision.'] (۱) ٹھیک یا درست ہونا : صحت: درستگی : اجمال : جامعیت: باقاعدگی : اکملیت : وضاحت: واضح، معین یا ممیز ہونا۔ (۲) (طبیعیات وغیرہ)

دقیق پیمائش ۔ (۲) (توصیفاً) درست کام یا عمل کے لئے بنایا ہوا یا اس سے متعلق مثلاً , Precision bombing machine, tool وغیرہ ۔

Arm of precision : بندوق؛ توپ وغیرہ جس میں ایسی مکھی یا دوسرے پرزے وغیرہ موجود ہوں جن سے نشانہ ٹھیک بیٹھتا ہو ۔

Precision instruments : (n) (طبیعیات وغیرہ) دقیق آلات ۔

Precisionist : (n) (زبان، آداب، اطوار وغیرہ کی موزونی و صحت کا) حد سے زیادہ خیال رکھنے والا : ضابطہ پرست : سخت پابند ضابطہ : خالص زبان استعمال کرنے والا؛ سخت پابند شرع ۔

Precisive : (a) (۱) (شاذ) قاطع : جدا کنندہ : مشخص کنندہ؛ تفکیک کنندہ : (کسی شخص یا چیز کو ایک دوسرے سے) الگ کرنے والا ۔ (۲) دقیق : صحیح ۔

Preclude : (v) [L. 'praecludere,'] (۱) (غیر مادی اشیا کے لئے) خارج کرنا : باہر کرنا : باز رکھنا : پہلے سے روکنا؛ مانع ہونا؛ محروم کرنا : ناممکن کردینا : مسدود کردینا؛ وضع کرنا : دور کرنا ۔ (۲) کسی عمل، حرکت یا کام میں)۔ مزاحم ہونا : مزاحمت کرنا : مانع ہونا ۔ (۳) (کسی ایسے معاملے کو جس میں بحث و مباحثہ کی گنجائش ہو) پہلے ہی طے کرکے ختم کردینا : پہلے ہی طے کردینا ۔

Preclusion : (n) (شاذ) ممانعت؛ مزاحمت : انسداد؛ دفعیہ : پہلے ہی روک دینا ۔

Preclusive : (a) مانع : دافع : روکنے والا : خارج کرنے والا (پودا وغیرہ)۔

Preclusively : (adv.) مانع ہوکر : مزاحم ہوکر : انسدادی طور پر ۔

Precocious : (a) [f. L. 'praecox.'] (۱) (پودا وغیرہ) قبل از وقت پھولنے پھلنے والا : پیش رس : (نباتیات) زودرس : بے موسم ۔ (۲) (انسان کی کوئی دماغی یا جسمانی قوت) قبل از وقت نشو ونما یافتہ : قبل از وقت : معجل ۔ (۳) (کوئی چیز یا شخص) قبل از وقت نشوو نما یافتہ؛ مبادر : زود بالغ ۔ (۴) (افعال وغیرہ) جو قبل از وقت نشو و نما ظاہر کریں؛ جس سے قبل از وقت پختگی یا زود رسی ظاہر ہو : زود رسی کا یا اس سے متعلق ۔

Precociously : (adv.) قبل از وقت : بہت قبل : زود رسی سے : پیش رسی یا زود پختگی سے : قبل از وقت نشوونما پاکر ۔

Precociousness : (n) زود رسی : پیش رسی : زود بلوغ : پیش پختگی :

قبل مدت : قبل از وقت نشو ونما ۔

Precocity : (n) [Fr. 'precocite.'] (۱) (پودوں کا) قبل از وقت پھول پھل دینا یا پکنا : (نباتیات) زود رسی : پیش پختگی : پیش رسی ۔ (۲) (حیوانیات، عضویات) زود بلوغ : قبل از وقت نشو ونما ، (طب) قبل از وقت ولادت : قبل از وقت نشوونما یافتہ بچہ : قبل از وقت ذہنی صلاحیت کی نشو ونما : زود فطانت ۔ (۳) مرغیوں کا وقت سے پہلے انڈے دینا ۔

Precognition : (n) [Late L. 'praecognitio.'] (۱) علم جو پہلے سے ہو؛ سابق علم : پیش ادراک؛ وقوف ما قبل (نفسیات) پیش بینی : علم پیش ۔ (۲) (اسکاتستانی قانون) یہ جانچنے کے لئے گواہ کا ابتدائی اظہار کہ آیا مقدمہ چلنے کے قابل ہے یا نہیں ۔

Precognitive : (a) جس سے کسی بات کا پہلے ہی علم ہوجائے : پیش ادراک بخشنے والا ۔

Precognize : (v) پہلے سے جاننا یا پہچاننا : پہلے سے واقف ہونا؛ پہلے سے علم رکھنا ۔

Precognosce : (v) [f .Pre-+cognosce.] (اسکاتستانی قانون) (گواہوں کا) ابتدائی اظہار لینا (یہ جانچنے کے لئے کہ مقدمہ چلنے کے قابل ہے یا نہیں)۔

Precombustion chamber : (n) (انجینئرنگ) قبل احتراق خانہ ۔

Precombustion engine : (n) قبل احتراق انجن ۔

Precomissure : (n) دماغ کا اگلا جوڑ : دماغ کی اگلی گھاٹی ۔

Precompose : (v) پہلے سے بنانا یا ترکیب دینا : پہلے سے ترتیب دینا : تصنیف یا تالیف کرنا ۔

Preconceive : (v) پہلے سے سوچنا، جاننا یا سمجھنا : پہلے ہی ادراک کرلینا؛ پہلے سے خیال باندھنا : (کسی واقع کا) پہلے سے قیاس کرلینا : پیش بینی کرنا : پیش ادراکی کرنا : پیش اندیشی کرنا؛ وہم میں لانا ۔

Preconceived : (a) پہلے سے سوچا ہوا : پہلے سے ادراک کیا ہوا : پہلے سے جانا بوجھا ہوا : پہلے سے قیاس کیا ہوا : موہوم قیاسی ۔

Preconceived notion : (n) (نفسیات) وہم : (جنگلات) اوہام ۔

Preconcept : (n) بنیادی خیال : ابتدائی خیال ۔

Preconception : (n) رائے : خیال ، فیصلہ جو پہلے سے قائم کرلیا جائے : تعصب : طرف داری : صحیح عل ہونے سے پہلے قائم کیا ہوا خیال یا رائے : ظن : گمان : توقع : پیش بینی: (نفسیات) قبل تصور : تعصب : وہم .

Preconcert : (v) پہلے سے طے کرنا: پہلے سے تدبیر نکالنا: پہلے ہی صلاح کرنا یا مصلحت سوچنا : پہلے سے تدبیر کرنا یا آپس کے صلاح و مشورہ سے طے کرنا .

Preconcertedly : (adv.) پہلے ہی طے کرکے :پہلے ہی سے تدبیر سوچ کر.

Preconcertedness : (n) پہلے سے طے شدہ ہونا : پہلے ہی سے تدبیر کیا ہوا ہونا .

Preconization : (n) [med. L. 'praeconizatio.'] (۱) اعلان عام. (۲) (پاپائے اعظم کا کارڈ ینالوں کے سامنے) تقرر اسقف کا اعلان .

Preconize/Praeconize : (v) [med. L. 'praeconizare.'] (۱) عام اعلان کرنا : اعلان کرنا: علانیہ مشتہر کرنا. (۲) علانیہ تعریف کرنا . (۳) نام لے کر طلب کرنا. (۴) (پاپائے اعظم کا) تقرر اسقف کی علانیہ منظوری دینا .

Predacious/Predeceous : (a) [L 'praeda+acious] (۱) (جانور) شکار خوار : شکار پر گزران کرنے والا: شکاری . (۲) شکار خوار جانوروں کا یا ان سے متعلق.

Predaciousness : (n) شکارانہ جبلت : شکار خوری : شکار پر گزران کرنے کی خاصیت .

Predacity : (n) شکارانہ جبلت : شکاری خوری : شکار پر گزران کرنے کی خاصیت .

Predatorily : (adv.) از راہ رہزنی و غارت گری : سفاکانہ.

Predatoriness : (n) رہزنی : غارت گری : لوٹ مار: سفاکی :لٹیرا پن : شکار خوری .

Predatory : (a) [L. 'praedatorius.'] (۱) غارت گر: غارت گری و سفاکی کا عادی : لٹیرا : لوٹ مار، رہزنی و غارت گری کا عادی : (سماجیات) ڈاکو. (۲) رہزنی : لوٹ مار یا غارت گری کا، اس سے متعلق، اس پر مشتمل یا اس جیسا: تاراجی . (۳) شکاری : شکار خور: گوشت خور: شکار پر گزران کرنے والا .

Predatory cultivation : (n) (معاشیات) تاراجی کاشت .

Predecease : (v) (کسی شخص یا کسی واقع سے) پہلے مرنا .

Predecease : (n) اس طرح کی موت : کسی شخص سے پہلے کی موت.

Predecessor : (n) [Late L. 'praedecessor.'] (۱) سابق یا پیش رو عہدہ دار : پیش رو . (۲) کوئی چیز جس کی بجائے کوئی دوسری چیز اسی استعمال کے لئے لائی گئی ہو . (۳) (بشریات) مورث : جد.

Predecessors : (n) (بشریات) آبا و اجداد .

Predella : (n) [It. 'prdella.'] (۱) قربان گاہ کی کرسی . (۲) اس کرسی کے عمودی رخ پر کے نقش و نگار. (۳) قربان گاہ کی پشت کی اٹھی ہوئی الماری. (۴) اس الماری پر کی نقاشی یا کندہ کاری . (۵) توصیفاً .

Predentate : (a) (بعض فیل ماہیان) جن کے صرف اوپری جبڑے کے اگلے حصے میں دانت ہوں .

Predestinarian : (n) جبری : مسئلۂ جبرکا قائل : قائل تقدیر : قدری (شخص) .

Predestinarian : (a) تقدیری ، تقدیر کا یا اس سے متعلق : نظریۂ تقدیر یا مسئلہ جبر کا قائل : قابل تقدیر : جبری : قدری.

Predestinarianism : (n) جبریوں یا قدریوں کا عقیدہ : عقیدۂ قدریہ.

Predeterminism : (n) یہ نظریہ کہ فرد کا ارتقا توارث کے ذریعہ پیش معین ہوتا ہے .

Predial / Praedial : (a) [f. L. 'praedium'.] (۱) اراضی کا یا اس سے متعلق : زراعتی : کاشتکاری کا یا اس سے متعلق : ارضی: زمینی : کشتی. (۲) دیہات کا : دیہی. (۳) اراضیات یا کھیت سے منسلک: کھیت میں کام کرنے والا رعیت کی حیثیت سے کام کرنے والا : زرعی (غلام) .

Predial : (n) زرعی غلام : وہ غلام جس سے زراعت کا کام لیاجاتا ہے .

Predial slave : (n) دیکھو Predial

Predial tithe : (n) عشر: دہ یکی : کھیت کی پیداوار کا دسواں حصہ (جو کلیسا کے لئے وصول کیا جاتا ہے).

Predicability : (n) [f.next.] محمولیت : محکومیت : خبریت: مسندیت.

Predicable : (a) [med. L. 'praedicabilis'.] ممکن الاثبات : قابل استناد : مسندی : خبری : قابل اثبات .

Predicable : (n) [med. L. 'praedicabile.'] محکوم : محمول: مسند: خبر : (خصوصاً جمع میں) محکومات: ارسطو کے

محمولات کی وہ قسمیں جو موضوعات کے تابع ہیں (مثلاً نوع، جنس، تعریف، عوارض، خواص وغیرہ)۔

The predicables : (منطق) محمولات ارسطو۔

Predicament : (n) [Late L. 'praedicamentum'.] (۱) مسند؛ محمول؛ محکوم۔ (۲) (جمع) ارسطو کے مقولات عشرہ؛ مقولہ۔ (۳) وہ طبقہ، درجہ یا قسم جس کے بارے میں کوئی بات کہی گئی ہو یا کوئی بیان دیا گیا ہو۔ (۴) حالت، نوعیت؛ صورت حال (خصوصاً ناگوار، مشکل، بے ڈھب، خطرناک یا تکلیف دہ صورت حال)؛ موقع؛ وضع۔

The ten Predicaments : (منطق) مقولات عشرہ؛ دہ مقولات ارسطو۔

Predicamental : (a) (۱) مسندی؛ محکومی؛ محمولی۔ (۲) ارسطو کے مقولات عشرہ کا۔ (۳) (ناگوار، خطرناک یا مشکل) صورت حال سے متعلق، موقع کا؛ حالتی؛ وضعی؛ نامساعد صورت حال سے متعلق۔

Predicamentally : (adv.) مسند یا محمولی طور پر؛ محکوم کے طور پر ارسطو کے مقولات عشرہ کے مطابق؛ ناگوار، مشکل یا خطرناک صورت حال میں۔

Predicant : (a) [L. 'praedicans.'] (خصوصاً ڈومینیکی راہب پر اطلاق ہوتا ہے) واعظ؛ وعظ گو؛ وعظ گوئی کا رسیا؛ مشائق وعظ گوئی یا شائق تقریر۔

Predicant : (n) ڈچ پروٹسٹنٹ کلیسا کا پادری (خصوصاً) جنوبی افریقہ میں)۔

Predicate : (n) [Late L. 'praedicatum.'] (۱) (منطق) محمول؛ محکوم بہ؛ مسند۔ (۲) (صرف و نحو) مسند؛ خبر؛ وصف؛ صفت۔

Predicate : (v) [f. L. 'praedicare'.] (۱) (کسی چیز کی صحت یا وجود کا) اثبات کرنا؛ ادعا کرنا؛ بہ وثوق کہنا؛ بیان دینا۔ (۲) (منطق) کسی قضیئے کے موضوع کے متعلق کسی چیز کا اثبات کرنا۔ (۳) (کسی چیز کی) صفت، خاصیت یا وصف کے طور پر کسی بات کا اثبات کرنا۔ (۴) دی ہوئی بنیادوں پر (کسی بیان وغیرہ کی) توثیق یا اثبات کرنا؛ کسی بنیاد یا جدول پر کسی بحث یا قضیئے کا حل تلاش کرنا؛ بیان کردہ امور یا موجودہ حالات پر (کسی چیز کی) بنیاد رکھنا (امریکا)۔ (۵) (غلط طور پر) دیکھو Predict۔

Predication : (n) [L. 'praedicatio.'] (۱) اثبات۔ (۲) جس بات یا چیز کا اثبات کیا جائے۔ (۳) (منطق) محمول؛ محکوم بہ؛ مسند۔ (۴) (متروک) وعظ۔

Predicative : (a) [L. 'praedicativus'.] (۱) اثباتی؛ اثبات کرنے والا۔ (۲) (صرف و نحو، اسماء و صفات) جو مسند (یا خبر) ہو یا اس کا کوئی جزو ہو۔

Predicatively : (adv.) مسند یا اس کے جزو کے طور پر؛ اثباتی طور پر۔

Predicator : (n) (۱) (شاذ) واعظ؛ وعظ گو راہب۔ (۲) دعویٰ کرنے والا؛ وثوق کے ساتھ کرنے والا؛ اثبات یا نفی کرنے والا۔

Predicatory : (a) وعظ کا؛ پندونصیحت سے متعلق؛ واعظانہ؛ ناصحانہ؛ جس کو وعظ کہنے کا شوق ہو؛ نصیحت فروش۔

Predict : (v) [L. 'praedicere'.] (۱) پیش گوئی کرنا؛ پیشین گوئی کرنا؛ پیش خبری کرنا؛ (آنے والے واقعات کو) پہلے سے بتادینا۔ (۲) بہ حیثیت پیغمبر کہنا؛ الہام بیانی کرنا؛ وحی کی بنا پر کہنا؛ آئندہ کا حال بتانا۔

Predictability : (n) پیشین گوئی کئے جانے کی قابلیت؛ کسی چیز وغیرہ کا ایسا ہونا کہ جس کی بنا پر اس چیز کے متعلق پیش گوئی یا شگون کیا جائے۔

Predictable : (a) جس کی پیش گوئی کی جاسکے؛ جس کی پیشین گوئی ممکن ہو؛ لائق پیشین گوئی۔

Predicted firing : (n) مشاہدات پر مبنی پیشین گوئیوں یا پیش خبریوں کے مطابق کسی ایسے نقطے پر فائر کرنا کہ متحرک نشانہ (ٹارگٹ) فائر کرنے کے وقت اس نقطے پر پہنچ جائے گا۔

Predicter : (n) (۱) پیش خبری کرنے والا؛ پیش گو؛ پیش گوئی کرنے والا۔ (۲) دیکھو Predictor۔

Prediction : (n) [L. 'praedictio'.] پیش رائے؛ پیش گوئی؛ پیش خبری؛ پیشین گوئی؛ آنے والے واقعات کو پہلے سے بتادینا؛ الہام گوئی؛ الہام بیانی؛ پیغمبری؛ نبوت؛ پیش بینی؛ پیش گوئی بر بنائے وحی۔

Predictive : (a) پیش خبرانہ؛ پیش گویانہ؛ جو آنے والے واقعات کی پہلے سے خبر دے؛ پیش خبری کی صفت کا حامل۔

Predictively : (adv.) از راہ پیشین گوئی؛ پیش گوئی کے طور پر؛ پیش گوئی کرتے ہوئے؛ پیش گویانہ۔

Predictiveness : (n) پیشین گوئی؛ پیش خبری؛ پیش خبری کی صفت؛ وہ حالت یا صفت جس سے آنے والے واقعات کی پیش

خبری ہوتی ہو۔

Predictor : (n) (نفسیات) پیش گو ؛ پیشین گوئی کرنے والا؛آنے والے واقعات کی پہلے سے خبر دینے والا؛ پیش مخبر ؛ پیش گوئی کنندہ ؛ (دینیات) نبی۔

Predictory : (a) پیشین گوئی کرنے والے کا یا اس سے متعلق؛ پیش گویانہ ؛ پیش گوئی یا پیش خبری کی صفت کا حامل ؛ مبنی بر پیشین گوئی ؛ پیغمبرانہ؛ نبّوتی۔

Predikant / Predicant : (n) [Du.] ڈچ پروٹسٹنٹ کلیسا کا پادری (خصوصاً جنوبی افریقہ میں)۔

Predilection : (n) [Fr. 'predilection'.] رغبت ؛ رجحان ؛ شوق ؛ میلان ؛ میلان طبع؛ (نفسیات) میلان خاطر ؛ رغبت۔

Predisponent : (a) [f.Pre + disponent .] (شاذ) راغب کرنے والا ؛ مائل یا رجوع کرنے والا ؛ رغبت دہندہ۔

Predisponent : (n) راغب کرنے والے اثر یا سبب ؛ میلان آور سبب یا اثر۔

Predisposal : (n) پیش انفصال ؛ پیش بندوبست ؛ پیش تفویض؛ پیش انتظام ؛ پہلے کیا ہوا فیصلہ، بندوبست یا انتظام ؛ سابقہ انفصال یا بندوبست ؛ سابقہ انتظام۔

Predispose : (v) (۱)متحمل یا متاخذ بنانا یا کرنا ؛ (کسی شخص کو) پہلے سے کسی بات کی طرف مائل کرنا ؛ پہلے سے مائل کرنا یا موافق بنانا ؛ راغب کرنا ؛ مائل کرنا؛ رجوع کرنا ؛ شائق بنانا ۔ (۲) پہلے سے انتظام کرنا ؛ پہلے ہی نبٹا دینا ؛ پہلے ہی چکانا یا ختم کردینا۔

Predisposed : (a) پہلے سے راغب ، مائل یا آمادہ کیا ہوا ؛ پہلے سے تیار کیا ہوا ؛ پہلے سے متحمل یا متاخذ بنایا ہوا ؛ پہلے سے انتظام کیا ہوا ؛ پہلے سے علاحدہ کیا ہوا یا نبٹایا ہوا ؛ پہلے سے بندوبست کیا ہوا۔

Predisposing causes : (n) (طب) اسباب سابقہ۔

Predisposition : (n) (۱) رغبت طبع ؛ میلان خاطر ؛ رجحان ؛ میل ؛ آمادگی ؛ پیش آمادگی ؛ میلان پیشین ؛ رجحان سابق ۔ (۲) میلان جسمی ؛ صلاحیت ؛ اہلیت؛ تحمل۔ (۳)متحمل ہونا ؛ مائل بہ تاخذ ہونا؛ میلان رکھنا ؛ میلان پیشی؛ وہ جسمانی حالت جو بعض امراض سے متاثر ہونے یا ان میں مبتلا ہونے کا میلان رکھتی ہے؛ وہ جسمانی حالات جو کسی مرض کے حملے کے لئے مناسب ہو۔

Predominance /Predominancy : (n) [AL. 'predominantia'.] (۱) تسلط ؛ غلبہ؛ تفوق ؛ استیلا ؛ بالادستی ؛ غالب ہونا؛ (کسی پر) حکومت رکھنا؛ قومی یا خاص عنصر ہونا ؛ غالب عنصر ہونا۔ (۲) کثرت ؛ زیادتی ؛ شیوع؛ غلبہ ۔ (۳) (علم النجوم) انسانی معاملات پر ستاروں یا سیاروں کے اثرات یا (علم نجوم کی رو سے) ان کی قوت۔

Predominant : (a) [med. L. 'praedominaut'.] (۱) فائق؛ غالب؛مؤثر؛ قوی ؛ مسلط ؛ بالا دست؛ برتر؛ دوسروں پر غلبہ، تفوق، قوت یا اثر رکھنے والا ؛ دوسروں پر چھایا ہوا ؛ بالاتر ۔ (۲) زیادہ کثرت میں ؛ زیادہ افراط میں؛ بہت زیادہ ؛ عام ؛ رائج ؛ شائع (ہر طرف) پھیلا ہوا یا چھایا ہوا ۔ (۳) (مجازاً) رتبے میں بڑھ کر ؛ اعلیٰ؛ بلند مرتبہ ؛ بلند رتبہ ۔

Predominant : (n) دوسروں پر فوقیت ، غلبہ ، اثر، قوت، بالادستی رکھنے والا شخص ؛ اثر، قوت یا اقتدار؛ غالب صفت؛ غلبہ رکھنے والی صفت یا خاصیت ۔

Predominant partner : (n) لارڈ روسبری نے انگلستان کو (بمقابلہ آئرستان وغیرہ) (یہ فقرہ) کہا تھا؛ غالب حصہ دار یا شریک کار ؛ قوی حصہ دار۔

Predominantly : (adv.) یہ غلبہ؛ بہ تفوق ؛ بالادستی سے؛ غالب ہوکر یا غالب ہوتے ہوئے ؛ فوقیت سے؛ کثرت سے؛ زیادہ تر ؛ قوی تر یا خاص عنصر ہوتے ہوئے ۔

Predominate : (a) Predominant کی غلط صورت ۔

Predominate : (v) [Pre-+ dominate.] (۱) (کسی پر) اختیار یا قابو ہونا ؛ (کسی پر) حکومت رکھنا ۔ (۲) غالب ہونا ؛ فائق ہونا؛ غالب رہنا ؛ غالب رکھنا؛ غالب آنا ؛ تسلط رکھنا ۔ (۳) قوی تر یا خاص عنصر ہونا ؛ غالب عنصر ہونا؛ اہم یا مقدم جز ہونا ۔ (۴)دوسرے سے بڑھ کر ہونا ؛ برتر یا بالاتر ہونا۔

Predominately : (adv.) دیکھو Predominantly

Predominatingly : (adv.) دیکھو Predominantly

Predomination : (n) دیکھو Predominance

Predoom : (v) پہلے سے حکم سزا سنانا؛ پہلے سے (ہلاکت یا برے انجام کے لئے) نامزد کرنا ۔

Predorsal : (a) (حیوانیات) پیش ظہری ۔

Pree : (v) [Short f. 'preve' f. ME 'proeven'.] (اسکاتستانی)تجربتاً یا بطور آزمائش چکھنا ؛ مزا معلوم کرنا ؛ جانچنا ؛ صحیح تجربہ حاصل کرنا ۔

To pree the mouth of : (اسکاتستانی) بوسہ لینا ؛منہ چومنا ؛ چوما چاٹی کرنا۔

Preen : (n) [OE. 'preon'.] (اسکاتستانی اور بول چال) (۱) پن ؛ جڑاؤپن؛ بروچ۔ (۲) بہت معمولی قیمت یا اہمیت کی چیز ؛ غیر اہم شے۔

Preen : (v) [f. prec.] پن لگانا ؛ پن سے باندھنا ؛ پن جڑنا۔

Preen : (v) [Late ME. preyne. prayne'.] (۱) (پرندوں کا) چونچ سے (پروں کو) درست کرنا ؛ ٹھیک کرنا؛ سنوارنا ؛ کریز کرنا ؛ کریال کرنا۔ (۲) (شخص کا اپنے آپ کو) سنوارنا؛ خوش نما بنانا ؛ (نیز) فخر کرنا ؛ اکڑنا۔

Preen gland : (n) (حیوانیات) غدۂ رفعن۔

Prefab : (a) (روز مرہ) Prefabricated کا مخفف۔

Prefab : (n) (روز مرہ) Prefabricated house کا مخفف۔

Prefabricate : (v) (کسی عمارت یا ڈھانچے کے) جداگانہ حصوں کو بنانا تاکہ انہیں جائے مقررہ پر یکجا کرکے عمارت یا ڈھانچا تیار کرلیا جائے۔

Prefabricated : (a) قبل ساختہ؛ پیش ساختہ ؛ پہلے سے بنا ہوا ؛ پہلے سے تیار کیا ہوا۔

Prefabrication : (n) قبل ساختگی ؛ پیش ساختگی ؛ (مکان وغیرہ کے) جداگانہ حصوں کی تعمیر۔

Prefabricator : (n) مکان کے جداگانہ حصوں کی تعمیر کرنے والا؛مکان کے حصوں کے الگ الگ ڈھانچے تیار کرنے والا۔

Preface : (n) [med. L. 'praefatia'.] (۱) دیباچہ ؛ تمہید؛ افتتاحیہ ؛ مقدمہ ؛ پیش لفظ ؛ ابتدائیہ ؛ آغاز؛ سرآغاز۔ (۲) تمہید تقریر ؛ تقریر کا ابتدائی حصہ۔ (۳)رسم عشائے ربانی کی درمیانی حصے کی تمہید۔

Proper Preface : مختلف موقعوں کے مطابق رسم عشائے ربانی کے درمیانی حصے کی قدرے تغیرشدہ تمہید (جو مختلف موقعوں کے لئے ہوتی ہے) ؛ حسب موقع یا مخصوص تمہید۔

Preface : (v) [f. prec.] (۱) تمہید لکھنا؛ دیباچہ لکھنا؛ مقدمہ لکھنا ؛ پیش لفظ لکھنا ؛ ابتدائیہ یا افتتاحیہ لکھنا۔ (۲)(تقریر، کام وغیرہ) کسی چیز سے شروع کرنا ؛ تحریر یا تقریر تعارفی یا تمہیدی کلمات سے شروع کرنا؛ ابتدائی اظہار رائے یا خیال کرنا؛ اظہار خیال کے طور پر تمہیدی جملے لکھنا۔ (۳)تعارف کے طور پر پہلے آنا ؛ تمہید ہونا ؛ دیباچہ ہونا؛ مقدمہ ہونا (کسی واقعے یا چیز کا)۔ (۴) (مجازاً) سامنے رکھنا ؛ مقابل رکھنا؛ (کسی چیز کے) آمنے سامنے رکھنا یا کرنا۔

Prefacer : (n) دیباچہ نویس؛ تمہید نگار ؛ مقدمہ نویس؛ پیش لفظ لکھنے والا۔

Prefatial/ Prefacial : (a) ابتدائی ؛ تمہیدی۔

Prefatorial : (a) [f. L.' praefatio' -+-Al.] دیباچہ یا دیباچہ نویس کا یا اس سے متعلق؛ دیباچے یا مقدمے جیسا؛ ابتدائی؛ تمہیدی ؛ افتتاحی۔

Prefatorially /Prefatorily : (adv.) تمہیدی طور پر ؛ ابتدائی طور پر۔

Prefatory : (a) [f. L. 'praefatio' +-ory.] دیباچے یا مقدمے جیسا؛ مقدمے یا تمہید کی نوعیت کا ؛ تمہیدی؛ ابتدائی؛ افتتاحی ؛ مقدماتی۔

Prefect/ Praefect : (n) [L. 'praefectus'] (۱) متعدد فوجی، ملکی رومی عہدہ داروں کا خطاب ؛ پری فکٹ؛ رئیس؛ فرمان دہ؛ حاکم۔ (۲) فرانسیسی محکمۂ انتظامی کا ناظم خصوصی۔ (۳) (بعض پبلک اسکولوں میں) خلیفہ ؛ مانیٹر؛ پری فکٹ ؛ مبصر کلاس۔

Prefect of police : (n) پیرس کی پولیس کا افسر ؛ کوتوال۔

Prefectoral /Prefectorial : (a) پری فکٹ کا ؛ مانیٹر یا خلیفہ کا (خصوصاً انگلش پبلک اسکول میں)۔

Prefectship : (n) پری فکٹ کا عہدہ یا اس کی مدت ملازمت۔

Prefectural : (a) پری فکٹ کے عہدے یا اس کی مدت ملازمت سے متعلق؛ پری فکٹ کے عہدے کا ؛ پری فکٹ کے زیرحکومت ضلع کا یا اس سے متعلق؛ پری فکٹ کی سرکاری قیام گاہ سے متعلق۔

Prefecture : (n) [L. 'praefectura'.] (۱) پری فکٹ کا عہدہ یا اس کی مدت ملازمت۔ (۲) پری فکٹ کی سرکاری قیام گاہ۔ (۳) پری فکٹ کے زیر حکومت ضلع ؛ ولایت؛ حکومت۔

Prefectureship : (n) پری فکٹ کا عہدہ یا اس کی مدت ملازمت۔

Prefer : (v) [L. 'praeferre'.] (۱) بڑھانا ؛ ترقی دینا (کسی شخص کو کسی خدمت پر)۔ (۲) (بیان، اطلاع، عہدہ دار کے سامنے) پیش کرنا ؛ گزارنا ؛ داخل کرنا۔ (۳) ترجیح دینا ؛ بہتر یا برتر جاننا؛ زیادہ پسند کرنا؛ (کسی

ایک کے مقابلے میں دوسرے کو) منتخب کرنا؛ (قانون) ترجیح دینا (مثلاً قرض خواہ کو)۔

Preferability : (n) قابل ترجیح ہونے کی حالت یا صفت؛ لائق ترجیح ہونا؛ بہتری؛ برتری؛ فوقیت؛ تفوق۔

Preferable : (a) قابل ترجیح؛ مرجح؛ بہتر؛ مستحسن؛ زیادہ پسندیدہ۔

Preferableness : (n) دیکھو Preferability

Preferably : (adv.) ترجیحاً؛ ترجیح دیتے ہوئے؛ بہتر سمجھتے ہوئے زیادہ پسند کرتے ہوئے؛ مقابلتاً یا نسبتاً قابل ترجیح سمجھتے ہوئے۔

Preference : (n) [med. L. 'preferentia'.] (۱) ترجیح؛ بہتر یا برتر سمجھنا۔ (۲) مرّجح یا منتخب شے۔ (۳) (قانون) ترجیح (مدیون کا اپنے دانیوں میں سے کسی ایک کو ادائے قرض میں ترجیح دینا)۔ (۴) (معاشیات) ترجیح (تجارتی معاملات میں کسی شخص یا ملک کو دوسرے پر ترجیح دینا خصوصاً کسی ملک کی درآمد پر نسبتاً کم محصول عائد کرکے)۔

Fraudulent preference : تمام دانیوں یا قرض خواہوں کے درمیان اپنے اثاثے کی مساوی تقسیم سے بچاؤ کی خاطر کسی دیوالیہ شخص کا اپنے بعض قرض خواہوں کو پہلے ہی قرض چکا دینا؛ پرفریب ترجیح۔

Imperial preference: شاہی ترجیح؛ سلطنت برطانیہ کے اندر جو ممالک ہیں ان کی برآمد پر ہلکا محصول لگانا۔

Preference bond : (n) (معاشیات) ترجیحی بونڈ؛ دیکھو -Preference share

Preference method : (n) (نفسیات) ترجیحی طریقہ۔

Preference share/-stock : (n) (معاشیات) ترجیحی حصہ؛ ترجیحی سرمایہ یا اسٹاک؛ ترجیحی یا مرجح تمسک، رقعہ، حصہ، اسٹاک وغیرہ (یعنی وہ حصص کمپنی وغیرہ جن کی بابت منافع یا سود کی تقسیم بہ ترجیح حصص کے ایک معینہ حد تک عمل میں آتی ہے)۔

Preference system : (n) (معاشیات) ترجیحی نظام؛ طریق ترجیحی۔

Preferent : (a) [f. Preference , after difference, 'different.'] مرجح؛ ترجیحی؛ جسے ادائی یا عوض میں ترجیح کا حق حاصل ہو؛ مقدار ترجیح؛ جسے ترجیح یا تفوق حاصل ہو؛ فائق؛ مقدم؛ حق دار تقدم۔

Preferent claims : (n) دعویٰ مقدم۔

Preferential : (a) (۱) ترجیحی؛ امتیازی؛ مقدم؛ ترجیح کا؛ ترجیح دینے یا پانے والا؛ ممتاز، خصوصی امتیاز کا حامل۔ (۲) (محصولات وغیرہ) خاص ملکوں کے حق میں رعایتی؛ (خصوصاً ایسے محصولات وغیرہ) جن سے برطانیہ عظمیٰ اور اس کی نو آبادیات کی تجارت کو فائدہ پہنچے؛ رعایتی یا ترجیحی (محصولات)۔

Preferential mating : (n) (حیوانیات) ترجیحی جفتی۔

Preferential voting/-system : ترجیحی رائے دہندگی یا دہی؛ ترجیحی استصواب رائے؛ استصواب رائے کا ایک طریقہ جس میں رائے دہندہ کسی عہدے کے لئے بیلٹ (Ballot) پر چھپے تمام ناموں پر حسب ترجیح اپنی رائے دیتا ہے۔ اگر کوئی امیدوار کثرت رائے سے اولیں ترجیح کا حامل نہیں قرار پاتا تو پہلی اور دوسری ترجیحات یا اگر ضرورت ہوئی تو تیسری اور دیگر ترجیحات کو بھی شمار کرلیا جاتا ہے یہاں تک کہ کسی امیدوار کو کثرت رائے حاصل ہوجاتی ہے (اسے alternative voting بھی کہتے ہیں)۔

Preferentialism : (n) طریق ترجیح (شرح محصول مقرر یا عائد کرنے میں ترجیح دینے، رعایت کرنے یا فائدہ پہنچانے کا اصول، عمل وغیرہ)۔

Preferentialist : (n) طریق ترجیح کا حامی یا موید؛ ملکوں کے تجارتی محصولات میں ترجیح یا رعایت کا حامی۔

Preferentially : (adv.) از روئے ترجیح؛ ترجیحاً ترجیحی طور پر؛ امتیازی طور پر؛ طریق ترجیح یا نظام ترجیح کی رو سے۔

Preferment : (n) [f. Prefer+ ment.] (۱) (حالت، معیارزندگی عہدے یا رتبے میں) ترقی؛ بڑھوتری؛ ارتقاء؛ ترفیع؛ ترقیٔ مقام۔ (۲) وہ عہد جو مالی یا معاشرتی اعتبار سے بلند رتبہ بنا دے؛ (خصوصاً) کوئی کلیسائی عہدہ۔ (۳) (حق، دعوے یا رعایت میں) ترجیح؛ برتری؛ تفوق؛ امتیاز؛ حق تقدم؛ (خصوصاً ادائی پانے، کوئی چیز خریدنے یا کرائے پر لگانے کا ترجیحی حق (متروک)۔

Preferred : (a) مرجح؛ ترجیح دیا ہوا؛ افضل؛ فائق؛ ممتاز؛ امتیاز یافتہ۔

Preferred share/-stock : (n) دیکھو Preference share/ -stock

Prefiguration : (n) [eccl. L. 'praefiguratio'.] (۱) آنے والی بات کا

پہلے سے نمونہ یا مثال پیش کرنا۔ (۲) نمونہ یا مثال جو آنے والی بات کی خبر دے۔ (۳) وہ جس میں کوئی چیز پہلے سے منقش ہو یا نمونتاً پیش کی گئی ہو: اصلی: اصلی نمونہ: ابتدائی نمونہ: پیش بینی: مآل اندیشی۔

Prefigurative : (a) [med. L. 'praefigurativus'.] جو پہلے سے کسی بات کی تصویر پیش کرے: جو آنے والی بات کی پہلے سے مثال پیش کرے: جو نمونہ یا مثال کا ذریعہ آنے والی بات کی خبر دے۔

Prefigure : (v) [eccl. L. 'praefigurare'.] (۱) پہلے سے تصویر بناکر ظاہر کرنا، بیان کرنا: پہلے ہی تصور کرلینا۔ (۲) پہلے سے نمونہ یا مثال پیش کرنا۔ (۳) پہلے سے اپنے دماغ میں تصویر کھینچ لینا۔

Prefigurement : (n) Prefiguration دیکھو

Prefix : (n) [med. L. 'praefixum'.] (۱) سابقہ۔ (۲) خطاب، لقب جو نام سے پہلے آتا ہے (مثلاً Mr, Sir, Dr. وغیرہ)۔

Prefix : (v) [Fr. 'prefixer'.] (۱) (باب، پیراگراف وغیرہ کو) کتاب کے شروع میں دیباچے کے طور پر لگانا۔ (۲) (لفظ وغیرہ کو) بطور سابقہ لگانا۔

Prefixion : (n) [med. L. 'praefixio'.] سابقے کا استعمال۔

Prefixture/Praefixture : (n) [f. Prefix (v) after Fixture] (۱) سابقہ لگانا۔ (۲) بطور سابقہ لگایا ہوا لفظ: سابقہ۔

Preflight : (a) (خاص کر طیارہ) آمادۂ پرواز: قبل پرواز: اڑنے سے پہلے: جو اڑنے کی تیاری کررہا ہو۔

Preflood : (a) سیلاب سے پہلے کا: ما قبل سیلاب۔

Prefloration : (n) [Fr. 'prefloraison'.] (نباتیات) قبل شگفتگی: کھلنے سے پہلے کی اندورنی ترتیب۔

Prefoliation/ Praefoliation : (n) [Fr. 'prefoliation'.] (نباتیات) قبل برگیت: قبل برگی: پودوں یا کلیوں کی بند پتیوں (کونپلوں) کی ترتیب یا تشکیل: کونپلوں یا ناشگفتہ پتیوں کی طرز ترتیب۔

Preform : (v) [f. Pre -+ form] پہلے سے بنانا: گھڑنا یا تیار کرنا۔

Preformation/ Praeformation : (n) (حیاتیات) قبل تشکیل: تشکیل ما قبل: پہلے سے بنانے، گھڑنے یا تشکیل دینے کا عمل یا طریق عمل: ساخت اولیں: ساخت پیشین۔

Theory of preformation : یہ نظریہ کہ کسی پودے کے بیج ہی میں وہ تمام اجزا موجود ہوتے ہیں جو بعد کو پودے میں ظاہر ہوتے ہیں: نظریۂ قبل تشکیل۔

Preformative/ Praeformative : (a) (۱) (سابقہ وغیرہ) جو بطور جزو ترکیبی کسی لفظ میں لگایا جائے۔ (۲) پہلے سے تشکیل دینے یا بنانے کی صفت یا اہلیت رکھنے والا۔

Preformative : (n) (فلسفہ) سابقہ (خصوصاً سامی زبانوں میں)۔

Preformed : (a) پہلے سے بنایا ہوا: پیش متشکل شدہ: پہلے سے گھڑا ہوا یا تیار کیا ہوا۔

Preformism : (n) (نباتیات) نظریۂ قبل تشکیل۔

Prefrontal / Praefrontal : (a) (۱) پیش جبینی: پیشانی کی ہڈی کے سامنے واقع۔ (۲) دماغ کے Frontal lobe کے اگلے حصے میں واقع۔

Prefrontal : (n) (تشریح) پیش جبینی ہڈی: ناک کی جڑ کے پاس کی مسام دار ہڈی کا ایک حصہ جو بعض رینگنے والے اور مینڈک جیسے حیوانات اور مچھلیوں میں ایک نمایاں ہڈی کے طور پر ہوتا ہے۔

Prefrontal bone : (n) Prefrontal دیکھو

Pregenial : (a) [f. Pre -+Gr. 'gencion'.] (تشریح) پیش ذقنی: ٹھڈی کے آگے کی۔

Pregenital : (a) قبل تناسلی: نفسی جنسی ارتقاء کے anal, urethral، oral اور Phallic فیزوں یا مرحلوں کا، ان سے متعلق یا ان کی خاصیت کا۔

Pregeological : (a) قبل ارضیاتی: معتبر ارضیاتی جدول سے پہلے کا۔

Pregerminated : (a) (نباتیات) قبل روئیدہ۔

Pregermination : (n) (نباتیات) قبل روئیدگی: پیشگی اپج۔

Pregestational : (n) استقرار حمل سے پہلے واقع ہونے والا۔

Pregnable : (a) [Fr. 'prenable'.] (۱) (فوج) قابل تسخیر: قابل فتح (قلعہ، گڑھی وغیرہ)۔ (۲) (مجازاً) جو حملے کی زد میں آسکے: غیر محفوظ: کمزور: جس پر بہ آسانی حملہ ہوسکے۔

Pregnancy : (n) (۱) حمل: گابھ: حالت حمل: حاملہ ہونا: گابھن ہونا: حاملگی۔ (۲) (زمین کی) زرخیزی: بار آوری:

پیداواریت ۔ (۲) (مجازاً) (ذہن کی) قوت خیال : قوت تفکر و تصور : تیزی : ذکاوت: فراست : اختراعی یا ایجادی صلاحیت ۔ (۳) (تقریر، الفاظ وغیرہ) بامعنی ہونا: معنونیت امکانی قوت : نتیجہ خیزی ۔

False pregnancy : (طب) رجا ۔

Pregnancy disease : (n) گابھن بھیڑوں کی ایک بیماری جو کاربو ہائیڈریٹ کی کمی سے خصوصاً ان بھیڑوں کو ہوتی ہے جن کے پیٹ میں دو یا تین بچے ہوتے ہیں (علامت: سستی، لڑکھڑاہٹ، چکراکر گرنا)۔

Pregnancy test : (n) امتحان حمل : حمل کی جانچ (یہ معلوم کرنے کے لئے کہ آیا حمل ہے یا نہیں)۔

Pregnant : (a) [Fr. pregnant'.] (۱) حاملہ : گابھن ۔ (۲) (ذہن) رسا : معنی خیز : پرتخیل : اختراعی : ایجادی۔ (۳) نتیجہ خیز۔ (۴) (کام، الفاظ) معنی خیز : نکتہ خیز : پر معنی : مضمون آفریں : نکتہ آفریں۔

Pregnant construction : (n) (صرف و نحو) ذو معنی ترکیب : معنی خیز ترکیب (جملے وغیرہ کی ایسی ساخت جس میں لفظی معنوں کے علاوہ معنوی اور پنہاں معنی بھی ہوں)۔

Pregnantly : (adv.) پر معنی انداز میں: مطلب خیز طور پر : نکتہ آفریں انداز میں ۔

Pregummed paper : (n) ڈاک ٹکٹ کا کاغذ جس کو چھاپنے سے پہلے گوند لگادیا جاتا ہے ۔

Pregustation : (n) ابتدائی جانچ ۔

Prehallux/ Praehallux : (n) [mod. L.] بعض پستان دار، رینگنے والے اور صفدغی حیوانات کے ٹخنوں کی ہڈی کے پاس اندر کی طرف ایک نامکمل ساخت جسے اضافی انگشت سمجھا جاتا ہے : پیش ابہام ۔

Prehensible : (a) [L. 'prehensus..] (حیوانیات) گرفت پذیر : پکڑے جانے کے لائق ۔

Prehensile : (a) [Fr. 'prehensile'.] (وہ عضو یا دُم) جو گرفت کرسکے گرفت کی صلاحیت رکھنے والا: گیرندہ۔

Prehensility : (n) گیرندگی : قوت گرفت : صلاحیت گرفت: گرفت کرنے کی صلاحیت یا صفت ۔

Prehension : (n) [L. 'prehensio'.] (۱) پکڑنے یا گرفت کرنے کا عمل: قبضہ : گرفت کرنا : گرفت ۔ (۲) فہم : ادراک: تصور: (ذہن کی) رسائی۔

Prehepatic : (a) (تشریح) پیش جگری : جگر کے سامنے کا۔

Prehistoric/-al : (a) [Fr. 'prehistorique'.] ما قبل تاریخی : قبل تاریخی: تاریخ سے قبل کے عہد کا ، اس عہد سے متعلق یا اس عہد میں موجود ۔

Prehistorically : (adv.) قبل تاریخی زمانے میں۔

Prehistory : (n) زمانۂ ما قبل تاریخ : واقعات ما قبل تاریخ۔

Prehnite : (n) [G. 'prehnit'.] المونیم اور کیلشیم کا آبدار سلیکیٹ۔

Prehnitic : (a) Prehnite سے متعلق یا اس جیسا ۔

Prehnitic acid : (n) Prehnite جیسا ایک ترشہ $(C_{10} H_6 O_8)$ ۔

Prehuman : (a) قبل انسانی : ما قبل انسانی : بنی نوع انسان کے وجود میں آنے سے قبل کا۔

Prejacent : (a) [OFr. 'prejacent'.] (منطق) مقدم :اصلی :اولیٰ : اولین۔

Prejacent : (n) (منطق) قیاس اولیٰ : مقدمہ ۔

Prejudge : (v) [after L. 'praejudicare'.] (۱) مناسب تحقیقات یا سماعت سے پہلے فیصلہ صادر کرنا، رائے ظاہر کرنا، تجویز کرنا ۔ (۲) (کسی فعل، شخص، سبب وغیرہ کے متعلق) قبل از وقت رائے قائم کرلینا ۔

Prejudg (e) ment : (n) (۱)قبل از وقت رائے قائم کرلینا ۔ (۲) رائے، فیصلہ، تجویز وغیرہ جو تحقیقات یا سماعت سے پہلے صادر کی جائے ۔

Prejudication : (n) [f. L. 'praejudicare'.] (۱)دیکھو Prejudg (e) ment ۔ (۲) پہلے کا فیصلہ جو بطور نظیر کام آئے : (قانون) نظیر ۔

Prejudice : (n) [L. 'praejudicium'.] (۱) مضرت : نقصان (جو کسی شخص کو اس فیصلے یا عمل سے پہنچا ہے جس میں اس کے حقوق کو نظر انداز کیا گیا ہو) ۔ (۲) (کسی کے موافق یا مخالف) میلان خاطر: بے جا مخالفت یا طرف داری کا رجحان : تعصب : بے جا بدظنی یا حسن ظن : عصبیت : ہٹ ۔

In prejudice of:: نقصان دہ طور پر: مضرت رساں اندازمیں: مضرت رسانی سے۔

To the prejudice of : نقصان پہنچاتے ہوئے ؛ مضرت رسانی سے ۔

Without prejudice : (قانون) موجودہ حقوق وغیرہ کو نقصان پہنچائے بغیر (کوئی معاملہ کرتے وقت یہ فقرہ کہتے ہیں جس سے مراد یہ ہے کہ اگر معاملہ طے نہ ہو تو جو کچھ کہا یا تحریر کیا جائے وہ کسی فریق کے حق میں مضر نہیں ہوسکتا اور نہ وہ بطور شہادت پیش ہوسکتا ہے)۔

Prejudice : (v) (۱) کسی کے دل میں تعصب پیدا کرنا؛ بے جا اثرات ڈال کر کسی شخص کو موافق یا مخالف بنالینا ؛ کسی کے ذہن یا رائے کو پہلے ہی متاثر کردینا ۔ (۲) مضرت یا نقصان پہنچانا؛ بگاڑ دینا ؛ کمزور کرنا (کسی حق، دعوے بیان وغیرہ کو)۔

Prejudiced : (a) جو پہلے ہی سے کسی کی موافقت یا مخالفت میں ہو ؛ جس نے پہلے ہی کسی کو موافقت یا مخالفت میں اپنی رائے قائم کرلی ہو ؛ پہلے سے فیصلہ کئے ہوئے ؛ پہلے سے طے شدہ ۔

Prejudicial : (a) [Fr. 'prejudiciel'.] (۱) بدظنی ؛ تعصب یاطرف داری پیدا کرنے والا ۔ (۲) نقصان دہ؛ مضر؛ مضرت رساں ۔

Prejudicial : (a) [Late L. 'praejudicialis'.] (یونانی قانون) عدالتی کارروائی کے پہلے ؛ پیش مقدماتی ۔

Prejudicially : (adv.) از راہ تعصب ؛ بدظنی یا طرف داری سے ؛بدظنی پیدا کرتے ہوئے ؛ نقصان دہ طور پر ؛ مضرت رساں انداز میں ۔

Prejudicialness : (n) مضرت رسانی ؛ نقصان دہ ہونا ۔

Prekindergarten : (a) (۱) بہت چھوٹے بچوں کے لئے یا ان کے لائق ؛ ننھے بچوں کے لئے مناسب ؛ ان بچوں کے لئے جو ابھی Kindergarten میں داخلے کے لائق نہ ہوں ۔ (۲) بہت چھوٹا ؛ ابتدائی ؛ نارسیدہ ۔

Prelacteal : (a) (۱) دودھ کے دانت سے پہلے کا (تھیلی دارجانوروں کے ابتدائی دانتوں کے لئے مستعمل ہے)۔ (۲) (بچے کی غذا) جو دودھ سے پہلے دی گئی ہو؛ دودھ سے پہلے کھائی ہوئی (غذا) دودھ پینے سے قبل ۔

Prelacy : (n) [med . L. 'prelatia'.] (۱) رئیس کلیسا (پریلیٹ) کا عہدہ، منصب، درجہ، علاقہ ۔ (۲) جماعت رؤسائے کلیسا ۔ (۳) پریلیٹوں کی حکومت کلیسا (اسقف حکومت) Episcopacyکا مذمت آمیز نام)۔

Prelate : (n) [med. L. 'praelatus'.] پریلیٹ ؛ رئیس کلیسا (جس سے مراد ہے اسقف اعظم، اسقف ، مطران بطریق اور (تاریخ میں) صدر راہب وغیرہ) ۔

Prelateship : (n) پریلیٹ کا عہدہ یا اس کی مدت ۔

Prelatess : (n) (۱) صدر راہبہ ۔ (۲) نائب صدر راہبہ (Prioress)۔ (۳) (مزاحاً) پریلیٹ کی بیوی ۔

Prelatic/-al : (a) پریلیٹوں یا ان کے عہدے ، علاقے وغیرہ کا یا اس عہدے وغیرہ سے متعلق (عموماً بطور مذمت)؛ پریلیٹوں کے زیر حکومت یا ان سے وابستہ ؛ رئیس کلیسا کے عہدے یا منصب سے وابستہ ؛ اسقفی ؛ اسقفی حکومت کا پیرو ۔

Prelatism : (n) پریلیٹوں کی حکومتِ کلیسا ؛ اسقفی حکومت یا اس کی پیروی ۔

Prelatist : (n) اسقفی حکومت کا پیرو ؛ اسقفی کلیسا کا رکن ؛ پریلیٹوں کی حکومت کا حامی ۔

Prelatize : (v) [f. Prelate (n) + ize.] (کلیسا کو) پریلیٹی حکومت کے تحت لانا ؛ پریلیٹ یا اس کی حکومت سے وابستہ کرنا ۔

Prelatry : (n) [f. asprec. +-ry.] دیکھو Prelacy

Prelature : (n) [med. L. 'praelatura'.] (۱) پریلیٹ کا عہدہ؛ پریلیٹ کا علاقہ ۔ (۲) پریلیٹوں کی جماعت ؛ پریلیٹ کا درجہ ؛ منصب ۔

Prelect / Praelect : (v) [f. L. 'praelegere'.] تقریر کرنا ؛ لیکچر دینا (کسی موضوع پر خصوصاً جامعہ میں) ؛ درس دینا ؛ خطبہ دینا ۔

Prelection/ Praelection : (n) (۱) عام تقریر یا لیکچر ؛ (خصوصاً کسی کالج یا یونیورسٹی میں طلبا، کے سامنے وہاں کے ریڈر یا ٹیچر کا لیکچر ؛ (تعلیم) درس عام ؛ خطبہ۔ (۲) پیشگی مطالعہ ؛ جو پڑھایا جاتا ہے اسے پہلے سے پڑھ لینا ۔

Prelector/ Praelector : (n) (کسی جامعہ کا) لیکچرر یا ریڈر ؛ خطیب؛ استاد؛ مدرس ۔

Prelectorship : (n) (کسی جامعہ کے) لیکچرر یا ریڈر کا عہدہ ، رتبہ یا کام ۔

Prelibation : (n) [Late . L. 'praelibatio'.] (۱) (عموماً مجازاً) پہلے

سے مزا چکھ لینا۔ (۲) کسی چیز کے پہلے پہل کا چڑھاوا یا پیش کش (شاذ)۔

Prelim : Preliminary کا مخفف۔

Preliminarily : (adv.) [f. next.] (۱) ابتدائی انتظام کے طور پر۔ (۲) بطور تمہید: بطور مقدمہ : بطور افتتاح: ابتدائی: یا آزمائشی طور پر۔

Preliminary : (n) [mod . L.praelininaris'.] (عموماً جمع) ابتدائی اقدامات یا انتظامات : ابتدائی امور: (توصیفاً) (طلبا کا عامیانہ) ابتدائی امتحانات: آزمائشی امتحانات۔

Preliminary : (a) مبادی : مقدماتی : تمہیدی : ابتدائی : افتتاحی : آزمائشی : اصل کام یا موضوع سے پہلے آنے والا یا اصل کام یا موضوع کی طرف رہنمائی کرنے والا۔

Prelithic : (a) پتھر کے اوزار : ہتھیار یا سامان استعمال کرنے سے قبل کے دور کا (انسانی تہذیب یا ارتقا کی ایک مفروضہ منزل پر اطلاق ہوتا ہے)۔

Prelude : (n) [med . L. 'praeludium'.] (۱) فاتحہ : آغاز : ابتداء : تمہید: (کوئی کام ، واقعہ ، عمل، حالت وغیرہ جو کسی دوسرے کام وغیرہ کا) پیش خیمہ (ہو)۔

Prelude : (v) [L. 'praeludere'.] (۱) پیش خیمہ ہونا یا بنانا: روشناس کرنا : پہلے سے آگاہ کرنا، بتانا : (آئندہ واقعات کا) پیش خیمہ ہونا : شگون ہونا۔ (۲) تمہید وغیرہ کے ساتھ پیش کرنا۔ (۳) سرملانا: افتتاحی نغمہ سنانا : افتتاحی نغمہ سے شروع کرنا۔

Preluder : (n) آغاز کرنے والا: سر ملانے والا : افتتاحی نغمہ سنانے والا: ابتدا کار : آغاز کار۔

Preludial : (a) ابتدائی : تمہیدی : بطور پیش خیمہ کام آنے والا: افتتاحی : مقدماتی۔

Preludious : (a) Preludial دیکھو

Preludium/ Praeludium : (n) [med. L.] ابتدا : آغاز: تمہید۔

Preludize : (v) تمہید لکھنا : افتتاحی نغمہ بجانا۔

Prelusion : (n) [L. 'praelusio'.] ابتدا: آغاز : تمہید : تعارف: پیش خیمہ : مقدمہ : افتتاح: روشناس کرانا : افتتاحی نغمہ سنانا۔

Prelusive : (a) (۱) افتتاحی : تمہیدی : ابتدائی : تعارفی۔ (۲) بطور پیش خیمہ کام دینے والا۔

Prelusively/Prelusorily : (adv.) بطور تمہید : افتتاحی طور پر : ابتدائی انداز میں : تمہیدی انداز میں : تمہید کے طور پر۔

Prelusory : (a) [Late L. 'praelusorius'.] Prelusive دیکھو

Preman : (n) (بشریات) اوّلی انسان : ایک مفروضہ قدیم اشرف المخلوق جو آدمی سے فوراً پہلے یا براہ راست جد آدم سمجھی جاتی ہے۔

Premaxilla/Praemaxilla : (n) [mod.L] (تشریح) اوپری جبڑے کی آگے والی ہڈی : اوپری جبڑے کی سامنے والی ہڈی۔

Premexillary : (a) (تشریح) اوپری جبڑے کے سامنے یا آگے واقع: پیش فکّ اعلیٰ : پیش فکّ فوقانی۔

Premaxillary : (n) Premaxilla دیکھو

Premaxillary bone : (n) (تشریح) اوپری جبڑے کی آگے والی ہڈی : اوپری جبڑے کے سامنے کی ہڈی۔

Premeditate : (v) [L.'Praemaditari'.] پیش بندی کرنا : پہلے سے تہان لینا : سوچ لینا : پہلے سے سوچ سمجھ لینا تجویز کر رکھنا (کسی کام کی): پہلے سے قصد کر لینا: نیت کرنا۔

Premiate : (v) [L. 'Praemiar '.] انعام دینا: قسط اداکرنا۔

Premier : (a) [L.'primarius'.] (۱) (وقت، اہمیت ،سلسلہ ،جگہ، مرتبہ، درجہ کے لحاظ سے) مقدم : پہلا : اول: اعلیٰ ارفع: برتر : والا تر۔

Premier : (n) [Short for 'premier minister'.] (۱) کسی ادارے کا افسر اعلیٰ۔ (۲) (برطانیۂ عظمیٰ یا اس کی نوآبادیات کا) وزیراعظم۔ (۳) (امریکا) سکریٹری آف اسٹیٹ۔

Premier : (n) [Fr. short for 'premier etage'.] ہوٹل وغیرہ کی دوسری منزل۔

Premiere : (n) [Fr. short for ' premiere representation'.] کسی کھیل یا ڈرامے کی اولین نمائش : نمائش شب اول : شب اول۔

Premiership :(n) وزرات عظمیٰ: وزیراعظم کی مدت ملازمت۔

Premillenarian : (n) (۱) الف سعادت سے قبل حضرت عیسیٰ کے ظہور ثانی پر عقیدہ رکھنے والا۔ (۲) دیکھو Premillennalist-

Premillennial : (a) الف سعادت (عہد ہزار سالہ جس میں شیطان مقید ہوگا اور حضرت مسیح کی حکومت ہوگی) سے قبل کا؛ حضرت مسیح کے ظہور ثانی سے قبل کا؛ (نیز) آج کی دنیا یا موجودہ دور سے متعلق (جو الف سعادت سے قبل کا ہے) .

Premillennialism : (n) یہ عقیدہ کہ حضرت عیسیٰ کا ظہورثانی الف سعادت سے قبل ہوگا.

Premillennialist : (n) الف سعادت سے قبل حضرت عیسیٰ کے ظہور ثانی پر عقیدہ رکھنے والا:اس بات کا معتقد کہ حضرت عیسیٰ کا ظہورثانی الف سعادت سے قبل ہوگا.

Premillennialize: (v) اس عقیدہ کی تبلیغ کرنا کہ حضرت عیسیٰ کا ظہور ثانی الف سعادت سے قبل ہوگا.

Premillennian : (a) دیکھو Premillennial

Premineral : (a) معدنی تودوں سے قبل کا: جو معدنی تودوں سے قبل وجود میں آچکا تھا.

Premise/ Premiss : (n) [med. L 'praemissa'.] (۱) (منطق) مقدمہ : قضیہ (قیاس syllogism) تین قضیوں پر مشتمل ہے جن میں اول دو کو مقدمات یا قضیے کہتے ہیں اور آخری کو نتیجہ .(۲) (جمع) امر مندرجہ بالا : (خصوصاً قانون) مندرجہ بالا مکانات واراضیات وغیرہ (جائداد جس کے حالات دستاویز میں درج ہو چوکے ہوں).(۳) (جمع) مکان، عمارت اور اس سے ملحق اراضی اور دیگر اشیا.

The major premise : (منطق) مقدمۂ کبریٰ.

The minor premise: مقدمۂ صغریٰ.

Premise : (v)[f.prec.] (۱) بطور مقدمہ پیش کرنا :مقدمات کی صورت بیان کرنا یا پیش کرنا . (۲) (کوئی بات) افتتاحاً یا بطور تمہید لکھنا یا کہنا : تعارف کے طور پر کچھ کہنا یا لکھنا .

Premises : (n) (۱) (منطق) مقدمات.(۲) احاطہ.(۳) عمارات.

Premiss : (n) دیکھو Premise(n)

Premium/ Premiums /Premial : [l. 'Praemium .'] انعام : صلہ : بخشش:منافع.(۲) پریمیم:وہ رقم جو بیمہ کرنے والے کو بطور بدل معائدہ بیمہ اوقات معینہ پردی جائے : قسط بیمہ : قسط.(۳) بڑھوتی:بڑھوتری:بیشی:مزید نفع یا فائدہ (خصوصاً) زائد منافع جو کمپنی کے حصہ داروں کو ملے.(۴) انعام جو مزدوروں کو اجرت کے علاوہ دیا جائے:انعام.(۵) کوئی پیشہ سیکھنے کی فیس .(۶) بٹاون : بٹہ :بھنوائی بدلوائی: وہ رقم (بحساب فی صد) جو زر کاغذی کو سکوں میں یا کسی کو اس سے اعلیٰ زر میں بدلوانے کے لئے زائد دینی پڑتی ہے .

At a premium : معمولی قیمت سے زیادہ میں:عام قیمت سے زیادہ میں : مساوات سے اوپر ؛ (مجازاً) گراں قدر : گراں قیمت.

To put a premium on (fraud) : (دغابازی کا) محرک ہونا: ترغیب دینا.

To stand at a premium : (حصص کا) بیشی پر ہونا: بڑھوتری پر ہونا: قیمت مساوات یا قیمت اجزا سے زیادہ قیمت پر ہونا.

premium bond :(n) انعامی بانڈ :سرکاری بانڈ جس پر سود نہیں ہوتامگر وقتاً فوقتاً نقد انعامات حاصل کرنے کے مواقع ہوتے ہیں.

Premium bonus system /Premium system : (n) بونس سسٹم:ایک قاعدہ جس کے ذریعہ کام کی اجرت کے علاوہ معیاری وقت سے کم مدت میں کام کر لینے کے عوض مزدوروں کو کئے ہوئے کام کی قدر وقیمت کے تناسب سے بونس دیا جاتا ہے.

premolar : (n) (تشریح) پیش ضرش:ضرس کاذب: ڈاڑھ سے پہلے والا دانت: چھوٹی ڈاڑھ.

Premolar teeth : (n) (تشریح) پیش اضراس: اگلی ڈاڑھ ہیں.

Premonstrant :(n& a) [Ofr. 'Premonstrant '.] پریمونٹری : پریمونٹری (Premontre) واقع فرانس میں ۱۱۱۹ میں سینٹ ناربرٹ کے قائم کردہ راہوں کے سلسلے کارکن: نن راہبہ جو ایسے سلسلے کی رکن ہو.

Premonstratensian : (n) [f.med . L. 'Praemonstratensis '.] دیکھو Premonestrant

Premonstratensian : (a) پریمونٹری : پریمونٹرے (Premontre) واقع فرانس نزدلیوں میں سینٹ ناربرت کے قائم کردہ راہوں کے سلسلے کا.

Premonstratensis / Prae - . (a & n) [med. L.] دیکھو Premonestrant

Premorse :(a)| L. ' Praemorsus '.| (نباتیات)حشرہ گزیدہ :جس کاسرا مقطع ہو؛ شکستہ :ٹھٹھا ؛ ٹھنٹھ :سر کٹا ؛ سربریدہ ۔

premotion : (n)[med .L. 'Praemotio'.] پیش انگیزش :خصوصاًخدائی فعل جو مرضی مخلوق کا تعین کرتا ھے۔

Premove : (v) پیش انگیزی کرنا (جس سے مرضی مخلوق متعین ہو)۔

Premundane: (a) جو تخلیق عالم سے پہلے موجود تھا : تخلیق عالم سے پہلے کا : قبل از تخلیق عالم۔

Premunire : دیکھو Praemunire

Premunitory : (a) دیکھو Premonitory

Prename : (n) دیکھو Praenomen

Prenasal : (a) ناک کی ہڈی :ناک یا نتھنوں کے آگے یا سامنے کا؛پیش انفی۔

Prenatal : (a) ولادت سے پہلے موجود یا واقع ہونے والا : قبل ازولادت کا؛ قبل پیدائش ۔

Prenatal care : (n) (طلب)قبل پیدائش نگہداشت :قبل ازولادت دیکھ بھال۔

Prenatalist :(n) یہ عقیدہ رکھنے والا کہ ولادت سے پہلے بھی حضرت عیسیٰ الوہی صفات کے حامل تھے۔

Prender /Prendre : (n) [Subs. use of Afr . ' Prender'.] (قانون) بغیر پیشکش کسی چیز کو لینے کا حق یااختیار: حق تصرف۔

Prenomen : (n) Praenomen کا متبادل ۔

Prenominal : (a) [f. L. Praenomen.] ذاتی یا اصلی نام سے متعلق: نیزدو لفظی نام کا پہلا لفظ۔

Prenotion : (n) [L. 'praenotio '.] (۱)(شاذ) کسی چیز کے وجود کا یا کسی کے بات کے واقع ہونے کا ذہنی ادراک : پیش ادراک: تصور: پیش آگہی .(۲) پیش خیال :پیش تخیل :پیش اخطار۔

Prentice : (n) (بول چال) دیکھو Apprentice

Prentice hand : (n) دست مبتدی :اناڑی ہاتھ :تجربہ کارانہ کوشش۔

Prenticeship : (n) دیکھو Apprenticeship

Prenubile : (a) (عضویات)قبل اٹھان :جنسی وعضویاتی اعتبار سے لائق مناکحت و مباشرت ہونے سے قبل کا۔

Prenuptial : (a) قبل ازمناکحت : قبل ازشادی : قبل عروسی؛قبل زفاف ۔

Preoccupancy : (n) [f. Pre-+-occupancy = Preoccupation] دیکھو Preoccupation ۔ (۲)ذہنی مشغولیت یا مصروفیت :محویت : استغراق۔

Preoccupation : (n) [L . 'Praeoccupation ' .] (۱)کسی کے لئے پہلے سے اچھا یا برا خیال رکھنا :کسی کے لئے پہلے سے سوء ظن یا حسن ظن رکھنا: تعجب :طرفداری : عصبیت ۔ (۲)کسی جگہ کا پیشگی قبضہ: قبضۂ پیشین۔ (۳)پیشہ یا شغل جو سب پیشوں یا مشغلوں پر ترجیح پاتا ھے : شغل اول.(۴) خوض خیال :خیال میں غرق ہونا: دھن : مشغولیت ذہن: دور از نظر چیزوں کے خیالات میں محو ہونا: محویت : استغراق : ذہنی مصروفیت یا مشغولیت۔

Preoccupied : (a) (۱)پہلے سے مشغول یا مصروف : خیالات میں محو: عرق : مستغرق .(۲)(حیوانیات، نباتیات)(نام) جو کسی شے کے لئے پہلے ہی استعمال ہو چکا ہو: جس کا پہلے ہی مصرف لیا جا چکا ہو :جو پہلے ہی سے کسی کے زیر قبضہ ہو۔

Preoccupiedly : (adv.) دور از نظر چیزوں کے خیال میں مشغول ہو کر: محویت سے: کسی خیال میں غرق ہو کر : استغراق کے ساتھ : محو ہو کر۔

Preoccupy : (v) [after L. ' Praeoccupare'.] (۱)(کسی اور کا)پہلے قبضہ کر لینا : قابض ہوجانا : اپنے تصرف میں لانا (اراضی وغیرہ)۔ (۲) (دماغ وغیرہ کو) محوخیال کرنا: خیال میں مصروف رکھنا : سوچ میں غرق کرنا۔

Preocular : (a) [f . Pre -+ L. oculs.+ ar .] آنکھ کے سامنے واقع (کسی رینگنے والے حیوان کے سر کی بعض پلیٹوں پر اطلاق ہوتا ھے) :(حیوانیات) پیش چشم یا پیش چشمی؛ پیش عینی :آنکھ کے سامنے کا۔

Prep : (n) (Prepation) Preparation (تیاری) کا مخفف : درس اسباق کی تیاری۔

Prep :(a) (عامیانہ) نچلے درجے کا (اسکول جس میں اونچے درجوں کے لئے بچوں کو تیار کیا جاتا ھے : Preparatory کا مخفف :(امریکا)جس میں نوجوان لڑکوں کو کالج کے لئے تیار کیا جاتا ھے۔

Preparation : (n) [L . Praeparatio ' .] (۱)تیار کرنا :تیار ہونا؛

سازوسامان مہیا کرنا ؛ تیاری؛آمادگی؛کمربندی ؛ مستعدی۔ (۲)بندوبست ؛انتظام۔(۳)سازوسامان۔ (۴)اسباق درسی کی تیاری(مخففPrep)۔ (۵)خاص طور پرتیار کردہ شے(مثلاً دوا ،غذا،مرکب وغیرہ)؛ تیاری دستاویزوغیرہ کی۔(۶)(موسیقی)آغازنغمۂ بے آہنگ ۔ (۷)یہودیوں کے یوم السبت یا دیگر تہواروں کو منانے سے قبل کی مذہبی رسوم؛تیاری یوم السبت ؛ (نیز)سبت کے قبل کادن (جمعہ کا دن)۔(۸)شرکت عشائے ربانی کی تیاری ؛عشائے ربانی سے قبل پڑھی جانے والی دعائیں؛ عشائے ربانی کا پہلا حصہ۔

Day of preparation : (۱)یہودیوں کے یوم السبت یا دیگرتہواروں سے قبل کا دن ۔

To make preparations for : تیاری کرنا؛انتظام کرنا، تیاریاں کرنا۔

Preparation day : (n) یہودیوں کے یوم السبت یا دیگر تہواروں سے قبل کا دن (جس روز وہ یوم السبت وغیرہ منانے کی تیاریاں کرتے یا اس سے قبل کی رسوم ادا کرتے ہیں) ؛ سب سے قبل کا دن (جمعہ)۔

Preparative : (a) [med. L. 'praeparativus'.] (۱)تیاریوں سے متعلق ؛ تیاری کا؛ تیاری کرنے والا ، جس کے ذریعہ(کسی کام وغیرہ کی)تیاری ہو ؛ ابتدائی تعارفی مقدماتی تمہیدی۔ (۲)(بطور متعلق فعل)(کسی چیزسے) قبل ؛پیشتر، بطور تیاری، تیاری میں۔

Preparative : (n) (۱)عمل جس سے تیاری کی جائے؛تیاری کا عمل؛ تیاری۔(۲)(فوج)دہل، بگل وغیرہ کے ذریعے یہ حکم کے تیار ہو جاؤ؛تیاری کا حکم۔

Preparatively : (adv.) بطورتیاری؛تیاری کرتے ہوئے۔

Preparator : (n) [Late L. ' Praeparator '.] (شاذ)(دوا وغیرہ)تیار کرنے والا۔

Preparatorily : (adv.) تیاری کے طور پر؛تمہیداً (کسی چیز کے لئے) تیار ہوکر؛تیارکرنے کے لئے ؛ابتدائی یا مقدماتی طور پر ؛قبلاً؛ تیار کر نے کے انداز میں ۔

Preparatory : (a) [Late L.'Praeparatorius ' .] (۱)جو آئندہ کی تیاری کرتا ہو ؛ تیاری کرنے والا ؛ تیاری کا؛جس کے ذریعے (کسی کام وغیرہ کی)تیاری ہو ؛ ابتدائی ؛ تعارفی ؛ تمہیدی ؛ مقدماتی ۔ (۲)(to کے ساتھ بطور متعلق فعل) قبل از ، پہلے ؛ پیشتراز ؛ کے لئے۔ (۳)اس جونیز اسکول پر اطلاق ہوتاہے جس میں بچوں کو اعلیٰ مدارس یا اونچے درجوں کے لئے تیار کیا جاتاہے ؛ (امریکا) جس میں بڑی عمر کے بچوں کو کالج کے لئے تیار کیا جاتا ہے ؛ (ابتدائی یا امدادی مدرسہ (عموماًپرائیوٹ)۔

He was packing it up preparatory to sending it by post : وہ اس کو ڈاک سے بھیجنے کے لئے پیک کررہاتھا۔

Preparatory : (n) Preparatory School کا مخفف۔

Preparatory school : (n) وہ مدرسہ یا جو نیر اسکول جو بچوں کو اعلیٰ مدارس یا اونچے درجو ں کے لئے تیار کرتا ہے؛ (امریکا) وہ اسکول جس میں سیانے بچوں کو کالج کے لئے تیار کیا جاتا ہے؛وہ اسکول جو بچوں کو پبلک اسکول میں بھیجنے کے لئے تیار کرتا ہے؛ابتدائی یا امدادی مدرسہ(عموماً پرائیوٹ)۔

Preparatory tory seminary : (n) Priesthood(جوبائی اسکول یا جو جو نیر کالج کے مساوی ہوتاہے اور جہاں آخری دو سال فلسفے کی تعلیم دی جاتی ہے)میں داخلے کے خواہاں نوجوانوں کو تیار کرنے کے لئے رومن کیتھولک اسکول ۔

Preparatory to : (adv.) قبل از؛پہلے ؛پیشتر از ؛ کے لئے۔

Prepare : (n) [f. next .] (۱)(بول چال) تیاری .(۲)رنگ سازی کا مادہ ؛ ایک مادہ جو رنگ سازی میں کام آتا ہے۔

Prepare : (v) [L.' Praeparare'.] (۱)(کسی شخص یا چیز کو کسی کام کے لئے)تیار کرنا: مستعد کرنا؛آمادہ کرنا.(۲)پکانا ، تیار کرنا (کھانا وغیرہ)۔ (۳)(کسی شخص کو خبر یا کوئی اور بات سننے کے لئے)آمادہ کرنا ؛تیار کرنا۔ (۴)(سبق ، تقریر ، وعظ ، خطبہ وغیرہ)پہلے ہی سے مطالعہ وغیرہ کرکے تیار کرنا.(۵)(طالب علم وغیرہ کو)تعلیم دے ک (کالج یا کسی امتحان کے لئے تیار کرنا.(۶)(کیمیائی مرکب) تیار کرنا. (۷)(موسیقی) Discored کا (ایک خاص طور سے) افتتاح کرنا۔ (۸)تیار کرنا ؛بنانا؛(نقشہ وغیرہ) مرتب کرنا۔ (۹)کسی قابل یا لائق بنانا؛ آراستہ کرنا؛(کسی مخصوص یا تکنیکی استعمال کے لئے)درست کرنا ؛ تیار کرنا؛ مناسب حالت میں لانا.(۱۰)تیار ہونا؛ تیار ہوجانا ؛ کمر بستہ ہونا؛ تیاریاں کرنا ؛ تیاری کرنا؛سازوسامان مہیا کرنا. (۱۲)(کوئی تحریر یا دستاویز)تیار کرنا۔

To be prepared : (کچھ کرنے یاکسی کام کے لئے) تیار ہونا؛ آمادہ ہونا ؛کمر بستہ ہونا ؛ راضی ہونا۔

To prepare the way : ہموار کرنا ؛ راستہ بنانا ؛ آئندہ کے

لئے آسانیاں فراہم کرنا۔

Prepared : (a) آمادہ ؛راضی ؛تیار؛کمر بستہ؛ رضامندی ؛ درست ؛ مہیا ؛ آراستہ ۔

Preparedly : (adv.) آمادہ ؛ تیارہوکر ؛ تیاری سے ؛کمر بستہ ہو کر؛ درست کرکے ؛تیاری کے ساتھ ۔

Preparedess : (n) آمادگی؛تیاری؛کمر بستگی ؛رضا ؛رضامندی؛درستی آراستگی ؛(جنگ کی) مناسب تیاری ۔

Preparental : (a) قبل ابوّیت یاماں باپ بننے سے قبل کا۔

Preparer : (n) تیار کنندہ ؛تیار کرنے والا؛ آمادہ کرنے والا؛درست یا آراستہ کرنے والا؛(دوا کھانا وغیرہ) بنانے یاتیار کرنے والا۔

Preparatition : (a) (سیاسیات)قبل تقسیم ؛ تقسیم سے قبل کا۔

Prepatent : (a) غیر مشہود حالت میں موجود ؛خفیہ ؛ پوشیدہ ؛مضمر؛ چھپا ہوا ؛ مشاہدے میں آنے سے قبل کا ۔

Prepatent period : (n) طفیلی جراثیم کے اثر انداز ہونے یا سرایت کرنے اور ان کے ظاہر ہونے یا مشاہدے میں آنے کی درمیانی مدت۔

Prepausal : (a) پیش وقفہ ؛وقفے یا ٹھہراؤ سے قبل کا۔

Prepay : (n) [f.Pre-+pay.] (۱)(قیمت، خرچ ،دام، محنتانہ وغیرہ) پیشگی دینا؛ پہلے سے ادا کرنا ؛ پہلے ہی ادا کردینا۔ (۲)(یا رسل ،بہنگی کا)محصول ڈاک پیشگی دینا (مثلاً ٹکٹ لگاکر):(خط وغیرہ کا) محصول ڈاک پہلے ادا کرنا۔

Prepayable : (a) قبل ادا ئے پیشگی؛ طالب ادائے پیشگی؛ جو پہلے ہی ادا کیا جا سکتا ہو یاپہلے ہی ادا کیا جا سکتا ہو یا جس کا پہلے ادا کرنا ضروری ہو؛واجب الا دائے پیشگی۔

Prepayment : (n) ادائے پیشگی؛ پیشگی ادائی۔

Prepense : (a) [for. ear lier prepensed] (نفسیات)بالعمد ؛ ارادی؛ عمدی ؛ تعمدی ؛ قصدی ؛ بالقصدی؛ بلاارادہ ،پیشتر سے خیال کیا ہوا ؛ پہلے سے سوچا یا ارادہ کیا ہوا؛ پہلے سے نیت کیا ہوا۔

Malice prepense : بدنیتی؛ مخاصمت ؛ عناد ؛ (قانون) قصد ضرررسانی ؛بالقصد ؛جرم یانقصان جوعمداً کیا گیا ہو۔

Of malice prepense : ضرررسانی کے قصد سے؛ بد نیتی سے ؛ مخاصمت سے ؛ مخاصمانہ ؛ معاندانہ ۔

Prepensed : (a) [Alt . f . OFr . ' purpense '.] (۱)خصوصاً قانونی محاورے Prepensed malice یا malice prepensed میں آتا ہے ۔(۲)بالعمد؛ بلارادہ ؛ارادی؛ بالقصد ؛ پہلے سے سوچا ہوا یا نیت کیا ہوا۔

Malice prepensed /Prepensed malice : دیکھو Malice prepense

Prepensely : (adv.) عمداً ؛قصداً؛ پہلے سے سوچ کر؛ ٹھان کر ؛ نیت یا ارادے سے ؛بالا رادہ یا ارادی طور پر ۔

Prepeception : (n) (نفسیات)پیش ادراک ؛قبل فہم ؛ادراک ماقبل ؛ ادراک سے قبل کی حالت ۔

Prepollex / Praepollex : (n) [mod. L .] (تشریح)بعض حیوانات کے اگلے پاؤں یا ہاتھوں کے سا عد کی ہڈی کے کنارے پر موجود ایک نا مکمل ساخت یا عضو جسے اضافی انگلی تصور کیا جاتا ہے ؛ انگشت اضافی ۔

Preponderance : (n) [f. next] (۱) زیادہ بھاری ہونا؛ زیادہ وقعت رکھنا ؛زیادہ اہم ہونا ؛ تعداد میں زیادہ ہونا ؛زیادہ اقتدار رکھنا ؛ مقدار میں زیادہ ہونا ؛زیادہ اثر رکھنا۔ (۲)توپ کے اس حصے کا وزن زیادہ ہونا جو کیلیوں کے پیچھے ہوتا ہے (بہ نسبت اگلے حصے کے) ۔

Preponderant /-rate /-rating : (a) [f.L.'Praeponderare'.] (۱)زیادہ وزنی ؛ زیادہ بھاری؛ زیادہ وزن دار۔(۲)زیادہ وقیع؛ زیادہ اہم ؛ زیادہ وقعت رکھنے والا؛ تعداد میں یا مقدار میں زیادہ؛زیادہ اثر واقتدار رکھنے والا۔

Preponderantly / Preponderately : (adv) زیادہ وزن کے ساتھ ؛ زیادہ وزنی ہو کر ؛ زیادہ وقیع انداز میں ؛ زیادہ اہم طور پر؛ تعداد ، مقدار ، اثر یا اقتدار میں زیادہ ہو کر یا بڑھ کر۔

Preponderate : (v) [f. L . ' Praeponderare ' .] (۱)زیادہ وزنی یا بھاری ہونا؛ وزن میں زیادہ ہونا ۔(۲) ازروئے عقل یا اخلاق زیادہ وقیع یا زیادہ اہم ہونا؛ زیادہ وقعت رکھنا؛ زیادہ اثر رکھنا ؛ زیادہ اقتدار رکھنا ؛ قوت یا طاقت میں بڑھ کر ہونا ۔(۳)تعداد یا مقدار میں زیادہ ہونا ۔(۴)خاص ، اہم یامقدم جز ہونا ؛ قوی تر یا خاص عنصر ہونا۔(۵)غالب آنا یا رہنا ؛فائق

Preposterous : (a) [f. L. ' praeoposterus '.] (اصلی معنی "معکوس" "منقلب" "اوندھا" خلاف فطرت : خلاف عقل: بعید از قیاس : لغو: نا معقول: بیہودہ: لچر : عبث۔

Preposterously : (adv.) بیہودگی سے: مہمل طور پر: بے سروپا طریقے سے:عبثاًلغوانداز میں : نا معقول طور پر۔

Preposterousness: (n) لغویت : اہمال : بیہودگی : مہملیت : بے سروپائی : نا معقولیت: خلاف عقل یا خلاف فطرت ہونا۔

Preposter : (n) Praepostor کامتبادل ۔

Prepotence : (n) زیادہ قوی یا زور آور ہونے کی صفت :قوت: زور آوری : اقتدار : تفوق: بالا دستی: غلبہ : تسلط : استیلا۔

Prepotency : (n) [L. ' Praepotentia '.] (۱)بہت قوی ،زورآور یا مقتدر ہونے کی صفت: قوت:زورآوری :اقتدار : تفوق :غلبہ: تسلط: بالا دستی :استیلا.(۲)(حیاتیات) غلبہ' تولیدی : بر تر قوتِ تولید :اپنی نسل میں اپنی خصو صیات منتقل کرنے میں بمقابلہ یك دیگر زیادہ قوی ہونے کی صفت (نر یا مادہ میں)۔

Prepotent : (a) [f. L. ' praeposse '.] (۱) بہت قوی :زورآور یا مقتدر ، قوت اثر یا اقتدار میں دوسروں سے بڑھ کر:سب پر فائق : ممتاز:بر تر: افضل: غالب :زورآور : صاحب اقتدار: دوسرے سے زیادہ قوی یا مقتدر:قوی تر۔ (۲)(حیاتیات) مولد غالب :مولد قوی: (نر یا مادہ) جو اپنی نسل میں اپنی صفات وخصوصیات منتقل کرنے میں بمقابلہ یك دیگر زیادہ قوی ہو: بارآوری کی قوی تر صلاحیت رکھنے والا :قوی تر تولیدی صلاحیت کا حامل۔

Preprandial : (a) [f. pre-+ L. 'prandium '.] کھانے(ڈنر)سے قبل کا: کھانے سے پہلے کیا ہوا:انجام دیا ہوا یا ہونے والا۔

Prepubes / praepubes : (n) (تشریح)پیش عانہ : پیڑو کا وہ حصہ جو کولہے کے جوڑ کے سامنے ہے:پیڑو کا اگلا حصہ : دیکھو Prepubes۔

Prepubescence : (n) دیکھو Pre-pubetry

Prepubescent : (a) دیکھو Pre-pubertal

Prepubic /Prepubian : (a) (تشریح)پیش عانہ: پیڑو کے سامنے واقع: پیش عانہ یا پیڑو کے سامنے کا۔

Prepubis / Praepubis : (n) دیکھو Prepubes

ہونا : (کسی پر)اختیار یا قابو رکھنا : حکومت رکھنا ۔(۶)(ترازو کے پلے کا)چمکنا۔

Preonderatingly : (adv.) دباتے ہوئے : بوجھ سے جھکاتے ہوئے : زیادہ وزنی ہوکر: وزن میں بڑھ کر :زیادہ اہم یا وقیع ہوکر :قوت یا زور میں بڑھ کر :بڑھ چڑھ کر۔

Preposition : (n) [L. ' Praepositio '] (صرف ونحو)حرف ربط: حرف جار۔

Inseparable preposition حرف ربط جو سابقے کی صورت میں ہو۔

Prepositional : (a) ربطی :ربطیہ۔

Prepositionally : (adv.) حرف ربط کے ذریعہ:بطور حرف ربط :حرف جار کے طور پر : حرف ربط کی طرح سے۔

Prepositive : (a) (حرف و نحو) سابقی :جس کو سابقے کے طور پر برتا جا سکے۔

Prepositive : (n) وہ لفظ یا جزو لفظ جسے سابقے کے طور پر برتا جا سکے : سابق لفظ یا جزو لفظ۔

Prepositor / Preapositor : (n) دیکھو Praeposter

Prepossess : (v) [f. pre -+ possess .] (۱)کسی خیال ،گمان وغیرہ کو(کسی شخص کے)دل میں ڈالنا.(۲)(خیال وغیرہ کا کسی شخص کے)دل میں بسانا.(۳)ایسا اثر ڈالنا جس سے کوئی (شخص کسی شخص یا چیز کی) طرف داری کرے یا (اس کی طرف)مائل ہو:(کسی کو شخص یا چیز کا)پاس دار یا طرف دار کر دینا. (۴)متعصب یا بدظن کردینا (ان معنوں میں کم استعمال ہوتا ہے)۔

Prepossessing : (a) دل کش :دل آویز :دل پسند : دل چسپ:مرغوب۔

Prepossessingly : (adv.) دل کشی سے:دل آویزی سے:مرغوب طور پر : دل پسند انداز میں۔

Prepossessingness : (n) دل کشی: دل پسندی : دل آویزی:مرغوبیت: دل چسپی۔

Prepossession : (n) (۱) (قانون) قبضۂ سابقہ : سابق قبضہ.(۲)کسی خیال،گمان وغیرہ کا دل میں بس جانا.(۳)اچھا خیال : رغبت : میل: حسن ظن.(۴)بدظنی: سوءِ ظن: تعصب ۔ (۵) (نفسیات)پاس : تمائل.(۶)(نفسیات)مجذوبیت ۔

Prepuce : (n) [L. ' Praeputium ' .] (تشریح) حشفہ کے اوپر کا چمڑا: گھونگھٹ : غلفہ : غلافِ حشفہ: کھلڑی: غلفہ (جنگلات) غلف۔

Prepupa : (a) (حیوانیات) قبل منجھروپ۔

Preputial : (a) غلاف حشفہ کا یا اس سے متعلق:گھونگھٹ یا کھلڑی کا: غلفوی۔

Preputial Ocelli : (n) (تشریح) چشمیاتِ غلفہ۔

Prerequisite : (a) [f. pre + requisite .] لازمی: ضروری: جو بطور شرط اول ضروری ہو۔

Prerequisite : (n) شرط اول:شرط لازم :شرط پیشیں : لازمہ ۔

Prerogative : (n) [L . ' praeogative ' .] (۱)اختیار شاہی :اختیار قطعی : (ازروئے نظریہ) بے روک اور بے قید اختیار شاہی نیز(Royal prerogative) : اختیارخاص ۔ (۲)کوئی خاص حق یا اختیار: حق مخصوص:امتیازی حق : استحقاق : (قانون) حق خصوصی ۔(۳) فطری یا خدا کا دیا ہوا حق یا اختیار یا قابلیت ۔ (۴)سب سے پہلے رائے دینے کا حق (جو رائے اس نیت سے دی جائے کہ بعد میں رائے دینے والے پہلے رائے دینے والے کی مطابقت کریں) ۔

Royal prerogative اختیار شاہی:اختیارقطعی :(ازروئے نظریہ)بے روک اور بے قید اختیار شاہی ۔

Prerogative : (a) [L . ' Praerogativus ' .] (۱)جس کوکو ئی حق یا اختیار ملاہو: حق یافتہ : استحقاق یا فتہ : جس سے کسی حق یا اختیارکی رو سے فائدہ اٹھایا جائے ۔ (۲)(تاریخ روما)جس کو سب سے اول رائے دینے کا حق ہو:(ووٹ) جو پہلے دیا گیاہو (اور رائے کے بعد کے ووٹو ں کی پیشوائی کر رہا ہو) ۔

Prerogative court : (n) اسقف اعظم کی علا مت جس کو پیشتر بمعاملۂ ابتعام ترکہ بعض اختیار ات حاصل تھے۔(اس کا اختیار سماعت ۱۸۵۷ء میں Court of probate کو منتقل ہوگیا)۔

Prerogative lawyer : (n) شاہی وکیل:اختیار شاہی کے تحت کام کرنے والا وکیل:اختیار شاہی وکیل ۔

Prerogative of mercy : (n) شاہی اختیار معافی۔

Prerogative writ : (n) فرمان شاہی : شاہی اختیاری فرمان (جو غیر معمولی موقعوں پر اختیار شاہی کے تحت جاری کیا جاتا ہے)۔

Prerogatived : (a) جسے کوئی حق یا اختیار حاصل ہو حق یافتہ : استحاق یافتہ : جسے کوئی حق یا امتیاز مخصوص حاصل ہو : صاحب استحقاق : ذی اختیار : ذی استحقاق : ممتاز ۔

Prerogatively : (adv.) ازروئے اختیار خصوصی:حق مخصوص کے ذریعہ : صاحب استحقاق یا با اختیار ہو کر : ذی استحقاق طور پر ۔

Presage : (n) [Fr. ' presage '] (۱)فال :شگون:علامت:آثار:نشان۔ (۲)پیش اندیشگی: پیش خبری: وقت سے پہلے کسی آنے والے خطرے کا خیال پیدا ہونا:پیش آگہی :احظار عاقبت بینی:عاقبت اندیشی۔(۳)(طب)(علامت) منذرہ۔

Presage : (v) [Fr. ' presager ' .] (۱)پہلے سے خبر دینا:پیش آگاہی کرنا:فال ہونا :پہلے سے خبردار کرنا:شگون ہونا: (کسی ہونے والی بات کی)علامت یا آثار ہونا :جھلک دکھانا.(۲)کسی ہونے والی بات پر دلالت کرنا. (۳)(کسی شخص کا کسی امر کے متعلق) پیش گوئی کرنا.(۴)(کسی شخص کا کسی ہونے والی بات سے) پیش آگاہ ہونا:اس کو پہلے سے معلوم کر لینا. (۵)پیش اندیشگی کرنا:پیش بینی کرنا:عاقبت اندیشی کرنا:انجام بینی کرنا:دور اندیشی سے کام لینا:ماتھا ٹھنکنا:علم پیش ہونا: پہلے سے خیال یا اندیشے کا پیدا ہو جانا.

Presageful : (a) (۱)پرشگون:پر فال:فال آور:جس سے فال نکلتی ہو: جس کی پیش گوئی قبل ہو چکی ہو.(۲)پُر ازاند یشہ: پیش اندیشگی سے پُر :پُر احظار ۔

Presager:(n) رمّال : فال گو:پیش گوئی کرنے والا:پیش آگاہی کرنے والا ۔

Presagingly : (adv.) ازروئے فال گوئی:آنے والی بات کی پیش گوئی یا پیش خبری کرتے ہوئے:پیش اندیشگی سے:پر احظار طور پر.

Presanctified : (a) [L. 'Praesanctificatorum ' .] (عشائے ربانی کی وہ تقریب)جس میں استعمال ہونے والے اجزا(روٹی، شراب وغیرہ) کو قبل ہی اس(کام)کے لئے مخصوص یا موسوم کر دیا گیاہو:پیشتر مخصوص شدہ ۔

Presbyope : (n)[fr.Gr.'presby+ope'.] (طب)پیر نظر:دور نظر شخص۔

Presbyopia : (n) [mod . L .f.Gr. 'Presby+opia' .] (طب)پیر نظری: دورنظری : دراز نظری : بصرالشیوخ(ایک بیماری جس

میں بڑھاپے کی وجہ سے بصارت میں فتور پیدا ہوجاتا ہے اور دور کی چیزیں صاف اور قریب کی دھندلی دکھائی دیتی ہیں)

Presbyopic (a) پیر بطر در ارطر بصرالشیوخ میں مبتلا، دور بطری کا پیر بطری میں مبتلا

Presbyopic (n) پیر بطرشخص در ارطر شخص وہ شخص جو پیر بطری میں مبتلا ہو

Presbyopy (n) Presbyopia کے معنوں میں کبھی کبھی استعمال ہوتا ہے

Presbyter (n) [eccl L 'presbyter'] (۱)(کلیسائے قدیم کا) پریسبیٹر (متبطم پادری) شیخ کلیسا شمار کلیسا (۲)(اسقفی کلیسا کا) پریسبیٹر (دوسرے درجے کا پادری) (۳)(پریسبیٹریں فرقے کا) بزرگ کلیسا، ایلڈر عام پادری (خصوصاً) وہ جو کسی Presbytery کا رکن ہو

Presbyteral (a) [L 'Presbyteralis] (۱)پریسبیٹری پریسبیٹر پادری کا، اس سے متعلق یا اس پر مشتمل۔(۲)پریسبیٹروں یا ان کی جماعتوں (presbyteries) حکومت سے متعلق یا اس کی خاصیت کا (کلیسائی حکومت یا طرز کے نظام پر اطلاق ہوتا ہے) اس نظام کا یا اُسے قائم رکھنے یا چلانے والا (دیکھو Presbyterianism) پریسبیٹریں عام پادریوں کی حکومت کلیسا کے طریق حکمرانی کا، پریسبیٹریں مذہب کا

Presbyterate (n) [eccl L 'presbyteratus] (۱)پریسبیٹر یا ایلڈر عہدہ، رتبہ، منصب (۲)پریسبیٹروں کی جماعت، پریسبیٹریں کا سلسلہ

Presbyterial (a) [med L presbyterialis] (۱)پریسبیٹریں ایلڈرس کی جماعت کا یا اس سے متعلق (۲)پریسبیٹروں یا ان کی جماعتوں کی حکومت سے متعلق یا اس کی خاصیت کا (کلیسائی حکومت یا طرز حکومت کے نظام پر اطلاق ہوتا ہے) اس نظام کا یا اسے قائم رکھنے یا چلانے والا (دیکھو Presbyterianism) پریسبیٹریں، عام پادریوں کی حکومت کلیسا کے طریق حکمرانی کا، پریسبیٹریں مذہب کا۔

Presbyterian (a) [eccl L presbyterium] پریسبیٹروں یا ان کی جماعتوں کی حکومت سے متعلق یا اس کی خاصیت کا (کلیسائی حکومت یا طرز حکومت کے ایک نظام پر اطلاق ہوتا ہے)، اس نظام کا یا اسے قائم رکھنے یا چلانے والا (دیکھو Presbyterianisces) پریسبیٹریں، عام پادریوں کی حکومت، کلیسیا کے طریق حکمرانی کا پریسبیٹریں مذہب کا

Reformed presbyterm ۱۶۸۹ کے انقلابی سمجھوتے (ریوولیوشن سیٹلمنٹ) کے موقع پر اسکاتستان میں کلیسا اور ملک کے آئین کے خلاف احتجاج کرنے والا اور ملک کے آئین کے خلاف احتجاج کرنے والے پریسبیٹروں کا یا ان سے متعلق (اسے عموماً Cameronian کہا جاتا ہے)

United Presbyterian یونائیٹڈ چرچ یا اس فرقے کا یا اس سے متعلق جو ۱۸۴۷ء میں United secession and Reliefchurches یونین سے اسکاٹ لینڈ میں تشکیل دیا تھا (محف U P) ۱۹۰۰ء میں اس جماعت کا اتحاد فری چرچ آف اسکاٹ لینڈ کے ساتھ ہوگیا جس کے بعد اسے یونائیٹڈ فری چرچ آف اسکاٹ لینڈ کہا جانے لگا

United Presbyterian church متحدہ کلیسائے پریسبیٹریں

Presbyterian (n) کلیسائی حکومت پریسبیٹریں نظام کو قائم رکھنے یا چلانے والا پریسبیٹریں چرچ کا ئر پریسبیٹریں مذہب کا رکن، عام یا دریوں کی حکومت کلیسا کے طریق حکمرانی کا پیرو

Presbyterian church (n) کلیسائے پریسبیٹریں (وہ کلیسا جس کا نظام ہم رتبہ پادریوں (پریسبیٹریں) پر مبنی ہو (بہ مقابلہ حکومت اسقفی)

Presbyterianism (n) طریق پریسبیٹریں نظام پریسبیٹریں کلیسائی حکومت کا پریسبیٹریں نظام جس میں پریسبیٹر یا ایلڈر سے اونچا کوئی درجہ نہیں ہوتا بشپ اور ایلڈر کو ایک جیسا سمجھا جاتا ہے اور تمام ایلڈر (پادری) کلیسائی اعتبار سے مساوی رتبے کے ہوتے ہیں

Presbyterianize (v) پریسبیٹریں بنانا، پریسبیٹریں طریق سے منظم کرنا، پریسبیٹریں کی طرح یا اس کی حیثیت سے کام کرنا، پریسبیٹریں ہونا، پریسبیٹریں ارم کی طرف مائل ہونا

Presbyterium / -rion (n) [eccl L] کلیسا کا وہ حصہ جو کلرجی کشیش، پادری) کے لئے مخصوص ہو کلیسا کا آخری مشرقی حصہ جہاں قربان گاہ یا عشائے ربانی کی میز ہوتی ہے مقدس مقام (۲)پریسبیٹریں یا ایلڈرس کی جماعت

Presbytership (n) پریسبیٹر یا ایلڈر کا عہدہ رتبہ یا منصب۔

Presbytery : (n) [eccl . L . 'Presbyterium ' .] (۱)کلیسا کا وہ حصہ جو کلرجی(قسیس ، پادری)کے لئے مخصوص ہو : کلیسا کا آخری مشرقی حصہ جہاں قربان گاہ یا عشائے ربانی کی میز ہوتی ہے:مقدس مقام :محراب کلیسا۔ (۲)پریسبیٹرس یا ایلڈرس کی جماعت۔ (۳)(پریسبیٹیرین نظام میں) پریسبیٹرفرقے کے پادریوں کی جماعت جو کسی ضلع میں بطور دینی عدالت کام کرے: ضلع جس کا تعلق اس عدالت سے ہو۔(۴)پریسبیٹیرین طریق حکومت یا نظام حکومت (شاذ)۔ (۵)پریسبیٹر یا پادری کا مکان (اب صرف رومن کیتھولک چرچ میں مستعمل ہے)۔

Presbytic : (a) [mod. L. 'Presbytia ' .] دور بیں۔

Presbytic eye : (n) چشم دوربیں :(جنگلات)چشمان دوربیں :چشمہائے دوربیں۔

Prescapula : (n) (تشریح)کند ھے کی یا کتفی ہڈی کا وہ حصہ جو اس کے گھماؤ یا وسطی محورسے اوپر ہوتا ہے :کتف بالا: بالائے کتف۔

Prescapular : (a) (تشریح)مونڈھے کی دھری یا گھماؤ سے پہلے یا اس کے سامنے کا :قبل از کتف :قبل کتفی :بالائے کتفی۔

Prescience : (n) [eccl . L . 'praescientia ' .] وقوع سے پہلے واقعات کا علم : علم پیش: علم آئندہ: پیش بینی : علم غیب: علم کہانت :پیش دانی :ہونے والی چیز کا پہلے سے علم۔

Prescient : (a) [L . ' praescire' .] غیب داں :پیش بیں: پیش داں : اگم گیانی جس کو کسی چیز کا علم (یا واقفیت)پہلے سے ہو : دوربیں: دور اندیش۔

Presciently : (adv.) ازروئے غیب دانی :پیش دانی سے: دور اندیشانہ : اگم گیانی کی طرح :غیب داں کے انداز میں :پیش بینی سے : دور اندیشی سے۔

Prescientific : (a) موجودہ ترقی سائنس سے قبل کا :موجودہ سائنسی طریقوں کے استعمال سے قبل کا :قبل سائنسی۔

Prescind : (v) [L. 'Praescinderc ' .] (۱)(کسی جزو کو کل میں سے) کاٹ ڈالنا :قطع کرنا (خصوصاً قبل از وقت یا بے ربط طور پر یا دفعتاً): قبل از وقت یا دفعتاً قلم کرڈالنا۔ (۲)(from کے ساتھ)خارج از خیال کرنا :توجہ اٹھا لینا : دور از خیال کر دینا۔

Prescribe :(v)[L.'praescribere'.] (۱)حتماً تجویز کرنا۔(۲)ہدایت کرنا کرنا : حکم دینا۔(۳)(مریض کے لئے دوا وغیرہ) تجویز کرنا یا بنانا : نسخہ تجویز کرنا (نیز مجازاً): نسخہ لکھنا۔(۴)(قانون) بر بنائے آمد و شد یا تصرف قدیم دعویٰ کرنا۔

Prescribed : (a) مقررہ : مجوزہ۔

Prescript : (n) [L. 'praescriptum' .] (۲)فرمان : ہدایت: حکم : قانون: آئین۔(۲)تجویز کردہ دوا۔

Prescript : (a) [L. 'praescriptus ' .] پہلے سے بطور حکم یا قانون تجویز کیا ہوا (شاذ)۔

Prescription : (n) [L. 'praescriptio'.] (۱)ہدایت کرنا : ہدایت:حتماً تجویز کرنا :حکم دینا۔(۲)تجویز کردہ شے ۔(۳)نسخہ۔ (۴)(قانون) قدامت، آمدو شد : تصرف قدیم: حق جو آمد و شد یا تصرف کی بنا پر حاصل ہو :حق قدامت : حق بذریعہ قبضۂ تصرف قدیم :حق قبضہ :دعویٰ بر بنائے حق مذکور۔(۵)دستور قدیم :رواج قدیم : رسم قدیم۔ (۶)حق پر بنائے تصرف قدیم۔(۷)وہ مدت جس کے اندر کوئی دعویٰ یا مقدمہ دائر کیا جا سکے۔

Negative prescription : وہ مدت جس کے اندرکوئی دعویٰ یا مقد مہ دائر کیا جا سکے۔

Positive prescription : آمدو شد یا تصرف کی بنا پر حاصل شدہ حق: حق قبضہ : حق قدامت : حق بذریعہ قبضہ، تصرف قدیم : دعویٰ بر بنائے حق مذکور۔

Prescriptive : (a) [L. 'praescriptivus ' .] (۱)حکم صادر کرنے والا : ہدایت دینے والا۔(۲)قدامت پر مبنی یا قدامت کی بنا پر حاصل شدہ (مثلاً قبضہ وغیرہ)۔ (۳)رسم قدیم یا رواج کہن سالہ سے پیدا شدہ :دستور قدیم پر مبنی: رسم قدیم کے مطابق یا رواجاً مقرر شدہ۔ (۴) حق قدامت یا حق قبضہ بر بنائے تصرف و قبضۂ قدیم کو ماننے تسلیم کرنے یا دینے والا۔

Prescriptively : (adv.) حکماً :حکم دیتے ہوئے : ہدایت دیتے ہوئے :حتماً تجویز کرتے ہوئے : بر بنائے قدامت :بربنائے دستور : بربنائے تصرف قدیم :بر بنائے رسم قدیم : بر بنائے قبضہ قدیم :مدت مدید سے قابض و دخیل:رہ کر۔

Prescriptiveness : (n) حکمیت : قدامت :قدامت پر مبنی ہونا :رسم قدیم ہونا : مدت سے زیر قبضہ وتصرف رہنا۔

prescriptivist : (n) صرف ونحو یا قواعد میں رواج قدیم کا حامی :ان اصول یا دستور کا حامی جو مروجہ زمانہ سے مقرر ہوئے ہوں۔

Prescutum : (n)[mod L.f. Pre-+ 'scutum'.] (حیوانیات)پیش سپر۔

Presence : (n) [L. 'Praesentia '.] (۱)حاضر باشی : حاضری : موجودگی .(۲)جائے موجودگی :جائے حاضری : جناب :حضور .(۳)(The کے ساتھ)کسی اسیریاشاہی خاندان کے شخص کے حضور میں شاہی آداب یا دیگر، رسم بجالانے کے لئے حاضر خدمت رہنا.(۴)وضع : طور طریق :انداز:روش :وضع قطع :صورت .(۵)دیکھو Presence of mind.

From his presence : اس کا ساتھ ہوتے ہوئے:اس کی صحبت سے : جہاں وہ تھا وہیں سے: اس کے پاس سے :اس کے سامنے سے.

In his presence : اس کے ساتھ : اسی کے سامنے:اس کے ساتھ شامل : جہاں وہ تھا وہیں : اس کے پاس : اس کی صحبت میں :اس کی موجودگی میں .

In this (august) presence : اس (جلیل القدر) ہستی کی صحبت میں :اس (عالی منزلت)ہستی کے حضور میں: اس (عظیم شخصیت کے سامنے : اس (عظیم المرتبت) شخص کی خدمت میں حاضر :اس(عظیم)شخصیت کی موجودگی میں : اس (محترم)ہستی کے پاس .

Real presence : حضور حقیقی: یہ مسئلہ کہ عشائے ربانی میں مسیح کا جسد اور خون موجود رہتا ہے.

The presence : کسی امیر یا شاہی خاندان کے شخص کے حضورمیں شاہی آداب یا دیگر مراسم بجا لانے کے لئے حاضر خدمت رہنا.

Presence-chamber /-room : (n) حجلۂ باریابی :بارگاہ :بارگاہ خا ص: شاہی ملاقات گاہ :ملاقات کا کمرہ :دیوان خانۂ شاہی : وہ کمرہ جس میں بادشاہ یا بڑی شخصیت اپنے مہمانوں یا ان لوگوں سے جنہیں وہاں حاضری کا حق حاصل ہو ملا کرتی ہیں:شاہی محل کادیوان خانہ یا حجرۂ استقبالیہ :دیوان خاص.

Presence-lobby : (n) ملاقات کے کمرے سے ملحق بڑا کمرا یا برآمدہ : دیوان عام: بارگاہ عام .

Presensation : (n) [f. Pre-+Sensation .] (نفسیات)تصور :(نیز) دیکھو Presension.

Presension : (n) [L. ' praesension '.] کسی بات یا کسی چیز کے وجود وقوع یا ظاہر ہونے سے پہلے اس کا احساس یا ادراک (ہونا):علم پیشیں :پیش اندیشگی .

Present : (n) [Elliptical or absol .use of present (a)] (۱)حال: زمانۂ حال :موجودہ وقت :(نفسیات)وقفۂ حس .

(۲)(قواعد) حال : صیغۂ حال .

At present : فی الحال :فی الوقت :ابھی: اس وقت: آج کل : ان دنوں:اس دم .

By these presents : (قانون)اس کی تحریرکی روسے :اس دستاویز کی رو سے (ان الفاظ سے خود اس دستاویز کا حوالہ دیا جاتاھے ،جو زیر تحریر ہوتی ہے، معمولی طور پر دستاویزات بزبان انگریزی ان الفاظ سے شروع ہوتی ہیں مثلاً Know all men by these present اس کی تحریر کے رو سے سب پر واضح ہو کہ).

For the present : (۱)فی الحال: فی الوقت :آج کل کے چند روز کے لئے .(۲)ابھی کے لئے .

Until the present/ Upto- : اب تک : ابھی تک : اس وقت تک : آج تک اس دم تک.

Present : (n) [Fr . ' present '.] تحفہ : عطیہ: ہدیہ :بخشش : ارمغان: نذر : سوغات : بھینٹ :پیشکش .

To make a present : تحفہ دینا :عطیہ دینا :نذر گزراننا: بھینٹ چڑھانا .

Present : (n) [f.present (v)] ہتھیار اٹھانے کا سنبھالنے یاتو لنے کا عمل:نشانہ لینے کا عمل: (خصوصاً بندوق وغیرہ) چھتیانا یا جھکانا : چھتیاتے وقت بندوق پکڑنے کا انداز : سلامی کے وقت بندوق پکڑنے کا طرز: نشانہ لیتے وقت (دوسرے ہتھیاورں)کی گرفت کا انداز.

Present : (n) (۱)حاضر : حاضر باش: موجود .(۲) موجودہ : یہ :اس: زیرتجویز : جو آگے یا پیش ہو.(۳) (قدیم)جب چاہو تب مل سکنے والی: مدد کے لئے تیار .(۴) جو اس وقت ہو یا جاری ہو یا ہورہا ہو :حال کا: اس وقت کا : حالیہ : اب کا حاضرہ.

A present help in trouble : مشکل میں جب چاہو تب ملنے والی مدد .

The present cabinet : موجودہ کابینہ : موجودہ کیبینٹ (مجلس وزرا).

The present company : حاضرین : جو ابھی (یہاں) حاضر ہیں: یہ جماعت .

The present value: - The present worth (۱) دیکھو (۲)(کسی رقم کی) موجودہ قیمت .

To present (a person) with (a thing)/ To present (a thing to) (a person) : (کسی کو کچھ) دینا ؛ بخشنا ؛ عطا کرنا ؛ فراہم کرنا؛ مہیا کرنا ؛بہم پہنچانا ؛حاضر کرنا ؛ بخشش کرنا ؛ گزراننا۔

To present oneself : (۱)اپنے تئیں پیش کرنا؛(مثلاً امتحان وغیرہ کے لئے)۔ (۲)اپنے تئیں حاضر کرنا؛ جانا شرکت کرنا یا شریک ہونا (مثلاً کسی میٹنگ وغیرہ میں)۔

Present / Present arms : (n) (۱)(فوج) جھکاؤ ؛(ہتھیار کو سلامی کے لئے جھکانے کاحکم) .(۲)چھتیاؤ (ہتھیار اٹھانے یا بندوق وغیرہ سے نشانہ لینے کا حکم)۔

Present perfect : (n) (صرف و نحو)ماضی قریب۔

Present tense : (n) (صرف و نحو) حال ؛ زمانۂ حال۔

Present to one's mind: (a) جس کی یاد تازہ ہو ؛ دل میں ، ذہن میں موجود۔

Present worth: (n) (معاشیات) نقد قیمت ؛موجودہ قیمت۔

Presentability : (n) خوش وضعی؛ مناسبت ؛شائستگی ؛لائق پیشکش یا لائق نذرانہ ہونا ؛خوش منظر ہونا ؛معقولیت ؛ لائق تعارف ہونا۔

Presentable : (a) [med L.'praesentibilis'.] (۱)لائق پیشکش ؛ لائق ہدیہ؛لائق نذرانہ؛ خوش وضع قطع ؛ اچھی وضع کا ؛ پیش کرنے کے قابل ؛قابل تحفہ.(۲)عائد کئے جانے کے لائق (جرم یا الزام)؛ لائق پیشی ؛ حاضر کئے جانے کے لائق (مجرم یا ملزم). (۳)(کلیسائی وقف یاجاگیر) جسے دینے کا حق کسی مالک یا جاگیر دار کو حاصل ہو. (۴)دیکھنے میں مناسب ، موزوں، معقول ، اچھا ؛(سماج یا محفل میں) متعارف کئے جانے کے قابل ؛ لائق تعارف ؛ قابل تعارف ؛ قابل مجلس ؛ شائستہ؛ دیدنی ؛قابل نگاہ ؛ لائق نظارہ ؛ خوش منظر۔

Presentably: (adv.) خوش وضعی سے؛مناسب انداز میں ؛معقول طورپر ؛ شائستگی سے؛ قابل طور پر؛ خوش منظر انداز میں۔

Presentation : (n) [Late L . ' praesentatio ' .] (۱)(کسی شخص کو کسی کے سامنے)حاضر کرنا ؛ پیش کرنا ؛ کسی سے متعارف کرنا ؛ تعارف ؛؛ پیشہ.(۲) (کلیسا ئی وقف یا جاگیر پر)تقرر کے لئے (کسی پادری کی) سفارش کرنا. (۳)عطیہ ؛ تحفہ ؛ پیشکش؛ نذرانہ ؛ بھینٹ (وغیرہ پیش کرنے کا عمل)؛تحفے میں دی ہوئی چیز ؛ بطور نذرانہ پیش کی ہوئی چیز ؛ نذر ؛ بھینٹ ۔ (۴) دکھانا؛ ظاہر کرنا ؛ اظہار کرنا ؛ نمائش کرنا ۔ (۵)تمثیل نمائی ؛ ناٹک میں

The present volume : کتاب ہذا ؛(یہ کتاب جو آپ پڑھ رہے ہیں زیرتبصرہ ہے)۔

The present worth : (کسی رقم کی) موجودہ قیمت (رقم جو آئندہ کسی مقررہ وقت پر مع سود کے واجب الادا ہو اس کی قیمت حالیہ)۔

The present writer : میں؛ رقم (اس کتاب یا مضمون وغیرہ کا لکھنے والا)۔

Present : (v) [L. ' praesentare ' .] (کسی شخص کو دوسرے سے) ملانا ؛ ملاقات کرانا ؛ تعارف کرانا .(۲)(کسی کا) دربار میں بادشاہ سے رسماً تعارف کرانا . (۳)پیش کرنا ؛ حاضر کرنا. (۴)(تھیٹر کے منیجر کا کسی ایکٹر کو کسی کھیل میں پہلی مرتبہ)پیش کرنا ؛ (تماشا) پیش کرنا ۔ (۵)اسقف سے (کلیسائی وقف یا جاگیر پر)تقرر کے لئے (کسی پادری کی) سفارش کرنا. (۶)پیش کرنا؛ دکھانا ؛ ظاہر کرنا۔ (۷) (فوج) (اسلحۂ آتشیں کو) سلامی دینے کے طور پر پکڑنا ؛ (بندوق وغیرہ) جھکانا ؛ (نشانہ کے لئے)چھتیانا ؛ شست باندھنا ؛ نشانہ لینا ؛(کسی پر) ہتھیار اٹھانا .(۸)(کسی خیال وغیرہ کا) آنا؛ پیدا ہونا. (۹)(قانون) حسب ضابطہ اطلاع کر دینا (کسی حاکم عدالت وغیرہ کو کسی جرم کی)؛پیش کرنا (استغاثہ ، نالش وغیرہ)؛(عرضی)گزراننا ؛ (کسی کو) با ضابطہ ملزم گرداننا (چارج فریم کرنا). (۱۰)(کسی کوکوئی چیز) بطور تحفہ ، ہدیہ ، بھینٹ وغیرہ کے دینا ؛ بھینٹ کرنا یا بھینٹ چڑھانا ؛ نذر کرنا ؛بخش دینا .(۱۱)(آداب تسلیمات سلام وغیرہ)کہنا؛ بھیجنا .(۱۲) (بل ، چیک وغیرہ) پیش کرنا (سکار نے یا ادائی کی غرض سے).(۱۳) بخشش کرنا ؛ دینا ؛ بخشنا ؛ عطا کرنا ؛ (کسی چیز سے متعلق کسی شخص کی ضرورت کو) پورا کرنا ۔ (۱۴) (دایہ گیری) وضع حمل کے دوران (جنس کا اپنے کسی حصہ جسم یا عضو کو)رحم کے منہ پر لانا یا اس کی طرف کرنا؛ وہ عضو جو پہلے باہر آئے .(کسی چیز کو چیز یا کسی خاص سمت کی جانب)موڑنا ، کرنا ، پھیرنا؛ گھمانا ۔ (۱۵) (کسی چیز کو کسی چیز کے) قریب لانا یا (اس کے)متصل رکھنا۔ (۱۶)(چیزیں) فراہم کرنا ؛ مہیا کرنا ؛ دینا ؛ بہم پہنچانا ؛ حاضر کرنا ؛ پیش کرنا۔

This case presents great difficulties : مشکل پسند معاملات یا پیچیدہ مسائل؛ حل طلب مسائل ؛ اس معاملے میں بڑی مشکلات ہیں۔

To present an appearnce (of) : نظر آنا ؛ دکھائی پڑنا۔

پیش کرنا،تصویری یا علامتی پیشکش تمثیل ، علامت
مثال یا تمثال (۶)شاہی دربار میں حسب رسم (کسی کا)
تعارف (۷) (مابعدالطبیعیات)علم حصوری (نفسیات)
احصار تعقل فوری حالت شعور (۸)کسی مخصوص سمت
یا حالت میں رکھنا یا رکھا جانا وہ حالت حس میں کسی
چیز کو رکھا یا پیش کیا جاتا تھا یا وہ حالت حس میں
کوئی چیز خود کو پیش کرتی رہتی ہے (خصوصاً) دایہ
گیری میں (جنیں کا وضع حمل کے وقت) کسی عضو
جسم کو رحم کے منہ کی طرف کرنا (طب) ظہور وضع
جنین. (۹)(علم النحوم) وضعیت

Ideal presentation (نفسیات)احصار مثالی

Presentation and representation (n) (نفسیات)احصار و استحضار

Presentation copy (n) کسی تصنیف کا نسخہ جو مصنف کی طرف سے
کسی کو بطور پیشکش دیا جائے نسخہ پیش کشی
نسخۂ تہدیہ تحفے کا نسخہ

Presentation knowledge (n) (فلسفہ)علم حصوری

Presentational (a) (نفسیات)احصاری تعقل فوری یا حالت شعور
کا یا اس سے متعلق علم حصوری کا یا اس کے متعلق
یا اس کی نوع کا

Presentationalism / Presentationism (۱)قدرتی حقیقت
(۲) (مابعد الطبیعیات ، فلسفہ)احصاریت نظریہ علم
حصوری یہ نظریہ کہ ادراک کے وقت ذہن کو شئے
مدرکہ (یا معروض) کی فوری آگاہی ہوتی ہے

Presentationalist / Presentationist (n) احصاری نظریۂ احصاریت
یا نظریۂ علم حصوری کا قائل یا پیرو

Presentative (a) [Origin doubtful] (۱)(وہ کلیسائی وقف ، جاگیر
وظیفہ) جس کے لئے کسی پادری کے پیش کرنے کا سر
پرست کوئی ہو (۲)دماغ میں کوئی خیال لانے والا
خیال آور خیال انگیز (۳)(مابعد الطبیعیات، نفسیات)
علم حصوری کا علم حصوری کی نوعیت کا احصاری
حالت شعور یا تعقل خودی سے متعلق

Presentee (n) [Fr presente] (۱)پادری جو کلیسائی وقف یا
وظیفہ کے لئے پیش کیا جائے (۲)شخص جس کو کسی
عہدے پر مقرر کرنے کی فرمائش کی گئی ہو (۳)شخص
جس کا دربار شاہی میں تعارف ہوا ہو (۴)شخص
جس کو کوئی انعام ، تحفہ، ہدیہ یا نذرانہ وغیرہ دیا
گیا یا پیش کیا گیا ہو ، جسے کوئی چیز پیش کش میں
دی گئی ہو

Presenter (n) پیش کرنے والا، حاضر کرنے والا(مختلف معنوں میں)-

Presentient (a) [L praesentiens] حس کو(ہونے والے واقعات کی)
پہلے سے خبر ہو پہلے سے محسوس یا معلوم کرنے
والا پہلے ہی ادراک کرنے والا پہلے ہی تاڑ جانے یا
بھانپ لینے والا پہلے ہی سونگھ لینے والا ؛
پیش آگاہ، پیش اندیش

Presentiment (n) [f Pre +sentiment] آنے والے واقعات کا پہلے
سے حال پیدا ہو جانا آنے والی آفت یا مصیبت کا
پہلے سے اندیشہ، کسی امر کے وقوع کا پہلے سے
دل میں اندیشہ پیدا ہو جانا پیش اندیشگی ماتھا
ٹھنکنا ،پیش آگاہی (نفسیات)حد س پیش حس.

Presentimental (a) پیش آگاہی کا یا اس سے متعلق حدسی حسے
پیش حِس ہوتی ہو.

Presentive (a) کسی چیز یا اس کے خیال کو براہ راست ذہن میں لانے
والا ،احصاری جو کسی شے یا تصور کو فوراً ذہن کے
سامنے پیش کر دیتا ہے(بخلاف علامتی Symbolic)

Presentive (n) احصاری لفظ ، وہ لفظ جو کسی چیز یا اس کے تصور
کو براہ راست ذہن میں لاتا ہو

Presentively (adv) احصاری طور پر کسی شے یا تصور کو براہ
راست ذہن میں لاتے ہوئے یا لا کر

Presentiveness (n) احصاریت کسی شے یا تصور کو براہ راست ذہن
میں لانے کی حالت یا صفت

Presently (adv) جلدی ، تھوڑی دیر میں تھوڑی سی دیر میں ذرا سی
دیر میں تھوڑی دیر بعد (قدیم) بطور نتیجہ بلاواسطہ
یا نتیجۂ براہ راست لازمی طور پر بس ابھی فوراً

Presentment (n) [OFr presentement] (۱)(قانون) رٹی
جیوری کی اس امر کی بسبت رپورٹ جس کا اس کو
علم ہو الزام جیوری جیوری کا اس امر سے متعلق
حلفیہ بیان (۲)اسقف یا نائب اسقف کے حضور
میں بوقت معائنہ معاملات کلیسا کسی جرم کے متعلق
استغاثہ پیش کرنا (۳)ناٹک تمثیل تمثیل تماشا
(۴) تصویر صورت خاکہ نقشہ (۵) بیان
اظہار شرح (۶)پیش کرنے کا انداز ادا
طرز ادا ، انداز اظہار طرز نمائش (۷)تصوریا
شعور میں لانے کا عمل (۸)(نفسیات ، مابعد الطبیعیات)
علم حصوری احصار تعقل فوری حالت شعور
(۹) (قانون) چالان

Presentness (n) (مقام ،وقت یا خیال میں) موجود ہونے کی حالت

یا صفت حصور موجودگی

Presentor (n) [AFr . 'presentour'] (۱)الزام عائد کرنے والا حلفیہ بیان دینے والا ، بیان دینے والا اظہار کرنے والا ، پیش کرنے والا ، نقشے کھینچنے والا .(۲)کلیسائی وقف یا جاگیر پر تقرر کے لئے کسی پادری کو پیش کرنے والا اُس کی سفارش کرنے والا .(۳)پیش کرنے والا یا سامنے لانے والا ، تعارف کرانے والا .

Preservable (a) تحفظ پذیر، جس کی ضرر سے حفاظت ہو سکے،سڑنے، گلنے یا بگڑنے سے بچا یا جا سکے ،محفوظ کئے جانے کے لائق

Preserval (n) بچاؤ ، تحفظ، نگہداشت ،ٹوٹنے ،پھوٹنے، سڑنے گلنے یا کسی اور طرح بگڑنے یا ضائع ہونے سے محفوظ رکھنا ، بچنا، حفاظت کرنا ، محافظت کرنا ، بچانا ، بچاربنا، حفاظت ،محافظت ،محفوظ رہنا ، اس طرح محفوظ یا غیر محفوظ رہنے کی حالت ، حالت تحفظ ، اتقا.

Preservation (n) [med L 'praeservatio] Preserval دیکھو

Preservative (a)[med L 'praeservativus] (۱)بچانے والی (چیز)، تحفظی ، جو دوسری شے کو بگڑنے نہ دے، نقصان نہ ہونے دے ، محافظ .(۲) تحفظی (کاروائی) . (۳)(کیمیاوی شے) جو اشیائے خوردنی کو بگڑنے نہ دے .

Preservative (n) (۱)کسی خطرے یا ضرر سے حفاظت ، بچاؤ ،تحفظ یا محافظت. (۲)سڑنے ،بگڑنے یا برباد ہونے سے بچانے والی چیز .(۳)خصوصاً اشیائے خوردنی کو سڑنے، گلنے یا خراب ہونے سے بچانے کے لئے استعمال کیا جانے والا کیمیاوی مادہ .

Preservatory (a) Preservative دیکھو

Preservatory (n) (۱)دیکھو Preservative (n) -(۲)(امریکا)تحفظی مرتبان اشیائے خوردنی کو خراب ہونے سے بچانے والے آلات یا سارو سامان

Preserve (n) (۱)زُب جام اچار (اکثر جمع میں) (۲)محفوظ شکار گاہ (۳)دریا وغیرہ کا وہ حصہ جو مچھلی کے شکار کے واسطے کیا گیا ہو محفوظ ماہی گاہ وہ جگہ جہاں زندہ جانور خصوصاً مچھلیاں (کھانے کے لئے) محفوظ رکھی جاتی ہوں زندہ مچھلیاں رکھنے کا چھوٹا تالاب یا حوض (۴)(جمع)گرد عیش (گرد سے بچانے والی) ترا چشمہ (۵) (مجازاً ، اکثر جمع میں)ذاتی ملکیت .

Preserve (v)[Late L praeservare] (۱)(زیاں وضرر سے)محفوظ رکھنا، بچانا ، صحیح وسالم رکھنا (۲)(جام، اچار وغیرہ) زندہ رکھنا ، برقرار رکھنا قائم رکھنا

(۲)(صورت حال) برقرار رکھنا ، قائم رکھنا.
(۳)مربا ڈالنا ، اچار ڈالنا . (۵)کیمیاوی اشیاء کے ذریعے (کسی چیز کو)گلنے ،سڑنے سے محفوظ رکھنا ، بگڑنے نہ دینا ، جما کر یا برف میں رکھ کر سڑنے سے بچانا .(۶)(شکارگاہ کے جانوروں یا شکار گاہ یا دریا کو)اپنے تصرف کے لئے محفوظ رکھنا

A well preserved old man ایسا بوڑھا جس میں بڑھاپے کے آثار کم ہوں .

Preserver (n) (۱)بچانے والا، محفوظ رکھنے والا ، وہ برتن یا چیز جو پھلوں یا دیگر اشیاء کو خراب ہونے سے بچاتی ہو کسی صورت حال کو برقرار رکھنے والا ،قائم رکھنے والا ، چیز کو صحیح حالت پر قائم رکھنے والا .(۲)محافظ ، نگہبان ، (خصوصاً) (زیاں وضرر سے) بچانے والا ، حامی ، نجات دہندہ ، شفیع .(۳) محافظ شکار ،رکھوالا .

Preserving jar (n) (کیمیا) تحفظی مرتبان .

Preside (v) [L 'praesidere'] (۱)کسی مجلس یا محفل کا صدر ہونا، کرسئی صدارت پر بیٹھنا ،میر مجلس ہونا صدارت کرنا، صدر ہونا ،کرسئی اقتدار پر ہونا ، صدر نشین ہونا.(۲)نگرانی کرنا ، ہدایت دینا منضبط کرنا ، قابو میں رکھنا (میر محاراً) حکومت کرنا. (۳)کسی سماجی ، مذہبی یا موسیقی کی محفل میں ارغنوں نواز یا پیانو نواز ہونا(یا اس حیثیت سے کام کرنا) . (۴)اشاروں سے کسی سازکو بجاتے ہوئے بینڈ پارٹی کی ہدایت کاری کرنا .

To preside at the organ or piano etc آرگن یا پیانو بجا کر بینڈ پارٹی کو ہدایت دینا ، (اب عموماً)کسی سماجی، مذہبی یا موسیقی کی محفل میں ارغنوں نواز یا پیانو نواز ہونا (یا اس حیثیت سے کام کرنا) .

Presidence (n) [med L 'praesidentia] صدارت ،نگرانی ،ہدایت کاری ، حکمرانی .

Presidency (n) [Sp, pg 'presidencia '] (۱)صدارت عہدۂ صدارت ،کرسئی صدارت ،منصب صدارت ،صدر کا عہدہ یا کام ،صدر کی مدت ملازمت ،مدت صدارت. (۲)پریسیڈنسی صوبہ ، صدر کے زیر حکومت علاقہ یا ضلع ،ریاست .

President (n) [L'praesidens'] (۱) صدر ،صدر نشین ،میر مجلس . (۲)صدر مدرسہ ، صدر کالج ، پرنسپل .(۳)صدر اقامیہ ،

میرا قادمیه : کسی علمی یا ادبی مجلس کا صدر ۔(۴)(امریکا) صدر بینك ۔ (۵)صدر مجلس شوریٰ۔(۶)(امریکا اور دیگر جمہوری حکومت میں)منتخب (شدہ)صدرجمہوریہ ۔ (۷)(تاریخ) حاکم صوبہ ؛ والیٔ صوبہ ۔

Lord president of the council : تاج برطانیہ کا عہدہ دار جس کا فرض منصبی ، پریوی کاؤنسل کی میٹنگوں میں صدارت کرنا اور وہاں طے شدہ یا زیر عمل آئے (تجارتی)معاملات (یا لین دین کی پوری رپورٹ بادشاہ کے رو برو پیش کرناھے ؛ پریوی کاؤ نسل کا صدر نشین لارڈ صدر مستشار شاہی۔

Presidentess : (n) (۱)صدر نشینہ ؛ وہ عورت جو صدر ہو ؛ خاتون صدر نشین؛ رئیسہ۔ (۲)زوجۂ صدر ؛ صدر کی بیوی۔

Presidential : (a) [med .L.'praesidentialis' .] (۱)صدارتی؛صدر یا اس عہدے کا؛ صدر یا اس کے عہدے سے متعلق ۔ (۲)صدر جیسا؛ امیرانہ ؛ حاکمانہ ؛ رئیسانہ ؛ والیانہ ۔

Presidential government : (n) صدارتی حکومت ۔

Presidential year : (a) صدارتی انتخاب کا سال ؛ وہ سال جس میں صدارتی انتخاب ہو ۔

Presidentially : (adv.) بحیثیت صدر ؛صدر کی حیثیت سے؛ صدرکی طرح ؛ صدر کے طور پر ؛ حاکمانہ ؛ رئیسانہ ؛ امیرانہ ؛ والیا نہ؛ صدر کے انداز میں ؛ صدارتی انداز میں ؛ صدارتی طور پر ۔

Presidentship : (n) صدارت ؛ کرسئی صدارت؛ عہدۂ صدارت؛ منصب صدارت ؛ صدر کا عہدہ یا اس کے کام ؛ مدت صدارت ۔

Presider : (n) صدارت کرنے والا ؛ صدر یا میر مجلس کے فرائض انجام دینے والا ؛ حکمراں ؛ حکم چلانے والا ؛ ہدایات دینے والا؛ نگراں کرنے والا ؛ صدر ؛ حاکم ؛ ہدایت کار ۔

Presidial : (a)[Late L. 'praesidialis ' .] (۱)(تاریخ فرانس) صوبائی؛ ریاستی ؛کسی صوبے یا ریاست کا یا اس سے متعلق۔ (۲) صدارتی ؛ صدر یا صدارتی کامو ں سے متعلق (شاذ)۔ (۳)قلعے کا؛ قلعہ بند شہر کا یا اس سے متعلق ۔

Presidial : (n) (تاریخ فرانس) فرانس کی صوبائی عدالت ۔

Presidiary : (a)[L.'praesidiarius '.] قلعہ بندمقام کا یا اس سے متعلق ؛ قلعہ بند مقام کے طور پر کام آنے والا ؛ قلعہ ؛ جہاں دفاع کے لئے فوج مقرر ہو ؛ قلعے کی فوج کے متعلق ۔

Presidiary : (n) چوکی ؛ پہرہ ؛ روک ؛ حفاظت ؛ بچاؤ ؛ دفاع ؛ باعث حفاظت ؛ سایۂ عاطفت ؛ مقام محفوظ ؛ مقام دفاع ۔

Presiding : (a) نگراں ؛ ہدایت کار ؛ حاکم ؛ حکمراں ۔

Presiding officer : (n) نگراں افسر ؛ افسر جو انتخابات میں ووٹوں کی گنتی کی نگرانی کرتا ھے ۔

Presidio : (n) {Sp. -L .'praesidium'.} (ہسپانیہ اور ہسپانوی امریکا میں) قلعہ ؛ کوٹ ؛ گڑھ ؛ گڑھی؛ گڑھ نگر ؛ قلع بند فوجی مقام ؛ فوج کی فرود گاہ ؛ قلعہ بند شہر ؛ وہ مقام جہاں دفاع کے لئے فوج مقرر ہو؛ (نیز) ملك سے باہر ہسپانوی مجرموں کی آبادی ؛ ہسپانوی کالا پانی ۔

Presidium : (n) [Russ. 'prezidium'-L.' praesidium '] پریزیڈیم کسی کمیونسٹ تنظیم کی مجلس عامہ ؛ مختلف کمیونسٹ اداروں کی انتظا می کمیٹی ۔

Presignify : (v) [L. 'praesignificare'.] پہلے سے بتا دینا ؛ پہلے سے مطلب ہونا ؛ (آنے والی بات کی)پہلے سے علامت ہونا ؛ فال یا شگون بتانا ۔

Presphenoid : (n) (تشریح) پیش وَتد ؛ کھوپڑی کے قاعدے کی ہڈی کا اگلا حصہ جو بچپن میں ایك الگ ہڈی کی تشکیل کرتا ھے ۔

Presphenoidal : (a) پیش وتدی ؛ کھوپڑی کے قاعدہ کی ہڈی کے اگلے حصے سے متعلق ۔

Press : (n) [ME .'presse'.] (۱)بھیڑ؛ بھیڑ بھاڑ ؛ ہجو م وازدحام۔ (۲)(لڑائی میں)دھکا پیل ؛ ریل پیل ؛ روندں۔ (۳) کشمکش؛ کشاکش ؛ دباؤ ؛ زور ؛ حالات کا دباؤ ؛ جلدی؛ نہایت عجلت کی ضرورت ؛ شدت ؛ اصرار ؛ تاکید ۔ (۴)اضطراب ؛ گھبراہٹ ؛ گڑبڑ ۔(۵)شکنجہ؛ دبانے کی کل؛ دبانے کا پینچ ؛ دبانے کی مشین ؛ (کپڑے کی)استری؛ (مکھن وغیرہ کو)دبا کر مختصر کرنے کی کل ۔(۶)چاپ خانہ ؛مطبع ؛ چھاپا خانہ؛ پرنٹنگ ہاؤس ۔(۷) چھاپنے کی مشین ؛ چھپائی مشین ؛ چھپائی کی کل؛ چھاپ مشین ؛ پرنٹنگ پریس ؛ چالو چھاپا خانہ؛ چھاپہ خانے کا کام؛ چھپائی کا فن ؛ فن طباعت ؛ طباعت ؛ چھپائی ۔ (۸)الماری ؛ دیواری الماری ؛ دیوا رمیں بنی ہوئی خانہ دار الماری ۔(۹)(کسی چیز کو)دبانے کا عمل ؛ داب ؛ دباؤ ۔(۱۰)دبا کر بنایا ہوا نشان یا شکن ؛ چھاپ ؛ نشان (دبا کر بنایا ہوا)؛ ارتسام ۔ (۱۱)آگے کو دبانے کا عمل ؛ آگے کو دبانا یا ڈھکیلنا ؛ پیلنا ؛ دھکا پیل ۔(۱۲)دیکھو press of canvas,sail - (۱۳) (کسی چیز کو) دبا کر رس یا تیل وغیرہ

Press :(v)[ME . 'presse'.] (۱)دبانا : دباؤ ڈالنا : کسنا (کسی چیز کو)۔ (۲) کسی چیز کو دبا کر اوپر نیچے کھسکانا : ڈھکیلنا۔ (۳)دبانا : بھینچنا : چمٹا نا۔(۴)زور ڈالنا : دبانا (کسی چیز کا)۔ (۵)نچوڑنا : رس نکالنا : عرق نکالنا : پیلنا۔ (۶)شکنجے میں کسنا : کسی چیز کو دبا کر ہموار کر دینا: بل نکال دینا : شکن دور کرنا : استری کرنا۔ (۷) دباؤ ڈالنا : دبانا (دشمن یا فوج کا)۔(۸) دماغ پر بار ہونا : باعث تردد ہونا۔ (۹)ضروری ہونا : فوری کاروائی چاہنا۔ (۱۰)منت کرنا : سماجت کرنا : خوشامد کرنا۔(۱۱)مصر ہونا : بضد ہونا۔ (۱۲)مجبور کرنا : اصرار کرنا : تقاضا کرنا : شدید مطالبہ کرنا۔(۱۳)ہجوم کرنا : بھیڑ لگ جانا : دھکا پیل ہونا۔(۱۴)(Press on, forward) جلدی کرنا : عجلت کرنا : سر عت کرنا : پیچھے پڑجانا : آگے چلنا : آگے بڑھنا۔(۱۵)(تاریخ) بطور سزا دبانا : دباتے دباتے مار ڈالنا (یہ ایک قسم کی عدالتی سزا تھی جو سنگین جرائم کے ملزموں کو عدالت کے سامنے صفائی نہ پیش کرنے اور خاموش رہنے یا جواب دہی سے انکار کرنے پر دی جاتی تھی)۔

Press : (v) [OFr. 'prest' ,by assoc with press.] (تاریخ) جبری بحری خدمت لینا : جبراً فوج میں بھرتی کرنا : جبر کرنا : مجبور کرنا (کسی شخص کو فوج یا بحری خدمت کے لئے): (خصوصاً) کسی کو کسی خدمت کے لئے مجبور کرنا : کسی پر کسی کام کے لئے جبر کرنا : شاہی یا پبلک نکالنے کی کل: کولہو : پھلوں کو نچوڑنے کا آلہ : گنّے پیلنے کی کل.(۱۴)اخبارات ، رسائل وجرائد : کسی ملک ، ضلع ،پارٹی وغیرہ کے اخبارات ورسائل (مثلاً The london press, French press) (کبھی کبھی)اخبار کا نام۔ (۱۵)(شاذ) بیگار : دباؤ ڈال کر خدمت لینا : جبری بحری خدمت : جبری فوجی ملازمت۔

Press : (۱)اخبارات : صحافت .(۲)صنعتِ طباعت : فنِ طباعت۔

Press : (۱)دبانا : دباؤ ڈالنا : کسنا (کسی چیز کو)۔ (۲) کسی چیز کو دبا کر اوپر نیچے کھسکانا : ڈھکیلنا۔ (۳)دبانا : بھینچنا : چمٹا نا۔(۴)زور ڈالنا : دبانا (کسی چیز کا)۔ (۵)نچوڑنا : رس نکالنا : عرق نکالنا : پیلنا۔ (۶)شکنجے میں کسنا : کسی چیز کو دبا کر ہموار کر دینا: بل نکال دینا : شکن دور کرنا : استری کرنا۔ (۷) دباؤ ڈالنا : دبانا (دشمن یا فوج کا)۔(۸) دماغ پر بار ہونا : باعث تردد ہونا۔ (۹)ضروری ہونا : فوری کاروائی چاہنا۔ (۱۰)منت کرنا : سماجت کرنا : خوشامد کرنا۔(۱۱)مصر ہونا : بضد ہونا۔ (۱۲)مجبور کرنا : اصرار کرنا : تقاضا کرنا : شدید مطالبہ کرنا۔(۱۳)ہجوم کرنا : بھیڑ لگ جانا : دھکا پیل ہونا۔(۱۴)(Press on, forward) جلدی کرنا : عجلت کرنا : سر عت کرنا : پیچھے پڑجانا : آگے چلنا : آگے بڑھنا۔(۱۵)(تاریخ) بطور سزا دبانا : دباتے دباتے مار ڈالنا (یہ ایک قسم کی عدالتی سزا تھی جو سنگین جرائم کے ملزموں کو عدالت کے سامنے صفائی نہ پیش کرنے اور خاموش رہنے یا جواب دہی سے انکار کرنے پر دی جاتی تھی)۔

Press : (v) [OFr. 'prest' ,by assoc with press.] (تاریخ) جبری بحری خدمت لینا : جبراً فوج میں بھرتی کرنا : جبر کرنا : مجبور کرنا (کسی شخص کو فوج یا بحری خدمت کے لئے): (خصوصاً) کسی کو کسی خدمت کے لئے مجبور کرنا : کسی پر کسی کام کے لئے جبر کرنا : شاہی یا پبلک نکالنے کی کل: کولہو : پھلوں کو نچوڑنے کا آلہ : گنّے پیلنے کی کل.(۱۴)اخبارات ، رسائل وجرائد : کسی ملک ، ضلع ،پارٹی وغیرہ کے اخبارات ورسائل (مثلاً The london press, French press) (کبھی کبھی)اخبار کا نام۔ (۱۵)(شاذ) بیگار : دباؤ ڈال کر خدمت لینا : جبری بحری خدمت : جبری فوجی ملازمت۔

ان کے ہاں فن صحافت کی حالت اچھی ہے۔ They have a good press:

مطبع میں (برائے طباعت) آنا، جانا ، بھیجنا۔ To come , go , send to (the) press :

چھپائی کی غلطیاں درست کرنا : طباعت کی غلطیاں ٹھیک کرنا : پتھر پر کتاب کی یا پلیٹ پر کمپوزیشن کی غلطیاں درست کرنا۔ To correct the press:

Unfettered press: دیکھو Free press

موافق یا مخالف اخبارات۔ A good or bad press :

مطبع میں : زیر طبع : زیرطباعت : چھپائی کے مرحلے میں : طباعت میں۔ At, in (the) press :

اخباروں نے اس کے موافق رائے ظاہر کی ہے : اخبارات نے اس کو استحسان کی نظروں سے دیکھا ہے۔ Favourably noticed by the press:

پریس کی آزادی : آزادئ پریس : مطبع کا آزادانہ استعمال : سنسر بورڈ کے سامنے پیش کئے بغیر کوئی چیز چھاپنے اور شائع کرنے کا حق : آزادئ اشاعت بلا احتساب : آزادئ اخبارات: آزادئ مطابع : آزادئ مطبع۔ Freedom or liberty of the press:

آزاد پریس : آزاد مطبع : وہ چھاپہ خانہ جس پر کوئی پابندی یا سنسرشپ نہ ہو : وہ اخبارات ورسائل جو سنسر شپ سے آزاد ہوں۔ Free press :

شکنجۂ آبی۔ Hydraulic press :

In (the) press : At , in (the) press دیکھو

چاپ شدہ : جاری شدہ : جس کی چھپائی مکمل ہو چکی ہو اور (جسے) پریس سے باہر بھیجا جا چکا ہو۔ Off the press :

کولہو۔ Oil press :

مطبع: چھاپہ خانہ : پرنٹنگ پریس۔ Printing press :

ٹٹ پونجئے اخبارات :ادنیٰ مذاق کے اخبارات۔ The gutter press :

The press: (۱)اخبارات : صحافت .(۲)صنعتِ طباعت : فنِ طباعت۔

The yellow press :: مطبع اصفر : مطابع اصفر :زرداخبارات : ہیجانی اخبارات : ہیجان خیز اخبارات۔

استعمال کے لئے لے لینا (گھوڑوں ، کشتیوں وغیرہ کا) : بیگار میں پکڑنا۔

Press -agent : (n) کسی تھیٹر کا نمائندہ جو اخبارات میں تھیٹر کے اشتہارات دیتا اور اس کی کار گردی یا کھیل سے متعلق رپورٹیں شائع کراتا ھے: پریس ایجنٹ ۔

Press -attach : (n) صحافتی اتاشی: پریس اتاشی ۔

Press bed : (n) (بول چال) ایک قسم کی مڑنے والی چارپائی یا چوکی جو استعمال کے بعد موڑ دینے سے الماری نما ہوجاتی ھے ۔

Press-box : (n) اخباری نامہ نگاروں کی نشست (کرکٹ یا فٹ بال کے مقابلوں میں) ۔

Press -branch : (n) شعبۂ صحافت ۔

Press -bureau: (n) شعبۂ نشرو اشاعت : محکمۂ نشرو اشاعت ۔

Press campaign : (n) صحافتی مضمون بازی : اخباری جدو جہد : اخباری مضامین کے ذریعہ مقصد بر آری کی کوشش۔

Press communique : (n) اعلامیہ ۔

Press conference : (n) پریس کانفرس : کسی بڑی شخصیت کی جانب سے نامہ نگاروں کو بلا کر انہیں دیا ہوا انٹرویو۔

Press-copy : (n) پریس کاپی : کسی تحریر یا کتاب کا مطبوعہ نسخہ: کسی تحریر یا کتاب کی مطبوعہ کاپی ۔

Press-copy : (v) پریس کاپی تیار کرنا : کسی تحریر یا کتاب کا مطبوعہ نسخہ تیار کرنا۔

Press crew : (n) (طباعت) عملۂ مطبع : مطبع کا عملہ۔

Press cutting اخبار کا تراشہ ۔

Press-gallery : (n) دارالعوام میں نامہ نگاروں کے بیٹھنے کی جگہ:نامہ نگاروں کی گیلری : پریس گیلری : کسی بھی عوامی جلسہ گاہ کا وہ حصہ جہاں اخباری نامہ نگاروں کے بیٹھنے کا انتظام ہوتا ھے ۔

Press-gang : (n) ایک افسر کے زیر حکم کام کرنے والے آدمیوں کی ایک جماعت جو لوگوں کو بحریہ میں کام کرنے پر مجبور کرتی ھے: فوج یا بحریہ میں بھرتی کرنے والی جماعت ۔

Press-gang : (v) (کسی شخص کو) فوج یا بحریہ میں کام کرنے پر مجبور کرنا: جبریہ فوجی خدمت لینا : کسی کو خدمت کے لئے مجبور کرنا : کسی پر کسی کام کے لئے جبر کرنا : شاہی یا پبلک استعمال کے لئے لے لینا (گھوڑوں اور کشتیوں وغیرہ کا): بیگار میں پکڑنا : بیگار لینا ۔

Press-mark : (n) کتب خانہ کی کتابوں پر چھاپے ہوئے یا لکھے ہوئے نمبر یا نشانات جو کتب خانے کے کیٹلاگ (فہرست کتب) میں بھی درج ہوتے ہیں اور جن سے یہ معلوم ہوتا ھے کہ کتب خانے میں کون سی کتاب کس کمرہ الماری وغیرہ میں رکھی ھے ۔

Press-money : (n) (۱)ہنگامی حالات میں بادشاہ کی جانب سے جبراً وصول کی ہوئی رقم جو بہ طور قرض ہوتی تھی: بہ زور حاصل کیا ہوا قرض ۔(۲)پیشگی اجرت ۔ (۳)زرپیشگی جو فوج یا بحریہ میں بھرتی ہونے پر سپاہیوں کو ادا کیا جاتا تھا ۔

Press note: (n) اخباری بیان :پریس نوٹ ۔

Press of canvas : (n) پال کا دباؤ : پال کا تناؤ ۔

Press of sail : (n) (جہازی)بادبان کا دباؤ :باد بان کا تناؤ ۔

Press-pack : (v) (کسی چیز کو)دبا کر چھوٹا کرنا : دبا کر پیک کرنا یا ڈبوں وغیرہ میں بھرنا ۔

Press-printing : (n) دابنے والی مشین کے ذریعہ چھپائی: مشینی چھپائی: چھپائی مشین کے ذریعہ چھاپنا : چینی مٹی کے برتنوں کی چھپائی کا ایک طریقہ ۔

Press-proof : (n) آخری پروف (جسے پریس میں جانے سے پہلے دیکھا یا جانچا گیا ہو): آخری نظر ثانی۔

Press repersentative : (n) اخباری نمائندہ ۔

Press-revise : (n) دیکھو Press-proof

Press-room : (n) (۱)چھاپے خانے کا وہ کمرہ جس میں چھپائی مشین ہوتی ھے۔(۲)وہ کمرہ جس میں کسی بھی قسم کی دبانے والی مشین رکھی جائے ۔

Press-stud : (n) دباکر لگانے والا بٹن(گلے کا): پریس بٹن :پریس سٹڈ۔

Press stunt : (n) صحافتی کرشمہ : اخباری چال : اخباری شوشہ ۔

Press up : (n) (عموماً جمع) ایک قسم کی ورزش جس میں ہاتھوں کو زمین پر دباتے ہوئے جسم کو ڈھلوا ں انداز میں اوپر اٹھاتے ہیں یہاں تک کہ دونوں کہنیاں بالکل سیدھی ہو جائیں : ڈنڈ ۔

Press-warrant : (n) (تاریخ)وہ فرمان یا پروانہ جس کے تحت فوج میں بھرتی ہونے کے لئے لوگوں پر دباؤ دینے کا (کسی کو) اختیار دیا جاتا تھا۔

Press wax : (n) شہد کے چھتّے سے پگھلا یا ہوا موم چھان لینے کے بعد بچے ہوئے فضلے کی بنی ہوئی ٹکیہ۔

Press wheel : (n) کاشتکاری کا ایک اوزار جس سے بوئی ہوئی دھاریوں کی مٹی برابر کی جاتی ہے۔

Press woman : (n) خاتون نامہ نگار ؛ صحافیہ ؛اخباری نامہ نگارہ۔

Press-work : (n) (۱)مطبع کا کام اور انتظام ؛ طباعت ؛ چھپائی(بہ اعتبار معیار)۔ (۲)پریس کے لئے کیا ہوا ادبی کام۔ (۳) (برتن سازی) سانچوں میں مٹی کو دبا کر برتن بنانا ؛ اس طرح برتن بنانے کا کام۔

Press-yard : (n) (تاریخ)پرانے Newgate preson کا وہ صحن جسے سمجھا جاتا ہے کہ مجرموں کو دبا کر مار ڈالنے کی سزا ابتداءً وہیں دی جاتی تھی ؛ (اور بعد میں) وہیں سے قیدیوں کو قتل گاہ کے لئے لے جایا جاتا تھا۔

Pressed : (a) دبا ہوا ؛دبایا ہوا؛دبا کر بنایا ہوا ؛ دبا کر تیار کیا ہوا؛ نچوڑا ہوا ؛ مجبور ؛ افشردہ۔

Pressed brick : (n) (عمارت)دبی اینٹ۔

Presser : (n) (۱)دبانے والا ؛ کسی دبانے والی مشین پر کام کرنے والا۔ (۲)شکنجہ ؛ کوئی آلہ مشین و غیرہ جو دباؤ ڈالتی ہو ؛ کولہو ؛ گنے پیلے کی کل وغیرہ ؛ پھلوں کے رس نچوڑنے کا آلہ ؛ (میکانیات) عاصر۔

Presser -bar : (n) (۱)سوئیڑ، گنجی وغیرہ بننے کی مشین کا ایک پرزہ جو تیلی یا سوئی کی نوک کو دبا کر متعلقہ پرزے کی گھائی میں لے جاتا ہے۔(۲) سلائی مشین کی وہ چھوٹی سی چھڑ جس میں لگا ہوا پاؤں نما پرزہ سیتے وقت کپڑے کو دبائے رکھتا ہے۔

Presser- foot : (n) سلائی مشین کا وہ چھوٹا سا پرزہ جو پاؤں کی شکل کا ہوتا ہے اور سیتے وقت کپڑے کو دبائے رہتا ہے۔

Pressing : (a) (۱)شدید ؛ ضروری ؛ تاکیدی ؛ فوری؛ اشد ؛ٹوکدہ ؛ مبرم ؛ جلدی کا ؛ نہایت عجلت کا ؛ پرزور ؛ زوروالا؛ دباؤ والا ؛جس میں شدومدھو ؛ جس کی فوری تعمیل ضرور ی ہو ؛ جس میں شتابی ہو ؛ فوری توجہ کا طالب۔ (۲)(التماس وغیرہ) پراصرار ؛ پرُ اشتیاق ؛ جس میں تعمیل یا تکمیل کی دلی خواہش پوشیدہ ہو؛(نیزشخص) مصر؛ بضد ؛ پیچھے پڑ جانے والا ؛ چم چچڑ ؛چمٹو۔

Pressing (n) (صوتیات) داب ریکارڈ۔

Pressing danger : (n) شدید خطرہ ؛ اشد خطرہ ؛ سخت خطرہ۔

Pressing invitation : (n) تاکیدی دعوت۔

Pressing need: (n) اشد ضرورت؛سخت ضرورت ؛ شدید ضرورت۔

Pressingly : (adv.) نہایت شدومد سے ؛ پرزور طور پر ؛ تاکیداً ؛شدت کے ساتھ ؛ دباؤ لے کر ؛ دباؤ کے ساتھ ؛ پرُ اشتیاق طور پر ؛ مشتاقانہ ؛ بہ اصرار ؛ مصر ہو کر ؛ بضد ہو کر ؛ بضد ؛ بہ جدو کد ؛ بہ اصرارو ابرام۔

Pressingness : (n) شدومد ؛ تاکید ؛ اصرار؛ جدوکد ؛ ردو قدح ؛ضد؛ ہٹ ؛ دباؤ؛ زور۔

Pression : (n) [L.'Pressio'.] (شاذ) داب ؛ دباؤ ؛ دبانے کا عمل ؛ (خصوصاً) مالش کے دوران ایک مخصوص دباؤیا داب(اس معنی میں کبھی کبھی مستعمل ہے)۔

Pressiroster : (n) [mod .L.'pressirostris'.] (طیوریات) ایک قسم کی پتلی اورچپٹی چونچ والی چڑیا۔

Pressirostral : (a) اس چڑیا کا یا اس کی نوعیت وخاصیت کا؛ اس چڑیا جیسا۔

Pressive : (a) [f.press(v).] دباؤ دار ؛دباؤ والا ؛ جس میں دباؤ کی خاصیت ہو ؛ دابدار۔

Pressman : (n) (۱)چھاپنے والا ؛ چھپا ئی مشین چلانے والا ؛(خصوصاً) دستی مشین سے چھاپنے والا ؛ مطبع کا مستری۔ (۲)نامہ نگار ؛ صحافی ؛ جریدہ نگار ؛ روز نامہ نگار؛ اخبار نویس۔ (۳)(جو تا سازی میں) وہ مزدور یا کاریگر جو (دستی مشین سے) جوتوں کے تلوں پر چھاپ یا مہر لگاتا ہے۔

Pressor : (n) دباؤ دینے والا ؛ زور دینے والا ؛ محرک ؛بیجا ن آور ؛ ہیجان خیز ؛ ہیجان انگیز؛ اشتعال انگیز ؛ اکسانے یا بھڑکانے والا ؛ (حیوانیات)دباؤ افزا۔

Pressor nerves : (n) محرک اعصاب؛ دباؤ افزا اعصاب ؛مہیّج اعصاب ؛ وہ اعصاب جن کی تحریک عرقی حرکی مراکز کی فعالیت کو بڑھا دیتی ہے۔

Pressure : (n) [L.'pressure' .] (۱)دباؤ ؛ داب ؛زور فشار ۔(۲) دباؤ کی مقدار ۔(۳)تنگی ؛مصیبت ؛ سختی ؛تکلیف ۔ (۴)جبر ؛ زبردستی ۔(۵)تاکید ؛ تاکید شدید ؛ اہمیت ؛ دباؤ۔ (۶)داب ؛ ناجائز داب ؛مجبوری ؛ مجبور کن اثر ؛

کسی شے کا عمل جو ذہن یا ارادے کو متا ثر کرتا ہو۔
(۷)(برقیات) قوت : برقی دباؤ :(نفسیات)اثر دباؤ :
(طباعت)نقش : چھاپا۔

Absolute pressure : (بھاپ وغیرہ کا)کُل دباؤ (یعنی)
بھاپ کے دباؤ اور کرۂ ہوا کے دباؤ کو ملا کر :
دیکھو Relative pressure-

Atmospheric pressure : (موسمیات)کرۂ ہوا کا دباؤ :
ہوائی دباؤ: ہوا کا دباؤ (جو ایک مربع انچ میں پندرہ
پونڈ ہوتا ہے)۔

Barometric pressure : (موسمیات)بارپیمائی دباؤ : ہوائی
بار پیما کا دباؤ۔

Blood pressure : فشاردم :فشارِ خون:خون کا دباؤ: رکت
چاپ : بلڈپریشر۔

Centre of pressure : مرکز دباؤ :مرکز چاپ :وہ نقطہ جہاں
پورا دباؤپڑسکے۔

Financial pressure : مالی دباؤ : اقتصادی دباؤ :مالی مشکل۔

High pressure : (۱)پُر دباؤ : (ابتداءً)فضا یا کرۂ ہوا کے
دباؤ سے زائد دباؤ ، لیکن اب ایک اضافی اصطلاح
کے طور پر بغیر کسی مستقل حد کے مستعمل ہے
(خصوصاً مرکب ساخت والے انجنوں کے سلسلے میں
جن میں مختلف استوانوں میں مختلف دباؤ پر
بھاپ کا استعمال ہوتا ہے)؛اعلیٰ دباؤ : زیادہ دباؤ:
نیز توصیفاً .(۲)(رفتار، کام وغیرہ کا) معمول سے
زیادہ بار: (مرضیات میں مثلاً High pressure pulse
زوردار نبض ، تیز نبض)؛ (مجازاً)بہت تیزی :
پھرتی : سرگرمی.(۳)(موسمیات)کسی مخصوص
خطے یا علاقے کی فضایا کرۂ ہوا کی گنجان یا زیادہ
دباؤ والی حالت۔

Low pressure : کم دباؤ؛ادنیٰ دباؤ۔

Relative pressure : اضافی دباؤ: فضا یا کرۂ ہواکے دباؤ کے
بعد کا دباؤ ؛کرۂ ہوا کے دباؤ کے علاوہ جو دباؤ ہو۔

Pressure : (v) (ابتداءً امریکا) دباؤ دینا : دبانا ؛جبر کرنا ؛زور ڈالنا؛
آمادہ کرنا : راغب ہونا : ناجائز دباؤ سے کام لینا :
ترغیب دینا۔

Pressure-button : (n) بجلی کی گھنٹی کا بٹن : بٹن جس کو دبانے سے
ایک اسپرنگ چھوٹ جاتی ہے یا بجلی کی گھنٹی بج
اٹھتی ہے۔

Pressure chamber : (n) (طبیعیات)دباؤ خانہ۔

Pressure-cook : (v) پریشر کوکر میں کھانا (وغیرہ)پکانا۔

Pressure cooker : (n) پریشر کوکر : جلد کھانا بنانے کے لئے بنایا ہوا
ایک ہوا بند برتن جو بھاپ اور اس کے ساتھ نکلنے
والی حرارت کو روک کر اور اس طرح برتن کے اندر
بھاپ کے دباؤ کو بڑھا کر درجۂ حرارت کو بہت
بڑھا دیتا ہے جس سے کھانا جلد پک کر تیار ہو
جاتا ہے : قدر ضغطیہ : دیگ زود پز : دیگچہ زودپز۔

Pressure-gage/-gauge: (n) (طبیعیات) فشار پیچا دباؤ : ایک آلہ جو
بھاپ، گیس وغیرہ کے دباؤکو ظاہر کرتا ہے: (نیز)
وہ آلہ جو توپ ،بندوق یا دیگر آتشیں اسلحوں کے
اندر فائر ہونے کے وقت کے دباؤ کو ظاہر کرتا ہے۔

Pressure gradient : (n) (موسمیات)دباؤ کی ڈھال۔

Pressure group : (n) (سیاسیات)دباؤ انداز اقلیت : وہ عوامی گروہ
یا جماعت جو مظاہروں ، پروپیگنڈوں وغیرہ
سے مجلس قانون ساز یا سرکاری پالیسی پر دباؤ
ڈالتی ہے۔

Pressure-mine : (n) وہ کان جو زیادہ دباؤ کے باعث پھٹی ہو :وہ کان
جس میں (گیس وغیرہ کے) زیادہ دباؤ کی وجہ سے
دھماکہ ہوا ہو۔

Pressure of the atmosphre : (n) کرۂ ہوا کا دباؤ: ہوائی دباؤ:ہوا کا
دباؤ(جو ایک مربع انچ میں پندرہ پونڈ ہوتا ہے)۔

Pressure-paralysis : (n) فالج جو دماغ (کے ایک حصے)پر دباؤ پڑنے
کی وجہ سے ہوا ہو۔

Pressure-pipe : (n) بھاپ انجن کے Pressure-gauge کا پائپ۔

Pressure saucepan : (n) چھوٹا پریشر کوکر۔

Pressure sensitive : (a) جو دباؤ سے اثرپذیر :جو دباؤ سے اثر قبول کرے
ہو:جو محض دبانے ہی سے چپک جائے(پٹی وغیرہ)۔

Pressure sore : (n) دیکھو Bedsore

Pressure tank : (n) حوض جس میں کسی سیال یا گیس کو کرۂ ہوا کے
دباؤ سے زیادہ دباؤ کے تحت رکھا گیا ہو۔

Pressure tendency : (n) (موسمیات)میلان دباؤ۔

Pressurization : (n) (کسی چیز کے اندر)مصنوعی طور پر دباؤ پیدا

کرنے یا اسے قائم رکھنے کا عمل : (خصوصاً)بلند پروازی کے دوران (کسی طیارے میں)ہوا کا معمولی دباؤ برقرار رکھنا۔

Pressurize : (v) (کسی بند ڈبے وغیرہ یا سیال میں)مصنوعی طور پر دباؤ پیدا کرنا یا اسے برقرار رکھنا (خصوصاً)بلند پروازی کے دوران (کسی طیارے میں)کرۂ ہوا کے معمولی دباؤ کو قائم رکھنا۔

Pressurized : (a) جس کے اندر مصنوعی طور پر دباؤ پیدا کیا گیا ہو یا برقرار رکھا گیا ہو۔

Prest-money : (n) Press-money کی قدیم شکل۔

Prestate : (v) [L.'praestare'.] (یونانی قانون)اپنے ذمہ لینا : اپنے سر لینا : خود ذمہ داری قبول کرنا : (کسی کے لئے)خود کو جوابدہ ٹھہرانا :مہیا کرنا : بہم پہنچانا :ثابت کرنا: دلیل فراہم کرنا۔

Prestation : (n) [OFr. 'prestation'.] قانوناً رسماً یا جاگیر دارانہ نظام کے ۔وسے عائد شدہ رقم چکانے یا خدمت کرنے کا عمل :اس طرح عائد شدہ رقم یا خدمت کی ادائی: نیز کسی عہد کا ایفا: ایفائے وعدہ ،جس بات کا وعدہ ہوا سے پورا کرنا۔

Prester John : (n) [ME.'Prestre Johan'.] پریسٹر جان :یہ ایک فرضی بادشاہ اور پادری ہے جو از منہ وسطیٰ میں ایتھوپیا یا ابی سینیا (حبشہ یا کسی دور مشرقی ملک)کا فرمانروا تھا۔

Prestidigitateur : (n) شعبدہ باز : بازی گر : نظر بندی کرنے والا : ڈھٹ بند : (مجازاً) لفظی شعبدہ باز :فریبی : دغا باز۔

Prestidigitation : (n) [f.next.] ہاتھ کی صفائی : شعبدہ بازی : بازی گری : نظر بندی۔

Prestidigitator : (n) [Fr. '+L.'digitus'.] دیکھو Prestidigitateur

Prestige : (n) [Late L. 'praestigium '.] شہرت : ناموری : اثر : نفوذ (نفسیات)سطوت : حیثیت : شان : وقار: اعتبار: آبرو: قدرو منزلت: عزت : خوشنامی : نام :(معاشیات) وقار: ساکھ۔

Prestige : (a) (بطور صفت)عزت : خوش نامی : اعتبار یا اثر سے متعلق۔

Prestigeful : (a) معزز : خوش نام : ذی اثر : پر سطوت:مشہور، معروف: معتبر : اعزاز بخشنے والا : صاحب اعتبار : ذی وقار۔

Prestigiator : (n) [L. 'praestigiator'.] شعبدہ باز : بازی گر : جادوگر: مداری۔

Prestigious : (a) معتبر : معزز : صاحب اثر : معروف : محترم: مشہور : خوش نام : بانفوذ : پر سطوت :ذی اثر : ذی وقار : صاحب اعتبار : عزت دار : نامدار۔

Prestigiously : (adv.) معززانہ : محترمانہ : پرسطوت انداز میں : خوش نامی سے۔

Prestigiousness : (n) معزز ہونا : عزت : اعزاز : سطوت : احترام :اثر نفوذ : شہرت: اعتبار : خوش نامی۔

Prestissimo : (adv.) [It. Superl. of 'presto'.] (موسیقی کی ہدایت) بہت تیز:جلدی جلدی :بہت تیزی سے۔

Prestissimo : (n) بہت تیز حرکت ، تیز رفتار لَے۔

Presto : (a) [It.] (موسیقی کی ہدایت) تیز :جلدی جلدی : چلتی(لَے)۔

Presto : (adv.) [f.prec.] (موسیقی کی ہدایت) تیزی سے :چلتی لَے میں۔

Presto : (n) [as prec.] (موسیقی) تیز حرکت : تیز رفتاری: چلتی لَے۔

Presto : (adv.) [It. the same word as prec.] (فجائیہ)تیزی سے : فوراً : ابھی: جلدی جلدی :معاً : فی الفور : شتاب :جھٹ پٹ: پھرتی سے (شعبدے باز کی چھو کرے کو ہدایت)۔

Hey presto pass : ہاں شتاب : ہاں جلدی گزرجاؤ۔

Presto : (n) (بطور فجائیہ)کسی کام میں جلدی کرنے کا حکم :فوراً : تیزی سے: شتاب۔

Presto : (a) تیز شعبدہ بازانہ : جلدی ، شتابی ، فوری بازیگرانہ۔

Presto : (v) شعبدہ بازی کرنا : شعبدہ دکھانا : نظر بندی کا کھیل دکھانا : جادو کے زور سے مسان جگانا : حاضرات کرنا : سحر کرنا: قسم دے کر کہنا : (کسی کا)واسطہ دینا۔

Presto be gone : (شعبدہ باز کا محاورہ)جلدی چلے جاؤ!ابھی جاؤ۔

Presumable : (a) قابل قیاس : لائق قیاس : لائق گمان : قابل خیال:ممکن: ممکن القیاس : قابل استنباط : باحتمال قوی : محتمل۔

Presumably : (adv.) قیاساً : قیاس کے طور پر : ازراہ قیاس : ازروئے قیاس: محتملاً : شاید : احتمال ہے کہ۔

Presume : (v) [L.'praesumere'.] (۱)فرض کرنا :قیاس کرنا : ماننا

(فرضی طور پر) استنباط کرنا : نتیجہ اخذ کرنا۔
(۲)زعم کرنا : فخر کرنا۔(۳)جرأت کرنا : حبسارت
کرنا۔ (۴)(on, upon کے ساتھ) (کسی شخص کی نیک
نیتی یا شناسائی سے)فائدہ اٹھانا؛ (کسی شخص کی
نیک دلی یا شناسائی کا) ناجائز استعمال کرنا۔

Presumedly : (adv.) دیکھو Presumably

Presumer : (n) (۱)مغرور : گستاخ : شوخ چشم شخص۔(۲)بغیر ثبوت کسی بات کو مان لینے والا : فرض کرنے والا۔

Presumingly : (adv.) بلا اجازت : ازروئے جسارت :ازراہ شوخی : جسارت سے :شوخی سے: گستاخانہ : بے باکانہ : بے ادبانہ : دیدہ دلیری سے۔

Presumption : (n) [L.'praesumptio'.] (۱)غرور : گستاخی : شوخ چشمی : جسارت۔ (۲) احتمال : فرض : قیاس : گمان: ظنِ قوی : خیال۔ (۳)(فلسفہ) قیاس : قرینہ (جمع قرائن) ثانی۔ (۴)شے مفروضہ : احتمالی یا قیاسی شے۔ (۵) استنباط۔ (۶)وجۂ قیاس : بنائے قیاس : وجۂ احتمالی۔ (۷) (قانون) قیاس قانونی : قیاس واقعاتی۔

Probable presumption : احتمال قوی : گمان غالب : قرینۂ اغلب۔

Presumption of fact : (n) (قانون)واقعات معلومہ سے استنباط واقعہ: قیاس واقعاتی : واقعاتی قیاس۔

Presumption of law : (n) (۱)(قانون) قیاس قانونی : قانونی قیاس: یہ قیاس کہ شے مبینہ درست ہے جب تک اس کے خلاف ثابت نہ ہو جائے۔(۲)استنباط قانون قابل اطلاق بہ حالت مخصوصہ۔

Presumption of survivorship : (n) (قانون) قیاس باز ماندگی : کوئی واضح ثبوت نہ ہونے کی صورت میں قیاس قانون کہ کسی حادثے(مثلاً غرقابیٔ جہاز وغیرہ)میں ایک ساتھ مرنے والے دو یا زیادہ اشخاص میں فلاں شخص سب کے بعد مرا ہوگا کیوں کہ وہی مقابلتاً سب سے کم عمر قوی تر یا دیگر ایسی ہی صفات کا حامل تھا جن کی بنا پر یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ وہ ان سب کے بعد ہی مرا ہوگا۔

Presumption of truth : (n) قیاس صحت۔

Presumptive : (a) قرائینی : (فلسفہ)قیاسی: (حیوانیات)احتمالی : فرضی : موئد استنباط قانونی۔

Heir presumptive : وارث قیاسی : وارث فرضی (بمقابلہ وارث حقیقی):وہ شخص جو اس صورت میں وارث ہو جبکہ کوئی اور قریب تر وارث پیدا نہ ہو۔

Presumptive evidence : (n) قیاس شہادت : قرائینی شہادت۔

Presumtive proof : (n) (فلسفہ) ثبوت قیاس۔

Presumptively : (adv.) قیاساً : ظناً : محتملاً۔

Presumptuous :(a) [Late L. 'praesumptuosus'.] گستاخ : شوخ چشم : تکبر : بے باک : مغرور : خود بیں : گھمنڈی : مدعی : دیدہ دلیر۔

Presumptuously : (adv.) دیکھو Presumingly

Presumptuousness : (n) بے باکی : گستاخی :شوخ چشمی :تکبر :غرور : خود بیں : جسارت :دیدہ دلیری: گھمنڈی۔

Presuppose : (v)[medL.Praesuppositio'.] قبل ازقبل فرض کر لینا : پہلے سے فرض کر لینا : پیش قیاسی کرنا : مضمر ہونا : مستلزم ہونا : لازم آنا : دلالت کرنا۔

Presupposition : (n) [med. L. 'praesuppositio'.] (۱)پیش فرضی : قبل از قبل قیاس کرلینا : (فلسفہ)پیش قیاسی۔ (۲)قیاس قبل از قبل : مفروضۂ اولیں۔

Presystole: (n)[mod .L..] (عضویات) انقباض قلب یا انقباض شرائین سے فوراً پہلے کا وقفہ : قلب یا شریانوں کے سکڑنے سے فوراً پہلے کا وقفہ : پیش انقباضی وقفہ۔

Presystolic : (a) (عضویات) پیش انقباضی: پیش انقباضی وقفہ سے متعلق۔

Preta : (n) [Skt. f. 'Pra+ita'.] پریت : (ہندو مذہب کی روسے)کسی مردے کی بے قرار روح جسے سکون نہ مل سکا ہو: (بدھ مذہب کی رو سے)بیقرار روح جسے بطور سزا مسلسل بھوکا اور پیاسا رکھا گیا ہو :گرسنہ و تشنہ روح۔

Pretan : (n) [f.Pre+tan.] مخصوص دباغت سے پہلے (چمڑے کی) دباغت کرنا۔

Pretarsus : (n) (حیوانیات)پیش کعب۔

Pretaxation /Practaxation : (n) [med .L.'praetaxation '.] دوسروں سے پہلے ووٹ دینے کا عمل۔

Pretemporal : (a) [mod.L. 'practemporalis'.] (تشریح)پیشانی کی ہڈی کے سامنے واقع ؛ پیشانی کی ہڈی کے سامنے والا (عضلہ) ۔

Pretemporal : (n) پیشانی کی ہڈی کے سامنے والا عضلہ ۔

Pretence/Pretense : (n) (۱)تصنع؛ نمود ؛نمائش۔(۲)ادعا ؛ دعوائے باطل۔(۳)حیلہ؛ بہانہ ؛ دغا ؛ فریب ۔(۴) جھوٹا (یا گمراہ کن) اقرار ؛ الزام ؛ اظہار ؛ بیان ۔

Escutcheon of pretence : ڈھال یا سپر جس پر کوئی ایسا نشان بنا ہو جس سے کسی غلط دعوے (مثلاً بیوی کی جائداد پر شوہر کے دعوے) کا اظہار ہوتا ہو ۔

In pretence : کسی غلط دعوے کے اظہار کے لئے ڈھال پر کوئی نشان بنائے ہوئے ؛ ڈھال پر کوئی غلط نشان بنائے ہو ئے جس سے (شوہر کا) بیوی کی جائداد یا جاگیروں پر بھی دعویٰ ظاہر ہوتا ہو ۔

Pretenced/Pretensed : (a) ظاہر کیا ہوا ؛ بتایا ہوا ؛ بیان کیا ہوا ؛ (ایسا ہونے کا)دعویٰ کیا ہوا؛ دعوائے باطل کیا ہوا؛ حیلہ کیا ہوا ؛ بہانہ کیا ہوا ؛ مصنوعی ؛ نمائشی ؛ جس میں ریاسے کام لیا گیا ہو ۔

Pretencedly/Pretensedly : (adv) غلط دعویٰ کرکے ؛ حیلے سے ؛ ریاکارانہ ۔

Pretend : (v)[L.'praetendere'.] (۱)بننا ؛ ظاہر کرنا ؛ دکھانا ۔(۲)جھوٹ موٹ بننا ؛ روپ بھرنا ؛ بننا (تماشے میں) ۔(۳)بہانہ کرنا ؛ بھگل گانٹھنا ؛ بن جانا(بیمار وغیرہ)۔(۴)دعوائے باطل کرنا؛ جھوٹا ادعا کرنا ؛ مدعی ہونا ۔(۵)جسارت کرنا ؛ مدعی بننا ۔(۶)دعویٰ دار ہونا ؛ حق جتانا ۔ (۷)شادی کی آرزو رکھنا (شاذ)۔ (۸) جرأت کرنا ؛ جسارت کرنا ؛ جوکھم اٹھانا ؛ آرزو رکھنا؛حوصلہ رکھنا ؛ کوشش کرنا ؛ جدوجہد کرنا ۔

Let's pretend : بچوں کا ایک کھیل ۔

Pretendant/Pretendent : (n) (۱)مدعی ؛ دعویدار(خصوصاًتخت وتاج کا) ؛ محض دعویدار ؛ حق جتانے والا ؛ جھوٹا دعویدار۔ (۲)(قانون)دعویٰ دائر کرنے والا؛ مدعی ؛ مسائل ؛ درخواست کنندہ ؛ عرضی گذار ؛ دادخواہ ؛ عاشق ؛ طالب (شادی کا) ؛ خواستگار شادی ؛ امیدوارشادی ؛ شادی کا پیغام بھیجنے والا ۔

Pretended : (a) (۱)دعویٰ کیا ہوا ؛ (ایسا ہونے کا)ادعا کیا ہوا ؛ جتایا ہوا ؛ وثوق سے یا حتماً کیا ہوا ؛ مشہور ؛ نام نہاد؛ ایسی چیزوں پر اطلاق ہوتا ہے جن کی حقیقت ،صحت جو از یا وجود کو بولنے والا نہیں مانتا ؛ غلط یاجھوٹ موٹ ظاہر کیا ہوا ؛جھوٹ موٹ کا؛ غلط ادعا کیا ہوا ؛ جھوٹا دعویٰ کیا ہوا ؛ بہانہ کیا ہوا ؛ ظاہرداری کا ؛ حیلہ کیا ہوا ۔(۲)فرضی ؛ جعلی ؛بناوٹی ؛ مصنوعی ؛ غیر حقیقی ؛ نقلی ؛ خیالی ؛ غیر اصلی؛ غیر واقعی؛ ساختہ ؛ نمائشی ۔

Pretendedly : (adv.) ظاہر داری سے؛ ریاکارانہ ؛ حیلے سے؛ بہانے سے؛ جھوٹ موٹ ظاہر کرکے ؛ نمائشی طورپر ؛ بناوٹی انداز میں؛ ساختہ طور پر ۔

Pretender : (n) (۱)جھوٹا دعویٰ دار؛ جھوٹا مدعی ؛ بے بنیاد دعوے کرنے والا ؛ لاف زن ؛ تاج وتخت کا دعوے دار ؛کرسئ حکومت یا تاج وتخت کا جھوٹا دعویدار(جو اس کا مستحق نہ ہو مگر دعویٰ کرے)۔(۲)نمود یا ؛ ریاکار ؛ ظاہر داری یا دکھاوا کرنے والا ؛ جھوٹا یا غلط ادعا کرنے والا؛ بہانہ باز ؛ حیلہ ساز؛ فریبی ؛ دغاباز ؛مکّار ؛ عیار ؛ چھلیا؛ جعل ساز ؛ چال باز ؛ دھوکے باز؛ بنا ہوا؛ ڈھونگیا ؛ ینم حکیم ؛ جھوٹا طبیب ۔

The old pretender : "بڑا مدعئ تخت" یعنی جیمز ثانی کا بیٹا جس نے تخت انگلستان کا دعویٰ کیا تھا ۔

The young pretender : "چھوٹا مدعئ تخت" یعنی جیمز ثانی کا پوتا جو تخت انگلستان کا دعویٰ دار تھا ۔

Pretendership : (n) ادئے باطل ؛ جھوٹی مدعیت ۔

Pretendingly : (adv.) ظاہر داری سے؛ دکھاوے سے؛ریاکارانہ ؛ بناوٹی طور پر ؛ جھوٹ موٹ؛ بن کر؛ بہانہ بازی سے ؛ جھوٹا ادعا کرکے؛ حیلہ بنا کر؛ عیاری سے ؛ چال بازی سے؛یا جعل سازی سے ؛ پر فریب طور پر ۔

Pretension : (n) [med. L. 'Praetensio'.] (۱)دعویٰ ؛ ادعا (جس کی صحت یا صداقت ابھی ثابت نہ ہوئی ہو یا جسے ابھی تسلیم نہ کیا گیا ہو)؛ دعوائے محض۔(۲)سچا دعویٰ ؛ حق بجانب دعویٰ ؛ حقیقی دعویٰ ؛ صحیح مانگ ؛ حق ۔ (۳)جھوٹا ادعا ؛ شیخی ؛ لاف زنی ؛ریاکاری ؛ تصنع ؛ ڈینگ ؛ نمود ؛ نمائش؛ ریا ؛ لاف ؛ تظاہر ؛ دکھاوا ؛ خود نمائی ؛طمطراق ؛ ڈھونگ ۔

Pretentious : (a) (۱)خواہ مخواہ ادعا رکھنے والا ؛ ادعائی ؛ مصنوعی ؛ جھوٹے دعوے کرنے والا ۔(۲)نمائش ؛ نمود یا ڈینگیا ؛ لاف زن ؛ شیخی باز ؛ ریاکار ؛ ڈھونگیا ؛ پرنمود ؛ نمائش کا شائق ؛ بڑھ بڑھ کر باتیں بنانے والا ۔

Pretentious scale : (n) نمائشی معیار ۔

Pretentiously : (adv.) ادعا طور پر : جھوٹے دعوے کرکے : ریاکارانہ : خود نمائی وخود فروشی سے : لاف زنی سے : ازروئے فخرومباہات : ازراہ ریا و نمائش ۔

Pretentiousness : (n) ادعائیت : ریا : خود نمائی : خود فروشی : نمائش: نمود : تصنع : تظاہر : ڈینگ : لاف زنی: شیخی : ریاکاری : دکھاوا : ڈھونگ : بڑھ بڑھ کر باتیں بنانا ۔

Preter-/Praeter-:(Prefix) [f.L.'praeter'.] سابقہ بمعنی"ماضی" وری" "فوق" "زیادہ" "گزشتہ" "بعید" "ماروی" "پرے" "دور" "اوپر" "علاوہ" "مزید" ۔

Preter-canine : (a) فوق کلبی : ورائے کلبی : کتوں سے بہت زیادہ ۔

Preter-human : (a) (دینیات) ماورائے انسان : ورائے انسانی : فوق انسانی ۔

Preterist /Praeterist : (n) اس بات کا معتقد کہ عہد نامۂ جدید کی پیش گوئیاں (جن کا الہام یا مکاشفہ یوحنا کو جزیرۂ پتموس میں ہوا تھا) پوری ہو چکی ہیں : ماضی پرست : نیز بطور صفت ۔

Preterite/Preterit : (a) [L. 'Praeterritus'.] (۱)گزرا ہوا : گزشتہ : رفتہ : ماضی : ماضی کا. (۲)(صرف ونحو) ماضی ۔ (۳)(استہزائیۂ)پارینہ : دقیانوسی ۔

Preterite/Preterit : (n) (صرف ونحو) ماضی : زمانۂ ماضی:عہد ماضی : زمانۂ ماضی مطلق : زمانۂ گزشتہ ۔

Preterite-present : (a) (صرف نحو)(افعال)جو ابتداءً یا اصلاً صیغۂ ماضی کے تھے مگر اب بطور حال مستقبل ہیں (مثلاً can,may,must,shall,will): نیز بطور اسم ۔

Preterite-tense : (n) (صرف و نحو) زمانۂ ماضی : ماضی ۔

Preteriteness : (n) ماضیت : ماضی پن : گذرا ہوا ہونے کی حالت : حالت ماضی ۔

Preterition / Praeterition : (n) [Late. L. 'praeterteritio'.] (۱)ترک : سہو : فروگذاشت : اہمال : غفلت : بے احتیاطی ۔ (۲)نظر اندازی : بے توجہی ۔(۳)(دینیات)موت یا وفات : رحلت :وصال (ایسے لوگوں کے لئے استعمال ہوتا ہے جو بر گزیدہ ہوں)حذف عوام ۔(۴)(عروض) نشان حذف : حذف کا نشان : حذف :فروگذاشت ۔ (۵)(یونانی قانون)وصیت کنندہ کا اپنی اولاد یا حقیقی وارثوں میں سے کسی ایک کا اپنے وصیت نامے میں ذکر نہ کرنا ،اسے ترک یا فروگذاشت کرنا ۔

Preteritive : (a) (شاذ)جو لفظ ماضی کے صیغوں میں استعمال کیا جائے۔

Preteritve present : (a) دیکھو Preterite-present

Preterito-present : (a) دیکھو Preterite-present

Pretermission/Praetermission : (n) [L. 'praetermissio'.] (۱)ترک: فروگذاشت : اہمال : بھول : کسی چیز کو نظر انداز کرنا : چھوڑ دینا یاحذف کر دینا : غفلت : نظر انداز : بے توجہی ۔(۲)(کسی خاص مدت تک) کسی کام کو کردینا : چھوڑ رکھنا : نہ کرنا ۔(۳)(عروض)حذف : نشان حذف: فروگزاشت ۔(۴)(یونانی قانون) وصیت کنندہ کا اپنی اولاد یا حقیقی وارثوں میں سے کسی ایک کا اپنے وصیت نامے میں ذکر نہ کرنا ،اسے ترک یا فروگذاشت کرنا ۔

Pretermit/Praetermit : (v) [L.'Praetermittere'.] (۱)(کسی واقعے کا بیان یا ذکر کرنا وغیرہ)بھول جانا : چھوڑدینا۔ (۲) وصیت نامے میں (کسی وارث کی)نشان دہی نہ کرنا : اسے ترک کرنا یا بھولنا جانا ۔(۳)غفلت کرنا : بے توجہی برتنا : بے التفاتی کرنا : قصداً نظر انداز کرنا : نوٹس نہ لینا ۔(۴)(کسی کام کو)چھوڑ بیٹھنا : پورا کرنا : بھول جانا :غفلت برتنا :ترک کردینا : چھوڑ جانا :کوتاہی کرنا ۔(۵)(وقت یا موقع سے) فائدہ نہ اٹھانا : غفلت کرنا: (موقع) کھو دینا : گنوا دینا : ضائع کردینا ۔(۶)(کچھ مدت یا کسی خاص مدت تک) چھوڑ رکھنا : (غلط استعمال)ترک کرنا : چھوڑ دینا ۔

Pretermittently : (adv.) (غلط استعمال) بجائے Intermittently ۔

Preternatural/Praeternatural : (a) [med .L.'praeternaturalis'.] (۱)جو معمولی فطرت سے جدا گانہ ہو : ماورائے فطرت : مافوق الطبیت : فوق طبعی : فوق عادت: مافوق فطرت : بعید ازفطرت : (قدیم)غیر معمولی : غیر طبعی :مستثنیٰ: عجیب و غریب : انوکھا : غیر فطری : (دینیات) فوق الفطرت :(تشریح) غیر مقامی۔ (۲) ماورائے فطرت : فوق الفطری : Supernatural کے معنوں میں مستعمل ہے۔

Preternaturalism : (n) (۱)فوق طبعی مذہب یا عقیدہ ۔(۲)فوق الفطری کردار یا خاصیت : (دینیات)فوق الفطریت : فوق الفطری خاصیت :فوق طبعی یا فوق الفطری واقعہ(a کے ساتھ جمع میں) ۔

Preternaturally : (adv.) فوق الفطری انداز سے:ماورائے فطرت طریق سے۔

Preternaturalness : (n) فوق الفطری ہونے کی صفت :فوق الفطریت : فوق الطبیعت ۔

Preterperfect : (a) (صرف ونحو) ماضی مطلق : جوگذر چکا یا پورا هو چکا۔

Preterpluperfect : (a) (۱)(صرف ونحو) ماضی بعید :جو کسی گذشته وقت سے پہلے ہی گذر چکا یا پورا هو چکا هو۔ (۲) ماضی بعید سے بھی زیادہ : مکمل ترین : انتہائی کامل۔

Pretersensual : (a) (عضویات)فوق حسیّ :ورائے حواس : ورائے حس۔

Pretex : (n) [L.'praetextus'.] عذر : حیله : بہانه۔

On the pretexter / Upon-/ Under- : اس بہانے سے : یه عذر رکھ کر۔

Pretext : (v) [Fr.'pretexter'.] عذر کرنا : بہانا کرنا : حیله کرنا۔

Pretone : (n)[f. pre + tone.] (Syllable)وہ بجا مقطعه یا حرف علت جو بجائے مؤکده سے قبل آئے۔

Pretonic : (a) بجائے مؤکده سے فوراً پہلے والی (ہجا): ما قبل مؤکده : ماقبل تاکید : متعلق به ما قبل مؤکده۔

Pretor : (n) دیکھو Praetor

Prettify : (v) [f. Pretty(a) + fy.] (روزمره) حسین بنا کر دکھانا : خوبصورت بنا کر پیش کرنا : تصویر یا تحریر میں خوبصورتی سے پیش کرنا : دلفریب یا دلکش بنا دینا : حسین وجمیل بنا دینا۔

Prettily : (adv.) [f. Pretty (a) -ly] (۱)پیارے انداز میں : خوبی سے: حسن وخوبی سے : خوش اسلوبی سے: خوبصورتی سے : عمدگی سے : نفاست سے: پاکیزگی سے : حسین و جمیل بنا کر : ایسے انداز میں جو چشم و گوش یا احساس جمال کی تسکین کرسکے : نہایت بہتر طور پر : نہایت خوش اسلوبی سے۔ (۲)(تربیت اطفال سے متعلق)خوبی سے : قاعده سے : پیارے انداز میں۔

Prettiness : (n) [f.neat+- ness.] (۱)حسن : خوبصورتی(نزاکت لئے ہوئے)۔(۲)خوبصورت شے : عمده شے : حسین شے (زیور وغیره)۔(۳)(ادبیات ،فنون لطیفه میں) نزاکت : نازک ادائی (شائبۂ تصنع کے ساتھ)۔

Pretty : (a)[OE.'praetting'.] (۱)(عورت یا بچے کے لئے) حسین ونازک: موہنی : گڑیا سی :بھولا سا یا بھولی سی(عورت)۔ (۲)نفیس : عمده :پاکیزه : دل کش :دلفریب : چشم و گوش یا احساس جمال کو فرحت بخشنے والا۔ (۳)اچھا : خوب : عمده۔(۴)(قدیم) فربه: موٹا تازه : لحیم شحیم۔(۵)(قدیم)معتد به : قابل لحاظ : وافر : کافی۔(۶)خاصا : خوب۔(۷)خوش لباس : بانکا : بہادر : شجاع : جواں مرد۔

A pretty mess you have made : (طنز)آپ نے تو خوب سرتا پھرتا کیا ھے : آپ نے تو خوب معجون مرکب تیار کردی۔

A pretty penny : معتدبه رقم : خطیر رقم : اچھی خاصی رقم۔

I am pretty well : میں اچھا خاصا ہوں۔

I find it pretty difficult : یه خاصا مشکل معلوم ہوتاھے۔

Pretty : (n) (۱)خوبصورت عورت ،مرد بچه : حسین ونازک عورت یا بچه : بانکامرد۔(۲)حسین چیز : خوبصورت شے : زیور : سامان آرائش۔(۳)ساغر کی ابھری ہوئی لکیر : ابھرا ہوا خط ساغر : خط پیمانه۔(۴)گولف کے میدان کی راہیں۔

Fill up to the pretty : اس کو خط پیمانه تك پُر کرو۔

My pretty : میرے ننھے : میرے لاڈلے : میرے پیارے (نیز جمع)۔

To pretty : ابھرا ہوا خط ساغر : ساغر کی ابھری ہوئی لکیر: خط پیمانه۔

Pretty : (adv.) قابل لحاظ حد تك : کافی : به افراط :وافرطور پر : خاصا : اچھا خاصا : اعتدال کے ساتھ : واجبی : کسی قدر : ایك حد تك۔

Pretty-behaved (a) خوش اطوار۔

Pretty much : (adv.) بڑی حد تك : تقریباً۔

Pretty-pretties : (n) حسین اشیاء : زیورات : گہنا پاتا :ٹوم جھلا : چمکیلی دمکیلی چیزیں۔

Pretty-pretty : (a) نہایت حسین ونازك : محض نازك بی نازك : سطحی طور پر دلفریب : بے جا بناؤ چناؤ والا : جس میں نزاکت ونفاست کی انتہا کر دی گئی ہو۔

Pretty-spoken : (a) (روزمره) خوش گو:خوش گفتار : شیریں سخن : شریں ذہن :شریں زبان :شریں بیان : خوش بیان : پیارے اور دلنشین انداز میں گفتگو کرنے والا۔

Prettyish : (a) حسین سا : خوبصورت سا : قدرے حسین : ایك حد

تك خوبصورت یا خوشنما۔

Prettism : (n) اسلوب یا طرزاظہار کی خوبی : خوش اسلوبی : نازك ادائی نفاست و نزاکت : تصنع آمیزی : لطافت : لطیف و نازك پیرایۂ بیان۔

Pretzel/Bretzel : (n) [G.] پریٹزل :خستہ بل دار بسکٹ :یہ ایك قسم کا نمکین بسکٹ ھے جس میں بناتے وقت گرہیں سی ڈال دی جاتی ہیں اور جسے اہل جرمنی شراب کے ساتھ چکھنے کے طور پر کھاتے ہیں۔

Preux : (a) [Fr.] بہادر : شجاع : جواں‌مرد :سورما۔

Preux chevalier : (n) بہادر نائٹ : سورما :مبارز بہادر :جوان مرد : شجاع: جیوٹ :دلیر۔

Prevail : (v) [L. 'praevaler'.] (۱)(نیز against 'over کے ساتھ) غالب آنا : فوقیت پانا : تفوق حاصل کرنا : غلبہ پانا : اثر میں بڑھ جانا : زیادہ اثر ہونا : عروج پانا : فروغ پانا :فتح مند ہونا ۔ (۲)مؤثر ہونا : کارگر ہونا : پر اثر ہونا : مجرب ہونا :فروغ پانا :چل جانا ۔(۳) رائج ہونا : فروغ ہونا : چلن ہونا : (کسی چیز کا) ہونا : رواج عام پانا : قبول عام پانا ۔

To prevail on/-upon : راغب کرنا : کہہ سن کر راضی کرنا : ترغیب دینا : اثر میں لانا : اثر انداز ہونا : زیر اثر کرنا۔

Prevailing : (a) (۱)حکم فرما :مسلط : غالب : فائق ۔(۲) نافذ :مؤثر رائج : مروّج : جس کا چلن ہو : جاری : شائع : متداول: عمومی۔

Prevailing opinion : (n) عقیدۂ عمومی : غالب رائے : عام عقیدہ۔

Prevailing westerlies : (n) عام مغربی ہوائیں۔

Prevailing wind : (n) عام ہوا۔

Prevailingly : (adv.) غالب طور پر : فائق ہوکر : رائج ہوکر : رواج عام پاکر : نافذ ہوکر : متداول ہوکر : شائع ہوکر: رواج پاکر : مروج ہوکر : ترغیب کے انداز سے : مؤثر طور پر۔

Prevailingness : (n) رواج : تفوق : غلبہ : شیوع : نفوذ : اثر۔

Prevailment : (n) غالب آنے یا زیر (اثر) کی قوت : فتح : فتحمندی۔

Prevalence : (n) [med .L.'praevalentia'.] شیوع :غلبہ : نفوذ : رواج: قبول عام : رواج عام: رائج ہونا : پھیل جانا :

عام ہونا : عمومیت۔

Prevalent : (a) (۱) عام : رائج : شائع : پھیلی ہوئی : متداول : عمومی فائق : غالب : رواج یا فتہ.(۲)پر زور :مؤثر (شاذ) ۔ (۳)بر تر : حکم فرما (شاذ)۔

Prevalently : (adv.) رواجاً : عام طور پر۔

Prevaricate : (v) [f.L. 'praevaricari'.] (۱)ٹال مٹول کرنا : ٹالے بالے بتانا : مطلب کی بات اڑا جانا : حیلہ حوالہ کرنا ۔ (۲)مذبذب گفتگو کرنا : مگھم بات کرنا : ذو معنی بات کرنا : گول گول باتیں کرنا : گول مول بات کہنا : پہلودار باتیں کرنا : لفظی ہیر پھیر کرنا : زبان بازی کرنا ۔

Prevarication : (n) [L. 'praevaricatio '.] زبان بازی : ٹال مٹول: حیلہ بازی : مگھم یا ذو معنی تقریر : گول بات : پیچیدہ گوئی : گول مول گفتگو : ہیر پھیر۔

Prevaricator : (n) [L. 'praevaricator'.] ٹالیا : مذبذب باتیں کرنے والا : گول بات کرنے والا : دور کی بات کہنے والا :دورخی باتیں کہنے والا : پہلو دار بات کرنے والا : زبان باز : حیلہ باز: پیچیدہ گو : ٹالنے والا : لیت ولعل کرنے والا ۔

Prevenance : (n) [Fr. 'prevenance'.] دوسروں کی ضرورتوں یا خواہشوں کا پہلے سے خیال رکھنا : اخلاق : مروت : نرمی : فروتنی ۔

Prevenient : (a) [Pr.pple.stem of L. 'praevenire'.] سابق : متقدم : پیش: مقدم: پیشرو : پہلا : پچھلا : اتسناعی : انسدادی : انسانی فعل یا عمل سے پہلے آنے والا (فعل خداوندی)۔

Prevenient grace : (n) (دینیات)توفیق ندامت : توبہ کی توفیق : توفیق الہی جس کی وجہ سے انسان استغفار پرمائل ہوتاھے ۔

Preveniently : (adv) سابقاً۔

Prevent : (v)[pa.pple.stem of L. 'praevenire'.] (۱)روکنا : منع کرنا: مانع آنا :مزاحم ہونا : باز رکھنا : دفع کرنا۔ (۲)(قدیم) پیشگی تدارک کرنا : قبل از قبل انتظام کرنا : حفظ ما تقدم کرنا ۔(۳)رہنمائی کرنا: آگے جانا : فعل انسان سے پہلے آنا (فضل خداوندی کا) ۔

God prevents us with his grace : (دینیات) توفیق الہی ہماری رہنمائی کرتی ھے ۔

Preventability/Preventibility : (n) امتناع پذیری : قابل ممانعت یا

لائق امتناع ہونا۔

Preventable/Preventible : (a) قابل امتناع : قابل انسداد : جس کو روکا جا سکے : امتناع پذیر : انسداد پذیر : قابل اجتناب ۔

Preventative : (a&n) (۱)مزاحم : مانع : دافع : امتناعی : انسدادی: احتیاطی ۔(۲) دیکھو Preventive-

Preventer : (n) (۱) ممتنع : مزاحم : مانع : روکنے والا : باز رکھنے والا ۔ (۲) (بحری) رسی: رسن : زنجیر : چٹخنی : بلی ۔

Prevention : (n) [Late L. 'praeventio'.] (۱)تدارک : امتناع : انسداد : ممانعت : مزاحمت : اٹک : رکاوٹ : حفظ ماتقدم : قبل از قبل امتناع :احتیاط ۔(۲)(کلیسائی قانون) کسی کلیسائی افسر اعلیٰ کایہ حق کہ وہ اپنے ماتحت افسر کے حق کو بھی اپنا سکے ۔

Prevention is better then cure : (prov.) علاج سے احتیاط بہتر ہے ۔

Prevention of cruelty : (n) (سیاسیات)انسداد بے رحمی ۔

Preventionism : (n) (جنگ ،آگ ،مرض وغیرہ کے) تدارک یا انسداد کی پالیسی : احتیاط کی پالیسی : امتناعی پالیسی۔

Preventionist : (n) امتناعی اقدامات کا ماہر ،حامی یا ان سے کام لینے والا ۔

Preventitio: (a) [f. Pre+ vent + -itious.] (نباتیات وحیوانیات) قبل بزوزی ۔

Preventive : (a). (۱) مزاحم : مانع : دافع : امتناعی : انسدادی : احتیاطی ۔ (۲)(خصوصاً طب) دفاعی : انسدادی : دافع : عارض ۔ (۳) اسمگلنگ کی روک تھام یا انسداد سے متعلق محکمے کا : (خصوصاً) سواحلی علاقوں پر تعینات حفاظتی دستوں کا یا ان سے متعلق ۔

Preventive : (n) تدارک : انسداد : انسدادی تدبیر : دفعیہ: روک :مزاحمت: انسدادی دوا : مانع امراض دوا : تدبیر حفظ ما تقدم : احتیاطی تدبیر : مرض روک دوا ۔

Preventive checks : (n) (معاشیات)انسدادی روک ۔

Preventive medicine : (n) (طب) انسدادی دوا : مانع مرض دوا : مرض روک دوا ۔

Preventive resistance : (n) (طب) انسدادی مزاحمت ۔

Preventive service : (n) حفاظت ساحل کی خدمت : اسمگلنگ کی روک تھام کے لئے سواحل پر کسٹم کی خدمات ۔

Preventive tax : (n) (معاشیات) امتناعی محصول ۔

Preventive treatment : (n) (طب)علاج حفظ ماتقدم ۔

Preventively : (adv) امتنا عاً : مزاحمانہ : ازروئے ممانعت : ازراہ مزاحمت : حفظ ماتقدم کے طور پر : احتیاطاً ۔

Prevernal : (a) [f.Pre + vernal .] (نباتیات) قبل بہار ی: قبل ربیعی۔

Prevesicular : (a) [f.Pre + vesicular .] (تشریح) پیش مثانی : مثانے کے سامنے یا آگے کا۔

Preview : (n) (۱)پیش بینی : دوربینی : فکر مستقبل :انجام بینی : عاقبت اندیشی : دور اندیشی ۔ (۲) پیش دید : معائنہ : (خصوصاً) ریلیز سے پہلے کسی فلم وغیرہ کی دید یا معائنہ ۔

Preview : (v) (فلم وغیرہ) پیش دیدیا پیش معائنہ کے طور پر دیکھنا : ریلیز سے پہلے دیکھنا یا معائنہ کرنا ۔

Previous : (a) [f .L. 'praevius'.] (۱) سابق : متقدم : پہلا : سابقہ : گزشتہ : پیش : ما قبل ۔ (۲) پہلے : آگے : قبل ۔ (۳)(عام) جلد باز : عجلت پسند : عاجل ۔

Previous : (adv.) پہلے : پیشتر : ماقبل (عموماً to کے ساتھ)۔

Previous Examination : (n) (کیمبرج) بی ۔اے کی ڈگری کا ابتدائی امتحان (روز مرہ میں اسے littlego کہتے ہیں)۔

Previous practise : (n) سابق معمول ۔

Previous question : (n) (پارلیمنٹ) سوال پیش از پیش : وہ سوال جو اس غرض سے پیش کیا جائے کہ اصل مسئلے پر ووٹ لئے جانے کی نوبت نہ آئے ۔

Previously : (adv.) (عجولاً) سابقاً: متقد مانہ : پہلے سے : قبلاً :پیشتر : ما قبل : نہایت جلد : عاجلا نہ : قبل از وقت : پیش از پیش ۔

Previousness : (n) (۱) سابقیت : پہل : سبقت : تقدم : اولیت ۔(۲) غیر ضروری عجلت : عاجلیت : عجلت پسندی : بے صبری : بیتابی : جلد بازی ۔

Previse : (v) [L. 'Praevidere'.] (۱) پہلے سے انجام سوچ لینا :پیش بینی کرنا : عاقبت اندیشی کرنا : دور اندیشی سے کام لینا : عاقبت بینی کرنا : آخر بینی کرنا : پہلے

سے اندازہ یا قیاس کرنا۔ (۲) پہلے ہی خبر دینا؛ پیش خبری کرنا؛ پیش آگاہی کرنا؛ پہلے ہی آگاہ کر دینا؛ پہلے ہی بتا دینا؛ پہلے ہی اطلاع دینا؛ قبل ہی مطلع کر دینا۔

Previsibility : (n) [f. next.] قابلیت پیش بینی؛ لیاقت پیش گوئی۔

Previsible : (a) [f. Previse + able .] لائق پیش بینی؛ لائق پیش گوئی۔

Prevision : (n) [Late and med .L. 'praevisio'.] (نفسیاتِ) پیش بینی؛ مال اندیشی؛ انجام بینی؛ دور اندیشی؛ علم و اطلاع پیشیں؛ دور بینی؛ عاقبت بینی؛ علم پیشیں؛ عاقبت اندیشی؛ آخری بینی؛ بصیرت؛ حِسّ باطنی؛ مغفرت پیشیں؛ پیش آگہی۔

Prevision : (v) (۱) بصیرت عطا کرنا؛ پیش بینی کی صلاحیت بخشنا۔ (۲) پیش بیں یا پیش آگاہ ہونا؛ پیش بینی کرنا؛ پیش آگہی رکھنا؛ علم پیشیں رکھنا؛ بصیرت رکھنا؛ عاقبت بینی کرنا؛ مال اندیشی کرنا؛ دور اندیشی سے کام لینا۔

Previsional : (a) بصیرت کا؛ اس سے متعلق یا اس پر منحصر؛ جس سے بصیرت کا اظہار ہو؛ پر بصیرت؛ عاقبت اندیشانہ؛ دور اندیشی اور عاقبت بینی سے متعلق یا ان پر منحصر؛ جس سے پیش بینی ظاہر ہو۔

Previsionally : (adv.) بصیرانہ؛ ازراہ بصیرت؛ عاقبت اندیشانہ؛ دور اندیشانہ اور عاقبت بینی سے۔

Prevomer : (n) (تشریح) ڈمبلی ہڈی؛ نتھنوں کے بیچ کی ہڈی (غیر پستان دار فقری حیوانات کی)۔

Prevomerine : (a) ڈمبلی ہڈی سے متعلق۔

Prevue : (n) Preview کا متبادل۔

Prewar : (adv.) جنگ عظیم سے پہلے جنگ عظیم سے قبل کے عہد میں۔

Prewar : (a) جنگ عظیم یا کسی جنگ سے پہلے موجود یا واقع ہونے والا؛ ما قبل جنگ؛ (امریکی سولی دار یا پہلی یا دوسری) جنگ عظیم سے قبل کا؛ قبل از جنگ (عظیم)؛ (سوقیانہ) جنگ عظیم سے پیشتر۔

Prewarn : (v) دیکھو Forewarn

Prewelt method : (n) بچوں کے جوتے بنانے کا ایک طریقہ؛ بچکانا جوتا سازی کا ایک طریقہ۔

Prewrap : (v) (تیار مال کو) فروخت سے پہلے لپیٹنا (کاغذ وغیرہ میں)۔

Prex/Prexy : (n) [by shortening & alter.f. 'president'.] پریزیڈنٹ؛ صدر (خصوصاً کالج کا)

Prey : (n) [Me. 'praie'.] (۱) شکار؛ صید (وہ جانور جس کو کوئی دوسرا جانور شکار کرے)؛ نخچیر۔ (انجیل، فوج) مال غنیمت؛ جنگ وغیرہ میں ہاتھ آیا ہوا۔ (۲) شکار؛ صید (جو خود کسی دوسری چیز مثلاً دشمن، مرض وغیرہ کا شکار ہو جائے)۔

Beast of prey : (حیوانیات) شکاری جانور؛ خونخوار جانور؛ درندہ۔

Bird of prey : شکاری پرندہ؛ طائر شکاری؛ گوشت خور پرندہ؛

Fish of prey : شکار گیر مچھلی؛ وہ مچھلی جو دوسری مچھلیوں یا دیگر جانوروں کو کھا جاتی ہے۔

To be-/ -become a prey to : (کسی مرض یا کسی دشمنی کا) شکار ہونا۔

Prey : (v) [Ofr. 'preier,preer'.] (۱) (on' upon کے ساتھ) شکار کرنا؛ شکار مارنا؛ صید کرنا؛ صید افگنی کرنا؛ (جانوروں کا) شکار کی تاک میں رہنا یا شکار کرنا؛ پکڑ کر مار ڈالنا؛ مار کر کھا جانا؛ شکار پر بسر کرنا۔ (۲) لوٹنا؛ غارت کرنا؛ غارتگری مچانا۔ (۳) خطرناک، مہلک، تباہ کن یا تخریبی اثر ڈالنا؛ رفتہ رفتہ ختم یا برباد کر ڈالنا؛ بتدریج گھلا دینا؛ ہلکان کر دینا؛ مضر اثر ڈالنا (امراض وغیرہ کا)۔

Preyer : (n) شکار بنا لینے والا؛ تباہ و برباد کر دینے والا؛ غارتگر؛ غنیم؛ صیّاد؛ شکاری؛ شکارگیر؛ شکارچی؛ خونخوار؛ درندہ؛ گوشت خور حیوان؛ رفتہ رفتہ گھلا دینے یا مار ڈالنے والا۔

Prial : دیکھو Pair-royal

Priapean : (a) [L. 'priapeius'] (۱) پرائپس (Priapus) یا اس کے مسلک کا یا اس سے متعلق۔ (۲) پرائپس کی نظموں کی بحر۔

Priapic : (a) پرائپس یا اس کے مسلک کا یا اس سے متعلق۔

Priapism : (n) [late L. 'priapismus '.] (۱) عیّاشی: اوباشی: شہوت پرستی : بدکاری : قبیح و شہوانی حرکت .(۲)(مرضیات) دائمی ایستادگیٔ ذکر: قائم الذکری : دائمی خیزش :(طب) نعظ: دائم خیزی : فریسموں. (۳) لنگ: آلۂ تناسل کی مورت جس کی بعض مذاہب میں پرستش کی جاتی ہے۔

Priapus : (n) [L.f.Gr. 'Priapos'.] (۱) (یونان و روم کا) دیوتا جو تولید و تناسل یا افزائش نسل کا دیوتا ہے۔ (اس طرح) باغ یا تاکستان کا دیوتا: پیدا کرنے والا دیوتا. (۲) پرائپس دیوتا کی مورتی یا تصویر (جو عموماً باغوں میں (لٹیروں سے) حفاظت کے لئے یا بطور آدمک (Scarecrow) نصب کرتے ہیں). (۳) لنگ : آلۂ تناسل کی مورت جس کی بعض مذاہب میں پرستش کی جاتی ہے۔ (۴) آلۂ تناسل کی شکل کا جام شراب۔

Pribble : (n) دیکھو Prabble/ Brabble

Pribble and prabble /Pribble-prabble : (n) نوک جھونک : بیہودہ بک بک : بک جھک: بے بنیاد جھگڑا یا بکواس: توتو میں میں۔

Price : (n) [L.pretium'.] (۱)بہا : قیمت : دام : مول: بھاؤ: شرح : نرخ ۔ (۲) عوض : اجر : معاوضہ : بدل : صلہ: مزدوری: شرح مزدوری : مزد : تخمینۂ قدر۔ (۳) (قدیم) گراں قدری : گراں قیمتی : مہنگا پن ۔ (۴) انعام : (کسی کو پکڑنے یا مار ڈالنے کا) معاوضہ ۔ (۵) رشوت : سلامی: پیشکش: نذرانہ ۔ (۶) کوئی بھی لاگت جو کسی منفعت کی خاطر ہو(مجازاً).

Above price : لاقیمت : بیش بہا : ماورائے قیمت :گرانقدر : انمول : بے بہا۔

At any price : بہر قیمت : بہر حال : ہر قیمت پر: ہر حال میں : خواہ جو بھی قیمت چکانی پڑے : خواہ جو بھی نقصان یا خسارہ برداشت کرنا پڑے۔

Beyond price : ماورائے قیمت: جس کی قیمت نہ لگائی جا سکے: انمول : بے بہا : بیش قیمت: گراں قدر: لا قیمت۔

Cost price : لاگت : اصل قیمت: (جسے دیکھ کر سوداگر نے خریدا ہو یا جو کسی چیز کی پیداوار پر لاگت آئی ہو).

Current price : بازار بھاؤ : بازاری نرخ : چالو قیمت: جاریہ قیمت: مو جودہ قیمت۔

Every men has his price : ہر بر آدمی کی قیمت ہوتی ہے: ہر شخص خریدا جا سکتا ہے۔

I would not do it at any price /-cost : میں یہ کسی طرح نہ کروں گا : میں کسی قیمت پر یہ نہیں کروں گا۔

I would not have it at any price : میں اس کو کسی مول نہ لوں گا: میں اس کو کسی قیمت پر نہیں خریدوں گا: میں اسے کسی قیمت پر نہیں لے سکتا۔

The starting price of a horse : گھڑ دور کے وقت شرط باز کی آخری بولی۔

This must be done at any price : یہ ہر حال میں ہونا چاہئیے: یہ ہونا چاہئیے خواہ کچھ ہی کیوں نہ ہو۔

To have or hold in price : بیش بہا سمجھنا۔

To set(put) a price on (the head of etc.) : کسی کے سر کی قیمت مقرر کرنا: کسی کی گرفتاری یا قتل کا انعام مقرر کرنا۔

Without price : انمول : بہا: لا قیمت: بیش قیمت: گرانقدر: بیش بہا : ماورائے قیمت: جس کی قیمت نہ لگائی جا سکے ۔

Price : (v) (۱) (فروخت کے لئے کسی چیز کی) قیمت مقرر کرنا: دام رکھنا : قیمت معین کرنا یا ٹھہرانا ۔ (۲) قیمت پوچھنا : دام معلوم کرنا : نرخ دریافت کرنا : بھاؤ پوچھنا: مول پوچھنا: مول تول کرنا: معاملہ طے کرنا : دام طے کرنا.(۳) قیمت کا اندازہ کرنا: دام لگانا: قیمت لگانا: آنکنا: بھاؤ جانچنا۔

Price bulletin : (n) (معاشیات) نرخ نامہ۔

Price-current : (n) موجودہ قیمتوں کی فہرست : چالو بازار بھاؤ کی فہرست : نرخنامہ۔

Price-cutting : (n) قیمت کم کرنے کا عمل : قیمت گرانا:(خصوصاً مقابلے کی صورت پیدا کر کے).

Price list : (n) (۱)(قابل فروخت اشیاء کی) قیمتوں کی فہرست: فہرست قیمت:قیمت نامہ : نرخنامہ۔ (۲) بدی ہوئی شرطو ں کی فہرست ۔

Price trend : (n) (معاشیات) میلان قیمت۔

Priced : (a) (۱) جس میں قیمت مقرر ہو: مقررہ قیمت والا: قیمت والا : جس پر قیمت لکھی ہو۔ (۲) مخصوص قیمت والا (مثلاً کم قیمت یا گراں قیمت).

High priced : گراں:مہنگا:جس کے دام زیادہ رکھے گئے ہوں۔

ارزاں : سستا؛ جس کے دام کم رکھے گئے ہوں۔ : Low priced

فہرست اشیاء جس میں اُن کی قیمتیں درج ہوں؛ قیمت فہرست : ایسی فہرست جس میں قیمتیں درج ہوں؛ فہرست قیمت۔ Priced catalogue : (n)

کیلشیم کا آبدار بوریٹ جو برف جیسے سفید تودوں کی شکل میں ملتا ہے۔ Priceite : (n)[f.name of Thomas'price' an american metallurgist.]

(۱) انمول : بے بہا : بے قیمت؛ جس کی قیمت کا تعین ممکن نہ ہو؛ جس کی قیمت نہ لگائی جا سکے۔ (۲)(سوقیانہ) نہایت مضحک : بے انتہا لغو؛ اپنی لغویت میں لاجواب؛ بے سروپا؛ نا معقول : مہمل۔ (۳) جو بازار میں نہ بکتی ہو؛ جو دولت کے عوض نہ خریدی جا سکے۔ (۴) بے قیمت؛ مہمل؛ بے مصرف : ناقص : فضول : ناقدر۔ Priceless :(a)

(۱) انمول پن؛ بے بہائی : بے قیمت ہونا؛ گراں قدر۔ (۲)(سوقیانہ) انتہائی لغویت؛ حد درجہ مضحکہ خیزی۔ (۳) بے قدری؛ نا قدری۔ Pricelessness : (n & a)

(روز مرہ) خرچیلا؛ گراں : قیمتی۔ Pricey / Pricy : (a)

(۱) چھید : چھیدن؛ چبھن : سوراخ؛ ننھا سوراخ : ننھا سوراخ یا ویسا نشان۔ (۲) (جمع) چھیدنے سے جو نشان پڑ جائے : سوراخ۔ (۳) (قدیم) آر؛ خار؛ کانٹا؛ سوئی : چبھنے یا چھیدنے والی چیز۔ (۴) (عام) عضو؛ تناسل : آلۂ تناسل؛ ذکر۔ (۵) (بیطاری) گھوڑے کے تلوے کا زخم یا سوراخ۔ (۶) کوئی نوکیلا اوزار (سوئی وغیرہ) چبھا کر بنا یا ہوا باریک نشان۔ (۷) نوکیلا ہتھیار یا اوزار : ڈنک۔ (۸) گول موڑا ہوا تمباکو کا چھوٹا پتا۔ (۹) چبھونے یا چھیدنے کا عمل : چبھن : ننھا سوراخ۔ (۱۰) (مجازاً) چبھتا ہوا احساس؛ احساس ندامت : ملامت : پشیمانی؛ تاسف؛ (نفسیات) ملامتِ نفس(خصوصاً Pick of conscience میں)۔ Prick : (n) [OE. 'prica'.]

(بیلوں کا) ارئی چبھتے ہی لات چلانا؛ ارئی پر لات مارنا؛ (مجازاً) دیوار سے سر پھوڑنا؛ لات مار کر کھانا؛ بے کار مزاحمت کر کے نقصان اٹھانا؛ کانٹوں کو ٹھوکر مارنا؛ (بحوالہ کتاب اعمال باب ۹ آیت ۵)۔ To kick against the pricks :

(۱) چھیدنا؛ سوراخ کرنا؛ چبھونا (کوئی تیز نوک والی چیز) ۔ (۲) گھسانا؛ گڑونا؛ بھونکنا : گھونپنا؛ (مجازاً) چبھنا؛ تکلیف دینا۔ (۳) (قدیم) ایڑ لگانا؛ ٹھوکر لگانا؛ گھوڑا ڈال دینا؛ گھوڑا بڑھانا؛ آر لگانا؛ آر چبھونا۔ (۴) ارئی دینا؛ (مجازاً) اکسانا؛ ابھارنا؛ بھڑکانا؛ مہمیز کرنا؛ مہتیج کرنا؛ چھیڑنا۔ Prick : (v) [OE. 'prician' .]

(۴) پیش قدمی کرنا : گھوڑے پر سوار ہو کر آگے بڑھنا؛ سوار ہو کر آگے بڑھنا۔ (۵) (off,out کے ساتھ) نشان لگانا؛ نشان کرنا (سوراخ بنا کر) : انتخاب کرنا؛ نقطے لگا کر فہرست میں سے کسی کو منتخب کر لینا؛ (اس طرح افسر بلدیہ کا) انتخاب کرنا؛ نقطے لگانا؛ نشان لگانا؛ کسی نمونے پر نقطے لگانا؛ نقطوں کے ذریعہ (سمت یا مقام کی) نشاندہی کرنا؛ نقطے لگاکر خاکہ بنانا؛ ڈیزائن تیار کرنا۔ (۶) کسی نوکیلی چیز سے زخمی کرنا؛ تکلیف پہنچانا؛ (اس نوکیلی چیز کا) چبھنا؛ تکلیف دینا۔ (۷) (بیطاری) نعل بندی میں گھوڑے کے تلوے تک ٹھونک دینا جس سے وہ لنگڑانے لگے۔ (۸) احساس کی چبھن ہونا؛ احساس کی چبھن میں مبتلا کرنا؛ احساس ملامت و ندامت یا تاسف میں مبتلا کرنا۔ (۹) (مجازاً) شدید ذہنی کرب میں مبتلا کرنا؛ خجالت گناہ یا ملامت نفس کی چبھن میں مبتلا کرنا؛ نیش ملامت کا ہدف بنا دینا؛ رنجیدہ کرنا؛ تکلیف دینا؛ مغموم و متاسف کرنا؛ آزردہ کرنا۔ (۱۰) تیز نوکیلا یا چبھنے والا ہونا؛ چبھ جانا؛ گڑ جانا؛ گھس جانا؛ احساس چبھن پیدا کرنا۔ (۱۱) اس طرح سے گھسنا کہ گویا چھید ڈالے گا؛ (کسی چیز میں) چبھنا؛ چبھانا؛ زخمی کرنا۔ (۱۲) (خرگوش کا) دوڑنے میں زمین پر قدموں کے نشان بنانا؛ (خرگوش کے) پنجوں کے نشانات ڈھونڈنا یا پانا؛ پنجوں کے نشانات سے خرگوش کا) پتا لگانا یا پتا پانا۔ (۱۳) چبھن یا جھنجھناہٹ محسوس کرنا۔ (۱۴) (شراب وغیرہ میں) ترشی ہونا؛ کھٹی ہونا۔ (۱۵) زمین پر بنے سوراخوں میں (ننھے) پودے لگانا؛ روپنا۔ (۱۶) (آواز سننے کے لئے جانوروں کا) اپنے کان کھڑے کرنا؛ چوکنا؛ (انسان کا) گوش وا کرنا؛ متوجہ ہونا؛ گوش بر آواز ہونا۔ (۱۷) (اس طرح) کھڑا ہونا (کہ نوک اوپر ہو) (up کے ساتھ)۔ (۱۸) (لکڑی پر پالش کرنے سے) پہلے استر کو کھردرا بنانا(up کے ساتھ)۔

(کسی بڑی شخصیت کا) کھوکھلا پن ظاہر کرنا؛ (کسی چیز یا شخصیت کو جسے نہایت اہم سمجھا جاتا ہو) بے نقاب کرنا؛ اس کی اصلیت ظاہر کردینا؛ بھنڈا پھوڑ دینا؛ بھانڈا پھوڑدینا۔ To prick a bubble /-the bladder:

نقطے لگا کر کسی چیز کا انتخاب کرنا یا فیصلہ کرنا؛ کوئی چیز چبھا کر آزمانا؛ تجربہ کرنا؛ ابتلا میں ڈالنا؛ آزمائش کرنا۔ To prick for :

متلون مزاج ہونا۔ To prick (in) the belt /-garter/-loop :

(لکڑی پر پالش کرنے میں) پہلے استر کو کھردرا بنانا۔ To prick up :

To prick up one's ear to : کان کھڑے کرنا؛ چوکنا ہونا؛ متوجہ ہونا؛ گوش بر آواز ہونا۔

Prick-ear /Prick ear : (۱) (جمع) بعض حیوانات کے کھڑے اور نوکیلے کان ؛ (خصوصاً) کتوں کے کان ؛ (مجازاً) آدمی کے کان جو سننے کے لئے تیار ہوں؛ گوش بر آواز۔ (۲) انگلستان کی جمہوری جماعت کے افراد پر اطلاق ہوتا ہے جو سترھویں صدی کی جنگ میں شریک تھی۔ یہ لوگ سر کے بال چھوٹے رکھتے تھے جس سے کان زیادہ نمایاں ہو جاتے تھے۔

Prick-eared : (a) (۱) (حیوانیات) راست گوش ؛ کھڑے کان والا۔ (۲) (مجازاً) چونکنا؛ گوش بر آواز ہونا؛ متوجہ؛ چوکس ؛ کان کھڑے کئے ہوئے۔ (۲) (آدمی) جس کے سرکے بال بہت چھوٹے ہوں جس سے کان نمایاں نظر آئیں؛ (بطور علامت) خودبین؛ خودپسند ؛ خود نما؛ شیخی باز۔

Prick-hedge : (n) کانٹوں کی باڑ ؛ کانٹوں کا گھیرا یا احاطہ۔

Prick-line : (n) نقطوں کی لکیر ؛ نقطوں سے بنی ہوئی لکیر ؛ خط نقطہ۔

Prick-post : (n) (انجینئرنگ) درمیانی چفتی؛ کسی فریم کا بغلی یا ثانوی کھمبا۔

Prick-seam : (n) ایک مخصوص ٹانکا یا سلائی جو دستانوں میں ہوا کرتی ہے ؛ نیز توصیفاً۔

Prick-song : (n) (۱) تحریر نغمہ کی مدد سے گایا ہوا نغمہ ؛ تحریر نغمہ۔ (۲) لکھا ہوا گیت یا راگ ؛ سادہ سر کا نغمہ۔

Prick-tobacco : (n) گول موڑا ہوا تمباکو کا چھوٹا پتا۔

Prick-up : (v) (اس طرح سیدھا) کھڑا ہونا (کہ نوک اوپر ہو)۔

Prick-wheel : (n) دستے سے جڑا ہوا ؛ دانے دار پہیا جس سے زین ساز یکساں فاصلوں پر ٹانکے لگانے کے لئے نشانات لگاتے ہیں۔

Pricker : (n) (۱) آنکس مارنے والا؛ سوئی چبھونے لگانے والا؛ تکلیف دینے والا؛ (مجازاً) اکسانے والا؛ ابھارنے والا؛ چھیڑنے والا؛ بھڑکانے والا؛ آمادہ کرنے والا؛ ورغلانے والا۔ (۲) گھوڑ سواری کرنے والا ؛ گھوڑ سوار ؛ شہسوار۔ (۳) سوار شکاری؛ گھوڑ سوار شکاری۔ (۴) چھیدنے یا سوراخ کرنے والی چیز؛ سوئی؛ سوجا؛ آر؛ چھیدنی۔

Pricket : (n) [AL. 'prikettus '.] (۱) شمع گیر ؛ شاخۂ شمعدان؛ شمعدانی شاخہ دار ؛ نوکیلا شمع دان جس میں موم بتی لگاتے ہیں۔ (۲) ہرن جو عمر کے دوسرے سال میں ہو اور جس کے سینگ ابھی سیدھے کھڑے اور بے شاخ ہوں؛ دو ساله ہر نوٹا؛ دوساله ہرن؛ جوان ہرن کا بے شاخ سینگ۔

Pricket candlestick : (n) شمع دان جس میں ایک یا زیادہ شاخیں ہوں۔

Pricket sister : (n) دوساله ہرنی ؛ دوساله ہرنوٹی۔

Pricking : (n) (۱) چبھونے ، گھونپنے ، چھیدنے ، سوراخ کرنے یا اس طرح زخمی کرنے کا عمل ؛ (a کے ساتھ جمع میں) کوئی چیز جسے چبھ کر چبھنی کر دیا گیا ہو۔ (۲) چبھن ؛ ٹیس ؛ جھنجھناہٹ ؛ جھنجھنی؛ چبھدن ؛ خلش؛ کھٹک؛ کسک۔ (۲) خرگوش کے پنجے کا نشان یا ان نشانات سے بنی ہوئی راہ۔ (۴) پہلے استر کو کھردرا بنانا (up کے ساتھ)۔

Prickle : (n) [OE. 'prical.'] (۱) خار ؛ کانٹا ؛ خارچہ ؛ سوئی ؛سول۔ (۲) خارچہ ؛ چھوٹا سا کانٹا۔ (۳) خارپشت وغیرہ کے نوکدار سخت کانٹے۔ (۴) (مجازاً) ذہن یا احساسات کو مجروح کرنے والی بات؛ چبھنے والی بات ؛ تلخ یا تیکھی بات (عموماً جمع)۔

Prickle :(n) [of unkn , origin .] (۱) ٹوکرا ؛ ٹوکری ؛ڈلیا ؛ بید کی بنی ہوئی ٹوکری۔ (۲) جالی دار ٹوکرا (خصوصاً وہ جو اناج وغیرہ ناپنے کے لئے استعمال ہوتا ہے)۔

Prickle : (v) (۱)کانٹے چبھانا؛ چبھانا ؛چبھونا؛ سالنا؛ چھیدنا؛ آنکس چبھونا؛ ارئی دینا؛ اکسانا؛ ابھارنا؛ متحرک کرنا ؛ مہمیز کرنا۔ (۲) چبھنا؛ چبھدنا؛ سلنا؛ چبھن پیدا کرنا۔ (۳) اس طرح جھنجھنانا جیسے کچھ چبھو دیا گیا ہو۔

Prickle-back : (n) تین کانٹوں والی مچھلی ؛ ایک قسم کی مچھلی جس کی پشت پر تین کانٹے ہوں؛ تین کانٹوں والی ٹِنگرا مچھلی۔

Prickle cell : (n) (خلویات) خار دار خلیہ۔

Prickliness : (n) چبھن ؛ جھنجھنی ؛ چنچناہٹ؛ خلش ؛ سنسناہٹ ؛ جھنجھناہٹ۔

Prickling : (n) چبھن ؛ چبھدن ؛ خلش ؛ کھٹک ؛ کسک۔

Prickling : (a) چبھنے والا؛ چبھدنے والا؛ خلش آمیز ؛پر خلش۔

Prickling wheel : (n) (میکانیات) خاری پہیّا۔

Pricklouse : (n) (بول چال) درزی (کاتمسخر آمیز نام)۔

Prickly : (a) (۱) کانٹے دار ؛ خار دار ؛ کٹیلا ؛ شولی ؛ نکیلا؛ چبھنے والا؛ چبھدنے والا؛ (حیوانیات) نیش دار؛ ڈنک والا۔ (۲) سنسناہٹ کا؛ جھنجھناہٹ کا ؛ چلچلاہٹ کا؛

چنچناہٹ والا۔

Prickly ash : (n) ایک خوشبو دار شمالی امریکی جھاڑی۔

Prickly heat : (n) حصفہ؛ گرمی دانے؛ انہوڑیاں ؛ گھمچی؛ گھموری۔

Prickly palm : (n) نخل ہندی ؛ مغربی ہند وستانی کھجور۔

Prickly pear : (n) چیل سمینڈ؛ انجیر تیغی ؛ (نباتیات) ؛ صبار ؛ ناگر پھنی؛ بھٹ کتیلا۔

Prickly pole : (n) دیکھو Prickly palm

Prickly rat : (n) جنوبی افریقی چوہا جس کے بال سخت نکیلے یا خاردار ہوتے ہیں۔

Prickwood : (n) (۱) مضبوط لکڑی والا ایک درخت جس سے تکلے یا برچھے بنائے جاتے ہیں۔ (۲) جنگلی قرانیا(ایک درخت جس کا پھل زیتون کے برابر اور اس کے مشابہ ہوتاھے۔

Pricky : (a) (بول چال) دیکھو Prickly

Pride : (n) [late OE. 'pryde' .] (۱) غرور ؛ تکبر ؛ خود بینی؛ خود پسندی ؛ عجب ؛ اتراہٹ؛ کبر ؛ نخوت ؛ باد غرور۔ (۲) شیخی ؛ فخر و مباہات؛ ناز؛ گھمنڈ ؛افتخار ۔ (۳) آن بان ؛ شان و شوکت ؛ جاہ و جلال؛ کرو فر؛ نام و نمود۔(۴) (نیز Proper pride) بجا فخر ؛ بجا ناز ؛ بجا غرور؛ (نیز) فخر بیجا۔ (۵) خودداری؛ رکھ رکھاؤ ۔ (۶) بہترین حالت؛ اوج؛ عروج ؛ شباب۔ (۷) فخر ؛باعث فخر ؛ موجب افتخار؛ مایۂ غرور ۔ (۸) (کسی طبقے ملک وغیرہ کے) اکابر؛ عمائدین؛ فخر ملک یا قوم؛ (پودوں کے نام کے ساتھ بھی آتا ھے)۔ (۹) گھوڑے کی جرأت؛ حوصلہ؛ جوش ؛ دم خم۔ (۱۰) (حیوانیات) گرمی؛ مادہ کی مستی ؛ چداس؛ تمائل جنسی؛ شہوت ؛ حرارت و ذوق جنسی (مادہ پالتو جانوروں کا)۔ (۱۱) (شاہین بازی) شان فضیلت ؛غرور فضیلت ؛ غرور جاہ ؛ تکبر جلالی؛ اس کا فخر۔ (۱۲) شیروں کا جھنڈ؛ (شکاریات لکھنے والوں کی زبان)۔ (۱۳) (جمع) (خاص کر مڈ لینڈ) مردانہ آلات تناسل۔

False pride : فخر بے جا؛ ناز بے جا۔

In his pride : رقصاں مستی میں ؛ مست و بے خود؛ نقابت ؛ ناچتے ہوئے مور کا نقش؛ طاؤس رقصاں ؛ طاؤس پرکشادہ؛ پرکشادہ مور؛ ناچتا ہوا مور۔

London pride : ایک پودے کا نام۔

Peacock in his pride : (نقابت) دیکھو In his pride

To take a pride in : فخر کرنا؛ ناز کرنا؛ باعث فخر یا موجب افتخار سمجھنا۔

Pride : (n) (۱) دریاؤں یا میٹھے پانیوں میں رہنے والی مچھلی ؛ مار ماہی کی ایک قسم ؛ یہ Sand-pride بھی کہلاتی ھے۔ (۲) بچہ مارماہی۔

Pride : (v) (۱) مغرور ہونا؛ متکبر ہونا؛ تکبر کرنا؛ مباہات کرنا؛ بڑائی جتانا؛ خود کو بڑا سمجھنا ۔ (۲) خود کو مغرور بنانا یا ظاہر کرنا؛ خود نمائی کرنا؛ غرور دکھانا؛ (کسی معمولی بات پر) فخر کرنا؛ متفخر ہونا؛ جھوٹا طرہ لگانا؛ نازاں ہونا (۳) (کسی کو) مغرور بنانا؛ کبر و نخوت سے بھر دینا۔ (۴) (پرند کا) پروں کو پھیلانا یا پھلانا۔

Pride and vanity : (n) (نفسیات) فخر و عجب۔

Pride of barbados : (n) ایک چھوٹا درخت یا جھاڑی جو خاردار ہوتی ھے اور جس کے چمکیلے زرد اور سرخی مائل نارنجی پھول نہایت خوشنما ہوتے ہیں۔

Pride of california : (n) کیلیفورنیائی جنگلی مٹر کے بڑے بڑے گلابی اور بنفشی رنگ کے پھول ؛ برائے زیورات اس کی کاشت کی جاتی ھے۔

Pride of China / -India : (n) زیتون تلخ ۔

Pride of life : (n) تکبر ؛ غرور ؛کبر و نخوت ؛ دنیاوی نخوت و غرور ۔

Pride of london : (n) دیکھو London-pride

Pride of place : (n) (۱)شان فضیلت؛ تکبر جلال؛ غرور جاہ۔ (۲) جائے پیدائش پر فخر ؛ اپنے وطن پر ناز کرنا۔

Pride of the morning : (n) صبح کی کہر یا ترشح(جس کے بعد دن اکثر سہانا ہوتا ھے)؛ وقت طلوع کی بارش۔

Pride of the peak : (n) (خاص کر جنوب مشرقی امریکی) ثعلبیہ یا مصری جس کے پھول خوشنما ہوتے ہیں۔

Pride of the world : (n) تکبر ؛ غرور ؛ کبر و نخوت ؛ دنیاوی نخوت و غرور ۔

Pride will have a fall : (prov.) غرور کا سر نیچا۔

Prideful : (a) (خصوصاً اسکا تستان) پر غرور ؛ پر تکبر ؛ پر فخر؛

کبر و نخوت سے بھرا ہوا ؛ مغرور؛ متفخر؛ گھمنڈی ؛ متکبر؛ نخوت مزاج ؛ مدفع؛ دماغ آور ؛ شوخ چشم ؛ خود نما۔

Pridefully : (adv.) مغرورانہ؛ متکبرانہ؛ ازراہ کبر و نخوت؛ شوخ چشمانہ۔

Pridefulness : (n) غرور ؛ تکبر؛ گھمنڈ ؛ شان ؛ کبر و نخوت ؛ فخرو مباہات۔

Prideless :(a) اوچھا؛ خودداری سے خالی ؛ بے نخوت ؛ بے تمکنت ؛ بے تکبر ؛ عزت نفس سے عاری۔

Pridelessly :(adv.) اوچھے پن سے ؛ غیر خوددارانہ؛ عزت نفس سے عاری ہو کر۔

Prie-dieu : (n) (۱) (عبادت) رکوع کی چوکی ؛ رکوع گاہ۔ (۲) رکوع کرنے کی کرسی ؛ رکوع کی کرسی؛(نیز Prie-dieu chair) ۔

Priest : (n) [OE.'Preost'.] (۱)پجاری ؛پادری؛ پروہت؛ کاہن؛ آخوند؛ کشیش یا قسیس جس کا درجہ مابین شماس و اسقف ہو؛ خادم دین؛ معلم روحانی؛ ملاّ؛ امام ؛ پادری؛ گرو؛ مرشد؛ پیشوا؛ خادم مذبح؛ خادم قربان گاہ ؛ عامل عشائے ربانی۔ (۲) غیر عیسائی یا غیر اہل کتاب لوگوں کا پروہت یا مذہبی پیشوا۔ (۳) ماہی کش موگری ؛ ماہی کش ڈنڈا؛ ماہی کش (پکڑی ہوئی مچھلی کو مارنے کی موگری ، ڈنڈا یا کوئی ایسی چیز)۔ (۴) حسین کبوتروں کی ایک جنس ؛ کبوتر زیبا؛ لقا کبوتر۔

High priest : (خصوصاً یہودیوں کا) مربّی اعظم ؛ ملائے اعظم ؛ بڑا پروہت؛ کاہن اعلیٰ۔

Priest : (v) کسی کو پادری بنانا؛ ملا بنانا؛ پروہت بنانا؛ قسیس بنانا؛ کاہن بنانا ؛ کسی کو پادری بنانے کا فرمان جاری کرنا۔

Priest-cap : (n) (۱) پادری کی ٹوپی ؛ کلاہ کاہن؛ کاہنی کلاہ۔ (۲) (قلع بندی) قلعے کی بیرونی دھس بندی یا فصیل جس کے تین زاویے باہر نکلے ہوئے اور دو اندر دھنسے ہوئے ہوں۔

Priest-in-the-pulpit : (n) جنگلی ایے رم(Arum) : ایک پودے کا نام۔

Priest of nature : (n) پرستار فطرت ؛ فطرت کا پجاری۔

Priest of science : (n) پرستار علوم طبعی ؛ پرستار سائنس۔

Priest-ridden : (a) پادری کے زیر نظام ؛ پادری کے نظم و ضبط میں ؛ پادری کے تحت ؛ ملا راجی؛ پروہت را جی ؛ جہاں مُلانوں کی حکومت ہو؛ ملا زدہ۔

Priest-vicar : (n) نائب ملا ؛ نائب پادری ؛ نائب پروہت ؛ نائب امام ؛ نائب پیشوا۔

Priestcraft : (n) مذہبی پیشوا کا دنیادارانہ رویہ۔

Priestdom : (n) پادریت ؛کہانت ؛ پادریوں کی حکمت یا حکمرانی۔

Priestess : (n) (۱) پجارن ؛ کاہنہ ؛ پادری عورت۔ (۲) (روز مرہ) پادری کی عورت ؛ پادری کی بیوی ؛ زوجہ کاہن ؛ پروہتائن۔

Priest hood : (n) (۱) ملا گیری ؛ پروہتائی ؛ پادری کا عہدہ یا کام ؛ پادریت ؛ پادری ہونے کی حالت؛ پادریوں کا نظام ؛ پادریو ں کی (ایک) جماعت؛ نیز مجازاً۔

Priestism : (n) پادریت ؛ ملا گیری ؛ مشیخت ؛ (مخاصمانہ استعمال)۔

Priestless : (a) بے پیر ؛ بے مُلاّ؛ بے پروہت ؛ لا کاہن۔

Priestlike : (a) ملا صفت؛ پروہت جیسا؛ پادری طبیعت؛ پادریوں کی خصوصیت کا یا اس کے شایان؛ پروہتی؛ پاک ؛ متبرک ؛ مقدس ؛ مرشدانہ ؛ مشا ئخانہ۔

Priestlike : (adv.) پادری کی طرح ؛ پادری یا پادریت کے انداز میں ؛ مرشدانہ؛ مشا ئخانہ؛ پروہت کے طور پر۔

Priestliness : (n) پروہتائی ؛ ملائیت؛ ملا پن ؛ ملا گیری ؛ کہانت ؛ قسیمیت۔

Priestling : (n) ملاّنا ؛ غیر اہم ؛کم حیثیت یا کم عمر مذہبی پیشوا پروہت وغیرہ (عموماً حقارت آمیز)۔

Priestly : (adv.) (۱) ملا یانہ ؛ ملا صفت ؛ شایان ملا ؛ پادری ؛ پروہت وغیرہ کا ؛ اس کے مانند یا اس سے متعلق ؛ مرشدانہ ؛ مشائخانہ ؛ پروہتی ؛ پاک ؛ مقدس ؛ متبرک۔ (۲)پروہت جیسا ؛ پروہت یا کاہن کی خاصیت کا ؛ پادری کے شایان ۔ (۳) جو پادری ہو۔

Priestly code : (n) (تنقید عہد نامۂ عتیق) ضابطۂ کہانت ؛ انجیل کی چھ کتابوں کے بعض حصے جو مذہبی رسوم ؛ قوانین؛ وغیرہ پر مشتمل ہیں۔

Priestly writer : (n) مصنف ضابطۂ کہا نت ؛ مذکورہ بالا حصے کا لکھنے والا۔

Priest's cap : (n) دیکھو Priest-cap

Priest's hole : (n) (تعزیری قوانین کے زمانے میں کسی رومن کیتھولك) پادری کی جائے پناہ ؛ چھپنے کی جگہ۔

Priest 's hood : (n) جنگلی اِے رم(Arum) ؛ ایك قسم کا پودا (اس کے غلاف کی شکل کی بنا پر یہ نام پڑا)۔

Prig : (n) [of unkn. origin.] (۱) رفتار گفتار میں بے حد محتاط ؛ بات چیت اور اطوار میں اتنی احتیاط کرنے والا کہ ناگوار ہو۔ (۲) خود پسند ؛ خود بین ؛ خود نما۔ (۳) نصیحت فروش۔ (۵) (عام) چور۔

Prig : (v) (۱) (عام) چرانا ؛ چوری کرنا ؛ اڑ جانا؛ ہاتھ مارنا۔ (۲) (اسکاتستان و شمالی بول چال) مول تول کرنا؛ سسك سسك کے دام لگانا؛ خرید تے وقت حجت کرنا یا جھگڑنا ؛ (مجازاً) منفعت بخش سودا کرنا۔ (۳)سخت اصرار کرنا؛ پیچھے پڑ جانا ؛ استدعا کرنا ؛ التماس کرنا؛ مانگنا ؛ التجا کرنا۔

Prigger : (n) (عام) چور ؛ دزد۔

Priggery : (n) (۱)رفتار گفتار میں ناگوار یا بے احتیاط؛ خود پسندی؛ خود نمائی ؛ نصیحت فروشی۔ (۲) خود پسندانہ یا نصیحت فروشانہ فعل یا برتاؤ۔

Piggerish : (a) جس میں ضرورت سے زیادہ یا ناگوار حد تك احتیاط ہو؛ خود نما ؛ خود بین ؛ خود پسند ؛ شیخی باز ؛ نصیحت فروش؛ رفتار گفتار میں ناگوار ؛ حد تك احتیاط برتنے والا؛ بے حد محتاط ؛ نکتہ گیر ؛ ایرادی؛ سخت گیر۔

Priggishly : (adv.) خود پسندانہ ؛ خود نمایانہ؛ نصیحت فروشانہ؛ خود بینی سے ؛ رفتار گفتار میں انتہائی محتاط ہو کر۔

Priggishness :(n) رفتار گفتار میں حد سے زیادہ یا ناگوار؛ حد تك احتیاط ؛ خود بینی ؛ خود پسندی؛ خود نمائی ؛ نصیحت فروشی ؛ شیخی۔

Priggism :(n) دیکھو Priggishness

Prill : (n) [Phonetic var. of 'pirle'.] (مقامی) نہر جاری ؛ بہتے پانی کا چھوٹا چشمہ ؛ نالہ یا ندی۔

Prill : (n) [Local term in Corn wall.] (۱) (معدنیات) (کارنوال کی تانبہ کان کنی میں) تانبے کی چھنی ہوئی یا صاف کی ہوئی کچدھات جس کے چھوٹے ریزے الگ کر دیئے گئے ہوں؛ مصفّٰی کچدھات۔ (۲)ایسی کچدھات کوکٹھالی میں گلا کر پرکھنے سے حاصل شدہ گولی یا گھنڈی (امریکا و نوآبادیات)۔

Prim : (a) [Origin doubtful.] (۱)(شخص، گفتگو، اطوار) رسمی؛ باضابطہ ؛ جچاتلا؛ نا مناسب طور پر متین ؛ سنجیدہ ؛ نازك مزاج ؛ تکلف شعار ؛ مقطع اور با قاعدہ ؛معتاد ۔ (۲)(اشیاء)رسمی؛حسب قاعدہ؛ معین ؛ بے لوچ ؛پرتکلف۔

Prim : (v) (۱)متانت اختیار کرنا ؛ بننا۔ (۲) چہرے اور لبوں کی ایسی وضع بنانا کہ متانت مترشح ہو۔ (۳) مناسب آرائش۔

To prim up : ناك بھوں سکوڑنا؛ انجان بننا۔

Prima : (n) اطالوی زبان میں Prima کی تانیث جوPrimadonna اور دیگر محاوروں میں مستعمل ہے (خاص کر موسیقی میں) پہلا ؛ اول ؛ خاص؛ نخست؛ نخستین ؛ اعلیٰ ؛ صدر ؛ مقام۔

Prima : (n) [L. 'prima '.] (ٹائپوگرافی) آئندہ صفحے کا پہلا لفظ جو مطبوعہ (یا مخطوطہ) صفحے کے آخر میں نیچے لکھ دیا جاتا ہے۔

Prima ballerina : (n) سنگت میں صدر رقاصہ۔

Prima buffa : (n) اوپیرا میں مزاحیہ گانے یا گیت والی عورت؛ صدر نقالہ یا گائیکی یا مغنیہ۔

Prima donna/-donne/-donnas. : (n) اوپیرا کی اولین یا صدر مغنیہ ؛ مکھیہ گائیکا ؛ صدر گائن۔

Prima facie : (adv.) [L. 'prima facie '.] بدیہی ؛ واضح ؛ مشہود ؛ بارز۔

Prima facie : (adv.) بادی النظر میں؛ بادی النظری؛ بظاہر؛ بہ یك نگاہ ؛ پہلی نظر میں ؛ بدیہی طور پر۔

Prima facie case : (n) (قانون) مقدمۂ بادی النظر ی (وہ مقدمہ جس میں شہادت ایسی ہو کہ اس کی تردید کے لئے فریق مخالف کو لازماً جواب دہی کرنی پڑے)۔

Prima facie evidence : (n) (قانون) بادی النظری شہادت۔

Prima fronte : (adv.) [L.] پہلی نظر میں ؛ بادی النظری ؛ بدیہی طور پر؛ بظاہر۔

Prima Giedi : (n) (علم النجوم) راس الجدی (ستارہ)۔

Prima vista : (n) (تحریر نغمہ) دیکھتے ہی (یعنی بغیر مشق کے) گانا

یا بجانا۔

Primacy : (n) [med. L. 'primatia'.] (۱) (سلسلے ترتیب : اہمیت یا اقتدار کے لحاظ سے) اعلیٰ : اول یا مقدم ہونے کی حالت : اولیت : مخصوص یا اعلیٰ عہدہ : عظمت : بزرگی : افضلیت : فوقیت : برتری ۔ (۲) (کلیسا) روحانی سلسلے کا اعلیٰ مقام یا اعلیٰ ترین شخصیت : پیشوائے اعظم یا اسقف اعظم کا عہدہ یا منصب : (خصوصاً) کلیسائی صوبے کا حاکم اعلیٰ۔ (۳) (نفسیات) تقویم تاثر۔

Primage : (n) [AL. 'primagium'.] کرایۂ احتیاط: زر احتیاط (جو کرائے کے علاوہ مالکان جہاز کو اس لئے دیا جاتا ہے کہ مال کے اتار نے چڑھانے میں احتیاط برتی جائے)۔

Primage : (n) [f. prime (v).] پانی کی وہ مقدار جو بھاپ کی شکل میں بوائلر سے خارج ہو جاتی ہے۔

Primal :(a) [med. L. 'primalis'.] (۱) پہلا : ابتدائی: اولین: بنیادی : اصلی : اول : سب سے پہلے عہد کا : قدیم ترین : قدیمی۔ (۲) اہم ترین: اولین : سب سے پہلا : پرانی وضع کا۔ (۳) (ارضیات) طبقات الارض کے دور اولین کی (پرت) : اولین : بنیادی۔

Primality : (n) (شاذ) اول یا مقام ترین ہونا۔

Primally : (adv.) اولاً : اصلاً : ابتداءً : سب سے اول : پہلے پہل : بنیادی طور پر۔

Primarily : (adv.) اولاً : اصلاً : ابتداءً : ابتدائی طور پر: بنیادی طور پر: عنصری طور پر : مقدمتاً : اصولاً : اساسی طور پر : اساساً۔

Primary : (a) [L. 'primarius'.] (۱) اول : پہلا : قدیم ترین : اصلی: مقدماتی : اولیں ۔ (۲) اصلی : پہلا: اوّلی : بدوی۔ (۳) اولیٰ : اہم ترین : خاص : مقدم ۔ (۴) ابتدائی : مبتدیوں کا۔ (۵) (طبقات الارض) زیریں : زیریں طبقوں کا : قدیم حیاتی ۔ (۶) (حیاتیات) ابتدائی : اوّل : عنصری : (نباتیات، حیوانیات) اعلیٰ : بڑا۔

Primary : (n) (۱) وہ شخص یا چیز جو ترتیب ، سلسلے یا اہمیت میں اول یا فائق ہو : کوئی چیز جس سے دوسری چیز پیدا یا مستخرج ہو : اصل : عنصر : (عموماً جمع) بنیادی چیز میں : ابتدائی چیزیں : مبادیات: ابتدائی اصول:اصل الاصول ۔ (۲) Primary-planet کا مخفف ۔ (۳) دیکھو Primary feather ۔(۴) (امریکا) Primary meeting assembly کا مخفف۔

Primary action : (n) (طب) اوّلی فعل : بنیادی عمل۔

Primary amputation : (n) (جراحی) ابتدائی قطع عضو : وہ عمل جراحی جو سوزش سے پہلے کیا جائے : قطع عضو جو ممکنہ حد تک بالکل اولین مرحلے میں (ورم یا سوزش آنے سے قبل ہی) انجام دیا جائے۔

Primary assembly : (n) (۱) ابتدائی جلسہ یا اجتماع۔ (۲) دیکھو Primary meeting ۔

Primary axis : (n) (نباتیات) بڑا ڈنٹھل : بڑی ٹہنی۔

Primary battery : (n) (برقیات) ابتدائی مورچۂ برقی: وہ بیٹری جس میں برقی رو پیدا ہوتی ہے۔

Primary body : (n) (نباتیات) اصل جسم : ابتدائی جسم۔

Primary body cavity : (n) (حیوانیات) اصل قعر نہوض۔

Primary bow : (n) (موسمیات) اول قوس قزح۔

Primary causes : (n) (فلسفہ) اسباب اوّلی: اسباب اولیں: بنیادی اسباب۔

Primary cell: (n) (برقیات) وولٹائی خانہ : ابتدائی خانہ۔

Primary circuit : (n) (برقیات) اصل دور۔

Primary coil :(n) (برقیات) ابتدائی کوائل : بنیادی تار (جو بیٹری سے برقی رو لے کر ثانوی تار میں پہنچتا ہے)۔

Primary colour :(n) لون اصلی : اصلی یا بنیادی رنگ (سرخ سبز اور بنفشئی یا سرخ ، زرد اور نیلا): انہیں Simple colour یا Fundamental colour بھی کہتے ہیں۔

Primary current : (n) (برقیات) ابتدائی رو : اصلی رو۔

Primary education : (n) ابتدائی تعلیم : پرائمری تعلیم۔

Primary emotions : (n) (نفسیات) جذبات اولیہ : اولین جذبات۔

Primary evidence : (n) شہادت اول: اولین شہادت (جو کسی دستاویز کے اندر خود اس دستاویز کے سلسلے میں موجود ہو)۔(۲) دیکھو Prima facie evidence ۔

Primary feather : (n) پرند کے پنکھ کا بڑا پر (جس کے سہارے وہ اڑتا ہے)۔

Primary growth : (n) ابتدائی نمو: ابتدائی نشو و نما: ابتدائی بالیدگی: (جس میں قد بڑھتا ھے اور شاخیں یا زوائد پیدا ھوتے ہیں)۔

Primary instruction : (n) Primary education دیکھو

Primary intentions : (n) (منطق) تصورات اولیہ۔

Primary laws : (n) ابتدائی کلیات: بنیادی کلیے۔

Primary matter : (n) (علم النجوم) اوّلی مادہ۔

Primary meeting : (n) ابتدائی جلسہ یا اجتماع: انتخاب عام کے لئے امیدواروں کے ابتدائی انتخاب کا جلسہ: (امریکا) اس مقصد سے کسی انتخابی حلقے میں کسی ایک پارٹی کے رائے دہندوں کا جلسہ۔

Primary meristem : (n) (خلویات) اوّلی مقسمہ۔

Primary mineral : (n) اصلی معدن۔

Primary narcissism : (n) ابتدائی نرگسیت: وہ عہد طفلی جب بچہ صرف اپنی جانب متوجہ رہتا ھے، خارجی دنیا سے کوئی مطلب نہیں ھوتا۔

Primary planets : (n) (علم النجوم) سیارات اولیہ: سیارات اولیٰ: وہ سیارے جو بلا واسطہ سورج کے گرد گھومتے ہیں۔

Primary point : (n) بڑا شہر جہاں دیہاتوں سے بڑی مقدار میں زمینی پیداوار براہ راست پہنچتی ہیں۔

Primary protective layer : (n) ابتدائی یا بنیادی حفاظتی پرت (جو پت جھڑ کے وقت پتوں کی جڑوں میں ٹوٹنے کے مقام کے درمیان بن جاتی ھے تاکہ چھال بن جانے تک کھلے ھوئے خلیات کو خشک ھونے یا کسی بیماری کے زیر اثر آنے سے بچا جا سکے۔

Primary qualities : (n) (فلسفہ) اصلی خاصیات: خارجی اشیاء کی وسعت، شکل اور ٹھوس پن۔

Primary rainbow : (n) Primary bow دیکھو

Primary retention : (n) (مقناطیس) ابتدائی امساک۔

Primary root : (n) (نباتیات) بیج اولین: اولیں جڑ۔

Primary scholar : (n) ابتدائی طالب علم۔

Primary school : (n) ابتدائی مدرسہ: مدرسہ ابتدائیہ: وہ مدرسہ جہاں جبری تعلیم دی جاتی ھے: پرائمری اسکول۔

Primary sere : (n) (نباتیات) اوّلی سلسلہ۔

Primary tenses : (n) اصلی زمانے (ماضی، حال، مستقبل)۔

Primary voltage : (n) (برقیات) ابتدائی وولتاژ۔

Primary wire : (n) Primary coil دیکھو

Primas : (n) [L. 'primus'.] Primates کا (لاطینی) واحد: اعلیٰ حیوان: حیوان رئیسہ۔

Primate : (n) [ME. 'primat'.] (۱) (دینیات) اسقف اعظم۔ (۲) (حیوانیات) اعلیٰ حیوان: Primates کا انگریزی واحد۔

Primate of all England : (n) اسقف اعظم کنٹر بری۔

Primate of Engalnd : (n) اسقف اعظم یارک۔

Primate order : (n) (حیوانیات) فصیلۂ رئیسہ: سلسلۂ حیوانیات اعلیٰ۔

Primates : (n) [mod.L.f. 'primus'.] (حیوانیات) حیوانات رئیسہ: حیوانات اعلیٰ: اعلیٰ ذوات الثدی: اعلیٰ مخلوق: دودھ پلانے والے جانوروں کا اعلیٰ ترین طبقہ جس میں آدمی، بندر، شب رو بندر (لیمور) اور لینیائی تقسیم طبقات کے اعتبار سے چمگادڑ شامل ہیں۔

Primateship : (n) اسقف اعظم کا عہدہ یا رتبہ: اسقف عظمیٰ۔

Primatial : (a) (۱) اسقف اعظم کا یا اس سے متعلق۔ (۲) حیوانات رئیسہ یا حیوانات اعلیٰ کا یا ان سے متعلق۔

Primatic : (n) (حیوانیات) پستان دار حیوانات کے طبقۂ اعلیٰ کا یا اس سے متعلق: حیوانات رئیسہ یا حیوانات اعلیٰ کا یا ان سے متعلق۔

Primatical : (a) اسقف اعظم کا یا اس سے متعلق۔

Prime : (n) [OE. 'Prim'- L. 'prima '.] (۱) (کلیسا) شرع کی روسے دن کا پہلا گھنٹہ (چھ بجے صبح یا طلوع آفتاب کا وقت): صبح کی عبادت (قدیم): علی الصباح: نور کا تڑکا: بھور: صبح: بامداد: سحر۔ (۲) (قدیم) وہ عدد جو ایسٹر کی تاریخ نکالنے میں استعمال ھوتا ھے: متباین عدد۔ (۳) (کسی چیز کا) آغاز: شروعات: ابتداء: شروع: ابتدائے عالم: آغاز کائنات:

(دنیا کا) قدیم ترین زمانہ :عہد اولیں۔ (۴) سال کا پہلا موسم؛ موسم بہار۔ (۵) حیات انسانی کا عہد شباب (عمر کے ۲۱ تا ۲۸ سال) (شاذ)۔ (۶) (حیات انسانی کا) دور شباب؛ بہار؛ عنفوان؛ (مادی یا غیر مادی اشیاء کا) بہترین زمانہ؛ پوری نشو و نماء قوت، خوبصورتی وغیرہ کا زمانہ۔ (۷) کسی گروہ کا بہترین یا اعلیٰ ترین شخص یا چیز؛ (کسی چیز کا) بہترین حصہ؛ اعلیٰ ترین حصہ؛ حصہ اولیٰ۔ (۸) (کیمیا) جوہر واحد (مرکب کی اکائی کے طور پر)۔ (۹) شمشیر بازوں کا پیرا۔

High prime/ Prime large : تقریباً نو بجے صبح کا وقت؛ چاشت کے وقت سے ذرا پہلے۔

Prime : (n) [absol. use of Prime(a).] (۱)(ریاضیات)عدد مفرد؛ عدد اصم۔ (۲) کسی معیاری پیمانے کی وہ تقسیم یا وہ جزوی اکائی جو خود بھی اسی تناسب میں منقسم ہو سکتی ہو مثلاً ایک ڈگری کا ۱/۶۰ ایک منٹ (جس کا ۱/۶۰ سکنڈ ہو جاتا ہے)، ایک فٹ کا بارھواں حصہ، ایک انچ)۔ (۳) (موسیقی) کھرج۔ (۴) (طباعت) (′) کی علامت جو اوپر یا کسی لفظ یا شکل کے دائیں لکھی ہوتی ہے تاکہ مقدم کو موخر یا اول کو دوم سے ممیز کیا جا سکے۔

Prime : (a) [L. 'primus'.] (۱)(وقوع یا وقت کے تسلسل کے اعتبار سے) اول؛ مقدم؛ پہلا؛ قدیم۔ (۲) اعلیٰ؛ بلند مرتبہ؛ بلند رتبہ (شخص)۔ (۳) صدر؛ خاص؛ اہم ترین۔ (۴) عمدہ؛ بہترین؛ اعلیٰ درجے کا؛ اعلیٰ قسم کا (خصوصاً مویشی اور اشیائے خوردنی کے لئے)۔ (۵) ابتدائی؛ بنیادی؛ پہلا؛ جس سے دوسرے نکلے ہوں یا جس پر ان کا انحصار ہو؛ مبداء؛ مصدر؛ منبع۔ (۶) (ریاضیات) (عدد) اصم؛ مفرد (مثلاً ۲، ۳، ۵، ۷، ۱۱)۔ (۷) (عدد) اول؛ عددی سلسلے کا پہلا (عدد)؛ اول؛ اولیٰ۔

Prime : (adv.) بہترین طور پر؛ بطریق احسن؛ بہت خوبی سے؛ بڑی نفاست سے۔

Prime : (v) [connected with Primage.] (۱)بھرنا؛ پر کرنا؛بار کرنا؛ لادنا؛ چارج کرنا۔ (۲) بندوق (میں بارود) بھرنا؛ رنجک پلانا۔ (۳)(کسی شخص کے) کان بھرنا؛پہلے ہی خبر پہنچانا؛ سکھانا؛ ہدایت کرنا؛ پہلے ہی سکھا پڑھا کر تیار کر دینا۔ (۴) شراب سے بھر دینا؛ خوب شراب پلانا؛ مخمور کر دینا؛ (مجازاً) خوب کھلانا؛ شکم سیر کرنا۔ (۵) پینٹ (رنگ) کو جذب ہونے سے بچانے کے لئے (کسی سطح کو) تیل وغیرہ کا استر دینا یا استر کاری کرنا؛ استر چڑھانا۔ (۶) (انجینئرنگ)بوائلر کا بھاپ کے ساتھ پانی کو پھوار کی صورت استوانے میں جانے دینا۔

(۷) (چالو کرنے کے لئے پمپ وغیرہ کو) تیل وغیرہ دینا؛ زمین سے پانی نکالنے کے لئے پمپ میں پانی ڈالنا (تاکہ اس کی قوت کشش بڑھ جائے اور اس طرح پانی اوپر آسکے)۔

Prime : (v) [f. Prime (a. orn.)] (جوارکا) تھوڑے تھوڑے سے وقفے سے آنا؛ جلد جلد آنا۔

Prime :(v) [of. 'Unkn. origin.] (اب صرف بول چال میں) (درختوں کو) چھانٹنا؛ کاٹ چھانٹ کر درست کرنا؛ سنوارنا؛ سمانا؛ (شاخیں) تراشنا؛ کانٹ چھانٹ کر آراستہ کرنا۔

Prime : (v) [of unkn.origin.] (مچھلی کا) چھلانگ لگانا؛ سطح آب سے اوپر اٹھنا؛ اچھلنا۔

Prime conductor : (n) (برقیات) جامع البرق۔

Prime cost : (n) (معاشیات) اصل لاگت؛ اصل قیمت (جسے دے کر سوداگر نے خریدا ہو)۔

Prime costs : (n) (معاشیات) مصارف مقدم۔

Prime entry : (n) اتارنے سے پہلے جہاز کے دوتہائی قابل محصول مال کا اندراج (جس کی بناء پر تخمیہ لگا کر محصول ادا کیا جاتا ہے)؛ (محصولی مال کا) اولیں اندراج۔

Prime factor : (n) (۱) عامل اولیٰ۔ (۲) (ریاضیات) جز اول؛ جز مفرد۔

Prime feathers : (n) دیکھو Primary feather

Prime fish : (n) خوراک کے لئے پکڑی جانے والی مچھلیوں کی زیادہ قیمتی قسمیں؛ کمیاب یا گراں قیمت مچھلیاں۔

Prime large : (n) دیکھو High prime

Prime meridian : (n) (علم النجوم) نصف النہار اول؛ ہاجرہ اولیٰ۔

Prime Minister : (n) وزیر اعظم؛ صدر اعظم؛ رئیس الوزراء۔

Prime mover : (n) (۱) (میکانیات) اصل محرک؛ محرک اول؛ محرک اصلی؛ بیدار حرکت۔ (۲) (انجینئرنگ) اصل محرک انجن۔ (۳) کسی مفید کام کا بانی؛ محرک یا موجد۔

Prime number : (n) (۱) (ریاضیات) عدد مفرد؛ عدد اصم۔ (۲) عدد متباین۔

Prime ratio : (n) ابتدائی تحدیدی تناسب۔

Prime-song : (n) [repr.OE. 'Primsang'.] (تاریخ) (کلیسا) دن کے پہلے گھنٹے یا صبح کی عبادت کے لئے مقرر کئے ہوئے پادری کا عہدہ یاکا م۔

Prime tone : (n) (موسیقی) کسی مرکب نغمے کا بنیادی سُر۔

Prime vertical : (a) (۱) دائرہ اول اسمت : متسامۃ اولیٰ : دائرہ مشرق و مغرب : افق مشرق و افق مغرب اور سمت الراس سے گذرنے والے ستاروں یا سیاروں کا بڑا دائرہ : بڑا عمودی دائرہ ۔ (۲) شمالی و جنو بی ڈائل (Prime vertical dial)۔

Primely : (adv.) بطریق احسن : بہترین طور پر : بہت خوبی سے : بڑی نفاست سے۔

Primeness : (n) پہل : سبقت : اولیت : تقدم :علو: اصلیت: مصدریت : حسن : خوبی: بہتری : عمدگی: بلند مرتبہ ہونا : رفعت : برتری۔

Primer : (n) [med. L. 'primarius'.] (۱) پرائمر : قاعدہ : کتابچۂ مبادیات : کسی علم کی اولین یا ابتدائی معلومات کی کتاب : ابتدائی رسالہ: کسی مو ضوع پر ابتدائی یا تعارفی کتابچہ یا رسالہ : (مجازاً) اولین ذریعہ تعلیم۔ (۲) (تاریخ) انگریزوں کے (خصوصاً) دور اصلاح مذہب سے پہلے کی کتاب مناجات (جس میں دعاء عبادت وغیرہ کے طریقے درج تھے): دعا نامہ : عبادت نامہ ۔ (۳) ٹائپ کا ایک مخصوص سائز۔

Great primer : بڑا ٹائپ (جس کی سواچار سطریں ایک انچ میں آتی ہیں)۔

Long primer : لمبا ٹائپ (جس کی ساڑھے سات سطریں ایک انچ میں آتی ہیں)۔

Primer : (n) [f. Prim(v)+er.] (۱) رنجک پلانے والی چھڑ: پرانی وضع کی (توڑے دار) بندوق وغیرہ میں بارود بھرنے والی چھڑ :گز۔ (۲) ٹوپی ، استوانہ یا کوئی پرزہ جس سے کارتوس وغیرہ کی بارود آگ پکڑتی ہے :(فوج) شتابہ : بارود لگا ہوا بارود کا فتیلا ۔ (۳) بارود بھرنے والا : رنجک پلانے والا ۔

Prime fine : (n) (تاریخ) (جاگیرداری قانون) وہ رقم جو اراضیات کی بازیابی کے لئے مدعی کے ذریعہ بادشاہ کو ادا کرنا تھا۔

Primer seisin : (n) (تاریخ) (جاگیردا ری قانون) تاج برطانیہ کا وہ حق جس کے تحت وہ کسی رعیت کے وارث سے اس کی جا گیر کی پہلے سال کی آمدنی وصول کر سکتا تھا۔

Primero : (n) [alt. of 'priera'.] تاش کی ایک قمار بازی جو سولہویں اور سترھویں صدی میں رائج تھی۔

Primeur : (n) (۱) ثمر پیش رس : معمولی یا مقررہ موسم سے قبل تیار کئے ہوئے یا اگائے ہوئے پھل ، پھول یا ترکاریاں: زودرس پھل : حاصل اول : میوۂ نوبر: میوۂ نخستین : پہلا پھل : فرزند اول : پہلوٹھی اولاد : پہلوٹھا بچہ ۔ (۲) اخبار زودرس۔

Primeval/Primaeval : (a) [L.'primaevus'.] (۱)دنیا کے دور اولین کا ۔ (۲) قدیم : ابتدائی : اصلی: قبل تا ریخی : بدوی۔

Primevally : (adv.) قدیم حالت یا زمانے میں : دنیا کے دور اولین میں : اولین یا ابتدائی درجے میں : ابتدائی حالت میں : ابتدائی انداز میں : بدوی حالت میں۔

Primigene/Primigenial/ Prinigenian : (a) [L. 'primigenius'.] (۱)(حیوانیات) ابتدائی انداز کی قسموں پر اطلاق ہوتا ہے : ابتدائی ۔ (۲) بکری: پہلوٹھا۔

Primigravid : (a) [mod. L. ' primigravida'.] اول حمل دار: جو پہلی بار حاملہ ہوئی ہو : جس کو پہلا حمل ہو : پہلوٹھے حمل والی۔

Primigravida/Primigravidas/ Primigravidae : (n) [mod. L.] وہ عورت جو پہلی دفعہ حاملہ ہوئی ہو: پہلوٹھے حمل والی: پہلی حاملہ۔

Primine : (n) [Fr. 'primine'.] (نباتیات) اول قشر تخمک: (ابتداءً) بیرونی قشر تخمک : (بعدہٗ) اندرونی قشر تخمک (اس اعتبار سے کہ اس کی تشکیل پہلے ہوتی ہے)۔

Priming : (n) (۱) پرانی وضع کے آتشیں اسلحہ میں بارود بھرنے یا رنجک پلانے کا عمل .(۲) اس طرح بھری ہوئی بارود : (نیز) شتابہ : بارود لگا ہوا فتیلہ : (فوج) رنجک : (کسی سطح کو) پینٹنگ کے لئے درست یا تیار کرنا ۔ (۳) ابتدائی استر کاری میں استعمال کیا جانے والا مخلوط : اس مخلوط کا استر یا تہ : (فن) رنگ زمینہ ۔ (۵) تھوڑے سے وقت میں اور مختصر طور پر سب باتیں بتا دینا : زور تعلیم۔ (٦) (انجینئرنگ)(انجن کے بوائلر کا) بھاپ کے ساتھ پانی کو پھوار کی صورت استوا نے میں جانے دینا : تسریح۔

Primong : (n) (۱) تھوڑے تھوڑے وقفے سے مد و جزر آنا۔ (۲) مدو جزر کا جلد جلد آنا : تسریح مد : پیشروی مَدّ۔

Priming horn : (n) (۱) سینگ جس میں بندوقچی پہلے بارود لے جایا

کرتے تھے ۔ (۲) بارود سے بھرا ہوا سینگ جسے کان کن مزدور یا شکاری اپنے ساتھ رکھتے ہیں ۔

Priming needle : (n) رنجک سو جا ۔

Priming of the tides : (n) (۱) تھوڑے تھوڑے وقفے سے مد و جزر آنا : مدو جزر کا جلدجلد آنا : تسریع مد : پیشر وی مدّ۔

Priming-wire : (n) تیز نوک والا تار جس سے توپ وغیرہ میں گولہ یا مسالہ ٹھونستے ہیں اور جسے توپ کے مسالے والے (یا دھماکہ کرنے کے لئے بنائے ہوئے) سوراخ میں ڈال کر یہ دیکھتے ہیں کہ آیا وہ صاف ہے یا اس میں کچھ پھنسا رہ گیا ہے۔

Primipara : (n) [L.f. 'primus +parus'.from 'parere'.] عورت یا مادہ جس نے پہلی دفعہ بچہ جنا ہو : پہلونٹ : پہلونت : پہلن ۔

Primiparous : (a) پہلونٹ : پہلونٹ والی : جس نے پہلی دفعہ بچہ جنا ہو : پہلونٹی : پہلونتی : اول زا۔

Primipilar : (a) [L. 'Primipilaris'.] Centurian (رومائے قدیم) جو ہو یا اس سے متعلق ہو ۔

Primitive : (a) [L.'Primitivus'.] (۱) اولی : ابتدائی : قدیم ۔(۲) قدیم وضع کا : سادا : بھونڈا : غیر مہذب : وحشی : ان گھڑ : بدوی ۔ (۳) اصلی : پہلا : بنیادی : اساسی : مصدری : ماخذی (بخلاف اشتقاقی ، استخراجی) ۔ (۴) (صرف و نحو) غیر مشتق : جامد ۔ (۵) (ریاضیات) ابتدائی: اصلی (خط ، شکل وغیرہ جس سے دوسرا خط یا شکل کھینچی یا بنائی جائے) ۔ (۶) (رنگ) اساسی :بنیادی: اصلی : (سرخ ، سبز اور بنفشی یا سرخ زرد اور نیلا)۔ (۷)(ارضیات) اولیٰ عصری : عصر اول کا : دور اولین کا ۔ (۸) (حیاتیات) نشو و نما کے اولین دور کا : نشو و نما کے نہایت ابتدائی دور میں ظاہر ہونے والا: اولیں بروزی : جو تشکیل یا تخلیق کے اولین مرحلے میں ہو ۔(۹) (سماجیات) غیر متمدن ۔

Primitive : (n) (۱) قبل تاریخی دور کا انسان : بدوی دور کا آدمی: بدو ۔ (۲)(فن تنقید میں) نشاۃ ثانیہ سے قبل کے دور کا مصور : قدیم مصور ۔ (۳) اس مصور کی بنائی ہوئی تصویر۔ (۴) غیر مشتق لفظ : مصدر : اصل لفظ : بنیادی لفظ : ماخذ : مادّہ (جس سے دوسرے الفاظ بنے ہوں)۔ (۵) (ریاضیات) ابتدائی یا اصلی خط ، شکل وغیرہ : کوئی ہندسی یا الجبرائی شکل جس سے دوسری شکلیں نکلتی یا بنتی ہوں۔

Primitive Church : (n) کلیسائے قدیم : ابتدائی مسیحی مذہب ۔

Primitive circle /-plane : (n) وہ سطح یا دائرہ جس پر ابھار بنایا جائے : بنیادی سطح : بنیادی دائرہ ۔

Primitive credulity : (n) ابتدائی خوش اعتقادی ۔

Primitive groove : (n) (۱)وہ ہلکی لکیر یا نشان جو کسی بارور بیضے میں جنین کی اولین نشاندہی کرتا ہے ۔(۲) وہ ریگھاری یا گہری لکیر جو (فقری جانداروں میں) مندرجہ بالا نشان یا لکیر کی اوپری سطح پر ظاہر ہوتی ہے اور ریڑھ کے آغاز کی نشان دہی کرتا ہے ۔

Primitive Methodism : (n) Primitive Methodist connection کے اصول یا اس انجمن کی رکنیت یا حمایت ۔

Primitive Methodist : (n) مذکورہ بالا انجمن کارکن یا حامی ۔

Primitive Methodist Connection: (n) انجمن اصولیان قدیم: اصولوں یا غیر مقلدوں (میتھوڈسٹ) کی ایک انجمن جس کو High Bourne نے ۱۸۱۰ء میں غیر مقلدوں سے الگ ہو کر قائم کیا تھا (اس کا تعلق تبلیغ وغیرہ کے ان ابتدائی یا قدیمی طریقوں سے رہا جن پر Wesleys اور Whitefield نے کام کیا تھا)۔

Primitive plane : (n) بنیادی سطح : وہ سطح جس پر کوئی ابھار بنایا جائے ۔

Primitive streak/ -trace : (n) وہ ہلکی لکیر یا نشان جوکسی بارور بیضے میں جنین کی اولین نشاندہی کرتا ہے ۔

Primitively : (adv.) اولاً : ابتداءً : اصلاً : دور وحشت میں: غیر مہذب قوم کی طرح : غیر مہذب دور میں : بھونڈے طریقے سے : بدوی انداز میں : بدوی دور میں :بدوؤں کی طرح ۔

Primitiveness : (n) بدویت : اصالت : تقدم : قدامت : توحش ۔

Primitivity : (n) دیکھو Primitiveness

Primly : (adv.) [Fr. 'Prim'.] رسمی انداز میں : تکلف شعارانہ : مقطع اور باقاعدہ طور پر (جو ناگوار خاطر ہو)۔

Primness : (n) [f. as prec.] (شخصی ،گفتگو ، اطوار وغیرہ کا) رسمی انداز: نا مناسب طور پر مقطع اور باقاعدہ ہونا : ضرورت سے زیادہ تکلف یا باضابطگی ۔

Primo : (adv.) [f.L. 'primus '.] اولاً ۔

Primo : (n) [It.] دو آوا زی یا دو سازی راگ یا گیت کا پہلا حصہ : دوصوتی یا سہ صوتی نغمے کا پہلا حصہ یا پہلی

صوت : رہنما صوت : ابتدائی صوت ۔

Primogenial : (a) [modif. of L. 'Primogenius'.] (حیوانیات) بکری : پہلوٹھا : اولین : ابتدائی : پہلونٹی اولاد کا یا اس سے متعلق ۔

Primogenital/-tary : (a) [late L.'primogenitalis'.] پہلونٹ کا یا اس سے متعلق : پہلونٹی : مولود اول کا یا اس سے متعلق : پہلونٹی اولاد کا یااس سے متعلق : حق جیٹھائی کا یا اس پر مبنی ۔

Primogenitive : (a) وراثت اکبر : جاگیرداری نظام کا قانون وراثت) خلف اکبر کا حق وراثت : (خصوصاً جاگیرداری نظام کا قانون وراثت جس کی رو سے بڑا بیٹا مورث کی جائداد کا تنہا مالک ہوتا ہے اور دوسرے محروم رہتے ہیں۔

Primogenitor : (n) [Var.of Progenitor by Substitution of 'prime'] (۱) جد اعلیٰ : جد امجد : مورث اعلیٰ (حیوانیات وغیرہ) ۔(۲) (غیر فصیح): جد : بزرگ : آبا و اجداد میں سے کوئی : پُرکھا ۔

Primogeniture : (n) [med. L . ' primogenitura'.] (۱) جیٹھائی : کلا نیت : ارشدیت : اول مولودیت : ایک ہی والدین کی اولاد میں سب سے بڑا ہو نا : خلف اکبر ہو نا ۔ (۲) مولود اول یا بڑے بیٹے کا حق وراثت : وراثت اکبر : خلف اکبر کا حق وراثت: وہ اصول ، رواج یا قانون وراثت جس کی رو سے جائداد یا اس کا حق ملکیت بڑے بیٹے کو ملتا ہے :(خصوصاً) جاگیرداری نظام کا قانون وراثت جس کی رو سے بڑا بیٹا مورث کی جائیداد کا تنہا مالک بنتا ہے : حق جیٹھائی ۔

Right of primogeniture : خلف اکبر کا حق (وراثت): ورا ثیت اکبر۔ (۲) دیکھو Prioge-niture ۔

Primogenitureship : (n) (شاذ) وراثت اکبر : خلف اکبر کا حق وراثت : حق جیٹھائی ۔

Primordial : (a) [late L.'pimordialis'.] (۱)جو ابتدا میں یا ابتدا سے موجود ہو ۔ (۲) آغازی : ابتدائی : اولین : اولیٰ : قدیم ترین : اولیہ : مقدم ۔ (۳) بنیادی : اساسی : اصلی: خلقی۔ (۴) (حیوانیات ، نباتیات) جو تشکیل یا تخلیق کے اولین مرحلے میں ہو : نشو و نما کے اولین دور کا : اولین بروزی ۔ (۵) (ارضیات و معدنیات) یوپیما (مرکزی یورپ کی ایک سلطنت) میں زمینی پرتوں کے اس سلسلے پر اطلاق ہوتا ہے جس میں قدیم ترین متحجرباقیات پائے گئے ہیں : نیز ان پرتوں میں پائی گئی متحجر اشیاء پر بھی اطلاق ہوتا ہے : کیمبری نظام کی عہداول کی تمام چٹانی پرتوں پر اطلاق ہوتا ہے : اولین عصری ۔(٦)(سماجیات) بدوی: قدیم ترین ۔

Primordial : (n) کوئی بھی چیز جو ابتدائی ، بنیادی ، اصلی، خلقی یا اولین ہو: اصل اول :ابتداء آغاز: اصل: اصل الاصول: اصول اولیٰ : عنصر اول (شاذ) ۔

Primordial atoms : (n) (کیمیا) اولین جواہر ۔

Primordial cell : (n) اولیٰ خلیہ: سادہ خلیہ جو محض نخرمایہ یا مادۂ اولیہ پر مشتمل ہو اور دیوار خلیہ نہ ہو ۔

Primordial matter : (n) (علم النجوم) ہیولیٰ ۔

Primordial proitoplasm : (n) (حیاتیات) اولین نخرمایہ ۔

Promordial utricle : (n) قدرے کثیف نخرمایہ (پروٹوپلازم) کی تہ جو خلال دار خلیے کی دیوار پر بطور استر چڑھی ہوتی ہے ۔

Primordialism : (n) خلقی: اصلی یا ابتدائی فطرت یا حالت :حالت اولیہ: فطرت اولیہ: ابتدائیت: اصلیت: بنیادیت: اساسیت : نباتیات : حیوانیات : اوّلی بروزیت ۔

Primordiality : (n) ابتدائیت :بنیادیت: اساسیت : اصلی یا خلقی ہونا۔

Primordially : (adv.) ابتداً : اصلاً : اوّلاً : آغاز میں : بنیادی حیثیت سے : اساسی طور پر: اصلی حالت میں۔

Promodium / Primordia : (n) [L.] ابتداء : آغاز : منزل اول : حالت اولیہ : منبع اول : اصل : بُن ۔ (۲)(حیاتیات) کسی عضو یا ساخت کا اولین مرحلہ : بنیاد : داغ بیل : برُوز : اول بروز ۔

Promovalency : (n) (کیمیا) اصلی گرفت ۔

Primrose : (n) [corresp. to OFr. 'Primerose'.] (۱) بسنتی پھول : ایک قسم کا پھول جوآغاز بہار میں کھلتا ہے :(نباتیات) زہرا لربیع : پامچال : بسنتی گلاب : اس کا پودا۔ (۲)(توصیفاً) بسنتی رنگ : سبز ی مائل ہلکا زرد رنگ : لیموں کا رنگ ۔

Evening primrose/Night- : بسنتی پھول کی ایک قسم : (نباتیات)گل فنجانی ۔

Peerless primrose : - Primrose-peerless (۱) دیکھو (۲) دو پھولی یا دو گلی نرگس۔

Primrose : (v) بسنتی پھول تلاش کرنا یا انہیں جمع کرنا۔

Primrose colour : (n) سبزی مائل ہلکا زردرنگ؛ لیموں کا رنگ ۔

Primrose dame/-knight : (n) Primrose-league کا رکن (مرد یا عورت)۔

Primrose day : (n) بنجامن ڈسرائیلی (متوفی ۱۹/ اپریل ۱۸۸۱ ء) کی برسی کا دن ؛ یوم پرم روز (یہ نام اس لئے رکھا گیا کہ بنجامن ڈسرائیلی کو یہ پھول بہت پسند تھا۔ اسی مناسبت سے اس کی برسی کے روز لوگوں نے یہ پھول پہنے تھے)۔

Primrose League : (n) یہ قدامت پسندوں کی ایک انجمن ہے جو اس مدبر کی یادگار میں ۱۸۸۳ میں قائم ہوئی ؛پرم روز لیگ ۔

Primrose path/-way : (n) وہ راستہ جس میں بسنتی پھول بچھے ہوں؛ (مجازاً)راہ عیش و طرب؛ تلاش و طلبِ عیش وعشرت ۔

Primrose peerless : (n) دو پھولی یا دوگلی نرگس ؛ (قدیم) نرگس (کی ایک قسم جس میں خود رو ڈیفوڈل بھی شامل ہے) ؛ (نباتیات) دوگلہ نرگس ۔

Primrosed : (a) بسنتی پھولوں سے بھرا ہوا ۔

Primrosy : (a) بسنتی ؛ بسنتی پھول جیسا یا اس سے متعلق ؛ بسنتی پھول کا ؛ بسنتی رنگ کا ۔

Primula : (n) [med. L. fem. of 'primulus'.] پری مولا ؛ ایک بارہ ماسی پودا جس میں زرد ، گلابی سفید اور ارغوانی پھول لگتے ہیں ؛ (نباتیات) جنسِ زہرالربیع۔

Primulaceae : (n) [mod. L. f. 'primula '.] (نباتیات) پامچالیہ ؛ وردیہ ۔

Primulaceous : (a) پامچالی ؛ جس کا تعلق پامچالیہ سے ہو (جس کی ایک قسم پری مولا ہے)۔

Primum mobile : (n) [med.L.f.L. 'primus+mo-bilis'.] (۱) فلک الافلاک ؛ فلک اعظم ؛ فلک اطلس (قدیم ہیئت میں نواں آسمان جو سب آسمانوں سے اوپر اور سب کو محیط ہے اور جس کی گردش سے دوسرے سب آسمان بھی گردش کرتے ہیں ۔ (۲)(مجازاً) مبنع حرکت یا عمل ؛ سر چشمۂ عمل یا حرکت ؛ محرک اصلی ؛(میکانیات) محرک کلاں ؛ محرک اول ؛ اصل محرک ؛ محرک اولیٰ ؛ مبداء حرکت ۔

Primus : (a) [L.] (۱)اول ؛ پہلا ؛کلاں؛ اصل؛ اعلیٰ؛ اولیٰ۔ (۲)(مدرسہ) ہم نام لڑکوں میں سب سے بڑا یا سب سے پرانا (مثلاً Smith primus): بزرگ تر ؛ سینیئر ۔

Primus : (n) (۱) (اسکاتستانی کلیسائے اسقفی میں) صدر (نشیں) اسقف (جسے بعض رسمی حقوق تو حاصل رہتے ہیں لیکن اسقف اعظم کے اختیارات نہیں)۔ (۲) پرائمس چولہا (اسٹوو) ؛ تیل سے جلنے والے چولہے کی ایک قسم کا تجارتی نام ۔

Primus inter pares : [L.] اماثل میں پہلا ؛ ترجمان اماثل و اقران ؛ نمائندہ اقران و امثال ۔

Primus motor : (n) دیکھو Prime mover

Primus stove : (n) تیل سے جلنے والے چولہے کی ایک قسم کا تجارتی نام ؛ پرائمس چولہا (اسٹوو) ۔

Prince : (n) [L. 'princeps , princip'.] (۱) بادشاہ ؛ شاہ ؛ سلطان ؛ خسرو ؛ حکمراں ۔ (۲) رئیس ؛ والی ؛ حاکم ؛ باجگذار حکمراں ؛ پرنس ۔ (۳) شاہی خاندان کا کوئی نرینہ رکن؛ (خصوصاً انگلستان میں) بادشاہ یا ملکہ کا کوئی لڑکا یا پوتا (جسے Prince of Royal blood بھی کہتے ہیں)؛ شہزادہ ؛ کنور ؛ ولیعہد ۔ (۴) امراء کو (خصوصاً) جن کا رتبہ ڈیوک سے کم ہوتا ہے اس لفظ سے مخاطب کیا جاتا ہے ؛ غیر ممالک کے امراء کو بھی اس سے مخاطب کیا جاتا ہے ؛ تواضعی خطاب جو ڈیوک ، مارکوئیس یا ارل کو دیا جاتا ہے ؛ امیر ۔ (۵) کارڈینل کا خطاب ۔ (۶) سر تاج ؛ سردار ؛ ملک (مثلاً ملک الشعراء Prince of poets) ۔ (۷) کوئی بڑی روحانی ہستی ؛ فرشتوں کے نو طبقات یا سلسلوں میں سے ایک۔

Hamlet without the prince of Denmark : بے روح چیز؛ بے جان ؛ بے لطف ، خالی خولی شے ؛ کوئی چیز جس کا اہم یا خاص حصہ الگ کر لیا گیا ہو (مثلاً اگر شیکسپیر کے ڈرامے ہیملٹ سے شہزادۂ ڈنمارک کا اہم اور بنیادی کردار حذف کر دیا جائے)۔

To live like a prince : حکمرانی کرنا؛ شاہانہ زندگی گذارنا ۔

Prince : (v) (it کے ساتھ) شاہزادے کی نقل کرنا ؛ پرنس بننا یا بنے پھرنا۔

Prince Albert (coat) : (n) (امریکی روز مرّہ) پرنس البرٹ کوٹ ؛ فراک کوٹ ؛ مردوں کا لمبا کوٹ جو سامنے سے بند ہو ؛ پرنس کوٹ ۔

Prince Albert yew : (n) ایک قسم کا چھوٹا سدا بہار درخت ۔

Prince bishop : (n) شہزادہ اسقف : وہ اسقف جو شاہی خاندان کا رکن بھی ہو۔

Prince Consort : (n) شوہر ملکہ : حکمراں عورت کا شوہر جو خود بھی سلطان یا شاہزادہ ہو ؛ عقدالتاج ۔

Prince-dom : (n) شہزادہ یا کسی والیٔ ریاست کا رتبہ :درجہ یا حلقۂ اقتدار ۔

Prince-elector :(n) ان شہزادگان میں سے کوئی ایک جنہوں نے ہولی رومن (جرمن) شہنشاہ کو منتخب کیا تھا۔

Prince of darkness/-evil/-the air /-this world : (n) شاہ ظلمت ؛ فرشتۂ شر ؛ شیطان ؛ ابلیس ۔

Prince of Denmark : (n) شیکسپیئر کے ڈرامے ہیملٹ کا ہیرو ہیملٹ ۔

Prince of piece : (n) شاہ امن : امن کا پیغمبر ؛ حضرت عیسیٰ ؛ حضرت مسیح ۔

Prince of the blood (royal) : (n) شاہی خاندان کا نرینہ رکن : (خصوصاً) (برطانیہ عظمیٰ میں) شاہ یا ملکہ کا بیٹا یا پوتا ؛ شہزادہ ؛ کنور ؛ ولی عہد۔

Prince of the (Holy Roman) Church : (n) کارڈینال کا خطاب ۔

Prince of Wales : (n) شہزادۂ ویلس؛ تخت برطانیہ کا وارث ؛ولی عہد شاہ انگلستان ۔

Prince of Wales's feathers : (n) تمغہ شہزادہ ویلز: ولی عہد انگلستان کا امتیازی نشان (جس میں شتر مرغ کے تین پر بھی ہوتے ہیں)۔

Prince Regent : (n) رکن خاندان شاہی جو نا ئب سلطنت بھی ہو: کسی ملک کا ولی عہد جو سن بلوغ کو پہنچنے سے قبل ہی یا بادشاہ وقت کی غیر موجودگی یا معذوری میں اس کی قائم مقامی کرے ؛ ولی بادشاہ ؛ (خصوصاً) جارج پرنس آف ویلز کا خطاب (بعدۂ جارج چہارم کا جو جارج سوم کی دماغی کمزوری یا معذوری کے دوران تخت نشیں رہا)۔

Prince royal : (n) [Fr. 'prince royal '.] بادشاہ زماں کا سب سے بڑا لڑکا ؛ (خصوصاً) بادشاہ پروشیا کا بڑا لڑکا ۔

Prince Rupert's drops : (n) شیشے کی ناشپاتی نما چھوٹی گولیاں جو گداختہ شیشے کو پانی میں ڈال کر بنائی جاتی ہیں اور جن کے باریک سروں کو الگ کرنے سے وہ پھٹ کر چور ہو جاتی ہیں (چارلس اول کا بھتیجا پرنس روبرٹ ان کا موجد تھا)۔

Prince Rupert's metal : (n) تانبے اور جست کا مرکب (جس میں تانبہ تقریباً تین حصہ اور جستہ ایک حصہ رہتا ہے اور جس کا رنگ سونے کے جیسا ہوتا ہے)؛ (فلزیات) مسبار ۔

Prince-wood/Prince's wood : (n) (۱) ہلکے ریشے والی گہرے رنگ کی لکڑی یا شہتیر جو مغربی ہندوستان کے درختوں Cordia gerascanthoides اور Hamlia ventricosa سے حاصل ہوتا ہے ؛ اسے Spanish elm بھی کہتے ہیں ۔ (۲) گرم خطوں میں ہونے والی ایک امریکی جھاڑی جس کی چھال تلخ دواؤں میں کام آتی ہے ۔

Princekin : (n) (مزاحاً) ننھا شہزادہ ؛ چھوٹا یا نوخیز شہزادہ ؛ Prince کا اسم مصغر ؛ کم اہمیت والا یا گمنام شہزادہ ۔

Princelet : (n) Prince کا اسم مصغر ؛ چھوٹا شہزادہ ؛کم اہمیت والا یا گمنام شہزادہ ؛ چھوٹی ریاست کا مالک ۔

Princelike : (a) شاہانہ ؛ رئیسانہ ؛ شاہانہ صفت ؛ شہزادہ کا سا ؛ شہزادہ مآب ؛ فیاض ؛ بلند مرتبہ ۔

Princeliness : (n) ولایت؛ ریاست ؛ شہزادگی ؛ نفاست؛شان وشوکت ؛ شکوہ ؛ عظمت ؛ بلندی ؛ فیاضی ؛ شہزادہ مآبی ؛ شاہانہ ٹھاٹھ ۔

Princeling : (n) دیکھو Princelet

Princely : (a) (۱) شہزادے ، والی وغیرہ کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) شہزادے وغیرہ کا شایانِ شان صفات اور طرز عمل ظاہر کرنے یا رکھنے والا۔ (۳)شاہانہ ؛ رئیسانہ ؛ نفیس ؛ اعلیٰ ؛ شاندار ؛ والا مقام ؛ باشکوہ ؛ عالی ؛ بلند رتبہ ؛ پر شوکت ؛ مکلف ؛ پر تکلف ؛ عظیم الشان ؛ رفیع الشان ؛ عظیم المرتبہ ؛ عالی رتبہ ؛ فیاضانہ ۔

Princely : (adv.) (شاذ) شاہانہ انداز میں ؛شہزادوں جیسے انداز میں ۔

Princeps : (a) [L.] اول ؛ پہلا ؛ ابتدائی ؛ اولین ؛ (خصوصاً کسی کتاب کا پہلا اڈیشن)۔

Editio princeps : (L.phr) پہلا ایڈیشن ؛ اولین اڈیشن: طبع اول ۔

Facile princeps : (L.phr) به آسانی اول یا اعلیٰ۔

Princeps : (n) (۱) وہ خطاب جس کے تحت آگسٹس سیزر اور اس کے جانشینوں نے رومن امپائر میں اختیارات عالیہ کا استعمال کیا تھا : اب مورخین اس لفظ کو سر براہ مملکت کی دستوری پوزیشن ظاہر کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں : رئیس کشور : رئیس : رئیس قبیلہ ۔ (۲) (تو صیفاً برائے Edition princeps) اولین اڈیشن : طبع اول ۔

Princes feather : (n) ایک پودا جس میں پرنما خوشہ دار ننھے پھول لگتے ہیں ۔

Princes metal : (n) دیکھو Prince Rupert's metal

Princes pine : (n) (۱) صنوبر خاکی : صنوبر کی ایک قسم ۔ (۲) صنوبرالامیر : خضرۃ الشتاء ۔

Princeship : (n) شہزادگی : ولایت : والی یا حاکم ہونا ۔

Princess : (n) [Fr. 'princesse'.] (۱) (قدیم) ملکہ : رانی ۔ (۲) پرنس کی بیوی ۔ (۳) بادشاہ یا ملکہ کی بیٹی یا پوتی : شہزادی : وہ عورت جو خاندان شاہی کی ایک رکن ہو ۔ (۴) کوئی عورت یا عورت کی شکل میں مجسم شے جو رعب و دبدبہ ، حسن و نزاکت یا شان و شوکت میں شہزادی جیسی ہو : (سابقاً) حضرت مریم (کے لئے مستعمل تھا) ۔

Princess dowager : (n) شہزادے کی بیوی : بیوہ شہزادی ۔

Princess dress : (n) ایک قسم کا زنانہ لباس جس میں چولی اور دامن ایک ہی ٹکڑے کے ہوتے ہیں : اس کی دیگر شکلوں پر بھی اطلاق ہوتا ہے ۔

Princess of the blood : (n) شہزادی : بادشاہ یا ملکہ کی بیٹی یا پوتی ۔

Princess Regent : (n) (۱) شاہی خاندان کی عورت جو نائب سلطنت بھی ہو : شہزادی جو سن بلوغ کو پہنچنے سے قبل یا بادشاہ کی غیر موجودگی یا معذوری کی حالت میں اس کی قائم مقام ہو ۔ (۲) Prince Regent کی بیوی ۔

Princess royal : (n) (انگلستان کے) بادشاہ کی سب سے بڑی لڑکی ۔

Princess tree : (n) چینی (چین کا) درخت ۔

Princessship : (n) شہزادی ہونا ۔

Principal : (a) [L.'principalis'.] (۱) رتبے یا اہمیت میں سب سے اول ، بڑھ کر یا بر تر : خاص : اہم ترین : صدر : مقام : (اصل) زر : مول : (دھن) ۔ (۲) عالی رتبہ : ممتاز : بلند تربیت ۔ (۳) (قانون) مالک (جو کارندہ یا مختار کو اختیارات دے : اصل مجرم : ارتکاب جرم میں اصل (شخص) ۔ (۴) (جملہ ، فقرہ یا لفظ) جو کسی کے تابع نہ ہو : اصل : خاص : مستقبل ۔ (۵) (عمارت) کسی ڈھانچے کی ان بلیوں یا کھمبوں پر اطلاق ہوتا ہے جن پر اصل بوجھ پڑتا ہے ۔

Principal : (n) (۱) صدر : حکمراں : سردار : رئیس : منتظم : ناظم : منیجر : میر مدرسہ : شیخ مدرسہ : پرنسپل : صدر مدرسہ : صدر کلیہ ۔ (۲) (قانون) مالک (جو کارندے یا مختار کو اختیارات دے) : موکل : اصل مجرم : ارتکاب جرم میں اصل شخص : وہ شخص جو کسی جرم میں براہ راست ملوث ہو ۔ (۳) اصل قرض دار یا مدیون یا معاہد (بمقابلہ ضامن) ۔ (۴) یکیکی لڑنے والا (بمقابلہ معاون) : (اصل) یکیکی باز ۔ (۵) دھنی : شہتیر : لو ہے کا بڑا گائر ۔ (۶) زر اصل : مول دھن : (بمقابلہ سود ، آمدنی وغیرہ) سرمایہ : اصل پونجی : اصل زر ۔ (۷) (موسیقی) مزامیرا رغنوں ۔

Lady principal : صدر کلیۂ نسواں : کسی مدرسہ یا کلیہ کی صدر معلمہ : کلیہ اناث کی پرنسپل : لیڈی پرنسپل ۔

Principal axis : (n) (بصریات) صدر محور ۔

Principal boy : (n) چپ سوانگ کا اہم مردانہ کردار : چپ سوانگ کا ہیرو ۔

Principal cause : (n) (فلسفہ) علت اصلی : سبب اصلی : سبب اول : علت غائی ۔

Principal challenge : (n) کسی جیوری یا کسی مخصوص Juror کے خلاف کوئی ایسا چیلنج جس کے ثابت ہو جانے پر وہ جیوری یا Juror قانوناً ناقابل ٹھہرے ۔

Principal clause : (n) فقرۂ اصلی : فقرۂ مستقل : خاص ، اصل یا مستقل فقرہ : وہ فقرہ جو کسی دوسرے فقرے کے تابع نہ ہو ۔

Principal disease : (n) اصل مرض ۔

Principal fellings : (n) (نباتیات) مقدم کٹائی ۔

Principal focus : (n) (بصریات) صدر ماسکہ ۔

Principal girl : (n) چپ سوانگ کا اہم ترین زنانہ کردار : چپ سوانگ کی ہیروئن ۔

Principal in the first degree : (n) اصل مجرم : مجرم جس نے در اصل جرم کیا ہو ۔

Principal in the second degree : (n) معاون مجرم ؛ شریك جرم ؛ شریك جرم بوقت وقوع جرم .

Principal officials : (n) اعلیٰ عہدے دار .

Principal parts(of a verb) : (n) (فعل کے) اجزائے خاص ؛ مادہ .

Principal plane : (n) صدر سطح .

Principal point : (n) صدر نقطہ (جہاں صدر لکیر خاکے کی سطح سے ملتی ہو).

Principal rafter : (n) شہ لکڑی ؛ شہتیر ؛ دھنی .

Principal ray : (n) (بصریات) صدر شعاع ؛ صدر لکیر ؛ صدر خط مستقیم (جو نقطۂ نگاہ سے سیدھا سطح خاکہ تك جاتا ہے).

Principal section : (n) صدر تراش .

Principal sentence : (n) جملۂ اصلی ؛ جملۂ مستقل ؛ خاص، اصل یا مستقل جملہ (جو دوسرے جملے کا تابع نہ ہو) .

Principality : (n) [OFr. 'principalite'.] (۱)فرمانروائی ؛ حکمرانی؛ حکومت . (۲) قلمرو ؛ ملك ؛ ریاست ؛ کسی چھوٹے ریاست کے شہزادے یا والی کی حکومت ، ریاست یا سلطنت ؛ پرنس کے زیر حکومت علاقہ یا ریاست . (۳) کوئی بڑی روحانی ہستی (خیر یاشر کی) ؛(خصوصاً جمع میں) فرشتوں کا ایك طبقہ .

The principality : ویلز.

Principally : (adv.) خصوصاً ؛ خاص کر ؛ بیشتر .

Principalship : (n) صدارت (کلیہ) ؛ صدر مدرسی ؛ پرنسپلی ؛ پرنسپل شپ .

Principate :(n) [L. 'principatus'.] (۱)(تاریخ روما)شاہی؛ شہنشاہی (ابتدائی رومی بادشاہوں کی حکومت جس میں ایك حد تك جمہوریہ کے بعض پہلو بھی پائے جاتے تھے)؛ Princeps کی حکومت یا عہد حکومت . (۲) پرنس کے زیر حکومت علاقہ یا ریاست ؛ مملکت ؛ قلمرو .

Principia : (n) (۱)اصل؛ سرچشمہ؛ اصل اساسی؛ اصول اولی؛ اصول اساسی ؛ بنیاد ؛ عنصر اصلی . (۲)(جمع) نیوٹن کے طبیعیاتی اصول کا مخفف ؛ اصل اصول . (۳)(جمع) (عتیقیات روما) (کیمپ میں) جنرل کا کوارٹر .

Principium /Principia : (n) [L. f. 'princeps'.] Principium کی لاطینی جمع .

Principle : (n) [L.principium'.] (۱) اصل ؛ شر چشمہ ؛ بنیادی عنصر ؛ بنیاد ؛ جڑ . (۲) اصول ؛ بنیادی یا اولین اصول ؛ قانون ؛ ضابطہ . (۳) (طبیعیات) اصول ؛ قانون (عام اصول یا قانون ، بانی، موجد یا انکشاف کنندہ کے نام پر)؛ کلیہ. (۴) اصول عمل ؛ اصول .(۵) اصول (اخلاقی) ؛ ریت ؛ دھرم ؛ طور طریقہ ؛ ایمان ؛ عقیدہ ؛ اصول مذہب (جو اعمال و کردار کی رہنمائی کرے خصوصاًنیك اعمال کی). (٦) قدرتی قانون ؛ فطری اصول ؛ اصول فطرت ؛ قانون قدرت . (۷) (کیمیا) بنیادی عنصر ؛ اساسی جز ؛ جز اساسی ؛ تت .
(۸) اصلی یا فطری میلان ؛ فطری صلاحیت ؛ طبیعت ؛ فطرت؛ نظام فطرت ؛ آئین فطرت .

First principles : اصول اولیہ .

On principle : اصولاً؛ اخلاقی اصول کی بناء پر.

Principle of continuity : (n) (ریاضیات) اصول تسلسل .

Principle of contradiction : (n) (منطق) اصول تناقض .

Principle of duality : (n) اصول ثنائیت ؛ اصول دوئیت ؛ اصول دوئی.

Principle of economy : (n) (معاشیات) اصول اقتصاد .

Principle of substitution : (n) (معاشیات) اصول بدل .

Principle of work : (n) (میکانیات) کام کا اصول ؛ اصول کار؛ اصول عمل .

Principled :(a) (۱)با اصول ؛ صاحب اصول ؛ خاص اصول رکھنے والا . (۲) اچھے یا درست اصولوں کا حامل . (۳)کسی اصول پر مبنی ؛ اصول کے طور پر ذہن میں موجود .

Princock/Princox : (n) [of Unkn. orign.] (۱) (بول چال) شوخ ، گستاخ یا بے ادب لڑکا یا نوجوان (مزاحاً یا تحقیراً). (۲) توصیفاً یا بطور صفت (جیسے Princock boy میں) .

Prink : (v) [Related to Prank (v)] (۱)بنانا ؛ سنوارنا ؛ طرح دار یا یا خوش لباس بنانا (اچھے کپڑے وغیرہ پہناکر) ؛ پر تکلف لباس پہننا یا پہنانا ؛ بننا سنورنا ؛ اپنے آپ کو سجانا ؛ ٹیپ ٹاپ کا لباس پہننا ؛ زرق برق لباس پہننا ؛ خود آرائی کرنا . (۲)(پرندے کا اپنے پروں کو) سنوارنا ؛ کریز کرنا؛ کریالی کرنا ؛ چونچ سے پروں

کو درست کرنا۔

Print : (n) [ME. 'prient (e.prient(e.'] (۱) نقش ؛ نشان ؛ چھاپ۔ (۲) چھینٹ ؛ چھپا ہوا سوتی کپڑا۔ (۳) کتابی یا تحریری زبان۔ (۴) چھاپا ہوا ؛ چھاپے کے حروف؛ حروف طبع۔ (۵) معرض طبع۔ (۶) (خصوصاً امریکا) مطبوعہ چیز ؛ خصوصاً اخبار ؛ مطبوعات۔ (۷) تصویر ، نقشہ وغیرہ جو بلاک یا پلیٹ سے تیار کیا جائے ؛ فوٹو پرنٹ۔ (۸) تصویر جو منفی (عکسی) پلیٹ سے تیار کی جائے ؛ فوٹو ؛ پرنٹ۔ (۹) تمثال۔ (۱۰) چھاپہ ؛ مہر ؛ سانچہ ؛ ٹھپا۔ (۱۱) کسی شکل میں ڈھالی ہوئی مکھن کی ٹکیہ۔ (۱۲) سنجیدہ اور کامل انداز یا اطوار ؛ درستگی؛ صحت ؛ کامل احتیاط۔ (۱۳) بال یا داڑھی کی آراستگی ؛خوش وضعی ؛خوش نمائی؛ درستگی۔

In print : (۱) مطبوعہ ؛چھپی ہو ئی صورت میں (کتاب یا ایڈیشن) ؛ نیوز دستیاب ہے؛ اب تک قابل حصول ہے ؛ ابھی تمام کاپیاں نہیں بکی ہیں(چھاپ باہر نہیں ہے)۔ (۲)(بول چال) سنجیدہ اور مکمل انداز یا اطوار میں؛ درستگی کے ساتھ ؛ ٹھیک ٹھیک؛ صحت کے ساتھ ؛ بہ احتیاط۔

Out of print : (۱) چھاپ باہر ؛ جس کا کوئی نسخہ بغرض فروخت موجو د نہ ہو ؛ (ایڈیشن یا کتاب) جو سب کی سب بک چکی ہوں۔ (۲) (بول چال) (بال یا داڑھی) نادرست ؛ غیر آراستہ ؛ الجھا ہوا ؛ الجھی ہوئی۔

To rush into print : بغیر کافی یا معقول سبب کے اخبار نویسی کرنا یا کتاب شائع کرنا۔

Print : (v) [ME. 'prente, printe'.] (۱)نقش ثبت کرنا ؛ نشان لگانا ؛ ٹھپا لگانا ؛ مہر لگانا۔ (۲) (مجازاً) دل پر نقش کرنا ؛ خاطر نشیں کرنا۔ (۳) چھاپنا ؛ طبع کرنا۔ (۴) چھپوانا؛ طبع کرانا۔ (۵) طبع کر کے شائع کرنا۔ (۶) چھاپے کے حروف میں لکھنا۔ (۷) کپڑے چھاپنا۔ (۸) کاغذ کے نقوش کو مٹی کے پرتنوں پر منتقل کر کے رنگنا۔ (۹) (عکاسی) (نیز out'off کے ساتھ) منفی پلیٹ سے روشنی گذار کر تصویر بنانا ؛ تصویر چھاپنا ؛ (مثبت) تصویر بنانا۔ (۱۰) (حروف کو) مطبوعہ حروف کی شکل دینا۔ (۱۱) حقیقی نقش ابھارنا ؛ فطری تصویرچھاپنا ؛ (پتی وغیرہ کو) تیار شدہ پلیٹ پر دبا کر منقش کرنا اور تب اس پلیٹ سے چھاپنا۔

Print hand : (n) تحریر جو طباعت کے مثل ہو ؛ نمونہ خوش نویسی یا خوش خطی جو دیکھنے میں مطبوعہ لگے۔

Print-holder : (n) تصویر کی فریم؛ چھوٹی فریم جس میں فوٹو گراف یا کنندہ تصویر لگا کر رکھتے ہیں۔

Print letters : (n) دیکھو Print hand

Print-out : (n) کمپیوٹر یا دیگر خودکارآلات کے ذریعہ چھپی ہوئی چیز(کاغذ کے تختے یا دھجی پر) : اس طرح کی چھپائی یا چھپ کر نکلی ہوئی چیز۔

Print-room : (n) عجائب گھر یا دیگر ایسی عمارت کا وہ کمرہ جس میں چھاپ ، مہریں ،تصویر، نشانات وغیرہ رکھے ہوتے ہیں۔

Print-washer : (n) فوٹوگرافك کی تصویروں کو دھونے کا آلہ۔

Print-work : (n) وال پیپر، چھینٹ یا دوسری مصنوعات تیار کرنے کا کارخانہ؛ کارخانہ جہاں سوتی کپڑے چھاپے جاتے ہیں۔

Printable : (a) (۱) طبع پذیر ؛ قابل طبع ؛ قابل چھاپ۔(۲) لائق طباعت ؛ چھپائی کے لئے موزوں؛ چاپ کردنی۔

Printed : (a) چھاپا ہوا ؛ چاپ شدہ ؛ مطبوعہ۔

Printed circuit : (n) ایك قسم کی برقی سرکٹ جس میں تاروں کی بجائے ایك چپٹی تختی پر باریك موصل پتریاں ہوتی ہیں۔

Printed matter : (n) میکانکی طریقے سے (مثلاً کانٹے یا لیتھوپر) چھپی ہوئی چیز جو محکمہ ڈاك سے ضابطوں کے مطابق ایك مخصوص شرح محصول پر ڈاك سے بھیجی جاتی ہے (اس میں نقلیں تیار کر نے کے مختلف طریقوں (مثلاً کاربن یا نقلیں تیار کرنے والی مشین) سے تیار شدہ چیزوں کو خصوصی طور پر اس زمرے سے خالی رکھا جاتا ہے)۔

Printer : (n) (۱)پرنٹر؛ چھاپنے والا؛ طابع ؛ کتابیں چھاپنے والا؛ ٹھپا یا مہر لگانے والا۔ (۲) مالك طبع ؛ مطبع میں کام کرنے والا مزدور ؛ چاپ زن ؛ مطبع چی ؛ چاپ کنندہ۔ (۳) آلہ طباعت ؛ وہ چیز جس سے چھپائی کی جائے ؛ ٹھپا ؛ چھاپا ؛ مہر ؛ چھپائی مشین ؛ چھاپنے کا آلہ۔ (۴) (تجارت) چھپائی کے لئے تیار کیا ہوا سوتی کپڑا۔ (۵) توصیفی معنوں میں۔

Printed bible : (n) وہ انجیل جس میں Princes کی بجائے Printers درج ہو گیا ہے (بحوالہ مرفور باب ۱۱۹ آیت ۱۶۱)۔

Printer's devil : (n) مطبع کا ہرکارہ ؛ مطبع کا نو آموز کارندہ (جس کا لباس یا جسم روشنائی کے دھبو ں سے اکثر سیاہ رہا کرتا ہے)۔

(۱) طباعت کی روشنائی (خصوصاً) نیم جامد اور جلد خشک ہو جانے والی سیاہ روشنائی۔ (۲) مطبوعات : مطبوعہ چیزیں۔ Printer's ink : (n)

نشان طابع : مارکہ : نشان یا مونوگرام جو طابع بطور تجارت استعمال کرے۔ Printer's mark : (n)

ملے جلے ٹائپ کا ڈھیر۔ Printer's pie : (n)

پروف ریڈر : پروف لکھنے والا : کتابت یا طباعت کی غلطیوں کی تصحیح کرنے والا۔ Printer's reader : (n)

مطبع کے کاغذ کا ریم جو ۵۱۶ تختوں کا ہوتا ہے۔ Printer's ream : (n)

محکمہ ڈاک کی یا دیگر سرکاری ٹکٹیں جو تجرباتاً چھاپی جاتی اور ناقص ہوتی ہیں نیز جن کے متعلق یہ سمجھا جاتا ہے کہ انہیں طابع نے برباد کیا ہے۔ Printer's waste : (n)

(۱) (خصوصاً امریکا) مطبع : چاپخانہ : چھاپہ خانہ : دفتر طباعت۔ (۲) سوتی کپڑے چھاپنے کا کارخانہ : چھینٹ مل : چھینٹ بنانے کا کارخانہ۔ Printery : (n)

چاپ : طبع : چھپائی : طباعت : چھاپ : چھاپہ۔ Printing : (n)

سوتی کپڑا جو خاص طور پر چھاپنے کے لئے بنایا گیا ہو۔ Printing-cloth : (n)

(تصویر) وہ فریم جس میں حساس تصویری کاغذ کو منفی پلیٹ کے نیچے رکھ کر روشنی میں رکھتے ہیں۔ Printing-frame : (n)

مطبع : چھاپہ خانہ۔ Printing-house : (n)

رنگین طباعت۔ Printing in colours : (n)

چھاپے کی سیاہی : طباعت کی روشنائی : دیکھو Printer's ink - Printing-ink : (n)

چھاپ مشین : چھپائی مشین : چاپ مشین (خصوصاً وہ جس میں میکانکی قوت کا استعمال ہوتا ہو)۔ Printing-machine : (n)

مطبع : چھاپہ خانہ : چاپخانہ : چھپائی گھر : دفتر طباعت۔ Printing-office : (n)

طباعت کا کاغذ : چھپائی کا غذ۔ Printing-out paper : (n)

(۱) طباعت کا کاغذ : چھپائی کا کاغذ : وہ کاغذ جو طباعت کے کام آتا ہے یا جس پر طباعت ہوتی ہے۔ (۲) (تصویر) حساس کاغذ جس پر منفی پلیٹ سے مثبت تصویریں بنائی جاتی ہیں۔ Printing-paper : (n)

پرنٹنگ پلیٹ : طباعت پلیٹ : دھات کا ایک ہموار ٹکڑا جس پر کاغذ سے طباعت کی جاتی ہے۔ Printing-plate : (n)

(۱) مطبع : چھاپہ خانہ : پریس۔ (۲) چھاپنے کی مشین : چھاپ مشین : چھپائی مشین۔ Printing-press : (n)

دیکھو Printing plate Printing-surface : (n)

بے نقش : غیر نقش پذیر : جو چھاپنے کے قابل نہ ہو : جس سے کوئی نقش نہ ابھر سکے۔ Printless : (n)

طباعت کے نقش بنانے والا : طباعتی عکس اتارنے والا : بے چھاپ : جو اپنی چھاپ نہ چھوڑے۔ (۲) کورا : سادہ : چکنا : بے نقش : جس پر کوئی چھاپ نہ پڑی ہو یا جس پر کوئی نقش باقی نہ ہو۔ Printmaker : (n)

طباعت پیما۔ Printometer : (n)

الگ الگ حروف کی طباعت کی مشابہ خوشنما کتاب۔ Printscript : (n)

معکوسات، مطبوعات یا کنندہ تصویریں یا نقوش بیچنے والا۔ Printseller : (n)

Print-seller کی دکان۔ Printshop : (n)

(۱) پرائر : Abbot سے دوسرے درجے کا کلیسائی عہدہ دار : نائب صدر راہب۔ (۲) عہدہ دار خانقاہ۔ (۳) (تاریخ) بعض اطالوی جمہوری ریاستوں کا چیف مجسٹریٹ : حاکم عدالت اعلیٰ۔ (۴) تاجروں یا دستکاروں کی انجمن کے منتخبہ سربراہ کا خطاب۔ Priot : (n) [OE. 'Prior'.]

مالٹا یا دارالسلام کے نائٹس آف سینٹ جان کی خانقاہ یا دارالراہبات کا کمانڈر۔ Grand Prior :

(۱) سابق : پہلا۔ (۲) (کسی زمانے، سلسلے یا اہمیت میں) مقدم : افضل : تقدیمی۔ Prior : (a) [L. 'Prior '.]

(منطق) استخراجی : قیاسی۔ A prior :

(منطق) برہان قیاسی۔ A prior reasoning :

(to کے ساتھ) سابقاً : پہلے : قبل : پیشتر۔ Prior : (adv.)

(قانون) تقدیمی حق۔ Prior claim : (n)

Prioral : (a) نائب صدر راہب یا اس سے متعلق ۔

Priorate : (n) [Late L. 'prioratus'.] (۱) نائب صدر راہب کا عہدہ ؛ مدت ملازمت یا مدت کار گذاری ۔ (۲) نائب صدر راہب کے زیر نگرانی خانقاہ یا دارالراہبات ؛ (نیز) اس میں رہنے والوں کی برادری ۔

Prioress : (n) [med. L.'priorissa'.] نائب صدر راہب کے عہدے پر فائز راہبہ ۔

Priority : (n) [med. L. 'prioritas'.] تقدم ؛ افضلیت ؛ فوقیت ؛ (کسی زمانے ،سلسلے ،اہمیت میں) مقدم ہونا ۔ (۲) (قانون) تقدم (حق یا دعوی) ؛ تقدیم (حق یا دعوی) ؛ ترجیح (ادائی) ؛ قابل ترجیح (سود)۔

Priority bond : (n) دیکھو Preference bond

Priority committee : (n) (معاشیات وغیرہ) تقدیمی کمیٹی ۔

Priory : (n) [med. L. 'prioria'.] خانقاہ یا دارالراہبات جو پرائر یا پرائرس کے زیر نگرانی ہو ؛ (دینیات) دیر ؛ خانقاہ ؛ مندر ؛ (نیز) کسی پادری یا راہب کا مکان ۔

Allien priory : غیر ملکی خانقاہ یا دارالراہبات (جس کا انحصار کسی غیر ملک کی خانقاہ پر ہو)۔

Prisage : (n) [AFr. 'prisage', f. 'prise'.] (تاریخ) ایک قدیم محصول جو در آمدی شراب پر لگا یا جاتا تھا ۔

Priscian : (n) [L. 'priscianus'.] مشہور رومی قواعد داں (گرامیرین کا نا م) ؛ مشہور عالم صرف و نحو(تقریباً ۵۰۰ تا ۵۳۰)۔

To break priscian's head : قواعد کے اصول کی خلاف ورزی کرنا ؛ صرف و نحو کے اصول کو توڑنا ؛ نحو کی ٹانگ توڑنا ۔

Priscillianist : (n) [Late and med L. 'priscillianista] چوتھی صدی عیسوی میں اسپین کے مقام اویلا(Avila) کے بشپ پریسلین (جس کے عقائد کو Gnostic یا Manichaean کہا جاتا ہے) کا شاگرد یا مرید ۔

Priscillianist : (a) پریسلین کے شاگردوں یا ان کے عقائد یا ان سے متعلق ۔

Prise : (n) [Fr. 'prise'.] (۱) تاریخ) چونگی ؛ کسی جاگیر دار یا زمیندار کا اپنے رعیتوں کی کوئی چیز اپنے استعمال کے لئے لے لینا یا ضبط کر لینا ؛ کوئی چیز جو اس طرح طلب کی جائے ؛اس طرح کی ضبطی یا طلبی کا حق ۔ (۲) (جمع) تکلیفات سلطانی ؛ بادشاہ کے (عائد کردہ) محصولات (جو رقم یا اجناس کی شکل میں ان چیزوں سے وصول کئے جاتے تھے جو باہر سے درون ملک یا درونِ ریاست لائی جاتی تھیں)۔

Prism : (n) [late L. 'prisma'.] (۱) مخروطی مستوی ؛ منشور پرزم ؛ شوشہ ۔ (۲) منشور مثلثی ۔ (۳) طیف منشوری ؛ طیف جو انعطاف منشور سے پیدا ہو ۔(۴) (جمع) الوانِ منشوری ؛رنگہائے شوشہ ۔(۵) بلور کی شکل جس کے تین یا زیادہ پہلو اس بلور کے عمودی محور کے متوازی ہوتے ہیں ۔

Nicol('s) prism : (بصریات) منشور نکول ۔

Prunes and prism : چبا چبا کر بات کرنے کا انداز ۔

Prism binocular : (a) (بصریات) منشوری دوچشمہ ۔

Prismal : (a) (۱) منشوری ؛ منشور کا یا اس سے متعلق ؛ منشور نما ؛ منشور جیسا ۔ (۲) (رنگ) منشوری ۔(۳) تیز ؛ شوخ ؛ درخشاں ۔

Prismatic : (a) [Fr. 'Prismalique'.] دیکھو Prismal

Prismatic binocular : (a) (بصریات) منشوری دو چشمہ ۔

Prismatic colours : (n) (روشنی) الوان منشوری (سات رنگ جن میں روشنی کی شعاع منشور کے ذریعہ منقسم ہو جاتی ہے)۔

Prismatic compass : (n) منشوری قطب نما؛سروے کا یا مساحتی کمپاس جو منشور کے ذریعہ پیش نگاہ چیز کی جائے وقوع (موقع) کے زاویے کو (اس چیز کی نگاہ میں آتے ہی) بتا دیتا ہے ۔

Prismatic degree : (n) (بصریات) درجہ منشور ؛ منشوری درجہ ۔

Prismatic powder : (n) بارود جس کے ذرے شش پہلو ہوتے ہیں ۔

Prismatic reflector : (n) (بصریات) منشوری عاکس ۔

Prismatic spectrum : (n) (بصریات) منشوری طیف ۔

Prismatic sulphur : (n) (کیمیا) منشوری گندھک ۔

Prismatical : (a) دیکھو Prismal

Prismatically : (adv.) بذریعہ منشور ؛ گویا کہ بذریعہ منشور ؛ الوان

منشوری کے ساتھ۔

Prismatize : (v) منشور بنانا؛ منشور میں بدلنا؛ منشور میں تبدیل کرنا۔

Prismatoid : (a) منشور نما۔

Prismatoid : (n) (ہندسہ) منشور نما (ٹھوس) شکل؛ منشور نما چیز (جس کے متوازی کثیرالاضلاعی سرے مثلث نما پہلوؤں سے ملے ہوتے ہیں)۔

Prismatoidal : (a) مانند منشور؛ منشور آسا؛ منشور نما؛ منشور نما شکل کا؛ اس سے متعلق یا اس جیسا۔

Prismoid : (n) منشور نما شکل یا جسم (جس کے یکساں مگر غیر مساوی، متوازی کثیر الاضلاعی قاعدے ہوں)؛ منشور نما۔

Prismoidal (a) منشور نما شکل؛ منشور نما کا یا اس سے متعلق۔

Prison : (n) [Early ME. 'prisun'.] (۱) (ابتداً) قید؛ حبس؛ حالت قید و بند؛ قید و بند میں ہونے کی حالت۔ (۲) قید خانہ؛ جیل؛ محبس؛ بندی خانہ؛ جیل خانہ؛ حوالات (نیز مجازاً)۔

To state prison : (۱) سیاسی مجرموں کا قید خانہ؛ سیاسی قید خانہ۔ (۲) (امریکا) وہ قید خانہ جو کسی ریاست کے ارباب اختیار کے نظم وضبط میں ہو؛ صوبائی یا ریاستی قید خانہ؛ صوبائی جیل۔

To break prison : قید سے بھاگ نکلنا۔

To cast-/-put-/-set in prison / To keep- / -lay- / -lie in prison : جیل میں ڈالنا؛ جیل میں رکھنا؛ قید میں رکھنا یا رہنا۔

Prison : (v) [f. prec.] (شاعری، فصاحت) قید کرنا؛ محبوس کرنا؛ نظر بند کرنا؛ جیل دینا؛ قید میں رکھنا؛ حوالات میں رکھنا؛ بندی بنانا؛ قیدی بنانا۔

Prison-bars : (n) جیل کی سلاخیں؛ قید خانے کی سلاخیں۔

Prison-bird : (n) پرانا بدمعاش؛ عادی مجرم؛ جرائم پیشہ؛ پیشہ ور مجرم یا قیدی۔

Prison-breaker : (n) جیل سے بھاگنے والا قیدی؛ مفرور قیدی؛ فراری۔

Prison-breaking : (n) جیل سے بھاگ جانا یا فرار ہونا۔

Prison-crop : (n) بہت چھوٹے کٹے ہوئے بال۔

Prison-editor : (n) مدیر اخبار جو مضامین اخبار کی ذمہ داری لیتا ہے اور خلاف ورزی پر سزائے قید بھگتتا ہے۔

Prison-fever : (n) (طب) محرقہ دماغی؛ دیکھو Jail-fever ۔

Prison-house : (n) (عموماً فصاحت و انشاء میں) محبس؛ قید خانہ۔

Prison-van : (n) قیدیوں کو لے جانے والی بند گاڑیاں؛ جیل گاڑی۔

Prisoner : (n) (۱) قیدی؛ محبوس؛ اسیر؛ زندانی؛ بندی (نیز مجازاً)۔ (۲) اسیر جنگ؛ جنگی قیدی (اب عموماً Prisoner of war)۔ (۳) (توصیفاً) قیدی کا یا اس سے متعلق۔

I am a prisoner to my room : میں (بیماری وغیرہ کی وجہ سے) کمرے میں قید ہوں۔

State prisoner : سیاسی قیدی؛ سیاسی بندی۔

To take (a person) prisoner : (خصوصاً جنگ میں) (کسی کو) پکڑ کر قید میں رکھنا؛ گرفتار کرنا اور قید میں رکھنا؛ جنگی قیدی بنانا؛ پکڑ کر حراست میں رکھنا؛ قید کرنا؛ گرفتار کرنا؛ اسیر کرنا۔

Prisoner at the bar : (n) حوالاتی؛ زیر حراست اور زیر سماعت قیدی۔

Prisoner of state : (n) سیاسی قیدی؛ سیاسی بندی۔

Prisoner of war : (n) اسیر جنگ؛ جنگی قیدی۔

Prisoner's bass/-base : (n) کبڈی کی قسم کا بچوں کا کھیل؛ کبڈی۔

Prissiness : (n) بناوٹی شرم (عموماً عورت یا لڑکی کی)۔

Prissy : (a) [pern blend of Prim(a) and Sissy.] (۱) بناوٹی شرم والی؛ جنسی تعلقات میں بے جا طور پر محتاط؛ بھولی؛ کمسن؛ شرمیلی؛ تکلف شعار؛ پابند وضع؛ پابند آداب؛ نہایت محتاط۔ (۲) مردانہ قوت یا دم خم سے محروم؛ زنخا؛ نامرد؛ زن صفت؛ مردانہ قوت و حرارت سے محروم۔

Pristine : (a) [L. 'pristinus'.] اصلی؛ قدیم؛ پرانا؛ دیرینہ؛ قدیمی؛ نخستین؛ پیشین؛ بدوی۔

Pritchel : (n) [Southern form of prickle.] تیز نوک والا اوزار

(خصوصاً جس سے گھوڑے کی نعلوں میں کیلوں کے لئے سوراخ بناتے ہیں)۔

Prithee : (phr.) "(I) pray thee" کا متروک روز مرہ :براہ کرم : مہربانی کرکے : از راہ کرم : مہربانی فرما کر۔

Prius : (n) [L. n. of 'prior'.] وہ چیز جسے دوسری پر سبقت حاصل ہو : سابق : اول : نخستین : اولین : قدیم : (خصوصاً) وہ جو ضروری شرط اولین ہو : شرط اول : شرط لازم۔

Privacy : (n) [f. Private. (a)] (۱) عزلت : خلوت : علیٰحدگی: تنہائی : عزلت گزینی : گوشہ نشینی۔ (۲) پوشیدگی : پردہ داری : اخفا : راز داری۔

Privatdocent/Privatdozent : (n) [G. 'privatdozent.'] (جرمن جامعات میں) خانگی معلم یا لیکچرار جس کو جامعات نے تسلیم کیا ہو لیکن تنخواہ دار عملہ میں شامل نہ کیا ہو (ایسے معلم یا لیکچرار کو براہ راست طلبا کی فیس سے اجرت ملتی ہے)۔

Privatdocents/ Privatdocenten : (n) Privatdocent کی جمع۔

Private : (a) [L. 'privatus'.] (۱) خانگی : غیر سرکاری : جو سرکاری عہدہ دار نہ ہو۔ (۲) مخفی: خانگی۔ (۳) انفرادی: ذاتی : شخصی : اپنا۔ (۴) نج کا : نجی : انفرادی : ذاتی : جو جماعت سے متعلق نہ ہو۔ (۵) راز کا: بصیغۂ راز۔ (۶) خلوت کی (جگہ) : عزلت یا تنہائی کا (مقام)۔ (۷) (قدیم) (شخص) عزلت پسند : خلوت پسند : الگ تھلگ : کنارہ کش : گوشہ نشیں : عزلت گزیں۔

For one's private ears : صرف کسی خاص شخص کے لئے (دوسروں سے مخفی)۔

In private : (۱) دیکھو Privately۔ (۲) دوستوں یا خانگی زندگی میں : پوشیدہ طور پر۔

Private : (n) (۱) دیکھو Private soldier۔ (۲) (جمع) Private parts۔ (۳) (جمع) (ڈیوٹی کے بعد یا پہلے) پہننے کے ذاتی کپڑے۔

To privates : (تشریح) خارجی اعضائے تناسل : اعضائے مخصوصہ (فوطے، عضو تناسل، شرمگاہ وغیرہ)۔

Private act/-bill : (n) پارلیمنٹ کا کوئی قانون یا مسودہ قانون جو کسی خاص فرد یا کارپوریشن سے متعلق ہو : انفرادی قانون یا مسودۂ قانون۔

Private bed : (n) ہسپتال میں مریض کے پرائیویٹ کمرے کا بیڈ جہاں وہ اپنے مخصوص معالج کے زیر علاج ہوتا ہے۔

Private bill : (n) دیکھو Private act

Private boarding/-hotel : (n) خانگی اقامت گاہ یا ہوٹل (جو عام نہ ہو)۔

Private-duty : (n) ذاتی نگہداشت : انفرادی نگہداشت : کسی مریض کی اس کے گھر پر یا ہسپتال میں انفرادی نگہداشت : انفرادی دیکھ بھال۔

Private enterprise : (n) نجی کاروبار : ذاتی مشغولیات : ذاتی شغل (جس پر سرکار کا کنٹرول نہ ہو)۔

Private eye /-detective : (n) سراغ رساں جو کسی سرکاری پولس دستے کا رکن نہیں ہوتا بلکہ نجی طور پر تفتیش یا سراغ رسانی کرتا ہے : غیر سرکاری سراغ رساں۔

Private family : (n) اپنے ذاتی مکان میں رہنے والا کنبہ۔

Private forest : (n) غیر سرکاری جنگل۔

Private house : (n) نجی مکان : ذاتی مکان : ذاتی رہائشی مکان۔

Private judgement : (n) (خصوصاً مذہبی معاملات میں) اپنی ذاتی رائے : ذاتی خیال۔

Private law : (n) قانون کی ایک شاخ : نجی قانون : خصوصی قانون: قانون عامہ کے تحت آنے والے معاملات۔

Private life : (n) نجی زندگی : خانگی زندگی۔

Private means : (n) خانگی آمدنی (جو نوکری، پیشے وغیرہ کی آمدنی سے الگ ہو): نجی ذرائع۔

Private member : (n) دارالعلوم کا رکن جو کابینہ یا وزارت کا عہدہ دار نہ ہو۔

Private parts : (n) (تشریح) خارجی اعضائے تناسل : اعضائے مخصوصہ (فوطے، عضو تناسل، شرمگاہ وغیرہ)۔

Private practice : (n) ڈاکٹر کا ذاتی کلینک : ذاتی پریکٹس : نجی پریکٹس۔

Private property : (n) نجی جائداد : انفرادی جائداد : ذاتی ملک۔

Private protector : (n) (کرکٹ) لنگوٹ (جو اعضائے مخصوصہ کی

حفاظت کے لئے باندھا جاتا ہے).

Private school : (n) خانگی مدرسہ : وہ مدرسہ یا اسکول جو کوئی شخص اپنے ذاتی فائدے اور آمدنی کے لئے کھولتا ہے : پرائیویٹ اسکول : غیر سرکاری درسگاہ .

Private secretary : (n) ذاتی سکریٹری : معتمد خاص : ذاتی معتمد .

Private soldier : (n) معمولی سپاہی (جس کو کوئی درجہ یا امتیاز حاصل نہ ہو) سپاہی : لشکری .

Private study : (n) ذاتی مطالعہ .

Private treaty : (n) بیع : فروخت (جس کی شرائط خود بیچنے والے اور خریدنے والے نے آپس میں طے کی ہوں) (بخلاف نیلام).

Private view : (n) خانگی نمائش (تصویروں کی عام نمائش سے قبل خانگی طور پر ان کو دیکھنا).

Private way : (n) راستہ جو عام پبلک کے لئے نہ ہو :ذاتی راستہ .

Privateer : (n) (۱) خانگی مسلح جہاز : غیر سرکاری مسلح جہاز (وہ مسلح جہاز جو کسی شخص کی ذاتی ملک ہو اور جس کے عہدہ دار بھی غیر سرکاری ہوں لیکن جس کو دشمن کے تجارتی جہازوں کو گرفتار کرنے کی سرکاری اجازت حاصل ہو). (۲) ایسے جہاز کا کمانڈر . (۳) (جمع) ایسے جہاز کے خلاصی یا عملے . (۴) توصیفاً .

Privateering : (n) غیر سرکاری مسلح جہاز کی کمانڈری: غیر سرکاری مسلح جہاز پر کام کرنے کا پیشہ (نیز مجازاً).

Privateersman : (n) (امریکا) غیر سرکاری مسلح جہاز کا افسر یا ملاح .

Privately : (adv.) نجی طور پر :ذاتی طور پر : خصوصی طور پر : شخصی طور پر : انفرادی طورپر : خانگی طور پر : مخفی طور پر : عزلت میں: تنہائی میں : خلوت میں .

Privatim : (adv.) ذاتی طور پر : نجی طور پر : خصوصی طور پر .

Privation : (n) (۱) نہ ہونا : سلب :عدم : غیر موجو د ہونا : نیستی : فقدان : کسر : محرومی : محرومیت . (۲) احتیاج : ضروریات زندگی کا نہ ہونا : تنگ دستی : عسرت : بیچارگی: افلاس : محتاجی . (۳) سلب : کسی صفت کا نہ ہو نا: منفی صفت : کسی مثبت خاصیت یا صفت کا نہ ہونا .

Privative : (a) {L. 'privativus'.} (۱) سلبی: جو کسی صفت یا خاصیت کے نہ ہونے سے ہو . (۲)(اصطلاحات) سلبی : منفی : جو کسی صفت کے حذف ، ترک یا عدم کو ظاہر کرے . (۳) (صرف و نحو) منفی یا سلبی :(سابقے ،لاحقے ، اجزائے ترکیبی) جو کسی صفت کے نہ ہونے کو ظاہر کریں (مثلاً un- ، -less وغیرہ).

Privative : (n) سالبہ : منفی یا سلبی صفت ، خاصیت : لفظ یا حرف : حرف نفی .

Alpha privative : الفا سالبہ .

Privatively : (adv) منفی طور پر : نفی کرتے ہو ئے : سلبی انداز میں.

Privet : (n) [Of unkn. origin.] سفید پھول اور سیاہ پھل والی ایک بہار جھاڑی جو باڑ لگانے کے کام آتی ہے : برنگو : قاغیا .

Egyptian privet : (نباتیات) حنا : مہندی .

Evergreen privet : Rhamnus جنس کی سدا بہار قسمیں .

Mock privet : مہندی کی ایک سدا بہار جنس : دیکھو Phillyrea .

Privet hawk/-moth : (n) (حیوانیات) پروانۂ قاغیا : ایک قسم کا پتنگا جو اس جھاڑی (قاغیا) پر انڈے دیتا ہے .

Privilege : (n) [L. 'privilegium.'] (۱) حق : استحقاق: رعایت : استثناء (جو کسی شخص ، جماعت یا عہدہ کو حاصل ہو): فائدہ : خاص حق : امتیاز : حق امتیاز: حق ویزا : حق مخصوص . (۲) خاص فائدہ : نفع : لطف و کرم حاصل کرنا : مورد عنایت ہونا . (۳) اجارہ :سند ایجاد (پیٹنٹ) جو کسی شخص یا کارپوریشن کو عطا ہو . (۴) (قدیم روما) کسی کے حق میں فرمان خصوصی (مراعات کا). (۵) (رومن کیتھولک چرچ) پوپ کا خصوصی فرمان استثناء .

Bill of privilege : درخواست استحقاق (کسی امیر یا رئیس کی یہ درخواست کہ اس کے مقدمے کی سماعت کوئی امیر یا رئیس کرے).

Breach of privilege : نقض یا سقوط حق : رعایت ، استثناء وغیرہ .

The privilege : شاہی استحقاق : بادشاہ کا خصوصی یا امتیازی حق : اختیار شاہی : اختیار قلعی .

Writ of privilege : استحقاق یافتہ شخص کے حق میں

محبس دیوانی سے رہائی کا حکم نامہ.

Privilege : (v) [med. L. 'privilegiare'.] (۱) حق ؛ رعایت ؛ استثنا ؛ : سند ایجاد وغیرہ عطا کرنا ۔ (۲) کسی کام کو استحقاقاً کرنے کی اجازت دینا ؛ لائسنس دینا ۔ (۳) کسی بوجھ یا ذمہ داری سے بری کرنا ؛ مستثنیٰ قرار دینا ؛ مستثنیٰ کرنا ؛ معاف کرنا ۔

Privilege leave : (n) رعایتی رخصت ۔

Privilege of clergy : (n) (قدیم قانون) پادری کا حق استثنا، (کہ اس کے مقدمات کی سماعت سیکولر عدالت میں نہیں ہو گی).

Privilege of Parliament : (n) ہر دو ایوان پارلیمنٹ میں سے کسی کا حق یا اس سے کسی کارکن کا حق ۔

Privilege rights : (n) امتیازی حقوق ۔

Privilege tax : (n) دیکھو Excise

Privileged : (a) جس کو کوئی حق ، رعایت ،استثنا ، وغیرہ ملا ہو ؛ حق یافتہ ؛ رعایت یافتہ ؛ خاص حقدار؛ منصبی ؛ استحقاق یافتہ ؛ اجازت یافتہ ؛ بری الذمہ؛ مستثنیٰ ؛ معاف کیا ہوا ۔

Privileged cab : (n) کرائے کی گاڑی جس کو خانگی جگہ خصوصاً ریلوے اسٹیشن کے احاطے میں ٹھہرنے کی اجازت عطا ہو ؛ اجازت یافتہ کرائے کی گاڑی ۔

Privileged communication : (n) (۱) (قانون) وہ بیان جسے ظاہر کرنے کو کسی گواہ پر قانوناً دباؤ نہیں ڈالا جا سکتا ؛ منصبی بیانات ؛ مراسلت یا بیانات منصبی ۔ (۲) (قانون) وہ بیان جو ایسے حالات میں اور ایسے شخص کے مابین واقع ہوا ہو جس پر کاروائی نہیں کی جا سکتی ہو (تا آنکہ اس میں بدنیتی کو دخل نہ ہو ؛ وہ بیانات جو ان شریک معاملہ اشخاص کی رضامندی کے بغیر ظاہر نہیں کئے جا سکتے جن کے درمیان وہ واقع ہوئے ہیں (مثلاً وکیل و موکل یا طبیب و مریض کے مابین کے بیانات).

Privileged debt : (n) وہ قرضہ جسے پہلے ادا کرنا واجب ہو ۔

Privileged share/-stock : (n) دیکھو Preference stock

Privileges : (n) مراعات ۔

Privily : (adv.) [f. Privy .] (متروک یا ادبی) خفیہ طور پر ؛ در پردہ ؛

رازدارانہ ؛ انفرادی طور پر ۔

Privities : (n) (تشریح) شرمگاہ ؛ اندام نہانی ؛ اعضائے تناسل ۔

Privity : (n) [ME. 'privete' , -ite.'] (۱) (قانون) شرکت؛ تعلق (جو قانوناً ناجائز ہے مثلاً تعلق نسبی ، شرکت معاہدہ ، تعلق دستاویزی یعنی بر ضامندی باہمی). (۲) راز داری ؛ واقفیت ؛ شرکت راز ؛ محرم راز ہونا ۔

Privy : (n) [ME. 'prive,privey , privy'.] (۱) محرم راز ؛ محرم ؛ شریک راز ؛ رازداں ؛ در پر دہ واقف ۔ (۲) خفیہ؛ مخفی ؛ درپردہ ؛ پردۂ راز میں ۔ (۳) (اشیاء،مقام وغیرہ) چھپا ؛ پوشیدہ ؛ خفیہ ؛مخفی ؛ گیت ۔ (۴) ذاتی ؛ شخصی ؛ انفرادی ۔

Privy : (n) (۱) شریک کار ؛ شریک ؛ وہ شخص جو کسی چیز یا امر سے تعلق رکھے ؛ وہ شخص جو دوسرے کی حقیقت میں حق رکھے یا جو ایسے معاملے میں حق رکھے جس میں وہ فریق وہ ہو؛ وہ شخص جو کسی کام یا کسی معاملے میں شریک ہو ۔ (۲) جائے ضرور ؛ بیت الخلا ؛ پاخانہ ۔

Privy chamber : (n) (سیاسیات) دیوان خاص ؛ شاہی محل کا خاص کمرہ ۔

Privy council : (n) [ME. 'prive counscil'.] مشیران شاہی ؛ (انگلستان میں) پریوی کونسل ؛ مستشار شاہی (بادشاہ کے منتخب کئے ہوئے مشیروں کی جماعت، جس کا رکن ہونا صرف باعث امتیاز ہے ، اس لئے بادشاہ کو اب عموماً کابینہ مشورہ دیتی ہے ، مستشار شاہی میں شاہزادگان ،اساقفہ اعظم وغیرہ بھی شامل ہیں).

Privy counsellor/-councillor : (n) (۱)مشیر خاص ؛ ذاتی مشیر ؛ خانگی مشورہ دینے والا ۔ (۲) (خصوصاً)(برطانیہ میں) بادشاہ کے ذاتی مشیروں میں سے کوئی ؛ پریوی کونسل کا رکن ؛ رکن مستشار شاہی (مخفف .P.C).

Privy councellorship/-councillorship : (n) مشیر خاص کا عہدہ ؛ پریوی کونسل کی رکنیت ۔

Privy parts : (n) دیکھو Private parts

Privy purse : (n) (۱) صرف خاص یا لونس جو بادشاہ کو ذاتی اخراجات کے لئے محاصل ملکی سے دیا جاتا ہے ؛ پریوی پرس ۔ (۲) صرف خاص کا خزانچی (Keeper of the privy purse کا مخفف).

Keeper of the privy purse : (بادشاہ کے) صرف خاص کا خزانچی ؛ بادشاہ کا ذاتی خزانچی ؛ (جس کے ذریعہ بادشاہ کے ذاتی اخراجات کی ادائی ہوتی ہے).

Privy seal : (n) (۱) مہر سرکاری ؛ مہر کوچك ؛ مہر خاص (یہ مہر دستاویزوں پر لگائی جاتی ہے جن پر مہر اعظم یا مہر شاہی (Great seal) لگانا ضروری نہ ہو یا بعد میں لگائی جائے). (۲) دستاویز جس پر مہر کوچك لگی ہو ؛ (خصوصاً) قرض طلب کرنے کا وارنٹ جس پر مہر کوچك لگی ہو ؛ مہر شدہ پروانۂ قرض طلبی ؛ (مجازاً) جبریہ قرض ؛ جبری قرضہ (تاریخ انگلستان) . (۳) نیز مہر کوچك ؛ وہ امیر جس کے سپرد مہر کوچك ہو (اب اسے Lord privy seal کہتے ہیں).

Keeper of the privy seal/ Lord privy seal : میرمہر کوچك: میر مہر خاص ؛ وہ امیر جس کے سپرد مہر کوچك ہو: مہر بردار سرکاری .

Privy signet : (n) دیکھو Privy seal

Privy verdict : (n) جیوری کا فیصلہ ؛ جو جج کو نجی طور پر بتایا جائے .

Prizable/Prizeable : (n) [f.Prize+Able.] (بول چال) قابل قدر ؛ بیش بہا؛ بیش قیمت ؛ گرانقدر ؛ گراں‌قیمت.

Prize : (n) [ME. 'pris,prise'.] (۱) انعام . (۲) وہ چیز جس کو حاصل کرنے کے لئے سخت کوشش کی گئی ہو یا جو جاں فشانی سے حاصل کرنے کے قابل ہو: نعمت ؛ بیش بہا چیز . (۳) انعام ؛ روپیہ یا اور کوئی چیز جو قرعہ اندازی میں یا لاٹری وغیرہ کے ذریعہ کسی کو ملے . (۴) (بطور صفت) جس (شخص یا چیز) کو مقابلے یا نمائش وغیرہ میں انعام دیا گیا ہو ؛ انعام کے لئے مقابلہ کرنے والا؛ جس کے انعام پانے کا پورا امکان ہو ؛ انعام پانے والا ؛ (بول چال) انعام کا مستحق ؛ انعام پانے کے قابل ؛ جو اپنی جنس کا نمایاں ، ممتاز نمونہ ہو ؛ اول درجے کا .

Consolation prize : انعام اشك شوئی ؛ انعام تسلی ؛ اشك شوئی کا انعام ؛ اشك شوئی کی بازی یا دوڑ (ہارنے والوں کی دوڑ یا بازی جس میں ایك مرتبہ پھر انعامی مقابلہ کرایا جائے).

The prize-ring : مکاباز اور ان کے حمایتی.

Prize : (n) [Fr. 'prise'.] (۱) جہاز ، مال وغیرہ جو قوانین جنگ کے مطابق گرفتار کر لئے جائیں: بحری غنیمت : مال غنیمت ؛ یغما ؛ مال دشمن جو جنگ میں حاصل کیا جائے . (۲) نعمت غیر مترقبہ ؛ نعمت خداداد ؛ خداداد ذریعۂ دولت .

To become (lawful) prize : (بطور مال غنیمت) گرفتار ہونا ؛ پکڑا جانا .

To make prize : ضبط کرنا ؛ قبضے میں کرنا ؛ مال ، غنیمت کی حیثیت سے لینا یا قبضہ کرنا ؛ جنگ میں بطور مال غنیمت لے لینا ؛ (جہاز وغیرہ کو) گرفتار کرنا.

Prize/Prise : (n) [Fr. 'prise'.] (۱) بیرم ؛ لیور ؛ وہ آلہ جو بیرم کی قوت سے اٹھتا ؛ حرکت دیتا یا کھولتا ہے ؛ (میکانیات) کاربیرم (بول چال) . (۲) بیرم سے کھولنے کا عمل ؛ لیور سے کام لینے کا طریقہ ؛ بیرم کا فعل .

Prize : (v) بیش قیمت سمجھنا ؛ بڑی قدر کرنا ؛ بہت عزیز جاننا؛ گراں بہا سمجھنا .

Prize : (v) مال غنیمت کے طور پر (جہاز یا اس کا مال) ضبط کرنا ؛ قبضے میں لینا ؛ پکڑنا .

Prize/Prise : (v) بیرم کی قوت سے اٹھانا ؛ حرکت دینا یا کھولنا ؛ (خصوصاً) بیرم کے ذریعہ کھولنا .

Prize court : (n) عدالت امور یغما (عدالت امیرالبحر کا وہ شعبہ جس کا تعلق امور مال غنیمت سے ہو).

Prize crew : (n) جہاز رانوں یا ملاحوں کی وہ جماعت جو گرفتار شدہ بندرگاہ میں لانے کے لئے ہوتی ہے .

Prize-felow : (n) کالج کا رفیق ؛ (fellow) جس کو انعامی وظیفہ ملتا ہو ؛ انعامی وظیفہ یاب رفیق .

Prize-fellowship : (n) کالج کے رفیق یا فیلو کا انعامی وظیفہ ؛ کالج کی فیلو شپ جو امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے پر بطور انعام دی جاتی ہے ؛ انعامی وظیفہ ؛ انعامی فیلوشپ .

Prize-fight : (n) انعامی مکا بازی ؛ وہ مکا بازی جو انعام کی خاطر کی جائے (اس میں مکاباز دستانے نہیں پہنتے).

Prize-fighter : (n) انعامی مکا باز ؛ پیشہ ور مکاباز (جو انعام کی خاطر عوام کے سامنے اپنے فن کا مظاہرہ کرتا ہے) .

Prize-fighting : (n) انعامی مکابازی؛ انعامی مکاباز:انعام کے لئے مکابازی کا مقابلہ کرنے والا .

Prize-fighting : (a) انعامی مکاباز : انعام کی خاطر مکابازی کا مقابلہ کرنے والا ۔

Prize-list : (n) (۱) کسی مقابلے میں انعام جیتنے والوں کی فہرست : فہرست انعام یا فتگان ۔ (۲) جنگ میں جہاز کو بطور مال غنیمت گرفتار کرنے والوں کی فہرست جو اس جہاز کی فروخت سے حاصل شدہ رقم کے حقدار ہوتے ہیں ۔

Prize-medal : (n) انعامی تمغہ : تمغہ انعام : تمغہ ۔

Prize-money : (n) گرفتارشدہ جہاز کی فروخت سے حاصل شدہ رقم جو گرفتار کنندگان کے درمیان تقسیم ہوتی ہے : بحری غنیمت کی رقم : مال غنیمت ۔

Prize-ring :(n) (۱) انعامی مکابازی کا اکھاڑا ۔ (۲) انعامی مکابازی ۔

The prize-ring : انعامی مکابازوں کے لئے اکھاڑا : مکاباز اور ان کے حمایتی ۔

Prizeless : (n) جس کو انعام نہ ملے : بے انعام ۔

Prizeman : (n) انعام جیتنے والا : وہ شخص جس کو انعام ملا ہو: انعام یافتہ : انعام گیر (مثلاً Smith's prizeman وہ جس کو اسمتھ کا انعام ملا ہو ، انعام یافتہ ، اسمتھ)۔

Prizer : (n) (۱)(متروک) انعامی مقابلے میں حصہ لینے والا : انعامی مکاباز ۔ (۲) قدر کرنے والا : بیش بہا سمجھنے والا ۔

Pro : (prep) [L.] واسطے : لئے : خاطر ۔

Pro : (n) (۱) کسی چیز کی حمایت میں کوئی دلیل یا بیان ۔ (۲) کسی تجویز کی حمایت کرنے والا یا اس کی حمایت میں ووٹ دینے والا : حامی : طرفدار ۔

Pro : (n) (بول چال) Professional اور Proproctor کا مخفف ۔

Pro-: (prefix) [L.] سابقہ بمعنی پہلے : آگے : اوّل : پیشتر : مقدم : قبل : پیش (بلحاظ زمان و مکان) (یہ یونانی الفاظ اور جدید علمی اصطلاحوں میں آتا ہے)۔

Pro- : (prefix) (سابقہ بمعنی) بجائے : قائم مقام : برائے (مثلاً Proproctor معاون یا نائب پراکٹر (یونیورسٹی کا) ۔

Pro and con : (adv. phr.) [Earlier 'pro and contra'.] موافق و مخالف : به هر دو جانب : دونوں پہلوؤں پر : دونوں طرف : به هر دو پہلو ۔

Pro and con : (Sb. phr.) اب ہمیشہ جمع مستعمل ہے : دیکھو Pros and cons .

Pro and con (v) موافق و مخالف دونوں دلیلیں پیش کرنا: کسی مسئلے کے دونوں پہلوؤں پر بحث کرنا : موافق و مخالف دلیلوں کا موازنہ کرنا ۔

Pro aris et focis : (phr.) قربان گاہ اور چولہے کے لئے : مذہبی اور خانگی استعمال کے لئے ۔

Pro-catherdral : (a) جو Cathedral کے عوض استعمال ہو ۔

Pro-cathedral : (n) وہ چرچ جسے کنیسۂ کبریٰ (کیتھڈرل چرچ) کی بجائے یا اس کے عوض استعمال کیا جاتا ہو ۔

Pro-chancellor : (n) پرو چانسلر : برطانوی یونیورسٹی کا ایک افسر جو وائس چانسلر کی غیر موجودگی میں چانسلر کی نمائندگی کرتا ہے : قائم مقام امیر جامعہ ۔

Pro-flogger : (n) سزائے تازیانہ کی حمایت کرنے والا ۔

Pro forma : (phr.) فارم کے لئے : فارم کے مقصد سے : تکمیل ضابطہ : ترتیبی : مرسومہ ۔

Pro forma balance sheet : (n) (۱) حساب آمد و خرچ کا نمونہ : وہ بیلنس شیٹ جس پر نمونے کے لئے فرضی اعداد و شمار درج ہوں ۔ (۲) وہ بیلنس شیٹ جو نئی فنانسنگ کا رد عمل ظاہر کرے ۔

Pro forma invoice : (n) رسمی بیجک : پیشگی بیجک جو تکمیل ضابطہ کے لئے خریدار کو مطلوبہ چیزوں کی فہرست (ان کی قیمتوں کے ساتھ) کی شکل میں پہلے ہی بھیج دی جاتی ہے ۔

Pro hac vice : (phr.) [L.] صرف اس موقع کے لئے : صرف اس بار کے لئے : بس اسی مرتبہ کے لئے ۔

Pro-liquorite : (n) شراب کی بے روک خرید و فروخت کا حامی : شراب کی کھلی خرید و فروخت کی حمایت کرنے والا : حامئ شراب نوشی ۔

Pro-ode : (n) یونانی کورس کا ابتدائی گیت : افتتاحی نظم : آغاز : تشبیب ۔

Pro-opic : (a) ابھرے ہوئے چہرے والا ؛ کھڑی ناک والا ۔

Pro-ostracum : (n) متحیر سرمایہ کی تہوتھنی کی پیش درازی ۔

Pro-otic : (a) پیش اذنی ؛ پیش گوشی ؛ جو کان کے سامنے ہو (استخوان گوش ، کان کی ان تین ہڈیوں پر اطلاق ہوتا ہے جن کے ملنے سے کان کا خول بنا ہے) ۔

Pro-otic : (n) پیش گوشی ہڈی ؛ کان کے سامنے والی ہڈی ؛ استخوان گوش ؛ پیش گوشی ہڈی ۔

Pro-oxidant : (n) (Oxidation) وہ مادہ جو دوسرے مادوں کی تکسید کو تیز کرتا ہے ۔

Pro-oxygen : (n) دیکھو Pro-oxydant

Pro-proctor : (n) (ابتداءً) وہ شخص جس نے یونیورسٹی کے پراکٹر کی جگہ کام کیا ہو؛ (جدید معنوں میں) (یونیورسٹی کا) ڈپٹی یا نائب پراکٹر ؛ پرو پراکٹر ۔

Pro rata : (adv.) حسب شرح ؛ نسبتاً ؛ من حیثیت التناسب ۔

Prop rata : (a) حسب شرح یا حسب تناسب تقسیم یا تخمینہ کیا ہوا ؛ متناسب ۔

Pro-rata : (v) (خاص کر امریکا) حسب تناسب تقسیم یا تخمینہ کرنا ؛ نسبتاً تقسیم کرنا ؛ متناسب طور پر یا تناسب سے بانٹنا ؛ متناسب تقسیم کی بناء پر انتظام یا معاہدہ کرنا ۔

Pro-rector : (n) [f. Pro + Rector .] (کالج یا یونیورسٹی میں) ریکٹر کا نائب مقام ؛ نائب ریکٹر (خاص کر جرمنی میں مستعمل ہے) ۔

Pro-rectorate : (n) نائب ریکٹر کا عہدہ ۔

Pro renata : (adv.) حسب موقع ؛ حسب ضرورت ؛ ضرورتاً ۔

A meeting held pro renata : ایک جلسہ جس کا انعقاد حسب ضرورت کیا گیا تھا ۔

A pro renata meeting : وقتی ضرورت کا جلسہ ۔

Pro tempore : (phr.) [L.] عارضی ؛ ہنگامی یا وقتی طور پر ؛ فی الوقت ؛ بالفعل ؛ (مخفف (Pre. tem) ۔

Pro-vice-chancellor : (n) (یونیورسٹی کا) پرووائس چانسلر ؛ نائب امیر جامعہ ؛ نائب امیر شیخ الجامعہ ۔

Proa/ Prahu : (n) [Malay 'p(a) ra(h)u'.] ایک قسم کی کشتی جو ملایا میں ہوتی ہے ۔

Proamnion : (n) [Pro-amnion.] (حیوانیات) پیش انفس۔

Proatlas : (n) (حیوانیات) پیش مُہرہ اول ؛ پیش قَہقہ ۔

Probabililorism : (n) [f.L. ' probabilior'+ism .] (اجتہاد کلیسائے رومی) اغلبیت : یہ مسئلہ کہ جس طرف شہادت کا پلا جھکا ہوا ہو اس کی صحت اغلب ہے اور وہی قابل اتباع ہے : اغلبیت پسندی ۔

Probabiliorist : (n) اغلبیت پسند : مسئلہ اغلبیت کا قائل ۔

Probabilism : (n) (۱)(دینیات) یہ مسئلہ کہ جس معاملے میں علماء کا اختلاف ہو وہاں ہر شخص کو اختیار ہے کہ کلیسا کے جس عالم کی پیروی چاہے کرے ؛ عقیدۂ احتمالیون۔ (۲) یہ مسئلہ کہ یقین علم موجود نہیں ہے لیکن عملی زندگی کے لئے بنائے یقین کافی ہے ؛ (فلسفہ) احتمالیت ۔

Probabilist : (n) معتقد احتمالیت ؛ احتمالی ۔

Probabilities : (n) موسم کی پیشگوئی ؛ قرائن ؛ امکانات ؛ احتمالات ۔

Probability : (n) [L. 'probabilitas '.] (۱) امکان ؛ قرینہ۔ (۲) (فلسفہ) قیاس غالب ؛ گمان غالب ؛ گمان اغلب ۔ (۳) احتمال ؛ گمان ۔ (۴) (ریاضیات) امکان ؛ احتمال ؛ تخمینہ ؛ اغلبیت ۔ (۵) کسی واقعے کی اغلبیت اس نسبت کے لحاظ سے جو اغلب حالات کو جملہ ممکنہ حالات سے ہو ۔

In all probability/In probability : اغلباً ؛ بظن غالب ؛ غالباً ۔

Mathematical probability : (ریاضیات)ریاضیاتی امکان ؛ ریاضیاتی اغلبیت ۔

The probability is that he will come : گمان اغلب ہے یا قیاس غالب ہے کہ وہ آجائے ۔

There is no probability of ..... : .....کا کوئی احتمال یا قرینہ نہیں۔

What is the probabilities ? امکانات یا احتمالات کیا ہیں ؟ قرائن کیا کہتے ہیں؟

Probability curve : (n) (ارضیات) خط اغلبیت ؛ امکانی منحنی۔

Probability ratio : (n) (ریاضیات) نسبت اغلبیت ؛ امکانی نسبت۔

Probabilize : (v) حقیقت یا صحت کے قریب لانا ؛اغلب بنانا۔

Probable : (a) غالبہ ؛ (ریاضیات) اغلب ؛ تخمینی ؛ حقیقت یا صحت سے قریب ؛ قرین صحت ؛(فلسفہ) احتمالی۔

It is probable that he forgot : غالباً وہ بھول گیا۔

Reckon the probable cost : تخمینی لاگت کا حساب کیجئے۔

Probable error :(n) (۱) (ریاضیات) تخمینی خطا۔ (۲) احتمالی غلطی۔

Probable syllogism : (n) (منطق) قیاس احتمالیہ۔

Probably : (adv.) بظن غالب ؛ غالباً ؛ اغلباً ؛ احتما لاً۔

Probang : (n) ایک آلہ جراحی جو وہیل کی ہڈی کا بنا ہوتا ہے ، اس کے سرے پر اسفنج کا ٹکڑا اور بٹن ہوتا ہے (اس آلہ کے موجد کا نام پروبنگ تھا) ؛ حلق میں ضماد کرنے یا کسی چیز کے نکالنے کے کام آتا ہے ؛ (جراحی) حلق سلائی ؛ ملعو ماله ؛ پروبنگ ۔

Probate : (n) [L. 'probatum'.] وصیت نامے کی مصدقہ نقل ؛ تصدیق وصیت نامہ ؛ وصیت نامے کی سرکاری تصدیق ؛ سند تصدیق کے ساتھ سرکاری طورپر مصدقہ وصیت نامہ ؛ سند وصیت ؛ مصدقہ و صیت نامہ۔

Probate : (v) [f. L. 'Probare'.] (خاص کر امریکا) سند تصدیق حاصل کرنا ؛ (وصیت نامے کی) تصدیق کرنا ؛ سند وصیت حاصل کرنا۔

Probate act : (n) ۱۸۵۷ء میں منظور شدہ انگریزی قانون جس کے ذریعہ تصدیق وصیت نامہ اور متوفیٰ کی جائداد یا ترکے کے انتظام کا اختیار کلیسائی اور دیگرعدالتوں سے لے کر ایک نئی عدالت Court of probate کو دے دیا گیا تھا ؛ قانون تصدیق وصیت و انتظام جائداد متوفی۔

Probate court : (n) عدالت تصدیق وصیت و انتظام جائداد متوفی؛ وہ عدالت جس کے حلقہ' اختیار میں وصیت ناموں کی تصدیق اور شخص متوفی کی جائداد یا ترکے کا انتظام و انصرام ہوتا ہے۔

Probate duty : (n) محصول تصدیق وصیت ؛ رسوم جائداد وصیتی ؛ وصیتی جائداد کا ٹیکس۔

Probate homestead : (n) متوفی کی جائداد سے اس کے شوہر یا بیوی اور نابالغ بچوں کے استعمال کے لئے عدالت کے ذریعہ علاحدہ کی ہوئی سکونتی زمین یا گھر باڑی۔

Probate judge : (n) وہ جج جسے وصیت کی تصدیق اور وصیت سے متعلق دعووں کی سماعت کا اختیار ہو۔

Probation : (n) [L. 'Probatio'.] (۱)امتحان ؛ آزمائش (کردار ، اخلاق وغیرہ کی) ؛ مدت آزمائش ؛ (کسی تنظیم ، مذہب وغیرہ میں شمولیت سے پہلے کردار وغیرہ کی) آزمائش۔ (۲) آزمائشی رہائی ؛ نو عمر مجرموں کا طریق رہائی ؛ خصوصاً ایسے مجرموں کا جو پہلی بار ماخوذ ہوئے ہوں اور جن کی سزا عمدہ چلن کے زمانے میں ملتوی رہی ہو اور کسی افسر کی نگرانی میں ہوں۔ (۳) کار آموزی۔

On probation : بشرط آزمائش ؛ بطور آزمائش؛ دوران کار آموزی۔

Probational/ -nary : (a) متعلق به آزمائش ؛ زیر امتحان۔

Probationary : (a) (۱)متعلق به آزمائش۔ (۲)زیر امتحان ؛ زیر آزمائش؛ امیدوارانہ ؛ کار آموزانہ ؛ کار آموزوں پر مشتعمل۔

Probationary officer : (n) آزمائشی افسر۔

Probationary period : (n) آزمائشی مدت (دوران ملازمت)۔

Probationer : (n) (۱) وہ شخص جو ابھی زیر آزمائش ہو ؛ امیدوار ؛ وہ شخص جو کسی مذہبی سلسلے میں امتحاناً داخل کیا گیا ہو ؛ امیدوار راہب یا پادری ؛ (خصوصاً) کسی کالج کی فیلوشپ کا امیدوار جسے امتحاناً داخل کیا گیا ہو ؛ کلیسائی عہدے کا امیدوار جسے وعظ کہنے کی اجازت تو دی گئی ہو مگر فرمان صادر نہ ہوا ہو ؛ نو عمر مجرم جو زیر آزمائش ہو۔ (۲) مبتدی ؛ کارآموز ؛ نو آموز ؛ آزمائشی یا زیر آزمائش شخص۔

Probationership : (n) عہدہ کار آموزی ؛ حالت کار آموزی ؛ کار آموزی ؛ امیدواری۔

Probative : (a) [L. 'probativus.'.] ثابت کن؛ مثبت ؛ اثباتی ؛ شہادتی ؛ برہانی ؛ متعلق به شہادت یا اثبات ؛ استد لال پذیر۔

Probator : (n) مستحن ؛ آزمائش کار ؛ ثابت کرنے والا ؛توثیق کنندہ۔

Probatum / Probata : (n) [L.] جو چیز حتمی طور پر ثابت کی جا چکی ہو : ثابت : قائم : (طب) مجرب۔

Probatum est : (phr.) [L.] ثابت شدہ۔

Probe : (n) [late L. 'proba '.] (۱) (جراحی) زخم کی گہرائی اور سمت معلوم کرنے کا جراحی آلہ : زخم سلائی : مسبر : جراحی سلائی : پروب (عموماً چاندی کا ہوتا ہے)۔ (۲) کیڑے کی سونڈ : لمبی تھوتھنی : خرطوم۔ (۳) (ماہی گیری) چارہ دینے کی سوئی : بنسی۔ (۴) آلے سے زخم کی گہرائی اور سمت معلوم کرنے کا عمل : گھسانے یا بھوکنے کا عمل۔ (۵) (مجازاً) (امریکا) تفتیش : تحقیقات : پوچھ تاچھ : پرچھ گچھ : امتحان : چھان بین۔ (۶) (ہوابازی) وہ طیارہ جو کسی نئی دریافت کی غرض سے پرواز کر رہا ہو اور جس میں انسان نہ ہو بلکہ وہ ایسے آلات سے لیس ہو جو اس کے گرد و پیش کے حالات کی اطلاع اپنے مرکز کو ارسال کریں۔

Probe : (v) (۱) (آلے سے) زخم کو ٹٹولنا۔ (۲) (مجازاً) ٹٹولنا : کھوج لگانا : تفتیش کرنا : تجسس کرنا : چھان بین کرنا : تحقیقات کرنا : دریافت کرنا۔ (۳) کوئی تیز اور نکیلی چیز بھونکنا : گھسانا : گھسیڑنا (خصوصاً کچھ معلوم کرنے یا کسی بات کا پتہ لگانے کے لئے)۔ (۴) گھسنا : گھسیڑا جانا : گھسایا جانا : بھونکا جانا۔

Probe-needle : (n) وہ سوئی جسے چھپا کر کسی بات کا پتہ لگایا جائے۔

Probe-scissors :(n) جراحی قینچی : زخم کا منہ کھولنے والی قینچی۔

Probity : (n) [L.'probitas'.] (۱) دیانت : دیانت داری : تدین : ایمانداری : کھرا پن۔ (۲) صداقت : راست بازی : سچائی : صدق : خلوص : اخلاص نیت۔ (۳) (سماجیات) عِفّت۔

Problem : (n) [L. 'problema'.] (۱) مسئلہ : علمی مسئلہ : قضیۂ علمیہ۔ (۲) مسئلہ دشوار : امر دشوار : معما۔ (۳) (مساحت) مسئلہ علمی : شکل عملی : (ہندسہ) عملی مسئلہ : عملیہ۔ (۴) (منطق) مسئلہ قیاسی : قضیۂ قیاسی۔ (۵) (طبیعیات، مرضیات) قضیہ، وہ دریافت یا مسئلہ جس کی تحقیق چند شرائط مفروضہ کے تابع ہو : سوال۔ (۶) (شطرنج) نقشہ معما۔ (۷) نیز تو صیفاً۔

His whole conduct is a problem to me : اس کا تمام رویہ میرے لئے معما ہے۔

Kepler's problem : قضیۂ کپلر۔

Problem drama/-novel/- play : (n) ڈراما یا ناول جس کا موضوع معاشرتی یا کوئی دوسرا مسئلہ ہو : موضوع ڈراما یا ناول۔

Problem of three bodies : (n) (علم النجوم) مسئلہ سہ اجرام۔

Problem solving : (n) (۱) (ریاضیات) حل سوالات۔ (۲) (نفسیات) حل مسئلہ۔

Problematic/-al : (a) (۱) مشکل : مبہم : مشکوک : مشتبہ : محتاج تصدیق : غیر محقق۔ (۲) (منطق) ممکن : ممکن الوقوع۔ (۳) (شطرنج) نقشۂ معما کا یا اس سے متعلق۔

Problematically : (adv) مشکوک یا مشتبہ طور سے : قضیے کے طور پر۔

Problematist : (n) قضیوں یا مسائل کا سمجھنے والا یا حل کرنے والا : (خصوصاً) شطرنج کے نقشے (یا معمے) حل کرنے والا یا ترتیب دینے والا : مسئلہ باز۔

Problemist : (n) مسائل یا قضایا کا مطالعہ کرنے والا یا ترتیب دینے والا : مسئلہ باز۔

Probono publico : (phr.) رفاہ عام کے لئے : فلاح عامہ کے لئے : برائے رفاہ عام۔

Proboscidea : (n) [mod. L.] (حیوانیات) خرطوم داران : فیلان : پستاندار حیوانات کا وہ سلسلہ جس میں باقی اور اس کی ناپید قسمیں شامل ہیں : جن کے لمبی لوچدار سونڈ ہوتی ہے : اور اگلے دانت خاصے لمبے ہوتے ہیں۔

Proboscidean/-dial/-ian : (a) (۱) خرطومی : خرطوم دار : سونڈدار : سونڈیل : سونڈ والا۔ (۲) خرطوم داران کا یا ان سے متعلق۔ (۳) متعلق بہ خرطوم : خرطوم آسا : سونڈ کا : اس سے متعلق یا اس جیسا۔

Proboscidean/-ian : (n) خرطوم دار چوپایہ : سونڈ دار چوپایہ۔

Probscides : (n) Proboscis کی جمع۔

Proboscidifer : (n) سونڈ دار شکم پایوں کی ایک قسم : خرطوم دار شکم پایان۔

Proboscidiferous : (a) خرطوم دار : خرطوم پیکر : سونڈ دار : سونڈیل : (خصوصاً) سونڈ دار شکم پایوں کی ایک قسم سے متعلق : Proboscidifera کی قسم کا۔

Proboscidiform /-ed : (a) سونڈ کی شکل کا یا ہیئت کا : خرطوم آسا ؛ سونڈ نما ؛ سونڈ جیسا ؛ خرطوم جیسا ؛ خرطوم شکل ؛ مثل خرطوم ؛ خرطوم پیکر ۔

Proboscis : (n) (۱) (حیوانیات) خرطوم (جمع خراطیم) : سونڈ ؛ لمبی تھوتھنی یا ناک ۔ (۲) (حشریات) کیڑوں کی چسنی ؛ خرطوم حشرہ ؛ محس ۔ (۳) (مزاحاً) آدمی کی ناک ؛ (تشریح) طویل ناک ۔ (۴) بعض غیر فقری حیوانات کا سونڈ نما عضو ؛ (خصوصاً) مختلف کیڑوں کی چسنی اور بعض صدفوں کی زبان ۔

Proboscis-monkey : (n) دراز ناک بندر ؛ لم نکا بندر ۔

Proboscises : (n) Proboscis کی جمع نیز دیکھو Proboscides ۔

Probouleutic : (a) [G. 'probouleutikos '.] (تاریخ یونان) جو پہلے ہی سوچ سمجھ لے ؛ (خصوصاً Athenian Senate پر اطلاق ہوتا ہے جو اسمبلی میں پیش کرنے سے قبل ہی معاملات یا اقدامات پر بحث یا غور کر کیا کرتی تھی)۔

Procacious : (a) شوخ ؛ بد تمیز ؛ بے حیا ؛ بے شرم ؛ بے باک بے خوف ۔

Procambium : (n) [f. Pro + cambium .] (نباتیات) قبل فار قہ ۔

Procartilage : (n) [f. Pro+ Cartilage .] (حیوانیات) قبل غضروف ۔

Procatalepsis : (n) [Gr. 'prokatalepsis'.] بلاغت : جواب مقدر ؛ جواب بہ سوالی مقدر جملۂ استینافی ؛ تسبیق ۔

Procatarctic : (a) [Gr.] (طب) محرک (مرضیات) ۔

Procedendo : (n) [L.] (قانون) عدالت عالیہ کا ماتحتی کو یہ حکم کہ وہ اس مقدمہ کا فیصلہ کرے (خواہ فیصلے میں تاخیر کی صورت میں یا غیر تشفی بخش بنیادوں پر مقدمے کو عدالت عالیہ کے سپرد کئے جانے کی صورت میں)۔

Procedural : (a) ضابطے کا یا کی ؛ ضابطے یا طریق کار سے متعلق ؛ عمل در آمد سے متعلق ؛ کاروائی سے متعلق ۔

Procedure : (n) [Fr.] کاروائی ؛ عمل در آمد ؛ (قانون) ضابطہ ؛ طریق کار ۔

Proceed : (n) پیداوار ؛ آمد ؛ آمدنی ؛ منافع ؛ حاصل (اب عموماً جمع میں مستعمل ہے) ۔

To proceed will be devoted to charity : یہ آمدنی خیراتی کاموں کے لئے وقف ہو گی ۔

Proceed : (v) [L.'procedere '.] (۱) بڑھنا ؛ آگے بڑھنا ؛ چلنا ؛ قدم بڑھانا (بہ تعلق مکان) ؛ تھوڑا رک کر کے آگے بڑھنا ۔ (۲) آگے چلنا ؛ بڑھنا (کسی کام یا مضمون وغیرہ میں) ۔ (۳) ابتداء کرنا ؛ شروع کرنا ؛ آغاز کرنا ؛ طرز عمل اختیار کرنا ؛ کاروائی کرنا ۔ (۴) قانونی کاروائی کرنا ؛ چارہ جوئی کرنا ۔ (۵) جاری ہونا ؛ شروع ہونا ؛ واقع ہونا ۔ (۶) (سلسلۂ کلام) جاری رکھنا ؛ آگے بولنا یا کہنا ۔ (۷) خارج ہونا ؛ نکلنا ؛ صادر ہونا ؛ پیدا ہونا ؛ باہر آنا ؛ آگے آنا ۔ (۸) جامعاتی تعلیم میں گریجویشن سے آگے بڑھنا (یعنی ایم۔اے یا پی ایچ ڈی کرنا) ؛ (عدالت میں) بیرسٹر ہونا ۔

Exertions proceed from hope : امید وسعی، کوشش کا باعث ہوتی ہے ۔

How shall we proceed : اس میں ہم کیا رویہ اختیار کریں ؟ کس کس طرح کاروائی کریں؟

Sobs were heard to proceed from the next room : سبکیاں برابر کے کمرے سے آتی سنائی دیں ۔

The case -/ the play will now proceed : مقدمہ ، کھیل ، ڈراما اب شروع ہوگا ، جاری ہوگا ۔

To proceed against a person : کسی شخص کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرنا ۔

To proceed M.A. /-to the degree of M.A. : ایم۔اے کی سند حاصل کرنا ؛ ایم۔اے کرنا ۔

Proceeding : (n) (۱) آگے بڑھنے کا عمل ؛ پیش رفت ۔ (۲) دیکھو Proceedure ۔ (۳) کوئی مخصوص عمل یا سلسلۂ عمل ؛ (جمع) اقدامات ؛ معاملات ؛ مسل ؛ کاروائی ؛ روداد ؛ اجرائے کار ؛ طریق عمل ۔ (۴) قانونی کاروائی ؛ قانونی اقدام ؛ قانونی چارہ جوئی (نیز Legal proceeding) ۔

High -handed proceeding : جابرانہ کاروائی ۔

Legal proceedings : قانونی چارہ جوئی ؛ قانونی کاروائی ؛ قانونی اقدام ۔

We shall institute legal proceeding : ہم قانونی چارہ جوئی کریں گے ؛ ہم قانونی کاروائی کریں گے ۔

Proceeding of Royal Society : (n) رائل سوسائٹی کی روداد ۔

Proceeds : (n) (معاشیات) پیداوار ؛ محاصل ؛ یافت ؛ نیز دیکھو Proceed (n) .

Sale proceeds : (معاشیات) محاصل فروخت ؛ بکری وصولی ۔

Proceleusmatic : (a) [Late L. 'Proceleusmaticus'.] (۱) جاں بخش ؛روح بخش ؛ تحریک آور ؛ اشتعال انگیز ؛ ہمت آفریں ؛ جوش انگیز ۔ (۲) (عروض) چار ہجائی ؛ چوبولی ۔

Proceleusmatic : (n) (عروض) چارہجائی رکن ؛ چوبولی رکن ۔

Procellarian : (n) [mod.L. 'procellaria'.] سمندری طیور کی قسم Procellaria کا یا اس کے جیسا ؛ بطریلی ۔

Procellarian : (n) بطریلی جنس کی چڑیا ؛ بطریل؛ ایک بحری پرند جس کے پر سیاہ و سفید اور بازو لمبے ہوتے ہیں۔

Procephalic : (a) [f. Pro = Gr. 'kephaly.] (حیوانیات ، تشریح) پیش راسی ؛ سر کے اگلے حصے کا (قشریوں اور دیگر حیوانات میں سر کے اگلے حصے کے لختوں یا ابھاروں پر اطلاق ہوتا ہے)۔

Procerebrum : (n) (حیوانیات ، تشریح) پیش دماغ ۔

Procerite : (n) [f. Pro +Gr. 'keras'.] جھینگا مچھلی کی طرح بعض قشریوں کی موچھوں یا محاسوں کے کئی جوڑوں والے اگلے حصے ؛ قشریوں کے محاس کا کئی جوڑوں والا اگلا حصہ ۔

Procerity : (n) [L. 'Proceritas '.] (شاذ) طویل القامتی ؛ طول قامتی ؛ لمبائی ؛ اونچائی ؛ بلند قامتی ۔

Procerus : (a) [L.] (۱)ناک کی ہڈی کے پاس والا عضلہ۔ (۲)(نباتیات وغیرہ) بلند قامت ؛ بلند قد؛ بلند بالا ۔

Proces-verbal/-verbaux : (n) (فرانسیسی قانون) تحریری بیان ؛ بیان تحریری ؛ یاداشت ؛ تحریری روداد ؛ کاروائی جلسہ ؛ تحریری ریکارڈ (کسی سوسائٹی ، اسمبلی وغیرہ کا)؛ (سیاسی گفت و شنید کا) تحریری ریکارڈ ؛ کسی فوجداری یا دیگر چارج کی موافقت میں حقائق کا با ضابطہ تحریری بیان ۔

Process : (n) [L.'processus'.] (۱) زیر ؛ معرض یا مرور کے معنوں میں ۔ (۲) عمل ؛ روش ؛ طریق؛ ترکیب ۔ (۳) عمل ؛ طریق عمل (مثلاً طباعت ، فوٹو ، ساخت اشیاء میں)۔

(۴) قدرتی عمل ؛ غیر اختیاری عمل ۔ (۵) بلاک کی طباعت کا طریقہ جو دستی کنندہ کاری سے جدا ہے ۔ (۶) قانونی کاروائی ؛ سمن ؛ اِجرائے سمن ؛ اطلاع نامہ ؛ حکم نامۂ عدالت ؛ پروانۂ عدالت ؛ طلب نامہ ۔ (۷) (حیوانیات ، نباتیات، تشریح) ابھار ؛ زائدہ ۔ (۸) (منطق) قضیے سے نتیجے کی طرف بڑھنے کا عمل (صرف Illicit process میں مستعمل ہے)۔

Fianal process : (قانون) آخری روبکاری ۔

Original process : (قانون) اطلاع نامہ ؛ طلبی مدعا علیہ ؛ سمن ؛ نوٹس ۔

Revenue process : (قانون) دستک ۔

Verbal process : (قانون) زبانی کاروائی ۔

Process : (v) (۱) (کسی کے خلاف) عدالتی کاروائی کرنا؛ عدالتی چارہ جوئی کرنا ؛ مقدمہ چلا نا ؛ (کسی پر) سمن جاری کرنا یا تعمیل کرنا ۔ (۲) عمل کرنا (کسی مادہ پر فوٹو گرافی میں) میکانکی طور پر یا فوٹو گرافی کے طریقے سے کسی نقش کا مثنیٰ تیار کرنا ۔ (۳)(خاص عمل کے ذریعہ سے کھانا یا میوہ وغیرہ) سڑنے سے محفوظ کرنا ۔

Process : (v) [Back-formation from Procession .] جلوس میں جانا ، چلنا یا نکلنا ؛ جلوس میں نکلنا ۔

Process block : (n) (طباعت) تصویری بلاک ؛ چھاپنے والا بلاک جو دستی کندہ کاری سے مختلف طریقۂ کار کے ذریعہ بنایا جاتا ہے ۔

Process fee : (n) (قانون) طلبانہ ۔

Process printing : (n) سہ رنگی چھپائی کا ایک طریقہ ۔

Process service/ -serving : (n) مذکوری ؛ پیادۂ عدالت ؛ سمن کی تعمیل کرنے والا ؛ عدالتی پیادہ ۔

Process work : (n) (طباعت) عکس کاری ۔

Processes : (n) (قانون) مسل ؛ روداد مقدمہ ۔

Processing : (n) عمل ؛ عمل کرنا ؛ خاص عمل کے ذریعہ (کھانے کی چیزوں کو) سڑنے یا خراب ہونے سے محفوظ کرنا ۔

Processing room : (n) (تصویر کشی) عمل گاہ ۔

Processing tax : (n) (امریکا) زراعتی اشیاء پر اس وقت عائد کیا جانے والا محصول جب وہ کاشتکار کے یہاں سے لائی جانے کے بعد پہلی دفعہ کسی عمل سے گذرتی ہیں۔

Procession : (n) [L. 'processio-'.] (۱) جلوس ؛سواری ۔ (۲) (مجازاً) گھڑدور جس میں مقابلہ ٹھیک نہ ہو ۔ (۳) خروج روح القدس : ظہور روح القدس۔

To go- /walk in procession : جلوس میں نکلنا ؛ جلوس میں چلنا۔

Procession : (v) (۱) جلوس نکالنا (کسی کے اعزاز میں) : جلوس میں لے کر جانا ۔ (۲) جلوس میں نکلنا۔

Procession caterpillar : (n) (حیوانیات) جلوسی پروانہ ؛ جلوس بنا کر نکلنے والا پروانہ یا پتنگا؛ جلوس فراشہ ؛ دورۂ فراشہ کی ایک قسم جو جلوس بنا کر نکلتی ہے ۔

Procession-day : (n) جلوس کا دن ؛روز جلوس؛ یوم جلوس(خصوصاً جمع) ایام مناجات ؛ ایام جلوس ؛ مناجات اولیاء کے تین دن جو حضرت عیسیٰ کی عید معراج سے قبل کے تین دن ہوتے ہیں اور جن کے دوران ، جلوس میں مناجات اولیاء پڑھی جاتی ہے ۔

Procession moth : (n) دیکھو Procession caterpiller

Procession-week : (n) ہفتہ جلوس؛ وہ ہفتہ جس میں ایام جلوس منائے جاتے ہیں ؛ دیکھو Procession-day ۔

Processional : (n) [med. L. 'processionalle .'] (۱) جلوسی بھجنوں کی کتاب ۔ (۲) جلوسی مناجات ؛ جلوسی بھجن ۔

Processional : (a) [med. L. 'processionalis.'] (۱) متعلق بہ جلوس ؛ جلوسی ؛ جلوس جیسا؛ جلوس والا ۔ (۲) (مناجات ، بھجن وغیرہ) جلوسی ؛ جلوس میں گائی یا پڑھی جانے والی۔ (۳) جلوس میں لے جایا جانے والا ؛ جلوس میں استعمال کیا جانے والا ۔ (۴) جلوس میں نکلنے والا ، چلنے والا؛ جلوس بنا کر چلنے والا ؛ جلوس بنانے والا ۔

Processional caterpillar : (n) دیکھو Procession caterpillar

Processionalist : (n) شریک جلوس ؛ جلوس میں چلنے والا ؛ جلوس میں نکلنے والا ۔

Processionally : (adv.) جلوس کے طور پر ؛ جلوس میں ؛ جلوس کی طرح سے ؛ جلوس میں نکل کر۔

Processionary : (a) (۱) دیکھو Processional ۔ (۲) (حشریات) جلوسی ؛ جلوس بنا کر نکلنے والا (بعض پروانوں یا پتنگوں پر اطلاق ہوتا ہے جو جلوس بنا کر نکلتے ہیں)۔

Processionary moth : (n) (حیوانیات) جلوسی پروانہ ؛ جلوس بنا کر نکلنے والا پروانہ یا پتنگا ؛ جلوس فراشہ ؛ دورۂ فراشہ کی ایک قسم جو جلوس بنا کر نکلتی ہے ۔

Processioner : (n) جلوس میں جانے والا شخص ؛ جلوس میں نکلنے والا پتنگا ؛ جلوس میں چلنے والا شخص یا پتنگا ؛ شریک جلوس شخص ؛ وہ شخص جو جلوس میں شامل ہو ۔

Processionist : (n) دیکھو Processionalist

Processionize : (v) جلوس میں نکلنا ؛ جلوس میں چلنا ؛ جلوس بنا کر چلنا یا نکلنا ۔

Prochain/Prochein : (a) [Fr.] قریبی ؛ قریب ترین رشتہ دار۔

Prochain ami/Prochein- /-amy : (n) قریب ترین رشتہ دار یا دوست ؛ (قانون) قریبی رشتہ دار جو کسی مقدمے میں اس شخص کی نمائندگی کرنے کا قانوناً مجاز ہوجو عدالت میں حاضر ہونے کے لائق نہ ہو (مثلاً بچہ یا شادی شدہ عورت)۔

Prochlorite : (n) ایک معدنی شے جو کلورائٹ گروپ کے مینگنیشیم ، لوہے اور الومینیم کے اساسی سلیکیٹ پر مشتمل ہوتی ہے $[(Mg.,Fe)_9 AL_6 SI_5O_{20} (OH)_{16}]$

Prochoos / Prochooi : (n) [Gr.] لمبا پتلا قدیم یونانی ظرف(خصوصاً وہ جس میں ہاتھ دھونے کے لئے پانی رکھا جاتا تھا)۔

Prochordal : (a) (جنین) Notochord کے پہلے یا آگے کا؛ جو Notochord سے پہلے (واقع) ہو۔

Prochronism : (n) [f. Pro- +Gr. 'Kronos '.] کسی واقعے کو اس کی تاریخ سے قبل کی تاریخ سے منسوب کرنا ؛ پیش زمانی ۔

Procidentia : (n) [L.] (طب) خروج الرحم ؛ رحم کا باہر آنا ۔

Proclaim : (v) [L. 'proclamare '.] (۱) اعلان کرنا ؛ اشتہار دینا ؛ مشتہر کرنا ؛ منادی کرنا ؛ منادی کرانا ؛ اعلان عام

کرنا؛ ڈھنڈورا پیٹنا ؛ سرکاری اعلان کرنا یا کرانا۔
(۲) کسی کی غداری اور قوم فروشی کا اعلان کرنا۔
(۳) صلح یا جنگ کا اعلان کرنا۔ (۴) تخت نشینی
کا اعلان کرنا۔ (۵) کسی علاقے پر قانونی پابندیاں
عائد کرنا ؛ جلسے کی ممانعت کرنا ؛ جلسے کی ممانعت
کا اعلان کرنا۔ (۶) (چیزوں کو) مشہور یا مشتہر
کرنا ؛ نمائش کرنا ؛ دکھانا ؛ ظاہر کرنا۔

The whole country is proclaimed : ملکِ ممنوع ؛ ممنوع سلطنت .

To proclaim meeting : جلسے کی ممانعت کرنا؛ جلسے کی ممانعت کا اعلان کرنا۔

To proclaim war : (کسی طاقت کے خلاف ،عوام میں) اعلان جنگ کرنا۔

Proclaimed offender : (n) (قانون) اشتہاری مجرم۔

Proclaimer : (n) [L.'proclaimatio '.] معلن ؛ اعلان کنندہ ؛ ڈھنڈورچی ؛ مشتہر کرنے والا۔

Proclamation : (n) [L.'proclaimatio'.] (۱) اعلان؛ اشتہار ؛ منادی ؛ ڈھنڈورا۔ (۲) اعلان شاہی ؛ فرمان ؛ شاہی اعلان۔
(۳) قانونی پابندی۔ (۴) تخت نشینی کا اعلان ؛ اعلان جلوس شاہی (تخت پر)۔

Proclamation piece : (n) تمغہ یاسکہ جو کسی بادشاہ کی تخت نشینی کے موقع پر جاری کیا گیا ہو ؛ جلوس شاہی کے اعلان کے ساتھ ساتھ جاری کیا ہوا سکہ یا تمغہ ۔

Proclamatory : (a) (۱) متعلق بہ اعلان ؛ اعلان آسا ؛ اعلان یا اشتہار کا۔ (۲) اعلانی ؛ اشتہاری ؛ منادیانہ ؛ اعلانی حیثیت رکھنے والا یا اعلان کرنے والا (واقعہ وغیرہ)۔

Proclitic : (a) [mod. L. 'procliticus'.] (یونانی صرف نحو) (یك ہجائی لفظ) جو تلفظ میں اپنے بعد والے لفظ سے اس طرح مربوط ہو کہ غیر ہجائی لگے ؛ دیگر زبانوں کے ایسے ہی ایك ہجائی لفظ پر اطلاق ہوتا ہے ؛ خفیف التلفظ۔

Proclitic : (n) [as prec.] وہ یك ہجائی لفظ جو تلفظ میں اپنے بعد والے لفظ سے اس طرح مربوط ہو کہ غیر ہجائی لگے ؛ خفیف التلفظ لفظ۔

Proclivity : (n) [L. 'proclivitas'.] (۱) میلان ؛ میلان خاطر؛ رجحان طبع ؛ لگاؤ۔ (۲) (نفسیات) میلان ؛ مستعدی ۔

Procoelia : (a) [mod. L.] (۱) پیش قعری حیوان ؛ پیش قعریہ ۔
(۲) (تشریح) قعر پیش دماغ۔

Procoelian : (n) پیش قعری حیوان ؛ پیش قعریہ نوع کا کوئی حیوان۔

Procoelous : (n) (حیوانیات) پیش قعری ؛ پیش مقعر۔

Proconsul : (n) [L.] (۱) (تاریخ روما) رومی صوبے کا صوبہ دار یا والی۔ (۲) سابق قونصل۔ (۳) عامل صوبۂ اعیانی (Senatorial) ؛ صوبۂ اعیانی کا گورنر۔ (۴) (علم بیان) جدید نو آبادی کا گورنر۔ (۵) نائب قونصل ؛ نائب گورنر ؛ ڈپٹی گورنر۔

Proconsul : (n) [mod. L.f.L. pro-+ Consul, a chimpanzee in the London zoo.] (۱)آدمی نما بوزنوں (بے دمے بندروں) کی ایك قدیم و ناپید افریقی جنس جس کے نشانات تیسرے ارضیاتی دور کے طبقۂ اوسط میں ملتے ہیں۔
(۲) اس جنس کا بوزنہ۔

Proconsular : (a) پرو قونصلی ؛ متعلق ؛ پرو قونصل ؛ صوبائی ؛ رومی صوبہ دار کے زیر انتظام ؛ رومی صوبے کا۔

Proconsulate : (n) [L. 'proconsulatus '.] عہدۂ پروقونصل ؛ وہ علاقہ جو پرو قونصل کے زیر حکومت ہوتا تھا۔

Proconsulship : (n) پروقونصلی ؛ پرو قونصل کا منصب۔

Procrastinate : (v) [L. 'procrastinare '.] (۱) تاخیر کرنا ؛ دیر کرنا؛ دیر لگانا ؛ درنگ کرنا ؛ تعویق کرنا ؛ لیت و لعل کرنا ؛ معرض تعویق میں ڈالنا۔ (۲)(شاذ) ملتوی کرنا ؛ معرض التوا میں ڈالنا ۔

Procrastinating : (a) دیر لگانے والا ؛ لیت و لعل کرنے والا ؛ تاخیر کرنے والا ؛ مائل بہ تاخیر ؛ جس میں دیر لگے ؛ دیر کا ؛ تاخیری ؛ تعویقی ۔

Procrastinatingly : (adv.) تاخیراً ؛ تعویقاً ؛ دیر کرکے ؛ دیر لگا کے ؛ آج کل کرکے۔

Procrastination : (n) [L. 'procrastinatio'.] تاخیر ؛ تعویق؛ درنگ ؛ دیر ؛ التوا ؛ لیت و لعل ؛ سامعہ ؛ امروز فردا۔

Procrastinative : (a) تاخیری ؛ تعویقی ؛ التوائی ؛ ملتوی ؛ مائل بہ تاخیر ؛ جس کی نیت تاخیر کرنے کی ہو۔

Procrastinator : (n) تاخیر کرنے والا ؛ تعویق کرنے والا ؛ معرض التوا میں رکھنے والا۔

Procrastinatory : (a) تاخیرانہ ؛ تعویقانہ ؛ جس میں دیر لگے ۔

Procreant : (a) [L. 'procreans,-ant'.] (۱) افزائش نسل کرنے والا؛ پیدا کرنے والا ؛ جننے والا ؛ بچہ دینے والی ؛ ثمر آور؛ (نیز مجازاً) نتیجہ خیز ؛ انجام آور ۔ (۲) تولیدی ؛ تابع تولید ؛ معاون تولید و تناسل؛ خلق کنندہ ؛ خالق ؛ ایجاد کنندہ ؛ موجد ۔

Procreate : (v) [f.L. 'procrere '.] (شاذ) پیدا کرنا ؛ جننا ؛ بچہ دینا ؛ افزائش نسل کرنا ؛ (نیز مجازاً)۔

Procreation : (n) [L. 'procretio'.] (۱) تولید ؛ تناسل ؛ پیدائش ؛ ولادت ؛ جننا ۔ (۲) (انجینئرنگ) ایجاد ۔

Procreative : (a) تولیدی ؛ متعلق بہ تولید ؛ پیدا کرنے کی قوت رکھنے والا ؛ بچہ دینے کی قوت رکھنے والی ؛ ثمر آور ؛ بار آور ؛ بچہ جننے والی ۔

Procreativeness : (n) تولید ؛ تناسل ؛ قوت تولید و تناسل ؛ صلاحیت تولید ؛ ثمر خیزی ؛ بار آوری ۔

Procreator : (n) والد ؛ والدہ ؛ جننے والا یا والی ؛ ثمر خیز ؛ ثمر زا ؛ خالق ؛ ایجاد کنندہ ؛ موجد ۔

Procrustean : (a) [f.'procrustes+an .] پروکرسٹیز کا یا اس سے متعلق ؛ جبر و تشدد کے ذریعہ یکسانی پیدا کرنے والا یا پیدا کرنے کا (طریقہ)۔

Procrusteanism : (n) جبری یکسانی ؛ جبری یکسانی پیدا کرنے کا طریقہ ۔

Procrustes : (n) [Gr. 'Prokroustys'.] پروکرسٹیز ؛ ایک افسانوی ڈاکو جو اپنے اسیروں کو چارپائی پر لٹاتا ، اگر وہ چھوٹے پڑتے تو انہیں شکنجے میں کس کر لمبا کر دیتا تھا اور بڑے ہوتے تو ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ ڈالتا تھا۔

Procrypsis : (n) [f. Pro-+ Gr. 'krypsis '.] (حیوانیات) حفاظتی رنگت ۔

Procryptic : (a) [f. Pro-+Gr. 'kryptickos'.] حفاظتی ؛ محفوظ طور پر چھپنے میں مدد دینے والا ؛ محفوظ طور پر چھپانے والا (رنگ یا شکل)؛ بعض کیڑوں یا دیگر حیوانات کے حفاظتی رنگ روپ پر اطلاق ہوتا ہے ۔

Procryptically : (adv.) حفاظتی رنگ و روپ ؛ محفوظ طور پر چھپانے والے رنگ روپ کے ذریعہ ۔

Proct-/Procto- /Procti- : (comb.) [Gr. 'proktos '.] جزو ترکیبی بمعنی (۱) مقعد ؛ مبرز ۔ (۲) مستقیم ؛ بڑی آنت کا آخری حصہ ۔ (۳) مقعد و مستقیم ۔

-procta : (comb.) جزو ترکیبی جو خاص قسم کے حیوانات کے ناموں کے ساتھ آتا ہے ۔

Procta : (n) مخصوص مبرزی حیوان ؛ مخصوص دُبری حیوان ؛ خاص قسم کے مبرز اور چوتڑوں والا جانور ۔

Proctal : (a) (تشریح) دبری ؛ مبرزی ؛ جو حیوانات کے فضلے والی آنت کے فوراً آگے یا سامنے واقع ہو۔

Proctalgia : (n) درد مقعد ؛ درد سُرم ؛ درد مستقیم ؛ بڑی آنت کے آخری حصے کا درد ۔

Proctectomy : (n) (جراحی) سُرم براری ؛ مقعد تراشی ۔

Proctiger : (n) مبرز حشرہ ؛ کیڑے کے شکم کا آخری مخروطی حصہ جس میں مبرز ہوتی ہے ۔

Proctitis : (n) سوزش مقعد و مستقیم ؛ ورم مقعد و مستقیم ؛ بڑی آنت کے آخری حصے اور مبرز کا ورم اور سوزش ؛ ورم سُرم ؛ سوزش مستقیم ۔

Proctoclysia/ Proctoclyses : (n) [mod. L.] امعاء مستقیم میں بذریعہ انجکشن کوئی سیال (مثلاً نمک کا محلول) داخل کرنا (جسم میں مائع کی کمی پوری کرنے کی غرض سے) ۔

Proctodaea/Proctodaeums / Proctodeuma / Proctodea : (n) Proctodaeum کی جمع ۔

Proctodaeal/Proctodeal : (a) (طب) بروز سرم ؛(جنین) مقعد کا خارجی حصہ جو (جر ثومے کے) اوپری غلاف کی صورت سے شروع ہوتا ہے ۔

Proctologic/-al : (a) سُرمیاتی ؛ مقعد شناسی کا یا اس سے متعلق ۔

Proctologist : (n) [as prec.] سُرمیات داں ؛ مقعد شناس ؛ مقعد و مستقیم کی ساخت اور ان کے امراض کا علم رکھنے والا ؛ ماہر سرمیات ؛ ماہر مقعد شناسی ۔

Proctology : (n) [f. Procto-+-logy .] سرمیات ؛علم امعاء و مستقیم ؛ مقعد شناسی ؛ مبرز شناسی ؛ مقعد و مستقیم کی ساخت اور ان سے متعلق امراض کا علم ۔

Proctophyllodidae : (n) [mod. L.f. 'proctophylides'.] مرغ جوؤں کا ایک وسیع خاندان ؛ مرغ جوؤں کی ایک قسم ؛ اس قسم کی مرغ جوئیں ۔

Proctor : (n) [A syncopated form of 'procuratour'.] (۱)(جامعہ) پراکٹر : مودب مقیم : جامعہ کا عہدہ دار جو طلبا کی نگرانی اور دوسرے فرائض ادا کرتا ہے : نگران طلبا۔ (۲) (قانون) عدالت دیوانی کا وکیل (خصوصاً مذہبی عدالت)۔ (۳) ایک کلیسائی عہدہ دار۔

King's (Queen's) proctor : افسر تصدیق کنندۂ وصیت و اطلاق و فک رہن۔

Proctorage : (n) پراکٹر کے ذریعے انتظام و انصرام۔

Proctorial : (a) پراکٹر کا : متعلق بہ پراکٹر (جامعہ و مذہبی عدالت میں)۔

Proctorization : (n) پراکٹر کی حیثیت سے(انڈر گریجویٹ) سزا دینے، طلب کرنے یا اس کی تادیب کرنے کا عمل۔

Proctorize : (v) (کسی انڈر گریجویٹ وغیرہ پر) پراکٹوریل اختیارات کا استعمال کرنا یا آزمانا : بطور پراکٹر سزا دینا، تادیب کرنا یا طلب کرنا۔

Proctor's dog/-bulldogs : (n) (یونیورسٹی عامیانہ) رات کی گشت میں پراکٹروں کے ساتھ رہنے والے سپاہی۔

Proctorship : (n) پراکٹر یا مودب کا عہدہ یا منصب : پراکٹر شپ۔

Proctoscope : (n) سرم بیں : مقعد و مستقیم کو پھیلا کر معائنہ کرنے کا آلہ : مبر زبیں۔

Proctoscope : (v) سرم بیں کا استعمال کرنا : سرم بیں کی مدد سے مقعد و مستقیم کا معائنہ کرنا۔

Proctoscopic : (a) سرم بیں یا سرم بینی کا یا اس سے متعلق : مبرز بینی کا یا اس سے متعلق۔

Proctoscopically : (adv.) ازروئے سرم بینی : ازروئے مبر زبینی۔

Proctoscopy : (n) امعاء مستقیم کو پھیلانے اور اس کا معائنہ کرنے کا عمل : سرم بینی : مبرز بینی۔

Proctosigmoidectomy : (n) امعاء مستقیم اور بڑی آنت کوعمل جراحی کے ذریعہ مکمل طور پر کاٹ کر نکال دینا : سُرم قولون براری : سرم قولون تراشی۔

Proctomy : (n) سرم تراسی : سرم براری۔

-proctous : (comb.) مخصوص قسم کی مبرز کا یا اس سے متعلق : مخصوص قسم کی مبرز والا : مخصوص مبرزی۔

-proctus : (comb.) جزو ترکیبی بمعنی مخصوص مبرزی حیوان۔

Proctuchous : (a) سرم دار :مقعد دار : مبرز دار(حشرہ) : ایک قسم کے کیڑے Turbellarian کی اس قسم پر اطلاق ہوتا ہے جو سرم دار یا مبر ز دار ہوتی ہے۔ (یہ حشرہ کھارے یا میٹھے پانیوں یا مرطوب زمینوں میں رہتا ہے)۔

Procumbent : (a) [L. 'procumbens,-ent'.] (۱) چت : پیٹ کے بل لیٹا ہوا یا پڑا ہوا۔ (۲) (نباتیات) غلطاں : جو زمین پر پھیلے : لیٹا ہوا۔

Procurable : (a) [f. Procure(v) + -able .] لائق حصول : مہیا کئے جانے کے لائق : قابل حصولی : حاصل ہو سکے۔

Procural : (n) (۱) حصول فراہمی : کوئی چیز حاصل کرنے یا جمع کرنے کا عمل : (مثلاً کتب خانے کے لئے نئی کتابوں کا حصول۔ (۲) دیکھو Procurement .

Procurance : (n) [as prec. +-ance.] حصول: ذریعۂ حصول :ایجنسی۔

Procuration : (n) [L. 'procuratio'.] (۱) حصول : حاصل کرنا : مہیا کرنا۔ (۲) (قانون) مختار نامہ : مختار کا کام : مختاری : نیابت : نیابت نامہ۔ (۳) (کلیسا) اسقف یا دیگر زائرین کی دعوت کا سامان جو کلیسا کے عہدہ داروں کی طرف سے فراہم کیا جاتا تھا۔ (۴) قرضے کی گفت و شنید : قرضہ دلانے کی دستوری یا کمیشن۔ (۵) دلالی : قرم ساقی یا اس کا ارتکاب : بھڑواگیری : کٹنے یا کٹنی کا کام۔

By procuration : مختار کے ذریعہ : بذریعہ مختار۔

Letter of procuration / Power - : (قانون) نیابت نامہ : مختار نامہ۔

Procuration fee/-money : (n) قرضہ دلانے کی دستوری یا کمیشن۔

Procurator : (n) [L.] (۱) (تاریخ روما) افسر خزانہ۔ (۲) گماشتہ : نائب : کارندہ : قائم مقام : مختار : مختار کار : متولی۔ (۳) (بعض اطالوی شہروں میں) مجسٹریٹ یا حاکم عدالت۔

Procurator-fiscal : (n) (اسکاچستان) (ضلع کا) سرکاری وکیل : پبلک پروکیوریٹر۔

Procurator general :(n) مختار عام : مدار المہام۔

Procurator of St.Mark : (n) جمہوریۂ وینس کا وہ سینئر جسے اعلیٰ انتظامی اختیارات حاصل ہوتے ہیں۔

Procuratorial : (a) عاملانہ ؛ نائبانہ ؛ قائم مقامانہ ؛ مختارانہ ؛ مختار یا پراکٹر کا یا اس سے متعلق۔

Procuratorship : (n) نیابت ؛ مختاری ؛ کارندگی ؛ گماشتگی ؛ قائم مقامی۔

Procuratory : (n) [Late L . 'procuratorius '.] (دیوانی و اسکاتستانی قانون) مختاری ؛ نیابت ؛ مختار کاری ؛ کارندگی ؛ گماشتگی ؛ تحریر مختاری؛ پروانۂ مختاری ؛ مختار نامہ ؛ نیابت نامہ ؛ شق نیابت ؛ شق مختاری (نیابت نامہ کی)۔

Letters of procuratory : تحریر مختاری ؛ مختارنامہ ؛ نیابت نامہ ؛ پروانۂ مختاری ؛ پروانۂ نیابت ؛ (نیابت نامے کی) شق نیابت ؛ شق مختاری۔

Procuratrix : (n) [L.] منتظم نن سال (Nunnery) ؛ دارالراہبات کی منتظمہ۔

Procure : (v) [L. ' procurare '.] (۱) بہم پہنچانا؛ حاصل کرنا ؛ پا نا ؛ مہیا کرنا ؛ جد و جہد کرنا؛ (حاصل کرنے کے لئے)۔ (۲) (قدیم) وقوع میں لانا ؛ باعث ہونا ؛ سبب ہونا ؛ (کسی کو کچھ کرنے کی) ترغیب دینا ؛ بہکا نا ؛ آمادہ کرنا ۔ (۳) دلالی کرنا ؛ کٹنا پا کرنا ؛ قرم ساقی کرنا ۔ (۴) جنسی تسکین کے لئے (عورت) حاصل کرنا ۔

Procurement : (n) حصول ؛ فراہمی ؛ بہم رسانی ؛ تحصیل ۔

Procurer : (n) [OFr. ' procureur '.] (۱) حاصل کرنے والا؛ بہم پہنچانے والا ؛ مہیا کرنے والا ؛ پیدا کرنے والا ۔ (۲) دلالہ ؛ مشاطہ ؛ قرم ساق ؛ قلتبان ؛ بھڑوا ؛ کٹنا ؛ کٹنی ۔

Procuress : (n) [OFr. 'procureresse'.] دلالہ ؛کٹنی ؛ قطامہ ؛ وہ عورت جس کا پیشہ خواہش نفس کی تسکین کے لئے عورتیں فراہم کرنا ہو۔

Procureur : (n) [Fr.] مختار ؛ عامل ؛ کارندہ ؛ گماشتہ ؛ ایجنٹ ؛ قانونی نمائندہ ؛ نائب۔

Procyon : (n) [Gr. 'Prkyon '.] (۱) (علم النجوم) شعرائے شامی ؛ غمیصا(ستارہ)۔ (۲) (حیوانیات) تلووں کے بل چلنے والے گوشت خور اور پستاندار حیوان کی ایک جنس جس میں خرسک (امریکی ریچھ) بھی شامل ہے ؛ جنس خرسک ۔

Procyonidae : (n) [mod. L.f. Procyon +-idae.] (حیوانیات) خرسکان۔

Prod : (n) (۱) کھوکا ؛ چرکا ؛ چبھونا؛ بھونکنا ؛ آنکس ۔ (۲) آر ؛ خار ؛ نوکدار اوزار ۔

Prod : (v) [Origin doubtful .] (۱) چبھونا ؛ بھونکنا ؛ کھوکے لگانا ؛ (چھڑی وغیرہ سے) ہولا مارنا ؛ آنکس دینا ؛ پیلنا ؛ گڑونا ۔ (۲) (مجازاً) ستانا ؛ دق کرنا ؛ چھیڑنا ؛ جھنجھوڑنا ؛ مہمیز کرنا ؛ متہیج کرنا ؛ جوش دلانا ۔

Prodder : (n) چبھونے والا ؛ بھونکنے والا ؛ آنکس دینے والا ؛ چھیڑنے والا ؛ اکسانے والا؛ مہمیز کرنے والا ۔

Prodelision : (n) [L. 'prod'.+ E'elision '.] (عروض) حذف حرف علت ؛ حرف علت کا گرنا(مثلاً I am کے عوض I'm).

Prodenia : (n) [mod. L.] کیڑوں کی ایک جنس جن کے لاروے مختلف النوع پودوں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔

Prodenia lithoralis : (n) (حیوانیات) مصری روئی کا کیڑا۔

Prodigal : (a) [late L. 'prodigalis'.] (۱) بے دریغ خرچ کرنے والا ؛ فضول خرچ ؛ شاہ خرچ ؛ بے حساب خرچ کرنے والا ۔ (۲) بہت خرچیلی (اشیاء یا افعال) ؛ مصرفانہ ۔ (۳) بے دریغ بخشش ؛ عطا و بخشش میں فرد ؛ دل کھول کر دینے والا ؛ افراط سے دینے والا ۔

Prodigal : (n) (۱) پانی کی طرح روپیہ بہانے والا شخص ؛ مصرف ؛ شاہ خرچ ؛ فضول خرچ ؛ برباد کرنے والا ؛ ضائع کرنے والا ۔ (۲) مصرف بیٹا (لوقا باب ۱۵ آیت ۱۱ تا ۳۲).

To play the prodigal : اصراف بیجا کرنا؛ شاہ خرچی یا فضول خرچی کرنا ؛ لٹانا ؛ برباد کرنا ۔

Prodigal : (adv.) مصرفانہ ؛ فضول خرچی سے ؛ بے دریغ ۔

Prodigal son : (n) (۱) مصرف بیٹا (لوقا باب ۱۵ آیت ۱۱ تا ۳۲). (۲) تائب گنہگار ۔ (۳) کھائی جانے والی دو سمندری مچھلیوں (Cobia اور Rainbow-runner) میں سے کوئی ایک ۔

Prodigality : (n) [late L. 'prodigalitas'.] (۱) اصراف ؛فضول خرچی ؛ شاہ خرچی ؛ بے دریغ خرچ ۔ (۲) افراط ؛ بہتات ؛ کثرت ؛ ریل پیل ۔

Prodigalize : (v) بیدردی سے خرچ کرنا ؛ بے دریغ خرچ کرنا ؛ اصراف بیجا کرنا ؛ فضول خرچ کرنا ؛ اصراف کرنا ؛ شاہ خرچی ؛ بے حساب یا بے انداز خرچ کرنا ۔

Prodigally : (adv.) مصرفانہ ؛ فضول خرچی سے ؛ بے دریغ ؛ بے حساب

خرچ کر کے۔

Prodigious : (a) [L. 'prodigiosus '.] (۱) عجیب و غریب : حیرت انگیز۔ (۲) عظیم الشان : بہت بڑا : گراں قدر : بھاری بھرکم : بے اندازہ۔ (۳) غیر معمولی : انوکھا : عجیب الخلقت (بطور فجائیہ)۔

Prodigious : (adv.) حیرت انگیز طور پر : بے اندازہ طور پر : عجیب الخلقت انداز میں۔

Prodigiously : (adv.) حیرت انگیز طورپر : بے اندازہ طور پر : عجیب و غریب انداز میں : عجیب الخلقت انداز میں : انوکھے پن سے : نرالے انداز میں۔

Prodigiousness : (n) عجیب الخلقی : حیرت انگیزی : بھاری بھرکم پن : انوکھا پن : نرالا پن۔

Prodigy : (n) [L. 'prodigium '.] (۱) عجیب و غریب شے : نادر روز گار شے : انوکھی چیز : اچنبھا : عجوبہ : عجوبۂ کمال۔ (۲) عجیب الخلقت چیز یا شخص : (طب، حیوانیات) عجیب الخلقت۔ (۳) حیرت خیز کمال کا نمونہ۔ (۴) غیر معمولی اوصاف کا شخص : خصوصاً وہ بچہ جو اپنی عمر کے لحاظ سے بہت ذکی ہو : حیرت انگیز باکمال شخص : محیر العقول صلاحیت والا۔

A prodigy violinist : ایک محیر العقول رباب نواز۔

Proditorious : (a) [L.'proditor'.] غدار : دھوکے باز : نمک حرام : بے وفا : دغا باز۔

Prodromal : (a) (۱)ابتدائی : اولین : تمہیدی : مقدماتی۔ (۲) (مرضیات) منذر : انذاری : (امراض کی) پیش آگاہی دینے والی (علامت)۔

Prodrome : (n) [Fr. f. mod. L. Prodromus.] (۱) ابتدائی رسالہ : تعارفی یا تمہیدی رسالہ : کتابچہ یا کتاب : ابتدائی یا تمہیدی مقالہ یا باب : (کسی کتاب کا) مقدمہ۔ (۲) (مرضیات) ابتدائی علامت منذرہ : مرض کی پیش آگاہی دینے والی علامت۔

Prodromi : (n) Prodromus کی جمع۔

Prodromic : (a) دیکھو Prodromal

Prodromous : (n) [Gr. 'prodromos'.] (۱) پیش رو : مقدم : (علامت کے طور پر) پہلے آنے والا واقعہ : پیش خبری یا پیش آگاہی کرنے والا واقعہ : پیش خیمہ۔ (۲) مقدمہ : تمہیدی یا تعارفی مقالہ، کتابچہ، رسالہ (جو کسی بڑی تصنیف کا دیباچہ ہو) : دیباچہ۔ (۳) (مرضیات) ابتدائی علامت : علامت منذرہ : فرض کی پیش آگاہی دینے والی علامت۔

Produce : (n) [f. Produce (v).] (۱) پیداوار : حاصل : آمد۔ (۲) زرعی پیداوار : قدرتی پیداوار۔ (۳) حاصل : ما حصل : ثمرہ (محنت و مشقت کا)۔ (۴) اسلحہ خانہ اور دیگر فوجی و بحری ذخیروں کی شکست و ریخت کے بعد جو اشیاء ہاتھ لگیں۔

Brought to produce : (اسلحہ خانہ) توڑ پھوڑ کے بعد چیزوں کی قسم بندی یا صنف بندی کر لی گئی : توڑ پھوڑ کے بعد چیزوں کو الگ الگ قسم وار طور پر ترتیب دے دیا گیا۔

Raw produce : خام پیداوار۔

Produce : (v) [L. 'Producere'.] (۱) پیش کرنا : حاضر کرنا۔ (۲) معائنے یا غور کے لئے پیش کرنا : (مثلاً شہادت، گواہ، وجوہ، ٹکٹ وغیرہ)۔ (۳) شائع کرنا : منظر عام پر لانا : پبلک میں لانا : پبلک کے سامنے پیش کرنا (مثلاً ڈراما، کتاب، تماشہ وغیرہ)۔ (۴) (مساحت) بڑھانا : (کسی خط کو کسی نقطے تک) وسیع کرنا۔ (۵) خام پیداوار سے (مصنوعات) بنانا۔ (۶) وقوع میں لانا : باعث ہونا : پیدا کرنا (تہلکہ، سنسنی وغیرہ)۔ (۷) پیداوار دینا : فصل پیدا کرنا۔ (۸) (اولاد) پیدا کرنا : (پھل) دینا (پودوں کا)۔

Produceable : (a) پیدا ہونے کے قابل : جو پیدا ہو سکے : پیداوار کے قابل : معائنے یا پیش کرنے کے قابل۔

Produced : (a) کسی خاص سمت میں بڑھایا ہوا یا وسیع کیا ہوا : (خط) کھینچا ہوا : (ہندسہ) ممدودہ : بڑھایا ہوا : غیر متناسب طور پر لمبا کیا ہوا۔

Producent : (a) [L. 'producens,-ent'.] (قانون) کوئی گواہ یا دستاویز پیش کرنے والا۔

Producent : (n) (۱) دیکھو Producer۔ (۲) گواہ یا دستاویز پیش کرنے والا فریق۔

Producer : (n) (۱) پیدا کرنے والا : پیش کرنے والا۔ (۲) (ڈرامہ وغیرہ) پیش کرنے والا : پروڈیوسر : (امریکا) تھیٹر کا مالک یا منیجر۔ (۳) (سیاسیات، معاشیات) ایجانے والا : پیدا کرنے والا : بنانے والا (اشیاء کا) : آجر : صانع (بخلاف صارف)؛ پیداکار۔ (۴) دیکھو Gas producer۔

Gas producer : گیس پرو ڈیوسر : کاربن مونو آکسائڈ گیس پیدا کرنے والی بھٹی ۔

Producer-gas : (n) گیس پروڈیوسر سے پیدا شدہ کاربن مونو آکسائڈ گیس جو ایندھن کے کام آتی ہے ۔

Producibility : (n) زرخیزی : پیداوار کی صلاحیت : پیداوار کی قابلیت : پیدا ہونے یا پیدا کئے جانے کی قابلیت : قابلیت تولید : باروری : نتیجہ خیزی ۔

Producible : (a) پیدا ہونے کے قابل : جو پیدا ہو سکے : پیداوار کے قابل : معائنے یا پیش کرنے کے قابل ۔

Product : (n) [L. 'productum '.] (۱) پیداوار : حاصل : مصنوعات ۔ (۲) نتیجہ : ماحصل : پھل ۔ (۳) (ریاضیات) وہ مرکب جو کسی شے میں نہ ہو مگر دوران تحلیل اس میں پیدا ہو جائے : حاصل تجزیہ ۔

Productibility : (n) پیدا ہونے یا کئے جانے کی حالت یا صفت : قابلیت تولید : باروری : نتیجہ خیزی ۔

Productible : (a) دیکھو Producible

Production : (n) [L. 'productio,-on'.] (۱) پیدا کرنے کا عمل : پیدا کئے جانے کی حالت : پیدا کرنا : پیش کرنا ۔ (۲) پیداوار : وہ چیز جو پیدا ہو : وہ چیز جو کسی عمل یا کوشش کا نتیجہ یا حاصل ہو : ماحصل : (خاص کر جمع) ادبی یا فنی کام : تصنیف : (انجینئرنگ) ایجاد ۔ (۳) پیش کرنے کا عمل : پیشکش : (قانون) عدالت میں کسی دستاویز کی پیشکش (معائنے کی غرض سے) ۔ (۴) کشیدگی : توسیع : کشائش : تطویل : (کسی خط کو) آگے کسی نقطے تک کھینچنے ، وسیع کرنے یا لمبا کرنے کا عمل ۔ (۵) (حیاتیات) پیدائش ۔

Productive : (a) [late L. 'productivus '.] (۱) زرخیز : سیر حاصل : کثیر پیداواری : بہتات سے پیدا کرنے والا : کثیر زا ۔ (۲) پیدا کرنے والا ۔ (۳) باعث : موجب ۔ (۴) (معاشیات) پیداوار : بار آور : حاصل خیز : سود مند ۔ (۵) ابداعی ۔ (۶) معنی خیز ۔

Productive imagination : (n) (نفسیات) ابداعی تخیّل ۔

Productive labour : (n) (معاشیات) بار آور محنت : ثمر آور محنت ۔

Productive labourer : (n) بارآور مزدور : ثمر آور اجیر ۔

Productive mine : (n) معدن سیرِ حاصل : سیرِ حاصل معدن ۔

Productive soil : (n) زرخیز یا سیر حاصل زمین ۔

Productive writer : (n) پرنویس یا بسیار نویس مصنف : پرگو شاعر یا مصنف ۔

Productively : (adv.) ازروئے پیدائش : ازروئے منفعت ۔

Productiveness : (n) زرخیزی : بار آوری : کثیر زائی : زرخیز ہونے کی حالت یا صفت : سیر حاصلی : سرشاری : باروری : حاصل خیزی : سود مند ی : قابلیت تولید ۔

Productivity : (n) زرخیزی : بار آوری : کثیر زائی : زرخیز ہو نے کی حالت یا صفت : سیر حا صلی : سرشاری : بار وری : حاصل خیزی : سود مندی : قابلیت تولید : کثیر پیدا واریت : بار آور محنت کی فی اکائی مادی پیداوار : پیداواریت : پیدا آوری ۔

Productor : (n) پیدا کار : ثمر آور : پیدا کرنے والا : پروڈیو سر : پیش کرنے والا ۔

Productory : (a) پیداواری : تولیدی ۔

Productoress : (n) پیدا کار عورت : عورت پروڈیو سر : پیدا کرنے والی یا پیش کرنے والی ۔

Products : (n) مصنوعات ۔

Productus : (n) [L.] بازو پا یوں کی ایک معدوم جنس : (نباتیات) خارجہ ۔

Proem : (n) [L. 'prooemium '.] (۱) تمہید : دیباچہ : مقدمہ : (کسی کتاب یا تقریر کا) پیش لفظ ۔ (۲) آغاز : ابتداء : شروعات ۔

Proembryo : (n) (نباتیات ، حیوانیات) قبل جنین : وہ جنین مسافت جو اصل جنین کی تشکیل سے پہلے ، انڈے (یا پودوں کے بارور مادہ خلیے) کی شگافتگی کے دوران ظاہر ہوتی ہے ۔

Proembronal /Proembryonic : (a) قبل جنینی : قبل جنین کا یا اس سے متعلق ۔

Proemial : (a) تمہیدی : ابتدائی : مقدماتی : تعارفی ۔

Proemptosis : (n) [f. Pro+ Gr. 'emptosis.] وقت معینہ سے پیشتر کسی قدرتی واقعے کا ظہور یا وقوع (خصوصاً) ہلال نوکا (Metonic Cycle کے مطابق) وقت سے قبل ظہور میں آنا ۔

Proenzyme : (n) (نباتیات ، حیوانیات) خمیر زا : خمیر زا مادہ : مادۂ تخمیری : تخمیری مادہ : (جر ثو میات) پیش خمیر۔

Proestrous/Prooestrous : (a) Proestrus کا یا اس سے متعلق۔

Proestrus /Proestrum /Prooestrus/Prooestrum / Proestruses/ /Proestrumps : (n) [mod. L.] پیجانِ مادہ یا "گرمی" سے فوراً پہلے کی (تیاری کی) مدت (جس میں (پستاندار مادہ کے) بیضہ دانوں کی نشوو نما ، بڑھی ہوئی جنسی فعالیت ، فرج اور رحم کی لعابدار جھلیوں کا تغیر واقع ہوتا ہے) : قبل پیجان : (حیوانیات) آمد پیجان۔

Prof : (n) (روز مرہ) Professor کا مخفف۔

Profanation : (n) [late L. 'profanatio'.] بے ادبی : بے حرمتی : آلودگی : ناپاک کرنا : نجس کرنا۔

Profane : (a) [L. 'profanus '.] (۱) غیر مذہبی : دنیوی۔ (۲) غیر مقدس : عامی۔ (۳) جنس : ناپاک۔ (۴) بد مذہب : بد دین : ملحد : بے دین : کافر : جو محرمات کا احترام نہ کرتا ہو : بے ادب : بے حرمت : بد زبان۔

Profane : (n) ملحد : کافر : بد دین شخص۔

Profane : (v) [L. 'profanare'.] (۱) بے حرمتی کرنا : تذلیل کرنا : بے ادبی کرنا : بے حرمتی کرنا : بے احترامی کرنا : توہین کرنا۔ (۲) نجس کرنا : ناپاک کرنا : ملوث کرنا : آلودہ کرنا : کفر بکنا : کفران نعمت کرنا : بد کلامی یا بد زبانی کرنا۔

Profane language : (n) فحش زبان : بے ہودہ گوئی : بد کلامی : بد زبانی : فحاشی۔

Profanely : (adv.) بے باکانہ : بے ادبانہ : دنیادارانہ : مذہبانہ : ملحدانہ : زندیقانہ : کافرانہ۔

Profaneness : (n) بے حرمتی : الحاد : بد دینی : لامذہبیت : تحقیر دین : کفر گوئی۔

Profaner : (n) (محرمات کی) بے حرمتی کرنے والا : بے ادب : بے احترام : بے دین : لا مذہب : ملحد: کفر گو : بد کلام یا بدزبان شخص۔

Profanities : (n) ملحدانہ الفاظ یا افعال : کافرانہ قول و فعل۔

Profanity : (n) [late L. 'profanitas '.] بے حرمتی : الحاد : بد دینی :

لا مذہبیت : تحقیر دین : کفر گوئی : بے ادبی : بد کلامی : بد زبانی : ملحدانہ طور یا تقریر : (جمع) ملحدانہ الفاظ و افعال۔

Proferment : (n) دیکھو Proenzyme

Profert : (n) [L.] (تاریخ) (قانون) عدالت میں کوئی دستاویز پیش کرنا یا دکھانا۔

Profess : (v) [L. 'professus'.] (۱) دعویٰ کرنا : ادعا کرنا : دعویٰ دار ہونا : مدعی ہونا۔ (۲) ظاہر کرنا۔ (۳) اقرار کرنا : اعتراف کرنا : اقبال کرنا : کھلے عام کہنا : اعلان کرنا۔ (۴) عقیدہ رکھنا : پیرو ہونا (کسی مذہب کا)۔ (۵) کسی پیشے یا کاروبار کا کرنا (مثلاً طب ، قانون وغیرہ کا)۔ (۶) بطور پروفیسر سکھانا یا تعلیم دینا : پرو فیسری کرنا : پروفیسر کی خدمات انجام دینا۔

Professed : (a) (۱) مدعی : اقبالی : اعتراف کئے ہوئے۔ (۲) با ضابطہ : سند یافتہ : علم پیشہ : ماہر فن : مہارت پیشہ : ہنر پیشہ۔ (۳) مذہبی عہد کا پابند ، جس نے کسی مذہبی سلسلے میں داخل ہونے کا اقرار صالح کیا ہو : اقرار صالح کرنے والوں کا یا ان سے متعلق۔

Professedly : (adv.) بظاہر : صریحاً : اعترافاً۔

Profession : (n) [L. 'professio,-on-'.] (۱) پیشہ (خصوصاً علمی) (قدیم) پروفیسر کی تعلیم یا رتبہ۔ (۲) قول : اظہار : ادعا : عہد : دعویٰ۔ (۳) مذہبی عقیدہ : (نیز) وہ مذہب جس کا کوئی معتقد ہو۔ (۴) کسی مذہبی فرقے میں داخل ہونے کا عہد یا عمل : کسی مذہبی فرقے میں داخلہ۔ (۵) جماعت جو کسی پیشے میں مصروف ہو : خاص یا بڑا پیشہ : خاص کاروبار یا ملازمت : حرفہ : پیشہ : روزگار۔ (۶) (قانون) اقبال جرم۔

The learned professions : علمی پیشے یعنی مذہبی ، قانونی ، طبی۔

The profession : (تھیٹر کی بول چال) ایکٹرس (بحیثیت مجموعی) : اداکاروں کا طائفہ : ایکٹرس کی جماعت۔

Professional : (a) (۱) پیشے کا : پیشے سے متعلق : کسی حرفے یا روزگار یا اس سے متعلق : فنی : پیشہ وارانہ۔ (۲) اپنے کام یا اپنے پیشے میں لگا ہوا : اہل حرفہ یا روزگار : پیشہ ور۔ (۳) کسی علمی پیشے میں مشغول : علم پیشہ : مہارت پیشہ : ہنر پیشہ۔ (۴) جو کسی ایسے کام کو ذریعۂ معاش یا پیشہ

Professor : (n) [L.'professor '.] (۱) معترف یا ماننے والا (کسی مذہب کا) : معترفِ مذہب ۔ (۲) استاد ؛ معلم ؛ پروفیسر (اس کا مخفف .Prof بطور خطاب بزرگی ناموں کے شروعات میں لگایا جاتا ہے)۔ (۳)(کسی فن کی مہارت کا ادعائی لقب) استاد ؛ پروفیسر ؛ ماہر فن ۔ (۴) (عام) پیشہ ور (کھلاڑی)۔

Professorate : (n) (۱) پروفیسری ؛ منصب پروفیسری ؛پروفیسر کا عہدہ یا اس کی مدت ؛ پروفیسر کے فرائض منصبی ۔ (۲) دیکھو Professoriate ۔

Professoress : (n) پروفیسر عورت ؛ پروفیسرانی ؛ استانی۔

Professorial : (a) پروفیسرانہ ؛ پروفیسر کا یا اس سے متعلق ؛ پروفیسری سے متعلق ؛ معلمانہ ؛ مدرسانہ ؛ ملایانہ ؛ اصول سے متعلق ؛ اعتقادی ؛ ادعائی ؛ اذغائی ؛ غیر استدلالی۔

Professorially : (adv.) پروفیسرکی حیثیت سے ؛ پروفیسرکی شان سے؛ معلمانہ طور پر ؛ اذغائی طور پر ؛ ادعائی طور پر۔

Professoriate : (n) (۱) پروفیسروں کی جماعت ؛ جماعت پروفیسران ؛ پروفیسروں کا عملہ ۔ (۲) پیسہ معلمی (کالج یا یونیورسٹی میں) ؛ پروفیسری ؛ پروفیسری کا پیشہ ۔

Professorship : (n) پروفیسری ؛ منصب پروفیسری ؛ پروفیسر کا عہدہ یا اس کی مدت ؛ پروفیسر کے فرائض منصبی۔

Proffer : (n) [Me. 'Profre'.] (۱) پیشکش ؛ نذر ؛ سعی ؛ تحریک ؛ عرضی ؛ درخواست ؛ عرض داشت ؛ التماس ؛ گذارش ؛ سوال ؛ آرزو ؛ خواہش ؛ کچھ کرنے کی پیشکش یا تجویز ۔ (۲) (نفسیات) ارادہ ؛ قصد ۔ (۳) (قانون) کسی شیرف یا دیگر ضلع افسر کے ذریعہ کسی مقررہ وقت پر تخمینی بقایہ جات کی شاہی خزانے میں ہنگامی ادائی ۔

Proffer : (v) (۱) دینا ؛ پیش کرنا ؛ پیشکش کرنا ؛نذر کرنا ۔ (۲) (قدیم) (کچھ کرنے کی) تجویز رکھنا یا پیش کرنا ؛ قصد کرنا۔

Proffered : (a) پیش کردہ ؛نذر کردہ ۔

Profferer : (n) پیش کرنے والا ؛ نذر گزارنے والا ؛ تجویز رکھنے یا قصد کرنے والا ۔

Proficiency : (n) [f. next .] اہلیت ؛ استعداد ؛ لیاقت ؛ مہارت ؛ واقفیت ۔

Professional : (n) بنا لے جسے عام طور پر لوگ تفریح طبع یا وقت گذاری کے لئے اپناتے ہیں (مثلاً کرکٹ وغیرہ) ؛ جو (کھیل کود یا ڈرامے وغیرہ میں) اپنی روزی کمانے کی غرض سے کام کرتا ہو ؛ پیشہ باز ۔ (۵) جو کسی شعبۂ فن یا نظریاتی جزو کا ماہر ہو ؛ جو اپنے فن کو علمی کمال بخشے ۔ (۱) علم پیشہ یا ہنر پیشہ شخص ۔ (۲) وہ شخص جو کسی ایسے کام کو جسے عموماً تفریح طبع یا وقت گذاری کے لئے لوگ اپناتے ہیں، اپنا پیشہ یا ذریعۂ معاش بنا لے ؛ پیشہ ور کرکٹ باز ؛ گولف باز وغیرہ ؛ (تحقیراً) پیشہ ور سیاستداں ؛ سیاست پیشہ شخص ۔

Professional agitator : (n) پیشہ ور شورشی(جس نے شورش پھیلانا اپنا پیشہ قرار دے لیا ہو)۔

Professional aid : (n) فنی امداد ۔

Professional cricketer /-golfer : (n) پیشہ ور کرکٹ باز یا گولف باز (یعنی جو اجرت لے کر کھیلتا ہے) ۔

Professional etiquettes: (n) آداب پیشہ ۔

Professional men : (n) پیشہ ور لوگ ؛ اہل پیشہ ۔

Professional politician : (n) پیشہ ور سیاستداں ؛ سیاست پیشہ ؛ سیاست باز ۔

Professional skill : (n) پیشہ ور مہارت ؛ فنی مہارت ۔

Professionalism : (n) پیشہ وری ؛ پیشہ ورانہ اوصاف ؛ پیشہ ورانہ خصوصیت ؛ پیشہ وریت ؛ پیشہ ورانہ ڈھنگ یا مہارت ؛ کسی مخصوص پیشے کی مہر یا اس پیشے کا نشان ۔ (۲) (کھیل کود وغیرہ میں) پیشہ ورانہ طور پر شامل ہونے والے کی پوزیشن (بمقابلہ اس کے جو تفریح طبع کے لئے یا شوق کی بناء پر شریک ہو)؛ پیشہ بازی ؛ پیشہ ور کھلاڑیوں کا طبقہ ۔

Professionalist : (n) پیشہ ور ؛ وہ شخص جو کسی کام کو بطور پیشہ اپناتا ہے ؛ پیشہ ور طبقے کا نمائندہ ۔

Professionalize : (n) پیشہ ور بننا یا بنانا ۔

Professionally : (adv) پیشہ ورانہ ؛ پیشہ ورانہ حیثیت سے ؛ پیشہ ورانہ طور پر ۔

Professionaless : (a) بے پیشہ ؛ بے روزگار ۔

Proficient : (a) [L. 'proficiens,-ent-'.] اہل ؛ مستعد؛ صاحب استعداد؛ ماہر ؛ واقف ۔

Proficient : (n) وہ شخص جس نے کسی فن یا کسی شعبہ علم میں خاص مہارت حاصل کر لی ہو ؛ ماہر ؛ صاحب استعداد ؛ صاحب لیاقت ۔

Proficiently : (adv.) ماہرانہ طور پر ؛ مہارت سے ؛ مہارت کے ساتھ ؛ ہوشیاری سے ؛ ماہرانہ ۔

Profile : (n) [It.] (۱) چپٹا خاکہ ؛ یك رخی تصویر ؛ یك رخی نقشہ ؛ چہرے کی بغلی یا یك رخی تصویر ؛ نیم رخ تصویر ؛ نیم رخ ؛ (صحافت میں) سیرتی خاکہ ۔ (۲) قلع کا تر چھا عمودی قطعہ ؛ مٹی کا دھس ؛ دھس کی چوڑائی ؛ قطعہ عمودی ۔ (۳) (مساحت) طولی تراش ۔ (۴) (تھیٹر) پس منظر کی چپٹی تصویر جس کا خاکہ تراش لیا گیا ہو اور جسے اسٹیج پر رکھ کر منظر کشی کا کام لیا جائے ؛ ڈھانچہ ۔ (۵) (برتن سازی) پلیٹ جس پر کسی چیز کے اندرونی یا بیرونی حصے کا خاکہ بنا رہتا ہے ؛ نیم رخ سانچہ ۔

Drawn in profile : جس کی یك رخی تصویر کھینچی گئی ؛ جسے یك رخی تصویر یا خاکے میں پیش کیا گیا ہو ۔

In profile : یك رخی ؛ نیم رخ ؛ جیسا کسی ایك رخ سے نظر آئے ۔

River profile : (جغرافیہ) طولی تراشِ دریا ۔

Soil profile : (جغرافیہ) طولی تراشِ زمین ۔

Profile : (v) (۱) یك رخی تصویر کھینچنا؛ یك رخی نقشہ یا خاکہ بنانا؛ یك رخی نقشے یا تصویر میں پیش کرنا ۔ (۲) (کوئی مخصوص قسم کی) یك رخی تصویر یا نقشہ لگانا ۔ (۳) سیرتی خاکہ لکھنا یا پیش کرنا ۔

To present a profile/ To turn in profile : (بل فائٹ میں) بائیں کندھے کو سانڈ کی جانب کرنا ۔

Profile paper : (n) کاغذ جس پر مساوی دوریوں کی عمودی اور افقی لکیریں بنی ہوں (خاکہ سازی کے لئے) ۔

Profile test : (n) (نفسیات) نیم رخی امتحان؛ نیم رخی آزمائش ۔

Profilist : (n) یك رخی خاکے یا تصویریں بنانے والا ۔

Profilograph : (n) (۱) پہیوں پر رکھا ہوا ایك آلہ جو خودکار طور پر اسی سرزمین کا جدھر سے وہ گزرتا ہے، پروفائل ریکارڈ کرتا جاتا ہے ؛ پروفائل نگار ۔ (۲) (ڈھالی ہوئی دھات کی) سطح کی ہمواری یا چکنائی کو ناپنے کا آلہ ؛ ناہمواریٔ سطح پیما ۔

Profilometer : (n) (انجینئرنگ) سڑك پیما ۔

Profit : (n) [L. 'profectus'.] (۱) فائدہ ؛ نفع ؛ منفعت ۔ (۲) مالی نفع ؛ منافع ؛ منفعت ؛ سود ؛ وہ رقم جو لین دین میں پونجی سے زائد حاصل ہو ۔ (۲) (جمع) (سیاسی معاشیات) (کارخانوں کی) بچت پیداوار (جو خام مال کی قیمت ،مزدوری ،کرایہ اور دیگر اخراجات کی منہائی کے بعد ہو) ۔

Gross profit : (معاشیات) خاص منافع ۔

Profit : (v) (۱) فائدہ اٹھانا ؛ منافع ہونا ؛ نفع حاصل کرنا ۔ (۲) مفید ہونا ؛ کار آمد ہونا ؛ کام آنا ؛ نفع بخش ہونا ۔

Profit and loss : (n) (معاشیات) نفع و نقصان ۔

Profit and loss account : (n) (بہی کھاتا) حساب کا طریقہ جس میں منافع ایك طرف اور نقصان دوسری طرف دکھایا جاتا ہے ؛ حساب آمد و خرچ ؛ نفع و نقصان کھاتا ۔

Profit-rent : (n) وہ کرایہ جس کی رقم کرایہ دار کی خوشحالی پر موقوف ہو ۔

Profit-sharer : (n) حصہ دار منافع ؛ آجر و اجیر ، مالك و مزدور ، سرمایہ و محنت جن کے مابین منافع کی تقسیم ہوتی ہے یا جو منافع کے حقدار ہوتے ہیں ۔

Profit-sharing : (n) وہ کاروبار جس کے نفع میں آجر و اجیر دونوں شریك ہوں؛ تقسیم منافع بہ درمیان سرمایہ و محنت ؛ منافع بٹائی ۔

Profit-taking : (n) (صرافہ) تمسکات کی فروخت میں قابل حصول منافع لینے یا وصول کرنے کا عمل (قیمتیں بڑھ جانے کی صورت میں) ۔

Profitability : (n) فائدہ بخش ہونا ؛ فائدہ مندی ؛ سود مندی ؛ نفع بخشی ؛ منفعت بخشی ؛ نفع رسانی ۔

Profitable : (a) نفع بخش ؛ فائدہ بخش ؛ سود مند ؛ فائدہ مند ؛ مفید ؛ منفعت بخش ؛ نفع رساں ۔

A Profitable speculation : نفع بخش سودا ؛ نفع بخش سٹا ۔

Profitable use : (n) مفید استعمال ؛ نفع بخش استعمال ۔

Profitableness : (n) Profitablity دیکھو

Profitably : (adv.) نفع بخش طور پر ؛ سود مندانہ ؛ منفعت بخش انداز میں ۔

Profiteer : (n) نفع خور ؛ نفع کمانے والا ؛ (خصوصاً) جنگ یا مشکل اوقات میں ضروری اشیاء پر سے زیادہ نفع کمانے کی کوشش کرنے والا ؛ حد سے زیادہ نفع اٹھانے والا ؛ بے جا نفع حاصل کرنے والا ؛ ناجائز نفع خور ؛ ناجائز نفع لینے والا ؛ منافع باز ۔

Profiteer : (v) نفع خوری کرنا ؛ بے جا نفع اٹھانا ؛ ناجائز نفع اٹھانا؛ ناجائز نفع کمانا ؛ غیر معقول فائدہ حاصل کرنا ؛ حد جائز سے زیادہ نفع لینا (خصوصاً دوران جنگ یا مشکل اوقات میں تاجروں اور ٹھیکہ داروں کا بے جا رویہ) ۔

Profiteering : (n) نفع خوری ؛ منافع بازی ۔

Profiterole : (n) [Fr. f. 'proft+ -erole.'] ایک قسم کا کیک یا دیگر پکا ہوا کھانا ؛ (خصوصاً) کھوکھلی پیسٹری جس میں مٹھائی یا کوئی چٹپٹی چیز بھر کر کھایا جاتا ہے ۔

Profitless : (a) بے فائدہ ؛ بے نفع ؛ بلا منفعت ؛ بے منفعت ؛ غیر مفید ؛ بے سود ؛ غیر نفع بخش ؛ بیکار ۔

Profitlessly : (adv.) غیر نفع بخش طور پر ؛ بے فائدہ طور پر ؛ غیر مفید طور پر ۔

Profitlessness : (n) غیر منفعتی ؛ بے نفعی ؛ غیرنفع بخشی ؛ غیر سود مندی ؛ بے سودی ؛ غیر سودی ہونا ۔

Profligacy : (n) اوباشی ؛ عیاشی ؛ اصراف ؛ فضول خرچی ۔

Profligate : (a) [L. 'profligatus '.] (۱) اوباش ؛عیاش ؛ آوارہ ؛ شہوت پرست ؛ بد کار ؛ بد کردار ؛ بد چلن ؛ نا بکار ؛ ہرزہ ۔ (۲) مصرف ؛ فضول خرچ ؛ بے حساب یا بے دریغ خرچ کرنے والا ۔

Profligate : (n) عیاش و بدکار شخص ؛ بد چلن شخص ؛ مصرف ؛ فضول خرچ کرنے والا ۔

Profligately : (adv.) اوباشانہ ؛ عیاشانہ ؛ مصرفانہ طور پر ۔

Profluent : (a) [L. f. Pro + 'fluere'.] زیادہ مقدار میں بہنے والا یا بہتا ہوا ؛ تیزی سے اور بھرپور طور پر بہنے یا خارج ہونے والا ؛ زیادہ جاری ہونے والا ؛ کثیر مقدار میں بہنے والا ؛ جو کثرت سے خارج ہو۔

Profluvium/ Profluvia : (n) [L.f. 'profluere '.] جریان کثیر ؛ کثرت سے جاری ہونا یا خارج ہونا ؛ کثیر اخراج جریان ؛ کثرت اخراج ؛ کثیر مقدار میں خارج ہونا یا جاری ہونا (خاص کر مرضیات میں) ۔

Profound : (a) [L. 'Profunds'.] (۱) گہرا ؛ غائر ؛ غامض ۔ (۲) مبصر ؛ جید ؛ متبحر ۔ (۳) گہرا ؛ عمیق ؛ نہایت ۔

Profound : (n) گہرائی ؛ نہایت گہرائی ؛عمق (سمندر، مستقبل، روح وغیرہ کا) ۔

Profoundly (adv.) بغایت ؛ بدرجۂ غایت ؛ گہرائی میں ؛ نظر غائر سے ؛ بہ نظر غائر ۔

Profoundness : (n) گہرائی ؛ عمق ؛ گمبھیرپن ؛ تبحر ؛ فضیلت ۔

Profulgent : (a) [L. 'profulgens'.] (روشنی) درخشاں ۔

Profunda / Profundae: (n) [L. fem. of 'profundus '.] گہری شریانوں یا رگوں میں سے کوئی ؛ وہ شریان یا رگ جو گوشت کے اندر ہو؛ شاہ رگ ؛ یا سیاہ رگ زیر گوشت ۔

Profunda penis artery : (n) (تشریح) عمیق قضیبی شریان ۔

Profunditude : (n) گہرائی ؛ عمق ؛ گمبھیرپن ؛ تبحر ؛ فضیلت ۔

Profundity : (a) گہرائی ؛ عمق ؛ گمبھیرپن ؛ تبحر ؛ فضیلت ۔

Profuse : (a) [L. 'profusus'.] (۱)شاہ خرچ؛ بے دریغ بخش۔ (۲) فضول خرچ ؛ مصرف ۔ (۳) زیادہ ؛ وافر ؛ فراواں ؛ کثیر ؛ بہ افراط ؛ مفرط ۔

Profusely : (adv) مصرفانہ طور پر ؛ بہ کثرت ؛ بہ افراط ؛ فراوانی سے ۔

Profuseness : (n) شاہ خرچی ؛ اصراف ؛ فضول خرچی ؛ زیادتی ؛ کثرت ؛ فراوانی ؛ بہتات ؛ وفور ؛ افراط۔

Profusion : (n) [L. 'profusio'.] (۱) اصراف ؛ فضول خرچی ؛ اصراف ؛ بے جا ؛ شاہ خرچی ؛ بے دریغ خرچ ۔ (۲) افراط ؛ بہتات ؛ فراوانی ؛ وفور؛ کثرت ؛ زیادتی ؛ سر شاری ؛ لبریزی ؛ روانی ۔

Profusive : (a) مصرف : فضول خرچ : شاہ خرچ : سرشار : بسیار : مفرط : فراواں : کثیر : به افراط : مائل به اصراف : مائل به افراط و فراوانی .

Profusively : (adv.) مصرفانه طور پر : افراط سے : فراوانی سے .

Profusiveness : (n) اصراف : فضول خرچی : افراط : فراوانی : کثرت : بہتات .

Prog : (n) [of unkn. origin.] چبھونے ، بھونکنے یا چھیدنے کا اوزار یا آلہ : نوکدار سلاخ : نوکدار میخ : کباب کی سیخ : سوجا : نوکدار اوزار جس سے کپڑے ،بادبان وغیرہ میں سوراخ کرتے ہیں : چھوٹا سا خنجر .

Prog : (n) [Orign doubtful.] کھانا : خوراک : غذا : سامان خورد و نوش : آذوقہ : رسد : (خصوصاً) توشہ (سفر کے لئے) زادراہ : (مجازاً) ذہنی غذا .

Prog / Proggins : (n) [Perversion of Proctor .] (انڈر گریجویٹ کا عاملیانہ) پراکٹر (آکسفورڈ یا کیمبرج کا).

Prog : (v) دیکھو Proctorize

Prog : (v) [of unkn origin .] کسی چیز کی جستجو میں مارا مارا پھرنا : (خصوصاً) غذا کی تلاش میں مارا مارا پھرنا : تھیلا لے کر گھومنا : بھیک مانگنا : گداگری کرنا .

Prog : (v) [f. Prog (n).] نوکدار چیز چبھونا یا بھونکنا : چھید کرنا یا چھید ڈالنا .

Progenitive : (a) [f. L. 'Progignere'.] صلاحیت تولید کا حامل : قوت تولید کا حامل : باز تولیدی قوت یا خاصیت رکھنے والا : جس میں بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت موجود ہو: بارور ہونے والا : بچہ خیز : ثمر خیز : بچہ زا : ثمر زا : افزائش نسل کا اہل : افزائش نسل کی صلاحیت رکھنے والا : متعلق به افزائش نسل .

Progenitor : (n) [L. 'progenitor '.] (۱) مورث اعلیٰ : مورث : جد : جدا مجد . (۲) (حیاتیات) (حیوانات یا پودوں کا) مورث یا مورثی نوع . (۳) (مجازاً) (سیاسی ، روحانی یا علمی امور میں) پیش رو : بزرگ : جد : سلف . (۴) اصل : نقل کی اصل : بنائے اول : بناء .

Remote progenitor : (حیاتیات) مورث اعلیٰ : جد امجد .

Progenitorial : (a) مورثی : جدی : بزرگانه : اسلافی .

Progenitorship : (n) بزرگی : پیش روی : جدیت .

Progenitress / Progenitrix : (n) مورثه : جده .

Progeniture : (n) [f. L. 'progenit- + -ure.] (۱) افزائش نسل : نسل افزائی : تناسل : توالد . (۲) نسل : زادوولد : اولاد : فرزند : خلف : جانشیں : پھل : ثمر: نتیجه .

Progeny : (n) [L. 'progenes '.] (۱) اولاد : زادو ولد : بچے : اخلاف : فرزند : ورثاء : نسل (نیز حیوانات اور پودوں کی). (۲) (مجازاً) روحانی اولاد : چیلے : شاگرد : جانشین : مقلدین . (۳) (مجازاً) جو کسی چیز سے نکلے یا پیدا ہو: پیداوار : حاصل : نتیجه .

Progeria : (n) [f. Pro + Gr. 'geras '.] قبل از بڑھاپا: زودرس بڑھاپا : (خصوصاً) ایک غیر معمولی حالت جس میں طفلگی اور سال خوردگی دونوں کی علامتیں موجود ہوں .

Progestational : (a) [f. Pro+ Gestational .] قبل از حمل : حمل سے پہلے کا : قبل از حاملگی : پیش از حمل عورت یا مادہ کے جسمانی اور ہارمونی تعمیرات سے متعلق .

Progesterone : (n) [Blend of Progest (In and luteosterone'.] (عضویات) ہارمون زا غدود یا جسموں سے پیدا شدہ اسٹیروائڈ(Steroid) جنسی ہارمون جو حمل کو بر قرار رکھنے اور حیض کے بعد بے قاعد گیوں کے علاج میں کام آتا ہے : پروجسٹرون .

Progestin : (n) [f. Pro+ Gest (ation+-in)] (عضویات) (۱) پرو جسٹرون ، (خصوصاً) اس سے تیارکردہ کوئی مرکب جس کی خالصیت غیر مختص ہو. (۲) پروجسٹو جن (خصوصاً مصنوعی) .

Progestrogen : (n) [f. asprec . + -o-+ -gen.] کوئی جنسی ہارمون یا دوسرا مادہ جو اپنے عضویاتی اثرات میں پرو جسٹرون کے مشابه ہو.

Progestogenic : (a) پروجسٹوجینک : پرو جسٹو جن کا :اس سے متعلق یا اس جیسا .

Proggins : (n) دیکھو Prog(n)

Proglottis / Proglottides : (n) [Gr. 'proglottis '.] کینچوے (Tapeworm) کے جسم کا وہ حصه یا جوڑ جو جنسی طور پر بالیدہ ہو: کینچوے کا ایک سالم نشو و نما یافته جز جو بریده ہونے پر بھی صلاحیت تولید رکھتا ہے . (۲)(حیوانیات) پیش زبانه :

جز پیش زبان۔

Prognathic : (a) [f. as Prognathous+-ic.] (۱) آگے کو نکلے ہوئے جبڑوں والا۔ (۲) دیکھو Progenathous .

Prognathism : (n) [f. next+ism .] (طب، حیوانیات) پیش آمدگی فک : نکلے ہوئے جبڑوں والا ہونا : پیش فکیت۔

Prognathous : (a) [f. Pro +Gr. 'gnothos'+-ous.] (۱) آگے کو نکلے ہوئے جبڑوں والا : (طب، حیوانیات) پیش فکّہ : (نیز) نمایاں، آگے کو نکلا ہوا (جبڑا)۔(۲)(حشریات) جس کا منہ کاسہ کے آگے ہو۔

Prognathy : (n) دیکھو Prognathism

Progne: (n) [L. 'progne'.] (۱) گورّیا کا شاعرانہ نام۔(۲) گورّیا کی ایک امریکی جنس جس میں ریاستہائے متحدہ امریکا کی ارغواں ابابیل بھی شامل ہے۔

Prognosis / Prognoses : (n) [Gr. 'prognosis'.] (طب) انداز مرض : مرض کی امکانی حالت سے متعلق پیش گوئی : اس طرح کی پیش گوئی کا فن یا عمل۔(۲) پیش گوئی : پیش بینی۔

Prognostic : (n) [Gr. 'prognostikon '.] (۱) وہ جس سے مستقبل کا علم پہلے ہی معلوم ہوجائے : وہ جس سے مستقبل کی پیش آگاہی ہو: علامت : نشانی : آثار: پیش خیمہ : فال : شگون۔(۲) کسی ایسی ہی حالت سے استنباط کی ہوئی مستقبل کی پیشگوئی : پیش بینی : پیش دانی : پیش خبری : پیش آگاہی۔(۳) (طب) علامت مرض : وہ علامت جس کی بناء پر مرض کا اندازہ یا مرض سے متعلق پیش خبری یا پیش گوئی ممکن ہو: آثار مرض۔

Prognostic : (a) [Gr. 'prognostikos'.] جس میں کسی بات کی پیشگوئی یا پیش خبری مضمر ہو: پیشگو : پیش خبری کرنے والا : (طب) انداز مرض کا یا اس سے متعلق : جس سے اندازہ مرض ممکن ہو یا مرض کی پہلے ہی نشاندہی کر دے : پہلے سے نشان دینے والا یا خبر کرنے والا۔

Prognosticable : (a) قابل پیشگوئی : جس کی نسبت پیش گوئی کی جا سکے۔

Prognostically : (adv.) ازروئے شگون:فال کے طور پر :علامتاً بر بنائے علامات مرض : بر بنائے آثار: بطور پیشگوئی۔

Prognosticate : (v) (۱) پیشگوئی کرنا : پیش خبری کرنا : فال گوئی کرنا : پیش آگاہی کرنا۔(۲) خبر دینا : علامت ظاہر کرنا : دلالت کرنا۔

Prognostication : (n) (۱) پیش گوئی : پیش خبری : پیش دانی : پیش بیانی : پیش آگہی۔(۲) شگون : فال : علامت : آثار : پیش خیمہ (اب شاذ ہے)۔

Prognosticative : (a) جس میں کسی بات کی پیش گوئی یا پیش خبری مضمر ہو: پیشگوئی کرنے والا : پیشگو : پہلے سے خبر دینے والا : دلالت کرنے والا (اشیاء سے متعلق)۔

Prognosticator : (n) پیشگو : پیشگوئی کرنے والا : غیب گو : غیب کا حال بتانے والا : نجومی : جوتشی : غیب داں : پیش خبری کرنے والا : رمّال : فال گیر۔

Prognosticatory : (a) پیشگوئی جیسا : شگون جیسا : فال آسا : پیشگوئی کرنے والا : پہلے سے خبر دینے والا : دلالت کرنے والا (اشیاء سے متعلق)۔

Program : (n) (۱) پروگرام پیش نامہ۔ (۲) دیکھو Programme .

Programma : (n) [Gr. 'programme'.] (۱)(یونان و روما ئے قدیم میں) اطلاع عام : اعلان : اعلانیہ : اعلان : پبلک نوٹس۔ (۲) لائحہ عمل : لائحہ کار : منصوبہ : کسی مسلسل، با ضابطہ کاروائی سے پہلے ہی جاری کردہ تفصیلی نوٹس : پروگرام۔(۳) تحریری دیباچہ یا پیش لفظ : تمہید : تعارف : حرف آغاز۔

Programme/Program : (n) [Gr. L. 'programma'.] (۱) پروگرام : پیش نامہ۔(۲) لائحہ عمل : لائحۂ کار : کسی مسلسل و با ضابطہ کاروائی سے متعلق ہی جاری کردہ نوٹس : کیفیت نما : پراسپکٹس : (خصوصاً) کسی جلسے وغیرہ کی مجوزہ کاروائیوں کی ترتیب وار فہرست : مکمل کاروائی : ترتیب کار : طرح اجرائے کار : دستور جلسہ۔ (۳) (مجازاً) کسی مجوزہ کاروائی کا معینہ منصوبہ : منصوبہ : پلان۔(۴) تحریری دیباچہ یا پیش لفظ : مقدمہ : تمہید : تعارف : حرف آغاز۔(۵) (کمپیوٹر) مکمل و مفصل ہدایات جو کسی کمپیوٹر میں دینے کے بعد وہ از خود ان ہدایات کے مطابق کام کرتا ہے (اس معنی میں عموماً Program ہی لکھا جاتا ہے، اسم و فعل دونوں حالت میں)۔

Programme/Program : (v) (۱) پروگرام بنانا : پیش نامہ تیار کرنا۔ (۲) (کمپیوٹر کو) پروگرام دینا : کسی کام سے متعلق و مفصل ہدایات (کمپیوٹر کو) دینا : اس طور پر (کمپیوٹر سے) کوئی کام لینا : (نیز) پروگرام کی طرح یا پروگرام میں بیان کرنا

Programme-music : (n) پروگرامی موسیقی : پیش نامی موسیقی : وہ موسیقی جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کیا کیا مناظر و واقعات پیش آنے والے ہیں۔

Programme repeater : (n) (ریڈیو) پروگرام باز فریسندہ : دوبارہ پروگرام دینے والا ۔

Programmer : (n) (کمپیوٹر کے) پروگرام لکھنے یا تیار کرنے والا : پروگرام کے مطابق (کمپیوٹر سے) کام لینے والا : (کمپیوٹر میں) پروگرام دینے والا : پروگرامر : پروگرام نویس : پروگرام نگار۔

Programming : (n) کمپیوٹر کو پروگرام دینے اور اس کے مطابق کام لینے کا عمل : (نیز) (کمپیوٹر کے) پروگراموں کی تیاری یا ان کا لکھنا : پروگرام نویسی : پروگرام نگاری۔

Progress : (n) [L. 'progressus.'] (۱) ترقی : ارتقاء : نشو و نما ۔ (۲) جاری ہونا یا دوران میں ہونا : آگے بڑھنا یا چلنا : پیش رفت : روانی : رفتار ۔ (۳) (قدیم) شاہی سفر : شاہی دورہ : (سیاسیات) جلوس شاہی۔ (۴) (علم النجوم) سیر : حرکت : گردش ۔ (۵) تدریجی پیش رفت : مسلسل پیش رفت : مسلسل ارتقاء یا ترقی : مسلسل بڑھوتری ۔ (۶) (اسکاتستانی قانون) (جاگیردارانہ ریاست میں) وراثت : اسنادوراثت۔

In progress : جاری : دوران وقوع میں : جاری و سازی : آگے بڑھتا ہوا : پیش رفت میں : جو جاری ہویا واقع ہورہا ہو : جو مسلسل پیش رفت میں ہو : جو مسلسل آگے بڑھ رہا ہو یا ارتقاء کے مراحل طے کر رہا ہو : جس کی پیش رفت جاری ہو : جو بہتری یا ترقی کی راہ پر آگے بڑھ رہا ہو۔

Progress : (v) (۱) ترقی کرنا : نشو و نما پانا : ترقی پذیر ہونا : نشو و نما پذیر ہونا : بتدریج و مسلسل آگے بڑھنا۔ (۲) جاری ہونا یا دوران میں ہونا۔ (۳) کسی عمل کو آگے بڑھانا : جاری رکھنا۔ (۴) مسلسل ترقی کرنا یا بڑھنا : مسلسل بہتری یا ارتقاء کے مراحل طے کرنا۔ (۵) آگے بڑھانا : ڈھکیلنا : ترقی کرانا (ادبی و مجازی معنوں میں)۔

Progress chart : (n) قبل معینہ شیڈول یا موقع کارکردگی کے مقابلے میں حقیقی یا اصل کارکردگی کو ظاہر کرنے والا چارٹ : پروگریس چارٹ : فرد و پیش رفت : فرد کار کردگی۔

Progress graph : (n) ترسیم ترقی۔

Progress of expenditure : (n) رفتار خرچ۔

Progress report : (n) (تعلیم) رجسٹر ترقی طلبا : پروگریس رپورٹ : روداد ترقی : روداد پیش رفت۔

Progression : (n) [L.'progressio'.] (۱) ترقی : پیش رفت : آگے بڑھنا۔ (۲) مسلسل جاری ہونا : مسلسل رواں ہونا : روش۔ (۳) ترقی : نشو و نما : (حیاتیات) ارتقا۔ (۴) (مرضیات) سلسلہ۔ (۵) (موسیقی) اتار چڑھاؤ : چڑھاؤ : ایک سُر سے دوسرے سُر میں جانا : نغموں یا سروں کا (یکے بعد دیگرے) سلسلہ۔ (۶) (علم النجوم) تقویم۔

Arithmetical progression : (ریاضیات) سلسلہ حسابیہ : اعداد کا ایک سلسلہ جس میں مقرر مقدار سے کمی بیشی ہوتی ہے جیسے ۳،۲،۱ ۳،۵،۷،۹ وغیرہ ۳،۵،۷،۹ وغیرہ۔

Geometrical progression : (ریاضیات) سلسلۂ ہندسیہ۔

Harmonic(al) progression : (ریاضیات) سلسلۂ موسیقیہ۔

Progression law : (n) (نفسیات) قانون سلسلہ۔

Progressional : (a) متعلق بہ ترقی : ارتقائی : ترقیاتی : سلسلاتی : سلسلہ وار۔

Progressionism : (n) نظریۂ ارتقاء : معتقد ارتقاء کا نظریہ یا اصول : ترقی پسندی : ترقی پسندانہ اصول یا نظریہ۔

Progressionist : (n) (۱) حامئ ترقی : ترقی پسند۔ (۲) ترقی کا قائل : ارتقاء کا قائل : وہ شخص جس کا یہ عقیدہ ہو کہ حیات نے نیچے سے اوپر تدریجی ترقی کی ہے : (حیاتیات) معتقد ارتقاء : (نیز بطور صفت)۔

Progressism : (n) اصول ترقی پسندی : ترقی پسندانہ اصول : ترقی خواہانہ اصول۔

Progressist : (n) [Fr. 'progressite'.] سیاسیات و عمرانیات میں ترقی کا حامی : حامئ ترقی : مصلح : ترقی خواہ : ترقی پسند : (نیز بطور صفت)۔

Progressive : (a) [med. L. 'progressivus'.] (۱) آگے بڑھنے والا : ترقی پذیر۔ (۲) تدریجی : متزائد : قدم بہ قدم بڑھتا ہوا : یکے بعد دیگرے واقع ہونے والا (تاش کے مخصوص کھیل پر اطلاق ہوتا ہے جس میں کھلاڑیوں کے کئی سیٹ ایک ساتھ مختلف میزوں پر کھیلتے ہیں، جن میں بعض کھلاڑی ہر دور کے بعد دوسری میز پر چلے جاتے ہیں)۔ (۳) ترقی

کن : ترقی یافتہ ۔ (۴) (مرضیات) (شدت اور گہرائی میں) مسلسل بڑھتا ہوا : ترقی پذیر : رواں : بڑھتی ہوئی (بیماری) ۔ (۵) (خصوصاً) سیاسی، بلدیاتی یا سماجی معاملات میں اصلاح یا ترقی کا حامی : اصلاحی : ترقی پسند : ترقی خواہ : اصلاح پسند ۔

Progressive : (n) اصلاح یا ترقی چاہنے والا : اصلاح پسند : ترقی پسند : ترقی خواہ : حامئ ترقی ۔

Progressive increase : (n) تدریجی اضافہ ۔

Progressive motion : (n) (میکانیات) بڑھتی رفتار : بڑھتی چال : بڑھتی حرکت : ترقی پذیر حرکت ۔

Progressive party : (n) ترقی پسند جماعت : اصلاح پسند جماعت ۔

Progressive tax : (n) (معاشیات) تدریجی محصول ۔

Progressive wave : (n) (عضویات) رواں موج : بڑھتی ہوئی موج ۔

Progressive whist : (n) تاش کا کھیل جس میں کئی ٹولیاں مختلف میزوں پر خاموش تاش کھیلتی ہے ان میں سے بعض کھلاڑی ہر بازی کے بعد دوسری میز پر چلے جاتے ہیں ۔

Progressively : (adv.) (۱) اصلاح پسندی کے طور پر : ازراہ ترقی پسندی : ترقی پسندانہ ۔ (۲) بتدریج : تدریجاً : تدریجی طور پر : رفتہ رفتہ ۔

Progressiveness : (n) اصلاح پسندی : ترقی پسندی : ترقی خواہی : ترقی پذیری : اصلاح پذیری ۔

Progressivism : (n) اصلاح پسند یا ترقی پسند کے اصول : اصلاح یا ترقی کی حمایت : حمایت اصول ترقی : ترقی پرستی : ترقی خواہی ۔

Prohibit : (v) [f.L. 'prohibere'.] روکنا : منع کرنا : باز رکھنا : ممانعت کرنا : مزاحمت کرنا : منا ہی کرنا ۔

Prohibited area : (n) ممنوعہ علاقہ ۔

Prohibited bore : (n) (اسلحہ سازی) ممنوع دہانہ ۔

Prohibiter/Prohibitor : (n) مانع : مزاہم : باز رکھنے والا : روکنے والا : منا ہی کرنے والا ۔

Prohibition : (n) [L. 'prohibitio'.] (۱) ممانعت : مزاحمت : امتناع : رکاوٹ : روک : روک ٹوک : قدغن : ممنوعیت : منا ہی ۔ (۲) (قانون) حکم امتناعی : شقۂ امتنائی : عدالت ماتحت کے نام عدالت عالیہ کا امتناعی حکم ۔ (۳) ممانعت فروخت منشیات : ممانعت استعمال مسکرات : شراب بندی ۔ (۴) بعض غیر ملکی تجارتی اشیاء کی درآمدات کی قانونی ممانعت ۔

Prohibition party : (n) امتناعی پارٹی : ۱۸۶۹ء میں تشکیل یافتہ ایک امریکی سیاسی جماعت جو ویسے ہی افراد کو نامزد کرتی یا اپنا تعاون دیتی ہے جو شراب کی خرید و فروخت پر ممانعت کے حق میں ووٹ دینے کا عہد کرتے ہیں ۔

Prohibitionism : (n) (قانون) امتناعیت : ممانعت مسکرات : ممانعت منشیات ۔

Prohibitionist : (n) شراب بنانے اور بیچنے کی ممانعت کا حامی : امتناع پسند : شراب بندی کا حامی : منشیات کی فروخت کی ممانعت کا حامی : حامئ امتناع منشیات : حامئ شراب بندی : (سیاسیات) حامئ امتناعیت ۔

Prohibitions and restrictions : (n) (قانون) موانع و قیود ۔

Prohibitive : (a) [med. L. 'Prohibitivus'.] (۱) امتناعی : مزاحمتی : جس میں روک دینے کی صفت ہو : جوکسی عمل سے روکے یا باز رکھے : مزاحم ۔ (۲) مانع یعنی جس کی وجہ سے کسی شے کا استعمال محال ہو جائے : (ٹیکس، قیمت وغیرہ) جو کسی چیز کے استعمال یا غلط استعمال کو مانع ہوں : استناعی ۔ (۳) (صرف و نحو) نہی : جو ممانعت ظاہر کرے ۔

Published at a prohobitive price : قیمت اس قدر زیادہ ہے کہ کوئی خرید نہیں سکتا ۔

Prohibitive tax : (n) امتناعی محصول : وہ محصول جو کسی چیز کے استعمال یا غلط استعمال کو روکنے کے لئے لگایا جاتا ہے ۔

Prohibitively : (adv.) امتناع کے طور پر : امتناعاً : بطور ممانعت : ازروئے ممانعت : (صرف نحو) نہی کے طور پر ۔

Prohibitiveness : (n) امتناعیت ۔

Prohibitory : (a) [L. 'prhibitorius '.] (۱) امتناعی : مزاحمتی : (خصوصاً) شراب کی خرید و فروخت روکنے سے متعلق یا روکنے والا : شراب بندی سے متعلق (قانون، جماعت و غیرہ) ۔ (۲) (ٹیکس، قیمت وغیرہ) جو کسی چیز کے استعمال یا غلط استعمال کو مانع ہو : مانع : امتناعی ۔

Prohibitory clause : (n) (سیاسیات) امتناعی شق ۔

Prohibitory law : (n) شراب بندی قانون ؛ قانون ممانعت منشیات ؛ امتناعی قانون ۔

Prohibitory party : (n) شراب بندی کی حمایت کرنے والی جماعت ؛ امتناعی جماعت ؛ امتناعیت کی حامی جماعت ۔

Project : (n) [L. 'projectum'.] منصوبہ ؛ خاکہ ؛ اسکیم ؛ پلان ؛ تجویز ؛ اختراع ؛ پروجیکٹ ؛ (نفسیات) خیال بندی ۔

Project : (v) [f.L. 'proicere'.] (۱) تجویز کرنا ؛ تدبیر نکالنا ؛ جتن کرنا؛ منصوبہ باندھنا ۔ (۲) نکالنا ؛ پھینکنا ؛ ڈالنا ۔ (۳) حلول کرنا ؛ سرایت کرنا ۔ (۴) (روحانیت) اپنے آپ کو طیفی طور پر پیش کرنا ۔ (۵) (کیمیا) (کسی ایک شے کو دوسری شے میں) ڈالنا ؛ ملانا ۔ (۶) (سایہ) ڈالنا ؛ (عکس) ڈالنا ؛ تظلیل کرنا ۔ (۷) متشکل کرنا ؛ شکل پذیر کرنا (خیال ، منصوبے وغیرہ کو) ۔ (۸) (ہندسہ) تظلیل کرنا ۔ (۹) (نقشہ کشی) ایک نقطے (مرکز) سے خطوط مستقیم کھینچنا جو ایک (مفروضہ یا دی ہوئی) شکل کے ہر ایک نقطے میں سے گذر کر ایک سطح کو کاٹیں اور اس طرح ایک متناظر شکل (پہلی شکل کا جواب) پیدا کریں ۔ (۱۰) ایسے خط کھینچنا ۔ (۱۱) (ایسی متناظر شکل) پیدکرنا ۔ (۱۲) (زمین اور آسمان وغیرہ کے کرہ کا) اس طور پر ظل بنانا ۔ (۱۳) آگے نکل آنا ؛ آگے نکلا ہوا ہونا ؛ آگے بڑھایا ہوا یا باہر نکلا ہوا ہونا ۔ (۱۴) بے حد صفائی سے اور امتیازی رنگ میں پیش کرنا ۔ (۱۵) کسی خیال یا تصور کو واضح طور پر (خصوصاً سامعین کے سامنے) پیش کرنا ؛ نہایت وضاحت سے اور ممتاز طور پر بولنا ۔

To project oneself into another's feeling : کسی کے جذبات کا کامل احساس کرنا ۔

Project circle : (n) (سیاسیات) حلقۂ منصوبہ ۔

Projective method : (n) (تعلیمات) منصوبی طریقہ ۔

Project work : (n) (سیاسیات) کارمنصوبہ بندی ۔

Projectile : (a) [mod. L.'projectilis'.] (۱) محرک ۔ (۲) جو قوت سے پھینکی جا سکے (خصوصاً توپ سے) ؛ میزائل کی طرح پھینکی جانے والی (چیز) ۔

Projectile : (n) پھینک کر مارنے کی چیز (خصوصاً بندوق کی گولی یا توپ کا گولا) ؛ میزائل ؛ غُلّہ ؛ گلولہ ؛ (میکانیات) مرمی ؛ (حیوانیات) پیش آمدنی ۔

Projectile anchor : (n) پھینک کر پھنسانے والا لنگر ؛ (جان بچانے والے سامانوں میں) وہ لنگر جو توپ کے گولے کی طرح ایک نلی کے ذریعہ اس مقام کی جانب پھینکا جاتا ہے جہاں اسے الجھانا مقصود ہو ۔

Projectile force : (n) (میکانیات) قوت زمایہ ؛ قوت مرمیہ ؛ قوت پیش اندازی ؛ وہ قوت جس کے ذریعہ گولے یا میزائل وغیرہ پھینکے جاتے ہیں ۔

Projectile theory : (n) (۱) میکانیات (میکانکس) کی وہ شاخ جو میزائلوں یا لوگوں کی رفتار سے (قوت ثقل اور ہوا کی مزاحمت کے پیش نظر) بحث کرتی ہے ۔ (۲) نظریۂ اخراج نور ؛ یہ نظریہ کہ روشنی اجسام نور سے خارج شدہ بے ثقل ذرات پر مشتمل ہوتی ہے ۔

Projecting : (a) (عمارت) طنفی ۔

Projecting courses : (n) (عمارت) طنفی رو سے ۔

Projecting powder : (n) پارس سفوف ۔

Projection : (n) [L. 'projectio'.] (۱) پھینکنا ؛ ڈالنا ؛ دھکیلنا ؛ کھٹالی میں ڈالنا ؛ (دھات کی) قلب ماہیت ۔ (۲) خاکہ ؛ تجویز ؛ منصوبہ ؛ (سیاسیات) منصوبہ بندی ۔ (۳) ابھار ؛ ابھرا ہوا یا آگے نکلا ہوا حصہ ؛ باہر نکل آنا ؛ آگے کو نکالنا ۔ (۴) (ہندسہ) تظلیل ؛ ظل ؛ اظلال ؛ سایہ ؛ تسطیح ۔ (۵) ذہنی تصویر ۔ (۶) تعبیر زمین یا کرۂ سماوی (یا اس کے کسی حصہ کی) سطح مستوی پر (جو حقیقت خارجی کے طور پر نظر آئے) ۔ (۷) (نفسیات) اخراج ذات ۔ (۸) (میکانیات) رمنہ اندازی ۔ (۹) (عمارت) پیش آمدہ ؛ بڑھاؤ ۔ (۱۰) (بلور) کرۂ تسطیح ۔

Astrolabic projection : (ہندسہ) اسطرلابی تسطیح ۔

Cylindrical projection : (ہندسہ) استوائی تسطیح ۔

Gnomonic projection : (ہندسہ) ستونی تسطیح ۔

Murcator's projection : (ہندسہ) مرکیٹری تسطیح ۔

Optical projection : (بصریات) مناظری تظلیل ؛ شبیہ اندازی ۔

Orthogonal projection : (ہندسہ) قائم تسطیح ۔

Orthographic projection : (ہندسہ) ارتفاعی تسطیح ۔

Powder of projection : پارس پتھر کا سفوف : پارس سفوف : قلب ماہیئت کرنے کا سفوف (جو کٹھالی میں پگھلائی ہوئی دھات پر اسے سونا یا چاندی بنانے کے لئے ڈالتے ہیں) .

Sphere of projection : (بلور) کرۂ تسطیح .

Projectoin lantern : (n) (بصریات) تظلیلی قندیل : قندیل اظلالی .

Projection of a point : (n) تظلیل نقطہ :خط اظلال نقطہ : جو خط اصلی شکل کے کسی نقطے کو محصلہ شکل کے متناظر نقطے سے ملاتا ہو.

Projection of a sphere : (n) (ہندسہ، جغرافیہ) تسطیح کرہ : تظلیل کرہ.

Projection system : (n) (سنیما) تظلیلی نظام .

Projective : (a) (۱) تظلیل شکل یا اظلال خطوط کے ذریعہ کسی سطح پر پیش کیا ہوا یا بنایا ہوا :(ہندسہ) تظلیلی: اظلالی . (۲) ذہن میں کھینچاہوا : ذہنی توسیع یافتہ : جو قوت پیش اندازی رکھتا ہو. (۳) آگے کو بڑھایا ہوا یا نکلا ہوا (شاذ).

Projective geometry : (n) (ہندسہ) تظلیلی ہندسہ: علم ہندسہ کی وہ شاخ جو تظلیلی خواص سے بحث کرتی ہے .

Projective properties : (n) (ریاضیات) تظلیلی خواص .

Projective property : (n) تظلیلی خاصیت (یعنی کسی شکل کا اظلال کے بعد غیر متغیر رہنا).

Projective transformation : (n) (ریاضیات)تظلیلی تبدیلی : تظلیلی تغیر : تظلیلی قلب ماہیئت .

Projectively : (adv.) تظلیلی طور پر : تظلیلاً : اظلالاً.

Projectivity : (n) تظلیلی صفت : صفت تظلیل (ہندسائی شکل کی یہ صورت کہ وہ کسی دوسری شکل سے بذریعہ ظلال حاصل ہوسکے .

Projector : (n) (۱) مخترع : منصوبہ باز: مجور : تجویز کنندہ : (سیاسیات) منصوبہ کار . (۲) جھوٹ موٹ کی کمپنیوں کا ترقی دینے والا: نام نہاد کمپنیوں کا چلا نے والا . (۳) آلۂ تظلیل: (سنیما)تصویر انداز : (بصریات) شعاع انداز . (۴) پھینکنے والا : کسی چیز کو آگے پھینکنے والا (شخص یا آلہ) مثلاً گولہ انداز توپ یاشخص).

Projecture : (n) [L.'projectrura'.] (حیاتیات) خروج : ابھار : بروز : (تعمیرات) نکلا ہوا حصہ .

Projet : (n) [Fr. L. 'projectum.'] تجویز : منصوبہ : مسئلہ: مجوزہ معاہدے (وغیرہ کا) مسودہ .

Prolapse : (n) [Anglicized f. Prolapsus.] (مرضیات) کسی عضو کا اپنی جگہ سے ٹل جانا : سرک جانا یا ہٹ جانا : (خصوصاً) رحم یا معائے مستقیم (بڑی آنت کے نچلے حصے) کا باہر نکل آنا : عفل : ہبوط : سقوط : خروج : فتق: ہبوط رحم : سقوط رحم : ہبوط مقعد : خروج مقعد : خروج رحم .

Prolapse : (n) [f. L. 'Prolabi'.] (مرضیات) ٹل جانا : اپنی جگہ سے آگے یا نیچے سرک جانا :ہٹنا : ہٹ جانا : سرکنا : اتر جانا : آگے بڑھ جانا : نیچے گر جانا .

Prolapsus : (n) [mod. L.] (مرضیات) Prolapse

Prolapsus uteri : (n) عفل : ہبوط رحم : سقوط رحم : خروج رحم .

Prolapsus vagini : (n) خروج مہبل .

Prolate : (a) [L.'prolatus'.] (۱) (ہندسہ)انگوری: قطبی قطر کی طرف سے بڑھا ہوا: بیضوی: لمبوترا بیضوی . (۲) عرض میں پھیلنے والا یا وسیع ہونے والا : عرض میں پھیلا ہوا . (۳) (مجازاً) وسیع، فراخ: پھیلا ہوا . (۴) (نحو) تکملہ: توسیع (خبر کی) .

Prolate spheroid :(a) (ہندسہ) انگوری کرہ نما : انگوریہ .

Prolately : (adv.) فراخی سے: وسیع طورپر: فراخ طور پر.

Prolation : (n) [L.'prolatio'.] عہد وسطیٰ کی موسیقی میں یہ لفظ کسی نغمے کے سر اور سرتی کے درمیانی وقفے کی نشان دہی کے لئے بطور اصطلاح مستعمل تھا.

Prolative : (a) [f. L.' prolatus'.] (صرف و نحو) تکمیلی: تکملہ یا توسیع کرنے والا: (خبر کی) توسیع یا تکمیل کرنے والا: متمم: مسند .

Prole : (a & n) Proletarian کا روز مرہ مخفف .

Proleg : (n) [f.Pro + leg .] (حیوانیات) پا نما عضو: ساقۂ حشرہ: پر گوشت پاؤں جو بعض مکھیوں کے پہل روپوں اور بعض کیڑوں کے شکمی حصے میں پایا جاتا ہے .

Prolegomena : (n) Prolegomenon کی جمع .

Prolegomenal / Prolegomenary : (a) ابتدائی ؛ تمہیدی ؛ تعارفی ؛ افتتاحی۔

Prolegomenon : (n) [Gr.' prolegomenon'.] کسی ادب پارے سے منسلک ابتدائی یا تعارفی باتیں؛ (عموماً جمع) مقدمہ، دیباچہ؛ پیش لفظ؛ تمہید؛ تعارف ؛ مقالۂ مقدماتی ؛ تمہیدیہ؛ افتتاحیہ؛ ابتدائیہ۔

Prolegomenons : (a) تمہیدی ؛ ابتدائی ؛ مقدمے سے متعلق دیباچے یا افتتاحیہ سے متعلق۔

Prolepsis : (n) [Gr.' prolypsis '.] (۱) پہلے سے کسی شے کے وجود یا کسی واقع کے وقوع کا خیال کرلینا؛ پیش خیالی ؛ پیش بیانی ؛ پیش قیاسی ، پیش فرضی ؛ پیش بندی۔ (۲) (نحو) صفت کا استعمال بطور پیش بندی کے؛ دیکھو Procatalepsis۔

Proleptic /-al : (a) [Gr. ' prolyptikos' .] (۱) متوقعانہ؛ پیش قیاسی یا پیش فرضی کا؛ مقدم۔(۲)(بلاغت، نحو) تسبیقی؛ جملۂ استینافی کا یا اس سے متعلق۔

Proleptically : (adv.) پیش بیانی یا پیش فرضی کے طور پر؛ ازروئے پیش بندی یا پیش قیاسی؛ تسبیقاً۔

Proles : (n) [L.] (نباتیات) نسل۔

Proletaire : (n) [Fr. 'proletaire' .] عامی؛ عوام یا عوام الناس میں سے ایک ؛ سب سے نچلے طبقے کا کوئی فرد؛ کمینہ؛ (سیاسیات ، معاشیات) مزدور ؛ غیرسرمایہ دار ؛ پرولتاری۔

Proletarian : (a) [f. L. 'proletarius'.] عوام کے سب سے نچلے طبقے نچلے طبقے یا اس سے متعلق ؛ عامی ؛ عوام کا ؛ محنت کش طبقے کا ؛ عامی یا عوام سے متعلق ؛ عامیانہ ؛ کمینوں کا ؛ مزدوروں کا ؛ غیر سرمایہ داروں کا۔

Proletarian : (n) دیکھو Proletaire

Proletarian dictatorship : (n) عوامی کار فرمائی ؛ عوام شاہی ؛ حکومت اشتراکیون۔

Proletarianism : (n) عوامیت ؛ عوامیوں کا اصول سیاست ؛ (سیاسیات) مزدور شاہی ؛ حکومت عوام ؛ پرولتاریت۔

Proletarianization : (n) پرولتاری بنانا۔

Proletarianize : (v) پرولتاری بنانا۔

Proletariate /Proletariat : (n) [Fr. 'proletariat '.] (۱)(رومتہ الکبریٰ) ، حال ، اکثر حقارتاً) ادنیٰ ترین طبقہ ؛ ادنیٰ ترین جماعت ؛ کمین ۔ (۲) (سیاسیات، معاشیات) مفلس مزدور لوگ ؛ کمیرے ؛ طبقۂ مزدوراں ؛ محنت کش مزدوروں کا طبقہ ؛ پرولتاریوں کا طبقہ ؛ غیر سرمایہ دار مزدور طبقہ ؛ (سماجیات) شودر ؛ کمین ؛ (سیاسیات) عوام۔

Dictatorship of the proletariate : عوام شاہی ؛حکومت اشتراکیون۔

Proletarization : (n) دیکھو Proletarianization

Proletary : (a) دیکھو Proletarian

Proletary : (n) (۱) (سیاسیات) حامئ عوام شاہی ؛حامئ مزدور شاہی ؛ حامئ پرولتاریت ۔ (۲) (سیاسیات) غیر سرمایہ دار مزدور ؛ پرولتاری۔

Proletcult / Proleckult : (n) [Russ. 'proletkult'.] پرولتاری فن و ثقافت کو ترقی دینے کے لئے ایک روسی تحریک۔

Proleucocyte : (n) [f. Pro+ Leucocyte .] (حیوانیات) قبل خلیۂ ابیض۔

Proli - : (comb.) [f. L. 'proles '.] جزو ترکیبی بمعنی " بچہ "" اولاد" زادو ولد"۔

Prolicidal : (a) اولاد کشی یا بچہ کشی کا یا اس سے متعلق ؛ اولاد کشانہ ؛ بچہ کشانہ۔

Prolicide : (n) [f. Proli-+-cide.] (سماجیات) بچہ کشی؛ اولاد کشی (قبل یا بعد ولادت)۔

Proliferate : (v) [Back-formation f. Proliferation .] بچہ خیزی کرنا ؛ پودا خیزی کرنا ؛ بچہ خیز ہونا ؛ پودا خیز ہونا۔ (۲) تعداد میں بہت بڑھ جانا ؛ کثیر التعداد ہونا ؛ بہتات ہونا ؛ فراواں ہونا ؛ کثیر ہونا ؛ کثرت سے بڑھ جانا (تعداد میں)۔

Proliferation : (n) [Fr. 'proliferation' .] (۱) (حیوانیات) بچہ خیزی ؛ نطفہ زائی ؛ (نباتیات) پودا خیزی ؛ شاخ خیزی ؛ (طب) جراثیم خیزی ؛ (خلویات) تکثیر خلیات ۔ (۲) عجوبہ خیزی ؛ تکثیر؛ کثرت ؛ فراوانی؛ کثرت سے بڑھ جانا (تعداد میں)۔

Proliferative : (a) جراثیم خیزانہ ؛ بچہ خیزانہ ؛ پودا خیزانہ ؛ حاصل خیز ؛ تکثیر شونده۔

Proliferous : (a) [f.L. 'proles' + ferous .] (۱)(نباتیات) پودا خیز؛ پھول پتی یا شاخ کی پھننگ سے برگچہ یا گل برگ پیدا کرنے والا۔ (۲) (حیوانیات) بچہ خیز؛ جنسی یا تولیدی (بخلاف تغذیاتی) حیوان خلیہ پیدا کرنے والا۔ (۳) (مرضیات) توسیع پذیر (بذریعۂ بچہ خیزی)؛ جراثیم خیز۔ (۴) تکثیر شونده؛ قابل تکثیر؛ منسبط شونده۔

Proliferously : (adv.) توسیع پذیری سے؛ تکثیر کے ساتھ؛ تکثیر کے طور پر؛ تکثیراً۔

Prolific/-al : (a) [med. L. 'prolificus'.] (۱) (حیوانیات)بچہ خیز؛ ولاّد؛ کثیر زا؛ کثیر النسل؛ غیر مقیم۔ (۲) (نباتیات) زرخیز؛ ثمر آور؛ ثمر خیز؛ بار آور؛ مثمر۔ (۳) سیر حاصل؛ زرخیز؛ بہتات سے پیدا کرنے والا؛ زرخیز بنانے والا یا زرخیزی لانے والا۔ (۴) فراواں؛ وافر؛ کثیر؛ بھرپور۔ (۵) کثیر التصانیف۔

Prolificacy : (n) بچہ خیزی؛ ثمر خیزی؛ زرخیزی؛ سیر حاصل؛ کثرت سے بچے پیدا کرنے یا جلد بچہ دینے کی حالت یا صفت؛ کثیر زائی؛ کثرت؛ بہتات؛ فراوانی؛ کثیر التصانیف ہونا۔

Prolifically : (adv.) زرخیز طور پر؛ کثیر زائی سے؛ کثرت سے؛ بہتات سے؛ فراواں طور پر؛ سیر حاصل طور پر؛ بچہ خیزی یا ثمر خیزی سے۔

Prolificate : (v) [f. L. 'prolificare '.] (شاذ) بچہ خیز یا ثمر خیز بنانا؛ زرخیز بنانا؛ بارور کرنا؛ بار آور بنانا۔

Prolification : (n) [med. L. 'prolificatio.'] (۱) (حیوانیات) تولد؛ بچہ خیزی؛ قوت تولید؛ بار آوری؛ نطفہ زائی۔ (۲) (طب) جراثیم خیزی۔ (۳) (نباتیات) پودا خیزی؛ شاخ خیزی؛ قوت ثمر خیزی؛ بار آوری؛ کثیر زائی؛ زر خیزی۔

Prolificious : (a) (طب) ولاّد؛ کثیر الاولاد؛ کثیر النسل۔

Prolificity : (n) بچہ خیزی؛ ثمر خیزی؛ ثمر آوری؛ ثمر بخشی؛ زر خیزی؛ حاصل خیزی؛ سیر حاصلی؛ مضمون خیزی؛ کثرت؛ بہتات؛ افراط؛ فراوانی؛ کثیر زائی۔

Prolificly : (adv.) دیکھو Prolifically

Prolificness : (n) دیکھو Prolificacy

Proligerous : (a) [f. L.'prols'+-gerous.] (۱)(حیوانیات) زائنده؛ بچہ خیز؛ بچہ آور؛ (طب) جراثیم خیز۔ (۲)(نباتیات) پودا خیز؛ ثمر خیز؛ ثمر آور؛ بار آور۔

Prolix : (a) [L. 'prolixus '.] (تقریر، مضمون، مقرر، انشاء پرداز وغیرہ) طویل؛ طولانی؛ دراز؛ اکتا دینے والا؛ تکلیف دہ؛ ناگوار؛ اجیرن؛ پر از لفاظی؛ لفاظ؛ طویل نویس؛ پرگو؛ طوالت پسند؛ پر نویس۔

Prolixity : (n) [late L. 'prolixitas '.] (۱)طوالت؛ طول کلامی؛ طوالت پسندی؛ پرگوئی؛ طویل نویسی؛ لفاظی؛ طولانیت؛ اطناب؛ دراز نفسی۔ (۲) (مزاحاً) لمبائی؛ طوالت؛ درازی؛ دراز قامتی۔

Prolixly : (adv.) طوالت سے؛ طویل طور پر؛ طوالت پسندی سے؛ اکتا دینے والے انداز میں؛ تکلیف طوالت کے ساتھ؛ دراز نفسی سے۔

Prolixness : (n) دیکھو Prolixity

Prolocution : (n) [late L. 'prolocutio'.] (۱) (شاذ) ابتدائی یا تمہیدی تقریر یا ریمارک۔ (۲) نمائندگی؛ وکالت؛ نیابت؛ وکیل کی حیثیت سے کام کرنا (شاذ)۔

Prolocutor : (n) [L. 'prolosutor '.] (۱) صدر؛ صدر نشیں؛ صدر مجلس؛ چیئر مین؛ اسپیکر؛ (خصوصاً) کلیسائے انگلستان کی کلیسائی مجلسوں کے زیریں ایوان کا نمائندہ۔ (۲) وکیل؛ نائب؛ نمائندہ (شاذ)۔

Prolocutorship : (n) صدارت؛ نمائندگی؛ صدر نشینی؛ اسپیکر یا چیر مین کا عہدہ؛ صدر مجلس کا عہدہ۔

Prologize : (v) [med. L. 'prologizare'.] افتتاحی تقریرکرنا؛ افتتاحی یا تمہیدی نظم پڑھنا یا لکھنا؛ افتتاحیہ گوئی؛ تمہیدی تقریر قلمبند کرنا؛ (خصوصاً ڈرامے کی) تمہید نظم کرنا یا بولنا؛ تمہید گوئی۔

Prologizer : (n) تمہید لکھنے یا پڑھنے والا؛ تمہید نظم کرنے یا بولنے والا؛ افتتاحیہ تقریرکرنے والا؛ افتتاحی نظم لکھنے والا؛ افتتاحیہ گو؛ تمہید گو۔

Prologue : (n) [L. 'prologus '.] (۱) افتتاحیہ؛تمہید؛ تمہیدی تقریر یا نظم (خصوصاً کسی ڈرامے کی)؛ آغاز مقال؛ اشعار مقدماتی؛ (مجازاً) پیش خیمہ؛ مقدمہ؛ ابتدائی؛ تمہیدی یا تعارفی عمل، کاروائی۔ (۲) ڈرامے کی افتتاحی نظم پڑھنے یا بولنے والا؛ افتتاحیہ گو؛ تمہید گو۔(۳) (عروض) مطلع۔

Prologue : (v) افتتاح کرنا : ابتداء کرنا : دیباچہ یا مقدمہ لکھنا : تمہید لکھنا : تمہید کا اضافہ کرنا ۔

Prologuize : (v) [f. Prologue(n)+-ize .] افتتاحی یا تمہیدی تقریر کرنا یا لکھنا : افتتاحی یا تمہیدی نظم لکھنا یا پڑھنا ۔

Prolong : (v) [late L. 'prolongare'.] (۱) لمبا کرنا : دراز کرنا : بڑھانا : طویل کرنا : طول دینا : چلاتے رہنا : جاری رکھنا (بلحاظ زمان) ۔ (۲) تلفظ کو طول دینا : (آواز کو) کھینچنا : مد دینا یا ممدودہ کرنا ۔ (۳) پھیلانا : وسیع کرنا : دراز کرنا : لمبا کرنا : طویل کرنا (بلحاظ مکاں) ۔

Prolongable : (a) امتداد پذیر : طوالت پذیر : قابل طوالت : توسیع پذیر : قابل درازی ۔

Prolongate : (v) (شاذ) لمبا کرنا : طول دینا : طویل کرنا : دراز کرنا : بڑھانا : جاری رکھنا : چلاتے رہنا : وسیع کرنا : پھیلانا : (آواز کو) کھینچنا : (تلفظ کو) طول دینا ۔

Prolongation : (n) امتداد : طوالت : درازی : طول : توسیع : اطالت : اضافہ : ازدیاد جس سے طوالت میں اضافہ ہو : خط اضافہ ۔

Prolonge : (n) [Fr. 'prolonger '.] تین ٹکڑوں سے مل کر بنا ہوا ایک رسہ جس کے جوڑ پر دو حلقے ، ایک سرے پر ہک اور دوسرے پر میخ لگی ہوتی ہے اور جو توپ کو (جب اس کا اگلا حصہ جڑا ہوا نہ ہو) ہٹانے بڑھانے اور دوسرے مختلف کاموں میں استعمال ہوتا ہے ۔

Prolonged labour : (n) (طب) عسر ولادت : وضع حمل یا ولادت میں بہت دیر ہونا ۔

Prolonger : (n) طول دینے والا : لمبا کرنے والا : وسیع کرنے والا : طول دہندہ : امتداد دہندہ : بسط و وسعت دہندہ ۔

Prolongment : (n) دیکھو Prolongation

Prolusion : (n) [L. 'prolusio '.] (۱) ابتدائی کوشش : ابتدائی کدو کاوش : کسی کھیل : کار گزاری یا تفریح کا تمہیدی یا افتتاحی مظاہرہ : تمہید : افتتاحیہ (کھیل وغیرہ کا) ۔ (۲) ابتدائی مضمون : ابتدائی مقابلہ : معمولی ادبی تخلیق ۔

Prolusory : (a) ابتدائی : تمہیدی : مقدماتی : افتتاحی : تعارفی ۔

Prom : Promenade اور Prommenade Concert کا روز مرہ مخفف ۔

Promammal : (n) [f. Pro +-mammal.] ایک رینگنے والا حیوان جو اب معدوم ہے اور جس میں پستاندار حیوانات کی واضح خصوصیات موجود تھیں ۔

Promammalia : (n) حیوانات کا ایک فرضی گروپ جسے پستاندار حیوانات سے فوراً قبل یا ان کا مورث تصور کیا جاتا ہے ۔

Promenade : (n) [Fr. 'promenade'.] (۱) چہل قدمی : سیر : سواری : (گھوڑے یا گاڑی میں) : مٹرگشت : خرام ۔ (۲) روش : پٹری : سیر گاہ : ٹہنڈی سڑک ۔ (۳) (امریکا) اسکول یا کالج میں رقص یا مجلس رقص ۔

Promenade : (v) (۱) چہل قدمی کرنا : سواری کرنا : خراماں خراماں چلنا : ٹہلنا : پھرنا (تفریح ، دکھاوے یا مظاہرے کی غرض سے) ۔ (۲) (کسی مقام کی) سیر کرنا : گھومنا پھرنا : گشت کرنا : گشت لگانا ۔ (۳) جلوس نکالنا : نمائش کرنا : ٹہلنا : پھرانا : گشت کرانا ۔

Promenade band : (n) بینڈ جو Promenade concert میں بجایا جاتا ہے ۔

Promenade concert : (n) سرگشتی کونسرٹ : جلسۂ نغمہ و سُر جس میں سامعین بیٹھنے کی بجائے ٹہلتے یا گشت کرتے ہوتے ہیں یا خود بھی رقصاں ہوتے ہیں : سرگشتی چوکی : سرگشتی منڈلی ۔

Promenade deck : (n) مسافر جہاز کا بالائی عرشہ جس پر مسافر چہل قدمی کرتے ہیں ۔

Promenader : (n) گشت لگانے والا : گھومنے پھرنے والا : چہل قدمی کرنے والا : سیر کنندہ : سواری میں سیر کرنے والا : ٹہلنے والا : محو خرام ۔

Promeristem : (n) [f. Pro+ meristem.] (نباتیات) پیش مقسمہ ۔

Promerops/Promeropes : (n) [mod. L.] جنوبی افریقہ کا چھوٹا سا پرندہ (خصوصاً Cape promerops جس کی چونچ لمبی ، پتلی اور مڑی ہوئی ہوتی ہے اور دُم بہت لمبی ہوتی ہے) ۔

Promethean : (a) [f. Promethenus +-an.] پرومستھی ، پرومیتھیئس کا یا اس سے متعلق : فن ہنر یا سزا کے معاملے میں پرو میتھیئس جیسا ۔

Prometheus : (n) [Gr. 'promytheus '.] (یونانی دیو مالا)
پرومیتھیئس :ایک نیم دیوتا جس نے چکنی مٹی سے
انسان کا پتلا بنایا ، اولمپس سے آگ لایا ، انسان
کو اس کا استعمال سکھایا ، اس کے علاوہ اس نے
اس کو طرح طرح کے فنون و ہنر سکھائے ، اس
کی پاداش میں اولمپیائی دیوتاؤں کے بادشاہ
زیئس(Zeus) نے اس کو کوہ قاف کی چٹانوں
سے جکڑ دیا جہاں روزانہ ایک گدھ آکر اس کے
جگر کو نوچ کر کھایا کرتا تھا۔ (تلمیحاً یا کنایتہً
بھی مستعمل ہے)۔

Promethium : (n) [f. Prometh(eus +-ium.] (کیمیا) پرومیتھیم
(دھات ، عنصر) : (جوہری یا ایٹمی نمبر ٦١ علامت
Pm) .

Promille : (a & adv.) [LL.] فی ہزار۔

Prominence : (n) [L. 'prominentia'.] (١) نمایاں ہونا : آگے کو نکلا
ہوا ہونا ۔ (٢) نمایاں چیز : ابھار : آگے کو نکلا
ہوا حصہ ۔ (٣) نمایاں ہونے کی حالت یا صفت :
امتیاز : نمود : (سماجیات) شہرت : ناموری ۔
(٤) نمایاں نکتہ یا بات : خاص نکتہ : خاص بات ۔

Solar prominence : سورج کے کرۂ رنگ پر ہائیڈروجن
وغیرہ کے دہکتے ہوئے بادل کا آگے کو نکلا ہوا
حصہ جو گہن کی حالت میں سب سے زیادہ نمایاں
طور پر دیکھا جا سکتا ہے: شعلۂ احمر :سورج کی لپٹ ۔

Prominence spectrum : (n) نمایاں طیف رنگ۔

Prominences : (n) (علم النجوم) شُعَلِ احمر : (سورج کی) لپٹیں۔

Prominency : (n) دیکھو Prominence

Prominent : (a) (١)مشہور : معروف : ممتاز : نامور .(٢) آگے کو نکلا
ہوا یا بڑھایا ہوا : ابھرواں ۔ (٣) نمایاں : واضح :
ممتاز ۔

Prominent : (n) Notodonta جنس کا قرن دار یا نوکدار کیڑا۔

Prominently : (adv.) نمایاں طور پر: امتیازی طور پر : نمایاں ہو کر:
ممتاز ہوکر۔

Prominentness : (n) شہرت : نکلا ہوا ہونا : نمایاں ہونا : امتیاز ہونا :
نمود : ابھار۔

Promiscuity : (n) [f. next+-ity.] (١) خلط ملط : ابتری : بے ترتیبی ۔
(٢) آزاد جنسی تعلقات : (سماجیات) اختلاط : آزاد
مباشرت۔

Promiscuous : (a) [f.L. 'promiscuus'.] (١) مخلوط : ملا جلا :
متفرق : گڈ مڈ : خلط ملط : جس میں مختلف النوع
اشیاء یا عناصر بے ترتیبی سے ملی ہوئی ہوں :
بے ترتیب : ابتر : مختلف ۔ (٢) عام : بلا امتیاز ۔
(٣) (بول چال) یونہی : بے غرضانہ :بے پروا :
اتفاقیہ : بے قاعدہ ۔

A promiscuous mass : مخلوط انبوہ : انبار : تودہ ۔

Promiscuous bathing : (n) مخلوط غسل : ملا جلا غسل (جس میں
مرد عورت کا کوئی امتیاز نہ ہو) : مخلوط غسل۔

Promiscuous hospitality : (n) صلائے عام : دعوت عام (جس میں
چھوٹے بڑے کا کوئی امتیاز نہ ہو)۔

Promiscuous-like : (n) (مزاحاً ، بازاری) یونہی : بلا غرض خاص :
بلا وجۂ خاص۔

Promiscuous massacre : (n) قتل عام۔

Promiscuous sexual relation : (n) بلا امتیاز یا آزادانہ جنسی تعلقات
(جس میں شادی ، نکاح کی قید نہ ہو)۔

Promiscuously : (adv.) ابتری سے : بے ترتیبی سے : مخلوط طور پر :
خلط ملط طور پر : بے قاعدگی سے : آزادانہ : بلا
امتیاز طور پر : عام طور پر۔

Promise : (n) [L. 'promissum'.] (١) وعدہ : عہد : پیمان : اقرار :
قول و قرار : (قانون) قرارداد۔ (٢) شے موعودہ
(سیاق عبارت کی روسے (Claim کے ساتھ)) ایفائے
عہد۔ (٣) (مجازاً) توقع : عمدہ نتائج کی توقع :
ہونہاری ۔

Bow of promise : قوس موعود : قوس قزح (جو طوفان
نوح کے بعد ظاہر ہوئی تھی)۔

Breach of promise : وعدۂ نکاح یا عہد شادی کی خلاف
ورزی : خلاف ورزیٔ معاہدہ : وعدہ شکنی : نقض
وعدہ یا معاہدہ۔

Breach-of-promise case : وعدۂ نکاح یا وعدۂ شادی کی
خلاف ورزی کا مقدمہ۔

Land of promise : ارض موجود : ارض کنعان۔

Of great high promise : ہونہار : جس سے بہت ساری

(بہتر) توقعات وابستہ ہوں۔

To give (afford,show etc.) promise : بہتر توقعات رکھنا ؛ بہتر توقعات کا مستطیع ہونا ؛ بہتر توقعات ظاہر کرنا ؛ بہتر توقعات کی گنجائش رکھنا ۔

Promise : (v) (۱) وعدہ کرنا ؛ عہد کرنا ؛ عہد پیمان کرنا ؛ قول و قرار کرنا؛ اقرار کرنا ۔ (۲) (بول چال) یقین دلانا ؛ توقع دلانا ۔ (۳) (خوش آئند) توقع رکھنا ۔ (۴) توقع پیدا کرنا ؛ امید پیدا کرنا یا دلانا ؛ آثار ظاہر کرنا ۔ (۵) امید افزا ہونا ۔ (۶) (بیٹی سے) شادی کرنے کا وعدہ کرنا ؛ نسبت پکی کرنا ؛ منگنی کرنا ۔

I can not positively promise : میں حتمی وعدہ نہیں کر سکتا ۔

I promise you : میں تمہیں یقین دلاتا ہوں ؛ میں تم سے وعدہ کرتا ہوں ۔

These differences promise future storm : (مجازاً) ان اختلافات سے آئندہ فساد کا اندیشہ ہے ۔

To promise oneself (something) : (کسی چیز کی) (خوش آئند) توقع رکھنا یا کرنا ۔

To promise well : آس ، امید ، بھروسہ دینا ۔

Promised : (a) موجود ؛ موجودہ ؛ معہودہ ؛ معہود ؛ وعدہ کیا ہوا ؛ جس کا وعدہ کیا گیا ہو۔

Promised land : (n) ارض موجود ؛ ارض کنعان (جسے حضرت ابراہیم اور ان کی اولاد کو دینے کا خدا نے وعدہ کیا تھا) ؛ بہشت ؛ آرام و راحت کا (متوقع) مقام ۔

Promiser/ Promisor : (n) وعدہ کرنے والا ؛ عہد کرنے والا ؛ پیمان کرنے والا ؛ اقرار کرنے والا ؛ (قانون) معہد ؛ مُقر ؛ متعہد ۔

Promising : (a) (۱) وعدہ کرنے والا ؛ عہد باندھنے والا ؛ قول و قرار کرنے والا ۔ (۲) (مجازاً) ہونہار ؛ امید افزا ؛ جس سے بہتر توقعات وابستہ کی جا سکیں ۔

Promisingly : (adv.) امید افزا طور پر ۔

Promissee : (n) (قانون) مقرلہ ؛ مقرالیہ ؛ معاہدہ ؛ وہ شخص جس سے اقرار یا معاہدہ کیا جائے ؛ معاہد ؛ متعہدلہ ۔

Promissory : (a) [med. L . 'promissorius'.] پیمانی؛ وعدی ؛ تعہدی؛ اقراری ؛ شرطی ۔

Promissory note : (n) (قانون)اقراریہ ؛پرامیسری نوٹ ؛ درشنی ہنڈی؛ دستاویز جس میں کسی خاص شخص یا حامل کی رقم مندرجہ کسی تاریخ پر یا عند الطلب ادا کرنے کا وعدہ ہو۔

Promontoried : (a) بروزی ؛ ابھاردار ؛ گلٹی دار ۔

Promontory : (n) [med. L. 'promontorium' .] (۱) راس ؛ خشکی کا بلند حصہ جو تری میں چلا جائے ؛ (جغرافیہ) کوہی راس ؛ راس مرتفع ۔ (۲) (تشریح) ابھار ؛ بروز ؛ گلٹی ؛ پھوڑا ؛ پھنسی ؛ دنبل ؛ بر آمدگی ۔ (۳) (توصیفاً یا بطور صفت) راس مرتفع جیسا ؛ راس نما ؛ ابھر واں ؛ نکلا ہوا ؛ نکلتا ہوا ؛ دنبل دار؛ ابھرا ہوا ؛ نمایاں ؛ممتاز ۔

Promontory of the sacrum : (n) وہ زاویہ نما ابھار جو کمر کے آخری فقرے اور مقعد کی تکونی ہڈی کے نقطۂ اتصال یا جوڑ پر بنتا ہے ۔

Promotory of the tympanum : (n) درون گوش کا وہ ابھار جو کن گھونگے کے ابھرا ہوا ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے ۔

Promorphology : (n) [G. 'promorphologie'.] (حیاتیات)ریاضیاتی شکلیات ؛ علم الاشکال الاعضاء کی وہ شاخ جو ریاضیاتی نقطۂ نظر سے عضوی ہوتی ہیں ۔

Promotable : (a) جسے ترقی دی جا سکے ؛ جس کو ترقی دی جا نے والی ہو؛ لائق اعانت ؛ قابل تائید ؛ لائق سر فرازی ۔

Promote : (v) [f. L. 'promovere' .] (۱) درجہ بڑھانا ؛ ترقی دینا (کسی شخص کو کسی عہدے وغیرہ پر) ۔ (۲) تقویت دینا ؛ حمایت کرنا ؛ بڑھانا ؛ ترقی دینا ؛ فروغ دینا ؛ اعانت کرنا ؛ ترغیب دینا ؛ تحریک دینا ؛ اچھی طرح پیدا کرنا یا لانا (پسینہ وغیرہ) ۔ (۳) اونچا کرنا ؛ بلند کرنا ؛ سربلند کرنا ؛ سرفراز کرنا ؛ سردار کرنا ؛ بڑھانا ؛ چڑھانا ۔ (۴) تائید کرنا (نفاذ قانون میں یا پارلیمنٹ کے مقامی یا انفرادی قانون کے نفاذ میں) ۔ (۵) بنا ڈالنے میں اعانت کرنا ۔ (۶) (شطرنج) (پیادے کو) فرزین بنانا ۔ (۷) (کلیسائی قانون) کسی فوجداری مقدمے میں کلیسائی عدالت کے جج کو حرکت میں لانا ؛ جج کی اجازت سے (کوئی مقدمہ) دائر کرنا ۔ (۸) (امریکا) اشتہار بازی کے ذریعہ (کسی چیز کی) فروخت بڑھانا ۔

Promotee : (n) وہ شخص جسے ترقی ملی ہو؛ جس کے عہدے کو ترقی دی گئی ہو.

Promoter : (n) [med. L. 'promotor'.] (۱) ترقی دینے والا ؛ بڑھانے والا ؛ حامی ؛ مدد ؛ موئد ؛ اعانت کرنے والا ؛ کسی تحریک یا منصوبے کو آگے بڑھانے والا ؛ (خصوصاً) انجمن سرمایۂ مشترک بنانے والا ؛ وہ شخص جو سرمایۂ مشترک کی انجمن بنانے کی ترغیب دے (خصوصاً ذم کے معنوں میں) کسی قانون کی منظوری کی عملاً حمایت کرنے والا (خصوصاً پارلیمنٹ کے نجوم یا مقامی قانون کی) ؛ منظوری کے لئے اقدام کرنے والا یا اس کی فعال تائید کرنے والا . (۲) درجے یا عہدے میں کسی کو ترقی دینے والا ؛ درجہ بلند کرنے والا . (۳) کلیسائی عدالت میں مقدمہ دائر کرنے والا ؛ اطلاع دینے والا . (۴) (یا Promotor) مختلف برطانوی جامعات کا ایک افسر جو طلبا کے کاموں کی نگرانی کرتا ہے اور انہیں ڈگری کے لئے پیش کرتا ہے . (۵) وہ مادہ جس کی تھوڑی مقدار کسی Catalyst کی فعالیت کو بڑھا سکتی ہو؛ (کیمیا) محرک عمل .

Promoter of the faith : (n) (رومن کیتھولک عقیدہ) ادائی رسوم کا افسر جس کا کام انتظامات یا آرائشوں کا یا اس شخص کے کردار جس کو اعزاز دیا جا رہا ہو نقص بتانا ہے ؛ عیب جو ؛ نکتہ چیں .

Promoterism : (n) (خصوصاً ذم کے طور پر) انجمن سازی ؛ مشترک سازی ؛مشترک سرمایہ کمپنی بنانے یا تشکیل دینے کی تحریص و ترغیب .

Promotion : (n) [L. 'Promotio'.] (۱) ترقی ؛ تقویت ؛ تائید ؛ حوصلہ افزائی ؛ ہمت افزائی . (۲) (شطرنج) (پیادہ کو) فرزیں بنا دینا . (۳) آگے بڑھانا ؛ اعانت ؛ بڑھوتری . (۴) مشترک سرمایہ کمپنی کی تشکیل یا شروعات . (۵) (امریکا) اشتہار بازی کے ذریعہ کسی چیز کی فروخت بڑھانا ؛ پبلسٹی ؛ اشتہار بازی ؛ موقع ، تقریب وغیرہ جس میں کسی چیز کو مشتہر کیا گیا ہو.

On promotion : ترقی کی راہ میں ؛ دوران آزمائش .

To be on one's promotion : ترقی کے خیال سے اپنے اطوار کو درست رکھنا ؛ (روزمرہ) شادی کے خیال سے اپنے اطوار کو درست رکھنا .

Promotion and demotion : (n) (سیاسیات) ترقی و تنزلی .

Promotional : (a) ترقی کا یا اس سے متعلق ؛ حوصلہ افزائی یا ہمت افزائی سے متعلق ؛ تائیدی ؛ ترغیبی ؛ متعلق بہ اشتہار بازی .

Promotive : (a) بڑھانے والا ؛ ترقی دینے والا ؛ تائید کرنے والا ؛ ہمت افزا ؛ ترقی دہندہ ؛ ترغیبی ؛ حوصلہ افزا ؛ (کسی چیز کی) فروخت کو بڑھانے والا ؛ جس میں بڑھانے یا ترقی دینے کی خصوصیت ہو.

Promotiveness : (n) بڑھانے یا ترقی دینے کی صفت ؛ ہمت افزائی ؛ حوصلہ افزائی ؛ افزودگی ؛ ترقی دہی ؛ ترفیع .

Promotor : (n) (۱) بعض حیوانات میں خودکار زائدوں کی جڑ کے پیچھے جڑا ہوا ایک عضلہ .

Promotor fidei /Promotores- : (n) دیکھو Promoter of the faith

Promovent : (n) کلیسائی عدالت میں مقدمہ دائر کرنے والا شخص .

Prompt : (n) (۱) لقمہ دینے کا عمل ؛ یادداشت کو سہارا دینے کا کسی کام پر آمادہ کرنے یا اکسانے والی چیز ؛ نغمہ ؛ اشارہ ؛ ایما . (۲) (تجارت) کسی حساب کی معیاد ادائی (جو Prompt note پر درج ہوتی ہے).

Prompt : (a) [L. 'Promptus '.] (۱) مستعد ؛ آمادہ ؛ حیثیت . (۲) فوری ؛ بلا تاخیر ؛ معجل . (۳) بر محل ؛ بر وقت . (۴) (تجارتی لین دین) نقد ؛ تیار ؛ جو فوری وصولی اور فوری ادائی کے لئے ہو؛ (مال) جو فوراً یا تاریخ معینہ پر دیئے جانے کے لئے تیار ہو.

For prompt cash : فوری ادائی کے لئے ؛ وہیں کے وہیں ادائی کے واسطے .

Prompt : (adv.) (۱) فوراً ؛ چستی سے ؛ مستعدی سے ؛ تیزی سے . (۲) دیکھو Promptly .

Prompt : (v) (۱) آمادہ کرنا ؛ مستعد کرنا ؛ بر انگیختہ کرنا ؛ ابھارنا ؛ اکسانا ؛ مائل کرنا ؛ ترغیب دینا یا دلانا ؛ تحریص دینا . (۲) لقمہ دینا (ایکٹروں اور قاریوں کو اگلا لفظ سمجھانا) . (۳) ایما کرنا ؛ سمجھانا ؛ (متامل مقرر کو) . (۴) القا کرنا ؛ دل میں ڈالنا ؛ دل میں پیدا کرنا (کسی جذبے یا تحریک کا) . (۵) سمجھانا ؛ مدد دینا (خصوصاً کسی ایکٹر کو الفاظ سے).

Prompt-bell : (n) وہ گھنٹی جو ایکٹر کو واپس بلانے کے لئے Prompter بجاتا ہے .

Prompt-book : (n) لقمہ دینے والے کے استعمال کے لئے ڈرامے کا نسخہ : نسخۂ سامع ۔

Prompt-box : (n) مقام سامع : اسٹیج پر سامع کی نشست ۔

Prompt-copy : (n) دیکھو Prompt-book

Prompt goods : (n) وہ مال جس کی فروخت اس معاہدے کے ساتھ ہوئی ہوکہ معیاد مقررہ یا وقت معینہ پر اس کی ڈیلیوری ہوجائے گی ۔

Prompt-note : (n) چٹھی وغیرہ جس میں کسی حساب کی میعاد ادائی وغیرہ تحریر ہو: میعادی چٹھی ۔

Prompt-side : (n) پہلوئے سماعت : سماعتی پہلو : (انگلینڈ میں) اسٹیج پر ایکٹر کا بایاں (اور امریکا میں) دایاں پہلو (مخفف P.s) ۔

Prompter : (n) (۱) اکسانے والا : ترغیب دینے والا : برانگیختہ کرنے والا : ابھارنے والا یا آمادہ کرنے والا ۔ (۲) (خصوصاً تھیٹر) سامع : لقمہ دینے والا : وہ شخص جو منظر عام سے پیچھے حاضرین کی نظروں سے اوجھل رہ کر ایکٹروں اور قاریوں کی سماعت کرتا ہے اور جہاں کہیں وہ اٹکتے ہیں وہاں لقمہ دیتا ہے ۔

Prompting : (n) اکسانے : ابھارنے یا آمادہ کرنے کا عمل : تحریک : تحریص : تلقین : ترغیب : اشتعال : برانگیختگی : (نفسیات) تقاضائے فطرت ۔

Promptitude : (n) [Late. L. 'promptitudo'.] مستعدی : چستی : آمادگی : پھرتی : عجل : تعجیل : جلدی ۔

Promptly : (adv.) فوراً : چستی سے : مستعدی سے : تیزی سے : پھرتی سے : بلا غور : بلا توقف : جھٹ پٹ : بلا تامل : ترت پھرت : آن کی آن میں ۔

Promptness : (n) مستعدی : چستی : آمادگی : پھرتی : عجل : تعجیل : جلدی ۔

Promulgate : (v) [f. L. 'Promulgate '.] مشتہر کرنا : اعلان کرنا : شہرت دینا : تشہیر کرنا : شائع کرنا : اشاعت کرنا : پھیلانا : منادی کرنا ۔

Promulgation : (n) اعلان : شہرت : تشہیر : اشاعت : نشر و اشاعت : منادی (خصوصاً) کسی نئے قانون ، فرمان وغیرہ کا سرکاری اعلان یا ترویج : اعلام ۔

Promulgator : (n) اعلان کرنے والا : معلن : مشتہر : ناشر : منادی کنندہ : شائع کنندہ ۔

Promulge : (v) [L. ' promulgare '.] (۱) (متروک) (کسی قانون ، ڈگری ، وغیرہ کا) پہلے سے اعلان یا اشاعت کرنا : شائع کرنا ۔ (۲) پیش کرنا : منظر عام پر لانا : (کسی مسلک ، عقیدے ، رائے وغیرہ کو) عوام تک پہنچانا : عوام میں رائج کرنا : عوام کو روشناس کرانا : عوام کے سامنے لانا : شائع کرنا : (کتاب وغیرہ کو) ۔

Promulger : (n) اعلان یا اشاعت کرنے والا : مشتہر کرنے والا : منظر عام پر لانے والا : روشناس عوام کرانے والا : شائع کرنے والا ۔

Promuscis : (n) [late L. altered f. L. 'proboscosis'.] (حشریات) خرطوم حشرہ : محس : کیڑوں کی چسنی : سونڈ (خصوصاً بڑے کیڑوں میں جن کے جھلی نما چار پر ہوتے ہیں) ۔

Promycelium : (n) [L.] (نباتیات) پیش فطروبہ ۔

Promyshlennik : (n) [Russ.] سائبیریا اور الاسکا کا وہ شخص جو سمور کے لئے جانوروں کا شکار کرتا ہے اور سمور کی تجارت کرتا ہے : سمور کا تاجر : سمور کے لئے جانوروں کا شکار کرنے والا ۔

Pronaos : (n) [Gr. 'pronaos'.] (قدیمیات ، یونان و روما) معبد کا احاطہ اور پیش ۔

Pronate : (v) [Back-formation from Pronation] (عضویات) پتیانا : مکب کرنا : ہتھیلی کو نیچے کی طرف کرنا : آگے کو جھکنا : پیٹ یا منہ کے بل پڑا ہونا : جسم کے اگلے حصے کو آگے یا نیچے جھکانا ۔

Pronate : (a) (شاذ) آگے اور نیچے کو جھکا ہوا ۔

Pronation : (n) [f. L. 'Pronas' + Ation.] (عضویات) کب : اکباب : ہاتھ یا اگلے پاؤں کو آگے کی طرف جھکا کے رکھنا : اس طرح جھکا ہونے کی حالت ۔

Pronator : (n) [mod . L. 'pronator'.] (تشریح) ہاتھ یا اگلے پاؤں کا وہ عضلہ جو منہ کے بل یا آگے کو جھکنے میں معاون ہوتا ہے : عضلۂ میلانی : وہ عضلہ جو میلان یا جھکاؤ کا ذمہ دار ہو ۔

Prone : (a) [L. 'pronus '.] (۱) منہ کے بل : پٹ : اوندھا ہوا : اوندھا : دمر ۔ (۲) (غیر فصیح) چت ۔ (۳) (ارضیات) نشیب دار : تیز ڈھلواں : ڈھلوان (زمین یا رخ) ۔ (۴) راغب : (نفسیات) مائل : امادہ : ڈھلا ہوا ۔

Prone float : (n) ہاتھوں کو آگے پھیلا کر اوندھے منہ تیرنے کی حالت۔

Prone pressure method : (n) مصنوعی عمل تنفس کا ایک طریقہ جس میں مریض کو اوندھا کر سینے کے سامنے اس کی پشت کو رہ رہ کر دباتے ہیں جس سے پھیپھڑوں میں جمع پانی نکل جاتا ہے اور مریض سانس لینے لگتاہے۔

Pronely : (adv.) سرنگوں ؛ اوندھے منہ ؛ چت ؛ پٹ ؛ منہ کے بل ؛ مائل ہوکر۔

Proneness : (n) میلان ؛ رغبت ؛ شوق ؛ رجحان ؛ (ارضیات) ڈھلان ؛ نشیب ؛ اوندھا پن ؛ پٹ ہونے کی حالت۔

Pronephron/Pronephros : (n) [mod. L.f. Pro+Gr. 'nephros'.] (حیوانیات) پیش گردہ۔

Proneur : (n) [Fr. 'proneur'.] (۱) ثنا خواں ؛ مداح ؛ ثنا گو ؛ مدح خواں۔ (۲) خوشامدی ؛ بھٹئی کرنے والا ؛ قصیدہ خواں۔

Prong : (n) [Du. 'prang'.] (۱)نوکدار شاخوں والا آلہ (جس میں دو تین یا زیادہ شاخیں ہوں) ؛ شاندار آلہ ؛ دو شاخہ ؛ فورک ؛ شاخدار چیز ؛ زائدہ یا عضو۔ (۲) دو شاخے کی شاخ یا کانٹا ؛ شاخ ؛ شاخہ ؛ کسی قدرتی چیز کا نوکدار یا نکلا ہوا حصہ ؛ خار ؛ کانٹا ؛ دندانہ ؛ (ہرن کی سینگ کی) شاخ ؛ چٹان کی نوک۔

Prong : (v) (۱) چبھونا ؛ کانٹا چبھونا یا بھونکنا ؛ کوچنا ؛ کچوکا مارنا ؛ شاخدار یا خاردار آلہ چبھونا ؛ ترشوں یا سہ شاخہ برچھا بھونکنا۔ (۲) نوک دار شے سے (مٹی وغیرہ کو) تہ و بالا کرنا ؛ کانٹا کدالی سے زمین ادھیڑنا۔ (۳) دوشاخے لگانا ؛ دو شاخہ نما کانٹے لگانا۔

Three-pronged fork : سہ شاخہ ؛ ترشول ؛ سہ شاخی کانٹا۔

Prong-hoe : (n) دو خمیدہ شاخوں والا زراعتی اوزار جو کھرپے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ دو شاخہ کھرپی۔

Prong-hoe : (v) دو شاخہ کھرپی سے زمین کھودنا۔

Prong-horned : (a) شاخدار سینگوں والا۔

Prong-horned antelope : (n) مغربی شمالی امریکا کا ایک ہرن جو میدانوں میں پایا جاتا ہے اور جس کے سینگ چوڑے ، شاخدار ، قدرے خمیدہ اور نوکیلے ہوتے ہیں ؛ ان پر ایک غلاف سا چڑھا ہوتا ہے جو ہر سال بدل جاتا ہے ؛شاخدار سینگوں والا (شمالی امریکی) میدانی ہرن ؛ شاخدار ہرن۔

Prongbuck : (n) Phonghorn (Ed antelope) کا مخفف۔

Pronged : (a) شاخدار ؛ خاردار ؛ جس میں نوکیلی شاخیں ہوں ؛ کانٹے دار ؛ دندانے دار۔

Pronghorn : (n) Pronghorn (Ed antelope) کا مخفف۔

Pronominal : (a) [late L. 'pronominalis'.] ضمیری؛ ضمیر کا ؛ اس سے متعلق یا اس جیسا۔

Pronominal : (n) ضمیر ؛ضمیری لفظ ؛ ضمیر نما الفاظ ؛اسم ضمیر۔

Pronominalize : (v) ضمیر بنانا ؛ ضمیر جیسا بنانا ؛ تضمیر کرنا۔

Pronominally : (adv.) ضمیر کے طور پر ؛ ضمیر یہ ؛ ضمیری حیثیت سے ؛ ضمیری طور پر۔

Pronotum : (n) [f. Pro+notum .] (حشریات) کسی حشرہ کے Prothorax کا ظہری حصہ ؛ پیش پشت حشرہ ؛ کیڑے کی پشت کا اگلا حصہ۔

Pronoun : (n) [f. Pro+ Noun , after L. 'pronomen'.] ضمیر ؛ اسم ضمیر ؛ (جمع) ضمائر ؛ ضمیریں۔

Demonstrative pronoun : اسم اشارہ ؛ ضمیر اشارہ۔

Distributive pronou n : ضمیر توزیعی ؛ ضمیر عددی۔

Indefinite pronoun : ضمیر تنکیری۔

Interrogative pronoun : ضمیر استفہامیہ۔

Personal pronoun : ضمیر شخصی۔

Possessive pronoun : ضمیر اضافی۔

Relative pronoun : ضمیر موصولہ ؛ ضمیر موصول؛ اسم موصول۔

Pronounce : (v) [f.L. 'pronountiare'.] (۱) بیان کرنا ؛ اظہار کرنا ؛ ظاہر کرنا (رائے و غیرہ)۔ (۲) اعلان کرنا ؛ با اعلان کہنا۔ (۳) وثوق سے کہنا ؛ حتمی طور پر کہنا۔ (۴) صادر کرنا ؛ (فیصلہ ، فتویٰ) دینا ؛ (حکم ، سراپ ، رائے)۔ (۵) تلفظ کرنا ؛ بولنا (الفاظ کا)۔

I can not pronounce him out of danger : میں یہ رائے

نہیں دے سکتا کہ اب وہ خطرے سے باہر ہے۔

I pronounce the mangoes unripe : میری رائے میں یہ آم کچے ہیں۔

Pronounce against : (v) کسی کے خلاف رائے دینا۔

Pronounce for : (v) کسی کے حق میں رائے دینا۔

Pronounce more distinctly : زیادہ وضاحت سے تلفظ ادا کرو؛ صاف صاف ادا کرو۔

Pronounce on : (v) کسی پر رائے زنی کرنا۔

Pronounceable : (a) قابل تلفظ؛ قابل ادائے تلفظ؛ قابل اظہار؛ قابل بیان۔

Pronounced : (a) (۱) ملفوظ؛ تلفظ کیا ہوا؛ ادا کیا ہوا؛ تلفظ شدہ۔ (۲) قطعی؛ قاطع؛ مشخص؛ صریح؛ واضح؛ کھلا؛ نمایاں؛ طے شدہ؛ فیصل شدہ۔

Pronounced flavour : (n) نمایاں خوشبو اور ذائقہ۔

Pronounced magenta : (n) کھلا قرمزی رنگ۔

Pronounced tendency : (n) قومی رجحان؛ صریح رغبت؛ نمایاں میلان۔

Pronouncedly : (adv.) واضح طور پر؛ کھلے طور پر؛ نمایاں طور پر؛ صریحاً۔

Pronouncement : (n) بیان؛ اظہار؛ اعلان؛ رائے؛ فیصلہ۔

Pronouncer : (n) اعلان کرنے والا؛ معلن؛ فیصلہ صادر کرنے والا؛ فتویٰ دینے والا؛ مفتی؛ بیان دینے والا؛ اظہار کرنے والا؛ رائے دینے والا؛ تلفظ کرنے والا۔

Pronouncing : (n) بیان دینے یا اعلان کرنے کا عمل؛ فیصلہ یا رائے دینے کا عمل؛ تلفظ کرنے کا عمل؛ صاف صاف ادا کرنے کا عمل؛ تلفظ؛ صدور (فیصلہ وغیرہ)؛ اظہار (رائے وغیرہ)۔

Pronouncing : (a) تلفظ کی؛ تلفظ والا؛ تلفظ دار؛ تلفظ سے متعلق؛ با تلفظ؛ تلفظ بتانے والی؛ رہنمائے تلفظ (کتاب، لغت وغیرہ)۔

Pronouncing dictionary : (n) با تلفظ لغت؛ تلفظ والا لغت۔

Pronto : (adv.) [Sp. f. L. 'promptus'.] (امریکی عامیانہ) فوراً؛ تیزی سے؛ پھرتی سے؛ ابھی؛ آناً فاناً۔

Pronucleus / Pronuclei : (n) [mod . L.] (نباتیات، حیوانیات) پیش نواۃ؛ پیش مرکزہ؛ بیضہ یا مادۂ منویہ کا نیوکلیئس جو باروری سے قبل کی حالت میں ہو؛ نر پودے کے بار آور مادے کا نیوکلیئس جو جنس مخالف سے مل کر تخمک بنتا ہے۔

Pronounciamento : (n) [Sp. 'pronounceiamiento'.] (سیاسیات) اعلامیہ؛ اعلان؛ اشتہار؛ محضر (باغیوں کی طرف سے خصوصاً ہسپانی داں ممالک میں)۔

Pronounciation : (n) [L. 'pronounciatio'.] تلفظ؛ انداز تلفظ؛ طرزادا؛ لب و لہجہ۔

Pronounciator : (n) [L. 'pronounciator'.] تلفظ کرنے والا؛ ترتیل سے پڑھنے والا؛ قاری؛ تلفظ داں؛ تجوید خواں۔

Pronounciatory : (a) تلفظی؛ تلفظ کا یا اس سے متعلق؛ وابستہ بہ تلفظ۔

Proomium : (n) [L. Gr. 'prooimion'.] دیکھو Proem

Prooestrus / Prooestrum / Prooestrous : (n) دیکھو Proestrus

Proof : (n) [Later Me. 'prof'.] (۱) ثبوت؛ دلیل؛ حجت؛ برہان۔ (۲) شہادت؛ گواہی؛ قانونی شہادت؛ تحریری یا زبانی شہادت؛ عدالت کی درج کردہ شہادت۔ (۳) تصدیق؛ توثیق؛ اثبات۔ (۴) (اسکاتستانی قانون) سماعت مقدمہ بحضور جج بجائے جیوری۔ (۵) آزمائش؛ جانچ؛ امتحان؛ (ریاضیات) کسی حساب کی صحت یا عدم کو جانچنے کا عمل؛ ثبوت۔ (۶) (مقام) امتحان اسلحہ؛ دھماکہ خیز اشیاء یا آتش اسلحوں کو ٹسٹ کرنے کی جگہ۔ (۷) ناقابل گذر ہونا؛ (طبع وغیرہ) روک۔ (۸) معیار قوت شراب مقطر (یا سرکے) کی طاقت کا معیار؛ (جدید معنوں میں) الکحل اور پانی کے مخلوط کی طاقت (جس کا ثقل نوعی خالص الکحل کا ۰.۱۹۸۴، وزن ۰.۸۳۹۵ یا حجم ۰.۵۷۲۷ ہوتا ہے)؛ اس طاقت کی شراب یا اسپرٹ۔ (۹) (طباعت) پروف؛ وہ مطبوعہ کاغذات وغیرہ جو بغرض تصحیح مشین میں سے نکالے جاتے ہیں؛ تصویری پروف؛ بر صوفہ۔ (۱۰) امتحانی نلی؛ آزمائشی نلی؛ بارود کی طاقت جانچنے کا آلہ۔ (۱۱) (جلد سازی) ناہمواری یا نا تراشیدہ کنارے (کتاب کے)۔ (۱۲) معمول سے زیادہ گولہ یا بارود بھر کر یا آبی دباؤ کے ذریعہ توپوں یا چھوٹے آتشیں اسلحوں کو جانچنے کا عمل۔ (۱۳) (بول چال)

اچھائی ؛ بہتری ؛ بھلائی ۔ (۱۳) (منبت کاری) (ابتداءً) نا مکمل چھاپ یا تکمیل کے بعد کی پہلی چھاپ جو منبت کار اپنے کام کی نوعیت سمجھنے کے لئے دیتا ہے (عموماً کتبہ شامل کرنے سے پہلے) ۔ (۱۵) نمونے کے طور پر ابتدا میں ڈھالے ہوئے یا چھاپ شدہ سکّوں میں سے ایک ۔

Armour of proof : نا قابل یا حفاظتی پوشش (زرہ بکتر، جنگی جہازوں کی فلزیاتی پوشش یا غوطہ خوری کا محفوظ لباس) ۔

Artist's or engravier's proof : مصور یا منبت کار کا لیا ہوا پروف (جو تصویر یا منبت کاری کے نمونے کی درستگی دیکھنے یا ترمیم کی غرض سے لیا جاتا ہے) ؛ فنکار کا تصویر پروف ؛ کنندہ کار کا پروف ۔

Letter proof / letterd -: دستخطی پروف (وہ پروف جس پر فنکار یا منبت کار کا دستخط اور کنبہ موجود ہو) ۔

Positive proof : مثبت ثبوت ؛ بین ثبوت ۔

Signed proof : دستخطی پروف ؛ وہ پروف جس پر ضاع و فنکار کے دستخط ہوں ؛ ابتدائی پروف جس پر فنکار کا دستخط بھی ہو ۔

The proof of the pudding is the eating : مٹھائی کی عمدگی کی دلیل اس کے کھانے میں ہے ۔

To bring, put, set, (something) in, on, to proof : (کوئی چیز) ثبوت میں پیش کرنا ؛ ثبوت میں دینا ؛ بطور ثبوت پیش کرنا ۔

Proof : (a) (۱) آزمودہ قوت کے (اسلحے) ؛ نا قابل گذر ؛ جن کی طاقت (یا قوت دماغ) آزمائی جا چکی ہو ؛ مضبوط ؛ محکم ؛ قوی ؛ غیر ضرر پذیر ؛ (against یا to کے ساتھ آتا ہے) ؛ مرکبات میں جزو ثانی کے طور پر آتا ہے مثلاً Water proof ، Fire proof وغیرہ بمعنی روک ۔ (۲) معیاری قوت والی (مقطر) الکحلی شراب ۔

Bomb-proof : بم روک ۔

Bullet-proof : گولی روک ۔

Burglar-proof : نقب روک ۔

Fire-proof : آگ روک ۔

Rain-proof : مینہ روک ۔

Sound-proof : آواز روک ۔

Water-proof : پن روک ۔

Weather-proof : طوفان روک ۔

Proof : (v) (۱) ٹیسٹ کرنا ؛ جانچنا ؛ (منبت شدہ پلیٹ کی) چھاپ لینا (تاکہ اس کی درستگی یا نقص کا اندازہ ہوسکے اور تصحیح یا ترمیم کی جا سکے) ۔ (۲) نا قابل گذر بنانا ؛ (خصوصاً کپڑے وغیرہ کو) پن روک بنانا ؛ موم جامہ بنانا ۔

Proof before letters : (n) صناع وغیرہ کے دستخط اور تحریر سے قبل کا پروف ۔

Proof by exhaustion : (n) (ریاضیات) ثبوت با الحصر ۔

Proof-gallon : (n) معیاری اسپرٹ کا گیلن ۔

Proof-galss : (n) گہرا استوانہ نما گلاس جس میں سیال (چیزوں) کو آزمائش یا جانچ کے دوران رکھا جاتا ہے ۔

Proof-mark : (n) ایک نشان جو آتشیں اسلحوں پر جانچ کے بعد لگا دیا جاتا ہے تاکہ اسے درست یا جانچ کیا ہوا سمجھا جا سکے ۔

Proof-plane : (n) (برقیات) چاشنی گیر ؛ ایک موصل قرص جس میں ایک غیر موصل دستہ ہوتا ہے اور برق پیمائی کے کام آتا ہے ۔

Proof-press : (n) وہ مشین جس میں ٹائپ کا پروف (بغرض تصحیح) لیا جاتا ہے ۔

Proof-reader : (n) پروف ریڈر ؛ پروف خواں ؛ تصحیح کرنے والا ؛ پروف دیکھنے ولا ۔

Proof-reading : (n) پروف ریڈنگ ؛ پروف خوانی ؛ پروف کی تصحیح ؛ پروف دیکھنا ۔

Proof-sheet : (n) پروف ورقہ ؛ پروف فرما ؛ تصحیح کی غرض سے (دیکھنے کے لئے) چھاپا ہوا ورق ۔

Proof-spirit : (n) (کیمیا) معیاری اسپرٹ ؛ شراب یا کسی مقطر الکحل کی اسپرٹ جو معیاری طاقت والی ہو ؛ دیکھو Proof (n) .

Proof-strength : (n) دیکھو Proof(n)

Proof-stress : (n) وہ دباؤ یا زور جو زیر آزمائش نمونے میں ایک مخصوص حد تک مستقل نقص یا بد ہیئتی پیدا کر دے۔

Proof-test : (v) معمول سے زیادہ گولہ بارود بھر کر (آتشیں اسلحہ) کو داغنا یا فائر کرنا ۔

Proof-text : (n) کتاب مقدس کی وہ عبارت جو کسی دینی نظریے ، عقیدے یا اصول کی دلیل کے طور پر پیش کی گئی ہو۔

Proof vinegar : (n) معیاری طاقت والا سرکہ ؛ دیکھو Proof(n) .

Proofless : (a) بے ثبوت ؛ بے دلیل ۔

Prop : (n) [prob. -Mdu . 'proppe' .] (۱) آڑ ؛ اڑواڑ ؛ ٹیک ؛ ٹیکن ؛ تہونی پروایہ ؛ پایہ ؛ کھمبا ؛ ڈنڈا ؛ شہتیر یا دوسرا کوئی مضبوط سہارا جو کسی وزن کو تھامے ہوئے ہو ؛ (خصوصاً کوئلے کی کان میں) کان کی چھت یا کوئلے وغیرہ کی پرت کو روکنے کے لئے لگایا ہوا شہتیر (جسے Pit-prop بھی کہتے ہیں) ۔ (۲) (بول چال یا عامیانہ) پاؤں ؛ پیر ؛ (نیز مکا بازی میں) پھیلا ہوا ہاتھ یا بازو ؛ سیدھی چوٹ یا ضرب (عموماً جمع میں) ۔ (۳) (مجازاً) کوئی شخص یا چیز جو سہارے کا کام دے ؛ سہارا ؛ آسرا ؛ رکن ؛ (کسی ادارے کا مدارالمہام ؛ مربی ؛ سرپرست ۔

Prop : (n) [Mdu. 'proppe' .] (چوروں کا عامیانہ) اسکارف پن ؛ گلوبند کاپن ۔

Prop : (n) (روزمرہ یا اسکول عامیانہ) Proposition کا مخفف ۔

Prop : (n) [Of unkn. origin.] (امریکا) (عموماً جمع میں) کوڑیاں جن سے (ایک قسم کا) جوا کھیلتے ہیں ؛ کوڑیوں کے ذریعہ کھیلا جانے والا جوا ۔

Prop : (n) (تھیٹر عامیانہ) (عموماً جمع) Property کا مخفف ۔

Prop : (n) Propeller کا روزمرہ مخفف ۔

Prop : (v) (۱) سہارا دینا ؛ آڑ یا اڑواڑ لگانا ؛ ٹیکنا ؛ ٹکانا ؛ ٹیک یا ٹیکن لگانا ؛ تہونی لگانا ؛ اس طرح گرنے سے روکنا ؛ تھامے رہنا ؛ تھامنا ۔ (۲) (مجازاً) سہارا دینا ؛ سنبھالنا ۔ (۳) سیدھی ضرب لگانا ؛ مار کر گرا دینا ؛ پچھاڑ دینا ؛ پست کر دینا (عامیانہ) ۔ (۴) گھوڑے کا چلتے چلتے یکایک رک جانا (آسٹریلیا یا افریقہ) ۔

Prop root : (n) موٹی جڑ جس سے پودے کو سہارا ملتا ہے ؛ بیخ ستون ۔

Propaedeutic/ -al : (a) [f. Pro-+Paedeutics .] ابتدائی ؛ تمہیدی ؛ افتتاحی ؛ اولیاتی ؛ ابتدائی تعلیم سے متعلق ؛ ابتدائی تعلیم جیسا ؛ بنیادی تعلیم ۔

Propaedeutic : (n) (۱) ابتدائی سبجیکٹ یا موضوع جو کسی فن یا علم کی تمہید ہو ؛ ابتدائی درس ؛ درس اولین ۔ (۲) (جمع) Propaedeulics .

Propaedeutics : (n) ابتدائی علوم ؛ ابتدائی تعلیم ؛ ابتدائی مضامین ؛ تمہیدی مضامین یا علوم ؛ ابتدائیات ؛ اولیات ۔

Propagability : (n) ترویج پذیری ؛ قابل تکثیر ہونا ؛ تبلیغ پذیری ۔

Propagable : (a) پھیلانے کے لائق ؛ مشہور کئے جانے کے قابل ؛ قابل اشتہار ؛ لائق ترویج ؛ قابل اشاعت ؛ مشتہر کرنے کے قابل ؛ قابل تکثیر ؛ قابل تبلیغ ؛ تبلیغ کردنی ۔

Propagableness : (n) ترویج پذیری ؛ قابل تکثیر ؛ تبلیغ پذیری ۔

Propagand : (v) [Back formation from next.] پرو پیگنڈا کرنا ؛ ترویج و تبلیغ کرنا ۔

Propaganda : (n) [It. 'propaganda' .] (۱) زیادہ مکمل طور پر : (Congregation or College of the propaganda) کارڈنلوں کی جماعت جس کے ذمہ غیر ممالک کے مشنوں کی نگرانی ہوتی ہے ؛ جماعت تبلیغ و اشاعت ۔ (۲) نشر و اشاعت کا انتظام یا تدبیر ؛ پروپیگنڈا ؛ نشر و اشاعت کی انجمن ؛ کسی مخصوص رواج یا عقیدے کو پھیلانے کی با ضابطہ یا اجتماعی تحریک ؛ (کبھی غیر صحیح طور پر جمع میں مستعمل ہے) ۔ پروپیگنڈے کے اصول ، کوشش ، تجاویز ۔ (۳) (سیاسیات وغیرہ) دعایہ ؛ پروپا غندا ؛ (دینیات) تشہیر ؛ تبلیغ ۔

Propagandism : (n) دعوت ؛ تبلیغ ؛ اشاعت ؛ نشر و اشاعت ؛ کسی عقیدے ، عمل یا رائے کو پھیلانے یا رواج دینے کی باقاعدہ و باضابطہ کوشش ؛ انجمن تبلیغ کا کام ۔

Propagandist : (n) (۱) مبلغ ؛ داعی ؛ نشر و اشاعت کرنے والا ؛ (سیاسیات) کار ۔ (۲) انجمن نشر و اشاعت کا رکن ؛ وہ شخص جس نے خود کسی مسلک یا عقیدے کی ترویج یا تبلیغ کے لئے وقف کر دیا ہو۔

Propagandist : (a) تبلیغ و اشاعت کا شائق ؛ دعوت و تبلیغ کے کاموں میں رغبت یا اس جانب میلان رکھنے والا ۔

Propagandistic : (a) تبلیغانہ ؛ مبلغانہ ؛ ناشرانہ ؛ اشاعت پرستانہ ۔

Propagandize : (v) (۱) تبلیغ کرنا (کسی مذہب یا اصول وغیرہ کی) با قاعدہ نشر و اشاعت کا کام کرنا۔ (۲) تبلیغ کرنا ؛ نشر و اشاعت کرنا ؛ پروپیگنڈا کرنا۔

Propagate : (v) [f. L. 'propagare '.] (۱) پھیلانا۔ (۲) پیدا کرنا (اولاد وغیرہ) ؛ افزائش کرنا ؛ بڑھانا (نسل وغیرہ) ؛ (مرض وغیرہ) پھیلانا۔ (۳) زیادہ کرنا (تعداد میں) ؛ اضافہ کرنا ؛ تکثیر کرنا۔ (۴) مشتہر کرنا ؛ مشہور کرنا ؛ اشاعت کرنا ؛ (عقیدے ، رسم وغیرہ کی) تبلیغ کرنا۔ (۵) رائج کرنا ؛ مروج کرنا۔ (۶) (کسی واسطے یا کسی سمت میں) وسیع کرنا ؛ پہنچانا ؛ بھیجنا (کسی حرکت ، عمل ، روشنی ، آواز وغیرہ کو)۔

Propagation : (n) [L. 'propagatia '.] نشر و اشاعت ؛ توسیع ؛ تبلیغ ؛ (نباتیات) افزائش ؛ تکثیر ؛ ترویج ؛ ازیاد ؛ (حیاتیات) تولید ؛ ترسیل ؛ (روشنی ، حرکت ، قوت وغیرہ کی)۔

Propagative : (a) ناشرانہ ؛ مبلغانہ ؛ تبلیغی ؛ اشاعتی ؛ تکثیری ؛ جس میں افزائش ، توسیع ، تولید یا ترسیل کی صفت یا صلاحیت موجود ہو۔

Propagator : (n) مبلغ ؛ دعوت و تبلیغ کا کام کرنے والا ؛ تبلیغ و اشاعت کرنے والا ؛ وسیع کرنے والا ؛ پروپیگنڈا کرنے والا ؛ تشہیر و ترویج کرنے والا ؛ پھیلانے والا ؛ شائع کرنے والا ؛ افزائندہ ؛ مُکثِر ؛ مولد۔

Propagatory : (a) (۱) دیکھو Propagative ۔ (۲) دیکھو Propagable ۔

Propagulum / Propagula : (n) [mod. L.] (۱) (نباتیات) بچہ پودا ؛ قابل تکثیر شاخ یا ٹہنی ؛ افزائشی ٹہنی۔ (۲) بھورے رنگ کی کائیوں میں افزائشی یا باز تولیدی ساخت۔

Propane : (n) [f. Prop(ionic+-ane.] (۱) (کیمیا) پروپین ؛ پیرافین یا سیرشدہ ہائیڈروکاربن $CH_3\ CH_2\ CH_3$ ایک بے رنگ گیس جو پٹرولیم میں ہوتی ہے۔

Propargyl : (n) [f. Prop(ionic+arg-(argentum)'+Y] (کیمیا) پرو پارجل ؛ ایک ہائیڈروکاربن جزو مستقل $(CH_3 = CH + CCH_2)$ ۔

Proparoxytone : (a) (نحو) جس کے ماقبل آخرین پر نبرہ یا زور ہو ۔

Proparoxytone : (n) وہ لفظ جس کے جز ماقبل آخرین پر نبرہ ہو۔

Propel : (v) [L. 'propellere' .] پیلنا ؛ ڈھکیلنا ؛ ٹھیلنا ؛ چلانا ؛ آگے چلانا ؛ آگے بڑھانا ؛ تحریک دینا (لفظاً و مجازاً)۔

Propellent / Propellant : (a) [f. prec+-Ent.] پیلنے والا ؛ ڈھکیلنے والا ؛ ٹھیلنے والا ؛ محرک ؛ داسر ؛ دھکیلو۔

Propellent/Propellont : (n) ڈھکیلنے والی چیز ؛ آگے چلانے والی چیز ؛ (میکانیات) دھکیلو ؛ داسر ؛ داسر پرزہ ؛ (مجازاً) محرک ؛ مہیج ؛ (خصوصاً) (فوج) محرک مادہ ؛ وہ انفجاری مادہ جو گولی کو آتشیں اسلحے سے باہر کی جانب دھکیلتا ہے ؛ محرکہ ؛ انگیزہ (نیز) وہ مادہ جو راکٹ انجن میں دوسرے مادے کے ساتھ رد عمل (ظاہر) کرکے دھکا یا زور پیدا کرتا ہے۔

Propeller : (n) (۱) دھکیلنے والا ؛ پیلنے والا ؛ آگے چلانے والا ؛ آگے بڑھانے والا۔ (۲) (خصوصاً) جہاز یا طیارے کو دھکیلنے یا آگے چلانے والا پرزہ ؛ وہ گھومنے والی دھری جس میں ایک خاص زاویے سے پھل لگے ہوتے ہیں اور پیچ کی لہروں کی طرح پیچیدہ ہوتے ہیں جن کے گھومنے سے اسٹیمر یا جہاز وغیرہ آگے چلتے ہیں ؛ اس طرح کے دھکیلو والا اسٹیمر ؛ وہ گردش کرنے والی دھری جو جہازوں یا ہوائی مشینوں میں لگی ہوتی ہے ؛ اس کے دو یا دو سے زیادہ پھل ہوتے ہیں جو اس کو دھکیلتے ہیں ؛ سائق ؛ داسر ؛ پیش راہ ؛ دھکیلو ؛ سہم دوار ؛ سہم گرداں ؛ پنکھا ؛ پروپیلر۔

Screw propeller : پیچ دار دھکیلو ؛ (ہوا بازی) پیچ دار پنکھا۔

Propendent : (a) [f. L. 'propendere' .] آگے ، باہر یا نیچے کی جانب لٹکا ہوا۔

Propene : (n) [f. as Propane+-ene.] (کیمیا) ایک قسم کا Olefine $(C_3\ H_6)$ جسے عام طور پر Propylene کہتے ہیں۔

Propensity : (n) [f. L. 'propensus'+E-ity .] رجحان ؛ رغبت ؛ میل ؛ میلان ؛ جھکاؤ ؛ لگاؤ ؛ (نفسیات) لت ؛ میل ؛ تمائل ۔

Propenyl : (n) [f.Propene+-yl.] (کیمیا) فرضی ہائیڈروکاربن جزو مستقل Propyl $(C_3\ H_5)$ یا Trityl سلسلے کا سہ گرفتہ ہائیڈروکاربن۔

Proper : (a) [Me. 'propre' .] (۱) قدیم ؛ ذاتی ؛ اپنا ؛ اصلی ؛ خلقی ؛ لاینفک۔ (۲) اصلی ؛ حقیقی ؛ سگا۔ (۳) مخصوص ؛ خصوصی ؛ انفرادی ؛ (نحو) معرفہ (نکرہ کی ضد)۔ (۴) ٹھیک ؛ درست ؛ صحیح۔ (۵) مناسب ؛ موزوں ؛ مناسب حال ؛ درست ؛ شایان۔ (۶) (بول چال) کامل ؛ پکا ؛ سرتاسر ؛ اول درجے کا۔ (۷) (قدیم) خوبصورت ؛ وجیہہ ؛ حسین ؛ خوش وضع ؛ خوش قطع۔ (۸) درست ؛ معقول ؛ شائستہ ؛ شریفانہ ؛

شریف۔ (۹) (نقابت) اصلی رنگ میں؛ حقیقی رنگ میں۔

Proper : (adv.) (بول چال، بازاری یا عامیانہ) بطریق احسن؛ بہت خوبی سے؛ بڑی نفاست سے؛ اصلاً؛ حقیقتاً؛ سچ مچ؛ دل سے؛ بے تصنع؛ مکمل طور پر؛ پوری طرح؛ پورا پورا۔

Proper : (n) (کلیسا) باضابطہ عبادت یا اس کا کوئی جزو، مناجات وغیرہ جو کسی مخصوص موقع یا مدت کے لئے مقرر ہو (بخلاف عام عبادات)۔

Proper authority : (n) (قانون) حاکم مجاز۔

Proper fraction : (n) کسر خالص (جو اکائی سے کم ہو)؛ کسر واجب۔

Proper lessons : (n) (کلیسائی عبادت میں) وہ مناجات وغیرہ جو کسی مخصوص دن یا زمانے کے لئے خاص طور پر مقرر ہوں؛ خصوصی مناجات، نصائح وغیرہ۔

Proper motion : (n) (علم النجوم) حرکت خاصہ (حرکت ظاہرہ یا حرکت مرئیہ کا وہ حصہ جس کی نسبت یہ خیال ہوتا ہے کہ یہ کسی ستارے کی واقعی حرکت کا نتیجہ ہے)۔

Proper name : (n) اسم معرفہ؛ اسم خاص۔

Proper noun : (n) اسم معرفہ؛ اسم خاص۔

Proper Psalms : (n) دیکھو Proper lessons

Properispome : (a & n) Properispomenon کا مخفف۔

Properismenon : (a) [Gr. 'properispomeno'.] (یونانی نحو) جس کے جزو ما قبل آخر پر نبرہ یا تاکید ہو۔

Properispomenon : (n) (یونانی نحو) وہ لفظ جس کے جزو ماقبل آخر پر نبرہ یا تاکید ہو۔

Properly : (adv.) (۱) بخوبی؛ بحسن و خوبی؛ خوش اسلوبی سے؛ اچھی طرح؛ مناسب طور پر؛ موزوں طور سے۔ (۲) شائستہ طور پر؛ شریفانہ طور سے؛ انسانیت سے۔ (۳) (بول چال) پورا پورا؛ کامل طور پر؛ بالکل۔

Propertied : (a) [f. Property +Ed.] صاحب ملکیت؛ صاحب جائداد؛ صاحب املاک۔

Properties/ Property : (n) (کیمیا) خاصیات؛ خواص۔

Properties of matter : (n) (عضویات) خواص المادہ؛ مادے کے خواص۔

Property : (n) [Me. 'proprete'.] (۱) ملکیت؛ حقیقت؛ ملک۔ (۲) املاک؛ مقبوضہ؛ مقبوضات؛ مال؛ جائداد؛ اثاثہ؛ جاگیر۔ (۳) (تھیٹر) (عموماً جمع) لباس یا فرنیچر وغیرہ جو اسٹیج پر استعمال کیا جائے۔ (۴) (منطق) وصف مشترک؛ صفت؛ عرض۔ (۵) خاصہ؛ خاصیت (جو کسی چیز یا شخص میں موجود ہو)۔

A man of property : مالدار آدمی؛ صاحب جائداد۔

He has a small property in Norfolk : نارفولک میں اس کی کچھ جائداد ہے۔

Immovable property : (قانون) جائداد غیر منقولہ۔

Joint property : (قانون) شاملات۔

Moveable property : (قانون) جائداد منقولہ۔

Personal proerty : ذاتی ملکیت؛ جائداد منقولہ؛ مال منقولہ؛ خاص ملکیت۔

Real property : جائداد غیر منقولہ؛ جائداد سکنی؛ جائداد زرعی۔

She regards him as her exclusive property : وہ اس کو بالکلیہ اپنی ملک سمجھتی ہے۔

Undivided property : شاملات؛ غیر منقسم مال یا جائداد۔

Value of property : (معاشیات) مالیت۔

Property in mortain : (n) (معاشیات، قانون) املاک مردہ۔

Property-man/ -master : (n) (تھیٹر) وہ شخص جس کی تحویل میں اسٹیج کا سامان ہو۔

Property qualification : (n) قابلیت جو جائداد کی بنا پر حاصل ہو؛ قابلیت مشروط بہ جائداد؛ قابلیت منحصر بہ جائداد؛ (پارلیمنٹ کی رکنیت کے) عہدے کے لئے یا حق (رائے دہندگی) کے استعمال کے لئے مطلوبہ لیاقت یا قابلیت (جس کا پیمانہ یا انحصار اس بات پر ہو کہ اس شخص کے پاس جو اس عہدے یا حق کا طالب ہو، ایک خاص حد تک جائداد یا

املاک موجود ہوں۔ اس حد سے کم املاک ہونے پر وہ اس عہدے یا حق کا مجاز نہیں سمجھا جاتا)۔

Property register : (n) رجسٹر موجودات۔

Property-room : (n) (تھیٹر) وہ کمرہ جس میں اسٹیج کا منقولہ سامان، لباس وغیرہ رکھے جاتے ہیں؛ سامان گاہ؛ سامان خانہ۔

Property tax : (n) محصول بہ جائداد؛ (معاشیات) محصول املاک؛ وہ محصول جو املاک یا جائداد پر براہ راست لگایا گیا ہو۔

Prophase : (n) [f. Pro+ Phase .] (خلویات) آغاز خیطیت۔

Prophecy : (n) [late L. 'prophetia ' .] (۱) پیش گوئی؛ پیشن گوئی۔ (۲) پیشگوئی بذریعہ الہام؛ القا؛ وحی۔ (۳) پیغمبرانہ صلاحیت یا قابلیت؛ پیشن گوئی۔ (۴) صحائف یا کلام الٰہی کی تعبیر و تفسیر۔

Prophesier : (n) [f. next +-er.] متنبی؛ وحی کی بنا پر کہنے والا؛ پیشگوئی کرنے والا؛ پہلے سے بتانے یا دکھانے والا؛ پیش گو۔

Prophesy : (v) [OFr. 'Prophecier'.] (۱) وحی کی بنا پر کہنا؛ بحیثیت پیغمبر کہنا؛ پیشگوئی کرنا؛ الہام بیانی کرنا؛ آئندہ کا حال بتانا۔ (۲) (قدیم) صحائف آسمانی کی تفسیر کرنا۔

Prophet : (n) [Me' . profete, -phete'.] (۱) نبی؛ رسول؛ پیغمبر؛ اوتار۔ (۲) پیشن گو؛ پیشگو؛ غیب داں؛ غیب گو۔ (۳) نمائندہ؛ عامی (کسی اصول وغیرہ کا)۔ (۴) (عام) گھڑ دوڑ کے نتیجے کی پیشگوئی کرنے والا؛ (گھڑ دوڑ وغیرہ سے متعلق) پوشیدہ خبریں دینے والا۔

Major prophets : انبیائے اعظم (عیسائیہ، برمیہ، عزاقیل، دانیال)۔

Saul among the prophet : وہ شخص جس کی ذات سے غیر متوقع قابلیتیں اور ہمدردیاں ظہور میں آئیں۔

The prophet : (۱) النبی؛ الرسول؛ حضرت محمدؐ الرسول اللہ۔ (۲) (نیز) جوزف اسمتھ، بانیٔ فرقہ مارمون (امریکا کا ایک عیسائی فرقہ)۔

The twelve minor prophets : بارہ انبیائے خرد (ہوسیہ (Hosea) سے ملاکی (Malchi) تک)۔

Prophetess : (n) نبیہ؛ پیغمبرانی۔

Prophethood : (n) پیغمبری؛ نبوت؛ رسالت۔

Prophetic : (n) پیغمبرانہ؛ ملہمانہ؛ پیش گویانہ؛ الہامی؛ نبوی؛ رسالتی؛ نبوت یا رسالت سے متعلق؛ شایان رسول؛ شایانِ رسالت؛ حامل خصوصیاتِ نبوت؛ پیغمبرانہ کاموں والا؛ پیغمبرانہ نوعیت کا؛ الہام یا وحی کے طور پر بیان کیا ہوا۔

Prophetic present / -perfect : (n) زمانہ حال کی وہ صورتیں جو پیغمبرانہ قول میں مستقبل کے کسی مخصوص زمانے کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال کی گئی ہوں۔

Prophetical : (a) پیغمبرانہ؛ رسولانہ؛ انبیانہ۔

Prophetically : (adv.) پیغمبرانہ یا ملہمانہ طور پر؛ پیشگوئی کے طور پر؛ پیشگویانہ؛ پیشگوئی کرتے ہوئے۔

Prophetism : (n) کارنبوت؛ کار رسالت؛ انبیاء علیہ السلام کے کام یا ان کا طریقہ ہائے کار؛ عبرانی رسولوں کے اصول و نظام۔

Prophylactic : (a) [f. Gr. 'prophylaktikos' .] (۱) احتیاطی؛ حفظ ماتقدمانہ۔ (۲) محافظ؛ مانع (امراض وغیرہ)۔

Prophylactic : (n) مانع امراض دوا؛ دوائے حفظ ماتقدم؛ مرض روک دوا؛ تدبیر حفظ ماتقدم۔

Prophylaxis : (n) [mod. L.] امراض کا حفظ ماتقدمانہ علاج؛ علاج بذریعہ پرہیز یا احتیاط؛ حفظ ماتقدم۔

Prophylaxy : (n) دیکھو Prophylaxis

Prophyll / Prophylls : (n) [f. mod. L. 'prophyl-llum' .] (نباتیات) برگیزہ؛ برگ اول؛ پودے کی برگ نما ساخت۔

Prophylla : (n) [mod. L.] Prophyllum کی جمع۔

Prophyllum/ Prophylla : (n) [mod. L.] دیکھو Prophyll

Propine : (n) (کیمیا) ایلیلین (Allylene)؛ دو گرفتہ ہائیڈرو کاربن کا جزو مستقل (C_3H_4)۔

Propine : (v) [L. 'propinare '.] (۱) (خاص کر اسکاتستان) (متروک) پینے کے لئے پیش کرنا؛ شراب پیش کرنا۔ (۲) منظوری کے لئے پیش کرنا؛ تجویز رکھنا؛ کسی کے سامنے رکھنا۔ (۳) (کسی کو) کوئی چیز پیش کرنا۔

Propinquity : (n) [L. 'propinquitas' .] (۱) قرب : نزدیکی : قربت : ہمسائیگی ۔ (۲) (سماجیات) قرابت : رشتہ : رشتہ داری : عزیز داری : قرابت داری : سگاہن : قریبی رشتہ ۔ (۳) تشبہ : مشابہت : یکسانی : یکسانیت ۔

Propio-/Propion : (comb) (کیمیا) لفظ Propionic سے مشتق جزو ترکیبی جو Propionic acid سے تعلق رکھنے والے مرکبات کے ناموں میں آتا ہے ۔

Propionic : (a) [Fr. 'propionique' .] ان مرکبات کے ناموں کے ساتھ آتا ہے جو روغنی ترشوں کی صنف میں اول ہوں ۔

Propionic acid : (n) Propyl یا سہ کاربنی سلسلے کا ایک سالمی یک اساسی ترشہ جو روغنی تیزابوں کے سلسلے میں تیسرا ہے ($C_3 H_6 O_2$) ۔

Propitiable : (a) [L. 'propitiabilis' .] منائے جانے کے لائق : جسے منایا جا سکے : لائق سازگاری : جسے موافق یا سازگار بنایا جا سکے ۔

Propitiate : (v) [f..L. 'propitiare' .] (۱) منانا : روٹھے کو منانا : راضی کرنا : رضامند کرنا : خوش کرنا : بہلانا ۔ (۲) موافق کرنا : سازگار کرنا : مہربان کرنا ۔

Propitiation : (n) [late (eccl.) L. 'propitiatio' .] (۱) رضا جوئی : حصول خوشنودی : منانا ۔ (۲) (دینیات) کفارہ : کفارۂ گناہ ۔ (۳) (قدیم) قربانی : بلیدان : بھینٹ : نذر : نیاز : منت : صدقہ ۔

Propitiator : (n) منانے والا : رضامند کرنے والا : رضاجو ۔

Propitiatorily : (adv.) کفارتاً : ازراہ کفارہ : کفارے کے طور پر : صدقے کے طور پر : رضا جویانہ : رضا جوئی کے طور پر ۔

Propitatory : (a) [eccl. L. 'propitiatorium'.] (۱) رضا جویانہ : دل خوش کن : دل جو : دل پذیر : مصالحت آمیز ۔ (۲) کفارے کا : کفارے سے متعلق : کفارہ آمیز : کفارہ بخش ۔

Propitiatory : (n) [eccl L. 'propitiatorium ' .] (۱) تابوت یہودا کا طلائی غلاف : عرش ۔ (۲) (مجازاً) حضرت عیسیٰ مسیح ۔

Propitious : (a) [f. L. 'propitius ' .] (۱) سازگار : موافق : مساعد : مہربان ۔ (۲) (شگون وغیرہ) سعد : مبارک : مسعود ۔ (۳) (موسم ، موقع وغیرہ) مناسب : موافق : سازگار : راس ۔

Propitiously : (adv.) سازگار طور پر : سازگارانہ : مساعدانہ : موافق ہوکر : مبارک انداز میں : مسعود یا مناسب طور پر ۔

Propitiousness : (n) سازگاری : مساعدت : سعد : سعادت : موافقت ۔

Proplasm : (n) [f. Pro+ Plasm.] (ابتدائی) سانچہ : قالب : ڈھانچہ (شاذ) ۔

Proplastid : (n) [f. Pro+ Plastid.] (نباتیات) قبل حیّ ریزہ : پروپلاسٹڈ ۔

Propless : (a) [f. prop(n) .] بے سہارا : بے آسرا : بے آڑ : بے اڑواڑ ۔

Propliopithecus : (n) [mod. L. f. Pro+'plipithecus'.] چھوٹے جبڑے والے انسان نما چھوٹے حیوان کی ایک قدیم جنس (جس کا تعلق مصر کے تیسرے ارضیاتی دور کے ایک حصے سے ہے)۔

Propman / Propmen : (n) دیکھو Property man

Propneustic : (a) [f. Pro+Gr. 'pneustikos'.] (ایک کیڑے کا پہل روپ) جس کے صرف اگلے ہی دو نتھنے کام کے ہوتے ہیں ۔

Propodeal : (a) [f. next .] بر پشتی : پیش پشتی : پیش پشت سے متعلق یا اس پر واقع ۔

Propodeon/ Propodeum : (n) ['Propodeum ' , mod L. alter. of Propodcon'.] (حیوانیات) پیش پشت : بر پشت ۔

Propodial : (a) [f. Propodium.] پیش پا سے متعلق :(بعض قشریوں میں) پاؤں کے اگلے لختے سے متعلق ۔

Propodite : (n) [f.Pro+Podite.] (حیوانیات) پیش پا قشریہ: قشریے کے پاؤں کا ماقبل آخر جوڑ ۔

Propodium : (n) [f. Pro+Prodium.] (بعض قشریوں میں) پاؤں کا اگلا لختہ : (حیوانیات) پیش پا ۔

Propolis : (n) [L. Gr. 'propolis' .] (حیوانیات) نحلی موم : نحلی سریش : عسلی سریش (جو مہال کی مکھیاں کلیوں سے رخنے بند کرنے کے لئے حاصل کرتی ہیں) ۔

Propone : (v) [L. 'proponere'.] (مسئلہ، تجویز ، معاملہ وغیرہ) غور یا منظوری کے لئے پیش کرنا : تجویز رکھنا : تجویز پیش کرنا ۔

Porponent : (a) [f. as prec.] مجوز : محرک : تجویز پیش کرنے والا ۔

Proponent : (n) مجوز یا محرک شخص : (کسی تجویز ،خیال یا تحریک کو) پیش کرنے والا شخص ۔

Propontic : (a) پروپونٹس کا یا اس سے متعلق : مار مرائی : بحر مارمرہ کا یا اس سے متعلق ۔

Propontic : (n) بحر پرو پونٹک : بحر مار مرا : یورپ اور ایشیا کے درمیان ترکی کے شمال مغرب میں ایک سمندر ۔

Propontis : (n) [L-Gr. 'propontis' .] بحر مار مرا کا قدیم نام : پروپونٹس ۔

Proportion : (n) [L. 'proportio' .] (۱)حصہ : مقدار : تعداد ۔ (۲) نسبت : متناسب ۔ (۳) مناسب : تناسب : موافقت ۔ (۴) (ریاضیات) تناسب : (حساب) اربعۂ متناسبہ (جمع) ابعاد ۔ (۵) (بحالت جمع) جسامت : وسعت ۔ (۶) شکل : تشاکل : تمثال : ہیئت : صورت (شاعری) ۔ (۷) (موسیقی) (سروں کے وقفوں کا) تناسب ۔

In proportion : تناسب میں ۔

Out of proportion : غیر متناسب ۔

Proportion : (v) [med. L. 'proportionar' .] (۱)متناسب کرنا : تناسب قائم کرنا : توافق پیدا کرنا : تناسب میں لانا ۔ (۲) تناسب درست : وضع کرنا : ہیئت میں لانا : شکل دینا : مشتکل کرنا ۔ (حرف .ppl میں بطور صفت مستعمل ہے).

Proportionable : (a) تناسب پذیر : متناسب : موزوں : موافق : با قرینہ ۔

Proportionableness : (n) تناسب پذیری : مناسبت :موزونیت :موافقت ۔

Proportionably : (adv.) متناسبتاً : نسبتاً : ازروئے نسبت : ازراہ تناسب : حسب تناسب : حسب نسبت ۔

Proportional : (a) نسبتی : متناسب : برابر : تناسب والا : مناسب ۔

Mean proportional : (ریاضیات) اوسط نسبتی : اوسط ہندسی ۔

Proportional : (n) (ریاضیات) عدد متناسبہ ۔

Proportional compasses : (n) نسبتی کمپاس ۔

Proportional mean : (n) (ریاضیات) اوسط نسبتی ۔

Proportional parts : (n) (ریاضیات) اجزائے متناسبہ ۔

Proportional representation : (n) (سیاسیات) متناسب نمائندگی ۔

Proportional taxation : (n) (سیاسیات) تناسبی محصول بندی ۔

Proprtionalism : (n) (۱) (کیمیا) اجزاء یا عناصر کو معینہ تناسب میں ترکیب دینے کا قاعدہ یا اصول : اصول تناسب ۔ (۲) (سیاسیات) متناسب نمائندگی : متناسبیت ۔

Proportionalist : (n) (۱) تناسب داں : تناسب کار ۔(۲) نقشہ ساز ۔ (۳) (سیاسیات) متناسب نمائندگی کا حامی : حامیٔ متناسبیت ۔

Proportionality : (n) متناسبیت : نسبت : تناسب : توافق ۔

Proportionally : (adv.) متناسباً :حسب تناسب : حسب نسبت : بقدر تناسب : نسبت سے ۔

Proportionate : (a) [late L. 'proportionatus' .] متناسب : موزوں: مناسب : موافق : ہم قدر : ہم نسبت : ہم تناسب : برابر : نسبتی : بحصہ متناسب : (معاشیات) بحصۂ متناسبہ ۔

Proportionate : (v) [med. L. 'proportionare' .] متناسب کرنا : تناسب قائم کرنا : تناسب میں لانا : توافق پیدا کرنا ۔

Proportionate estimate : (n) (معاشیات) متناسب تخمینہ ۔

Proportionately : (adv.) متناسبتاً : نسبتاً : ازروئے نسبت : ازراہ تناسب : حسب تناسب : حسب نسبت ۔

Proportionateness : (n) متناسبیت : موزونیت : مناسبت : موافقت : ہم نسبتی : ہم تناسبی ۔

Proportioned : (a) متناسب : موزوں : مناسب : متناسب اجزا سے مل کر بنا ہوا یا ترکیب دیا ہوا ۔

Well-proportioned : خوش تناسب : نہایت متناسب ۔

Proportionless : (a) بے تناسب : غیر متناسب : نا موزوں ۔

Proportionment : (n) نسبت : تناسب : توازن : توافق : متناسب کرنے یا تناسب میں لانے کا عمل ۔

Proportions : (n) (ریاضیات) ابعاد ۔

Proposal : (n) [f. next +-al.] (۱) (سیاسیات) تجویز : تحریک :

کچھ کر دکھانے کی پیشکش ؛ مجوزہ پلان یا اسکیم ۔
(۲) پیغام شادی ؛ شادی کی پیشکش ؛ پیام شادی ۔
(۳) (سیاسیات) منصوبہ ؛ مجوزہ اسکیم ؛ (امریکا)
آفر ؛ پیشکش ؛ ٹینڈر (کسی کام کے لئے)۔

The proposal was never carried out : یہ منصوبہ عمل پذیر نہ ہوا ۔

Proposal for insurance : (n) درخواست بیمہ ۔

Propose : (v) [L. 'proponere' .] (۱) تجویز کرنا ؛ رائے دینا ۔ (۲) آگے لانا ؛ غور کے لئے پیش کرنا ؛ منصوبہ پیش کرنا ؛ تحریک کرنا ؛ تحریک پیش کرنا ؛ منظوری کے لئے پیش کرنا ۔ (۳) مقصد قرار دینا ۔ (۴) نام زدکرنا (کسی شخص کو کسی جماعت وغیرہ کی رکنیت کے لئے) ۔ (۵) جام صحت تجویز کرنا ۔ (۶) شادی کی درخواست کرنا ؛ شادی کی پیشکش کرنا ۔ (۷) قصد کرنا ؛ ارادہ کرنا ۔

Man proposes , God disposes : (prov.) تدبیر کند بندہ تقدیر کند خندہ ؛ مادرچہ خیالم و فلک درچہ خیال ۔

Proposed : (a) مجوزہ ۔

Proposer : (n) مجوز ؛ محرک ؛ (غور یا منظوری کے لئے) پیش کرنے والا ۔

Proposition : (n) [L. 'propositio'.] (۱) قول ؛ بیان ؛ مسئلہ ؛ جملہ ۔ (۲) (منطق) قضیہ ۔ (۳) (ریاضیات) (مخفف Prop.) شکل ؛ دعویٰ ۔ (۴) تجویز ؛ منصوبہ ؛ مسئلہ ؛ قضیہ ۔ (۵) (امریکا ، تجارتی و سوقیانہ) کام ؛ پیشہ ؛ عمل ؛ بیوپار ؛ کاروبار ؛ حریف ؛ مخالف ؛ توقع ۔ (۶) کسی شکل مسئلے کا مجوزہ مشروط سمجھوتہ یا مصالحت ۔

Affirmative proposition : (منطق) قضیۂ موجبہ ۔

Categorical proposition : (منطق) قضیۂ ملیہ ۔

Conditional proposition : (منطق) قضیۂ شرطیہ ۔

Explicative proposition : (منطق) قضیۂ توضیحی ۔

Indefinite proposition : (منطق) قضیۂ مہملہ ۔

Negative proposition : (منطق) قضیۂ سالبہ ۔

Problematic proposition : (منطق) قضیۂ احتمالیہ ۔

Real proposition : (منطق) قضیۂ معقولی ۔

Singular proposition : (منطق) قضیۂ مخصوصہ؛ قضیۂ مفرد ۔

Universal preposition : (منطق) قضیۂ کلیہ ۔

Proposition : (v) [f. prec.(n)] (روزمرہ ، ابتداءً ، امریکا) (منظوری وغیرہ کے لئے) تجویز یا منصوبہ پیش کرنا ؛ (خصوصاً) مباشرت کے لئے کہنا ؛ (لڑکی کے روبرو) ہمبستری کی تجویز رکھنا ۔

Propositional : (a) (۱) تجویزی ؛ مبنی بر تجویز ۔ (۲) بشکل قضیہ ؛ قضیوی ؛ قضییاتی ۔

Propositionally : (adv.) ازروئے تجویز ؛ قضییاتی طور پر ؛ ازروئے قضیہ ۔

Propositus/ Prepositi : (n) [mod. L.] وہ شخص جس کے رشتوں اور نسبت کا یقین نسبیاتی جدول یا شجرۂ نسب کے ذریعہ کیا جائے ؛ زیر مطالعہ شخص ؛ وہ شخص جس کا اس طرح مطالعہ کیا جائے یا جسے موضوع قرار دیا جائے ۔

Propound : (v) [See Propone] (۱) تجویز کرنا ؛ پیش کرنا ؛ غور یا منظوری کے لئے پیش کرنا (مسئلہ ، تجویز ، معاملہ وغیرہ) ۔ (۲) (وصیت نامے کو) توثیق کے لئے پیش کرنا (حاکم مجاز کے سامنے) ۔ (۳) (کلیسائی قانون) مقدمے میں (الزامات وغیرہ) پیش کرنا ۔ (۴) کسی رتبے کے لئے (کسی کو) نامزد کرنا یا (کسی کا نام) تجویز کرنا (امریکا) دیکھو Propone ۔

Propounder : (n) مجوز ؛ تجویز کنندہ ؛ پیش کنندہ ؛ تجویز کرنے والا ۔

Propraetor : (n) [L. orig. 'pro preatore' .] (تاریخ روما) سابق پروپرائٹر ؛ جو کسی صوبے کا پروپرائٹر مقرر کیا جاتا تھا اور عسکری اقتدار میں نہیں ہوتا تھا ؛ وہ شخص جس نے پروپرائٹر کی جگہ پر کام کیا ہو۔

Propraetorial/ Propraetorian : (a) سابق پریٹر یا پروپرائٹر کا یا اس سے متعلق ۔

Proprietarily : (adv.) مالکانہ طور پر ؛ زمینداراندانداز میں ۔

Proprietary : (n) [late L. 'proprietarius' .] (۱) (امریکی تاریخ) مالک یا موہوب الیہ ؛ بعض شمالی نو آبادیات میں سے کسی ایک کے مالکان یا موہوب الیہم میں سے کوئی (اسے Lord Proprietary بھی کہتے ہیں) ؛

مالک : جاگیر دار ۔ (۲) جماعت مالکان : فرقۂ زمینداران : زمینداران (بحیثیت مجموعی) ۔ (۳) (قانون) ملکیت : مالکیت : زمینداری : جاگیر داری ۔

An exclusive proprietary : ملکیت غیر مشترکہ: بلا شرکت غیرے ملکیت ۔

Lord proprietary : مالک : جاگیردار ۔

The landed proprietary : فرقہ زمینداران : جماعت مالکان اراضی ۔

Proprietary : (a) [as prec.] (۱) جو کسی مالک یا مالکان کے تحت ہو: مالکانہ : زمیندارانہ : جو کسی کی ذاتی ملکیت میں ہو: مملوکۂ خاص ۔ (۲) مالک جائداد :صاحب جائداد : زمیندار : جو مالک ہو۔ (۳) (امریکی تاریخ) بعض شمالی امریکی نو آبادیات کے کسی مالک یا زمیندار کا یا اس کی رعایا میں شامل (یہ مالکیت خاص لوگوں کو تاج برطانیہ کی طرف سے عطا ہوتی تھی) : جو اس طرح کا مالک ہو۔ (۴) جائداد یا مالکیت کا یا اس سے متعلق: ملکیت یا مالکیت سے متعلق ۔ (۵) جو ذاتی ملک ہو(خصوصاً پیٹنٹ ادویہ) : مملوکہ خاص ۔

Proprietary class : (n) فرقۂ زمینداران ۔

Proprietary colony : (n) وہ نو آبادی جو کسی شخص یا چند اشخاص کو کامل حقوق و اختیارات کے ساتھ سونپ دی گئی ہو۔

Proprietary medicine : (n) ادویۂ مملوکۂ خاص : مملوکۂ خاص ادویہ : وہ دوائیں جو قانون موجدان کے ذریعہ محدود و محفوظ ہیں ۔

Proprietary rights : (n) حقوق مالکانہ ۔

Proprietary stamp : (n) مالیاتی اسٹیمپ یا ٹکٹ جو مالکانہ یا حقیقی وثیقوں پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

Proprieties : (n) [f. Propriety.] (اخلاقیات) اخلاق : آداب : خوش اطواری : تمیز داری ۔

Proprietor : (n) [f. prec by Substitution of suffix-OR.] (۱) (امریکی تاریخ) دیکھو Proprietary (n) . (۲) نیز دیکھو Lord Proprietary . (۳) مالک : صاحب ملکیت : صاحب ملک ۔

Peasant proprietor : مالک کسان : وہ کسان جو اپنی زمینوں کا ملکیت بھی رکھتا ہو ۔

Proprietorial : (a) مالک کا یا اس سے متعلق : مالکانہ : جو مالک ہو: مالکوں پر مشتمل ۔

Proprietorially : (adv.) مالکانہ یا زمیندارانہ حیثیت سے ۔

Proprietorship : (n) مالکیت : حقیقت : حقیقت داری : زمینداری ۔

Proprietory : (n) جماعت مالکان : فرقۂ زمینداران : مالکان : زمینداران (بحیثیت مجموعی) ۔

Proprietory : (a) دیکھو Proprietary (a)

Proprietory class : طبقۂ زمینداران : فرقۂ مالکان ۔

Proprietory fee : (n) (قانون) مالکانہ ۔

Prioprietory right : (n) (قانون) حق مالکانہ ۔

Prioprietress : (n) مالکہ : حقیت دار عورت : زمیندارنی : زمیندار عورت ۔

Proprietry : (n) [L. 'proprietas' .] (۱) مقبولیت : درستی : صحت : مناسب : موزونیت ۔ (۲) خوش اسلوبی : حسن اطوار : حسن اسلوب : حسن اخلاق : تمیز : آداب : (اخلاقیات) حسن اخلاق ۔ (۳) (جمع) اخلاق : آداب : خوش اطواری (The Proprieties) .

Proprio motu / Motu proprio : (adv.) [L.] (ان فرامین پوپ کے تمہیدی الفاظ جو مُہری نہیں ہوتے تھے اور پاپائی عدالتوں میں استعمال ہوتے تھے) اپنے طور پر : بلا جبر و ترغیب : محض اپنی رضا و رغبت سے ۔

Proprioception : (n) [f. next after E. 'receptive reception '.] (عضویات) خود حساسیت : درون حساسیت ۔

Proprioceptive : (a) [f. L. 'proprius + - ceptive'.] (حیوانیات ، عضویات) درون حساس ۔

Proprioceptor : (n) (عضویات) خود حساسہ : درون حساسہ ۔

Propriospinal : (a) [L. 'proprius+ Spianl'.] (تشریح) درون حبلی ۔

Propriovigore : (adv.) [L.] محض اپنے بل پر : اپنے ہی بل بوتے پر : محض اپنی قوت سے ۔

Proprium /Propria : (n) [L. neut Sing of 'proprius' .] صفت : خاصیت : صفت مشخصہ : صفت ممتاز و مخصوص : عرض : خاصہ: ممتاز خصوصیت : خودی : شخصیت ۔

Porps : (n) (عام) اسٹیج کا سازوسامان۔

Props : (n) (استعمال میں بطور واحد بولا جاتا ہے) ایک قسم کا کھیل جو چار کوڑیوں کے ذریعہ کھیلا جاتا ہے۔

Props : (n) (استعمال میں بطور واحد بولا جاتا ہے) دیکھو Property man.

Propter affectum : (adv.) [med. L.] (قانون) طرفداری کی بنا پر (جیوری کو چیلنج کرنے کے سلسلے میں آتا ہے مثلاً (Challenge a juror propter affectum).

Propter defectum : (adv.) [med. L.] (قانون) نقص کی بنا پر۔

Propter defectum Sanguinis : (adv.) [med. L.] وارث نہ ہونے پر: وارث نہ ہونے کی بنا پر (مثلاً Escheal on estate propter defectum sanguinis).

Propter delictum : (adv.) [med. L.] کسی جرم میں سزا پانے کی بنا پر؛سزا یافتہ ہونے کی بنا پر؛ بر بنائے سزا یافتگی (مثلاً سزایافتہ ہونے کی بنا پر کسی جیورر کو نا اہل قرار دینا)۔

Propter delictum tenentis : (adv.) [med. L.] رعیت کے جرم کی بنا پر؛(مثلاً رعیت کے جرم کی بنا پر جائداد ضبط کر لی گئی Property declared forfeited propter delictum tenentis).

Propter hoc : (adv.) [L.] اس وجہ سے؛ اس کی وجہ سے؛ اسی وجہ سے۔

Propterygial : (a) [f. next.] Propterygium کا یا اس سے متعلق۔

Propterygium/ Propterygial : (n) [f. Pro+Gr. 'pterygion'.] بعض مچھلیوں (مثلاً شارک اور اس کے) کے پرکا اگلا غضروفی حصہ۔

Proposed : (a) جس کی آنکھ کا ڈھیلا آگے نکلا ہو؛ ڈھیلے دار۔

Proptosis : (n) [Late L. f. Gr. 'proptosis'.] (مرضیات)فتق؛ ابھار؛ خصوصاً آنکھ کا باہر آنا؛ (طب) سقوط؛ خروج؛ سقوط چشم؛ خروج چشم۔

Propugnator : (n) [L. 'propugnator'.] محافظ؛ حامی؛ حمایتی؛ ناصر؛ طرفدار؛ میر میدان۔

Propulsion : (n) [f.L.'propulsare'.] (۱)(عضویات) دفع؛ اخراج۔ (۲) (نفسیات) تحریک؛ جوش۔ (۳) آگے کو دھکا دینا یا چلانا؛ ریلنا؛ تحریک؛ (میکانیات) سوق؛ دفعہ؛ دھکا۔

Propulsive : (a) (۱)(میکانیات) داسر؛ دھکیلو؛ آگے دھکیلنے والا۔ (۲) (نفسیات) محرک؛ باعث تحریک؛ آگے بڑھانے والا؛ اکسانے والا۔

Propupa : (n) [f. Pro + pupa.] (حیوانیات) قبل پیوپا؛ قبل منجھروپ؛ بیشتر حشرات کے نا مکمل قلب ماہیئت کا آخری مرحلہ جب ان کے بازو نمودار ہونے لگتے ہیں۔

Propyl : (n) [f. Pro(ionic + -yl.] (کیمیا) سہ کاربنی سلسلے کا فرضی الکحل جزو مستقل (C_3H_7) (اسے Trityl بھی کہتے ہیں، زیادہ تر توصیفی معنوں میں آتا ہے دیکھو Propylic)۔

Propylaea / Propylaeum : (n) [L. Gr. 'propylainon'.] (۱) باب ہیکل؛ مندر یا معبد کا پھاٹک؛ (خصوصاً) باب ایکٹر پولس (واقع ایتھنز)؛ (تعمیرات) در ہیکل؛ در کلان مندر۔ (۲) پھاٹک؛ دروازہ باب؛ دہلیز؛ (گرجے وغیرہ کی) برساتی؛ پیش دہلیز؛ پورچ؛ کسی عمارت یا احاطے کا پیش دروازہ (جس کی تعمیراتی اہمیت ہو) (اکثر جمع میں)۔ (۳) (مجازاً) تعارف؛ تمہید؛ آغاز؛ (جمع) آغاز کتاب؛ مقدمہ؛ دیباچہ؛ پیش لفظ۔

The propylaea : باب ایکر و پولس (واقع ایتھنز)۔

Propylene : (n) [f. Propyl + -ene.] بے رنگ گیس؛ پروپل یا سہ کاربنی سلسلے کا اولیفن ($CH_3CH = CH_2$ (Olefine)؛ پروپلین۔

Propylic : (a) [f. as prec. +-ic.] پروپل کا یا اس کی قبیل سے؛ پروپل ہو؛ پروپل والا؛ جس میں پروپل ہو؛ پروپلک۔

Propylite : (n) [f. Gr. 'propylon' + -Ite.] (ارضیات) برکانی چٹان؛ آتش فشانی چٹان (جو بعض چاندی کے کانوں کے علاقے میں پائی جاتی ہے)۔

Propylitic : (a) (ارضیات) برکانی؛ آتش فشانہ۔

Propylon : (n) [Gr. 'propylon'.] دیکھو Propylaeum

Prore : (n) [L. 'prora'.] (اب صرف شاعری میں) جہاز یا کشتی کا پیش؛ سر جہاز؛ مہرہ؛ (شاعری میں) جہاز۔

Prorogate : (v) [L. 'prorogare'.] (۱) (اسکاتستانی قانون) (کسی

جج یا عدالت کا اختیار سماعت) وسیع کرنا (کسی ایسے معاملے میں جس کے لئے بصورت دیگر وہ اہل نہ ہو) ۔ (۲) ملتوی کرنا : معرض التوامیں ڈالنا : (قانون ساز یا کسی دیگر مجلس کی) میٹنگ کو کسی مدت کے لئے موقوف کرنا ۔

Prorogation : (n) [L. 'prorogatio'.] (۱) التوا (بحکم شاہی) : برخاست (اجلاس پارلیمانی) ۔ (۲) (اسکاتستانی قانون) کسی جج یا عدالت کے اختیار کی توسیع (ان معاملات میں جو قاعدتاً دائرۂ اختیار میں نہ آتے ہوں).

Prorogue : (v) [L. 'prorogare' .] (۱) (لاطینیت) دیر کرنا : طول دینا : وقت یا مدت بڑھا دینا : جاری رکھنا : تاخیر کرنا ۔ (۲) (پارلیمنٹ کا جلسہ) ملتوی کرنا : برخاست کرنا ۔(۳) ملتوی ہونا : برخاست ہونا (پارلیمانی اجلاس کا) ۔

Pros- : (prefix) [late L. f.Gr.'pros'.] (۱) سابقہ بمعنی "پیش" "آگے" "(کسی چیز کی) طرف" "جانب" "سمت میں" ۔ (۲) علاوہ ۔

Pros and cons : (phr.) (کسی مسئلے کے) موافق و مخالف دلائل ، بیانات ، اسباب ، آراء ۔

Prosaic/ -al : (a) [late L. 'prosaicus ' .] (۱) نائرانہ : نثری : غیر شاعرانہ : غیر ادیبانہ : غیر رومانی ۔(۲) معمولی : روکھا پھیکا : غیر دلچسپ : بے مزہ : بے لطف : بے کیف : فرسودہ : پیش پا افتادہ ۔

Prosaically : (n) معمولی طور سے : غیر دلچسپ طور سے : غیر شاعرانہ طور پر : بے کیف انداز میں : نثر کے طور پر ۔

Prosaicalness : (n) معمولی پن : غیر شاعرانہ پن : بے لطفی : بے کیفی: بد مزگی : پھیکاپن : نثریت ۔

Prosaicism /Prosaism : (n) (۱) نثری انداز تحریر : نثر پسندی ۔ (۲) بے کیفی : بے لطفی : بے مزہ پن ۔

Prosaist : (n) (۱) نائر : نثر نویس : نثر نگار : نثّار ۔ (۲) غیر دلچسپ شخص : بے کیف شخص : روکھا پھیکا آدمی ۔

Prosateur : (n) [Fr. f. It. 'prosatore' .] نائر : نثر نگار : نثر نویس : نثّار ۔

Prosbul : (n) [Mishnaic Hebrew. 'perozbol'.] عہد نامہ عتیق کے قانون سے بچنے کا ایک طریقہ ۔

Proscapula : (n) [mod L. f. Pro+L. 'Scapula '.] (حیوانیات ، تشریح) پیش شانہ : ترقوہ : ہنسلی ۔

Proscenia : (n) Proscenium کی جمع ۔

Proscenium : (n) [L. Gr. 'proskynikon'.] (۱) (قدیم تھیٹر) اسٹیج :پس منظر اور آرکسٹرا کے بیچ کی جگہ (جہاں پارٹ ادا کیا جاتا ہے) ۔ (۲) (موجودہ تھیٹر) پردے اور روشن چوکی (آرکسٹرا) کی درمیانی جگہ ۔ (۳) (مجازاً) پیش : آگے کا حصہ ؛ پیش منظر : پیش منظرہ ۔

Proscenium arch : (n) پیش منظری محراب : اسٹیج کی محراب جس سے اسٹیج پر ہونے والا تماشا دیکھا جا سکتا ہے ۔

Proscenium box : (n) اسٹیج پر یا اس سے متصل محصور جگہ یا باکس : اسٹیج باکس ۔

Proscholium /Proscholion : (n) [mod. L. -Gr. 'proscholion' .] محراب دار بر آمدہ (جو آکسفورڈ میں Divinity اسکول کے مشرقی سرے پر ہے) : محراب دار پیش دروازہ ۔

Prosciutto/ -tti / -ttos : (n) [It .] مسالے دار نمکین اور خشک کی ہوئی (سور کی) ران ۔

Proscolex : (n) [mod. L.] (حیوانیات) لاروائے کدودانہ ۔

Proscopinous : (a) [f. Gr. 'proskopion' +- ous] خانۂ چشم کے اوپر ابھرواں لکیروں والا : جس کے خانۂ چشم کے اوپر کا حصہ ابھرا ہوا ہو ۔

Proscopiny : (n) Proscopinous ہونے کی حالت ۔

Proscribe : (v) [L. 'proscribere.] (۱)قانونی حفاظت سے خارج کرنا: قانونی حمایت سے باہر کرنا ۔ (۲) جلا وطن کرنا : دیس نکالا دینا : واجب القتل ٹھہرانا : گردن زدنی قرار دینا ۔(۳) (مجازاً) خارج کرنا : خطرناک قرار دینا : ناجائز ٹھہرانا : ممنوع قرار دینا ۔

Proscriber : (n) قانونی حفاظت سے خارج کرنے والا : جلا وطن کرنے والا : واجب القتل یا گردن زدنی قرار دینے والا : ناجائز یا ممنوع قرار دینے والا ۔

Proscript : (n) جلا وطن کیا ہوا شخص : وہ شخص جسے قانونی حمایت سے باہر کر دیا گیا ہو یا جسے واجب القتل ٹھہرایا گیا ہو : وہ چیز جسے ناجائز ،

خطرناک یا ممنوع قرار دیا گیا ہو ۔

Proscription : (n) [L. 'proscriptio'.] (۱) قتل کا فتویٰ ؛ جواز قتل؛ (سیاسیات) جلا وطنی ؛ دیس نکالا ؛ قانون کی حمایت سے محرومی ؛ زائدۂ قانون ہونا ۔ (۲)(سیاسیات) ممانعت ؛ ممنوع قرار دینا ؛ خارج کرنا ؛ (سماجیات) مقاطعہ ۔

Proscriptive : (a) ممانعتی ؛ ممنوعانہ ؛ ممانعت آمیز ؛ جابرانہ ؛ جابر ۔

Proscriptively : (adv) ممانعتی انداز میں ؛ ممنوعانہ طور پر ؛ جابرانہ ؛ ازروئے ممانعت ۔

Proscriptiveness : (n) ممانعت آمیز ہونا ؛ ممانعتی ہونا ۔

Prose : (n) [L. 'prosa'.] (۱) نثر ۔ (۲) سادہ ؛ واقعی ؛ بے رنگ ؛ معمولی کیفیت ۔ (۳) معمولی ؛ غیر دلچسپ ؛ اکتا دینے والی تحریر یا بحث ؛ (قدیم روزمرہ) بات چیت ؛ گپ ؛ غپ شپ ؛ بے تکلف گفتگو ۔ (۴) (کلیسا) مقفّا نثر ؛ نثرمسجع (جو خدا کی حمد کے بعد گاکر پڑھی جاتی ہے) ۔(۵) (توصیفاً) منثور ؛ نثر میں لکھا ہوا ؛ نثر پر مشتمل؛ ناثر ؛ نثر لکھنے والا؛ نثر نگار ؛ (مجازاً) غیر شاعرانہ ؛ بے مزہ ؛ بے کیف ؛ پھیکا ۔

Prose : (v) (۱)نثر میں بیان کرنا ؛ نظم کو نثر میں تبدیل کرنا ؛ منثور کرنا ؛ نثر لکھنا ؛ نثر نگاری کرنا ۔ (۲) معمولی؛ بے مزہ بات چیت کرنا ؛ معمولی یا بے مزہ ؛ نثر میں لکھنا ؛ (قدیم روزمرہ اور بول چال) گپ کرنا ؛ بات چیت کرنا ۔

Prose-poem : (n) [f. Prose. (n)] شاعرانہ نثر ؛ نثر مرصع ؛ وہ نثر پارہ جو شعری خصوصیات یا شاعرانہ انداز میں بیان کا حامل ہو ۔

Prose-poet : (n) نثر میں شاعری کرنے والا ؛ نثری شاعر ۔

Prose-poetry : (n) نثری شاعری ۔

Prose-writer : (n) نثر نگار ؛ نثر نویس ؛نثار ؛ نثر میں لکھنے والا مصنف ۔

Prosector : (n) [late L. 'prosector'.] مردہ شگاف ؛ قاطع نعش ؛ وہ شخص جو تشریحی تحقیق یا لیکچر کی تیاری کے لئے مردہ جسم کو چیرتا ہے ؛ معلم تشریح کا معاون ؛ (تعلیمات) مددگار معلم تشریح ۔

Prosecutable : (a) لائق مزاولت ؛ لائق تفتیش ؛ قابل استغاثہ ؛ جس پر مقدمہ چلایا جا سکتا ہو ۔

Prosecute : (v) [f. L. 'prosequi'.] (۱) درپے رہنا ؛ لگے رہنا ؛ مزاولت کرنا (مطالعہ ، تحقیق وغیرہ میں) ۔ (۲) کرتے رہنا ؛ چلانا (کسی پیشے یا تجارت کا) ۔(۲)(قانون) مقدمہ قائم کرنا ؛مقدمہ چلانا ؛ استغاثہ کرنا ؛ استغاثہ دائر کرنا ؛ فوجداری مقدمہ چلانا ؛ استغاثہ دائر کرنا یا جاری رکھنا ؛ مستغیث ہونا ۔ (۴) تفصیلی تحقیق کرنا ؛ جزئیات کھنگالنا ؛ تفتیش کرنا ۔

To prosecute an action/ -a claim : کسی عمل یا دعوے کو قائم رکھنا ؛ جاری رکھنا ۔

Trespassers will be prosecuted : مداخلت بیجا کرنے والوں پر فوجداری مقدمہ دائر کیا جائے گا ۔

Prosecution : (n) [L. 'prosecutio'.] (۱) مزاولت ؛ جاری رکھنا ؛ چلانا (کسی کام یا پیشے وغیرہ کو) ۔ (۲)(قانون) استغاثہ ؛ فوجداری دعویٰ ؛ فوجداری مقدمہ ۔ (۲) قانونی کاروائی ؛ قانونی چارہ جوئی ۔ (۴) (قانون) مستغیث ۔

Director of public prosecution : انگریزی لا افسر جو ۱۸۷۹ء میں سرکار کی طرف سے فوجداری مقدمات دائر کرنے اور ان کی پیروی کرنے کے لئے مقرر کیا گیا تھا ؛ سرکاری وکیل ۔

Prosecution witness : (n) (قانون) گواہ استغاثہ ۔

Prosecutor : (n) (۱)مستغیث ؛ فوجداری دعویٰ کرنے والا ؛ پیروکار (فوجداری) ؛ فوجداری عدالت میں مقدمات دائر کرنے اور انہیں چلانے والا ۔ (۲) (کسی کام ، منصوبے یا پیشے کو) چلانے والا ؛ جاری رکھنے والا ۔

Public prosecutor : وکیل سرکار ؛ سرکاری وکیل ؛سرکاری پیروکار ؛ بادشاہ ؛ سرکار یا حکومت کی جانب سے فوجداری مقدمات کی پیروی کرنے والا ؛ (خصوصاً اسکاٹستان کا) سرکاری وکیل (جو ہر ضلع یا محال میں ہوتا تھا) ۔

Prosecutrices : (n) Prosecutrix کی جمع ۔

Prosecutrix : (n) سرکاری وکیلہ ؛ مستغیثہ ؛ سرکاری پیروکار خاتون ؛ Prosecutor کی تانیث ۔

Proseity : (n) [f. L. 'pro Se'+- ity.] (مابعد) خود موجودیت ۔

Proselyte : (n) [late L. 'proselytus .] (۱) (دینیات) نومذہب : نو معتقد : نو مرید : وہ شخص جس نے نیا نیا تبدیل مذہب کیا ہو؛ کسی نئے اصول یا عقیدے کا اختیار کرنے والا : ایک فریق سے الگ ہوکر دوسرے فریق سے مل جانے والا؛ نو معتقد : جدید الایمان : نوداخل . (۲) نویہودی: وہ غیر یہودی جو نیا نیا یہودی ہوا ہو.

Proselyte : (v) کسی شخص کو اس کا مذہب چھڑا کے اپنے مذہب میں لانا : اپنے فرقے میں شامل کر لینا : توڑ لینا : تبدیل مذہب کرانا .

Proselyte of the gate : (n) نو یہودی (جو ختنہ نہیں کراتا).

Proselytism : (n) [f. 'prosélyte +-ism .] (۱) نو اعتقادی : نو مریدی : نو مذہبیت . (۲) تبلیغ :دعوت : دعوت دین .

Proselytize : (v) [f. Pro+Selyte + Ize .] معتقد بنانا : مرید بنانا یا کرنا : ایک مذہب سے دوسرے مذہب میں لانا : تبدیل مذہب کرانا .

Proselytizer : (n) مبلغ : داعی : مرید کرنے والا : اپنے مذہب میں شامل کرنے والا : (دوسروں کو) اپنا ہم مذہب بنانے والا .

Proseminary : (n) [f. Pro + Seminary .] بنیادی درسگاہ : ابتدائی اسکول (جہاں بچوں کو اونچے درجوں کے لئے تیار کیا جاتا ہو) .

Prosencephala : (n) Prosencephalon کی جمع .

Prosencephalic : (a) پیش دماغی : پیش دماغ سے متعلق یا منسلک .

Prosencephalon / Prosencephala : (n) [mod L. f. Gr. 'pros' + Encephalon .] (تشریح) پیش دماغ : دماغ کا سامنے والا حصہ .

Prosenchyma : (n) [mod . L. f. Gr. 'pros+ -enchyma'.] (نباتیات) طویل خلیاتی بافت : دوکیہ : طولی بافت : باہم پیوستہ سروں‌والے لمبے خلیوں سے بنی نسیج یا بافت .

Prosenchymatous : (a) دوکیائی : طولی بافت کا : طولی بافت والا : طویل خلیائی بافت جیسا.

Proser : (n) (۱) نثر نگار : نثر نویس : نثار . (۱) بے لطف . (۲) بے لطف یا بے مزہ باتیں کرنے والا : بے کیف گفتگو کرنے والا : بے کیف نثر لکھنے والا : اکتا دینے والے انداز میں لکھنے یا بات کرنے والا .

Prosify : (v) [f. prose+. Ify .] (۱) نثرانا : نثر میں تبدیل کرنا : نثر کا سا بے کیف بنانا . (۲) نثر لکھنا .

Prosily : (adv.) بے مزہ انداز میں : بے کیف یا تھکا دینے والے انداز میں : بے لطف یا غیر دلچسپ انداز میں : بے لطفی سے .

Prosiness : (n) بے لطفی : بے کیفی : ناگواری : غیر دلچسپی : اکتا دینے والی کیفیت .

Prosiphon : (n) [f. Pro+Siphon.] (حیوانیات) جنینی حالت میں کسی ammonite (ایک قسم کا زیر زمینی حشرہ) کی غذا چوسنے والی نلکی جو بالیدگی کے ابتدائی مراحل میں ہوتی ہے : ابتدائی سیفن : ابتدائی چسنی .

Prosit/Prost : (interj.) [G. f. L. 'prosit '.] (یہ کلمہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کسی کا جام صحت پیتے ہیں بمعنی) خدا کرے یہ تمہارے حق میں مفید ہو.

Proso- : (prefix) [f. Gr. 'proso' .] سابقہ بمعنی سامنے ، آگے ،پیش .

Prosobranch : (n) [mod. L. 'prosobranchia' .] (حیوانیات) معدہ یا قشریہ جس کے گلپھڑے پیش قلب ہوں : پیش قلبی گلپھڑوں والا معدہ یا (قشریہ) .

Prosobranch : (a) (حیوانیات) پیش قلبی : گلپھڑوں والا (معدہ یا آبی قشریہ) جس کے گلپھڑے دل کے آگے ہوں .

Prosobranchiate : (a) [f. mod. L. 'prosobranchiata.'] (حیوانیات) پیش قلبی گلپھڑوں والا (معدہ یا آبی قشریہ) جس کے گلپھڑے دل کے آگے ہوں .

Prosobrnchiate : (n) دیکھو Prosobranch (n)

Prosocoele : (n) [f. Proso+ coele.] فقری جنین کے پیش دماغ کا غیر بالیدہ غیر منقسم جوف : (حیوانیات) پیش جوفہ .

Prosodetic : (a) [f. Proso- + -detic, as in amphidetic .] (حیوانیات) پیش منقار : پیش منقاری : جو منقار کے سامنے یا آگے واقع ہو.

Prosodiacal : (a) عروضی :عروضانہ : عروض سے متعلق : عروض کا.

Prosodiacally : (adv.) عروض طور پر : ازروئے عروض : علم عروض کی رو سے .

Prosodial : (a) [f. L. 'prosodia' .] عروضی .

Prosodian : (n) [f. as prec+-An.] عروض داں : ماہر علم العروض ؛ عروضی ۔

Prosodian : (a) عروضی؛ عروضانہ ؛ عروض سے متعلق ؛ عروض کا ۔

Prosodic/ -al : (a) [f.L.'prosodia+-ic . '] عروضی ؛ عروضانہ ؛ عروض سے متعلق ؛ عروض کا ۔

Prosodically : (adv.) عروضی طور پر ؛ ازروئے عروض ؛ علم عروض کی رو سے ۔

Prosodist : (n) [f. . L. 'prosodia' + -Ist.' .] عروض داں ؛ ماہر علم العروض ؛ عروضی ۔

Prosodus / Prosodi / Prosoduses : (n) [mod. L.f.Gr. 'prosodos'.] (حیوانیات) (اسپنج میں) درونی قنال ۔

Prosody : (n) [L. 'prosodia ' .] عروض ؛علم عروض ؛ رسالۂ عروض ۔

Prosoma : (n) [f.Pro+Gr. 'soma'.] (حیوانیات) (بعض حیوانات مثلاً سر پایوں کے) جسم کا اگلا یا سر والا حصہ ؛ پیش جسم ؛ سر ؛ سرا ؛ راس ۔

Prosopalgia : (n) [mod. L.] (مرضیات) چہرے کا اعصابی درد ؛ درد چہرہ ۔

Prosopis : (n) [mod. L. f. Gr. 'prospis' .] (نباتیات) جنس جنڈ؛ گرم خطوں کی ایک جھاڑی یا درخت جس کے پھول ننھے مگر پھلیاں لمبی ہوتی ہیں ۔

Prosopis Spicigera : (n) (نباتیات) سانگر ؛ جنڈ ۔

Prosopographer : (n) [f. Prosopography +er] شخصیت نگار ؛ خاکہ نگار ۔

Prosopographical : (a) [f. next + -Ical.] شخصیت نگاری سے متعلق ؛ شخصیت نگارانہ ؛خاکہ نگاری سے متعلق ۔

Prosopography : (n) [f. Gr. 'prosopon +- Graphy.] (۱) شخصیت نگاری ؛کسی فرد کی شخصیت بیان ؛ خاکہ نگاری ۔ (۲) سوانحی خاکوں کا مجموعہ ؛سوانحی خاکے جمع کرنا ۔

Prosopopoeia : (n) [Gr. 'prosopoiia' .] (۱) (معنی و بیان) ایک قسم کی صنعت جس میں ایک خیالی یا غائب مقرر تقریر یا ایکٹ کرتا ہوا دکھایا جاتا ہے ؛ایک فرضی مقرر کی تمہید ؛ تشخص ؛ تشخص روح ۔

(۲) تشخیص و تجسیم ؛ تجسیم اشیائے مجردہ ؛ مجرد اشیاء کو جسم دینا ؛ مجسم کرنا یا جسمانی حالت میں ظاہر کرنا ؛ تجسیم اشیا ؛ تجسّم اشیاء ؛ تشخّص ۔

Prosopopoeic / -al : (a) تشخیصی ؛ تجسیمی ؛ تشخصی ؛ تجسمی ؛ تشخص یا تجسم سے متعلق ؛ تجسم اشیاء سے متعلق ۔

Prospect : (n) [L. 'prospectus' .] (۱) منظر ؛ نظارہ ۔(۲) سین ؛ سملی ؛فضا ۔ (۳) دماغی منظر ؛ دوربینی ؛ دور اندیشی ۔ (۴) امید ؛ رجا ؛ توقع ؛ توقع کامیابی؛ امکان یا موقع ترقی (اکثر جمع) ۔ (۵) (کان کنی) اندازہ گری ۔ (۶) (معدنیات) امید افزا مقام جہاں سے کچھ نکلنے کی توقع ہو ۔ (۷) کچی دھات یا اس کا نمونہ امتحان کرنے کے لئے ؛ نیز کچدھات کی حاصل ہونے والی یا حاصل شدہ مقدار یا پیداوار ۔ (۸) امکانی گاہک یا خریدار ؛ متوقع خریدار ؛ متوقع چندہ دہندہ ۔

Into prospect : نظر میں ؛ حیطۂ نظر میں ؛ دائرۂ نگاہ میں؛ نگاہ میں ؛پیش نگاہ ۔

Prospect : (v) [L. 'prospectare' .] (۱) نظارہ کرنا ؛ (منظر) دیکھنا ۔ (۲) (کان کنی) سونے یا دیگر معدنیات کے خطے دریافت کرنا ؛ (مجازاً) (کسی چیز کی) تحقیق و جستجو کرنا ؛کھوج کرنا ؛ تفتیش کرنا ۔ (۳) سونے وغیرہ کا (علاقہ) دریافت کرنا ؛ زرخیزی یا متوقع پیداوار کا اندازہ کرنے کے لئے تجربتاً کان کنی کرنا ؛ (مجازاً) آئندہ توقعات کا جائزہ لینا ۔ (۴) (کان ، رگ زریا کچدھات کا) آئندہ صلاحیت کی (بھلی یا بری) نشاندہی کرنا ؛ (اچھی یا بری) امید بندھانا ؛ (نیز) کوشش کرنے پر (زرخیز یا کم خیز) ثابت ہونا ۔

Prospect glass : (n) دوربین ؛ جیبی دوربین ۔

Prospected trade : (n) (معاشیات) محفوظ تجارت ۔

Prospecting : (n) نظارہ کرنے کا عمل ؛آگے یا آئندہ پر نگاہ رکھنا ؛ دوربینی ؛ دور اندیشی ؛ توقعات معلوم کرنا ؛ پتہ لگانا ؛ تفتیش کرنا ؛ کھوج لگانا (معدنیات وغیرہ کا) ؛ تلاش معدن ؛ اندازہ گری ۔

Prospecting-claim : (n) معدن کی دریافت یا انکشاف کرنے والے کا دعویٰ ؛ پہلا دعویٰ ۔

Prospection : (n) (شاذ) پیش بینی ؛ دور بینی ؛ (نفسیات) دور اندیشی ۔

Prospective : (a) (۱) مستقبل پر نگاہ رکھنے کی صلاحیت والا ۔ (۲) مستقبلی ؛ متعلق بہ زمانۂ مستقبل ؛ مؤثر بہ زمانۂ مستقبل ۔ (۳) ہونے والا ؛ آئندہ وقوع میں آنے والا ؛ متوقع ؛ (بصریات) دوربین ۔

Prospective : (n) (شاذ) نظارہ ؛ نظارہ بازی ؛ نظارہ کرنے کا عمل ؛ (بصریات) دوربین ۔

In prospective : دائرہ نگاہ میں ؛ حیطۂ نظر میں ؛ نگاہ میں ؛ نظر میں ؛ پیش نگاہ ۔

Prospectively : (adv.) آئندہ کے خیال سے ؛ بہ نظر مستقبل ؛ آئندہ کی توقع سے ۔

Prospectiveness : (n) مستقبلیت ؛ مستقبل بینی ؛ (معاشیات) پیش بینی ۔

Prospectless : (a) بے توقع ؛ غیر امید افزا ؛ مستقبل میں جس سے کوئی توقع نہ ہو ؛ بے نظارہ ؛ بے منظر ۔

Prospector : (n) (معدنیات) اندازہ گر ؛ کان جو ؛ سونے ، چاندی کے لئے کان کی تلاش کرنے والا ؛ متجسس ؛ متلاشی ۔

Prospects : (n) امکانات ؛ توقعات ۔

Prospectus/ Prospectuses : (n) [L.] کیفیت نما (کتابچہ وغیرہ جو کسی مدرسہ ، کمپنی یا آئندہ شائع ہونے والی کتاب کی تفصیل حالات اور خصوصیات کو ظاہر کرے) ؛ کیفیہ ؛ پراسپیکٹس ۔

Prosper : (v) [L. 'prosperare'.] (۱) کامیاب ہونا ؛ سرسبز ہونا ؛ پھلنا پھولنا ؛ بار آور ہونا ؛ برومند ہونا ؛ فروغ پانا ؛ بڑھنا ؛ پنپنا ۔ (۲) کامیاب کرنا ؛ بامراد کرنا ؛ بارور کرنا ؛ سرسبز کرنا ؛ فروغ دینا ؛ (کسی کے حق میں) مساعد ہونا ؛ موافق ہونا ؛ سازگار ہونا ؛ مبارک ہونا ؛ مسعود ہونا ۔

Cheats never prosper : دغا باز کبھی پھلتے پھولتے نہیں ۔

Prosperities : (n) مسعود و مبارک حالات یا مواقع ؛ موافق و مساعد حالات ۔

Prosperity : (n) [L. 'prosperitas '.] (۱) کامیابی ؛ خوش اقبالی ؛ اقبال مندی ؛ سرسبزی ؛ برومندی ؛ خوش طالعی ؛ خوشحالی ؛ بامرادی ؛ فلاح ببہبود ؛ بہبودی ؛ (جمع) موافق و مبارک حالات یا مواقع ۔ (۲) (معاشیات) خوشحالی ؛ (سماجیات) رفاہ ؛ فلاح ۔

Prosperous : (a) [f. prec. + -ous] (۱) کامیاب ؛ بامراد ؛ سرسبز ؛ پھلا پھولا ہوا ؛ برومند ؛ بھاگوان ؛ اقبال مند ؛ ہرا بھرا ؛ بھرا پرا ۔ (۲) مبارک ؛ سعید ؛ موافق ؛ مسعود ؛ مساعد ؛ سازگار ۔

Prosperously : (adv.) کامیابی سے ؛ خوش اقبالی سے ؛ برومندی سے ؛ اقبال مندی سے ؛ مبارک انداز میں ؛ موافق یا مسعود طور پر ؛ سعادت سے ۔

Prosperousness : (n) دیکھو Prosperity

Prosphysis : (a) [med. L. f. Gr.] (مرضیات) التصاق ؛ اعصا کا مریضانہ التصاق ؛ کسی عضو کا دوسرے کے ساتھ چپک جانا ؛ التصاق اجفان ؛ پلکوں کا سٹ جانا ۔

Prospory : (n) [f. Pro+Spory.] (نباتیات) زود بذریت ۔

Prostaglandin : (n) [Gr. 'prostaglandin'.] (بایو کیمسٹری) ایک قسم کا روغنی تیزاب جو پستانداروں کی منی اور اکثر نسیجوں میں پایا جاتا ہے اور بے شمار عضویاتی اثرات (مثلاً چکنے عضلات ، خصوصاً رحم کا سکڑنا) کا حامل ہوتا ہے ۔

Prostate : (n) [Fr.] (تشریح) قُدّامیہ ؛ غدۂ مثانہ ؛ غدۂ ودی ؛ بژاغدہ ؛ جو کسی آدمی اور دیگر پستانداروں میں مردانہ اعضائے تناسل کے ملحقات یا لوازمات کی حیثیت رکھتا ہے ، یہ گردن مثانہ اور مجرائے بول کے دہانے کو محیط ہوتا ہے (نیز توصیفاً یا بطور صفت) ۔

Prostate gland : (n) دیکھو Prostate

Prostatectomy : (n) قدامیہ تراشی ؛ قدامیہ براری ۔

Prostatic : (a) غدۂ مثانہ یا اس کے فعل کا یا اس سے متعلق ؛ غدۂ مثانہ سے پیداشدہ ۔

Prostatism : (n) کبر قدامیہ ؛ کلانۂ ودی ۔

Prostatorrhea : (n) سیلان قدامیہ ؛ جریان ودی ۔

Prosternum : (n) [mod. L. f. Pro+Sternum .] (حشریات) کیڑے کے سینے کا شکمی یا اندرونی حصہ ؛ پیش صدر ۔

Prostheca : (n) [mod. L.] (حشریات) بعض بھونرا نما حشرات میں اوپری جبڑوں کے اوپر کا ابھار یا گومڑ ۔

Prosthesis : (n) [late. L.] (۱) (صرف ونحو) سابقه : اضافه : انضمام : انضمام حرف : انضمام ہجا : کسی لفظ کے شروع میں کسی حرف یا کسی جزو کا اضافه (مثلاً Beloved میں be) . (۲)(جراحی) انضمام عضو؛ مصنوعی عضو بندی : اضافه : انضمام : عضو پیوندی : جوڑ (کسی کمی کو پورا کرنا یا مصنوعی ہاتھ ، پاؤں ، دانت وغیرہ لگانا).

Prosthetic : (a) [f. Prec.] (۱) (صرف و نحو) اضافی : انضمامی؛ سابقه نما (حرف یا ہجا) . (۲) (جراحی) مصنوعی عضو بندی کا : اس سے متعلق یا اس جیسا . (۳) (بایو کیمسٹری) ایک غیر پروٹینی گروپ پر اطلاق ہوتا ہے جو پروٹین ہی کا ایک جزو ہے .

Prosthetics : (n) (بطور واحد مستعمل ہے) (جراحی) مصنوعی عضو بندی : انضمام عضو : عضو پیوندی : علم عضو بندی .

Prosthion : (n) [mod. L.] جویفیه : جو یفی نقطه .

Prostitute : (n) [L. 'prostitutus' .] رنڈی : کسبی : بیسوا : مال زادی؛ قحبه : فاحشه .

Prostitute : (v) [f.L. 'prostituere' .] (۱)رنڈی یا بیسوا بننا : عصمت فروشی کرنا . (۲) (مجازاً) عزت فروشی کرنا : (قابلیت وغیرہ کو) برے کام میں لگانا : کسی ذلیل کام میں (صلاحیت) صرف کرنا .

Prostitution : (n) [L. 'prostitutio' .] رنڈی پن : بیسوا پن : قحبه پن : عصمت فروشی :عزت فروشی : اپنی قابلیت وغیرہ کا معیوب طور پر استعمال کرنا :(سماجیات) فجور : عصمت فروشی .

Prostitutor : (n) عصمت فروشی کرنے والی؛ رنڈی : کسبی : عزت فروش عورت : اپنی لیاقت کو ذلیل کاموں میں صرف کرنے والا : ذلیل : عزت فروش .

Prostomium : (n) [f. Pro+Stomium .] (حیوانیات)بعض غیر فقری حیوانات کے جسم کا وہ حصه جو منه کے سامنے واقع ہوتا ہے :پیش دہن .

Prostrate : (a) [L. 'prostratus' .] (۱) پیٹ : منه کے بل : پٹ لیٹا ہوا . (۲) افتادہ : گرا ہوا : پڑا ہوا : پسرا ہوا (علامت عجز) . (۲) مغلوب : شکست خوردہ . (۳) تھکا ماندہ . (۵) (نباتیات) غلطاں : زمین پر پڑا ہوا : پٹ : لیٹا ہوا .

Prostrate : (v) [f. L. 'prosternere'.] (۱)گرانا : گرا دینا؛ فرش کر دینا؛ چت کر دینا : چت لٹا دینا : چت گرا دینا . (۲) ڈنڈوت کرنا : سجدہ کرنا : سر تسلیم خم کرنا : سر جھکانا : پاؤں پڑنا : قدم بوسی کرنا : جبیں سائی کرنا : ناصیه فرسائی کرنا . (۳) (مجازاً) غالب آنا : مغلوب کرنا : مطیع کرنا : منقاد کرنا : کمزور کرنا : ناتواں کرنا : ناطاقت کرنا : بے تاب و تواں کرنا : بے شکست کرنا : تھکا کر چور کر دینا : عاجز کر دینا .

Prostrately : (adv.) گر کر : مغلوب ہوکر : عاجز ہوکر : قدمبوس ہو کر : غلطاں .

Prostration : (n) (۱) منه کے بل لیٹنا (احتراماً) : ڈنڈوت : سجدہ : جبیں سائی : ناصیه فرسائی : پابوسی : قدم بوسی: پاؤں لگی . (۲) تعظیم : احترام : خوشامدانه اطاعت : اظہار عجز : فروتنی : انکسار : تذلیل : تحقیر . (۳) (مجازاً) کسی اعلیٰ یا وقیع اصول یا لیاقت کی کم قدری یا سبکی . (۴) انتہائی ناتوانی : ناطاقتی : کمزوری : بیحد ماندگی : پژ مردگی : افسردگی : پستی . (۵) کسی ملک ، جماعت یا تنظیم کا کمزور ، بے طاقت یا بے اثر ہوجانا .

Prostyle : (n) [L. 'prostylos' .] (تعمیرات) پیش ستون : ایوان پیش ستون : یونانی معبد کے سامنے کی برساتی جس کے ستون عمارت کے سامنے بنے ہوتے ہیں : جو عمودی پیش ہو.

Prosy : (a) [f. Prose+ -y .] (۱) نثر جیسا : جس میں نثر کی خصوصیات ہوں : غیر شاعرانه : سادہ : منثور : (تقریر ، کتاب وغیرہ) بے لطف : بے کیف : غیر دلچسپ : غیر دلکش : غیر دل پذیر : عامیانه : ناگوار : اکتا دینے والا . (۲) بے کیف : عامیانه : غیر دلچسپ : ناگوار یا اکتا دینے والے انداز میں لکھنے یا بولنے والا (شخص) .

prosyllogism : (n) [late L. 'prosyllogismus .] (منطق) وہ قیاس منطقی جس کا نتیجه کسی دوسرے قیاس منطق کا مقدمه صغریٰ یا کبریٰ ہوتا ہے : پیش قیاس .

Prot-/Proto-: (prefix) [Gr. 'protos' .] سابقه بمعنی "اول" "مقدم" : دیکھو -Proto .

Protactinium / Proctoactinium : (n) [Gr. 'Protactinium'.] (کیمیا) اول ایکٹینیم (عنصر تابکار) : پروٹیکٹینیم : پروٹو ایکٹینیم : ایک سخت : تابکار فلزیاتی عنصر جس کا طویل العمر آئسوٹوپ (Isotop) (آدھی عمر ۳۴,۰۰۰ سال) یورینیم کجدھات کی تابکار بوسیدگی سے بنا ہے (ایٹمی نمبر ۹۱ ، علامت Pa) .

Protagon : (n) [G. 'protagon'] (عضویاتی کیمیا) ایک نہایت پیچیدہ بلوری مادہ جو نائٹروجن اور فاسفورس کا حامل ہوتا ہے اور دماغ اور عصبی نسیجوں میں پایا جاتا ہے : پروٹگن ۔

Protagonist : (n) [Gr. 'protagonistes' .] (۱) کسی ڈرامے یا افسانے کا خاص شخص : ہیرو : مرکزی کردار ۔(۲) (کسی مقابلے میں) سر بر آوردہ : سر غنہ یا ممتاز شخص : بطل ۔ (۳) (کسی معاملے کا) حامی طرفدار : حلیف ۔

Prostagoras : (n) [Gr.] (تاریخ) بروتاغورس : مشہور یونانی فلسفی جو پانچویں صدی قبل مسیح گذرا ۔

Protagorean : (a) بروتاغورس یا اس کی تعلیمات کا یا اس سے متعلق ۔

Protagoreanism : (n) بروتا غورس کا پیش کردہ نظریہ کہ انسان ہی ہر چیز کا پیمانہ ہے : خارجی مسیحائی کوئی چیز نہیں : تعلیمات بروتاغورس۔

Protamine : (n) [f. Proto- + amine .] (عضویاتی کیمیا) سادہ پروٹینوں (لحمیوں) میں سے کوئی ایک : ایک اساسی نامیاتی مادہ $(C_{16}H_{32}N_9O_2)$ ۔

Protandric/ Protandrous : (a) [f. Proto(o + - Andropus.] (۱) دیکھو Protandric ۔ (۲) (نباتیات) نخز نرینہ : مقدم زرہ : جس میں نر عضو مادہ عضو سے قبل نشو و نما پا جاتا ہے ۔

Protandry : (n) [prot.-+-andry.] (نباتیات) مقدم زردی ۔

Protanomalous : (a) [f. prot- +Anomalous.] (طب) بے قاعدہ رنگ میں ۔

Protanomaly : (n) [f. prot- +Anomaly .] (طب) بے قاعدہ رنگ بینی : سہ رنگی جس میں طیف کو تناسب رکھنے کے لئے سرخ رنگ کا تناسب غیر معمولی طور پر زیادہ رکھنا پڑتا ہے ۔

Protanope : (n) [Back formation from next .] (طب)سرخ کور : وہ شخص جسے سرخ رنگ نظر نہ آتا ہو۔

Protanopia : (n) [mod. L.] (طب) سرخ کوری ۔

Protanto : (phr.) [L.] یہاں تک : اس حد تک ۔

Protarsus/ Protarsi : (n) [mod. L. f. Pro+Tarsus.] (۱) کیڑے کے اگلے پیروں کا سرا : ذغنہ' حشرہ ۔ (۲) مکڑی کے پاؤں کا چوتھا جوڑ : مکڑی کی پنڈلی : ساق عنکبوت ۔

Protasis : (n) [L.] (۱) قدیم ڈراموں کا پہلا حصہ جس میں کرداروں کا تعارف کرایا جاتا ہے : مقدمہ' ناٹک ۔ (۲) (صرف و نحو) جملے کا پہلا یا تمہیدی فقرہ : فقرۂ اول (خصوصاً شرطیہ جملے کا) : شرط: جزو شرطیہ : فقرۂ شرطیہ : جزو شرطی ۔

Protasis and apodosis: (n) (نحو) شرط و جزا ۔

Protasis and epitasis : (n) (تھیٹر) مقدمہ و اصل ناٹک ۔

Protatic : (a) [late L. 'protaticus' .] (۱) مقدم : مقدمہ' ناٹک سے متعلق ۔ (۲) شرطی : شرطیہ : فقرہ' شرطیہ کا یا اس سے متعلق ۔

Protaxial : (a) بنائے کوہ سے متعلق ۔

Protaxis : (n) [mod. L. f. Prot- +axis.] بنائے کوہ ۔

Prote / Proteo : (comb.) [f. Fr. 'proteins ' .] جزو ترکیبی بمعنی "پروٹین" "لحمیہ" ۔

Protea : (n) [mod. L. genevicname f. Proteus.] (نباتیات) چھوٹے درختوں یا جھاڑیوں کی ایک بڑی جنس جو خصوصاً جنوبی افریقہ میں پائی جاتی ہے اور جس کے لمبے مخروطی پھول ہوتے ہیں : (نیز) اس جنس کا پودا ۔

Proteaceous : (a) [f. mod.L. 'proteaceae' .] آسٹریلیائی اور جنوبی افریقی درختوں اور جھاڑیوں کے فطری سلسلے Proteaceae کا یا اس سے متعلق (Protea بھی اس میں شامل ہے) ۔

Protean : (n) [f. Proteus + -an .] (۱) Proteus کا، اس سے متعلق یا اس جیسا : تغیر پذیر : سیماب صفت : نت نئی صورت بدلنے والا ۔ (۲) (حیوانیات) تغیر پذیر : بدلو : امیبیا کی طرح صورت بدلنے والا ۔

Proteanly : (adv.) (شاذ)نت نئی صورت میں: نت نئی صورت بدل کر۔

Protease : (n) [f. Prote - + Ase.] (کیمیا) پروٹین پاش : خمیر پروٹین ۔

Protect : (v) [f. L. 'protegere' .] (۱) بچانا : محفوظ کرنا : محفوظ رکھنا : حفاظت کرنا : حمایت کرنا : پاسبانی کرنا : پناہ دینا ۔(۲) (معاشیات) مضمون کرنا : تامین دینا : غیر ملکی اشیاء پر ٹیکس لگا کر ملکی تجارت کی حفاظت کرنا ۔ (۳) (تجارت) سرمایہ فراہم کرنا : (ہنڈی وغیرہ کی رقم ادا

کرنے کے لئے)روپیہ اکٹھا کرنا ۔ (۴) مامون یا محفوظ کرنا : (کسی مشین میں کوئی) ایسا پرزہ جس سے استعمال کرنے والے اس کے ضرر سے محفوظ رہ سکیں :(جنگجو جہازوں پر) حفاظتی خول چڑھانا ۔

Protected : (a) محفوظ : مامون ۔

Procteced area : (n) (جغرافیہ) محفوظ علاقہ ۔

Protected forest : (n) محفوظ جنگل ۔

Protected rifles : (n) محفوظ رائفلیں ۔

Protectee : (n) پناہ دیا ہوا یا پناہ میں لیا ہوا شخص : وہ شخص جسے امن دیا گیا ہو: مامون : امان پایا ہوا شخص ۔

Protectingly : (adv.) محفوظ کرکے : محفوظ کرتے ہوئے : محفوظ طور پر ۔

Protection : (n) [late L. 'protectio' ..] (۱) حفاظت : حمایت : سایہ' عاطفت : تحفظ ۔ (۲) سرپرستی۔ (۳) بچاؤ : باعث حفاظت ۔ (۴) (سیاسیات) پروانۂ راہداری : (امریکا) صداقت نامۂ سکونت : صداقت نامہ شہریت ۔ (۵) (معاشیات) کسی جرائم پیشہ کو روپیہ دے کر (جس نے عدم ادائی کی صورت میں تشدد یا انتقام کی دھمکی دی ہو) ۔ اس کی شرارتوں یا چھیڑ خانیوں سے حاصل کی ہوئی نجات : جان بخشی : خلاصی ۔

Protection forest : (n) تحفظِ جنگل ۔

Protectionism : (n) (معاشیات) اصول تامین تجارت : تامینیت : تحفظ تجارت ۔

Protectionist : (n) (معاشیات) حامیٔ تامین : تامین پسند ۔

Protective : (a) (۱) محافظ : محفوظ رکھنے والا : حفاظتی ۔ (۲)(تجارت ، معاشیات) تامیتی: حفاظتی (نظام یا محصول وغیرہ) : تحفظ تجارت کے معاشی اصول نظام کا یا اس سے متعلق ۔

Protective : (n) کوئی بھی چیز جس کا استعمال حفاظت کے خیال سے کیا جائے : (خصوصاً جراحی میں) کاربونک آمیز روغنی ریشم یا موم جامہ جو زخموں کی حفاظت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Protective colouration : (n) (حیوانیات) حفاظتی رنگت ۔

Protective colouring : (n) (حیوانیات) حفاظتی رنگ (جانور وغیرہ کا ایسا رنگ جو اس کے ماحول یا مسکن کے رنگ سے اس قدر غیر ممیز ہوکہ دشمن تمیز نہ کر سکے) ۔

Protective custody / -detention : (n) قید تحفظ : قید حفاظت : حفاظتی قید : کسی کو اس کی حفاظت کے خیال سے قید میں رکھنا ۔

Protective food : (n) (طب) حفاظتی خوراک : (ساگ ، سبزی ، پھل ، گوشت ، دودھ ، انڈا وغیرہ پر مشتمل) خوراک جس میں وٹامنوں ، معدنیات اور لحمیہ کی مناسب مقدار ہوتی ہے تاکہ ان میں سے کسی جز کی کمی کے باعث کوئی بیماری (پلاگرا ، بیری بیری وغیرہ) پیدا نہ ہو ۔

Protective gear : (n) (برقیات) حفاظتی گیئر : حفاظتی سامان ۔

Protective instinct : (n) جبلت تحفظ : رجحان حفاظت : حفاظتی رجحان (وہ فطری رجحان جو حفاظت پر مائل یا مجبور کرتا ہے : مثلاً ماں کا بچے کی حفاظت کرنا یا آنکھ کا خوفِ ضرر سے فوراً جھپک جانا) ۔

Protective policy : (n) حفاظتی پالیسی :(سیاسیات)تامینی حکمت عملی ۔

Protective tariff/ -tax : (n) (معاشیات) حفاظتی محصول : تامینی محصول ۔

Protectively : (adv.) محفوظ طور پر : ازروئے تحفظ : حفاظت کے طور پر : حفاظت کرتے ہوئے : محفوظ انداز میں ۔

protectiveness : (n) حفاظت : محافظی: محافظت ۔

Protector : (n) [late L. 'protector' ..] (۱) محافظ : حامی : حمایتی : ولی : سرپرست : مربی ۔ (۲) ولی : نائب السلطنت (یعنی جو شخص بادشاہ کی صغر سنی ، غیر حاضری یا کسی معذوری کی حالت میں سلطنت کا کاروبار چلاتا ہے) : ولی شاہ : قائم مقام بادشاہ : ریجنٹ : سرکاری خطاب لارڈ پراکٹر آف دی کامن ویلتھ ۔ (۳) (سیاسیات) ولی : منتظم ملک ۔

Lord Protector of the Commonwealth : (۱) اولیور کرم ویل (۱۶۵۳۔۱۶۵۸) کا خطاب ۔ (۲) خطاب رچرڈ کرام ویل (۱۶۵۸۔۵۹) ۔

Proctectoral : (a) متعلق بہ ولی یا نائب السلطنت ۔

Protectorate : (n) (۱) نائب السلطنت کا عہدہ ۔(۲) زمانہ ولادیت

یا دور نائب السلطنت: (خصوصاً عہد اولیور کرام ویل و رچرڈ کرام ویل (۱۶۵۳-۵۹)۔ (۲) حکومت زیر حمایت: علاقۂ زیر حمایت۔ (۳) قوی قوم کی حکومت زیر دست قوم پر۔ (۵)(سیاسیات) محمیہ: محفوظہ: زیر حمایت علاقہ۔

Protectoral دیکھو Protectorial : (a)

(۱) خدمت یا منصب نائب السلطنت۔ (۲) ولایت: سرپرستی: دستگیری: حمایت: تولیت۔ Protectorship : (n)

(کلیسائے رومی) ارادۂ حمایت اطفال: شریر اور نادار بچوں کے لئے ارادہ تادیب۔ Protectory : (n)

سرپرست خاتون: ولیّہ: مربیّہ۔ Protectress/ Protectorix : (n)

مولّی: بچہ یا شخص جس پر ولی مقرر کیا گیا ہو: معمی: زیر حمایت شخص: آوردہ: متوسل۔ Protege : (n) [Fr.]

مولیّہ: بچی یا عورت جس پر ولی مقرر کیا گیا ہو جو کسی کے زیر سرپرستی ہو۔ Protegee : (n)

(حیوانیات) Protegulum : (n) [mod. L. f. Pro+ L. tegulam' .]
جنینی صدفہ۔

(کیمیا) نامیاتی مرکب جسے پہلے لحمیہ اجسام کے نام سے جانا جاتا تھا اور اب ترجیحی طور پر اسے پروٹین یا لحمیہ کہا جاتا ہے: لحمیہ: بیضہ: پروٹیڈ۔ Proteid : (n) [f. Prote(In+-Id).]

(حیوانیات) متغیر الشکل: تغیر پذیر: نت نئے روپ بدلنے والا۔ Proteiform : (a) [f. Proteus +-Form.]

(۱) پروٹین بیضہ: لحمیہ۔ (۲) بیضہ نماؤں (Albuminoids) کا فرضی اساسی عنصر۔ Protein : (n) [Fr. 'proteine' .]

پروٹینی: پروٹین جیسا یا پروٹین پر مشتمل: لحمینی۔ Proteinaceous/ Proteinic / Proteinous : (a)

(۱) طوالت: طول: درازی: طول وقتی: (عضویات) زمانیت۔ (۲) مدت احساس: وقفہ احساس۔ Protensity : (n) [L. 'protensus .]

(لحمیوں کا) تجزیہ کرنا: (اجزاء کو) الگ کرنا: پریشان کرنا: پروٹین پاشی کرنا: پروٹین آمیز مخلوط سے پروٹین الگ کرنا۔ Proteolyse : (v)

(۱)(عضویاتی کیمیا) پروٹین پاشی: خمیروں کے ذریعہ پروٹین کے اجزا کو الگ کرنا۔ (۲) پروٹین آمیز مخلوط سے پروٹین الگ کرنا۔ Proteolysis : (n) [mod. L. f. 'proteo'- + - Lysis .]

(کیمیا) پروٹین پاش: پروٹین (مخلوط سے) الگ کرنے یا اس کا تجزیہ کرنے کی صفت رکھنے والا۔ Proteolytic : (a) [f. Prec.]

(کیمیا) پروٹین پاش خمیر۔ Proteolytic ferment : (n)

(عضویاتی کیمیا) پروٹین ہائیڈرولیسس سے پیدا شدہ ایک کیمیاوی مادہ۔ Proteose : (n) [f. Prote(In+ -Ose).]

بعض سائنسی اصطلاحات میں مستعمل جزو ترکیبی بمعنی "سابق" "مقدم" "اگلا" (بلحاظ وقت، مقام، سلسلہ، مرتبہ)۔ Proter - : (comb.)

(۱) (نباتیات) نخزنرینہ: مقدم زرہ: جس میں نر عضو (حامل زر) مادہ عضو (بقچۂ گل) سے قبل نشو و نما پایا جاتا ہے۔ Proterandrous : (a) [f. Protero- +-Androus .]

(نباتیات) مقدم زری: (حیوانیات) مقدم نری۔ Proterandry : (n) [f. prec .]

(نباتیات) مقدم گلہ: جس میں پتوں سے پہلے پھول آجاتے ہوں۔ Proteranthous : (a) [f. as prec. +Gr. 'anthos' +- ous.]

دیکھو Proter Protero - : (comb.) [f. Gr. 'proteros' .]

(۱) (نباتیات) مقدم مادہ: نخز مادنیہ: مقدم بقچوی: جس کا مادہ عضو (بقچہ گل) نر عضو (حامل زر) سے پہلے نشو و نما پا جاتا ہے: مقدم بقچہ۔ (۲) (حیوانیات) مقدم مادہ: جس کا مادہ عضو جنسی اعتبار سے نر عضو سے پہلے نشو و نما پا جاتا ہے۔ Proterogynous : (a) [f. Protero - + - Gynous.]

(نباتیات، حیوانیات) مقدم بقچیت: مقدم مادگی: (حیوانیات) مقدم مادہ خلویت۔ Proterogyny : (n)

ساریائی (sarian) کی ایک معدوم جنس جس میں قدیم ترین رینگنے والے حیوانات شامل تھے۔ Proterosaur : (a) [f. Gr. 'sauros' .]

(ارضیات) مقدم حیاتی۔ Proterozoic : (a) [f. Protero- + - zoic.]

(ارضیات) حیاتی عہد: مقدم حیاتی سلسلۂ چٹان۔ Proterozoic : (n)

Protest : (n) [Fr. f. 'protester' .] (۱) اعتراف : اقرار : اقرار صالح . (۲) اظہار ناراضی : اظہار ناخوشی یا نارضامندی : اظہار اختلاف . (۲) عذر : اعتراض : احتجاج (سیاست وغیرہ) . (۴) تحریری اختلاف : تحریری اظہار اختلاف . (۵) دارالامرا میں کسی ایسی منظور شدہ تجویز کے خلاف صدائے احتجاج جس میں کسی کے دستخط نہ ہوں . (٦) تحریری اعلان عموماً نوٹری پبلک (Notary public) کا کہ ہنڈی حسب ضابطہ پیش کی گئی اور اس کی قبولیت یا ادائے زر سے انکار کیا گیا .

He paid it under protest : ناراضگی سے رقم کی ادائیگی .

Protest : (v) [L. 'protestari' .] (۱) ادعا کرنا یا دعوے سے بیان کرنا (اپنی بے گناہی وغیرہ) . (۲) (کسی ایسی بات کا جس پر شبہ کا جارہا ہو) باضابطہ یا حلفیہ اظہار کرنا : اقرار صالح کرنا : توثیق کرنا : اعتراف کرنا . (۲) تحریری اعتراض یا عذر کرنا (ہنڈی کے متعلق) ہنڈی کی عدم ادائی کا اعلان کرنا . (۴) احتجاج کرنا : صدائے احتجاج بلند کرنا : عذر کرنا : اعتراض کرنا (خصوصاً تحریر، کسی تجویز وغیرہ کے متعلق) .

Protest against : (v) احتجاج کرنا : عذر کرنا : نہ ماننا .

Protest bill : (n) (معاشیات) احتجاجی ہنڈی .

Protestancy : (n) مذہب پروٹسٹنٹ : مذہب پروٹسٹنٹ کی پیروی : پروٹسٹنٹ ہونا .

Protestant : (n) [mod. L. 'protestans' .] (۱) کلیسائی تاریخ ، عموماً جمع) : وہ لوگ جنھوں نے انجمن اسپائرس (Diet of Spires) منعقد ۱۵۲۹ء سے انحراف کیا تھا . (۲) پروٹسٹنٹ : عیسائیوں کے اس فرقے کارکن ، پیر وغیرہ جو سولہویں صدی میں کلیسا کے زمانے میں کلیسائے رومی سے علاحدہ ہوا . (۲) لوتھری عیسائی : پیرو لوتھر :لوتھر . (۴) احتجاج کنندہ : اعتراض کنندہ : (کسی فیصلے ، کاروائی ، رواج ، رسم یا غلطی پر) احتجاج یا اعتراض کرنے والا .

Protestant : (a) (۱) پروٹسٹنٹ فرقے کا یا اس سے متعلق : پروٹسٹنٹ جیسا . (۲) احتجاجی :احتجاج کنندہ : احتجاج کرنے والا : ٹوکنے والا : اعتراض کنندہ : معترض .

Protestant Episcopal : (n) (امریکا) پروٹسٹنٹ فرقے کا کلیسا جو کلیسائے انگلستان کا پیرو یا ہم رتبہ ہو.

Protestantism : (n) مذہب پروٹسٹنٹ : مذہب پروٹسٹنٹ کی پیروی : پروٹسٹنٹ ہونا .

Protestantize : (v) پروٹسٹنٹ بنانا : پروٹسٹنٹ ہونا .

Protestation : (n) [L. 'protestatio' .] (۱) اعتراض : احتجاج : عذر . (۲) اعتراف : اقرار : اقرار صالح .

To make protestation : اقرار صالح کرنا : باضابطہ یا حلفیہ اقرار کرنا : اعتراف کرنا .

Protester : (n) (۱) اقرار صالح کرنے والا : اعتراف کرنے والا . (۲) احتجاج کرنے والا : اعتراض کرنے والا : معترض : عذر کنندہ . (۲) ہنڈی یا دیگر تجارتی دستاویزات پر اعتراض کرنے والا یا ان کی عدم ادائی کا اعلان کرنے والا .

Protesthesia : (n) [f. Prote- + - Esthesia.] (عضویات) اول حِسی .

Protestingly : (adv.) احتجاجاً : بطور احتجاج : بطریق اعتراض : معتر ضانہ .

Protestor : (n) دیکھو Protester

Proteus : (n) [L. Gr. 'proteus' .] (۱) (یونانی و رومی اساطیر) ایک بحری دیوتا (Oceanus اور Tethys کا بیٹا) جو بہت سی شکلیں اختیار کر لیتا ہے : اله بحر : شاگرد دیوتا . (۲) بہت سی شکلیں یا خاصیتیں اختیار کر لینے والا شخص یا چیز : غیر مستقل مزاج یا متلون مزاج انسان : ڈھل مل یقین شخص : غیر قائم مزاج والا آدمی : جلد جلد بدلنے والی شے . (۲) (حیوانیات) بدلو (امیبا Amoeba) کا قدیم نام : کثیرالاشکال امیبا . (۴) (ایک قسم کا) جرثومہ . (۵) (حیوانیات) ایک قسم کا دم دار جلتھلیا : دمدار بر بحریہ . (٦) پروطیس کی شکل بدلنے والا : نت نئے روپ بدلنے والا : تغیر پذیر: سیماب صفت .

Bacillus proteus : (جر ثومیات) کثیرالاشکال عصیہ .

Prothalamion / Prothalamium : (n) [Invented by Spenser , after epithalamino.'] نغمۂ سہاگ : نغمۂ شادی : شادی سے قبل گایا جانے والا ایک گیت : ابتدائی سہاگ راگ .

Prothallium / Prothallus : (n) [f. Pro+ Trallium , -Llus.] (نباتیات) پیش غصنہ : پیش رُستہ .

Prothesis : (n) [Gr. 'prothesis] (۱) (کلیسا) رسم عشائے ربانی میں استعمال کے لئے شراب ، روٹی وغیرہ کا رکھا جانا : ان چیزوں کے رکھنے کی میز یا کلیسا کا وہ مقام جہاں میز رکھی جاتی ہے . (۲) (صرف و

نحو) سابقه : اضافه : انضمام : انضمام حرف : انضمام بجا : کسی لفظ کے شروع میں کسی حرف یا کسی جزو کا اضافه (مثلاً Beloved میں be) .

Prothetic : (a) (۱) رسم عشائے ربانی میں استعمال ہونے والی چیزوں کو تیار رکھے جانے سے متعلق : ان چیزوں کو رکھنے کی میز سے متعلق . (۲) سابقاتی : سابقه سے متعلق : انضمام حرف سے متعلق : انضمامی : لفظ سے پہلے لگا ہوا .

Prothetically : (adv.) سابقه کے طور پر : اضافه کے طور پر : انضمامی طور پر : انضمام حرف کی رو سے .

Prothoracie : (a) [f. mod. L. 'prothorax. '] (حشریات) سینے کے اول یا اگلے حصے کا یا اس سے متعلق : اول صدر یا مقدم سینۂ حشرہ کا یا اس سے متعلق یا اس پر واقع : مقدم صدری .

Prothorax : (n) [mod . L.] (حشریات) اول صدر :مقدم صدر : مقدم سینۂ حشرہ : کیڑے کے سینے کے تین حصوں میں سب سے اول حصہ جس میں دونوں اگلے پاؤں ہوتے ہیں .

Protist : (n) (حیاتیات) اولین جانداران میں سے کوئی .

Protista : (n) [mod. L. -g. 'protisten '.] (حیاتیات) اولین جانداران : آغازیان : وہ ابتدائی عضوی جاندار جن کا شمار نہ جانوروں میں ہوسکتا ہے نہ پودوں میں : عضوی موجودات کا تیسرا طبقه جو نہ جانور ہے نہ پودا .

Protistan : (a) اولین جانداران کا یا ان سے متعلق .

Protistan : (n) دیکھو Protist

Protium : (n) [mod. L.] (کیمیا) پروٹیم : معمولی ہائیڈروجن .

Proto - : (comb.) [Gr., 'protos' .] جزو ترکیبی بمعنی"اول" : "مقدم" :"اصل" :"خاص" :"ابتدائی" : "عنصری" : "اصلی" : "بنیادی" : کیمیائی ناموں میں یہ رابطہ ایسے عنصر کو ظاہر کرتا ہے جن کا تناسب دیگر عناصر کی بہ نسبت کم سے کم ہو.

Proto-Arabic : (a) اصلی عربی : ابتدائی عربوں کے متعلق : (جغرافیہ) بدوی عربی .

Proto-Celtic : (a) اصلی کلٹی : ابتدائی کلٹی .

Proto-Germanic : (n) جرمن زبان کی مورث زبان : اولین یا قدیم ترین جرمن زبان : وہ زبان جس سے جرمن زبان نکلی ہو.

Proto-Germanic : (a) جرمن زبان کی مورث زبان کا یا اس سے متعلق .

Proto-organism : (n) اول جسم نامی : جسمیۂ اول : ابتدائی یا یک خلیوی جسم حیوانی یا نباتی : حوین اولیه : اول پودا : یک خلوی پودا : کائی .

Protoactinium : (n) دیکھو Protactinium

Protoblast : (n) [proto+ blast.] عریاں خلیه (جس میں دیوار خلیه نہ ہو) .

Protocalcium : (n) (کیمیا) خالص کیلشیم : اصلی کیلشیم .

Protocanonical : (a) [f. mod. L. 'protocanonicus' .] (صحیفوں سے متعلق) شریعت اول کا : اول شرعی .

Protochloride : (n) اصل سبزیه : جس میں سبزیه کا تناسب کم سے کم ہو.

Protochordal knot : (n) (حیوانیات) نخز حبلی گرہ .

Protococcus/ Protococci : (n) [mod. L.] (نباتیات) کرہ نما شکل کی ، ایک خلوی کائی کی خردبینی جنس : (خلویات) مقدم نبقه .

Protocol : (n) [med. L. 'protocollum'.] (۱) سیاسی تحریر کا اصل مسودہ : خصوصاً دستاویز شرائط معاہدہ جو کانفرنس میں طے ہوئی ہوں اور جس پر فریقین کے دستخط ہوں : اصل عہد نامہ : پروٹوکول : اصلی مسودہ : (نفسیات) اصل تحریر . (۲) کیفیت : روداد : بیان . (۳) (فرانس میں) سر رشتۂ آداب و رسوم : وہ آداب و رسوم جو صدر حکومت کو سرکاری رسوم میں یا ایلچیوں اور غیر ممالک کے فرمانرواؤں وغیرہ کے ساتھ برتنے چاہئیں : فوجی و سفارتی خدمات میں آداب اور فرق مراتب کی سخت پابندی : منصبی آداب و رسوم . (۴) منشور شاہی یا فرمان پوپ کے ابتدائی فقرے یا اس کی تمہید .

Protocol : (v) (۱) سیاسی دستاویز یا تحریر مرتب کرنا : کسی معاہدے : گفت و شنید یا دیگر کاروائیوں کا مسودہ یا تفصیلات مرتب کرنا . (۲) سیاسی

تحریر یا دستاویز میں درج کرنا ۔

Protocolist : (n) پروٹوکول کو تیار کرنے والا ؛ (کسی معاہدے وغیرہ کا) اصل مسودہ تیار کرنے والا ؛ سیاسی دستاویز نگار ۔

Protoconch : (n) (بعض سرپایوں میں) جنینی قشر ، خول یا کھپرا ۔

Protoconchal : (a) (بعض سرپایوں کے) جنینی قشر سے متعلق ۔

Protoderm : (n) (نباتیات) قبل ادمہ ؛ ادمہ زا ۔

Protogamy : (n) (حیاتیات) اولین زواجیت ۔

Protofascism : (n) کوئی سیاسی تحریک یا لائحۂ عمل جس کا میلان ؛ فاشزم کی جانب ہو؛ پروٹو فاشزم ۔

Protofascist : (n) پروٹو فاشست ؛ پروٹو فاشزم کا پیرو یا حامی ۔

Protogenal : (a) اول مورثی ؛ اول گونی ؛ اول حینی ؛ اول حین سے متعلق ۔

Protogene : (n) [mod. L. 'protogenes.'] اول مورثہ ؛ اول کونیہ ؛ اولین حین ؛ (مفروضہ) اولین حیاتی اکائی جو کسی بے جان مادے سے نکلی تھی اور جسے تمام جانداروں پر مقدم یا ان کا پیش رو تصور کیا جاتا ہے ۔

Protogenesis : (n) (۱) طلوع حیات ؛ بے جان مادے سے زندہ جسمیوں کا طلوع یا آغاز ۔ (۲) باز تولید بذریعہ کلیاؤ ؛ کلی سے پیدا ہونے کا عمل ۔

Protogenetic : (a) طلوع حیات سے متعلق ؛ نشو ونما کے دور اول کا ۔

Protogenic : (a) (۱) (حیاتیات) اول نموئی ؛ اول مولودی ۔ (۲) (کیمیا) پروٹان زا ۔

Protogeometric : (a) یونان میں فن ہندسہ کے اولین دور کا ؛ اس سے متعلق یا اس کی خصوصیات کا حامل ۔

Protogine : (n) [Fr. 'protogine . '] (ریاضیات) کوہ آلپس کا گرے نائٹ پتھر جو بہت قدیم خیال کیا جاتا ہے ؛ قدیم سنگ خارا ۔

Protograph : (n) مسودۂ اول ؛ اولین مسودہ ؛ اصل مسودہ ؛ اصل تحریر ؛ کوئی خط یا دستاویز وغیرہ جو پوری کی پوری خود اپنے ہاتھوں لکھی گئی ہو ۔

Protogynous : (a) Proterogynous (نباتیات) دیکھو

Protogyny : (n) Proterogyny (نباتیات) دیکھو

Protohippus : (n) [mod. L.] (معدوم) گھوڑے کی قسم کا قدیم جانور جو اب معدوم ہے ؛ (حیوانیات) قدیم گھوڑا ۔

Protohistoric : (a) قدیم تاریخی ۔

Protolithic : (n) (ارضیات) اولین حجری ۔

Protomartyr : (n) [med. L. 'prot(h) omartytr'.] شہید اول ؛ (خصوصاً عیسائیوں میں) سینٹ اسٹیفن ۔

Protometals : (n) (فلزیات) خالص دھاتیں ؛ اصل دھاتیں ۔

Protomorph : (n) [Gr. 'morphy ' .] شکل اول ؛ اولین یا ابتدائی شکل ۔

Protomorphic : (a) اولین یا ابتدائی شکل والا ؛ سادہ ترین شکل یا ساخت والا ۔

Proton : (n) [n. of Gr. 'protos' .] (طبیعیات) قلبیہ ؛ پروٹون ؛ پروٹان ؛ مرکزۂ سالمہ کا جز ؛ برق مثبت کی اکائی ؛ (حمضین میں) مرکزۂ سالمہ ۔

Protonema : (n) [Gr. 'nyma'.] (نباتیات) خشتیہ ۔

Prototaries Apostolic/ -al : (n) بارہ عہدہ داران کنیسہ (ابتداً سات) جو پاپائی قوانین قلم بند کرتے ہیں اور ولیوں کی تقدیس وغیرہ کی ہدایت کرتے ہیں ۔

Protonotary / Prothonotary : (n) [med. L. 'protonoterius'.] (۱) میرمنشی ؛ بعض عدالتوں میں چیف کلرک (ابتداً) باز نطینی عدالت کا میر منشی ۔ (۲) قدیم انگلستان میں عدالت چانسری کا چیف کلرک یا رجسٹرار ؛ اعلیٰ ترین عدالت انگلستان کا محرر اعلیٰ ۔ (۳) (رومن کیتھولک کلیسا) دیکھو Pronotaries Apostolic ۔ (۴) یونانی کلیسا) قسطنطنیہ کے بطریق کا معتمد اعلیٰ ۔ (۵) بعض غیر ملکی عدالتوں کا چیف سکریٹری ؛ معتمد اعلیٰ ؛ (نیز مجازاً) ۔

Protonotaryship/ Prothonotaryship : (n) میر منشی ؛ چیف کلرک یا چیف سکریٹری کا عہدہ ؛ پرونوٹری کا عہدہ ۔

Protopapas : (n) [eccl. Gr. 'protopapas'.] (کلیسائے یونان میں) بڑا پادری ؛ پاپائے اعظم ۔

Protopathic : (a) [f.'protophaty '.] (۱) اول تاثری : اول تجربی ۔ (۲) (مرضیات) اول مرضی : مرض اول کا یا اس سے متعلق۔

Protopathic emotion : (n) (عضویات) اول تاثری جذبہ ۔

Protopathic sensitivity : (n) (عضویات) اول حساسیت ۔

Protopathy : (n) [f. Proto - + - Pathy.] (مرضیات) ابتدائی مرض : مرض اول : (عضویات) اول تاثر : ذاتی تاثر ۔

Protophyta : (n) [mod. L .pl. of 'protophytum '.] (نباتیات) اول پودے : یك خلوی نباتات : مقدم نباتات۔

Protophyte : (n) (نباتیات) اول پودا : یك خلوی پودا : کائی (یك خلوی)۔

Protoplasm : (n) [Gr. 'protopasma'.] (حیاتیات) نخر مایہ : مادۂ اولیٰ : مادۂ اولیہ : (ایك نیم سیال ، نیم شفاف ، بے رنگ یا سفید لیس دار مادہ جو آکسیجن ، ہائڈروجن ، کاربن اور نائٹروجن (اکثر قلیل مقدار میں بعض دیگر عناصر) کی نہایت پیچیدہ اور غیر مستقل ترکیب پر مشتمل ہوتا ہے اور حیاتی خواص کا مظہر ہوتا ہے، تمام حیوانات و نباتات میں طبیعی بنائے حیات کی تشکیل کرتا ہے ۔

Protoplasmatic/ - mic : (a) نخز مائی : نخزمایہ کا یا اس سے متعلق : نخزمایہ جیسا : نخز مایہ پر اثر انداز ہونے والا ۔

Protoplast : (n) [Fr. 'protoplaste'.] (۱) ابتدائی ، اولین یا قدیم ترین شے (اپنی قسم کی) مقدم شے : بنائے اول: تشکیل اول : تخلیق اول : (اپنی قسم کی) وہ چیز جسے سب سے پہلے بنایا، گھڑا یا تشکیل دیا گیا ہو: نقش اول : اصل : امّ : ابتدائی نمونہ : اصل نمونہ : پہلا نمونہ : اولین نمونہ : نمونۂ اول : (بشریات) آدم اول : سب سے پہلا انسان ۔ (۲) (حیاتیات)نخزینہ : نخزمایہ کی وہ کمیت یا اکائی جس سے واحد خلیہ بنتا ہے : (کبھی کبھی ایك خلوی جسم نامی(پر بھی اطلاق ہوتا ہے) (خصوصاً) بیخ پایوں (Rhizopods) کے ذیلی سلسلے Protoplasta میں سے کوئی ایك ۔

Protoplast : (n) [-palst, taken as repr, Gr. 'plastys'.] خالق اول : صانع اول : کردگار اول۔

Protoplastic : (a) (۱) اصلی : اول : اولین : ابتدائی : بنیادی : نقش اول یا نمونۂ اول جیسا : متعلق بہ اصل : تخلیق اول کے مماثل ۔ (۲) (حیاتیات) دیکھو Protoplasmic ۔

Protopod : (n) قشریوں کے پاؤں کا پہلا یا بنیادی جوڑ :(حیوانیات) اول پا : زیریں پا ۔

Protopdite : (n) دیکھو Protopod

Protopoditic : (a) اول پا کا : زیریں پا کا ۔

Protopope : (n) [Russ. 'protopop '.] (کلیسائے یونان میں) بڑا پادری : پاپائے اعظم ۔

Protopterus : (n) Dipnoan مچھلیوں کی ایك جنس جس کے صدری و شکمی پر لمبے جھالر دار دھاگوں جیسے ہوتے ہیں : اس جنس میں صرف افریقہ کی کیچڑوں میں رہنے والی مچھلی آتی ہے ۔

Protosalt : (n) ایك قسم کا نمك جو دھات کے پروٹوکسائیڈ کے ساتھ کسی تیزاب سے بنتا ہے ۔

Protosomite : (n) جوڑدار پاؤں والے اور حلقہ دار یا کنڈلی کیڑوں کے جنین کے ابتدائی (نامکمل) حلقوں یا فرقوں میں سے ہر ایك ۔

Protostele : (n) (نباتیات) نخز عروقیہ : مرکزی عروقیہ ۔

Protosulphide : (n) اقل کبریتہ : نخستین کبریتہ کا تناسب کم سے کم ہو۔

Prototere : (n) [f. next.] Prototheria صنف کا حیوان :بیضہ زا پستاندار حیوان : اولین پستاندار حیوان۔

Prototheria : (n) [mod. L. f. Gr. 'proto + Thyria.] (حیوانیات) پستانداران کی پست ترین ذیلی صنف جو Monotremata اور ان کے مفروضہ مورثوں کے واحد سلسلے پر مشتمل ہے : ذوات الثدی کی اسفل ترین نوع : ذوات الثدی کا مورث اعلیٰ ذوات الثدی اولیہ : بیضہ زا پستانداران : پستانداران اولیہ ۔

Prototherian : (a) بیضہ زا پستانداران کی صف کا : بیضہ زاپستاندار۔

Protherian : (n) دیکھو Prototere

Prototrophic : (a) (جر ثومیات) سادہ خور : محلل : سادہ مادہ ۔

Prototypal : (a) نمونے کا کام دینے والا : اصلی : ابتدائی ۔

Prototype : (n) [late L. 'prototypus'.] (۱) کسی چیز کا ابتدائی یا اول نمونہ :اصل نمونہ : اصل شے یا شخص بمقابلہ نقل) : اصلی نمونہ : ابتدائی نمونہ : نسخۂ اصلی ۔

(۲) اول نامیه ؛ اول عضویه ۔

Prototypic / -al : (a) دیکھو Prototypal

Protoxide : (n) [f. Prot - + Oxide.] اقل اکسید ؛ اول مائینه ؛ اول آکسائیڈ ؛ جس میں مائین کا تناسب کم سے کم ہو ؛ اقل مائینه ۔

Protoxylem : (n) [f. Proto - + Xylem.] (نباتیات) نخز چوپ ؛ نخز خشبه ۔

Protozoa/ Protozoon : (n) [mod. L.] حیوانیات ابتدائی (جو ایك خلیے کے ہوں) عموماً خردبینی حیوانات ؛ (حیوانیات) نخز حوینیات ؛ حوینیات اولیه ۔

Protozoal : (a) حوینیات اولیه کا یا اس سے متعلق ؛ یك خلوی حیوانات اولیه سے متعلق ؛ نخز حوینی ؛ متعلق به حیوان ابتدائی ؛ (مرضیات) کسی طفیلی اولیه کی وجه سے پیدا شده (بیماری) ؛ کسی یك خلوی حیوان کی وجه سے پیداشده (بیماری) ۔

Protozoan : (a) یك خلوی حیوانات اولیه کے طبقے کا یا ان سے متعلق ؛ نخز حوینی ؛ حیوان اولیه کا یا اس سے متعلق ؛ (نیز) دیکھو Protozoal ۔

Protozoan : (n) (ایك خلوی و خردبینی) حیوان ابتدائی ؛ نخز حوین ؛ حوین اولی ؛ حیوان اولیه ۔

Protozoic : (a) (۱) (ارضیات ، معدوم) (وه طبقے) جن میں حیات اولیه کے آثار پائے جاتے ہیں ؛ پہلی حیوانی ؛ نخز حوینی (طبقه یا آثار) ؛(متحجرات) جو ان طبقوں میں پائے جاتے ہیں ۔ (۲) (حیوانیات ، مرضیات) دیکھو Protozoan ۔

Protozoicide : (n) (حیوانیات) نخز حوین کش ۔

Protozoology : (n) [f. Protozoa+ -Logy.] (حیوانیات) نخز حیوانات ؛ اولین حیوانات ؛ حیوانات ابتدائی کا علم ؛ حیوانیات یا مرضیات کی وه شاخ جو حوینیات اولیه (خصوصاً) مرض پیدا کرنے والے طفیلی حوینیات اولیه سے بحث کرتی ہے ۔

Protozoon / Protozoa : (n) دیکھو Protozoan

Protracheata : (n) [f. Pro- + mod. L. 'Tracheata'.] (حیوانیات) جوڑدار پاؤں والے حیوانات کا ایك طبقه جس کی واحد جنس Pepipatus ہے ۔

Protract : (v) [f. L. 'protrahere' .] (۱) لمبا کرنا ؛ طویل کرنا ؛ طول دینا ؛ دراز کرنا ؛ وسیع کرنا ؛ بڑھانا ؛ پھیلانا ۔ (۲) ملتوی کرنا ؛ معرض التوا میں ڈالنا ؛ ٹالنا ؛ ٹال مٹول کرنا ؛ لیت و لعل کرنا ۔ (۳) دیر کرنا ؛ تاخیر کرنا ؛ تامل کرنا ۔ (۴) (زمین وغیره کا) نقشه کھینچنا ؛ نقشه بنانا ؛ خاکه تیار کرنا ؛ خاکه بنانا ؛ خاکه کھینچنا ۔

Protractedly : (adv.) طول دے کر ؛ تاخیر سے ؛ دیر تك ؛ ازراه تامل ؛ کھینچ تان کر ؛ دیر میں ؛ مشکل سے ؛ ٹال مٹول کرکے ۔

Protractedness : (n) طول ؛ طوالت ؛ کھینچاؤ ؛ درازی ؛ وسعت ؛ دیر ؛ التوا ؛ تاخیر ۔

Protracter : (n) (۱) زاویه کش ؛ چاندا ؛ گنیا ۔ (۲) (تشریح) عضلهٔ ممدده ؛ (جراحی) بروں آور ؛ بروں آرنده ۔ (۳) پیمانے کی رو سے نقشه بنانے والا ۔

Protractile : (a) [f. Protact+ -ile .] (حیوانیات ، تشریح) امتداد پذیر ؛ طول پذیر ؛ کشادگی پذیر ؛ لائق تطویل ۔

Protraction : (n) [late L. 'protractio' .] (۱) کھنچاؤ ؛ تناؤ ؛ درازی ؛ طول ؛ طوالت ؛ تطویل ؛ (حیوانیات) امتداد ۔ (۲) عضله ممدده کا فعل ؛ (جراحی) بروں آوری ۔ (۳) وقف ؛ التوا ۔ (۴) نقشه کشی ؛ خاکه کشی ۔ (۵) نقشه؛ خاکه ۔

Protractor : (n) [f. Protract + -or.] دیکھو Protracter

Protreptic/ -al : (a) [Gr. 'protreptikos' .] ہدایت دینے والی(تقریر یا تحریر) ؛ ہدایت آمیز ؛ نصیحت آمیز ؛ پند آمیز ؛ ناصحانه ؛ معلمانه ؛ ہدایت بخش ۔

Protreptic : (n) [Gr. 'protreptikon' .] تقریر ؛ تحریر یا کتاب جس کا مقصد وعظ و پند یا نصیحت ہو؛ ناصحانه تقریر یا تحریر ؛ ہدایت آمیز کتاب ۔

Protrudable : (a) آگے نکلنے کے قابل ؛ آگے کو نکلنے کے لائق ۔

Protrude : (v) [L . 'protrudere' .] (۱) آگے بڑھانا ؛ آگے کو یا باہر کو نکالنا ؛ دھکیلنا ؛ ٹھیلنا ؛ آگے کوبڑھانا ؛ بڑھانا ؛ نکالنا ۔ (۲) (مجازاً) زبردستی ؛ گھسنا ؛ مداخلت کرنا ؛ مخل ہونا ۔ (۳) آگے کو یا باہر کو نکلنا ؛ آگے بڑھنا ؛ آگے کو بڑھنا ؛ نکلنا ؛ بڑھنا ۔

Protrudent : (a) آگے نکلا ہوا ؛ آگے کو نکلا ہوا ؛ آگے بڑھا ہوا؛ ابھرا ہوا ؛ نمایاں ۔

Protrusible : (a) دیکھو Protrudable

Protrusile : (a) [f. 'extrusile' by substitution of prefix Pro-]
(وہ عضو وغیرہ) جو آگے نکل سکے یا آگے بڑھ سکے ؛ آگے بڑھنے یا آگے نکلنے کے لائق بنا ہوا ؛ (حیوانیات) بر آمدنی ؛ پیش آمدنی ۔

Protrusion : (n) [f. Protrude, after 'intrude intrusion' .]
(۱) باہر نکالنے یا دھکیلنے کا عمل ؛ باہر نکالنے یا دھکیلے جانے کا عمل یا حالت ؛ باہر کو نکلنا یا نکالنا ؛ دھکیلا جانا ۔ (۲) آگے کو نکلا ہوا حصہ ؛ ابھار ؛ (حیوانیات) بر آمد ؛ نکاس ؛ بڑھاؤ۔

Protrusive : (a) [f. as prec.]
(۱) آگے کو نکلنے یا نکالنے والا ؛ آگے دھکیلنے والا ۔ (۲) مخل ہونے والا ؛ مخل صحبت ؛ خلل انداز ؛ دخل انداز ؛ مداخلت کرنے والا ۔ (۳) آگے نکلا ہوا یا ابھرا ہوا ؛ بڑھا ہوا ؛ اٹھا ہوا ؛ نمایاں ۔

Protrusively : (adv.) آگے دھکیل کر ؛ دھکیلتے ہوئے ؛ آگے نکلے ہوئے انداز میں ؛ آگے بڑھ کر یا نکل کر ؛ نمایاں طور پر ؛ نمایاں ہوکر ؛ مخل ہوکر ؛ ازراہ مداخلت ۔

Protrusiveness : (n) دھکیلوپن ؛ آگے دھکیلنے یا بڑھانے کی صفت ؛ خلل اندازی ؛ مداخلت اندازی ؛ مداخلت ۔

Protuberance : (n) [f. Protuberant .]
(طب) ابھار ؛ ورم ؛ آماس ؛ سوجن ؛ گلٹی ؛ گومڑ ؛ گومڑی ؛گول ابھار۔

Protruberancy : (n) دیکھو Protuberance

Protruberant : (a) [f. late L. 'protuberare' .] آگے نکلا ہوا ؛ اٹھا ہوا ؛ بڑھا ہوا ؛ ابھرا ہوا ؛(طب) متورم ؛ گول ابھرا ہوا ؛ (مجازاً) نمایاں ؛ جاذب توجہ ۔

Protruberantly : (adv.) متورم طور پر ؛ نمایاں طور پر ؛ ابھار کے ساتھ ۔

Protyle/Prothyl : (n) [irreg. f. Gr. Proto-+ Hyle.]
(کیمیا) نخز عنصر ؛ نخز مادہ ؛ اساس اولین ؛ ایک فرضی بنیادی اور غیر تفریق یافتہ مادہ جو عناصر کیمیائی کی بنیاد ہو سکتا ہے ۔

Protylopus : (n) [mod. L.]
شمالی امریکا کے تیسرے ارضیاتی طبقے کے بالائی درجۂ اسفل میں پایا جانے والا ایک جانور جو اونٹ کی جنس سے ہے مگر Jacky Rabbit سے زیادہ بڑا نہیں ہوتا ۔

Proud : (a) [late OE. 'prud' .]
(۱) مغرور ؛ متکبر ۔ (۲) خوربین ؛ خود پسند ؛ مدفع ؛ گھمنڈی ۔ (۳) نازاں ؛ متفخر ۔ (۴) غیور ؛ خوددار ۔ (۵) بجا طور پر فخر کرنے والا ۔ (۶) قابل فخر ؛ لائق مباہات ۔ (۷) عظیم الشان ؛ عالی شان ؛ گرانقدر ؛ باوقار ؛ ذی شان ؛ پر تمکین ؛ رئیسانہ ؛ پر شوکت ۔ (۸) (ندی ، دریا وغیرہ) سیلابی ؛ طوفانی ؛ طوفان خیز ؛ موج زن ۔ (۹) باعث فخر ؛ باعث افتخار ؛ جس پر فخر کیا جا سکے ۔ (۱۰) (جانور) پرجوش ؛ باوقار قدموں سے چلتا ہوا ؛ پر زور ؛ قوی ؛ بہادر ؛ جری ؛ دلیر ؛ جیوٹ والا (خاص کر شعر میں) ۔ (۱۱) (عضویاتی ساخت) زائد ؛ بڑھا ہوا ؛ ابھرا ہوا ؛ اٹھا ہوا ؛ نکلا ہوا ؛ متورم ؛ سوجا ہوا ؛ پھولا ہوا ؛ (نیز) مندمل ہوتے ہوئے ؛ زخم کے ابھرے ہوئے گوشت پر اطلاق ہوتا ہے ؛ دیکھو Proud Flesh .

Proud : (adv.) مغرورانہ ؛ متکبر ؛ آن بان سے ؛ غیورانہ ؛ پرتمکین انداز میں ؛ شان سے ؛ مغرورانہ انداز میں ؛ (بول چال) عزت افزائی کے ساتھ ؛ (مثلاً You do me proud آپ میری عزت افزائی کرتے ہیں) ۔

Proud flesh : (n) مندمل ہوتے ہوتے زخم کا ابھرا ہوا گوشت ؛ (زخم کا) انگور ؛ کیرنڈ ؛ کھرنڈ ؛ وہ زخم جو بھر رہا ہو۔

Proud-hearted : (a) خودبین ؛ خود پسند ؛ با تمکنت ؛ باوقار ؛ مغرور ؛ متکبر ؛ پر تمکین ؛ غیور ۔

Proudish : (a) قدرے مغرور ؛ کچھ کچھ گھمنڈی ؛ گھمنڈی سا ۔

Proudly : (adv.) مغرورانہ ؛ متکبرانہ ؛ آن بان سے ؛آن سے ؛ مدمغانہ ؛ غیورانہ ؛ خود پسندانہ طور سے ؛ خوددارانہ ؛ بجا فخر کرتے ہوئے ؛ پر تمکین انداز میں ؛ شان میں ؛ شان سے ؛ غیورانہ انداز میں ۔

Proudness : (n) غرور ؛ تکبر ؛ فخر ؛ گھمنڈ ؛ شان ؛ خودپسندی ؛ خودبینی ؛ تمکنت ؛ آن بان ؛ غیورانہ انداز ؛ خودداری ۔

Proustite : (n) [Fr. After J.L. 'Proust' , a French chemist+-ite.]
چاندی کا سلفار سینائیڈ (Sulpharsenide) جو قرمزی رنگ کی قلموں یا دانہ دار تودوں میں پایا جاتا ہے ۔

Provable : (a) [f. Prove(v)] قابل ثبوت ؛ ثابت شدنی ؛ جس کی صحت یا صداقت ثابت ہوسکے ؛ اثبات پذیر ۔

Provableness : (n) [f. as prec.] قابلیت ثبوت ؛ ثابت ہونے کی قابلیت ؛ اثبات پذیری ۔

Provably : (adv.) [f. as prec.] قابل ثبوت طور پر ؛ ثابت شدنی طریقے سے ؛ اثبات پذیر انداز میں ۔

Provand : (n) [Fr. 'provede' .] دیکھو Provender ؛ (خصوصاً) فوجی رسد ؛ فوج کو فراہم کی ہوئی غذا یا خوراک اور (گھوڑوں کا) چارا؛ علف .

Provant : (n) [MLG. 'provant' .] (۱) رسد ؛ خوراک ؛ غذا ؛ چارا ؛ گھاس ؛ علف . (۲) (توصیفاً یا بطور صفت) سپاہیوں کی خوراک سے متعلق ؛ گھٹیا ؛ معمولی ؛ پست (متروک) .

Provascular : (a) قبل فارقی (Procambial) نسیج کا یا اس سے متعلق .

Prove/ Proved / Proving/ Proven : (v) [L.'probare' .] (۱) ثبوت دینا ؛ ثابت کرنا . (۲) (قدیم) آزمانا ؛ جانچنا ؛ امتحان کرنا . (۳) تصدیق کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ صداقت کا ثبوت دینا . (۴) تجربہ کرنا ؛ تجربے سے معلوم کرنا . (۵) (حساب میں) صحت کی جانچ کرنا . (۶) وصیت نامے کی تصدیق کرنا . (۷) (کسی تصویری پلیٹ وغیرہ کا) پروف نکالنا . (۸) ثابت ہونا ؛ نکلنا ؛ معلوم ہونا ؛ تجربہ ہونا ؛ تجربے سے معلوم کرنا ؛ تجربے سے ثابت ہونا .

He will prove the heir : وہ وارث نکلے گا ؛ وہ وارث ثابت ہوگا .

He will prove to know nothing about it : تجربے سے معلوم ہوگا کہ اس کو اس کی بابت کچھ علم نہیں ہے .

Prove up : (v) (امریکا) حقیقت کے ثبوت کو مکمل کرنا ؛ (خصوصاً) یہ ثابت کرنا کہ (سرکاری زمین کی) سند ایجاد حاصل کرنے کے لئے تمام شرطوں کو پورا کر لیا گیا ہے .

Proveable : (a) دیکھو Provable

Proveableness : (n) دیکھو Provableness

Proveably : (adv.) دیکھو Provably

Provect : (v) [f. L. 'provehere' .] (فلسفہ) (Grimm's Law) میں جرمن زبان کے لئے ایک قاعدہ) حرف صحیح کو صوتی تغیر کی سمت بدلنا ؛ (خصوصاً کلٹی زبان میں) باآواز حرف صحیح (Voice Consonant) کو اسی سلسلے کی بے آواز حرف صحیح (Breath Consonant) میں بدلنا .

Provection : (n) [late L. 'provectio' .] Grimm's Law میں جرمن زبانوں کے لئے مقرر کیا ہوا صوتی تغیر یا منتقلی صوت ؛ (نیز کلٹی زبان میں) باآواز حرف صحیح کو بے آواز حرف صحیح میں بدلنا ؛ کسی لفظ کے آخری حرف کو اگلے لفظ میں ملانا .

Proved : (a) ثابت شدہ ؛ ثابت کیا ہوا ؛ ثبوت یافتہ ؛ دیکھو Proven .

Proveditor/ Proveditore : (n) [It f. ' proveder .] (۱) وینیسی (Venetian) جمہوریہ کے بعض افسروں کا خطاب (گورنر اور سینئر انسپکٹر) . (۲) میر رسد ؛ میر سامان ؛ داروغۂ رسد .

Provedore : (n) [Various Rom. forms repr. L. 'providere' provide.] دیکھو Proveditor/Proveditore

Proven : (a) [f. Prove.] ثابت شدہ ؛ ثابت کیا ہوا ؛ ثبوت یافتہ . (۲) آزمودہ ؛ مجرب ؛ مصدقہ .

Not proven : اسکاتستانی قانون میں فوجداری مقدمات کے فیصلے کی ایک صورت جب جرم اور بے گناہی دونوں غیر ثابت شدہ ہوں .

Provenance : (n) [Fr. L. 'provenire.'] مبدا ؛ اصل (مقام) ؛ مصدر ؛ (مقام) پیدائش ؛ (مقام) ساخت ؛ ماخذ .

A picture of doubtful provenance : تصویر جس کی نسبت یہ معلوم نہیں کہ کہاں کی ہے .

Provencal : (n) [Fr. See Provence.] پرووانسال ؛ پرووانسلی ؛ پرووانسی ؛ Provence کا باشندہ .

Provencal : (n) [as prec.] (۱) پرووانسی ؛ باشندۂ پرووانس . (۲) زبان پرووانس ؛ رومانوی زبان جو پرووانس میں بولی جاتی ہے .

Provence : (n) [Fr.] فرانس کے جنوب مشرق میں ایک سابقہ صوبے کا نام (توصیفاً بھی مستعمل ہے جیسے Provence oil) .

Provence oil : (n) زیتون کا تیل جو پرووانس سے آتا ہے .

Provender : (n) [OFr. 'provendre'.] (۱) گھاس ؛ چارا ؛ علف . (۲) (مزاحاً) کھانا ؛ غذا ؛ خوراک .

Provender : (v) (گھوڑے وغیرہ کو) چارا فراہم کرانا ؛ چارا دینا ؛ کھلانا ؛ علف مہیا کرنا .

Provenience : (n) [f.L. 'proveniens' .] دیکھو Porvenance

Proventriculus : (n) [mod. L. 'pro+ 'Ventriculus ' Ventricle .] (طیوریات ، حیوانیات) ماضغہ ؛ ماضع معدہ جو

چینہ دان (پوٹا) اور شینگدان (پتھری) کے مابین ہوتا ہے ؛ بعض کیڑوں کا پوٹا یا چینہ دان۔

Prover : (n) [f. Prove.] (۱) جانچ کا سامان ؛ جانچ کرنے کا آلہ۔ (۲) (کندہ کاری) ماہر کندہ کار ؛ تربیت یافتہ مزدور جو (کندہ تصویروں کا) پروف چھاپتا ہے۔

Porverb : (n) [L. 'proverbium ' .] (۱) ضرب المثل ؛ کہاوت ؛ مثل ؛ منقولہ ؛ کہن ؛ گفتار حکیمانہ۔ (۲) ضرب المثلی ڈراما ؛ کہاوتی ناٹک یا ڈرامہ (خصوصاً فرانسیسی ڈراما جو کسی ضرب المثل پر مبنی ہو)۔ (۳) مثال ؛ نمونہ ؛ زبان زد ؛ زبان زد خلائق ؛ کوئی بات یا چیز جو ضرب المثل یا مثالی ہو۔ (۴) (جمع) حلقے یا دائرے کے بعض کھیل جو ضرب المثل یا عام کہاوتوں سے کھیلے جاتے ہیں ؛ کھیلنے والے ایک حلقے میں ہوتے ہیں اور ان سے کوئی کہاوت بجھائی جاتی ہے۔

He is a proverb of inaccuracy : وہ عدم صحت میں ضرب المثل ہے ؛ اس کی عدم صحت زبان زد ہے۔

He is foolish to a proverb : اس کی بیوقوفی زبان زد خلائق ہوگئی ؛ اس کی حماقت ضرب المثل بن گئی۔

The book of proverbs : کتاب الامثال (عہد نامۂ عتیق کی ایک کتاب جو حضرت سلیمان اور دیگر انبیاء کے حکیمانہ اقوال پر مشتمل ہے)۔

Their laziness is a proverb : ان کی کاہلی زبان زد خلائق ہے۔

To a proverb : اس حد تک کہ ضرب المثل ہوگئی ؛ اس حد تک کہ زبان زد خلائق ہوگئی۔

Proverb : (v) (۱) ضرب المثل کے طور پر بولنا ؛ ضرب المثل بنا دینا ؛ کہاوت یا مقولہ بنا دینا۔ (۲) ضرب المثل کا استعمال کرنا ؛ مقولے یا ضرب المثل سے مزین کرنا۔ (۳) ضرب المثل بولنا یا بنانا۔

Proverb test : (n) (نفسیات) ضرب المثلی امتحان ؛ ضرب المثلی آزمائش۔

Proverbial : (a) [L. 'proverbialis' .] (۱) مثالی ؛ مثلی ؛ ضرب المثل ؛ ضرب المثلی ؛ کہاوتی ؛ ضرب المثل یا کہاوت جیسا ؛ کہاوت یا کہاوتوں میں بیان کیا ہوا۔ (۲) مشہور ؛ مشہور عالم ؛ شہرۂ آفاق ؛ زبان زد ؛ (بات) جو ضرب المثل ہوگئی ہو ؛ جو ضرب المثل کی طرح مشہور ہو ؛ (عموماً) بدنام ؛ انگشت نما۔

Proverbialism : (n) ضرب المثل ؛ کہاوت ؛ مشہور بات یا واقعہ ؛ مقولہ ؛ وہ بات جو زبان زد خلائق ہو۔

Proverbialist : (n) کہاوتیں گھڑنے والا ؛ مقولے یا ضرب المثل ایجاد کرنے والا ؛ ضرب الامثال لکھنے والا یا استعمال کرنے والا ؛ مقولے قلم بند کرنے والا۔

Proverbiality :(n) ضرب المثل بن جانے کی صفت ؛ ضرب الامثالی ؛ شہرت ؛ بدنامی۔

Proverbialize : (v) ضرب الامثال بنانا ؛ گھڑنا یا بولنا ؛ مقولے ایجاد کرنا ؛ مقولے کہنا ؛ کہاوتیں کہنا۔

Proverbially : (adv.) ضرب الامثال کے طور پر ؛ بطور ضرب المثل ؛ بموجب ضرب المثل ؛ کہاوت کے طور پر۔

Proviant : (n) [G. 'proviant' .] رسد ؛ خوراک ؛ (خصوصاً) فوج کی رسد رسانی ؛ (فوج) محکمۂ رسد ؛ محکمۂ رسد رسانی۔

Provide : (v) [L . 'Providere' .] (۱) اہتمام کرنا ؛ تیاری کرنا (متوقع سانحے سے بچاؤ یا مہمانداری وغیرہ کی) ؛ تدارک کرنا ؛ تہیہ کرنا۔ (۲) مہیا کرنا ؛ بہم پہنچانا ؛ تیار کرنا ؛ فراہم کرنا۔ (۳) (شخص، قانون وغیرہ کا) مشروط کرنا ؛ قرار دینا۔ (۴) ضروریات بہم پہنچانا یا مہیا کرنا (کسی شخص کے لئے مثلاً کھانا ، پینا، مکان وغیرہ)۔ (۵) انتظام کرنا یا مہیا کرنا (خاص کر معاش کا، اپنے یا اپنے خاندان کے لئے)۔ (۶) (تاریخ) مقرر کرنا ؛ تقریر کرنا (کلیسائی خدمت پر) ؛ پوپ کا ایسی خدمت پر (کسی کی) تقرری کرنا جو ابھی خالی نہیں ؛ کلیسائی وقف یا جاگیر پر جگہ خالی ہونے سے قبل ہی (کسی کو جانشین) مقرر کرنا (اس طرح متولی (Patron) کے حق کو نظر انداز کر جانا)۔

Provided : (a) (۱) امدادی ؛ امداد یافتہ۔ (۲) ضروریات سے آراستہ پیراستہ۔

Provided : (conj.) بشرطیکہ ؛ اگر ؛ بالفرض۔

Provided school : (n) امدادی مدرسہ ؛ امدادی اسکول۔

Providence : (n) [L. 'providentia' .] (۱) (بول چال) اہتمام ؛ انتظام ؛ تیاری۔ (۲) (بول چال) فراہم شدہ چیز ؛ بہم رسانی ؛ رسد ؛ رسد رسانی ؛ خوراک ؛ چارا۔ (۳) دوربینی ؛ مآل اندیشی ؛ عاقبت بینی ؛ عاقبت اندیشی ؛ حزم و احتیاط ؛ بر وقت خبر داری۔ (۴) جز رسی ؛ کفایت شعاری۔ (۵) فضل الٰہی ؛ رزاقی ؛ پروردگاری۔ (۶) (دینیات) قدرت الٰہی ؛ خدا ؛ رب العالمین۔ (۷) (نفسیات) دور اندیشی۔

Divine providence : فضل الٰہی ؛ فضل خداوندی ؛ ہدایت خداوندی ؛ رہنمائی قدرت ۔

Special providence : خاص فضل الٰہی ۔

Providence of God : (n) فضل خداوندی فضل الٰہی؛ ہدایت خداوندی ؛ رہنمائی قدرت ۔

Provident : (a) [L. 'providens' .] (۱) دوربین ؛ مآل اندیش ؛ عاقبت بین ؛ عاقبت اندیش ؛ پیش بیں ؛ محتاط ۔ (۲) بچت کرنے والا ؛ جز رس ؛ کفایت شعار ؛ صرفہ جو ؛ پس انداز کن ؛ احتیاطی ۔

Provident fund : (n) احتیاطی سرمایہ ؛ پراویڈنٹ فنڈ ۔

Provident society : (n) دیکھو Friendly society

Providential : (a) [f. Providence + -Ial .] (۱) خدائی ؛ خداوندی ؛ من جانب اللّٰہ ۔ (۲) مساعد ؛ مبارک ؛ سعد ؛ بر محل ۔

Providentially : (adv.) دور اندیشانہ ؛ عاقبت اندیشی سے؛ ازراہ مآل اندیشی ؛محتاط انداز میں ؛ دور اندیشی سے ؛ کفایت شعاری سے ؛ بچت کے طور پر ؛ بچا کر ؛ جز رسی سے ؛ کفایت شعارانہ ۔

Providently : (adv.) خدا کی طرف سے ؛ من جانب اللّٰہ ؛ فضل خداوندی کے طور پر ؛ بر محل ؛ خوش نصیبی سے ۔

Provider : (n) [f. Provide+ er.] فراہم کرنے والا؛بہم پہنچانے والا ؛ مہیا کرنے والا ؛ رسد فراہم کرنے والا ؛ آذوقہ رساں ؛ رسد رساں ؛ میر ساماں ؛ میر رسد ؛ داروغۂ ساماں ؛ افسر رسد ؛ خانساماں ۔

Lion's provider : (n) گیدڑ ؛ شغال ؛ سیار ۔

Universal provider : ہمہ فروش تاجر ۔

Province : (n) [L. 'Provincia. '] (۱) (تاریخ روما) اٹلی کا بیرونی علاقہ جو گورنر رومی کے ماتحت ہو ۔ (۲) صوبہ ؛ برطانیۂ عظمیٰ کی شمالی امریکی نو آبادیات جو اب کناڈا کے صوبے ہیں ؛ (نیز) وہ صوبے یا ریاستیں جو اب ریاستہائے متحدہ امریکا میں ہیں ۔ (۳) (کلیسا) ضلع اسقفی ؛ وہ ضلع جو اسقف اعظم یا میٹروپولیٹن کے ماتحت ہو ۔ (۴) حلقۂ کاروبار ؛ حلقہ اختیار ؛ حلقۂ اثر ؛ کسی شخص یا جماعت کا حلقۂ کار ؛ میدان عمل ؛ فرض ؛ فرض منصبی ؛ کام ۔ (۵) شعبۂ علم ۔ (۶) (بحالت جمع) راجدھانی یا دارالحکومت کے علاوہ باقی تمام ملک ۔ (۷) (تاریخ فطرت) حیوانی یا نباتی خطہ (جو علاقے سے کم وسعت رکھتا ہو) ؛ ذیلی علاقہ ۔ (۸) دنیا یا کسی بر اعظم کا ایک حصہ ؛ علاقہ ؛ ملک ۔

Province map : (n) صوبائی نقشہ ؛ صوبے کا نقشہ ۔

Provincial : (a) [L. 'Provincialis.'] (۱) متعلق بہ صوبہ ؛ صوبہ واری ؛ صوبہ جاتی ؛ صوبائی ۔ (۲) مقامی خیالات یا حالات سے متعلق ؛ مقامی خیالات ، لب و لہجہ وغیرہ سے متاثر ؛ تنگ نظر ؛ تنگ خیال ؛ جس میں دارالحکومت کے باسیوں جیسی تہذیب و شائستگی یا وسعت نظر نہ ہو ؛ ملکی ؛ ان گھڑ ؛ ناشائستہ ؛ غیر مہذب ؛ غیر متمدن ۔ (۳) اہل صوبہ ؛ ساکن صوبہ ۔ (۴) جو راجدھانی کا نہ ہو ؛ دارالحکومت سے باہر کا ؛ (لومڑی کا شکار) جو شہر (شائر) سے باہر کیا جائے ۔

Provincial : (n) [the adj. used absol.] (۱) (کلیسا) مذہبی رئیس صوبہ ؛ استقفی ضلع کا رئیس یا حاکم اعلیٰ ؛کسی صوبہ یا ضلع کے مذہبی سلسلے کا چیف یا شیخ ۔ (۲) کسی ضلع یا صوبے کا باشندہ ؛ (جمع) کسی صوبے یا علاقے سے اکٹھا کی ہوئی امدادی فوج ؛ (ابتداءً مقامی آئرستانیوں پر اطلاق ہوتا تھا) ۔ (۳) (انقلاب سے پہلے) شمالی امریکی نو آبادیات کا کوئی باشندہ (خصوصاً وہ جس سے فوجی خدمت لی جاتی تھی) ۔ (۴) راجدھانی سے باہر کا باشندہ یا وہاں سے آنے والا ؛ دیہاتی شخص ؛ گنوار ؛ دہقانی یا غیر متمدن شخص ؛ ملکی ۔

Provincialism : (n) (۱) صوبہ پرستی؛ ملکیت ؛ ؛صرف اپنے صوبے کی ترقی یا بھلائی چاہنا ؛ اتحاد قومی کی بجائے خود مختاریٔ صوبہ یا صوبا جات کی خواہش ؛ صوبائیت ۔ (۲)صوبائی طرز ؛ فیشن ؛ انداز ؛ صوبائی طرز خیال ؛ تنگ نظری ؛ تنگ خیالی ؛ دہقانیت ؛ غیر مدنیت ؛ بدویت ؛ گنوارپن ؛ ناشائستگی ؛ ناشائستہ اطوار یا طرز گفتگو ؛ خود غرضی ؛ مفاد پرستی ؛ تنگدلی ؛ (جمع ، سماجیات) رسوم مقامی ؛ طرز مقامی۔ (۳)کسی مخصوص علاقے کی بولی ؛ صوبہ جاتی محاورہ ؛ کھڑی بولی (یعنی جو ٹکسالی نہ ہو)؛ مقامی لفظ ، محاورہ یا انداز تلفظ ؛ ملکی انداز گفتگو۔

Provincialist : (n) وہ شخص جو دارالسلطنت کا باشندہ نہ ہو ؛ باہری؛ ملکی ؛ دہقان ؛ دیہاتی باشندہ ؛ اضلاع یا مفصلات کا رہنے والا ۔

Provinciality : (n) ملکیت ؛ ملکی خصوصیت یا خاصیت ؛ دہقانیت ؛ غیر مدنیت ؛ بد ویت ؛ گنوارپن ؛ صوبائیت ؛ تنگ نظری ؛ تنگ خیالی ؛ تنگدلی ؛ مقامی پن ۔

Provincialize : (v) صوبائی بنانا یا ہونا : ملکی بنانا یا ہونا : دیہاتی بنانا یا ہونا : صوبہ جاتی یا صوبہ داری بنانا : دہقانی بنانا یا بننا ۔

Provincially : (adv.) صوبائی طور پر : من حیثیت صوبہ : صوبہ ذاتی طور پر : صوبہ وار : صوبائی انداز میں : صوبے کے طور پر ۔

Provinciate : (v) [f. L. 'Provincia + -Ate .] (گھٹا کر) صوبہ بنا دینا : صوبے کا درجہ دینا : اہل صوبہ کے حال پر لانا : دہقانی بنا دینا ۔

Provine : (v) [OFr. 'Proaignier . '] (انگور وغیرہ کی بیل کو) پھیلانا : (اس کے سرے کو زمین میں گاڑ کر تاکہ جڑ پکڑ لے) : افزائش کرنا : جڑ پکڑنے کے لئے انگور وغیرہ کی بیل کو جھکا کر زمین میں گاڑ دینا ۔

Proving : (a & n) (۱) Prove کا Present participle . (۲) اثبات : ثبوت ۔

Proving ground : (n) (۱) وہ مقام جہاں سائنسی تجربات کئے جائیں: وہ جگہ جہاں سائنسی ایجادات کی صلاحیت یا درستگی کی جانچ کی جاتی ہو ۔ (۲) وہ جگہ جہاں کوئی نیا تجربہ کیا جائے ۔

Proving press : (n) ایک چھوٹی (عموماً دستی) چھپائی مشین جس میں پروف چھاپتے ہیں ۔

Provision : (n) [L. 'Provisio. '] (۱)فراہمی : بہم رسانی : سربراہی : اہتمام ۔ (۲) پیش بینی : تیاری : تہیہ : تدارک: پیش بندی ۔ (۳) (جمع) ذخیرہ : سامان : اشیائے خورد و نوش : (فوج) رسد : آذوقہ ۔ (۴) قانونی قرار داد یا گنجائش : قانونی دفعہ یا شرط : دفعہ : گنجائش : شرط ۔ (۵) (تاریخ) معاش کلیسائی پر تقرر : غیر خالی معاش کلیسا پر تقرر : کلیسائی وقف یا جاگیر پر (جگہ خالی نہ ہونے کے باوجود کسی جانشین کی) تقرری ۔ (۶) ہبۂ ارث بشخص غیر وارث : تخصیص ارث بہ غیر وارث ۔ (۷) (جمع) مقررات ۔

To make provision : سامان بہم پہنچانا : ذخیرہ فراہم کرنا : تدبیر کرنا ۔

Provision : (v) اشیائے خورد و نوش بہم پہنچانا : رسد فراہم کرنا : سامان بہم پہنچانا : ذخیرہ فراہم کرنا : اسباب مہیا کرنا : ضروریات مہیا کرنا ۔

Provision tree : (n) ایک امریکی درخت جو گرم خطوں میں ہوتا ہے اور جس کے پھل بڑے بڑے ، وزنی اور گیروا یا سرخی مائل بادامی رنگ کے ہوتے ہیں ، ان پھلوں کے بیج بھورے رنگ کے ہوتے ہیں اور کھائے جاتے ہیں ۔

Provisional : (a) [after med L. 'Provisionalis. '] وقتی : موقتی : عارضی : کام چلاؤ : ہنگامی : وقتیہ : چند روزہ : قائم مقام ۔

Provisional certificate : (n) کچی سند ۔

Provisional diagnosis : (n) (طب) ہنگامی تشخیص ۔

Provisional government : (n) کام چلاؤ سرکار : عارضی حکومت ۔

Provisional measures : (n) عارضی تدابیر : ہنگامی اقدامات ۔

Provisional substantive : (n) (صرف و نحو) مشروط مستقل ۔

Provisionality : (n) عارضیت : عارضی پن : ہنگامی پن ۔

Provisionally : (adv.) عارضی طور پر : وقتی طور پر : ہنگامی طور پر : چند روزہ : وقتیہ ۔

Provisionalness : (n) عارضیت : عارضی پن : ہنگامی پن ۔

Provisioner : (n) (۱) رسد رساں : خانساماں : میر ساماں : داروغۂ توشہ خانہ : داروغۂ ذخیرہ : افسر رسد : آذوقہ رساں ۔ (۲) غذا فروش : خوردنی فروش ۔

Provisioning : (n) (فوج) رسد بندی ۔

Provisionless : (a) بے ساماں : بے سر و ساماں : بلا ساماں خوردو نوش : بے رسد ۔

Provisionment : (n) فراہمیٔ ساماں : رسد رسانی : ساماں رسانی : ذخیرہ فراہمی ۔

Provisions : (n) (۱)رسد : ساماں : ذخیرہ : اشیائے خوردو نوش : اشیائے ضروریات : مقررات ۔ (۲) (قانون) دفعات ۔

Provisions of Oxford : (n) معاہدۂ آکسفورڈ : قواعد آکسفورڈ (وہ ہنگامی قوانین جو سائمن مونٹ فورٹ کی ہدایت پر انگلستان کے بیرون (Barons) نے بادشاہ کی مطلق العنانی روکنے کے لئے ۱۲۵۸ ء میں بنائے تھے) ۔

Proviso / Provisoes : (n) [L. 'proviso . '] شرط : فقرۂ شرطیہ : اشتثنا فقرۂ اشتثنائیہ ۔

Provisor : (n) [L. 'Provisor. '] (۱) (تاریخ) صاحب پروانۂ تقرر

(خصوصاً وہ شخص جسے پوپ نے پروانہ عطا کیا ہو اور جس کی رو سے خدمت معاش خالی ہونے پر اسے تقرر کا حق ہو جاتا ہے)۔ (۲) (کلیسائی رومن کیتھولک) وکار (Vicar) جنرل؛ مددگار اسقف اعظم یا اسقف یا اس کا قائم مقام۔ (۳) (تاریخ) داروغۂ توشہ خانہ؛ میر ساماں؛ خان ساماں؛ افسر رسد؛ داروغۂ ذخیرہ؛ خزانچی؛ خزانہ دار۔

Statute of provisors : ایڈورڈ سوم کا ایکٹ ۲۵ ۱۳۵۰ء جو پوپ کو اس طرح کا پروانۂ تقرر جاری کرنے سے روکنے کے لئے بنایا گیا۔

Provisorily : (adv.) (۱) مشروط طور پر۔ (۲) عارضی طور پر؛ وقتی طور پر؛ ہنگامی طور پر؛ چند روزہ؛ وقتیہ۔

Provisory : (a) [med. L. 'Provisorius. '] (۱) مشروط۔ (۲) موقتی؛ ہنگامی؛ عارضی؛ کام چلاؤ؛ چند روزہ؛ قائم مقام؛ وقتیہ۔

Provitamin : (n) [f. Pro + Vitamin .] بدل وٹامن؛ پر ووٹامن۔

Provo : (n) [abbrev. of Fr. 'Provocateur. '] حکومت دشمن یا نراجی شورشیوں کے ڈچ گروپ کا کوئی رکن جس کی پالیسی سرکار یا ارباب اقتدار کو اشتعال دلانے کے ہو۔

Provocation : (n) [L. 'Provocatio. '] (۱) پکار؛ بلاوا؛ دعوت؛ طلبی؛ حاضری کا حکم؛ تاکیدی دعوت؛ سمن۔ (۲) التہاب؛ اشتعال؛ اشتعال طبعی؛ برانگیختگی؛ برافروختگی؛ انگیزش؛ تحریک؛ شہ؛ اکساوا؛ بھڑکاوا۔ (۳) باعث یا وجۂ اشتعال طبع؛ غیظ؛ غضب؛ طیش۔

He did it under severe provocation : اس نے یہ کام اشتعال کے عالم میں کیا۔

Provocative : (a) [late L. 'Provocativus. '] (۱) محرک؛ مہیج؛ ہیجان آور؛ ہیجان خیز؛ اشتعال انگیز؛ ہیجان انگیز؛ طیش آور؛ بر انگیختہ کرنے والا؛ اکسانے یا بھڑکانے والا۔ (۲) رغبت دلانے والا؛ اشتہا انگیز؛ شہوت انگیز۔

Provocative : (n) (۱) محرک؛ مہیج؛ تحریک؛ اشتعال؛ اشتعال دینے والی چیز؛ باعث اشتعال؛ ہیجان خیز چیز۔ (۲) بھوک یا شہوت کو ابھارنے والی چیز؛ (خصوصاً) قوت باہ کو بڑھانے والی دوا؛ مبہی دوا۔

Provocatively : (adv.) ہیجان خیز طور پر؛ اشتعال انگیز طور پر؛ شہوت انگیز طور پر؛ بھڑکانے والے انداز میں؛ بھڑکا کر۔

Provokable : (a) [f. Provoke + - Abl.] جسے غضبناک کیا جا سکے؛ لائق اشتعال؛ مشتعل کئے جانے کے لائق؛ بر انگیختہ کئے جانے کے قابل؛ اشتعال پذیر؛ زود رنج۔

Provoke : (v) [L. 'Provocare. '] (۱) غضبناک کرنا؛ غصہ دلانا؛ غیظ وغضب میں لانا؛ طیش پیدا کرنا۔ (۲) بر انگیختہ کرنا؛ اکسانا؛ تحریک دلانا؛ ہیجان پیدا کرنا؛ متہیج کرنا۔ (۳) بھڑکانا؛ اشتعال دینا۔ (۴) آمادہ کرنا؛ ترغیب دینا؛ بہکانا؛ ابھارنا؛ للچانا؛ للکارنا۔ (۵) خفا کرنا؛ بیزار کرنا؛ چھیڑنا؛ تنگ کرنا۔ (۶) باعث ہونا۔

Provoked : (a) انگیختہ؛ متہیج؛ بھڑکایا ہوا؛ مشتعل؛ ملتہب؛ غضبناک؛ پراز غیظ و غضب؛ خفا؛ بیزار؛ تنگ۔

Provoker : (n) اکسانے یا ابھارنے والا؛ تنگ کرنے والا؛ غصہ دلانے والا؛ بھڑکانے والا؛ مشتعل کرنے والا؛ ہیجان بپا کرنے والا؛ اشتعال آور یا ہیجان آور چیز یا بات؛ تحریک کنندہ۔

Provoking : (a) اشتعال انگیز؛ طیش آور؛ غیظ آور؛ ہیجان انگیز؛ طیش آفریں؛ تحریک دلانے والا؛ برانگیختہ کرنے والا؛ غصہ دلانے والا؛ بھڑکانے والا؛ آمادہ کرنے یا بہکانے والا؛ ترغیب دہندہ؛ بیزار کن۔

Provokingly : (adv.) اشتعال انگیز طور پر؛ طیش دلاکر یا دلاتے ہوئے؛ بیزار کرتے ہوئے؛ ہیجان انگیز طور پر؛ غصہ دلا کر؛ بھڑکا کر؛ ابھار کر؛ ترغیب دے کر۔

Provost : (n) [Late OE. 'Propost . '] (۱) (جامعہ آکسفورڈ، کیمبرج وغیرہ کے بعض کالجوں کا) پرووسٹ؛ صدر کلیہ؛ میر کالج۔ (۲) (تاریخ) کسی مذہبی جماعت کا سردار؛ پیشوا۔ (۳) بلدیۂ اسکاتستان کا میر بلد (بعض شہروں میں اسے Lord Provost کہتے ہیں)۔ (۴) کلیسائے جدید میں میر کلیسا۔ (۵) (جرمنی وغیرہ میں کلیسائے پروٹسٹنٹ کا) میر کلیسا۔ (۶) (تاریخ) کسی دفتر کا افسر؛ کسی جماعت کا حاکم؛ منتظم؛ داروغہ؛ نگراں؛ نگہبان؛ محافظ۔ (۷) (فوج) پرووسٹ؛ فوجی پولس افسر؛ پرووسٹ مارشل؛ فوجی کوتوال۔

Provost-cell : (n) فوجی قیدیوں کو رکھنے کی جگہ؛ فوجی سیل؛ فوجی حراست۔

Provost court : (n) فوجی عدالت جو عموماً (دشمن کے) مقبوضہ علاقے میں ہونے والے چھوٹے موٹے جرائم کا فیصلہ کرنے کے لئے ہوتی ہے۔

Provost-marshall : (n) (۱) (فوج) پرووسٹ مارشل؛ فوجی کوتوال

(چھاؤنی یا جنگ میں) ۔ (۲) دوران جنگ میں صدر کوتوالی ۔ (۳) اس جنگی جہاز کا میر اسلحہ جس پر جنگی عدالت (کورٹ مارشل) کا اجلاس ہو۔ (۴) بعض نو آبادیوں کا افسر پولس ۔(۵) (فرانس) نیم فوجی افسر ۔

Provost-sergeant : (n) فوجی پولس کا سارجنٹ : فوجی کوتوالی کا سارجنٹ ۔

Provostry : (n) کلیسا یا کالج کے پرووسٹ کا عہدہ یا اقتدار و اختیار۔

Provostship : (n) پرووسٹ کا عہدہ یا رتبہ : عہدۂ پرووسٹ : منصب پرووسٹ ۔

Prow : (n) [Fr. 'Proue. '] (۱) جہاز یا کشتی کا پیش : دماغۂ کشتی : سر کشتی : سر جہاز : مہرہ ۔ (۲) (شعر) کشتی : جہاز ۔ (۳) سر کشتی جیسی چیز : آگے نکلی ہوئی نوکدار حصہ یا نوک (حیوانیات) آگے کا ابھار : پیش ابھار ۔

Prow : (a) [OFr. 'Prou. '] (قدیم) بہادر : سورما : دلیر ۔

Prowed : (a) [f. Prow(n)] دماغہ دار : مہرہ دار : جس میں پیش ابھار ہو ۔

Prowess : (n) [OFr. 'Proesce. '] بہادری : جواں مردی : شجاعت : دلیری : جرأت : ہمت : بسالت : مردانگی : ہمت مردانہ : بہادری کا کام : (خاص کرجمع) کارہائے جوانمردی ۔

Prowl : (v) [Of. unkn. Origin .] (۱) پھرنا : اِدھر اُدھر پھرنا (خصوصاً کسی چیز کی تلاش میں) : شکار یا لوٹ کی تلاش یا جستجو میں پھرنا : شکار یا لوٹ ڈھونڈتے پھرنا ۔ (۲) (مجازاً) اس طرح (کسی جگہ ، گلیوں وغیرہ میں) پھرنا : شکار کو تلاش کرتے ہوئے (کسی جگہ یا علاقے کو) پار کر جانا : چور کی طرح ، خفیہ طور پر یا چپ چاپ گذر جانا یا پار کر جانا ۔

Prowl : (n) شکار یا لوٹ کی جستجو میں پھرنا : تگ ودو : تجسس : تلاش : شکار کے پیچھے مارا پھرنا ۔

On or upon the prowl : لوٹ یا شکار کی تلاش میں پھرتا ہوا : تگ ودو میں : کوچہ گردی میں : جویا : جویاں ۔

Prowler : (n) لوٹ یا شکار کی تلاش میں پھرنے والا : کچھ ڈھونڈھتا ہوا پھرنے والا : کو چہ گرد : کاسہ لیس : طفیلی : پچھلگو : متجسس : متلاشی : جویاں : جویا : چور : لٹیرا : دغاباز ۔

Prowlingly : (adv.) لوٹ یا شکار کی تلاش میں پھرتے ہوئے : کوچہ گردی کرتے ہوئے : کاسہ لیس ہو کر : طفیلی یا پچھلگو بن کر : پچھلگو ہو کر : جویاں انداز میں : دزدیدہ نگاہوں سے کچھ تلاش کرتے ہوئے ۔

Proxenus/ Proxenos / Proxeni : (n) [mod. L.f. Gr. 'Proxenos.'] (عتیقیات یونان) کسی ریاست کا شہری جو اس ریاست کا باشندہ بھی ہو مگر کسی دوسری ریاست کے ذریعہ اسے وہاں متعلقہ ریاست کے مفاد کی حفاظت و نگہداشت کے لئے مقرر کیا گیا ہو : پراکسینس ۔

Proxeny : (n) پراکسینس کا عہدہ یا کام : اس طرح کسی ریاست کے ذریعہ دوسری ریاستوں میں اپنے مفادات کی حفاظت کے لئے انہیں ریاستوں کے شہریوں کو مقرر کرنے کا قاعدہ یا نظام ۔

Proxically : (adv.) [f. Proxy.] وکالتاً : بعنوان وکیل : وکیل کی جانب سے ۔

Proximad : (adv.) [f. as next. + -Ad.] (تشریح) نقطۂ اتصال کی سمت میں : جوڑ کے رخ پر : نقطۂ اتصال کے رخ پر : اصل کی جانب ۔

Proximal : (a) [f. L. 'Proximus' . + -AL .] (تشریح ، حیاتیات) قریبی : اتصالی : جو کسی جسم کے مرکز کی طرف یا نقطۂ اتصال کے رخ پر واقع ہو : جو کسی (عضو یا ہڈی وغیرہ کے) مبداء یا نقطۂ ابتداء کے رخ پر واقع ہو (بخلاف Distal) ۔

Proximally : (adv.) قریبی یا اتصالی سرے کے رخ پر یا اس کے نزدیک : نقطۂ اتصال کے رخ پر : نقطۂ ابتداء کے رخ پر : راجع بہ اصل : اصل کی جانب : مرکز کے رخ پر : مرکزی مقام پر ۔

Proximate : (a) [L. 'Proximatus. '] (۱) نزدیک ترین : قریب ترین : قریب(زمان ، مکان ، ترتیب، سلسلہ خیال وغیرہ میں) ۔ (۲)متصل : بالکل نزدیک : قریب قریب : لگ بھگ : ملتا جلتا ۔ (۳) دیکھو Approximate ۔

Proximate analysis : (n) (کیمیا) جمعی تجزیہ ۔

Proximate cause : (n) (منطق) علت مستقیم : علت قریبہ ۔

Proximate causes : (n) (طب) اسباب قریبہ ۔

Proximate constituent/ -element : (n) (کیمیا) قریبی جزو ترکیبی یا قریبی عنصر : قریبی جزو اساسی : ان مرکبات میں سے کوئی ایک جن سے پیچیدہ تر مرکب براہ راست

بنایا جاتا ھے اور اس لئے تجزیاتی عمل میں جو سب
سے پہلے ہاتھ آتا ھے ۔

Proximate principle/ -constituent/ -element : (n)
دیکھو Proximate constituent

Proximately : (adv.) قریب قریب ؛ تقریباً ؛ قریبی طور پر ؛ قریب ترین
ہو کر ؛ متصلاً ؛ بالکل نزدیک ہو کر ۔

Proxime : (n) Proximate Accessit کا روزمرہ مخفف ۔

Proxime accessit : (phr) [L. phr.] (اس شخص کے بارے میں کہا
جاتا ھے جو وظیفہ یا انعام وغیرہ جیتنے والے کے قریب
ترین، اس کی پشت پر یا اس کے فوراً بعد ھے) وہ
انعام یافتہ کے بالکل لگ بھگ پہنچ گیا ؛ اس میں اور
انعام جیتنے والے میں ذرا سا فرق رہا ۔

Proxime accessit : (n) فہرست میں انعام جیتنے والے کا نام یا
پوزیشن ؛ وہ شخص جو انعام جیتنے والے کی پشت
پر ، اس کے فوراً یا اس کے لگ بھگ ہو ۔

Proximity : (n) [L. 'Proximitas. '] قریب ؛ نزدیکی (بہ لحاظ زمان و
مکان) ؛ قرابت ؛ خویشی ؛ تقریب ؛ قربت (بہ اعتبار
فطرت ، رشتہ داری وغیرہ) ۔

Proximity of blood : (n) خویشی ؛ قرابت ؛ خونی رشتہ ۔

Proximo : (adv.) [L. 'Proximo' (Sc. 'mense. ')] اگلے مہینے کا ؛
اگلے مہینے میں ؛ بماہ آئندہ ؛ آئندہ ماہ میں ؛
(علم النجوم) آئندہ ماہ کا ۔

Proximo- : (comb.) جزو ترکیبی بمعنی Proximal ۔

Proximoceptor : (n) (حیوانیات) مسی حاسہ ؛ اتصالی حاسہ ۔

Proxy : (n) [contr. f. Procuracy.] (۱) Procurator کا عہدہ یا
کام ؛ نیابت ؛ وکالت ؛ قائم مقامی ؛ کسی کی جگہ
پر کام کرنا ؛ مختاری ؛ مختار یا وکیل کا تقرر ؛
اس طرح اس کو مفوضہ اختیارات ؛ کسی وکیل یا
مختار کی حیثیت سے کیا ہوا کام ؛ اثارنی یا
نمائندہ کا کام ۔ (۲) عوضی نامہ ؛ اختیار نامہ جو
کسی شخص کو کسی جلسہ وغیرہ میں اپنی جانب
سے ووٹ دینے کے لئے کوئی دیتا ھے ؛ اس طرح دیا
ہوا ووٹ ۔ (۳) وکیل ؛ نائب ؛ مختار ؛ کارندہ ؛
نمائندہ ؛ قائم مقام ؛ (مجازاً) وہ چیز جو کسی
چیز کے عوض کام میں لائی جائے ؛ شے بدل ؛
متبادل ۔ (۴) (جدید معنی) بیلٹ ؛ پرچۂ رائے
دہندگی ؛ (جمع) الیکشن ؛ انتخاب ؛ انتخابات ۔

(۵) (قانون) مختار نامہ ۔

By proxy : وکالتاً ؛ نیابتاً ؛عوضاً؛ عوض کے طور پر ؛
متبادل کے ذریعہ ۔

Marriage by proxy : نیابتاً شادی ؛ وہ شادی جس میں
مراسم عقد کی انجام دہی کا اختیار کسی دوسرے
کو دے دیا گیا ہو ۔

Married by proxy : نیابتاً شادی کی ۔

Voted by proxy : نیابتاً رائے دہی ؛ وکالتاً ووٹ دیا ۔

Voting by proxy : وکالتاً رائے دہی ۔

Proxy : (a) نائب ؛ وکیل ؛ قائم مقام ؛ نیابت کرنے والا ؛ کسی کی
بجائے کام کرنے والا ۔ (۲) وہاں ملنے والا (معدنیات)
جہاں معمولاً کسی دوسرے معدن کے ملنے کی توقع
ہو ؛ متبادل ۔ (۳) نیابتاً انجام دیا ہوا ؛ عوضی ؛
جو نیابتاً کیا گیا ہو ؛ جو وکیل کے ذریعہ دیا گیا ہو ۔

Proxy : (v) متبادل معدن کے طور پر واقع ہونا ؛ ایسی جگہ واقع
ہونا جہاں کسی دوسرے معدن کے ملنے کی توقع ہو ۔

Proxy marriage : (n) شادی جس میں ایک ہی فریق موجود ہو اور
دوسرے کی جانب سے اس کا وکیل ہو ؛ وکالتاً
شادی ؛ عقد با الوکیل ۔

Proxyhood/ -ship : (n) نائب یا وکیل کا عہدہ یا کام ؛ نیابت ؛ وکالت ؛
مختاری ؛ قائم مقامی ؛ نمائندگی ۔

Prozymogen : (n) [f. Pro + Zymogen.] (حیاتیاتی کیمیا) قبل
خمیر زا (مادہ) ۔

Prude : (n) [Fr. 'Prude. '] وہ عورت جو اپنی بات چیت ، نشست و
برخاست اور برتاؤ میں بہت بنتی ہو ؛ لئے دیئے ؛ وہ
عورت جو جنسی تعلقات میں حد سے زیادہ اور بے جا
طور پر محتاط ہو۔

Prudence : (n) [L. 'Prudentia.'] چوکسی ؛ ہوشیاری ؛ زیرکی ؛
دور اندیشی ؛ حزم ؛ احتیاط ؛ کفایت شعاری ؛ مآل
اندیشی ؛ (نفسیات) مصلحت اندیشی ۔

Prudent : (a) [L. 'Prudens. '] (۱) ہوشیار ؛ زیرک ؛ چوکس ؛
مصلحت اندیش ؛ دانا ؛ محتاط ؛ دور اندیش ؛ مصلحت
میں ؛ عاقل ؛ کاردان ۔ (۲) (طور ، عمل وغیرہ) دانشمندانہ ؛
دور اندیشانہ ؛ مصلحت اندیشانہ ؛ دور اندیشی کا ؛
عاقلانہ ؛ دانشمندی کا ؛ سمجھداری کا ؛ مدبرانہ ؛ حزم

و احتیاط والا ۔

Prudential : (a) (۱) محتاط ؛ زیرکانہ ؛ مصلحت اندیشانہ ؛ دانائی کا؛ عاقلانہ ؛ مدبرانہ ؛ دور اندیشانہ ؛ دانشمندانہ ؛ احتیاطی؛ احتیاط آمیز ؛ مصلحت آمیز ۔ (۲) چوکسی ؛ مصلحت بینی یا دور اندیشی سے کام لینے والا ؛ (جدید انگلستان میں) جو کسی معاشرے ، شہر وغیرہ کے معاملات کو برتنے کے لئے مقرر کیا گیا ہو ۔

Prudential : (n) (جمع) معاملات حزم و احتیاط ؛ (خصوصاً امریکا میں) مقامی حکومت اور انتظامیہ کے معاملات جن کے لئے عدالتوں کا دروازہ کھٹکھٹانے کی ضرورت نہیں ہوتی ۔

Prudential motives : (n) محتاط مقاصد (منشا) ۔

Prudential policy : (n) محتاط مصلحت ۔

Prudentialism : (n) احتیاط کوشی ؛ احتیاط کشی ؛ اصول احتیاط ؛ احتیاط کاری ؛ مراعات حزم و احتیاط ؛ حزم و احتیاط پر مبنی اصول زندگی یا نظام حیات ؛ فلسفۂ احتیاط ۔

Prudentialist : (n) احتیاط کوش ؛ احتیاط کیش ؛ احتیاط مند ؛ احتیاط پرست ؛ احتیاط کار ؛ محتاط ۔

Prudentiality : (n) احتیاط ؛ حزم ؛ دانائی ؛ تدبیر ؛ زیرکی ؛ مصلحت بینی ؛ چوکسی ؛ احتیاط کی صفت ، فطرت یا خاصیت ۔

Prudentially : (adv.) احتیاطاً ؛ ازروئے احتیاط ؛ ازراہ عاقبت اندیشی ؛ ازراہ تدبیر و دانشمندی ؛ چوکسی سے ؛ محتاط انداز میں ؛ مدبرانہ ؛ عاقلانہ

Prudentialness : (n) دیکھو Prudentiality

Prudently : (adv.) ہوشیاری سے ؛ مصلحت اندیشی سے ؛ احتیاط سے ؛ محتاط طور پر ؛ مدبرانہ ؛ عاقلانہ ؛ دانشمندی سے ؛ حزم و احتیاط کے ساتھ ۔

Prudery : (n) [f. Prude + Ery.] بناوٹی شرم و حیا ؛ رفتار و گفتار یا نشست و بر خاست میں بے جا حزم و احتیاط ؛ لئے دیئے رہنا ؛ جنسی تعلقات میں بے جا طور پر محتاط ہونا۔

Prudhomme : (n) [Fr. 'Prud' homme. '] (۱)(تاریخ) بہادر و دانا شخص ؛ نائٹ یا جاگیر دار جسے جیوری کے کام کے لئے یا مجلس شوری میں بلایا جاتا تھا ۔ (۲) اس فرانسیسی عدالت کا رکن جو مزدوروں کے معاملات کی تصفیے کے لئے قائم کی گئی تھی ۔

Prudish : (a) [f. Prude + - Ish.] بناوٹی شرم والی ؛ جنسی تعلقات میں بے جا طور پر محتاط ؛ لئے دیئے رہنے والی۔

Prudishly : (adv.) لئے دیئے اندازمیں ؛ بناوٹی شرم کے ساتھ ؛ غیر ضروری طور پر محتاط رہ کر ؛ بے جا حزم و احتیاط کے ساتھ ۔

Prudishness : (n) دیکھو Prudery

Pruina : (n) [L.] (نباتیات) پالا ؛ بھبھوت ۔

Pruinate : (a) [f. Prec. + Ate.] (تاریخ طبیعیات) پالامارا ؛ کہرزدہ ؛ کہر آلود ؛ لونی لگا ؛ (نباتیات) بھبھوتیہ ؛ پالا آلود ؛ پالے سے ڈھکا ہوا ۔

Pruinescence : (n) [f. Pruina + - Escence.] پالامارا ہوا ہونے کی حالت ؛ پالازدگی ؛ کہر زدگی ؛ لونی ؛ بھبھوت ؛ (نیز) وہ سفوف جو اس حالت میں پیدا ہو جاتا ہے۔

Pruinose : (a) دیکھو Pruinate

Pruinosity : (n) دیکھو Pruinescence

Pruinous : (a) دیکھو Pruinose

Prune : (n) [f. L. 'Pruna' , Pl. of 'Prunum . '] (۱) پرون ؛ پلم ؛ آلوچہ ؛ خشک آلو بخارا ؛ (نباتیات) خشک پلم ؛ آلو بخارا (نیز Dry prune) ۔ (۲) (خصوصاً مجازاً) ارغوانی رنگ (پلم کے رس کا) ۔

Prune : (v) [f. OFr. 'Proignier' .] (۱) (اکثر down کے ساتھ) چھانٹنا (درخت وغیرہ کی بڑھی ہوئی شاخیں) ؛ تراشنا ؛ قطع و برید کرنا ؛ کاٹ چھانٹ کرنا ؛ کاٹ چھانٹ کر آراستہ کرنا ۔ (۲) (off , away کے ساتھ) (شاخیں، ٹہنیاں وغیرہ) کاٹنا ؛ چھانٹنا ۔ (۳) (مجازاً) (کتاب وغیرہ کو حشو و زوائد سے) پاک کرنا ؛ مبرا کرنا ۔

Prune : (v) [f. OFr. 'Poroindre. '] (۱) (پرندوں کا) چونچ سے اپنے بالوں کو سنوارنا ؛ کریز کرنا ۔ (۲) (کسی کو) نک سک سے درست کرنا یا ہونا ؛ آراستہ کرنا یا ہونا ؛ بنانا سنوارنا ؛ سجنا سنوارنا ؛ بننا سنورنا ؛ سجانا سنوارنا ؛ مزین کرنا ۔

Prune-purple : (n) ارغوانی رنگ ؛ پرون کے رس جیسا ارغوانی رنگ ۔

Prune-tree : (n) (۱) پلم کا درخت ؛ درخت آلوچہ ۔ (۲) مغربی ہندوستان کا ایک درخت جس کی لکڑی شہتیر یا دیگر عمارتی کاموں میں آتی ہے ۔

Prunella : (n) [Of unkn. origin.] (۱) ایك قسم كا ریشمی كپڑا جو پہلے گریجویٹوں ، پادریوں اور بیرسٹروں كے گاؤن كے لئے استعمال ہوتا تھا بعد میں زنانہ جوتے كی اوگی كے لئے استعمال ہونے لگا ۔ (۲) (توصیفاً) اس قسم كے ریشمی كپڑے كا بنا ہوا یا اس پر مشتمل ۔

Leather and Prunella : معمولی قسم كی چیز : معمولی لباس ۔

Prunella : (n) [Bot. L. alt. of 'Brunella' .] (۱) (نباتیات) ایك قسم كی بوٹی : ورم لوزہ وبا (بوٹی) : نعناع كی قسم كی ایك بوٹی ۔ (۲) (طب) ورم لوزہ : سوزش گلو : درد گلو : گلے كا ایك عارضہ جس میں بخار بھی رہتا ہے۔

Prunella salt/ Prunelle-salt : (n) ایك شورہ دار دوا جو ورم لوزہ میں مفید ہے ۔

Prunello : (n) [altered f. It. 'Prunella' , olim. of 'pruna. '] بہترین قسم كا پرون (Prune) جو گرین گیج سے بنایا جاتا ہے ۔

Pruner : (n) [f. Prune(v).] درختوں یا جھاڑیوں كو كاٹ چانٹ كر درست كرنے والا : سرشاخہ زن : مصحح : اصلاح كنندہ : تصحیح كنندہ ۔

Prunes and prism(s) : (phr.) چبا چبا كر بات كرنے كا انداز ۔

Pruning : (n) [f. Prune (v) + - Ing.] شاخ تراشی : درختوں یا جھاڑیوں كی شاخوں كو تراش كر درست كرنا : كاٹ چھانٹ : قطع و برید : (جمع) چھانٹی ہوئی شاخیں , وہ حصے جنہیں كاٹ چھانٹ كر الگ كر دیا گیا ہو : مقطوعات ۔

Pruning hook : (n) شاخ تراش قلابہ : شاخ تراش قینچی ۔

Pruning knife : (n) شاخ تزاش چاقو ۔

Pruning shear : (n) باغبانی قینچی ۔

Prunt : (n) [Origin doubtful.] آرائشی شیشے كا ٹكڑا جو كسی آرائشی ظرف (مثلاً گلدان وغیرہ) پر ركھا جاتا ہے : (نیز) وہ اوزار جن كی مدد سے یہ شیشہ ڈھالا جاتا ہے یا اس پر نقش و نگار بنائے جاتے ہیں ۔

Prunted : (a) اس طرح كے نقوش سے آراستہ كیا ہوا ۔

Prunus : (n) [L.] (۱) (نباتیات) درختوں اور جھاڑیوں كی ایك قسم جس كے پھل گٹھلی دار ہوتے ہیں ، پلم یا آلوچہ بھی اسی میں شامل ہے : جنس بادام ۔ (۲) (مشرقی ظروف سازی میں) چینی كے برتنوں پر اس درخت كی چینی اور جاپانی جنسوں كے نقش و نگار ۔

Prunus Amygdalus : (n) بادام ۔

Prunus Armaniaca : (n) خوبانی :خرمانی ۔

Prunus Bokhariensis : (n) آلو بخارا ۔

Prunus Cornuta : (n) جامن ۔

Prunus decoration : (n) (ظروف سازی میں) چینی كے برتنوں كی وہ آرائش جو Prunus كی چینی اور جاپانی جنسوں كے نقش و نگار پر مشتمل ہوتی ہے ۔

Prunus Domestica : (n) آلو چہ ۔

Prunus Persica : (n) شفتالو : آڑو ۔

Prurience : (n) [f. as Prurient + - Ence .] (۱) چُل : چلچلی : چلچلاہٹ : كھجلاہٹ : سخت خواہش : كھجلی : (طب) خارش : حِكّہ ۔ (۲) (مجازاً) ذہن كی چلچلاہٹ : ذہنی خواہش : ذہنی چلچلاہٹ : فحش خیالی ۔ (۳) ناپاك خیالات كی طرف میلان : شہوت پرستانہ خیالات كی جانب میلان : (طب) شدید شہوت : شہوت : شہوانی خواہش : خواہش نفس ۔

Pruriency : (n) [f. as prec. + - Ency.] (۱) (مجازاً) ذہنی چلچلاہٹ كی حالت یا صفت : خواہش نفسانی ۔ (۲) ناپاك خیالات كی طرف میلان : شہوت پرستانہ خیالات كی جانب میلان : شہوت : شہوانی خواہش : خواہش نفس ۔

Prurient : (a) [L. 'Pruriens' .] (۱) فحش خیالات كا دلدادہ : دل میں گندے خیالات پالنے والا : نفس پرست : ہوسناك : ہوس پرست : شہوت پرست : شہوت انگیز : ناپاك ذہن والا : (طب) فحش خیال ۔ (۲) (طب) خارش دار : خارش خیز ۔ (۳) (شاذ) راز جوئی كی چُل ركھنے والا : معیوب خواہشیں ركھنے والا ۔ (۴) (بچہ) جو ذہنی اور جسمانی طور پر جوان ہو گیا ہو یا جوان ہونے سے پہلے ہی اس كے اطوار (حركات و سكنات اور خیالات) جوانوں كے سے ہوں ۔

Pruriently : (adv.) فحش خیالی سے : ناپاك خواہشوں سے بیتاب ہو كر : ہوسناك طور پر : شہوت پرستانہ ۔

Pruriginous : (a) [late L. 'Pruriginosus. '] خارشی : كھجلی دار :

خارش زدہ : خارش کا : خارش جیسا : کھجلی والا : جسے کھجلی ہو ۔

Prurigo : (n) [L.] خارش : کھجلی : حکہ ورمی، ایک جلدی بیماری جس میں شدید خارش ہوتی ہے ۔

Pruritus : (n) [L. f. 'Prurire'.] خارش : (خصوصاً) وہ جلدی خارش جس میں بظاہر دانے نہ ہوں مگر کھجلاہٹ بہت ہو : سخت خارش : حِکہ (نیز مجازاً).

Pruritus ani : (n) حِکۂ المقعد : مقعد کی کھجلاہٹ ۔

Prusik knot : (n) [f. the name 'Prusik'.] ایک قسم کی گرہ جو اوپر چڑھنے کے لئے رسے میں لگائی جاتی ہے ، یہ وزن پڑنے سے کس جاتی ہے اور وزن نہ ہونے پر اسے آگے سرکایا جا سکتا ہے ۔

Prussia : (n) پروس : پر شیا ۔

Prussian : (a) [f. 'Prussi 'a' people belonging to the Baltoslavic Group.] پرشیائی : اہل پرشیا کا یا ان سے متعلق : (نیز اشیا) جو پرشیا سے آئی ہوں (یا ایسا مشہور ہو) ۔

Prussian : (n) اہل پرشیا : باشندۂ پرشیا : پرشیا کا رہنے والا : پرشیائی ۔

Prussian blue : (n) نیل فرنگی : پرشیائی نیلا رنگ : گہرا رنگ (جسے برلن کے رنگ ساز نے دریافت کیا تھا) : نیز مٹر کی ایک قسم ۔

Prussian brown : (n) پرشیائی بھورا رنگ (جو نیل فرنگی سے مستخرج یا اس سے متعلق ہے) ۔

Prussian carp : (n) پرشیائی کارپ : پرشیائی سیم ماہی جو عام سیم ماہی سے چھوٹی ہوتی ہے : چھوٹی قسم کی کارپ مچھلی۔

Prussian green : (n) پرشیائی سبز رنگ (جو نیل فرنگی سے مستخرج یا اس سے متعلق ہے) ۔

Prussianism : (n) پرشیائی آداب و اخلاق یا نظام سلطنت ۔

Prussianize : (v) پرشیانا : پرشیائی بنانا : پرشیائی رنگ میں رنگنا یعنی اس اصول میں جذب کر لینا کہ قوم کی خاطر افراد کی قربانی کر دینا روا ہے : تنظیم یا کردار کے اعتبار سے پرشیائی بنا دینا ۔

Prussiate : (n) [Fr. 'Prussiate'.] (کیمیا) پروسک ایسڈ کا نمک ۔

Prussic : (a) [Fr. 'Prussique.'] (کیمیا) پرشیائی نیلے رنگ سے متعلق یا اس سے نکلا ہوا : نیل فرنگی سے متعلق یا اس سے مستخرج ۔

Prussic acid : (n) ترشہ ارزق : نیل ترشہ : نیل تیزاب : ایک زہریلی دوا (ہائیڈرو سائنک ایسڈ) ۔

Prut : (int. & n) [imit. repr. a light explosive sound.] (۱) (فجائیہ) اہانت یا تحقیر کے طور پر بولتے ہیں ۔ (۲) رائفل دغنے کی آواز ۔

Pry : (n) [f. Pry (v).] (۱) تاک جھانک : ٹوہ : جستجو : راز جوئی : جاسوسی ۔ (۲) ٹوہ میں لگا رہنے والا : راز جو : جستجو میں لگا رہنے والا : تاک جھانک کرنے والا : بھیدی : کھوجی : جاسوس ۔

Pry : (n) [f. Prize (v).] (بول چال ، امریکا) (کسی چیز کو کھولنے یا اٹھانے کا) بیرم یا سبل ۔

Pry : (v) [of unkn. origin.] (۱) کھوج میں لگنا : تلاش کرنا : جستجو کرنا : (اکثر about یا into کے ساتھ) دیکھنا : تلکنا : جھانکنا : تاک جھانک کرنا : غور سے دیکھنا ۔ (۲) (کسی کے معاملات وغیرہ کی خواہ مخواہ) ٹوہ لگانا : تفتیش کرنا : دریافت کرنا : معلوم کرنا : راز جوئی کرنا : بھیدی بننا : جاسوسی کرنا ۔

Pry : (v) [Evolved f. Prize(v)] بیرم سے زور لگانا : بیرم کے ذریعہ کسی چیز کو اٹھانا یا کھولنا ۔

Pryce : (n) شکار سے متعلق محاورہ ۔

Prying : (n) دیکھو Pry(n)

Prying : (a) تاک جھانک کرنے والا : تاکنے والا : ٹوہ لگانے والا : راز جو : بھیدی : جاسوس : جستجو میں رہنے والا ۔

Pryinlgy : (adv.) متجسسانہ طور پر : راز جویا نہ طریقے سے : جاسوسانہ طرز سے : ٹوہ میں لگ کر ۔

Pryse/ Pryce : (n) [OFr. 'prise'.] شکار سے متعلق محاورے میں مستعمل ہے : مثلاً ۔

To blow the pryse : سگنل کے طور پر بگل بجانا کہ ہرن ہاتھ آ چکا ہے ۔

Prytanes : (n) Prytanis کی جمع ۔

Prytaneum : (n) [L. -Gr. 'Prytaneion.'] (عتیقیات یونان) دیوان عام : (خصوصاً) سفیروں اور امیروں ، سینٹ کے

صدر اور خاص معزز اور سرآوردہ حضرات کے استقبال کا کمرہ : (تاریخ) دیوان معززین ۔

Prytanis/ Prytanes : (n) [L. -Gr. 'Prytanis.'] (۱) قدیم ایتھنز میں پانچ سو اراکین کی کاؤنسل کی حکمراں جماعت (یا ڈویژن) کا کوئی کارکن : دیکھو Prytany ۔ (۲) یونانی ریاست کا چیف مجسٹریٹ ۔ (۳) صدر ۔

Prytany : (n) ایتھنز کی پریسیڈنسی کے زمانے میں وہاں کی پانچ سو اراکین والی کاؤنسل کے دس ڈویژن میں سے کوئی ایک : (نیز) پانچ ہفتوں کی وہ مدت جس کے دوران ہر ایک ڈویژن کی حکمرانی ہوا کرتی تھی ۔

PS : لاطینی کے Post Seriptum کا مخفف : دیکھو Post-Script ۔

Psalm : (n) [OE. 'Psalm , psealm' .] (۱) مناجات : بھجن : مزمور : سرود روحانی : زبور ۔ (۲) The Book of Psalm کی کوئی مناجات ۔

The Book of Psalms : حضرت داؤد کے بھجن یا مناجاتیں : مناجات نامہ : وہ کتاب جس میں حضرت داؤد کی مناجاتیں ہوں ۔

The Psalm of David : زبور : مناجات داؤدی : مزامیرداؤد : کتاب زبور ۔

Psalm : (v) [OE. 'Psealmian . '] مناجات کرنا : بھجن گانا : مناجات خوانی کرنا ۔

Psalm-book : (n) مزامیر نامہ : مناجات نامہ ۔

Psalmist : (n) [late L. 'Psalmista . '] (۱) مصنف زبور : حضرت داؤد جنہیں کتاب مناجات کا مصنف تصور کیا جاتا ہے ۔ (۲) (کلیسائی تاریخ) کلیسائی سرود خواں جماعت کا بچہ ۔

The Psalmist : حضرت داؤد : مصنف زبور ۔

Psalmodial / Psalmodic/ -al : (a) [f. Psalmody + -ic.] بھجن سرایانہ : بھجن سرائی کا یا اس سے متعلق : جس میں مناجات خوانی یا بھجن سرائی کی خصوصیت یا انداز ہو۔

Psalmodist : (n) [f. Psalmody + -ist .] بھجن خواں : مناجات خواں ۔

Psalmodize : (v) [med. L. 'Psalmodizare' .] بھجن گانا : بھجن سرائی کرنا : مناجات خوانی کرنا ۔

Psalmody : (n) [late L. 'Psalmodia' .] (۱) مناجات گانے کا فن یا مشق خصوصاً جماعت جماعت کی عبادت میں ۔ (۲) مناجات کی ترتیب (گانے کے خیال سے) : اس طرح مرتب کی ہوئی مناجاتیں یا بھجن (بحیثیت مجموعی)۔

Psalmody : (v) بھجن گا کر عبادت کرنا : بھجن سرائی کرنا : مناجات خوانی کرنا ۔

Psalter : (n) [OE. '(P) Salterc. '] (۱) کتاب زبور : اس کا کوئی نسخہ مثلاً Latin , English , Prayer-book , Scotch Metrical Psalter) ۔ (۲) دیکھو Our Lady's Psalter ۔ (۳) کتاب مناجات (خصوصاً وہ جو کلیسائی عبادت میں پڑھنے یا گانے کے لئے ترتیب دی گئی ہو) ۔ (۴) بعض قدیم آئرستانی منظوم رسالوں پر بھی اطلاق ہوتا ہے (مثلاً Psalter of Cashal وغیرہ) ۔

Our Lady's Psalter : وظیفوں کی کتاب (چونکہ اس میں اتنے ہی (۱۵۰) تحیہ وسلام (حضرت مریم سے متعلق) ہیں جتنی کہ زبور میں مناجاتیں ہیں) ۔

Psalterial : (a) [f. Psalterium + -AL.] (تشریح ، حیوانیات) معدۂ سوم کا یا اس سے متعلق ۔

Psalterian : (a) [f. Psaltery + -An.] سرود کا یا اس جیسی آواز والا : سرود جیسا : تیرہ تارا جیسا چنگ نما ۔

Psalterien : (n) [ME.] (موسیقی) تیرہ تارا : سرود : ستار : بربط : چنگ : قدیم اور وسطی زمانے کا باجا جو انگشت مضراب کے ذریعہ بجتا تھا ۔

Psalterium : (n) [L.] (تشریح ، حیوانیات) دماغ کی زیریں سطح کا حصہ جہاں ستار کے تاروں جیسے خطوط کے نشانات ہیں : (جگالی کرنے والے جانوروں کا) تیسرا معدہ : معدۂ سوم : ہزارلا ۔

Psaltery : (n) [ME. 'Sautre , Sautrie. '] دیکھو Psalterion

Psammite : (n) [f. Psamm- + - Ite.] (ارضیات) سنگ ریگی : ریتیلی چٹان ۔

Psammitic : (a) (ارضیات) ریگی : ریتیلی ۔

Psammo-/ Psamm- : (comb.) یونانی لفظ Psammos سے مشتق جزو ترکیبی بمعنی "بالو" "ریت" "ریگ" (جو سائنسی اصطلاحوں میں آتا ہے) ۔

Psammolithic : (a) (ارضیات) ریتیلی چٹانوں والا : مشتمل بر سنگ

ریگی : ریتیلے پتھروں پر مشتمل .

Psammophile : (a) (نباتیات) ریگ پسند (پودا) : ریت پر اگنے والا (پودا) .

Psammophilous : (a) (حیاتیات) ریگ باش : ریگستانوں میں ریتیلی زمین پر اگنے والا (پودا) : ریگ پسند : ریتیلی مٹی میں اگنے والا .

Psammophyte : (n) (نباتیات) ریگی پودا : ریگستانوں میں یا ریتیلی زمین پر اگنے والا پودا .

Psammous : (a) شن دار : ریتیلا : ریت آمیز .

Psammous urine : (n) ادرارشن دار : ریت آمیز پیشاب .

Psarolite : (n) (معدوم)سلیکا آمیز یا [f. Gr. 'Psaros + litos. '] متحجر فرن جو سرخ ریتیلے پتھروں میں پایا جاتا ہے : چتکبرا پتھر (اس کو تراشنے پر داغ داغ نظر آتا ہے).

Pschent : (n) [Gr. f. Egypt. p-Skhent. '] متاخرین فراعنۂ مصر کے سرکاتاج (جو متحد ہونے سے پہلے مصر کے دونوں حصوں کے فراعنہ پہنتے تھے اور اتحاد کے بعد دونوں تاجوں کو ملا کر ایک بنا لیا گیا).

Psechridae : (n) [mod. L. f. 'Psechrns' .] قدیم دنیا کے مکڑوں کا ایک خاندان .

Pselaphidae : (n) [mod. L. f. 'Pselaphus' .] چھوٹے بھونروں کا ایک خاندان .

Pselaphus : (n) [mod. L. f. Gr. 'Psalaphan'.] چھوٹے بھونروں کی ایک جنس .

Psephism : (n) [Gr. 'Psephisma' .] (عتیقیات یونان) ڈگری بذریعہ رائے عامہ : وہ ڈگری جو عامۃ الناس (خصوصاً اہل ایتھنز) کی رائے پر مبنی ہو .

Psephite : (n) [Fr. 'Psephite' .] (ارضیات) سنگریزہ .

Psephitic : (a) (ارضیات) سنگ ریزی .

Psephological : (a) [f. Psephology.] انتخابی یا رائے دہندگی کے رجحانات کے علمی مطالعے سے متعلق .

Psephologist : (n) انتخابات یا رائے دہندگی کے رجحانات میں علمی مہارت رکھنے والا .

Psephology : (n) [Gr. 'Psephos' + -Logy.] انتخابات کا سائنسی مطالعہ : انتخابات یا رائے دہندگی کے رجحانات کا مطالعہ .

Psetla : (n) [mod. L.] لمبی چپٹی مچھلیوں کی ایک جنس میں یورپی ٹربٹ (Turbot) بھی شامل ہے .

Pseud : (a) [abbrev. of Pseudo .] جعلی : مصنوعی : نقلی : بناوٹی : جھوٹا : ساختہ : ادعائی (خصوصاً دماغی معاملات یا ظاہر دیواروں کے متعلق) .

Pseud : (n) نقلی شخص : ادعائی یا جھوٹا شخص .

Pseud- : (comb.) جعلی : مصنوعی : نقلی : بناوٹی : جھوٹا : ساختہ : ادعائی .

Pseudaesthesia : (n) (مرضیات) جھوٹا یا ناقص احساس [mod. L.] (مثلاً جو کسی عضو بریدہ میں ہو) : خیالی حس : فریب حس .

Pseudandry : (n) کسی عورت کا مردانہ نام رکھنا (مثلاً فرضی یا قلمی نام) دیکھو Pseudgyny .

Pseudapogamy : (n) (نباتیات) کاذب انمل زو اجیت .

Pseudarthrosis : (n) مفصل کاذب :جھوٹا جوڑ (جو ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کے سروں پر نہ جڑنے کی حالت میں ریشہ دار نسیجوں کے ذریعہ بن جاتا ہے) : نیز ہڈیوں کا غلط یا خلاف معمول جوڑ.

Pseudatoll : (n) مرجان کاذب : مرجانی چٹانوں کا حلقہ نما یا جزیرہ نما جو اصل مرجانی چٹانوں پر مشتمل نہ ہو : حلقۂ مرجان کاذب : جزیرۂ مرجان کاذب .

Pseudaxis : (n) (نباتیات) پیوستہ ساق .

Pseudechic : (a) افیعانہ : آسٹریلیائی زہریلے سانپ کی جنس سے متعلق .

Psuedeuchis : (n) (حیوانیات) آسٹریلیائی زہریلے سانپوں کی ایک جنس : ایک قسم کا زہریلا سانپ : افعی : بھجنگ : کالا ناگ .

Pseudelephant : (n) (حیوانیات) ہاتھی سے مشابہ حیوان : فیل کاذب : فیل مانند حیوان (مثلاً Mastodon) .

Pseudembryo : (n) (حیوانیات) جنین کاذب : جھوٹا پہل روپ (ایک اصطلاح جس کا اطلاق بحری خارپشت ، ستارہ ماہی

اور اسپنجوں میں مختلف پہل روپی شکلوں میں ہوتا ہے) ۔

Pseudembryonic : (a) جنین کاذب کا یا اس سے متعلق : جھوٹے پہل روپ سے متعلق ۔

Pseudemys : (n) خوردنی کچھوا : کچھوؤں کی ایک جنس میں Sliders بھی شامل ہیں جنہیں جنوب مشرقی امریکا میں کھایا جاتا ہے ۔

Pseudepigraph : (n) جعلی تصنیف : وہ کتاب جس پر اصل مصنف کی بجائے کسی اور کا نام ہو : یہودیوں کی جعلی کتابوں میں سے کوئی ۔

Pseudepigrapha : (n) [Gr. 'Pseudepigraphos'.] جعلی تصنیفات : خصوصاً یہودیوں کی بعض غیر مستند تصنیفیں جو عہد عتیق کے انبیاء وغیرہ کی طرف منسوب کی جاتی ہیں۔

Pseudepigraphal / Pseudepigraphic/-al /Pseudepigraphous : (a) مصنوعی : جعلی : نقلی ۔

Pseudepigraphy : (n) کسی کی تصنیف کو اپنے نام سے شائع کر دینا : جھوٹا مصنف بننا : دوسرے کی کتاب پر اصل مصنف کی بجائے اپنا نام چھپوا دینا ۔

Pseudepiscopacy / Pseudepiscopy : (n) اسقفیت کاذب : کاذب حکومت اسقفی : جعلی اسقفوں کی حکومت ۔

Pseudimago : (n) (حیوانیات) زیرا ماگو : کاذب اتم روپ : نقلی پہل روپ : مصنوعی ابتدائی روپ ۔

Pseudo : (a) [The element Pseudo- as a Seprate word.] جعلی : مصنوعی : نقلی : بناوٹی : جھوٹا : ساختہ : ادعائی ۔

Pseudo - / Pseud- : (comb.) یونانی لفظ Pseudos سے مشتق جزو ترکیبی بمعنی : کاذب : جھوٹا : بے اصل : ادعائی : جھوٹ کا : بظاہر جعلی : نقلی : بناوٹی : مصنوعی : جعلی طور پر۔

Pseudo acid : (n) ناقص تیزاب : ترشۂ کاذب : تیزاب کاذب : ایک مرکب جسے حامل تیزاب تو نہیں سمجھا جاتا لیکن وہ ایک مساوی مرکب میں جو دراصل ایک تیزاب ہے تبدیل ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے ۔

Pseudo-carp : (n) (نباتیات) کاذب ثمر : جھوٹا پھل : جھٹپھل : میوہ نما ۔

Pseudo-carpous : (a) جھٹپھلا : جھوٹے پھل والا ۔

Pseudo-Catholic : (a) مصنوعی کیتھولک : مدعی کیتھولک : جسے غلط طور پر کیتھولک کہا جاتا ہے ۔

Pseudo-Catholic : (n) وہ شخص جو کیتھولک نہ ہو مگر کیتھولک کہا جاتا ہے ۔

Pseudo-Christ : (n) [ecc. L. 'Pseudochristus' .] مسیح کاذب : عیسیٰ یا مسیح ہونے کا غلط دعویٰ کرنے والا : مسیح الدّجّال : دجال ۔

Pseudo-Christian : (a) کاذب میسحی : جھوٹ موٹ کا عیسائی : مصنوعی یا نقلی طور پر عیسائی کہا جاتا ہو یا عیسائی نہ ہو مگر خود کو عیسائی ہونے کا دعویٰ کرے (نیز بطور اسم) ۔

Pseudo-classic : (a) جعلی یا مصنوعی کلاسک : جو غلطی سے کلاسک سمجھ لیا گیا ہو ۔

Pseudo-concept : (n) (نفسیات) تصور خام ۔

Pseudo-emotions : (n) کاذب جذبات ۔

Pseudo-Gothic : (a) کاذب یا مصنوعی گوتھی طرز کا ۔

Pseudo-martyr : (n) کاذب شہید : جعلی شہید ۔

Pseudo-patient : (n) (طب) مکری مریض : مکار مریض : نقلی مریض : کاذب مریض : بنا ہوا مریض : جھوٹ موٹ کا بیمار ۔

Pseudo-solution : (n) (کیمیا) لسوّنتی محلول : (نفسیات، تعلیمات) خام حل ۔

Pseudoangnia : (n) (طب) کاذب درد سینہ ۔

Pseudoaquatic : (a) (نباتیات) غلطابی (غلط+ آبی) : جو مرطوب یا گیلے مقامات پر اُگے مگر صحیح معنوں میں آبی نہ ہو ۔

Pseudoarchaic : (a) جعلی قدیم : قدیم نما : مصنوعی قدیم ۔

Pseudoarchaism : (n) کاذب قدامت پسندی : مصنوعی قدامت پسندی ۔

Pseudoarchaist : (n) جعلی قدیم چیز بنانے والا یا استعمال کرنے والا : مصنوعی قدیم الفاظ ایجاد کرنایا استعمال کرنے والا ۔

Pseudoarthrosis : (n) دیکھو Pseudarthrosis

Pseudobranch : (n) (حیوانیات) ناقص خیشوم : جھوٹا گلپھڑا : الحاق گلپھڑا جو عموماً جھوٹا اور Epithelium کے

نیچے چھپا ہوتا ہے۔

Pseudobranchus : (n) [mod. L.] جلتھلیوں کی ایک جنس جن کے موٹے اور بے مصرف گلپھڑے ہوتے ہیں اور پاؤں میں صرف تین انگوٹھے ہوتے ہیں ، جار جیا اور فلوریڈا میں اس کی واحد جنس پائی جاتی ہے جس کی لمبائی تقریباً ۱۸ انچ تک ہوتی ہے۔

Pseudobulb : (n) (نباتیات) کاذب پیازہ۔

Pseudoclonuss : (n) (طب) کاذب رجفہ ؛ کاذب تشنج۔

Pseudocoele : (n) (۱) (تشریح) بعض غیر فقری حیوان کا جسمانی جوف۔ (۲) (تشریح) دماغ کا پانچواں جوف۔

Pseudocostate : (a) (نباتیات) کاذب رگہ۔

Pseudocyesis : (n) (طب) حمل کاذب : جھوٹا حمل۔

Pseudodementia : (n) (طب) جنون کاذب ؛ حمقِ کاذب ؛ عتاہتِ کاذب۔

Pseudodipteral : (a) (مندر وغیرہ) جس میں دیوار سے یکساں فاصلوں پر بنے ستونوں کی ایک ہی قطار ہو۔

Pseudodipteron : (n) وہ عمارت جس میں دیوار سے یکساں فاصلوں پر بنے ستونوں کی ایک قطار ہو۔

Pseudodox : (n) [Gr. 'Pseudodoxos'.] خیال خام ؛ غلط رائے ؛ خام خیالی ؛ غلط رائی ؛ رائے کاذب (رکھنے والا) ؛ خام خیالی ؛ کجرائے ؛ کج رائی ؛ عقیدۂ کاذب (رکھنے والا)؛ عقیدۂ غلط۔

Pseudofilaria : (n) (حیوانیات) بعض Gregarinida کی نشو و نما کی وہ منزل جہاں وہ Filaria جنس کے Thread-worms کے مشابہ ہوتا ہے ؛ کاذب فلیریا۔

Pseudogalena : (n) (معدنیات) اساسی زنک سلفائیڈ جو سیاہ لیڈ سلفائیڈ یا گیلینا کے مشابہ ہوتا ہے ؛ نقلی گیلینا۔

Pseudogamy : (n) (نباتیات) کاذب زواجیت۔

Pseudograph : (n) جعلی تصنیف ؛ وہ تصنیف جو اصل مصنف کی بجائے کسی غلط شخص سے منسوب ہو۔

Pseudography : (n) غلط نویسی ؛ الفاظ کے غلط املا لکھنا ؛ چھپائی میں الفاظ غلط ہونا۔

Pseudogyny: (n) مرد کا زنانہ نام (مثلاً فرضی یا قلمی) ؛

دیکھو Pseudanry۔

Pseudohypertrophic : (a) ایک قسم کے فالج پر اطلاق ہوتا ہے جو عضلات کے امتداد کاذب سے پیدا ہوتا ہے ؛ (عضلات کے) امتداد کاذب سے پیدا شدہ (فالج)۔

Pseudohypertrophy : (n) (مرضیات) چربی یا ملحقہ نسیجوں کے بڑھ جانے سے کسی عضو کا بڑا ہو جانا (حالانکہ اصلاً وہ عضو لاغر یا سوکھا ہوا ہو) ؛ (عضو کا) امتداد کاذب۔

Pseudoism : (n) غلطی کی طرف رجحان ؛ غلط رجحان ؛ خطا گری۔

Pseudoisochromatic : (n) (روشنی) ناقص یکرنگا۔

Pseudolabial : (a) ہونٹ جیسا ؛ لب نما ؛ مثل لب ؛ ہونٹ نما زائدہ والا۔

Pseudolabium : (n) کاذب ہونٹ ؛ (خاص کر کسی خیطیہ کے جسم پر) لب نما ابھار یا زائدہ۔

Pseudolarix : (n) چینی درختوں کی ایک جنس۔

Pseudolatry : (n) کذب پرستی ؛ غلط چیزوں کی پرستش۔

Pseudoleukemia : (n) جھوٹا لیو کیمیا (لیو کیمیا وہ مرض ہے جس میں جسم کی نیسیجوں میں سفید یا بے رنگ خلیوں کی کثرت ہو جاتی ہے)۔

Pseudologer : (n) [f. 'Pseudology '.] (مزاحاً) ماہر کذب ؛ ماہر کاذب ؛ دروغ باف ؛ کذاب ؛ دروغ گو۔

Pseudologia : (n) [Gr.] (۱) دروغ گوئی؛ دروغ بیانی۔ (۲) دیکھو Pseudology۔

Pseudologia fantastica : (n) (طب) خبط دروغ گوئی۔

Pseudological : (a) کاذبانہ ؛ دروغ نافانہ ؛ دروغ گوئی سے متعلق ؛ دروغ گویانہ۔

Pseudologist : (n) کذب پیشہ ؛ دروغ کیش ؛ فن دروغ گوئی کا ماہر ؛ جھوٹے بیانات دینے والا ؛ (باقاعدہ) جھوٹ بولنے والا۔

Pseudologue : (n) مریض دروغ گوئی۔

Pseudology : (n) دروغ گوئی ؛ دروغ بیانی ؛ جھوٹے بیانات دینا ؛ کذب؛ دروغ بافی ؛ فن دروغ گوئی ؛ کذبیات۔

Pseudomania : (n) جنون دروغ گوئی ؛ خبط دروغ گوئی۔

Pseudomembrane : (n) (حیوانیات) غشاءِ کاذب ؛ جھوٹی جھلی ۔

Pseudomemory : (n) (نفسیات) غلط حافظہ ۔

Pseudometallic : (a) (چمک یا آب و تاب) جو دیکھنے میں فلزاتی معلوم ہو مگر فلزاتی نوعیت کی نہ ہو ۔

Pseudomenesia : (n) (طب) مرض غلط حافظہ ۔

Pseudomorph : (n) (۱) غلط شکل ؛ جھوٹی یا مصنوعی شکل ؛ شکل کاذب ؛ صورت حرام ؛ کاذب نما شکل یا شے ۔ (۲)(خصوصاً معدنیات) بلور وغیرہ جس میں ایک معدنی چیز کی شکل و صورت کسی اور معدنی چیز سے مشابہ ہو ؛ دِگر شکل ۔

Pseudomorphic : (a) حامل شکل کاذب ؛ کاذب نما ؛ جھوٹی یا غلط شکل والا ؛ متعلق بہ صورت حرام ؛ صورت حرام کا ؛ کاذب نما یا نہ ؛ دگر شکل (معدنیات) ۔

Pseudomorphism : (n) (معدنیات) دگر شکلی ؛ غلط اشکال کی تشکیل یا وقوع یا حالت ؛ کاذب صورتی ؛ کاذب نمائی ۔

Pseudomorphose : (v) قلب ہیئت کرنا ؛ دگر شکل کرنا ؛ شکل بدل دینا ۔

Pseudomorphoses : (n) Pseudomorphosis کی جمع ۔

Pseudomorphosis/ Pseudomorphoses : (n) (حیاتیات) دگر شکلیت؛ قلب ہیئت ؛ کاذب صورتی ۔

Pseudomorphous : (a) غلط شکل والی (چیز) ؛ حامل شکل کاذب ؛ جھوٹی شکل والا ۔

Pseudomyopia : (n) (نفسیات) کاذب قریب نظری ۔

Pseudomyrmex : (n) چیونٹیوں کی ایک جنس جو امریکا کے گرم خطوں میں پائی جاتی ہے ۔

Pseudonym : (n) [Gr. 'Pseudonymon' .] فرضی نام ؛ تخلص ؛قلمی نام ؛ وہ نام جو کوئی مصنف اختیار کر لے ۔

Pseudonymity : (n) فرضی نام اختیار کرنا ؛فرضی نام سے معروف ہونے کی عادت ۔

Pseudonymous : (a) (۱) فرضی نام کا (مضمون یا تحریر) ؛ مفروض الاسم ۔ (۲) فرضی یا مصنوعی نام کا(مصنف) ؛ دوسرے کے نام سے تصنیف کی ہوئی ؛ جعلی ۔

Pseudonymously : (adv.) فرضی نام کے ساتھ ؛ جعلی طور پر ؛ مفروض الاسم طور پر ۔

Pseudoparalysis : (n) (طب) عضلات کی ظاہری کمزوری یا ناطاقتی؛ فالج کاذب ؛ جھوٹا فالج ۔

Pseudoperipteral : (a) [f. next.] یونانی معبد یا دیگر عمارتوں کے ایک قدیم طرز سے متعلق جس میں عمارت کے سامنے بے چھت ستونوں سے پورٹیکو بنا ہوتا ہے ۔

Pseudoperipteron / Pseudoperipteros : (n) [late Gr. 'Pseudoperipteros' .] یونانی معبد یا دیگر عمارتوں کا ایک قدیم طرز تعمیر جس میں عمارت کے سامنے آزاد یا بے چھت ستونوں سے پورٹیکو بنا ہوتا ہے ۔

Pseudopod : (a) (حیوانیات) کاذب پا ؛ (نباتیات) جھوٹے ڈنٹھل والی (کائی) ۔

Pseudopodia : (n) Pseudopodium کی جمع ۔

Pseudopodial : (a) [f. next.] دیکھو Pseudopod

Pseudopodium / Pseudopodia : (n) [mod. L.] (حیاتیات) کاذب زائیدہ ؛کاذب پا ؛ پائے کاذب ؛ (نباتیات) جھوٹا ڈنٹھل ؛ غُصنِک کاذب ۔

Pseudopregnancy : (n) حمل کاذب ؛ جھوٹا حمل ۔

Pseudopregnant : (a) جھوٹے حمل والی ۔

Pseudoprophet : (n) کذاب ؛ نبیٔ کاذب ؛ رسول کاذب ؛ نقلی نبی ؛ مصنوعی پیغمبر ؛ جھوٹا اوتار ۔

Pseudoproposition : (n) (۱) شاعرانہ بیان یا اظہار خصوصاً وہ جو کسی نظم میں پیش کیا گیا ہو اور جس کی تجرباتی توثیق ممکن نہ ہو ؛ بیان کاذب ؛ (جو بظاہر ایک بیان ہو مگر حقیقت سے اس کا کوئی تعلق نہ ہو) ؛ خام بیانیہ ۔ (۲) وہ جملہ جو قواعد یا صرف و نحو کی رو سے توصحیح ہو لیکن حقیقت کی رو سے بے معنی ہو (مثلاً The true is more identical than the beautiful).

Pseudopsia : (n) غلط بینی ؛ خطا بینی ؛ اشتباہ بصری ؛ فریب نظر ۔

Pseudopsychology : (n) نفسیات کاذب ؛ نفسیات خام ۔

Pseudoptics : (n) مطالعۂ خطا بینی ؛ التباسیات ۔

Pseudorabies : (n) مویشیوں کی ایک مہلک متعدی بیماری (جس میں

جلدی سوزش و خارش کے ساتھ ورم نخاع اور فالج کی علامتیں ہوتی ہیں اور جس سے عموماً دونوں کے اندر ہی وہ جانور ہلاک ہو جاتا ہے) ۔

Pseudoreduction : (n) (حیاتیات) ابتدائی تخفیف ۔

Pseudoscience : (n) نقلی سائنس ؛ نظریات ، مفروضات اور طریقوں کا وہ نظام جسے غلطی سے سائنس تصور کیا جاتا ہے ۔

Pseudoscientific : (a) نقلی سائنسی ؛ غلط سائنسی نظریات پر مبنی ۔

Pseudoscientist : (n) نقلی سائنس داں ؛ غلط سائنسی نظریات و مفروضات پر عمل کرنے والا ۔

Pseudoscope : (n) (بصریات) مقلوب بیں ؛ معکوس بیں ؛ معکوس نما ؛ ایک آلہ جس کے آئینوں میں مقعر محدب اور محدب مقعر نظر آتا ہے ۔

Pseudoscopic : (a) معکوس بیں یا مقلوب بیں سے متعلق ؛ متعلق بہ معکوس نما ۔

Pseudoscopy : (n) مقلوب بینی ؛ معکوس بینی ۔

Pseudosperm : (n) کاذب تخم ۔

Pseudosphere : (n) کرۂ کاذب ؛ مقلوب کرہ ؛ کرۂ مقلوب ؛ منفی انحنا والی سطح (جس طرح کرہ میں مثبت انحنا ہوتی ہے)؛ غیر اقلیدسی جیومیٹری کا کرہ ۔

Pseudospherical : (a) کرۂ کاذب کا یا اس سے متعلق ؛ مقلوب کروی ۔

Pseudostatement : (n) دیکھو Pseudoproposition

Pseudostoma : (n) (۱) (تشریح) دہن کاذب ؛ فم کاذب ۔ (۲) بعض حشرات کے پہلے روپوں کا عارضی منہ ۔ (۳) دہن اسفنج ۔

Pseudostome : (n) (حیوانیات) دہن اسفنج ؛ اسفنج کا دہن کاذب ۔

Pseudosuccinea : (n) صاف پانیوں میں رہنے والے گھونگوں کی ایک جنس ۔

Pseudosyllogism : (n) قیاس کاذب ؛ کاذب قیاس منطقی ؛ وہ خطا جس میں نتیجہ قضیوں کے تابع نہیں ہوتا ؛ خطائے منطقی ۔

Pseudosymmetry : (n) (بلور) ظاہری تشاکل ۔

Pseudotsuga : (n) [mod. L. f. 'Pseudo- + 'Tsuga' .] امریکی و ایشیائی سدا بہار درختوں کی ایک جنس جن کی شاخیں حلقہ دار ، پتیاں لمبی چپٹی اور پھول دو جنسی (نر مادی) ہوتے ہیں ۔

Pseudotuberculosis : (n) کاذب دق ؛ دق یا ٹی بی کے مماثل ایک مرض ؛ جھوٹی ٹی بی ۔

Pseudovary : (n) (حیوانیات) بعض ناقص الخلقت مادہ حشرات کا غدۂ تولید یا بیضہ دان (جن کا سلسلۂ تولید و تناسل خود زا طور پر یعنی نر و مادہ کے ملے بغیر انجام پا جاتا ہے)۔

Pseudovolcano : (n) کاذب آتش فشاں ؛ وہ آتش فشانی دہانہ جو لاوا نہ خارج کرتا ہو ۔

Pseudovum : (n) (حیوانیات) کاذب بیضہ ؛ وہ انڈا جو بار آوری کے بغیر نشو و نما کی صلاحیت رکھتا ہو ؛ بیضۂ خودزا ؛ خود زا حشرات کا بیضہ ۔

Pshaw : (n) [A natural expression of rejection.] (کلمۂ تحقیر و بیزاری) چھی ؛ چھی چھی ؛ تھو ۔

Pshaw : (v) چھی چھی کرنا ؛ تھو تھو کرنا ؛ اظہار حقارت کرنا ۔

Psi : (n) یونانی حروف تہجی کا تیئیسواں حرف ؛ سائی ؛ مافوق النفسیاتی عوامل یا خواص بحیثیت مجموعی ۔

Psidium : (n) [Origin unkn .] (نفسیات) جنس امرود ؛ امریکا کے گرم خطے والے درختوں کی ایک جنس ۔

Psidium Guava : (n) (نباتیات) امرود ۔

Psil- : (comb.) جزو ترکیبی بمعنی ننگا ؛ عریاں ۔

Psilanthropic : (a) [f. next.] متعلق بہ عقیدۂ انسانیت مسیح ۔

Psilanthropism : (n) [f. eccl Gr. 'Psilanthropos'.] یہ عقیدہ کہ حضرت عیسیٰ مسیح محض ایک انسان تھے ؛عقیدۂ انسانیت مسیح ۔

Psilanthropist : (n) انسانیت مسیح کا معتقد ؛ عقیدۂ انسانیت مسیح کا قائل ۔

Psilanthropy : (n) دیکھو Psilanthropism

Psilo- /Psil- : (comb.) [f. Gr. 'Psilos'.] جزو ترکیبی بمعنی ننگا ؛ عریاں ؛ بے حجاب ؛ بے نقاب ؛ محض ؛ صرف ؛ تنہا ؛ برہنہ ؛ چکنا ؛ ہموار ۔

Psilocybin : (n) [f. 'Psilocybe' + -In.] (کیمیا) ایک نشہ آور دوا جو Psilocybe جنس کے میکسیکی سما روغ سے نکلتی ہے اور LSD جیسا (مگر شدت و موت میں اس سے کمتر) اثر رکھتی ہے۔

Psilomelane : (n) [f. Psilo- + Gr. 'melan' .] (معدنیات) خام مینگنیز جو سیاہ چکنے اور متشکل تودوں میں پائی جاتی ہے۔

Psilopaedic : (a) (طیوریات) (پرندہ) جو ننگا یا بغیر روئیں کا انڈے سے نکلا ہو۔

Psilophytales : (n) [mod. L. f. 'Psilophyton' .] (نباتیات) قدیم ارضی پودے۔

Psilophyton : (n) [mod. L.] (نباتیات) (۱) فوسلی کرفیہ : متحجر کرفیہ۔ (۲) میدانی پودا۔

Psilosis : (n) [Gr. 'Psilosis ' .] (۱) ازالۂ شعر : بال گرنے کا مرض : گنج : بال جھڑ۔ (۲) (یونانی صرف و نحو) غیر مسموع حرف کا تلفظ نہ کر سکنا : غیر مسموع حرف کو مسموع حرف میں بدل دینا۔ (۳) (طب) سنگرہنی : اسہال مزمن۔

Psilosopher : (n) سطحی فلسفی۔

Psilosophy : (n) سطحی فلسفہ۔

Psittaceous : (a) [f. L. 'Psittacus' .] (طیوریات) توتے کے خاندان (Psittacidae) کا یا اس سے متعلق۔

Psittaci : (n) Psittacus کی جمع۔

Psittacid : (a) توتے کے خاندان کا (پرندہ)۔

Psittacine : (a) [L. 'Psittacinus' .] توتوں کا : (مجازاً) توتے جیسا : طوطی صفت : طوطی وش۔

Psittacine : (n) [as prec.] توتا : طوطی : توتے کے خاندان کا کوئی پرندہ۔

Psittacism : (n) (طب) توتا وار رٹ : توتے کی طرح بے سوچے سمجھے بولے جانا۔

Psittacosis : (n) [mod. L.] (طب) توتا روگ : پرندوں (خصوصاً طوطوں) کی ایک متعدی بیماری جس میں ڈائریا اور نقاہت ہوتی ہے اور جب انسان کو لگتی ہے تو تنفسی نمونیا (سانس یا ضیق النفس) پیدا کرتی ہے۔

Psittacus : (n) [mod. L.] توتے کی ایک جنس : (افریقہ کا) خاکی توتا۔

Psoas : (n) [prop. pl. of 'psoa' .] (تشریح) عضلۂ خصریہ : عضلۂ خصری : عضلۂ کمر : کولہے کا عضلہ۔

Psoas magnus : (n) خصریۂ کبیر۔

Psoas minor/ -parvus : (n) خصریۂ صغیر۔

Psora : (n) [L. -Gr. 'Psora' .] کھجلی : خارش : جرب۔

Psoriasis : (n) [mod. L. Gr. 'Psoriasis' .] سرخ بادہ : قوبا : چنبل (ایک قسم کا جلدی مرض جس میں جسم پر سرخ چکتے پڑ جاتے ہیں جن پر پپڑی جم جاتی ہے)۔

Psoric : (a) [L. 'Psoricus' .] کھجلی کا : کھجلی سے متعلق : خارشی۔

Psoric : (n) کھجلی کی دوا : علاج خارش : خارش کی دوا۔

Psorophthalmia : (n) [mod. L. Psora + Opthalmia.] (مرضیات) خارش و سوزش چشم : پپڑی دار سوزش چشم۔

Psorosperm : (n) [f. Gr. 'Psora + 'sperma' .] طفیلی حوین اولیہ جو مویشیوں (اور کبھی کبھی آدمی) کی بلغمی جھلّی، عضلات اور جگر میں پایا جاتا ہے۔

Psych- : (comb.) دیکھو Psycho-

Psychagogic : (a) [f. next.] ذہن یا روح پر اثر انداز ہونے والا : ذہن یا روح کی رہنمائی کرنے والا : مردے کی روح کو جگانے یا حاضر کرنے والا (شاذ)۔

Psychagogue : (n) [f. Gr. 'psyche + agogos' .] (۱) رہنمائے ذہن (شاذ)۔ (۲) روحوں کو حاضر کرنے والا : ساحر : جادوگر : حاضرات کرانے والا : (نفسیات) رہبر ارواح : (طب) ہوش آور : (دینیات) ہمزاد۔

Psychal : (a) [f. Psyche + -Al .] (شاذ) روح کا یا اس سے متعلق : روحانی : نفسی : ذہنی : دماغی۔

Psychalgia : (n) (طب) درد دماغ : درد سر : ذہنی اذیت : ذہنی تکلیف : ذہنی کوفت۔

Psychanalysis : (n) Psychoanalysis کا متبادل۔

Psychasthenia : (n) [mod. L.] ضعف دماغ۔

Psychasthenic : (a) ضعف دماغ سے متعلق ؛ ضعف دماغ میں مبتلا ۔

Psychasthenic : (n) ضعف دماغ کا مریض ۔

Psyche : (n) [L. -Gr. + 'Psychc' .] (۱) روح ؛ نفس ؛ ذہن ؛ دماغ ؛ سائیکی (جسے یونانی دیومالا میں تجسیماً جوان حسینہ کی شکل میں دیوتا ئے عشق ایروس (Eros) یا کیوپڈ کی معشوقہ کی حیثیت سے پیش کیاجاتا ہے، اس کے بازو تتلی کے پروں جیسے دوام اور ہمیشگی کی علامت سمجھے جاتے ہیں) ؛ تیتری دیوی ۔ (۲) تتلی؛ تیتری ؛ (حشریات) دن میں اڑنے والے پروانے کی ایک جنس ؛ زور پروانہ ؛ زور پرواز ؛ روح تتری ۔ (۳) (علم النجوم) سائیک ؛ سائیکی (سیارۂ صغیر) ۔ (۴) (جدید فرانسیسی) بڑا جھولتا آئینہ (جو ڈنڈوں میں آویزاں ہو اور ہل جل سکے)۔

Psyche : (a) سائیکی کی طرح ؛ سائیکی جیسا ؛ مثل سائیکی ؛ تیتری دیوی جیسا ۔

Psychedelia : (n) [f. next.] آگہی آور ؛ آگاہی میں اضافہ کرنے والی (بعض دوائیں) یا ان کے اثرات ۔

Psychedelic : (n) [f. Gr. Psyche + -'delos' .] آگہی آور دوا یا کوئی چیز ۔

Psychedelic : (n) آگہی آور دوا ۔

Psychiater : (n) [f. 'Gr. Psyche + 'iater + 'iatros'.] معالج امراض دماغی ؛ دماغ کا ڈاکٹر ؛ دماغی امراض کا طبیب ؛ معالج دماغ ۔

Psychiatric / -al : (a) دماغی معالجے کا ؛ متعلق بہ معالجۂ دماغی ۔

Psychiatrics : (n) معالجۂ دماغی کے اصول و طریقے ؛ طب دماغی ۔

Psychiatrist : (n) معالجۂ دماغی کا محقق یا پروفیسر ؛ معالج دماغ ؛ دماغی امراض اور ان کے علاج کا ماہر ۔

Psychiatry : (n) [f. Gr. Psyche + 'iatreia' .] طب دماغی ؛ امراض دماغی کا معالجہ ؛ دماغ کا طبی معالجہ ؛ دماغی علاج ۔

Psychic : (a) [Gr. 'Psychikos'.] (۱) ذہنی ؛ دماغی ؛ (مرضیات) جو ذہنی اثر کے باعث ہو ؛ جو ذہنی یا روحانی اثرات کو قبول کر سکے ؛ (نفسیات) معمول ؛ (وہ شخص) جو روحانی قوت سے جلد متاثر ہو جاتا ہے ؛ (نفسیات) نفسی ؛ دماغی ؛ روحی ؛ (دینیات) روحانی ۔ (۲) ادنیٰ روح (جو حیوان میں ہے) کا ؛ اس سے متعلق یا متصف ۔ (۳) روحانی کرشموں سے متعلق ۔

Psychic : (n) معمول ؛ وہ شخص جسے روحانی یا دماغی اثرات کے تابع کر لیا گیا ہو ؛ واسطہ ؛ ذریعہ ۔

Psychic blindness : (n) کور دماغی ؛ جو ذہنی اثر کے باعث ہو ۔

Psychic determinism : (n) (نفسیات) نفسی جبریت ۔

Psychic element : (n) نفسی عنصر ۔

Psychic force : (n) روحانی قوت ؛ روحی قوت ؛ مفروضہ روحانی قوت ؛ طاقت یا اثر جسے بعض روحی مظاہر کا سبب تصور کیا جاتا ہے ۔

Psychical : (a) (۱) ذہنی ؛ دماغی ؛ جوذہنی اثر کے باعث ہو ؛ نفسی ؛ (روحیات) روحی ؛ (دینیات) روحانی ؛ متعلق بہ روح ۔ (۲) انسان کی فطری یا حیوانی (بخلاف روحانی) زندگی کا یا اس سے متعلق ؛ نفسانی ۔ (۳) روحانی کرشموں کا یا ان سے متعلق ؛ فوق الطبع ۔

Psychical blindness : (n) کور دماغی؛ کور مغزی ؛ کور مغز ہونا؛ آنکھ یا کان سے حاصل شدہ ارتسامات کو سمجھنے یا ان کی تعبیر کرنے میں دماغ کا نا اہل ثابت ہونا ؛ دماغی کوری ؛ نفسیاتی کوری ؛ کور نفسی ۔

Psychical communism : (n) (نفسیات) دماغی مشابہت ؛ دماغی اشتراک ۔

Psychical deafness : (n) دیکھو Psychical Blindness ؛ نفسیاتی بہرا پن ۔

Psychical disposition : (n) (نفسیات) نفسی میلان ۔

Psychical research : (n) (روحیات) تحقیقات مظاہر روح ؛ روح کے کرشموں کی تمثیق و تفتیش ؛ مابعد النفسیات ؛ نفسی تحقیق ؛ نفسیاتی تحقیقات ؛ روحیاتی تحقیق ۔

Psychical state : (n) (نفسیات) نفسی حالت ۔

Psychically : (adv.) ذہناً ؛ ذہنی طور پر ؛ دماغی طور پر ؛ نفسانی طور پر ؛ روحانی طور پر ؛ نفسی طور پر ۔

Psychicism : (n) نفسی یا روحانی مظاہر کا نظریہ یا ان کا مطالعہ ؛ (روحیات) روحیت ؛ عقیدۂ وجود روح ۔

Psychicist : (n) روحانیت کا محقق ؛ نفسی یا روحانی مظاہر کا مطالعہ کرنے والا ؛ مظاہر روح کی تحقیقات میں دلچسپی رکھنے والا ؛ معتقد روح ؛ روحانی قوت کا قائل ۔

Psychics : (n) (۱) ذہنی یا دماغی مظاہر کا علم : علم النفس : نفسیات ۔ (۲) تحقیقات روح : روحیات ۔

Psychism : (n) (حیاتیات) روحیت حیات : روحیت : روحی مظاہر سے متعلق یہ عقیدہ یا نظریہ کہ ایسی قوتوں کا وجود بھی ہے جن کی تعبیر و تشریح علم طبعی کے ذریعہ ممکن نہیں؛ نیز دیکھو Animism ۔

Psychist : (n) ماہر نفسیات : نفسیات داں : ماہر علم النفس : (نیز) نفسیات یا روحیات کا محقق ۔

Psycho-/Psych- : (comb.) یونانی لفظ Psyche سے مشتق سابقہ بمعنی : روح : نفس : ذہن : دماغ : ذہنی : نفسی : دماغی : روحی : روحانی ۔

Psycho-analyse : (v) تحلیل نفسی کرنا : تحلیل نفسی کے قاعدے سے ذہن (انسانی) کا تجزیہ کرنا : نفسیاتی تجزیہ کرنا ۔

Psycho-analysis : (n) تحلیل نفسی : نفسی تجزیہ : نفسیاتی تحلیل و تجزیہ ۔

Psycho-analyst : (n) ماہر تحلیل نفسی : تحلیل نفسی داں : تحلیل نفسی کرنے والا : نفسیاتی تحلیل کار : نفسیاتی تجزیہ کار ۔

Psycho-analystic/-al : (a) تحلیل نفسی سے متعلق : نفسیاتی تجزیے یا تحلیل سے متعلق ۔

Psycho-biochemistry : (n) حیاتیاتی کیمیا جس سے علم النفس اور معالجۂ دماغ میں کام لیا جاتا ہے ۔

Psycho-biology : (n) نفسی حیاتیات ۔

Psycho-therapeutic : (a) ذہنی ، دماغی یا نفسی امراض کے علاج کا یا اس سے متعلق : نوم توجہی (تنویمی) علاج کا یا اس سے متعلق ۔

Psycho-therapeutic : (n) عموماً جمع مستعمل ہے : دیکھو Psycho-therapeutics ۔

Psycho-therapeutics : (n) نفسی یا دماغی مرض کے علاج یا موضوع ۔

Psycho-therapy : (n) نفسیاتی علاج : علاج بذریعہ نوم توجہ : نوم توجہی علاج : تنویمی علاج : دماغی یا جذباتی اختلال کا نفسیاتی علاج ۔

Psychocatharsis : (n) نفسی تنقیہ ۔

Psychocultural : (a) نفسی و ثقافتی :نفسی و تہذیبی : کسی طبقے کی خصوصیات یا کسی فرد کی شخصیت میں نفسیاتی اور تہذیبی یا ثقافتی عوامل کے تفاعل سے متعلق ۔

Psychoculturally : (adv.) نفسی و ثقافتی طور پر : نفسی و تہذیبی طور پر ۔

Psychodelic : (a) Psychedelic کے معنوں میں کبھی کبھی استعمال ہوتا ہے ۔

Psychodiagnosis : (n) وہ تشخیص جو نفسی تشخیصیات کے اصول اور تکنیک کے مطابق کی گئی ہو : نفسیاتی تشخیص ۔

Psychodiagnostic : (a) نفسی تشخیصیات : نفسی تشخیصیات کا یا اس سے متعلق : جس میں نفسی تشخیصیات سے کام لیا گیا ہو اور اس کا دخل ہو ۔

Psychodiagnostics : (n) معالجاتی نفسیات کی تکنیک سے دماغی خلل کی تشخیص کا علم یا پیشہ : علم تشخیص نفسی : نفسیاتی تشخیص : نفسی تشخیصیات : نفسیاتی تشخیصیات ۔

Psychodrama : (n) نفسیاتی ڈرامہ ۔

Psychodynamic : (a) متعلق بہ قوائے نفس : نفس قوائی : ذہنی قوتوں یا افعال سے متعلق ۔

Psychodynamics : (n) (۱) علم قوائے نفس : علم قوائے نفسی : نفسی قوائیات ۔ (۲) لاشعوری محرکات ۔

Psychodynamism : (n) نفسی قوائیت ۔

Psychogalvanic : (a) (نفسیاتی) نفسی برقی ۔

Psychogalvanic reflex : (n) نفسی برقی اضطراریہ ۔

Psychogalvanometer : (n) نفسی برقی اضطراریہ کو بتانے والا آلہ ۔

Psychogenesis : (n) ابتدائے روح : ابتدائے نفس : ارتقائے نفس : تولید نفس : نفس زائی ۔

Psychogenetical : (a) متعلق بہ ابتدائے روح ۔

Psychogenic : (a) (طب) نفس زاد : ذہن یا دماغ میں پیدا ہونے والا : ذہنی یا جذباتی تصادم سے پیدا ہونے والا ۔

Psychogenical : (a) دیکھو Psychogenetical

Psychogeny : (n) (نفسیات) ارتقائے نفس : ابتداء و ارتقائے نفس :

(روحیات) ارتقائے روح : ابتداء و ارتقائے روح ۔

Psychognosis / Psychognosies : (n) حسب ترتیب Psychognosis اور Psychognosy کی جمع صورتیں ۔

Psychognosis : (n) نفسی شناسی : مطالعۂ نفس ۔

Psychognostic : (a) نفس شناسی سے متعلق : مطالعۂ نفس کا یا اس سے متعلق ۔

Psychognosy : (n) دیکھو Psychognosis

Psychogram : (n) تحریر روح : تحریر ارواحی (تحریر یا پیغام جس کی نسبت یہ خیال کیا جائے کہ کسی روح سے یا روحانی ذریعہ سے حاصل ہوا ہو) ۔

Psychograph : (n) (۱) نفس نگار : نفسیاتی سوانح : نقشۂ صفات نفسی ۔ (۲) (روحیات) روح نگار : روحانی خبر قلم بند کرنے کا آلہ ۔

Psychography : (n) (۱) (روحیات) روح نگاری ۔ (۲) (نفسیات) نفس نگاری : نفسی سوانح : تاریخ نفسیات : ذہن یا روح کی تاریخ ۔

Psychoid : (n) نفسیہ : (نفسیات) روح انسان : روح : (حیوانیات) روح نما : شکل ساز ۔

Psychokinesia : (n) ناقص رکاوٹ یا مزاحمت سے پیدا شدہ جنون کا شدید دورہ ۔

Psychokinesis : (n) محض ذہنی عمل سے پیدا شدہ حرکت : پیدائش حرکت جو محض ذہنی عمل کا نتیجہ ہو : ذہنی حرکت : روحی حرکت : حرکت : عمل روح : نفسی حرکت ۔

Psychokinetic : (a) نفسی حرکت یا نفسی حرکیات سے متعلق۔

Psychokinetics : (n) نفسی حرکیات : وہ علم جو نفسی حرکت سے بحث کرتا ہے ۔

Psycholepsy : (n) جمود ذہن : ذہنی جمود : (خصوصاً مسرت و انبساط کے بعد ضعیف الدماغ افراد میں) نومیدی اور ذہنی بے حرکتی یا جمود کا دورہ ۔

Psycholeptic : (a) ذہنی جمود سے متعلق ۔

Psycholinguistic : (a) (۱) لسانی کردار کے (نفسیاتی) مطالعے سے متعلق ۔ (۲) زبان کے نفسیاتی پہلوؤں سے متعلق ۔

Psycholinguistics : (n) لسانی کردار کا (نفسیاتی) مطالعہ : نفسی لسانیات ۔

Psychologic : (a) نفسیاتی : علم النفس کا : علم النفس سے متعلق ۔

Psychological : (a) نفسیاتی : نفسی : دماغی : ذہنی : نفسیات سے متعلق یا اس سے بحث کرنے والا : علم النفس جیسا ۔

Psychological dualism : (n) نفسیاتی ثنویت ۔

Psychological egoism : (n) نفسیاتی انائیت ۔

Psychological hedonism : (n) نفسیاتی لذتیت ۔

Psychological moment : (n) نفسیاتی لمحہ : عین وقت : تنت : مناسب وقت : عین لمحہ : (اکثر بے قاعدہ) نازک لمحہ ۔

Psychological naturalism : (n) نفسیاتی فطرتیت ۔

Psychological value theory : (n) نفسیاتی نظریۂ قدر ۔

Psychological weaning : (n) نفسیاتی ترک انحصار ۔

Psychologically : (adv.) نفسیاتی طور پر : نفسیات کی رو سے : ازروئے علم النفس : (بے قاعدہ طور پر) : ذہناً : (مزاحاً) عین وقت پر : تنت پر : نازک موقع پر ۔

Psychologism : (n) (۱) (فلسفہ) تصوریت (بخلاف محسوسیت) : تصوری فلسفہ ۔ (۲) (نفسیات) نفسیاتیت ۔

Psychologist : (n) نفسیات داں : ماہر نفسیات : عالم نفسیات : نفسی : روحانیات داں ۔

Psychologist's fallacy : (n) مغالطۂ نفسیات داں : مغالطۂ اہل نفسیات ۔

Psychologize : (v) (۱) نفسیات کا مطالعہ کرنا : نفسیات سے بحث کرنا : نفسیات کی رو سے دلائل پیش کرنا ۔ (۲) نفسیاتی طور پر بیان کرنا : نفسیات کی رو سے تجزیہ یا تحلیل کرنا ۔ (۳) نفسیات کے زیر اثر لانا : نفسیاتی اثر ڈالنا (کسی پر) ۔

Psychologue : (n) [Fr.] دیکھو Psychologist

Psychology : (n) [mod. L. 'psychologia' .] نفسیات : علم النفس : روحیات : نفس انسانی : ذہن انسانی یا روح انسانی کا علم : رسالۂ نفسیات یا روحیات : نظام نفسیات ۔

Abnormal psychology : غیر طبعی نفسیات ۔

Adult psychology : نفسیات بالغ ۔

Analytic psychology : تحلیلی نفسیات؛ تجزیاتی نفسیات ۔

Analytical psychology : تحلیلیاتی نفسیات ۔

Animal psychology : حیوانی نفسیات ۔

Applied psychology : اطلاق نفسیات ؛ عملی نفسیات ۔

Behaviour psychology : کرداری نفسیات ۔

Behaviouristic psychology : کرداریتی نفسیات ۔

Child psychology : نفسیات طفلی ؛ نفسیات طفل ۔

Clinical psychology : علاجی نفسیات ۔

Comparative psychology : تقابلی نفسیات ۔

Criminal psychology : نفسیات جرم ۔

Depth psychology : نفسیات عمق ۔

Developmental psychology : نفسیات نمو ۔

Differential psychology : تفرّقی نفسیات ۔

Educational psychology : تعلیمی نفسیات ۔

Evolutional psychology : ارتقائی نفسیات ۔

Faculty psychology : شعبی نفسیات ۔

Folk psychology : لوک نفسیات ۔

Functional psychology : وظائفی نفسیات ؛ تفاعلی نفسیات ۔

Genetic psychology : تولیدی نفسیات ؛ تناسلی نفسیات ۔

Gestalt psychology : گسٹالٹ نفسیات ۔

Group psychology : گروپ نفسیات ۔

Hormic psychology : متعدی نفسیات؛ ہارمک نفسیات ۔

Individual psychology : انفرادی نفسیات ۔

Industrial psychology : صنعتی نفسیات ۔

Introspective psychology : نفسیات مشاہدۂ باطن ؛ تاملی نفسیات ؛ معائنۂ باطن ۔

Legal psychology : قانونی نفسیات ۔

Mathematical psychology : ریاضیاتی نفسیات ۔

New psychology : جدید نفسیات ؛ نفسیات جدید ۔

Objective psychology : معروضی نفسیات ۔

Philosophical psychology : فلسفیانہ نفسیات ۔

Physiological psychology : عضویاتی نفسیات ۔

Rational psychology : عقلی نفسیات ۔

Social psychology : سماجی نفسیات ؛ اجتماعی نفسیات ۔

Structural psychology : ساختی نفسیات ۔

Subjective psychology : موضوعی نفسیات۔

Vocational psychology : نفسیات پیشہ ۔

Psychomachy : (n) تصادم روح ؛ روح کا تصادم (مثلاً جسم کے ساتھ)؛ روحانی تصادم (خیر و شر کے مابین) ۔

Psychomancy : (n) (روحیات) روحی تفاعل ؛ احضار ارواح ؛ حاضرات؛ ارواح کا باہمی مخفی تعلق یا ان کی مخفی خبر رسانی ؛ ارواح کے ذریعہ پیش گوئی ۔

Psychometer : (n) نفس پیما ؛ ذہن پیما ۔

Psychometric/-al : (a) خواص یابی کا یا اس سے متعلق ؛ نفس پیمائی کا یا اس سے متعلق ۔

Psychometric function : (n) ذہن پیمائی ضابطہ ؛ ضابطۂ ذہن پیمائی۔

Psychometrically : (adv.) ازروئے نفس پیمائی ؛ علم الارواح یا علم معمولان کی رو سے ؛ ذہن پیمائی کی رو سے ۔

Psychometrics : (n) شماریات نفس ؛ پیمائشی نفسیات ؛ علاجی یا عملی نفسیات کی وہ شاخ جو ذہن پیمائی یا نفس پیمائی کے اطلاق و اشتعمال سے بحث کرتی ہے ؛ ذہن پیمائی کی تکنیک ۔

Psychometrist : (n) (ذہانت یا شخصیت سے متعلق) معروضی نفسیاتی آزمائشوں میں مہارت رکھنے والا ؛ نفس پیمائی سے متعلق آزمائشوں سے کام لینے والا نفسیات داں ؛ ماہر نفس پیمائی ۔

Psychometry : (n) (۱) نفس پیمائی ؛ ذہن پیمائی ؛ دماغ پیمائی ؛ نفسیاتی پیمائش ؛ ذہنی حالات یا افعال کی مدت اور شدت کی پیمائش ۔ (۲) مادی تعلقات کے ذریعہ کسی شخص یا شے کی خواص یا صفات کا دریافت کرنا ؛ خواص یابی ؛ (روحیات) ارواحی علم ؛ علم معمولان ۔

Psychomotor : (a) محرك قوائے نفسانی ؛ نفسی حرکی ؛ ذہنی یا نفسی عمل کے ذریعہ حرکت پیدا کرنے والا ۔

Psychon : (n) نفسی ذرہ ۔

Psychoneurosis : (n) نفسی اختلال عصبی ؛ نفسی خلل اعصاب ؛ ایك دماغی مرض ، جس میں جذبات اور قوت ضبط و قابو میں توازن باقی نہیں رہتا ۔

Psychoneurotic : (a) نفسی اختلال عصبی میں مبتلا ۔

Psychoneurotic : (n) نفسی اختلال عصبی کا مریض ۔

Psychonomics : (n) ماحولی نفسیات ؛ ذہنی نفسیات ۔

Psychonomy : (n) (۱) دیکھو Psychonomics ۔ (۲) نفسی عملیات ۔

Psychonosology : (n) دماغی مرضیات ۔

Psychopannychism : (n) [as next.] عقیدۂ خواب روح ؛ خواب روح بعد موت ؛ موت کے بعد قیامت تك روح کے سوئے رہنے کا عقیدہ ۔

Psychopannychist : (n) [f. next.] خواب روح کا معتقد ؛ خوابیدگیٔ روح کا معتقد ۔

Psychopannychy : (n) [mod. L. 'psychopannychia'.] خواب روح ؛ (بعضوں کے مطابق) وہ حالت جس میں روز وفات اور روز حساب کے درمیان روح سوئی رہتی ہے ؛ روز وفات سے قیامت تك روح کے خوابیدہ رہنے کی حالت ؛ خوابیدگیٔ روح ۔

Psychopath : (n) دماغی مریض ؛ نفسی مریض ؛ خلل دماغ کامریض ؛ دیوانہ ؛ نیز Paychopathist ۔

Psychopathic : (a) (۱) متعلق بہ امراض دماغی ؛ متعلق بہ مرض نفسی ۔ (۲) دماغی مریض ؛ اختلال دماغ کے مرض میں مبتلا ۔

Psychopathist : (n) نفسی طبیب ؛ ماہر امراض دماغی ؛ دماغی امراض کا طبیب ۔

Psychopathology : (n) علم امراض دماغی ؛ نفسی مرضیات ؛ مرضیات نفسی ۔

Psychopathy : (n) (۱) دماغی عارضہ ؛ نفسی عارضہ ؛ دیوانگی ؛ پاگل پن ؛ مرض نفسی ۔ (۲) علاج بذریعہ تنویم ؛ نفسیاتی علاج ؛ نفسی یا دماغی اثر کے ذریعہ مرض کا علاج ؛ تنویمی طریقۂ علاج ۔

Psychophysic : (n) عموماً جمع میں مستعمل ہے ؛ دیکھو Psychophysics

Psychophysic / -al : (a) نفسی طبیعی ؛ نفسی طبیعاتی ؛ جو نفسیات اور طبیعیات دونوں سے متعلق ہو ۔

Psychophysical disposition : (n) نفسی طبیعی میلان ۔

Psychophysical parallelism : (n) نفسی طبیعی متوازیت ۔

Psychophysical problem : (n) نفسی طبیعی مسئلہ ۔

Psychophysicist : (n) نفسی طبیعیات داں ؛ ماہر نفسیات طبیعی ؛ ماہر طبیعیات نفسی ۔

Psychophysics : (n) نفسی طبیعیات ؛ طبیعیات نفسی ؛ نفسیات طبیعی ؛ علم تعلق جسم و نفس ؛ دماغ اور جسم کے عام تعلقات کا علم ؛ (خصوصاً) احساسات پیدا ہونے میں جسمانی محرکات اور نفسی یا دماغی فعل کے مابین تعلقات کی تفتیش و تحقیق ۔

Psychophysiological : (a) نفسی عضویاتی ۔

Psychophysiologist : (n) نفسی عضویات داں ؛ ماہر عضویات نفسی ؛ ماہر نفسی عضویات ۔

Psychophysiology : (n) نفسی عضویات ۔

Psychoplasm : (n) نفس مایہ ؛ بنائے شعور جسے نخزمایہ (پروٹوپلازم) مماثل یا اسی قبیل کا ایك مادہ تصور کیا جاتا ہے ۔

Psychopomp : (n) [Gr. 'psychopampos'.] (روحیات) رہبر ارواح ؛ ارواح جو ۔

Psychorrhagy : (n) کسی کی روح کو عارضی طور پر اس کے جسم سے الگ کر کے دکھانا ؛ مظاہرۂ روح ۔

Psychosensory : (a) (عضویات) ادراکی حسّی۔

Psychoses : (n) Psychosis کی جمع۔

Psychosexual : (a) نفسی جنسی ؛ نفسی جنسیاتی۔

Psychosexual harmaphroditism : (n) نفسی جنسی نر مادگی۔

Psychosis / Psychoses : (n) [late Gr. 'Psychosis'.] (۱)(مرضیات)
نفسی مرض ؛ دماغی عارضہ ؛ جنون ؛ دماغی معمول
خلافی ؛ دماغی خلل۔ (۲) (نفسیات) نفسیت؛ دماغی
حالت ؛ نفسی حرکت یا فعالیت (بخلاف عصبی)۔

Fear psychosis : نفسیت خوف ؛ نفسی عارضۂ خوف۔

Toxic psychosis : تسمیمی جنون۔

Psychosocial : (n) نفسی سماجی ؛ نفسی معاشرتی۔

Psychosomatic : (a) ان مظاہر (خصوصاً امراض) کا یا ان سے متعلق
جو عضویاتی یا جسمانی دونوں نوعیت کے حامل ہوں؛
نفسی عضویاتی امراض کا یا ان سے متعلق ؛ نفسی جسمی؛
نفسی جسمانی۔

Psychosomaticist : (n) ماہر نفسی جسمیات ؛ نفسی جسمیات داں۔

Psychosomatics : (n) نفسی جسمیات ؛ نفسی عضویات ؛ طب کی وہ
شاخ جو ان امراض اور ان کے علاج سے بحث کرتی
ہے جو نفسی اور جسمانی دونوں ہوتے ہیں ؛ نفسی
جسمی دوا۔

Psychostasy : (n) [Gr. 'Psychostasia'.] وزنِ ارواح (قدیم دیومالائی
تصور کہ جنگ میں جس حریف کی روح کم وزن یا
سبک ہوتی ہے وہی ماری جاتی ہے)۔

Psychosurgery : (n) دماغی جراحی ؛ جراحیِ دماغ۔

Psychotechnic / -al : (a) عملی نفسیاتی۔

Psychotechnics/ Psychotechnology : (n) عملی نفسیات ؛ نفسی
ٹیکنولوجی ؛ (خاص کر کارخانوں میں) عملی مسائل
کے حل کے لئے نفسیاتی طریق و نتائج کا استعمال یا
اطلاق۔

Psychotheism : (n) الوہیت ؛ یہ عقیدہ کہ ذات خداوندی روح خالص یا
روح محض ہے۔

Psychotic : (a) (۱) مجنون ؛ نفسی مریض (نیز بطور اسم) ؛ جنون یا
دماغی خلل سے پیدا شدہ ؛ جنونی نوعیت کا ؛ جنونی۔
(۲) نفسیتی۔

Psychozoic : (a) عہد انسانی کا ؛ اس ارضیاتی عہد کا جب تخلیق آدم
ہوئی یا جب زمین پر انسان آیا۔

Psychrometer : (n) برودت پیما ؛ برودت پیوست پیما ؛ (تر خشک
گولی کا) رطوبت پیما۔

Psychrometric/ -al : (a) برودت پیمائی سے متعلق ؛آلۂ برودت پیما سے
متعلق۔

Psychrometry : (n) برودت پیمائی ؛ ہوا کی برودت پیوست پیمائی ؛
رطوبت پیمائی۔

Psychrophyte : (n) (نباتیات) برودی پودا ؛ سردزمینی پودا۔

Ptarmic : (a) عَطسی ؛ چھینک آور۔

Ptarmic : (n) چھینک آور دوا یا کوئی چیز ؛ ناس۔

Ptarmigan : (n) [Gael. 'Tarmachan' unkn. origin.] قطاۃ ؛ بہت
تتر (جس کے پر گرمی میں سیاہ و سبز ہوتے ہیں اور
سردی میں سفید) نیز اس کی امریکی ، ایشیائی اور
یورپی قسمیں۔

Ptelea : (n) [Gr. 'Ptelea '.] شمالی امریکی جھاڑیوں یا چھوٹے
درختوں کی ایک جنس جس کے پھول سبزی مائل ،گچھے
دار اور چھوٹے ہوتے ہیں۔

Ptenoglossa : (n) [mod. L.] بعض قشریے یا معدہ پایوں کی ایک قسم
جن کا وسطی دانت نہیں ہوتا یا نہایت چھوٹا ہوتا
ہے لیکن بغلی دانت مضبوط ، لمبے اور نکیلے ہوتے ہیں۔

Ptenoglossate : (a) [Gr. 'ptenos' + 'glossa' + 'glossa' + -ate.]
(بعض قشریے) جن کے وسطی دانت نہیں ہوتے یا نہایت
چھوٹے ہوتے ہیں لیکن بغلی دانت خاصے مضبوط،لمبے
اور نکیلے ہوتے ہیں۔

Pter- : (comb.) یونانی لفظ Pteron سے مشتق سابقہ بمعنی "پر"
"بال" "جناح"۔

Pterichthys : (n) [mod. L.] (معدوم) Devonian عہد کی
مچھلیوں کی ایک متحجر جنس جن کے بغلوں میں پروں
کی شکل کے دوزائدے ہوتے تھے۔

Pterid- /Pterido- : (comb.) یونانی لفظ Pteris سے مشتق جزو ترکیبی
بمعنی "فرن" "سرخس" "کرف"۔

Pteridium : (n) [mod. L.] (نباتیات) سرخس نرکی کی ایک جنس : غوزہ : نگیں ۔

Pteridography : (n) سرخس نامہ : کرف نگاری : فرنوں کا بیان : کرفیات ۔

Pteridological : (a) متعلق بہ سر خسیات : سر خسیاتی : متعلق علم فرن سرخسیاتی ۔

Pteridologist : (n) سرخسیات داں : ماہر کرفیات : ماہر سرخسیات : ماہر علم فرن : فرنون کا علم رکھنے والا ۔

Pteridology : (n) نباتیات کی وہ شاخ جو فرنوں سے بحث کرتی ہے : فرن کا علم : سرخسیات : کرفیات : سرخس شناسی ۔

Pteridomania : (n) (طب) خبط کرف : کرف مانیا ۔

Pteridophilist : (n) (نباتیات) کرف پسند ۔

Pteridophyte : (n) (نباتیات) کرفی پودا : کرفیہ ۔

Pteridosperm : (n) (نباتیات) تخمی کرف : تخم دار کرف ۔

Pterin : (n) [f. 'pter- + -in'.] (کیمیا) ٹیرن (ایک کیمیائی مرکب جس میں Pteridine ring system ہوتا ہے) ۔

Pterion : (n) [mod. L.] (تشریح) پرینہ : ٹیریان ۔

-pteris : (suffix) [Gr.] لاحقہ بمعنی "فرن" "کرف" "سرخس" ۔

Ptero- : (comb.) دیکھو Pter

Pterodactyl : (n) [mod. L. 'pterodactylus' .] (معدوم) پردار سوسمار : ایک رینگنے والا پردار حیوان جو اب معدوم ہے ۔

Pteroglossal : (a) دندانہ نما زبان والا : پر کی طرح سے کٹی کٹی زبان والا ۔

Pterographer : (n) ٹیرو گرافر : ماہر ٹیرو گرافی : پر نگار : پروں کا علم رکھنے والا ۔

Pterographic : (a) تر وغرافی : ٹیروغرافی : ٹیروغرافیہ سے متعلق : پر نگاری سے متعلق : پروں کے بیان سے متعلق ۔

Pterography : (n) تروغرافیہ : ٹیروغرافیہ : پرنگاری : پر شناسی : پر نامہ : جناح نگاری : پروں کا بیان : پروں کا علم : وہ علم جس میں پروں کا بیان ہو ۔

Pterology : (n) (حیوانیات) جنا حیات : پروں کا علم : پر شناسی ۔

Pteropaedes : (n) [mod. L.] (حیوانیات) پیدائشی پرداران ۔

Pteropagum : (n) [mod. L.] پر خانہ : جناح گیر : کیڑے کے پر کا جوف (جس میں پروں کو سمیٹ لیا جاتا ہے) ۔

Pteropi : (n) Pteropus کی جمع ۔

Pteropid / Pteropine : (a) بڑباگل کی جنس کا : بڑ باگل کی خصوصیت رکھنے والا : میوہ خور چمگاڈر کی جنس کا : بادُر کی جنس کا ۔

Pteropod : (n) (حیوانیات) پرپایہ : Pteropoda قسم کا قشریہ ۔

Pteropod ooze : (n) گارِ پر پایاں ۔

Pteropoda : (n) قشریوں کی وہ قسم جن کے پاؤں کے وسطی حصے میں پروں جیسے زوائد یا پھیلاؤ ہوتے ہیں جن کے سہارے وہ تیرتے ہیں : پر پایاں ۔

Pteropodium : (n) [mod. L.] پرپا : بعض قشریوں کے پاؤں کے وسطی حصے کا پر نما پھیلاؤ جس کے سہارے وہ تیرتے ہیں ۔

Pteropus /Pteropi : (n) [mod. L.] (حیوانیات) بڑ باگل : بادُر : میوہ خور چمگاڈر ۔

Pterosaur : (n) [mod. L. 'Pterosaurus' .] (معدوم) پردار سوسمار : ایک قسم کی پردار گوہ جو اب معدوم ہے (اس کے اگلے پنجوں کی پانچویں انگلی لمبی ہوتی تھی جس سے اڑنے والی جھلی جڑی ہوتی تھی) ۔

Pterosaurian : (a) پردار سوسمار جیسا : پردار سوسمار کے خاندان کا ۔

Pterosaurian : (n) پردار سوسمار ۔

Pterotic : (a) [f. Gr. 'pteron' + -otic.] (تشریح) بعض فقری حیوانات میں ہڈی کے بازو نما پھیلاؤ پر اطلاق ہوتا ہے ۔

Pterotic : (n) بازو نما پھیلاؤ یا ایسے پھیلاؤ والی ہڈی ۔

Pteryg- : (comb.) یونانی لفظ Ptergy سے مشتق جزو ترکیبی بمعنی "بازو" "پنکھ" "پر" "جناح" ۔

Pterygium : (n) [L- Gr. 'Ptarygion' .] (۱) (مرضیات) ظفرہ : ناخنک : ناخونہ ۔ (۲) (نباتیات) پنکھڑیوں پر اطلاق ہوتا ہے جب وہ بازو نما ہو جاتی ہیں : بازو نما پنکھڑی ۔

Pterygo- /Pteryg- : (comb.) دیکھو Pteryg

Pterygo-maxillary : (a) [L. 'maxilla'.] بازو نما ابھار اور جبڑے کی بڑی ہڈی کا ، اس سے متعلق یا اس سے جڑا ہوا ؛ جنیحی فکی ۔

Pterygo-palatal/ -palatine : (a) بازو نما ابھار اور تالو کی ہڈی کا یا اس سے متعلق ۔

Pterygoblast : (n) [Gr. 'blastos'.] (مچھلی کا) جنینی بازو ؛ وہ بازو یا پر جو نشو و نما کی ابتدائی حالت میں ہو ۔

Pterygoid : (a) پر نما ؛ بازو نما ؛ پنکھ جیسا ؛ جناح شکل ؛ جناح نما ۔

Pterygoid : (n) عظم جناحی ؛ بازو نما ہڈی ؛ جنیحی ؛ عضلۂ جناحی ؛ بازو نما عضلات میں سے کوئی ۔

Pterygoid bone : (n) عظم جناحی ؛ بازو نما ہڈی ؛ جنیحی ۔

Pterygoid process : (n) بازو نما ابھار ؛ بازو نما جوڑ ؛ زائدہ عظم وتدی ؛ جنیحی ۔

Pterygopodium : (n) (مچھلی کا) شارک وغیرہ کے پنجوں میں سے کوئی ایک (جن سے وہ مادہ کو دباتے ہیں)؛ بائے بازو نما ؛ پنجہ پر نما ۔

Pterygostome : (n) کیکڑے اور دوسرے قشریوں میں اوپری خول یا کھپرے کے اگلے کناروں کے درمیان کی جگہ ؛ منہ ؛ دہن قشریہ ۔

Pterygota : (n) (نباتیات) پردار حشرات ؛ پنکھی ؛ کیڑوں کی ایک قسم جو اولاً پردار ہوتے ہیں مگر بعد میں بے پر ہو جاتے ہیں ۔

Pteryla / Pterylae : (n) [mod. L.] (طیورات) پریلا ؛ پر حاشیہ ؛ پروں کے مختلف گچھے یا مقامات (جو پرندوں کے جسم پر ہوتے ہیں اور جو Apteria یعنی بے پر مقامات سے جدا ہو جاتے ہیں) ۔

Pterylography : (n) پرندوں کے پروں کی ترتیب یا حاشیہ بندی کا بیان یا اس موضوع پر کوئی کتابچہ یا رسالہ ۔

Pterylology : (n) پرندوں کے پروں کی ترتیب و تہذیب یا حاشیہ بندی سے متعلق علم یا اس کا مطالعہ ۔

Pterylosis : (n) پر حاشیہ بندی ؛ (پرندوں کے جسم پر) پروں کی ترتیب ۔

Ptil- / Ptilo- : (comb.) یونانی لفظ Ptilon سے مشتق جزو ترکیبی بمعنی "ملائم پر" "نرم بال و پر" "چھوٹا پر" ۔

Ptilocerque : (n) [Gr. 'Kerkos'.] Ptilocercus جنس کا بڑا چھچھوندر جس کی دم لمبی ہوتی ہے اور اس کے سرے پر بال ہوتے ہیں ۔

Ptilopaedic : (a) [Gr. 'pais, paid-'.] (پرندے) جو پورے جسم پر نرم روئیں لئے ہوئے انڈوں سے نکلتے ہیں ۔

Ptilopod : (a) پاموز ؛ (پرند) جس کے پاؤں میں بھی پر ہوں ۔

Ptilosis : (n) (۱) بال و پر (بحیثیت مجموعی) ۔ (۲) بالجھڑ ؛ بالوں کا گرنا ؛ (خصوصاً) پلکوں کے بال گرنا ۔

Ptilota : (n) جنس اشنہ ؛ سمندری سرخ کائی کی ایک جنس جس کے پتے پروں جیسے اور چھٹے ہوتے ہیں ۔

Ptisan : (n) [Fr. 'Tisane'.] آش جو ؛ ماء الشعیر ؛ جو شاندہ ؛ جوش دے کر نکالا ہوا وہ عرق جو تغذیہ سے پر ہو اور بطور دوا استعمال کیا جائے ۔

Ptochogony : (n) [f. Gr. 'ptochos+ gonia'.] بھکاریوں کو جنم دینا ؛ بھکاری پیدا کرنا ۔

Ptolemaean : (n) [f. L. 'Ptolemaeus'.] بطلیموسی ؛ دوسری صدی عیسوی میں الاسکندریہ کے رہنے والے مشہور منجم یا نجومی بطلیموس کا یا اس سے متعلق ۔

Ptolemaean : (n) بطلیموسی نظریے کا قائل ؛ حامئ نظام بطلیموسی ۔

Ptolemaic : (a) [f. Gr. 'Ptolemaios'.] (۱) بطلیموسی ؛ متعلق بطلیموسی (اسکندریہ کا زبردست ہیئت داں جو دوسری صدی عیسوی میں گذرا ہے) ۔ (۲) خاندان بطلیموس کے ارکان یا ان سے متعلق (جنہوں نے اسکندریہ اعظم کی وفات سے لے کر قلوپطرہ کے زمانے تک مصر پر حکومت کی تھی) ۔

Ptolemaic : (n) بطلیموسی نظریے کا قائل ؛ حامئ نظام بطلیموسی ۔

Ptolemaic hypothesis : (n) بطلیموسی فرضیہ ۔

Ptolemaic system / -theory : (n) (علم النجوم) نظام بطلیموسی؛ نظریۂ بطلیموس ؛ علم نجوم سے متعلق بطلیموس کا ایجاد کردہ یا مرتب کردہ نظریہ یا نظام جس میں زمین کے گرد سورج ، چاند اور سیاروں کی باہم مربوط گردشوں کی تفصیل ہے اور جس میں زمین کو ساکن تصور کیا گیا تھا ؛ بطلیموس کا نظام ہیئت ۔

Ptolemaist : (n) نظریۂ بطلیموس کا قائل ؛ نظام بطلیموس کا حامی ۔

Ptolemy : (n) (تاریخ) بطلیموس (اسکندریہ کا مشہور ہیئت داں جو دوسری صدی عیسوی میں گذرا ھے) ۔

Ptomaine : (n) [It. 'Ptomaina' .] (کیمیا) تومین ؛ مادۂ عفونت جو جانوروں اور نباتات کے سڑنے سے پیدا ہوتا ھے اور جس میں بعض نہایت زہریلا ہوتا ھے ؛ عفونتی زہر ؛ ٹومین ۔

Ptomaine poisning : (n) عفونتی زہر ؛ عفونتی تسمم ۔

Ptosis : (n) [Gr. 'ptosis' .] استرخائے جفن بالا ؛ اوپر کے پپوٹے کا استرخا ؛ آنکھ کی بالائی پلک کو اٹھانے والے عضلات کی مفلوجیت کے باعث اس کا گر جانا ؛ استرخا ؛ سقوط جفن ۔

Ptyalagogue : (n) ['Ptyal+-agogue' .] لعاب دہن کی ریزش تیز کرنے والی دوا یا کوئی چیز ؛ (طب) سیلاب دہن ربا ۔

Ptyalin : (n) [Gr. 'Ptyalon' .] (عضویاتی کیمیا) ٹائلین ؛ لعابین ۔

Ptyalism : (n) [Gr. 'Ptyalismos' .] (طب) لعابیت ؛ سیلاب دہن ؛ سیلاب دہن کا تیز افراز یا بہاؤ ؛ رال بہنا ؛ زیادہ رال آنا ۔

Ptyxis/ Ptyxes : (n) (نفسیات) لف برگ ؛ ترتیب ورق ۔

Pub : (n) (۱) (روزمرہ) لفظ Public کا مخفف ۔ (۲) سرائے ؛ بھٹیار خانہ وغیرہ جہاں قیام و طعام کے ساتھ شراب بھی مہیا کی جاتی ہو ۔

Pubble : (a) [origin unkn.] موٹا ؛ فربہ ؛ گداز جسم ۔

Puberal : (a) [med. L. 'Puberalis' .] بلوغی ؛ سن بلوغ کا ؛ سن بلوغ پر ۔

Pubertal : (a) بلوغتی ؛ بلوغت کا یا اس سے متعلق ؛ سن بلوغ کا یا اس سے متعلق ؛ بلوغی ۔

Pubertas praecox : (n) [L.] (طب) زود رس بلوغ ۔

Puberty : (n) [L. 'Pubertas' .] بلوغ ؛ بلوغت ؛ سن بلوغ ؛ عمر بلوغ ؛ سیان پن ؛ جوانی ؛ آغاز بلوغ ؛ بالغیت ؛ بچے پیدا کرنے کا اہل ہونے کی حالت ۔

Age of puberty : سن بلوغ ؛ عمر بلوغ (ازروئے قانون انگلستان نکور کے لئے ۱۴ سال ، اناث کے لئے ۱۲ سال) ۔

Puberulent : (a) [f. L. puber+ -Ulent.] مودار ؛ روئیں دار ؛ روئیں سے ڈھکا ہوا ؛ بالغ ؛ جوان ۔

Puberulous : (a) دیکھو Puberulent

Pubes : (n) [L. 'Pubes, -is'.] (۱) موئے زیر ناف ؛ شرمگاہ کے بال ؛ پیڑو کے بال ؛ موئے زہار ؛ جھانٹ ؛ موئے عانہ ۔ (۲) زیر ناف ؛ زہار ؛ پیڑو ؛ عانہ ؛ پیٹ سے نیچے کا وہ حصہ جو سن بلوغ کو پہنچنے پر بالوں سے ڈھک جاتا ھے ۔ (۳) (حیوانیات ، نباتیات) روئیں (جو بعض حیوانات خصوصاً کیڑوں کے جسم کے بعض حصوں پر یا بعض پودوں کے پتوں یا ڈنٹھلوں پر ہوتے ہیں) ۔

Pubescence : (n) [med. L. 'Pubescentia' .] (۱) بلوغت ؛ بالغیت ؛ سن بلوغ کو پہنچنا ؛ بلوغ ۔ (۲) (نباتیات ، حیوانیات) رواں ؛ روئیں (جو بعض حیوانیات خصوصاً کیڑوں کے جسم کے بعض حصوں پر یا بعض پودوں یا ڈنٹھلوں پر ہوتے ہیں) ۔ (۳) روئیں داری ۔

Pubescent : (a) [L. 'Pubescens' .] (۱) سن بلوغ کے قریب یا سن بلوغ کو پہنچا ہوا ؛ بالغ ؛ جوان ؛ جس کا آغاز بلوغ ہو ۔ (۲) (نباتیات ، حیوانیات) روئیں دار ؛ نرم ننھے بالوں سے ڈھکا ہوا ۔

Pubescent : (n) سن بلوغ کو پہنچا ہوا یا پہنچتا ہوا جوان ؛ نوجوان ؛ نو بالغ شخص ۔

Pubic : (a) [f. Pubes +-ic.] عانی ؛ پیڑو کا یا اس سے متعلق ؛ زہاری ؛ شرمگاہی ۔

Pubic arch : (n) قوس استخوان شرم گاہ ۔

Pubic bone : (n) عظم عانہ ؛ پیڑو کی ہڈی ؛ استخوان شرمگاہ ۔

Pubic region : (n) پیڑو ؛ عانہ ۔

Pubic symphysis : (n) ارتفاق عانہ ؛ شکم سے نیچے شرمگاہ کی دو ہڈیوں کا باہم اتصال محکم ۔

Pubiotomy : (n) عانہ تراشی ؛ پیڑو کی ہڈی کو کاٹنا (وضع حمل میں آسانی کے لئے) ۔

Pubis : (n) [Short for L. 'Os pubis' .] (۱) عانہ ؛ عظم عانہ ؛ پیڑو کی ہڈی ؛ استخوان ؛ شرمگاہ ۔ (۲) (غلط طور پر) زیر ناف ؛ زہار ؛ پیڑو ؛ عانہ ۔

Os pubic : عظم عانہ ؛ پیڑو کی ہڈی ؛ استخوان شرمگاہ ۔

Public : (a) [L. 'Publicus' .] (۱) عام ؛متعلق به خلق اللّٰه ؛ عامة الناس یا جمہوریہ کا ؛ عامہ ؛جمہوری ۔ (۲)اعلانیہ ؛ عوامی ؛ ظاہر و باہر ؛ (کتاب وغیرہ) شائع ؛ مطبوعہ ۔ (۲) عامةالناس یا خلق اللّٰہ کے متعلق ؛ خلق اللّٰہ خدمت میں مصروف ۔ (۴) بین الاقوامی ؛ عالمی ۔ (۵) سرکاری ۔ (۶)جو سب کے لئے سب کی طرف سے ہو ۔ (۷)عوام دوست ؛ خلق دوست ؛ جو عوام یا عامةالناس کے فلاح و بہبود کا خواہاں اور اس کے لئے کوشاں ہو ؛ محب وطن؛ وطن دوست ۔

A public man : قومی خادم ؛ قومی کارکن۔

He gave it public utterance : اس نے اعلانیہ اس کا اظہار کیا ۔

He made a public protest : اس نے اعلانیہ احتجاج کیا ۔

Made public : (کتاب وغیرہ) شائع ؛ مطبوعہ ؛ جو عوام تک پہنچ سکتی ہو ۔

Notary public : ناظر رجسٹری ۔

Public : (n) (۱) عامةالناس ؛ جمہور ؛ عوام ۔ (۲) (کسی علاقے یا قوم کے) عام لوگ ۔ (۳)(روزمرہ) Public house کا مخفف (نیز توصیفاً) ۔

In public : علی الاعلان ؛ بالاعلان ؛ اعلانیہ ؛ کھلم کھلا ؛ بر سر عام ۔

Public act : (n) (پارلیمنٹ) پبلک ایکٹ ؛ قانون عام ؛ عوامی قانون ؛ قانون عامہ ؛ قانون متعلق عامةالناس ۔

Public address system : (n) خطاب عام کا طریقہ (مائک ، لاؤڈ اسپیکر وغیرہ کے ذریعہ) ۔

Public affairs : (n) امور سرکاری ؛ سرکاری امور ؛ سرکاری معاملات۔

Public analyst : (n) (کیمیا) سرکاری تجزیہ کار۔

Public assembly : (n) جماعت عامہ ۔

Public assistance : (n) سرکاری مدد (جو ضرورت مندوں ،بوڑھوں ، بچوں ، اندھوں اور معذور لوگوں کو امریکا کی جاگیر دارانہ سوشل سیکوریٹی ایکٹ کی تحت دی جاتی تھی)۔

Public attitude theory : (n) نظریہ رویۂ عوام ۔

Public authorities : (n) سرکاری حکام۔

Public audience : (n) دربار عام ۔

Public bank : (n) سرکاری بینک ۔

Public baths : (n) عام غسل خانے (جو سب کے لئے ہوں)۔

Public bill : (n) پبلک بل ؛ مسودۂ عام ؛ مسودہ عامہ ؛ مسودہ متعلق عامة الناس ۔

Public conscience : (n) ضمیر عامہ ؛ عوام کا ضمیر ۔

Publiv debt : (n) سرکاری قرضہ ۔

Public education : (n) تعلیم عامہ ۔

Public examination : (n) امتحان جامعہ ؛ یونیورسٹی کا امتحان ۔

Public finance : (n) مالیات ۔

Public garden : (n) باغ عامہ ۔

Public good : (n) فلاح عامہ ؛ فلاح عام ؛ قومی فلاح و بہبود ۔

Public goods : (n) اشیائے عامہ ۔

Public health : (n) صحت عامہ ۔

Public highway : (n) شارع عام ؛ شاہراہ ؛ جادۂ عمودی ۔

Public house : (n) دارالاقامہ ؛ سرائے (جہاں طعام و قیام کے علاوہ شراب بھی ملتی ہو) ؛ شراب خانہ ؛ میخانہ ؛ کارواں سرا ؛ مہمان خانہ ۔

Public housing : (n) کم کرائے کے مکانات جو سرکار کے زیر انتظام ہوتے ہیں ۔

Public interest : (n) رفاہ عام ؛ مفاد عامہ ۔

Public land : (n) سرکاری زمین ؛ وہ زمین جو سرکار کی ملکیت ہو۔

Public law : (n) قانون عامہ ؛ قانون عام ؛ بین الاقوامی قانون ۔

Public lecture : (n) خطبہ عام ؛ خطاب عام ؛ پبلک لیکچر ۔

Public lecturer : (n) (۱) یونیورسٹی کا لیکچرر ؛ جامعہ کا لیکچرر ۔ (۲) دیکھو Public orator ۔

Public library : (n) عام کتب خانہ (جس سے سب لوگ استفادہ کر

سکیں) ۔

Public life : (n) قومی زندگی (وہ زندگی جو خدمت خلق میں صرف ہو) ۔

Public meeting : (n) جلسۂ عام : عوامی جلسہ : اجتماع عام ۔

Public notary : (n) ناظر رجسٹری ۔

Public nuisance : (n) تکلیف عامہ : (قانون) امر باعث تکلیف عامہ ۔

Public offence : (n) جرم بخلاف عامۃ الناس ۔

Public office : (n) وہ عمارت جس میں مختلف سرکاری محکموں کے دفاتر ہوں : سرکاری دفتر : سرکاری آفس ۔

Public officer : (n) سرکاری افسر ۔

Public opinion : (n) رائے عامہ ۔

Public orator : (n) (جامعات) یونیورسٹی کا لیکچرار : جامعہ کا لیکچرار : خطاب عام کرنے والا : خطبۂ عام دینے والا : عوام کے سامنے تقریر کرنے والا ۔

Public ownership : (n) سرکاری ملکیت : عمومی ملکیت : عوامی ملکیت ۔

Public park : (n) عام پارک : عوامی پارک (جہاں ہر شخص جا سکتا ہو) ۔

Public peace : (n) امن عامہ ۔

Public prints : (n) اخبارات و رسائل : مجلات و روزنامہ : نشریات ۔

Public prosecution : (n) سرکاری مقدمہ : فوجداری مقدمہ : سرکاری استغاثہ ۔

Public prosecutor : (n) سرکاری وکیل : پیرو کار سرکاری : سرکاری پیرو کار ۔

Public reader : (n) دیکھو Public orator

Public record : (n) سرکاری ریکارڈ : سرکاری افسر کا تیار کردہ ریکارڈ : سرکاری دفتر کا وہ ریکارڈ جسے سب لوگ ملاحظہ کر سکتے ہوں ۔

Public-relations : (n) رابطۂ عامہ : تعلقات عامہ : کسی تنظیم کے ساتھ عوام کے بہتر تعلقات کا قیام : تعلقات عامہ کا علم و فن : تعلقات عامہ کا عملہ ۔

Public-relations officer : (n) افسر تعلقات عامہ : افسر رابطۂ عامہ ۔

Public rights : (n) حقوق عامہ : عوامی حقوق ۔

Public road : (n) شارع عامہ : عام سڑک ۔

Public safety : (n) تحفظ عامہ : حفظ عامہ ۔

Public sale : (n) نیلام : سرکاری نیلام ۔

Public school : (n) (۱) پبلک اسکول : وہ مدرسہ جو پبلک کے انتظام میں ہو : خصوصاً اعلیٰ مدارس میں سے ایک جن میں عموماً مقیم طلبا لئے جاتے ہیں اور ان کو مناجات یا کسی پیشے کی تعلیم کے لئے تیار کیا جاتا ہے : یہ مدارس ذاتی یا خانگی مفاد کی خاطر قائم نہیں ہوتے ان کے انتظام میں سینیر طلبا مدد کرتے ہیں ، یہ مدارس Private اور Preparatory مدارس سے مختلف و ممیز ہوتے ہیں ۔ (۲) اسکاتستان ، بر طانوی نو آبادیات اور امریکا میں سرکاری اسکول جو سرکاری حکام کے زیر انتظام ہوتا ہے اور تعلیم عامہ (جو عموماً مفت دی جاتی ہے) کے نظام کا ایک حصہ ہوتا ہے ۔

Public security : (n) حفظ عامہ : تحفظ عامہ ۔

Public speaker : (n) خطیب عام : مقرر فصیح العان : خطاب عام میں مہارت رکھنے والا ۔

Public speaking : (n) (۱) خطاب عام : عوام کے سامنے یا عوامی جلسوں میں تقریر کرنے کا عمل یا طریقہ ۔ (۲) فن خطابت : موثر تقریر کا فن یا علم ۔

Public spirit : (n) حب الوطن : حب الوطنی : جذبۂ فلاح عامہ : عوام دوستی : انسان دوستی ۔

Public spirited : (a) وطن پرست : محب وطن : فلاح عامہ کے لئے کام کرنے والا : جذبۂ فلاح عامہ رکھنے والا : عوامی بہبود کا خواہاں : عوام دوست : انسان دوست ۔

Public spiritedly : (adv.) ازراہ حب وطن : حب وطن کے جوش میں : فلاح عامہ کے جذبے سے : عوامی بہبود کی خاطر : ازراہ انسان دوستی ۔

Public spiritedness : (n) وطن پرستی : جذبۂ حب الوطنی : عوام دوستی : جذبۂ فلاح عامہ : عوامی بہبود کا جذبہ : انسان دوستی ۔

Public statute : (n) دیکھو Public act

Public store : (n) سرکاری گودام۔

Public trustee : (n) امین سرکاری۔

Public utilities : (n) افادات عامہ۔

Public utility : (n) تجارتی تنظیم جو مفاد عامہ کے لئے ہو۔

Public utility scocieties : (n) انجمن ہائے رفاہِ عامہ : انجمن ہائے اتحادی جو سکونتی مشکلات کو حل کرتی ہیں۔

Public vessel : (n) سرکاری جہاز جو تجارتی کاموں میں استعمال نہ کیا جاتا ہو۔

Public weal / -wealth : (n) رفاہِ عامہ : عوامی بہبود : قومی فلاح : عام خوشحالی۔

Public works : (n) تعمیرات عامہ : سرکاری تعمیرات۔

Public works Department : (n) محکمۂ تعمیرات عامہ (پی۔ڈبلو۔ڈی)۔

Publican : (n) [L. 'Publicanus.'.] (۱) (رومی تاریخ) عوامی محصول کا ٹھیکہ دار : پبلک ٹیکسوں کا ٹھیکہ لینے یا انہیں وصول کرنے والا : تحصیلدار : عوامی محصولات وصول کرنے والا : کوئی شخص جو ٹیکس، چونگی، محصول وغیرہ تحصیل یا وصول کرتا ہو : ٹیکس وصول کرنے والا۔ (۲) سرائے کامالک یا منتظم : سرائے والا جس کے پاس شراب کی فروخت کا لائسنس بھی ہو : شراب خانے کا مالک : پیر مغاں : شراب فروش : سرائے والا۔

Publication : (n) [L. 'Publicatio'.] (۱) اشاعت : اشتہار : تشہیر : نشر : (قانون) اعلان : اعلام۔ (۲) اشاعت کتاب وغیرہ : اشاعت کا کاروبار یا کام : طبع و نشر۔ (۳) کتاب : مطبوعہ چیز : تصنیف یا تالیف۔

Publications : (n) مطبوعات : مطبوعہ تصنیفات و تالیفات۔

Daily pubication : نشریات یومیہ۔

Publicijuris : (a) [L.] عوامی : جس پر عوام کا حق ہو : عمومی۔

Publicism : (n) [f. next.] سیاسی صحافت : اخبار نویسی۔

Publicist : (n) [L. '(jus)publicum'.] (۱) بین الاقوامی قانون داں : ماہر قانون بین الاقوامی۔ (۲) بین الاقوامی قانون نگار : مصنف قانون بین الاقوامی۔ (۳) سیاسی صحافی : اخبار نویس : سیاسی جرنلسٹ : ملکی یا سرکاری معاملات پر لکھنے والا : نامہ نگار۔ (۴) اشتہاری ایجنٹ : اشتہاری کارندہ : پبلسٹی ایجنٹ : ناشر : پروپیگنڈا کرنے والا : نیز دیکھو Publicity Agent۔

Publicistic : (a). صحافیانہ : اخبار نویسانہ : متعلق بہ سیاسی صحافیت۔

Publicity : (n) تشہیر : شہرت : اشاعت : اشتہار : پبلسٹی : نشر و اشاعت : مشہور کرنا : پھیلانا : اشتہار کا کاروبار یا پیشہ۔

Publicity agent : (n) پبلسٹی ایجنٹ : اشتہاری ایجنٹ : ناشر : پروپیگنڈا کرنے والا شخص جو کسی اداکار وغیرہ کو اخبارات و رسائل میں مضامین دے کر یا دیگر طریقوں سے متواتر مشہور کرنے یا عوام کی نگاہ میں ممتاز رکھنے پر مامور ہو۔

Publicity bureau : (n) محکمۂ اطلاعات : محکمۂ اطلاعات و نشریات : شعبۂ نشر و اشاعت۔

Publicize : (v) مشہور کرنا : روشناس عوام کرنا : شائع کرنا : شہرت دینا : عوام کی نگاہ میں لانا : اشتہار دینا : مشتہر کرنا۔

Publicly : (adv.) علی الاعلان : باالاعلان : اعلانیہ : کھلم کھلا : بر سر عام : عام طور پر : علانیہ طور پر۔

Publicness : (n) عمومیت و اعلان : اعلانیت۔

Publish : (v) [ME. 'Puplise'.] (۱) شائع کرنا : مشتہر کرنا : مشہور کرنا : پھیلانا : تبلیغ کرنا۔ (۲) چھاپنا : طبع کرنا : اشاعت کرنا : فروخت کے لئے جاری کرنا۔ (۳) تشہیر کرنا : اعلان کرنا : منادی کرنا : اعلام کرنا : سرکاری طور پر اعلان کرنا۔ (۴) (نکاح کا) پہلے سے اعلان کرنا۔

To publish a libel : تحریری بیان کو دوسروں تک پہنچانا یا اس کی اشاعت کرنا : تحریر باعث تہک عزت کی اشاعت کرنا۔

To publish one's will : گواہوں کے روبرو باضابطہ وصیت کرنا : اعلان وصیت کرنا۔

Publishable : (a) قابل نشر و اشاعت : قابل اشاعت : قابل طبع : قابل چاپ : مشتہر کئے جانے کے لائق : لائق اعلان : لائق تشہیر۔

Publisher : (n) ناشر : شائع کنندہ : پبلشر : طبع و نشر کنندہ : ناشر کتب۔

Publishing : (n) اشاعت : طبع و اشاعت :طبع ونشر : اشاعت کتب : کتابیں چھاپنے اور فروخت کرنے کا پیشہ یا کاروبار۔

Pubo - : (comb.) لاطینی لفظ Pubes سے مشتق جزو ترکیبی بمعنی : عانی : زہاری : پیڑو کا یا اس سے متعلق : عظم عانہ سے متعلق : شرمگاہ کا یا اس سے متعلق۔

Pubofemoral : (a) پیڑو اور جانگھ کی ہڈی سے متعلق ۔

Puccoon : (n) [Algonquian.] پکون : سرخ جڑ پوست : شمالی امریکی پودا جس سے سرخ رنگ حاصل ہوتا ہے ۔

Puce : (a) [Fr. 'puce' .] پستو کے رنگ کا : ارغوانی بھورا : بھورا مائل ارغوانی : کیکی ۔

Puce : (n) بھورا مائل ارغوانی رنگ : کیکی رنگ ۔

Pucellage : (n) (عضویات) بکارت ۔

Pucellas : (n) [modif. of It. 'procello'.] زبان کی شکل کا چمٹا جس سے پگھلے ہوئے شیشے کو درست کیا جاتا ہے ۔

Pucelle : (n) [Fr. 'Pucelle'.] (تاریخ) جون آف آرک : دوشیزۂ آرلیاں (مشہور فرانسیسی لڑکی) : (سماجیات) باکرہ : کنواری : دوشیزہ : نلکتخدا۔

Puceron : (n) [Fr. deriv. of 'puce' .] درختوں یا پودوں کا ایک کیڑا : روکھ جوں۔

Puck/ Pook : (n) [late OE. 'puca' .] پَک : پُوک : بھوت : شریر بھتنا : شریر : چنچل پری بچہ : (مجازاً) شریر بچہ ۔

Puck : (n) [Of unkn. origin.] (۱) (نیز Puck Bird) پشہ خوار پرند : ایک پرند جو رات میں مویشیوں خصوصاً بکریوں کا دودھ پی جاتا ہے (اسے Nightjar) بھی کہتے ہیں۔ (۲) پَک : پشہ خوار آوردہ روگ : مویشیوں کی ایک بیماری جو پشہ خوار پرند کے ذریعہ لاحق ہوتی ہے ۔

Puck : (n) [Of unkn. origin .] ربری قرص : ہندوستانی ربر سے بنی چھٹی نکیہ جو برف پر ہاکی کھیلتے میں استعمال ہوتی ہے ۔

Puck-ball : (n) (نباتیات) کھُمبی۔

Puck bird : (n) پشہ خوار پرند جس کے بارے میں مشہور ہے کہ رات میں مویشیوں خصوصاً بکریوں کا دودھ پی جاتا ہے (اسے Goat-sucker اور Nightjar بھی کہتے ہیں۔

Pucka : (۱) پکا (ہندی) :ٹھوس :مناسب ۔ (۲) دیکھو Pukka ۔

Pucker : (v) [Origin doubtful] (۱) سکڑنا : شکن پڑنا : جھریاں پڑنا : سلوٹیں ابھرنا ۔ (۲) چیں بہ جبیں ہونا : خفا ہونا ۔ (۳) سکیڑنا : شکن لانا :جھریاں ڈالنا : سلوٹیں لانا :شکن ڈالنا : (سلائی میں) چنٹ ڈالنا : تہ ڈالنا : چننا۔

Puckery : (a) پرشکن :چین دار :تہ دار : تہ در تہ :چنٹ دار :شکن پیدا کرنا والا :سکیڑ نے والا :منہ بند کرنے والا : منہ بسورنے والا: چیں بہ جبیں ہونے والا: شکن لانے والا :جھریاں ڈالنے والا : قابض : عبوس ۔

Puckfist : (n) [f. puck+ 'fist' .] (۱) دیکھو Puff-ball (نیز مخفف Puck) ۔ (۲) خالی خولی شیخی باز :ڈینگیا۔

Puckish : (a) شریر : بدذات :شریر بچے کی طرح کا: بھوت جیسا : جن صفت :شیطان :جس میں شیطنت ہو :شریر بھتنے جیسا۔

Puckishly : (adv.) شرارت سے : شیطنت سے : بدذاتی سے : شریر بھتنے کے انداز میں : شریر بچے کی طرح ۔

Puckishness : (n) شرارت : بدذاتی : شیطنت ۔

Pud : (n) [Of unkn. origin.] (بچوں کی بولی) بچے کا ہاتھ : بعض جانوروں کا اگلا پاؤں ۔

Pudder : (v) [Of unkn. origin.] (۱) (بول چال) ہاتھ یا چھڑی سے ہلانا : حرکت دینا : جنبش دینا : (جانور کا) اگلے پاؤں سے ہولا مارنا : مار بھگانا : پانی ، کیچڑ یا گرد میں اگلے پاؤں مارنا ۔ (۲) آوارہ گردی کرنا : ادھر ادھر مارے پھرنا : بیجا دست اندازی کرنا : ٹانگ اڑانا: دخل در معقولات کرنا : (ہر جگہ) ہاتھ ڈالتے پھرنا ۔

Pudding : (n) [ME. 'poding , pudding' .] (۱) پڈنگ : سور ، بھیڑیا دوسرے جانوروں کی اوجھڑی اور آنت جس میں گوشت مسالے وغیرہ بھر کر پکاتے ہیں : ایک قسم کا دُلمہ : رودۂ قیمہ دار : امعائی پوئین ۔ (۲) (جمع ، بول چال) انتڑیاں ۔ (۳) (بحری) بٹے ہوئے رسے کا حلقہ جو جہاز کے مستول اور اس کو سہارا دینے والی بلیوں میں سہارے کے طور پر لگادی جاتی ہے : کشتی کے کناروں کو نقصان سے بچانے کے لئے لگائی ہوئی گدی یا پیڈ : رسوں کو رگڑ سے گھسنے یا خراب ہونے سے بچانے کے لئے حلقوں یا چوڑیوں میں لپٹی ہوئی گدیاں : گدی: رگڑ روک گدی ۔ (۴) ایک قسم کا فیرنی نما پکوان ۔ (۵) پوئین یا پوڈین نما شے ۔ (۶) (مجازاً) مادی

انعام ؛ مادی فائدہ ؛ حمایت ؛ نفع رسانی ۔ (۷) جگر زہر آلود ؛ زہر آلود کلیجی (جو چور یا نقب زن سگ دربان کے سامنے ڈال دیتے ہیں)۔ (۸) موقع شناسی ۔

Hasty pudding : ایک طرح کی لپسی ۔

More praise than pudding : (prov.) فائدہ کم تعریف زیادہ؛ ستائش خشک و خالی ۔

The proof of the pudding is in the eating : (prov.) مٹھائی (کی عمدگی) کی دلیل اس کے کھانے میں ہے : حلوائے تنتراني تانخوردی ندانی ۔

Yorkshire pudding : دودھ اور آٹے کی پڈنگ جو خصوصاً گائے کے گوشت کے ساتھ کھائی جاتی ہے ؛ یارک شائر پڈنگ ۔

Pudding : (v) (۱) پڈنگ پیش کرنا ؛ پڈنگ سے خاطر کرنا ؛ پڈنگ مہیا کرنا یا بہم پہنچانا ؛ پڈنگ یا پڈنگ جیسی چیز سے تواضع کرنا ۔ (۲) (بحری) رگڑ سے بچاؤ کے لئے سَن لپیٹنا ۔

Pudding-cloth : (n) پوٹینی کپڑا ؛ وہ کپڑا جس میں پوٹین کے اجزاء ابالنے کے لئے باندھ دیئے جاتے ہیں ۔

Pudding - face : (n) بڑا موٹا چہرہ ؛ پھولا ہوا چہرہ ؛ بھاری بھر کم چہرہ ۔

Pudding - feced : (a) بھاری بھر کم چہرے والا ؛ بڑے موٹے چہرے والا ؛ جس کا چہرہ پھولا ہوا ہو ۔

Pudding- grass : (n) امریکی پودینہ ۔

Pudding - head : (n) کور مغز انسان ؛ بیوقوف آدمی ؛ ٹھس آدمی ؛ کند ذہن یا غبی شخص ؛ احمق ؛ سادہ لوح ؛ بودے یا موٹے دماغ والا ۔

Pudding- headed : (a) ٹھس ؛ بیوقوف ؛ احمق ؛ سادہ لوح ؛ غبی ؛ کند ذہن ؛ بودا ؛ کور مغز ؛ موٹے دماغ والا ۔

Pudding- heart : (n) ڈرپوک آدمی ؛ بز دل شخص ۔

Pudding- pie : (n) ایک قسم کی مٹھائی (پیسٹری) ؛ (نیز توصیفاً) ۔

Pudding-pipe tree : (n) درخت خرنوب ہندی ؛ درخت چنار چنبر ۔

Pudding-stone : (n) گول سنگریزوں کی مخلوط چٹان ؛ پوٹینی چٹان ؛ کومہ ۔

Puddingwife : (n) نیلے یا کاسنی رنگ کی بڑی سمندری مچھلی (Wrasse) جس کے ہونٹ موٹے اور دانت مضبوط ہوتے ہیں ۔

Puddingy : (a) پڈنگ جیسا ؛ مثل پڈنگ ؛ پوٹینی ؛ پوٹین صورت ؛ پوٹین صفت ۔

Puddle : (n) (۱) جوہڑ ؛ ڈابر ؛ ڈبرا ؛ گدلے پانی کا جوہڑ یا چھوٹا تالاب ۔ (۲) (مجازاً) اخلاقی آلودگی ؛ غلط عقیدہ (جو گمراہ کن ہو اور دوسروں کو بھی آلودہ کردے)۔ (۳) (مجازاً) ملی جلی چیزیں؛ معجون مرکب ؛ ملی جلی چیزوں کا انبار ؛ گڈمڈ؛ ابتری؛ گڑبڑ ؛ خرابی ؛ بد نظمی ؛ بے ترتیبی ؛ ردی حالت ؛گندی حالت ۔ (۴) گندہ اور گدلا پانی ۔ (۵) گارا ؛ ریت اور چکنی مٹی یا صرف چکنی مٹی کو گوندھ کر تیار کیا ہوا گارا جس سے ندیوں اور نہروں کے کناروں کو ڈھک دیا جاتا ہے تاکہ انہیں غیر آبگذار بنایا جا سکے (اسے Puddling بھی کہتے ہیں) ۔ [ME. 'podel , puddel' ..]

Puddle : (v) چھپ چھپ کرنا ؛ چھینٹیں دینا ؛ چھینٹیں اڑانا ؛ کیچڑ میں لوٹنا ؛ (مجازاً) گندا کرنا ؛ میلا کر دینا ؛ گڈمڈ کر دینا ؛ خلط ملط کر دینا ؛ گڑ بڑ کر دینا ؛ خلط مبحث کر دینا ۔ (۲) کیچڑ میں لت پت کرنا ؛ گندے یا گدلے پانی میں بھگو دینا ۔ (۳) (پانی کو) گندا یا گدلا کرنا ؛ مکدر کرنا ؛ خراب کر دینا ۔ (۴) آلودہ کرنا ؛ نجس کرنا ؛ میلا کرنا ؛ (کسی چیز کی) خالصیت یا صفائی کو آلودگی سے بدل دینا ۔ (۵) گارا گھولنا ؛ گارا کرنا ؛ گارا بھر کر پانی روک بنا دینا ۔ (۶) (لوہا سازی) پگھلے ہوئے لوہے کو ہلا کر متورق یا لوح دار بنانا ۔ (۷) بے تمیزی سے کوئی کام کرنا ۔

Puddle-ball : (n) لوہے کا گول تودا جو پگھلے لوہے کو ہلا کر متورق بنانے کے عمل میں بن جاتا ہے ؛ لوہے کا گولہ ۔

Puddle-bar : (n) لوہے کی چپٹی چھڑ جو لوہے کے گولے کو دوبھاری بھرکم رولروں کے بیچ دبا کر بنائی جاتی ہے ۔

Puddle-roll : (n) دو بڑے اور وزنی رولروں میں سے کوئی ایک (جن کے درمیان پگھلائے ہوئے لوہے کو دبا کر چپٹی چھڑیں تیار کی جاتی ہیں) ۔

Puddle-steel : (n) پگھلے ہوئے لوہے کو ہلا کر متورق یا لوح دار بنا کر تیار کیا ہوا اسٹیل ۔

Puddler : (n) گارا گھولنے والا ؛ پگھلا ہوا لوہا ہلانے والا ؛ پگھلے لوہے کو ہلا کر متورق بنانے والا ؛ لوہا ہلانے کی مشین ۔

Puddling : (n) چھپاکا ؛ پانی یا کیچڑ میں چھپ چھپ کرنے کا عمل ؛

پانی کو گدلا کرنے کا عمل ؛گارا گھولنے یا بنانے کا عمل؛ گارا بھر کر پن روک بنانا ؛ پگھلے ہوئے لوہے کو ہلا کر متورق بنانے کا عمل ؛ چکنی مٹی کا گارا جس سے نہر وغیرہ کے کناروں کو پانی روک بنایا جاتا ہے ؛(نیز توصیفاً)۔

Puddly : (a) جوہر نما ؛ گندہ ؛ گدلا ؛ کیچڑ بھرا ؛ میلا ؛مکدر ؛ نجس؛ غلیظ ؛ ابتر ؛ درہم برہم ؛ بے ترتیب ؛ (نیز) جوہڑوں سے بھرا ہوا ؛ جس میں بہت سے جوہڑ یا ڈبرے ہوں ۔

Pudency : (n) [late L 'Pudentia' .] شرم ؛ لحاظ ؛ حیا ؛ غیرت ؛ لاج ؛ حجاب ؛ شرمیلاپن ؛ عصمت ؛ عفت ؛ انکساری؛ خاکساری ۔

Pudenda : (n) Pudendum کی جمع ۔

Pudendal : (a) ستری ؛ شرمگاہی ؛ زہاری ؛ اعضائے تناسل کایا ان سے متعلق ؛ متعلق بہ ستر ۔

Pudendum : (n) [L. 'Pudenda' .] شرمگاہ ؛ ستر ؛ زہار ؛ عضو تناسل؛ مقام مخصوص ؛ خارجی عضو تناسل (عموماً جمع مستعمل ہے)۔

Pudendum muliebra : (n) (تشریح) شرمگاہ عورت ؛ فرج ۔

Pudendum virile : (n) (تشریح) شرمگاہ مرد ؛ ذکر ؛ کیر ۔

Pudge : (n) [Parallel form of Podge.] (روزمرہ ، بول چال) پست قد ؛ فربہ آدمی یا جانور ؛ لحیم شحیم ؛ موٹا تازہ آدمی یا جانور یا کوئی شے ۔

Pudgy : (a) موٹا تازہ ؛ ناٹا اور موٹا ؛ پست قد اور موٹا یا چوڑا ؛ فربہ ؛ لحیم شحیم ۔

Pudic : (a) [L. 'pudicus' .] دیکھو Pudendal

Pudic : (n) (تشریح) شرمگاہی شریان ؛ عضو تناسل کی شریان ؛ حیائی شریان ۔

Pudic artery : (n) دیکھو Pudic (n)

Pudicity : (n) (شاذ) (سماجیات) عصمت ؛حیا ؛ شرم ؛ عفت ؛ لاج ؛ پاکدامنی ۔

Pudsy : (a) [Origin doubtful.] گدگدا ؛ گداز ؛موٹا تازہ ؛ بھر بھرا ؛ بھرے بھرے جسم والا ۔

Pudu : (n) [Native Chilean.] ہرن کی ایک بہت چھوٹی قسم جو چیلی میں پائی جاتی ہے (اس کا قد ۱۲۔۱۳ انچ سے زیادہ اونچا نہیں ہوتا) ۔

Pueblo : (n) [Sp.] ہسپانوی شہر یا گاؤں ؛ خصوصاً امریکا کے اصلی باشندوں کی نو آبادی ؛ اری زونا اور نیومیکسیکو کے باشندے ۔

Pueblo Indians : (n) ری زونا اور نیو میکسیکو کے مہذب و متمدن باشندے ۔

Puerile : (a) [L. 'Puerilis' .] بچکانہ ؛ طفلانہ ؛ رکیک ؛ سبک ؛ چھچھورا ؛ بچے کا ، اس جیسا یا اس سے متعلق ۔

Puerile breathing : (n) ایسا تنفس جس میں ایسی آواز نکلے جو اکثر بچوں کے تنفس میں ہوتی ہے (بالغوں میں یہ مرض کی علامت ہے) ۔

Puerilely : (adv.) طفلانہ انداز میں ؛ بچکانہ طور پر ؛ چھچھورے پن سے؛ سبکی سے ؛ طفلانہ طور پر ؛ رکیکانہ طور پر ۔

Puerileness : (n) بچکانہ پن ؛ طفلگی ؛ طفلانہ پن ؛ چھچھوراپن ۔

Puerilism : (n) بچکانہ پن ؛ طفلگی ؛ طفلی حالت ؛ طفلیت ۔

Puerility : (n) [L. 'Puerilitas' .] (۱) طفلگی ؛ بچپن ؛ لڑکپن ؛ طفلی ؛ (قانون) سات سے چودہ سال تک کی عمر ۔ (۲) بچکانہ پن ؛ طفلانہ پن ؛ چھچھوراپن ؛ رکاکت ۔

Puerperal : (a) [L. 'Puerperus'.] زچگی کا ؛ زچگی سے متعلق ؛جو زچگی کے ساتھ ساتھ ہو یا اس کے بعد واقع ہو؛(طب) نفاسی ۔

Puerperal fever/ -Sepsis : (n) نفاسی بخار ؛ پرسوت ؛ زچگی کا بخار ؛ زچہ کا بخار (جو رحم میں کسی Infection کے باعث ہوتا ہے اور جس میں کبھی کبھی ورم و سوزش یا خون میں سمیت بھی پیدا ہو جاتی ہے) ۔

Puerperium : (n) [L.] زچگی ؛ ولادت ؛ وضع حمل ؛ (طب) نفاس ۔

Puerpery : (n) Puerperium کی بجائے شاذ آتا ہے ۔

Puff : (n) [See next.] (۱) جھونکا ؛ ہوا کا جھونکا؛ سانس ؛ پھونک ؛ دم ؛ کش ؛ نفخہ ؛ نفس ۔ (۲) سانس یا پھونک کی آواز ۔ (۳) بھاپ یا دھوئیں کی اتنی مقدار جو ایک بار نکلے ۔ (۴) نرم ، گول (پھولی ہوئی) آرائش کی چیز لباس یا بالوں وغیرہ میں جیسے آستینوں یا دامن میں جھالر یا چوٹی اور بالوں میں بہت سے پر یا فیتے وغیرہ ۔ (۵) روئیں دار گدی (پاؤڈر وغیرہ لگانے

پھولی ہوئی برجس ۔

Puff-leg : (n) ایک پاموز پرندہ : وہ پرند جس کے پاؤں پر پروں کے گچھے ہوتے ہیں اور اڑنے سے غنغناہٹ کی آواز ہوتی ہے۔

Puff out : (n) ہانپتے کانپتے بیان کرنا۔

Puff out / - up/ -away : (v) پھونک مار کر اڑا دینا ؛ پھونک مار کر بجھا دینا۔

Puff-paste : (n) ہلکا اور تہ دار پیسٹ : (مجازاً) سبک چیز ؛ کم قیمت یا ادنیٰ شے ؛ سبک اطوار شخص ؛ خفیف یا وسطی آدمی؛ سبک اطوار شخص ؛ خفیف یا وسطی آدمی ؛ نازک چیز ؛ نازک آدمی۔

Puff-pastry : (n) ہلکی پیسٹری ؛ پف پیسٹ سے بنائی ہوئی پیسٹری۔

Puff-puff : (n) (بچوں کی بولی) انجن ؛ ریل انجن ؛ ریل گاڑی ؛ ریل۔

Puff-stone : (n) نرم اور مسامدار مقامی چونا پتھر کا نام جو انگلستان (Lias) کے وسط میں پایا جاتا ہے۔

Puffed with pride : (a) غرور سے پھولا ہوا۔

Puffer : (n) (۱) دھواں یا ہوا نکالنے والا۔ (۲) تعریف کر کے آسمان پر چڑھانے والا۔ (۳) (خصوصاً) نیلام میں (قیمت بڑھانے کے لئے) جھوٹی بولی بولنے والا۔ (۴) کوئی چیز جو غرور پیدا کرے ؛ غرور آفرین ؛ مغرور کن۔ (۵) (بچوں کی زبان میں) ریلوے انجن ؛ ثرین ؛ ریل گاڑی ؛ (انجینیئرنگ) انجن۔ (۶) (حیوانیات) فقبہ (ماہی) ؛ ایک قسم کی مچھلی۔ (۷) چھوٹا دخانی جہاز۔ (۸) چھوٹا انجن جو کوئلہ کانوں میں استعمال ہوتا ہے۔

Puffery : (n) (۱) نیلام میں (قیمت بڑھانے اور دوسروں کو خرید پر آمادہ کرنے کے لئے) جھوٹی بولی بولنے والے کا پیشہ یلکام ؛ مبالغہ آمیز تعریف کرنے یا اس طرح اشتہار دینے کا کام ؛ مبالغہ آمیز تعریف اشتہار بازی ؛ اشتہار بازی ؛ بھٹئی۔ (۲) سنجاف ؛ جھالر۔

Puffin : (n) [ME. 'Poffin , popfyn' .] پوفین ؛ بوقلموں منقار ؛ ایک بحری پرندہ جس کی چونچ جھری دار اور مختلف اللون ہوتی ہے ؛ یہ بحر ظلمات کے شمال میں ہوتا ہے ؛ (آئرستان میں) استرہ منقار پرند ("موسیہ" کو کہتے ہیں)۔

Puffiness : (n) [f. Puffy .] پھلاؤ ؛ فربہی ؛ موٹا پا ؛ موٹا تازہ پن ؛ ضیق النفس ؛ دم پھولنے یا دم چڑھنے کی حالت یا

کی)۔ (۶) ایک قسم کی ہلکی پھلکی پیسٹری۔ (۷) مبالغہ آمیز تقریظ (کتاب کی) یا مبالغہ آمیز اشتہار (سوداگر کے مال کا) ؛ مبالغہ آمیز تعریف۔ (۸) ورم یا ابھار جو ہوا ہو ؛ پھپھولا ؛ چھالا ؛ آبلہ ؛ دنبل ؛ رسولی ؛ ابھار ؛ سوجن ؛ ورم ؛ آماس ؛ گلٹی ؛ گومڑ ؛ پھوڑا ؛ زائدہ ؛ بدگوشت۔ (۹) شیخی باز یا ڈینگیا شخص (متروک) ؛ (عام) قمار خانے کا دلال جو لوگوں کو پھانستا ہے۔ (۱۰) (حیوانیات) پف (آواز)۔

Powder puff : پاؤڈر لگانے کی گدی ؛ سفوف پاش۔

Puff/ Puffed : (v) [OE. 'puf' or pyf(f.)] (۱) پھونک مارنا ؛ پھونکنا ؛ پھونک سے اڑانا۔ (۲) ہوا، دھوئیں وغیرہ کا تھوڑی تھوڑی مقدار میں خارج ہونا ؛ دھواں اڑانا ؛ دھواں یا ہوا نکالنا ؛ پھک پھک کر کے دھواں یا بھاپ خارج کرنا۔ (۳) ہانپنا ؛ سانس چڑھانا ؛ سانس پھولنا ؛ دم چڑھانا ؛ بے دم کر دینا۔ (۴) پھلانا ؛ ہوا بھرنا ؛ پھونک مار کر پھلانا۔ (۵) پھول جانا ؛ متورم ہو جانا۔ (۶) پھولنا ؛ مغرور ہونا ؛ جامے میں نہ سمانا۔ (۷) مبالغہ آمیز اشتہار دینا ؛ اشتہار میں جھوٹی تعریفیں کرنا۔ (۸) مبالغہ آمیز تعریف کرنا ؛ آسمان پر چڑھانا ؛ پھلانا ؛ مغرور یا خود پسند بنانا ؛ (شاذ) غصہ دلانا ؛ غصے سے پھلانا۔ (۹) قیمت بڑھانا ؛ قیمت بڑھانے کے لئے جھوٹی بولی دینا ؛ (نیلام میں) جھوٹی بولی دینا۔ (۱۰) تمباکو کے دھوئیں اڑانا ؛ پائپ یا حقے کا کس لینا ؛ دم مارنا۔ (۱۱) پاؤڈر کی گدی سے پاؤڈر لگانا۔

He puffed away , at his cigar :. اس نے سگار کے کش لگائے

He was rather puffed : وہ کسی قدر بے دم ہو گیا تھا ؛ اس کا دم چڑھ گیا تھا۔

The engine puffed out of terminus : انجن دھواں اڑاتا اختتامی اسٹیشن سے باہر چلا گیا۔

Puff-adder : (n) ایک بڑا افریقی افعی جو اشتعال کے عالم میں اپنا بالائی حصہ پھلا لیتا ہے ؛ (حیوانیات) نفس افعی ؛ شوک ناگ۔

Puff-ball : (n) ایک قسم کی کھمبی جس کا بیج دان گیند نما ہوتا ہے۔

Puff-bird : (n) ایک قسم کی چڑیا جو اپنے پروں کو پھونک مارتی رہتی ہے۔

Puff-box : (n) پاؤڈر دانی (جس میں پاؤڈر اور پاؤڈر لگانے والی گدی رہتی ہے)۔

Puff -breeches : (n) ہوا بھری ہوئی برجس ؛ پھلائی ہوئی برجس ؛

صفت : تنگ نفسی ۔

Puffy : (n) (۱) جھونکے دار (ہوا)۔ (۲) ہانپنے والا : دم کا کچا ؛ (طب) تنگ نفس ۔ (۳) پھولا ہوا : پھلایا ہوا ۔ (۴) موٹا پھپس ؛ لحیم شحیم ؛ گداز جسم ؛ موٹا تازہ ؛ تھل تھل ۔

Pug : (n) [Of unkn. origin.] چوکر : بھوسی : جو ،گیہوں ، جئی وغیرہ کا چوکر ؛ دوسرے غلوں یا اناجوں کا وہ حصہ جو انہیں چھانٹنے یا صاف کرنے میں نکل جاتا ہے : (مقامی) چوٹی ؛ کھدی ؛ ضائعات غذا ۔

Pug : (n) [poss. of LDu . origin .] (۱) (نیز Pug-Dog) ایک قسم کا چپٹی ناک والا یا بیٹھی ناک والا کتا ۔ (۲) بندر : بوزنہ ؛ بے دما بندر ؛ شمپانزی ؛ (نیز بول چال) بچہ ۔ (۳) لومڑی کا اسم خاص ؛ چھوٹے قد کی چپٹی ناک والی لومڑی ۔ (۴) Euphithesia جنس کا پروانہ یا پتنگا ۔ (۵) (نیز Pug- Engine) پٹری بدل انجن: شنٹی انجن ؛ ایک پٹری سے دوسری پٹری پر جانے والا یا شنٹ کرنے والا چھوٹا انجن ۔ (۶) بڑا نوکر: نوکروں کا سردار ۔

Pug : (n) [f. Pug. (v)] پنڈول اور چکنی مٹی کا گوندا ؛ (اینٹیں بنانے کے لئے) خشت سازی کا گارا ؛ گِل (انجینیئرنگ) گل ساز چکی ۔

Pug : (v) [Hindi. 'pag' .] نشان قدم ؛ نقش پا؛ پگ ؛ پانچ (جانوروں کے کھر یا پنجوں کے نشان) ۔

Pug : (v) [Origin doubtful .] (بول چال) کھینچا ؛ زور سے کھینچنا؛ جھٹکا دے کر کھینچنا ۔

Pug : (v) [Of Unkn. Origin.] (۱) (گارا) ساننا ؛ خشت سازی کی مٹی کو گوندھ کر تیار کرنا ؛ (گارا) گھولنا ۔ (۲) گارا یا برادہ بھرنا (فرش کے نیچے ، آواز دھیمی کرنے کے لئے)۔

Pug : (v) [f. Pug(n).] پانچنا ؛ نقش پا کے ذریعہ پتا چلانا ؛ کھوج لگانا ؛ پتا لگانا ۔

Pug-cylinder : (n) گل ساز چکی کا استوانہ ۔

Pug-dog : (n) ایک قسم کا چپٹی ناک والا یا بیٹھی ناک والا کتا ۔

Pug-engine : (n) شنٹی انجن ؛ پٹری بدل انجن ؛ ایک پٹری سے دوسری پٹری پر جانے والا یا شنٹ کرنے والا انجن ؛ ٹھیکے دار انجن ۔

Pug-face : (n) چپٹی ناک والا چہرہ ؛ بندر نما چہرہ ؛ بوزنہ نما چہرہ۔

Pug-faced : (a) چپٹی ناک والا ؛ بندر مونہا ؛ بوزنہ رو ؛ نک چپٹا ۔

Pug-fox : (n) چپٹی ناک والی چھوٹے قد کی لومڑی ؛ نک چپٹی لومڑی۔

Pug-mill : (n) گل چکی ؛ گل ساز چکی ؛ اینٹوں کا گارا بنانے کی چکی ۔

Pug-moth : (n) Eupithecia جنس کا پروانہ یا پتنگا۔

Pug-nose/ Pugnose : (n) چھوٹی اور چپٹی ناک ؛ بیٹھی ناک ۔

Pug-nosed : (a) چپٹی ناک والا ؛ بیٹھی ناک والا ؛ چپٹ نکا ؛ افطس ؛ مِڈا ۔

Pug-nosed eel /-nose eel : (n) نیوفاؤنڈ لینڈ کے ساحل سے دور گہرے سمندر میں پائی جانے والی بام مچھلی (جو سانپ جیسی ہوتی ہے) جس کی ناک چھوٹی اور چپٹی ہوتی ہے ۔

Pug-peal : (n) سامن مچھلی کا بچہ ۔

Pug-trout : (n) سمندری ٹراؤٹ (مچھلی) ۔

Puggaree : (n) (۱) پگڑی ؛ عمامہ ۔ (۲) دیکھو Puggree ۔

Pugging : (n) (۱) (آواز کم کرنے کی غرض سے) فرش کے نیچے بھرا جانے والا سامان ؛ گارا ؛ لکڑی کا برادہ وغیرہ ؛ گارا ، برادہ یا سیمنٹ بھرنا ۔ (۲) گل سازی ؛ اینٹ سازی کی مٹی گوندھنا یا تیار کرنا (خصوصاً مشین سے) ۔

Puggish : (a) چپٹی ناک والا ؛ نک چپٹا ؛ بوزنہ صفت ۔

Puggree : (n) [Hindi. 'pagri. '] (۱) پگڑی ؛ عمامہ ۔(۲) ململ وغیرہ کا وہ کپڑا جو انگریزی ٹوپی کے گرد لپٹا ہوا ہوتا ہے۔

Puggreed : (a) پگڑی باندھے ؛ عمامہ باندھے ۔

Pugil : (n) [L. 'Pugillus' .] (متروک) مٹھی بھر کی مقدار یا انگوٹھے اور تین انگلیوں کو ملا کر جتنا اٹھایا جا سکے ؛ بڑی چٹکی ۔

Pugilism : (n) [f. L. 'pugil' + -ism .] مکا بازی ؛ گھونسا بازی ؛ (مجازاً) مجادلہ پسندی ؛ مجادلہ پرستی ؛ مناظرہ پسندی ؛ مباحثہ پسندی ۔

Pugilist : (n) (۱) مکا باز ؛ گھونسا باز ۔ (۲) (مجازاً) سخت تکراری؛ سخت بحث کرنے والا ؛ مجادلہ کرنے والا ؛ جدال پسند۔

Pugilistic : (a) مکابازی کا ؛ مکابازی سے متعلق ؛ مباحثہ پسندانہ؛

جدال پسندی سے متعلق ؛ مجادله ۔

Pugilistically : (adv.) مکابازی کے طور سے ؛ مباحثانه انداز سے ؛ سخت بحث و تکرار کے ساتھ ؛ مجادلانه ۔

Pugmark : (n) وحوش کے پاؤں کے نشان ؛ جنگلی جانوروں کے پنجوں کے نشان ؛ پانج ۔

Pugnacious : (a) [f. L. 'Pugnax' .] نزاع پسند ؛ لڑاک ؛ لڑاکو ؛ جھگڑالو ؛ مفسد ؛ مفسد پرداز ؛ جنگجو ۔

Pugnaciously : (adv.) جنگجویانه طور سے ؛ جھگڑے یا فساد کی راہ سے ؛ مفسدانه ۔

Pugnaciousness : (n) نزاع پسندی ؛ جھگڑالوپن ؛ مفسد پردازی ؛ جنگجوئی ۔

Pugnacity : (n) [L. 'Pugnacitas' .] نزاع پسندی ؛ جنگجوئی ؛ مفسد پرستی ؛ مفسد پردازی ؛ جھگڑالو پن ؛ (نفسیات) جارجیت ؛ جدالی جبلت ۔

Puisne : (a) [Legal spelling of Puny.] (۱) بعد کا ؛ چھوٹا (عمر میں) عموماً قانونی زبان میں کسی اعلیٰ عدالت کے جونیر یا کم رتبه جج پر اطلاق هوتا هے ۔ (۲) مابعد ؛ تازه تر ؛ جدید تر ؛ قریب زمانے کا ؛ بعد کی تاریخ کا ؛ پچھلا ۔

Puisne : (n) (کسی عدالت میں) ادنیٰ جج ؛ چھوٹا جج ؛ عدالت اعلیٰ کا جونیر جج ؛ رفیق کم رتبه ؛ منصب ؛ انصاف کرنے والا ۔

Mortgagees puisne to the plaintiff : وه مرتهن جو مدعی کے بعد کے هیں ۔

Puisne judge : (n) (عدالت عالیه کا) رفیق جج ۔

Puisne mortgagees : (n) مرتهان ما بعد ۔

Puissance : (n) [Fr. f. ' puissant' .] زور ؛ قوت ؛ طاقت ؛ بل ؛ اثر ؛ رسوخ ؛ قدرت ؛ اختیار ؛ اقتدار ۔

Puissant : (a) [Fr.] (۱) (قدیم) قومی ؛ طاقتور ؛ (سیاسیات) زبردست ؛ توانا ؛ بلونت ؛ بلوان ۔ (۲) صاحب اثر ؛ بار سوخ ؛ مقتدر ۔

Puissantly : (adv.) زور سے ؛ قوت سے ؛ اثر سے ؛ قدرت سے ؛ بار سوخ طور پر ۔

Puissantness : (n) قوت ؛ طاقت ؛ زور ؛ بل ؛ اثر ؛ رسوخ ؛ قدرت ۔

Puke : (n) [f. Puke(v).] (۱) استفراغ ؛ قے ؛ الٹی ؛ متلی ۔ (۲) قے آوردوا ۔

Puke : (v) [prob. of imit. origin.] قے کرنا ؛ الٹی کرنا ؛ زمین دیکھنا ؛ متلی هونا ؛ قے هونا ۔

Puker : (n) قے کرنے والا ؛ (طب) مقیٔ دوا ؛ قے آورد دوا ۔

Pukka : (a) [Hindi 'pakka' .] (۱) پکا (ہندی) ؛ ٹھوس ؛ مناسب ۔ (۲) اصل ؛ خالص ۔ (۳) مستقل ؛ یقینی ۔

Pulchritude : (n) [L. 'Pulchritudo ' .] حسن ؛ خوبصورتی ؛ زیبائی ؛ خوش اندامی ۔

Pulchritudinous : (a) خوش اندام ؛ زیبا ؛ حسین ؛ خوبرو ؛ خوبصورت ۔

Pule : (v) [Prob. of imit. origin.] (۱) جھینکنا ؛ ٹھنکنا ؛ کراہنا ؛ رین رین کرنا ؛ کمزور آواز سے رونا یا کراہنا ۔ (۲) چڑچڑے یا ناشکری کے سے انداز میں چلانا یا کراہنا ؛ غم آلود یا غمگین انداز میں بولنا ؛ (مرغی کی طرح) کڑکڑانا ؛ (نیز) چیل کا بولنا ۔ (۳) رو رو کر یا رین رین کر کے بولنا یا بات کرنا ۔

Puler : (n) جھینکنے والا ؛ رین رین کرنے والا ؛ رونی آواز میں بولنے والا ۔

Pulex : (n) [mod. L.] جنس پسو ؛ برغوث ۔

Pulicidae : (n) [mod. L. f. 'Pulex. '] براغیث ؛ پسوان ۔

Pulicide : (n) پسو مار دوا ۔

Pulicose : (a) پسو بھرا ؛ پسوؤں سے بھرا هوا ؛ پسوؤں کا کاٹا هوا ؛ (مرضیات) پسو کے کاٹے جیسا ۔

Puling : (n) جھینکنے والا ؛ (بچے کی طرح) رین رین کرنے والا ؛ ٹھنکنے والا ؛ کراہنے والا ۔

Pulingly : (adv.) جھینکتے هوئے ؛ رین رین کرتے هوئے ؛ ٹھنکتے هوئے ؛ کراہتے هوئے ۔

Pulk : (n) [ME. 'Polk , pulk ' .] (۱) (خصوصاً بول چال) گدلا تالاب ؛ کیچڑ بھرا تالاب ۔ (۲) کیچڑ بھرا گڈھا ۔

Pulka : (n) [Finn. 'pulkka' .] Lapland کی (بغیر پہیوں کی) برف گاڑی جو کشتی کے اگلے حصے کی ہمشکل هوتی هے اور جسے شمالی منطقه بارده کا ہرن کھینچتا هے ۔

Pull : (n) [f. next.] (۱) کھینچ ؛ کھنچاؤ ؛ کش ؛ زور ؛ کش مکش ؛ کھینچا تانی ؛ فشار ؛ کھینچنے کا عمل ۔ (۲) (قوت) کشش یا جذب ؛ (طبیعیات) کشش ؛ کھچاؤ ۔ (۳) جھٹکا ؛ یکبارگی روکنا ؛ بندوق کے کھٹکے کو کھینچنے کا عمل نیز وہ طاقت جو اس کے لئے ضروری ہو ۔ (۴) دستہ ۔ (۵) (مجازاً) ذاتی اثر یا رسوخ ۔ (۶) (طباعت) کچا پروف ۔ (۷) (گھڑ دوڑ) باگ کھینچنا یا روکنا ۔ (۸) کشتی میں چھوٹا سفر ؛ کشتی میں تھوڑی دیر کے لئے تفریح ۔ (۹) (کرکٹ) وہ ضرب جس سے گیند گر کر کھیلنے والے کے بائیں جانب جاتی ہے ۔ (۱۰) (گولف) ضرب جو گیند کو بائیں طرف اڑا لے جاتی ہے ۔ (۱۱) (مے خانے میں) مطالبے سے زیادہ مقدار شراب ۔ (۱۲) شراب کا لمبا گھونٹ ۔ (۱۳) (مجازاً) نفع ؛ فائدہ ؛ فوقیت ۔ (۱۴) امتیاز ؛ برتری ؛ سبقت ؛ منفعت ؛ نفع ؛ بھلائی ؛ ذاتی اثر و رسوخ (امریکی عامیانہ) ۔ (۱۵) جلب ؛ توجہ ۔ (۱۶) دفعہ ؛ مرتبہ ۔ (۱۷) نوبت ؛ حیلہ ۔ (۱۸) کھینچنے کی قوت یا طاقت ؛ کھنچائی ؛ کسی چیز کو کسی سطح پر کھینچنا ؛ موہ لینے والی قوت ۔ (۱۹) سڑک کا وہ حصہ جہاں زیادہ سرگرمی ضروری ہو، خصوصاً نامناسب چڑھاؤ ۔

Bear - pull : بیر پمپ کا دستہ ۔

Bell- pull : گھنٹی کھینچ ؛ گھنٹی کی رسی ؛ گھنٹی کا دستہ ۔

Long pull : مطالبے سے زیادہ مقدار شراب کی سپلائی ۔

The pull of the table : (phr.) (جوئے بازی میں) ڈیلر یا بینکر کی طرف سے منفعت یا نفع ۔

To have a , or , the pull of , on , upon , or over : کسی شخص سے مقابلتاً فائدہ میں ہونا یا رہنا ۔ (person)

Pull : (v) [OE. 'pullian' .] (۱) جڑ سے کھینچنا ؛ اکھاڑنا (پودا وغیرہ) ؛ اکھاڑ پھینکنا ؛ جڑ بنیاد سے اکھاڑ ڈالنا ۔ (۲) درخت سے توڑنا ؛ جمع کرنا (پھل ، پھول یا پتیاں وغیرہ) (اب خصوصاً اسکاتستان) ۔ (۳) دیکھو (v) Pluck ۔ (۴) لڑنا ؛ جھگڑنا ؛ ہاتھا پائی کرنا ؛ ایک دوسرے کی ٹوپی اچھالنا ۔ (۵) کھینچنا ؛ اپنی طرف کھینچنا ؛ اعصاب کا کھنچاؤ ہونا ۔ (۶) اوپر کرنا یا چڑھانا ؛ حرکت دینا ؛ کھینچ کر آگے بڑھانا ۔ (۷) زور لگا کر کھینچنا ؛ زور لگا کر چڑھانا ؛ چڑھنا یا آگے بڑھنا ؛ زور سے کسی چیز کو حرکت دینا ؛ زور سے کھینچنا ۔ (۸) گھوڑے کا منہ زور ہونا ؛ منہ سے زور لگانا ؛ زور لگانا ۔ (۹) کش لگانا یا کھینچنا (پائپ ، حقہ ، سگریٹ وغیرہ کا) ۔ (۱۰) پرزے پرزے کر ڈالنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا ؛ چیرنا ؛ پھاڑنا ۔ (۱۱) چھاپنا ؛ پروف یا کاپی لگا کر تیار کرنا ؛ طبع کرنا ؛ نقش اتارنا ۔ (۱۲) کھینا ؛ چلانا ؛ (کشتی کا) کھینچا جانا ؛ کشتی میں لے جانا ؛ کشتی میں سفر کرنا ۔ (۱۳) (عام) گرفتار کرنا ؛ حراست میں لینا ۔ (۱۴) (عام) قمار خانے پر (شراب خانے پر) یورش کرنا ؛ ٹوٹ پڑنا ۔ (۱۵) (گھڑ دوڑ میں) گھوڑے کو روکنا ۔ (۱۶) (کرکٹ) گیند کو بلے سے اس طرح مارنا کہ وہ آف سے لیگ کی طرف جائے ؛ آف سے لیگ کی طرف مارنا ۔ (۱۷) (گولف) گیند کو بائیں طرف لے جانا ۔ (۱۸) چھین لینا ؛ جھپٹنا ؛ لے بھاگنا ؛ لے بھاگنا (خصوصاً باز کا) ؛ (کھانے کا) چھین لینا ؛ زور سے کسی چیز پر گرنا یا جھپٹنا ۔ (۱۹) طاقت سے لے بھاگنا ؛ کسی کی طرف جھکاؤ ہونا ۔ (۲۰) قوت کشش کا ہونا ؛ توجہ دینا ؛ جلب توجہ کرنا ۔ (۲۱) شراب کا گھونٹ پینا ؛ منہ میں (شراب کی ایک گھونٹ) کھینچنا ۔

To pull a bell/ -the bell-rope : گھنٹی کی رسی کھینچنا ۔

To pull a face / -faces : منہ بنانا ؛ مضحک شکل بنانا ۔

To pull a long face : دیکھو Long(a)

To pull a (sanctimonious) face : مقدس صورت یا وضع بنانا ۔

To pull in (a thing) or to pieces : ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا ؛ پرزے پرزے کر ڈالنا ؛ برباد کر دینا ؛ (مجازاً) مخالفانہ تنقید کرنا ؛ دھجیاں اڑا دینا ۔

To pull by the ear /-nose/ -sleeve : (۱) توجہ حاصل کرنا ؛ توجہ چاہنا ۔ (۲) سزا دینا ؛ رسوا کرنا ؛ کسی کے تحقیراً ناک ، کان کھینچنا ؛ گوشمالی کرنا ۔ (۳) متوجہ کرنے کے لئے آستین کھینچنا ۔

To pull caps/ -wigs : لڑنا ؛ جھگڑنا ؛ ہاتھا پائی کرنا ؛ ایک دوسرے کی ٹوپی اچھالنا ۔

To pull game out of the fire : (۱) ڈوبتی ناؤ کو جا سنبھالنا ۔ (۲) ہارے ہوئے کھیل کو جیت لینا ۔

To pull oneself together : (۱) (بھاگنے کے بعد) آ جمع ہونا ۔ (۲) آپے میں آنا ؛ ہوش میں آنا ؛ اپنے کو سنبھالنا ۔

To pull one's leg : دیکھو Leg (n)

To pull one's weight : اپنے وزن کے متناسب سے کشتی چلانا نیز اپنے حلقے کا کام کرنا ۔

To pull on one's stocking : اپنے موزے کھینچ کر اوپر کر لینا۔

To pull the long-bow : کمان کھینچنا۔

To pull the strings : پتنگ کی ڈور ہاتھ میں ہونا؛ کٹھ پتلی کا تار ہاتھ میں ہونا۔

To pull the wires : تار سے کسنا؛ تار پر کٹھ پتلی کو نچانا۔

Pull about : (v) (۱) ادھر ادھر کھینچنا؛ کھینچا تانی کرنا۔ (۲) (بول چال) بری طرح پیش آنا؛ بے تکلفی سے پیش آنا؛ اکھڑ پن سے پیش آنا۔

Pull away : (v) پیچھے ڈھکیلنا؛ کسی کو پیچھے کر دینا۔

Pull-down : (v) (۱) نیچے کھینچنا؛ گرانا؛ گھٹانا؛ تخفیف کرنا۔ (۲) (عمارت وغیرہ) گرانا؛ ڈھانا؛ منہدم کرنا؛ مسمار کرنا۔ (۳) لاغر و کمزور کرنا؛ ماندہ کرنا؛ ضعیف و نقیہہ کرنا؛ زور کم کرنا؛ طاقت کم کرنا۔ (۴) قیمت کم کرنا؛ گھٹانا۔ (۵) (غرور) توڑنا۔ (۶) دریافت کرنا۔ (۷) (حکومت کو) بہ زور ہٹانا؛ بدل دینا؛ اکھاڑ پھینکنا۔ (۸) مشاہرہ یا مزدوری اٹھانا؛ انعام حاصل کرنا۔ (۹) پکڑنا (بال) (خصوصاً بہت دوڑنے کے بعد)۔

Pull- down : (n) (۱) نیچے گرانے کا عمل؛ نیچے کھینچنے کا عمل۔ (۲) ارغنون میں ایک تار جو کھلمندن کو کھول دیتا ہے۔

Pull-down : (a) نیچے گرا دینے کے لائق؛ نیچے کھینچ لینے کے قابل۔

Pull in : (v) (۱) کھینچنا؛ نقشہ کشی کرنا۔ (۲) (گھوڑے کو) باگ سے قابو میں رکھنا۔

Pull in : (v) اندر کھینچنا۔

Pull- in : (n) داخلہ؛ کونہ؛ گوشہ؛ وہ جگہ جہاں گاڑیاں رکھی جائیں؛ سڑک کے کنارے کھانے کی جگہ؛ آرام کی جگہ۔

Pull in : (v) (۱) روکنا؛ حد کے اندر رکھنا؛ قابو میں رکھنا؛ باز رکھنا۔ (۲) گرفتار کرنا؛ حراست میں لینا۔ (۳) کسی جگہ پہنچنا؛ آخری جگہ تک آنا؛ مقام تک پہنچنا۔

Pull off : (v) (انعام) جیتنا (اسپورٹس میں)؛ (مقابلے میں) کامیاب ہونا؛ مقاومت کرنا؛ مقابلہ کرنا۔

To pull off one's hat : اپنی ٹوپی اتارنا؛ سلام کرنا۔

Pull-on : (n) لباس (پہننے) کا سامان جسے بغیر کسے ہوئے پہنا جائے؛ پوشیدنی۔

Pull on : (v) کھلا چھوڑ دینا؛ تحریک کرنا۔

Pull out : (v) (۱) کھے کر کشتی کو نکال لے جانا۔ (۲) ریل گاڑی کا اسٹیشن سے باہر نکل جانا۔ (۳) اکھیڑنا؛ نکالنا؛ کھینچ نکالنا؛ اکھاڑ دینا؛ جڑ سے اکھاڑ لینا۔ (۴) اپنی حالت سے الگ کر دینا؛ اپنی جگہ سے الگ کر دینا۔ (۵) چھوڑ دینا؛ رہنے دینا۔ (۶) واپس بلا لینا (فوج کو)۔

Pull- out : (n) مڑا ہوا پتا یا پلیٹ یا کاغذ کا ٹکڑا جسے حوالہ جات کے لئے کتاب میں رکھتے ہیں۔

Pull-over : (n) (۱) ایک طرف سے دوسری طرف لے جانے یا کھینچنے کا عمل۔ (۲) ایک قسم کا سوئٹر؛ ایک قسم کا لباس (بنا ہوا)؛ ایک قسم کی گرم بنیان (پسینہ گیر)۔

Pull pin : (n) وہ پن جو مشین کے دو حصوں کو الگ کرتی ہے۔

Pull through : (v) (۱) صحیح سلامت نکل آنا (بیماری، خطرے وغیرہ سے)۔ (۲) (بیمار کو) بچا لینا؛ اچھی حالت میں لانا (کس چیز کو)۔ (۳) (کسی خطرے، مشکل وغیرہ سے) بچا لینا۔ (۴) بری حالت سے نکال لینا؛ نجات دلانا (مصیبت وغیرہ سے)۔

Pull-through : (n) صفائی کش؛ وہ رسی جس کے ذریعے بندوق کی نال میں صافی ڈال کر کھینچتے ہیں۔

Pull together : (v) (۱) ایک ساتھ کام کرنا؛ ایک ساتھ کھینچنا؛ مدد کرنا؛ مل کر کام کرنا۔ (۲) آپے میں آنا؛ ہوش میں آنا؛ اپنے کو سنبھالنا۔ (۳) اتحاد عمل کرنا؛ تعاون کرنا۔

Pull up : (v) (۱) باگ کھینچنا؛ باگ روکنا؛ باگ تھامنا۔ (۲) روکنا؛ ٹھہرانا۔ (۳) سرزنش کرنا؛ تنبیہ کرنا۔ (۴) اپنے آپ کو روکنا؛ ضبط کرنا۔ (۵) دوڑ وغیرہ میں اپنے کو بڑھانا۔ (۶) حراست میں لینا؛ قید کرنا؛ روک رکھنا؛ (خصوصاً) مجسٹریٹ کے سامنے لے جانا۔

Pull-up : (n) (۱) گھوڑا یا سواری روکنے کا عمل۔ (۲) (مجازاً) اچانک روک۔ (۳) سواری یا ڈرائیور کے رکنے کی جگہ۔ (۴) ملاقات کی جگہ جہاں مسافر قیام کرتے ہیں۔

Pullable : (a) کھینچنے کے قابل؛ قابل کشش؛ کھینچ تان کے لائق۔

Pullback : (n) (۱) روک؛ مزاحمت؛ خرابی؛ عیب۔ (۲) وہ شخص جو پیچھے کھنچتا ہے؛ رجعت پسند۔ (۳) مزاحم (شے) سد راہ؛ مزاحمت؛ روک۔ (۴) واپس بلانا؛ کھینچ لینا

خصوصاً فوج کا مخصوص علاقے سے واپس بلا لینا۔ (۵) لوہے کا ہک۔ (۶) ایک ترتیب جو عورت کے سائے کے پہلے ہوئے حصے کو پیچھے سے کھینچے یا تانے رہتا ہے تاکہ سامنے کا حصہ صفائی سے لٹکا رہے؛ پیچھے لے جانے کی ترکیب۔ (۷) پیچھے کھینچنے کا عمل۔

Pullback : (v) روکنا؛ مزاحمت کرنا؛ پیچھے کھینچنا۔

Pulldevil / Pullbaker : (n) کسی مقابلے میں جانبین کی ہمت افزائی۔

Pulled : (a) (۱) خستہ؛ ماندہ؛ مضمحل؛ پست۔ (۲) اکھاڑا ہوا؛ کھینچا ہوا؛ بال یا اون کھینچا ہوا۔

Pulled bread : (n) روٹی کے خستہ ٹکڑے (تازہ پکی ہوئی ڈبل روٹی کے اندر سے بے قاعدہ ٹکڑے نکال کر پھر تنور میں پکاتے ہیں تاکہ خستہ ہو جائیں)۔

Pulled chicken fowl : (n) پکائے ہوئے چوزہ اور پرند کے گوشت کو کاٹ کر پلیٹ میں رکھنا۔

Pulled figs : (n) خشک انجیروں کو اس طرح تہ بہ تہ رکھنا کہ ان کی آنکھیں بیچ میں ہوں۔

Pulled wool : (n) معمولی اون؛ ادنیٰ اون۔

Puller : (n) (۱) کھینچنے والا؛ اکھاڑنے والا۔ (۲) کھینچنے کا آلہ یا مشین۔ (۳) منہ زور گھوڑا؛ جاندار گھوڑا؛ اسپ سرکش؛ (حیوانیات) سرکش گھوڑا۔ (۴) (اوزار) میخ کش۔

Pullet : (n) [Fr. 'Poulet'.] (حیوانیات) چوزۂ مرغ؛ چوزہ؛ مرغی کا بچہ۔

Pullet carpet-shell : (n) صدفہ نما جانور۔

Pulley : (n) [OFr. 'Polie'.] چرخی؛ گھرنی؛ (میکانیات) پُلی؛ قرقرہ۔

Fixed pulley : وہ چرخی جس کا بلاک متعین ہوتا ہے۔

Frame pulley : وہ چرخی جس میں پہیا متعین ہوتا ہے۔

Pulley : (v) [f. prec.] (۱) چرخی لگانا؛ گھرنی چڑھانا۔ (۲) چرخی کے ذریعہ چلانا۔

Pulley-block : (n) (میکانیات) چرخی کا سہارا؛ بلاک۔

Pulley-drum : (n) بلاک یا خول جس میں چرخی چڑھی ہوتی ہے۔

Pulley frame : (n) گڑھے کے اوپر کی دندانہ دار ٹیک جس پر چرخی رکی رہتی ہے۔

Pulley stile : (n) چرخی گزر؛ کھڑکی کا ساش چوکٹھا جس میں چرخی لگی رہتی ہے۔

Pulling : (n) کھینچنے والا۔

Pulling boat : (n) کھینچنے والی کشتی؛ چپو والی کشتی۔

Pullman : (n) [f,. name of the designer, George M. Pullman (1831- 97) , of chicago , U.S. A.] ریلوے سیلون (جس میں سونے کا انتظام ہو)۔

Pullman car : (n) دیکھو Pullman

Pullorum disease : (n) (بیطاری) چوزوں کی ایک بیماری۔

Pullround : (v) (۱) (بیمار کو) اچھا کرنا؛ صحت یاب کرنا۔ (۲) (بیماری وغیرہ سے) اچھا ہونا؛ صحت یاب ہونا؛ تندرست ہونا۔

Pullulant : (a) [Fr.] پھولا پھلا؛ ثمر ور؛ تنو مند۔

Pullulate : (v) [stem of L. 'Pullulare'.] (۱) کھلنا؛ پھولنا؛ پھوٹنا؛ (کونپل یا بیج کا) نکلنا؛ پھوٹنا؛ پھوٹ نکلنا؛ پھوٹ آنا؛ غنچہ کا کھلنا؛ نمو ہونا۔ (۲) (مجازاً) پھولنا پھلنا؛ بار آور ہونا (مذہب، عقیدے وغیرہ کا)۔ (۳) سرسبز ہونا؛ بیشمار ہونا؛ زیادہ ہونا؛ افراط ہونا؛ بہتات ہونا۔ (۴) (جانور وغیرہ کا) بڑھنا؛ جننا۔

Pullulation : (n) (۱) پھوٹنے کا عمل؛ کھل اٹھنا؛ شگفتگی؛ (نباتیات) نبت؛ اگاؤ۔ (۲) پھوٹنا؛ اگنا؛ جمنا؛ افزائش نسل؛ اولاد؛ پیداوار۔

Pullus : (n) (۱) (نباتیات) کلبھورا۔ (۲) چوزہ یا پرندے کا بچہ؛ گدھے کا بچہ۔

Pully-haul : (v) (۱) کش مکش کرنا؛ کھینچاتانی کرنا؛ کھینچ تان کرنا۔ (۲) کش مکش ہونا؛ کھینچا تانی ہونا۔

Pully-hauly : (n) (بول چال) کش مکش؛ کھینچا تانی؛ کھینچ تان۔

Pully-hauly : (a) کش مکش کا؛ کھینچ تان کا۔

Pulmo- : [L.] جزو ترکیبی بمعنی "پھیپھڑا"؛ "شش"؛ "ریہ"؛ "سُحر"۔

Pulmobranchia /Pulmobranchiae : (n) پھیپھڑا تھیلی۔

Pulmobranchial : (a) شش گلپھڑے دار (وہ جانور جن میں پھیپھڑے اور گلپھڑے دونوں مرکب ہوتے ہیں) ؛ ریہ خیشوی۔

Pulmobranchiate : (a) دیکھو Pulmobranchial

Pulmocutaneous : (a) پھیپھڑے اور چمڑے سے متعلق۔

Pulmogastric : (a) پھیپھڑے اور پیٹ سے متعلق۔

Pulmogasteropod/ -gastropod : (a) سانس لینے والے معدہ پا سے متعلق۔

Pulmogasteropod : (n) سانس لینے والا معدہ پا۔

Pulmometer : (n) (طب) ریہ پیما ؛ شش پیما ؛ پھیپھڑے کا حجم ناپنے کا آلہ۔

Pulmometry : (n) (طب) ریہ پیمائی ؛ شش پیمائی۔

Pulmonal : (a) (۱) ششی ؛ رئوی ؛ پھیپھڑے کا ؛ پھیپھڑے سے متعلق۔ (۲) پھیپھڑے یا شش نما عضو رکھنے والا۔ (۳) (مرضیات) پھیپھڑے یا شش کا۔

Pulmonaria : (n) [med. L. 'Pulmonaria'.] (نباتیات) حشیشۃ الرّیہ۔

Pulmonary : (a) [L. 'Pulmonarius'.] دیکھو Pulmonal

Pulmonary : (n) (طب) مریض ریوی۔ (۲) (حیوانیات) ریہ دار ؛ شش دار۔ (۳) (نباتیات) حشیشہ الریہ (Lungwort)۔

Pulmonary artery : (n) ششی شریان ؛ پھیپھڑے کی شریان ؛ شریان ریوی (جو دل سے پھیپھڑے کو خون پہنچاتی ہے)۔

Pulmonary consumption : (n) (طب) سِلّ۔

Pulmonary disease : (n) ششی مرض ؛ پھیپھڑے کی بیماری ؛ مرض ریوی۔

Pulmonate : (a) [mod. L. 'pulmonatus'.] ذوات الریہ ؛ شش دار ؛ پھیپھڑے دار ؛ ریہ دار ؛ شش نما عضو رکھنے والا۔

Pulmonate : (n) شش نما عضو رکھنے والا۔

Pulmonated : (a) دیکھو Pulmonate (a)

Pulmones : (n) (حیوانیات) ریات ؛ پھیپھڑے۔

Pulmoni - : [L. 'Pulmo'.] جزو ترکیبی بمعنی "ریہ" : "پھیپھڑے"۔

Pulmonibranchiate : (a) دیکھو Pulmobranchiate

Pulmonic : (a) [mod. L. 'Pulmonicus'.] دیکھو Pulmonary (a)

Pulmonic : (n) (۱) پھیپھڑے کا مریض ؛ (طب) مسلول۔ (۲) (طب) دوا ریہ۔

Pulmonifer : (n) پھیپھڑے دار معدہ پا ؛ ریہ دار معدہ پا۔

Pulmoniferous : (n) ریہ دار ؛ ریوی۔

Pulmonitis : (n) (طب) ذات الرّیہ ؛ نمو نیا۔

Pulmotor : (n) (طب) تنفسی پمپ ؛ محرک ریہ۔

Pulmono- : [L. 'Pulmo'.] جزو ترکیبی Pulmoni- /Pulmo-

Pulp : (n) [L. 'Pulpa'.] (۱) گودا ؛ گوشت میوہ ؛ تفالہ۔ (۲) مغز ؛ مغز گیاہ۔ (۳) لپٹی۔ (۴) (کاغذ سازی) ماوہ ؛ لُب (جس سے کاغذ بنایا جاتا ہے) ؛ خمیر کاغذ ؛ خمیر مواد۔ (۵) دھات کا گوندا (دھات کا سفوف جو پانی میں گوندھ لیا جاتا ہے)۔ (۶) مغز دندان ؛ گوشت وسط دندان۔ (۷) گوشت زیر ناخن۔ (۸) پلپلا شخص ؛ آدم خستہ۔ (۹) (امریکا) معمولی کاغذ سے تیار کی ہوئی کتاب یا رسالہ جس میں خاص کر ہنگامہ خیز یا جوش انگیز مضامین یا کہانیاں ہوں۔

Dental pulp : (حیوانیات) مغز دندان۔

Dry pulp : خشک پسی ہوئی دھات۔

Pulp : (v) [f. prec.] (۱) پلپلا کرنا ؛ گوندا کرنا۔ (۲) گودا اتارنا ؛ گودا چھیلنا۔ (۳) مغز نکالنا۔ (۴) ملائم ہونا ؛ گودا دار ہونا۔ (۵) پلپلا ہونا ؛ رس سے پھول جانا۔

Pulp cassiae : (n) (نباتیات) مغز فُلُوس ؛ املتاس کا گودا۔

Pulp-canal/ -cavity / -chamber : (n) (حیوانیات) جوفہ مغز دندان۔

Pulp digester : (n) خمیر کاغذ کے موٹے ٹکڑوں کو چھوٹا کرنے والی ایک مشین۔

Pulp engine : (n) دیکھو Beater

Pulp-paper : (n) ماوائی کاغذ۔

Pulpectomy : (n) مغز دندان کو باہر نکالنا ؛ مغز دندان کو نکالنے کا فن۔

On purpose : ارادتاً : مقصد کے طور پر : عمداً : قصداً : باعزم : بالقصد : بالارادہ ۔

To answer or serve one's purpose : کسی کی خواہش کے مطابق کرنا : دوسرے کے مطلب کے مطابق کرنا ۔

To little, some , no purpose : بے فائدہ ؛ لاحاصل ؛بے کار ؛ اس سے کسی قدر مطلب براری ہوتی ہے ۔

To the purpose : مفید مطلب ؛ اصل مقصد کے متعلق ۔

Purpose : (v) [OFr. 'Por-, Purposer' .] ارادہ رکھنا ؛ عزم رکھنا ؛ قصد کرنا ؛ ارادہ کرنا ؛ تہیہ کرنا ؛ منصوبہ کرنا یا باندھنا ؛ ڈول ڈالنا ؛ نظر میں رکھنا ۔

Purposedly : (adv.) (۱)عمداً؛ ازروئے قصد ۔ (۲) دیکھو Purposely ۔

Purposeful : (a) با مقصد ؛ مقصود ؛ با ارادہ ؛ باعزم ۔

Purposeful activity : (n) (نفسیات) عمدی فعلیت ۔

Puposefully : (adv.) خاص غرض سے ؛ معنی خیزانہ طور پر ؛ اصل مقصود کے ساتھ ؛ معنی خیزی کے ساتھ ؛ معنی خیز طور پر ۔

Purposefulness : (n) معنی خیزی ؛ باعزم ہونا؛ با مقصود ہونا ۔

Purposeless : (a) بے مقصد ؛ بلا ارادہ ؛ بے معنی ؛ جس میں کوئی غرض مضمر نہ ہو ؛ بے نتیجہ ؛ لاحاصل ؛ بے فائدہ ۔

Purposelessness : (n) بے حاصلی ۔

Purposelike : (a) عازم ؛ جازم ؛ ازروئے عزم و ارادہ ؛موزوں ؛ مناسب ؛ خاص مقصد رکھنے والا ۔

Purposely : (adv.) عمداً ؛ ازروئے قصد ؛ عامداً ؛ باعزم و ارادہ ؛ ارادتاً ؛ مقصداً ؛ بالقصد ؛ معنی خیز طور پر ؛ کسی خاص منشا یا تجویز کے ساتھ ۔

Purposer : (n) عازم ؛ ارادہ رکھنے والا ؛ قصد دار ؛ وہ شخص جو کچھ ارادہ رکھتا ہو ۔

Purposive : (a) (۱) مقصد کے مطابق ؛ مقصودی ؛ غرضی ؛ موافق منشا؛ متعلق قصد ۔ (۲) (نفسیات) قصدی ۔ (۳) سود مند؛ مبنی بر منظور ۔

Purposively : (adv.) غرض کے طور پر ؛ سود مندانہ اندازمیں ۔

Purposiveness : (n) مقصودیت ؛ عمدیت ؛ معنی خیزیت ۔

Purposivism : (n) (نفسیات) مقصودیت ۔

Purpresture : (n) [OFr. 'Pur-, porpresture'] (قانون) غصب شاملات ؛ تصاحب ملک دیگری ؛ غصب جنگل ۔

Purpura : (n) [Gr. 'Porpura' .] (حیوانیات) ارغوانی گھونگا ؛فرفیر؛ گھونگے کی قسم جس سے ارغوانی رنگ حاصل ہوتا ہے۔ (۲)(طب) حصبہ ؛ حمیرا ؛ خونی دھبے ؛ پرپیورا؛ یہ ایک بیماری ہے جس میں جلد پر نیلے یا ارغوانی داغ پڑ جاتے ہیں ۔

Purpura hemorrhagica : (n) (طب) حصبۂ نزفی ؛ نزفی حمیرا ۔

Purpura rheumatica : (n) (طب) گٹھیائی حمیرا ۔

Purpurate : (n) (کیمیا) ارغوانی تیزاب کا نمک ۔

Purpurate : (a) [L. 'Purpuratus' .] پرپیورا مرض کا یا اس سے متعلق ۔

Purpure : (a) (نقابت) ارغوانی رنگ کا ۔

Purpureal : (a) [f. L. 'Purpureus' .] ارغوانی ؛ارغوانی رنگ کا ۔

Purpureo- : [comb. f. L. 'Purpureus' .] سابقہ بمعنی "ارغوانی" ۔

Purpuric : (a) [f. L. 'Purpura' .] (۱) (کیمیا) تیزاب کے لئے استعمال ہوتا ہے جس کا نمک ارغوانی یا لال ہوتا ہے ۔ (۲) پرپیورا کا ؛ پرپیورائی ؛ حصبہ سے متعلق ۔

Purpuric acid : (n) ارغوانی تیزاب ؛ ایک فرضی تیزاب جس سے ارغوانی نمک حاصل ہوتا ہے ۔

Purpuric fever : (n) (طب) تپ حصبی ؛ پرپیوری بخار ؛ ارغوانی بخار ۔

Purpurin : (n) [f. L. 'Purpura' .] (کیمیا) لال رنگ کی ایک شے ($C_{14}H_5O_2(OH)_3$) : مجیٹھی ؛ لال رنگ ؛ سرخ رنگ جو پہلے پہل مجیٹھ اور چھل چھبیلے سے نکلتا ہے۔

Purpurine : (a) ارغوانی ؛ ارغوانی رنگ کا ۔

Purr : (n) [Goes w. next.] خرخر ؛ خر خراہٹ ؛ فرفر ؛ فرفر کی آواز ؛ بلی کی نرم آواز (جب وہ خوش ہوتی ہے) ۔

Purr : (v) [imit.] (۱) بلی کی سی آواز نکالنا ؛ خرخر کرنا ؛ غرغر کرنا ۔ (۲) (مجازاً) محبت یا خوشی کا اظہار کرنا ۔ (۳) منہ سے خر خر کی آواز نکالنا ۔

Purre : (n) [From the voice of the bird.] Dunlin کا مقامی نام ۔

Purree : (n) [Hindi 'Peori' .] زرد رنگ (سفوف) ۔

Purreic : (a) زرد رنگ کا ؛ اصفری ۔

Purry : (a) مانند خرخر ۔

Purse : (n) [OE. 'Purs' .] (۱) بٹوہ ؛ تھیلی ؛ کیسہ ۔ (۲) (مجازاً) روپیہ؛ خزانہ ؛ سرمایہ ؛ گنجینہ ؛فنڈ ۔ (۲) چندا ؛ انعام ؛نذرانہ ؛ ہدیہ (رقمی) ۔ (۳) (نباتیات ، حیوانیات) کیسہ نماشے ؛ بیضہ دان ؛ بچہ دان خصوصاً خصیہ دانی ؛ خصیوں کی تھیلی ۔ (۵) (تیر اندازی) قنداق تفنگ ۔ (۶) جلتے ہوئے کوئلے سے ٹکڑے کا علاحدہ ہو جانا جسے نیک فال سمجھا جاتا ہے ۔

A common purse : وہ فنڈ جسے عام لوگ جمع کریں ؛ عمومی فنڈ ؛ خزانۂ عمومی ۔

A heavy or long purse : بڑی دولت ؛ زر کثیر ۔

A light purse : افلاس و ناداری ۔

Privy purse : دیکھو Privy(a)

The public purse : قومی خزانہ ؛ خزانۂ عامرہ ؛ بیت المال ۔

The purse of gold : ترکی سلطنت میں دس ہزار فروش کی تھیلی ۔

The purse of Silver : ترکی سلطنت میں پانچ سو فروش کی تھیلی ۔

Will any gentleman give or (put up) a purse : کیا کوئی صاحب چندہ یا انعام عطا فرمائیں گے۔

Purse : (v) [f. Prec.] (۱) سکیڑنا ؛ شکن ڈالنا ؛ شکن پڑنا ؛ چیں بہ جبیں ہونا ؛ بھویں سکوڑنا ۔ (۲) پر شکن ہونا ؛ شکن پڑنا ؛ سکڑنا ؛ جھریاں پڑنا ۔(۳)(امریکا) تھیلے کی شکل میں حال کیسہ (مچھلی پکڑنے کا) کو کھینچنا ؛ بند کرنا ۔

Purse-bearer : (n) (۱) خزانچی ؛ کیف بر ؛ کیسہ بردار ؛ کسی شخص یا کمپنی کی نقدی کا تحویل دار ؛ خزانہ دار ؛ تحویل دار ۔ (۲)(خصوصاً) وہ افسر جو مہر اعظم (Great Seal) کو تھیلی میں رکھ کر لارڈ چانسلر کے آگے چلتا ہے ۔ (۳) (حیوانیات) تھیلی دار جانور ؛ تھیلی مار ۔

Purse-crab : (n) Birgus جنس کا کیکڑا ۔

Purse cutter : (n) جیب کترا ؛ بٹوا چور ۔

Purse-leech : (n) حریص روپیہ ؛ (روپے کا)بہت بڑا لالچی ۔

Purse line : (n) وہ رسی جس سے جال کیسہ کو کھینچتے ہیں ۔

Purse-net : (n) بٹوا نما جال ؛ جالی کیسہ (خرگوش وغیرہ پکڑنے کے لئے ، جس کا منہ رسی سے بند ہو جاتا ہے)۔

Purse-pride : (n) غرور دولت ؛ روپے کا گھمنڈ ۔

Purse-proud : (a) مغرور دولت ؛ وہ شخص جو روپے پر گھمنڈ کرتا ہے ۔

Purse-seine : (n) مچھلی پکڑنے کا جال ؛ جال کیسہ (مچھلیاں پکڑنے کا) ۔

Purse-string : (n) (عموماً جمع میں) کیسہ بند کرنے کی رسی ؛ بٹوہ کی رسی ۔

Purse-string suture : (n) جراحی میں ایک قسم کا ٹانکا ۔

Purseful : (n) کیسہ بھر ؛ تھیلی بھر ؛ بٹوا بھر ۔

Purselike : (n) کیسہ نما ۔

Purser : (n) [f. Purse. (n)= Er.] (۱) جہاز کا افسر حساب سازو سامان ۔ (۲) (معدنیات) کان کا خزانچی ؛ تحویل دار ؛ صندوق دار ۔

Pursership : (n) جہاز کے افسر کا عہدہ جو سامان کا حساب و کتاب رکھتا ہو ۔

To hold the purse-strings : اخراجات پر قابو رکھنا ۔

To loosen the purse-strings : فراخ دستی برتنا ۔

To tighten the purse-strings : کفایت شعاری برتنا ۔

Pursiness : (n) شکن دار ہونے کی حالت ۔

Pursiness : (n) ضیق النفس ؛سانس کا بھاری چلنا ؛ پھیپس پن ؛ چڑھنا یا پھولنا ۔

Pursive : (a) دمہ والا ؛ ضیق النفس کا(مریض) ۔

Purslane : (n) [OFr. 'Porcelaine' .] (نباتیات) باقلا ؛ خرفہ؛ با قلیۃ الحُمقا ۔

Crimson-flowered purslane/ -Red/ -Yellow / Sea-purslane/ Water- : باقلا کی مختلف قسمیں ۔

Purslane-tree : (n) شمالی امریکا کا با قلا ۔

Pursuable : (a) قابل انجام دہی ؛ قابل تعاقب ؛ قابل اتباع ؛ پیروی کے لائق ؛ استغاثہ یا دعویٰ کے قابل ۔

Pursuance : (n) [f. as Pursuant.] (۱) پیروی ؛ تلاش ؛ کوشش ؛ تعمیل ؛ نتیجہ ۔ (۲) تعقیب ؛ تعاقب ۔ (۳) مزاولت ؛ جاری رکھنا ؛ سلسلہ ؛ تسلسل ۔

In Pursuance of : به تعمیل ؛ به اتباع ۔

Pursuant : (a) [OFr. 'Por- , poursuiant'.] (۱) متعاقب ؛ تعاقب کرنے والا ؛ متلاشی ؛ پیرو ۔ (۲) موافق ؛ مطابق ؛ به موجب؛ حسب ۔

Pursuantly : (adv.) اتباع کے طور پر ؛ به اتباع ؛ موافق ؛ مطابق ؛ به موجب ۔

Pursue : (v) [ME. 'Pursiwe' .] (۱) تعاقب کرنا ؛ پیچھا کرنا (گرفتار کرنے یا قتل کرنے کی غرض سے) ۔ (۲) ڈھونڈنا؛ تلاش کرنا ۔ (۳) در پے ہونا ؛ کئے جانا ؛ قائم رہنا ؛ لگے رہنا ۔ (۴) پیروی کرنا ؛ چلنا ؛ جاری رکھنا (راستہ ، تحقیق وغیرہ) ؛ اصول یا نظریہ کے مطابق عمل کرنا ۔ (۵) انجام دینا ؛ مد نظر رکھنا ؛ جاری رکھنا(تعلیم وغیرہ) ؛ اختیار کرنا(پیشہ وغیرہ)۔ (۶) کسی کے تعاقب میں جانا (After کے ساتھ)۔ (۷) عدالت میں مقدمہ چلانا ؛ مقدمہ قائم کرنا ؛ (خصوصاً اسکاتستان) تلاش کرنا ؛ استغاثہ کرنا (۸) (قانون) (عمل وغیرہ) چلاتے رہنا ؛ جاری رکھنا ؛ انتظام کرنا (کاروبار کا) ۔ (۹) (قانون) پیش کرنا ؛ تحریری بیان دینا (خصوصاً اسکاتستان) ۔ (۱۰) مسلسل ہونا؛ لگاتار ہونا ۔

To purse after : کسی کے تعاقب میں جانا ۔

Pursuer : (n) (۱) (قانون) شاکی ؛ خواہاں ؛ مدعی خصوصی ؛ دعویٰ دار ؛ مستغیث ۔ (۲) تعاقب کرنے والا ؛ پیچھا کرنے والا ۔ (۳) متلاشی ؛ متجسس ۔

Pursuingly : (adv.) تعاقب کرتے ہوئے ؛ تلاش کرتے ہوئے ؛ استغاثہ کے طور پر ۔

Pursuit : (n) [Fr. 'Poursuite' .] (۱) تعاقب ؛ تلاش ؛ کھوج ؛ سعی ؛ جستجو ؛ تفتیش (شکار شدہ جانور یا دشمن کے لئے)۔ (۲) پیشہ ؛ کار و کسب ؛ کام دھندا ؛ شغل ؛ مشغلہ ؛ کاروبار ۔(۳) (قانون) نالش؛ (نفسیات) تعقیب ؛ عقبہ ۔ (۴) تلاش کرنے کا عمل ؛ حاصل کرنے کا عمل ۔ (۶) مقصد ۔ (۷) لڑاکا جہاز (Fighter) ۔

In Pursuit (of) : تلاش میں ؛ تعاقب میں ۔

Pursuit plane : (n) لڑاکا جہاز ؛ فائٹر ہوائی جہاز ۔

Pursuitmeter : (n) (نفسیات) تعقیب پیما ۔

Pursuivant : (n) [OFr.' Pursivant' .] (۱) مدرسہ حربیہ (College of Arms) کا ایک افسر جو منصب میں نقیب سے نیچے ہوتا ہے ؛اسے Pursuivant at (of) arms بھی کہتے ہیں ۔ (۲) (شاعرانہ) پیرو ؛ متبع ؛ ملازم ؛ رکاب دار ۔ (۳) قاصد ؛ہرکارہ ؛ نامہ رساں ۔

Pursy : (a) [Later form of 'Pursif' .] (۱) دیکھو Pursive ۔ (۲)موٹا؛ فربہ ؛ پھپس ؛ پولا؛ پھولا ہوا ؛ لحیم شحیم ؛ جسیم ؛ جس پر جلدی دم چڑھ جائے ؛ جس کا سانس جلد پھول جائے ؛ تنک نفس ۔

Pursy : (a) [f. Purse (n) + -y.] (۱) (کپڑا ، چمڑا وغیرہ) شکن دار؛ چین آلود ؛ تہ دار ؛ جھری دار ۔ (۲) دولت مند ؛ کیسہ بھرا ہوا ۔

Purtenance : (n) [AFr. 'Purtinaunce' .] جانور کی انتڑیاں ۔

Purulence : (n) [L. 'Purulentia' .] ریم آلودگی ؛ پیپ بھرا ہوا ہونا ؛ زخم چرکی ؛ (طب) پیپ آلودگی ؛ صدیدگی ۔

Purulency : (n) پیپ دار ہونے کی حالت ؛ صدیدگی ۔

Purulent : (a) [L. 'Purulentus' .] ریم آلود ؛ چرک آلود ؛ جراحت دار ؛ پیپ بھرا ؛ پیپ دار ؛ صدیدی؛ مواد بھرا ؛ پر مواد ؛ جس میں سے پیپ جاری ہو ۔

Purulent conjunctivitis : (n) (طب) رَمد صدیدی ۔

Purulently : (adv.) ریم آلود طور پر ؛پیپ دار طور پر ۔

Purulentness : (n) ریم آلودگی ؛ پیپ داری ۔

Purvey : (v) [L. 'Providere' .] (۱) مہیا کرنا ؛ فراہم کرنا ؛ بہم پہنچانا (کھانے پینے کی چیزیں) ۔ (۲) بندوبست کرنا ؛ رسد بہم پہنچانا ؛ ضروریات بہم پہنچانا (کسی شخص کو)؛ داروغۂ توشہ خانہ کا کام کرنا ۔

Purveyance / Pourveyance : (n) [L. 'Providentia' .] (۱) رسد رسانی ؛ خوراک رسانی ؛ آذوقہ رسانی ؛ بہم رسانی ۔ (۲) ذخیرۂ رسد ؛ رسد ؛ سامانِ رسد ؛ سامان خوراک ؛ سامان خورد و نوش ۔ (۳) (حقِ شاہی) قیمت مقررہ پر سامان رسد کی خریداری و بیگار ۔

Purveyor : (n) [AF. 'Purvur-', purvour'.] (۱) اسباب فراہم کرنے والا : بہم پہنچانے والا: سامان رساں : آذوقہ رساں : کھانے کے سامان کا انتظام کرنے والا ۔ (۲) داروغۂ ذخیرہ: خان سامان یا میر ساماں : ناظر : خان ناظر : داروغۂ توشہ خانہ ۔ (۲) (تاریخ) افسر رسد ۔ (۲) فوج ، قلعے کی محافظ فوج وغیرہ کے لئے رسد کا انتظام کرنے والا افسر ۔ (۵) بادشاہ یا بڑے لوگوں کے لئے اسباب ، سواری یا اس قسم کی چیزوں کا منتظم کار ۔

Purview : (n) [AF. 'Purview'.] (۱) مواد اساسی : متن قانون : منشائے قانون ۔ (۲) (بصریات) دائرۂ نظر : رسائی: چشم رس: مشاہدات : حد بصیرت : حد نظر : غور و فکر : تصور : دھیان : توجہ : التفات ۔ (۳) وسعت: حدود : میدان : وسعت منشا (کسی قانون ، دستاویز، کتاب ، کاروبار وغیرہ کی) ۔

Purwanah : (n) [Pers. 'Purwana'.] پروانہ : اجازت نامہ : آذر ۔

Pus : (n) [L. 'pus'.] (مرضیات) صدید : ریم : پیپ : چرک : فساد: پَس : مواد : مادہ : راد ۔

Puseyism : (n) [f. name of E.B. Pusey (1800-82), professor of Hebrew and canon of Christ Church at Oxford .] پوزیت : پیروئ پوزی (یہ لفظ مخالفین تحریک آکسفورڈ کے حامیوں کے خلاف استعمال کرتے تھے)۔

Puseyist : (n) مقلد پوزی : پوزی کا حامی ۔

Puseyistic/ -al : (a) مقلد پوزی کا یا اس سے متعلق ۔

Puseytic : (n) دیکھو Puseyist

Puseyitical : (a) مقلد پوزی کا یا اس سے متعلق ۔

Push : (n) [f. Push. (v)] (۱) دھکا: دھکیل : ٹھیل : ریل پیل : ریلا ۔ (۲) (انٹا) دھکیل : ٹھیلنا : (خصوصاً بلیرڈ میں) ضرب : نیز کرکٹ میں بلے کی ضرب ۔ (۳) (مجازاً) (کسی کو) سعی ، سفارش یا کوشش سے بڑھانا : زبردست کوشش ۔ (۴) ہول (پتھیار کی) : جانور کا سینگ مارنا۔ (۵) (فوج) ہلہ : حملہ : چڑھائی : یورش: پیش رفت : قوت آزمائی کا مقابلہ : پیشروی : مستقل پیش قدمی : شدید حملہ ۔ (۶) دباؤ : زور : بوجھ : اعصابی دھچکا ۔ (۷) تنگی : سختی : نازک وقت : انتہائی مشکل یا تکلیف : بحران ۔ (۸) عزم : ہمت : استقلال : ثابت قدمی : مستعدی ۔ (۹) (عام) چوروں کی ٹولی : جرائم پیشہ لوگوں کا گروہ: بدمعاشوں کا جتھا: ارائل و اوباش کا دستہ : شہیدوں کی جماعت۔ (۱۰) (تعمیرات) دباؤ (شہتیر وغیرہ کا) : محراب ۔

(۱۱) (مجازاً) واقعات و حالات کا دباؤ : شدت ضرورت: انتہا : انتہائی تدبیر یا تجویز ۔ (۱۲) مہم : کارعظیم : کار اہم ۔

At one push / At the first - : پہلی کوشش میں ۔

To give (get) the push : (عام) خدمت سے سبکدوش کرنا یا ہونا ۔

To make a push(at or for) : مستقل پیش قدمی کرنا ۔

Push : (v) [L. 'Pulsare'.] (۱) دھکیلنا : ٹھیلنا : ریلنا : پیلنا: کھسکانا : سرکانا : دھکا دینا : پیچھے ہٹانا: پسپا کر دینا : شکست دینا ۔ (۲) ہلنا : ڈلنا ۔ (۳) (انٹا) گیند کو ضرب لگانا ۔ (۴) (بائبل) ٹکر مارنا: سینگ مارنا : وار کرنا : ہولا مارنا (ہتھیار سے) ۔ (۵) (پودا) نکلنا: باہر نکالنا : پھوٹنا : شاخ پھوٹنا : تنا نکلنا : کلی کھلنا : پھوٹ پڑنا ۔ (۶) باہر نکالنا : آگے کو نکلا ہونا یا آگے کو نکالنا ۔ (۷) زور مارنا : جد و جہد کرنا : سبقت لے جانے کی کوشش کرنا : اثر یا قوت سے کام لینا ۔ (۸) اکسانا : ابھارنا : راغب کرنا : مائل کرنا : بر انگیختہ کرنا ۔ (۹) انجام دینا : تکمیل کو پہنچانا: زور دینا ۔ (۱۰) مشغول ہونا : مصروف ہونا : ترقی دینا : آگے بڑھانے کی کوشش کرنا ۔ (۱۱) بڑھانا : آگے بڑھانا : ترقی دینا : آگے بڑھانے کی کوشش کرنا ۔ (۱۲) ترقی کرنا : تجارت میں ترقی کرنا : فروخت میں اضافے کرنا (اشتہار وغیرہ کی بدولت): حصول معیشت میں کوشاں ہونا ۔ (۱۳) دبانا : مجبور کرنا : تنگ کرنا :دق کرنا : ستانا : زچ کرنا ۔ (۱۴) یورش کرنا : حملہ کرنا : ہلہ بولنا ۔ (۱۵)ثابت قدمی یا طاقت سے کسی کے لئے راہ پیدا کرنا ۔ (۱۶)زور دینا : زور کے ساتھ پیش کرنا : توجہ دلانا : سخت اصرار و تاکید سے کہنا ۔ (۱۷) غیر قانونی طور پر (دوا) بیچنا ۔ (۱۸) کسی عمر کے قریب ہونا ۔

I am pushed for money : مجھے کہیں سے روپیہ نہیں ملتا : میرا ہاتھ بہت تنگ ہے ۔

I am pushed for time : میرے پاس بالکل وقت نہیں ہے یا مطلق فرصت نہیں ہے۔

I do not wish to push him for payment : میں اس کو ادائی کے لئے مجبور کرنا نہیں چاہتا ۔

To be pushing : کسی عمر کے قریب ہونا۔

To push back /-down : پیچھے دھکیلنا ۔

To push off : چپو سے کنارے پر زور لگا کر کشتی کو بیچ دریا میں لے جانا : بیچ دریا میں پہنچ جانا۔

To push on : آگے بڑھانا۔

To push one's fortune : حصول دولت میں ساعی ہونا: حصول معیشت میں کوشاں ہونا۔

To push one's way : راستہ بنانا : رکاوٹ ہٹا کر راستہ نکالنا۔

To push through : انجام کو پہنچانا : تکمیل کرنا : کام لے جانا۔

Push : جزو ترکیبی بمعنی "زور دینے والا"۔

Push-ball : (n) ایک قسم کا کھیل جس میں بڑا اور بھاری بال کو ہاتھ اور جسم سے دھکیل کر گول کی طرف لے جاتے ہیں۔

Push-barred : (a) (انٹے میں) جس میں دھکے (ضرب) کو روک دیا جاتا ہے۔

Push-bike : (n) (عام) بائیسکل۔

Push boat : (n) پاور کشتی۔

Push-button war : (n) وہ جنگ جس میں منضبط میزائل کا استعمال ہوتا ہے، جس کی اڑان ایک بٹن دابنے پر منحصر ہوتی ہے۔

Push car : (n) (۱) (امریکا) ہاتھ کار۔ (۲) بوگی کار انجن کو ٹرین سے ملانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور جو کشتی (Ferry-boat) پر ہوتی ہے۔ (۳) ایک قسم کی ٹرالی۔

Push chair : (n) ایک قسم کی بچوں کی کرسی نما گاڑی (جسے ہاتھ سے دھکیلتے ہیں)۔

Push cycle : (n) (بول چال) سائیکل۔

Push cyclist : (n) سائیکل چلانے والا۔

Push off : (v) روانہ ہونا : چلے جانا : سفر پر روانہ ہونا۔

Push-over : (n) (۱) (امریکی عامیانہ) وہ مکہ باز جو آسانی سے پیچھے دھکیل دیا جائے۔ (۲) (مجازاً) وہ چیز جس پر آسانی سے قابو پایا جا سکے : سہل الوقوع شے۔

Push-pin : (n) (۱) بچوں کا ایک کھیل جس میں کھلاڑی اپنے پن کو آگے بڑھاتا ہے (اس مقصد سے کہ دوسرے کھلاڑی پر سبقت لے جائے) : بچوں کا ایک کھیل جس میں ہر کھلاڑی اپنی میخ دوسرے کی میخ سے لڑانے کے لئے آگے کو دھکیلتا ہے۔ (۲) (مجازاً) بچوں کا کھیل۔ (۳) (امریکا) ڈرائنگ پن۔

Pushcart : (n) بچوں کی ہاتھ گاڑی : ارابۂ دستی۔

Pusher : (n) (۱) دھکیلنے والا : زور لگانے والا۔ (۲) دھکیلنے کی مشین : ٹھیلنے کی مشین۔ (۳) مشین کا پرزہ جو دھکیلنے کا کام کرتا ہے۔ (۴) آدم متجاوز۔ (۵) (عام) (امریکا) غیر قانونی دوافروش۔

Pusher aeroplane : (n) وہ ہوائی جہاز جس میں سہم گرداں پائلٹ کے پیچھے ہوتا ہے : ہوائی جہاز جس میں ہوا کا پیچ (air screw) پیچھے لگا ہوتا ہے۔

Pushful : (a) نہایت مستعد اور سرگرم : اولو العزم : پر زور : متجاوز: نیر و مند : گھس پیٹھ کرنے والا۔

Pushfully : (adv.) پر زور طور پر : اولو العزمی سے۔

Pushfulness : (n) اولوالعزمی : نیر مندی۔

Pushing : (a) (۱) (مجازاً) دلیر : حادثہ جو : نیرومند : جسور : من چلا : مہم جو۔ (۲) دھکیلنے والا : ہولا مارنے والا: دھکا دینے والا۔ (۳) جو خواہ مخواہ خدمت کرنے کو تیار ہو : جو ہر کام میں ضرورت سے زیادہ اہتمام کرے فضول خدمت : فضول کار۔ (۴) مستعد : آگے بڑھنے کی کوشش کرنے والا : گھس پیٹھ کرنے والا: گھس پیٹھ کار۔

Pushingly : (adv.) دلیری کے ساتھ : نیر و مندی کے طور پر : مستعدی سے: جد و جہد سے : کدو کاوش سے۔

Pushingness : (n) دلیری : نیر ومندی : مستعدی : جد و جہد : کدو کاوش۔

Pushtu / pushto : (n) [Pers. 'Pustu'.] پشتو : افغانی زبان۔

Pushy : (a) (امریکا، بول چال) خود زعیمانہ (خصوصاً ناراضگی سے)۔

Pusillanimity : (n) [f. Pusillanimite'.] بزدلی : کم ہمتی : بوداپن: کم ظرفی : تر سوئی : کم جرأتی : ڈر پوک پن۔

Pusillanimous : (a) [L. 'Pusillanimis'.] بزدل : ترسو : کم ہمت : ڈرپوک : کم جرأت : بودا : کم ظرف۔

Pusillanimously : (adv.) بزدلی کے طور پر؛ کم ہمتی کے ساتھ ؛ بونے پن سے ؛ کم ظرفی سے ۔

Pusillanimousness : (n) کم ظرفی ؛ بزدلی ؛ کم ہمتی ۔

Puss : (n) [Etym. Unkn.] (۱) بلائی ؛ بلی ؛ گربہ (بلی کا عرف یا بلانے کا نام)نیز شیر ، خرگوش وغیرہ کا عرف ۔ (۲) (حیوانیات) خرگوش ؛ شیر ۔(۳) (بول چال) لڑکی (پیار یا دل لگی سے) ۔ (۴) Puss-moth کا مخفف ۔

Sly puss : گربۂ مسکین ؛ مکار لڑکی ۔

Puss-cat : (n) بلی کا نام (بچوں کا دیا ہوا) ۔

Puss-moth : (n) (حیوانیات) بید پروانہ ؛ پُس پروانہ ؛ ایک قسم کا بڑا یوروپی پروانہ ۔

Pussin the corner : (n) ایک قسم کا بچوں کا کھیل ۔

Pussley/ -ly : (n) [alter. of 'Pursley' .] دیکھو Purslane

Pussy : (a) [f. Pus + y.] (طب) پیپ دار ۔

Pussy : (n) (۱) بلی ؛ بلائی ؛گربہ ۔ (۲)(بچوں کا دیا ہوا نام) کوئی ملائم اور روئیں دار چیز ۔ (۳) خرگوش ۔ (۴) لڑکی ؛ عورت ۔

Pussy cat : (n) (۱) امریکا میں پایا جانے والا پودا جس کے پھول بلی کی دم سے مشابہ ہوتے ہیں اور اوپر سے اس کے پتے چمکیلے ہرے اور نیچے سے سفیدی مائل ہوتے ہیں ۔ (۲) بلی کانام (بچوں کا دیا ہو)۔

Pussy-foot : (n) (امریکا) آہستہ سے چلنا ؛ خفیہ طور سے آگے بڑھنا؛ خاموشی سے بڑھنا ۔

Pussy-willow : (n) (نباتیات) امریکی بید ؛ بید کم رنگ ۔

Pussyfoot : (n) (۱) W.E. Johnson کا عرفی نام ۔ (۲) ممانعت شراب کا امریکی لیکچرر ۔ (۳) ممانعت شراب کا حامی۔

Pussyfooter : (n) ممانعت شراب کا حامی ۔

Pussyfooting : (a) ممانعت شراب کی حمایت کرنے سے متعلق یا ممانعت شراب کی حمایت کرنے والا ۔

Pustulant : (a) [late L. 'Pustulantem' .] آبلہ دار ؛ پھپھولے دار ۔

Pustular : (a) [mod. L. 'Pustularis' .] (۱) آبلہ کا یا اس سے متعلق۔ (۲) (طب) آبلہ دار ؛ شوری ۔ (۳) (نباتیات ، حیوانیات) ابھار دار ۔

Pustulate : (a) [late L. 'Pustulatus'.] (طب) قائچی ؛ آبلہ دار ؛ شوری ؛ بثرہ دار ؛ دمل دار ؛ پھپھولے دار ؛ (نباتیات) ابھار دار ؛ آبلہ دار ۔

Pustulate : (v) [late L. 'Pustulant- , Pustulare' .] آبلہ بن جانا ؛ پھپھولا کی شکل اختیار کرنا ؛ آبلہ کی شکل میں ہوجانا ۔

Pustulation : (n) (طب) شوریت ؛ آبلہ خیزی ؛ چھالے پڑنا ۔

Pustulatous : (a) آبلہ دار ؛ چھالا دار ؛ آبلہ خاصیت ۔

Pustule : (n) [L. 'Pustula' .] (۱) آبلہ ؛ چھالا ؛ دنبل ؛ پھوڑا ؛ پھنسی ؛ بثرہ ؛ پھپھولا ۔ (۲) (نباتیات ، حیوانیات) ابھار ؛ گومڑی ؛ مسا ۔ (۳) زمین کا ابھار ؛ وہ زمین جو پھوٹ نکلی ہو (جوالا مکھی وغیرہ کے طور پر) ۔

Malignant pustule : (طب) متعدی چھالا یا آبلہ ؛ زہریلا چھالا یا پھوڑا ؛ خبیث آبلہ ؛ خبیث بثرہ ۔

Pustuliform : (a) آبلہ نما ؛ پھپھولے کی شکل کا۔

Pustulous/ Pustulose : (a) [L. 'Pustulosus' .] دیکھو Pustular

Puszta : (n) [Magya.] ہنگری کا گیاہستان ؛ ہنگری کا ریگستان یا کھلا میدان ؛ ہنگری کا بے شجر خطۂ زمین ۔

Put : (n) [f. Put. (v)] (۱) دھکیلنے کا عمل ؛ دھکیل ؛ ٹھیل ؛ پتھر وغیرہ ورزش میں پھینکنے کا عمل ؛ پھینک ؛ پھینکائی؛ پتھر یا وزن کی پھینک یا پھینکائی ۔ (۲)پتھیار وغیرہ پھونکنے کا عمل ۔ (۳) سامان وغیرہ مقررہ وقت اور مقررہ قیمت پر پہنچانے کا عمل ؛ قیمت مقررہ اور وقت مقررہ پر تحویل مال کا اختیار۔

Put : (n) (گولف) گولفی ضرب ۔

Put : (v) [late OE. 'Putian ' .] (۱) پھینکنا ؛ دھکیلنا (پتھر وغیرہ ورزش میں) ؛ ٹھیلنا ؛ دھکا دینا ؛ وزن پھینکنا ؛ گولہ پھینکنا ۔ (۲) گھونپنا ؛ کھبونا ؛ بھونکنا (پتھیار وغیرہ)؛ داخل کرنا ؛ چبھونا (اوزار وغیرہ) ۔ (۳) روانہ ہونا ؛ چلنا (جہاز کا بندرگاہ وغیرہ سے دور یا اس کی طرف)۔ (۴)رکھنا ؛ لگانا ۔ (۵) نشان کرنا ؛ لکھنا ۔ (۶) جوتنا ؛ جوڑنا ؛ جانور کو گاڑی وغیرہ میں جوتنا ۔ (۷) ملانا ؛ جوڑا ملانا (نر کا مادے سے)۔ (۸) پار لے جانا ؛ پار اتارنا (دریا

یہ معاملہ ٹھیک ہو جائے گا ۔

Don't be put upon by him :: اس کی جفاؤں کا شکار مت ہو ۔ اس کی جفائیں نہ سہو۔

Don't put the blame on me : مجھے الزام نہ دو ۔

Dues were put on cattle : رقوم واجب الادا مویشی پر ڈالی گئیں ۔

Every insult was put on him : اس کی بری طرح توہین کی گئی ۔

He always manages to put me in the wrong : وہ ہمیشہ کچھ ایسا کرتا ہے کہ میری ہی غلطی ظاہر ہوتی ہے ۔

He has put new life into him : اس نے اس میں نئی زندگی پھونکی ہے ۔

He put an end to himself / - his life : اس نے اپنایا اپنی زندگی کا خاتمہ کر دیا ۔

He put his money into land : اس نے اپنا روپیہ زمین پر لگایا ۔

He puts no value on my advice : وہ میرے مشورے کی کوئی قدر نہیں کرتا ۔

He puts the circulation at 10,000 : وہ اشاعت کا اندازہ دس ہزار لگاتا ہے ۔

He was hard put to it to keep them off : وہ انہیں مشکل سے روکے رہا یعنی ان کے روکنے میں انتہائی قوت صرف کر دی ۔

He was put to fight : وہ لڑائی پر مجبور کیا گیا ۔

He was put to flight : وہ بھاگنے پر مجبور کیا گیا

He was put to his blush : اسے شرما دیا گیا: اسے شرمانے پر مجبور کیا گیا ۔

He was put to his shifts : وہ چال بازی پر مجبور کیا گیا ۔

He was put to his trumps : اسے ترپ چال چلنے پر مجبور کیا گیا ۔

I can't put it into words : میں اس کو لفظوں میں ادا نہیں

سے) ۔ (۹) (تجارت) سامان کا مقررہ وقت پر پہنچانا
(۱۰) حوالہ کرنا : تحویل کرنا : سپرد کرنا : (کسی چیز کو) کسی کے اختیار میں دینا : حفاظت میں دینا : تفویض کرنا : سونپنا ۔ (۱۱) رکھنا : بٹھانا (کسی مقام وغیرہ پر) ۔ (۱۲) ڈالنا : اضافہ کرنا : بڑھانا : جوڑنا (To,In کے ساتھ) ۔ (۱۳) داخل کرنا : درج کرنا : شامل کرنا ۔ (۱۴) قیمت لگانا : اندازہ لگانا : خیال کرنا : تخمینہ لگانا : تعین کرنا ۔ (۱۵) تبدیل کرنا : (خصوصاً) ترجمہ کرنا : دوسری زبان میں منتقل کرنا : تحریر یا تقریر میں بدلنا : خاص طریقے سے اظہار کرنا ۔
(۱۶) اعتماد کرنا ۔ (۱۷) جوکھم میں ڈالنا : قسمت پر چھوڑ دینا ۔ (۱۸) روپیہ لگانا (کسی شرط وغیرہ پر) ۔ (۱۹) منحصر کرنا : مبنی کرنا : منحصر ہونا : مبنی ہونا ۔ (۲۰) اطلاق کرنا : کام میں لانا ۔ (۲۱) (خیال یا بیان میں) (ایک کو دوسری جگہ) تصور کرنا : فرض کرنا ۔ (۲۲) پیش کرنا : بیان کرنا : ترغیب کرنا: دوسرے کے سامنے جواب کے لئے رکھنا : غور و فکر کے لئے دوسرے کے سامنے رکھنا : تجویز کرنا
(۲۳) بوجھ ڈالنا : مجبور کرنا : (کوئی چیز کسی کے) گلے منڈھنا : سر ڈالنا ۔ (۲۴) جاری ہونا ۔
(۲۵) (حیوانات کا) جفتی کرنا: جفتی کرانا ۔
(۲۶) متصف کرنا : منتسب کرنا : منسوب کرنا
(۲۷) (سر یا سینگ وغیرہ سے) ٹکر مارنا ۔
(۲۸) (کوئلے کی کان) (ڈرام ،کوئلہ کا ڈھیر وغیرہ) دھکیلنا ۔ (۲۹) (پودا) بڑھنا : کلی کا کھلنا : پھوٹنا : اگنا : نکلنا (اب صرف بول چال میں) ۔ (۳۰) حرکت کرنا (شخص یا چیز کا) (ایک جگہ سے دوسری جگہ پر) : جگہ بدلنا: حالت کا بدلنا ۔ (۳۱) (On, upon کے ساتھ) پہننا (کپڑا) : رکھنا (جسم پر) : ڈالنا (جسم پر) ۔
(۳۲) (چیز یا شخص) خاص حالت یا شکل میں رکھنا یا لانا ۔ (۳۳) استعمال کرنا : کام میں لانا : کام لینا ۔ (۳۴) اپنے سے فیصلہ تفویض کرنا : فیصلہ سپرد کرنا ۔ (۳۵) (خصوصاً) فیصلہ کے لئے پوائنٹ رکھنا : اسمبلی کے سامنے ووٹ کے لئے رکھنا ۔ (۳۶) سوال کرنا : سوال رکھنا ۔ (۳۷) الزام یا تہمت رکھنا : (کسی چیز کا) اتہام رکھنا : الزام دینا ۔ (۳۸) کسی جگہ رکھنا : کم کرنا : گھٹانا (شخص یا چیز) ۔ (۳۹) مطالعہ کے لئے روانہ ہونا : تعلیم حاصل کرنے کے لئے روانہ ہونا
(۴۰) (گھوڑے کو) کسی چیز کی طرف اشارہ کرنا ۔
(۴۱) گھوڑے کا خاص چال سے چلنا ۔ (۴۲) (مویشی کو) کھلانے کے لئے آزاد کرنا : غذا کے لئے (شخص کو) پابند کرنا ۔ (۴۳) کوئی کام کرنے کے لئے کسی شخص کو مجبور کرنا ۔ (۴۴) رکاوٹ ڈالنا : مانع ہونا :روکنا

A few words will put the matter right : چند لفظوں میں

To put horse or person through his paces : گھوڑے یا آدمی کی قوت ، قابلیت وغیرہ کا امتحان کرنا۔

To put in an appearance : (۱) ظاہر ہونا ؛آنکلنا۔ (۲) (قانون) اصالتاً حاضر ہونا۔

To put in distress/ -execution : پریشانی میں مبتلا کرنا؛ تکلیف پہنچانا ؛ قرقی یا ضبطی کا عمل کرنا۔

To put in one's oar : مداخلت کرنا ؛ مزاحمت کرنا۔

To put it across : گوشمالی کرنا ؛تادیب کرنا ؛ سزا دینا ؛ مارنا ؛ پیٹنا ؛ تنبیہ کرنا۔

To put into Dutch : ڈچ زبان میں ترجمہ کرنا۔

To put it on the market : (اس کو) بازار میں (فروخت کے لئے) بھیجنا۔

To put it to a good use : (اس کا) جائز استعمال کرنا۔

To put it to sale : (اسے) فروخت کے لئے پیش کرنا۔

To put money on the horse : گھوڑے پر شرط لگانا۔

To put off from shore : کنارے سے روانہ ہونا ؛ کنارہ چھوڑنا۔

To put one at his ease : کسی کی الجھن یا پریشانی دور کرنا ؛ کسی کو مطمئن کرنا۔

To put one it fear of his life : کسی کو اس کی جان کا خوف دلانا۔

To put one his guard : کسی کو خبر دار کرنا۔

To put one on his mettle : کسی کو اس حالت میں لے آنا جس سے اس کی تیزی اور طراری دکھانے کا موقع ملے۔

To put oneself on or upon : (خود کو فیصلہ کے) سپرد کرنا ؛ حوالہ کرنا۔

To put one's foot in it : دیکھو Put

To put one's hair up : دیکھو Hair

To put one's hand to the plough : دیکھو Plough

کر سکتا۔

I put it to you : اس میں میں آپ سے اپیل کرتا ہوں۔

I put it to you that you were after no good : میں چاہتا ہوں کہ تم اس امر کا اعتراف کرو کہ تم بھلائی کے در پے نہ تھے۔

I put my dicision on the ground stated : میں اپنا فیصلہ ان وجوہ پر مبنی کرتا ہوں جو بیان ہو چکی ہیں۔

I put my horse to (at) the fence : میں نے اپنے گھوڑے کو باڑ کدانا چاہا۔

To put a bullet through : گولی مارنا ؛ نشانہ لگانا ؛ بندوق چلانا۔

To put a check on it /-stopper - : کسی کو روکنا ؛ مانع ہونا ؛ رکاوٹ ڈالنا۔

To put a good face on matter : دیکھو Face(n)

To put a knife into : گھونپنا ؛ چھرا مارنا۔

To put an end /Stop period to : ختم کر ڈالنا۔

To put a person's back up : کسی شخص کو بر افروختہ کرنا ؛ مشتعل کرنا ؛ غصہ دلانا۔

To put a (person) up to : (۱) (کسی کو) اطلاع دینا ؛ خبر دینا ؛ آگاہ کر دینا۔ (۲) سکھانا (کوئی ہنر وغیرہ)۔ (۳) اکسانا ؛ ابھارنا ؛ آمادہ کرنا ؛ راغب کرنا ؛ مائل کرنا۔

To put proposal into shape : کسی تجویز کو عملی جامہ پہنانا۔

To put a spoke in one's wheel : کسی کے کام میں روڑا اٹکانا۔

To put a veto on : ممانعت کرنا ؛ ویٹو کا استعمال کرنا ؛ مانع ہونا ؛ روک دینا۔

To put at : تخمینہ لگانا ؛ قیمت لگانا۔

To put at : (کسی کے خلاف) کاروائی کرنا؛ حملہ کرنا ؛ (خلاف) استغاثہ کرنا۔

To put one's shoulder to wheel : Shoulder دیکھو

To put (the) case : مفروضہ مثال پیش کرنا۔

To put the stone : پتھر پھینکنا۔

To put the weight : وزن پھینکنا؛ گولہ پھینکنا۔

To put the will for the deed : ارادے کو عمل سے بدل دینا۔

To put the wind up one : (عام) کسی کو ڈرانا؛ خوفزدہ کرنا۔

To put the word, in someone's mouth : الفاظ یا قول کسی کی طرف منسوب کرنا؛ کسی کی زبان سے کہلانا (خصوصاً افسانے یا ڈرامے کے اشخاص کی زبان سے)۔

To put through : (۱) (گھوڑے کا) (مخصوص چال) چلنا۔ (۲) (شخص کا) عمل کرنا۔

To put to confusion : تشویش میں ڈال دینا یا منتشر کر دینا۔

To put to death : قتل کرنا (خصوصاً جائزطور سے)۔

To put to expence : خرچ کرانا۔

To put to flight : Flight دیکھو

To put to incovenience : تکلیف میں مبتلا کرنا؛ تکلیف دینا۔

To put to ransom : کسی کے لئے فدیہ طلب کرنا۔

To put to shame : شرمندہ کرنا۔

To put to the rack : شکنجے میں کسنا۔

To put to the test/-trial : کسوٹی پر پرکھنا؛ آزمائش کرنا۔

To put to the sword : تہ تیغ کرنا۔

To put to torture : اذیت پہنچانا۔

To stay put : (امریکا) اپنی حالت یا جگہ پر رہنا۔

What a way you have of putting things : آپ کا انداز بیان کس قدر عمدہ ہے۔

What has put him on meddling : اس کو مداخلت پر کس نے آمادہ کیا؟

What put him on this wild scheme : باد ہوائی منصوبے پر اس کو کس شے نے مائل کیا؟ ہوائی محل کی طرف مائل ہونا۔

You must have put the clock fast : تم نے گھڑی کو آگے یا تیز کردیا ہو گا۔

Put : (v) Putt (v) دیکھو

Put about : (v) (۱) (کسی چلتے ہوئے جہاز کو) مخالف رستے پر ڈالنا؛ سمت بدلنا؛ دوسرے راستے پر جانا۔ (۲) گھوڑے کو گھمانا یا چکر دینا؛ گھوڑے کو موڑنا۔ (۳) آدمیوں کی جماعت کو موڑنا؛ رخ بدلنا۔ (۴) جہاز کامڑنا، گھومنا۔ (۵) (خصوصاً اسکاتستان اور بول چال) تکلیف دینا؛ اذیت پہنچانا۔

Put across : (v) (۱) انجام دینا؛ تکمیل کرنا؛ حاصل کرنا؛ پالینا۔ (۲) موثر طور پر پہنچانا (آواز وغیرہ)۔ (۳) قبول کرنے کے لائق بنانا۔

Put and call : (n) (معاشیات) اختیار خرید و فروخت۔

Put-and-take : (n) جوئے کا کھیل جو چوگوشہ لٹو سے کھیلا جاتا ہے۔

Put as under : (v) علاحدہ کرنا؛ الگ کرنا۔

Put away : (v) (۱) چھوڑ دینا؛ رد کر دینا؛ خصوصاً طلاق دینا۔ (۲) سینت کے رکھنا؛ رکھ چھوڑنا؛ چھوڑنا؛ ترک کرنا؛ پس انداز کرنا۔ (۳) (عام) کھانا پینا؛ اڑانا۔ (۴) (عام) قید کرنا؛ جیل میں ڈالنا۔ (۵) رہن رکھنا؛ گرو رکھنا؛ گروی رکھنا۔ (۶) (بول چال) دفن کرنا؛ سپرد خاک کرنا۔ (۷) مارنا؛ ختم کرنا؛ قتل کرنا۔

Put back : (v) (۱) روکنا؛ ہٹانا؛ ڈھیل ڈالنا؛ رفتار سست کرنا؛ ترقی روکنا؛ باعث تاخیر ہونا۔ (۲) گھڑی کی سوئیاں پیچھے ہٹانا (نیز مجازاً)۔ (۳) پہلی حالت میں لانا؛ جیسا پہلے تھا ویسا کر دینا؛ پہلے مقام پر رکھنا۔ (۴) ملتوی کرنا؛ موقوف کرنا؛ دیر کرنا؛ تاخیر کرنا۔ (۵) (بحری) رخ بدلنا؛ سمت تبدیل کرنا۔

Put back harbour / -forth- / -into - : بندرگاہ کی طرف جانا۔

Put by : (v) (۱) کترانا؛ کنارہ کرنا؛ بچنا؛ ٹال جانا؛ اڑا جانا (دلیل، سوال وغیرہ)؛ قطع کرنا۔ (۲) ٹال دینا (کسی شخص کو)۔ (۳) محفوظ رکھنا؛ پس انداز

کرنا : صندوق وغیرہ میں ٹھونس کر رکھنا۔ (۴) بے توجہی کرنا ؛ بے التفاتی کرنا ؛ توجہ نہ کرنا ؛ مسترد کرنا ؛ نامنظور کرنا ؛ قبول نہ کرنا۔

Put down : (v) (۱) مغلوب کرنا ؛ دبانا ؛ زیر کرنا ؛ بے اثر کرنا۔ (۲) نیچا دکھانا ؛ منہ بند کرنا۔ (۳) گھٹانا ؛ کم کرنا ؛ خرچ بڑھانے والے سامان کی تخفیف کرنا۔ (۴) محسوب کرنا ؛ شمار کرنا ؛ خیال کرنا۔ (۵) منسوب کرنا ؛ محمول کرنا ؛ نسبت دینا۔ (۶) منسوخ کرنا ؛ زبردستی کسی چیز کا خاتمہ کرنا ؛ ممانعت کرنا ؛ ابطال کرنا ؛ رد کرنا ؛ غلط ٹھہرانا۔ (۷) رہا کرنا۔ (۸) عہدہ کم کرنا ؛ عہدہ گھٹانا ؛ معزول کرنا ؛ تخت سے اتارنا ؛ برطرف کرنا ؛ تنزل کرنا۔ (۹) چھڑک دینا ؛ ڈانٹ دینا ؛ دھتکار دینا۔ (۱۰) لکھنا ؛ ضبط تحریر میں لانا ؛ فہرست بنانا۔ (۱۱) ڈوبنا ؛ غرق ہونا ؛ دھنسنا۔ (۱۲) (ہوائی جہاز کا) اترنا ؛ لینڈ کرنا۔

To put one's foot down : دیکھو Foot

Put forth : (v) (۱) (زور) لگانا ؛ (اثر ، قوت وغیرہ سے) کام لینا ؛ (خوش بیانی کا) زور دکھانا۔ (۲) شائع کرنا ؛ اشاعت کرنا ؛ پھیلانا۔ (۳) (پودے کا) نکالنا (کونپل ، کلی وغیرہ) ؛ (کلی کا) پھینکنا۔ (۴) (مجازاً) دکھلانا ؛ نمائش کرنا۔ (۵) تجویز کرنا ؛ پیش کرنا ؛ غور کرنا۔

Put forward : (v) (۱) (اپنے کو) بڑھانا ؛ نمایاں کرنا ؛ نمودار کرنا ؛ گھس پیٹھ کرنا۔ (۲) پیش کرنا ؛ بیان کرنا (نظریہ وغیرہ) ؛ تجویز کرنا ؛ مشورہ دینا۔ (۳) الزام دینا ؛ منسوب کرنا ؛ دعویٰ کرنا۔

Put him on (his) oath : اسے قسم دلاؤ ؛ اس سے حلف اٹھواؤ۔

Put him to mind the furnace : اس سے کہو کہ بھٹی کا خیال رکھے۔

Put in : (v) (۱) عہدہ مقرر کرنا ؛ قائم کرنا۔ (۲) ظاہر ہونا ؛ موجود ہونا ؛ پیش ہونا (عدالت میں) ؛ (قانون) اصالتاً حاضر ہونا۔ (۳) اضافہ کرنا ؛ پہنچانا۔ (۴) ترقی یا ضبطی کا عمل کرنا۔ (۵) مداخلت کرنا ؛ مزاحمت کرنا۔ (۶) مطالبہ کرنا ؛ دعویٰ کرنا ؛ حق جتانا ؛ مواخذہ کرنا۔ (۷) درخواست کرنا ؛ مائل ہونا ؛ طالب ہونا ؛ تقاضا کرنا۔ (۸) بیچ میں پڑنا ؛ سفارش کرنا (کسی شخص کے لئے یا کسی چیز کے لئے)۔ (۹) (جہاز کو) بندرگاہ کی طرف لے جانا ؛ کنارے پر آنا (کشتی کا)۔ (۱۰) (شاہین بازی) شکار کو پناہ کی طرف لے جانا۔ (۱۱) داخل ہونا ؛ اندر جانا ؛ وارد ہونا۔ (۱۲) جڑ دینا (مکان ، چھرا وغیرہ ، اعتراض ، الفاظ) ؛ موقع تلاش کر کوئی بات کہنا۔ (۱۳) (کوئی کام) انجام دینا۔ (۱۴) گذارنا (وقت ، لمحہ) ؛ وقت صرف کرنا۔

Put off : (v) (۱) ملتوی کرنا ؛ معرض التوا میں ڈالنا۔ (۲) ٹالنا ؛ بہلنا ؛ لیت و لعل کرنا۔ (۳) روکنا ؛ باز رکھنا ؛ مانع ہونا ؛ مزاحمت کرنا ؛ مزاحم ہونا۔ (۴) (Off, up کے ساتھ) کسی کے سر منڈھنا یا تھوپنا (چالاکی سے) ؛ جھٹکارا پانا (کسی چیز سے)۔ (۵) (کپڑے وغیرہ) اتارنا۔ (۶) ساحل سے روانہ ہونا (کشتی یا اہل کشتی کا) ؛ سفر پر روانہ ہونا ؛ کنارہ چھوڑنا۔ (۷) (بول چال) بیچنا ؛ فروخت کرنا۔ (۸) بھاگ جانا ؛ نکل جانا۔ (۹) رخصت ہونا ؛ ادا نہ ہونا (اب صرف امریکا) ؛ کشتی کا روانہ کرنا ؛ رخصت کرنا۔

Put-off/ -offs : (n) لیت و لعل ؛ عذر ؛ تعویق ؛ بہانہ ؛ انصراف ؛ التوا ؛ درنگ ؛ تاخیر ؛ حیلہ حوالہ ؛ ٹال مٹول ؛ ٹالا بالا۔

Put on : (v) (۱) پہننا ؛ زیب تن کرنا۔ (۲) اختیار کرنا ؛ بننا ؛ روپ دھارنا ؛ روپ بھرنا ؛ بناوٹ یا تصنع کرنا۔ (۳) ترقی کرنا (وزن یا جسم میں)۔ (۴) اضافہ کرنا ؛ بڑھانا ؛ زیادہ کرنا (قیمت ، کرکٹ میں رن یا فٹبال میں گول کا) ؛ زیادہ قیمت لینا۔ (۵) بازی لگانا ؛ شرط لگانا۔ (۶) (گھڑی کی) سوئیاں آگے کرنا۔ (۷) عمل میں لانا یا چلانا ؛ (زور) لگانا ؛ (رفتار) بڑھانا ؛ (قوت یا طاقت) بڑھانا۔ (۸) کسی کام پر مقرر کرنا ؛ کسی کام میں لگانا۔ (۹) (کرکٹ) کسی کو گیند پھینکنے پر مقرر کرنا ؛ ریل یا جہاز کو باقاعدہ سفر کے لئے مقرر کرنا۔ (۱۰) کام میں لانا ؛ استعمال کرنا۔ (۱۱) بننا ؛ ظاہر کرنا ؛ دکھلانا۔ (۱۲) تیز جانا ؛ بڑھنا ؛ آگے جانا۔ (۱۳) مکر سے کام لینا ؛ دغابازی کرنا ؛ دغا دینا ؛ مکر کرنا ؛ کسی کے ساتھ مذاق کرنا۔

Put-on : (n) (بول چال) فریب ؛ جُل ؛ جھانسا ؛ دغادہی ؛ دھوکا ؛ تظاہر ؛ و انمود سازی ؛ تصنع ؛ نمود ؛ نمائش۔

Put-on : (a) (مجازاً) نمائشی ؛ دکھاوے کا ؛ تصنع آمیز ؛ گھڑا ہوا ؛ بنایا ہوا ؛ ملبس شدہ۔

Put out : (v) (۱) دھکیل دینا ؛ ہٹا دینا ؛ باہر کر دینا ؛ کسی جگہ سے باہر کر دینا ؛ بے دخل کر دینا ؛ نکال پھینکنا ؛ اخراج کرنا۔ (۲) آنکھ نکال لینا ؛ اندھا کر دینا۔ (۳) ہڈی اتار دینا ؛ جوڑ الگ کر دینا۔ (۴) (کرکٹ) آؤٹ کر دینا۔ (۵) برباد کرنا ؛ ختم کرنا ؛ نیست و نابود کرنا ؛ (آگ ، روشنی وغیرہ) بجھانا ؛ گل کرنا۔ (۶) گڑبڑا دینا ؛ پریشان کرنا ؛ دق کرنا ؛ پریشان خاطر کرنا۔ (۷) برہم کرنا ؛ پر انگیختہ کرنا ؛ مشتعل کرنا۔ (۸) بے آرام کرنا ؛ آسائش میں خلل ڈالنا ؛ زحمت دینا۔ (۹) (زور) لگانا ؛ (سعی) کرنا ؛ (جد و جہد) کرنا۔ (۱۰) (روپیہ)

سود پر چلانا؛ کسی کام میں روپیہ لگانا؛ سرمایہ لگانا۔ (۱۱) باہر والوں کو کام دینا؛ ایسے آدمی کو کام دینا جو اپنا ملازم نہیں؛ باہر کام کرنے کے لئے دینا۔ (۱۲) (جہاز میں) روانہ ہونا؛ سفر پر روانہ ہونا؛ سفر کا آغاز کرنا؛ روانہ ہونا (امریکا)۔ (۱۳) آگے بڑھانا (ہاتھ)؛ آگے کو یا باہر کو نکالنا؛ بڑھانا؛ اضافہ کرنا؛ پھیلانا؛ لمبا کرنا؛ لمبا ہونا۔ (۱۴) گھر سے دور رکھنا (شخص کو)؛ (جانور کو چرنے سے) بھگا دینا؛ بیچ کا باہر نکلنا۔

Put over : (n) (۱) تاخیر کرنا؛ ملتوی کرنا۔ (۲) (امریکا) ڈراما پیش کرنے کی منظوری حاصل کرنا؛ شرف قبولیت ہونا؛ حاصل کرنا؛ پا لینا؛ قبول کرنے کے لائق بنانا۔

Put through : (v) (۱) انجام دینا؛ تکمیل کو پہنچانا؛ انجام کو پہنچانا؛ نکال لے جانا۔ (۲) (کسی کا کسی سے) ٹیلیفون ملانا؛ ٹیلیفونی رابطہ قائم کرنا۔

Putt to : (v) (۱) زور مارنا؛ کوشش کرنا۔ (۲) (اثر یا قوت سے) کام لینا۔ (۳) (گھوڑے کو) گاڑی میں لگانا؛ (انجن کو) گاڑی میں جوڑنا۔ (۴) (بحری) (جہاز کو) کنارے لگانا؛ پناہ لینا؛ ساحل سے باندھنا؛ کنارے پر آرام کرنا۔

Put together : (v) (۱) جوڑ ملانا؛ اکٹھا کرنا؛ رشتہ جوڑنا۔ (۲) جمع کرنا؛ علاحدہ عنصر یا اجزاء سے ایک چیز بنانا؛ مرتب کرنا۔ (۳) (کرکٹ) رن بنانا۔ (۴) ذہنی طور پر ملانا؛ ایک ساتھ جوڑنا؛ اجتماعی طور پر شامل ہونا۔

To put this and that together : دو واقعات کو ملا کر نتیجہ نکالنا۔

To put two and two together : جو کچھ معلوم ہے اس سے نتیجہ نکالنا۔

Put up : (v) (۱) اٹھانا؛ اونچا کرنا۔ (۲) (متروک) تحمل کرنا؛ بر داشت کرنا۔ (۳) (کسی کو) انتخاب کے لئے پیش کرنا؛ انتخاب کے لئے نامزد کرنا۔ (۴) (کسی کو) جاکی (Jockey) مقرر کرنا۔ (۵) (کسی ڈرامے کو) اسٹیج پر دکھانا؛ نمائش کرنا؛ کھیل دکھانا؛ کھیل کود کی نمائش کرنا۔ (۶) (شکار کو) شکار گاہ سے نکالنا؛ ہانکا کرنا۔ (۷) (دعا) مانگنا؛ دعا کرنا؛ عبادت کرنا۔ (۸) (درخواست) پیش کرنا؛ (درخواست) گزارنا؛ استدعا کرنا۔ (۹) (قیمت) بڑھانا؛ (دام) بڑھانا؛ اضافہ کرنا۔ (۱۰) منظر عام پر لگانا؛ اطلاع عام کے لئے کسی نمایاں جگہ پر لگانا۔ (۱۱) (اعلان شادی) شائع کرنا؛ شادی کا اعلان کرنا (جو نکاح سے پہلے تین بار گرجے میں کیا جاتا ہے)۔ (۱۲) کسی شے کو فروخت کے لئے پیش کرنا؛ نیلام کے لئے پیش کرنا؛ مقابلے کے لئے پیش کرنا۔ (۱۳) گٹھری یا بقچے میں باندھنا؛ صندوق یا تجوری میں رکھنا؛ حفاظت یا احتیاط سے رکھنا؛ بعد کے استفادہ کے لئے ذخیرہ کرنا۔ (۱۴) (تلوار کو) میان یا نیام میں رکھنا؛ بند کرنا۔ (۱۵) قیام کرنا؛ ٹھہرنا؛ (سرائے وغیرہ میں)؛ مسکن ہونا۔ (۱۶) ٹھہرانا؛ ٹھکانا دینا۔ (۱۷) بنانا؛ گھڑنا؛ تعمیر کرنا؛ بنا کرنا۔ (۱۸) سازش کرنا؛ کسی بڑے کام کا منصوبہ کرنا؛ گڑھنا (قصہ، پلان وغیرہ)۔ (۱۹) ترکیب کرنا؛ آمادہ کرنا۔ (۲۰) انتخاب کرنا؛ انتخاب کے لئے تجویز کرنا۔ (۲۱) شریک ہونا؛ مشارکت کرنا۔ (۲۲) رقم میں اضافہ کرنا۔ (۲۳) کسی شخص کو تقریر کے لئے آگے بڑھانا۔ (۲۴) مکان بنانا؛ تعمیر کرنا (مکان وغیرہ)۔

To put up a fight : لڑنا بھڑنا؛ لڑائی کرنا؛ جنگ کرنا۔

To put up a good fight : خوب لڑنا؛ دل کھول کر لڑنا؛ جان بازی کرنا۔

To put up with : پی جانا؛ تحمل کرنا؛ برداشت کرنا؛ جھیلنا؛ سہنا۔

Put-up : (a) ساختہ؛ بنایا ہوا؛ گھڑا ہوا؛ جھوٹا؛ جعلی۔

Put wise : (v) (امریکی عامیانہ) کسی کو آگاہ کرنا؛ (کسی امر کے متعلق) کسی کی آنکھیں کھول دینا؛ خبر دار کر دینا۔

Putamen : (n) [L. f. 'Putare'.] (۱) (نباتیات) نوبی؛ گٹھلی۔ (۲) (حیوانیات) عشاء بیضہ؛ استر بیضہ۔ (۳) (تشریح) نواۃ دماغ۔

Putaminous : (a) (نباتیات) گٹھلی دار۔

Putative : (a) [f. 'Putatif'.] مشہور؛ عرفی؛ مفروض؛ فرض شدہ؛ فرضی؛ نام نہاد؛ مانا ہوا (ازروئے شہرت)۔

His putative father : اس کا نام نہاد باپ، عرفی باپ۔

Putative marriage : (n) قانونی طور پر ناجائز شادی لیکن جو جائز سمجھ کر کی گئی ہو۔

Putatively : (adv.) مشہور طور پر؛ فرض شدہ انداز سے؛ ازروئے قیاس؛ ازروئے شہرت۔

Putchuck / Putchock : (n) [Origin doubtful.] ایک قسم کے کشمیری

پودے کی جڑ۔

Pute : (a) [L.'Putus f. pulare'.] خالص : غیر مخلوط : نرا۔

Puteal : (n) [L. 'Puteal'.] (قدیم روما) طوقہ : منڈیر (کنویں کی) کنویں کامن : (کنویں کی) پتھر کی منڈیر : من۔

Puthery : (a) (بول چال) گھمس : جس میں گرمی اور اُمس ہو۔

Putid : (a) [L. 'Putidus'.] سڑا ہوا : بیکار : بے فائدہ : (طب) گندہ: (سماجیات) کمینہ : بد۔

Putlog / Putlock : (n) [Origin obsc.] (تعمیرات) موکھا ڈنڈا : وہ بڑا شہتیر جس پر کسی مچان کے تختے ٹکے رہتے ہوں۔

Putrefacient : (a) [L.] متعفن : عفونت آور : عفونت دار : عفونت پذیر : بدبو پیدا کرنے والا : سڑنے والا : فساد آمیز: فاسد کنندہ۔

Putrefaction : (n) [L.'Putrefectionem'.] (۱) بدبو :تعفن : عفونت : بساند : سڑاند : بوسیدگی۔ (۲) (مجازاً) اخلاقی خرابی : فساد : انحطاط : زوال : تنزل۔ (۳) گندی چیز۔

Putrefactive : (a) [L.'Putrefact'.] دیکھو Putrefacient

Putrefactive formentation : (n) تعفن جسے سائنسی طور پر خمیر کی ایک صورت سمجھا جاتا ہے۔

Putrefactiveness : (n) بدبو : تعفن۔

Putrefiable : (a) تعفن پذیر : عفونت پذیر : سڑنے کے لائق۔

Putrefier : (n) موجد فساد و تعفن۔

Putrefy / Putrify : (v) [L.'Putrefacere'.] (۱)سڑنا : متعفن ہونا : اپسنا : بگڑنا : گلنا : خراب ہونا۔ (۲) (شاذ) سڑانا : گندہ کرنا : متعفن کرنا: فاسد کرنا۔ (۳) پیپ ہونا : پیپ پڑنا : مواد سے بھر جانا : پک جانا۔ (۴) (مجازاً) (اخلاقاً) بگڑنا : خراب ہونا : اخلاقی طور پر انحطاط ہونا۔

Putrescence : (n) (۱) (طب) تعفن : عفونت : گندگی : سڑاند۔ (۲) (مجازاً) اخلاقی خرابی : فساد۔ (۳) متعفن چیز: سڑی ہوئی چیز۔

Putrescency : (n) دیکھو Putrescence

Putrescent : (a) [L.'Putrescentem'.] (۱) (طب) متعفن : گندہ :

عفونت دار : سڑا ہوا : سڑتا ہوا۔ (۲) بدبو سے متعلق۔

Putrescibility : (n) فساد پذیری : عفونت : بدبو : تعفن۔

Putrescible : (a) تعفن پذیر : عفونت پذیر : سڑنے کے لائق۔

Putrescine : (n) (عضویات ، کیمیا) پٹومن میں سے کوئی ایک : مادۂ عفونت (جو جانداروں اور نباتات کے سڑنے سے پیدا ہوتا ہے) ان میں سے کوئی ایک $(NH_2 (CH_2)_4 NH_2)$۔

Putrid : (a) [L 'Putridus'.] (۱) متعفن : بوگرفتہ : بدبو دار : گندہ : سڑا ہوا : گلا ہوا۔ (۲) (مجازاً) (اخلاقی لحاظ سے) خراب : انحطاط پذیر : گندہ : ناپاک : مخرب اخلاق: فاسد : کریہہ : ناگوار۔ (۳) مضر : نقصان دہ : ضرر رساں۔

Putrid fever : (n) (طب) محرقۂ بذیانی : نیفوس : متعفن بخار : عفونت پذیر بخار : گندہ بخار : فاسد بخار۔

Putrid sore-throat : (n) (طب) متعفن درد گلو : خنّاق : متعفن الہتاب بلغومی۔

Putridity : (n) (۱)عفونت : تعفن : بوسیدگی : سڑاند : بساند۔ (۲) (مجازاً) اخلاقی گراوٹ۔ (۳) سڑی ہوئی چیز: بدبو دار شے۔

Putridly : (adv.) ازراہ عفونت : بہ طریق تعفن :سڑاند کے طور پر۔

Putridness : (n) دیکھو Putridity

Putrilage : (n) [L. 'Putrilage'.] سڑی ہوئی چیز : بساند شے : فاسد شے : فساد : بوسیدگی۔

Putrilaginous : (a) متعفن : سڑا ہوا : فساد زدہ۔

Putrilaginiously : (adv.) متعفن طور پر ۔

Putsch : (n) [Swiss G.] انقلابی حملہ : انقلاب انگیز جدو جہد۔

Putt/ Put :(n) [Orig. Sc.] (گولف) گولفی ضرب : ایسی ضرب جس سے گیند گولفی گچھی میں جا پڑے۔

Putt/ Put : (v) [Orig. Sc.] (گولف) گولف کی گیند کو آہستہ ضرب لگانا : ایسی ضرب لگانا جس سے گیند گچھی میں در آئے : گولف کی گیند کو گچھی کے نزدیک مارنا۔

Puttee : (n) [Hindi 'Patti'.] پٹی : پاپیچ : پنڈلیوں پر باندھنے کی پٹی۔

Putter : (n) (۱) رکھنے والا؛ پیش کرنے والا ؛ تجویز کرنے والا ۔ (۲) (کوئلہ کان) ٹرام دھکیلنے والا ؛ کوئلہ نکالنے والا ؛ کوئلے کی کان میں ٹب کا کھینچنے والا ۔

Putter : (n) (۱) وزن اٹھانے والا ؛ پتھر یا گولہ پھینکنے والا ۔ (۲) (گولف) ضرب لگانے کا ڈنڈا ۔ (۳) گولف کا کھلاڑی ؛ ضرب لگانے والا ۔

Puttier : (n) پوٹی سے بند کرنے والا ؛ پوٹی سے شیشہ بند کرنے والا ۔

Putting : (n) رکھنے کا عمل ؛ پھینکنے کا عمل ؛ پھینک ؛ پھینکائی ؛ (خصوصاً) کثرت کرنے کا عمل (وزن پھینکنے میں) ؛ وزن پھینکائی ۔

Putting : (n) (گولف) ڈنڈا سے گیند مارنے کا عمل ؛ گچھی تک مارنے کا عمل ۔

Putting cleek : (n) گولف کھیلنے کا شام دار ڈنڈا ۔

Putting green : (n) وہ سبز حصۂ زمین جو گولفی گچھی کے گرد ہوتا ہے ۔

Putting hole : (n) گولفی گچھی ۔

Putting iron : (n) (گولف کا) آہنی ڈنڈا ۔

Putting-stone : (n) وہ بھاری گولا (پتھر) جو ورزشی کھیلوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

Putto/ Putti : (n) [It. pl.'Putti'.] (جمع) بچوں کی تصویر یا مجسمہ (خصوصاً پندرھویں سے سترھویں صدی عیسوی تک اٹلی کے آرٹ میں استعمال ہوتا تھا) ۔

Putty : (n) [Fr. 'Potee'.] (۱) پوٹی ؛ پالش ؛ ٹین یا سیسے کا سفوف شیشے یا دھات کے صاف کرنے کے لئے ؛ دھات پالش ؛ سرنج ۔ (۲) چونے کا باریک سیمنٹ (جو بغیر بالو ملائے بنایا جائے) ۔ (۳) (تعمیرات) پوٹین ۔

Glazzers' putty : شیشے جڑنے کی لئی یعنی کھویا مٹی اور السی کے تیل وغیرہ کی لئی ؛ پوٹین ۔

Jewellers' putty : جوہریوں کا پالش ۔

Plasterers' putty : چونے کا باریک سیمنٹ ۔

Putty : (v) [f. Prec.] (۱) پوٹی سے جوڑنا ؛ پوٹی سے شیشہ جوڑنا؛ سرنج سے ملانا ۔ (۲) پوٹین سے درز بند کرنا ؛ پوٹی سے بند کرنا ۔

Putty colour : (n) زردی مائل بھورا رنگ کا ہلکا سایہ (Shade) ۔

Putty eye : (n) کبوتر کی طری کی آنکھ ۔

Puttty knife : (n) پوٹین ملانے والی کندہ اور لچکدار چھری ۔

Putty medal : (n) معمولی خدمات کا صلہ ؛ ادنیٰ خدمات کا موزوں ، مناسب انعام ۔

Putty powder : (n) سفوف پوٹی ؛ شیشہ صاف کرنے کا سفوف ۔

Putty root : (n) شمالی امریکا کی ثعلبیہ ؛ امریکی ثعلب مصری ۔

Putwari : (n) [Hindi.] پٹواری ۔

Puy : (n) [L.'Podium'.] (ارضیات) برکانی ٹیلہ ؛ برکانی مخروطہ؛ چھوٹی برکانی مخروطہ خصوصاً اوورن(Auvergne) کی ۔

Puya : (n) [mod. L. from the chilean native name.] چیلی کا ایک درخت جس کے پتے کانٹے دار اور پھل بھڑکیلے ہوتے ہیں ۔

Puzzle : (n) [Origin Unkn.] (۱) معما ؛ چیستاں ؛ پہیلی ؛ مسئلہ ؛ مشکل ؛ عقدہ ۔ (۲) گورکھ دھندا ؛ گلجھی ؛ گیجی ۔ (۳) سر گشتگی ؛ حیرت ؛ حیرانی ؛ پریشانی ؛ بکھیڑا؛ الجھیڑا ۔ (۴) مشکل سوال یا مسئلہ ؛ امر یا شخص جو سمجھ میں نہ آئے ۔ (۵) دیکھو Puzzle-peg ۔

Chinese puzzle : معمۂ چینی ؛ (مجازاً) کوئی مسئلہ (جیومیٹری کا) ۔

Crossword puzzle : معمائے جدول ؛ معمائے الفاظ ۔

Puzzle : (v) [Etym. obsc.] (۱) الجھانا ؛ الجھنا ؛ حیران کرنا یا ہونا ؛ پریشان کرنا یا ہونا ۔ (۲) الجھن میں پھنسانا؛ گھبرانا ؛ تذبذب میں ڈالنا ؛ مذبذب کرنا ؛ عاجز کرنا ؛ تنگ کرنا ؛ زچ کرنا ؛ ضیق کرنا ؛ دق کرنا ؛ آشفتہ کرنا ؛ سر گشتہ کرنا ۔ (۳) حیرت میں ڈالنا ؛ حیرت زدہ کرنا ؛ متحیر کرنا ؛ غرقِ حیرت کرنا ؛ محو حیرت کرنا ۔ (۴) لا جواب کرنا ۔ (۵) کوئی سوال پوچھ کر یا کوئی مسئلہ پیش کر کے الجھن میں ڈال دینا ۔

To puzzle out : (معما) حل کرنا ؛ (عقدہ) حل کرنا یا سلجھانا ؛ مسئلہ حل کرنا ۔

Puzzle-box : (n) معما بکس ؛ پنجرہ (جانور وغیرہ کو سکھانے کی لئی) ۔

Puzzle-box experiment : (n) تجربۂ بکس معما ۔

Puzzle-head : (n) آشفتہ خیال شخص ؛ پریشان آدمی ؛ حیران شخص ۔

Puzzle headed : (a) پریشان خیال ؛ آشفتہ خیال؛ زو لیدہ دماغ ؛الجھایا ہوا ؛ الجھے خیال کا ؛ الجھے دماغ کا ۔

Puzzle headedness : (n) آشفتہ خیالی ؛ زولیدہ دماغی ؛ پریشان خیالی۔

Puzzle lock : (n) قفل رمزی ۔

Puzzle-monkey : (n) ملک چلی (Chilly) کا ایک درخت ۔

Puzzle-pate : (n) دیکھو Puzzle- head

Puzzle-pated : (n) دیکھو Puzzle-headed

Puzzle-patedness : (n) دیکھو Puzzle-headedness

Puzzledom : (n) حیرانی ؛ الجھن ؛ پریشانی ؛ ضیق ؛ الجھاؤ ؛ بکھیڑا ۔

Puzzlement : (n) حیرت ؛ حیرانی ؛ حیرت زدگی ؛ پریشانی ؛ ضیق ؛ الجھن ؛ الجھاؤ ؛ بکھیڑا ۔

Puzzler : (n) (۱) معما حل کرنے والا ؛ چیستاں حل کرنے والا ۔
(۲) الجھاؤ یا الجھن میں ڈالنے والا ؛ جو خود بخود الجھن میں پھنس جاتا ہے ۔

Puzzlingly : (adv.) متحیرانہ ؛ حیرت کے ساتھ ؛ الجھن کے ساتھ ؛ الجھن میں ڈالنے کے طور پر ۔

Puzzollan / Puzzloana : (n) دیکھو Pozzolana

Pyaemia / Pyemia : (n) [mod. L.] (مرضیات) تقیح الدم ؛پیپ دار خون ؛ایک بیماری جس میں جلد پر پیپ کے نقطے نمودار ہو جاتے ہیں اور خون میں سمیت پیدا ہو جاتی ہے ۔

Pyaemic : (a) تقیح الدم کا یا اس سے متعلق ۔

Pycnaspideae : (n) (طیورات) عصفوریہ چڑیوں کا جھنڈ ۔

Pycnaspidean : (a) عصفوریہ چڑیوں کے جھنڈ سے متعلق ۔

Pycnidiospore : (n) (نباتیات) کثیف غبیرہ ۔

Pycnidium / -ia : (n) [mod. L.] (نباتیات) کثیف غبیرہ دان ۔

Pycniospore : (n) (نباتیات) کثیف غبیرہ ۔

Pycnite : (n) [Fr.] (معدنیات) پکھراج ؛ پکنائٹ ۔

Pycno- : جزو ترکیبی بمعنی "گھنا" "گہرا" "نزدیک" "گنجان" "کثیف" "دبیز" ۔

Pycnodont : (a) چمکدار مچھلیوں کی ایک جنس سے متعلق ۔

Pycnodont : (n) چمکدار مچھلی۔

Pycnogonid : (n) (حیوانیات) کثیف زانو مکڑی ؛ بحری مکڑی ۔

Pycnometer : (n) (طبیعیات) کثافت پیما ؛ (غلاظت) سنج ؛ گندگی پیما ۔

Pycnosis : (n) (خلویات) کثیفت ۔

Pycnospore : (n) کثیف غبیرہ ۔

Pycnostyle : (n) [L. 'Pycnostylos' .] (تعمیرات) وہ طرز تعمیر جس میں ستون قریب قریب ہوں یعنی ستونوں کا درمیانی فاصلہ ایک ستون کے ڈیڑھ قطر کے برابر ہو؛ گنجان ستونی طرز ؛ پکنو سٹائل ۔

Pycnostyle : (a) گنجان ستونی طرز سے متعلق ؛ پکنو سٹائل کا یا اس سے متعلق ۔

Pycnotic : (a) [Gr. 'Piknotikos'.] انجماد؛ تکثیف کا یا اس سے متعلق ۔

Pye : (n) (طباعت) کھچڑی ؛ پائی ۔

Pyelitic : (a) ورم حوض گردہ سے متعلق ۔

Pyelitis : (n) [mod. L. f. Gr. 'Pyelos' + -'itis' .] (طب)ورم حوض ؛ ورم حوض گردہ ۔

Pyelocystitis : (n) (طب) ورم حوض و مثانہ ۔

Pyelogram/ Pyelograph : (n) (طب) حوض نگارش ؛ ترسیم حوض ۔

Pyelography : (n) حوض نگاری ۔

Pyelonephritis : (n) (طب) ورم حوض و گردہ ۔

Pyeluria : (n) (طب) سلسل البول ؛ پیشاب کا بار بار آنا ۔

Pyemia : (n) (طب) تقیح الدم ؛ پیپ دار خون ۔

Pygal : (n) [Gr. 'Pyge' + -al.] (حیوانیات) کفل ؛ ذنب ؛ بعض

جانوروں کی پشت۔

Pygal : (a) (حیوانیات) کفلی : ذنبی۔

Pygarg : (n) [L. 'Pygargus'.] (۱) ہرن کی ایک قسم۔ (۲) بحری عقاب۔

Pygidial : (a) ذنبی : دُم کے حصّے سے متعلق۔

Pygidium : (n) [mod. L.] (حیوانیات) پسیں ظہر حلقہ : آخری حلقہ : دم کا حصہ۔

Pygmean / Pygmean : (n) [L. 'Pygmaeus'.] کوتاہ قد سے متعلق : بونا سے متعلق : بہت چھوٹا : ٹھگنا : پست قد۔

Pygmy/ Pigmy : (a) [L. 'Pygmaeus'.] (۱) کوتاہ : قد کوتاہ : پست قد : بالشتیا : بونا : پست قامت : بہت چھوٹا۔
(۲) (مجازاً) کم عقل : بے مغز : حقیر : ناچیز۔
(۳) پست قد قوم یا شخص سے متعلق۔

Pygmy/ Pigmy : (n) (۱) پست قد قوم کا فرد : پست قد آدمی : چھوٹا آدمی۔ (۲) (مجازاً) کم عقل شخص : بے مغز آدمی۔
(۳) (مجازاً) حقیر شے : معمولی چیز۔ (۴) دیو : پری : بھوت : پریت۔

The pygmies : افریقہ کی پست قد قوم۔

Pygo - : [Gr. 'Pygo'.] سابقہ بمعنی "کفل" "اطراف دُم"۔

Pygobranchiate : (a) معدہ پلکی ایک جنس سے متعلق۔

Pygopod : (a) (۱) مرغان غواص کی خانوادہ سے متعلق۔
(۲) آسٹریلیائی چھپکلی کی ایک جنس سے متعلق۔

Pygopod : (n) (۱) مرغان غواص کی ایک جنس۔ (۲) ایک قسم کی آسٹریلیائی چھپکلی۔

Pygopodous : (a) جس کے پیر زیادہ پیچھے کی طرف ہوں۔

Pygostyle : (n) (حیوانیات) میکعہ : میکعۃ الطیر : دُم ہڈی۔

Pyin : (n) [Gr. 'Pyon' + - in.] پیپ میں پایا جانے والا ایک البومینی مادہ۔

Pyjamas/ Pajamas : (n) [Pers. and Urdu, 'Paejamah'.]
(۱) پاجامہ : پائے جامہ۔ (۲) شلوار گشاد : ڈھیلا ڈھالا سوٹ (کرتا و پاجامہ) جو رات کو سوتے وقت پہنتے ہیں (انگلستان میں اکثر اسی معنی میں استعمال ہوتا ہے)۔

Pyknic / Pycnic : (a) [Gr. 'Pyknos' + -ic.] چھوٹے ہاتھ پاؤں اور گول چہرے اور جسم والا۔

Pyknometer : (n) (طبیعیات) کثافت پیما۔

Pylagore / Pylagoras : (n) [Gr. 'Pylagoras'.] (یونان قدیم) ہر یونانی قبیلے کے Amphictyonic کونسل کے لئے منتخب دو ڈہٹی میں سے ایک کالقب۔

Pylangial : (a) شریان کے غیر منقسم حصے سے متعلق۔

Pylangium : (n) (تشریح) شریان کا غیر منقسم حصہ جو ریڑھ کی ہڈی کے نیچے کے جوف کا حصہ ہوتا ہے۔

Pylon : (n) [Gr. 'Pylon'.] (۱) (اثریات) اونچا بڑا دروازہ : باب ہیکل : ہری پھاٹک (خصوصاً مصری معابد کا) : برج : ستون۔ (۲) اونچی مینار دار عمارت (پشت بانی، حدبندی یا آرائش کی غرض سے) : برج پائلن نما۔
(۲) (الیکٹرک انجینیئرنگ) فولادی لاٹھ۔

Pylorectomy : (n) (سر) بواب براری۔

Pyloric : (a) [f. Pylorus.] (تشریح) بوابی : فم معدہ سے متعلق : دربانی : متعلق بہ دربانیہ۔

Pyloric artery : (n) (تشریح) بوابی شریان۔

Pyloric orifice : (n) (تشریح) بوابی دہنہ۔

Pyloric stenosis : (n) (طب) بوابی ضیق۔

Pyloric valve : (n) (تشریح) بوابی صمام۔

Pyloro - : سابقہ بمعنی "باب المعدہ"۔

Pyloroplasty : (n) فم معدہ کی پلاسٹک سرجری۔

Pylorus : (n) [Gr. 'Pyloros'.] بواب : فم معدہ : یہ معدہ کے نیچے والے سرے کا نام ہے جو چھوٹی آنت سے ملحق ہے اور گویا دربان کاکام کرتا ہے : اوقات معینہ پر غذا کو معدہ سے آنت میں جانے کا کام دیتا ہے۔

Pyo - : سابقہ بمعنی "ریم" "پیپ"۔

Pyococcal : (a) تقیح نبقی (کوکس میں پیپ پڑنے سے متعلق)۔

Pyococcus : (n) تقیح نبقه : جرثومه میں پیپ پڑنا ۔

Pyocyanic : (a) نیلے رنگ کے مادے سے متعلق جو پیپ سے نکلتا ہے۔

Pyocyanin : (n) نیلے رنگ کا مادہ جو پیپ سے نکلتا ہے $(C_{14} H_{14} NO_2)$ ۔

Pyogenesis : (n) (طب) صدید یت ؛ پیپ پڑنا ۔

Pyogenic/ Pyogenetic : (a) ریم زا؛ پیپ زا ۔

Pyogenic bacteria : (n) پیپ زا جراثیم ۔

Pyogenous : (a) (طب) ریم زائیدہ ؛ پیپ زائیدہ ۔

Pyoid : (a) [Gr. 'Pyoides' .] صدیدی ؛ پیپ دار ؛ ریمی ؛ پیپ جیسا ۔

Pyometra : (n) (طب) صدیدیت رحم ۔

Pyonephrosis : (n) (طب) صدیدیت گردہ ۔

Pyopneumothorax : (n) عشاء الریہ کے جوف میں پیپ اور ہوا کی موجودگی ۔

Pyorrhoea : (n) [Pyo- + Gr. 'rhoea' .] (۱) (طب) تقیح ؛ سیلان ریم ؛ پیپ کا خارج ہونا ؛ خصوصاً دانتوں کی بیماری ۔ (۲) (طب) ناسورلثہ ؛ پائیوریا ۔

Pyorrhoea Alveolaris : (n) (طب) ناسورلثہ ؛ پائیوریا ۔

Pyosalpinx : (n) (طب) صدیدیت بیض نالی ۔

Pyosis : (n) صدیدیت ؛ تقیح ؛ پیپ پڑنا ۔

Pyoxanthin / Pyoxanthose : (n) زرد رنگ کا مادہ جو نیلے پیپ میں Pyocyanin کے ساتھ پایا جاتا ہے ۔

Pyracanth/ Pyracantha : (n) [L. 'Pyracantha ' .] (نباتیات) یورپی شوکۃ الیہود ؛ ایک سدا بہار خاردار جھاڑی جس کے پھول سفید اور پھل ارغوانی ہوتے ہیں ۔

Pyracanthine : (a) یورپی شوکۃ الیہود سے متعلق ۔

Pyralid : (a) Pyralidae جنس کے پتنگا سے متعلق ۔

Pyralid : (n) پروانۂ آتش ؛ اگن پتنگا ۔

Pyralis / Pyralides : (n) [mod. L.] (حشریات) Pyralidae جنس کا ایک پتنگا ۔

Pyramid : (n) [L. 'Pyramis' .] (۱) ہرم ؛ خصوصاً اہرام مصری ؛ منار ۔ (۲) مخروط ؛ مخروطی شکل ۔ (۳) ہرم نما شکل ؛ منار نما شکل؛ مخروط نما شکل ۔ (۴) ہرم نما میوہ دار درخت (یعنی وہ درخت جو مخروطی شکل میں پایا جائے) ۔ (۵) (حیوانیات) ہرمی ساخت ۔ (۶) (ہندسہ) مخروط مضلع ۔ (۷) (جمع) بلیرڈ یا اٹنا کا کھیل جس میں عموماً پندرہ رنگین گیندیں ہوتی ہیں اور ایک بے رنگ ۔

Right pyramid : (ہندسہ) قائم مخروط مضلع ۔

Oblique pyramid : (ہندسہ) مائل مخروط مضلع ۔

Queen Anne : (a) (۱)ڈچ حکومت کے زیر اثر انگلینڈ میں مروج فرنیچر کی طرز خصوصیت کا یا اس سے متعلق ، خاص کر اٹھارھویں صدی کے پہلے نصف حصے میں۔ (۲) اٹھارھویں صدی میں ابتدائی دور کے انگریزی مروجہ عمارتی طرز کی خصوصیت کا یا اس سے متعلق : انگلینڈ اور امریکا کے لکڑی کے بنگلے کی طرز کی خصوصیت کا یا اس سے متعلق : انیسویں صدی کے آخر دور کا۔

Queen anne green : بھورا سازردی مائل سبز۔

Queen anne 's bounty : (n) غریب پادریوں کی امداد کے لئے فنڈ (انگلستان میں)۔

Queen anne's lace : جنگلی گاجر۔

Queen-ant : (n) چیونٹیوں کی ملکہ : ملکۂ نمل۔

Queen-bee : (n) (۱) شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ (۲) کسی جماعت کی سربرآوردہ عورت۔

Queen blue/ Queens - : (n) معتدل نیلا یعنی کھلتا ہوا نیلا رنگ۔

Queen bolt : (n) ایک سلاخ جو چھت کو سہارا دینے میں آڑ واڑ کا کام دیتی ہے۔

Queen butterfly : (n) بھورے رنگ کی سفید چتی دار بڑی تتلی۔

Queen cage : (n) شہد کی مکھی کی ملکہ کو رکھنے کے لئے ایک چھوٹا

ڈبہ : ظرف ۔

Queen -cake : (n) ایک چھوٹا کشمشی کیک ۔

Queen cell : (n) بے ترتیب موٹی دیوار سے گھرے ہوئے خاص خانوں میں سے ایک جو عام طور پر انڈے سینے والوں کی جگہ سے منسلک ہوتا ہے جس میں شہد کی مکھیوں کے پہل روپ پرورش پاتے ہیں۔

Queen closer /-closour : (n) بند یا کسربند یعنی نصف اینٹ سے کم خاص طور پر پوری لمبائی اور موٹائی کی اینٹ لیکن چوڑائی میں نصف ۔

Queen - conch : (n) (۱) بحری گھونگا ۔ (۲) ایک بڑا زردی مائل بحری گھونگا بھورے نشان والا ۔

Queen-consort : (n) بادشاہ بیگم : حکمراں بادشاہ کی ملکہ یا رانی۔

Queen crab : (n) خوردنی کیکڑا ۔

Queen-cup : (n) Rocky Mountain کے علاقے کا سدابہار پودا جو کبھی کبھی سفید پھولوں کے لئے اگایا جاتا ہے۔

Queen dowager : (n) بیوہ ملکہ یا سابق بادشاہ کی بیگم۔

Queen excluder : (n) سوراخ دار دھات کی ایک ساخت جس سے شہد کی مکھیوں کی رانی کو شہد کے بعض حصوں سے الگ بند کردیا جاتا ہے مگر اور مکھیوں کو آنے جانے دیا جاتا ہے ۔

Queen fern : (n) ایک قسم کا سرخی یا فرن جس میں پھول آتے ہیں۔

Queen fish : (n) (۱) چند سمندری مچھلیوں میں سے کوئی : کیلیفورنیا کی عام چھوٹی مچھلی : سائنڈ : راہو (ایک قسم کی مچھلی جو شکار کے لئے اور کھانے کے لئے بہت پسند کی جاتی ہے)۔ (۲) چند بڑی شکار کی جانے والی اور کھائی جانے والی مچھلیوں میں سے کوئی ۔

Queen lily : (n) Phaedranssa کی جنس کا ایک پودا۔

Queen mother : (n) (۱) حکمراں بادشاہ کی ماں (جو بیوہ بھی ہو)۔ (۲) ملکہ جو ماں ہے (بادشاہ کی) : شہد کی مکھیوں کی ملکہ کو بھی کہتے ہیں (نیز مجازاً) ۔

Queen of heaven : (n) جونو : سیارات صغیرہ میں سے ایک : ملکۂ آسمان ۔

Queen of grace : (n) ملکۂ فضل و کرم (اس لقب سے حضرت مریم کو یاد کیا جاتا ہے)۔

Queen of May/-the May : (n) (۱) دیکھو May Queen ۔ (۲) ایک لڑکی یا کمسن عورت جو یکم مئی کی تقریب میں یا کوئی دوسری ماہ مئی کی پارٹی میں صدارت کے لئے منتخب کی جاتی ہے ۔

Queen of the Adriatic : (n) (بحر ایڈریاٹیک کی ملکہ یعنی) شہر وینس ۔

Queen of the meadow : (n) (۱) ایک گلاب کی طرح کا پودا جو مرغزاروں میں اگتا ہے اس کا طرہ دودھیا رنگ کا اور پھول خوشبودار ہوتا ہے ۔ (۲) Spiraea کی جنس کے پودوں میں سے کوئی پودا ۔ (۳) دودھیل دلدلی پودا ۔

Queen of the night : (n) امریکی منطقہ حارہ کی تکونی شاخوں والی ناگ پھنی بیل ۔

Queen of the prairie : (n) ایک امریکی سدابہار پودا جس میں زرد گلابی پھولوں کے وافر گچھے ہوتے ہیں ۔

Queen of the seas : (n) (سمندروں کی ملکہ یعنی) برطانیہ عظمی۔

Queen Olive : (n) مختلف زیتون کے درختوں میں سے کوئی جو خاص طور پر ہوتے ہیں جن کے پھل بڑے اور لمبوترے ہوتے ہیں ۔

Queen pigeon : (n) کلغی دار کبوتروں کی قسم : لقا کبوتر ۔

Queen-post : (n) دو لکڑیوں میں سے ایک سیدھی لکڑی (یا کڑی) جو چھت کی کڑی اور تختوں کے درمیان لگائی جاتی ہے : آڑواڑ : سیدھی قینچی : قائمہ ۔

Queen post truss (n) ایک کھمبا جس میں آڑی ٹیکن لگی ہو۔

Queen rod : (n) دیکھو Queen bolt

Queen regent : (n) کسی دوسرے کی طرف سے حکمراں ملکہ یا اپنے ہی حق کی بنا پر حکمراں ملکہ ۔

Queen regnant : (n) حقدار سلطنت کی حیثیت سے حکمراں ملکہ۔

Queen-root : (n) ایک سدا بہار جھاڑی جو وارنش اور رنگ و روغن کو سکھانے کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔

Queen snake : (n) Colubridae جنس کا ایک بے ضرر امریکی سانپ۔

Queen triggerfish : (n) ایک قسم کی مچھلی جو بحر اوقیانوس اور بحر ہند کے گرم علاقوں میں بہ کثرت پائی جاتی ہے۔

Queen truss : (n) ایک کھمبا جس میں آڑی ٹیکن لگی ہو۔

Queen turtle : (n) شمالی امریکا کا بطور غذا استعمال ہونے والا نرم پشت والا سبز کچھوا۔

Queen-wasp : (n) بروں کی ملکہ : بڑی بر۔

Queen's arm : (n) پیدل سپاہیوں کی دستی بندوق جو ہاتھ سے بھری جاتی تھی۔

Queen's berry : (n) کوئنس بیری کے مارکوئس ہشتم کا نام جس کی نگرانی میں ۱۸۶۱ء میں مکہ بازی کے قوانین وضع کئے گئے تھے جس کی رو سے ہر طرح کی مکہ بازی کے مقابلے برطانیہ میں ہوتے ہیں (نیز مجازاً)۔

Queen's colours : (n) فوجی علم کا ایک جوڑا : شاہی جھنڈے۔

Queen's crape myrtle : (n) ایشیا : آسٹریلیا اور جزائر شرق الہند کا ایک درخت جس کی لکڑی اور جگہوں میں آرائشی کاموں میں استعمال ہوتی ہے۔

Queen's cushion : (n) پتی کٹا ہوا ایک قسم کا پودا جو آلپس (پہاڑ پر) یا چٹانوں میں ہوتا ہے اس کے پھول سرخ، سفید یا زرد ہوتے ہیں۔

Queen's delight : (n) ایک امریکن پودا۔

Queen's fettle : (n) رہبانیت، راہبانہ زندگی۔

Queen's flower : (n) دیکھو Queen's crape myrtle

Queen's metal : (n) بھرت کمی قدر جست سے مشابہ یا رانگا، سرمہ اور تانبے سے مرکب۔

Queen's pigeon - : (n) پیوان علاقے کا ایک بڑا اور خوب صورت کلغی دار کبوتر۔

Queen's pincushion : (n) ایک درخت جس میں سفید پھولوں کے گچھے لگتے ہیں : ایک قسم کا گلاب کا پھول۔

Queen's pipe : (n) ایک آتش دان جو پہلے، چوری سے لائے ہوئے یا خراب ہوجانے والے تمباکو کو ضائع کرنے کے لئے استعمال ہوتا تھا۔

Queen's root : (n) دیکھو Qeeen's delight

Queen's scholar : (n) کسی انگلش اسکول کا متعلم جس کی امداد ایک ایسا ادارہ کرتا ہے جسے کسی ملکہ نے قائم کیا یا جو اس کی سرپرستی میں قائم ہوا۔

Queen's stitch : (n) کار چوب کا پھول یا بوٹا۔

Queen's ware/Queensware : (n) (۱) چمکیلی مٹی کا انگلش برتن۔ (۲) دودھیا رنگ کا شیشہ نما چینی کا برتن۔

Queen's weather : (n) دھوپ، وہ موسم جب دھوپ نکلی ہو؛ روشن موسم۔

Queen's wreath : (n) امریکی گرم علاقے کی جنگلی انگور کی لت۔

Queen's yellow : (n) (۱) چھوئی موئی : لاجونتی؛ گل فتنہ۔ (۲) رسکپور۔

Queendom : (n) (۱) ملکہ کا عہدہ یا مرتبہ۔ (۲) ملکہ کی زیر حکومت ریاست۔

Queenhood : (n) بیگمیت؛ ملکہ ہونا؛ ملکہ کا عہدہ یا مرتبہ۔

Queenie : (a) ہم جنس پسند والا (جنسی تعلقات)۔

Queening : (n) [ME.] ایک قسم کا میٹھا اور خوشبودار سیب۔

Queenite : (n) ملکہ کا حامی۔

Queenless : (n) بغیر ملکہ : جس بادشاہ کی ملکہ نہ ہو۔

Queenlet : (n) کم رتبہ ملکہ۔

Queenlike : (n) ملکہ مانند : مثل ایک ملکہ کے؛ باوقار یا معزز۔

Queenliness : (n) ملکہ ہونے کی صفت یا حالت : ملکہ یا رانی پن : ملکہ کی طرح ہونا۔

Queenly : (a) ملکہ کا؛ ملکہ کے شایان شان : ملکہ سے مشابہ : ملکہ جیسا : باوقار؛ شاہانہ۔

Queenly : (adv.) ملکہ کی طرح سے۔

Queenpin : (n) وہ عورت جو کسی جماعت یا گروہ کی رہنمائی کرتی ہے یا اس جماعت میں سربرآوردہ ہے۔

Queenright : (a) (شہد کی مکھیوں کے چھتے سے متعلق) جس میں رانی ہو۔

Queenship : (n) (۱) ملکہ کا مرتبہ یا عہدہ ۔ (۲) ملکہ ہونے کی صفت یا حالات ۔

Queensland : (a) [fr. Queens land state Australia] کوئینس لینڈ ریاست آسٹریلیا کا یا اس سے متعلق؛ کوئینس لینڈ میں مروج طرز کا ۔

Queensland beech : (n) (۱) آسٹریلیائی لکڑی والا درخت جس میں ارغوانی مائل نلی دار سفید پھول ہوتے ہیں ۔ (۲) آسٹریلیائی درخت کی سخت وزنی لکڑی۔

Queensland cherry : (n) (۱)آسٹریلیا کی جھاڑی یا چھوٹا درخت؛ Euphorbiaceae کا ہم جنس ۔ (۲) آسٹریلیائی جھاڑی کاغذ کے سرخ تیزابی پھل ۔

Queensland fruitfly : (n) ایک قسم کا کیڑا (New South Wales کا) جو پھلوں کو برباد کرتا ہے ۔

Queensland grass-cloth plant : (n) ایک آسٹریلیائی پودا جس کے ریشوں سے کپڑے تیار کئے جاتے ہیں ۔

Queensland hemp : (n) ایک پودا جو گرم علاقوں میں بہ کثرت پیدا ہوتا ہے جس کے ریشے نرم، عمدہ اور مضبوطی میں جوٹ سے بہتر ہوتے ہیں ۔ یہ پودا چارہ میں کام آتا ہے اور دوا میں بطور مسکن استعمال ہوتا ہے۔

Queensland hickory : (n) ایک آسٹریلیائی سدا بہار زرد مہین ریشہ دار سخت لکڑی والا درخت جو بھاری چیزوں کے بنانے اور مشین کے سہارے بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Queensland kauri : (n) (۱) Agathis کی جنس کے مختلف درختوں میں سے کوئی ایک ۔ (۲) دیکھو Dundathupine ۔

Queensland maple : (n) (۱) ایک آسٹریلیائی درخت ۔ (۲) آسٹریلیائی درخت کی ہلکے سرخ رنگ کی لکڑی جو مہاگنی سے مشابہ ہوتی ہے ۔

Queensland nut : (n) Macadamia کی جنس کا ایک درخت ۔

Queensland silver wattle : (n) جھاڑی دار آسٹریلیائی روئیں دار خاکی یا سفید برگ ساقہ ببول جس کے پھولوں کے سر سنہرے زرد بغلی پھل گچھوں میں ہوتے ہیں ۔

Queensland trumpeter : (n) ہند بحرالکاہل کے گرم علاقے کی سمندری غذائی مچھلی ۔

Queensland walnut : (n) آسٹریلیائی اخروٹ ۔

Queenswood : (n) آسٹریلیائی اخروٹ ۔

Queenslander : (n) [Queensland state] آسٹریلیائی ریاست کوئنس لینڈ کا ملکی باشندہ ۔

Queer : (n) [Origin obsc.] (عامیانہ) ہم جنس پسند شخص(جنسی تعلقات میں) ۔

Queer : (v) (۱) (عامیانہ) ہنسی اڑانا؛ تضحیک کرنا؛ چکرادینا؛ پریشان کردینا ۔ (۲) کسی پر منڈھنا؛ (کسی کے) سر ڈالنا؛ دھوکا دینا؛ فریب دینا ۔ (۳) خراب کردینا؛ بگاڑ دینا؛ نکال دینا ۔

Queer : (adv.) عجیب عجیب طور سے؛ انوکھے طریقے سے؛ انوکھے پن سے ۔

Queer : (a) [Poss. G. 'queer'.] (۱) عجیب؛ انوکھا؛ طرفہ؛ بے ڈھنگا؛ خبطی سا؛ مخبوط ۔ (۲) قابل اعتراض چال چلن والا؛ مشتبہ؛ مخصوص طرز کا؛ خلاف توقع۔ (۲) ناتندرست؛ بیمار سا؛ غیر تندرست؛ دوران سر میں مبتلا ۔ (۴) (بازاری) مخمور؛ نشے میں دھت جنسی طور پر منحرف؛ ہم جنس پسند؛ نکارہ؛ برا؛ جعلی (سکہ)۔

To feel or look queer : مزاج نادرست ہونا؛ اپنی حالت کو خلاف اعتدال محسوس کرنا؛ طبیعت کی ناسازی محسوس کرنا ۔

Queer cuffin : (n) (۱) دیکھو Churl ۔ (۲)کم ذات؛ رذیل ۔(۳)دیہاتی؛ دہقانی؛ گاؤدی؛ گنوار ۔ (۴) بدتمیز؛ غیر مہذب؛ اجڈ ۔ (۵) کنجوس؛ بخیل؛ مکھی چوس؛ ممسک ۔

Queer street : (n) (عامیانہ) پریشان کن موقع یا حالت (خاص کر مالی دشواریوں کے باعث) ۔

Queer the pitc/-one's - : (n) کسی سوچے سمجھے طے شدہ منصوبے کو بگاڑ دینا؛ کسی کام میں رخنہ ڈالنا؛ کام بگاڑ دینا۔

Queerish : (a) (۱) انوکھا سا؛ عجیب عجیب ۔ (۲) پریشان سا؛ کھویا ہوا سا؛ قدرے نکما؛ برا ۔ (۳)کسل مند؛ پژمردہ؛ دوران سر میں مبتلا ۔

Queerishly : (adv.) انوکھے پن سے؛ عجیب عجیب طریقے سے؛ کسل مندی سے؛ پژمردگی کے ساتھ؛ کھویا سا ہوکر۔

Queerishness : (n) انوکھا پن؛ کسل مندی؛ پژمردگی؛ پریشانی۔

Queerity : (n) [f. Queer.] انوکھا پن؛ عجوبہ پن؛ بوالعجبی؛ انوکھی

بات یا چیز ؛ انوکھی صفت ۔

Queerly : (adv.) عجیب عجیب طور سے ؛ انوکھے طریقے سے ؛ انوکھے پن سے ۔

Queerness : (n) انوکھاپن ؛ عجوبہ پن ؛ مزاج کی نادرستی ؛ طبیعت کی خرابی ؛ دوران مرض ؛ انوکھی طبیعت ؛ خصوصیت ۔

Queest : (n) [ME. 'quyshte, quyste' OR. 'Cuscote'.] (۱) قمری ۔ (۲) ایک عام یورپی کبوتر جو سائز میں یورپی فاختہ سے بڑا ہوتا ہے اور جس کے گردن کے دونوں طرف سفیدی مائل دھبے اور بازوں کے کنارے پر سفید رنگ ہوتا ہے ۔

Queet : (n) (اسکاٹستان) ٹخنے کا جوڑ ۔

Quekchi : Kekchi کا متبادل ۔

Quelch : (v) [By alter.] (۱) (روزہ مرہ) کچل دینا؛ کام تمام کردینا ؛ خاتمہ کردینا ۔ (۲) تمام کردینا ؛ گھبرا دینا ؛ خاموش کردینا ۔ (۳) پھر پھر کرنا (کیچڑ میں چلنے یا پانی بھرے جوتوں سے چلنے کی آواز) ۔

Quelea : (n) [L. Prob. fr. a native name in Africa.] (۱) افریقی بیا (چڑیا) کی ایک قسم ۔ (۲) Quelea کی جنس کی کوئی چڑیا خاص کر سرخ چونچ والی پالتو چڑیا ۔

Quell : (v) [OE. Cwellan.] (۱) (شاعری و بلاغت) مسخر کرنا؛ شکست دینا ؛ دبا دینا ۔ (۲) مٹانا ؛ زائل کرنا (کسی چیز کو، کسی چیز کی حالت کو) ۔ (۳) خاتمہ کردینا؛ کچل ڈالنا ؛ قابو پالینا (کسی آدمی یا چیز پر) ؛ مطیع کرلینا؛ مغلوب کرلینا ۔

Quell/ Quail : (v) زیر بار ہوجانا؛ خاتمہ ہونا ۔

Quell : (n) [ME. fr. quallen.] (۱) دیکھو Killing ۔ (۲) قتل ؛ خونریزی ؛ کشت و خون؛ قتل عام ؛ ذبیح ۔ (۳) نیز مغلوب کرنے کی طاقت (کسی بادشاہ کو) ۔

Quellable : (a) برباد کئے جانے کے لائق؛ کچل دینے کے قابل؛ دبا دینے کے لائق ۔

Queller : (n) [OE. Cwellere'.] برباد کرنے والا ؛ مٹانے والا ؛ خاتمہ کرنے والا ؛ شکست دینے والا ؛ مغلوب کرنے والا ؛ دبا دینے والا ؛ فرو کنندہ ۔

Quellung : (n) خرد نامیہ یا جرثومہ کے غشائی غلاف کا ورم، جسم دافع یا ضد جسم کے عمل کے بعد ۔

Quelque-chose : (n) [Fr.] (۱) دیکھو Rickshaw ۔ (۲) وہ نفیس غذا جس سے اشتہا رفع نہ ہو (مثلاً تمش) ۔ (۳) کھلونا بے حقیقت یا حقیر چیز ۔

Quemadero : (n) [sp. f. 'quemado'.] جلاکر مار ڈالنے کی جگہ ۔

Queme : (a) [OE. 'qeeweme'.] (۱) (روزہ مرہ) خوشگوار؛ پسندیدہ ؛ دل پذیر؛ آرام دہ ۔ (۲) دل پسند؛ دل کش؛ جاذب نظر ۔ (۳) سبک ۔

Quena / Cuena : (n) [Sp. 'quena'. fr. 'qechua' kkhina'.] جنوبی امریکی انڈین کی قدیم نرسلی بانسری ۔

Quench : (v) [OE. 'Cwencan'.] (۱) بجھانا؛ گل کرنا ؛ زائل کرنا (آگ، شعلہ، روشنی، بصارت) ؛ ٹھنڈا کرنا آگ یا شعلہ (جلانے والی یا روشن کرنے والی چیز کا) ؛ آنکھوں کی روشنی زائل کرنا ۔ (۲) ٹھنڈا کرنا (گرم چیز کو) ٹھنڈے پانی سے یا کسی سیال شے سے ۔ (۳) خاتمہ کر دینا؛ دبا دینا ؛ مسدود کردینا (رفتار، خواہش، حالت ، وصف وغیرہ) ۔ (۴) رفع کرنا؛ بجھانا؛ (پیاس کو)؛ گرم لوہے کو ٹھنڈا کردینا ؛ برقی رو کو کم کر دینا یا روک دینا ؛ خاموش ہوجانا ؛ دب جانا (بحث یا گفتگو میں) ۔ (۵) (عامیانہ) برباد کرنا؛ مار ڈالنا (آدمی کو) ؛ دبا دینا؛ کچل ڈالنا ۔

To quench smoking flax : آئندہ واقعات یا پیدا ہونے والی صورت ، حالت یا ترقی کو روک دینا؛ بتی سے کاٹ دینا ؛ کسی بنتے ہوئے کام میں روڑا اٹکا دینا ۔

Quench : (n) بجھادینے یا ٹھنڈا کرنے کا عمل یا ٹھنڈا کئے جانے، دبا دینے یا زائل کئے جانے کی حالت ۔

Quench aging : (n) شدید درجۂ حرارت کو جلد ٹھنڈا کرکے بھرت کو کام میں لانے کے لئے سخت اور پختہ بنانا ۔

Quench hardening : (n) شدید درجۂ حرارت کو ٹھنڈا کرکے بھرت کو سخت بنا نا ۔

Quenchable : (a) بجھایا جانے کے قابل ؛ ٹھنڈا کیا جانے کے قابل؛ بجھانے کے لائق ۔

Quenchableness : (n) بجھائے جانے کے لائق ہونے کی صفت یا حالت۔ گل ہوجانے یا ٹھنڈا کئے جانے کے قابل ہونے کی صفت یا حالت ۔

Quenched gap : (n) ایک قسم کا شراری فاصلہ جو ترسیلی آلے میں استعمال ہوتا ہے اور جو اس طرح بنایا گیا ہے کہ وہ برقی شرارہ کے شروع ہونے کے بعد اسے فوراً

بجھا دیتا ہے۔

Quencher : (n) بجھانے والا ؛ بجھانے والی چیز ؛ (روزہ مرہ) پیاس بجھانے والی کوئی چیز ؛ کوئی پینے کی چیز؛ تسکین بخش مشروب۔

Quenching bath : (n) پانی ، تیل یا کوئی سیال شے جس میں گرم دھات سخت بنانے کے لئے ڈبوئی جائے۔

Quenchless : (a) جو بجھائی نہ جاسکے ؛ نہ دفع کیا جاسکے؛ ٹھنڈا نہ کیا جاسکے ؛ لایطفیٰ ؛ اطفانا پذیر ؛ (مجازاً) تسکین نا آشنا۔

Quenchlessly : (adv.) ٹھنڈا نہ کئے جانے کے طور پر ؛ اطفانا پذیری سے؛ لا لطیفی سے۔

Quenchlessness : (n) اطفانا پذیری۔

Quenchly : (adv.) بجھاکر؛ ٹھنڈا کرکے ؛ خاتمہ کرکے؛ زائل کرکے۔

Quenchness : (n) خاتمہ ؛ انطفا ؛ اِطفا پذیری۔

Quenda : (n) (۱)آسٹریلیائی مور خور کیسہ دار جانور جو وسیع علاقے میں پایا جاتا ہے۔ (۲) آسٹریلیائی شہری۔

Quenelle : (n) [unkn. origin.] (۱) گوفتہ ریزہ۔ (۲)بکری یا مچھلی کا سالن یا مساله دار گوشت۔

Quenouille training : (n) [quenouille f. f, ll. conwela] درختوں یا جھاڑیوں کی شاخوں کو باندھ کر مخروطی شکل میں ترتیب دینے کا طریقہ۔

Quenselite : (n) [Sw. 'quenselit'.] ایک قسم کی دھات جس کا اصلی جز سیسہ میگنیز آکسائیڈ ہے۔

Quenstedlite : (n) [G. 'quenstedtit'.] ایک قسم کی دھات جس میں آبی آہنی سلفیٹ ہو۔

Querandi/Querendi / Querendy : (n) [Sp.] (۱) نچلی پلاٹا (Palata) اور پرانا(Parana) ندیوں کے دائیں کناروں پر آباد غیر متعین زبان بولنے والی ایک قوم۔ (۲) کورنڈی قوم کا ایک رکن۔

Quercetagetin : (n) ہلکا زرد بلوری رنگ جو افریقی اور فرانسیسی گیندے کے پھولوں سے حاصل ہوتا ہے۔

Quercetagitrin : (n) ایک بلوری شکر جو افریقی گیندے کے پھول سے حاصل ہوتا ہے۔

Quercetin / Quercitin : (n) [L. quercus.] (کیمیا) زردبلوری مادہ جو کافی مقدار میں مختلف نباتات میں پایا جاتا ہے مگر اب Quercitrin کو تحلیل کرنے پر حاصل ہوتا ہے ؛ زردی بلوط ؛ بلوطین۔

Quercimeritrin : (n) ایک زرد بلوری شکر جو کپاس کے پھولوں اور پتوں میں نیز سورج مکھی میں ہوتی ہے۔

Quercitannic : (a) بلوط کی چھال سے حاصل کردہ تیزاب کا؛ تیزابی یا اس سے متعلق۔

Quercitannin : (n) [L. 'quercus'.] بلوط کی چھال سے حاصل ہونے والا تیزاب۔

Quercite : (n) [L. 'quercus'.] (کیمیا) امیٹھا بلوری الکحل جو شاہ بلوط کے پھل سے حاصل ہوتا ہے۔

Quercitol : (n) ایک شیریں بلوری پنج عنصری حلقوی الکحل ($C_6H_7(OH)_5$)۔

Quercitrin : (n) امریکی بلوط کے رنگنے کا زرد بلوری مادہ۔

Quercitron/-oak : (n) (۱) شمالی امریکی بلوط ؛ زرد بلوط۔ (۲) اس کے اندر کی چھال جو بطور زرد رنگ استعمال ہوتی ہے اور چمڑا کمانے میں (بھی) استعمال کی جاتی ہے۔ (۳)سیاہ بلوط ؛ سیاہ بلوط کی چھال۔

Quercitron lake : (n) زرد مٹی ؛ پیوڑی ؛ ملتان مٹی ؛ گیرو۔

Quercus : (n) [L.] بلوط کی جنس ؛ سخت لکڑی والے سدا بہار درختوں یا جھاڑیوں کی ایک جنس۔

Querecho : (n) [Sp.] Lipan , Jicarilla پیرس کا شہدا خاص کر یا Mescalero کے لوگ۔

Querela : (n) [L.] (۱) (قانون) کوئی عدالتی کاروائی یاچارہ جوئی۔ (۲) استغاثہ۔

Querencia : (n) [Sp. L. 'quaerere.'] اکھاڑے یا دنگل میں ایک علاقہ جسے سانڈ کی لڑائی میں سانڈ دفاعی جنگ آدمی سے لڑنے کے لئے اپنے قبضہ میں لیتا ہے۔

Querent : (n) [L. 'quaerere, 'quaerent'.] مستفسر ؛ دریافت کنندہ ؛ خاص کر وہ جو نجومی سے مشورہ کرتا ہے۔

Querent : (n) [L. 'quaerenter, quaere'.] مستفیث ؛ مدعی۔

Querflote : (n) [G. 'quer'.] جرمنی بانسری۔

Querida : (n) [Sp.'querido'.] (خاص کر جنوب مغربی علاقے میں) معشوقہ ؛ محبوبہ ۔

Querier : (n) سوال کرنے والا؛ مستفسر ؛ سوالی ۔

Querimana / Querimán : (n) [D, Creole, kwerimena)] ایک سمندری مچھلی جس کو بجائے تین (مبرزی ریڑھ کے) جو خاص کر بڑی مچھلی میں ہوتی ہے صرف دو مبرزی ریڑھ ہوتی ہے ۔

Querimonious : (a) [med. L.'querimoniosus' f. L. 'quaerimonia'.] شکایت کا خوگر؛ شاکی ۔

Querimoniously : (adv.) عادتاً شکایت کے طور پر ؛ خو گرانہ شکایت کے طریقے سے ۔

Querimoniousness : (n) عادتاً شکایت ؛ شکایت کا عادی ہونا ۔

Querimony : (n) [L. 'quaerimonia'.] شکایت ۔

Querist : (n) [f. L 'quaerere'.] سوال کرنے والا ؛ مستفسر؛ سوالی ۔

Querk : (n) (خاص طور پر روزہ مرہ) Kuirk کا متبادل ۔

Querken : (v) [ME.'querkenen'.] (روز مرہ) دم گھٹنے کی سی کیفیت ہوجانا ؛ سانس رکنا ؛ دم رکنا ۔

Querl : (a) (۱) گھونگریلا ؛اینٹھا ہوا ؛ بٹا ہوا (بال)۔ (۲) Curl کا متبادل ۔

Querl : (v) گھونگریلا بنانا؛ بل دار بنانا ۔

Quern : (n) [OE. 'Cweorn (e).] قدیم زمانے کی غلہ پیسنے کی چکی ؛ جانتا؛ پتھ چکی؛ چھوٹی چکی جس میں مرچ وغیرہ پیسی جاتی ہے ۔

Quernstone : (n) چکی کا پاٹ ؛ سنگ آسیا ۔

Querulent /Querulant : (a) [L. 'querulent'.] (۱) غیرمعمولی طور پر شک و شبہ ظاہر کرنے اور تہمت لگانے کا عادی ۔ (۲) دیکھو Querulous ۔

Querulent : (n) شک و شبہ ظاہر کرنے والا آدمی ؛ تہمت لگانے والا شخص ۔

Querulental - lential : (a) [L. 'querulatio'.] (۱)بد مزاج ؛ چڑ چڑا ؛ زود رنج ۔ (۲) عیب جو ؛ ناشکرا؛ شکوہ کرنے کا عادی ؛ خوگرِ شکوہ ۔

Querulential : (a) (۱) شکوہ کرنے کا عادی ؛ چڑچڑا؛ بدمزاج ۔ (۲)ظاہر کرنے والی یا شکایت کرنے والی (آواز جانور کی) ۔ (۳) عیجب جو۔ (۴) شکایت کی طرح کی، شکایت جیسی (بات) ۔

Querulist : (n) شکایت کرنے والا؛ مستغیث ۔

Querulity / Querulosity : (n) شکایت کرنے کی عادت ۔

Querulous : (a) [L. 'querulous'.] دیکھو Querulential

Querulously : (adv.) شکایت کے طور پر ؛ چڑ چڑے پن کے انداز سے؛ بد مزاجی سے ۔

Querulousness : (n) بد مزاجی ؛ چڑچڑا پن ؛ شکوے کا خوگر ہونا ۔

Query : (n) [Anglicizing of quere Quaere.] (۱) دریافت طلب بات ، سوال ۔ (۲) ذہن میں کوئی سوال (خصوصاً جس کی نوعیت معترضانہ ہو) ؛ شبہ ؛ سوالیہ نشان یا علامت شبہ جس کا مخفف qu ہے۔ جو کسی بیان وغیرہ کی صحت یا درستی پر شبہ ظاہر کرنے کے لئے لگاتے ہیں ۔ (۳) شك و شبہ ۔ (۴) (تخفیفی صورت) Qy کی ۔

Query : (v) (۱) کوئی بات بطور سوال پیش کرنا۔ (۲) کسی چیز کے بارے میں شبہ ظاہر کرنا ۔ (۳)شك و شبہ کے ساتھ متقین اطلاع پانے یا حاصل کرنے کی غرض سے سوال کرنا، دریافت کرنا، پوچھ تاچھ کرنا ۔ (۴) سوالیہ نشان لگانا ۔

Query mark : (n) (۱) علامت سوالیہ؛ استفہامیہ۔ (۲)طریق کنایت۔

Queryingly : (adv.) استفسارانہ طور پر ؛ استفساراً ۔

Queryist : (n) مستفسر ۔

Ques : (n) Question کا مخفف ۔

Quesadilla : (n) [Sp. dim. of 'quesada'.] پائی ؛ ایک قسم کی خوردنی چیز جس میں پنیر بھرا ہوا ہو ۔

Quesal : Quetzal کا متبادل ۔

Quesited : (a) [med. L. 'quesitum'.] جس کی تلاش ہو یا جس کے بارے میں دریافت کیا جائے ۔

Quesited : (n) (علم النجوم) ایک شخص یا چیز جس کے بارے میں دریافت کیا جائے ۔

Quesitive : (a) استفساریہ : استفہامیہ : سوال کے متعلق؛ سوالوں کا

Quest : (n) [OFr. 'queste'.] (۱) تلاش : جستجو؛ کھوج : تحقیقات : تفتیش؛ نیز تلاش یا جستجو کا مقصد۔ (۲) کچھ حاصل کرنے کے لئے تلاش یا جستجو۔ (۳) خصوصاً وہ چیز (یا مہم) جس کو حاصل کرنے کے لئے یا سر کرنے کی غرض سے قرون وسطیٰ کے مشہور سورما جایا کرتے تھے؛ سورما جو ایسی مہم یا معرکے میں حصہ لیتے تھے۔ (۴) (مجازاً) شکار کی تلاش جو شکاری کتے کیا کرتے ہیں؛ شکاری کتوں کو شکار کی تلاش کے لئے چھوڑنا۔ (۵) کتے کا خاص قسم سے بھونکنا جب شکار نظر آجائے۔ (۶) خیراتی رقوم یا عطیات کی فراہمی مذہبی کاموں کے لئے (رومن کیتھولک کلیسا)۔ (۷) سرکاری تحقیقات۔

In quest of : کسی شخص یا چیز کی تلاش میں۔

Quest : (v) [OFr. 'quester.'] (۱) (شکاری کتے کا) شکار تلاش کرنا یا اس کی جستجو کرنا (aboutکے ساتھ)۔ (۲) (جانور کا) غذا کی تلاش میں ادھر ادھر پھرنا (۳) (شکاری کتے کا) شکار دیکھ کر عجیب عجیب طور سے بھونکنا؛ آواز دینا؛ بھونکنا (کتے کا خوف یا اشتیاق میں)۔ (۴) (آدمی کا) کسی چیز کی تلاش اور جستجو میں ادھر ادھر مارے پھرنا؛ سرگرداں ہونا۔ (۵) (مذہبی امور کے لئے) خیرات یا عطیہ مانگنا (رومن کیتھولک کلیسا)۔ (۶) کسی چیز کی کھوج لگانا؛ کوئی چیز تلاش کرنا؛ ڈھونڈ نکالنا؛ تلاش کرلینا؛ تلاش میں ہونا۔ (۷) مطالبہ کرنا؛ مانگنا؛ طلب کرنا

Quester : (n) جویا : جوئندہ : متلاشی : متجسس۔

Questeur : (n) [F. fr. L. 'quaestor'.] فرانسیسی پارلیمنٹ کے دو ایوانوں میں سے ایک کے تین افسران مالیات یا نمائندے جو اراکین سینٹ کی ادائی اور اخراجات حساب کے ذمہ دار تھے۔

Questhouse : (n) کسی کلیسائی حلقے میں وہ کلن جس میں قانونی تحقیقات کی جائے۔

Questingly : (adv.) جویانہ طور پر؛ دریافت کرتے ہوئے؛ تلاش کرتے ہوئے۔

Questio : (n) [L.'quaesitus'.] رومن قانون کے مطابق کسی مجرم کی سزا یا اس پر مقدمہ۔

Question : (v) [Afr. 'questium. 'L. quaetio.] (۱) سوال کرنا؛ پرسش کرنا؛ استفسار کرنا۔ (۲) حجت اٹھانا؛ بحث نکالنا؛ ایراد یا اعتراض کرنا؛ شک کرنا۔ (۳) جرح کرنا؛ پوچھ گچھ کرنا؛ (کسی امر کی عدالتی تحقیقات کے سلسلے میں) سوال و جواب کرنا؛ کسی بات پر شبہ ظاہر کرنا یا مباحثہ کرنا۔ (۴) (کسی عجیب حادثہ طبعی یا واقعات کا) تفحص کرنا؛ جانچ کرنا؛ دریافت کرنا؛ جاننے کی کوشش کرنا؛ ملزم ٹھہرانا؛ الزام دینا۔ (۵) اعتراض کرنا (شک کی بنا پر)۔

I do not question : مجھے کوئی شک نہیں؛ مجھ کو یقین ہے۔

It cannot be questioned : یہ یقینی ہے۔

Question : (n) [Fr. 'questionner'.] (۱) دریافت : پوچھ گچھ؛ کسی مسئلہ کے متعلق استفسار؛ تحقیقات؛ کسی مشتبہ یا مشکوک بات پر بحث مباحثہ : اعتراض۔ (۲) (کسی شخص سے) دریافت : سوال (کسی بات کے لئے)؛ خاص کر عدالتی تحقیقات کے سلسلے میں اقبال جرم کے لئے کسی شخص کو تکلیف دینا۔ (۳) سوال؛ استفسار : استفہام : تحقیقات : جملہ سوالیہ؛ موضوع بحث : مسئلہ۔ (۴) کسی مسئلے پر سوالیہ اظہار بیان جس پر بحث و تمحیص کی جائے یا تفتیش کی جائے : کوئی موضوع جو کم و بیش مشکل یا غیر متیقن ہو خاص کر کسی جلسے میں یا اسمبلی میں (خصوصاً پارلیمنٹ میں) زیر بحث ہو۔ (۶) دو جماعتوں میں وہ مسئلہ، قضیہ یا موضوع جو زیر بحث ہو۔ (۷) مقدمہ (جس کے متعلق بحث کرنی مقصود ہو)۔ (۸) کوئی دریافت طلب بات۔

A difficult question : ایک دشوار سوال، بحث، مسئلہ (جس کا حل کرنا، سمجھنا یا جواب دینا مشکل ہو)۔

Beyond (all) question : بلاشبہ : یقیناً۔

In question : زیر بحث (مسئلہ)۔

It is question of : اصل مسئلہ یہ ہے۔

Leading question : اہم مسئلہ۔

Out of the question : خارج از بحث۔

Previous question : (پارلیمنٹ) سوال پیش از پیش جو اس غرض سے کیا جائے کہ اصل مسئلے پر ووٹ لئے جانے کی نوبت نہیں آئے۔

That is not the question : یہ امر غیر متعلق ہے : سوال یہ نہیں ہے۔

The person in question : شخص زیر بحث۔

The question : مخصوص قابل غور مسئلہ۔

To beg the question : شبہ کی بنا پر سوال اٹھانا۔

To call in question : عدالتی تحقیقات کرنا؛ زیر بحث؛ لانا؛ کسی امر کے جواز پر شبہ ظاہر کرنا۔

To make no question : مان لینا؛ قبول کرلینا؛ اعتراف کرلینا۔

To put a question : کسی سے سوال کرنا؛ دریافت کرنا۔

To put the question : (کسی جسلے میں بحث و مباحثے کے بعد کسی تجویز کو) رائے شماری کے لئے پیش کرنا۔

To raise a question : (کسی معاملے یا بات کی صداقت حجت کے متعلق) ؛ بحث اٹھانا؛ حجت نکالنا؛ ایراد کرنا۔

Question and answer : (n) سوال و جواب (امتحان یا تحقیقات کا طریقہ)۔

Question-begging : (a) اقتراح المسئول کے نقص سے متعلق ؛ کوئی مفروضہ جس کی صحت مشکوک ہو۔

Question-begging (n) غیر صحیح اور مشکوک مفروضہ۔

Question mark/-stop : (n) علامت سوالیہ ؛ استفہامیہ۔

Question master : (n) ریڈیو کے سوال و جواب کے پروگرام کا صدر۔

Question of fact : (n) امر واقعہ تحقیق طلب۔

Question of law : (n) (۱) دیکھو Issue of law ۔ (۲) قانونی مسئلہ۔

Question of privilege : (n) مجلس وضع قوانین کے حقوق کے متعلق یا اس کے کسی رکن کے حقوق سے متعلق مسئلہ۔

Question time : (n) پارلیمنٹ میں وہ اوقات جن میں اراکین کو حق حاصل ہے کہ وزرا سے ان کے متعلقہ شعبوں سے متعلق سوالات پوچھیں ؛ سوال کا وقت۔

Questionability : (n) قابل گرفت حالت، شک یا اعتراض۔

Questionable : (a) سوال یا اعتراض کئے جانے کے قابل؛ مشتبہ ؛ قابل گرفت ؛ غیر متیقن۔

Questionableness : (n) قابل اعتراض ہونے کی حالت۔

Questionably : (adv.) قابل اعتراض طریقے پر؛قابل اشتباہ صورت سے۔

Questionary : (n) سوال کا مجموعہ ؛ سوال نامہ (خاص کر معلومات حاصل کرنے کے لئے)؛ سوال کنندہ ؛ پوچھ گچھ کرنے والا ؛ مستفسر۔

Questionary : (a) استفسارانہ۔

Questionee : (n) جس سے پوچھ تاچھ کی جائے ؛ جس پر شبہ ظاہر کیا جائے ؛ اعتراض کیا جائے۔

Questioner : (n) سوال کرنے والا شخص ؛ سوالی شخص ؛ مستفسر آدمی ؛ دریافت کنندہ ؛ پوچھنے والا شخص ؛ مستفسر ؛ استفسار کرنے والا شخص۔

Questioning : (a) پوچھ گچھ کرنے والا ؛ متجسس ؛ جویا؛ سوال سے متعلق۔

Questioning : (n) سوال کرنا ؛ سوال کے ذریعے جانچ ؛ تحقیقات؛ استفسار؛ استفہام ؛ پوچھ گچھ۔

Quesioningly : (adv.) مستفسرانہ طریقے سے؛ بطور سوال۔

Questionist : (n) (۱) حجتی (خاص کر مذہبی معاملات میں)؛ عادتاً معترض ۔ (۲) (کیمرج اور ہارورڈ) وہ انڈر گریجویٹ جس کی تعلیم آخری ٹرم میں ہو ؛ بی ۔ اے کی ڈگری سے قبل۔

Questionless (a) نا قابل سوال ؛ نا قابل بحث ؛ جس میں کسی شبے کو دخل نہ ہو ؛ بلاشبہ ؛ یقینی۔

Questionless : (adv.) بلاشبہ ؛ کسی شک و شبہ ؛ کے بغیر۔

Questionlessly : (adv.) یقنی طور پر ؛ بلاشبہ طور پر۔

Questionnaire : (n) [Fr. 'questionner'.] (۱) عمومی سوال نامہ خاص کر سرکاری تحقیقات میں ۔ (۲) (سیاسیات) سوال نامہ ؛ استفسار نامہ ۔ (۳) سوال نامے کا کاغذ۔ (۴) سوال نامے کے ذریعے لیا ہوا جائزہ۔

Questionnaire : (v) معلومات فراہم کرنے کی غرض سے سوال نامہ جاری کرنا۔

Questman : (n) (۱) تحقیقاتی کمیٹی کا ایک رکن جو کسی امر کی سرکاری تحقیقات کے لئے مقرر کیا گیا ہو ۔ (۲)کلیسائی نگراں کا معاون؛ وہ شخص جو کلیسائی نگراں کی معاونت کے لئے منتخب کیا جائے ۔ (۳) وہ

جس کو قانونی طور پر کلیسا کے فنڈ کی فراہمی کا اختیار حاصل ہو۔

Questor : (n) [L. 'quaestor'.] (۱) پوپ یا بشپ کا مقرر کردہ عہدہ دار یا افسر جو گرجے میں عطیہ دینے والوں کو معافی دیتا تھا؛ معاف کرنے والا۔ (۲) (فرانس میں) قومی اسمبلی کے خزانچیوں میں سے ایک۔ (۳) (اطالیہ میں) داروغۂ پولیس۔

Quet : (n) [origin unkn.] ایک قسم کی تنگ منقار چڑیا۔

Quetch/ Quitch : (v) [OE. 'Cwecean.] (۱) ہلنا؛ حرکت میں آنا: جسمانی تکلیف کا اظہار ہونا؛ آواز کے ذریعہ بے چینی کا اظہار ہونا۔ (۲) خاموشی دور کرنا۔

Quete : (n) [Fr.] روپے کی فراہمی (بازاری گوئیوں یا گشتی تماشا کرنے والوں کو دینے کے لئے)۔

Quetsch : (n) [G. dial (alsace) 'quetsch'.] ابالے ہوئے آلوچہ کے عرق سے کشید کی ہوئی پھیکی سفید الساسی برانڈی۔

Quetsch : (n) [MHG. 'quetsche'.] (۱) ایک بڑی ناند یا حوض جس میں بیلن (رولر) لگا ہو جس سے کپڑے یا سوت پر کیمیائی محلول ڈالا جائے۔ (۲) ناند یا حوض کا کوئی ایک بیلن۔

Quetzal/ Quezal/ Quesal : (n) [Amer.Sp. f. Nahuatl.] (حیوانیات) سبزدُم؛ لانبی چمکیلی دم۔

Quetzal bird : (n) مرکزی امریکا کی ایک لانبی چڑیا (چمکیلی دم والی)۔

Quetzal dance : (n) میکسیکو کے باشندے کا ایک طویل رقص۔

Queue : (n) [Fr. 'queue' L. 'Cattada'.] (۱) ایک چوپائے کی دم۔ (۲) گندھے ہوئے بالوں کی چوٹی یا لڑی جو پیچھے لٹکتی ہو؛ گیسوئے بافتہ۔ (۳) قطار (آدمیوں کی، جو اپنی باری سے آگے بڑھنے کے لئے انتظار کرتے ہیں جیسے ٹکٹ گھر وغیرہ کے سامنے)؛ نیز گاڑیوں کی قطار۔ (۴) بھالے یا نیزے کے کندے (دستے) کا محافظ (جو اس کو خراب ہونے سے بچائے)۔

Queue : (v) (۱) گندھے ہوئے بالوں کو چوٹی یا لڑی کی شکل میں لٹکانا؛ چوٹی گوندھنا۔ (۲) قطار میں کھڑا ہونا؛ قطار بنانا یا باندھنا۔

Queuer : (n) (۱) چوٹی گوندھنے والا۔ (۲) قطار میں کھڑا ہونے والا؛ قطار بنانے یا باندھنے والا۔

Quevenn's iron : (n) خالص لوہے سے تیار کی ہوئی مقوی دوا؛ کشتۂ آہن۔

Quey : (n) [ME. 'quy, quee, of scand origin.] (روزہ مرہ برطانیہ) دیکھو Heifer

Queyn : (n) Quean کا متبادل۔

Quezon city : (a) (۱) Quezon city، فلپائن کی راجدھانی کا یا اس سے متعلق۔ (۲) Quezon city کی طرح کا یا وہاں کے مروج طرز کا۔

Qui-hy : (n) [Urdu 'Koihai'.] اینگلو انڈین۔

Quia quia : (n) [Amer Sp. 'quiaquia'.] ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔

Quibble : (n) [L. 'quibus'.] (۱) ضلع جگت؛ (لفظی) تلازمہ؛ زبان بازی؛ ایہام گوئی؛ سخن سازی؛ مغالطہ دہی (خصوصاً ایسے دلائل جن کا انحصار محض الفاظ کے ایہام پر ہو) کنایہ؛ لفظی الٹ پھیر؛ فقرہ بازی؛ لفظی الٹ پھیر کا استعمال۔

Quibble : (v) (۱) ضلع جگت بولنا؛ فقرہ بازی کرنا؛ باتیں بنانا؛ مغالطہ دینا؛ لفظی الٹ پھیر کرنا؛ سخن سازی کرنا؛ اعتراض کرنا؛ نکتہ چینی کرنا؛ بحث و مباحثہ کرنا؛ تنقید کرنا۔

Quibbler : (n) تلازمہ گو؛ فقرہ باز؛ سخن ساز؛ مغالطہ دینے والا۔

Quibbling : (n) فقرہ بازی؛ سخن سازی؛ جگت بازی۔

Quibbling : (a) فقرہ بازی کا؛ لفظی الٹ پھیر کا۔

Quibblingly : (adv.) فقرہ بازی کے طور پر؛ سخن سازی سے؛ جگت بازی سے؛ لفظوں کے الٹ پھیر سے۔

Quica : (n) [Pg. quia f . Tupi.] (۱) دیکھو Four-eyed opossum۔ (۲) ایک قسم کا تھیلی دار دودھ پلانے والا چہار چشمی جانور جو پانی میں یا درختوں پر رہتا ہے۔

Quiche : (n) [Sp. 'quiche' of American origin.] (۱) جنوب مرکزی گوئٹیمالا (Guatemala) کے امریکی ہندوستانی؛ اُن لوگوں میں کا ایک فرد۔ (۲) کوئچ کے لوگوں کی زبان۔

Quiche : (n) [F. f. G. dial.] سور کے سکھائے ہوئے گوشت کے ٹکڑے چھڑک کر اور دانے کی شکل میں پنیر اور کسٹرڈ بھر کر پکایا ہوا پیسٹری کیک۔

Quichoid : (n) گوئیشالا (Guatemala) کے میان (Mayan) ، السالویڈ اور میکسیکو کی لسانی ذیلی شاخ ۔

Quichua : Quechua کا متبادل ۔

Quichuan : Quechen کا متبادل ۔

Quick : (a) [OE. 'Cwick'.] (۱) ذکی : سریع الحس: تیز : تنک مزاج ۔ (۲) (نباتیات) زود نمو (پودے، خاص کر خار داری جھاڑی وغیرہ) ۔ (۳) (کان کنی) خام دھات کی (زرخیز کان) ۔ (۴) نفع بخش (سرمایہ) ۔ (۵) تیزی سے چلنے والا (چولہا وغیرہ) : تیز بھڑکنے والی (آگ) ۔ (۶) تیزی سے بلا تاخیر کام کرنے والا (آدمی) ۔ (۷) تیز فہم : تیز آنکھ اور کان والا : عقل و ایجاد میں تیز : پھرتیلا : تیز رو : تیز (حرکت) : تیزی اور سرعت سے انجام پانے والا (کام) ۔ (۸) تیز رواں : بہتا ہوا (جھرنا) ۔ (۹) جلد ختم اور مکمل ہوجانے والا (کام) ۔ (۱۰) نوک دار زاویے سے مڑنے والا : جھکنے والا ۔ (۱۱) زندہ : جاندار ۔ (۱۲) حاملہ عورت ایسی حالت میں پہنچی ہوئی جب جنین کی حرکت محسوس ہوسکے ۔ (۱۳) انتہائی جلد باز ۔

Quick : (n) [ME. 'Quike'.] (۱) دیکھو Couch Grass ۔ (۲) (نباتیات) نجیل : دوب : بید گاہ ۔

Quick : (adv.) [ME. 'Quik'.] تیزی سے : فوری طور پر ۔

Quick : (n) (۱) کھلے ہوئے خام گوشت کی انتہائی ذی حس جگہ یا حصہ ۔ (۲) ناخن یا پاؤں کے انگوٹھے کے اندر کا انتہائی ذی حس گوشت ۔ (۳) گٹا ، گوکھرو یا صلابت جلد کے نیچے کا انتہائی ذی حس گوشت ۔ (۴) زخم کا انتہائی ذی حس حصہ ۔ (۵) کسی فرد کے انتہائی اندرونی احساسات ، تاثرات ۔

He bites his nails to the quick : بگڑ کر : غصہ ہو کر ناخن چباتا ہے ۔

Probed it to the quick : نازک اور حساس حصۂ جسم (یا احساسات) تک گہرا کرید : دکھتی رگ پکڑ لی ۔

The insult stung him to the quick : اس توہین سے گویا اس کے بہت گہرا ڈنک لگا : گوشت کے نازک حصے تک ڈنک چبھا ۔

The quick : (۱) جیتا جاگتا : زندہ سلامت (عموماً جمع میں اور The dead کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔ (۲) سدا بہار پودے خصوصاً سفید پھول والی خاردار جھاڑی ۔ (۳) جسم کے کسی حصے کا نرم اور حساس گوشت (مثلاً ناخن کے نیچے کا) : زخم کا نازک حصہ ۔

To the quick : (۱) (مجازاً) (آدمی سے متعلق) اذیت دیا ہوا : پریشان کیا ہوا : زخم خوردہ ۔ (۲) (استعارۃً) چیزوں سے متعلق خاص (غیر مادی) مرکزی : ناگزیر یا بہت اہم حصہ ۔

Quick assets : (n) نقد : قابل وصولی حسابات : (بقایہ جات) اور دوسری املاک باستثنائے اشیائے مندرجہ فہرست ۔

Quick bead : (n) جوڑ کی سطح کے ساتھ ہموار مہرہ ۔

Quick-beam : (n) [OE. 'Cwicbeam'.] (اسکاتستانی اور شمالی انگلستان) ایک پہاڑی درخت اور اس کا پھل ۔

Quick-beam : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Quick-bread : (n) خمیری روٹی ۔

Quick-break : (a) برقی دور کو جلد اور خود کار طور پر توڑ دینے والی ۔

Quick-change : (a) (۱) ڈرامے میں وہ اداکار جو جلد جلد لباس بدلے یا روپ بھرے ۔ (۲) جلد تبدیلیاں لانے والا یا جو تبدیلی کے لئے موزوں ہو یا جلد تبدیل ہو رہا ہو ۔

Quick-change : (v) روپ بدلنا : (نیز مجازاً) ۔

Quick-change artist : (n) ماہر بہروپیا : ماہر فن کار : ایک چیز کو دوسری چیز میں تبدیل کرنے والا ایک شاطر شخص خاص کر ایک اداکار جو لباس تبدیل کرنے اور بہروپی میں ماہر ہے ۔

Quick-decline : (n) تاریخ کے قلمی درختوں کی ایک بیماری ۔

Quick drink : (n) ایک گھونٹ میں شراب پی جانا ۔

Quick-eared : (a) باخبر : ہر بات کی خبر رکھنے والا : سن گن لینے والا ۔

Quick-eyed : (a) ہوشیار : تیز فہم : ہر چیز کو جلد دیکھ لینے والا : تیز بیں ۔

Quick-fading : (n) سریع الزوال : سیمیائی : نا پائیدار : جلد اڑنے یا دھندلا ہو جانے والا (رنگ) ۔

Quick-fire : (n) ایک قسم کی توپ جو مسلسل تیزی کے ساتھ گولے پھینکے : تیز کار : شتاب انداز ۔

Quick-firer : (n) زود کار بندوق ۔

Quick-firing : (a) مسلسل تیزی سے گولے پھینکنے یا فائر کے لئے موزوں۔

Quick-freeze : (a) (۱) کھانے کو فوری طریقے سے برف میں رکھ کر اس طرح محفوظ رکھنا کے اس کی خاصیت، مزا اور سواد قائم رہے : کسی چیز کو برف میں رکھ کر محفوظ کرنا۔ (۲) کسی چیز کا برف میں محفوظ ہونا ۔

Quick freeze/ -Freezer : (n) دیکھو Freezer

Quick frozen : (a) فوری طور سے برف میں رکھ کر محفوظ کیا ہوا (کھانا) ۔

Quick-grass : (n) بیدگاہ : دوب ۔

Quick-hedge : (n) جھاڑیوں کا احاطہ : راستہ روک جھاڑیاں ۔

Quick in the hand : (n) دیکھو Jewel weed

Quick lime : (n) [late ME.] (کیمیا) خام چونا : تازہ چونا ۔

Quick lunch : (n) کھانا جو فوری طور پر مہیا کیا جائے یا جو تیار ہو سکے : ما حضر اور فوری طور پر کھایا جائے ۔

Quick march : (a) (۱) (فوج) تیز رفتار : تیز قدم ۔ (۲) کوئک مارچ: قدم بڑھا کے چلنے کا حکم جو ان الفاظ میں فوج کو دیا جاتا ہے ۔

Quick match : (a) روئی کی بتی جو آتش گیر مادے سے تیار کی گئی ہو۔

Quick one : (n) الکحلی مشروب جو تیزی سے پی لی جائے (ایک سانس میں) ۔

Quick oven : (n) (۱) دیکھو Hot oven ۔ (۲) گرم چولھا ۔

Quick return : (n) مشینی اوزار کے استعمال کی ایک ترکیب جس سے کاٹنے کی ضرب سے واپسی (رد عمل) ضرب زیادہ تیز کی جا سکتی ہے ۔

Quick-setting : (a) جو اس طرح بنایا گیا ہو کہ جلد جم جائے یا بیٹھ جائے ۔

Quick-sighted : (a) تیز نظر : ہوشیار ۔

Quick-sightedness : (n) تیز نظری : ہوشیاری ۔

Quick step/ Quickstep : (n) (۱) چلتی گت ۔ (۲) ایک قسم کا تیز رقص

چھوٹے قدموں کے ساتھ : فوجی قدم کی طرح تیز ہونا (گانے میں) ۔

Quick stick : (adv.) تیزی سے : جلدی سے : عاجلانہ : سرعت سے : بلا تاخیر ۔

Quick study : (n) (۱) وہ شخص جو کسی کام کے لازمی طور طریقوں کو جلد سیکھ لے ۔ (۲) خاص کر وہ اداکار یا مغنی جو حیرت انگیز تیزی کے ساتھ فن کے سیکھنے کی صلاحیت رکھتا ہو ۔

Quick-tempered : (a) تند مزاج : جھلا : چڑ چڑا ۔

Quick time : (n) (فوج) معیاری وقت یا رفتار : فوجی رفتار کی شرح برطانیہ کی فوج کی) ۔ اب ۱۲۸ قدم (۳۳ انچ فی قدم) جو ۱۱۸ گز کے برابر ہے)۔ ایک منٹ میں یعنی پاؤ گھنٹے میں ایک میل کی رفتار یا چار میل ایک گھنٹے میں طے کئے جائیں ۔

Quick to take offence : (n) جلد خفا ہو جانے والا : بگڑ جانے والا ۔

Quick trick : (n) (۱) (تاش کا کھیل) تاش کا وہ پتا جو کھیل کے پہلے یا دوسرے دور میں ہاتھ بنا لے ۔ (۲) تاش کا یکہ یا بادشاہ ۔ (۳) تاش کے کھیل میں جو ہاتھ بنایا جائے۔

Quick water : (n) (۱) پارہ کے نائٹریٹ کا محلول جو طلاکاری میں استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) جھرنے کا وہ حصہ جس میں دھارا یا بہاؤ بہت تیز ہو : مصنوعی بہاؤ یا دھارا یا ابلتا ہوا پانی : اچھلتی ہوئی کشتی کے ٹھیک عقب میں ۔

Quick-witted : (a) تیز فہم : بہت جلد باتوں کو سمجھنے والا : حاضر جواب : ذہین : طبّاع : چالاک ۔

Quick-wittedly : (adv.) تیز فہمی سے : حاضر جوابی سے : طباعی کے ساتھ : چالاکی سے : ذہانت سے ۔

Quick-wittedness : (n) تیز فہمی : ذہانت : ہوشیاری : تیز فہم ہونے کی حالت یا صفت ۔

Quicken/ -tree : (n) [ME. 'Quicken'.] (۱) پہاڑی درخت اور اس کا پھل ۔ (۲) Service tree ایک درخت جس کا پھل گول اور سیب نما ہوتا ہے اور خوب پک جانے پر غذا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔ (۳) دیکھو Rowan tree ۔

Quicken : (v) (۱) اندازہ کرنا : چلانا : جان ڈالنا ۔ (۲) تر و تازہ کرنا : جوش یا ہمت دلانا : اُکسانا : (کسی آدمی یا چیز کو) طاقت بخشنا ۔ (۳) دوڑانا : عجلت کرنا : تیز تر کر دینا

یا کرانا۔ (۴) حرکت جنین کے زمانے (یا حالت) تک پہنچانا (حاملہ کا)۔ (۵) (آگ) روشن کرنا؛ جلوانا یا جلنے میں مدد دینا۔ (۶) زندگی پانا؛ زندہ ہونا۔ (۷) (مجازاً) جاندار جیسی حالت میں ہونا؛ چمکیلا یا چمک دار ہونا۔ (۸) تیز فہم ہونا۔ (۹) بنانا (خم دار یا تیز تر)۔

Quickening : (n) [ME.] رحم میں جنین کی پہلی حرکت جسے ماں محسوس کرتی ہے عام طور پر حمل کی درمیانی مدت سے کسی قدر قبل۔

Quickenig : (a) [ME.] جوش اور ہمت دلانے والا؛ جان ڈالنے والا۔

Quickening liquid : (n) پارہ کے نمک کا محلول۔

Quickhatch : (n) الورین؛ امریکا کا ایک گوشت خور دودھ پلانے والا جانور (نیولے کی طرح کا مگر اس سے بڑا ہوتا ہے)۔

Quickie/ Quicky : (n) (۱) جلدی میں کیا ہوا کام۔ (۲) جلد اور ارزاں تیار کیا ہوا فلم یا ڈراما۔ (۳) جلدی لکھی جانے والی اور شائع ہونے والی کتاب یا دوسری تصنیف و تالیف؛ جلدی میں سوچا اور عمل میں لایا ہوا پروگرام؛ جلد بازی کی گشت یا دوسری سرگرمی۔ (۴) مزدوروں کی اکثر اچانک مختصر مدت کی ناجائز ہڑتال۔ (۵) الکحلی مشروب؛ دیکھو Quick one۔

Quickly : (adv.) تیزی سے؛ جلدی سے؛ عاجلانہ؛ سرعت سے؛ بلا تاخیر۔

Quickner : (n) زندہ کرنے یا جان ڈالنے والا۔

Quickness : (n) (۱) ذکاوت؛ تیز فہمی؛ حاضر دماغی؛ طبّاعی؛ ذہانت۔ (۲) پھرتی؛ چالاکی؛ چستی۔ (۳) تیزی؛ تیز رفتاری؛ سرعت؛ زود روی؛ زیرکی۔ (۴) زود رنجی۔ (۵) تیز ہونے کی حالت یا صفت۔

Quicksand (n) (۱) دھسانی ریت؛ چور ریت؛ ریگ رواں۔ (۲) (مجازاً) (عموماً چیزوں کے متعلق) جلد جذب کر لینے والا؛ جاذب؛ ناقابل اعتبار خاصیت والی چیز؛ دلدل۔

Quicksandy : (a) دھسانی ریت والا؛ ریگ رواں۔

Quickset : (n) (۱) (جمع میں) پودوں کی ٹہنیاں جو کاٹ کر زمین میں لگ جانے کے لئے گاڑ دی جاتی ہیں، خاص کر سفید خاردار پودوں کی یا دوسری جھاڑیوں کی ٹہنیاں جن سے احاطے بنائے جاتے ہیں۔ (۲) ایک ایسا ٹکڑا یا کٹی ہوئی ٹہنی۔ (۳) قلمی جھاڑیوں کے لگانے کا سامان۔

Quickset : (a) جھاڑی کا؛ زندہ پودوں کا بنا ہوا (احاطہ)۔

Quickset hedge : (n) (خاص کر برطانیہ) جھاڑی یا گنجان جھاڑیاں جو بہ خیال آرائش لگائی جاتی ہیں یا حد بندی کے نشان کے طور پر یا مخصوص طور پر جو انگلش خاردار جھاڑی سے بنایا گیا ہو۔

Quicksilver : (n) [OE. Cwic-seolfor.] (۱) زیبق؛ پارہ؛ سیماب (عنصر دھات)۔ (۲) سیماب سے مشابہ کوئی چیز۔

Quicksilver : (a) (۱) سیماب سے مشابہ؛ سیماب نما۔ (۲) دیکھو Mercurial۔ (۳) سیمابی۔

Quicksilver : (v) سیماب ملا کر رنگ چڑھانا (خاص کر آئینہ کی پشت پر)۔

Quicksilver rock : (n) چتکبرا جیسا پتھر۔

Quicksilver vermilion : (n) شنگرف؛ سیندور۔

Quicksilver water : (n) پارہ کے نائٹریٹ کا محلول جو طلاکاری میں استعمال ہوتا ہے۔

Quicksilver weed : (n) (۱) دیکھو Earlymeadow rue۔ (۲) ایک قسم کا قدیم اسپند۔

Quicksilvering : (n) وہ ملغم جو بعض آئینوں کی سطح کو عکاس بناتا ہے۔

Quicksilvery : (a) (۱) سیمابی؛ سیماب سے مشابہ۔ (۲) دیکھو Mercurial۔

Quickthorn : (n) عام یوروپین خاردار جھاڑی جس کے پھول سفید گلابی یا سرخ اور پھل انگور کی شکل کے گہرے سرخ ہوتے ہیں۔

Quicky : (n) Quickie کا متبادل۔

Quicumque vult : (n) [L.] اتھانیسیس (اسکندریہ کا اُسقُف اعظم به زمانۂ قسطنطین) کا مذہبی عقیدہ جس کے ابتدائی کلمات یہ تھے۔

Quid / Kwid : (n) [L.] (عامیانہ) ایک اشرفی؛ ایک پونڈ؛ اسٹرلنگ۔

At two quid a week : دو پونڈ فی ہفتہ کے حساب سے۔

Quid : (n) (۱) (امریکا) ایک نام جو ریپبلیکن پارٹی کے حصے کو ۱۸۰۵ میں دیا گیا تھا۔

Quid : (n) کسی چیز کا ایک ٹکڑا (عام طور پر تمباکو کا) جو منہ میں لیا جا سکے ، کھایا اور چبایا جا سکے : نسوار ۔

Quid : (v) (۱) تمباکو کھانا : تمباکو چبانا ۔ (۲) (گھوڑے کا) نصف چبائے ہوئے غذا کو منہ سے گرا دینا : جگالی کرنا : پاگُز کرنا ۔

Quid : (n) [ME. 'Quide'.] (۱) کسی چیز کا ٹکڑا ، کسی نرم چیز کی ڈاٹ چبانے کے لئے نہ کہ نگل جانے کے لئے : خاص کر چبانے والے تمباکو کا ٹکڑا کاننا یا اننا ۔ (۲) تمباکو کاننا : نسوار ۔ (۳) جگالی ۔

Quid : (n) [L.] کوئی چیز جو کسی دوسری چیز کے لئے دی گئی یا لی گئی ہو ۔

Quid /Quidded / Quidding/ Quids : (v) (گھوڑے کا) منہ سے چبائی ہوئی غذا نکال کر گرا دینا ۔

Quid pro/ quo : (n) [L.] (۱) ادل بدل ۔ (۲) معاوضہ : بدل : تلافی میں دی ہوئی چیز : کوئی چیز دی گئی یا لی گئی ہو (کسی چیز کے عوض) ۔ (۳) ایک چیز کی جگہ دوسری چیز کا غلط استعمال ۔

Must get a quid pro/ quo : معاوضہ ملنا چاہئے (جو چیز دی، اس کا) : کوئی دی ہوئی یا لی ہوئی چیز کسی چیز کے لئے ۔

Quiddative / Quidditive : (a) کسی چیز کی لازمی صفت کا یا اس سے متعلق ۔

Quidder / Quiddor : (n) گھوڑا جو منہ سے چبائی ہوئی غذا اُگل دیتا ہے : جگالی کرنے والا گھوڑا ۔

Quiddit : (n) [L. 'Quidditas'.] چست فقرہ بازی ۔

Quidditas : (n) (۱) کسی چیز کی ماہیت : خاصہ : جوہر : اصلیت : وجہِ امتیاز : جس سے کوئی چیز تیار ہوتی ہو : کسی چیز کی قطعی شکل : عجیب ادنیٰ قسم کی وضع قطع : (ظرافت میں) لطافت ۔ (۲) باریک بینی : موشگافی : لفظوں کا الٹ پھیر ۔ (۳) فقرہ بازی : مغالطہ دہی : سخن سازی : لفاظی : ادنیٰ بات : بولی ٹھولی : تلازمہ : جگت بازی کا رجحان : بحث میں اچھی نکتہ چینی : نکتہ آفرینی ۔

Quidditative : (a) دیکھو Quiddative

Quiddity : (n) [med. L. 'Quidditus'.] دیکھو Quidditas

Quiddle : (v) (۱) معمولی طور پر گفتگو : بحث یا تقریر کرنا ۔ (۲) (کسی کے ساتھ) وقت ضائع کرنا (فضول باتوں میں) ۔

Quiddle : (n) نازک مزاج شخص : نک چڑھا شخص ۔

Quiddler : (n) تنک مزاج شخص : نازک مزاج شخص ۔

Quidnun : (n) [L.'Quid' .] لھاڑیا : گپّی : باتونی : باتیں بنانے والا : شہر خبرا : عادتاً ہر طرف کی جھوٹی سچی خبریں لانے اور بیان کرنے والا ۔

Quie brancha / -branacha : (n) [Amer. Sp.] دیکھو Quibracho

Quiesce : (v) [L. 'Quiescere. '] خاموش ہو جانا : چپ ہو جانا ۔

Quiescence : (n) [L. 'Quiescer' .] (۱) ساکن یا غیر متحرک ہونے کی حالت : خاموشی ۔ (۲) اس طرح کی مثال : وقفہ : قرار ۔

Quiescency : (n) (۱) اطمینان : راحت ۔ (۲) سکون : خاموشی : تعطیل ۔

Quiescent : (a) [L. 'Quiescer' .] (۱) ساکن : غیر متحرک : خاموش : حروف غیر ملفوظ ۔ (۲) معطل : خوابیدہ : جامد ۔

Quiescent : (n) خاموش حرف : غیر ملفوظ حرف (جو لکھا جائے مگر پڑھا نہ جائے) ۔

Quiescently : (adv.) خاموشی سے : وقفے کے ساتھ : غیر متحرک طور پر : خاموش طور پر ۔

Quiet : (a) [OFr. 'Quiete'. L. 'Quietus' .] (۱) بغیر آواز یا حرکت کے : خاموش : پر سکوت : پر سکون : غیر متحرک : صامت ۔ (۲) کم آواز یا حرکت کا : چپ چاپ : عادتاً یا فطرتاً پر امن : شور و غل کا مخالف : آہستہ : (جانور) نیک ۔ (۲) نرم : مسکین : سست (طبیعت) ۔ (۳) (لباس ، رنگ وغیرہ) سادہ : صوفیانہ : جو بھڑکیلا نہ ہو ۔ (۵) خفیہ : چھپا ڈھکا : پوشیدہ : صورت بدلے ہوئے : غیر مزاحم : غیر نمایاں : بے غل و غش : ہنگامے یا مداخلت سے دور یا الگ ۔ (۶) مطمئن : آسودہ خاطر ۔ (۷) (کوہ آتش فشاں سے) بے آواز کے نکلنے والا (لاوا) ۔

On the quiet : پوشیدہ طور پر : رازدارانہ : پردہ داری سے : خفیہ : چپکے سے ۔

Quiet : (adv.) خاموشی سے : خفیہ طور پر : بغیر شور وغل ۔

Quiet : (n) [AFr. 'Quiete' , L. 'Quietus' .] (۱) سکون : طمانیت : چین ۔ (۲) سکوت : خاموشی : چپ چاپ : بیرونی ہنگامہ خیزی سے آزاد ۔ (۳) آسائش : آرام : سکون

قلب؛ کسی ہنگامہ خیزی ، شور و غل کا مخالف ۔
(۴) اطمینان ؛ شانتی ؛ آسودہ خاطری؛ اعتدال (خاص کر رنگ ، لباس ، طرز وغیرہ میں)۔ (۵) خاموش رہنے کی حالت ۔

Quiet : (v) [L. 'Quietare' , 'Quitetus' .] (۱) خاموش کرنا ؛ اطمینان دلانا ؛ خاموش کرا دینا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ فرو کرنا ؛ تالیف قلوب کرنا ؛ تسکین دینا ؛ سکون یا خاموشی میں تبدیل کرنا ؛ خاموش ہو جانا ۔(۲) (قانون) مدعی کے قبضے کو جو عرصہ دراز سے ہو تسلیم کر لینا ۔

Quiet day : (n) اینگلیکن کلیسا کا ایک مخصوص دن جو خاص عبادت، دھیان ، مراقبہ اور تعلیم و ہدایت کے لئے مقرر ہے ۔

Quiet down : (v) خاموش ہو جانا ؛ تھم جانا ؛ شور و غل کا بند ہو جانا۔

Quiet resentment : (n) خاموش خفگی ؛ خاموش احتجاج ۔

Quiet-spoken : (a) آہستہ گو ؛ دھیمی آواز کا ۔

Quieten : (v) [f. Quiet.] خاموش کرنا ؛ خاموش ہونا ۔

Quietening / Quietens : (n) Quiet (خاص کر برطانیہ) دیکھو

Quieter : (n) خاموش کرنے والا ؛ مطمئن کرنے والا ۔

Quietism : (n) (۱) توکل ؛ رضا بالقضا ؛ بھگتی ؛ مذہب تسلیم و رضا نیز اسی طرح کا مذہبی عقیدہ ۔ (۲) عالم سکون ؛ دماغ کا پر سکون ہونا یا جسم کا بے حرکت ہونا ۔ (۳) راحت ؛ طمانیت ؛خاموشی ۔

Quietist : (n) (۱) متوکل؛ راضی بالقضا ؛ بھگت ؛ جو یہ عقیدہ رکھتا ہو یا اسی طرح کا کوئی عقیدہ ؛ عقیدۂ راضی بالقضا کا حامی ۔ (۲) جس کا سیاسی یا سماجی رجحان مذہبی توکل سے مشابہ ہو۔

Quietist / -tic : (a) متوکل ؛ متوکلوں کی صفت کا یا اس سے متعلق ؛ رضا بالقضا سے متعلق یا عقیدہ راضی بالقضا کا حامی۔

Quietive : (n) کوئی مسکن چیز ؛ سکون بخش چیز ۔

Quietly : (adv.) [ME.] (۱) خاموشی سے ؛ اطمینان سے ؛ خفیہ طریقے پر ؛ بلا مداخلت ؛ بغیر شور و غل کے ۔

Quietness : (n) خاموشی ؛ سکون ؛ سادگی ؛ اطمینان ۔

Quietsome : (a) خاموش ؛ ساکن ۔

Quietude : (n) [L. 'Quietus' .] خاموشی ؛ اطمینان ؛ سکون ؛طمانیت۔

Quietus : (n) [ME. 'Quietus' .] (۱) بقایا کی ادائی کی رسید ؛ بے باقی ؛ واصل باقی ۔ (۲) قطعی طور پر رہائی ؛ نجات (قرض یا پابندی سے) ؛ معدومی ؛ فنا ؛ وفات ؛ خاتمہ کلیہ ۔ (۳) (قدیم) عہدے یا فرض سے سبکدوشی؛ رہائی خاص کر اس اجرائے کار سے جو تصدیق وصیت نامے کی عدالت میں کی گئی ہو ۔ (۴) عمل اقدام یا فاعلیت کا خاتمہ کر دینے والی کوئی چیز ؛ موت واقع کرنے والی کوئی چیز ؛ خاموش کر دینے والی کوئی چیز۔ (۵) بے عملی کی حالت ۔

Gave him his quietus : ختم کردیا ؛ اس کا حساب چکا دیا؛ مار ڈالا ۔

Got his quietus : اس نے چھٹکارا حاصل کیا ؛ مر گیا ؛ ختم ہو گیا۔

Quiff : (n) [alter of whiff .] (۱) تمباکو کا دھواں ۔ (۲) ہوا کا جھونکا ۔

Quiff : (n) [Origin unkn.] پیشانی پر کا نمایاں بال ۔

Quiff : (n) (عامیانہ) لڑکی ؛ عورت ۔

Quiina : (n) [NL.] امریکی گرم علاقوں کی جھاڑیوں اور درختوں کی ایک جنس ۔

Quiinacea : (n) [L. 'Quiina'.] امریکا کے گرم علاقے کی جھاڑیوں اور درختوں کی ایک جنس ۔

Quila : (n) [Amer Sp. f. 'Araucan Cula' .] جنوبی امریکا کے جنوبی علاقے کی ایک قسم کی بانس سے مشابہ گھاس جو بطور چارہ استعمال ہوتی ہے اور جس کے ریشے سے کاغذ تیار ہوتا ہے ۔

Quile : (n) (روزمرہ) Coil کا متبادل ۔

Quileute / Quillayute : (n) (۱) ریاست واشنگٹن کے مغربی حصے کی Chemakuan قوم ؛ ایسی قوم کا ایک فرد ۔ (۲) Quileute کے لوگوں کی زبان ۔

Quill : (n) [G. 'Quiele ' of unkn. origin .] (۱) پرکی کھوکھلی ڈنڈی: بازو یا دم کا پورا پر ؛ نلی ؛ ڈنڈی ؛ صفار ؛ چڑیا کا پر ۔ (۲) پر مضراب ؛پر کا قلم ؛ وہ لٹکن جو مچھلی پکڑنے کے لئے کانٹے کی ڈور میں لگی ہوتی ہے ؛ پیرا کو؛ترنا۔ (۳) (دانت کریدنے کا) خلال ۔ (۴) سیہہ کا کانٹا ؛ خار پشت ؛ مچھلی پکڑنے کا کانٹا ۔ (۵) ماسورہ ؛ جولاہے کی

نلکی جس میں ڈال کر وہ کپڑا بنتا ہے ۔ (۶) نے : بانسری یا بنسی : بگل ۔ (۷) دار چینی یا کونین کی چھال کا ٹکڑا ۔ (۸) پنس وغیرہ کا پر جس کا قلم بنا ہو ۔ (۹) مچھلی پکڑنے کی مصنوعی مکھی ۔ (۱۰) اپنی اصلی، خالص اور بہترین حالت میں کوئی چیز : اصلی چیز ۔ (۱۱) (مشین کا) کھوکھلا دھرا ۔

Quill : (v) (۱) ایسی چنٹیں ڈالنا جیسی پروں میں ہوتی ہیں : چننا : مروڑی دینا : اُتو کرنا ۔ (۲) ماسورہ پر ڈورا یا دھاگا لپیٹنا : نلی بھرنا ۔ (۳) گرم سلاخوں سے لہریں ڈالنا یا نالیاں بنانا : پلیٹیں ڈالنا ۔ (۴) بازو کے پروں کو کاٹنا ۔ (۵) کسی چیز سے ڈھکنا ۔ (۶) نلکی میں ڈورے ڈالنا (کپڑا بننے کے لئے) : چرخی یا ریل پر ڈورا یا دھاگا لپیٹنا ۔

Quill : (v) خلال چبھونا : ماسورہ (نلکی) میں دھاگا لپیٹنا ۔

Quill-bark : (n) دار چینی یا کونین کی چھال ۔

Quill-bit : (n) زمین میں سوراخ کرنے کا اوزار ۔

Quill-coverts : (n) دم یا بازو کے پروں کی جڑ پر کے روئیں ۔

Quill drive : (n) برقی انجن کو حرکت میں لانے کا عمل ۔

Quill-driver : (n) اخبار نویسی یا مصنف : محرر : قلم کار ۔

Quill embroidery : (n) چمڑوں ، چھلکے یا کپڑوں کے آرائشی کام ۔

Quill-feather : (n) دم یا بازو کا پورا پر : شاہپر ۔

Quill fern : (n) دلدلی پودا ۔

Quill fish : (n) شمالی بحرالکاہل کی مختلف چھوٹی نازک مچھلیوں میں سے کوئی مچھلی ۔

Quill fly : (n). ایک مصنوعی مچھلی پکڑنے کی خار پشت جسم والی مکھی ۔

Quill gear : (n). (میکانیات) کھوکھلا دھرا گیرا (پہیئے سے وابستہ) ۔

Quill mite : (n) مرغیوں کے پروں میں ایک قسم کی جوں ۔

Quill pig : (n) (۱) سیہہ : خار پشت ۔ (۲) خارپشت مشین ۔ (۲) ان جانوروں کے نام کا جز جن کی پشت پر کانٹے ہوتے ہیں

Quillacinga : (n) [Amer, Indian origin .] (۱) جنوبی کولمبیا اور شمالی اکوا ڈور کے لوگ : ایسے لوگوں کا کوئی فرد ۔

(۲) کوئیلا سنگا کے لوگوں کی زبان ۔

Quillai / Quillaia / Quillia : (n) [Amer Sp. 'quillai, Quilly.] ایک نباتی عنصر جو بعض درختوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Quillaia : (n) [L. 'Chiaen , quillai' .] (۱) جنوبی امریکا کے گلاب کی قسم کا درخت جس کی چھال میں صابن جیسی خاصیت پائی جاتی ہے ۔ (۲) چیلی کا صابن چھال والا درخت ۔

Quillaic acid : (n) ایک زہریلا بلوری مادہ ۔

Quillaja : (n) [Amers. 'Quillat , quillay' .] برازیل ، پیرو اور چیلی کے درختوں کی ایک جنس اور یہ اپنی صابونی یا صابونی صفت چھال کے لئے میز ہے ۔

Quillback/ -carpsucker : (n) (۱) چھوٹی مرشافی مچھلی ۔ (۲) ان چند مچھلیوں میں سے کوئی جوکوئل بیک کی جنس کی ہو خاص کر عام Carp sucker ۔

Quilled : (a) (۱) مضراب پر یا قلم پر کی شکل کا ۔ (۲) دم یا بازو کی پروں سے جڑا ہوا خاص کر دو ہڈیوں کا (جوڑ) ۔ (۳) (جراحی) زخم کے دونوں طرف لٹکا ہوا (سیون کے بعد) ۔

Quiller : (n) (۱) ایک مشین جو سوت کو ریلوں اور چرخیوں سے نلکی میں منتقل کرنے میں استعمال کی جاتی ہے ۔

Quillet : (n) (۱) جگت : ضلع جگت : تلازمہ : لفظوں کا الٹ پھیر ۔ (۲) باریکی : موشگافی : فقرہ بازی : پھبتی : چوٹ ۔ (۳) چال : فریب : دھوکا ۔

Quillet : (n) [Origin unkn.] (رومزرہ) زمین کا چھوٹا قطعہ ۔

